جامع الترمذی جلدِ ثانی کی
مفصّل اُردو شرح
درُوسِ ترمذی
جدید
اوّل تا چہارم
از
حضرت مولانا رئیس الدین صاحب مدظلہ
شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور (ہند)
ناشر
مکتبۃ العلم
۱۸- اردو بازار لاہور، پاکستان

جامع الترمذی جلد ثانی کی
مفصّل اُردو شرح

دُروسِ ترمذی

حصہ اوّل

از
حضرت مولانا رئیس الدین صاحب مدظلہ
شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور ہند

مرتب
مولانا مفتی محمد علی حسن مظاہری
استاذ مظاہر علوم سہارنپور ہند

ناشر
مکتبۃ العلم
۱۸۔ اردو بازار لاہور پاکستان
Ph: 37231788 - 37211788

نام کتاب .... دروس ترمذی

مصنف .... حضرت مولانا رئیس الدین مد ظلہ

ناشر .... خالد مقبول

مطبع .... آر۔آر پرنٹرز

ملنے کے پتے

- مکتبہ حمانیہ۔ اقراء سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ ☎ 37224228
- مکتبہ علوم اسلامیہ۔ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور ☎ 37221395
- مکتبہ جویریہ ۱۸-اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان ☎ 37211788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بس کے مطابق کتابت طباعت تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

حرفِ تقدیم

الحمد للّٰہ رب العٰلمین الذی شرح صدور من اصطفاھم من خیار المؤمنین لنصرۃ و کشف اللثام عن ھدی سید الاولین والآخرین، فبذلوا الجھد فی بیان ماورد عنہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم من معالم الدین واشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ لاشریک لہ الٰھًا صمدًا لیس کمثلہ شئ وھو السمیع البصیر واشھد ان سیدنا محمدًا عبدہ ورسولہ خیر بشیر ونذیر، اما بعد!

جب مدرسہ اشرف العلوم گنگوہ ضلع سہارنپور میں ۱۴۰۲ھ میں دورۂ حدیث شریف کا آغاز ہوا تو جامع ترمذی کی تدریس کیلئے قرعۂ فال میرے حق میں نکل آیا اور بفضل ایزدی سات سال تک مسلسل وہاں یہ درس جاری رہا اس کے بعد ۱۴۱۱ھ میں سیدی و مولائی حضرت الاستاذ مولانا مفتی مظفر حسین صاحب مدظلہ ناظم اعلیٰ مدرسہ مظاہر علوم وقف سہارنپور اور دیگر حضرات اکابر کے مشورہ سے بندہ کا قیام مظاہر علوم وقف میں تجویز کیا گیا تو حضرت ناظم صاحب مدظلہ نے اپنی مشہور ومعروف تدریسی کتاب جامع ترمذی (جلد ثانی) کے درس کیلئے بندہ کو مامور فرمایا پھر ۱۴۱۵ھ میں اچانک حضرت موصوف کی علالت پیش آجانے کے بعد جلد اول کے اکثر حصہ کو ہر سال ہی پڑھانے کا اتفاق ہوا۔

جامع ترمذی کی اہمیت کے پیش نظر بندہ ہرگز اس کا اہل نہیں مگر حضرت مدظلہ کی بزرگانہ شفقتیں اور عنایات بندہ کو ہمیشہ سے حاصل ہیں جن کا ظہور مختلف انواع سے ہوتا رہتا ہے۔ میرے لئے لائق صد تشکر وامتنان ہیں کہ کتاب مذکور از اول تا آخر حضرت مفتی صاحب مدظلہ سے پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی اور حضرت والا کی حیات مبارکہ میں حضرت ہی کے حکم سے ان کے زیر سایہ اس کی تدریس کا موقع میسر ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت الاستاذ دامت برکاتہم کی عمر میں برکت عطا فرمائے اور ہم خدام کے سروں پر حضرت کے سایہ کو تادیر بایں ہمہ فیوض وبرکات قائم، دائم رکھے اور زیادہ سے زیادہ استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

دور میں ساغر رہے گردش میں پیمانہ رہے میکشوں کے سر پہ یا رب پیر میخانہ رہے

۱۴۰۲ھ سے اب تک بہت سے طلباء کا درس کی تقریر ضبط کرنے کا معمول رہا ہے ہمارے بعض مخلصین ومحبین اور علماء کرام نے اصرار فرمایا کہ اگر یہ تقریر نظر ثانی کے بعد شائع ہو جائے تو نہایت مفید ہو۔ بندہ اپنی بے بضاعتی کی بناء پر اس کو ٹالتا رہا کہ اکابر کی تقاریر تو طبع ہوتی ہی رہتی ہیں مگر بعض حضرات کا خیال یہ ہوا کہ جلد اول کی تقاریر تو شائع ہوتی ہیں لیکن جلد ثانی پر اب تک شاید کوئی تقریر شائع نہیں ہوئی۔ اہل علم کے پیہم اصرار کے بعد میں نے ارادہ کر لیا کہ اس پر نظر ثانی کر لی جائے چنانچہ مولوی مفتی محمد علی حسن شموری سلمہ نے ۱۴۱۳ھ میں مظاہر علوم وقف سہارنپور میں دورۂ حدیث شریف پڑھا اور وہ ماشاء اللہ ذی استعداد وفہیم ہیں انہوں نے

جو تقریر ضبط کی تھی اس کو اصل بناتے ہوئے نظر ثانی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا اور عزیز موصوف ساتھ ساتھ اس کی تبییض بھی کرتے رہے ماشاء اللہ دیکھتے ہی دیکھتے اچھا خاصا سواد جمع ہو گیا جس کو حضرت الاستاذ مفتی صاحب مدظلہ کی خدمت میں پیش کیا تو حضرت نے جستہ جستہ اس پر نظر فرمائی اور مفید مشوروں سے بھی نوازا جزاھم اللّٰہ تعالٰی اور فرمایا کہ "طبع کرا دیجئے انشاء اللہ مفید ہے۔"

درس ترمذی کیلئے رجال پر بحث از حد ضروری ہے اس لئے مستقل عنوان قائم کر کے "رجال حدیث" کے مختصر مختصر حالات بھی تحریر کر دیئے گئے ہیں۔

ارادہ تھا کہ جلد اول کم از کم پانچسو صفحات پر مشتمل ہو مگر اخیر سال کی تدریسی مشغولی نیز اسباب طباعت کی قلت کی بناء پر یہ طے پایا کہ جزء اول کے نام سے فی الحال جس قدر تبییض ہو گئی ہے اسی قدر شائع ہو جائے کہ قسط وار شائع کرنے میں سہولت بھی ہو گی اور کام بھی اطمینان سے ہو گا بریں بناء توکلاً علی اللہ جزء اول جو "ابواب الاطعمۃ وابواب الاشربۃ" پر مشتمل ہے شائع کیا جا رہا ہے اللہ تعالٰی مزید کام کی توفیق عطا فرمائے اور جو کچھ لکھا گیا اس کو قبول فرمائے وما توفیقی الا باللہ۔

اللہ تعالٰی سے دعا ہے کہ اس سلسلہ میں جملہ معاونین کی اعانت وسعی دنیا و آخرت میں قبول ہو۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالٰی علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

رئیس الدین غفرلہ المظاہری

استاذ حدیث مظاہر علوم وقف سہارن پور یو پی

۳/ رجب المرجب ۱۴۱۹ھ

☆......☆......☆

فہرست مضامین

حرف تقدیم ۳
فضائل جامع ترمذی ۱۲
ابواب الاطعمة عن رسول الله ﷺ ۱۵
ماقبل سے مناسبت ۱۵
ترکیب نحوی ۱۵
لفظ ابواب کی تحقیق مع وجہ تسمیہ ۱۵
کتاب باب فصل کی تعریفات اور انکے مابین فرق ۱۵
باب ماجاء علی ما کان یاکل النبی ﷺ ۱۶
خصائص کے علاوہ آپ کی زندگی کا ہر پہلو قابل اتباع ہے ۱۶
لفظ خوان کی تحقیق اور علماء کے مختلف اقوال ۱۷
خوان پرکھانے کا شرعی حکم ۱۷
اونچی چیز پر کھانا رکھ کر کھانے میں مضرت اور نیچے بیٹھ کر
کھانے کے فوائد ۱۷
لفظ سکرجہ کی تحقیق ۱۷
آپ ﷺ نے چھوٹی طشتریوں میں کھانا کیوں نہیں کھایا ۱۸
حضرت مولانا انور شاہ کشمیری کا جواب ۱۹
رجال حدیث ۲۰
باب ما جاء فی أکل الارنب ۲۱
خرگوش کے خواص ۲۱
تحقیق الفاظ ۲۲
خرگوش کا شرعی حکم ۲۲
قائلین کراہت کے دلائل ۲۲
جمہور کے دلائل ۲۳
روایات کراہت کے جوابات ۲۳
حضرت گنگوہی کا جواب ۲۴
فوائد حدیث ۲۴
رجال حدیث ۲۴
باب ماجاء فی أکل الضب ۲۵
ضب کے خواص اور اس کے عجائبات ۲۵
ضب کا شرعی حکم ۲۵
قائلین جواز کے دلائل ۲۶
قائلین کراہت کے دلائل ۲۶
قائلین جواز کی روایات کے جوابات ۲۷
رجال حدیث ۲۷
باب ماجاء فی أکل الضبع ۲۸
بجو کے خواص اور عجائبات ۲۸
بجو کا شرعی حکم ۲۹
قائلین اباحت کے دلائل ۲۹
قائلین حرمت کے دلائل ۳۰
قائلین اباحت کے دلائل کے جوابات ۳۰
رجال حدیث ۳۳
باب ما جاء فی أکل لحوم الخیل ۳۳
گھوڑے کی فضیلت ۳۴
گھوڑے کے خواص ۳۴
گھوڑے کا شرعی حکم ۳۵
قائلین اباحت کے دلائل ۳۵
قائلین کراہت کے دلائل ۳۶
قائلین اباحت کے دلائل کے جوابات ۳۶

رجال حدیث	۴۷	فریق اول	۵۱
باب ماجاء فی لحوم الحمر الاهلیة	۴۷	جمہور کے دلائل	۵۱
گدھے کے خواص	۴۷	فائدہ	۵۱
نسخ متعہ کی تحقیق اور دفع تعارض	۴۸	رجال حدیث	۵۲
گدھے کا شرعی حکم	۴۹	باب ماجاء فی النهی عن الاکل والشرب بالشمال	۵۲
قائلین جواز کے دلائل	۴۹	اکل بالشمال کا شرعی حکم	۵۲
قائلین حرمت کے دلائل	۴۰	ظاہریہ کے دلائل	۵۲
قائلین جواب کے دلائل کے جوابات	۴۰	ظاہریہ کے دلائل کے جوابات	۵۳
رجال حدیث	۴۱	رجال حدیث	۵۴
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام	۴۳	باب ماجاء فی لعق الاصابع بعد الأکل	۵۵
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی کنیت	۴۳	انگلیاں چاٹنے کا شرعی حکم اور اس میں علماء کا اختلاف	۵۵
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ منصرف ہے یا غیر منصرف	۴۳	انگلیوں کے چاٹنے کی حکمتیں	۵۶
سبع کا شرعی حکم	۴۴	انگلیوں کے چاٹنے میں ترتیب	۵۶
قائلین اباحت کے دلائل	۴۴	رجال حدیث	۵۷
قائلین حرمت کے دلائل	۴۴	باب ماجاء فی اللقمة تسقط	۵۷
قائلین اباحت کے دلائل کے جوابات	۴۴	لقمہ ساقط کو اٹھانے کا حکم کیوں؟	۵۷
مجثمہ کا شرعی حکم	۴۵	رجال حدیث	۵۷
رجال حدیث	۴۵	تحقیق الفاظ	۵۹
باب ماجاء فی الاکل فی آنیة الکفار	۴۶	رجال حدیث	۵۹
تحقیق الفاظ	۴۶	استغفار قصعہ کا مطلب	۶۰
کفار اور اہل کتاب کے برتنوں کا شرعی حکم	۴۶	رجال حدیث	۶۰
رجال حدیث	۴۷	باب ماجاء فی کراهیة الاکل من وسط الطعام	۶۱
رجال حدیث	۴۹	وسط طعام سے نہ کھایئے	۶۱
باب ماجاء فی الفارة تموت فی السمن	۴۹	رجال حدیث	۶۲
چوہیا کے خواص	۴۹	باب ماجاء فی کراهیة اکل الثوم والبصل	۶۲
چوہیا کا شرعی حکم	۵۰	لہسن اور پیاز وغیرہ کا شرعی حکم	۶۳
مسئلۃ الباب کا شرعی حکم	۵۰	ظاہریہ کے دلائل	۶۳

جمہور کے دلائل ۶۳
ظاہریہ کے دلائل کے جوابات ۶۳
باب سے متعلق دیگر فقہی مسائل ۶۳
دیگر مجامع عبادت کا بھی یہی حکم ہے ۶۴
باب ماجاء فی الرخصة فی اکل الثوم مطبوخاً ۶۵
فائدہ ۶۶
رجال حدیث ۶۷
لطیفہ ۶۷
رجال حدیث ۶۸
باب ماجاء فی تخمیر الاناء واطفاء السراج والنار عند المنام ۶۹
شرح الفاظ ۶۹
آپ ﷺ معلم آداب معاشرت بھی ہیں ۶۹
باب ماجاء فی کراهية القران بین التمرتین ۷۱
قران بین التمرتین سے ممانعت؟ ۷۱
رجال حدیث ۷۲
باب ماجاء فی استحباب التمر ۷۲
روایت کا مطلب ۷۳
رجال حدیث ۷۳
باب ماجاء فی الحمد علی الطعام اذا فرغ منه ۷۴
شرح الفاظ ۷۴
روایت کا مطلب ۷۴
ایک اشکال اور اس کا جواب ۷۴
حمد علی الطعام کی ادائیگی کیلئے مختلف الفاظ ۷۴
رجال حدیث ۷۵
باب ماجاء فی الاکل مع المجذوم ۷۵
تحقیق ۷۵
ایک اشکال اور اس کا جواب ۷۶
رجال حدیث ۷۸
باب ماجاء ان المؤمن یاکل فی معی واحد ۷۸
لفظ معی کی تحقیق ۷۸
روایت کا مطلب ومقصد ۷۹
رجال حدیث ۸۰
رجال حدیث ۸۱
باب ماجاء فی طعام الواحد یکفی الاثنین ۸۱
روایت کا مطلب ومقصد ۸۲
رجال حدیث ۸۳
باب ماجاء فی اکل الجراد ۸۳
ٹڈی کے خواص ۸۳
ٹڈی کا شرعی حکم ۸۳
قائلین کراہت کے دلائل ۸۳
جمہور کے دلائل ۸۴
قائلین کراہت کے دلائل کے جوابات ۸۴
رجال حدیث ۸۵
باب ماجاء فی اکل لحوم الجلالة والبانها ۸۵
جلالہ کی تحقیق اور اس کا مصداق ۸۵
جلالہ کا شرعی حکم ۸۶
فریق اول کی دلیل ۸۶
حضرات جمہور کے دلائل ۸۶
دلیل کا جواب ۸۶
فائدہ ۸۶
رجال حدیث ۸۷
رجال حدیث ۸۸
باب ماجاء فی اکل الدجاج ۸۸

لفظ دجاج کی تحقیق ۸۸
وجہ تسمیہ ۸۸
مرغی کے بعض خواص ۸۸
مرغی کے گوشت کا شرعی حکم ۸۹
رجال حدیث ۸۹
باب ماجاء فی اکل الحباری ۹۰
حباری کی تحقیق اور اس کے خواص ۹۰
حکم شرعی ۹۰
رجال حدیث ۹۰
باب ماجاء فی اکل الشواء ۹۱
مقصد روایت ۹۱
ایک اشکال اور جواب ۹۱
رجال حدیث ۹۱
باب ماجاء فی کراھیة الاکل متکئا ۹۲
سبب ورود حدیث ۹۲
حکم اتکاء عند الاکل ۹۲
کیفیت اتکاء عند الاکل ۹۳
کیفیت مستحبہ عند الاکل ۹۳
رجال حدیث ۹۴
باب ماجاء فی حب النبی صلی اللہ علیہ وسلم الحلواء والعسل ۹۴
لفظ حلواء کی تحقیق وتشریح ۹۴
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب حلوہ ۹۴
شہد کی اہم خصوصیات ۹۵
رجال حدیث ۹۵
باب ماجاء فی اکثار المرقة ۹۶
رجال حدیثین ۹۷
باب ماجاء فی فضل الثرید ۹۸
روایت کا مطلب ۹۸
کیا عورت نبیہ ہوسکتی ہے؟ ۹۹
جمہور کے دلائل ۹۹
خصم کے دلائل کے جوابات ۹۹
کیا حضرت عائشہؓ تمام عورتوں سے افضل ہیں؟ ۱۰۰
ان مختلف روایات کے درمیان تطبیق ۱۰۰
رجال حدیث ۱۰۱
باب ماجاء انھشوا اللحم نھشا ۱۰۱
تحقیق الفاظ ۱۰۲
رجال حدیث ۱۰۲
باب ماجاء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من الرخصة فی قطع اللحم بالسکین ۱۰۳
رجال حدیث ۱۰۴
باب ماجاء ای اللحم کان احب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۴
بازو کے گوشت کے پسندیدہ ہونے کی حکم ومصالح ۱۰۴
رجال حدیث ۱۰۵
رجال حدیث ۱۰۶
باب ماجاء فی الخل ۱۰۶
سرکہ کی حقیقت اور اس کے فوائد ۱۰۶
لفظ ادام کی تحقیق ۱۰۶
روایت کا مطلب اور اس کی غرض ۱۰۷
ایمان کا مدار عرف پر ہے ۱۰۷
رجال حدیث ۱۰۷
شرح الفاظ حدیث ۱۰۸
رجال حدیث ۱۰۸

باب ماجاء فی اکل البطیخ بالرطب ۱۰۹
لفظ بطیخ ورطب کی تحقیق اوران کے خواص ۱۰۹
دونوں کو ملا کر کھانے کی حکمت اور کیفیت ۱۰۹
طب اور علاج کا ثبوت ۱۰۹
رجال حدیث ۱۱۰
باب ماجاء فی اکل القثاء بالرطب ۱۱۰
لفظ قثاء کی تحقیق اوراس کے خواص ۱۱۰
ککڑی کے خواص ۱۱۰
کھجور وککڑی ملا کر کھانے میں حکمت ۱۱۰
کیفیت اکل ۱۱۰
رجال حدیث ۱۱۱
باب ماجاء فی شرب ابوال الابل ۱۱۱
تشریح الفاظ ۱۱۱
پیشاب کا حکم شرعی ۱۱۲
تداوی بالمحرمات ۱۱۲
حدیث عرنیین کے جوابات ۱۱۲
رجال حدیث ۱۱۳
باب الوضوء قبل الطعام وبعده ۱۱۳
کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے کی حکمتیں ۱۱۴
رجال حدیث ۱۱۴
باب فی ترک الوضوء قبل الطعام ۱۱۵
وضوء سے مراد کونسا وضوء ہے ۱۱۵
غسل الیدین قبل الطعام کے بارے میں علماء کا اختلاف ۱۱۵
رجال حدیث ۱۱۶
باب ماجاء فی اکل الدباء ۱۱۶
دباء کے اقسام مع خواص ۱۱۶
آپ کو کدو کیوں پسند تھا؟ ۱۱۷
رجال حدیث ۱۱۷
اشکال وجواب ۱۱۷
رجال حدیث ۱۱۸
باب ماجاء فی اکل الزیت ۱۱۸
زیتون کی فضیلت اوراس کے خواص ۱۱۸
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روغن زیتون کے استعمال کی ترغیب کیوں دی؟ ۱۱۸
رجال ۱۱۹
باب ماجاء فی الاکل مع المملوک ۱۲۰
تشریح حدیث ۱۲۰
حدیث میں مکارم اخلاق کی تعلیم ہے ۱۲۰
اب روایت میں دونوں احتمال ہیں ۱۲۰
رجال حدیث ۱۲۱
باب ماجاء فی فضل اطعام الطعام ۱۲۱
تشریح الفاظ ۱۲۱
سلام کی فضیلت ۱۲۱
سلام کا طریقہ مسنون ۱۲۲
سلام کا حکم ۱۲۲
تشریح ۱۲۳
رجال حدیث ۱۲۳
باب ماجاء فی فضل العشاء ۱۲۳
تشریح الفاظ حدیث ۱۲۳
روایت کا مطلب ۱۲۴
رجال حدیث ۱۲۴
باب ماجاء فی التسمیة علی الطعام ۱۲۴
تسمیہ علی الطعام کا شرعی حکم ۱۲۵
حکم تسمیہ کھانے کے ساتھ خاص نہیں ہے ۱۲۵

فروع اور دیگر جزئیات ۱۲۵
اپنے سامنے سے کھانے کا حکم ۱۲۶
دوسروں کے آگے سے کھانا کیوں ممنوع ہے؟ ۱۲۶
رجال حدیث ۱۲۷
تشریح ۱۲۷
فوائد حدیث ۱۲۸
رجال حدیث ۱۲۸
تشریح حدیث ۱۲۸
رجال حدیث ۱۲۸
باب ماجاء فی کراھیة البیتوتة وفی یدہ ریح غمر ۱۲۹
تشریح الفاظ ۱۲۹
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے کے بعد ہاتھ دھونے کا حکم کیوں دیا؟ ۱۲۹
رجال حدیثین ۱۳۰
ابواب الاشربة ۱۳۱
باب ماجاء فی شارب الخمر ۱۳۱
رجال حدیث ۱۳۲
لم تقبل له صلوة اربعین صباحًا کی تشریح ۱۳۳
چوتھی مرتبہ توبہ قبول نہ ہونے کا مطلب ۱۳۳
ایک اشکال اور اس کا جواب ۱۳۳
رجال حدیث ۱۳۴
باب ماجاء فی کل مسکر حرام ۱۳۴
صحابی کے سوال مخصوص کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عام جواب دیا ۱۳۴
رجال حدیث ۱۳۵
باب ماجاء ما اسکر کثیرہ فقلیله حرام ۱۳۵
شرح الفاظ ۱۳۵
روایتوں کا مطلب ۱۳۶
رجال حدیث ۱۳۶
باب ماجاء فی نبیذ الجر ۱۳۷
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑیا میں نبیذ بنانے سے کیوں منع فرمایا؟ ۱۳۷
ابن عمرؓ نے قسم کے ساتھ کیوں جواب دیا؟ ۱۳۷
رجال حدیث ۱۳۷
باب ماجاء فی کراھیة ان ینبذ فی الدباء والنقیر والحنتم ۱۳۸
شرح الفاظ ۱۳۸
ان برتنوں کے استعمال کا حکم شرعی ۱۳۹
ان برتنوں کی اولاً ممانعت کیوں تھی ۱۳۹
حنتم کی تفسیر میں دوسرے اقوال ۱۳۹
رجال حدیث ۱۴۰
باب ماجاء فی الرخصة ان ینتبذ فی الظروف ۱۴۰
رجال حدیثین ۱۴۰
باب ماجاء فی الانتباذ فی السقاء ۱۴۱
تشریح الفاظ ۱۴۱
ایک اشکال اور اس کے جواب ۱۴۱
رجال حدیث ۱۴۲
باب ماجاء فی الحبوب التی یتخذ منها الخمر ۱۴۲
حقیقت خمر کے بارے میں علماء کا اختلاف و دلائل ۱۴۲
فریق اول کے دلائل ۱۴۲
حضرات احنافؒ کے دلائل ۱۴۳
جوابات ۱۴۳
رجال ۱۴۵
باب ماجاء فی خلیط البسر والتمر ۱۴۶

خلیط کے بارے میں علماء کا اختلاف	۱۴۶	پانی پینے کا طریقہ اور ادب	۱۵۶
قائلین حرمت و کراہت کا استدلال	۱۴۶	مسئلہ	۱۵۷
دلائل احناف	۱۴۶	رجال حدیث	۱۵۷
جوابات	۱۴۷	رجال حدیث	۱۵۷
رجال حدیث	۱۴۷	باب ماذکر فی الشرب بنفسین	۱۵۷
باب ماجاء فی کراهیة الشرب فی آنیة الذهب والفضة	۱۴۷	کوئی تعارض نہیں	۱۵۸
		رجال حدیث	۱۵۸
حریر و دیباج	۱۴۸	باب ماجاء فی کراهیة النفخ فی الشراب	۱۵۸
مختلف جزئیات	۱۴۹	پھونک مارنے سے کیوں منع فرمایا؟	۱۵۸
رجال حدیث	۱۴۹	رجال حدیث	۱۵۹
باب ماجاء فی النهی عن الشرب قائمًا	۱۵۰	باب ماجاء فی کراهیة التنفس فی الاناء	۱۵۹
روایات ناہیہ	۱۵۰	رجال حدیث	۱۵۹
روایات رخصت	۱۵۰	باب ماجاء فی النهی عن اختناث الاسقیة	۱۵۹
روایات مختلفہ کے بارے میں علماء کی آراء	۱۵۰	حکم شرعی	۱۶۰
مذکورہ روایت کا مطلب	۱۵۱	باب ماجاء فی الرخصة فی ذلك	۱۶۰
رجال حدیث	۱۵۲	کبشہؓ نے مشکیزہ کا منہ کیوں قطع کیا	۱۶۱
باب ماجاء فی الرخصة فی الشرب قائمًا	۱۵۲	رجال حدیث	۱۶۱
ایک اعتراض اور اس کے جوابات	۱۵۳	باب ماجاء ان الایمنین احق بالشرب	۱۶۲
آپ ﷺ نے زمزم کھڑے ہو کر کیوں پیا؟	۱۵۳	ایک اشکال اور اس کا جواب	۱۶۲
بیرِ زمزم	۱۵۳	باب ماجاء ان ساقی القوم آخرهم شربًا	۱۶۳
زمزم کی تحقیق اور اس کے اسماء	۱۵۳	حضرت نانوتوی کا پر لطف واقعہ	۱۶۳
زمزم کی فضیلت اور اس کی خصوصیات	۱۵۴	رجال حدیث	۱۶۳
ایک اہم واقعہ	۱۵۵	باب ماجاء ای الشراب كان احب الی رسول الله صلى الله عليه وسلم	۱۶۳
زمزم پینے کے آداب اور دعائیں	۱۵۵		
رجال حدیث	۱۵۵	اشکال و جواب	۱۶۴
باب ماجاء فی التنفس فی الاناء	۱۵۶	رجال حدیث	۱۶۴

فضائل جامع الترمذی

۱۔ شیخ الاسلام ابو اسماعیل عبداللہ بن محمد انصاری (المتوفی ۴۸۱ھ) فرماتے ہیں کہ ترمذی شریف میرے نزدیک صحیحین سے بھی زیادہ نافع و مفید ہے کیونکہ صحیحین سے عالم متبحر فائدہ اٹھا سکتا ہے لیکن ترمذی سے ہر شخص مستفید ہو سکتا ہے۔

۲۔ حافظ یوسف بن احمد کا کہنا ہے کہ ترمذی ان پانچ کتابوں میں شامل ہے جن کی قبولیت اور اصول کی صحت پر محدثین کا اتفاق ہے۔

۳۔ شیخ ابراہیم بیجوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہر طالب حدیث کیلئے یہ مشورہ ہے کہ وہ ترمذی کا مطالعہ کرے کیونکہ وہ سلف و خلف کے مذاہب اور فقہی فوائد کو جامع ہے بس یہ مجتہدین کیلئے کافی ہے اور مقلد کیلئے بے نیاز کرنے والی ہے۔

۴۔ شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ترمذی ان کی کتابوں میں سب سے اچھی کتاب ہے اور جمیع کتب حدیث سے احسن کتاب ہے۔

۵۔ ابن صلاح فرماتے ہیں کہ ترمذی حسن کی معرفت میں اصل کی حیثیت رکھتی ہے۔

۶۔ امام ترمذی رحمہ اللہ خود فرماتے ہیں کہ میں نے اس کتاب کو علماء حجاز کی خدمت میں پیش کیا تو انہوں نے اس کو پسند کیا اور علماء عراق و خراسان کی خدمت میں پیش کیا تو انہوں نے بھی پسند کیا۔

۷۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: من کان عندہ ھذا الکتاب الجامع فکان عندہ نبیا یتکلم۔
یعنی جس گھر میں یہ کتاب ہو گویا اس میں نبی گفتگو فرما رہے ہیں۔

روایات: جامع ترمذی ایک سو اکیاون (۱۵۱) عنوان کتب پر مشتمل ہے اور ہر کتاب کے تحت متعدد ابواب ہیں اس میں ایک روایت ثلاثی بھی ہے اور ملا علی قاری نے مرقات شرح مشکوۃ میں ترمذی کی ایک روایت ثنائی ہونے کا دعویٰ بھی کیا ہے لیکن یہ تسامح پر محمول ہے۔ ابن جوزی نے ترمذی کی تیس (۳۰) روایات کو موضوع قرار دیا ہے لیکن چونکہ ابن جوزی متشدد ہیں اس لئے یہ قول راجح نہیں ہے اور ان سب کا جواب علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ نے القول الحسن فی الذب عن السنن میں دیا ہے۔ اس سے پتہ چلا کہ ترمذی کی کوئی روایت موضوع نہیں ہے۔

ترمذی میں اہل کوفہ کا مصداق: ترمذی میں متعدد جگہوں میں جملہ ''بعض اہل کوفہ'' موجود ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے ہر جگہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ اور ان کے تلامذہ مراد ہیں' تعصب کی وجہ سے نام لینا گوارہ نہیں کیا' اس لئے پوری ترمذی میں صرف ایک جگہ نام لیا امام صاحب کا' کتاب الحج میں' وہ بھی رد کرنے کیلئے۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ ہر جگہ بعض اہل کوفہ سے امام اعظم اور ان کے تلاوندہ مراد لینا صحیح نہیں ہے چنانچہ باب ماجاء انہ یبدء بموخر الراس کے تحت قد ذھب الیہ اھل الکوفۃ سے امام اعظم مراد نہیں بلکہ وکیع بن جراح مراد ہیں۔

حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ چونکہ امام ترمذی کو امام اعظم کا مسلک قابل اعتماد سند سے نہیں پہنچا اس لئے امام اعظم کا نام نہیں لیتے ورنہ امام ترمذی امام اعظم کے کمالات کے معترف ہیں اس لئے امام اعظم رحمہ اللہ سے کتاب العلل میں ایک روایت بھی نقل کی ہے اگر چہ وہ روایت موجودہ متداول نسخوں میں نہیں ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ کی تصحیح وتحسین: حافظ ذہبی رحمہ اللہ اور دوسرے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ چونکہ امام ترمذی رحمہ اللہ حاکم کی طرح متساہل ہیں اس لئے ان کی تصحیح وتحسین کا اعتبار نہیں ہے لیکن یہ قول علی الاطلاق درست نہیں ہے کیونکہ پوری ترمذی میں صرف دس بارہ مقامات ایسے ہیں جہاں امام ترمذی نے صحیح کہا لیکن وہ حدیث دوسروں کے نزدیک ضعیف ہے۔ و نیز تصحیح وتحسین امرا جتہادی ہے اور مذکورہ مقامات میں تاویل کی گنجائش بھی موجود ہے اور اگر کہیں امام ترمذی بجاہیل کو حسن قرار دیں تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہوسکتا ہے امام ترمذی کے نزدیک مجہول نہ ہو و نیز امام ترمذی طرق متعدد کی بناء پر بھی حدیث کو حسن کہہ دیتے ہیں۔

تصانیف امام ترمذی رحمہ اللہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کی چند مشہور تصانیف یہ ہیں:

(۱) کتاب العلل (اس نام سے دو کتابیں ہیں اول علل صغریٰ دوم علل کبریٰ) (۲) کتاب المفرد

(۳) کتاب التاریخ (۴) کتاب الزہد (۵) کتاب الاسماء والکنیٰ (۶) الشمائل اس کے بارے میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں "خواندن آن برای مہمات مجرب اکابر است"

(۷) تفسیر ترمذی (۸) الجرح والتعدیل

ترمذی شریف کی خاص خاص اصطلاحات: قارئین کرام نوٹ فرمالیں کہ کتاب "ترمذی شریف" میں کچھ اصطلاحات ایسی ہیں جن کا جاننا اور ان کے تعارف وحقائق پر مطلع ہونا بہت ضروری ہے۔ وہ اصطلاحات یہ ہیں۔

۱۔ هذا حديث صحيح ۲۔ هذا حديث حسن ۳۔ هذا حديث حسن صحيح ۴۔ هذا الحديث اصح شيء في هذا الباب و احسن ۵۔ هو مقارب الحديث ۶۔ هذا حديث مضطرب و هذا حديث فيه اضطراب ۷۔ هذا حديث غير محفوظ ۸۔ هذا حديث حسن غريب ۹۔ هذا حديث جيد ۱۰۔ اسناد ليس بذاك ۱۱۔ هذا اسناد مشرقي ۱۲۔ هذا حديث مفسر ۱۳۔ قد ذهب بعض اهل الكوفة ۱۴۔ بعض اهل الرأي۔

یہ وہ خاص خاص اصطلاحات ہیں جو ترمذی شریف کی مختلف جگہوں میں ہیں؛ جو اصطلاح جس جگہ میں ہے اس کی تشریح بھی متعلقہ شروحات میں موجود ہے تاہم درج ذیل کتابیں زیادہ مفید ہیں۔

معارف السنن، درس ترمذی، محدثین عظام اور ان کی کتابوں کا تعارف۔

کیا جامع، سنن اور صحیح کا اطلاق ترمذی پر ہوسکتا ہے: چونکہ ترمذی شریف اصناف ثمانیہ سیر، آداب (تفسیر وغیرہ) پر مشتمل ہے اس لئے جامع ہے کما قالہ صاحب کشف الظنون، ابواب فقہیہ پر مرتب ہونے کی وجہ سے سنن ہے،

علی سبیل التغلیب صحیح بھی ہے کما قالہ الحاکم والخطیب۔ علامہ زرکشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نسائی، ابوداؤد اور ترمذی کو باعتبار اغلب صحیح کہا جاتا ہے ورنہ ان میں ضعیف احادیث بھی ہیں۔

شروحات

جامع ترمذی کی متعدد تجریدات، مستخرجات، شروحات اور حواشی لکھے گئے جن میں سے چند کا مختصر تعارف یہ ہے:

(۱) عارضۃ الاحوذی، یہ قاضی ابوبکر بن العربی مالکی المتوفی ۵۴۶ھ کی تصنیف ہے جو متقدمین کے طریقہ پر مختصر ہے لیکن بہت سے علمی فوائد پر مشتمل ہونے کی وجہ سے بعد کی شروح ترمذی کیلئے ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے۔ (۲) قوت المغتذی، یہ علامہ جلال

الدین سیوطی رحمہ اللہ متوفی ۹۱۱ھ کی نہایت مختصر شرح ہے۔ (۳) شرح ابن سید الناس' یہ علامہ ابن سید الناس صاحب عیون الاثر المتوفی ۷۳۴ھ کی تصنیف ہے جو تقریباً دو تہائی کتاب کی شرح دس جلدوں پر مشتمل ہے بعد میں حافظ زین الدین عراقی رحمہ اللہ نے اس شرح کو مکمل کرنا شروع کیا لیکن تکمیل نہیں ہو سکی۔ (۴) لقع قوت المغتذی' یہ علامہ دمنتی کی تالیف ہے جو درحقیقت قوت المغتذی کی تلخیص ہے۔ (۵) شرح ابن الملقن' یہ علامہ سراج الدین ابن الملقن شافعی کی تصنیف ہے جس کا دوسرا نام نفح الشذی ہے' اس میں صرف ان احادیث کی شرح کی گئی ہے جو ترمذی میں صحیحین اور ابوداؤد سے زائد ہیں۔ (۶) شرح ترمذی' یہ شیخ زین عبدالرحمٰن بن احمد بن رجب حنبلی رحمہ اللہ المتوفی ۷۹۵ھ کی تالیف ہے۔ (۷) شرح حافظ ابن حجر رحمہ اللہ' یہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ کی تالیف ہے۔ (۸) شرح البلقینی' یہ علامہ عمر بن رسلان البلقینی المتوفی ۸۰۵ھ کی تصنیف ہے جو مشہور فقہاء شافعیہ میں سے ہیں۔ (۹) شرح العلامہ جابر پٹنی گجراتی۔ (۱۰) شرح السندھی' یہ علامہ ابوطیب سندھی کی تصنیف ہے۔ (۱۱) شرح العلامہ سراج الدین سرہندی' اس کی دو جلدیں شائع ہوئیں۔ (۱۲) تحفۃ الاحوذی' یہ قاضی عبدالرحمٰن مبارک پوری (جو اہل حدیث کے عالم ہیں) کی تصنیف ہے' جس کے آغاز میں بہت سی مفید معلومات پر مشتمل حدیث کے متعلق ایک عمدہ مقدمہ ہے' اس شرح میں انہوں نے احناف کی خوب تردید کی ہے بسا اوقات جارحانہ حملہ بھی کیا ہے لیکن حل کتاب کیلئے یہ بہت اچھی شرح ہے۔ (۱۳) الکوکب الدری' یہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی کی تقریر ترمذی ہے جسے ان کے شاگرد رشید مولانا محمد یحییٰ صاحب کاندھلوی نے ضبط کیا ہے اور ان کے صاحبزادے شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمہ اللہ نے اس پر مفید حواشی لکھے ہیں' مختصر اور جامع انداز میں یہ نہایت عمدہ شرح ہے۔
(۱۴) اللباب فی شرح قول الترمذی وفی الباب' یہ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کی تصنیف ہے' اس میں انہوں نے ان احادیث کی تخریج کی ہے جن کی طرف امام ترمذی رحمہ اللہ نے "وفی الباب" کہہ کر اشارہ فرمایا ہے۔ (۱۵) الورد الشذی' یہ اسیر مالٹا حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمہ اللہ کی تقریر ترمذی ہے۔ (۱۶) العرف الشذی' یہ حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کی تقریر ترمذی ہے جسے مولانا چراغ محمد صاحب نے درس میں ضبط کیا ہے' یہ اگرچہ جامع تقریر ہے لیکن اس میں شاہ صاحب کے علوم کا احاطہ نہیں ہو سکا۔
(۱۷) معارف السنن' یہ حضرت سید کشمیری رحمہ اللہ کے شاگرد رشید مولانا محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ کی تصنیف ہے جو چھ جلدوں پر مشتمل صرف کتاب الحج تک پہنچ سکی ہے' اصل میں انہوں نے العرف الشذی کو درست کرنے کیلئے یہ لکھنی شروع کی تھی لیکن رفتہ رفتہ اس نے ایک مستقل شرح کی حیثیت اختیار کر لی' سابقہ تمام شروحات کی بہ نسبت عربی میں یہ بہت عمدہ اور جامع شرح ہے۔
(۱۸) جائزۃ الشعوذی از بدیع الزمان بن مسیح الزمان لکھنوی متوفی ۱۳۰۴ھ (۱۹) الکوکب الدری' از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی (۲۰) شرح ترمذی از شیخ فضل احمد انصاری (۲۱) افادات درسیہ۔ از شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمہ اللہ (۲۲) تقریر ترمذی مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کی بھی آئی ہے۔ (۲۳) المسک الذکی یعنی تقریر ترمذی از حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ اس پر عالم ربانی حضرت مولانا مفتی عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ کی تحقیق و تخریج و تحشیہ بھی شامل ہے اور یہ بہت جامع تقریر ترمذی ہے۔ (۲۴) درس ترمذی اردو میں' یہ حضرۃ العلامہ جسٹس مفتی محمد تقی عثمانی زید مجدہم کی وہ بے نظیر اور لاجواب شرح ہے۔ جس نے مشرق و مغرب سے خراج تحسین وصول کیا ہے' سابقہ تمام شروحات کی بہ نسبت اردو میں یہ بہت عمدہ شرح ہے۔ حدیث کے ایک ایک ٹکڑے پر دل نشین تشریح کی گئی ہے۔ جلد اول کی شرح پانچ جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابواب الاطعمة عَنْ رَسُوْلِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

ترجمہ: کھانے کی اشیاء کے متعلق مختلف ابواب جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں۔

ماقبل سے مناسبت: ابواب الاطعمۃ کو ماقبل کے ابواب سے مناسبت یہ ہے کہ ماقبل میں ابواب اللباس کو بیان فرمایا تھا ظاہر ہے کہ لباس وطعام دونوں اہم ضرورتوں میں سے ہیں حتیٰ کہ نفقہ زوجہ کے وجوب میں دونوں کی حیثیت برابر ہے بدیں مناسبت ابواب اللباس کے بعد ابواب الاطعمۃ کو ذکر فرمایا ہے۔ اور لباس کی اہمیت کے پیش نظر اس کو مقدم کر دیا ہے۔

ترکیب نحوی: ابواب الاطعمہ مرفوع ہے مبتداء محذوف الخبر ہونے کی وجہ سے ای ابواب الاطعمۃ ھذہ یا خبر ہے اور اس کا مبتداء ہذا محذوف ہے۔ ای ھذا ابواب الاطعمۃ۔ یا منصوب ہے کہ یہ فعل مقدر اذکر یا انذکر کا مفعول ہے یا منصوب بنزع الخافض ہے۔ ای نشرع لکم فی ابواب الاطعمۃ۔

لفظ ابواب کی تحقیق مع وجہ تسمیہ: علامہ عینیؒ نے فرمایا کہ ابواب باب کی جمع ہے اور باب اجوف واوی ہے اس کی اصل بوب ہے واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ الف سے بدل گیا اس کی جمع ابواب واؤ کے ساتھ اس کے اجوف ہونے پر دال ہے۔ بعض شراح فرماتے ہیں کہ باب کے معنی دروازہ کے ہیں جس طرح دروازہ کے ذریعہ مکان اور حجرہ کے اندر داخل ہوتے ہیں اسی طرح باب کے ذریعہ گویا کہ ایک نوع کے مسائل میں داخل ہوتے ہیں اس لئے مجازاً اور تشبیہاً لباب البیت اس کو باب کہا جاتا ہے۔

کتاب، باب، فصل کی تعریفات اور ان کے مابین فرق: حضرات محدثینؒ کا دستور ہے کہ وہ اپنی تالیفات میں کتاب، باب، فصل کے عنوان قائم کرتے ہیں چنانچہ شراح لکھتے ہیں کہ محدثینؒ متحد الاجناس مسائل کے مجموعہ کو کتاب سے تعبیر کرتے ہیں اور متحد الانواع مسائل کے مجموعہ پر باب کا اطلاق کرتے ہیں اور کسی جزئی اور صنف میں متحد مسائل کے مجموعہ کو فصل سے تعبیر کرتے ہیں۔ سید نور الدینؒ فروق اللغات میں فرماتے ہیں۔ الکتاب الجامع لمسائل متحدۃ فی الجنس مختلفۃ فی النوع والباب ھو الجامع لمسائل متحدۃ فی النوع مختلفۃ فی الصنف والفصل الجامع لمسائل متحدۃ فی الصنف مختلفۃ فی الشخص۔ لیکن یہ بھی واضح رہے کہ حضرات محدثینؒ ان کو ایک دوسرے کی جگہ میں بھی استعمال کر لیتے ہیں۔ عام طور پر شراح حدیث عینیؒ وغیرہ نے فرمایا۔ کہ حدیث کی کتابوں میں ابواب سے مراد انواع ہیں۔

اطعمۃ: طعام کی جمع ہے علامہ جوہریؒ کہتے ہیں کہ الطعام ما یؤکل یعنی جس چیز کو کھایا جائے اور کبھی اس کا اطلاق گیہوں کے ساتھ خاص ہوتا ہے۔ جَو کے کھانے پر لفظ طعام نہیں بولا جاتا مگر اصح یہ ہے کہ یہ لفظ عام ہے اور دونوں طرح کے کھانوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ طعام اس کھانے کو بھی کہتے ہیں جو پکا کر تیار کیا گیا ہو اور بعض نے کہا کہ طعام وہ کھانا کہلاتا ہے جو بھوک دور کرنے کے لئے تیار کیا جائے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ کھانا جس سے پیٹ بھر جائے اس کو طعام کہا جاتا ہے۔

عن [1] رسول الله صلی الله علیه وسلم۔ اس لفظ سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہاں جو احادیث نقل کی جارہی ہیں وہ سب مسندہ اور مرفوعہ ہیں خواہ وہ قولی ہوں یا فعلی یا تقریری۔ دراصل قدمائے محدثینؒ اپنی کتابوں میں اخبار مرفوعہ اور آثار موقوفہ بلکہ حضرات ائمہ کے مجتہدات تک ایک ساتھ ملا کر تحریر کرتے تھے چنانچہ امام مالک کی موطا اور سفیان ثوری کی جامع، امام ابو یوسف کی کتاب الآثار و کتاب الخراج اور امام محمدؒ کی کتاب الآثار اور کتاب الحج وغیرہ کتب کے دیکھنے سے یہی معلوم ہوتا ہے۔ پھر اس کے بعد مرفوعات کو موقوفات و مقطوعات سے الگ کر کے بیان کیا گیا۔

محدثینؒ فرماتے ہیں کہ اول من افرد المرفوعات الامام احمد بن حنبلؒ باقی محدثینؒ نے بعد میں اس طرز کو اختیار کیا ہے لیکن دوسرے حضرات کی رائے یہ ہے کہ موسیٰ بن عبید اللہ اور مسدد بن مسرہد سب سے پہلے مرفوعات کو موقوفات سے الگ بیان کرنے والے ہیں۔ اسی طرح صحیح کو غیر صحیح سے سب سے پہلے ممتاز کرنے والے امام بخاریؒ ہیں اور خالص فقہ میں سب سے پہلے امام محمد شیبانیؒ نے کتابیں لکھی ہیں چنانچہ ان کی کتب ستہ جامع صغیر، جامع کبیر، سیر صغیر، سیر کبیر، زیادات اور مبسوط مشہور ہیں۔ بہرحال اس سلسلہ میں متعدد اقوال ہیں جو شراح نے نقل کئے ہیں۔ تفصیل کے لئے مطولات کا مطالعہ کیا جائے۔

بَابُ مَاجَاءَ عَلَى مَا كَانَ يَأْكُلُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھانا کس چیز پر رکھ کر تناول فرماتے تھے۔

خصائص کے علاوہ آپ کی زندگی کا ہر پہلو قابل اتباع ہے۔ امام ترمذیؒ اور دوسرے حضرات محدثینؒ نے ابواب الاطعمہ کے تحت مختلف عنوان قائم کر کے امت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کی ترغیب دی ہے۔ خصائص کے علاوہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی خواہ اجتماعی ہو یا انفرادی قابل اتباع ہے اور حقیقۃً امت کی کامیابی و کامرانی کا مدار بھی اسی پر ہے۔ کما قال تعالیٰ قل ان کنتم تحبون الله فاتبعونی الآیۃ۔ اسی طرح ومن یطع الرسول فقد اطاع الله۔ نیز ان کے علاوہ دیگر آیات و روایات اس پر شاہد ہیں۔ چنانچہ اس پہلے باب میں امام ترمذیؒ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس چیز پر کھانا تناول فرماتے تھے آیا دسترخوان بچھاتے تھے یا میز پر رکھ کر کرسی پر بیٹھ کر کھاتے تھے اور جن برتنوں میں کھاتے تھے وہ کیسے ہوتے تھے اور یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی روٹی کیسی ہوتی تھی؟

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنِيْ أَبِيْ عَنْ يُوْنُسَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ مَا أَكَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خِوَانٍ وَلَا سُكُرُّجَةٍ وَلَا خُبِزَتْ لَهُ مُرَقَّقٌ فَقُلْتُ لِقَتَادَةَ فَعَلَى مَا كَانُوْا يَأْكُلُوْنَ قَالَ عَلَى هٰذِهِ السُّفَرِ۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میز نما اونچی چیز پر نہیں کھایا اور نہ چھوٹی طشتری میں کھایا اور نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے چپاتی پکائی گئی۔ یونسؒ کہتے ہیں میں نے قتادہ سے پوچھا تو صحابہ کرامؓ کھانا کس چیز پر رکھ کر تناول فرماتے تھے انہوں نے جواب دیا انہیں چمڑے کے دسترخوانوں پر۔

---

[1] فیہ اشارۃ الی ان المقصود الاصلی ایراد الروایات المرفوعۃ وما یذکر فیہ من بیان المذاہب واحوال الرواۃ والروایات فتبع واستطراد لتاکیدہ وایراد التبصرۃ فیما ہو البغیۃ المقصود والغرض ... وزیادۃ ان یقال ان بیان المذاہب ایضاً بیان الروایات فیراد المروی صلی اللہ علیہ وسلم منہ ما ہو مذکور بلفظہ الشریف صراحۃً ومنہ ما دون منہ کلامہ دلالۃً او اشارۃً فبیانہ بیان المعنی کلامہ وان لم یکن بیان للفظہ ۳ کوکب ص ۸ ج ۱

لفظ خوان کی تحقیق اور اسکے بارے میں علماء کے مختلف اقوال: خوان بکسر الخاء وبضمہا اور تیسری لغت اخوان بکسر الہمزۃ وسکون الخاء ہے اور اس کی جمع قلت اخونہ اور جمع کثرت خُـــونٌ ہے اس بارے میں اختلاف ہے کہ یہ عربی ہے یا عجمی دونوں قول ہیں۔ ملا علی قاریؒ شرح شمائل میں فرماتے ہیں صحیح یہ ہے کہ یہ عجمی ہے معرب ہے اور عرفا اس کا اطلاق ہر اس چیز پر ہوتا ہے جو زمین سے اونچی ہو اور اس میں پیر لگے ہوئے ہوں چنانچہ ابن الفارس نے بھی اس کو عجمی قرار دیا ہے۔ مگر جوالیقی کی رائے یہ ہے کہ قدیم اہل عرب نے اس کا تکلم کیا ہے۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ اس کے معنی ایسا دسترخوان جس پر کھانا نہ ہو۔ مولانا گنگوہیؒ نے اس کی تفسیر ایسی چیز کے ساتھ کی ہے جس میں بڑے پیر لگے ہوئے ہوں۔ علامہ عینیؒ نے فرمایا کہ پیتل وغیرہ کا بڑا طباق جس کے نیچے پیتل وغیرہ کی ٹانگیں لگی ہوئی ہوں کہ جس کا طول ایک ذراع ہو یہ برتن اتنا بڑا ہوتا تھا کہ اس کو دو یا اس سے زائد آدمی اٹھاتے تھے اور بڑے آدمی کے سامنے رکھا جاتا تھا۔ ملا علی قاریؒ نے بھی اس کی تفسیر اسی کے قریب قریب کی ہے۔ بہر حال بڑا طباق ہو یا اس کے علاوہ کوئی چیز جس پر کھانا رکھا جاتا ہو یہ اونچا ہوتا تھا متکبرین کی یہ عادت تھی کہ وہ اس کو سامنے رکھ کر کھانا کھاتے تاکہ سر نہ جھکانا پڑے جیسا کہ شراح حدیث نے بیان کیا ہے۔ راوی نے فرمایا کہ آپ ﷺ نے متکبرین کی اس مکروہ عادت کو اختیار نہیں فرمایا۔

خوان پر کھانے کا شرعی حکم: حضرت گنگوہیؒ نے فرمایا کہ آپ ﷺ کا خوان پر کھانا نہ کھانا یا تو قصداً ہے یا اتفاقاً اگر قصداً ہے تو خوان اور میز وغیرہ پر کھانا رکھ کر کھانے کی کراہت ثابت ہوگی۔ اور اگر اتفاقاً ہے تب بھی کراہت اس لئے ہوگی کہ یہ متکبرین کا طریقہ ہے بہر حال دونوں صورتوں میں کراہت ہے۔

اونچی چیز پر کھانا رکھ کر کھانے میں مضرت اور نیچے بیٹھ کر کھانے کے فوائد: اونچی چیز پر کھانا رکھ کر کھانے میں جب سر اونچا ہوگا تو کھانا زائد کھایا جائے گا جس سے پیٹ بڑا ہونے کا اندیشہ ہے اس کے بالمقابل نیچے بیٹھ کر کھانے میں بقدر ضرورت کھانا کھایا جائے گا جس سے پیٹ بڑا نہ ہوگا نیز اس طرح کھانے سے مسکنت اور تواضع بھی پیدا ہوگی نیز کھانا اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے اس طرح کھانے میں اس کی طرف اقبال تام اور توجہ کامل ہوگی کہ اس میں نعمت کی قدر بھی ہے جو موجب برکت وغیرہ ہے۔ **تنبیہ:** ہاں البتہ ہمارے اس زمانہ میں جبکہ نیچے بیٹھ کر کھانے کا نظم نہ ہو سکے تو ضرورۃً اور بحالت سفر کرسیوں اور میزوں پر کھانے کی اجازت دی جا سکتی ہے حتی الامکان احتراز بہتر ہے۔

لفظ سکرجہ کی تحقیق: سکرجہ۔ بضم السین والکاف والراء المشددۃ بعدہا جیم مفتوحۃ کذا قالہ عیاضؒ اور ابن مکیؒ نے فتح راء درست فرمایا ہے۔ علامہ تورپشتیؒ نے بھی اسی پر جزم کیا ہے اور مزید کہا کہ یہ فارسی سے معرب ہے علامہ ابن جوزیؒ نے اپنے شیخ ابو منصور جوالیقیؒ سے راء کا فتح ہی نقل کیا ہے۔

بعض اہل لغت نے اسکرجہ یا الالف وفتح راء کہا ہے۔ ابو علی کہتے ہیں کہ اس کی تصغیر اسیکرۃ لائی جائے تو ایک راء اور جیم حذف ہو جائیں گے اور بعض حضرات نے محذوف کے عوض میں ایک یاء کا اضافہ کرکے اسیکیرۃ کہا ہے۔ مگر علامہ سیبویہ نے خماسی کی تصغیر کو اچھا نہیں سمجھا ہے اس کے معنی ایسا چھوٹا برتن یا چھوٹا پیالہ جس میں سالن وغیرہ کا استعمال ہو۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ چھوٹی طشتری جس میں جوارشات چٹنی اور دیگر ہضم کرنے والی اشیاء بطور تشہی وتلذذ استعمال کی جائیں۔ علامہ داؤدیؒ نے اس کے معنی چھوٹا پیالہ جس پر روغن کیا گیا ہو بیان کئے ہیں۔ علامہ ابن قرقول نے بیان کیا کہ بعض حضرات نے اس کے معنی لکڑی کا ایسا

پیالہ جس پر پیر لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ سکرجہ سکورے کا معرب ہے بہرحال معنی یہ ہوئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوٹی طشتریوں میں کھانا تناول نہیں فرمایا۔

آپ نے چھوٹی طشتریوں میں کھانا کیوں نہیں کھایا: اس لئے کہ یہ اس زمانہ میں ہوتی ہی نہیں تھیں یا آپ ﷺ نے ان برتنوں کو چھوٹے ہونے کی بناپر اہمیت ہی نہیں دی کیونکہ اس زمانہ میں لوگ ایک ساتھ ملکر کھانا کھایا کرتے تھے اور بڑے برتنوں کی ضرورت پڑتی تھی۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ عام طور پر چھوٹی طشتریوں میں کھانا ہضم کرنے والی اشیاء استعمال کی جاتی تھیں اور حضرات صحابہؓ تنا کھانا ہی نہ کھاتے تھے کہ ان کو ہاضم چیزوں کے استعمال کی ضرورت پڑے۔

یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ ان چھوٹی طشتریوں کے استعمال کی ضرورت جب ہی ہوگی جبکہ مختلف انواع کے کھانے ہوں اور حضرات صحابہؓ کا دور عسرت کا دور تھا کھانے کی اسقدر انواع کہاں میسر تھیں۔

وَلَا خُبِزَ لَهُ مُرَقَّقٌ: ۔ خُبِزَ ۔ ماضی مجہول مرقق بمعنی ملین۔ آپ ﷺ کے لیے باریک نرم روٹی نہیں پکائی گئی۔ قاضی عیاضؒ کہتے ہیں کہ مرقق سے مراد میدہ وغیرہ کی روٹی یا چپاتی ہے۔ علامہ ابن اثیرؒ نے بھی یہی بیان کیا ہے کیونکہ میدہ گیہوں کا ہوتا ہے اور گیہوں اس زمانہ میں قلیل تھا نیز آٹا چھاننے کے لئے چھلنیاں بھی نہیں تھیں چنانچہ ایک روایت میں ہے کہ ایک صحابیؓ نے فرمایا کہ ہم لوگ یونہی جو کے آٹے میں پھونک مار لیتے اور اسی طرح گوندھ لیتے تھے اور ہمارے پاس چھلنیاں نہیں تھیں۔ علامہ ابن التین کہتے ہیں کہ اس سے مراد پراٹھے یا کیک ہیں چونکہ اولاً تو اس زمانہ میں اتنی وسعت ہی نہیں تھی۔ دوسرے یہ کہ وہ مالداروں کے کھانوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ نیز یہ چیزیں اکثار طعام کا بھی سبب ہیں اس لئے آپ ﷺ نے اس سے پرہیز فرمایا ہے۔

علامہ ابن جوزیؒ نے فرمایا کہ یہ رقاق سے ماخوذ ہے جس کے معنی بیلن جس سے روٹی باریک کی جائے تو اب مرقق کے معنی پکی چپاتی کے ہوگئے۔ فعلٰی ما تتاکلون اس کے قائل یونس ہیں یعنی جب راوی نے یہ بیان کر دیا کہ آپ ﷺ میز وغیرہ پر کھانا تناول نہیں فرماتے تھے ظاہر ہے کھانا معظم چیز ہے اس کو تو زمین پر رکھا نہیں جاسکتا تو پھر کس چیز پر رکھ کر کھایا کرتے تھے تو راوی نے جواب دیا کہ ان کا کھانا عام چمڑے کے دسترخوانوں پر رکھا جاتا تھا۔ جن کو عام لوگ استعمال کرتے تھے نہ کہ بادشاہوں اور امراء کی طرح اونچی چیز پر۔ السفر بضم السین وفتح الفاء جمع سفرة۔ سفرہ وہ کھانا جس کو مسافر اپنے راستہ کے لئے کسی چوکور چمڑے وغیرہ میں لپیٹ لے پھر اس کو چمڑے کے دسترخوانوں کے لیے استعمال کیا جانے لگا اس کے بعد مطلق دسترخوانوں کے لئے استعمال ہوتا ہے خواہ چمڑے کا ہو یا اس کے علاوہ کسی اور چیز کا ہو۔

ھذا حدیث حسن غریب: ۔ امام ترمذیؒ بکثرت حسن اور غریب کو جمع کرتے ہیں جمہور کے نزدیک حسن اور غریب کی جو تعریفیں مشہور ہیں ان کی رو سے اسمیں کوئی اشکال نہیں اس لئے کہ جمہور کے نزدیک دونوں میں کوئی تعارض نہیں کیونکہ حسن ہونے کا تعلق راوی کے حفظ اور عدالت سے ہے اور غریب کا تعلق راوی کے منفرد ہونے سے لہٰذا دونوں جمع ہو سکتے ہیں۔ لیکن امام ترمذیؒ کے قول میں اشکال اس لئے پیدا ہوگیا ہے کہ انہوں نے حدیث حسن کی جو تعریف کتاب العلل میں ذکر کی ہے وہ جمہور کی تعریف سے مختلف ہے امام ترمذیؒ نے حسن کی تعریف کی ہے۔ کل حدیث یروی لا یکون فی اسنادہ من یتھم بالکذب ولا یکون الحدیث شاذاً ویروی من غیر وجہ نحو ذالک فھو عندنا حدیث حسن۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام ترمذیؒ کے

نزدیک حدیث کے حسن ہونے کے لیے تعدد طرق ضروری ہے اور غریب کی تعریف انہوں نے اس طرح سے کی ہے کہ کل حدیث یروی ولا یروی الامن وجہ واحد ۔ اس کا تقاضہ یہ ہے کہ امام ترمذیؒ کے نزدیک حسن اور غریب میں منافات ہے اس لئے یہ اشکال پیدا ہوا کہ امام ترمذیؒ ھذا حدیث حسن غریب کیوں کہتے ہیں اس کے متعدد جوابات دیئے گئے ہیں ۔ بعض علماء نے یہ جواب دیا کہ بعض مرتبہ پوری سند میں تفرد کسی ایک راوی کا ہوتا ہے جسے مدار اسناد کہتے ہیں چونکہ مدار اسناد ایک ہی راوی ہے اس لئے اس حدیث کو غریب کہہ دیا گیا اور مدار اسناد سے پہلے چونکہ وہ متعدد طرق سے مروی ہے اس لئے اسے حسن کہہ دیا گیا لیکن یہ جواب ضعیف ہے اس لئے کہ اس طرح تو ہر غریب حدیث حسن ہو سکتی ہے کیونکہ کہیں نہ کہیں پہنچ کر طرق متعدد ہو ہی جاتے ہیں اس لئے حافظ ابن حجرؒ نے شرح نخبہ میں دوسرا جواب یہ دیا کہ امام ترمذیؒ نے کتاب العلل میں جو حسن کی تعریف کی ہے وہ صرف اسی حدیث حسن کی تعریف ہے جس کے ساتھ لفظ غریب نہ ہو اور جہاں امام ترمذیؒ حسن غریب کہتے ہیں وہاں جمہور کی اصطلاح کا حسن مراد لیتے ہیں نہ کہ اپنی اصطلاح کا اور جمہور کی اصطلاح میں حسن غریب کے ساتھ جمع ہو سکتی ہے اور حافظ ابن الصلاحؒ نے اپنے مقدمہ میں تیسرا جواب دیا ہے اور وہ یہ کہ امام ترمذیؒ نے کتاب العلل میں حسن لغیرہ کی تعریف کی ہے اور جس جگہ وہ حسن کے ساتھ غریب کو جمع کرتے ہیں وہاں حسن سے حسن لذاتہ مراد ہوتا ہے۔

حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ کا جواب: لیکن یہ سارے جوابات بعید معلوم ہوتے ہیں سب سے بہتر جواب حضرت مولانا انور شاہ صاحبؒ نے دیا وہ فرماتے ہیں کہ اگر امام ترمذیؒ کی کتاب العلل والی عبارت کو غور سے پڑھا جائے تو اس اعتراض کا جواب خود بخود نکل آتا ہے۔ چنانچہ امام ترمذیؒ کتاب العلل میں لکھتے ہیں ۔ وما ذکرنا فی ھذا الکتاب حدیث غریب فان اھل الحدیث یستغربون الحدیث لمعان رب حدیث یکون غریباً لا یروی الا من وجہ واحد۔ پھر اس کی مثال دینے کے بعد فرماتے ہیں ۔ ورب حدیث یروی من اوجہ کثیرۃ انما یستغرب لحال الاسناد ۔ اس سے معلوم ہوا کہ حدیث کے غریب ہونے کی تین صورتیں ہیں ایک صورت تو یہ ہے کہ اس کا مدار واقعۃً ایک ہی راوی پر ہو اور اس کے سوا سے کوئی روایت نہ کرتا ہو یہ قسم تو امام ترمذیؒ کی اصطلاح کے مطابق حسن کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتی ۔ حدیث کے غریب ہونے کی دوسری صورت یہ ہے کہ حدیث مجموعی طور پر تو بہت سے راویوں سے اور متعدد طرق سے ہو لیکن ان میں سے کسی طریق میں متن کے اندر کوئی ایسی زیادتی پائی جا رہی ہو جو دوسرے کسی طریق میں نہ ہو اس صورت میں اصل حدیث تو غریب نہیں ہوتی لیکن جس طریق میں زیادتی پائی جا رہی ہے اس کو زیادتی کی وجہ سے غریب کہہ دیتے ہیں اور تیسری صورت یہ ہے کہ اصل حدیث متعدد طریق سے ہو لیکن کسی ایک طریق میں سند کے اندر کوئی زیادتی پائی جا رہی ہو تو وہ طریق غریب ہوتا ہے اور اسناد کی تبدیلی کی وجہ سے اس حدیث کو غریب کہہ دیتے ہیں۔

اس تشریح سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ امام ترمذیؒ جہاں حسن کو غریب کے ساتھ جمع کرتے ہیں وہاں غریب سے مراد آخری دو صورتیں ہوتی ہیں یعنی اصل حدیث متعدد طرق سے مروی ہونے کی بناء پر حسن ہوتی ہے۔

لیکن سند یا متن میں کوئی تفرد ہو جاتا ہے جس کی بناء پر امام ترمذیؒ اس کے ساتھ غریب بھی کہہ دیتے ہیں ۔ قال محمد بن بشار یونس ھذا ھو یونس الاسکاف :۔ امام ترمذیؒ حسب عادت راوی کا تعارف کرا رہے ہیں امام ترمذیؒ کی عادت ہے کہ جب دو راوی ہم نام ہوں اور سند میں کوئی امتیاز دینے والا لفظ نہ ہو تو وہ دونوں کے درمیان نسبت وغیرہ بیان کر کے تمیز کر دیتے ہیں

یہاں سند میں یونس غیر منسوب واقع ہوا تھا اور اس طبقہ میں دو یونس ہیں۔ یونس بن ابی الفرات العرشی الاسکاف اور یونس بن عبید البصری۔ تو امام ترمذیؒ نے محمد بن بشار کا قول نقل کر کے بتایا کہ یہاں یونس سے مراد یونس بن ابی الفرات الاسکاف ہیں نہ کہ یونس بن عبید۔ چنانچہ ابن ماجہ کی روایت میں بطریق محمد بن مثنیٰ صراحۃً یونس بن ابی الفرات الاسکاف واقع ہوا ہے امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں علی بن مدینی کا قول نقل کیا ہے کہ انہوں نے بھی یونس سے مراد یونس اسکاف فرمایا ہے۔ احمد بن حنبلؒ اور ابن معینؒ نے ان کی توثیق کی ہے ابن سعد کہتے ہیں۔ کان معروفاً وله احادیث۔ اگرچہ ابن حبان نے لا یجوزان یحتج به۔ کہا ہے اور ابن عدی نے لیس بالمشہور کہا ہے۔

لطیفہ: اس روایت کی سند میں لطیفہ یہ ہے کہ اس میں روایت الاقران عن الاقران ہے کیونکہ ہشام اور یونس ایک ہی طبقہ کے ہیں اس روایت کی تخریج امام بخاریؒ نے بھی بطریق علی بن عبداللہ کی ہے نیز ابن ماجہ نے کتاب الاطعمہ میں اور نسائی نے کتاب الرقاق میں بطریق اسحاق بن ابراہیم اور ابواب الولیمہ میں بطریق عمرو بن علی تخریج کی ہے۔

وروی عبدالوارث عن سعید بن ابی عروبة عن قتادة عن انسؓ نحوه۔ امام ترمذیؒ اس عبارت سے یہ فرمانا چاہتے ہیں کہ اس روایت کو عبدالوارث نے سعید بن ابی عروبہ کے طریق سے نقل کیا ہے تو انہوں نے یونس کا تذکرہ نہیں کیا بلکہ کہا عن سعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ عن انس نحوہ۔ لیکن حافظ ابن عدی نے ذکر کیا کہ اس روایت کو یزید بن زریع نے سعید بن ابی عروبہ سے نقل کیا تو انہوں نے کہا عن یونس عن قتادۃ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سعید بن ابی عروبہ نے قتادہ سے براہ راست نہیں سنا۔ لہٰذا امام ترمذیؒ کا قول وقدری عبدالوارث الخ۔ کیسے صحیح ہے؟ حافظ ابن حجرؒ فتح الباری میں فرماتے ہیں ممکن ہے کہ سعید نے اولاً یونس کے واسطہ سے قتادہ سے روایت نقل کی ہو اور اس کے بعد پھر براہ راست بغیر یونس کے واسطے کے قتادہ سے بھی سنی ہو اور دونوں طریق سے نقل کرتے ہوں لہٰذا امام ترمذیؒ اور حافظ ابن عدیؒ کے کلام میں کوئی تعارض نہیں ہے۔

رجال حدیث: محمد بن بشار۔ امام ترمذیؒ کے استاذ ہیں ان کا لقب بندار ہے علامہ ذہبیؒ نے تذکرۃ الحفاظ میں فرمایا بندار الحافظ الکبیر الامام البصری کان عالماً بحدیث البصرة متقناً متبحراً۔ معتمر بن سلیمان اور غندر اور یحییٰ بن سعید وغیرہ حضرات سے نقل کرتے ہیں اور کثیر مخلوق ان کی شاگرد ہے امام ابوحاتم نے ان کو صدوق اور امام عجلی نے ثقہ کثیر الحدیث قرار دیا ہے۔ ابن خزیمہ نے کتاب التوحید میں ان سے روایت اس طرح کہہ کر نقل کی ہے حدثنا امام اهل زمانه فی العلم والاخبار محمد بن بشار۔ علامہ ذہبیؒ کہتے ہیں کہ انعقد الاجماع علی الاحتجاج بندار متوفی ۲۵۲ھ معاذ بن ہشام بن ابی عبداللہ الدستوائی البصری یمن کے رہنے والے ہیں صدوق راوی ہیں ان کا انتقال ۲۰۰ھ میں ہوا ہے ابی ان کا نام ہشام بن ابی عبداللہ السنبری البصری ثقہ ثبت راوی ہیں محدثین کے ساتویں طبقہ میں سے ہیں۔ یونس ان کے بارے میں امام ترمذیؒ خود تعارف کرا چکے ہیں۔

قتادة بن دعامة السدوسی البصری التابعی۔ حضرت انس وابن مسیب اور ابن سیرین۔ نضر بن انس وغیرہ سے روایت نقل کرتے ہیں اور ان کے شاگرد ایوب حمید طویل اور شعبہ جیسے حفاظ ہیں۔ قوت حافظہ کے لحاظ سے قتادہ ضرب المثل تھے۔ کبار محدثین ابن معینؒ ابن مسیب احمد بن حنبلؒ وغیرہ حضرات نے انکی توثیق کی ہے ۱۷۷ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ انسؓ بن مالک بن نضر بن ضمضم ابوحمزۃ الانصاری آپ ﷺ کے خادم ہیں۔ غزوہ بدر میں شریک رہے ان کی کل احادیث بارہ سو چھیاسی ہیں۔ ایک سو اڑسٹھ

پر شیخین کا اتفاق ہے ۹۰ھ یا اس کے بعد انتقال ہوا جبکہ انکی عمر سو سال سے متجاوز تھی۔ ھو اٰخر من مات فی البصرة من الصحابۃؓ۔ ان کے لیے آپ ﷺ نے بہت سی دعائیں کی ہیں۔[۱]

بَابُ مَاجَاءَ فِی اَکْلِ الْاَرْنَبِ

ترجمہ: باب ان روایات کے بارے میں جو خرگوش کے کھانے کے متعلق آئی ہیں۔

الارنب۔ یہ بکری کے بچہ کے مشابہ چھوٹا سا جانور ہے مگر اس کے پیر بہ نسبت ہاتھوں کے ذرا طویل ہوتے ہیں ارنب اسم جنس ہے یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ مگر جاحظ کی رائے یہ ہے کہ ارنب کا استعمال صرف مؤنث کے لئے ہے اور مذکر کے لئے خزز بالخاء والزائین بروزن عمر اور مؤنث کے لئے عکرشہ کا لفظ آتا ہے اور چھوٹے بچے کے لیے خرنق بکسر الخاء المعجمة و سکون الراء وفتح النون بعد ها قاف مستعمل ہے ھٰذا ھو المشہور

<u>خرگوش کے خواص</u>: خرگوش جانوروں میں سب سے بزدل کثیر الشہوت جانور ہے۔ علامہ دمیری وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ اس کی مؤنث کو حیض آتا ہے جس طرح دیگر بہت سے حیوانات کو حیض آتا ہے۔ علامہ دمیری کہتے ہیں کہ خرگوش کی ایک قسم ایسی بھی ہے جو ایک سال مذکر اور ایک سال مؤنث رہتی ہے سبحان القادر علی کل شیء۔ بقراط کہتے ہیں کہ اس کا گوشت گرم اور خشک ہے پیٹ کے لیے صفائی کا ذریعہ ہے اور پیشاب کثرت سے بہانے والا ہے اور اگر رات کو بستر پر پیشاب کرنے والے کو اس کا گوشت کھلایا جائے تو اس کے لیے نہایت نافع ہے۔ بری خرگوش کا بھنا ہوا دماغ ایسے رعشہ کے لیے مفید ہے جو کسی بیماری کی وجہ سے پیدا ہو گیا ہو اس کے خون کو بطور سرمہ استعمال کرنے سے آنکھوں کے اندر بال نہیں اُگتے۔

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ ثَنَا اَبُوْدَاوٗدَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا یَقُوْلُ اَنْفَجْنَا اَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ فَسَعٰی اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهَا فَاَدْرَکْتُهَا فَاَخَذْتُهَا فَاَتَیْتُ بِهَا اَبَا طَلْحَةَ فَذَبَحَهَا بِمَرْوَةٍ فَبَعَثَ مَعِیْ بِفَخِذِهَا اَوْبِوَرِکِهَا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَکَلَهٗ قُلْتُ اَکَلَهٗ قَالَ قَبِلَهٗ۔[۲]

ترجمہ: ہشام بن زید کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انسؓ سے یہ کہتے ہوئے سنا کہ ہم نے مقام مرالظہران میں ایک خرگوش کو بھڑکایا پس آپ ﷺ کے اصحاب اس کے پیچھے دوڑ پڑے میں نے اس کو پکڑ کر قبضہ میں کرلیا۔ پھر اس کو ابوطلحہؓ کے پاس لایا تو ابوطلحہؓ نے اس کو سفید دھار دار پتھر سے ذبح کر دیا پھر اس کی ران یا پچھلے حصہ کو میرے ذریعہ آپ ﷺ کی خدمت میں بھیجا تو آپ ﷺ نے اس کو کھایا میں نے کہا کہ آپ ﷺ نے اس کو کھایا تھا؟ تو انہوں نے کہا کہ قبول فرمالیا تھا۔

---

[۱] کمارُوی الطبرانی عن حفصة عن انسؓ قالت ام سلیمؓ یا رسول الله ادع الله لانس فقال اللھم اکثر ماله وولده وبارك له فیه قال انسؓ فقد دفنت من صلبی سوا ولدی ولدی مائة و خمسة و عشرین وان ارضی لتثمر فی السنة مرتین وفی روایة فاخبرتہ فخ الله ثنتین اربع ثالثة الحنہ وانا ارجو الله الثالثة منهل ص ۳۰

[۲] قوله فاتیت بها ابا طلحة لما اخذها انسؓ و کان خادم النبی صلی الله علیه وسلم وربیب ابی طلحة اتی بها ابا طلحة دون النبی صلی الله علیه وسلم مخدومه یحتمل ذلك وجوها احدها ما علم من حاجة ابی طلحة فاختصه بها والثانی حضور ابی طلحة معه فرأی محضوره اختصاصاً ما الثالث لعله لقیه قبل ان یبلغ النبی صلی الله علیه وسلم فدفعها الیه الرابع لعل ذلك قبل ان یأوی الی النبیؐ عارضه

تحقیق الفاظ: انفجنا من الانفاج بالنون والفاء والجیم وھو التھییج والاثارۃ چنانچہ بولتے ہیں نفج الارنب اذا ثار وعدا۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ انفاج کے معنی اقشعرار۔ اس کے معنی کا خلاصہ بھڑکانا اور ڈرا کر بھاگنے پر مجبور کرنا۔ مر الظھران مر بفتح المیم و تشدید الراء الظھران بفتح المعجمۃ بلفظ تثنیۃ الظھر یہ جگہ مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک پرانے راستہ کے قریب مکہ سے شمالی جانب تقریباً سولہ میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور ایک نخلستانی علاقہ ہے جہاں بہت تھوڑی آبادی بھی ہے مکہ مکرمہ میں تازہ سبزیاں اور نباتاتی اشیاء یہیں سے پہونچائی جاتی ہیں۔ مکہ کے لوگ یہاں تفریح کے لیے بھی آتے ہیں آجکل اس جگہ کو وادی فاطمہ بھی کہتے ہیں لیکن یہ نسبت حضرت فاطمہ زہراؓ کی طرف نہیں ہے بلکہ سوڈیڑھ سو سال پہلے ترکی عہد کی فاطمہ نامی ایک مالدار عورت کی طرف منسوب ہے۔ مروۃ بسکون الراء سفید پتھر جس کو دھاردار چھری کی طرح بنالیا جاتا ہے۔ فبعث معی بفخذھا او بورکھا لفظ او شک کی وجہ سے ہے جو راوی کو پیش آیا ہے مگر حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ ممکن ہے فخذ اور ورک دونوں کو لیکر بھیجا ہو اور راوی نے بعض روایتوں میں ورک کا اور بعض میں فخذ کا تذکرہ کیا ہے۔ چنانچہ مسلم کی روایت میں فبعث بورکھا وفخذیھا واقع ہوا ہے۔ نیز نسائی میں بھی فبعثنی بفخذ یھا وورکھا واقع ہوا ہے ورک بالفتح والکسر رانوں کے اوپر کا حصہ۔

فاکلہ فقلت اکلہ قال قبلہ ضمیر مفعول کا مرجع یا تو مبعوث ہے یا بمعنی اسم اشارہ ذاک جس کا حاصل یہ کہ مشار الیہ المذکور ہے اس سے مراد بھی مبعوث ہی ہے اور یہ تردد اور سوال ھشام بن زید نے کیا۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ ھشام بن زید نے اپنے دادا انس سے پوچھا کہ آپ ﷺ نے خرگوش نوش فرمایا تھا؟ تو حضرت انسؓ نے جواب دیا کہ قبول فرمایا تھا۔

فائدہ:۔ حضرت انسؓ نے قبول فرمانے کو اکل سے تعبیر کیا ہے جو روایت حدیث میں معنی تغیر ہے اگر معنی مرادی میں کوئی خلل نہ ہو تو اس طرح کا تصرف روایات میں جائز ہے چونکہ بعینہ الفاظ کا یاد رکھنا مشکل ہے چنانچہ یہاں اکل قبول کو لازم ہے اور قبول کرنے کا اعلیٰ فائدہ اکل ہے اس لیے اس کو اکل سے تعبیر فرمایا ہے۔

خرگوش کا شرعی حکم:۔ والعمل علی ھذا عند اکثر اھل العلم ۔ امام ترمذیؒ نے حسب عادت اکل ارنب کے بارے میں فقہاء کا اختلاف نقل کیا ہے اور دو قول نقل کیے ہیں اول فرماتے ہیں کہ عام اہل علم خرگوش کے کھانے کو جائز کہتے ہیں اور اسمیں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ دوم عمرو بن العاصؓ اور ان کے بیٹے عبداللہ اور عبدالرحمن بن ابی لیلی اور عکرمہ اکل ارنب کو مکروہ قرار دیتے ہیں۔ امام رافعیؒ نے امام ابوحنیفہؒ سے ایک روایت حرمت کی نقل کی ہے مگر علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ یہ غلط ہے ہمارے حنفیہ میں کسی سے بھی عدم جواز مروی نہیں ہے اور نوویؒ نے بھی امام اعظمؒ سے حرمت کی روایت غلط نقل کی ہے چنانچہ امام کرخیؒ نے فرمایا لم یروا جمیعًا باسا باکل الارنب۔

قائلین کراہت کے دلائل:۔ جو لوگ اکل ارنب کو مکروہ سمجھتے ہیں انہوں نے مختلف روایات سے استدلال کیا ہے۔ اول روایت خزیمہؓ بن جزء قلت یا رسول اللہ ماتقول فی الارنب قال لا اکلہ ولا احرمہ۔ قلت لم یا رسول اللہ قال انی احسب انھا تدمی وفی روایۃ نبئت انھا تدمی ۔(اخرجہ ابن ماجہ) جس کا حاصل یہ کہ آپ سے جب راوی نے پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہ میں کھاتا ہوں اور نہ حرام قرار دیتا ہوں۔ دوم عبداللہؓ بن عمرو کی روایت جس کے الفاظ جیئ بھا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا جالس فلم یاکلھا ولم ینہ عن اکلھا وزعم انھا تحیض ہیں(اخرجہ ابوداؤد) سوم عبداللہ بن مغفلؓ کی روایت جس کے الفاظ لا اکلھا ولا احرمھا ہیں۔(اخرجہ الطبرانی) چہارم سال جریر بن انسؓ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

عن الارنب فقال لا آکلها انبئت انها تحیض (اخرجہ عبد الرزاق) پنجم وقال حسن بن حسن بن علیؓ الا اعافها ولا احرمها علی المسلمین (کذا فی العینی) ششم عن عکرمۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انه اتی بارنب فقیل له انها تحیض فکرھھا (عینی) ان روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خرگوش کھانے کو حرام تو نہیں فرمایا مگر خود تناول بھی نہیں فرمایا بلکہ اظہار کراہت فرمایا۔ لہٰذا خرگوش کھانا مکروہ ہوگا۔

جمہور کے دلائل:۔ جمہور علماء جو اکل ارنب کو جائز قرار دیتے ہیں انہوں نے مختلف روایات سے استدلال فرمایا ہے۔ اول روایت الباب اس میں حضرت انسؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں صراحۃً فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خرگوش کا ہدیہ قبول فرمایا ظاہر ہے کہ قبول فرمانے کا اعلیٰ مفاد کھانا ہے تو کسی کو کھلانے کے لیے ہی ہدیہ قبول فرمایا ہوگا۔ دوم حدیث جابرؓ بن عبداللہ ان رجلا من قومه صاد ارنبا او ثنتین فذبحها بمروۃ فعلقها حتی لقی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسأله فامره باکلها (اخرجہ الترمذی) سوم محمد بن صفیؓ کی روایت قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم بارنبین فذبحتها بمروۃ فامرنی باکلها (اخرجہ ابوداؤد وابن ماجہ) چہارم حدیث عمارؓ۔ قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاهدی الیه رجل من الاعراب ارنبا فاکلناه فقال الاعرابی انی رأیت بها دما فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاباس (اخرجہ ابن ابی شیبۃ باسناد جید): پنجم حدیث ابن عباسؓ عن عائشۃؓ قالت اُهدِیَ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارنب وانا نائمۃ فخبألی منها العجز فلما قمت اطعمنی (اخرجہ الدار قطنی) ششم عن ابراهیمؒ ان رجلا سأل عبداللہؓ بن عمر عن الارنب فقال لاباس بها قال انها تحیض قال ان الذی یعلم حیضها یعلم طهرها الخ (اخرجہ ابن ابی شیبہ) ہفتم عن ابن المسیب عن سعد انه کان یاکلها قیل لسعید ماتقول قال کنت آکلها (عینی) ہشتم عن عبیدؒ بن سعدان بلالؓ رای ارنبا فذبحها فاکلها (عینی) نہم عن الحسنؒ انه کان لایری باکلها بأساً (عینی) دھم قال طاؤسؒ الارنب حلال (عینی) یازدہم صح من حدیث ابی ھریرۃؓ انه علیه السلام اتی بارنب مشویۃ فلم یاکل منها وامر لقوم باکلها (عینی) ان مذکورہ بالا مفصل روایات وآثار سے واضح ہوتا ہے کہ خرگوش کا گوشت کھانا جائز ہے اور اس کے کھانے میں کسی قسم کی کراہت نہیں ہے۔

روایات کراہت کے جوابات:۔ اولاً ان میں سے اکثر روایات متکلم فیہ ہیں جیسا کہ عینیؒ اور ابن حجر عسقلانی اور دیگر شراح نے تصریح کی ہے ثانیاً یہ روایات حلت پر دال ہیں۔ چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان لا احرمہ عین دلیل حلت ہے۔ ثالثاً اوپر پیش کی گئیں روایات میں صراحۃً وارد ہوا۔ لم ینه عنها وامر باکلها۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع نہیں فرمایا بلکہ صحابہؓ کو کھانے کا حکم فرمایا۔ رابعاً شراح حدیث فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہدیۂ خرگوش کو قبول فرمانا۔ نیز حضرت عائشہؓ کے لیے اس کے گوشت کا حصہ رکھنا اور ان کو کھلانا اور اس کے متعلق سوال کے جواب میں لاباس بہ فرمانا اس کے حلال ہونے پر دال ہے۔

رہا قول انها تحیض۔ اس کے بارے میں حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں ظاہر ہے کہ یہ عجیب وغریب حالت کی خبر ہے۔ حرمت کی علت نہیں ہے۔ کیونکہ حیض کا آنا شرعاً اسباب حرمت میں سے نہیں ہے چنانچہ قسطلانیؒ نے شرح بخاری میں بعض حضرات سے نقل کیا ہے کہ اونٹنی کو بھی منجملہ دیگر حیوانات کے حیض آتا ہے حالانکہ اونٹنی حلال اور ماکول ہے یہی وجہ ہے کہ جب گاؤں والے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا انی رأیت بها دما تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لاباس بہ اور دوسری روایت میں فامرنا باکلها ولم یاکل وارد ہوا

ہے اخرجہ ابویعلی والطبرانی والبیہقی من حدیث عمارؓ وابی ذرؓ وابی الدرداءؓ وابی عمرؓ کذا فی العینی۔

حضرت گنگوہیؒ کا جواب:۔ نیز حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ یہاں ادماء کا معنی حیض نہیں ہے بلکہ اسالتِ دم ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ اس کا گوشت تو سراسر خون ہی ہے کیونکہ جتنی بار بھی اس کو دھویا جاتا ہے تو اس سے خون ہی نکلتا ہے یہاں تک کہ دھوتے دھوتے اس کو ختم بھی کیا جا سکتا ہے تو گویا یہ دم مسفوح کے مشابہ ہو گیا اگرچہ شریعت نے اس کو خون تسلیم نہیں کیا ہے بلکہ عرف کا اعتبار کرتے ہوئے اس کو گوشت قرار دیا ہے نیز فرماتے ہیں کہ اگر ادماء کے معنی سیلانِ دم (حیض) کے ہی لئے جائیں تو اس سے اکل کا جواز مزید راجح ہو جاتا ہے۔ کیونکہ جب دم فاسد اس سے خارج ہو جائے گا تو اس کا گوشت زائد منتج اور الطف ہو جائے گا۔

اب رہا آپ ﷺ کا خود تناول نہ فرمانا تو ممکن ہے کہ بطور کراہت طبع ہو اور ادماء کی خبر تنبیہ ہے علت کراہۃ طبعیہ پر نہ کہ کراہت شرعیہ پر۔

وفی الباب عن جابرؓ۔ اخرجہ ابن حبان والبیھقی والترمذی و عمارؓ اخرجہ البیھقی ص ۳۲۱ج ۹۔

محمد بن صفوانؓ اخرجہ احمد ابو داؤد والترمذی والنسائی و ابن ماجہ وابن حبان والحاکم۔ ویقال محمد ابن صیفی یعنی محمد بن صفوان کو محمد بن صیفی بھی کہا جاتا ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح:۔ اخرجہ الجماعۃ کما فی المنتقی۔

فوائد حدیث: حدیث پاک سے مختلف فوائد معلوم ہوئے ۔ ۱۔ اکل ارنب کا جواز جس کی تفصیل اوپر بیان کی گئی۔ ۲۔ شکار کو اس کی جگہ سے بھڑکانے اور اس کا پیچھا کرنے کا جواز بشرطیکہ مصالح دینیہ فوت نہ ہوں۔ والا فورد من اتبع الصید غفل (اخرجہ ابوداؤد والنسائی من حدیث ابن عباس مرفوعا)

۳۔ شکار کا اس شخص کی ملکیت میں ہو جانا جو اس کو پکڑے خواہ شکار کو بھڑکانے والے اور بھی ہوں۔

۴۔ شکار کے ہدیہ کرنے اور شکاری کی طرف سے ہدیہ قبول کرنے کا جائز ہونا۔ ۵۔ عظیم المرتبت شخص کی خدمت میں معمولی چیز کا ہدیہ پیش کرنا بشرطیکہ یہ معلوم ہو کہ اس سے ناراض نہیں ہوگا۔ ۶۔ بچہ کی مملوک شئی میں اسکے ولی کو حق تصرف کا حاصل ہونا جبکہ کوئی مصلحت پیش آئی ہو۔ لان انسا کان مراھقا کما ورد فی السنن لابی داؤد و کنت غلاما حزورا۔ ۷۔ شاگرد کا استاذ سے رجوع کرنا جبکہ استاذ کے ضبط میں خطاء کا احتمال ہو۔

کما وقع لھشام بن زید مع انس رضی اللہ عنہ

رجال حدیث:۔ محمود بن غیلان۔ ان کی کنیت ابواحمد ہے ائمہ محدثین میں سے مشہور امام ہیں۔ سفیان بن عیینہ فضل بن موسیٰ ولید ابن مسلم ابوعوانہ وکیع بن جراح اور دیگر کبار علماء ان کے اساتذہ ہیں اور امام ابوداؤد کے علاوہ سب ہی ائمہ نے ان سے روایت لی ہے۔ احمد بن حنبلؒ کہتے ہیں محمود بن غیلان صاحب سنت اعرف بالحدیث ہیں امام نسائی نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے (کذا فی تذکرۃ الحفاظ) ۲۳۹ھ میں ان کا انتقال ہوا ہے۔ ابوداؤد والطیالسی ہیں نہ کہ سجستانی صاحب سنن۔ ان کا نام سلیمان بن داؤد بن الجارود القارسی البصری ہے اور حفاظ حدیث میں ہیں۔ ابن عون، ہشام بن ابی عبداللہ وغیرہ سے روایت کرتے ہیں اور ان کے شاگرد احمد بن حنبلؒ علامہ ابن مدینی اور محمد بن بشار جیسے کبار محدثین ہیں ابن مہدی نے ابوداؤد والطیالسی کو اصدق الناس قرار دیا

ہے۔ احمد بن حنبلؒ نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے اور وکیع بن جراح نے جبل علم قرار دیا ہے اکہتر سال کی عمر میں ۲۰۴ھ میں انتقال ہوا ہے۔
شعبۃ بن الحجاج بن الورد العتکی والواسطی ثم البصری کی ثقۃ حافظ، متقن، سفیان ثوری نے ان کو امیر المؤمنین فی الحدیث قرار دیا ہے۔
عراق میں سب سے پہلے رجال کی تحقیق کرنے والے ہیں۔ بدعات کے ماحی اور سنت کے حامی ہیں۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں۔ لولا شعبۃ لما عرف الحدیث بالعراق ان کی پیدائش ۸۲ھ میں اور وفات ۱۶۰ھ میں ہے (کذا فی تذکرۃ الحفاظ) ھشام بن زید بن انس بن مالک ثقہ راوی ہیں اپنے دادا سے روایت نقل کرتے ہیں۔ طبقہ خامسہ میں سے ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ أَكْلِ الضَّبِّ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو گوہ کے کھانے کے متعلق آئی ہیں۔

الضب:۔ ضب (بفتح الضاد المعجمة و تشديد الباء) بری جانور ہے۔ مؤنث کے لیے ضبۃ آتا ہے اور جمع ضباب واضب آتی ہے۔ صاحب محیط اعظم کہتے ہیں کہ اس کو فارسی میں سوس مار اور ہندی میں گوہ یونانی زبان میں القوطاس کہتے ہیں یہ قد میں بلی سے چھوٹا جانور ہے اور اسکی دم انتہائی چھوٹی ہوتی ہے اور اس کا رنگ زردی اور سیاہی کے درمیان ہوتا ہے۔ دیار عرب میں یہ جانور کثیر الوجود ہے۔

ضب کے خواص اور اس کے عجائبات:۔ علامہ دمیریؒ کہتے ہیں کہ یہ جانور پانی پیتا اور سات سو سال سے زائد زندہ رہتا ہے (کما قال ابن خالویہ) چالیس دن میں ایک قطرہ پیشاب کرتا ہے اس کے دانت الگ الگ نہیں ہوتے بلکہ ملے ہوئے ہوتے ہیں اور کبھی نہیں گرتے گرمی اور سردی کے اثر سے اس کے رنگ میں تلون ہوتا رہتا ہے مذکر کے دو ذکر ہوتے ہیں۔ بچھو سے اس کی دوستی ہے۔ اسی لیے اس کو اپنے بھٹ میں جگہ دیتی ہے تاکہ جب کوئی شکاری اس کو پکڑنے کے لیے ہاتھ بڑھائے تو بچھو اس کو ڈس لے اس کی طبیعت میں نسیان اور بھٹکنا ہے اسی وجہ سے یہ اپنا بھٹ کسی پتھر یا ٹیلہ کے پاس بناتی ہے تاکہ آتے جاتے نہ بھولے کبوتر جیسے انڈے دیتی ہے جن کی تعداد ستر ۷۰ سے بھی زائد ہوتی ہے اور جب انڈے دینے کا ارادہ کرتی ہے تو زمین میں گڈھا کھودتی ہے اور اس گڑھے میں انڈا دیکر مٹی میں ملا دیتی ہے اور روزانہ ان کو سیتی رہتی ہے۔ حتی کہ چالیس دن میں بچہ نکل آتا ہے۔ اس کی کنیت ابوحسل ہے بکسر الحاء و سکون السین واللام۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ أَكْلِ الضَّبِّ فَقَالَ لَا آكُلُهُ وَلَا أُحَرِّمُهُ۔

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بیشک نبی کریم ﷺ سے گوہ کے کھانے کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا میں اس کو کھاتا نہیں اور نہ حرام قرار دیتا ہوں۔

ضب کا شرعی حکم:۔ قد اختلف اهل العلم فی اكل الضب۔ امام ترمذیؒ نے حسب عادت اس روایت سے ثابت ہونے والے مسئلہ میں اختلاف بیان کیا اور دو قول نقل فرمائے۔ اول حضرات ائمہ ثلثہ اسحاق بن راہویہ اور ظاہریہ جواز کے قائل ہیں اور حضرات احناف اس کو مکروہ قرار دیتے ہیں۔

قائلین جواز کے دلائل:۔ حضرات ائمہ ثلاثہ وغیرہ جواز اکل کے لئے مختلف روایات پیش کرتے ہیں۔ اول حدیث باب جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے ضب کو حرام نہیں فرمایا ہے۔ دوم عن ابن عباسؓ عن خالد بن الولید انہ دخل مع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بیت میمونۃ فاتی بضب محنوذ فاھوی الیہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بیدہ فقال بعض النسوۃ اخبرو رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بما یریدان یا کل فقالواھو ضب یارسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فرفع یدہ فقلت احرام ھو یارسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فقال لا ولکن لم یکن بارض قومی فاجدنی اعافہ قال خالد فاجتززتہ فاکلتہ ورسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ینظر (اخرجہ البخاری)

سوم عن ابی سعید الخدریؓ مرفوعاً ان اللّٰہ غضب علی سبط من بنی اسرائیل فمسخھم دواب یدبّون فی الارض فلا ادری لعل ھذا منھا فلست اٰکلھا ولا انھٰی عنھا قال ابوسعید فلما کان بعدذلک قال عمرؓ ان اللّٰہ عزوجل ینفع بہ غیر واحد وانہ لطعام عامۃ الرعاۃ ولو کان عندی لطعمتہ (اخرجہ مسلم)

چہارم عن ابن عمرؓ قال کان اناس من اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم منھم سعدؓ فذھبوایاکلون فنادتھم امرأۃ انہ لحم ضب فامسکو افقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کلوا واطعموا فانہ حلال اوقال لاباس ولکنہ لیس من طعامی (اخرجہ البخاری ومسلم) پنجم ـعن ابی ھریرۃؓ ان النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم۔ اُتی بصحفۃ فیھا ضباب فقال کلوا فانی عائفہ (اخرجہ الطحاوی) ششم ـعن خزیمۃ بن جزءؓ قال قلت یا رسول اللہ جئتک لاسئلک عن احناش الارض ماتقول فی الضب قال لا اکلہ ولا احرمہ (الحدیث) (ابن ماجہ) ہفتم ـ دیگر وہ روایات ہیں جن میں لا اکلہ ولا احرمہ وارد ہے یا آپؐ کے سامنے دسترخوان پر گوہ کھانے کا ذکر ہے جیسا کہ امام ترمذیؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے نقل فرمایا ہے۔

ان جملہ مذکورہ بالا روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ آپؐ نے خود تو گوہ کو تناول نہیں فرمایا مگر آپؐ نے کھانے کی اجازت دی یا آپؐ کے سامنے دوسروں نے دسترخوان پر کھائی ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ اس کا کھانا جائز ہے۔

قائلین کراہت کے دلائل:۔ دوسرا فریق (احناف) جو کراہت کا قائل ہے اس نے مختلف روایات ودرایات سے استدلال کیا ہے۔ اول حضرت عائشہؓ کی روایت انہ اھدی للنبی صلی اللہ علیہ وسلم ضب فلم یا کلہ فقام علیہ سائل فارادت عائشۃؓ ان تعطیہ فقال لھا اتعطیہ مالا تاکلین (اخرجہ الطحاوی) حضرت امام محمدؒ نے اس روایت سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے خود اپنے لیے اور دوسروں کے لیے اکل ضب کو مکروہ سمجھا ہے۔ دوم حدیث عبدالرحمنؓ بن حسنۃ قال نزلنا ارضاً کثیرۃ الضباب فاصابتنا مجاعۃ فطبخنا منھا وان القدور لتغلی بھا اذجاء رسول اللّٰہ ﷺ (الحدیث) وفیہ انھم طبخوامنھا فقال النبی ﷺ ان امۃ من بنی اسرائیل مسخت دواب فی الارض فاخشی ان تکون ھٰذہٖ فاکفؤھا قال الحافظ سندہٗ علی شرط الشیخین (اخرجہ ابوداؤد وابن حبان والطحاوی واحمد)

---

۱ خواص الضب۔ اذااخرج الضب من بین رجلی انسان لایقدر بعد ذلک علی مباشرۃ النساء ومن اکل قلبہ لاذھب عنہ الحزن والخفقان ومن اکل منہ لایعطش زماناً طویلاً و کعبہ یسد علی وجہ الفرس لایسبقہ شی من الخیل عند المسابقۃ وجلدہ یجعل منہ غلاف للسیف یشجع صاحبہ وان تختمہ ظرفاً للمس لمن نعق منہ ھیج شہوۃ الجماع۔ رؤیتہ فی المنام علامۃ الخداع فی اموال الناس و علامۃ مجھول النسب و قیل من رایٰ الضب فی المنام فانہ یمرض ۲ حیوۃ الحیوان

سوم۔حدیث عبدالرحمن بن شبلؓ ان رسول الله صلی الله علیه وسلم نهی عن اکل الضب (یہ روایت کراہت اکل میں صریح ہے) چہارم۔ حدیث ابو سعیدؓ اتیت به رسول اللهﷺ فاخذ عوداً فعد به اصابعه ثم قال ان امة من بنی اسرائیل مسخت دواب فی الارض (الحدیث) پنجم حدیث ابن عمرؓ قال قال رسول اللهﷺ وددت ان عندی خبزة بیضاء من برة سمراء ملبقة بسمن ولبن فقام رجل من القوم فاتخذه فجاء به فقال فی ای شیئ کان هذا قال فی عکة ضب قال ارفعه (اخرجه ابوداؤد وابن ماجه)

ان مذکورہ بالا روایت سے معلوم ہوا کہ نبی کریمﷺ نے گوہ کے گوشت کھانے کو منع فرمایا اور اظہار نفرت کرتے ہوئے ہانڈیاں بھی الٹوادیں۔اگر گوہ حلال ہوتی تو آپﷺ اس کے بارے میں ایسی سختی نہ فرماتے۔

ششم۔حضرات فقہاء کرام نے فرمایا کہ کسی قوم کا کسی جانور کی صورت پر مسخ ہونا اس جانور کے خبیث ہونے کی علامت ہے۔چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے فرمایا کہ جانوروں کی حرمت کے بارے میں بھی دیکھنا چاہیے کہ آیا اس کی صورت پر کسی قوم کا مسخ ہوا ہے یا نہیں جیسے بندر وخنزیر ہے اگرچہ قوم ممسوخ کی نسل باقی نہیں رہتی (کما ورد فی الحدیث) مگر اس جانور کی صورت پر مسخ ہونا بہر حال اس کے خبث کی علامت ہے۔مذکورہ بالا روایات سے معلوم ہوا کہ گوہ کی صورت پر بنی اسرائیل کی ایک قوم ممسوخ ہوئی ہے تو یقیناً یہ خبیث جانور ہے نیز وہ حشرات الارض میں سے ہونے کی بنا پر بھی خبیث ہے اور بنص قرآن ویحرم علیهم الخبائث گوہ حرام ہونی ہی چاہیے۔ہفتم گوہ کے کھانے کے بارے میں دونوں طرح کی روایات وارد ہوئی ہیں کہ بعض سے حلت اور بعض سے حرمت معلوم ہوتی ہے حسب تصریح فقہاء جب روایات حلت وحرمت میں تعارض ہو تو احتیاطاً روایات حرمت کو ترجیح دی جاتی ہے لہٰذا یہاں بھی حرمت راجح ہوگی۔

قائلین جواز کی روایات کے جوابات: اولاً تو ان روایات میں سے اکثر متکلم فیہ ہیں۔ثانیاً یہ کہ حضرت گنگوہیؒ وغیرہ نے فرمایا کہ آپﷺ پر ابتداء اس کے بارے میں کوئی حکم نازل نہیں ہوا تھا تو آپﷺ نے اس کے بارے میں سکوت فرمایا لان الاصل فی الاشیاء الاباحة اور خود اس کے کھانے سے طبعاً کراہت فرمائی کہ آپﷺ کے وطن مالوف مکہ معظمہ میں اس کا وجود ہی نہ تھا لیکن اس کے بعد جب حرمت نازل ہوگئی تو آپؐ نے سختی کے ساتھ منع فرمایا اور ہانڈیاں بھی الٹادیں۔ کما هو مفاد حدیث عبدالرحمٰن بن شبل وحدیث عبدالرحمٰن بن حسنة الحاصل روایات جواز کا محمل ابتداء زمانہ ہے اور روایات کراہت کا محمل آخر زمانہ ہے اس لئے یہی قابل اتباع ہے۔

وفی الباب عن عمرؓ: اخرجہ مسلم وابن ماجہ عن جابرؓ ان عمر بن الخطابؓ الخ ابی سعیدؓ اخرجہ احمد ومسلم وابن ماجہ ابن عباسؓ اخرجہ الشیخان ثابتؓ بن ودیعة اخرجہ ابوداؤد والنسائی عبدالرحمٰن بن حسنة اخرجہ احمد ابوداؤد وابن حبان والطحاوی جابرؓ اخرجہ مسلم۔

رجال حدیث:۔قتیبة بن سعید بعض نے کہا ان کا نام یحییٰ ہے اور قتیبہ لقب ہے۔خراسان کے محدث ہیں ان کی پیدائش ۱۴۹ھ میں ہوئی۔ان کے اساتذہ امام مالک لیث' ابن لہیعہ اور شریک ہیں۔ابن ماجہ کے علاوہ بھی حضرات نے ان سے روایتیں نقل کی ہیں۔امام نسائی، ابن معین اور دیگر محدثین نے ان کو ثقہ اور مامون قرار دیا ہے۔ مالدار تھے۔ان کا انتقال ۲۴۰ھ میں ہوا

جبکہ ان کی عمر ۹۱ سال تھی۔

مالک بن انس بن مالک بن ابی عامر بن عمرو بن حارث فقیہ الامت صاحب مذہب امام دار الہجرت ہیں۔ انہوں نے نافع مقبری، نعیم زہری، عامر بن عبداللہ بن الزبیر اور ابن المنکدر عبداللہ بن دینار اور دیگر اساطین حدیث سے روایات نقل کی ہیں انکے شاگرد ابن مبارک، یحییٰ القطان، ابن مہدی، ابن وہب، ابن قاسم، قعنبی، سعید بن منصور، عبداللہ بن یوسف، یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، یحییٰ بن یحییٰ نیشاپوری، یحییٰ بن بکیر، قتیبہ، ابومصعب زہیری اور انکے علاوہ بے شمار ہیں جن کا احصاء مشکل ہے اور امام مالک امام زہری کے شاگردوں میں سب سے زیادہ حفظ واثبت شمار کیے گئے ہیں عبدالرزاق اور ابن عیینہ نے یوشك الناس ان یضربوا اکباد الابل فی طلب العلم فلا یجدون احداً اعلم من عالم المدینة کا مصداق امام مالکؒ کو قرار دیا ہے۔ عبدالرحمن بن مہدی امام مالکؒ کے مقابلہ میں کسی کو فضیلت نہیں دیتے تھے اسی طرح اور دیگر علماء نے بھی امام مالکؒ کے بے شمار فضائل بیان کیے ہیں انکی پیدائش ۹۳ھ میں ہوئی۔ علامہ ذہبیؒ نے ۹۳ کو راجح قرار دیا ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی اقوال نقل کیے گئے ہیں اور ان کی وفات ۱۴ ربیع الاول ۱۷۹ھ میں ہوئی ہے جنت البقیع میں دفن کیے گئے اس کے علاوہ اور بھی متقارب اقوال ہیں۔ عبداللہ بن دینار العدوی انکی کنیت ابوعبدالرحمن ہے جلیل القدر تابعی ہیں ابن عمر اور دیگر صحابہ سے روایت نقل کرتے ہیں۔ اصحاب ستہ نے ان سے روایت لی ہے ابن معین ابن زرعہ نسائی احمد عجلی نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ احمد بن حنبلؒ نے کہا کہ یہ مستقیم الحدیث ہیں عجلیؒ کہتے ہیں کہ ربیعہ نے ان کو صدوق اور صالح الحدیث قرار دیا ۱۲۷ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ ابن عمر مشہور صحابی ہیں انکا نام عبداللہ بن عمر بن الخطاب القرشی العدوی ہے اور کنیت ابوعبدالرحمن ہے بچپن ہی میں اسلام لے آئے تھے انکو غزوۂ احد کے موقع پر مجاہدین کے ساتھ چھوٹے ہونے کی بناء پر شریک نہیں کیا گیا البتہ غزوۂ خندق، بیعت رضوان اور دیگر غزوات میں شریک رہے ہیں۔ نہایت متقی، صاحب علم، کثیر الاتباع اور نہایت محتاط صحابی ہیں حج کے مسائل میں ان کو اعلم الصحابہ سمجھا جاتا تھا۔ ساٹھ سال تک فتاویٰ کا کام کرتے رہے۔ ان کے بے شمار مناقب ہیں خود نبی کریمؐ نے بھی انکی تعریف میں فرمایا کہ عبداللہ رجل صالح ان کا انتقال ۷۳ھ میں ہوا ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ أَكْلِ الضَّبُعِ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو بجو کے کھانے کے متعلق آئی ہیں۔

الضبع:۔ ضبع بفتح الضاد و ضم الباء ابن الانباری اور ابن ہشام کہتے ہیں کہ اس کا اطلاق اسم جنس ہونے کی وجہ سے مذکر و مؤنث دونوں پر ہوتا ہے دوسرا قول یہ ہے کہ مؤنث کے لیے ضبعانہ اور مذکر کے لیے ضبعان بولتے ہیں۔ مذکر کی جمع ضباعین اور مؤنث کی ضبعانات آتی ہے اور ضباع کا اطلاق مثل سباع کے مذکر و مؤنث دونوں پر ہوتا ہے (کما قالہ الجوہری) ضبع کی تصغیر ضبیع بتقدیم الیاء المثناة علی الباء الموحدة آتی ہے یہ ایک جانور ہے جس کو ہندی زبان میں بجو کہتے ہیں۔ اس کی کنیت ام خنور ام طریق ام عامر ام القبور ام نوفل اور مذکر کی ابوعامر ابوکلدہ ابوالہمبر بالہاء المہملة والنون والباء الموحدہ والراء ہیں۔

بجو کے خواص اور عجائبات:۔ یہ جانور ایک سال مذکر اور ایک سال مؤنث رہتا ہے۔ علامہ جاحظ، زمخشریؒ اور قزوینیؒ نے یہ بھی نقل کیا ہے کہ یہ حالت ذکورۃ میں حاملہ ہوتا ہے اور حالت انوثت میں بچہ جنتا ہے۔ علامہ ابن الصلاح اور ارسطاطالیس وغیرہ سے بھی اسی طرح منقول ہے۔ یہ جانور انسان کے گوشت اور خون کو بہت زیادہ پسند کرتا ہے اور اتنا عاشق ہے کہ قبر سے مردہ کو نکال کر کھا

لیتا ہے اور سوتے ہوئے آدمی کے سر کے نیچے گڑھا کھود کر اس کا خون پی لیتا ہے نہایت فسادی جانور ہے اور ہر جانور پر غالب آنے کی کوشش کرتا ہے اور حماقت میں بھی مشہور ہے اگر بجو اور بھیڑیا بکریوں کے ریوڑ میں ہوں تو بکریاں محفوظ رہتی ہیں کیونکہ دونوں ایک دوسرے کے دفاع میں مشغول رہتے ہیں حتی کے اہل عرب سے دعا منقول ہے اللھم ضبعًا وذئبًا ای اجمعھما بجو کی چربی کھجلی کے زہر کے لئے دافع ہے۔ اس کا پتہ قاطع شہوت ہے اور اس کے پتہ سے بنا ہوا سرمہ آنکھوں کے پانی اور اس کی ظلمت کے لئے دافع ہے اور اس کی کھال کی چھلنی میں بیج چھان کر بونے سے کھیتی کی ٹڈی سے حفاظت ہوتی ہے اگر اس کی آنکھ انگوٹھی میں جڑوالی جائے تو جادو کے اثر اور نظر سے حفاظت رہتی ہے نیز اس انگوٹھی کا پانی مسحور شخص کو پلانے سے جادو کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔ جو شخص اس کی زبان اپنے پاس رکھے تو کتے اس کو نہیں بھونکیں گے چنانچہ چورر ات کو ایسا ہی کرتے ہیں اور اس کے خون کو پینے سے وساوس ختم ہو جاتے ہیں۔

التعبیر:۔ اگر کوئی شخص بجو کو خواب میں دیکھے تو یہ اس کے کاشف اسرار ہونے کی علامت ہے اور وہ لایعنی باتوں میں مبتلا ہے نیز اس کی ملاقات کسی کمینی ذلیل عورت سے ہوگی۔ علامہ ارطامیدروس کہتے ہیں اس کو خواب میں دیکھنا دھوکہ دینے کی علامت ہے اور جو شخص خواب میں اس پر سوار ہو اس کو بادشاہت ملے گی۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ ثَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ عَمَّارٍ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرٍ اَلضَّبُعُ اَصَیْدٌ هِیَ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ اٰکُلُهَا قَالَ نَعَمْ قُلْتُ اَقَالَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ۔

ترجمہ:۔ ابن ابی عمارؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابرؓ سے عرض کیا کہ بجو شکار ہے یا نہیں۔ جواب دیا کہ ہاں (شکار ہے) ابن ابی عمارؓ نے پوچھا کہ میں اس کو کھالوں۔ جواب دیا ہاں۔ پھر حضرت ابن ابی عمارؓ نے کہا کہ کیا آپ ﷺ نے فرمایا ہے۔ جواب دیا ہاں (فرمایا ہے)

اصیدھی قال نعم:۔ ابوداؤد کی روایت میں ویجعل فیه کبش اذا صاده المحرم کی زیادتی بھی ہے جس کا مطلب ہے کہ راوی نے سوال کیا کہ بجو شکار ہے یا نہیں تو حضرت جابرؓ نے جواب دیا کہ ہاں وہ شکار ہے اگر محرم اس کا شکار کر لے تو اس پر مینڈھا واجب ہو جاتا ہے قلت آکلھا بصیغہ متکلم ہے۔

بجو کا شرعی حکم:۔ وقد ذهب بعض اهل العلم الی هذا الخ امام ترمذیؒ نے حسب عادت ائمہ کا اختلاف بجو کھانے کے سلسلہ میں بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ فرمایا بعض اہل علم بجو کے کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے۔ یہی حضرت ابن عباسؓ عطاء بن ابی رباح کا قول ہے امام شافعیؒ احمد بن حنبلؒ اسحاق بن راہویہؒ اور ابوثورؒ سے بھی یہی منقول ہے نیز ظاہریہ بھی اسی کے قائل ہیں۔ اس کے بالمقابل حضرت امام ابوحنیفہؒ ابن مسیبؒ سفیان ثوریؒ اور ابن مبارک اکل ضبع کی حرمت کے قائل ہیں اور جمہور علماء کا مسلک بھی یہی ہے اور امام مالکؒ ادلہ کے تعارض کی بناء پر کراہت کے قائل ہیں۔

قائلین اباحت کے دلائل:۔ جو حضرات بجو کھانے کو مباح قرار دیتے ہیں انہوں نے مختلف روایات سے استدلال کیا ہے اول حدیث باب جس کا حاصل یہ ہے کہ راوی نے حضرت جابرؓ سے بجو کے شکار ہونے اور اپنے کھانے کے بارے میں پوچھا تو حضرت جابرؓ نے مثبت جواب دیا اور جب راوی نے پوچھا کہ کیا آپ ﷺ نے یونہی فرمایا ہے تو اس پر بھی حضرت جابرؓ نے نعم فرمایا۔ معلوم ہوا کہ بجو کا کھانا جائز ہے۔ دوم حاکم نے حضرت جابرؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا الضبع صید و جزائه کبش مسن ویؤکل۔ قال الحاکم هو صحیح اسنادا وذکره ابن السکن فی صحیحه قال الترمذی سالت البخاری عنه فقال

انه حديث صحيح۔ یہ روایت جواز کل ضبع پر صریح دال ہے سوم بیہقی نے عبداللہ بن مغفل السلمی سے نقل کیا قلت یا رسول الله ماتقول فی الضبع قال لا آكله ولا انهى عنه قال قلت مالم تنه عنه فاني اكله۔ چہارم حضرت سعدؓ کے بارے میں امام شافعیؒ اور دیگر محدثین نے نقل کیا ہے کہ وہ بجو کھایا کرتے تھے۔ پنجم امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ بجو کا گوشت صفا اور مروہ کے درمیان برابر بکتا رہا اور لوگ کھاتے رہے کسی نے اس پر نکیر نہیں فرمائی اگر اس کا کھانا جائز نہ ہوتا تو پھر اس پر نکیر ہوتی۔ ششم اہل عرب ہمیشہ اس کی تعریف کرتے ہیں اور اس کو اچھا سمجھتے رہے ہیں۔ یہ علامت حلت ہے۔

قائلینِ حرمت کے دلائل:۔ حضرات احنافؒ وغیرہ جو بجو کی حرمت کے قائل ہیں وہ متعدد امور بطور دلائل پیش کرتے ہیں۔ اول حبانؓ بن جزا کی روایت جس کی تخریج امام ترمذیؒ نے بھی کی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ حبان بن جزا نے اپنے بھائی خزیمہ سے نقل کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ سے بجو کے کھانے کے بارے میں پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ بجو کو بھی کوئی آدمی کھاتا ہے (جس میں خیر ہو) یہ روایت بجو کھانے کے عدم جواز پر صراحۃً دال ہے کما سیأتی تشریحہ دوم وہ اثر جو سعید بن المسیبؒ سے احمد بن حنبلؒ اسحاق بن راہویہ اور ابو یعلی وغیرہ نے اپنی اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے کہ سعید بن المسیبؒ سے پوچھا گیا کیا کوئی قوم بجو کھاتی ہے۔ انہوں نے کہا ان اكلها لايحل۔ اس وقت ابن مسیبؒ کے پاس ایک بوڑھا شخص بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے بیان کیا کہ مجھ سے عبداللہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے ابوالدرداءؓ سے یہ کہتے ہوئے سنا۔ نهى رسول الله ﷺ عن اكل كل ذى خطفة ونهبة و مجثمة و كل ذى ناب من السباع عبدالرزاق نے بھی اپنی مصنف میں اسی کے قریب قریب بطریق سفیان ثوری ابن مسیب کا یہ قول نقل کیا ہے۔ معلوم ہوا کہ ابن مسیب نے بجو کے کھانے کو حلال نہیں فرمایا پھر ان کا یہ قول ابوالدرداء کی بیان کردہ روایت سے مؤید بھی ہو گیا کیونکہ بجو حملہ آور جانور ہے اور آپ ﷺ نے ایسے جانور کو کھانے سے منع فرمایا ہے۔ سوم متعدد صحابہؓ ابن عباسؓ، علیؓ، ابو ہریرہؓ، ابو ثعلبہ خشنیؓ وغیرہ سے مشہور روایت مروی ہے نهى رسول الله ﷺ عن اكل كل ذى ناب من السباع اور بجو میں یہ دونوں وصف پائے جاتے ہیں کہ وہ درندہ بھی ہے اور ذی ناب بھی اس لیے روایت کے تحت وہ داخل ہے لہٰذا درندہ کی طرح اس کا کھانا بھی حرام ہے۔ چہارم آیت شریفہ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ کہ مسلمانوں کے حق میں خبیث جانور حرام کئے گئے ہیں اور بجو اخبث الحیوانات ہے کیونکہ یہ انسان کے گوشت اور اس کے خون کا بہت عاشق ہے حتی کہ قبر کھود کر مردار انسان کو بھی کھا لیتا ہے کما مر۔ لہٰذا اس کے خبیث ہونے میں کیا شک ہے اس لیے بجو آیت کے تحت داخل ہے اور اس کا کھانا حرام ہے۔ پنجم روایات دونوں طرح کی ہیں بعض سے حلت اور بعض سے حرمت معلوم ہوتی ہے اور قاعدہ ہے کہ ادلہ کے تعارض کے وقت احتیاطاً حرمت کو ترجیح دی جاتی ہے لہٰذا دلائل احناف راجح ہوں گے۔

قائلینِ اباحت کے دلائل کے جوابات:۔ ابن ابی عمار والی روایت کا اولاً یہ جواب دیا گیا کہ وہ آیت شریفہ ويحرم عليهم الخبائث اور روایت محرمہ سے منسوخ ہے اس کا عکس نہیں کیا جا سکتا کہ روایت محرمہ کو منسوخ اور روایات مبیحہ کو ناسخ مان لیں۔ ورنہ تعدد نسخ لازم آئے گا حالانکہ جن اشیاء میں تعدد نسخ ہوا ہے وہ صرف تین یا چار ہیں اس سے زائد نہیں ثانیاً یہ کہ بجو ذی ناب درندہ ہے اور احادیث تحریم ذی ناب مستفیضہ اور متعددہ ہیں بلکہ امام طحاویؒ وغیرہ نے تو ان کے تواتر کا دعویٰ کیا ہے ثالثاً یہ کہ اس روایت میں عبدالرحمن بن ابی

ا۔ان قلت رواه البيهقي من طريق عطاء عن جابرؓ قلنا في ذلك الطريق شخصان حسان بن ابراهيم۔ ابراهيم بن ميمون اما حسان فقال النسائي ليس بالقوي واما ابن ميمون فقد ذكره الذهبي في كتابه الضعفاء وقال ابو حاتم يحتج به ۲ بنایہ ۹/۶۸

عمر راوی منفرد ہے جو علم حدیث میں مشہور بھی نہیں ہے پھر اسکی روایت احادیث متواترہ کے مقابلہ میں کس طرح حجت ہو سکتی ہے رابعاً جواب دیا گیا کہ یہ روایت رفعاً ووقفاً مضطرب ہے کما اشار الیہ الترمذی۔ لہٰذا یہ روایت قابل احتجاج نہیں ہے۔

حاکم والی حدیث جابرؓ کے بارے میں کہا گیا کہ اس میں صید کا تذکرہ ہے اور کسی چیز کے شکار ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ماکول بھی ہو۔ چنانچہ آدمی بسا اوقات شیر ہاتھی چیتے وغیرہ کا شکار کرتا ہے حالانکہ بالاتفاق وہ حرام ہیں۔ چنانچہ امام احمد بن حنبلؒ سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی محرم لومڑی کا شکار کرے تو کیا حکم ہے فرمایا اس پر جزاء ہے اور وہ شکار ہے جبکہ اس کا کھانا بالاتفاق جائز نہیں ہے۔ الحاصل شکار ہونے سے ماکول ہونا لازم نہیں آتا لہٰذا حدیث میں بجو کو صید فرمانے سے اس کے کھانے کا جواز ثابت نہیں ہوتا۔ ہے۔ اب رہا لفظ یوکل سو اس کا اولاً جواب یہ ہے کہ کسی سند صحیح کے ساتھ یہ لفظ ثابت نہیں ہے ثانیاً جواب یہ ہے کہ یہ جملہ وقف اور رفع دونوں کا احتمال رکھتا ہے ممکن ہے کہ آپ ﷺ کا فرمان ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت جابرؓ کا قول ہو کہ انہوں نے آپ ﷺ کے فرمان فی الضبع کبش مسن سے یہ سمجھا ہو کہ وہ کھایا جاتا ہے لہٰذا ویوکل انہوں نے اپنی جانب سے فرمادیا۔ اب حدیث جابرؓ ان احتمالات کے ہوتے ہوئے دیگر احادیث تحریم جو کہ متواترہ ہیں ان کا مقابلہ کیسے کر سکتی ہے۔

رہی ابنؓ مغفل کی روایت اس کا جواب بھی یہی دیا گیا کہ وہ منسوخ ہے اور ابتداء پر محمول ہے اور حضرت سعد بنؓ ابی وقاص کا بجو کو کھانا اپنے اجتہاد سے ہے جو حدیث مرفوع کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ نیز امام شافعیؒ کا صفا اور مروہ کے درمیان بیع وشراء سے استدلال کرنا اس لئے درست نہیں کہ یہ بھی ان لوگوں کا اپنا اجتہاد ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ نفس بیع وشراء سے اکل کا جواز ثابت نہیں ہوتا۔ رہا اہل عرب کا بجو کی تعریف کرنا سو یہ بھی کوئی دلیل جواز نہیں اس لیے کہ اہل عرب نے تو بہت سے ایسے جانوروں کی تعریف و توصیف کی ہے جو قطعی طور پر بالاتفاق حرام ہیں چنانچہ اہل عرب کے اشعار شیر چیتے اور ہاتھی وغیرہ کی تعریف میں مشہور ومعروف ہیں حالانکہ انکا کھانا جائز نہیں ہے۔

قَوْلُهٗ قَالَ يَحْيٰى بْنُ الْقَطَّانِ وَرَوٰى جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ عَمَّارٍ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عُمَرَ قَوْلَهٗ وَحَدِيْثُ ابْنِ جُرَيْجٍ اَصَحُّ۔

اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ یحییٰ بن سعید القطان نے بیان کیا کہ ابن جریج کی طرح جابرؓ کی مذکورہ روایت کو جریر بن حازم نے بھی عبداللہ بن عبید کے طریق سے روایت کیا ہے مگر اس میں حضرت جابرؓ نے بجائے حضور ﷺ کی طرف منسوب کرنے کے حضرت عمرؓ کا قول نقل فرمایا ہے یعنی جریر کی روایت مرفوع نہیں بلکہ موقوف ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ابن جریج کی حدیث جریر کے مقابلے میں اصح ہے کیونکہ ابن جریج کی متابعت اسمٰعیل بن امیہ نے کی ہے جس کی تخریج ابن ماجہ نے فرمائی ہے بخلاف جریر بن حازم کے ان کا کوئی متابع نہیں ہے۔ لہٰذا روایت مرفوعاً ہی اصح ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح:۔ اخرجه النسائي والشافعي وابن ماجه وابن حبان والبيهقي ۔ قال الحافظ في التلخيص صححه البخاري والترمذي وابن حبان وابن خزيمه والبيهقي وقال الترمذي في علله قال البخاري حديث صحيح واعلّه ابن عبد البر بعبد الرحمن بن ابي عمار۔

رجال حدیث:۔ **احمد بن منیع** بن عبدالرحمٰن ابوجعفر بغوی بغداد میں رہے۔ طبقہ عاشرہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ **اسمٰعیل بن ابراهيم** ابن مقسم الاسدی القرشی ابن علیہ سے مشہور ہیں۔ علیہ انکی والدہ کا نام ہے۔ اتباع تابعین کے طبقہ وسطی میں سے ثقہ راوی

ہیں یہ ایوب سختیانی۔ حمید طویل۔ عاصم احول۔ عبدالعزیز بن صہیب سے روایات نقل کرتے ہیں۔ اور انکے شاگرد احمد ابن حنبل۔ اسحاق بن راہویہ۔ علی بن حجر۔ شافعی، ابراہیم بن طہمان وغیرہ ہیں۔ شعبہ اور ابن جریج بھی ان سے روایت نقل کرتے ہیں مگر یہ دونوں ان کے اساتذہ میں بھی ہیں۔ شعبہ کہتے ہیں ابن علیہ ریحانۃ الفقہاء اور سید المحدثین ہیں۔ احمد بن حنبلؒ کہتے ہیں کہ بصرہ میں سب سے بڑھکر معتمد علیہ ابن علیہ رہے ہیں۔ ابن معین کہتے ہیں کہ وہ ثقہ۔ مامون۔ متقی۔ متورع شخص تھے ابن سعد کہتے ہیں کان ثبتا فی الحدیث وقال النسائی۔ ثقۃ، ثبت۔ انکی پیدائش ۱۱۰ھ میں اور وفات ۱۹۳ھ یا ۱۹۴ھ میں ہے ابن جریج عبدالملک ابن عبدالعزیز المکی ثقہ، فقیہ فاضل البتہ مدلس اور مرسل راوی ہیں۔ دار قطنی وغیرہ نے انکی تدلیس سے بچنے کا حکم فرمایا ہے ۱۵۰ھ میں ان کا انتقال ہے۔

عبداللّٰہ بن عبید بن عمیر اللیثی۔ المکی۔ عبید وعمیر مصغر ہیں۔ طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ ۱۱۳ھ میں جہاد کرتے ہوئے شہید ہوئے۔ ابن ابی عمار ان کا نام عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن ابی عمار بفتح العین وتشدید المیم کی طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ عابد راوی ہیں۔ جابرؓ بن عبداللہ مشہور صحابی ہیں ان سے ایک ہزار پانچ سو چالیس روایات مروی ہیں جن میں سے آٹھ سو پچاس پر شیخین کا اتفاق ہے۔ انکے والد بھی صحابی ہیں۔ حضرت جابرؓ آپ ﷺ کے ساتھ انیس غزوات میں شریک رہے آخر میں نابینا ہو گئے تھے چورانوے سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوا ہے رضی اللہ عنہ وعنا۔

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِالْكَرِيْمِ اَبِيْ اُمَيَّةَ عَنْ حِبَّانَ بْنِ جَزْءٍ عَنْ اَخِيْهِ خُزَيْمَةَ ابْنِ جَزْءٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الضَّبُعِ قَالَ اَوَيَاْكُلُ الضَّبُعَ اَحَدٌ وَسَاَلْتُهٗ عَنْ اَكْلِ الذِّئْبِ فَقَالَ وَيَاْكُلُ الذِّئْبَ اَحَدٌ فِيْهِ خَيْرٌ۔

ترجمہ: خزیمہؓ بن جزءؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے بجو کے کھانے کے بارے میں سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کیا بجو بھی کوئی آدمی کھایا کرتا ہے اور میں نے آپ ﷺ سے بھیڑیے کے کھانے کے بارے میں سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا بھیڑیا بھی کوئی شخص کھاتا ہے کہ جس میں خیر ہو۔

قال اویا کل الضبع:۔ او ہمزہ استفہام انکاری کے لئے ہے چنانچہ سنن ابن ماجہ میں بھی ومن یاکل الضبع واقع ہوا ہے یعنی کیا بجو کو بھی کوئی آدمی کھاتا ہے وسالتہ عن اکل الذئب فقال او یاکل الذئب احد فیہ خیر:۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ سے بھیڑیے کے کھانے کے بارے میں پوچھا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کیا بھیڑیے کو بھی کوئی ایسا شخص کھاتا ہے کہ جس میں خیر ہو۔ یعنی ہرگز نہیں۔ روایت سے معلوم ہوا کہ بجو اور بھیڑیے کا کھانا جائز نہیں ہے پس یہ حنفیہ کا مستدل ہے۔

هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ لَانَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِالْكَرِيْمِ اَبِيْ اُمَيَّةَ وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِيْ اِسْمٰعِيْلَ وَعَبْدِالْكَرِيْمِ اَبِيْ اُمَيَّةَ۔

امام ترمذیؒ حبان بن جزء والی روایت کے بارے میں فرمارہے ہیں کہ اس روایت کی سند قوی نہیں ہے کیونکہ یہ روایت بطریق اسمٰعیل بن مسلم عن عبدالکریم ابی امیہ ہی ہمارے علم میں ہے اور ان دونوں کے بارے میں محدثین نے کلام کیا ہے۔

ا قولہ لانعرفہ الامن حدیث اسماعیل بن مسلم عن عبدالکریم ابی امیہ ھذادعوی الترمذی فقط۔ و اخرجہ ابن اسحاق عن عبدالکریم فقال ومن یاکل الضبع فتابعہ ابن اسحاق اسماعیل بن مسلم وکذا اخرجہ بن ابی شیبہ فی المصنف وکذافی تاریخ البخاری و معرفۃ الصحابۃ لابن منده فلاتصح قول الترمذی فی تضعیفہ الحدیث المذکور ۱۲

چنانچہ علامہ ابن حزم نے اسمٰعیل بن مسلم کوضعیف اور عبدالکریم کو ساقط کہا ہے بلکہ انہوں نے تو حبان ابن جزء کو بھی مجہول قرار دیا ہے۔ اسی طرح حافظ نے بھی تقریب میں اسمٰعیل بن مسلم مکی کو ضعیف کہا ہے نیز ایوب سختیانی، یحیٰی بن سعید القطان، ابن مہدی۔ امام احمد بن حنبل۔ امام نسائی اور دار قطنی نے بھی انکی تضعیف کی ہے۔ مگر صحیح یہ ہے کہ روایت قابل استدلال ہے اور امام ترمذیؒ وغیرہ کا اس روایت پر کلام کرنا محل نظر ہے۔ چنانچہ حبان بن جزء کے بارے میں موکولا نے فرمایا۔

کہ وہ صحابی ہیں نیز حافظ ابن حجر نے انکو تقریب میں صدوق من الثالثہ اور تہذیب التہذیب میں اخرج لہ الترمذی وابن ماجہ حدیثا واحدا فرمایا ہے۔ لہٰذا حبان بن جزء مجہول نہیں ہیں اور اسمٰعیل بن مسلم کو ابن معین نے ثقہ اور عمر بن علی نے صدوق قرار دیا ہے اور حافظ ابن عدی کہتے ہیں یکتب احادیثہ۔ اب رہے عبدالکریم بن ابی المخارق یہ امام ابوحنیفہؒ کے استاذ ہیں اور امام مالکؒ نے بھی مؤطاء میں ان سے کئی[1] روایات لی ہیں۔ اور مؤطاء کے رجال صحیحین کے رجال کے برابر ہیں کما صرح به المحدثون۔ اسی طرح امام بخاری نے صحیح بخاری باب التہجد باللیل میں ان سے ایک زیادتی نقل کی ہے لفظہ، قال سفیان زاد عبدالکریم ابوامیہ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ اور ظاہر ہے کہ یہ زیادتی موصول ومسند کے حکم میں ہے۔ جیسا کہ ابن حجرؒ نے تصریح کی ہے اسی طرح ان کے بارے میں امام الہند شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے بھی مصفّٰی میں ثقہ ثبت فرمایا ہے۔ نیز امام ترمذیؒ نے ان کے بارے میں اختلاف کی طرف اشارہ کیا۔ فرمایا قال تکلم فیہ بعض اهل العلم لہٰذا دوسرے بعض نے ان کی توثیق بھی کی ہے اور عینیؒ نے بنایہ میں تصریح کی ہے کہ بعض کا توثیق کرنا احتجاج کے لئے کافی ہے ورنہ نفس جرح سے تو کوئی بھی راوی خالی نہیں حتیٰ کہ امام بخاریؒ و مسلمؒ کے بارے میں بھی لوگوں نے طعن کیا ہے۔

وهو عبدالکریم بن قیس ابن ابی المخارق وعبدالکریم بن مالك الجزری ثقة۔

امام ترمذیؒ حسب عادت راوی کا تعارف کرا رہے ہیں اور ساتھ ہی دوسرے عبدالکریم بن مالک الجزری کے بارے میں بتا رہے ہیں کہ وہ ثقہ ہیں۔ یعنی عبدالکریم دو ہیں ایک ابن ابی المخارق اور دوسرے ابن مالک الجزری یہ دونوں الگ الگ ہیں۔ ابن مالک الجزری بالاتفاق ثقہ ہیں اور انکی کنیت ابوسعید ہے طبقہ سادسہ میں سے ہیں۔

رجال حدیث: ۔ هناد بن السری بن مصعب الحافظ الکوفی، یہ ابوالاحوص، شریک ابن عبداللہ، اسمٰعیل بن عیاش وغیرہ سے روایت کرتے ہیں اور امام بخاریؒ کے علاوہ سبھی نے ان سے روایات نقل کی ہیں۔ امام احمد بن حنبلؒ وغیرہ کہتے ہیں علیکم بهناد یعنی کوفہ میں ہناد سے روایات لی جائیں سبھی حضرات نے ان کی توثیق کی ہے۔ پوری عمر اس طرح زہد کی زندگی گذاری کہ راہب کوفہ کہلائے ۲۴۳ھ میں انتقال فرمایا جبکہ ان کی عمر اکیانوے سال تھی۔

ابو معاویہ ان کا نام محمد بن خازم الکوفی الضریر ہے بچپن ہی میں نابینا ہو گئے تھے۔ حدیث اعمش کے لیے یہ احفظ الناس شمار کیے گئے ہیں۔ بعض لوگوں نے ان کو مرجیہ میں سے شمار کیا ہے ۱۹۵ھ میں ان کا انتقال ہوا جبکہ ان کی عمر پچاسی سال تھی۔

[1] کحدیث الالم تسمعی فاصل مکشت وحدیث وضع الیدین احدهما علی الاخری فی الصلوٰۃ وحدیث تاخیر الوتر ۲

اسمعیل بن مسلم المکی البصری ان کی کنیت ابواسحاق ہے اور طبقہ خامسہ سے ہیں۔ عبدالکریم ابی امیہ ان کے بارے میں پیچھے کلام گذر چکا ہے۔ حبان بن جزء حبان بکسر الحاء و تشدید الباء اور جزءؔ بفتح الجیم بعد ہا زاء ہمزۃ طبقہ ثالثہ سے صدوق راوی ہے۔ خزیمة بن جزء خزیمہ بضم الخاء وفتح الزاء المعجمہ صحابی ہیں۔ حافظ فرماتے ہیں کہ یہ نبی کریم سے روایت کرتے ہیں اوران سے ان کے بھائی خالد اور حبان نے روایت کی ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اَکْلِ لُحُوْمِ الْخَیْلِ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو گھوڑے کے گوشت کھانے کے بارے میں آگئی ہیں۔

الخیل:۔ گھوڑوں کی جماعت کو کہا جاتا ہے اس کا من لفظہ کوئی واحد نہیں ہے جیسے قوم رہط اور نفر کا کوئی مفرد نہیں مطلقاً لوگوں کی جماعت پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ مگر ابوعبیدہ کہتے ہیں کہ یہ مؤنث ہے اور اس کا مفرد خائل ہے اس کی جمع خیول آتی ہے۔ علامہ جستانی کہتے ہیں کہ اس کی تصغیر خُیَیل آتی ہے خیل کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ وہ اپنے چلنے میں مٹک کر اور جھوم کر چلتا ہے اسوجہ سے اس کو خیل کہتے ہیں اسکی کنیت ابوشجاع' ابوطالب' ابومدرک' ابومثنٰی ابوالمضمار اور ابوالمنجی ہے۔

گھوڑے کی فضیلت:۔ گھوڑے کی فضیلت کے لئے یہی کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اسکی قسم کھائی ہے۔ چنانچہ فرمایا والعادیات ضبحًا فالموریات قدحًا نیز صحیح بخاری میں جریر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ میں نے حضور پاک ﷺ کو دیکھا کہ آپ اپنی دونوں انگلیوں سے گھوڑے کی پیشانی کو جھکاتے ہوئے فرمارہے ہیں۔ الخیل معقود فی نواصیها الخیر الی یوم القیامة الاجر والغنیمة یعنی گھوڑے میں قیامت تک خیر عی خیر ہے کہ اجر بھی ہے اور مال غنیمت کے حصول کا ذریعہ بھی ہے۔ اسی طرح بعض روایات میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب گھوڑے کو پیدا فرمایا تو دیگر مخلوقات کے ساتھ گھوڑے کو بھی آدم علیہ السلام کے سامنے پیش کیا اور حکم ہوا کہ میری مخلوق میں سے جس چیز کو تو پسند کرے کرلے تو حضرت آدم علیہ السلام نے گھوڑے کو پسند کیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اخترت عزك و عزولدك یعنی تو نے اپنے اور اپنی اولاد کے لیے عزت کی چیز کو پسند کیا ہے۔

سب سے پہلے گھوڑے پر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے سواری کی ورنہ اس سے پہلے یہ وحشی تھا۔ چنانچہ آپ ﷺ نے فرمایا ارکبوا الخیل فانها میراث ابیکم اسمٰعیل علیه السلام (رواہ الحکیم الترمذی عن ابن عباسؓ) یعنی گھوڑے کی سواری کرو یہ تمہارے باپ اسمٰعیل کی میراث ہے اس کے علاوہ گھوڑے کی فضیلت کے سلسلہ میں اور بھی روایات وارد ہوئی ہیں۔

گھوڑے کے خواص:۔ یہ جانور بعض خصائل' کرم' شرافت نفس' علو ہمت میں انسان کے مشابہ ہے۔ اس کا گوشت قاطع ریاح

ا عرقه يطلي به عانة الصبي ولحطه فلاينبت فيها شعر وهو سم قاتل فيهاء والثعابين جميعًا واذا اخذت شعرة من ذنب فرس وجعلت على باب بيت مسدودة لم يدخل فالك البيت بق مادامت الشعرة كذالك زبل الفرس اذا جفف و سحق و ذر على الجراحات قطع دمهاوان كحل به البياض العارض في العين ازاله وان دخن به اخرجه الولدمن البطن كانَ للنبي صلى الله عليه وسلم افراس السكب اشتراه من اعرابي من بني فزارة بعشرة اوق بالمدينة دكان ابهم و كان اسمه عندالاعرابي الضرس فسماه النبي صلى الله عليه وسلم السكب و هومن سكب بالماء كانه سهل والسكب ايضا شقائق النعمان و هو اول فرس غزا عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم والسبحته وهوالذى سابق عليه صلى الله عليه وسلم فسبق ففرح بذالك.

والمر حز سمي بذالك لحسن صهيله واللزاز قال السهيلي و معناه انه لا يسابق شيئا الالزه اى التصق والظرب واللحيف قال السهيلي كانه يلحف .. ص بجريه ويقال فيه الخيف بالخاء المعجمه ذكره البخارى في جامعه من حديث ابن عباسٌ والورد اهداه له تميم الداري فاعطاه عمر بن الخطاب فحمل عليه في سبيل الله تعالٰى۔ وهو الذى وجده يباع برخص هذا السبعت متفق عليها وقيل كان له صلى الله عليه وسلم غيرها وهي

ہے۔ اگر عورت برذون گھوڑے کا خون پی لے تو کبھی حاملہ نہ ہوگی۔ اسی طرح اگر کوئی عورت گھوڑی کا دودھ پی لے اور وہ نہ جانتی ہو کہ گھوڑی کا دودھ پی رہی ہے اور پھر اس کا شوہر اس سے مجامعت کرے تو وہ حاملہ نہ ہوگی۔ اگر عربی گھوڑے کے دانت بچے کے گلے میں ڈال دیئے جائیں تو اس کے دانت بسہولت نکل آئیں گے۔ نیز اس کے دانت ایسے شخص کے تکیہ کے نیچے رکھے جائیں جو نیند میں بڑبڑاتا ہو تو اس کی بڑبڑاہٹ ختم ہو جائیگی۔

تعبیر۔ گھوڑے کو خواب میں دیکھنا عزت وشرافت کے حصول کی علامت ہے جس نے خواب میں دیکھا کہ اس کو گھوڑے حاصل ہوئے ہیں تو اسکو قوت۔ عزت اور مال ودولت اور دشمن کے مقابلہ میں فتح حاصل ہوگی۔ لقولہ تعالیٰ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ولقوله تعالى۔ وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللّٰهِ ۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَنَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَا ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ أَطْعَمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُوْمَ الْخَيْلِ وَنَهَانَا عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ۔

ترجمہ:۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کا گوشت کھلایا اور گدھوں کے گوشت کھانے سے منع فرمایا۔

گھوڑے کا شرعی حکم:۔ گھوڑے کے گوشت کھانے کے بارے میں حضرات ائمہ کے درمیان اختلاف ہے۔ علامہ نوویؒ نے امام شافعیؒ اور جمہور سلف وخلف کا یہ مذہب نقل کیا ہے کہ بلاکراہت اس کا گوشت حلال ومباح ہے اسی کے قائل عبداللہ بن زبیرؓ، فضالہ ابن عبیدؓ، انس بن مالکؓ، اسماء بنت ابی بکرؓ، سوید بن غفلہؓ، اسودؒ، علقمہؒ، عطاؒ، شریحؒ، سعید بن جبیرؒ، حسن بصریؒ، نخعیؒ، حماد ابن سلیمانؒ، امام احمد بن حنبلؒ، اسحاق بن راہویہؒ، امام ابو یوسفؒ، امام محمدؒ، داؤد ظاہریؒ اور جماہیر محدثینؒ ہیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا گوشت کھانا مکروہ ہے۔ اسکے قائل ابن عباسؓ، حکمؒ، امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ ہیں نیز ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ اس کا کھانا حرام تو نہیں البتہ گناہ ہوگا۔ پھر ان حضرات کے درمیان یہ اختلاف ہے کہ کراہت تحریمی ہے یا تنزیہی علامہ عینیؒ نے عمدۃ القاری میں حنفیہ کے دونوں ہی قول نقل کئے ہیں۔ فخر الاسلامؒ اور ابو معینؒ نے کراہت تنزیہی کو صحیح قرار دیا ہے مالکیہ کے یہاں بھی یہی راجح ہے۔[1]

قائلین اباحت کے دلائل:۔ اول حدیث باب جو کہ مدعی پر صراحۃً دال ہے کہ آپ ﷺ نے حضرات صحابہ کرامؓ کو گھوڑے کا گوشت کھلایا دوم اسماء بنت ابی بکرؓ کی روایت جس کی تخریج بخاری ومسلم نے کی ہے۔ انها قالت نحرنا فرسًا على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فأكلنا ه نحن وأهل بيته سوم بعض روایات میں وارد ہے سافرنا مع النبي صلى الله عليه وسلم فكلنا نأكل لحوم الخيل ونشرب ألبانها چہارم مارواه الدار قطني رحمه الله بسند قوي۔ نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن لحوم حمر الأهلية وأمر بلحوم الخيل رواه الحافظ في الفتح (تحفه) پنجم عن الحسنؒ انه قال كان

(بقیہ ۳۴) الأبلق وذو العقال والمرتجل وذو اللمة والسرحان واليعسوب والبحر وكان كميتا والا دهم، الملاح والطرف بكسر الطاء المهملة والسحا والمراوح والمتدلم والمندوب والضرير ذكره السهيلي في افراسه صلى الله عليه وسلم فهذه خمسة عشر فرسا مختلف فيها وقد بسط الكلام عليها الحافظ الدمياطي وغيره ۱۲ حياة الحيوان ۲۵۸ ج ۲

[1] قال العيني في البناية القول بكراهة التحريم أصح واختار صاحب الهداية وهكذا قال عبدالرحيم الكرمني لفظه قال كنت مترجا في هذه المسئلة فرأيت اباحنيفة في المنام يقول كراهة تحريم يا عبدالرحيم ۱۲ بنایہ ۶/۱۰۹

اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم يأكلون لحوم الخيل في مغازيهم۔
ان جملہ روایات سے صراحۃً حضرات صحابہ کرام کا گھوڑے کے گوشت کو کھانا اور آپ ﷺ کا اس کے کھانے کا حکم دینا ثابت ہوتا ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ گھوڑے کا گوشت حلال ومباح ہے۔

قائلین کراہت کے دلائل:۔ اول حدیث خالدؓ بن ولید انه قال نهى رسول الله ﷺ عن اكل لحوم الخيل والبغال والحمير۔ اخرجہ النسائی وابن ماجہ وابوداؤد والطحاوی۔ امام ابوداؤدؒ نے اس روایت کی تخریج کر کے سکوت فرمایا اور مشہور ہے کہ ابو داؤدؒ کا سکوت روایت کے لئے تحسین کے درجہ میں ہوتا ہے دوم عن جابر لما كان يوم خيبر اصاب الناس مجاعة فاخذوا الحمر الاهلية فذبحوها فحرم رسول الله ﷺ لحوم حمر الانسية ولحوم الخيل (الحدیث) سوم مقدامؓ بن معدیکرب سے مروی ہے ان النبي ﷺ حرم عليكم الحمار الاهلي وخيلها۔ اخرجہ ابن ماجہ وابوداؤد والحدیث طویل۔ چہارم ابن عباسؓ کے بارے میں نقل کیا گیا کہ انہوں نے کراہت اکل پر آیت شریفہ والخيل والبغال والحمير لتركبوها وزينة سے استدلال فرمایا ہے چنانچہ ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے خیل وبغال اور حمیر کے منافع میں لتركبوها وزينة فرمایا ہے۔ نہ کہ لتاكلوها۔ اگر لحوم خیل مباح ہوتا تو اللہ تعالیٰ اس مقام امتنان میں منفعت اکل کا تذکرہ ضرور فرماتے کیونکہ اکل ایسی منفعت ہے جو رکوب وزینت سے بھی بڑھ کر ہے۔ معلوم ہوا کہ ان جانوروں کا گوشت ماکول نہیں ہے۔ پنجم خچر بالاتفاق حرام ہے حالانکہ وہ گھوڑی سے پیدا ہوتا ہے اگر گھوڑی حلال ہوتی جو اس کی ماں ہے تو وہ بھی حلال ہوتا کیونکہ جانوروں میں اولاد ماں کے تابع ہوتی ہے معلوم ہوا کہ گھوڑی حرام ہے۔

ششم۔ گھوڑا آلہ جہاد ہے اگر اس کا گوشت کھایا جائے گا تو آلہ جہاد کی تقلیل لازم آئیگی۔ ہفتم اس کا گوشت نقصان دہ ہے کہ اس سے قساوت قلبی پیدا ہوتی ہے۔

قائلین اباحت کے دلائل کے جوابات:۔ اول جن روایات سے قائلین اباحت نے استدلال کیا ہے وہ روایات ضرورت پر محمول ہیں جبکہ مغازی وغیرہ میں کھانے کی تنگی ہوتی تھی اس کے بعد پھر اس کا کھانا منسوخ کر دیا گیا جیسا کہ حدیث جابرؓ میں اذن لنا اور رخص لنا کا لفظ اس پر دال ہے۔ چنانچہ امام زہریؒ کہتے ہیں کہ ما علمنا الخيل اكلت الا في حصار۔ دوم حضرت خالدؓ چونکہ غزوہ خیبر کے بعد اسلام لائے اس لیے انکی روایت حضرت جابرؓ کی روایت سے مؤخر ہوگی۔ کیونکہ ظاہر یہی ہے کہ صحابہؓ نے آپ ﷺ سے براہ راست سنا ہوگا۔ اس لئے خالدؓ کی روایت جابرؓ کی روایت کے لئے ناسخ ہوگی۔ سوم۔ روایات دونوں طرح کی ہیں محرمہ اور مبیحہ اور قاعدہ ہے کہ تعارض کے وقت حرمت کو ترجیح ہوتی ہے لہٰذا حرمت ہی راجح ہوگی۔

وفى الباب عن اسماءؓ بنت ابى بكر اخرجہ البخاری

هذا حديث صحيح۔ اخرجہ الشیخان وابوداؤد والنسائی

وهكذا روى غير واحد الخ اس کا حاصل یہ ہے کہ حضرت جابرؓ کی اس روایت کو جس طرح ابن عیینہؒ نے عمرو بن دینار کے واسطہ سے نقل کیا ہے اسی طرح عمرو بن دینار کے بہت سے شاگردوں نے اس کو روایت کیا ہے مگر ان کے شاگرد حماد بن زید نے عمرو بن دینار اور جابر کے درمیان محمد بن علی کا واسطہ ذکر کیا ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حماد کے مقابلہ میں ابن عیینہ کی روایت

اصح ہے اور یہ دلیل پیش کی کہ انہوں نے امام بخاریؒ سے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ابن عیینہ حماد سے احفظ ہیں لہٰذا ابن عیینہ کی روایت کو ترجیح ہوگی۔ [1]

رجال حدیث:۔ نصر بن علی بن نصر بن علی۔ طبقہ عاشرہ میں سے ثقہ ثبت راوی ہیں۔ معتمر بن سلیمان۔ یزید بن زریع اور ابن عیینہ سے روایت کرتے ہیں۔ ائمہ بصرہ میں سے ایک ہیں۔ اور ائمہ ستہ ان کے شاگرد ہیں ۲۵۰ھ میں ان کا انتقال ہے۔ سفیان یہ ابن عیینہ ہیں اور مشہور محدث فقیہ حافظ امام حجۃ شمار کئے گئے ہیں۔ کوفہ کے رہنے والے تھے پھر مکہ میں مقیم ہو گئے تھے ۱۹۸ھ میں ان کا انتقال ہوا ہے۔ عمرو بن دینار المکی ابو محمد الاثرم الجمحی ائمہ ستہ کے رواۃ میں سے ہیں۔ ابن عیینہ نے ان کو ثقہ کہا ہے نیز اکثر محدثین نے ثقہ وثبت قرار دیا ہے تلفظ میں بے مثال تھا اپنے زمانہ میں اہل مکہ کے مفتی تھے نوے سال سے بھی زائد عمر ہوئی اور ۱۲۶ھ میں انتقال ہوا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو پالتو گدھوں کے گوشت کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔

الحمر الاهلية: حمر حمار کی جمع ہے اور اس کی جمع حمیر اور احمرۃ بھی آتی ہے مؤنث کیلئے حمارۃ مستعمل ہے مذکر کی کنیت ابو صابر، ابو زیاد اور مؤنث کی ام محمود، ام تولب۔ ام جحش، ام نافع، ام وھب ہے۔ اھلیۃ بمعنی انسیۃ وکما ورد فی الروایۃ اخرجہ البخاری ضد الوحشیۃ جس کے معنی پالتو کے ہیں۔

گدھے کے خواص:۔ گدھے اور گھوڑے کے علاوہ کوئی ایسا جانور نہیں ہے جو اپنی غیر جنس سے جفتی کرے اور مؤنث کے حمل رہ جائے۔ جب گدھا تیس مہینہ کا ہو جاتا ہے تو جفتی کرنے لگتا ہے۔ اس کی ایک قسم ایسی ہے جو بوجھ کو جانوروں میں سب سے زائد اٹھاتی ہے اور ایک قسم ایسی ہے جو دوڑنے میں گھوڑے سے بھی آگے بڑھ جاتی ہے۔ گدھا راستوں کی معلومات خوب رکھتا ہے حتیٰ کہ اگر ایک مرتبہ کسی راستہ سے گزر جائے تو اسکو وہ محفوظ ہو جاتا ہے لوگوں نے گدھے کی تعریف اور برائی دونوں ہی بیان کی ہیں جیسا کہ اہل عرب کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے لیکن یہ بھی یاد رہے کہ وہ بلادت و بلاہت میں مشہور ہے کہ عرفاً گدھا کہہ کر بیوقوفی سے کنایہ کیا جاتا ہے۔ اگر اسکے کان کا میل کسی پینے والی چیز میں ملا کر پیا جائے تو نیند آئے گی۔ اگر کوئی شخص اسکی دم کا بال اس کے جفتی کرتے وقت اکھاڑ کر اپنی ران میں باندھ لے تو اس کی شہوت میں بھڑکاؤ ہو جائے اگر اس کا گوشت پکا کر اس میں پانی بھر دیا جائے پھر اس میں نقرس والے مریض کو بٹھایا جائے تو وہ شفا پائے۔ اگر اسکے کھر کی انگوٹھی بنا کر کسی بیہوش کو پہنا دی جائے تو اسکو ہوش آ جائے اور اگر وہ مرگی کا مریض ہے تو اس سے نجات پا جائے۔ اس کی پیشانی کی کھال بچوں کے گلے میں ڈالی جائے تو بچے سوتے ہوئے نہیں گھبرائیں گے۔ اس کی لید پر اگر سرکہ چھڑک کر اس کو سونگھا جائے تو نکسیر بند ہو جائے۔

[1] لكن اقتصر البخاري و مسلم على تخريج طريق حماد بن زيد وقد وافقه ابن جريج عن عمرو على ادخال الواسطة بين عمرو وجابر لكنه لم يسمه اخرجه ابوداؤد من طريق ابن جريج وله طريق اخر عن جابر اخرجها مسلم من طريق ابن جريج و ابوداؤد من طريق حماد و النسائي من طريق حسين بن و اقد كلهم عن ابي الزبير عنه واخرجه النسائي صحيحا عن عطاء عن جابر ايضا واغرب البيهقي فجزم بان عمرو بن دينار لم يسمعه من جابر و استغرب بعض الفقهاء دعوى الترمذي ان رواية ابن عيينة اصح مع اشارة البيهقي الى انها منقطعة وهو قول فان كلام الترمذي محمول على انه صح عنده اتصاله ولا يلزم من دعوى البيهقي انقطاعه كون الترمذي يقول بذالك والحق انه ان وجدت رواية فيها تصريح عمرو بالسماع من جابر فتكون رواية حماد من المزيد في متصل الاسانيد والا فرواية حماد بن زيد هي المتصلة وعلى تقدير وجود التعارض من كل جهة فللحديث طرق اخرى عن جابر غير هذا فهو صحيح على كل حال قاله الحافظ في الفتح ۲ فتح الباري ۶۳۹ ج ۹

التعبیر۔ اگر کوئی شخص اس کو خواب میں دیکھے تو اس کو غلام یا اولاد یا کوئی اور خیر حاصل ہوگی یا علمی سفر ہوگا۔لقولہ تعالیٰ کمثل الحمار یحمل اسفارا۔ اور بعض مرتبہ اس کو خواب میں دیکھنا اچھی معیشت پر دال ہے لقولہ تعالیٰ وانظر الی حمارك ولنجعلك آیة للناس (الآیة) نیز اس کو خواب میں دیکھنا مصائب وشدائد سے خلاصی کی طرف اشارہ ہے اور بلند مراتب کے حصول پر دال ہے۔اسی طرح اگر کسی شخص نے دیکھا کہ وہ گدھے کو ذبح کر رہا ہے تا کہ اس کا گوشت کھائے تو یہ رزق میں وسعت پر دال ہے اور اگر اس کو ذبح کرتے دیکھے مگر کھانے کے لیے نہیں تو یہ اسکے معاش کے فاسد ہونیکی طرف اشارہ ہے۔اگر اس نے یہ دیکھا کہ گدھے کو پچھاڑ دیا تو اس کے بعض اقارب کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيْهِمَا عَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ زَمَنَ خَيْبَرَ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

ترجمہ: حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے خیبر کے زمانہ میں عورتوں کے ساتھ وقتی نکاح کرنے سے اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا۔

متعہ ایسا عقد ہے جس میں لفظ متعہ یا اس کے مادہ کے الفاظ استعمال کیے گئے ہوں اور لفظ نکاح نہ استعمال کیا گیا ہو اگر اس میں لفظ نکاح وشاہدین ہوں اور مدت متعین ہو تو اس کو نکاح موقت کہہ دیتے ہیں۔

یہ دونوں نکاح جملہ ائمہ حضرات کے نزدیک باطل ہیں البتہ امام زفرؒ کے نزدیک نکاح موقت صحیح اور شرط باطل ہے۔اسی طرح ابن عباسؓ کے بارے میں بھی منقول ہے کہ وہ متعہ کی اجازت دیتے تھے۔مگر بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ نے جب ان کے سامنے حرمت کی روایت پیش کی تو انہوں نے حرمت کا قول اختیار کر لیا تھا۔نیز روافض بھی اسکے جواز کے قائل ہیں لیکن ان کا کوئی اعتبار نہیں۔بہر حال علمائے امت کا اتفاق ہے کہ متعہ حرام ہے اور منسوخ ہو گیا ہے۔

نسخ متعہ کی تحقیق اور دفع تعارض:۔ دراصل متعہ کے نسخ کے بارے میں مختلف روایات وارد ہوئی ہیں۔بعض سے متعہ کی حرمت زمانہ خیبر میں اور بعض سے فتح مکہ کے موقع پر اور بعض سے غزوۂ اوطاس میں معلوم ہوتی ہے نیز بعض میں یہ بھی تصریح ہے کہ صحابہؓ نے فتح مکہ کے موقع پر متعہ کیا ان روایات کے درمیان تطبیق اس طرح ہو سکتی ہے کہ حرمت متعہ تو مثل خمر وخنزیر کے یوم خیبر میں ہوئی مگر اس کے بعد آپ ﷺ نے اضطرار کی بناء پر اجازت دیدی تھی اور حرمت باقی رہی یہاں تک کہ دوبارہ فتح مکہ کے موقع پر ضرورۃً اجازت دیدی گئی تھی اور اس کے بعد ہمیشہ کے لیے اس کو حرام فرما دیا گیا اور غزوۂ اوطاس والی روایت مجاز پر محمول ہے کیونکہ فتح مکہ اور اوطاس کا سفر ایک ہی تھا۔چونکہ یہ حرمت سب لوگوں کو معلوم نہ ہو سکی تھی اس لیے آپ ﷺ نے پھر اس کی حرمت کا اعلان فرمایا جس کو راوی نے یہ سمجھا کہ ابھی حرمت ہوئی ہے اس کے بعد دوبارہ حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ نے متعہ کی حرمت کا ہمیشہ کے لیے اعلان فرما دیا تھا اس مذکورہ تقریر سے جملہ روایات مختلفہ منطبق ہو جاتی ہیں۔

اور کوئی اشکال باقی نہیں رہتا۔[۱]

گدھے کا شرعی حکم:۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ اکثر اہل علم نے گدھے کا گوشت کھانے کو حرام قرار دیا ہے۔ حافظ ابن عبدالبرؒ نے اس کی حرمت پر اجماع نقل کیا ہے۔ مگر ابن عباسؓ جواز کے قائل ہیں اسی طرح بشر مریسی عکرمہ اور ابو وائل سے لاباس بہ منقول ہے اور حضرات مالکیہ سے جواز اور عدم جواز اور کراہت تینوں قول منقول ہیں۔

قائلین جواز کے دلائل:۔ اول آیت شریفہ قل لا اجد فیما اوحی الی محرما الآیۃ ابن مردویہؒ نے بطریق محمد بن شریک نقل فرمایا اور حاکم نے بھی اس کی تصحیح کی ہے کہ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اہل جاہلیت بہت سے جانوروں کو کھاتے اور بعض کو از خود چھوڑ دیتے تھے اللہ تعالیٰ نے نبی کریم پر اپنی کتاب نازل فرما کر حلال وحرام متعین فرما دیے ہیں لہٰذا جن کو اللہ تعالیٰ نے حلال فرما دیا وہ حلال اور جنکو حرام فرمایا وہ حرام ہیں اور جن کے بارے میں کچھ نہیں فرمایا وہ معاف ہیں یعنی ان کے کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں اس لیے حضرت ابن عباسؓ نے گدھے کا گوشت کھانے کے جواز پر بطور استدلال مذکورہ آیت شریفہ تلاوت فرمائی کہ جملہ محرمات کا آیت شریفہ میں ذکر ہے اور گدھے کا کوئی ذکر نہیں ہے لہٰذا اس کے کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہوگا۔ دوم غالبؓ بن ابجر کی روایت جس کی تخریج امام ابوداؤدؒ نے کی ہے قال اصابتنا سنۃ فلم یکن فی مالی ما اطعم اھلی الا سمانُ حمر فاتیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت انک حرمت لحوم الحمر الاھلیۃ وقد اصابتنا سنۃ قال اطعم اھلک من سمین حمرک۔ سوم ام نصر محاربیہؓ کی روایت جس کی تخریج طبرانی نے کی ہے۔ ان رجلاً سأل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الحمر الاھلیۃ فقال الیس ترعی الکلاء وتاکل الشجرۃ قال نعم قال فاصب من لحومھا (اخرجہ ابن ابی شیبۃ ایضا) ان دونوں روایتوں سے صراحۃً جواز ثابت ہوتا ہے۔ چہارم اخرجہ الطحاوی عن الشیبانی قال ذکرت لسعید بن جبیر حدیث ابن ابی اوفیٰؓ فی امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایاھم باکفاء القدور یوم خیبر فقال انما نھی عنھا لانھا کانت تاکل العذرۃ۔ پنجم عن عبدالرحمٰن بن ابی لیلی قال قال ابن عباسؓ مانھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم خیبر عن اکل لحوم الحمر الاھلیۃ الا من اجل انھا ظھر۔ ششم عن البراءؓ انھم اصابوا من الفئ حمرا فذبحوھا فقیل انھا کانت نھبت ولم تکن قسمت۔ (اخرجہ الطحاوی) ان تینوں روایات سے اصلاً جواز ہی معلوم ہوتا ہے چونکہ ممانعت تو مختلف عوارض کی بناء پر ہے کہ پہلی روایت میں اس کا پاخانہ کھانا۔ دوسری روایت میں اس کا سواری ہونا اور تیسری حدیث میں مال غنیمت تقسیم ہونے سے قبل ہی صحابہ کرام کا اس کو ذبح کر کے پکانا علت نہی بیان کی گئی ہے لہٰذا اگر یہ وجوہات نہ پائی جائیں تو پھر گدھے کا گوشت کھانا حلال ہوگا۔

---

[۱] کما روی الترمذی عن ابی سعید الخدری قال اصبنا سبایا یوم اوطاس لھن ازواج فی المشرکین فانزل اللہ والمحصنات من النساء الا ما ملکت ایمانکم۔ وکذافی المسند لاحمد والصحیح لمسلم عن سبرۃ الجھنی انہ غزا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکۃ قال فاقمنا بھا خمسۃ عشر فاذن لنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی متعۃ النساء وذکر الحدیث الی ان قال فلم اخرج حتی حرمھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی روایۃ انہ کان مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا ایھا الناس انی کنت اذنت لکم فی الاستمتاع عن النساء وان اللہ قد حرم الی یوم القیامۃ فمن کان عندہ منھن شئ فلیخل سبیلہ ولا تاخذوا مما آتیتموھن شیئا ۱۲ تحفہ

قائلین حرمت کے دلائل:۔ اول آیت شریفہ والخیل والبغال والحمیر لترکبوھا وزینۃ۔ اس آیت سے کئی طرح استدلال کیا گیا ہے۔ [۱] ان جانوروں کی علت خلق رکوب وزینۃ بیان فرمائی گئی ہے کیونکہ لام تعلیلیہ ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو گوشت کھانے کے لیے نہیں بلکہ سواری کے لیے پیدا فرمایا گیا ہے۔ [۲] حمیر کا عطف بغال پر ہے لہٰذا جس طرح بغال (خچر) کا کھانا حرام ہے اسی طرح حمیر (گدھے) کا کھانا بھی حرام ہوگا ورنہ اس کے جواز کے لئے الگ سے دلیل ہونی چاہیے۔ ۳۔ آیت شریفہ مقام امتنان (احسان) میں ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اکل سے بڑھ کر کوئی احسان نہیں ہوسکتا ہے کیونکہ اس سے آکل کی بقاء متعلق ہے اور حکیم کی یہ شان نہیں کہ ایسے موقع پر اعلیٰ کو چھوڑ کر ادنیٰ کے ذریعہ احسان جتلائے۔ اگر گدھے وغیرہ کے کھانے کو جائز قرار دیا جائے تو قرآن پاک کی بیان کردہ منفعت رکوب وزینت فوت ہوجائیگی۔ کما اخرجہ الطبرانی وابن ماجہ من طریق شقیق ابن سلمہ عن ابن عباسؓ قال انما حرم رسول اللہ ﷺ الحمر الاھلیۃ مخافۃ قلۃ الظھر۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے گدھے وغیرہ کو کھانے کے لئے پیدا نہیں فرمایا ہے دوم حدیث باب جس میں گدھے کا گوشت کھانے کی صراحۃً ممانعت ثابت ہوتی ہے۔ سوم عن ابن عمرؓ نھی النبی ﷺ عن لحوم الحمر الاھلیۃ یوم خیبر (اخرجہ البخاری) چہارم عن عبداللہؓ قال نھی النبی ﷺ عن الحوم الحمر الاھلیۃ (اخرجہ البخاری) پنجم عن جابرؓ بن عبداللہ قال نھی النبی ﷺ یوم خیبر عن لحوم الحمر۔ وفی روایۃ نھانا عن لحوم الحمر (اخرجہ البخاری) ششم عن البراء و ابنؓ ابی اوفی قالا نھی النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن لحوم الحمر (اخرجہ البخاری) ہفتم حدیث ابی ثعلبہؓ انہ قال اتیت النبی ﷺ فقلت یارسول اللہ حدثنی مایحل لی ممایحرم علی فقال لاتاکل الحمار الاھلی۔ وفی روایۃ حرم رسول اللہ ﷺ لحوم الحمر الاھلیۃ (اخرجہ البخاری) ہشتم عن انس بن مالکؓ ان رسول اللہ ﷺ جاءہٗ جاءٍ فقال اکلت الحمر۔ ثم جاءہ جاءٍ فقال اکلت الحمر۔ ثم جاءہ جاءٍ فقال افنیت الحمیر فامر منادیا فنادی فی الناس ان اللہ ورسولہ ینھیانکم عن لحوم الحمر الاھلیۃ فانھا رجس فاکفئت القدور وانھا لتفور باللحم (اخرجہ البخاری) نہم عن ابی ہریرۃؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حرم یوم خیبر کل ذی ناب من السباع والمجثمۃ والحمار الانسی (اخرجہ الترمذی) دہم حدیث خالدؓ بن الولید انہ قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اکل لحوم الخیل والبغال والحمیر (اخرجہ النسائی وابن ماجہ وابوداؤد والطحاوی) یازدہم مقدام بنؓ معدیکرب سے مروی ہے۔

ان النبی ﷺ حرم علیکم الحمار الاھلی وخیلھا (اخرجہ ابن ماجہ ابوداؤد والحدیث طویل) دوازدہم عن جابرؓ لما کان یوم خیبر اصاب الناس مجاعۃ فاخذ والحمر الاھلیۃ فذ بحوھا فحرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لحوم الحمر الانسیۃ ولحوم الخیل۔ الحدیث یہ جملہ روایات گدھے کے گوشت کی حرمت پر صراحۃً دلالت کرتی ہیں لہٰذا جمہور کا مذہب علی روایۃٍ راجح اور صحیح ہے۔

قائلین جواز کے دلائل کے جوابات:۔ اس آیت سے اولاً استدلال اس لئے درست نہیں کہ یہ آیت مکیہ ہے اور حرمت کی روایات مدنیہ بلکہ بہت بعد والی ہیں لہٰذا آیت شریفہ اخبار آحاد کے ذریعہ مخصوص ہوگی۔ ثانیاً جن جانوروں کا ذکر مذکورہ آیت میں ہے انکے علاوہ بہت سے جانور حرام ہیں تو معلوم ہوا کہ آیت شریفہ میں جملہ حرام جانوروں کا حصر نہیں ہے۔ ثالثاً آیت شریفہ سے

استدلال اس وقت درست ہوتا جب کہ گدھے کی حرمت کے بارے میں نصوص وارد نہ ہوتیں۔ حالانکہ اسکی حرمت کے بارے میں بکثرت روایات منقول ہیں کما مر بیانہ رابعا خود حضرت ابن عباسؓ اس کی حلت وحرمت کے بارے میں متردد ہیں کیونکہ ان سے منقول ہے قال لا ادری انھی عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اجل انہ کان حمولۃ للناس فکرہ ان تذھب حمولتھم اوحرمھا البتۃ یوم خیبر حکاہ الشعبی عنہ۔ فکیف الاستدلال بالآیۃ۔

غالب بنؓ ابجر اور ام نصر محاربیہ کی روایات سے بھی استدلال مشکل ہے اس لئے کہ انکی سند میں کلام ہے۔

۲۔ یہ روایات حالت اضطراری پر محمول ہیں جیسا کہ غالب بن ابجر کی روایت کے الفاظ اس پر دلالت کرتے ہیں۔

۳۔ ان روایات میں خاص اور جزئی واقعہ ہے لہٰذا عموم مسئلہ پر استدلال نہیں کیا جا سکتا۔

اب رہی وہ روایات ثلثہ جن کے اندر عوارض کی بناء پر حرمت ذکر کی گئی ہے۔ تو ممکن ہے کہ یہ واقعات اور جملہ روایات جواز تنخ سے پہلے کی ہوں چونکہ حمر اہلیہ میں تعدد تنخ ہوا ہے اور بعد میں حرمت دائمی ہو گئی جیسا کہ کثیر روایات اس کی حرمت کے بارے میں ذکر کی گئی ہیں جن سے بغیر علت کے صراحۃً مطلقاً حمر اہلیہ کی حرمت کا ثبوت ہوتا ہے۔

رجال حدیث:۔ عبد الوھاب بن عبد المجید بن الصلت الثقفی البصری ائمہ ستہ کے رواۃ میں سے ہیں نیز امام احمد بن حنبلؒ اسحاق بن راہویہ وغیرہ نے بھی ان سے روایات نقل کی ہیں اور یہ حمید ایوب وخالد الحذاء سے روایت کرتے ہیں۔ امام عجلی، ابن معین نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے اور ابن حبان نے بھی ثقات میں ذکر کیا ہے۔ ابن سعد کہتے ہیں کان ثقۃ وفیہ ضعف۔ وفات سے تین سال قبل ان کے حافظہ میں تغیر ہو گیا تھا۔ یحییٰ بن سعید الانصاری یحییٰ بن سعید بن قیس بن عمرو بن سہل الانصاری یہ تابعی ہیں اور مدینہ کے قاضی رہے۔ حضرت انسؓ وابن مسیبؒ وابن الزبیرؓ وحمید الطویل وغیرہ سے روایت نقل کرتے ہیں اور ان کے شاگرد زہری سفیان ثوری۔ سفیان بن عیینہ۔ حماد بن زید۔ حماد بن سلمہ اور امام مالک وغیرہ حضرات ہیں۔ ابن سعد۔ ابن معین۔ امام عجلی۔ نسائی۔ ابوزرعہ وابو حاتم۔ احمد بن حنبل وغیرہ ائمہ کبار نے ان کی توثیق کی ہے ان کی وفات ۱۴۵ھ میں ہوئی ہے۔ الزھری ان کا نام محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن عبد اللہ ابن شہاب القرشی ابوبکر المدنی الفقیہ الحافظ مدون حدیث ہیں۔ انکی عظمت اور اتقان پر اتفاق ہے۔ اور یہ ابن عمرؓ سہل بن سعدؓ جابرؓ وانسؓ سے روایت کرتے ہیں۔ انکے شاگرد عمر بن عبد العزیز۔ ابن جریج۔ لیث۔ امام مالک وغیرہ ہیں۔ فن حدیث کے اول مدون ہیں ان کی وفات ۱۲۳ھ یا ۱۲۴ھ میں ہے ح علامہ سیوطیؒ نے تدریب میں اور علامہ نوویؒ نے شرح مسلم کے مقدمہ میں فرمایا کہ محدثین کی عادت یہ ہے کہ جب کسی حدیث کی دو یا زائد سندیں ہوں اور ان کا متن ایک ہو جس کو ان سندوں سے بیان کرنا ہے تو بوقت انتقال من سند الی سند آخر یہ لفظ ح لکھ دیتے ہیں۔ حضرت شیخ الحدیث صاحبؒ مقدمہ اوجز میں فرماتے ہیں کہ کتب حدیث کے تتبع وتلاش کے بعد اس بارے میں معلوم ہوا کہ اس کو دو طرح ضبط کیا گیا ہے۔ اول خ بالخاء المعجمہ دوم ح بالحاء المھملہ۔ پھر اول ضبط کے بارے میں دو احتمال ہیں اول یہ حرف الی آخر الحدیث کی طرف اشارہ ہے دوم ان کے قول سند آخر کی طرف اشارہ ہے۔ دوسرے ضبط یعنی بالحاء المھملہ کے بارے میں چار احتمال ہیں۔ (۱) یہ لفظ صح کا رمز ہے چنانچہ محدثین کی ایک جماعت نے اس کی جگہ لفظ صح بھی لکھا ہے۔ (۲) یہ ماخوذ ہے تحویل اسناد الی اسناد سے۔ (۳) یہ ماخوذ ہے حائل سے لانہا تحول بین اسنادین۔ (۴) ان کے قول الحدیث کی طرف اشارہ ہے اب کل چھ احتمالات ہو گئے۔

ابن ابی عمر ان کا نام محمد بن یحییٰ بن ابی عمر ہے مکہ میں رہے اور صاحب مسند ہیں ابن عیینہؒ کے خاص شاگرد ہیں اور ان کے اساتذہ فضیل بن عیاض و ابن مدویہ وغیرہ ہیں۔ ابن حبان نے انکی توثیق کی ہے اور ابو حاتم نے ان کے متعلق فرمایا صدوق وفات ۲۴۳ھ میں ہے قال البخاری کذا فی التقریب والخلاصہ۔ عبداللہ ان کی کنیت ابو ہاشم ہے ان کے بارے میں بیان کیا گیا کہ یہ رافضیوں کے فرقہ سبیہ کی طرف منسوب رہے ہیں۔ امام زہری نے فرمایا کہ ان دونوں بھائیوں میں حسن بن محمد زیادہ اچھے تھے۔ اس کے بالمقابل ابن عیینہؒ نے فرمایا کہ عبداللہ بن محمد زیادہ اچھے تھے۔

کما حکاہ الترمذی بسندہ حسن بن محمد بن علی بن ابی طالب الہاشمی۔ ابوالمدنی۔ انکے والد محمد ابن الحنفیہ سے مشہور ہیں۔ یہ طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ اور فقیہ راوی ہیں۔ محمد بن علی المعروف بابن الحنفیہ القرشی الہاشمی یہ اپنے والد حضرت علیؓ اور عثمانؓ ابو ہریرۃؓ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں اور انکے شاگردان کے پانچوں لڑکے ابراہیم۔ عبداللہ، حسن، عمر، عون اور ابو یعلیٰ، عبدالاعلی ابن عامر، سالم بن ابی الجعد، ثوری وغیرہ ہیں۔ امام عجلی وغیرہ نے انکی توثیق کی ہے۔ ابراہیم بن عبداللہ بن الجنید ان کے متعلق کہتے ہیں لا نعلم احدا اسند عن علیؓ عن النبی ﷺ اکثر ولا اصح مما اسند محمد ابن الحنفیۃ ۸۰ھ میں انکی وفات ہوئی۔ علی بنؓ ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم الہاشمی انکی کنیت ابوالحسن ہے۔ بعثت سے دس سال قبل پیدا ہوئے اور آپ ﷺ کے پاس ہی پرورش پائی۔ بچوں میں سب سے پہلے اسلام لائے غزوۂ تبوک کے علاوہ تمام غزوات میں شریک رہے۔ ان کے بیشمار فضائل ہیں جو کتب احادیث میں مذکور ہیں پانچ سال خلیفہ رہ کر ۲۰ رمضان المبارک ۴۰ھ بروز جمعہ ۶۳ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ ان کی کل روایات ۵۸۶ ہیں جن میں سے بیس پر بخاری و مسلم کا اتفاق ہے نو میں بخاری اور پانچ میں مسلم منفرد ہیں۔

حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَكَانَ اَرْضَاهُمَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَقَالَ غَيْرُ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ وَكَانَ اَرْضَاهُمَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ۔

امام ترمذیؒ نے مذکورہ عبارت سے اولاً اس حدیث کی اپنی تیسری سند بیان فرمائی ہے ان تینوں سندوں میں فرق یہ ہو گیا کہ مدار اسناد تو امام زہریؒ ہیں۔ مگر پہلی سند میں امام ترمذیؒ کے استاذ محمد بن بشار اور زہری کے شاگرد امام مالکؒ اور دوسری سند میں امام ترمذیؒ کے استاذ ابن ابی عمر اور زہری کے شاگرد سفیان بن عیینہ ہیں اور تیسری سند میں امام ترمذیؒ کے استاذ سعید بن عبدالرحمن المخزومی اور زہری کے شاگرد سفیان بن عیینہ ہی ہیں۔

پھر قال الزہری سے امام زہریؒ کا مقولہ حسن بن محمد اور عبداللہ کے بارے میں ذکر کیا ان دونوں میں حسن بن محمد ان کے نزدیک زائد پسندیدہ ہیں[1] اور قال غیر سعید بن عبدالرحمن عن ابن عیینۃ سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ابن عیینہ کے نزدیک دونوں بھائیوں میں زائد پسندیدہ عبداللہ بن محمد ہیں۔ مگر مسند احمد میں ابن عیینہ سے اس کے خلاف وکان الحسن ارضاھما الی انفسنا منقول ہے۔ سعید بن عبدالرحمن روی عنہ الترمذی والنسائی ۲۴۹ھ۔

---

[1] وذکر البخاری فی التاریخ بلفظ وکان الحسن اوثقھما

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ كُلَّ ذِيْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَالْمُجَثَّمَةَ وَالْحِمَارَ الْاِنْسِيَّ۔

ترجمہ:۔ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ بیشک رسول اللہ ﷺ نے ہر کچلی والے درندے کو اور اس جانور کو جو ہدف ونشانہ بنایا گیا ہو اور پالتو گدھے کو خیبر کے دن حرام فرمادیا۔

ابو ہریرہ کا نام:۔ان کے نام کے بارے میں شدید اختلاف ہے کہ کسی دوسرے راوی کے نام کی تعیین میں اتنا اختلاف نہیں یہاں تک کہ بعض حضرات نے ان کے نام کے بارے میں بیس۔بعض نے تیس اور بعض نے چالیس اقوال ذکر کیے ہیں۔علامہ سیوطیؒ نے ان میں سے بیس اقوال ''تدریب الراوی'' میں نقل کیے ہیں لیکن ان میں سے بھی تین قول زیادہ مشہور ہیں۔(۱) عبدالشمس ابن صخر (۲) عبدالرحمٰن بن صخر (۳) عبداللہ بن عمرو۔لیکن محققین نے ان کے زمانہء جاہلیت کے نام عبدالشمس اور اسلامی نام عبدالرحمٰن کو ترجیح دی ہے۔اگر چہ امام بخاری وترمذیؒ نے عبداللہ بن عمرو کو ترجیح دی ہے۔چنانچہ مستدرک میں حاکم بسند خود حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت نقل کرتے ہیں۔قال حدثنی بعض اصحابی عن ابی ہریرۃؓ قال کان اسمی فی الجاھلیۃ عبدالشمس بن صخر فسمیت فی الاسلام عبدالرحمٰن۔یہ روایت دوسری روایات کے مقابلہ میں راجح ہے۔

ابو ہریرہؓ کی کنیت: اس بارے میں اختلاف ہے کہ یہ کنیت کس نے تجویز فرمائی مختلف اقوال ہیں اول عام لوگوں نے یہ کنیت رکھی تھی چنانچہ طبقات ابن سعد میں خود ابو ہریرہ سے منقول ہے قال کانت لی ھریرۃ صغیرۃ فکنت اذا کانت اللیل وضعتھا فی شجرۃ فاذا اصبحت اخذتھا فلعبت بھا فکنونی ابا ھریرۃؓ اسی طرح امام ترمذیؒ نے بھی ابواب المناقب میں روایت نقل کی کنت ارعی غنم اھلی و کانت لی ھریرۃ اضعھا باللیل فی شجرۃ واذا کان النھار ذھبت بھا معی فلعبت فکنونی ابا ھریرۃؓ ان دونوں سے معلوم ہوا لوگوں نے یہ کنیت تجویز فرمائی تھی۔دوم یہ کنیت نبی کریم ﷺ نے تجویز فرمائی تھی چنانچہ ابن عبدالبر نے الاستیعاب میں لکھا ہے کہ آپ ﷺ نے یہ کنیت تجویز فرمائی تھی اور روایت نقل کی قال کنت احمل یوماً ھرۃ فی کمی فرآنی رسول اللہ ﷺ فقال ما ھذہ فقلت ھرۃ فقال یا ابا ھریرۃؓ اس سے معلوم ہوا کہ آپ ﷺ نے یہ کنیت تجویز فرمائی تھی۔سوم انکے والد نے یہ کنیت تجویز فرمائی تھی کما ذکرہ الذھبی کنانی ابی ابا ھریرۃؓ لانی کنت ارعی غنمًا فوجدت اولاد ھرۃ وحشیۃ فلما ابصر من وسمع اصواتھن اخبرتہ فقال انت ابوھرۃ و کان اسمی عبدالشمس اس سے معلوم ہوا کہ انکے والد نے یہ کنیت تجویز فرمائی تھی تطبیق: مگر ان میں کوئی تعارض نہیں ممکن ہے کہ آپ ﷺ نے یہ کنیت تجویز فرمائی ہو اور لوگوں نے کہنا شروع کردیا ہو اور انکے والد نے بھی تجویز کیا ہو۔

ابو ہریرہ منصرف ہے یا غیر منصرف: ابو ہریرہ کے بارے میں دوسری بحث یہ ہے کہ یہ لفظ منصرف ہے یا غیر منصرف۔علماء کی زبان پر اس کا عدم انصراف معروف اور متداول ہے بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ عدم انصراف محض اشتہار علی الالسنۃ کی وجہ سے ہے ورنہ قیاس کا تقاضا تو یہ تھا کہ یہ منصرف ہوتا کیونکہ اس میں صرف تانیث ہے علمیت نہیں ہے۔لیکن مولانا انور شاہ صاحبؒ نے اس قول کی تردید فرمائی ہے اور کہا ہے کہ اگر چہ ہریرہ بذات خود علم نہیں ہے لیکن ابو کا مضاف الیہ بننے کے بعد علمیت پیدا ہوگئی ہے اور ایسی صورت میں لفظ کا غیر منصرف ہوجانا خلاف قیاس نہیں بلکہ موافق قیاس ہے کیونکہ اہل عرب کا معمول یہ ہے کہ جب کسی مؤنث کو

اَبٌ یا ابن کا مضاف الیہ بنا کر اس میں تخصیص پیدا کر دی جاتی ہے تو وہ اسے غیر منصرف ہی پڑھتے ہیں چنانچہ قیس بن طوح کا شعر

اقول وقد صاح ابن دایۃ غدوۃ　　ببعد النوی لا اخطأتک الشبائب

اس میں ابن دایہ کوے کی کنیت ہے اور اسے غیر منصرف پڑھا گیا ہے۔ اسی طرح ابو صفرۃ کو بھی اہل عرب غیر منصرف پڑھتے ہیں۔ لہٰذا اسی طرح ابو ہریرہ بوجہ اَبٌ کی اضافت الی المؤنث کے غیر منصرف پڑھا جائے گا۔

یوم خیبر: اس سے مراد وہ دن ہے جس دن آپ ﷺ نے خیبر کے یہودیوں سے جہاد کر کے خیبر کو فتح فرمایا تھا اس کا وقوع محرم ۷ھ میں ہوا۔ ناب بمعنی کچلی۔ السباع اس کی جمع سبع بضم الباء و اسکانہا ہے نیز جمع اسبع بھی آتی ہے جس کے معنی حیوان مفترس یعنی درندہ اس کو سبع اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی ماں کے پیٹ میں سات ماہ رہتا ہے اور اس کی مؤنث سات بچوں سے زائد نہیں جنتی نیز اس کا نر اپنی عمر کے ساتھ سال پورا کرنے کے بعد مؤنث سے جفتی کرتا ہے۔ سبع کا لفظ روایات میں بھی وارد ہوا ہے جیسا کہ صحیحین اور ترمذی وغیرہ میں موجود ہے المجثمۃ بالجیم والمثلثۃ المفتوحۃ ماخوذ من الجثم زمین پر بٹھانا اصل مادہ جثوم ہے یہ لفظ طیر (پرندہ) کے بیٹھنے کے لئے بولا جاتا ہے جیسے لفظ بروک اہل کے لئے اب مجثمہ کے معنی بٹھایا ہوا اور مراد وہ جانور ہے جس کو محبوس کیا جائے یا باندھ دیا جائے اور پھر نشانہ باندھ کر تیر یا بندوق سے مارا جائے یہاں تک کہ وہ مر جائے الحمار الانسی پالتو گدھا انسی کی قید احترازی ہے اور حمار وحشی سے احتراز مقصود ہے۔

سبع کا شرعی حکم: سبع کے تحت ہر وہ کچلی والا جانور داخل ہے جو اپنی کچلی کے ذریعہ لوگوں پر حملہ آور ہو خواہ حملہ میں ابتداء نہ کرے مثلاً شیر، بھیڑیا وغیرہ۔ امام ابو حنیفہؒ امام شافعیؒ امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک اس کا کھانا حرام ہے البتہ شافعیہ نے ضبع اور ثعلب کا استثناء کیا ہے ابن وہب و ابن عبدالحکیم نے امام مالکؒ سے ان کا مذہب بھی مثل جمہور نقل کیا ہے۔ مگر ابن عربیؒ نے امام مالکؒ کا مشہور قول کراہت نقل کیا ہے اور حضرت علیؓ ابن عباسؓ، عائشہؓ ابن عمرؓ شعبیؒ اور ابن جبیرؒ بھی اباحت کے قائل ہیں۔

قائلین اباحت کے دلائل: اول آیت شریفہ قل لا اجد فیما اوحی الی محرماً علی طاعم یطعمہ الایۃ اس آیت میں محرمات کی تفصیل بیان کی گئی ہے لیکن سبع کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کا کھانا جائز ہے دوم عن ابن ابی عمار قال قلت لجابرؓ الضبع اصید ھی قال نعم قلت آکلھا قال نعم قلت اقال رسول اللہ ﷺ قال نعم (ترمذی) آپ ﷺ نے ضبع کے کھانے کی اجازت دی حالانکہ وہ ذی ناب ہے لہٰذا سبع کی بھی اجازت ہوگی۔

قائلین حرمت کے دلائل: اول حدیث الباب جس میں صراحۃً تحریم کا لفظ واقع ہوا ہے۔ دوم ابو ثعلبہ خشنیؓ کی روایت قال نھی رسول اللہ ﷺ عن اکل کل ذی ناب من السباع (اخرجہ الشیخان) سوم عن ابن عباسؓ قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اکل کل ذی ناب من السباع وعن کل ذی مخلب من الطیر۔ چہارم عن المقدامؓ بن معدی کرب عن رسول اللہ ﷺ قال الا لایحل ذوناب من السباع الحدیث۔

پنجم عن خالد بنؓ الولید قال غزوت مع رسول اللہ ﷺ ...... فقال رسول اللہ ﷺ الا لا یحل اموال المعاھدین ...... وکل ذی ناب من السباع وکل ذی مخلب من الطیر۔ مذکورہ روایات سبع کی حرمت پر صراحۃً دال ہیں۔

قائلین اباحت کے دلائل کے جوابات: آیت شریفہ میں ان مخصوص جانوروں کی حلت و حرمت کا بیان ہے جن کو مشرکین

عقیدۃً اپنے اوپر حرام کر لیتے تھے۔ دوسری بات یہ کہ آیت شریفہ میں چند محرمات کا ذکر ہے حصر نہیں کیا گیا چونکہ دیگر حیوانات جو بالاتفاق حرام ہیں ان کا آیت شریفہ میں ذکر نہیں ہے۔ بلکہ انکی حرمت روایات سے ثابت ہے لہٰذا آیت کا مفہوم مخصوص ہے۔ حدیث جابرؓ کا جواب یہ ہے کہ احناف کے نزدیک ضبع بھی حرام ہے کما مر تفصیلہ اور شافعیہ حضرات ضبع کو ذی ناب ہی قرار نہیں دیتے لہٰذا حدیث جابرؓ سے استدلال درست نہیں ہے۔

مجثمہ کا شرعی حکم: جانور کو اس طرح نشانہ بنا کر مارنا جائز نہیں اور نہ اس کا کھانا جائز ہے کیونکہ وہ موقوذہ میں داخل ہے جس کی حرمت منصوص ہے۔

ہاں البتہ اگر اس طرح تیر یا گولی وغیرہ مارنے سے وہ جانور نہیں مرا اور پھر اس کو باقاعدہ بسم اللہ پڑھ کر ذبح کیا گیا تو اس کا کھانا جائز ہے۔

تنبیہ: جانور کو اس طرح محبوس یا مربوط کر کے نشانہ بنانا فعل شنیع ہے کہ اس میں جانور کو سخت تکلیف ہوتی ہے حتیٰ کہ موت کے قریب ہو جاتا ہے لہٰذا یہ عمل درست نہیں ہے۔ وفی الباب عن علیؓ اخرجہ الحاکم و جابرؓ اخرجہ الترمذی تقدم والبراءؓ اخرجہ الشیخان وابنؓ ابی اوفی اخرجہ الشیخان وانسؓ اخرجہ الشیخان والعرباض بن ساریہ اخرجہ الترمذیؒ وابیؓ ثعلبہ اخرجہ الشیخان و ابنؓ عمر اخرجہ الشیخان و ابیؓ سعید اخرجہ ابو بشر الدولابی ف الکنی والداری کما قال ابن القیم فی تہذیب السنن۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد۔

وروی عبدالعزیز بن محمد وغیرہ الخ اس کا حاصل یہ ہے کہ عبدالعزیز بن محمد وغیرہ نے محمد بن عمرو سے زائدہ کی طرح اس روایت کو نقل کیا ہے تو انہوں نے صرف ایک ہی جملہ نھی رسول اللہ ﷺ عن کل ذی ناب من السباع ذکر کیا ہے۔ مجثمہ اور حمار انسی کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔

رجال حدیث: ابو کریب محمد بن العلاء الہمدانی الکوفی الحافظ ابو کریب سے مشہور ہیں۔ طبقہ عاشرہ میں سے ثقہ صدوق راوی ہیں۔ ابو عمرو بن الخفاف ان کے متعلق فرماتے ہیں کہ میں نے مشائخ میں سے ابو اسحاق بن ابراہیم کے بعد ان سے زائد حفظ کسی کو نہیں دیکھا۔ ائمہ ستہ ابو حاتم وغیرہ ان سے روایت کرتے ہیں اور یہ ابن مبارک، ابن عبید، وکیع، یحییٰ بن زکریا اور بہت سے حضرات سے روایت نقل کرتے ہیں ۲۴۸ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ حسین بن علی بن الولید الجعفی الکوفی المقری۔ انکی کنیت ابو عبداللہ ہے۔ امام عجلیؒ عثمان بن ابی شیبہ اور ابن معین نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ امام احمدؒ ان کے متعلق فرماتے ہیں ما رایت افضل منہ۔ اور یہ فضیل بن عیاض، اعمش، جعفر بن برقان، اسرائیل بن موسیٰ وغیرہم سے روایت کرتے ہیں اور ان کے شاگرد یحییٰ بن معین، اسحاق ابن راہویہ، احمد بن حنبل، سفیان بن عیینہ وغیرہ ہیں۔ ۱۱۹ھ میں پیدا ہوئے۔ چوراسی یا پچاسی سال کی عمر پا کر ۲۰۳ھ یا ۲۰۴ھ میں وفات پائی۔

زائدہ ابن قدامہ الثقفی الکوفی ابو الصلت انکی کنیت ہے۔ امام نسائی، ابو حاتم، عجلی وغیرہم نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ ان کے متعلق ابو اسامہ نے کان من اصدق الناس ابن سعد نے کان ثقۃ مامونا صاحب السنۃ ابن حبان نے کان من الحفاظ

المتقنین۔ دارقطنی نے من الاثبات الائمہ اور ابوزرعہ نے صدوق کہا ہے۔ اور یہ سماک بن حرب اعمش حمید طویل ہشام بن عروہ وغیرہم سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ابواسامہ ابوداؤد طیالسی ابونعیم ابوحذیفہ وغیرہم روایت کرتے ہیں۔۱۶۰ھ یا ۱۶۱ھ میں وفات پائی۔ محمد بن عمرو بن علقمۃ اللیثی المدنی امام مالکؒ کے مشہور مشائخ میں سے ہیں۔ صدوق راوی ہیں ان کے قوت حفظ کے بارے میں لوگوں نے کلام کیا ہے اسی وجہ سے علامہ جوزجانی نے فرمایا لیس بالقوی۔ مگر امام نسائی نے انکی توثیق کی ہے نیز ابن معین نے فرمایا انہ ثقۃ وقال ابوحاتم صالح الحدیث۔ یہ روایت کرتے ہیں اپنے والد اور عبدالرحمن بن یعقوب وغیرہ سے اور ان کے شاگرد موسیٰ بن عقبہ شعبہ ثوریؒ اور بن عیینہؒ وغیرہ ہیں امام بخاریؒ نے ان سے مقروناً ایک روایت نقل کی ہے اور امام مسلم نے متابعت روایت لی ہے ۱۴۴ھ میں وفات پائی۔ ابی سلمۃ یہ ابن عبدالرحمن بن عوفؓ الزہری ہیں ان کا نام اور کنیت ایک ہی ہے۔ بعض نے ان کا نام عبداللہ بتایا ہے۔ طبقہ ثالثہ میں سے ہیں۔ امام حاکم نے ان کو فقہاء سبعہ میں شمار کیا ہے۔ ابن سعد نے فرمایا کان ثقۃ فقیہا کثیر الحدیث یہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ اور اسامہؓ بن زید ابوایوبؓ انصاری سے۔ ان کے شاگرد انکے بیٹے عمرؒ اور عروہؒ اعرج اور شعبی وغیرہ ہیں ۹۴ھ میں وفات پائی۔ عبدالعزیز بن محمد روی عن زید بن اسلم وغیرہ وعنہ ابن وہب ثقۃ ۱۸۹ھ۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاَكْلِ فِي آنِيَةِ الْكُفَّارِ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو کفار کے برتنوں میں کھانا کھانے کے متعلق وارد ہوئی ہیں۔

امام ترمذیؒ نے عنوان میں لفظ کفار ذکر کیا ہے اور امام بخاریؒ نے لفظ مجوس کو اختیار کیا ہے نیز دیگر محدثین مثلاً امام ابوداؤدؒ نے آنیۃ اہل الکتاب کا عنوان قائم کیا ہے دراصل روایات مختلف ہیں کہ بعض میں کفار بعض میں مجوس اور بعض میں اہل کتاب کا تذکرہ ہے اس لئے محدثین حضرات مختلف عنوان قائم کرتے ہیں چونکہ مجوس بھی کفار ہی ہیں کہ انکا ذبیحہ بھی درست نہیں ہے۔ اب رہے اہل کتاب اگر چہ وہ دین سماوی رکھتے ہیں لیکن وہ نجاسات سے نہیں بچتے اور اپنے برتنوں میں خمر وخنزیر کو کثرت سے استعمال کرتے ہیں لہٰذا ان کے برتن بھی ناپاک ہی ہوتے ہیں اور ان کو استعمال کرتے ہوئے طبعاً گھن ہوتی ہے۔ اس لیے عنوان خواہ مختلف ہوں مگر قدرے مشترک نجاسات وتقذر ان سب میں پایا جاتا ہے۔

حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ الطَّائِيُّ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ قُتَيْبَةَ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قُدُوْرِ الْمَجُوْسِ قَالَ اَنْقُوْهَا غَسْلًا وَاطْبُخُوْا فِيْهَا وَنَهٰى عَنْ كُلِّ سَبُعٍ ذِيْ نَابٍ۔

ترجمہ: ابوثعلبہ خشنیؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ سے مجوس کی ہانڈیوں کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم ان کو دھو کر صاف کرلو اور ان میں کھانا پکاؤ اور ہر کچلی والے درندے کھانے سے منع فرمایا۔

تحقیق الفاظ: قدور جمع قدر بالکسر بمعنی دیگ ہانڈی المجوس یہ ایک فرقہ ہے جو آگ یا سورج کی پوجا کرتا ہے انقوھا صیغہ امر ہے ماخوذ من الانقاء صاف کرنا۔

کفار اور اہل کتاب کے برتنوں کا شرعی حکم: کفار اور اہل کتاب وغیرہ کے برتنوں کا استعمال انکو دھولینے کے بعد بلاشبہ جائز

ہے کیونکہ عام طور پر ان کے برتن خنزیر و خمر استعمال کرنے کی وجہ سے نجس ہوتے ہیں۔ البتہ اگر ایسے کفار ہوں کہ جن کے بارے میں غالب گمان ہو کہ وہ پاک وصاف رہتے ہیں اور نجاست سے مکمل پرہیز کرتے ہیں تو ان کے برتنوں کو بلا دھوئے استعمال کرنے میں مضائقہ نہیں ہے جیسا کہ ابوداؤد نے حضرت جابرؓ سے روایت نقل کی ہے۔ قال کنا نغزو مع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فنصیب من انیۃ المشرکین واسقیتہم فنستمتع بھا فلا یعیب ذالك علیھم۔ علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ اس روایت سے مشرکین کے برتنوں کو بغیر دھوئے استعمال کی اباحت معلوم ہوتی ہے لیکن احتیاطاً دھولیا جائے تو بہتر ہے۔ ہاں البتہ انکے پانی عام طور پر پاک ہوتے ہیں اور ان کے کپڑے اگر دھلے ہوئے ہوں تو بغیر پاک کئے استعمال کرنا جائز ہے اور اگر بغیر دھلے ہوں تو بغیر پاک کئے استعمال نہ کرنا چاہیے چونکہ عام طور پر وہ لوگ پیشاب وغیرہ سے احتیاط نہیں کرتے ہیں۔

حضرات جمہور کا یہی مذہب ہے کہ ان کے برتن دھونے کے بعد مطلقاً جائز الاستعمال ہیں چونکہ روایت میں برتن نہ ہونے کے وقت کفار کے برتنوں کو دھو کر استعمال کرنے کی اجازت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ان کا استعمال دھونے کے بعد جائز ہے کہ پاک ہو جاتے ہیں۔ اب رہا روایات میں یہ حکم کہ ان کے برتنوں سے بچا جائے جب کہ اپنے پاس برتن موجود ہوں تو یہ محض اہل کتاب سے کمال نفرت دلانے کے لئے ہے۔ اور ابن حزمؒ ظاہر روایت پر عمل کرتے ہوئے ان کے برتنوں کے استعمال کی ممانعت فرماتے ہیں مگر دو شرطوں کے ساتھ اجازت دیتے ہیں۔ اول ان کے برتنوں کے علاوہ اور کوئی برتن نہ ملتا ہو۔ دوم ان کو دھو کر استعمال کیا جائے۔

هٰذَا حَدِيْثٌ مَشْهُوْرٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ وَرُوِیَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ وَقَدْ ذَكَرَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِیْ اَسْمَاءَ الرَّحَبِیِّ عَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ

امام ترمذیؒ کے اس فرمان کا حاصل یہ ہے کہ ابوثعلبہ خشنیؓ کی یہ روایت مشہور ہے اور متعدد طرق سے اسی طرح منقول ہے ہاں البتہ یہ روایت جس طرح ابوقلابہ عن ابی ثعلبہ مروی ہے اسی طرح عن ابی قلابہ عن ابی اسماء الرحبی عن ابی ثعلبۃ الخشنیؓ بھی منقول ہے کما یاتی یعنی پہلی سند میں ابوثعلبہ اور ابوقلابہ کے درمیان ابواسماء کا واسطہ نہیں ہے لہٰذا روایت منقطع ہے اور دوسری صورت میں ابو اسماء کی زیادتی ہے تو سند متصل ہوگئی۔ لیکن بغیر زیادتی کے منقطع والی صورت ہی مشہور ہے۔

رجال حدیث:۔ زید بن اخزم الطائی النبہانی البصری۔ انکی کنیت ابوطالب ہے طبقہ حادیہ عشرہ میں سے ثقہ حافظ راوی ہیں۔ مسلم ابن قتیبہ بفتح السین وسکون اللام الشعیری ابوقتیبہ کنیت ہے یہ خراسان کے باشندے ہیں لیکن قیام بصرہ میں رہا طبقہ تاسعہ میں سے صدوق راوی ہیں۔

نسخہ احمدیہ میں مسلم بن قتیبہ میم کے ساتھ واقع ہوا ہے جو کہ غلط ہے صحیح بغیر میم سلم بن قتیبہ بفتح السین وسکون اللام ہے۔ کذا فی التقریب۔ ایوب یہ ابی تمیمہ کیسان ابوبکر السختیانی البصری ہیں۔ طبقہ خامسہ میں سے ثقہ ثبت راوی ہیں ان کے متعلق شعبہ نے کان سید الفقہاء اور سفیان بن عیینہ نے ما لقیت مثلہ فی التابعین اور ابن سعد نے کان ثقۃ ثبتاً حجۃ جامعاً کثیر العلم عدلا فرمایا ہے۔ امام نسائی دارقطنی۔ ابن معین وغیرہ بہت سے حضرات نے ان کی توثیق کی ہے اور یہ عمرو بن سلمہ۔ سعید بن جبیر زہری عکرمہ وغیرہ سے روایت کرتے ہیں۔ ان کے شاگرد یحییٰ بن ابی کثیر۔ سفیان بن عیینہ و سفیان ثوری۔ حماد بن زید۔ حماد

بن سلمہ اور امام مالک وغیرہ ہیں۔ انکی پیدائش ۷۶ھ یا ۷۸ھ میں ہے اور ۱۳۱ھ میں وفات پائی۔ ابی قلابۃ بکسر القاف وتخفیف اللام وبالباء الموحدۃ۔ ان کا نام عبداللہ بن زید بن عمرو یا عامر الجرمی ہے بصرہ کے رہنے والے رہیں۔ طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ فاضل راوی ہیں۔ ۱۰۴ھ میں ملک شام میں وفات پائی یا اس کے بعد وفات ہوئی۔ ابی ثعلبۃ الخشنیؓ ثعلبۃ ثاء کے فتح اس کے بعد عین ساکنہ اور لام مفتوحہ کے ساتھ اور خشنی خاء کے ضمہ اور شین کے فتح کے ساتھ ان کا نام جرہم ہے۔ دوسرا قول یہ کہ جرثوم ہے اور اس کو ناشب بھی کہا جاتا ہے کما حکاہ الترمذی۔ بیعت رضوان کے موقع پر آپ ﷺ سے بیعت کی ملک شام میں ۷۵ھ میں وفات پائی۔ انکی روایات چالیس ہیں۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيسَى بْنِ يَزِيدَ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَيْشِيُّ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَيُّوبَ وَقَتَادَةَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا بِأَرْضِ أَهْلِ كِتَابٍ فَنَطْبُخُ فِي قُدُورِهِمْ وَنَشْرَبُ فِي آنِيَتِهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ لَمْ تَجِدُوا غَيْرَهَا فَارْحَضُوهَا بِالْمَاءِ ثُمَّ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا بِأَرْضِ صَيْدٍ فَكَيْفَ نَصْنَعُ قَالَ إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ الْمُكَلَّبَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَقَتَلَ فَكُلْ وَإِنْ كَانَ غَيْرَ مُكَلَّبٍ فَذُكِّيَ فَكُلْ وَإِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَقَتَلَ فَكُلْ۔

ترجمہ: ابوثعلبہ خشنیؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ ہم اہل کتاب کی زمین میں رہتے ہیں تو انکی ہانڈیوں میں کھانا پکاتے ہیں اور ان کے برتنوں میں پانی پیتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اگر ان برتنوں کے علاوہ کوئی اور برتن نہ ملے تو انکو پانی سے دھولو۔ پھر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ہم شکار کی زمین میں ہوتے ہیں تو کیا صورت اختیار کریں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا جب تم اپنا سدھایا ہوا کتا چھوڑو اور اللہ کا نام لو اور وہ (کسی جانور کو پکڑ کر) مار ڈالے تو اسے کھالو اور اگر وہ کتا سدھایا ہوا نہ ہو اور شکار کو ذبح کر دیا گیا ہو تو بھی کھالو۔ اور جب اپنا تیر پھینکو اور اللہ کا نام لو اور اس سے کوئی جانور مر جائے تو اسے بھی کھالو۔

فارحضوھا بمعنی فاغسلو ارحض یرحض از فتح یفتح بمعنی غسل یغسل۔ کلبک المکلب یعنی ایسا کتا جس کو تعلیم دیکر مؤدب بنالیا گیا ہو۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ اگر اہل کتاب کے برتنوں کے علاوہ برتن نہ ملیں تو ان کے برتنوں کو دھو کر استعمال کرنیکی اجازت ہے وقد مر تفصیلہ۔

روایت سے دوسرا مسئلہ یہ معلوم ہوا کہ اگر کلب معلم بسم اللہ پڑھ کر شکار کے پیچھے دوڑا دیا جائے اور وہ اس جانور کو اپنے دانتوں سے پکڑ کر مار ڈالے تو اس کا کھانا جائز ہے۔

اس سلسلہ میں خاص طور پر حنفیہ کا مذہب جان لینا چاہیے۔ فرماتے ہیں کہ جو جانور چرند یا پرند محرم العین نہیں ہیں۔ ان کو مؤدب بنا کر ان کے ذریعہ شکار کیا جا سکتا ہے البتہ چرند و پرند کے درمیان کیفیت تعلیم میں فرق ہے۔ (کما ھو مبسوط فی الفقہ)

درندہ مثلاً کتے وغیرہ کی تعلیم کی حد یہ ہے کہ جب اس کو شکار کے پیچھے دوڑایا جائے تو دوڑ پڑے اور جب اس کو روکے تو رک جائے اور اپنے مالک کے لیے شکار کو بچائے خود نہ کھائے یہ تینوں باتیں کم از کم تین مرتبہ آزمائی جائیں تو سمجھا جائیگا کہ یہ درندہ (کتا وغیرہ) معلم اور مؤدب ہو گیا ہے۔ اب اگر بسم اللہ پڑھ کر کوئی شخص ایسے کتے کو شکار کے پیچھے دوڑا دے یہاں تک کہ اس نے اپنے

دانتوں کے ذریعہ شکار کو زخمی کر کے مار دیا تو پھر وہ شکار مالک کے لیے جائز ہے اور اگر صرف زخمی کیا ہے اور ابھی زندہ ہے تو اسکا ذبح کرنا ضروری ہے بغیر ذبح کیے اس جانور کو کھانا جائز نہیں ہے۔ باقی مزید جزئیات کی تفصیل کتب فقہ میں موجود ہے۔

تیسرا مسئلہ روایت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر کوئی بسم اللہ پڑھ کر تیر پھینکے اور وہ شکار کو اس طرح زخمی کردے کہ خون بہہ جائے اور وہ مرجائے تو ایسے شکار کو کھانا جائز ہے اور اگر وہ صرف زخمی ہوا اور مرا نہیں تو اس کا ذبح کرنا ضروری ہے بغیر ذبح کے اس کا استعمال جائز نہیں ہے۔

هذا حديث حسن صحيح۔ اخرجه الشيخان

رجال حدیث:۔ علي بن عيسى بن يزيد البغدادي الكراجكي بفتح الكاف وكسر الجيم التي بعد الالف وقد تبدل شينا طبقہ حادی عشرہ میں سے مقبول راوی ہیں۔ ۲۴۷ھ میں وفات پائی۔ عبيد الله بن محمد بن القريشي یہ عبداللہ بن محمد بن عائشہ العیشی یا العائشی ہیں اور انکو ابن عائشہ بھی کہا جاتا ہے۔ نسخہ احمدیہ میں جو ہمارے ہاتھوں میں ہے ابن القرشی جو واقع ہے وہ غلط ہے ان کے دادا حفص بن عمر بن موسیٰ ابن عبیداللہ بن معمر التیمی ہیں۔ یہ طبقہ عاشرہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ ۲۲۸ھ میں انتقال فرمایا۔ حماد بن سلمة بن دينار البصري انکی کنیت ابوسلمہ ہے طبقہ ثانیہ میں سے ثقہ عابد۔ اثبت الناس راوی ہیں۔ آخری عمر میں حفظ کے اندر تغیر ہو گیا تھا۔ یہ ثابت سماک۔ قتادہ۔ حمید وغیرہ ہم سے روایت کرتے ہیں اور ان کے شاگرد ابن خدیج ابن اسحاق شعبہ مالک وغیرہ ہیں۔ ۱۶۷ھ وفات پائی۔ ابی اسماء الرحبی ان کا نام عمرو بن مرثد ہے۔

بعض نے کہا کہ ان کا نام عبداللہ ہے۔ طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ عبدالملک کے دور خلافت میں انتقال فرمایا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْفَارَةِ تَمُوْتُ فِي السَّمَنِ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو چوہے کے گھی میں گر کر مرجانے کے متعلق آئی ہیں۔

الفارة فارۃ چوہیا کو کہتے ہیں اس کی بہت اقسام ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے فساد اور طبعی خباثت کی بناء پر اس کو فویسقہ فرمایا ہے چنانچہ بعض روایات میں ہے کہ حضرت نوح کی کشتی کی رسیاں بھی اسی نے کاٹی تھیں نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مصلی قدر درہم جل گیا تھا جب کہ اس نے چراغ کی بتی کھینچ کر مصلے پر لا ڈالی تھی۔ (کما رواہ الطحاوی) باسناده عن يزيد بن ابي نعيم انه سأل ابا سعيد الخدري لم سميت الفارة فويسقة فقال استيقظ النبي صلى الله عليه وسلم ذات ليلة وقد اخذت فارة فتيلة السراج لتحرق على رسول الله صلى الله عليه وسلم البيت فقام عليها و قتلها واحل قتلها في الحل والحرم۔ ابوداؤد کی روایت میں مصلی کے قدر درہم جلنے کی تصریح بھی موجود ہے (وكذا رواه الحاكم) اس قصہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو حکم فرمادیا اذا نمتم فاطفئوا سرجكم فان الشيطن يدل مثل هذا على هذا لتحرقكم کہ جب سویا کرو تو چراغ بجھادیا کرو چونکہ شیطان چوہیا کو تمہارے جلانے کا راستہ دکھاتا ہے بہر حال آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے طبعی خبث اور فساد کی بناء پر اس کو فویسقہ قرار دیا ہے اور حل و حرم سب میں اس کے قتل کا حکم فرمادیا ہے۔

چوہیا کے خواص:۔ اگر چوہیا کا سر کسی کتان کے کپڑے میں لپیٹ کر درد سر والے کے گلے میں ڈال دیں تو اس کا درد ختم ہو جائے۔ اسی طرح مرگی کی بیماری کے لئے بھی نافع ہے اگر اس کی آنکھ کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے تو چلنے میں آسانی ہو۔

اگر کسی گھر کو کتے یا بھیڑیے کے پاخانہ سے دھونی دی جائے تو سارے چوہے وہاں سے بھاگ جائیں گے اگر کبوتر کی بیٹ آٹے میں ملا کر رکھدیں اور اس کو چوہیا یا کوئی جانور کھالے تو فوراً مر جائے گا۔ ۱؎

تعبیر۔ اگر کوئی شخص چوہیا کو خواب میں دیکھے تو اس کی ملاقات فاسقہ عورت یا یہودیہ سے ہوگی یا اس کو کسی فاسق یہودی یا چور سے واسطہ پڑے گا یا اس کو کثیر رزق حاصل ہوگا اور اگر کسی نے اپنے گھر سے چوہے بھاگتے ہوئے دیکھے تو یہ برکت ختم ہونے کی علامت ہے۔ اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی چوہیا کا مالک ہو گیا تو وہ کسی خادم یا غلام کا مالک بنے گا اور اگر کسی نے اپنے گھر میں چوہے کودتے کھیلتے دیکھے تو اس کو اس سال فراوانی حاصل ہوگی۔ لان اللعب لایکون الامن الشبع۔

چوہیا کا شرعی حکم: ۔ تمام اقسام کے چوہوں کا کھانا حرام ہے سوائے یربوع ۲؎ کے کہ اس کو امام شافعی۔ امام احمدؒ۔ ابن المنذر رد ابوثور اور عطاء نے جائز قرار دیا ہے مگر امام ابوحنیفہؒ نے اس کے کھانے کو بھی منع فرمایا ہے کیونکہ وہ حشرات الارض میں سے ہے جو کہ حرام ہیں۔

السمن۔ ما یخرج من اللبن بالمخض۔ یعنی گھی اور یہاں پر مراد گھی ہی نہیں بلکہ تیل، شہد اور اسی طرح بہنے اور جمنے والی تمام چیزیں مراد ہیں جیسا کہ تفصیل آگے آرہی ہے۔

حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَ اَبُوْ عَمَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّ فَارَةً وَقَعَتْ فِي السَّمْنِ فَمَاتَتْ فَسُئِلَ عَنْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا فَكُلُوْهُ۔

ترجمہ: ۔ حضرت ابن عباسؓ حضرت میمونہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ بیشک ایک چوہیا گھی میں گر کر مر گئی پس اس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چوہیا اور اس کے ارد گرد گھی کے حصہ کو نکال دو۔ پھر اس کو کھالو۔

مسئلۃ الباب کا شرعی حکم: ۔ اگر چوہیا گھی میں گر کر مر جائے تو امام اوزاعیؒ اور زہریؒ اور بعض ظاہریہ کہتے ہیں کہ اس چوہیا اور اس کے آس پاس کو نکال دیا جائے خواہ گھی جامد ہو یا بہنے والا ہو اور باقی پاک ہے اس کے استعمال میں کوئی مضائقہ نہیں ہے امام بخاریؒ کی تبویب سے بھی یہی مفہوم ہوتا ہے کہ وہ بھی اسی کے قائل ہیں کیونکہ انہوں نے اپنی صحیح میں "باب اذا وقعت الفارة فی السمن الجامد والذائب" کا عنوان قائم کیا ہے اور حضرت میمونہؓ والی روایت الباب ذکر کی ہے اور جامد و مائع میں کوئی فرق نہیں کیا ہے۔
البتہ جمہور علماءؒ سمن جامد اور ذائب کے درمیان فرق کے قائل ہیں۔ جامد میں تو چوہیا اور اس کے ماحول کو نکال دیا جائے اور باقی پاک ہے لیکن بہنے والا گھی چوہیا کے گرنے سے پورا ناپاک ہو جائے گا۔

۱؎ ومن شانه انه ياتي القارورة ضيقة الراس فيحتال حتى يدخل فيها ذنبه فكلما ابتل بالدهن اخرجه وامتصه حتى لايدع فيها شيئاً وان بخر البيت جاتر بغل اسود هرب منه الفار۔ وان علقت عين فارة على من به حمى الربع ابراه ون احتذت فارة وقطع ذنبها و دفنت وسط البيت لم يدخل ذلك البيت فار مادامت نسه بذنب الفار اذا جعل في جلد حمار و جعلاً في خرقت۔ حرير اعلق على اليد اليسرىٰ فمن يكون له حاجت فانها تقضى عند الملوك وغير هم۔ بول الفار يقلع الكتابة من الورق
من راى الفار الابيض والاسود فانه يدل على الليل والنهار اى يطول حياتهم من راى الفار كا نه يقرض ثيابه فهو معلن بما يمر من اجله ومن راى فارا ينقلب فانه لص نقاب فليحذره ۱۲ حياة الحيوان ج ۲ ص ۲۳۸

۲؎ حيوان طويل الرجلين قصير اليدين جداوله ذنب كذنب الجر ذيرفعه صعداً في طرته لونه كلون الغزال هذا الحيوان يسكن في بطن الارض لتقوم رطوبتهاله مقام الماء وهو مؤثر النسيم ويكره البخار ابدًا يتخذ في نشرة الارض لم يحضر بيته في مهب الرياح الاربع ويتخذ في كوى وتسمي النافقاء والقاصعاء والراهطاء فاذا طلب من احدى هذه الكوى نافق من النافقاء وان طلب من النافقاء خرج من القاصعاء قال الجاحظ والقزويني اليربوع من نوع الفار ۱۲ حياة الحيوان ج ۲ ص ۲۸۰

فریق اول:۔ ظواہر روایات سے استدلال کرتے ہیں جن میں جامد و مائع کی کوئی تفصیل بیان نہیں کی گئی ہے۔

جمہور کے دلائل:۔ حضرات جمہور علماء جامد و مائع کے درمیان فرق کے لیے مندرجہ ذیل روایات سے استدلال کرتے ہیں۔ اول روایت الباب کہ اس میں آپ ﷺ نے فرمایا چوہیا اور اس کے ماحول کو نکال دو اور پھر اس کو کھالو۔ ابن عربیؒ کہتے ہیں کہ لفظ ماحول سے سمجھ میں آتا ہے کہ یہ حکم جامد کا ہے کیونکہ اگر گھی بہنے والا ہوگا تو اس کا ماحول ہی نہیں بنے گا۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ جامد و مائع میں فرق ہے۔ دوم صحیح بخاری میں امام زہریؒ کے بارے میں منقول ہے کہ ان سے سوال کیا گیا۔ لفظہ۔ حدثنا عبدان قال اخبرنا عبداللّٰہ عن یونس عن الزهری سئل عن الدابة تموت فی السمن وهو جامد او غیر جامد الفارة وغیرها قال بلغنا ان رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم امر بفارة ماتت فی السمن فامر بماقرب منها فطرح ثم اکل۔ سوم وہ روایت جس کی تخریج امام ابوداؤد نے بطریق معمر عن الزہری عن سعید بن المسیب عن ابی ہریرہؓ کی ہے لفظہ۔ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اذا وقعت الفارة فی السمن فان کان جامدًا فالقوه وما حولها فان کان مائعًا فلا تقربوه۔ یہی روایت بطریق معمر عن الزہری عن عبیداللہ بن عبداللہ عن ابن عباس عن میمونہؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی مروی ہے۔ صاحب منتقی نے اسکی اسناد ابوداؤدؒ اور نسائیؒ کی طرف کی ہے۔ علامہ شوکانیؒ کہتے ہیں کہ اس کی تصحیح ابن حبان وغیرہ نے کی ہے اسی طرح امام احمد بن حنبلؒ نے بھی اس روایت کی تخریج اپنی مسند میں کی ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ روایت صحیح علی شرط الشیخین ہے۔ بہرحال اس روایت میں صراحۃً جامد و مائع کی تفصیل موجود ہے۔

فائدہ:۔ حضرات جمہور علماء نے گھی پر قیاس کرتے ہوئے دیگر جامدات و مائعات کا بھی یہی حکم بیان فرمایا ہے چنانچہ شہد اور شیرہ وغیرہ کا حکم اسی تفصیل کے ساتھ کتب فقہیہ میں مصرح ہے مگر امام احمدؒ سے دیگر مائعات کے بارے میں مختلف روایات مروی ہیں۔

فروع:۔ ناپاک گھی یا تیل کی بیع وشراء اور اس سے انتفاع جائز ہے یا نہیں اس سلسلہ میں حسن بن صالح ظاہریہ اور امام احمد فرماتے ہیں لا یباع ولا ینتفع بشئ منه کما لا یؤکل۔ یعنی ان کے نزدیک کسی طرح کا انتفاع بالکل جائز نہیں ہے اور سفیان ثوریؒ، مالکؒ، شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی بیع وشراء اور اس کا کھانا جائز نہیں ہے۔ مگر امام ابوحنیفہؒ اور ان کے تلامذہ اسی طرح لیثؒ فرماتے ہیں کہ کھانے کے علاوہ انتفاع کی اجازت ہے۔ مثلاً چراغ میں جلانا۔ کشتی کی رسیوں پر لگانا اور صابن وغیرہ میں استعمال کرنا جائز ہے۔ امام شافعیؒ کا ظاہر قول بھی یہی ہے نیز احنافؒ کے نزدیک اس کی بیع وشراء بھی جائز ہے بشرطیکہ اس کے ناپاک ہونے کو بتا دیا جائے۔ وکذا روی عن ابی موسی انه قال بیعوه ویبینوا لمن تبیعونه منه ولا تبیعوه من مسلم وفی الباب عن ابی هریرةؓ اخرجہ احمد وابوداؤد۔ هذا حدیث حسن صحیح۔ اخرجہ البخاری والنسائی وابوداؤد۔ وقد روی هذا الحدیث عن الزهری الخ اس کا حاصل یہ ہے کہ مذکورہ روایت جس طرح عن ابن عباسؓ عن میمونہؓ نقل کی گئی ہے اسی طرح عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم سئل الخ بھی ذکر کی گئی ہے میمونہؓ کا تذکرہ نہیں ہے۔ آگے امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اصح یہ ہے کہ روایت میں ابن عباسؓ میمونہؓ سے نقل کرتے ہیں۔ یعنی ابن عباسؓ اور نبی کریم ﷺ کے درمیان میمونہؓ کا واسطہ ہونا ہی اصح ہے۔

وروی معمر عن الزهری عن سعید بن المسیب عن ابی هریرة عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم نحوه وهذا حدیث غیر محفوظ الخ۔ یعنی معمر نے اس روایت کو زہری عن ابن مسیب عن ابی ہریرہؓ نقل کیا ہے۔ یعنی بجائے ابن عباسؓ اور میمونہؓ کے

مسانید میں شمار کرنے کے ابو ہریرہؓ کے مسانید میں شمار کیا ہے۔ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ محفوظ نہیں ہے۔ میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حدیث معمر عن الزہری خطا ہے اور صحیح حدیث عن الزھری عن عبید اللہ عن ابن عباسؓ عن میمونۃؓ ہی ہے۔

رجال حدیث:۔ ابو عمار ان کا نام حسین بن حریث الخزاعی المروزی ہے۔ طبقۂ عاشرہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ یہ روایت کرتے ہیں ابن عیینہ۔ فضل بن موسیٰ۔ نضر بن شمیل اور فضل بن عیاض وغیرہ سے۔ اور بخاری۔ مسلم۔ ترمذی۔ ابوداؤد وغیرہ نے ان سے روایت نقل کی ہیں۔ مات ۲۴۴ھ مرابطا من ارنج۔ عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود الہذلی المدنی۔ طبقہ عاشرہ میں سے ثقہ ثبت فقیہ راوی ہیں۔ ابن عباسؓ آپ ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں۔ فقیہ حبر الامۃ اور ترجمان القرآن کہلاتے ہیں۔ انکی کل روایات دو ہزار چھ سو ساٹھ ہیں۔ آپ ﷺ نے ان کے لیے مختلف دعائیں فرمائی ہیں۔ عمر فاروقؓ کے مشیر رہے ہیں۔ مات ۶۸ھ بالطائف۔

میمونہؓ بنت الحارث العامریہ الہلالیہ حضرت ابن عباسؓ کی خالہ ہیں۔ ان کا نام پہلے برہ تھا ۷ھ میں آپ ﷺ نے ان سے نکاح فرمایا اور ان کا نام بدل کر میمونہ رکھا تھا۔ مقام سرف میں ان سے بناء (شب عروسی) ہوئی تھی وہیں پر ۵۱ھ میں انتقال فرمایا نماز جنازہ حضرت ابن عباسؓ نے پڑھائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّهْيِ عَنِ الْأَكْلِ وَالشُّرْبِ بِالشِّمَالِ

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لَا يَأْكُلُ أَحَدُكُمْ بِشِمَالِهِ وَلَا يَشْرَبُ بِشِمَالِهِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ

ترجمہ:۔ ابن عمرؓ سے منقول ہے بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی اپنے بائیں ہاتھ سے نہ کھائے اور نہ بائیں ہاتھ سے پیئے اس لیے کہ شیطان اپنے بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور بائیں ہاتھ سے پیتا ہے۔

اکل بالشمال کا شرعی حکم:۔ اس مسئلہ میں اہل علم کے درمیان اختلاف ہے۔ چنانچہ ظاہریہ حضرات سے شراح حدیث زرقانیؒ وغیرہ نے حرمت کا قول نقل کیا ہے اور وہ اکل بالیمین کے وجوب کے قائل ہیں۔ اس کے بالمقابل جمہور علماءؒ اکل بالشمال کو مکروہ اور اکل بالیمین کو سنت فرماتے ہیں۔ اگرچہ بعض شافعیہؒ نے امام شافعیؒ سے اکل بالشمال کی حرمت بھی نقل کی ہے حافظ ابن عربیؒ کہتے ہیں کہ آکل بالشمال گنہگار ہے۔ مزید فرمایا کہ ہر اخذ وعطاء کا یہی حکم ہے۔

ظاہریہ کے دلائل:۔ اول روایت الباب کے اس روایت میں آپ ﷺ نے صراحۃً بائیں ہاتھ سے کھانے پینے کو منع فرمایا کہ یہ شیطان کا طریقہ ہے اور ظاہر ہے کہ شیطان کی عادت سے بچنا واجب ہے۔ لہٰذا داہنے ہاتھ سے کھانا پینا واجب ہوگا اور بائیں ہاتھ سے جائز نہ ہونا چاہیے۔

دوم۔ بعض روایات میں کل بیمینک صیغہ امر وارد ہوا ہے جو دلیل وجوب ہے۔ سوم۔ آپ ﷺ نے بائیں ہاتھ سے کھانے والوں کے لیے بددعا فرمائی ہے مثلاً امام مسلم نے سلمہؓ بن اکوع سے روایت نقل کی۔ بلفظہ ان النبی ﷺ رای رجلا یاکل بشمالہ وقال کل بیمینک وقال لا استطیع فقال لا استطعت مامنعہ الا الکبر فما رفعھا الی فیہ بعد۔ دوسری روایت امام

طبرانی نے عقبہ بن عامرؓ سے بسند حسن نقل کیا ہے۔ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رای سبیعة الاسلمیة تاکل بشمالہا فقال ﷺ اخذھاداء غزة فقیل ان بھاقرحة فقال وان فمرت بغزة فاصابہا الطاعون فماتت۔

چہارم۔حدیث جابرؓ اخرجہ مسلمؒ اور حدیث عائشہؓ اخرجہ احمد ان دونوں روایات کے الفاظ من اکل بشمالہ اکل معہ الشیطان ہیں۔معلوم ہوا کہ اکل بالشمال درست نہیں ہے۔

جمہور کے دلائل:۔حضرات جمہور علماء اپنے دعویٰ کو مختلف روایات سے ثابت کرتے ہیں۔اول مافی الصحیح للبخاری بطریق شعبہ عن الاشعث باسنادہ کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعجبہ التیمن فی تنعلہ و ترجلہ وطھورہ وفی شانہ کلہ۔ دوم مافی السنن لابی داؤد۔عن عائشةؓ کانت ید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الیمنی لطھورہ وطعامہ و کانت یدہ الیسری لخلائہ وما کانت من اذیً۔ سوم مارواہ النسائی عن عائشةؓ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحب التیمن یاخذ بیمینہ ویعطی بیمینہ چہارم مارواہ ابوداؤد عن حفصةؓ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یجعل یمینہ لطعامہ وشرابہ وثیابہ ویجعل شمالہ بما سوی ذالک

مذکورہ روایات سے معلوم ہوا کہ آپ ﷺ کھانے پینے' جوتا پہننے' کنگھی کرنے اور وضوء وغیرہ میں داہنے ہاتھ کے استعمال کو پسند فرماتے تھے اور استنجے وغیرہ میں بائیں ہاتھ کو استعمال فرماتے تھے لہٰذا ان امور میں استعمال یمین کا استحباب نہ کہ وجوب اور استعمال شمال کی ناپسندیدگی نہ کہ حرمت معلوم ہوئی۔نیز معلوم ہوا کہ داہنے ہاتھ کا استعمال کرنا سنن زوائد میں سے ہے۔لہٰذا بائیں ہاتھ کا استعمال ان امور میں زیادہ سے زیادہ مکروہ ہوگا حرام نہ ہوگا۔طعام وشراب اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت میں سے ہیں ان کے آداب میں سے یہ ہونا ہی چاہئے کہ ان کا اکرام کیا جائے اور ظاہر ہے کہ ان کے استعمال میں داہنے ہاتھ کا استعمال کرنا ان کے اکرام میں داخل ہے لہٰذا استعمال یمنٰی اور احتراز عن الیسریٰ منجملہ آداب کے ہوا نہ کہ واجبات میں سے۔

۳۔بعض حضرات نے مندرجہ ذیل دو روایتوں کے ظاہر سے بھی استدلال کیا ہے۔اول ما اخرجہ الطبرانی فی الاوسط ان عبد اللہ بن جعفر قال رایت فی یمین النبی صلی اللہ علیہ وسلم قثاء وفی شمالہ رطباو ھو یاکل من ذامرة ومن ذامرة دوم ما اخرجہ الطبرانی وابونعیم فی کتاب الطب۔عن انسؓ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یاخذ الرطب بیمینہ والبطیخ بیسارہ فیاکل الرطب بالبطیخ۔ لہٰذا روایات کی روشنی میں جمہور کا مذہب حق ہے۔

ظاہریہ کے دلائل کے جوابات:۔حضرات جمہور علماءؒ اکل بالشمال سے نہی والی روایت اور اکل بالیمین والی روایات کے بارے میں فرماتے ہیں کہ نہی کا محمل کراہت تنزیہی اور امر کا محمل ندب اور سنیت ہے تاکہ روایات فعلی وقولی میں تطابق رہے۔چنانچہ حافظ عراقیؒ نے فرمایا کہ اکثر شافعیہ نوویؒ وغزالیؒ نے ایسی روایات کو ندب پر ہی محمول کیا ہے۔اب رہی وہ روایات کہ جن میں بائیں

۱؎ قولہ اکل معہ الشیطان قال الطیبی معنی قولہ ان الشیطان یاکل بشمالہ ای یحمل اولیائہ من الانس علی ذالک لیعارض بہ عباداللہ الصالحین وقال بعضھم فیہ عدول عن الظاھر والاولی حمل الخبر علی ظاھرہ و ان الشیطان یاکل حقیقةً لان العقل لایحیل ذالک وقد ثبت الخبر بہ فلا یحتاج الی تاویلہ قلت للناس فیہ ثلاثة اقوال احدھا ان صنفا منھم یاکلون ویشربون والثانی ان صنفا منھم لایاکلون ولا یشربون والثالث ان جمیعھا یاکلون ویشربون وھذا قول ساقط لم اختلفوا علی قولین احدھما ان اکلھم وشربھم تشمم واسترواح لامضغ وبلع وھذا قول لم یرد علیہ الدلیل والآخر ان اکلھم وشربھم مضغ وبلع وھذا القول الذی تشھد لہ الاحادیث الصحیحة ۲ ماخوذ من العمدة ص۳۰ / ۲۱

ہاتھ سے کھانے والے کے لیے آپ ﷺ نے بددعا فرمائی ہے۔ سو اس کا جواب یہ ہے کہ دراصل آپ ﷺ کا بددعا فرمانا ان کے قصداً سنت کی مخالفت کرنے کی بناء پر تھا آپ ﷺ کے حکم فرمانے کے بعد بھی وہ بائیں ہاتھ سے ہی کھاتے رہے اور بہر حال کسی حکم شرعی کی قصداً مخالفت جرم عظیم ہے۔ یا یہ کہا جائے کہ دراصل بائیں ہاتھ سے کھانے والے منافقین تھے۔ کما قالہ عیاضؒ (اگر چہ یہ قول صحیح نہیں ہے کما حققہ النوویؒ) تیسری بات یہ ہے کہ آپ ﷺ کا بددعا فرمانا زجر و توبیخ اور سیاست و مصلحت پر محمول ہے۔ تا کہ آئندہ کوئی شخص سنت کی قصداً مخالفت پر جرأت نہ کرے اور حضرت عائشہؓ و جابرؓ کی روایت کا جواب یہ ہے کہ اس سے مقصود شیطان سے نفرت دلانا ہے کہ شیطان کے ساتھ تشبہ نہیں ہونا چاہیے۔

وفی الباب عن جابر۔ اخرجہ مسلم۔ عمرؓ بن ابی سلمۃ اخرجہ الشیخان سلمۃؓ بن الاکوع اخرجہ مسلم۔ انسؓ ابن مالک اخرجہ ابن ابی شیبہ والطبرانی واحمد۔ حفصہؓ۔ اخرجہ احمد۔

وھکذا روی مالک وابن عیینہ عن الزھری عن ابی بکر۔ الخ یعنی جس طرح عبیداللہ بن عمر نے اس روایت کو زہری سے بطریق ابی بکر بن عبیداللہ عن عبداللہ بن عمر نقل کیا ہے۔ اسی طرح مالک اور ابن عیینہ نے بھی بطریق ابی بکر عن عبداللہؓ بن عمر نقل کیا ہے لیکن معمر و عقیل نے اس روایت کو ابن شہاب زہریؒ سے بطریق سالم عن عبداللہ بن عمر نقل کیا ہے یعنی بجائے ابی بکر کے انہوں نے سالم کا واسطہ ذکر کیا ہے۔ وروایۃ مالک وابن عیینہ اصح۔ فرماتے ہیں کہ ان سب طرق میں مالک و ابن عیینہ والا طریق سب سے اصح ہے۔ کیونکہ مالک و ابن عیینہ اجل واوثق ہیں معمر و عقیل سے نیز ان دونوں کی متابعت عبیداللہ بن عمر نے بھی کی ہے۔

رجال حدیث:۔ اسحق بن منصور بن بھرام الکوسج انکی کنیت ابو یعقوب ہے طبقہ حادیہ عشرہ میں سے ثقہ ثبت راوی ہیں۔ ابن عیینہ اور نضر بن شمیل وغیرہ سے روایت کرتے ہیں ان کے شاگرد امام بخاریؒ مسلمؒ۔ ابوداؤدؒ ترمذیؒ نسائیؒ ہیں۔ ۲۵۱ھ میں وفات پائی۔ عبداللہ بن نمیر بالتصغیر الھمدانی الکوفی انکی کنیت ابوہشام ہے۔ ابن معینؒ امام عجلیؒ نے انکی توثیق کی ہے اور کہا ہے کہ یہ صالح الحدیث ہیں۔ ابن سعد کہتے ہیں کہ ثقہ صدوق کثیر الحدیث راوی ہیں۔ ابوحاتمؒ نے بھی مستقیم الامر قرار دیا ہے۔ یہ روایت کرتے ہیں ہشام بن عروہ۔ اسمٰعیل بن ابی خالد۔ سفیان ثوری اور اوزاعی سے اور ان سے روایت کرنے والے ان کے بیٹے محمد اور احمد بن حنبل۔ یحییٰ بن معین اور ابن مدینی وغیرہ ہیں۔ ربیع الاول ۱۹۹ھ میں وفات پائی۔ عبداللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمرؓ بن الخطاب القرشی العدوی انکی کنیت ابو عثمان ہے فقہاء سبعہ میں سے ہیں۔ ابوزرعہ اور ابوحاتم نے انکی توثیق کی ہے اور ابن معین نے ثقہ حافظ متفق علیہ قرار دیا ہے احمد بن صالح نے ثقہ ثبت مامون اور نسائی نے ثقہ ثبت کہا ہے۔ یہ روایت کرتے ہیں سالم بن عبداللہ، سعید مقبری۔ عمرو بن دینار۔ کریب مولیٰ ابن عباسؓ اور زہریؒ وغیرہ سے اور ان کے شاگرد شعبہؒ ابن مبارکؒ ابن جریج۔ لیث ابن سعدؒ۔ سفیان ثوریؒ۔ سفیان بن عیینہ وغیرہ ہیں۔ مدینہ میں ۱۴۷ھ میں وفات پائی۔ ابی بکر بن عبداللہ ابن عبدؓ اللہ بن عمر بن الخطاب طبقہ رابعہ میں سے ثقہ راوی ہیں ۱۳۰ھ کے بعد وفات پائی۔ عبداللہ بن عمرؓ بن الخطاب بن نفیل انکی کنیت ابو عبدالرحمٰن ہے اپنے والد کے ساتھ بچپن ہی میں اسلام لائے اور ہجرت کی۔ غزوۂ بدر اور احد کے موقع پر کم عمری کی بنا پر شریک جہاد نہیں کیئے گئے۔ کیونکہ اس وقت ان کی عمر چودہ سال تھی مگر غزوۂ خندق کے موقع پر جب انکی عمر پندرہ سال کی ہوگئی تو شرکت کی اجازت مل گئی (کمافی البخاری) یہ کثیر الروایات صحابی ہیں چنانچہ سولہ سو تیس روایات ان سے مروی ہے۔ جن میں سے

ایک سو ستر پر شیخین کا اتفاق ہے اور اکیاسی میں بخاریؒ منفرد ہیں جب کہ اکتیس روایات میں مسلمؒ منفرد ہیں۔ احادیث میں ان کے بے شمار فضائل وارد ہوئے ہیں۔ نہایت متقی اور محتاط متبع سنت صحابی ہیں۔ ۷۲ھ یا ۷۳ھ یا ۷۴ھ میں انتقال فرمایا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ لَعْقِ الْاَصَابِعِ بَعْدَ الْاَكْلِ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو کھانے کے بعد انگلیوں کے چاٹنے کے متعلق آئی ہیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ سُهَيْلِ ابْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَلْعَقْ اَصَابِعَهُ فَاِنَّهُ لَايَدْرِيْ فِيْ اَيَّتِهِنَّ الْبَرَكَةُ

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اس کو چاہیے کہ اپنی انگلیاں چاٹ لے اس لیے کہ وہ نہیں جانتا کہ کھانے کے کونسے حصے میں برکت ہے۔

لَعِقَ ثلاثی باب سمع سے بمعنی چاٹنا اصابع اصبع کی جمع ہے بمعنی انگلیاں البرکۃ الزیادۃ وثبوت الخیر اور یہاں مراد جس سے تغذی حاصل ہو اور بھوک کی تکلیف سے نجات ہو۔ اور جس سے طاعت الٰہی پر قوت حاصل ہو۔ امام ترمذیؒ نے یہ باب قائم فرما کر اس کے تحت ایک روایت ذکر کی ہے جس سے کھانے کا ایک اہم ادب بیان کرنا مقصود ہے وہ یہ کہ جب کھانا کھا چکے تو اپنی انگلیاں چاٹنی چاہیے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ جو کھانا انگلیوں پر لگا ہوا ہے اسی میں برکت ہو اور وہ ضائع ہو جائے۔ لہٰذا انگلیوں کا چاٹنا آداب طعام میں سے مؤکد ادب ہے۔

انگلیاں چاٹنے کا حکم شرعی اور اس میں علماء کا اختلاف:۔ انگلیاں چاٹنے کے بارے میں حضرات علماء کے درمیان اختلاف ہے۔

حضرات ظاہریہ نے روایات کے ظاہر پر عمل کرتے ہوئے انگلیوں کے چاٹنے کو واجب قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنے مدعی کیلئے مختلف روایات پیش کی ہیں۔ اول حدیث الباب کہ اس میں فلیلعق صیغہ امر وارد ہوا ہے دوم ابن عباسؓ کی روایت۔ ان النبی ﷺ قال اذا اکل احدکم فلا یمسح یدہ حتی یلعقھا۔ (اخرجہ البخاری) سوم کعب بن مالکؓ کی روایت کان رسول اللّٰہ ﷺ یاکل بثلث اصابع فاذا فرغ لعقھا۔ (اخرجہ مسلم) چہارم انس بن مالکؓ کی روایت۔ ان رسول اللّٰہ ﷺ کان اذا اکل طعاما لعق[1] اصابعہ الثلث۔ ان کے علاوہ اور بھی متعدد روایات ہیں کہ یا تو ان میں صیغہ امر وارد ہوا ہے یا ان میں بظاہر آپ ﷺ کی عادت شریفہ کو بیان کیا گیا ہے اور یہ دونوں امور مقتضی وجوب ہیں۔

حضرات جمہور فرماتے ہیں کہ روایات میں صیغ اوامر کا محمل ندب وارشاد ہے اور آپ ﷺ کی عادت شریفہ سے زیادہ سے زیادہ سنت کا اثبات ہوتا ہے نہ کہ وجوب کا فلیف الاستدلال۔ الحاصل انگلیوں کا چاٹنا حضرات جمہور کے نزدیک آداب طعام

---

[1] قولہ لعق اصابعہ الثلاث فیہ دلالۃ علی انہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کان یاکل بثلاث اصابع والحکمت فیہ ان فیھا کفایت والزیادۃ علیھا کما فی الاکل تجمس واللہ علی شدۃ الحرص و باعثہ علی زیادۃ الاکل مع انہ اذا کانت اللقمۃ صغیرۃ یکون الشبع حاصلاً فی اقل مما یشبع لواخذ اللقمۃ کبیرۃ وذلک لانہ فی صغرھا التدبر فی المضغ منہ اذا کانت اللقمۃ کبیرۃ و کلما کانت المضغۃ اجود کان الشبع اسرع لانتشار اجزاء الطعام فی المعدۃ ومثلھا بالماء وذلک مشاھد فی اجزاء الفوفل اذاقطعت فان اجزائھا کلما کانت اصغر کانت اوفر ولہ نظائر کثیرۃ ۱۲ ک

میں مؤکد ادب ہے۔ علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ بعض حضرات جن کی عقل فاسد ہے اور ان پر کبر کا غلبہ ہے انہوں نے انگلیاں چاٹنے کو برا سمجھا ہے اور کہا کہ اس سے گھن ہوتی ہے کہ لعاب دہن کا استعمال لازم آتا ہے۔ حالانکہ ان کو اتنی عقل نہیں کہ انگلیوں پر لگا ہوا کھانا وہی تو ہے جو اتنی دیر سے کھایا جا رہا تھا اس میں کیا نئی چیز ہوگئی۔ حضورﷺ کے کسی فعل کو قباحت کی طرف منسوب کرنے سے اندیشہ کفر ہے۔

درحقیقت ایسے امور میں عادت کو بڑا دخل ہوتا ہے جس کو عادت ہوتی ہے اس کو التفات بھی نہیں ہوتا مثلاً فیرنی کا چمچہ سارا منہ میں لے لیا جاتا ہے پھر اسی لعاب کے بھرے ہوئے چمچ کو رکابی میں ڈال دیا جاتا ہے اسی طرح دوبارہ سہ بارہ فیرنی کھاتا رہتا ہے لیکن اس کو طبعاً کوئی گھن نہیں ہوتی ہے۔ اسی طرح آم اور دوسرے چوسنے والے پھل آدمی ان کو بار بار چوستا ہے اور کھاتا ہے لیکن اس کو طبعاً کوئی گھن نہیں ہوتی ہے بہرحال لعق اصابع سے گھن کرنا عقل کے فساد کی بناء پر ہے۔

انگلیوں کے چاٹنے کی حکمتیں:۔ اول برکت کا حصول کما وردفی روایۃ الباب وکذافی روایات اخر دوم قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ یہ حکم اس لیے دیا گیا تاکہ قلیل کھانے کی اہانت لازم نہ آئے۔ سوم اگر انگلیاں پہلے چاٹ لی گئیں تو جس کپڑے سے ہاتھ صاف کریگا اس کا زائد تلوث بھی لازم نہ آئے گا۔ چہارم آنے والے باب میں روایت آرہی ہے جس میں لفظ ولا یدعہا للشیطان وارد ہوا ہے کہ شیطان کے لیے اس لقمہ کو نہ چھوڑے جو گر گیا ہو اس سے معلوم ہوا کہ جو کھانا زمین پر گر کر ضائع ہوگا وہ شیطان کا حصہ ہے لہٰذا تذلیلا للشیطان کھانے کو ضائع نہ کرے بلکہ چاٹ لے۔

انگلیوں کے چاٹنے میں ترتیب:۔ حضورﷺ کی عادت میں شریفہ اکثر و بیشتر تین انگلیوں سے کھانا کھانے کی تھی جیسا کہ روایات سے معلوم ہوتا ہے اگرچہ بعض روایات میں پانچوں انگلیوں سے کھانے کا ذکر بھی موجود ہے ممکن ہے کہ ضرورت کی بناء پر آپﷺ نے پانچ انگلیاں استعمال کی ہوں۔ کما قالہ النوویؒ بہرحال آپﷺ نے اکثر تین انگلیاں انگوٹھا۔ مسبحہ۔ وسطیٰ کھانے میں استعمال فرمائی ہیں۔ اس طرح کھانے اور انگلیوں کے چاٹنے کی کیفیت صراحۃ بعض روایات میں وارد ہے چنانچہ طبرانی نے حضرت کعب بن عجرہؓ سے روایت نقل کی ہے۔ قال رایت رسول اللہﷺ یا کل باصابعہ الثلث بالابھام والتی تلیھا والوسطی ثم رایتہ یلعق اصابعہ الثلث قبل ان یمسحھا الوسطی ثم التی تلیھا ثم الابھام۔

اس کا حاصل یہ ہے کہ حضرت کعب بن عجرہؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہﷺ کو تین انگلیوں سے کھانا کھاتے دیکھا اور پھر اس کے بعد آپﷺ نے انگلیاں چاٹنی شروع کیں تو اول وسطیٰ کو چاٹا پھر اسکے قریب شہادت والی انگلی کو چونکہ وسطیٰ سب سے پہلے کھانے میں پڑتی ہے نیز لمبی ہونے کیوجہ سے اس پر زائد کھانا لگا ہوا ہوتا ہے۔ اس لیے ابتداء اس سے مناسب ہے نیز اگر ہتھیلی کو چہرہ کی طرف کر کے چاٹے گا تو جب وسطیٰ سے شروع کرے گا پھر مسبحہ کو چاٹے گا تو یہ دور علی جہۃ الیمین ہوگا جو کہ امر مندوب ہے۔

وفی الباب عن جابرؓ اخرجہ احمد و مسلم۔ کعبؓ بن مالک اخرجہ احمد و مسلم و ابوداؤد و النسائی۔ وانسؓ اخرجہ الترمذی فی الباب الذی یلیہ۔

ھٰذا حدیث حسن غریب اخرجہ' مسلم ایضاً لانعرفہ الا امام ترمذیؒ نے حدیث پر غریب ہونے کا حکم لگایا اب یہاں سے وجہ غرابت بیان فرما رہے ہیں کہ ہم اس روایت کو صرف سہیل ہی کے طریق سے پہچانتے ہیں اس کے علاوہ اور دیگر طرق معلوم

نہیں لہٰذا یہ حدیث غریب ہوگئی۔

رجالِ حدیث: محمد بن عبد الملك بن ابی الشوارب الاموی المصری طبقہ عاشرہ میں سے صدوق راوی ہے۔ عبدالواحد ابن زیاد ابوعوانہ یزید بن زریع سے روایت نقل کرتے ہیں۔ ان کے شاگرد مسلمؒ ترمذیؒ نسائیؒ ہیں۔ ۲۴۴ھ میں وفات پائی۔ عبدالعزیز بن المختار الدباغ البصری حفصہ بنت سرین کے مولی ہیں۔ طبقہ سابعہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ سہیل بن ابی صالح ان کی کنیت ابویزید ہے۔ یہ روایت کرتے ہیں اپنے والد ابوصالح اور ابن المسیب' سعید بن یسار' عطاء بن یزید اوراعمش وغیرہم سے اوران کے شاگرد مالک ابن انس یحییٰ الانصاری سلیمان بن بلال شعبہ۔ سفیانان وغیرہ ہیں۔ ان کے بارے میں شراح حدیث نے کلمات توثیق وجرح کہتے ہیں۔ قال ابن معین لیس حدیثہ بحجۃ وذکرہ ابن حبان فی الثقات وقال کان یخطئی وقال ابن عیینۃ هو عندی ثبت لا باس بہ روی لہ الجماعۃ الا البخاری۔ ابیہ ان کا نام ذکوان ہے۔ ابوصالح ان کی کنیت ہے۔ یہ روایت کرتے ہیں ابوسعید الخدریؓ ابوالدرداءؓ عائشہؓ ابوہریرۃؓ وغیرہ سے ان کے شاگرد ان کے بیٹے سہیل' عبداللہ' صالح' عطاء بن ابی رباح اور زہری وغیرہ ہیں۔ ان کے متعلق مختلف کلمات توثیق کہے گئے ہیں قال احمد ثقۃ من اجل الناس واوثقہم وثقہ ابن معین وابوحاتم وقال صالح الحدیث قال ابوزرعۃ مستقیم الحدیث ۱۰۱ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي اللُّقْمَةِ تَسْقُطُ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو ایسے لقمہ کے بارے میں وارد ہوئی ہیں جو نیچے گرجائے۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ طَعَامًا فَسَقَطَتْ لُقْمَتُهُ فَلْيُمِطْ مَارَابَهُ مِنْهَا ثُمَّ لِيَطْعَمْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے منقول ہے کہ بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کھائے تم میں سے کوئی کھانا پس گرجائے اس کا لقمہ تو صاف کردے (گردوغبار) جو اس لقمہ کو لگ جائے پھر اسکو کھالے اور شیطان کے لیے اس کو نہ چھوڑے فلیمط بضم الیاء وکسر المیم من الاماطۃ بمعنی دور کردن رابہ قال فی الجمع رابنی الشیء وارابنی بمعنی شککنی ماخوذ من الریب والریبۃ شک کرنا۔

لقمہ ساقطہ کو اٹھانیکا حکم کیوں؟ اس روایت میں نبی کریم ﷺ نے کھانے کا ایک اور ادب بیان فرمایا جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر کھانا کھاتے ہوئے کوئی لقمہ گرجائے اور اس پر گردوغبار وغیرہ لگ جائے تو اس کو دور کرکے کھالینا چاہیے اور اس کو شیطان کے لیے نہ چھوڑے کیونکہ اس میں کھانے کی تحقیر اور اللہ کی نعمت کو ضائع کرنا ہے۔ نیز اس طرح گرے ہوئے لقمہ کو نہ کھانا متکبرین کی عادات میں سے ہے کیونکہ عام طور پر اس کا باعث کبر ہی ہے جو کہ شیطان کا عمل ہے اسی وجہ سے روایت میں ولا یدعہا للشیطان فرمایا گیا ہے۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت سے گرے ہوئے لقمہ کے کھانے کا استحباب ثابت ہوتا ہے لیکن اگر وہ لقمہ کسی ناپاک جگہ گرا تو پھر اس کا دھونا ضروری ہے اور اگر دھونا مشکل ہو تو اس کو ایسی جگہ رکھدیا جائے کہ جہاں سے کوئی جانور اسکو کھالے۔ غرض یہ کہ اس کھانے کو ضائع نہ کرے۔ وفی الباب عن انسؓ اخرجہ الترمذی بعد ہذا۔

رجالِ حدیث: ابن لهیعۃ بفتح اللام وکسر الہاء وسکون الیاء ان کا نام عبداللہ اور کنیت ابوعبدالرحمن ہے مصر کے رہنے والے ہیں۔

پورا نسب اس طرح ہے عبداللہ بن لہیعہ بن عقبہ بن فرعان الحضرمی یہ روایت کرتے ہیں۔ عطاء بن ابی رباحؒ عبدالرحمٰن الاعرج۔ ابی الزبیرؒ عکرمہ اور ابن المنکدر وغیرہ سے اور ان کے شاگرد اوزاعیؒ۔ ثوریؒ۔ ولید بن مسلمؒ۔ ابن المبارکؒ لیث بن سعدؒ شعبہ وغیرہم ہیں۔ عبدالغنی بن سعیدؒ اور علامہ ساجیؒ فرماتے ہیں کہ جب ان سے ابن المبارک اور عبداللہ بن وہبؒ و عبداللہ المقریؒ روایات نقل کرتے ہیں تو ان کی وہ روایات صحیح ہوں گی۔ امام حاکمؒ فرماتے ہیں کہ امام مسلم نے ان سے دو مقام پر استشہاد کیا ہے۔ اسی طرح امام ترمذیؒ نے بھی اگرچہ اکثر جگہ ان کے بارے میں فرمایا ابن لهيعة ضعيف عند اهل الحديث ضعفه يحيى بن سعيد القطان۔ مگر متعدد مقامات پر انکی روایات کی تحسین بھی کی ہے مثلاً حديث قتيبة عن ابن لهيعة في المعود تين۔ اسی طرح حدیث قتيبة عن ابن لهيعة عن ابن ابي ذئب عن ابن فيروز۔ فی باب الرجل یسلم وعندہ اختان اور حديث ابن لهيعة عن عطاء بن دينار عن ابي يزيد فی باب فضل الشهداء عند الله۔ قال ابوداؤد سمعت احمد بن حنبل يقول ما كان مثل ابن لهيعة بمصر في كثرة حديثه وضبطه واتقانه وقال احمد بن ابي صالح كان ابن لهيعة صحيح الكتاب او الطلوب۔ قال سفيان و كان عند عبدالله بن لهيعة الاصول وعندنا الفروع قال الحاكم عبدالله بن لهيعة احد الائمة وانما قام عليه اختلاطه في اخر عمره۔ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ امام احمدؒ نے انکی توثیق کی ہے۔ اگرچہ دوسرے بعض حضرات نے تضعیف بھی کی ہے۔ مگر سب کو ملانے سے اتنا ضرور معلوم ہوا کہ ان کی روایات درجہ حسن سے کم نہیں ہیں۔ خاص کر جن لوگوں نے اول عمر میں ان سے سنا ہے مثلاً امام ابوحنیفہؒ وغیرہ انکی روایات قابل احتجاج ہیں۔ البتہ آخر عمر میں انکا حافظہ خراب ہو گیا تھا پھر انکی کتابیں بھی جل گئیں تھیں تو حافظہ سے ہی روایات بیان کرتے تھے ان روایات کے بارے میں کلام کیا گیا ہے انکی پیدائش ۹۶ھ میں اور وفات ۱۷۴ھ میں ہوئی۔ لعی الزبیر ان کا نام محمد بن مسلم بن تدرس۔ بفتح التاء و سكون الدال و ضم الراء اور ابوالزبیر کنیت ہے مکہ کے رہنے والے ہیں یہ روایت کرتے ہیں جابرؓ، ابن عباسؓ، عائشہؓ وغیرہ سے اور ان کے شاگرد سفیانان۔ مالک، عطاء، ابن معین، نسائی ہیں ابن عدی نے ان کی توثیق کی ہے۔

یعقوب بن ابی شیبہ نے فرمایا ثقہ صدوق حافظ نے مقدمہ میں فرمایا۔ ابو الزبير المكي احد التابعين وثقه الجمهور وضعفه بعضهم لكثرة التدليس ۱۲۸ھ میں وفات پائی۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ ثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا لَعِقَ أَصَابِعَهُ الثَّلٰثَ وَقَالَ إِذَا وَقَعَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيُمِطْ عَنْهَا الْأَذٰى وَلْيَأْكُلْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ وَأَمَرَنَا أَنْ نَسْلُتَ الصَّحْفَةَ وَقَالَ إِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ[1] فِيْ أَيِّ طَعَامِكُمُ الْبَرَكَةُ

---

[1] قوله في اي طعامكم البركة كتب مولانا محمد يحيى المرحوم يعني بذلك انه لايدري في اي اجزاء الطعام المعين له بركة وحاصله ان من اكل مقداراً معلوماً وسقط منه مقدار و تعلق باصابعه و صحفته مقدار فان البركة المتعلقة بذالك القدر الخارج من الطبق لايدري في اي هذا الحصص الثلاث هي فان من لم يلعق الصحفة والا صابع ولم يرفع الساقط منه فانه لايدري هل البركة فيما اكل اوهي في احد الجزئين الضائعين عمداً واما البركة المتعلقة بالطعام الباقي في الطبق فانها موجودة فيه على هذا التفصيل فيه عند اكل من اكلها و كل هذا فلايتوهم انه ينبغي له ان يكثر من الاكل تحصيلاً للبركة ۱۲ بذل ۷، ۳۶۴

ترجمہ:۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ کھانا تناول فرما لیتے تو اپنی تینوں انگلیوں کو چاٹ لیتے اور آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کا لقمہ نیچے گر پڑے تو اس سے قابل گھن چیز (گردوغبار) وغیرہ کو دور کردے اور اس کو کھالے اور شیطان کے لیے اس کو نہ چھوڑے اور آپ ﷺ نے ہم کو رکابی کے صاف کرنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ تم لوگ نہیں جانتے کہ کھانے کے کس حصہ میں برکت ہے۔

تحقیق الفاظ:۔ نسلت ماخوذ من السلت یقال سلت الصحفۃ یسلتھا من باب نصر ینصر جس کے معنی برتن میں لگے ہوئے کھانے کو انگلیوں وغیرہ سے صاف کرنا۔ الصحفۃ فارسی میں بڑے طباق کو کہتے ہیں۔ امام کسائی کہتے ہیں کہ عربی زبان میں سب سے بڑے پیالے کو۔ جفنہ اور اس سے چھوٹے کو قصعہ کہتے ہیں یہ اتنا بڑا ہوتا ہے کہ دس آدمیوں کا کھانا اس میں آجاتا ہے پھر اس کے بعد صحفہ کہ پانچ آدمیوں کو کافی ہوجاتا ہے پھر مِکیلہ جو دو تین آدمیوں کو سیر کر دیتا ہے پھر سب سے چھوٹا پیالہ صُحیفہ ہے جو ایک آدمی کو سیر کردے الاذی اس سے مراد گرد وغبار ہے۔

اس روایت میں آپ ﷺ کی خاص عادت یعنی کھانا تناول فرمانے کے بعد انگلیاں چاٹنے کو بیان فرمایا گیا ہے جس کی تفصیل پچھلے باب میں گزر چکی ہے۔ پھر نیچے گرے ہوئے لقمہ کا ادب بیان فرمایا جس کا مفصل بیان گزشتہ روایت میں ہوچکا۔ پھر تیسری خاص بات یہ بیان فرمائی کہ کھانا کھانیکے بعد رکابی اور پیالیوں کو اچھی طرح صاف کردینا چاہیے تاکہ کھانے کی برکت حاصل ہو جائے کیونکہ یہ معلوم نہیں کہ آیا برکت کھانے کے کونسے جزء میں ہے ایسا نہ ہو کہ جزء برکت ہی پیالہ پر لگا رہ جائے اور وہ برکت ضائع ہوجائے۔ نیز اگلی روایت میں یہ بھی آرہا ہے کہ پیالہ اپنے صاف کرنے والے کے لیے مغفرت طلب کرتا ہے اس لئے بھی برتن کو صاف کرنا چاہیے۔

رجالِ حدیث:۔ الحسن بن علی بن محمد الہذلی ابو علی الخلال الحلی الحافظ ثقہ ثبت متقن راوی ہیں۔ امام نسائی خطیب اور ابن حبان نے ان کی توثیق کی ہے۔ امام ترمذیؒ ان کے متعلق فرماتے ہیں۔ کان حافظا۔ یہ روایت کرتے ہیں عبدالصمد۔ وکیع۔ عبدالرزاق بن ہمام اور ابو اسامہ وغیرہ سے اور ان کے شاگرد ابراہیم حربی، بخاریؒ، مسلمؒ۔ ترمذیؒ اور ابن ماجہؒ وغیرہ ہیں۔ ۲۴۲ھ میں انتقال فرمایا۔ عفان ابن مسلم بن عبداللہ الصفار ابو عثمان البصری۔ رواۃ ستہ میں سے ثقہ ثبت راوی ہیں۔ یحیی القطان ان کے متعلق فرماتے ہیں کان عفان اضبط القوم للحدیث۔ اور ابن سعد نے فرمایا کان ثقۃ کثیر الحدیث ثبتاً حجۃ۔ وقال ابن خراش ثقۃ من خیار المسلمین وقال ابن قانع ثقۃ مامون ۱۳۴ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۲۰ھ میں وفات پائی۔ ثابت ابن اسلم ابو محمد البصری تابعی اور عابد ہیں۔ حضرت انس بن مالکؓ کے ساتھ چالیس سال رہے احمد، ابن معین، ابو حاتم۔ نسائی اور عجلی نے ان کی توثیق کی ہے ابن عدی فرماتے ہیں احادیث مستقیمہ یہ روایت کرتے ہیں ابن عمرؓ ابن الزبیرؓ انس بن مالکؓ عبداللہ بن مغفلؓ اور مطرف بن عبداللہ بن شخیرؒ وغیرہ سے اور ان کے شاگرد شعبہ۔ حماد انؒ معمرؒ اعمشؒ حمید طویلؒ اور ثوریؒ وغیرہ ہیں ۱۲۷ھ میں وفات پائی۔

حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ ثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ رَاشِدٍ أَبُو الْيَمَانِ قَالَ حَدَّثَتْنِي جَدَّتِي أُمُّ عَاصِمٍ وَكَانَتْ أُمَّ وَلَدٍ لِسِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيْنَا نُبَيْشَةُ الْخَيْرِ وَنَحْنُ نَأْكُلُ فِي قَصْعَةٍ فَحَدَّثَنَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ فِي قَصْعَةٍ ثُمَّ لَحِسَهَا اسْتَغْفَرَتْ لَهُ الْقَصْعَةُ

ترجمہ: ام عاصمؒ فرماتی ہیں کہ نبیشۃ الخیر ہمارے یہاں آئے اور ہم ایک پیالہ میں کھانا کھا رہے تھے۔ انہوں نے ہم سے بیان

کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی پیالہ میں کھانا کھائے پھر اس کو چاٹ کر اچھی طرح صاف کر دے تو پیالہ اسکے لیے دعائے مغفرت کرتا ہے۔

لحعھذ بکسر الحاء از سمع یسمع جسکے معنی چاٹنا یہاں مراد پیالہ کو چاٹنا اور صاف کرنا ہے۔

اس روایت میں آپ ﷺ نے کھانے کے برتن کے متعلق ایک اہم بات بیان فرمائی کہ جو شخص کھانا کھا کر برتن کو اچھی طرح صاف کرتا ہے تو وہ برتن اس کے لیے دعائے مغفرت کرتا ہے۔

استغفار قصعہ کا مطلب: استغفار قصعہ یا تو حقیقت پر محمول ہے کیونکہ یہ بات ثابت ہے کہ ہر چیز اللہ تعالی کی تسبیح بیان کرتی ہے۔ کما قال تعالی وان من شیء الا یسبح بحمدہ ولکن لا تفقھون تسبیحھم چنانچہ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ اللہ تعالی پیالہ میں تمیز اور ایسا نطق پیدا فرما دیں کہ جس سے وہ اپنے صاف کرنے والے کے لیے مغفرت طلب کرتا ہو نیز بعض آثار میں وارد ہوا ہے کہ پیالہ کہتا ہے۔ أجرك الله كما أجرتني من الشيطان۔

اور دوسرا احتمال یہ بھی ہے کہ استغفار کی نسبت قصعہ کی طرف مجازی ہے۔ چنانچہ علامہ تورپشتیؒ اور ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ پیالہ کا چاٹنا تواضع کی علامت اور مغفرت کا ذریعہ ہے اس لیے جو شخص متواضع ہوگا اور کبر سے دور ہوگا وہ اللہ کے نزدیک مغفور ہوگا۔ لہذا لحس قصعہ اس کی مغفرت کا ذریعہ ہے۔

ھذا حدیث غریب۔ اخرجہ احمد وابن ماجہ والدارمی۔ لانعرفہ الا من حدیث معلی بن راشد۔ اس عبارت سے مصنفؒ نے حدیث کے غریب ہونے کی وجہ بیان فرمائی کہ یہ روایت اس لئے غریب ہے کہ اس کا صرف ایک طریق ہے یعنی معلی بن راشد کا طریق۔ وقد روی یزید بن ھارون وغیر واحد من الائمۃ عن المعلی بن راشد ھذا الحدیث۔ اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ روایت معلی بن راشد تک تو غریب ہے لیکن ان کے بعد نصر بن علی کی طرح ان سے یزید بن ہارون اور دیگر ائمہ نے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

معلی بن راشد کے بعد روایت کے متعدد طرق ہیں لہذا اس کو حسن بھی کہا جا سکتا ہے۔

رجال حدیث: المعلی بن راشد ابو الیمان المعلی بضم اولہ وفتح الثانیہ وتشدید اللام المفتوحۃ ابن راشد الہذلی ابو الیمان النبال البصری طبقہ ثامنہ میں سے مقبول راوی ہیں۔ ابن حبان نے ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے اور امام نسائی لیس بہ باس فرماتے ہیں۔ یہ اپنی دادی ام عاصم سے روایت کرتے ہیں۔ ام عاصم یہ معلی بن راشد کی دادی اور سنان بن سلمہ کی ام ولد ہیں۔ طبقہ ثالثہ میں سے مقبولہ راویہ ہیں۔

سنان بن سلمہ ابن المحبق البصری الہذلی غزوۂ حنین کے دن پیدا ہوئے اور حجاج کے زمانۂ خلافت میں وفات پائی۔

نبیشۃ الخیر۔ نبیشہ بضم النون وفتح الباء الموحدۃ وسکون الیاء وبالشین المعجمۃ مصغراً ہو ابن عبد اللہ بن عمرو الہذلی ان کو نبیشۃ الخیر بھی کہا جاتا ہے قلیل الحدیث صحابی ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الأكل من وسط الطعام

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو کھانے کو درمیان سے کھانے کی کراہیت کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔

حَدَّثَنَا أَبُو رَجَاءٍ ثَنَا جَرِيرٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ وَسْطَ الطَّعَامِ فَكُلُوا مِنْ حَافَتَيْهِ وَلَا تَأْكُلُوا مِنْ وَسْطِهِ

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا بیشک برکت کھانے کے بیچ میں اترتی ہے۔ لہٰذا اس کے کناروں سے کھاؤ اور اس کے بیچ سے نہ کھاؤ۔

حافتیہ ای جانبیہ بولتے ہیں حافتا الوادی۔ یعنی جانبا۔ یہ تثنیہ ہے حافۃ کا اور اس کی جمع حافات آتی ہے۔ یہاں مراد تثنیہ نہیں ہے بلکہ جوانب مراد ہیں۔ چنانچہ جامع صغیر میں فکلوا من حافاتہ ہی واقع ہوا ہے۔ اور ابن ماجہ میں فکلوا من حافتہ بصیغہ مفرد واقع ہوا ہے اور مشکوۃ میں کلوا من جوانبہا ہے۔

وسطِ طعام سے نہ کھائے:۔ اس روایت میں حضور ﷺ نے کھانا کھانے کا خاص ادب بیان فرمایا وہ یہ کہ جب کھانا کھائے تو درمیان سے نہ کھائے۔

اس لیے کہ حدیث میں ارشاد ہے کہ کھانے کے درمیان برکت نازل ہوتی ہے۔ چنانچہ جب انسان حسب ہدایت اپنے آگے سے کھائے گا تو طعام میں برکت کی مختلف صورتیں حاصل ہوں گی۔ مثلاً کھانے سے طبعاً گرانی نہ ہوگی بلکہ میلان ہوگا کیونکہ شوربے کا روغن درمیان میں ہوگا تو جب کناروں سے کھائے گا تو تھوڑا تھوڑا روغن سالن کے ساتھ استعمال ہوگا جو کہ باعث لذت ہے اس کے برخلاف اگر اول ہی درمیان سے کھا کر روغن ختم کردے گا تو باقی میں وہ تلذذ نہ ہوگا۔ نیز نفس طعام میں بھی بحکم الٰہی زیادتی ہو جائے گی۔ جیسا کہ بیشار واقعات پیش آئے ہیں۔ امام رافعیؒ وغیرہ نے پیالہ کے بیچ اور کھانے کے درمیان سے کھانے کو مکروہ قرار دیا ہے اور امام شافعیؒ نے کتاب الام میں تحریم کی تصریح فرمائی ہے چنانچہ فرمایا۔ فان من اکل مما لایلیہ اومن راس الطعام اثم بالفعل الذی فعلہ' اذا کان عالماً یعنی جانتے ہوئے اگر کوئی شخص اپنے آگے سے نہ کھائے یا پیالہ کے بیچ یا کھانے کے اوپر اوپر سے کھائے تو گنہگار ہے امام موصوف نے اس حدیث سے ہی استدلال فرمایا ہے۔ امام غزالیؒ نے فرمایا کہ روٹی کو بیچ سے ٹکڑے کر کے نہ کھائے بلکہ اس کی گولائی سے توڑ توڑ کر کھائے الا یہ کہ روٹیاں تھوڑی ہوں اور کھانے والے زیادہ ہوں تو پھر روٹیوں کے ٹکڑے کیے جاسکتے ہیں۔

ھذا حدیث حسن صحیح۔ اخرجہ احمد وابوداؤد والنسائی و ابن ماجہ والدارقطنی وابن حبان والحاکم۔ انما یعرف من حدیث عطاء بن السائب الخ امام ترمذیؒ کے فرمان کا حاصل یہ ہے کہ روایت حسن صحیح ہے اگرچہ صرف عطاء ابن السائب کے طریقہ سے معروف ہے مگر ان سے نقل کرنے والے شعبہ اور ثوری جیسے کبار محدثین ہیں اس وجہ سے اس پر حسن صحیح کا حکم لگایا گیا۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجہ ابونعیم فی الحلیہ ۳ ص ۴۷ وابن ماجہ ص ۲۴۳ وایضاً رواہ ابوطاہر المقدسی فی صفوۃ التصوف

لفظ۔ اذا وضعت المائدة فليأكل احدكم مما يليه ولا يتناول من ذروة القصعة ان البركة تنزل من اعلاها (الحديث)

رجال حدیث:۔ ابو رجاء یہ قتیبہ بن سعید مشہور محدث کی کنیت ہے۔ چنانچہ امام ترمذیؒ نے انکی روایت اسطرح نقل فرمائی ہے۔ حدثنا ابو رجاء قتیبة بن سعد کذا فی رش السحاب علی التحفۃ الاحوذی وقد تقدم ذکرہ۔ جریر وھو ابن عبدالحمید بن قرط الضبی الرازی یہ روایت کرتے ہیں عطاء بن السائب منصور یحیٰ بن سعید۔ مالک بن انس سفیان ثوری وغیرہ سے ان کے شاگرد ابن مبارک۔ ابوداؤد الطیالسی احمد بن حنبل۔ ابوبکر بن ابی شیبہ وغیرہ ہیں۔ تہذیب التہذیب میں ہے ثقۃ یرحل الیہ وقال ابوالقاسم اللالکائی مجمع علی توثیقہ ان کا انتقال ۷۸ سال کی عمر میں ۱۸۸ھ میں ہوا۔ عطاء بن السائب بن مالک ان کو ابن السائب بن یزید بھی کہا جاتا ہے۔ کوفی ہیں یہ روایت کرتے ہیں اپنے والد سائبؓ۔ انس بن مالکؓ۔ عبداللہ بن ابی اوفیؓ سعید بن جبیر عکرمہ وغیرہ سے ان کے شاگرد حماد ان۔ سفیانان۔ شعبہ، ابن جریج۔ اعمش وغیرہ ہیں۔ اکثر محدثینؒ نے ان کی توثیق کی ہے البتہ آخر عمر میں ان کا حافظہ متغیر ہو گیا تھا۔ دارقطنی کہتے ہیں کہ شعبہؒ اور ثوریؒ وغیرہ اکابر کی ان سے نقل کی ہوئی روایت معتبر ہیں۔ ۱۳۶ھ یا ۱۳۷ھ میں انتقال فرمایا۔ بخاریؒ، ابوداؤدؒ، ترمذیؒ، نسائی ابن ماجہؒ نے ان کی روایات کی تخریج کی ہے۔ (منہل ۲ص۲۲)

سعید بن جبیر بن ھشام الکوفی الاسدی الفقیہ احد الائمۃ الاعلام تابعی ہیں۔ ابن عباسؓ ابن زبیرؓ عبداللہ مغفلؓ انس بن مالکؓ وغیرہ سے روایت نقل کرتے ہیں ان کے شاگرد ابواسحاق سبیعی، مالک بن دینار۔ زہری حکم بن عتبہ ایوب سختیانی وغیرہ ہیں سبھی حضرات نے ان کے تفقہ کو تسلیم کیا ہے۔ حجاج بن یوسف نے شعبان ۹۵ھ میں ان کو قتل کرایا جبکہ ان کی عمر ۴۹ سال کی تھی۔ منہل اص۶۶ ابن عباسؓ تقدم ذکرہ۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ کَرَاهِيَةِ اَكْلِ الثُّوْمِ وَالْبَصَلِ

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو لہسن اور پیاز کے کھانیکی کراہیت کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ نِ الْقَطَّانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ثَنَا عَطَاءٌ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَكَلَ مِنْ هٰذِهٖ قَالَ اَوَّلَ مَرَّةٍ الثُّوْمُ ثُمَّ قَالَ الثُّوْمُ وَالْبَصَلُ وَالْكُرَّاثُ فَلَا يَقْرَبْنَا فِیْ مَسَاجِدِنَا

ترجمہ:۔ حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اس میں سے کھایا پہلی مرتبہ فرمایا لہسن (میں سے) پھر فرمایا لہسن۔ پیاز۔ گندنے میں سے وہ ہرگز ہماری مسجدوں میں ہمارے قریب نہ ہو الثوم بضم الثاء المثلثۃ لہسن۔ البصل بفتحتین۔ پیاز۔ الکراث گندنا۔

فلا یقربنا فی مساجدنا۔ مساجدنا میں اضافت تشریفی ہے۔ جمہور علماء کے نزدیک اس سے عام مساجد مراد ہیں اور ہر مسجد کا یہی حکم ہے کہ لہسن اور پیاز وغیرہ کھا کر مسجد میں جانے کی ممانعت ہے۔ چنانچہ بعض روایات میں بغیر اضافت فلا یاتین المساجد وارد ہوا ہے۔ نیز مصنف عبدالرزاق میں ابن جریج سے منقول ہے قلت لعطاء ھل النھی للمسجد الحرام

خاصة او في المساجد قال لابل في المساجد البتہ ابن بطالؒ قاضی عیاضؒ وغیرہ نے بعض اہل علم سے یہ حکم مسجد نبوی کے ساتھ مخصوص نقل کیا ہے۔

امام ترمذیؒ نے اکل ثوم و بصل کی کراہت و عدم کراہت کے بارے میں دو باب قائم کئے ہیں پہلے باب میں کراہت کو ثابت کیا ہے اور دوسرے باب میں اجازت کو بیان کیا ہے۔ اس پہلی روایت کا حاصل یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص لہسن یا پیاز یا گندنا کھائے وہ ہماری مسجد کے قریب نہ جائے اسی طرح کی اور بھی روایات امام بخاریؒ و مسلمؒ اور دیگر محدثینؒ نے ذکر کی ہیں۔ نیز امام ترمذیؒ نے بھی فی الباب سے بہت سی روایات کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

لہسن اور پیاز وغیرہ کا شرعی حکم:۔ جمہور علماءؒ فرماتے ہیں کہ مسجد میں داخل ہونے کے وقت لہسن اور پیاز اور اسی طرح کی وہ سبزیاں کہ جن سے بو آتی ہے ان کا کھانا مکروہ بکراہت تحریم ہے۔ لیکن ایسا[1] مریض جس کے لئے پیاز کا استعمال ضروری ہے اس کے حق میں پیاز کا استعمال بلا کراہت درست ہے علامہ عینیؒ نے ظاہریہ سے ان سبزیوں کی مطلقاً حرمت نقل کی ہے۔

ظاہریہ کے دلائل:۔ حضرات ظاہریہ نے اپنے مدعاء پر ان متعدد روایات سے استدلال کیا ہے کہ جن میں آپ ﷺ نے آکل ثوم و بصل کو مسجد میں آنے سے منع فرمایا ہے چنانچہ روایات کے مختلف الفاظ اس طرح مروی ہیں۔ فلا یقربن مساجدنا اخرجه البخاری و مسلم والترمذی ولا یصلین معنا اخرجه البخاری و مسلم۔ فلا یغشانا فی مسجدنا اخرجه مسلم و البخاری فلا یاتین المساجد اخرجه مسلم۔ وجہ استدلال یہ ہے کہ جب نماز باجماعت ان کے نزدیک فرض عین ہے اور جو چیز فرض عین کے ترک کا ذریعہ ہو وہ یقیناً واجب الترک اور حرام ہوگی۔ اس لئے ان سبزیوں کا کھانا حرام ہونا چاہیے۔

جمہور کے دلائل:۔ اول حضرت[1] ابو سعید خدریؓ کی روایت جس کی تخریج امام مسلم نے کی ہے۔ کہ جب آپ ﷺ نے اس چیز سے کھانے والے کو فلا یقربنا المساجد فرمایا تو لوگوں نے کہا حرمت۔ حرمت۔ شدہ شدہ یہ خبر آپ ﷺ کو معلوم ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ ایها الناس انه لیس بی تحریم ما احل الله لی ولکنها شجرة اکره ریحها۔ یہ روایت صراحۃً عدم حرمت پر دال ہے۔ دوم ابو ایوب انصاریؓ کی روایت جس کی تخریج ترمذیؒ نے کی ہے کہ جب آپ ﷺ سے عرض کیا گیا کہ احرام هو تو آپ ﷺ نے فرمایا لا ولکنی اکرهه من اجل ریحه یہ روایت بھی بصراحت عدم حرمت پر دلالت کرتی ہے اور کراہت کی وجہ اس کی بو ہے۔ سوم اسی طرح ایک اور روایت بخاری میں ہے جسکی تخریج بخاری و مسلم نے کی ہے کہ آپ ﷺ نے ایک صحابیؓ سے فرمایا کل فانی اناجی من لا تناجی یعنی آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم تو کھاؤ میں تو اسلئے استعمال نہیں کرتا کہ میں ایسی مخلوق (فرشتوں) سے بات کرتا ہوں جن سے تم بات نہیں کرتے کہ اس کی بو سے فرشتوں کو تکلیف ہوگی۔ اس روایت سے بھی معلوم ہوا کہ لہسن پیاز وغیرہ حرام نہیں ہے ورنہ آپ ﷺ صحابیؓ کو کھانے کا حکم کیوں دیتے۔

---

[1] کمروی ابن حبان فی صحیحه عن المغیرة بن شعبة انتهیت الی رسول الله ﷺ فوجدمنی ریح الثوم فقال من اکل الثوم قال فاخذت یده فادخلتها فوجد صدری معصوبا قال ان لك عذراً وفی الطبرانی فلم یعنفه ﷺ ۲ فتح الملهم

چہارم بابُ الرخصة فی اکل الثوم مطبوخًا کے تحت امام ترمذیؒ نے مرفوع روایت کے ساتھ حضرت علیؓ کا اثر بھی ذکر کیا ہے جس سے اکل ثوم مطبوخًا کی اجازت معلوم ہوتی ہے۔ پنجم نیز امام موصوف نے حضرت ابوالعالیہؒ کا مقولہ بھی ذکر کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا۔ الثوم من طیبات الرزق کہ لہسن حلال عمدہ کھانوں میں سے ہے۔ ششم قرہؓ کی روایت جس کی تخریج امام ابوداؤدؒ نے کی ہے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نهی عن هاتین الشجرتین وقال من اکلهما فلا یقربنا مسجدنا وقال ان کنتم لابد آکلیهما فامیتوهما طبخًا۔ اس روایت سے بھی اکل ثوم وبصل کی اجازت معلوم ہوئی۔

ظاہریہ کے دلائل کے جوابات:۔ ظاہریہ کی پیش کردہ روایات سے تو ان اشیاء کے کھانے کا جواز ثابت ہوتا ہے نہ کہ حرمت اکل کما یدل علیه قوله من اکل الخ ہاں البتہ مسجد میں حاضری کی ممانعت بھی معلوم ہوئی۔ سو حضرات جمہور اسی کے قائل ہیں کہ بایں حالت مسجد میں حاضر ہونا مکروہ تحریمی ہے۔

دوم۔ ان روایات سے مسجد کے ادب کا وجوب اور اس کی نظافت کا خاص اہتمام معلوم ہوا۔ حضرات فقہاءؒ نے فرمایا کہ یہ تاکیدی صیغے وجوب ادب پر محمول ہیں۔ سوم روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل وجہ ممانعت تاذی بنی آدم وملائکہ ہے جو اجتماعی صورت میں پائی جاتی ہے۔ ان اشیاء کے اکل کی حرمت کا ان روایات سے کیا تعلق۔ چہارم ان روایات سے مذکورہ اشیاء کی حرمت قطعًا ثابت نہیں ہوتی کیونکہ بہت سے مباح امور کی بناء پر ترک جماعت کی اجازت ہے مثلاً کسی بھوکے کے سامنے کھانا آجائے تو حکم ہے کہ اگر زیادہ بھوک لگی ہے تو پہلے کھانا کھائے اور جماعت کو ترک کردے۔ پنجم علامہ ابن حزم ظاہری ان اشیاء کے حلال ہونے کے قائل ہیں حالانکہ وہ بھی جماعت کو فرض عین کہتے ہیں۔ ششم جماعت کا فرض عین ہونا ہی مسلّم نہیں کیونکہ اگر جماعت فرض عین ہوتی تو آپ ﷺ ان اشیاء کے کھانے کی اجازت دے کر فلا یقربنا المساجد وغیرہ ارشاد نہ فرماتے۔ ہفتم حضرات جمہورؒ کے مذہب پر جملہ روایات منطبق ہو جاتی ہیں کہ ممانعت والی روایات کا محمل وہ شخص ہے جو ان اشیاء کو کھا کر فورًا مسجد میں داخل ہو اور اجازت والی روایات اس شخص پر محمول ہیں جو فورًا مسجد نہ جائے یا اس کی بو کو پکا کر یا کسی اور ذریعہ سے ختم کر کے کھائے۔

باب سے متعلق دیگر فقہی مسائل:۔ حضرات علماء نے لہسن اور پیاز کے ساتھ ہی ہر اس شئی کو لاحق کیا ہے جس میں بدبو ہو۔ اسی طرح حضرات علماء نے فرمایا کہ جس شخص کے منہ سے بدبو آتی ہو یا کسی شخص کے جسم پر ایسا زخم ہے جس سے بدبو آتی ہے تو وہ بھی اسی حکم میں داخل ہے کہ اس کو بھی مسجد میں حاضر ہونا مکروہ ہے۔ اسی طرح بعض اہل علم نے بدبودار پیشہ کرنے والوں کو بھی انہی کے ساتھ لاحق کیا ہے مثلاً سماک۔ صباغ اور دباغ وغیرہ مگر دوسرے بعض حضرات نے اعذار اختیاری وغیر اختیاری کا فرق کیا ہے۔ کما حکاه ابن المنیر

دیگر مجامع عبادت کا بھی یہی حکم ہے:۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ مساجد کے علاوہ دیگر مجامع صلوۃ مثلاً عیدگاہ اور نماز جنازہ کا میدان اور دیگر مجامع عبادات مثلاً مجامع علم مجامع ذکر نیز مجامع طعام کو بھی علماء نے اسی حکم کراہت میں بعلت تاذی بنی آدم و ملائکہ داخل کیا ہے۔

پھر اس بارے میں اختلاف ہے کہ آیا اسواق (بازار) اور دیگر دنیوی مجامع بھی اسی کے ساتھ لاحق ہیں یا نہیں۔ علامہ شوکانی کہتے ہیں کہ جب تاذی بنی آدم علت کراہت ہے تو اسواق (بازار) بھی اسی کے ساتھ لاحق ہونے چاہئیں۔

جب علت تاذی بنی آدم وتاذی ملائکہ دونوں ہیں تو مسجد میں ایسے شخص کے لئے اکیلے داخل ہونا بھی ممنوع ہوگا چونکہ مسجد میں فرشتے رہتے ہیں۔ نیز علامہ مازریؒ کا قول بھی اس بارے میں درست نہیں۔ کہ اگر سب لوگ پیاز کھا کر مسجد میں آ جائیں تو بلا کراہت درست ہے کیونکہ وہ آپس میں بدبو محسوس نہیں کریں گے لیکن ظاہر ہے کہ تاذی ملائکہ تو پھر بھی پائی جائے گی اور وہ مستقل علت کراہت ہے۔ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان۔ وفی الباب عن عمرؓ۔ اخرجہ مسلم وابن ماجہ والنسائی۔ ابی ایوبؓ اخرجہ مسلم۔

ابی ہریرہؓ اخرجہ مسلم والنسائی وابن ماجہ ابی سعیدؓ اخرجہ مسلم جابرؓ بن سمرۃ اخرجہ الترمذی۔ قرۃؓ اخرجہ ابوداؤد والنسائی۔ ابن عمرؓ اخرجہ البخاری وابوداؤد۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ اَكْلِ الثُّوْمِ مَطْبُوْخًا

ترجمہ: باب ان روایات کے سلسلہ میں جو پکے ہوئے لہسن کے کھانیکی اجازت سے متعلق وارد ہوئی ہیں۔

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا اَبُوْدَاوٗدَ اَنْبَانَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُوْلُ نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْ اَيُّوْبَ وَكَانَ اِذَا اَكَلَ طَعَامًا بَعَثَ اِلَيْهِ بِفَضْلِهٖ فَبَعَثَ اِلَيْهِ يَوْمًا بِطَعَامٍ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَتٰى اَبُوْ اَيُّوْبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ الثُّوْمُ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَحَرَامٌ هُوَ قَالَ لَا وَلٰكِنِّيْ اَكْرَهُهٗ مِنْ اَجْلِ رِيْحِهٖ

ترجمہ:۔ سماک بن حرب نے جابرؓ بن سمرہ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ ابوایوب انصاریؓ کے یہاں تشریف لائے جس وقت آپ ﷺ ہجرت فرما کر مکہ سے مدینہ تشریف لائے تھے اور آپ کی عادت شریفہ یہ تھی کہ جب آپ ﷺ کھانا تناول فرما لیتے تو اپنا بچا ہوا کھانا ابوایوب انصاریؓ کے پاس ہی بھیج دیتے پس ایک دن آپ ﷺ کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا تو آپ ﷺ نے اس سے کچھ تناول نہیں فرمایا۔ پھر جب ابوایوب انصاریؓ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے آپؐ کے نہ کھانے کا تذکرہ کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس کھانے میں لہسن تھا پس ابوایوب انصاریؓ نے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول کیا وہ حرام ہے آپ ﷺ نے فرمایا نہیں۔ لیکن میں اس کی بو کی وجہ سے اس کو برا سمجھتا ہوں۔

مصنفؒ نے یہ دوسرا باب اکل ثوم مطبوخا کی رخصت واجازت کے لئے قائم فرمایا ہے جیسا کہ اوپر گذر چکا کہ لہسن اور پیاز کھانا جائز ہے۔ ہاں البتہ اس کی بو کو زائل کر کے کھانا چاہیے۔

یہاں جو جابرؓ بن سمرہ کی روایت ذکر کی گئی ہے اس سے اکل ثوم مطبوخا کی حلت اور صراحۃ اس کی عدم حرمت معلوم ہوئی کیونکہ ابوایوب انصاریؓ نے آپ ﷺ کی خدمت میں ایسا کھانا جس کو لہسن ڈال کر پکایا گیا تھا پیش کیا اور پھر آپؐ نے اس کھانے کو ابو ایوب انصاریؓ اور ان کے اہل وعیال کے کھانے کے لئے واپس فرما دیا اور پوچھے جانے پر فرمایا کہ وہ حرام نہیں ہے ہاں البتہ بو کی وجہ

سے آپ نے نہ کھانے کا عذر فرمادیا۔[1]

فائدہ:۔ اس روایت سے ایک خاص فائدہ یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر آکل وشارب صاحب فضیلت بزرگ آدمی ہو تو اس کو ماکول و مشروب میں سے کچھ بچا دینا چاہیے تاکہ دوسرے لوگ اس سے تبرک حاصل کرسکیں۔ اسی طرح اگر کھانے میں قلت ہو اور میزبان حاجت مند ہے تب بھی مہمان کو میزبان کا خیال رکھتے ہوئے کھانا بچا دینا چاہیے خاص طور پر ایسے مہمان کے لئے یہ عمل مستحب ہے کہ جس کے میزبان نے اپنا سب کچھ کھانا اسکی خدمت میں پیش کردیا ہو اور اس کے بچے باقی بچے ہوئے کھانے کے منتظر ہوں۔ علامہ نوویؒ نے علماء سلف سے اس کا استحباب نقل کیا ہے اور اس روایت کو اس کی دلیل میں پیش کیا ہے۔

رجال حدیث:۔ سماک بن حرب بن اوس بن خالد الذہلی اور بعض نے الہذلی کہا ہے۔ تابعین میں سے مشہور عالم ہیں۔ یہ روایت کرتے ہیں جابرؓ بن سمرہ۔ نعمانؓ بن بشیر۔ انسؓ بن مالک وغیرہ سے اور ان کے شاگرد شعبہ۔ سفیان ثوری۔ حماد بن سلمہ وغیرہ ہیں۔ سماک کہتے ہیں کہ میں نے اسیؓ صحابہ کو پایا۔ نیز فرمایا کہ میری نگاہ ختم ہوگئی تھی میں نے اللہ سے دعا کی تو میری نگاہ واپس لوٹ آئی۔ اکثر حضرات محدثینؒ نے ان کی توثیق کی ہے۔ بعض حضرات نے ان کی احادیث کو حسان کا درجہ دیا ہے۔ شعبہ، ابن مبارک اور ثوری نے انکی تضعیف بھی کی ہے۔ علامہ ابن مدینی کہتے ہیں کہ عکرمہ سے ان کی روایات مضطرب ہیں۔ بخاری کے علاوہ سبھی نے ان سے روایات نقل کی ہیں۔ ۱۲۳ھ میں انتقال فرمایا۔

جابرؓ بن سمرۃ بن جنادہ اور ان کو ابن عمرو بن جندب بن حجیر السوائی بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اور ان کے والد صحابی ہیں ان کی کل احادیث ایک سو چھیالیس ہیں۔ جن میں سے دو پر بخاری ومسلم کا اتفاق ہے اور چھبیس میں مسلم منفرد ہیں اور یہ اپنے والدؓ اور سعدؓ بن ابی وقاص۔ عمرؓ۔ علیؓ۔ ابی ایوبؓ وغیرہم سے روایت کرتے ہیں اور ان سے عبدالملکؒ بن عمیر۔ عامرؒ بن سعد بن ابی وقاص۔ تمیمؒ بن طرفہ۔ عامر الشعبی۔ سماکؒ بن حرب وغیرہ روایت کرتے ہیں ۷۲ھ یا ۷۳ھ کوفہ میں انتقال فرمایا۔

ابو ایوبؓ انصاری ان کا نام خالد بن زید بن کلیب ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے میزبان ہیں سابقین اولین صحابہ میں شمار ہے۔ ایک سو پچاس روایات ان سے منقول ہیں جن میں سے سات پر شیخینؒ کا اتفاق ہے اور ایک روایت میں بخاری منفرد ہیں اور پانچ میں مسلم۔ ۵۲ھ میں انتقال فرمایا۔ ھذا حدیث حسن صحیح۔ اخرجہ مسلم۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَدُّوَيْهِ ثَنَا مُسَدَّدٌ ثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ شَرِيكِ بْنِ حَنْبَلٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ نُهِيَ عَنْ أَكْلِ الثُّومِ إِلَّا مَطْبُوخًا

ترجمہ: حضرت علیؓ سے منقول ہے۔ فرمایا کہ منع کیا گیا ہے لہسن کے کھانے سے مگر پکا کر یعنی بھون کر کہ اس کی بو زائل ہو جائے تو پھر اس کا کھانا جائز ہے۔

---

[1] فی الباب روایات عن ابن عمرؓ ان رسول اللہ ﷺ قال من اکل من ھذہ البقلۃ فلا یقربن مسجدنا حتی یذھب ریحھا یعنی الثوم سئل انسؓ عن الثوم فقال رسول اللہ ﷺ من اکل من ھذہ الشجرۃ فلا یقربنا ولا یصلی معنا عن ابی ھریرۃؓ قال قال رسول اللہ ﷺ من اکل من ھذہ الشجرۃ فلا یقربن مسجدنا ولا یؤذینا بریح الثوم عن جابرؓ قال نھی رسول اللہ ﷺ عن اکل البصل والکراث فغلبتنا الحاجۃ فاکلنا منھا فقال من اکل من ھذہ الشجرۃ المنتنۃ فلا یقربن مسجدنا فان الملائکۃ تاذی مما یتاذی منہ الانس زعم جابرؓ ان رسول اللہ ﷺ قال من اکل ثوما او بصلا فلیعتزلنا او لیعتزل مسجدنا ولیقعد فی بیتہ الحدیث ۱۲ مسلم

نُهِيَ یہ صیغہ مجہول ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ منع کرنے والے آپ ﷺ ہیں۔ لہٰذا یہ حدیث مرفوع کے حکم ہے۔ کیونکہ ظاہر ہے کہ نہی اور امر کی اہلیت بزمانہ وحی صرف آپ ﷺ کو ہے محدثینؒ نے فرمایا کہ جب صحابی مجہول صیغہ ایسے موقع پر استعمال کرے تو اس روایت کو مرفوع کا درجہ دیا جائے گا۔

وقدروی هٰذا عن علیؓ انه قال نُهِيَ عن اکل الثوم الا مطبوخًا قوله یعنی بعض حضرات نے نهی عن اکل الثوم کو حضرت علیؓ کا قول قرار دیا ہے لہٰذا یہ حدیث موقوف ہے مرفوع نہیں ہے مگر یاد رہے کہ صحابیؓ کا قول غیر مدرک بالرای حدیث مرفوع کے حکم میں ہوتا ہے لہٰذا اگر چہ فن حدیث کے لحاظ سے یہ موقوف ہے مگر حکماً مرفوع ہی ہے جیسا کہ اولاً سند کے ساتھ بصیغہ مجہول نُهِيَ امام ترمذیؒ نے نقل کر کے اشارہ بھی فرمادیا ہے۔

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا وَكِيعٌ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ شَرِيكِ بْنِ حَنْبَلٍ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ كَرِهَ اَكْلَ الثُّوْمِ اِلَّا مَطْبُوْخًا هٰذَا حَدِيثٌ لَيْسَ اِسْنَادُهُ بِذَاكَ الْقَوِيِّ۔

امام ترمذیؒ نے حضرت علیؓ کے قول کی سند ذکر فرمائی ہے کہ حضرت علیؓ نے اکل ثوم کو بغیر پکائے مکروہ فرمایا ہے اور ھذا حدیث الخ سے فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی سند قوی نہیں ہے کیونکہ اس میں ابو اسحاق مدلس راوی ضعیف ہے۔

روی عن شریك بن حنبل عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلاً یعنی نہی عن اکل الثوم الا مطبوخا۔ یہ روایت شریک بن حنبل نے آپ ﷺ سے بغیر توسط علیؓ کے نقل کی ہے لہٰذا اب یہ روایت مرسل کہلائے گی۔

الحاصل نہی عن اکل الثوم الا مطبوخا الفاظ کے سلسلہ میں امام ترمذیؒ کے بیان کے مطابق یا تو حضرت علیؓ سے نہی بصیغہ مجہول منقول ہے جس کو مرفوع کا حکم دیا جائے گا اور بعض حضرات نے اس کو حضرت علیؓ کا قول قرار دیا ہے لہٰذا حدیث موقوف کہلائیگی اور بعض حضرات نے شریک بن حنبل سے بغیر ذکر علیؓ کے آپ ﷺ کا قول نقل کیا ہے تو روایت مرسل کہلائیگی۔

رجال حدیث۔ محمد بن مدویه مدویہ بفتح المیم وتشدید الدال حافظ ابن حجر تقریب میں فرماتے ہیں کہ محمد بن احمد بن الحسین ابن مدویہ القرشی ابو عبدالرحمٰن الترمذی ہیں۔ طبقہ حادی عشرہ میں سے صدوق راوی ہیں مسدد مثل معظم ابن مسرہد بن مسربل بن مغربل بن مرعبل بن مطربل بن ارندل بن سرندل بن غرندل بن ماسک بن مستورد الاسدی البصری ابوالحسن۔ طبقہ عاشرہ میں سے ثقہ حافظ راوی ہیں اور بعض حضرات نے کہا کہ ان کا نام عبدالملک بن عبدالعزیز ہے ۲۲۸ھ میں انتقال فرمایا۔

لطیفہ۔ ان ناموں کے متعلق حضرات محدثینؒ نے ایک لطیفہ ذکر کیا ہے کہ ان کو لکھ کر بخار والے شخص کے گلے میں ڈال دینے سے اس کو فائدہ ہوگا اور اس کا تجربہ بھی کیا گیا تو ایسا ہی پایا گیا اور بعض حضرات نے کہا کہ بسم اللہ کے ساتھ لکھ کر استعمال کرنے سے بچھو کے کاٹے ہوئے کے لیے مفید ہے۔ الجراح بن ملیح بن عدی الرواسی۔ یہ وکیع کے والد ہیں۔ طبقہ سابعہ کے صدوق راوی ہیں۔ ابی اسحٰق ہو السبیعی ان کا نام عمرو بن عبداللہ بن عبید تابعین میں سے ہیں روایت کرتے ہیں علیؓ براء بنؓ عازب مغیرہؓ وغیرہ سے اور ان کے شاگرد قتادہ سلیمان تیمی اعمش وغیرہ ہیں ثقہ راوی ہیں وفات ۲۶ھ یا ۲۹ھ میں ہوئی شریك بن حنبل العبسی الکوفی اور بعض نے ابن شرحبیل کہا ہے طبقہ ثانیہ میں سے ثقہ راوی ہیں ان کا صحابی ہونا ثابت نہیں ہے۔ ابوداؤد اور ترمذیؒ نے ان سے اکل ثوم والی صرف ایک روایت نقل کی ہے۔ وکیع بن الجراح الکوفی مشہور محدث ہیں ابو سفیان کنیت ہے یہ روایت کرتے ہیں اپنے والد اور اعمش۔ اوزاعی اور مالک

وغیرہ سے ان کے شاگرد احمد۔ اسحاق۔ حسن بن عرفہ وغیرہ ہیں۔ قال احمد ما رایت اوعی منہ ولا احفظ و ما رایت مثلہ علما وحفظا واتقانا ذوثقہ العجلی وابن سعد ویلقی بلول ابی حنیفۃ ۱۲۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۹۶ھ میں وفات پائی۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي يَزِيْدَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أُمِّ أَيُّوْبَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَلَيْهِمْ فَتَكَلَّفُوْا لَهُ طَعَامًا فِيْهِ مِنْ بَعْضِ هٰذِهِ الْبُقُوْلِ فَكَرِهَ أَكْلَهُ فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ كُلُوْهُ فَإِنِّيْ لَسْتُ كَأَحَدِكُمْ إِنِّيْ أَخَافُ أَنْ أُوْذِيَ صَاحِبِيْ۔

ترجمہ:۔ ام ایوبؓ نے خبر دی بے شک نبی کریمؐ ان کے یہاں تشریف لائے ان لوگوں نے آپ ﷺ کے لئے بہ تکلف ایسا کھانا تیار کیا جس میں بدبودار سبزیوں میں سے کوئی سبزی تھی پس آپ ﷺ نے اس کے کھانے کو برا سمجھا پھر اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ اس کو کھالو اس لئے کہ میں تمہاری طرح نہیں ہوں کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ میں تکلیف نہ پہنچادوں اپنے ساتھی کو۔

اس روایت سے بھی لہسن پیاز وغیرہ سبزیوں کے کھانے کا جواز معلوم ہوا کیونکہ یہ سبزیاں اگر حرام ہوتیں تو آپ ﷺ کے لئے تیار ہونے والے کھانے میں نہ ڈالی جاتیں اور نہ ہی ایسا کھانا آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا جاتا۔ نیز آپ ﷺ صحابہؓ کو بھی ان کے کھانے کا حکم نہ فرماتے۔ اور روایت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ ﷺ اکل ثوم وبصل کے بارے میں ان کی بو کی وجہ سے زیادہ احتیاط فرماتے تھے چونکہ آپ ﷺ کو لطیف مخلوق (فرشتوں) سے سابقہ پڑتا تھا چنانچہ لست کاحد منکم انی اوراناجی من لا تناجی اس پر دال ہے۔ ھذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجہ ابن حبان وابن خزیمہ۔

رجالِ حدیث:۔ الحسن بن الصباح البزار ابوعلی الواسطی ثم البغدادی۔ علم حدیث کے بڑے علماء میں سے ہیں یہ روایت کرتے ہیں اسحاق الازرق اور معن بن عیسیٰ وغیرہما سے۔ اور ان سے روایت کرنے والے بخاریؒ ابوداؤدؒ۔ ترمذیؒ اور نسائی ہیں۔ بعض نے کہا کہ یہ قوی نہیں ہیں۔ لیکن امام احمد نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ حافظ نے تقریب میں فرمایا کہ یہ صدوق ہیں مگر ان کو وہم ہو جاتا تھا عابد اور فاضل ہیں ۲۴۹ھ میں وفات پائی۔ عبداللہ بن ابی یزید المکی طبقہ رابعہ میں سے ثقہ راوی ہیں ان کا صحیح نام عبیداللہ بالتصغیر ہے۔ اور عبداللہ غلط واقع ہوا ہے۔ ابیہ ای ابی یزید المکی۔ ان کو صحابی کہا گیا ہے یہ طبقہ ثانیہ میں سے ہیں۔

ابن حبان نے ان کی توثیق کی ہے۔ ام ایوبؓ الانصاریہ الخزرجیہ یہ ابوایوبؓ کی زوجہ اور قیس بن سعد بن امرؤ القیس کی لڑکی ہیں۔ صحابیہ ہیں رسول پاک ﷺ سے روایت کرتی ہیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ ثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ عَنْ أَبِيْ خَلْدَةَ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ الثُّوْمُ مِنْ طَيِّبَاتِ الرِّزْقِ۔

ترجمہ:۔ ابوالعالیہؒ نے کہا کہ لہسن اچھے یعنی حلال کھانوں میں سے ہے۔

امام ترمذیؒ نے ابوالعالیہ کے اس اثر کو نقل کر کے لہسن کھانے کے حلال ہونے کو بیان فرمایا ہے کیونکہ اگر لہسن کا کھانا حرام ہوتا تو اس کو طیب نہ شمار کیا جاتا۔

رجالِ حدیث:۔ محمد بن حمید بن حیان الرازی الحافظ ضعیف ہیں البتہ ابن معین ان کے بارے میں اچھی رائے رکھتے ہیں۔ طبقہ عاشرہ میں سے ہیں۔ روایت کرتے ہیں یعقوب بن عبداللہ القمی۔ جریر بن عبدالحمید۔ سلمہ بن الفضل وغیرہم سے اور ان سے روایت کرنے والے ابوداؤد۔ ترمذی، ابن ماجہ۔ احمد بن حنبل۔ یحییٰ بن معین وغیرہم ہیں۔ ابن معین نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے لیکن امام

بخاریؒ فرماتے ہیں کہ اس میں نظر ہے اور کوئج۔ ابوزرعہ۔ صالح بن محمد اور ابن خراش نے اسکی تکذیب کی ہے ۲۲۸ھ میں وفات پائی۔

زید بن الحباب ابوالحسین العکلی ان کی جائے پیدائش خراسان ہے۔ لیکن کوفہ میں رہے طبقہ تاسعہ میں سے صدوق راوی ہیں لیکن ثوری کی حدیث میں ان سے غلطی واقع ہوئی ہے۔ ابو خلدۃ ان کا نام خالد بن دینار ہے اور علماء حدیث کے نزدیک ثقہ راوی ہیں۔ عبدالرحمن بن مہدی کہتے ہیں کہ ابوخلدہ اچھے مسلمان ہیں طبقہ خامسہ میں سے صدوق راوی ہیں۔ حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہیں کما قال الترمذیؒ۔ ابوالعالیہ بن مہران البصری ان کا نام رفیع بالتصغیر ہے قبیلہ بنوریاح کی طرف نسبت کرتے ہوئے ان کو ریاحی کہا جاتا ہے کما قال الترمذیؒ۔ رسول پاک ﷺ کی وفات کے دو سال بعد اسلام میں داخل ہوئے۔ روایت کرتے ہیں علیؓ، ابن مسعودؓ۔ ابن عباسؓ، ابن عمرؓ وغیرہم سے اور ان سے روایت کرتے ہیں قتادہ۔ حمید بن ہلال۔ ابن سیرین۔ عاصم احول وغیرہم۔ حافظ نے فرمایا کہ کبار تابعین میں سے ہیں۔ ابو حاتم، ابن معین اور ابوزرعہ نے ان کی توثیق کی ہے ابن عدی نے کہا کہ ان کی احادیث صالح ہیں ۹۳ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي تَخْمِيرِ الْإِنَاءِ وَإِطْفَاءِ السِّرَاجِ وَالنَّارِ عِنْدَ الْمَنَامِ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَغْلِقُوا الْبَابَ وَأَوْكُوا السِّقَاءَ وَأَكْفِئُوا الْإِنَاءَ أَوْ خَمِّرُوا الْإِنَاءَ وَأَطْفِئُوا الْمِصْبَاحَ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ غَلَقًا وَلَا يَحُلُّ وِكَاءً وَلَا يَكْشِفُ آنِيَةً فَإِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلَى النَّاسِ بَيْتَهُمْ

ترجمہ: جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ دروازہ کو بند کرو اور مشکیزہ کے منہ کو باندھ دو۔ اور برتن کو الٹا کر دو۔ یا برتن کو ڈھانپ دو۔ اور چراغ بجھا دو۔ اس لئے کہ شیطان بند دروازہ نہیں کھول سکتا اور نہ مشکیزہ کے منہ کو کھول سکتا ہے اور نہ کسی برتن کو کھول سکتا ہے اس لیے کہ چھوٹی سی فاسقہ یعنی چوہیا لوگوں کے گھروں کو جلا دیتی ہے۔

شرح الفاظ:۔ تخمیر بمعنی ڈھانپنا۔ اطفاء بمعنی بجھانا او کوا بفتح الھمزۃ وضم الکاف ایکاء سے صیغہ امر ہے۔ بمعنی بند کرنا۔ السقاء بکسر السین والمد بمعنی مشکیزہ۔ اکفئوا۔ صیغہ امر ہے اکفاء سے ماخوذ ہے بمعنی الٹا کرنا۔ غلقا بضم الغین واللام بمعنی بندش۔ وکاء بکسر الواو بمعنی بندھن۔ تضرم بروزن تکرم صیغہ واحد مؤنث غائب اضرام سے ماخوذ ہے۔ باب افعال سے محاورہ میں بولا جاتا ہے اضرمت النار و تضرمت ایسے ہی مجرد میں ضرمت تضرم النار ضرما بمعنی التھبت واشتعلت

آپ ﷺ معلم آداب معاشرت بھی ہیں:۔ نبی کریم ﷺ دنیا میں احکام شرع پہنچانے کے لیے مبعوث ہوئے لیکن ساتھ ہی ساتھ آداب معاشرت بھی آپ ﷺ نے بالتفصیل بیان فرمائے ہیں۔ تاکہ آپ ﷺ کے ماننے والے (مسلمان) اپنی زندگی خوشگوار طریقہ پر چین وسکون سے گذار سکیں۔ چنانچہ اس روایت میں آپ ﷺ نے سوتے وقت کے کچھ آداب بیان فرمائے ہیں۔ اغلقوا الباب پہلا ادب بیان فرمایا کہ سوتے وقت دروازہ کو بند کر دو۔ اور مسلم کی روایت میں واذکروا اسم اللہ بھی واقع ہوا ہے۔ یعنی اللہ کا نام لو۔ علامہ ابن دقیق العید کہتے ہیں کہ آپؐ کے اس حکم میں دینی اور دنیوی دونوں مصالح ہیں چنانچہ اہل شر وفساد سے اور شیطان سے جان و مال وغیرہ کی حفاظت ہوتی ہے۔ کیونکہ شیطان بند دروازہ کو نہیں کھول سکتا اور اہل شر وفساد بھی بند دروازے میں جلدی سے داخل نہیں ہو سکتے۔ علامہ ابن ملک کہتے ہیں کہ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ شیطان سے مراد شیطان انس ہے لیکن دوسرا

قول یہ ہے کہ مطلقاً جنس شیطان مراد ہے۔ پھر یہ حکم عام ہے خواہ دن ہو یا رات ہو جب بھی اہل خانہ سوئیں یا کسی ایسے کام میں مشغول ہوں کہ گھر کے سامان سے بے توجہی و غفلت ہو جائے تو ایسے موقع پر دروازہ بند کر دیں اور اللہ کا نام لیں۔ علامہ باجیؒ کی رائے بھی یہی ہے گو امام بخاریؒ نے ترجمۃ الباب میں لیل کو ملحوظ رکھا ہے کیونکہ روایات میں بھی لیل کا لفظ وارد ہوا ہے۔ مگر مفہوم روایات سے یہ حکم عام دن و رات دونوں کے لیے معلوم ہوتا ہے اور احتیاط بھی اسی میں ہے۔

اوکوا السقاء: ایک ادب یہ بیان فرمایا کہ مشکیزے کے منہ کو باندھ دو۔ بعض روایات میں اقربکم اور واذکروا اسم اللہ کا لفظ وارد ہوا ہے کمافی الصحیحین۔ مشکیزہ کے منہ کو بند کرنے کا حکم اس لئے فرمایا کہ قعقاع بن حکیم جابرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ پورے سال میں ایک رات ایسی ہوتی ہے کہ جس میں آسمان سے بلاء نازل ہوتی ہے اور کھلے ہوئے برتنوں اور مشکیزوں میں وہ بلاء داخل ہو جاتی ہے لہٰذا اگر منہ بند کر دیا جائے تو اس سے حفاظت ہوگی۔ نیز اس سے کسی زہریلے جانور کے داخل ہونے سے بھی حفاظت ہو جاتی ہے۔ اکفئوا الاناء او خمروا الاناء: ایک ادب یہ بیان فرمایا کہ برتنوں کو الٹا کر دو یا برتنوں کو ڈھانپ دو چونکہ برتن دو طرح کے ہوتے ہیں یا تو خالی یا بھرے ہوئے اگر خالی ہیں تو الٹ دیئے جائیں اور اگر بھرے ہوئے ہیں تو ڈھانپ دیئے جائیں۔ علامہ نوویؒ کہتے ہیں کہ برتنوں کو ڈھانپنے میں علماء نے متعدد فوائد بیان کئے ہیں مثلاً شیاطین سے حفاظت وباء سے صیانت اسی طرح نجاسات و گندگیوں سے بھی دوری ہوتی ہے اور حشرات و ہوام یعنی زہریلے کیڑوں سے امن ہوتا ہے ان فوائد کے پیش نظر آپ ﷺ نے برتنوں کو الٹا کرنے یا ڈھانپنے کا حکم فرمایا ہے۔ اطفئوا المصباح: ایک ادب بیان فرمایا کہ جب سوؤ تو چراغ بجھا دو۔ یہ حکم آپ ﷺ نے اس لئے فرمایا کہ بعض مرتبہ آگ سے نقصان ہو جاتا ہے خود چراغ بھی الٹا ہو سکتا ہے اور آپ ﷺ نے فرمایا کہ بسا اوقات چوہیا بھی بتی کھینچ کر لے جاتی ہے اور کپڑوں پر ڈال دیتی ہے جیسا کہ آپ ﷺ کے ساتھ اس قسم کا واقعہ پیش آچکا تھا کہ آپ ﷺ کا مصلی چوہیا کے بتی کھینچ کر لیجانے کی وجہ سے بقدر درہم جل گیا تھا۔ حافظ ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ یہ حکم بھی عام ہے جب انسان کا کوئی وقت غفلت کا ہو تو اس وقت چراغ بجھا دینا چاہیے۔

فائدہ:۔ علامہ قرطبیؒ کہتے ہیں اگر کوئی شخص گھر میں اکیلا سو رہا ہو تو اس کو چاہیے کہ چراغ بجھائے یا ایسے طریقہ سے سوئے جس سے نقصان سے اطمینان ہو جائے۔ اس کے بعد سمجھئے کہ اگر کوئی جماعت کسی گھر میں سونے والی ہو تو اغلاق باب وغیرہ کا حکم سب سے آخر میں آنے والے کے لئے ہوگا۔ اس زمانہ میں چراغوں کے بجائے بلب و ٹیوب ہیں ان کو بھی بند کر کے سونا چاہیے۔ کیونکہ ان پر بھی کیڑوں مکوڑوں کی تاک میں بسا اوقات چھپکلیاں آجاتی ہیں اور خود کیڑوں مکوڑوں سے بھی نقصان ہو سکتا ہے۔

نیز علامہ قرطبیؒ نے فرمایا کہ جو اوامر اس روایت میں واقع ہوئے ہیں وہ سب ارشاد ہیں ایجاب نہیں لہٰذا ان سے زیادہ سے زیادہ استحباب و ندب ثابت ہوگا نہ کہ وجوب

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجہ الترمذی فی ہذا الباب وابی ھریرۃؓ اخرجہ ابن ماجہ وابن عباسؓ اخرجہ ابوداؤد وابن حبان والحاکم۔ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری ومسلم وابوداؤد وابن ماجہ وقد روی من غیر وجہ عن جابرؓ۔ یعنی روایت کے متعدد طرق ہیں اس لیے حسن وصحیح ہے۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ و غَیْرُ واحد قالوا انا سفیان عن الزھری عن سالم عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِي بُيُوتِكُمْ حِينَ تَنَامُونَ۔

ترجمہ:۔ سالم سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نہ چھوڑو تم اپنے گھروں میں آگ کو جس وقت تم سوؤ۔ یعنی بجھا دو آگ کو۔

تشریح: علامہ نوویؒ کہتے ہیں کہ یہ روایت اپنے حکم کے لحاظ سے عام ہے ہر آگ کو شامل ہے جو غیر محفوظ ہو۔ خواہ چراغ کی آگ ہو یا چولہے وغیرہ کی اور وہ آگ جو محفوظ ہو مثلاً قندیلوں میں چراغ روشن ہوں کہ ان سے کوئی خطرہ نہیں تو وہ اس حدیث کے حکم کے تحت داخل نہیں اگر ان کو یونہی چھوڑ دیں تو فلا باس بہ۔

هٰذا حديث حديث حسن صحيح۔ اخرجه احمد والبخاري۔ ومسلم وابوداود۔ وابن ماجه۔

رجال حدیث: سالم هو ابن عبداللہ بن عمر بن الخطاب ابو عمر القرشی المدنی الفقیہ۔ امام عجلیؒ کہتے ہیں کہ یہ تابعی ہیں اور ثقہ راوی ہیں اور دوسرے حضرات نے بھی ان کی توثیق کی ہے ابن مبارکؒ کہتے ہیں کہ یہ فقہاء مدینہ میں سے ہیں اور اپنے زمانہ میں زہد و فضل وغیرہ میں فوقیت رکھتے تھے روایت کرتے ہیں اپنے باپ عبداللہ بن عمرؓ سے اور ابو ہریرۃؓ، ابو ایوبؓ الانصاری۔ عائشہؓ۔ قاسم ابن محمد سے اور ان سے روایت کرنے والے ان کے بیٹے ابو بکرؒ اور عمرو بن دینارؒ۔ زہریؒ۔ موسیٰ بن عقبہؒ حمید طویلؒ اور ایک جماعت ہے۔ احمد بن حنبلؒ اور اسحاق ابن راہویہ ان کی روایات کی سند کے متعلق فرماتے ہیں۔ اصح الاسانید عن الزهری عن سالم عن ابیه ہے۔ ۱۰۶ھ یا ۱۰۷ھ میں انتقال فرمایا۔ باقی دونوں حدیثوں کے راویوں کا ذکر ماقبل میں آچکا ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الْقِرَانِ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ أَنْ يُقْرَنَ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ حَتّٰى يَسْتَأْذِنَ صَاحِبَهُ۔

ترجمہ:۔ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا دو کھجوروں کو ملا کر کھانے سے یہاں تک کہ اپنے ساتھی سے اجازت لے لے۔

قران بکسر القاف وتخفیف الراء بمعنی ملانا۔ از باب نصر وضرب۔ یستأذن ماخوذ استیذان سے بمعنی اجازت چاہنا۔ آپ ﷺ نے اس روایت میں کھجور وغیرہ کھانے کا خاص ادب ارشاد فرمایا ہے کہ جب دو یا دو سے زائد آدمی مل کر کھجور یا اسی طرح کا کوئی پھل وغیرہ کھا رہے ہوں تو ان میں سے کسی ایک کے لئے مناسب نہیں کہ وہ دو دو عدد ایک ساتھ اٹھا کر کھائے۔

قران بین التمرتین سے ممانعت: علامہ نوویؒ کہتے ہیں کہ اس بارے میں اختلاف ہے آیا قران بین التمرتین کی ممانعت حرمت پر محمول ہے یا کراہت پر دونوں قول ہیں۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ اس مسئلہ میں تفصیل ہے وہ یہ کہ اگر شئی ماکول تمر انگور اور اسی طرح کے وہ پھل وغیرہ جو کئی کئی عدد ملا کر کھائے جا سکتے ہوں۔ اگر انکو چند افراد مل کر کھا رہے ہیں اور انکے اندر ملکیت کے اعتبار سے سب شریک ہیں تو ایسی صورت میں قران کر کے کھانا حرام ہے لیکن اگر سب کی طرف سے ایک دوسرے کے لئے اجازت (خواہ صریحی ہو یا کنائی) پائی جائے تو پھر قران کر کے کھانا بلا کراہت درست ہے۔ اور اگر شئی

ماکول انہی آکلین میں سے کسی ایک کی ملکیت ہو تو باقی حضرات کو اس کی بغیر رضامندی قران کر کے کھانا اب بھی درست نہیں ہے البتہ مالک قران کر کے کھا سکتا ہے لیکن یہ آداب مجلس کے خلاف ہے۔ اور اگر وہ شئ ماکول کسی ایسے شخص کی ملکیت ہے جو آکلین میں شامل نہیں بلکہ اس کی طرف سے کھانے کی اجازت ہے۔ اگر وہ قلیل ہے تو بغیر آکلین کی رضامندی کے قران کر کے کھانا درست نہیں ہے اور اگر شئ ماکول اتنی کثیر ہے کہ کھانے کے بعد بھی بچ جائے گی تو قران کر سکتے ہیں البتہ آداب مجلس باقی رہیں کہ طمع اور حرص ظاہر نہ ہو۔

علامہ خطابی نے اس نہی کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے ساتھ خاص کیا ہے کیونکہ اس وقت تنگی تھی۔ مگر یہ بات درست نہیں بلکہ العبرۃ لعموم اللفظ لالخصوص المواد۔ بلکہ وہی مذکورہ تفصیل صحیح ہے۔ الحاصل مجلس میں کھجور وغیرہ جیسی چیزوں کو دو۔ دو ملا کر اس طرح کھانا کہ جس میں دوسروں کا حق فوت ہوتا ہوا نظر آئے درست نہیں اور یہ آداب مجلس کے بھی خلاف ہے نیز اس طرح کھانے سے نزاع بھی ہو سکتا ہے اور حرص وطمع جیسی بری خصلت بھی ظاہر ہوتی ہے۔

وفی الباب عن سعدؓ مولی ابی بکر اخرجہ ابن ماجہ۔ ھٰذا حدیث حسن صحیح۔ اخرجہ احمد والبخاری ومسلم وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ۔

رجال حدیث:۔ ابواحمد الزبیری یہ محمد بن عبداللہ بن الزبیری الاسدی الکوفی ہیں اور روایت کرتے ہیں۔ سفیان ثوری۔ مسعر ابن کدام۔ مالک بن انس۔ فطر بن خلیفہ وغیرہ سے اور ان کے شاگرد احمد ابوخیثمہ۔ احمد بن منیع۔ ابراہیم بن سعید الجوہری وغیرہ ہیں۔ ابن نمیر کہتے ہیں کہ یہ طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ صدوق، صحیح الکتاب راوی ہیں۔ ابن معین اور ابن قانع وغیرہ نے بھی انکی توثیق کی ہے ۲۰۳ھ میں وفات پائی۔ عبیداللہ بن موسیٰ بن ابی المختار العبسی ان کے اساتذہ ہشام بن عروہؒ۔ ثوریؒ ابن جریجؒ۔ اعمش اوزاعی وغیرہ ہیں۔ اور شاگرد بخاری، ابوحاتم، وکیع بن الجراح، احمد ابن معین، اسحاق بن راہویہ وغیرہ ہیں ابن معین عجلی اور ابوحاتم وغیرہ نے ان کی توثیق کی ہے۔ ۱۲۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۱۳ھ میں وفات پائی۔ الثوری یہ سفیان بن سعید بن مسروق بن حبیب الثوری ہیں۔ روایت کرتے ہیں اپنے باپ، اور حبیب ابن ابی ثابت، ابواسحاق السبیعی ایوب سختیانی وغیرہ سے اور ان سے روایت کرنے والے ابن عجلان، مالک، ابن عیینہ، یحییٰ القطان وغیرہ ہیں۔ ابن سعد اور نسائی نے انکی توثیق کی ہے ابوعاصم کہتے ہیں کہ سفیان ثوری امیر المومنین فی الحدیث ہیں ۹۷ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۶۱ھ میں بصرہ میں وفات پائی۔ جبلۃ بن سحیم الکوفی، جبلۃ بفتح الجیم والموحدہ۔ سحیم بمہملتین مصغر، الطبقۃ ثالثہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ ۱۲۵ھ میں انتقال ہوا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي اسْتِحْبَابِ التَّمْرِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ وَعَبْدُاللهِ بْنُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانٍ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيْهِ جِيَاعٌ اَهْلُهٗ[1]

---

[1] بیت لاتمر الخ فان التمر کان قوتهم فاذا خلا منها البیت جیاع اهله' کما یقول اهل الاندلس بیت لاتین فیه جیاع اهله' ویقول اهل ایران بیت لازبیب فیه جیاع اهله' وانا اقول مایناسب الحقیقة والشرعة وتصدقه التجربة بیت لازبیب فیه جیاع اهله واهل کل بلد یقولون فی قوتهم الذی اعتادوه مثله' ۱۲ (عارضة الاحوذی)

ترجمہ:۔ حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس گھر میں تمر (کھجور) نہیں اس گھر میں رہنے والے لوگ بھوکے ہیں۔

روایت کا مطلب:۔ امام ترمذیؒ نے حدیث پاک سے استحباب تمر کا مسئلہ ثابت فرمایا ہے وجہ اثبات یہ ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس گھر میں کھجور نہیں تو اس گھر والے گویا بھوکے ہیں۔ معلوم ہوا کہ ہر گھر میں کھجور ہونی چاہیے نیز کھجور کی عظمت اور اسکا مبارک پھل ہونا بھی معلوم ہوا۔ لیکن اصح یہ ہے کہ روایت کا منشا قناعت کی تعلیم دینا ہے اور حدیث کے معنی یہ ہیں کہ جس گھر میں تمر موجود ہو اس گھر والوں کو بھوکا شمار نہ کیا جائے اسلیے تمر بھی ایک قسم کی روزی ہے ہاں البتہ جس گھر میں تمر بھی نہیں وہ گھر بھوکا شمار کیا جائے گا۔ حضرت گنگوہیؒ نے حدیث پاک کے یہی معنی بیان فرمائے ہیں اس کی تائید دوسری روایت سے بھی ہوتی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔ بیت لاتمر فیہ کبیت لا طعام فیہ اخرجہ ابن ماجہ عن سلمانؓ۔ اسی طرح حدیث عائشہؓ کان یاتی علینا الشھر مانوقد فیہ ناراً انما ھو التمر والماء الا ان یوتی باللحم (اخرجہ الشیخان) سے بھی اس معنی کی تائید ہوتی ہے۔

فائدہ:۔ علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ روایت سے تمر کی فضیلت اور گھر والوں کے لئے اس کا ذخیرہ بنانے کا جواز اور زہد و قناعت کی تعلیم معلوم ہوئی۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ مومن کے یہاں کھجور رہنی چاہیے لیکن یہ مخصوص ہے ایسے شہروں کے لیے جہاں کھجور پیدا ہوتی ہے۔

وفی الباب عن سلمیٰؓ امرأۃ ابی رافع اخرجہ ابن ماجہ۔ ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ احمد و مسلم وابوداؤد وابن ماجہ۔

رجالِ حدیث:۔ محمد بن سھل البغدادی، العسکری حافظ ثقہ راوی ہیں۔ امام نسائی ابن عدی نے ان کی توثیق کی ہے امام مسلم، ترمذی، نسائی وغیرہ ان سے روایت کرتے ہیں۔ عبد اللہ بن عبد الرحمن بن الفضل بن بہرام السمرقندی صاحب المسند، حافظ، فاضل، متقن، راوی ہے۔ مسلمؒ، ابوداؤدؒ، ترمذیؒ نے ان سے روایتیں نقل کی ہیں۔ امام بخاریؒ نے بھی غیر صحیح میں روایات نقل کی ہیں وفات ۲۵۵ھ یحییٰ بن حسان التنیسی اہل بصرہ میں سے ہیں طبقہ تاسعہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ سلیمان بن بلال التیمی ابو محمد اور ابوایوب کنیت ہے۔ عبد اللہ بن دینار اور زید بن اسلم۔ شریک بن عبد اللہؒ یحییٰ الانصاری اور جعفر صادق سے روایت نقل کرتے ہیں۔ ان کے شاگرد ان کے بیٹے ایوب ہیں، ابن وہب، ابن مبارک ابو عامر العقدی نیز عبد اللہ بن مسلمہ وغیرہ نے ان سے روایات لی ہیں ابن ابی شیبہ کے علاوہ سب نے ان کی توثیق کی ہے وفات ۱۷۲ھ بالمدینہ ھشام بن عروۃ تابعی ہیں۔ ابن عمرؓ و جابرؓ، سہل بن سعدؓ وغیرہ کی زیارت کی ہے زبردست عالم ہیں اپنے والد عروہ اور چچا عبد اللہ اور ابو سلمہ بن عبد الرحمن اور وہب بن کیسان وغیرہم سے روایت نقل کرتے ہیں ان کے شاگرد ایوب سختیانی ولیث بن سعد و مالک بن انس اور سفیانان و حمادان وغیرہ اکابر محدثین ہیں وفات ۱۴۶ھ عن ابیہ عروہ بن الزبیر ابو عبد اللہ المدنی مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں یہ روایت کرتے ہیں اپنی خالہ عائشہؓ علی ابوہریرہؓ ابن عباسؓ وغیرہم سے ان کے شاگرد محمد بن عبد العزیز اور جعفر صادق ابن ابی ملیکہ۔ اور ایک بڑی جماعت ہے ان کی ولادت ۲۹ھ میں وفات ۹۰ھ کے بعد ہوئی ہے۔

عائشہؓ ام المومنین ام عبد اللہ کنیت ہے ابوبکر صدیق کی بیٹی آپ کی سب بیویوں میں سب سے پیاری بیوی ہیں سب سے زائد علم

وفقہ کی ماہر صائب الرائے شمار کی گئی ہیں۔ آپ ﷺ نے ان کے فضائل بیان فرمائے ہیں جو مناقب میں آرہے ہیں۔ بعثت کے چار پانچ سال بعد پیدا ہوئیں ۱ھ میں آپ کے یہاں آئیں اور انہی کی گود میں آپ ﷺ کا وصال ہوا ہے۔ کل دو ہزار دو سو دس احادیث کی راویہ ہیں۔ ایک سو چوہتر پر شیخین کا اتفاق ہے وصال بعض محققین کے نزدیک ۵۷ھ میں ہے لیکن اکثر محدثین ۱۷ رمضان ۵۸ھ پر متفق ہیں۔ بقیع الغرقد میں مدفون ہوئیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْحَمْدِ عَلَى الطَّعَامِ إِذَا فَرَغَ مِنْهُ

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَمَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَا ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ لَيَرْضٰى عَنِ الْعَبْدِ أَنْ يَّأْكُلَ الْأَكْلَةَ أَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا

ترجمہ:۔ انس بن مالکؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ اس بندے سے خوش ہوتے ہیں جو کوئی لقمہ کھائے یا کوئی گھونٹ پانی پیئے پھر اس پر اللہ کی حمد کرے۔

شرح الفاظ:۔ الاکلۃ نوویؒ کہتے ہیں کہ یہ بفتح الہمزۃ ہے اسی طرح الشربۃ بفتح الشین ہے جو مرۃ کے لئے آتا ہے یعنی ایک مرتبہ سیر ہو کر کھانا اور ایک مرتبہ سیراب ہو کر پینا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اکلہ بضم الہمزۃ بمعنی لقمہ حمد کے اہتمام کے پیش نظر بضم الہمزہ ہی بہتر ہے۔

روایت کا مطلب:۔ پہلی صورت میں روایت کے معنی یہ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ اس بندے سے راضی ہوتے ہیں جو ایک مرتبہ سیر ہو کر کھانا کھالے یا سیر ہو کر ایک مرتبہ پانی پی لے پھر اسکے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد کرے۔ اور دوسری صورت (بضم الہمزۃ) میں معنی یہ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ اس بندہ سے راضی ہوتے ہیں جو ایک لقمہ کھالے یا ایک گھونٹ پانی کا پی لے اور پھر اللہ کی حمد کرے یعنی ہر لقمہ اور ہر گھونٹ کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد کرے چونکہ اس صورت میں حمد زائد ہوگی اس لیے یہی صورت زیادہ بہتر و اولیٰ ہے۔ علامہ ابن بطالؒ کہتے ہیں کہ کھانا کھانے کے بعد حمد مستحب ہے اس پر سبھی کا اجماع ہے۔ نیز علامہ نوویؒ بھی فرماتے ہیں کہ کھانا کھانے اور پانی پینے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد کرنا بالاجماع مستحب ہے۔

ایک اشکال اور اس کا جواب:۔ فراغت طعام و شراب کے بعد تو شکر کی ادائیگی کا حکم ہونا چاہیے نہ کہ حمد کا اس کا جواب یہ ہے کہ حمد تو راس الشکر ہے۔ قال النبی ﷺ الحمد راس الشکر ماشکر اللہ من لم یحمدہ اخرجہ البغوی۔ معلوم ہوا کہ شکر کی ادائیگی کے لئے الفاظ حمد سب الفاظ سے بڑھ کر ہیں۔ بلکہ مذکورہ روایت سے تو معلوم ہوا کہ جس نے اللہ کی حمد نہ کی اس نے اللہ کا شکر ہی ادا نہ کیا۔

حمد علی الطعام کی ادائیگی کے مختلف الفاظ:۔ روایات میں حمد علی الطعام کی ادائیگی کے لیے مختلف الفاظ وارد ہوئے ہیں۔ جن لفظوں سے بھی حمد کی گئی اس سے حمد ادا ہو جائے گی۔ اگر الحمد للہ کہا تب بھی اصل سنت ادا ہو جائے گی۔ چنانچہ بخاری میں حمد کے الفاظ اس طرح وارد ہوئے ہیں۔ الحمد للہ حمدًا کثیرًا طیبًا مبارکًا فیہ غیر مکفی ولا مودع ولا مستغنی عنہ ربنا اسی طرح دوسرے الفاظ الحمد للہ الذی کفانا وارو انا غیر مکفی ولا مکفور بھی بخاری میں آئے ہیں۔ ابوداؤد میں ابوسعید خدریؓ

سے یہ الفاظ منقول ہیں۔ الحمد للہ الذی اطعمنا وسقانا وجعلنا مسلمین۔ نیز ابوداؤد اور ترمذی میں ابوایوب انصاریؓ کی حدیث میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں۔ الحمد للہ الذی اطعم وسقی وسوغہ وجعل لہ مخرجا۔ اسی طرح نسائی کی روایت میں اللھم اطعمت و سقیت و اغنیت و اقنیت وھدیت واحییت فلک الحمد علی ما اعطیت الفاظ وارد ہوئے ہیں۔

وفی الباب عن عقبۃ بن عامرؓ اخرجہ الطبرانی وابونعیم والبیھقی۔ وابی سعیدؓ اخرجہ الترمذی فی ابواب الدعوات حدیث عائشۃؓ اخرجہ ابن المبارک۔ وابی ایوبؓ اخرجہ ابوداؤد والنسائی۔ ابی ھریرۃؓ اخرجہ النسائی وابن حبان والحاکم ھذا حدیث حسن اخرجہ احمد ومسلم والنسائی۔

رجال حدیث: ابو اسامۃ اپنی کنیت کے ساتھ مشہور ہیں ان کا نام حماد بن اسامہ ہے۔ ثقہ ثبت طبقہ تاسعہ کے راوی ہیں یہ روایت کرتے ہیں ہشام بن عروہ۔ اعمش اور ابن جریج وغیرہ سے ان کے شاگرد احمد۔ شافعی اسحاق بن راہویہ قتیبہ وغیرہم ہیں انکی وفات اسی سال کی عمر ۲۰۱ھ میں ہوئی۔ زکریا بن ابی زائدۃ خالد بن میمون بن فیروز الہمدانی الوداعی الکوفی الحافظ یہ روایت کرتے ہیں شعبی وخالد بن سلمہ وعبدالرحمن بن الاصبہانی وابواسحاق وغیرہ سے۔ ان کے شاگرد شعبہ۔ ثوری۔ یحییٰ القطان وغیرہم ہیں۔ احمد ابوداؤد ابن معین وغیرہ نے ان کی توثیق کی ہے ۱۴۹ھ میں وفات پائی۔ سعید بن ابی بردۃ الکوفی الاشعری ابوموسیٰ اشعری کی اولاد میں سے ہیں۔ ثقہ ثبت راوی ہیں۔ طبقہ خامسہ میں سے شمار کیے گئے ہیں۔ ابن عمرؓ سے انکی روایات مرسل ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِی الْاَکْلِ مَعَ الْمَجْذُوْمِ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِیْدِ نِ الْاَشْقَرُ وَاِبْرَاهِیْمُ بْنُ یَعْقُوْبَ قَالَا ثَنَا یُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ الشَّهِیْدِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِیَدِ مَجْذُوْمٍ فَاَدْخَلَهٗ مَعَهٗ فِی الْقَصْعَةِ ثُمَّ قَالَ کُلْ بِسْمِ اللّٰهِ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَتَوَکُّلًا عَلَیْهِ۔

ترجمہ:۔ جابرؓ سے روایت ہے کہ بیشک رسول اللہ ﷺ نے ایک کوڑھی کا ہاتھ پکڑا پس داخل کیا اس کو اپنے ساتھ پیالہ میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ کھا اللہ کا نام لیکر اللہ پر بھروسہ اور اس پر اعتماد کرتے ہوئے۔

تحقیق:۔ مجذوم بمعنی کوڑھی، روایت میں جس کوڑھی کا ذکر ہے اس کا نام معیقیب بن ابی فاطمہ الدوسی ہے۔ یہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے رہتے تھے۔

تشریح:۔ امام ترمذیؒ اکل مع المجذوم کا باب قائم کرکے اس میں آپ ﷺ کا عمل (کہ آپ نے مجذوم کو اپنے ساتھ کھانا کھلایا) ذکر کرکے ایک مستقل ادب تعلیم فرمایا ہے کہ انسان کو اپنے سبھی متعلقین کے ساتھ مواسات اور خیر خواہی کا معاملہ کرنا چاہیے یہاں تک کہ اپنے سے تعلق رکھنے والا شخص خواہ وہ کیسا ہی ہو اپنے کھانے پینے میں اس کو بھی شریک رکھنا چاہیے۔ اور حسن سلوک سے پیش آنا چاہیے۔ نبی کریم ﷺ نے باوجودیکہ معیقیب بن ابی فاطمہ الدوسی کوڑھی شخص تھے اور آپ کے ساتھ کھانا کھانے سے گریز کر رہے تھے مگر آپ ﷺ نے ان کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ کھانا کھلایا اور یہ تلقین فرمائی کہ اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے کھانا کھاؤ اور ہرگز خوف نہ کرو کہ تمہارا مرض مجھ تک متعدی ہو جائے گا کیونکہ امراض کا تعدیہ بغیر حکم الٰہی کے نہیں ہو سکتا۔

کل بسم اللہ ثقۃ باللہ وتوکلا علیہ۔ بظاہر اس عبارت پر یہ وہم ہوتا ہے کہ مجذوم کو تو کوئی خوف نہیں ہوتا کہ اس کو توکل وبھروسہ کی تلقین کی جائے بلکہ اس شخص کو خوف ہوتا ہے جس کے ساتھ یہ کھانا کھا رہا ہے کہ مجذوم کا مرض اسکو نہ لگ جائے
جواب: حضرات محدثینؒ نے آپ ﷺ کے اس ارشاد کے دو مطلب بیان فرمائے ہیں۔ اول جب آپ ﷺ نے مجذوم کا ہاتھ پکڑا اور کھانے کو فرمایا تو مجذوم کو یہ خوف ہوا کہ کہیں میرا مرض آپ ﷺ کو نہ لگ جائے اور لوگ شرم دلائیں کہ تیری وجہ سے آپ ﷺ کو مرض لگ گیا ہے۔ اس وجہ سے آپ نے فرمایا کل بسم اللہ کہ تعدیہ مرض کا خوف نہ کر اور اللہ پر بھروسہ کر کے کھا۔
دوم:۔ آپ ﷺ نے اس مجذوم کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ کھانے کیلئے فرمایا تو مجذوم آپ ﷺ سے کمال محبت کی بنا پر بچ رہا تھا جیسا کہ مریض دائم اپنے گھر میں بچوں اور دیگر اقرباء کے ساتھ کھانے پینے سے بچتا ہے حتی کہ اپنے برتن بھی الگ کرنے کی کوشش کرتا ہے محض اس وجہ سے کہ میرا مرض ان کو نہ لگ جائے اسی طرح اس مجذوم کو یہ خوف ہوا کہ میرا مرض آپ ﷺ کو نہ لگ جائے۔ اس پر آپ ﷺ نے یہ جملہ ارشاد فرمایا کہ اللہ کا نام لیکر اس پر بھروسہ وتوکل کر کے کھا اور میرے بارے میں خائف نہ ہو۔ یہی معنی یہاں اقرب بلکہ متعین ہیں کما قالہ الگنگوھی۔
ایک اشکال اور اسکا جواب:۔ آپ ﷺ نے مجذوم کو پکڑا بھی اور اپنے ساتھ کھانا بھی کھلایا اور اس سے پرہیز نہیں کیا یہ آپ ﷺ کا انتہائی توکل اور اللہ پر بھروسہ کی بات ہے نیز آپ ﷺ نے ایک جگہ ارشاد فرمایا ہے۔ کل مع صاحب البلاء تواضعاً لربك وایمانا (اخرجہ الطحاوی عن ابی ذرؓ) مگر یہاں پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ اس کے برخلاف نبی کریم ﷺ نے فرمایا فر من المجذوم فرارك من الاسد کہ مجذوم سے اس طرح دور رہو جس طرح شیر سے دور رہا جاتا ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ کے قول وفعل میں تعارض ہو گیا۔ عمر فاروقؓ اور عیسیٰ بن دینار مالکیؒ اور دوسرے بعض حضرات سلف نے فرمایا کہ مجذوم سے بچنے کا حکم منسوخ ہے۔ ابتداءً یہ حکم رہا ہے بعد میں اکل مع المجذوم ثابت ہے مگر بہتر تطبیق یہ دی گئی ہے کہ اگر کسی شخص کو اللہ تعالیٰ پر اعتماد کامل ہو تو ایسے شخص کو یہ گنجائش ہے کہ وہ مجذوم کے ساتھ کھالے ورنہ اجتناب بہتر اور احتیاط ہے[1] کیونکہ بعض مرتبہ من جانب اللہ مرض کا فیصلہ ہوتا ہے اور مجذوم سے مخالطت بظاہر سبب مرض بن جاتی ہے تو ایسی صورت میں اعتقاد میں تزلزل ہو سکتا ہے جس سے ایمان بھی خطرہ میں پڑ جانے کا اندیشہ ہے اس لئے بہتر یہی ہے کہ اجتناب کیا جائے۔ سنا ہے حضرت مدنیؒ کے یہاں کوئی کوڑھی تھا جس سے لوگ پرہیز کرتے تھے مگر حضرتؒ اس کو بعض مرتبہ اپنے ساتھ کھانا کھلایا کرتے تھے۔[2] ھذا حدیث غریب اخرجہ ابوداؤد والنسائی وغیرہ یہ روایت صرف یونس بن محمد عن المفضل کے طریق سے منقول ہے۔

---

[1] حمل الامر باجتناب علی الاستحباب والا کل معہ علی بیان الجواز و حکی قول ثالث ای ترجیح الاخبار الدالۃ علی نفی العدوی و تزییف الاخبار الدالۃ علی عکس ذالك ۱۲ اوجز ۶ ص ۳۴۹

[2] خلاصۃ المقال فی دفع التعارض بین الاحادیث فی امر المجذوم ان العلماء سلکوا فیہ مسلکین مسلك الترجیح و مسلك الجمع اما مسلك الترجیح فسلك فیہ فریقان احدھما مسلك الترجیح الاخبار الدالۃ علی نفی العدوی و تزییف الاخبار الدالۃ علی عکس ذلك مثل حدیث الباب فاعلوہ بالشذوذ بان عائشۃ انکرت ذلك فاخرج الطبری عنھا ان امراۃ سالتھا عنہ فقالت ماقال ذلك رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولکنہ قال لاعدوی وقال من اعدی الاول قالت وکان لی مولی بہ ھذا الداء فکان یاکل فی صحافی ویشرب فی اقداحی وینام علی فراشی وبان الروایات الدالۃ علی نفی العدوی کثیرۃ شھیرۃ والجواب عن ذلك ان طریق الترجیح لایصار الیھا الا مع تعذر الجمع وھو ممکن فھو اولی (بقیہ اگلے صفحہ پر)

قوله المفضل بن فضالة شيخ آخر مصري: امام ترمذیؒ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ مفضل بن فضالۃ نام کے دو شیخ ہیں ایک بصری دوسرے مصری جن کا ذکر روایت میں ہے وہ بصری ہیں بالباء الموحدہ جو کہ ضعیف ہیں اور دوسرے مصری و قتبانی کہلاتے ہیں انکی کنیت ابو معاویہ ہے قاضی۔ ثقہ۔ فاضل۔ عابد ہیں۔ لیکن ابن سعد سے سہو ہو گیا کہ انھوں نے ان کو ضعیف قرار دیا ہے۔ یہ طبقہ ثامنہ میں سے ہیں۔ وروی شعبة هذا الحديث الخ: امام ترمذیؒ اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اس روایت کو جس طرح مفضل نے حبیب بن شہید سے نقل کیا ہے اسی طرح شعبہ نے بھی اس روایت کو حبیب بن شہید سے نقل کیا ہے اور انہوں نے حضرت عمرؓ کا واقعہ قرار دیا۔ نیز شعبہ والے طریق میں حبیب کے استاذ ابن بریدہ ہیں اور مفضل والے طریق میں محمد بن منکدر ہیں اوران کے استاذ جابرؓ ہیں اور یہاں ابن بریدہ سے مراد عبداللہ ہیں چونکہ امام بزار نے ضابطہ بیان کیا کہ جب علقمہ بن مرثد۔
محارب بن دثار اور محمد بن جحادہ ابن بریدہ سے نقل کرتے ہیں تو وہاں ابن بریدہ سے مراد سلیمان ہوتے ہیں۔ اسی طرح جب اعمش ابن بریدہ سے نقل کریں تب بھی وہاں سلیمان بن بریدہ مراد ہوتے ہیں اوران کے علاوہ جب ابن بریدہ کہہ کر لوگ روایت نقل کریں تو ان سے مراد عبداللہ بن بریدہ ہوتے ہیں۔

وحديث شعبة اشبه عندي واصح: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ شعبہ کی روایت میرے نزدیک زیادہ بہتر اور اصح ہے جس میں عمرؓ کا واقعہ مذکور ہے لیکن یہ روایت منقطع ہے کہ کیونکہ ابن بریدہ نے عمر فاروقؓ سے نہیں سنا۔ کما قال ابوزرعہ۔

والطريق الثاني سلكوا في الترجيح عكس هذا فردوا حديث لا عدوى بان ابا هريرة رجع عنه اما شكه فيه واما ثبوت عكسه عنه فقد اخرج البخاري عن ابي سلمة عن ابي هريرة رفعه لاعدوى ولا صفر (الحديث) وعن ابي سلمة سمع ابا هريرة بعد الرواية الاولى يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يوردن ممرض على مصح و انكر ابوهريرة الحديث الاول وقلنا الم يحدث انه لا عدوى فرطن بالحبشة قال ابو سلمة فما رأيته نسي حديثا غيره قال الحافظ قالوا والاحاديث الدالة على الاجتناب اكثر مخارج واكثر طرقا فالمصير اليه اولى وما حديث جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم اخذ بيد مجذوم فوضعها في القصعة وقال كل ثقة بالله فيه نظر وقد اخرجه الترمذي و بين الاختلاف فيه ورجح وقفه على عمرؓ و على تقدير ثبوته فليس فيه انه صلى الله عليه وسلم اكل معه وانما فيه انه وضع يده في القصعة قاله الكلاباذي في معاني الاخبار. الجواب عن هذا كالقول السابق ان طريق الجمع اولى من الترجيح ايضا فان حديث لاعدوى ثبت من غير طريق ابي هريرة فصح عن عائشةؓ و ابن عمرؓ و سعد بن ابي وقاصؓ و جابرؓ و غيرهم فلا معنى لاعدوى كونه معلولاً وفي طريق الجمع مسالك اخرى احدها نفي العدوى جملة والامر بالفرار عليه حاطة المجذوم لانه لا ارى الصحيح عقلت مصيبت واشتد اسفه، على ما ابتلاه ونسي سائر ما انعم الله عليه فيكون سببا لمحنة اخيه المسلم. ثانيها حمل الخطاب بالنفي والاثبات على حالتين مختلفتين فحيث جاء لاعدوى كان المخاطب بذلك من قوي يقينه وصح توكله بحيث يستطيع ان يدفع عن نفسه اعتقاد العدوى وعلى هذا يحمل حديث جابرؓ في الاكل مع المجذوم و سائر ما ورد من جنسه وحيث جاء فر من المجذوم كان المخاطب بذلك من ضعف يقينه فلا يكون له قوة على دفع اعتقاد العدوى فاريد بذلك سد باب اعتقاد العدوى عنه بان لا يباشر ما يكون سببا لاثباتها وقد فعل صلى الله عليه وسلم كلا الامرين ليتأسى به كل من الطائفتين. ثالثها ماقال الباقلاني وابن بطال والقسطلاني اثبات العدوى في الجذام و نحوه مخصوص من عموم نفي العدوى. فيكون المعنى لاعدوى الامن المجذوم والبرص والجرب مثلاً رابعها طريق ابن قتيبة قال المجذوم تشتد رائحته حتى يسقم من اطال مجالسته و محادثته و مضاجعته و كذا يقع كثيرا بالمرأة من الرجل وعكسه وكذا يأمر الاطباء بترك مخالطة المجذوم لا على طريق العدوى بل على طريق التأثر بالرائحة قال ومن ذلك قوله صلى الله عليه وسلم لا يورد ممرض على مصح لان الجرب الرطب قد يكون بالبعير فاذا خالط الابل او حككها و صل اليها بالماء الذي يسيل منه قال واما قوله لا عدوى فله معنى آخر ايضاً و هوان يقع المرض بمكان كا لطاعون فيفر منه مخافة ان يصيبه لان فيه نوعا من الفرار من قدر الله. خامسها ان المراد بالنفي ان شيئا لايعدي بطبعه نفيا لما كانت الجاهلية تعتقده واكل مع المجذوم ليبين ان الله هو الذي يمرض و يشفي ونهاهم عن الدنو ليبين لهم ان هذا من الاسباب التي اجرى الله العادة بانها تفضي الى مسبباتها و على هذا جرى اكثر الشافعية سادسها لاعدوى اصلا وراساً والامر بالفرار سدًّا للذريعة لئلا يحدث للمخالط شيء فيظن انه بسبب المخالطة فيثبت العدوى المنفي فامر صلى الله عليه وسلم بالتجنب شفقةً على امته ذهب اليه ابو عبيد و تبعه جماعة. اوجز ۱ص ۳۳۰

رجال حدیث: احمد بن سعید الاشقر حافظ کہتے ہیں کہ یہ احمد بن سعید بن ابراہیم الرباطی المروزی ابوعبداللہ الاشقر ہیں۔ طبقہ حادی عشرہ میں سے ثقہ حافظ راوی ہیں۔ ابراھیم بن یعقوب الحافظ الجوز جانی بضم الجیم الاولی یہ کتاب الجرح والتعدیل کے مصنف ہیں۔ دمشق میں رہے۔ ان کے شاگرد ابوداؤد، ترمذی اور نسائی ہیں اور یہ انکی توثیق کرتے ہیں دار قطنی کہتے ہیں کہ یہ حفاظ مصنفین میں سے ہیں حافظ تقریب میں کہتے ہیں کہ ثقہ حافظ راوی ہیں ۲۵۹ھ میں وفات پائی۔ یونس بن محمد بن مسلم ابومحمد البغدادی الحافظ المؤدب روایت کرتے ہیں عبیداللہ بن عمر، سفیان بن عبدالرحمن، حرب بن میمون، لیث بن سعد اور حمادین وغیرہ سے اور ان سے روایت کرنے والے احمد بن حنبل، علی بن المدینی، ابوخیثمہ، مجاہد بن موسیٰ، عبداللہ بن سعد، ابوبکر بن ابی شیبہ اور دیگر حضرات ہیں، یعقوب بن ابی شیبہ ان کے متعلق فرماتے ہیں "ثقہ ثقہ" اور ابن معین نے بھی ثقہ اور ابو حاتم نے صدوق کہا ہے ابن حبان نے بھی ثقات میں ذکر کیا ہے۔ صفر ۲۰۷ھ میں وفات پائی المفضل بن فضالہ ابن ابی امیہ المصری۔ ان کی کنیت ابومالک ہے۔ مبارک ابن فضالہ کے بھائی ہیں۔ طبقہ تاسعہ میں سے ضعیف راوی ہیں۔ کذا فی التقریب۔ اور تہذیب التہذیب میں ہے کہ یہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ فضالہ سے اور حبیب بن شہید وغیرہ سے اور ان سے یونس بن محمد المؤدب وغیرہ روایت نقل کرتے ہیں امام نسائی نے انکو لیس بالقوی کہا ہے اور ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا ہے۔ حبیب بن الشہید ابومحمد الازدی المصری۔ یہ روایت کرتے ہیں۔ حسن۔ عطاء۔ عکرمہ۔ ابی اسحاق السبیعی وغیرہم سے اور ان کے شاگرد ثوری۔ حماد بن سلمہ۔ شعبہ یحییٰ بن سعید وغیرہم ہیں احمد۔ نسائی۔ عجلی۔ دار قطنی۔ ابن معین اور ابو حاتم نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ عمر ۶۶ سال ۱۴۵ھ میں وفات پائی۔ محمد بن المنکدر بن عبداللہ بن الہدیر بالتصغیر ابن عبدالعزی التیمی روایت کرتے ہیں عائشہؓ، ابوہریرہؓ، جابرؓ، ابن عمرؓ، ابن الزبیرؓ اور انسؓ وغیرہم سے اور ان سے روایت کرنے والے مالک بن انس، ابن جریج، زہری، شعبہ، سفیانان وغیرہم ہیں۔ ابن معین، ابو حاتم اور عجلی نے انکی توثیق کی ہے ۱۳۰ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَاْكُلُ فِىْ مِعًى وَّاحِدٍ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْكَافِرُ يَاْكُلُ فِىْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ وَالْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ فِىْ مِعًى وَّاحِدٍ۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کافر سات انتڑیوں میں کھاتا ہے اور مومن ایک انتڑی میں کھاتا ہے۔

لفظ معی کی تحقیق: معًی حافظ فرماتے ہیں کہ یہ بکسر المیم مقصوراً ہے اور یہی لغت مشہور ہے۔ بعض حضرات نے بسکون العین بھی نقل کیا ہے۔ نیز فتح میم اور مد بھی منقول ہے یعنی معاء۔ لیکن علامہ زرقانی کہتے ہیں کہ اشہر لغت بکسر المیم مقصوراً ہی ہے۔ مقصور کی صورت میں اس کی جمع امعاء آتی ہے جیسے عنب کی جمع اعناب ہے اور ممدود کی صورت میں اس کی جمع امعیۃ آتی ہے جیسے حمار و احمرۃ حافظ فرماتے ہیں کہ ابو حاتم سجستانی نے کہا کہ معی مذکر ہے اور میں نے کسی معتمد آدمی کو مؤنث پڑھتے نہیں سنا کہ اس نے معی واحدۃ کہا ہو۔ ہاں البتہ غیر معتمد افراد معی کو مؤنث پڑھتے ہیں۔

روایت کا مطلب و مقصد:۔امام ترمذیؒ نے حسب عادت روایت کے الفاظ کو ہی ترجمۃ الباب بنادیا ہے۔حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت بالاتفاق اپنے ظاہری معنی پر نہیں ہے کیونکہ بہت سے کافر مسلمان کے مقابلہ میں کم کھانے پینے والے ہوتے ہیں۔ علامہ زرقانیؒ نے فرمایا کہ علماء نے اس روایت کی دس سے زیادہ توجیہات بیان فرمائی ہیں۔اول یہ حدیث غالب احوال کے اعتبار سے ہے اور عدد کی تعیین مقصود نہیں بلکہ مراد مومن کے کم کھانے کو اور کافر کے زائد کھانے کو بیان فرمانا ہے۔ کما قال تعالی والذین کفروا یتمتعون ویاکلون کما تاکل الانعام الخ اور روایت میں سات کا عدد محض تکثیر کے لئے ہے کما فی قولہ تعالی والبحر یمدہ من بعدہ سبعۃ ابحر مانفدت کلمات اللہ۔الی اصل مومن کی شان کھانے پینے میں تقلیل کو اختیار کرنا ہے کیونکہ وہ عبادت میں زائد مشغول رہتا ہے اور اس کا کھانا بھی محض بھوک کی بندش اور عبادت پر مدد کے لئے ہوتا ہے نیز اسے خوف ہوتا ہے کہ اگر زائد کھائے گا تو زیادہ حساب دینا ہوگا۔ برخلاف کافر کے وہ زائد کھاتا ہے کیونکہ اس کا مقصد الگ ہے۔علامہ قرطبیؒ کہتے ہیں کہ یہ قول ارجح الاقوال ہے۔دوم علامہ نوویؒ فرماتے ہیں روایت کا مطلب یہ ہے کہ کافر چونکہ خواہش نفسانی کی وجہ سے کھاتا ہے اور جب تک ساتوں انتڑیاں نہ بھر جائیں کھاتا ہی چلا جاتا ہے اس کے برخلاف مومن بقدر ضرورت کھاتا ہے کہ ایک انتڑی کے پر ہو جانے سے سیر ہو جاتا ہے۔سوم مومن اللہ کا نام لیکر کھاتا اور پیتا ہے تو اسکے ساتھ شیطان شریک نہیں ہوتا لہٰذا اس کو تھوڑا ہی کھانا کافی ہو جاتا ہے۔ اور کافر اللہ کا نام نہیں لیتا تو شیطان کھانے میں اس کے ساتھ شریک ہو جاتا ہے پھر اس میں برکت بھی نہیں رہتی کہ زائد کھانا کھالیتا ہے چنانچہ روایات میں وارد ہوا ہے۔ان الشیطان یستحل الطعام ان لم یذکر اسم اللہ تعالی علیہ اخرجہ مسلم۔اور بھی روایات ہیں جو اس مضمون پر دلالت کرتی ہیں۔چہارم روایت میں مسلم سے مراد کامل اسلام والا مسلم ہے۔کیونکہ جس کا ایمان و اسلام مکمل ہوگا وہ یقیناً موت اور مابعد الموت کی طرف مائل ہوگا کہ شدت خوف کثرت فکر اور اپنے نفس کو شہوات سے بچانے میں لگا رہے گا تو لامحالہ اس کے کھانے میں قلت ہوگی کما ورد فی الحدیث عن ابی امامۃؓ مرفوعاً من کثر تفکرہ قل طعامہ ومن قل تفکرہ کثر طعامہ وقسا قلبہ یعنی جو شخص زیادہ فکر مند ہوگا اس کا کھانا قلیل ہوگا اور جس کو فکر کم ہوگی اس کا کھانا زائد ہوگا اور اسکا دل سخت ہوگا۔ ابو سعید خدریؓ سے بھی مروی ہے ان ھذہ المال حلوۃ خضرۃ فمن اخذہ باشراف نفس کان کالذی یاکل ولا یشبع۔پنجم بعض حضرات فرماتے ہیں روایت کے معنی یہ ہیں کہ مسلم فقط حلال کھاتا ہے اور کافر حرام کھاتا ہے اور ظاہر ہے کہ حلال بہ نسبت حرام کے کم یاب ہے نقلہ ابن التین۔ششم دراصل روایت کا مقصد مومن کو کم کھانے کی ترغیب دینا ہے کیونکہ جب مومن کو یہ معلوم ہوگا کہ کافر زیادہ کھانا کھاتا ہے تو یقیناً وہ کافر کی اس صفت ذمیمہ سے پرہیز کرے گا۔ہفتم علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں شہوات طعام سات ہیں۔ شہوت طبع۔شہوت نفس۔شہوت عین۔شہوت فم۔شہوات اذن۔شہوت انف۔شہوت جوع[1]۔یہ آخری شہوت جوع ضروری ہے۔ مومن اسی خواہش کی بناء پر کھانا کھاتا ہے بخلاف کافر شخص کے کہ وہ ساتوں شہوتوں اور خواہشوں کی بناء پر کھاتا ہے۔ہشتم علامہ نوویؒ

---

[1] اختلفوا فی حد الجوع علی رائین ذکرھما فی الاحیاء احدھما ان یشتھی الخبز وحدہ فمتی طلب الادم فلیس بجائع ثانیھما انہ اذا وقع ریقہ علی الارض لم یقع علیہ الذباب وذکر ایضاً مراتب الجوع تنحوع علی سبعۃ الاول مایقوم بہ الحیاۃ الثانی ان یزید حتی یصلی قائماً ویصوم وھذان واجبان الثالث ان یزید حتی یقوی علی اداء النفل الرابع ان یزید حتی یقدر علی الکسب وھذان مستحبان الخامس ان یملأ الثلث وھذا جائز۔ السادس ان یزید بہ یثقل البدن و یکثر النوم وھذا مکروہ السابع ان یزید حتی یتضرر وھذا حرام ۱۲ وجز۔

قال ابن التین ان الناس فی الاکل علی ثلث طبقات طائفۃ تاکل کل مطعوم من حاجۃ و بغیر حاجۃ وھذا فعل اھل الجھول وطائفۃ تاکل عند الجوع بقدر مایسد الجوع حسب طائفۃ یجوعون انفسھم یقصدون بذالک قمع شھوۃ الانفس واذا اکلوا اکلوا مایسد الرمق ۱۲ فتح

فرماتے ہیں ممکن ہے کافر کے بارے میں سات انتڑیوں سے مراد سات صفات ہوں ا۔ حرص ۲۔ شرہ ۳۔ طول امل ۴۔ طمع ۵۔ سوء طبع ۶۔ حسد ۷۔ حب سمن۔ اور مؤمن کے بارے میں ایک انتڑی سے مراد دفع ضرورت ہے اب روایت کا مطلب یہ ہوا کہ کافر ان صفات کے ساتھ متصف ہوتا ہے کہ ان صفات مذمومہ کو ملحوظ رکھتے ہوئے کھاتا ہے اور مؤمن صرف دفع ضرورت کے لئے کھاتا ہے۔ نہم حافظ ابن عربیؒ کہتے ہیں کہ سات انتڑیاں کنایہ ہے حواسِ خمس ۵ و شہوت ۶ و حاجت ۷ سے جس کا مطلب یہ ہے کہ کافر حواسِ خمس اور شہوت و حاجت ساتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے کھاتا ہے برخلاف مؤمن کے کہ وہ صرف حاجت کو ملحوظ رکھتے ہوئے کھاتا ہے۔ دہم دراصل یہ حدیث مخصوص اشخاص کے بارے میں فرمائی گئی ہے جیسا کہ آئندہ والی روایت میں صراحۃً مذکور ہے لہٰذا۔ الکافر پر الف لام اسی طرح المؤمن پر عہدی ہے نہ کہ جنسی وبہ جزم ابن عبدالبر۔ یازدہم حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے ایک اور قول بھی نقل فرمایا کہ دراصل روایت میں مؤمن اور کافر دونوں کی مثال بیان کرنا مقصود ہے کہ مؤمن کا حال تو دنیا میں زہد کا ہے اور کافر کا حال حرص کا ہے یعنی مؤمن دنیا کو بقدر ضرورت اختیار کرتا ہے اور اس کو دنیا و متاعِ دنیا سے بقدر ضرورت ہی تعلق ہوتا ہے اور کافر کو دنیا و متاعِ دنیا کی حرص ہوتی ہے کہ اس کی طرف ہر وقت مائل رہتا ہے ظاہر یہ ہے کہ یہ قول مستقل نہیں ہے بلکہ اول قول کا ہی خلاصہ ہے اسی طرح دوسرے اقوال میں متقارب المعنی ہیں کہ بعض کا تداخل بعض میں ہوسکتا ہے۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم واکمل۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح۔ اخرجہ احمد والشیخان وابن ماجہ۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ الترمذی۔ وابی سعیدؓ اخرجہ ابو یعلی والطحاوی والدارمی ابو نضرۃ[1] ابی موسیٰؓ اخرجہ مسلم وابن ماجہ جھجاہ الغفاریؓ اخرجہ ابن ابی شیبہ وابو یعلی والطبرانی والبزار و میمونۃؓ اخرجہ احمد عبداللہ عمرؓ واخرجہ الطبرانی۔

رجالِ حدیث:۔ یحییٰ بن سعید بن فروخ القطان روایت کرتے ہیں یحییٰ بن سعید الانصاری۔ اوزاعی۔ ابن جریج اور مالک ابن انس وغیرہم سے اور ان سے روایت کرنے والے شعبہ، سفیانان، ابن معین، اسحاق، ابن ابی شیبہ، احمد وغیرہم ہیں۔ ابوزرعہ، احمد، ابن سعد اور نسائی وغیرہ نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ ۱۲۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۹۸ھ میں وفات پائی۔

عبداللہ بن ابی زیاد۔ ان کے مشائخ میں ابوالزبیر، یعقوب ابن ابراہیم۔ ابوالطفیل۔ شہر بن حوشب اور قاسم بن محمد وغیرہ ہیں اور شاگرد ابو عاصم یحییٰ بن سعید، وکیع، سفیان ثوری اور ابو حنیفہ وغیرہ ہیں امام عجلی نے ثقہ اور ابن معین نے ضعیف کہا ہے ۱۵۰ھ میں وفات پائی۔ نافع العدوی عمر بن الخطاب کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ ثقہ ثبت فقیہ راوی ہیں۔ روایت کرتے ہیں ابن عمرؓ، ابو ہریرہؓ، عائشہؓ، ابو سعید الخدریؓ وغیرہم سے اور ان کے شاگرد ایوب، ابن جریج، مالک، یحییٰ بن سعید ہیں۔ امام عجلیؒ۔ ابن خراش اور نسائی نے ان کی توثیق کی ہے ۱۲۰ھ میں وفات پائی۔

---

[1] قوله ابو نضرة في النسخه اما حديث ابي نضرة فلم اقف عليه اعلم انه قد وقع في النسخ الحاضرة عن ابي نضرة بالنون والضاد المعجمه ولم اقف على من كنيته ابو نضرة بالنون والضاد المعجمه من الصحابه نعم ابو بصرة بالموحدة والصاد المهمله صحابي قال في التقريب هو حميل بالحاء المهملة مثل حميد لكن في آخر لام وقيل بفتح اوله وقيل بالجيم ابن بصرة بفتح الموحدة ابن وقاص ابو بصرة الغفاري صحابي سكن مصر ومات بها انتهى وقد روي عنه ما يتعلق بالباب ففي مسند احمد عن ابي بصرة الغفاري قال اتيت النبي ﷺ لما هاجرت وذلك قبل ان اسلم فحلب لي شويهة كان يحتلبها لاهله فشربتها فلما اصبحت اسلمت. الحديث وفيه ان الكافر ياكل في سبعة امعاء الخ ۱۲

حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ مُوْسٰى ثَنَا مَعْنٌ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ سُهَيْلِ ابْنِ أَبِيْ صَالِحٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَافَهُ ضَيْفٌ كَافِرٌ فَأَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ ثُمَّ أُخْرٰى فَشَرِبَ بِهٖ ثُمَّ أُخْرٰى فَشَرِبَ بِهٖ حَتّٰى شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِيَاهٍ ثُمَّ أَصْبَحَ مِنَ الْغَدِ فَأَسْلَمَ فَأَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ أَمَرَ لَهُ بِأُخْرٰى فَلَمْ يَسْتَتِمَّهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُ يَشْرَبُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرُ يَشْرَبُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

ترجمہ:۔ حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ بیشک رسول اللہ ﷺ کے یہاں ایک کافر مہمان ہوا پس حکم دیا اس کے لئے آپ ﷺ نے ایک بکری کے بارے میں کہ وہ دودھ لی جائے پھر پی لیا اس نے وہ دودھ پھر حکم دیا دوسری بکری کے دودھ لینے کا پس اس کو بھی پی لیا۔ پھر آپ نے اور بکری دوہنے کا حکم دیا تو اسکو بھی پی لیا حتی کہ سات بکریوں کا دودھ پی گیا۔ پھر اگلے دن صبح کو وہ اسلام لے آیا تو آپ ﷺ نے اس کے لئے ایک بکری دوہ لینے کا حکم فرمایا تو وہ دوہی گئی پس پی لیا اس نے اس کا دودھ پھر حکم دیا آپ نے دوسری بکری دودھ لینے کا وہ دوسری کا دودھ پورا نہ پی سکا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ مومن پیتا ہے ایک آنت میں اور کافر پیتا ہے سات آنتوں میں۔

ضافہ ضیف۔ آپ ﷺ کے یہاں یہ کافر جو مہمان ہوا اور بعد میں اسلام لے آیا کون تھا؟ اس سلسلہ میں مختلف روایات میں مختلف نام وارد ہوئے ہیں۔ چنانچہ حافظ ابن عبد البرؒ، ابن ابی شیبہؒ، ابویعلیٰ بزاز اور طبرانی نے جو روایت نقل کی ہے اس سے اس رجل کا نام جہجاہ غفاری معلوم ہوتا ہے اور مذکورہ فی الحدیث واقعہ اپنی اپنی سندوں کے ساتھ اسی جہجاہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں۔ مگر احمد بن حنبلؒ ابومسلم کجی، قاسم بن ثابت اور بغوی نے نضلہ بن عمرو کا واقعہ بیان کیا ہے اور احمد حنبلؒ، ابوعبیدؒ، اور عبدالغنی بن سعیدؒ نے ابوبصرہ غفاری اور بعض نے کہا کہ بصرۃ ابن ابی بصرۃ الغفاری کا واقعہ ذکر کیا ہے اور ابن اسحاق۔ باجی اور ابن بطال نے ثمامہ بن اسحاق الحنفی کا قصہ بیان کیا ہے۔ اسی طرح ابن اسحاق نے سیرت میں ثمامہ بن اثال کے بارے میں یہ حدیث ذکر کی ہے۔ اور طبرانی نے بسند جید ابن عمرؓ سے روایت ذکر کی ہے تو اس روایت میں ابوغزوان نام مذکور ہے لیکن یاد رہے کہ قصہ سب کا ایک ہی طرح کا ہے ممکن ہے واقعات میں تعدد ہو یا بعض نے نام ذکر کیا ہو اور بعض نے کنیت ذکر کی ہو۔

هٰذا حديث حسن صحيح غريب۔ اخرجہ احمد و مسلم

رجال حدیث:۔ اسحٰق بن موسیٰ الانصاری الخطمی المدنی الفقیہ الحافظ الثبت ان کے استاذ سفیان بن عیینہ، عبدالسلام بن حرب اور معن بن عیسیٰ ہیں اور شاگرد مسلمؒ، ترمذی، نسائی وغیرہم ہیں۔ حافظ تقریب میں کہتے ہیں کہ یہ ثقہ متقن راوی ہیں ۲۴۴ھ میں وفات پائی۔ معن بن عیسیٰ ابویحییٰ المدنی القزاز الاشجعی ان کے مشائخ ابن ابی ذئب، معاویہ بن صالحؒ، مالک، ابراہیم بن طہمان۔ ہشام بن سعد وغیرہم ہیں اور شاگرد ابن معین، ابن المدینی، ابوخیثمہ، قتیبہ اور حمیدی وغیرہم ہیں۔ ابن معین، ابن حبان اور ابن سعد نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ شوال ۱۹۸ھ میں مدینہ میں وفات پائی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ طَعَامِ الْوَاحِدِ يَكْفِي الْاِثْنَيْنِ

حَدَّثَنَا الْأَنْصَارِيُّ ثَنَا مَعْنٌ ثَنَا مَالِكٌ ح وَثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامُ الْاِثْنَيْنِ كَافِي الثَّلَاثَةِ وَطَعَامُ الثَّلَاثَةِ كَافِي الْأَرْبَعَةِ

ترجمہ:۔ ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دو آدمیوں کا کھانا تین کو کافی ہے اور تین کا کھانا چار کو کافی ہے۔

روایت کا مطلب اور مقصد:۔ روایت کا مطلب یہ ہے کہ دو آدمیوں کا پیٹ بھر کھانا تین کیلئے کفایت کرے گا۔ مہلب کہتے ہیں کہ اس قسم کی احادیث سے مقصود مکارم اخلاق کی ترغیب دینا ہے اور کفایت شعاری وقناعت کی تعلیم مقصود ہے یعنی جب دو آدمیوں کے لائق کھانا ہو تو تیسرے آدمی کو شریک کر لینا چاہیے بلکہ جتنا ہو سکے وسعت سے کام لیتے ہوئے اور زائد کو بھی شریک کر لیں اور سب مل کر ایک دوسرے کی رعایت کرتے ہوئے اسطرح کھائیں کہ ہر آدمی یہ سوچے کہ میرا بھائی مجھ سے زائد کھالے تو ایسی صورت میں حسن نیت اور اجتماعیت کی برکت سے تھوڑا کھانا زائد آدمیوں کو کافی ہوگا۔ اور روایت میں اعداد کی تعیین مقصود نہیں ہے چونکہ روایات مختلف وارد ہوئی ہیں۔ چنانچہ مسلم نے حضرت عائشہؓ سے مرفوعاً طعام الواحد يكفي الاثنين وطعام الاثنين يكفي الاربعة وطعام الاربعة يكفي الثمانية نقل کی ہے، اور ابن ماجہ میں طعام الواحد يكفي الاثنين وان طعام الاثنين يكفي الثلثة والاربعة (الحدیث) مروی ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی روایات ہیں سب کا حاصل مقدار کفایت میں حصر نہیں بلکہ مقصود کفایت وقناعت کی تعلیم ہے۔

وفي الباب عن ابن عمرؓ اخرجہ الطبرانی۔ جابرؓ اخرجہ الترمذی ومسلم والنسائی واحمد۔

هٰذا حديث حسن صحيح۔ اخرجہ مالک والشیخان

رَوَىٰ جَابِرٌ بْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الْاِثْنَيْنِ وَطَعَامُ الْاِثْنَيْنِ يَكْفِي الْاَرْبَعَةَ وَطَعَامُ الْاَرْبَعَةِ يَكْفِي الثَّمَانِيَةَ۔

ترجمہ:۔ جابرؓ وابن عمرؓ روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ سے کہ ایک آدمی کا کھانا دو کو کافی ہے اور دو کا کھانا چار کو کافی ہے اور چار کا کھانا آٹھ آدمیوں کو کافی ہے۔

مطلب:۔ شرح السنہ میں اسحاق بن راہویہ نے جریر سے روایت کی تاویل یہ نقل کی ہے کہ ایک شخص کا پیٹ بھر کھانا دو کے لئے کافی ہے اسی طرح دو شخصوں کا پیٹ بھر کھانا چار کو اور چار کا پیٹ بھر کھانا آٹھ شخصوں کو کافی ہو جاتا ہے۔ عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں اس روایت کی تفسیر وہ ہے جو عمر فاروقؓ نے فرمائی کہ میرا ارادہ یہ ہے کہ ہر گھر والے کے ذمہ اتنے ہی افراد مزید بڑھادوں جتنے اس گھر میں ہیں کیونکہ آدمی اپنی نصف خوراک پر ہلاک نہیں ہو سکتا ہے۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ مثل سابق اس روایت میں بھی کھانے کے سلسلہ میں آپس میں ایک دوسرے کی ہمدردی کی ترغیب دینا ہے خواہ کھانا قلیل ہی ہو چونکہ جب بنیت ہمدردی کھانا کھایا جائے گا تو کفایت مقصودہ حاصل ہو جائیگی اور اس کھانے میں ایسی برکت نازل ہوگی کہ تمام حاضرین کو کافی ہو جائیگا۔ چنانچہ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ کی روایت بھی اس پر دلالت کرتی ہے جس کی طرف ترمذیؒ نے اشارہ کیا ہے اس کے الفاظ یہ ہیں كلوا جميعا ولا تفرقوا فان طعام الواحد يكفي الاثنين (الحدیث) یعنی ایک ساتھ کھاؤ الگ الگ نہ کھاؤ چونکہ تھوڑا کھانا زائد افراد کو اجتماع کی برکت سے کفایت کرے گا۔ معلوم ہوا کہ منشاء کفایت برکت اجتماع ہے لہٰذا مجمع جس قدر زیادہ ہوگا برکات بھی اتنی ہی زائد ہوں گی۔

حدثنا محمد بن بشار الخ امام ترمذیؒ حضرت جابرؓ کی روایت کی اپنی سند بیان فرمائی ہے اس روایت میں ابوسفیان راوی آئے ہیں ان کا نام طلحہ بن نافع الواسطی الاسکاف ہے یہ طبقہ رابعہ میں سے ہیں۔

رجال حدیث:۔ ابی الزناد یہ عبداللہ بن ذکوان المدنی المکی القرشی ہیں۔ روایت کرتے ہیں سعید بن المسیب، عروۃ بن الزبیر اور اعرج وغیرہم سے اور ان سے روایت کرنے والے مالک۔ لیث سفیانان وغیرہم ہیں۔ امام احمد بن حنبلؒ نے ان کو ثقہ امیر المؤمنین فی

الحدیث اور ابن معین نے ثقہ حجت اور ابن سعد نے ثقہ کثیر الحدیث کہا ہے ۱۷ رمضان ۱۳۰ھ میں شب جمعہ کو اچانک انتقال فرما گئے۔

الاعرج یہ عبدالرحمن بن ہرمز الہاشمی ہیں۔ ابن عباسؓ، معاویہؓ، ابوسعید الخدریؓ اور ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں اور ان کے شاگرد زہریؒ، صالح بن کیسان، ایوب، یحییٰ بن سعید وغیرہم ہیں۔ ابن سعد اور ابوزرعہ نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے ۱۱۷ھ میں اسکندریہ میں انتقال ہوا۔ عبدالرحمن بن مهدی بن حسان العنبری انکی کنیت ابوسعید البصری ہے۔ حماد ان، سفیانان، شعبہ اور مالک وغیرہ سے روایت کرتے ہیں اور ان کے شاگرد احمد بن معین اور ابن مبارک وغیرہ ہیں۔ ۹۸ھ میں انتقال ہوا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اَکْلِ الْجَرَادِ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ یَعْفُوْرَ الْعَبْدِیِّ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی اَنَّہٗ سُئِلَ عَنِ الْجَرَادِ فَقَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سِتَّ غَزَوَاتٍ نَاْکُلُ الْجَرَادَ۔

ترجمہ:۔ عبداللہ بن ابی اوفیٰ سے ٹڈی کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چھ جہاد کئے ہم ٹڈی کھاتے تھے۔

الجراد۔ جراد بفتح الجیم وتخفیف الراء اور واحد جرادۃ ہے اور حمامۃ کی طرح یہ بھی مذکر ومؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے ماخوذ ہے جرد، سے جس کے معنی ننگا کر دینے کے ہیں کیونکہ جب یہ کسی کھیتی پر پڑ جاتی ہے تو کھیت کو خالی ہی کر دیتی ہیں۔ اس کی بہت سی اقسام ہیں بعض بڑے جسم والی ہوتی ہیں اور بعض چھوٹے جسم والی اور ان کے رنگ بھی مختلف ہیں بعض سرخ بعض زرد اور بعض سفید ہوتی ہیں۔ بعض حضرات کی رائے ہے کہ یہ مچھلی کی چھینک سے پیدا ہوئی اسی وجہ سے مچھلی کی طرح بغیر ذبح کئے اس کا کھانا جائز ہے۔ اسکی تائید ایک ضعیف روایت سے بھی ہوتی ہے جس کی تخریج ابن ماجہ نے مرفوعاً حضرت انسؓ سے کی ہے ان الجرادة نثرة حوت من البحر اسی طرح ابوہریرہؓ کی روایات کلوہ فانہ من صید البحر (اخرجہ ابوداؤد والترمذی وابن ماجہ) بھی اس کی مؤید ہے۔ کنیت ابوعوف اور ام عوف ہے۔

ٹڈی کے خواص:۔ ٹڈی جنگل میں انڈے دیتی ہے اور ان کو خشک ہونے تک چھوڑ دیتی ہے۔ ہمیشہ اپنے امیر کے ساتھ اڑتی ہے جس کھیتی پر پڑ جاتی ہے اس کو برباد کر دیتی ہے اگر کسی شخص کو پیشاب میں دشواری ہو تو بری ٹڈی سے اس کو دھونی دینے سے فائدہ ہوگا۔ اسی طرح لمبی گردن والی ٹڈی مریض کے گلے میں ڈالی جائے تو چوتھیا بخار (ہر چار دن بعد آنے والا بخار) کے لئے بھی مفید ہے ابن سینا نے کہا کہ بارہ ٹڈیوں کے ہاتھ، پیر، سر، لے کر درخت ریحان کی چھان کے ساتھ ملا کر پینا مرض استسقاء کے لئے مفید ہے۔ اگر اس کے انڈے کا لیپ چہرے کے داغوں پر کیا جائے تو داغ ختم ہو جائیں۔

تعبیر: خواب ٹڈی کو دیکھنا اللہ تعالیٰ کے عذاب کی علامت ہے۔ اگر کوئی دیکھے کہ اس نے ٹڈی کھائی یا پکڑی ہے تو یہ خیر ونعمت شمار کی گئی ہے اور اگر یہ دیکھا کہ وہ ٹڈیوں کو گھڑے یا ہانڈی میں بھر رہا ہے تو یہ علامت ہے کہ اس کو دراہم ودنانیر حاصل ہوں گے۔ اور جس نے دیکھا کہ اس پر سونے کی ٹڈیوں کی بارش ہو رہی ہے تو یہ علامت ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے نقصان کی تلافی فرمائیں گے۔

ٹڈی کا شرعی حکم:۔ ٹڈی دو قسم کی ہیں، بحری اور بری۔ بحری کا کھانا بالاتفاق حرام ہے اور بری کے بارے میں حضرات جمہور علماء اس بات پر متفق ہیں کہ اس کا کھانا جائز ہے اور بعض شافعیہ صیمری وغیرہ نے فرمایا کہ اس کا کھانا مکروہ ہے۔ اور حضرات مالکیہؒ کے بارے میں

مشہور ہے کہ وہ اس کے جواز کے لئے ذبح کی شرط لگاتے ہیں۔ پھر کیفیت ذبح میں ان کے درمیان اختلاف ہے بعض مالکیہ کہتے ہیں اس کا سر کاٹ دینا ہی ذبح ہے اور بعض نے کہا اس کا ہانڈی یا آگ میں گر جانا ہی کافی ہے اور ابن وہب مالکی نے فرمایا کہ اس کا پکڑ لینا ہی ذبح شمار کیا جائے گا۔ لیکن مطرف مالکیؒ نے فرمایا کہ ذبح کی کوئی حاجت نہیں کیونکہ ابن عمرؓ نے نبی کریم ﷺ سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔

احلت لنا میتتان ودمان السمك والجراد والکبد والطحال ۔ (اخرجہ احمد والطبرانی والدار قطنی) معلوم ہوا کہ ذبح کرنے کی کوئی ضرورت نہیں اور یہ روایت اگرچہ اصح قول کی بناء پر موقوف ہے مگر مرفوع کے حکم میں ہے۔

قائلین کراہت کے دلائل:۔ جو بعض حضرات شافعیہ ٹڈی کے کھانے کی کراہت کے قائل ہیں انہوں نے بیان کیا کہ آپ ﷺ نے اس کے کھانے سے منع فرمائی ہے جس طرح گوہ کے کھانے سے منع فرمائی ہے اور بطور استدلال سلمانؓ فارسی کی وہ روایت پیش کی جس کی تخریج امام ابوداؤد نے کی۔ انه رسول الله صلى الله عليه وسلم سئل عن الجراد فقال لا آكله ولا احرمه۔ اسی طرح ابن عدی نے ابن عمرؓ کی روایت انه سئل عن الضب فقال لا آكله ولا احرمه۔ وسئل عن الجراد فقال مثل ذلك نقل کی ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ ٹڈی کا کھانا مکروہ ہے۔

جمہور کے دلائل:۔ جمہور علماء جو اکلِ جراد کے جواز کے قائل ہیں انہوں نے متعدد روایات بطور دلائل پیش کی ہیں۔ اول روایت الباب جس میں راوی نے آپ ﷺ کے ساتھ جہاد کے موقع پر ٹڈی کے کھانے کو بیان کیا ہے۔ ترمذی کی روایت سے اگرچہ معیت فی الاکل صراحۃً معلوم نہیں ہوتی مگر بعض روایات میں وارد ہے۔ نا کل معه الجراد[1] اور ابونعیم کی روایت میں یاکل معنا کا لفظ صراحۃً آپ ﷺ کے کھانے پر دلالت کرتا ہے۔ گو اکثر روایات لفظ معہ سے خالی ہیں تو پھر یہ تاویل کی جائیگی کہ آپ ﷺ کے سامنے جب صحابہؓ نے ٹڈی کھائی اور آپ ﷺ خاموش رہے تو تقریراً جواز ثابت ہوگیا۔ دوم حدیث انسؓ كن ازواج النبي صلى الله عليه وسلم يتهادين الجراد في الاطباق (رواہ ابن ماجہ) سوم عن ابن عمرؓ ان عمرؓ سئل عن الجراد فقال وددت لوان عندي قفعة فاكل منه (موطا) چہارم عن ابي امامة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ان مريم بنت عمران سألت ربها ان يطعمها لحمًا لا دم له فاطعمها الجراد رواہ البیہقی۔ پنجم حدیث ابن عمرؓ احلت لنا ودمان ميتتان السمك والجراد والكبد والطحال۔ ان دلائل کی روشنی میں حضرات جمہور علماء بلا کراہت ٹڈی کھانے کو جائز کہتے ہیں۔ نیز علامہ نوویؒ نے اکل جراد کے جواز پر علماء کا اجماع نقل کیا ہے۔

قائلینِ کراہت کے دلائل کے جوابات:۔ پہلی روایت کا جواب تو یہ ہے کہ وہ مرسل ہے جس کی تفصیل امام ابوداؤد نے بیان فرمائی ہے اور دوسری روایت ضعیف ہے چونکہ اس میں ثابت بن زبیر راوی ضعیف ہیں کما قالہ النسائی۔

هكذا روى سفيان بن عيينة عن ابي يعفور هذا الحديث وقال ست غزوات۔ یعنی سفیان بن عیینہ نے ابو یعفور سے اس روایت کو ست غزوات جزم کے ساتھ بلا شک وتردد نقل کیا ہے۔ مسند احمد اور نسائی میں بھی ابن عیینہ سے ست غزوات بالجزم نقل کیا گیا ہے۔ اور سفیان ثوری وغیرہ نے اس روایت کو ابو یعفور سے سبع غزوات جزم کے ساتھ نقل کیا ہے۔ کما روی عند الترمذی بسنده۔ اور صحیح بخاری ومسلم میں شعبہ نے ابو یعفور سے سبع غزوات او ستًا۔ شک کے ساتھ روایت نقل کی ہے۔ مگر امام ترمذی نے شعبہ سے تعلیقاً بغیر ذکر عدد بھی روایت نقل کی ہے چنانچہ ترمذی نے وروی شعبة هذا الحديث نے شعبہ کے طریق کی تخریج فرمائی ہے جس میں عدد کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ بخاری کی روایت میں جو عدد میں شک

---

[1] ذکر فصل ابن العربي في شرح الترمذي بين جراد الحجازي وبين جراد الاندلسي فقال في جراد الاندلس لايؤكل لانه ضرر محض لان فيه سمية منصبة

واقع ہوا ہے وہ شعبہ کو پیش آیا ہے۔ الحاصل روایت دو طرح مروی ہے بذکر عدد وبغیر ذکر عدد پھر عدد کے بارے میں تین طرح مروی ہے۔ اول ست غزوات بالجزم۔ دوم سبع غزوات بالجزم۔ سوم ست او سبع غزوات بالشک والتردد۔

وفي الباب عن ابن عمرؓ۔ اخرجہ ابن علی فی ترجمۃ ثابت بن زہیر عن نافع عن ابن عمرؓ جابرؓ اخرجہ احمد۔ ھٰذا حدیث حسن صحیح۔ قال فی المنتقی رواہ الجماعۃ الا ابن ماجہ وابو یعفور اسمہ واقد ویقال وقدان ایضاً۔ یعنی ابو یعفور کا نام واقد یا وقدان ہے۔ امام مسلمؒ فرماتے ہیں کہ واقد نام ہے اور وقدان لقب ہے۔

ابو یعفور الآخر اسمہ عبدالرحمن بن عبید بن نسطاس۔ امام ترمذیؒ حسب عادت اسماء مشترکہ کے درمیان امتیاز کرر ہے ہیں۔ چنانچہ فرمایا کہ ابو یعفور دو ہیں ایک تو یہی جن کا ذکر سند میں آیا ہے کہ ان کا نام وقدان یا واقد ہے اور یہ اکبر ہیں۔ اور دوسرے ابو یعفور اصغر ہیں۔ جن کا نام عبدالرحمٰن بن عبید بن نسطاس ہے۔ یہ ترمذی کی سند میں نہیں ہیں کیونکہ ان کی ملاقات عبداللہؓ بن ابی اوفی سے ثابت نہیں۔ کما قال ابن ابی حاتم۔ واللہ اعلم۔

رجال حدیث:۔ ابو یعفور العبدی ان کا نام وقدان بفتح الواو ہے اور ان کو واقد بھی کہا جاتا ہے کوفہ کے رہنے والے ہیں اور اپنی کنیت ابو یعفور سے مشہور ہیں اور طبقہ رابعہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ عبداللہؓ بن ابی اوفی علقمہؓ خالد بن الحارث الاسلمی صحابی ہیں۔ آپ ﷺ کے بعد ایک زمانہ تک زندہ رہے کوفہ کے اندر صحابہ میں سب کے بعد ۸۷ھ میں شہید ہوئے۔ مومل بن اسمٰعیل العدوی۔ شعبہ۔ ثوری وغیرہ سے روایت کرتے ہیں اور انکے شاگرد احمد اسحاق اور ابن المدینی وغیرہم ہیں ابن معین نے توثیق کی ہے ۲۰۶ھ میں انتقال فرمایا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْجَلَّالَةِ وَاَلْبَانِهَا

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا عَبْدَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرؓ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْجَلَّالَةِ وَاَلْبَانِهَا۔

ترجمہ:۔ ابن عمرؓ نے کہا کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پاخانہ کھانے والے جانور کو کھانے سے اور ان کا دودھ پینے سے۔

جلالہ کی تحقیق اور اسکا مصداق:۔ جلالہ بفتح الجیم وتشدید اللام مبالغہ کے اوزان میں سے ہے۔ ماخوذ من الجلہ بفتح الجیم یعنی بعرۃ وفی القاموس الجلۃ مثلثۃ البعر او البعرۃ اس کی جمع جلالات اور جوالّ آتی ہے کہا جاتا ہے۔ جلّت الدابۃ الجلۃ واجلتہا فھی جالۃ وجلالۃ۔ جلالہ شرعاً اس جانور کو کہتے ہیں جس کا غالب چارہ پاخانہ اور گندگی ہو کہ اس کے گوشت دودھ پسینہ وغیرہ میں نجاست کا اثر معلوم ہونے لگے۔ حتی کہ اس سے بدبو محسوس ہوتی ہو۔ حضرات فقہاء، امام شافعیؒ نوویؒ وغیرہ حضرات نے یہی تعریف کی ہے وھکذا فی العالمگیریہ لہٰذا اگر اس کا غالب چارہ طاہر ہو کہ اثر نجاست اس کے گوشت وغیرہ میں نہ محسوس ہو تو اس کو جلالہ نہیں کہیں گے کذا مصرح فی کتب الفقہ مگر امام رافعیؒ نے فرمایا کثرت کا کوئی اعتبار نہیں ہے بلکہ مدار بدبو کے محسوس ہونے پر ہے اگر کوئی جانور پاخانہ اور نجاست کھائے کہ اس کے گوشت وغیرہ میں تغیر ہونے لگے تو اس کو جلالہ کہا جائے گا۔ خواہ اس کا غالب چارہ طاہر ہی کیوں نہ ہو۔ ھکذا قال النووی فی الروضۃ تبعاً للرافعی کذا فی النیل۔

۱۔ فی الکوکب فاما ان کل العذرۃ احیانًا فلا کراھۃ فیہ اذ قد ثبت عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اکل لحم الدجاجۃ والضان و ھما تاکلان العذرۃ احیانًا ۱۲

جلالہ کا شرعی حکم:۔ امام مالکؒ لیث بن سعدؒ حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ جلالہ جانور کا گوشت، دودھ وغیرہ استعمال کرنا بلا کراہت جائز ہے۔ اسی طرح اسحاق بن راہویہ نے فرمایا لاباس ان یاکل لحمھا بعدان یغسل غسلاً جیدًا۔ حافظ ابن حجرؒ نے اکثر شافعیہ سے مطلقاً کراہت تنزیہ کا قول نقل کیا ہے مگر جمہور علماء احناف نیز شافعیہ کی جماعت امام الحرمین، قفال ابو اسحاق مروزی علامہ بغویؒ اور علامہ غزالیؒ نے کراہت تحریم کا قول فرمایا ہے۔ یہی حنابلہ کا قول ہے علامہ ابن دقیق العید نے اسی کو راجح اور صحیح قرار دیا ہے۔ نیز جلالہ کے انڈے کو بھی ان حضرات نے جلالہ کے گوشت کے ساتھ لاحق کرتے ہوئے مکروہ تحریمی قرار دیا ہے۔

فریق اول کی دلیل:۔ امام مالکؒ لیثؒ وغیرہ نے بطور استدلال فرمایا کہ جن جانوروں کو شریعت نے جائز قرار دیا ہے وہ اصالۃً تو جائز ہی رہیں گے ہاں البتہ حدیث میں ممانعت وارد ہ طبعی گھن کی بناء پر ہے۔ اسی طرح حضرات شوافعؒ نے بھی فرمایا کہ اصالۃً تو جواز ہی ہے اور نجاست کھانے کی بناء پر قدرے کراہت اس میں پیدا ہو جائے گی۔

حضرات جمہور کے دلائل:۔ حضرات جمہور نے کراہت تحریم پر متعدد روایات سے استدلال کیا ہے۔ اول روایۃ الباب یعنی حدیث ابن عمرؓ اخرجہ الترمذی وقال حدیث حسن۔ دوم حدیث ابن عباسؓ اخرجہ الترمذی وصححہ وکذا اخرجہ ابوداؤد والنسائی بطریق قتادہ عن عکرمۃ عن ابن عباسؓ وھو اصح مافی الباب قال الحافظ فی الفتح ھو علی شرط البخاری فی رجالہ الا ان ایوب رواہ عن عکرمۃ فقال عن ابی ہریرۃؓ۔ سوم حدیث ابی ہریرۃؓ اخرجہ البیہقی والبزار من وجہ آخر نھی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عن الجلالۃ وعن شرب البانھا واکلھا ورکوبھا۔ چہارم حدیث جابرؓ نھی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عن الجلالۃ ان یوکل لحمھا اوشرب لبنھا اخرجہ ابن ابی شیبہ بسند حسن۔ پنجم حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ نھی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یوم خیبر عن لحوم الحمر الاھلیۃ وعن الجلالۃ عن رکوبھا واکل لحمھا اخرجہ ابوداؤد والنسائی سندہ حسن۔

ان مذکورہ روایات نے صراحۃً جلالہ جانور کے استعمال کی ممانعت ثابت ہوتی ہے وھوالمدعی۔

دلیل کا جواب:۔ حضرات مالکیہؒ کی دلیل کا جواب یہ ہے کہ شریعت نے جن جانوروں کو حرام قرار دیا ہے ان کے نجس ہونے کی بناء پر ہے۔ اب جلالہ جانور جس میں نجاست اس قدر اثر کر گئی ہو کہ وہ سراپا نجاست ہو گیا ہے تو وہ کس طرح جائز ہوگا۔ ہاں البتہ وہ جانور جن کی حرمت نصوص قطعیہ سے ثابت ہے وہ حرام کہلائیں گے اور جلالہ کی حرمت اثر نجاست کی بناء پر ہے اور نصوص بھی ظنیہ ہیں کہ اخبار آحاد ہیں اس کی بناء پر حرمت لغیرہ ہوگی لہٰذا اس کو مکروہ تحریمی قرار دیا جائے گا۔

فائدہ:۔ حضرات فقہاءؒ فرماتے ہیں کہ اگر جلالہ کو محبوس رکھا جائے کہ اس کا منہ نجاست تک نہ پہنچ پائے یا اس کو پاک غذا کھلائی جائے یہاں تک کہ اس کی بوزائل ہو جائے تو اس کا کھانا جائز ہے۔ ہاں البتہ مدت حبس کے بارے میں اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہؒ سے اس بارے میں توقف مروی ہے فرمایا مجھے معلوم نہیں کہ کتنے دنوں میں اس کا گوشت صاف اور پاک ہو جائے گا۔ علامہ سرخسیؒ نے فرمایا کوئی مدت اس کے واسطے متعین نہیں ہے۔ حضرت گنگوہیؒ نے بھی یہی فرمایا ہے۔ نیز فرمایا کہ اصل نجاست کے اثر کا زوال ہے وہ جب بھی متحقق ہو جائے وھوالصحیح۔ تجنیس میں لکھا ہے کہ مرغی کو تین دن، بکری کو چار دن، اونٹ، بیل کو دس دن محبوس رکھا جائے، وھوالمختار علی الظاہر اور بعض حضرات فرماتے ہیں اونٹ گائے کو چالیس دن بکری کو سات دن اور مرغی کو تین دن محبوس رکھا جائے وھو

الختار فی التھذیب والتحریر۔ نیز مدت حبس کے سلسلہ میں کچھ آثار موقوفہ بھی مروی ہیں مثلاً ما اخرجہ البیہقی بسند فیہ نظر عن عبداللہ بن عمرؓ مرفوعاً انھا لا توکل حتیٰ تعلف اربعین یوماً اسی طرح ما اخرجہ ابن ابی شیبہ بسند صحیح عن ابن عمرؓ انہ کان تحبس الدجاجۃ الجلالۃ ثلاثاً (فتح الباری) وروی عن ابن عمرؓ انہ کان لا یاکلھا حتی یقصرھا ایاماً وروی عنہ ایضاً انہ کان اذا اراد ان یاکل بیض الدجاجۃ قصرھا ثلاثۃ ایام اخرجہ الطبرانی (عینی شرح البخاری)

وفی الباب عن ابن عباسؓ اخرجہ الترمذی فی ہذا الباب ھذا حدیث حسن غریب۔

اخرجہ ابوداؤد وابن ماجہ والحاکم۔ وروی الثوری عن ابن ابی نجیح عن مجاھد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلاً۔ یعنی حدیث الباب دو طریق سے مروی ہے۔ اول طریق محمد بن اسحاق یہ تو مسند طریق ہے کہ مجاہد نے حضرت ابن عمرؓ سے آپ ﷺ کا فرمان ذکر کیا ہے مگر دوسرا طریق سفیان ثوریؒ کا ہے کہ انہوں نے اس کو صرف مجاہد سے آپ ﷺ کا فرمان ذکر کیا ہے ابن عمرؓ کا ذکر نہیں کیا اب روایت مرسل ہوگئی۔

رجال حدیث:۔ عبدۃ یہ ابن سلیمان بن حاجب بن زرارۃ الکلابی ہیں۔ انکی کنیت ابو محمد الکوفی ہے اور بعض نے کہا کہ نام عبدالرحمٰن ہے اور عبدہ لقب ہے۔ روایت کرتے ہیں عاصم الاحول، عبیداللہ بن عمرؓ، یحییٰ بن سعید الانصاری، سعید بن ابی عروبہ اور ثوری سے اور ان سے روایت کرنے والے احمد بن حنبل، اسحاقؒ، ابراہیم بن موسیٰ الرازی، عمرو الناقد، ابوسعید الاشج اور ہناد بن السری وغیرہم ہیں۔ امام احمدؒ، عجلی، ابن حبان، ابن سعد اور دارقطنی نے ثقات میں ذکر فرمایا ہے ۱۸۷ھ یا ۱۸۸ھ میں کوفہ میں انتقال فرمایا۔ محمد بن اسحاق بن یسار بن خیار، ابوبکر اور ابوعبداللہ بھی کہا جاتا ہے۔ صاحب مغازی ہیں حضرت انسؓ سے ملاقات کی ہے۔ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے اور مکحول، عطاء، زہری وغیرہم سے۔ ان کے شاگرد یحییٰ الانصاری، سفیان، شعبہ، حمادان وغیرہ ہیں۔ ابن سعد اور عجلی وغیرہ نے ان کی توثیق کی ہے۔ محدثینؒ نے ان کے بارے میں بہت کلام کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ محمد بن اسحاق صدوق حسن الحدیث ہیں لیکن کبھی کبھی تدلیس کرتے ہیں ۱۵۱ھ میں بغداد میں انتقال فرمایا اور مقبرۂ خیزران میں دفن ہوئے۔ ابن ابی نجیح حافظ فرماتے ہیں کہ یہ عبداللہ بن ابی نجیح یسار المکی ابو یسار الثقفی ہیں۔ طبقہ سادسہ میں سے ثقہ راوی ہیں لیکن کبھی کبھی تدلیس کرتے ہیں۔ مجاھد بن جبر ابو الحجاج المکی المخزومی روایت کرتے ہیں ابن عباسؓ، ابوسعید الخدریؓ، علیؓ، سعد بن ابی وقاصؓ وغیرہم سے اور ان سے روایت کرنے والے ایوب السختیانی، ابواسحاق السبیعی، عطا اور قتادہ وغیرہم ہیں۔ ابن معینؒ، عجلی، ابوزرعہ اور ابن سعد نے انکی توثیق کی ہے۔ ان کی پیدائش ۲۱ھ ہے اور ۱۰۲ھ یا ۱۰۳ھ یا ۱۰۴ھ میں مکہ کے اندر بحالت سجدہ انتقال فرمایا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنِيْ أَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُجَثَّمَةِ وَعَنْ لَبَنِ الْجَلَّالَةِ وَعَنِ الشُّرْبِ مِنْ فِي السِّقَاءِ۔

ترجمہ:۔ ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے منع فرمایا ایسے جانور کے کھانے سے جس کو تیر کا نشانہ بنایا گیا ہو اور جلالہ کا دودھ پینے سے اور مشکیزہ کے دھانے سے منہ لگا کر پانی پینے سے۔

اَلْمُجَثَّمَةَ قد تقدم الکلام۔ لبن جلالۃ اس کا حکم تفصیلی مدلل اوپر گذر گیا ہے۔ من فی السقاء اس کے بارے میں تفصیل آگے باب اختناث الاسقیۃ کے تحت آرہی ہے۔

قال محمد بن بشار ثنا ابن ابی عدی عن سعید بن ابی عروبة الخ امام ترمذیؒ نے اپنے استاذ محمد بن بشار سے روایت کا دوسرا طریق نقل کیا ہے جس میں محمد بن بشار کے استاذ ابن ابی عدی اور ان کے استاذ سعید بن ابی عروبہ ہیں اور دونوں سندوں کا مدار قتادہ پر ہے۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجہ اصحاب السنن واحمد وابن حبان والحاکم والدارقطنی وفی الباب عن عبداللہ بن عمرو اخرجہ احمد ابوداؤد والنسائی والحاکم والدارقطنی والبیہقی۔

رجال حدیث: عکرمۃ ابوعبداللہ القرشی المدنی ہیں ابن عباسؓ کے غلام ہیں۔ اہل مغرب میں سے ہیں۔ روایت کرتے ہیں ابن عباسؓ علی ابن ابی طالبؓ ابن عمرؓ اور ابوسعید الخدریؓ وغیرہ سے اور انکے شاگرد عمرو بن دینار زہریؒ نخعیؒ اور قتادہ وغیرہ ہیں۔ احمدؒ ابو حاتم اور نسائی وغیرہ نے ان کی توثیق کی ہے۔ ۱۰۷ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اَکْلِ الدَّجَاجِ

لفظِ دجاج کی تحقیق:۔ الدجاج اسم جنس مثلثۃ الدال ضبط کیا گیا ہے جیسا کہ دمشقی ابن مالک اور منذری وغیرہ نے نقل کیا ہے مگر علامہ نوویؒ نے صرف دال کے فتح اور کسرہ کو بیان کیا ہے اس کا واحد دجاجۃ بھی مثلثۃ الدال ہے اور مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ لیکن علامہ حربی غریب الحدیث میں فرماتے ہیں کہ دجاج بالکسر فقط مذکر کے لیے مستعمل ہے اور اس کا واحد من غیر لفظہ دیک ہے اور دجاج بالفتح مؤنث کے لیے اور اس کا واحد دجاجۃ ہے۔

وجہ تسمیہ:۔ علامہ ابن سیدہ کہتے ہیں کہ دجاج دج یدج سے ماخوذ ہے جس کے معنی بار بار تیزی سے آنا جانا۔ چونکہ مرغی بھی بار بار آتی جاتی ہے اس لیے اس کو دجاجۃ کہا جاتا ہے۔

کنیت:۔ اس کی کنیت ام الولید' ام حفصہ' ام جعفر' ام عقبہ' ام احدی وعشرین' ام قوب' ام نافع ہے۔

مرغی کے بعض خواص:۔ مرغی بزدلی کی بناء پر قلیل النوم سریع الانتباہ ہے۔ عام طور پر اونچی جگہ سونے کی کوشش کرتی ہے اور سورج کے غروب ہوتے ہی اس پر نیند کا غلبہ ہو جاتا ہے اس کا بچہ انڈے سے روئیں دار خوبصورت پیدا ہوتا ہے اور چکنا بھی جاتا ہے۔ سریع الحرکت ہوتا ہے اگر اس کے سامنے حرکت کی جائے تو محسوس کرتا ہے اور جوں جوں ایام گذرتے ہیں اس میں حماقت اور حسن میں کمی پیدا ہو جاتی ہے یہاں تک کہ آخر میں آ کر مرغی نہایت بدصورت ہو جاتی ہے۔ مرغی کے بعض اقسام وہ ہیں جو ایک دن میں دو انڈے دیتی ہیں اور بعض وہ ہیں جو سردی کے دو ماہ کے علاوہ تمام سال انڈے دیتی ہیں۔

علامہ قزوینیؒ کہتے ہیں کہ مرغی کے پوٹے میں ایک پتھر ہوتا ہے اگر اس کو مرگی والے کے باندھ دیا جائے تو شفایاب ہو جائے اور گلے میں لٹکانا قوت باہ کے لیے مفید ہے اور نظر بد سے حفاظت کے ذریعہ ہے اور اگر کسی بچہ کے سر کے نیچے رکھ دیا جائے تو وہ سوتا ہوا نہیں ڈرے گا۔

مرغی کا گوشت بہت عمدہ اور معتدل الحرارت ہوتا ہے۔ جوان مرغ کا گوشت عقل اور منی میں زیادتی پیدا کرتا ہے اور آواز کو صاف کرتا ہے لیکن معدہ کے لئے نقصان دہ ہے اور اس کا مصلح شہد ہے مرغی کا گوشت معتدل مزاجوں کے لئے بہت مفید ہے مرغی کا

دماغ۔انسانی دماغوں اور عقلوں کے لئے نہایت مفید ہے البتہ مرغی کا انڈا گرم مائل برطوبت یابس ہے کہ اس کی سفیدی بارد ورطب اور زردی حار یابس ہوتی ہے۔

حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ ثَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ عَنْ اَبِي الْعَوَّامِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زَهْدَمِ الْجَرْمِي قَالَ دَخَلْتُ عَلَى اَبِي مُوْسٰىؓ وَهُوَ يَاْكُلُ دَجَاجَةً فَقَالَ اُدْنُ فَكُلْ فَاِنِّي رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُهُ

ترجمہ:۔ زہدم جرمی کہتے ہیں کہ میں ابوموسیٰؓ کے یہاں گیا اور وہ مرغی کا گوشت کھا رہے تھے انہوں نے کہا کہ قریب ہو جاؤ پس کھاؤ۔ کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مرغی کا گوشت کھاتے دیکھا ہے۔

مرغی کے گوشت کا شرعی حکم:۔ مرغی کا گوشت کھانا بالاتفاق جائز ہے خواہ مرغی انسیہ (پالتو) ہو یا وحشیہ (جنگلی) جیسا کہ روایت الباب اور ابن عمرؓ کی روایت ان النبی ﷺ کان اذا اراد ان یاکل دجاجۃ امر بھا فربطت ایاما ثم یاکلھا بعد ذلک اس پر صراحۃً دلالت کرتی ہیں۔ مگر بعض غالی صوفیاء از راہ تورع اس کے کھانے سے بچتے ہیں نیز جلالہ مرغی اس سے مستثنیٰ ہے جس کا حکم پچھلے باب میں گذر چکا ہے۔

فوائد:۔ روایت سے معلوم ہوا کہ آدمی اپنے دوست کے یہاں اس کے کھانے کی حالت میں جا سکتا ہے نیز معلوم ہوا کہ صاحب طعام کو چاہیئے کہ داخل ہونے والے کو کھانے کے لیے بلائے اور اس کو کھانا پیش کرے خواہ تھوڑا ہی ہو۔ کیونکہ جماعت کے اجتماع سے اس میں برکت ہو جائے گی نیز روایت سے معلوم ہوا کہ عمدہ قسم کے کھانے بھی جائز ہیں اور یہ خلاف شرع اور خلاف تصوف نہیں ہیں۔

ھذا حدیث حسن اخرجہ الشیخان۔ وقدروی ھذا الحدیث من غیر وجہ عن زھدم امام ترمذیؒ اس روایت سے زہدم کی روایت کے متعدد طرق کی طرف اشارہ فرمار ہے ہیں۔ یعنی یہ روایت اس لئے حسن ہے کہ زہدم سے متعدد افراد نے اسکو نقل کیا ہے ہاں البتہ یہ مضمون زہدم کے علاوہ اور کسی سے منقول نہیں۔ چنانچہ امام ترمذیؒ نے حدثنا ھناد .... عن ابی قلابۃ عن زھدم الخ۔ نقل فرما کر دوسرا طریق بیان کیا کہ اوپر والی روایت میں زہدم کے شاگرد قتادہ تھے اور اس روایت میں ابی قلابہ ہیں وفی الحدیث کلام اکثر من ھذا:۔ یعنی زہدم والی روایت میں اور بھی کچھ امور ذکر کیے گئے ہیں۔ چنانچہ بخاریؒ نے مطولاً اپنی صحیح میں اس کی تخریج کی ہے اور امام ترمذیؒ نے بھی شمائل میں ص ۱۱ پر قدرے یہاں سے زائد روایت ذکر کی ہے البتہ یہاں مختصر مذکور ہے۔ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان۔ وقدروی ایوب السختیانی ھذا الحدیث عن القاسم التمیمی۔ مصنفؒ نے ابوقلابہ کی روایت کا دوسرا طریق نقل کیا ہے۔

رجال حدیث:۔ ابی العوام یہ عمران بن داؤد القطان البصری ہیں طبقہ سابعہ میں سے صدوق راوی ہیں۔ زھدم الجرمی زہدم بروزن جعفر یہ ابن مضرب ہیں۔ الجرمی۔ بفتح الجیم ابو مسلم البصری طبقہ ثالثہ میں ثقہ راوی ہیں۔ ابی موسیٰ یہ عبداللہ بن قیس بن سلیمان الاشعری ہیں اور ابن سلیم ابن حضار بھی کہا جاتا ہے حضرت عمرؓ نے ان کو بصرہ اور کوفہ کا والی بنایا تھا۔ صحابی ہیں انہوں نے حبشہ کی جانب بھی ہجرت کی تھی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ أَكْلِ الْحُبَارٰى

حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْأَعْرَجُ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَفِيْنَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ أَكَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ حُبَارٰى۔

ترجمہ:۔ سفینہؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضورﷺ کے ساتھ سرخاب پرندہ کا گوشت کھایا۔

حباری کی تحقیق اوراس کے خواص:۔ حباری بضم الحاء وفتح الراء المہملتین مقصورہ بالف التانیث علی القول الاصح اسم جنس ہے مذکر ومؤنث واحد وجمع سب کے لئے یہ ایک ہی لفظ آتا ہے۔ مگر بعض لوگوں نے کہا کہ اس کی جمع حباریات اور حبارات بھی آتی ہے۔ علامہ دمیری نے حیٰوۃ الحیوان میں کہا کہ حباری ایک پرندہ ہے جس کی گردن لمبی ہوتی ہے اور چونچ بھی قدرے طویل خاکی رنگ کا ہوتا ہے یہ پرندہ حماقت میں ضرب المثل ہے کہ جلدی شکار ہوجاتا ہے۔ حاشیہ کوکب میں ہے کہ صاحب محیط اعظم نے کہا کہ حباری کوترکی زبان میں توغدری اور ہندی میں چرز کہتے ہیں۔ لیکن سرخاب کے نام سے مشہور ہے۔ تیز اڑنے والا پرندہ ہے ہمیشہ اپنے رزق کی تلاش میں رہتا ہے اور کبھی شکم سیر نہیں ہوتا حتیٰ کہ بھوکا ہی مرجاتا ہے اس کے پیٹ میں قیمتی موتی ہوتا ہے جب وہ پیٹ سے نکل جاتا ہے تو اس کا حسن ختم ہوجاتا ہے اور وہ غم سے مرجاتا ہے اسی طرح اس کے پیٹ میں پتھر ہوتا ہے جو بہت سے امراض میں کام آتا ہے مثلاً اگر یہ پتھر کسی شخص کے پاس ہو تو وہ احتلام سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اگر زائد سونے والے شخص کے قلب پر رکھدیا جائے تو اس کی نیند کم ہوجائے گی۔ اسکا گوشت معتدل الہضم ہے کہ نہ مرغ کی طرح سریع الہضم اور نہ بط کی طرح بطیء الہضم ریاحی امراض کے لئے مفید ہے۔ نیز زیتون اور سرکہ یا دارچینی کے ساتھ ملا کر استعمال کرنا مفاصل (جوڑوں) کے لئے مفید ہے۔ ٹھنڈے اور سرد مزاج والوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ اسی طرح بلاد سرما والوں کیلئے بھی اس کا استعمال سودمند ہے۔

تعبیر:۔ حباری کوخواب میں دیکھنا تنگی ہونیکی علامت ہے نیز اس بات پر دلالت ہے کہ بلا مشقت خوب آمدنی ہوگی۔

حکم شرعی:۔ سرخاب کا گوشت کھانا بالاتفاق جائز ہے اس لئے کہ وہ طیبات میں سے ہے روایت الباب جواز پر صراحۃً دلالت کرتی ہے۔

هٰذا حدیث غریب۔ اخرجہ ابوداؤد وضعفہ العقیلی وابن حبان کذا فی التلخیص وابراہیم بن عمر بن سفینہؓ روی عنہ ابن ابی فدیک الخ یعنی ابن ابی فدیک نے جن کا نام محمد بن اسمٰعیل ہے بجائے ابراہیم کے بریہ بن عمر بن سفینہؓ کہا ہے۔ بریہ تصغیر ابراہیم ہے کمافی التقریب والتہذیب اور یہ ابراہیم کا لقب ہے۔ جو اسم پر غالب آگیا ہے۔

رجال حدیث:۔ الفضل بن سهل الاعرج البغدادي ان کی اصل خراسان ہے طبقہ حادیہ عشرہ میں سے صدوق راوی ہیں۔ ابراهيم بن عبدالرحمن بن مهدی البصری طبقہ عاشرہ میں سے صدوق راوی ہیں۔ ابراہیم بن عمر بن سفینہؓ ان کا لقب بریہ ہے جو ابراہیم کی تصغیر ہے طبقہ سابعہ میں مستور راوی ہیں۔ ابیہ ای عمر بن سفینہ یہ ام سلمہؓ کے غلام ہیں طبقہ ثالثہ کے صدوق راوی ہیں جدہٗ ای سفینہ یہ اولاً ام سلمہؓ کے غلام تھے انہوں نے اس شرط پر آزاد کردیا تھا کہ رسول پاکﷺ کی خدمت کریں۔ لہٰذا آپﷺ کی خدمت میں رہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اَكْلِ الشِّوَاءِ

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ اَنَّ عَطَاءَ ابْنَ يَسَارٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا قَرَّبَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم جَنْبًا مَشْوِيًّا فَاَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ وَمَا تَوَضَّأَ

ترجمہ: ام سلمہؓ نے خبر دی کہ بیشک انہوں نے پیش کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھنا ہوا پہلو پس آپ نے اسکو تناول فرمایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے کھڑے ہو گئے اور وضو نہیں فرمائی۔

الشـــواء۔ بکسر الشین وضمہا والمد ماخوذ ہے شوی اللحم شیا فاشتوی وانشوی سے جس کے معنی بھنے ہوئے گوشت کے ہیں۔

جنبا مشویا:۔ یعنی پہلو کا بھنا ہوا گوشت۔

مقصد روایت:۔ امام ترمذیؒ نے یہ باب قائم کر کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اس بات کی وضاحت فرمائی ہے کہ اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر فقر و فاقہ رہا ہے مگر بعض مرتبہ آپ کی خدمت میں لذیذ کھانے بھی پیش کئے گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تناول فرمایا تا کہ امت کے لئے بحالت فراخی ایک اسوہ اور طریقہ بن جائے اور یہ نہ سمجھا جائے کہ لذائذ کا استعمال طریقہ اسلام کے خلاف ہے بلکہ لذیذ کھانے کا میسر ہو جانا اور اس کو کھالینا عین سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور زہد کے خلاف بھی نہیں ہے۔ حدیث باب اس پر صراحۃً دلالت کرتی ہے۔

ایک اشکال اور جواب:۔ بظاہر یہاں اشکال یہ ہوتا ہے کہ بخاری شریف کی روایت جو حضرت انسؓ سے مروی ہے وہ حدیث باب کے خلاف ہے لفظہ۔ ما اکل النبی صلی اللہ علیہ وسلم خبزاً مرققاً ولا شاۃً مسموطۃ حتی لقی اللّٰہ عزوجل۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چپاتی اور بھنی ہوئی بکری وصال تک تناول نہیں فرمائی۔ جواب علامہ ابن بطالؒ کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی ایسا اتفاق نہیں ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مکمل سالم بکری بھونی گئی ہو۔ ہاں البتہ پہلو کا بھنا ہوا گوشت ضرور تناول فرمایا ہے اور یہ حدیث انسؓ کے خلاف نہیں ہے بعض حضرات نے جواب یہ دیا کہ انسؓ اپنے علم کے اعتبار سے فرما رہے ہیں۔ ومن علم حجۃ علی من لم یعلم۔

رہا دوسرا مسئلہ جو روایت سے مستفاد ہو رہا ہے کہ مامست النار سے وضوء کی جائے گی یا نہیں۔ جمہور علماء کے یہاں ماست النار سے وضوء واجب نہیں جیسا کہ روایت الباب سے معلوم ہو رہا ہے۔ باقی مسئلہ کی تفصیل کتاب الطہارت سے متعلق ہے۔

وفی الباب عن عبد اللّٰہ بن الحارث اخرجہ احمد والمغیرۃؓ اخرجہ ابوداؤد والترمذی وابن ماجہ وابی رافعؓ اخرجہ احمد ھذا حدیث حسن صحیح غریب۔ اخرجہ احمد۔

رجال حدیث:۔ الحسن بن محمد الزعفرانی ابو یعلی البغدادی یہ روایت کرتے ہیں ابن عیینہؒ عبیدۃ بن حمید وغیرہما سے اور ان سے روایت کرنے والے امام بخاریؒ اور اصحاب سنن اربعہ ہیں۔ امام نسائیؒ نے انکی توثیق کی ہے ۲۶۰ھ میں وفات پائی۔

حجاج بن محمد المصیصی الاعور۔ ان کی کنیت ابو محمد ہے۔ ترمذی الاصل ہیں۔ اولاً بغداد میں رہے پھر شہر مصیصہ میں قیام پذیر رہے ثقہ ثبت راوی ہیں۔ آخر عمر میں ان کا حافظہ گڑبڑ ہو گیا تھا۔ محمد بن یوسف بن عبداللہ بن یزید الکندی المدنی الاعرج۔ طبقہ خامسہ میں ثقہ ثبت راوی ہیں۔ عطاء بن یسار الہلالی المدنی۔ میمونہؓ کے غلام ہیں ثقہ فاضل صاحب مواعظ و بڑے عبادت گذار راوی ہیں طبقہ ثالثہ کے صغار راویوں میں سے ہیں۔ ام سلمۃؓ ان کا نام ہند بنت ابی امیہ حذیفہ ہے اور ان کو سہیل بن المغیرہ بھی کہا جاتا ہے ازواج مطہرات میں سے ہیں۔ انہوں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے تین سو اٹھتر روایات نقل کی ہیں جن میں سے تیرہ پر بخاری و مسلم کا اتفاق ہے اور تین تین روایات میں بخاری و مسلم منفرد ہیں۔ ان سے روایت کرنے والے عمرؓ اور ان کی لڑکی زینبؓ، نافعؒ، ابو عثمانؒ، الہذلیؒ سعید بن المسیبؒ اور کریب وغیرہ ہیں ۵۹ھ میں وفات پائی۔ انکی نماز جنازہ حضرت ابوہریرہؓ نے پڑھائی اور امہات المؤمنین میں سب سے آخر میں انہوں ہی نے وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ الْاَكْلِ مُتَّكِئًا

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ اَبِیْ جُحَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَمَّا اَنَا فَلَا اٰكُلُ مُتَّكِئًا.

ابو جحیفہؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہر حال میں ٹیک لگا کر کھانا نہیں کھاتا ہوں۔

سبب ورود حدیث:۔ اس حدیث کے ورود کا سبب ایک اعرابی کا قصہ ہے جس کی تخریج ابن ماجہ اور طبرانی نے بسند حسن کی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک بکری پیش کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھٹنے بچھا کر کھانا شروع فرمایا تو ایک گاؤں والے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح کیوں بیٹھے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے عبد کریم بنایا ہے نہ کہ جبار عنید اسی لئے میں ٹیک لگا کر متکبرین کی طرح نہیں کھاتا ہوں۔

حکم اتکاء عند الاکل:۔ ٹیک لگا کر کھانے کے بارے میں علماء سلف کے دو قول ہیں۔ اول مطلقاً جواز چنانچہ ابن ابی شیبہ نے ابن عباسؓ خالد بن ولیدؓ عبیدہ سلیمانیؒ محمد بن سیرینؒ عطاء بن یسار اور زہری سے یہ مذہب نقل کیا ہے۔ دوم مکروہ اور خلاف اولیٰ ہے یہ جمہور کا مذہب ہے۔

فریق اول عبداللہ بن السائب بن خباب عن ابیہ عن جدہ کی روایت سے استدلال کرتا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ صحابی نے فرمایا کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ٹیک لگا کر کھانا کھاتے ہوئے دیکھا۔ مگر اس روایت کو حضرات محدثین نے باطل قرار دیا ہے۔ (کما فی العینی)

حضرات جمہور علماء نے اپنے مسلک پر مختلف روایات و آثار پیش کئے ہیں اول روایت الباب دوم حدیث ابو درداءؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تاکل متکئاً (اخرجہ الطبرانی و رجال اسنادہ ثقات) سوم حدیث ابن عباسؓ انه كان يحدث ان الله عزوجل ارسل الى النبى صلى الله عليه وسلم ملكا من الملائكة مع جبرئيل عليه السلام فقال ان الله مخيرك بين ان تكون عبدًا نبيًا وبين ان تكون ملكاً فقال لا بل اكون نبيًا عبدًا فما اكل بعد تلك الكلمة طعامًا متكئًا (اخرجه النسائی) چہارم حدیث ثابت البنانی عن شعيب بن عبدالله بن عمرو عن ابيه قال مارؤى صلى الله عليه وسلم ياكل

معکئا فقط (اخرجہ ابوداؤد) پنجم مجاہد سے منقول ہے۔

قال ما اکل النبی صلی اللہ علیہ وسلم معکئا الامرۃ ثم نزع فقال اللھم انی عبدك ورسولك (اخرجہ ابن ابی شیبہ) ششم حدیث انسؓ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لما نھاہ جبرئیل عن الاکل متکئا لم یاکل بعدہ متکئا (اخرجہ ابن شاہین) ہفتم حدیث عبداللہ بن بسر جس میں روایت الباب کا شانِ ورود ذکر کیا گیا ہے۔ ان جملہ روایات سے صراحتہً ثابت ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کی عادت ٹیک لگا کر کھانا کھانے کی نہیں تھی بلکہ آپ ﷺ نے متکئا کھانے پر نکیر فرمائی ہے۔ لہٰذا متکئا کھانا کراہت سے خالی نہیں۔ ابن ابی شیبہ نے ابراہیم نخعی کے طریق سے نقل کیا ہے کہ ٹیک لگا کر کھانے کو اس لئے مکروہ قرار دیا گیا ہے کہ اس طرح کھانے سے پیٹ بڑے ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح علامہ ابن اثیر جزریؒ نے بھی اس علت کی طرف اشارہ کیا ہے مگر ظاہر ہے کہ یہ علت من جہۃ الطب ہوئی نہ کہ باعتبار شرع۔

کیفیت اتکاء عندالاکل:۔ پھر کیفیت اتکاء کے بارے میں اختلاف ہے کہ کس طرح کی ٹیک لگا کر کھانا مکروہ ہے۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ مطلقاً ٹیک لگانا خواہ کسی بھی طرح ہو۔ اور بعض نے کہا کہ دونوں شقوں میں سے ایک جانب مائل ہو کر بیٹھنا اور بعض حضرات نے بائیں پر ٹیک لگا کر کھانے کو مکروہ قرار دیا ہے کما قال مالکؒ۔ علامہ ابن جوزیؒ نے بھی اتکاء کی تفسیر میل علی احدی الشقین کی ہے اور وجہ ممانعت یہ بیان کی ہے کہ ایسی صورت میں کھانا اچھی طرح اپنے مقام پر پہنچ کر ہضم نہ ہو پائیگا جس سے تکلیف کا اندیشہ ہے۔ نیز علامہ خطابیؒ کہتے ہیں کہ عام طور پر یہی گمان ہے کہ متکی وہ ہے جو ایک شق کی طرف ٹیک لگا کر کھائے اور فرماتے ہیں کہ یہاں پر مراد باقاعدہ بستر پر بیٹھ کر متکبرین کی طرح کھانا ہے اور اب حدیث کے معنی علی قولہ یہ ہوں گے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں بستر پر باقاعدہ گدے پر بیٹھ کر متکبرین کی طرح نہیں کھاتا ہوں بلکہ جھک کر نہایت تواضع کے ساتھ تھوڑا سا کھالیتا ہوں۔ مگر صحیح قول یہ ہے کہ اتکاء مکروھہ سے مراد ہر وہ بیٹھک ہے جس کو عرفاً ٹیک لگانا کہا جاتا ہے۔ کسی خاص کیفیت کے ساتھ مخصوص نہیں ہے۔

بہرحال خلاصہ یہ نکلا کہ ٹیک لگا کر کھانا مکروہ ہے آپ ﷺ خود بھی ٹیک لگا کر کھانا تناول نہیں فرماتے تھے اور نہ اس کو پسند فرماتے تھے بلکہ اس طرح کھانے والے پر زجر و توبیخ بھی فرماتے تھے خواہ ٹیک لگانا کسی بھی نوع کا ہو۔

کیفیت مستحبہ عندالاکل:۔ بہتر یہ ہے کہ کھانے کے وقت گھٹنوں کے بل قدموں پر بیٹھے۔ یا بایاں پاؤں بچھا کر داہنا پاؤں کھڑا کر کے بیٹھ کر کھانا کھائے۔ حضرت مولانا خلیل احمدؒ صاحب محدث سہارنپوری فرماتے ہیں کہ کھانا کھانے کے وقت مقبول ہیئت وہ ہے جس میں کھانے کی طرف توجہ تام ہو اور زیادہ کھانے کا باعث نہ ہو اور نہ متکبرین کی ہیئت ہو جس بیٹھک میں یہ تینوں باتیں پائی جائیں وہ سب سے افضل ہوگی اور جس میں دو یا ایک ہو وہ اسی اعتبار سے فضیلت والی ہوگی۔

وفی الباب عن علیؓ فلینظر من اخرجہ۔ وعبداللہ بن عمر و اخرجہ ابوداؤد وابن ماجہ وعبداللہؓ بن عباس اخرجہ النسائی ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری وابوداؤد وابن ماجہ والنسائی۔ لانعرفہ الا من حدیث علی بن الاقمر وروی زکریا بن ابی زائدۃ وسفیان بن سعید وغیر واحد عن علی بن الاقمر الخ امام ترمذیؒ فرمارہے ہیں کہ یہ روایت علی بن اقمر کے علاوہ کسی اور سے منقول نہیں ہے ہاں البتہ علی بن اقمر سے روایت کرنے والے شریک کے علاوہ زکریا وسفیان وغیرہ ہیں پھر اسی

طرح سفیان ثوری سے شعبہ نے بھی یہ روایت نقل کی ہے لہٰذا روایت علی بن اقمر کے بعد کثیر الطرق ہے تو اب اس پر حسن وصحیح کا حکم لگانا درست ہوگا۔

رجالِ حدیث:۔شریک بن عبداللہ بن ابی شریک النخعی ان کی کنیت ابو عبداللہ الکوفی القاضی ہے۔
روایت کرتے ہیں زیاد بن علاقہ، سلمہ بن کھیل۔ابواسحاق السبیعی اور سماک بن حرب وغیرہم سے اور ان کے شاگرد علی بن حجر وکیع بن الجراح، یحییٰ بن سعید القطان اور ابن المبارک وغیرہم ہیں ابن معین نے ان کو ثقہ صدوق اور ابن سعد نے ثقہ مامون کثیر الحدیث یغلط کہا ہے۔امام نسائی نے لیس بالقوی اور یعقوب بن سفیان نے ثقہ سیئ الحفظ کہا ہے ۹۰ھ میں پیدا ہوئے اور کوفہ میں ۱۷۷ھ یا ۱۷۸ھ میں وفات پائی۔علی بن الاقمر بن عمرو الہمدانی الوداعی۔انکی کنیت ابوالوازع کوفی ہے طبقہ رابعہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ابو جحیفہؓ بتقدیم الجیم علی الحاء المھملہ مصغرا۔ان کا نام وہب بن عبداللہ السوائی ہے اور اپنی کنیت ہی کے ساتھ مشہور ہیں ان کو وہب الخیر بھی کہا جاتا ہے۔مشہور صحابی ہیں۔صغار صحابہ میں سے ہیں۔جب آپ ﷺ کی وفات ہوئی اس وقت تک یہ بالغ نہیں ہوئے تھے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ حُبِّ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْحَلْوَآءَ وَالْعَسَلَ

حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِیْبٍ وَ مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ وَاَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الدَّوْرَقِیُّ قَالُوْا ثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ۔

ترجمہ:۔حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ حلوہ اور شہد کو پسند فرماتے تھے۔

لفظ حلواء کی تحقیق وتشریح:۔الحلواء بالمد و القصر دونوں لغت ہیں۔امام اصمعیؒ کے نزدیک اس کو قصر اور یاء کے ساتھ لکھا جاتا ہے اور امام فراءؒ کے نزدیک بالالف الممد ودہ ہے امام لیثؒ کہتے ہیں کہ اکثر لوگوں کی رائے یہ ہے کہ حلواء بالمد پڑھا جائے اور اس کا اطلاق ہر کھانے والی میٹھی چیز پر ہوتا ہے اور امام خطابیؒ نے کہا کہ حلوے کا اطلاق ایسی میٹھی چیز پر ہوتا ہے جس کے بنانے میں انسان کے عمل کو دخل ہو۔ابن سیدہؒ نے بیان کیا کہ حلوہ اس کھانے کو کہا جاتا ہے جس میں میٹھی چیز ڈال کر بنایا گیا ہو اور کبھی اس کا اطلاق پھلوں پر بھی ہو جاتا ہے۔علامہ نوویؒ کہتے ہیں کہ یہاں پر حلوہ سے مراد ہر میٹھی چیز ہے اور شہد کا تذکرہ شرافۃً و کرامۃً ہے۔گویا یہ ذکر الخاص بعد العام کے قبیل سے ہے علامہ ابن بطالؒ نے فرمایا کہ شہد اور حلوہ طعام طیبات میں سے ہے کہ جن کے کھانے کا حکم قرآن کریم میں بیان کیا گیا ہے۔قال اللہ تعالیٰ کلوا من الطیبات نیز اس سے اس شخص کے قول کی بھی تائید ہوئی ہے جس نے طیبات کی تفسیر مستلذ ذات سے کی ہے کیونکہ حلوہ اور شہد دونوں لذیذ چیزیں ہیں۔علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کا حلوہ کو پسند فرمانا کثرت خواہش کی بناء پر نہیں تھا کہ خدانخواستہ آپ ﷺ کو حلوہ کھانے کی خواہش ہوتی ہو اور آپ ﷺ اس کو پکوا کر کھاتے ہوں۔بلکہ مطلب یہ ہے کہ جب آپ ﷺ کے سامنے حلوہ پیش کیا جاتا تو آپ ﷺ اس کو پسند فرماتے اور اچھی طرح تناول فرماتے تھے۔

آپ ﷺ کا محبوب حلوہ:۔حافظؒ فرماتے ہیں کہ کتاب ثعالبی میں واقع ہوا کہ نبی کریم ﷺ جس حلوہ کو پسند فرماتے تھے وہ مجیع

علی وزن عظیم ہوتا تھا جو کھجور کو باریک کر کے دودھ میں گوندھ کر بنایا جاتا تھا اور بعض نے فرمایا کہ اس سے مراد فالودہ ہے۔ بعض لوگوں نے بیان کیا کہ یہاں پر حلوہ سے مراد یہ ہے کہ آپ ﷺ روزانہ ایک پیالہ شہد کا پانی کے ساتھ ملا کر پیا کرتے تھے مگر یہ قول غلط ہے اسی طرح اس زمانہ کا جو حلوہ مختلف مقویات ڈالکر بنایا جاتا ہے وہ بھی مراد نہیں ہے اس لئے کہ اس زمانہ میں اس طرح کے حلوہ کا رواج ہی نہ تھا دوسرے عسرت کا زمانہ تھا اسقدر لذائذ کہاں میسر تھے۔

شہد کی اہم خصوصیات:۔ العسل بمعنی شہد۔ قرآن کریم میں بھی شہد کی تعریف کی گئی ہے۔ فرمایا گیا فیہ شفاء للناس۔ شہد جہاں قوت بخش غذاء اور لذت کا ذریعہ ہے وہیں امراض کے لئے نسخہ شفاء بھی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جڑی بوٹیوں میں شفاء اور دواء کا سامان رکھا ہے تو ان کے جوہر اور عرق میں جو کہ مکھی کھینچ کرلے آتی ہے کیوں نہ شفا ہوگی۔ بلغمی امراض میں شہد بلا واسطہ شافی ہے اور دوسرے امراض میں دیگر اشیاء کے ساتھ مل کر بطور دواء نہایت مفید ہے۔ چنانچہ اطباء معجونوں میں بطور خاص شہد کا استعمال کرتے ہیں اس کی ایک خاصیت یہ بھی ہے کہ خود خراب نہیں ہوتا اور دوسری اشیاء کی بھی طویل عرصہ تک حفاظت کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہزار ہا سال سے اطباء اس کو الکوحل کی جگہ استعمال کرتے آئے ہیں۔ شہد مسہل بھی ہے اور پیٹ سے فاسد مادہ نکالنے میں بہت مفید ہے چنانچہ آگے روایت آرہی ہے کہ جب ایک صحابیؓ نے آپ ﷺ سے اپنے بھائی کے پیٹ کی بیماری کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے اسے شہد پلانے کا مشورہ دیا دوسرے دن پھر اس نے آکر بتایا کہ بیماری بدستور ہے تو آپ ﷺ نے پھر وہی مشورہ دیا تیسرے دن جب اس نے کہا کہ کوئی فرق نہیں تو آپ ﷺ نے کہا کہ صدق اللہ وکذب بطن اخیک کہ اللہ کا قول بلا ریب سچا ہے اور تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے مراد یہ ہے کہ دوا کا کوئی قصور نہیں بلکہ مریض کے مزاج خاص کی وجہ سے جلدی اثر ظاہر نہیں ہوا اسکے بعد پھر پلایا تو بیمار تندرست ہو گیا۔ اگر یقین محکم اور مضبوط ہو تو پھر ہر مرض کے لئے شہد شافی ہے حتیٰ کہ پھوڑے پھنسی اور آنکھ وجسم وغیرہ کے دوسرے امراض کا بھی علاج شہد ہی کے ذریعہ کیا جائے تو شفاء ہوگی۔ حضرت ابن عمرؓ کے متعلق روایات میں ہے کہ اگر ان کے بدن پر کوئی پھوڑا نکل آتا تو اس پر بھی شہد کا لیپ کرتے۔ جب بعض لوگوں نے ان سے اس کی وجہ پوچھی تو جواب میں فرمایا کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق فیہ شفاء للناس نہیں فرمایا ہے۔ شہد کے بارے میں مزید تفصیل انشاء اللہ کتاب الطب میں آئے گی۔

ھذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجہ البخاری ومسلم ابوداؤد والنسائی وابن ماجہ۔ وقد رواہ علی بن مسھر عن ھشام بن عروۃ امام ترمذیؒ نے ہشام کی اس روایت کا دوسرا طریق بیان کیا ہے یعنی ہشام بن عروہ کے دو شاگرد ہیں ابو اسامہ اور علی بن مسہر۔ وفی الحدیث کلام اکثر من ھذا ان ہذا الحدیث مطولا واختصرہ والترمذی واخرجہ البخاری مطولا فی الطلاق والحیل ومسلم فی الطلاق۔

رجال حدیث:۔ سلمۃ بن شبیب النیسابوری المسمعی الحافظ انکی کنیت ابو عبداللہ ہے ان کے شاگرد مسلم، ترمذی، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ ہیں۔ ابو حاتم نے ان کو صدوق کہا ہے۔ اور ابو نعیم نے ثقات میں سے ذکر کیا ہے۔ مکہ میں قیام کیا۔ احمد بن ابراھیم ابن کثیر الدورقی النکری البغدادی۔ امام مسلم، ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ وغیرہم ان سے روایت کرتے ہیں۔ ابو حاتم ان کو صدوق کہتے ہیں۔ ۱۶۸ھ میں پیدا ہوئے اور شعبان ۲۴۶ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اِکْثَارِ الْمَرَقَةِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِیٍّ ن الْمُقَدَّمِیُّ ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فَضَاءٍ ثَنَا اَبِیْ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْمُزَنِیِّ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَرٰی اَحَدُکُمْ لَحْمًا فَلْیُکْثِرْ مَرَقَتَهٗ فَاِنْ لَّمْ یَجِدْ لَحْمًا اَصَابَ مَرَقَةً وَهُوَ اَحَدُ اللَّحْمَیْنِ۔

ترجمہ:۔ عبداللہ مزنیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص گوشت خریدے تو اس کو چاہیے کہ بڑھالے شوربے کو اس لئے کہ اگر نہ پائے کا گوشت تو کم از کم شوربے کو پالیگا اور شوربا بھی دو گوشتوں میں ایک قسم کا گوشت ہے۔

تشریح:۔ مرق بالتحریک یعنی بفتح المیم والراء بمعنی شوربا اکثار بمعنی زیادہ کرنا۔

روایت کا مطلب یہ ہے کہ جب کوئی شخص گوشت پکائے تو اس کو چاہیے کہ شوربا بڑھالے اس لئے کہ اگر کھاتے وقت اس کو بوٹی نہ ملے گی تو کم از کم اس کے شوربے کا استعمال کریگا چونکہ شوربا بھی گوشت ہی کے حکم میں ہے۔اس لئے کہ گوشت کی چکناہٹ اور اس کا جوس شوربے میں نکل آتا ہے گویا نفع اور تغذی کے لحاظ سے شوربا قائم مقام گوشت کے ہے اس لیے اس کو احد اللحمین کہا گیا ہے۔ روایت میں آپ ﷺ کا اشتری احدکم فرمانا غالبی اعتبار سے ہے کہ اکثر گوشت خرید ہی کر بنایا جاتا ہے ورنہ مراد گوشت کا حصول ہے خواہ خرید کر ہو یا کسی اور طرح سے ہو۔

وفی الباب عن ابی ذرؓ اخرجہ الترمذی بعد ہذا ۔ ھذا حدیث غریب اخرجہ الحاکم والبیہقی ۔ محمد بن فضاء ھوالمعبر وقد تکلم فیہ سلیمان بن حرب الخ ۔ فضاء بفتح القاف والجیم مع المد ۔ الازدی ابوبحر البصری طبقہ سادسہ میں سے ضعیف راوی ہیں۔ حافظ کہتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے فرمایا کہ میں نے سلیمان بن حرب کے بارے میں سنا کہ وہ محمد ابن فضاء کو ضعیف کہتے تھے اور فرماتے تھے کہ وہ شراب بیچتا تھا اسی طرح ابن معین نے ان کو ضعیف الحدیث اور لیس بشئ کہا ہے۔ چنانچہ ابن جنیدؒ کہتے ہیں کہ میں نے ابن معین سے کہا کہ محمد بن فضاء تو خوابوں کی تعبیر دینے کا کام کرتے ہیں تو ابن معین نے کہا کہ ہاں اور اس کی حدیث بھی تعبیر ہی کی طرح ہے ابوزرعہ نے بھی ان کو ضعیف الحدیث کہا ہے اور امام نسائی نے بھی ضعیف اور کبھی لیس بثقہ فرمایا ہے۔

• وعلقمة ھو اخوبکر بن عبداللہ المزنی ۔ حافظ کہتے ہیں کہ یہ علقمہ بن عبداللہ بن سنان ہیں اور بعض نے ان کے دادا کا نام عمرو بتایا ہے بصرہ کے رہنے والے ہیں۔ طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ بکر بن عبداللہ مزنی کے بھائی ہیں۔ چنانچہ ائمہ حدیث امام بخاری، ابوحاتم، ابن مندہ، ابن الزبیر، ابن عساکر نے بھی ان کو بکر بن عبداللہ کا بھائی کہا ہے۔ مگر آجری نے نقل کیا کہ ابوداؤد سے پوچھا گیا کہ علقمہ بن عبداللہ، بکر بن عبداللہ کے بھائی ہیں تو انہوں نے کہا نہیں اس لیے کچھ حضرات نے امام ترمذیؒ کے مذکورہ مقولہ میں تردد کا اظہار کیا ہے۔ حافظ فرماتے ہیں کہ ابن حبان نے ان کو ثقات میں شمار کیا ہے اور اہل بصرہ نے ان سے روایت نقل کی ہے۔ ۱۰۰ھ میں بزمانہ خلافت عمر بن عبدالعزیزؒ ان کا انتقال ہوا۔

حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْاَسْوَدِ الْبَغْدَادِیُّ ثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَنْقَزِیُّ ثَنَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ صَالِحِ بْنِ رُسْتُمَ اَبِیْ عَامِرِ ن الْخَزَّازِ عَنْ اَبِیْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

وَسَلَّمَ لَا يَحْقِرَنَّ أَحَدُكُمْ شَيْئًا مِنَ الْمَعْرُوفِ وَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيَلْقَ أَخَاهُ بِوَجْهٍ طَلِيقٍ وَإِذَا اشْتَرَيْتَ لَحْمًا أَوْ طَبَخْتَ قِدْرًا فَأَكْثِرْ مَرَقَةً وَاغْرِفْ لِجَارِكَ مِنْهُ

ترجمہ:۔ ابوذرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص بھی کسی نیک کام کو حقیر نہ سمجھے اور اگر (اپنے بھائی کو دینے کے لئے) کوئی چیز نہ پائے تو چاہیے کہ اس سے ہنستے ہوئے چہرے کے ساتھ ملاقات کرے اور جب گوشت خریدے یا ہانڈی پکائے تو بڑھا لے اپنے شوربے کو اور اس میں سے ایک چلو بھر اپنے پڑوسی کو دیدے۔

تشریح:۔ لا یحقرن ماخوذ من الحقارۃ بمعنی ذلیل سمجھنا المعروف علامہ طیبیؒ کہتے کہ یہ ہر اس چیز کے لئے جامع ہے جس کو اچھا سمجھا جائے خواہ اللہ کی طاعت کے بارے میں ہو یا لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کے سلسلہ میں ہو اور یہ صفات غالبہ میں سے ہے یعنی معروف ایسی شئی ہے جو لوگوں کے درمیان عموما جانی پہچانی ہوتی ہے کہ لوگ اسکو دیکھنے کے بعد اس پر نکیر نہیں کرتے بلکہ اچھا سمجھتے ہیں مثلاً انصاف کرنا لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا اور لوگوں کے ساتھ بشاشت کے ساتھ ملاقات کرنا وغیرہ۔ طلیق ضد عبوس یعنی ایسا چہرہ جس میں خوشی اور سرور معلوم ہو۔ ظاہر ہے کہ کسی مسلم کے قلب تک سرور پہنچانا بڑی نیکی ہے۔ اوطبخت قدراً ظاہر یہ ہے کہ لفظ او شک کے لئے ہے اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ تنویع کے لئے ہے اور معنی یہ ہوئے کہ جب گوشت پکائے یا کسی اور چیز کی ہانڈی پکائے تو دونوں صورتوں میں اپنے پڑوسی وغیرہ لوگوں کو چلو بھر کر دیدے۔

اغرف ماخوذ من الغرفۃ از ضرب چلو بھرنا یقال غرف الماء یغرفہ ای اخذہ بیدہ

فوائد حدیث:۔ روایت سے معلوم ہوا کہ کسی چھوٹے سے نیک کام کو بھی حقیر نہ سمجھنا چاہیے کیونکہ اخلاص کے ساتھ چھوٹا سا نیک کام بھی اللہ کی نظر میں بہت بڑا درجہ رکھتا ہے۔ نیز معلوم ہوا کہ اگر کسی شخص کے پاس احسان کرنے کے لئے کوئی چیز نہ ہو تب بھی کم از کم اپنے مسلم بھائی کے ساتھ خندہ پیشانی سے ملاقات کرے چونکہ جب ہنستے چہرے کے ساتھ ملاقات کرے گا تو اپنے مسلم بھائی کو بھی خوشی ہوگی اور کسی مسلم کو خوش کرنا یہ خود نیک کام ہے۔ اسی طرح جب کوئی چیز گوشت وغیرہ پکائے تو اپنے پڑوسی کا خیال رکھے کہ اس کو بھی تھوڑا سا پہنچادے۔ روایت میں حسن معاشرت کے اعلیٰ درجہ کی تعلیم ہے۔ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ النسائی وابن حبان۔ وقد روی شعبۃ عن ابی عمران الجونی الخ روایت کا دوسرا طریق بیان فرمارہے ہیں۔

ھذا حدیث حسن اخرجہ النسائی وابن حبان۔

رجال حدیث:۔ محمد بن عمر بن علی بن عطاء بن مقدم المقدمی بالتشدید یہ بصرہ کے رہنے والے ہیں صدوق راوی ہیں طبقہ عاشرہ کے صغار راویوں میں سے ہیں۔ مسلم بن ابراھیم الازدی الفراھیدی ان کی کنیت ابوعمرو البصری ہے ثقہ مامون اور کثیر الحدیث راوی ہیں آخری عمر میں نابینا ہوگئے تھے طبقہ تاسعہ کے صغار راویوں میں سے ہیں ابوداؤد کے استاذ ہیں ۲۲۲ھ میں انتقال فرمایا محمد بن فضاء الازدی انکی کنیت ابوبحر ہے بصرہ کے رہنے والے طبقہ سادسہ میں سے ضعیف راوی ہیں۔

ابیہ ای فضاء بن خالد الجھضمی البصری۔ مجہول راوی ہیں۔ علقمۃ بن عبداللہ المزنی ان کے بارے میں امام ترمذیؒ خود کلام فرماچکے ہیں۔ ابیہ ای عبداللہ بن سنان بن نبیشہ بن سلمہ المزنی اور بعض نے عبداللہ بن عمرو بن ہلال کہا ہے۔ صحابی ہیں بصرہ میں مقیم رہے الحسین بن علی بن الاسود البغدادی العجلی ان کی کنیت ابوعبداللہ الکوفی ہے کثیر الخطاء اور صدوق راوی ہیں

امام ابوداؤد ان سے روایت کرتے ہیں طبقہ حادیہ عشرہ میں سے ہیں۔ عمرو بن محمد بن العنقزی یہ ابوسعید الکوفی ہیں طبقہ تاسعہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ حافظ ابن حجر تقریب میں ابن العنقزی کے بجائے محمد العنقزی لکھتے ہیں۔ صاحب تحفہ نے لکھا ہے نسخہ احمدیہ میں جو ابن العنقزی لکھا ہے یہ غلط ہے ان کی وفات ۱۹۹ھ میں ہوئی اسرائیل یہ ابن یونس بن ابی اسحاق السبیعی الکوفی ہیں۔ احمد نے ان کو ثقہ، ثبت اور ابوحاتم نے صدوق کہا ہے ۱۶۰ھ اور بعض نے کہا کہ اس کے بعد انتقال ہوا۔ صالح بن رستم ابی عامر الخزاز المزنی صدوق اور کثیر الخطاء راوی ہیں طبقہ سادسہ میں سے ہیں ۱۵۲ھ میں انتقال فرمایا۔ ابی عمران الجونی ان کا نام عبدالملک بن حبیب الازدی یا الکندی ہے اپنی کنیت ابوعمران کے ساتھ مشہور ہیں طبقہ رابعہ کے کبار راویوں میں ثقہ راوی ہیں۔ عبداللہ بن الصامتؓ الغفاری البصری طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔ ۷۰ھ میں وفات پائی۔ ابی ذر الغفاریؓ مشہور صحابی ہیں ان کا نام اصح قول کی بناء پر جندب بن جنادہ ہے ۳۲ھ میں حضرت عثمانؓ کی خلافت کے زمانہ میں وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ فَضْلِ الثَّرِيْدِ

ترجمہ:۔ ان روایات کے سلسلہ میں جو ثرید (کھانے) کی فضیلت کے متعلق وارد ہوئی ہیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيْرٌ وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ اِلَّا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَآسِيَةُ امْرَاَةُ فِرْعَوْنَ وَفَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ۔

ترجمہ:۔ ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے انہوں نے نبی کریم ﷺ سے نقل کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا کامل ہوئے ہیں لوگوں میں سے بہت لوگ اور نہیں کامل ہوئیں عورتوں میں سے مگر مریمؑ بنت عمران اور آسیہ زوجہ فرعون اور عائشہؓ کی فضیلت ایسی ہی ہے جیسے ثرید (کھانے) کی فضیلت تمام کھانوں پر۔

الثرید بفتح المثلثۃ وکسر الراء وہ ایسا کھانا ہے جس میں روٹی توڑ کر شوربے میں چوری جائے خواہ اس میں گوشت ہو یا نہ ہو۔ ثرید بسا اوقات گوشت سے بھی زائد نافع اور مقوی ہوتا ہے۔ ثرید اہل عرب کے یہاں پسندیدہ کھانا شمار کیا گیا ہے۔ چنانچہ آپ ﷺ سے ابوہریرہؓ نے روایت نقل کی ہے کہ آپ ﷺ نے ثرید اور سحور کے لئے برکت کی دعا فرمائی (اخرجہ احمد) اسی طرح سلمان فارسیؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ برکت تین چیزوں (جماعت، سحور اور ثرید) میں ہے۔ (اخرجہ الطبرانی)

روایت کا مطلب:۔ روایت کا حاصل یہ ہے کہ مردوں میں تو کاملین بہت ہوئے ہیں جیسے انبیاء، رسل، خلفاء، علماء، اولیاء، بخلاف عورتوں کے کہ ان میں بہت کم کاملین ہیں۔ سوائے مریمؑ بنت عمرانؑ اور آسیہؓ کے۔ یہاں کامل ہونے سے مراد جامع فضائل ہونا ہے اور معنی یہ ہوئے کہ مردوں میں فضائل والے افراد بہت ہیں اور عورتوں میں چند یعنی مریمؑ و آسیہؓ ہیں۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے مراد مطلق فضائل نہیں بلکہ وہ فضائل مراد ہیں جو دونوں صنفوں کے ساتھ مخصوص ہوں۔ اب روایت کے معنی یہ ہوں گے کہ مردوں کے جو فضائل ہیں بہت سے مردان فضائل میں کامل ہیں مگر عورتوں کے فضائل میں کم عورتیں کامل ہیں سوائے مریمؑ و آسیہؓ کے۔

کیا عورت نبیہ ہو سکتی ہے :۔ اس بارے میں اختلاف ہے کہ عورت نبیہ ہو سکتی ہے یا نہیں۔ ابن حزمؒ کہتے ہیں کہ ہمارے زمانہ میں یہ مسئلہ قرطبہ میں پیش آیا اور اس بارے میں مختلف آراء سامنے آئیں جس میں تیسرا قول توقف کا ہے۔

جمہور علماء کی رائے یہ ہے کہ کوئی عورت نبی نہیں ہو سکتی اس کے بالمقابل تاج الدین سبکیؒ ابن السیدؒ اور ابوالحسن اشعریؒ وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ عورت نبیہ ہو سکتی ہے چنانچہ اشعریؒ نے فرمایا کہ چھ عورتیں حواؑ، سارہؑ، ام موسیٰؑ، ہاجرہؑ، آسیہؑ مریمؑ نبیہ ہوئیں ہیں۔

ان حضرات نے اولاً روایت الباب کے حصر سے استدلال کیا ہے کہ مریمؑ اور آسیہؑ دونوں نبیہ ہیں وجہ استدلال یہ ہے کہ نوع انسانی میں سب سے زائد کامل انبیاء پھر اولیاء پھر صدیقین اور شہداء ہیں پس اگر یہ دونوں نبیہ نہ ہوں گی۔ بلکہ ولیہ۔ یا صدیقہ یا شہیدہ ہوں گی تو پھر عام عورتوں میں نہ کوئی ولیہ ہوگی نہ صدیقہ نہ شہیدہ۔ حالانکہ یہ صفات اور عورتوں میں بھی بکثرت پائی جاتی ہیں معلوم ہوا کہ ان دونوں میں عام عورتوں سے زائد دوسری صفت کمال ان میں نبوت پائی جاتی ہے تو گویا اب روایت کے یہ معنی ہوئے ولم ینبأ من النساء الا مریمؑ بنت عمران و آسیہؑ امرأۃ فرعون۔ ثانیاً ان لوگوں نے ضابطہ بیان کیا کہ جس شخص سے بھی فرشتہ نے من جانب اللہ تکلم کیا تو اس میں نبوت کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں اور وہ نبی ہوگا چنانچہ فرشتہ کا مذکورہ عورتوں سے من جانب اللہ تکلم کرنا ثابت ہے لہذا یہ نبیہ کیسے نہیں ہو سکتی ہیں۔ ثالثاً حضرت موسیٰؑ کی والدہ کے لیے لفظ وحی وارد ہوا ہے فرمایا اوحینا الی ام موسیٰ فارضعا۔ اور ظاہر ہے کہ غیر نبی کو وحی نہیں ہو سکتی ہے۔

جمہور کے دلائل :۔ حضرات جمہور نے اپنے مدعاء کو ثابت کرنے کے لئے مختلف دلائل پیش کیے ہیں۔ اول آیت شریفہ وما ارسلنا من قبلك الا رجالاً نوحی الیہ کہ آیت شریفہ میں وصف رسالت کو رجال ہی میں منحصر فرمایا ہے۔ دوم حضرت مریمؑ کے بارے میں فرمایا وامہ صدیقۃ آیت مذکورہ مقام مدح میں ہے لفظ صدیقہ سے بظاہر اشارہ اسی طرف معلوم ہوتا ہے کہ آپ ولیہ تھیں نبیہ نہیں تھیں کیونکہ مقام مدح میں اعلیٰ درجہ کو ذکر کیا جاتا ہے اگر حضرت مریمؑ کو نبوت حاصل ہوتی تو یہاں نبیہ کہا جاتا حالانکہ یہاں صدیقہ کہا گیا جو ولایت کا ایک مقام ہے۔ سوم عورت اپنی جنس کے لحاظ سے ناقص العقل ہے حالانکہ نبی وہ ہوتا ہے جو ہر اعتبار سے کامل ہو۔ امت کا اس پر اتفاق ہے کہ نبی سے زائد عقل والا کوئی نہیں ہو سکتا ہے۔ لہذا ناقص العقل کو کس طرح منصب نبوت دیا جا سکتا ہے۔

خصم کے دلائل کے جوابات :۔ اب رہے مدعین نبوت کے دلائل ان کا جواب اولاً تو یہ ہے کہ یہاں کمال سے جامع فضائل ہونا یا عورتوں کے فضائل میں کامل ہونا مراد ہے جیسا کہ تشریح حدیث کے تحت گذر چکا ہے۔ نیز ان عورتوں کا ولیہ صدیقہ یا شہیدہ ہونا دوسری تمام عورتوں کے ولیہ صدیقہ یا شہیدہ ہونے کے منافی نہیں چونکہ ممکن ہے کہ ان کے علاوہ اور عورتوں میں بھی یہ صفات موجود ہوں لیکن اس درجہ کی نہ ہوں جس درجہ کی ان کو حاصل ہیں۔ ثانیاً واقعات اس پر شاہد ہیں کہ فرشتہ نے من جانب اللہ غیر نبی سے بھی تکلم کیا ہے چنانچہ روایت میں ہے کہ ایک شخص اپنے دینی بھائی کی زیارت کے لئے جا رہا تھا راستہ میں فرشتہ نے اس کو بشارت دی کہ جس طرح تجھ کو اپنے بھائی سے محبت ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کو بھی تجھ سے محبت ہے۔ (روح المعانی) حالانکہ اس شخص کے نبی ہونے کا کوئی بھی قائل نہیں ہے۔ ثالثاً لفظ وحی کا کسی کے لئے وارد ہونا یہ کوئی دلیل نبوت نہیں چونکہ یہ لفظ تو شہد کی مکھی کے لیے بھی قرآن کریم میں وارد ہوا ہے۔ فرمایا واوحی ربك الی النحل ان اتخذی الخ تو کیا شہد کی مکھی بھی اس لفظ کی بناء پر نبی ہو جائے گی؟

وَفَضْلُ عَائِشَةَؓ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ۔ اس جملہ سے آپ ﷺ نے حضرت عائشہؓ کا مزید اختصاص اور امتیاز بیان فرمایا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ثرید کھانا جس طرح تمام کھانوں میں جامع ہے کہ قوت، غذا لذت نیز زود ہضم ہونا۔ اور اسکا سہل الحصول ہونا وغیرہ صفات اس میں پائی جاتی ہیں جو دیگر کھانوں میں نہیں ہوتی ہیں۔ اسی طرح حضرت عائشہؓ میں ایسی صفات مثلاً حسن خلق، شیریں کلام۔ نرم لہجہ۔ قوت رائے اور سمجھ اعلیٰ درجہ کی پائی جاتی ہیں جو دیگر عورتوں میں ایک ساتھ نہیں ہوتی ہیں۔

روایت سے ثرید کھانے کی فضیلت ثابت ہوگئی۔ امام موصوف کا مقصود بالباب بھی یہی ہے۔ نیز اس سے حضرت عائشہؓ کی فضیلت بھی معلوم ہوئی۔

کیا حضرت عائشہؓ تمام عورتوں سے افضل ہیں:۔ اس بارے میں اختلاف ہے کہ کیا حضرت عائشہؓ تمام عورتوں سے افضل ہیں اس سلسلہ میں مختلف نصوص وارد ہوئی ہیں۔ حضرت مریمؑ کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے واصطفاك على نساءِ العالمين۔ نیز آپ ﷺ کا ارشاد ہے سيدة نساء اهل الجنة مريمؓ بنت عمران ثم فاطمةؓ ثم خديجةؓ ثم آسيةؓ امرأة فرعون (اخرجہ ابن عساکر عن ابن عباسؓ) اسی طرح ابن جریرؒ نے حضرت فاطمہؓ سے روایت نقل کی ہے۔ قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم انت سيدة نساء اهل الجنة الا مريمؓ البتول۔ نیز بخاری و مسلم میں ابو ہریرہؓ سے منقول ہے۔ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير نساء ركبن الابل نساء قريش احناه على ولد في صغره وارعاه على بعل في ذات يده ولو علمت ان مريمؓ بنت عمران ركبت بعيرًا مافضلت عليها احدًا۔ مذکورہ آیت شریفہ اور روایت سے حضرت مریمؑ کا تمام عورتوں سے افضل ہونا معلوم ہوا۔

حضرت عائشہؓ کی فضیلت کے بارے میں روایت الباب فضل عائشہؓ نیز فرمایا گیا خذوا الثلثى دينكم عن الحميراء اسی طرح ارشاد فرمایا یا عائشہؓ هذا جبرئيلؑ يقرئ عليك السلام قالت قلت وعليه السلام ورحمة الله وبركاته (الحدیث) ان روایات سے حضرت عائشہؓ کی فضیلت معلوم ہوئی حضرت خدیجہؓ کے بارے میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فضلت خديجةؓ على نساء امتي كما فضلت مريمؓ على نساء العالمين (اخرجہ ابن جریر عن عمارؓ بن سعد) نیز فرمایا خير نسائها خديجةؓ بنت خويلد (اخرجہ الترمذی) اسی طرح ایک روایت میں ہے اقرأها السلام جبرئيلؑ من ربها واما عائشةؓ فقد اقرأنها النبي صلى الله عليه وسلم من جبرئيل کہ حضرت عائشہؓ کو تو جبرئیل علیہ السلام سلام کرتے ہیں اور حضرت خدیجہؓ کو جبرئیلؑ اللہ تعالیٰ کا سلام پہنچاتے ہیں اور ظاہر ہے کہ دونوں میں فرق بعید ہے ان روایات سے حضرت خدیجہؓ کی افضلیت معلوم ہوئی۔ حضرت فاطمہؓ کے بارے میں ارشاد فرمایا اربع نسوة سادات عالمهن مريمؓ بنت عمرانؑ وآسية بنت مزاحمؓ وخديجةؓ بنت خويلدؓ و فاطمةؓ بنت محمدؐ وافضلهن عالماً فاطمةؓ (اخرجہ ابن عساکر عن ابن عباسؓ) اسی طرح حضرت عائشہؓ سے منقول ہے ان سے پوچھا گیا کہ آپ ﷺ کے نزدیک سب سے محبوب کون ہے فرمایا فاطمہؓ۔ لہذا فاطمہؓ کو آپ ﷺ کی محبت کی بناء پر سب سے زائد فضیلت ہونی چاہیے۔ نیز مشہور روایت ہے سيدة نساء اهل الجنة فاطمةؓ وغیرہ روایات حضرت فاطمہؓ کے افضل ہونے پر دال ہیں۔

ان مختلف روایات کے درمیان تطبیق:۔ مگر ظاہر ہے کہ ان جملہ روایات کا محمل الگ الگ ہے کہ حیثیت کے اعتبار سے فرق

ہے۔ حضرت مریمؑ کو فضیلت اپنے زمانہ کی عورتوں پر ہے یا حضرت عیسیٰ جلیل القدر نبی کی والدہ ہونے کے اعتبار سے یا اس وجہ سے کہ ان کے بطن سے بغیر باپ کے عیسیٰ کی پیدائش ہوئی جو تمام عالم کے لئے اللہ تعالیٰ کی ایک خصوصی علامت قدرت ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اس وصف خاص میں ان کا کوئی شریک نہیں ہے۔ اسی طرح حضرت عائشہؓ کو افضلیت آپ ﷺ کے زوجہ ہونے کے لحاظ سے ہے یا ان خصوصیات کی بناء پر ہے جو دوسری بیویوں اور عام عورتوں کو حاصل نہ تھیں جو تفصیلاً ماقبل میں ذکر کی گئیں ہیں) لیکن حضرت عائشہؓ کو کلی فضیلت تمام عورتوں پر ثابت نہیں جیسا کہ ثرید علی الاطلاق تمام کھانوں سے افضل نہیں بلکہ بعض اعتبارات سے افضل ہے اسی طرح عائشہؓ بعض اوصاف خاصہ کے لحاظ سے افضل ہیں۔ اسی طرح خدیجۃ الکبریٰؓ کو سبقت ایمانی اور آپ ﷺ پر احسان وغیرہ خصوصیات کی بناء پر فضیلت ہے جو اور کسی کو حاصل نہیں ہوئی ہیں کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین قالت عائشةؓ قد رزقک اللہ خیرا منھا فقال لھا لا واللہ ما رزقنی اللہ تعالیٰ خیرا منھا آمنتْ بی حین کذبنی الناس واعطتنی مالھا حین حرمنی الناس۔

اور حضرت فاطمہؓ کو علماء نے سب سے افضل قرار دیا ہے کیونکہ آپ ﷺ سے جزئیت کا تعلق ہے اور محبت جزئیت تمام محبتوں پر فائق ہے (کما قالہ صاحب روح المعانی) نیز حضرت فاطمہؓ کو جو خصوصیات مجموعی طور پر آپ ﷺ سے حاصل ہیں وہ اور کسی عورت کو حاصل نہیں ہیں۔ جیسا کہ ان کے مناقب سے معلوم ہوتا ہے۔

وفی الباب عن عائشةؓ اخرجہ النسائی وانسؓ اخرجہ الترمذی فی المناقب ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری ومسلم و ابن ماجہ۔

رجال حدیث:۔ محمد بن المثنیٰ بن عبید العنزی انکی کنیت ابو موسیٰ البصری ہے اور کنیت سے مشہور ہیں طبقہ عاشرہ میں سے ثقہ ثبت راوی ہیں۔ روایت کرتے ہیں معتمر۔ ابن عیینہ غندر اور خلق کثیر سے اور ان سے روایت کرنے والے ائمہ ستہ ہیں۔ محمد بن یحییٰ نے ان کو حجۃ کہا ہے ۲۵۲ھ میں وفات پائی۔ محمد بن جعفر الھذلی انکی کنیت ابو عبداللہ الکرابیسی ہے حافظ کہتے ہیں انکا لقب غندر ہے نیز فرمایا کہ یہ ثقہ اور صحیح الکتاب ہیں مگر بسا اوقات غفلت سے کام لیتے تھے۔ ابوداؤد کہتے ہیں کہ انکی وفات ۱۹۳ھ میں ہوئی اور ابن سعد کہتے ہیں کہ ۱۹۴ھ میں ہوئی۔ عمرو بن مرة بن عبداللہ بن طارق بن الحارث المرادی انکی کنیت ابو عبداللہ الکوفی ہے ان کے اساتذہ عبداللہ بن اوفیٰ ابی وائل ابراہیم نخعی سعید بن المسیب وغیرہم ہیں اور ان کے شاگردوں کے بیٹے عبداللہ منصور ابو اسحاق السبیعی اعمش ثوری اور شعبہ وغیرہم ہیں۔ ابن معین ابن نمیر یعقوب بن سفیان نے انکی توثیق کی ہے۔ انکی وفات ۱۱۶ھ یا ۱۱۸ھ میں ہوئی۔ مرة الھمدانی۔ یہ ابن شراحیل الھمدانی ہیں انکی کنیت ابو اسمٰعیل الکوفی ہے اور ان کی مرة الطیب بھی کہا جاتا ہے۔ طبقہ ثانیہ میں سے عابد ثقہ راوی ہیں ۷۶ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَا جَاءَ انْهَشُوا اللَّحْمَ نَهْشًا

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِالْكَرِيمِ اَبِيْ اُمَيَّةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ زَوَّجَنِيْ اَبِيْ فَدَعَا اُنَاسًا فِيْهِمْ صَفْوَانُ بْنُ اُمَيَّةَ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ انْهَشُوا اللَّحْمَ نَهْشًا فَاِنَّهُ اَهْنَأُ وَاَمْرَأُ۔

ترجمہ: عبداللہ بن حارث سے منقول ہے انہوں نے کہا کہ میرا نکاح کیا میرے باپ نے تو لوگوں کی دعوت کی ان میں صفوان بن امیہ بھی تھے انہوں نے کہا کہ بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ گوشت کو دانتوں سے نوچ نوچ کر کھاؤ اس لئے کہ وہ زائد لذیذ اور زیادہ زود ہضم ہے۔

تحقیق الفاظ:۔ انھشوا:۔ یہ صیغہ امر ہے نہش سے ماخوذ ہے اور بالشین المعجمہ والسین المہملہ دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے جس کے معنی القبض علی اللحم بالفم وازالته عن العظم یعنی گوشت کو منہ سے پکڑ کر اس کو ہڈی سے جدا کر دینا۔ امام اصمعیؒ اور جوہریؒ نے دونوں ضبط کے یہی معنی بیان کیے ہیں لیکن دوسرا قول یہ ہے کہ یہ معنی نہش بالشین المعجمہ کے ہیں اور نہس بالسین المہملہ کے معنی تناول بمقدم الفم یعنی گوشت کو منہ کے آگے کے حصہ سے کھانا اور بعض نے کہا کہ نہس کے معنی القبض علی اللحم ونتره عند الاکل یعنی گوشت کو پکڑنا اور کھانے کے وقت اس کو سختی سے کھینچنا۔ نیز قاموس میں ہے نھس اللحم کمنع وسمع آگے کے دانتوں سے گوشت کو لینا اور نہس اللحم کے معنی ڈاڑھوں کے ذریعہ گوشت کو لینا اور طیبیؒ نے بیان کیا کہ بالسین المہملہ ہڈی پر لگے ہوئے گوشت کو دانتوں کے کنارے سے کھینچنا۔ اهنأ سے ماخوذ ہے جس کے معنی ایسا لذیذ کھانا جو غرض کے موافق ہو۔ لہٰذا اهنا کے معنی الذیعنی زیادہ لذیذ کے ہوں گے۔ وامرا استمراء سے ماخوذ ہے اس کے معنی ذهاب كظة الطعام وثقله یعنی اچھی طرح ہضم ہونا۔

امام ترمذیؒ نے حسب عادت الفاظ حدیث ہی کو ترجمۃ الباب بنا دیا ہے موصوف رحمہ اللہ یکے بعد دیگرے دو باب قائم فرما رہے ہیں اس پہلے باب میں گوشت کو منہ سے کاٹ کر کھانے کا حکم ذکر کیا۔ اور دوسرے بات میں اس باب کی اجازت کو بیان فرمایا کہ گوشت کو چھری سے کاٹ کر بھی کھانا ثابت ہے۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ گوشت کو دانتوں سے کاٹ کر کھاؤ کیونکہ اس طرح کھانا زیادہ لذت کا باعث ہے اور زود ہضم بھی ہے۔ حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب آدمی گوشت کو منہ سے نوچ نوچ کر کھائے گا تو منہ کے اندر سے لعاب خودبخود نکل کر گوشت سے ملتا رہے گا۔ جس سے لذت دوبالا ہو جائے گی۔ چنانچہ آپ نے لوگوں کو دیکھا ہوگا کہ جو کھانے چٹ پٹے ہوتے ہیں ان کو کھاتے ہوئے منہ میں بکثرت پانی آتا رہتا ہے اور وہ کھانے سے مل کر اس کی لذت کو بڑھاتا رہتا ہے اور جب لذت کے ساتھ آدمی کسی چیز کو کھاتا ہے تو معدہ بھی اس کو اچھی طرح قبول کرتا ہے جس سے کھانا خوب ہضم ہوتا ہے۔ بہرحال یہ تلذذ جب ہی حاصل ہوگا کہ گوشت کو دانتوں سے کاٹ کاٹ کر کھایا جائے۔

حافظ عراقیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث میں صیغۂ امر وجوبی نہیں بلکہ ارشادی ہے یعنی اگر چھری سے کاٹ کر کھائیں تب بھی اجازت ہے جیسا کہ امام ترمذیؒ آنے والے باب میں اس کو بیان فرما رہے ہیں۔

وفی الباب عن عائشۃؓ اخرجہ ابوداؤد والبیہقی ۔ابی ھریرۃ اخرجہ الترمذی۔

ھذا حدیث لا نعرفه الخ اخرجہ احمد والحاکم۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت عبدالکریم ابوامیہ کے طریق سے ہی پہچانی گئی ہے اور عبدالکریم کے بارے میں محدثین نے کلام کیا ہے جیسا کہ ماقبل میں باب الضبع کے تحت گذر چکا ہے۔

رجال حدیث:۔ عبداللہ بن الحارث بن نوفل بن الحارث بن عبدالمطلب الہاشمی انکی کنیت ابومحمد المدنی ہے یہ بصرہ کے امیر

ہیں۔ابن عبدالبرؒ کہتے ہیں کہ انکی توثیق پر اجماع ہے ۸۴ھ یا ۹۹ھ میں وفات پائی۔ صفوانؓ بن امیة بن خلف الجمعی القرشی۔ صحابی ہیں آپ ﷺ سے روایت کرتے ہیں اور مؤلفۃ قلوب میں سے ہیں مکہ میں اسلام لے آئے تھے۔ مکہ ہی میں ۴۲ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مِنَ الرُّخْصَةِ فِيْ قَطْعِ اللَّحْمِ بِالسِّكِّيْنِ

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ ثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَزَّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ فَأَكَلَ مِنْهَا ثُمَّ مَضٰى إِلَى الصَّلٰوةِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ۔

ترجمہ:۔ جعفرؒ اپنے باپ (عمرو بن امیہؓ) سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے چھری کے ذریعہ بکری کے مونڈھے سے گوشت کاٹا پھر اس کو تناول فرمایا اور اس کے بعد نماز کے لیے تشریف لے گئے اور وضوء نہیں فرمائی۔

السکین بمعنی چھری۔ اس میں دوسری لغت سکینہ ہے لیکن سکین زیادہ مشہور ہے۔ علامہ جوہریؒ کہتے ہیں کہ سکین مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ہاں البتہ غالب تذکیر ہے۔ احتز باب افتعال سے ماضی کا صیغہ ہے اور حز سے ماخوذ ہے جس کے معنی قطع یعنی کاٹنے کے آتے ہیں اسی سے حزۃ گوشت کے ٹکڑے کے لیے آتا ہے بعض نے کہا کہ حز کے معنی کسی شی کو اس طرح کاٹنا کہ اس کو الگ نہ کیا جائے۔

روایت سے معلوم ہوا کہ گوشت کو چھری سے کاٹ کر کھایا جا سکتا ہے۔ چنانچہ علامہ ابن حزمؒ کہتے ہیں کہ گوشت اور روٹی کو چھری سے کاٹ کر کھانا جائز ہے اس میں کسی طرح کی کوئی ممانعت نہیں ہے چونکہ کوئی صریح نص اس کی ممانعت کے بارے میں وارد نہیں ہوئی ہے۔ لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ طبرانی نے ابن عباسؓ اور سلمہؓ سے روایت نقل کی ہے انه قال علیه السلام لا تقطعوا الخبز بالسكين كما تقطعه الاعاجم واذا اراد احدكم اكل اللحم فلا يقطعه بالسكين ولكن ليأخذه بيده فلينهسه بفيه فانه اهنأ وامرأ۔ اسی طرح ابوداؤد نے ایک روایت ابومعشر کے طریق سے عن عائشہؓ نقل کی ہے۔ قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لاتقطعو اللحم بالسكين فانه من صنيع الاعاجم فانهسوه فانه اهنأ وامرأ۔

ان روایات سے صراحۃً روٹی اور گوشت کو چھری سے کاٹ کر کھانے کی ممانعت معلوم ہوتی ہے۔ اس سلسلہ میں متعدد جواب دیے گئے ہیں۔ اول طبرانی کی روایت میں ابومعشر راوی کے بارے میں امام نسائی نے فرمایا کہ وہ منکر روایات نقل کرتا ہے نیز ابن عدیؒ کہتے ہیں کہ ابومعشر کا کوئی متابع بھی نہیں ہے۔ دوم روایات میں ممانعت اس شخص پر محمول ہے جو چھری سے کاٹ کر کھانے کی عادت بنالے۔ البتہ اگر گوشت اچھی طرح نہیں گلا ہے اور اتفاقاً چھری سے کاٹ کر کھاتا ہے تو اس کے لئے اجازت ہے۔ سوم ممانعت والی روایات عدم فرصت پر محمول ہیں یعنی اگر وقت نہیں ہے اور جلدی ہے تو پھر دانتوں سے نوچ نوچ کر جلدی کھا کر فارغ ہو جائے اور اگر وقت ہے تو پھر اطمینان سے چھری سے کاٹ کر کھائے۔ فلا تعارض۔

ثم مضى الى الصلوة ولم يتوضأ۔ پھر آپ ﷺ بغیر وضوء کیے ہوئے نماز کے لیے تشریف لے گئے یہ ایک مستقل مسئلہ ہے کہ آیا ماست النار سے وضو کی جائیگی یا نہیں جمہور بالاتفاق عدم توضی کے قائل ہیں اگرچہ سلف کے درمیان اس بارے میں

اختلاف رہا ہے مگر آخرالامر ین ترک وضوممامست النار ہے۔

هذا حديث حسن صحيح۔ اخرجہ البخاری والنسائی وابن ماجہ وفي الباب عن المغيرة بن شعبةؓ اخرجہ اصحاب السنن الثلثہ۔

رجال حدیث:۔عبد الرزاق بن همام بن نافع الحمیری الصنعانی ثقہ حافظ راوی ہیں اور مصنف سے مشہور ہیں طبقہ تاسعہ میں سے ہیں انکی وفات ۲۱۱ھ میں ہوئی ہے۔معمر بن راشد الازدی ان کی کنیت ابوعروہ البصری ہے۔روایت کرتے ہیں زہری ہمام بن منبہ قتادہ۔عمرو بن دینار وغیرہم سے اور ان کے شاگرد سفیان ثوری ایوب شعبہ اور ابن عیینہ وغیرہم ہیں۔عجلی اور نسائی نے انکی توثیق کی ہے ۱۵۲ھ یا ۱۵۴ھ میں وفات پائی۔جعفر بن عمرو بن امية الضمري المدنی یہ عبدالملک بن مروان کے رضاعی بھائی ہیں طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ راوی ہیں انکی وفات ۱۹۵ھ یا ۱۹۶ھ میں ہوئی۔ابیہ عمرو بن امیہؓ بن خویلد بن عبداللہ الضمری صحابی ہیں معاویہؓ کے زمانہ خلافت میں انتقال فرمایا۔

بَابُ مَا جَاءَ اَيُّ اللَّحْمِ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ

حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰى ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَدُفِعَ اِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَ يُعْجِبُهُ فَنَهَسَ مِنْهُ

ترجمہ:۔ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں گوشت کا ہدیہ پیش کیا گیا۔پس آپ ﷺ کی طرف (کھانے کے لیے) بازو کا گوشت پیش کیا گیا اور وہ آپ ﷺ کو اچھا لگتا تھا۔تو آپ ﷺ نے دانتوں سے نوچ نوچ کر تناول فرمایا۔

الذراع بكسر الذال من طرف المرفق الى طرف الاصبع الوسطى والساعد۔اسکی جمع اذرع وذرعان بالضم آتی ہے آپ ﷺ نے اگرچہ مختلف جگہوں کا گوشت بھی تناول فرمایا ہے جیسا کہ ماقبل کی روایت سے بھی معلوم ہوتا ہے لیکن روایت الباب سے معلوم ہوا کہ آپ ﷺ کو سب سے زائد پسندیدہ گوشت بازو کا تھا چونکہ اس کے اندر مختلف حکم ومصالح ہیں۔

بازو کے گوشت کے پسندیدہ ہونیکی حکم ومصالح:۔بازو کا گوشت جلد ہی گل جاتا ہے اور چونکہ وہ ثقیل نہیں ہوتا اس لئے جلد ہی ہضم بھی ہو جاتا ہے جو صحت کے لیے نہایت مفید ہے جس کی وجہ سے طبیعت میں نشاط وفرحت پیدا ہو کر طاعات وعبادات کے لیے زیادہ موقع میسر ہو جاتا ہے اور وہ نہایت لذیذ' خوشگوار' مزے دار اور خوش ذائقہ ہوتا ہے۔نیز اس گوشت کے پسندیدہ ہونیکی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ آپ ﷺ کو گاہ بگاہ گوشت کھانے کا موقع ملتا تھا اس لیے جب بھی میسر ہوتا تو وہ جلد ہی پک کر سامنے آجاتا اس لیے طبعاً اس کی طرف رغبت ہوتی تھی۔اس کے علاوہ اس کے کھانے میں تواضع بھی ہے چونکہ وہ اعضاء رئیسہ میں سے نہیں ہے۔نیز نجاست کے مواقع سے بھی دور ہوتا ہے الحاصل ان وجوہ کی بناء پر آپ ﷺ کو بازو کا گوشت پسند تھا۔

وفي الباب عن ابن مسعودؓ اخرجه النسائي و ابوداؤد واعائشةؓ اخرجہ الترمذی۔وعبدالله ابن جعفر اخرجہ احمد وابن ماجہ والحاکم والبیہقی۔وابی عبيدةؓ ابوعبیدہ کی روایت شمائل میں ہے۔

عبدالرؤف مناوی شرح شمائل میں کہتے ہیں عن ابی عبيد مولى المصطفى صلى الله عليه وسلم صحابي له هذا

الحدیث فی ھذا الکتاب ان کا نام اور کنیت دونوں ایک ہی ہیں۔ حافظ زین الدین عراقیؒ نے کہا کہ ہم کو ابو عبید ۃ بزیادۃ التاء ہی ضبط کرایا گیا مگر اکثر شراح ابو عبید بغیر تاء کے قرار دیتے ہیں۔ ملا علی قاریؒ شرح شمائل میں فرماتے ہیں عن ابی عبید بالتصغیر بلا تاء ضبط کیا گیا ہے۔ آپ ﷺ کے آزاد کردہ غلام ہیں ان کا نام اور کنیت ایک ہی ہے۔ اس روایت کی تخریج امام احمد ابن حنبل اور امام دار قطنی نے بھی کی ہے۔ حافظ ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ رجالہ رجال الصحیح الاشھر بن ہاشم۔ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ ابن ماجہ واسمہ ھرم یعنی ابو زرعہ کا نام ہرم ہے دوسرا قول یہ ہے کہ ان کا نام عبداللہ ہے بعض نے عبدالرحمن اور بعض نے جریر قرار دیا ہے۔ طبقہ ثالثہ میں سے ثقہ راوی ہیں۔

رجال حدیث:۔ واصل بن عبدالاعلی بن ھلال الاسدی انکی کنیت ابو القاسم یا ابو محمد الکوفی ہے۔ طبقہ عاشرہ میں سے ثقہ راوی ہیں ۲۴۴ھ میں وفات پائی۔ محمد بن الفضیل بن غزوان الضبی الکوفی۔ صدوق۔ عارف راوی ہیں طبقہ تاسعہ میں سے ہیں ۲۹۵ھ میں وفات پائی۔ ابی حیان التیمی ان کا نام یحیی بن سعید بن حیان الکوفی ہے ثقہ عابد راوی ہیں طبقہ سادسہ میں سے ہیں ۱۴۵ھ میں وفات پائی۔ ابی زرعہ ابن عمرو بن جریر ابن عبداللہ البجلی ان کا نام ہرم ہے اور بعض نے عبداللہ الکوفی کہا ہے روایت کرتے ہیں اپنے دادا جریر سے اور ابو ہریرہؓ معاویہ عمرو بن العاص وغیرہم سے اور ان سے روایت کرتے ہیں۔ جریر یحیی ابراہیم النخعی وغیرہم یہ کبار تابعین میں سے ہیں۔ ابن معین اور ابن خراش نے انکی توثیق کی ہے اور ابن حبان نے بھی ثقات میں ذکر کیا ہے۔ طبقہ ثالثہ میں سے ہیں۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ ثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ يَحْيَى مِنْ وَلَدِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا كَانَ الذِّرَاعُ أَحَبَّ اللَّحْمِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ كَانَ لَا يَجِدُ اللَّحْمَ إِلَّا غِبًّا فَكَانَ يَعْجَلُ إِلَيْهِ لِأَنَّهُ أَعْجَلُهَا نُضْجًا

ترجمہ:۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور پاک ﷺ کو بازو کا گوشت زیادہ پسند نہیں تھا مگر اس لیے (پسند تھا) کہ آپ ﷺ کو گاہ بگاہ گوشت میسر ہوتا تو آپ ﷺ کی خدمت میں جلدی سے بازو کا گوشت پیش کر دیا جاتا چونکہ وہ بہت جلد پک کر تیار ہو جاتا ہے۔

تشریح: حضرت عائشہؓ نے اپنے اس فرمان فکان یعجل الیہ سے ایک اشکال کے جواب کی طرف لطیف اشارہ فرمایا کہ آپ ﷺ کی عادت شریفہ دنیا کے لذائذ کی طرف مائل نہ تھی اور آپ ﷺ کا بازو کے گوشت کو پسند کرنا اس وجہ سے نہ تھا کہ اس میں مختلف صفات لذائذ وغیرہ موجود ہیں اسکے جلدی پک جانے اور جلدی گل جانیکی وجہ سے پسند فرماتے تھے۔

لہٰذا روایت سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ کی عادت شریفہ ماکولات میں لذائذ کے استعمال کی نہ تھی حتی کہ گوشت جیسی عام چیز بھی کبھی کبھی تناول فرماتے تھے۔

ھذا حدیث حسن لانعرفہ الامن ھذا الوجہ۔ امام ترمذیؒ نے روایت کو صرف حسن کہا ہے اور غریب نہیں فرمایا حالانکہ روایت کے بارے میں فرما رہے ہیں کہ صرف ایک ہی طریق مروی ہے۔ غالباً حسن ہونے کا حکم ان کا اپنا ذوقی ہے جیسا کہ اس سے پہلے بھی بیان کیا جا چکا کہ روایت اصول حدیث کے اعتبار سے غریب ہوتی ہے مگر ذوقاً اس کو محدثین حسن وصحیح کہہ دیتے ہیں اسی طرح یہاں بھی ہے۔

رجال حدیث:۔ یحیی بن عباد ابو عباد الضبعی البصری بغداد کے رہنے والے ہیں طبقہ تاسعہ میں سے صدوق راوی ہیں ۹۸ھ میں وفات پائی فلیح بن سلیمان بن ابی المغیرۃ الخزاعی الاسلمی ان کی کنیت ابویحیٰ المدنی ہے فلیح ان کا لقب ہے اور نام عبدالملک ہے صدوق کثیر الخطاء راوی ہیں طبقہ سابعہ میں سے ہیں ۱۶۸ھ میں وفات پائی۔ عبدالوھاب بن یحییٰ بن عباد بن عبداللہ بن الزبیر طبقہ خامسہ میں سے مقبول راوی ہیں۔ عبداللہ بن الزبیر بن العوام ابن خویلد بن اسد۔ انکی کنیت ابوبکر ہے۔ ہجرت کے بیس مہینے بعد مدینہ میں سب سے پہلے پیدا ہوئے۔ آپ ﷺ نے انکی تحنیک کی ہے۔ انہوں نے رسول پاک ﷺ سے تینتیس روایات نقل کی ہیں جن میں سے چھ پر بخاری و مسلم نے اتفاق کیا ہے اور مسلم دو حدیثوں میں منفرد ہیں ان کے شاگردان کے بھائی عروہ عطاء عباس ابن سہل وغیرہم ہیں ۱۵ جمادی الثانیہ ۷۳ھ مکہ میں وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْخَلِّ

سرکہ کی حقیقت اور اسکے فوائد:۔ الخل بمعنی سرکہ۔ یہ بھی ایک قسم کا سالن ہی ہوتا ہے جو گنے کے رس اور انگور و کھجور۔ جامن اور دیگر بہت سے پھلوں کے رس کو دھوپ میں رکھ کر بنایا جاتا ہے۔ سرکہ بہت سے امراض کے لیے نافع ہے۔ مثلاً ہاضم و مشتہی ہے۔ ریاحی امراض کے لیے مفید ہے۔ گرم پتھر پر سرکہ ڈال کر سونگھنا نکسیر کو بند کرتا ہے۔ بواسیر اور اس کے مسوں کے لیے مفید ہے۔ جب آب و ہوا خراب ہو تو اس کا استعمال بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ تجربہ اس پر شاہد ہے کہ جب محمد بن قاسم نے سندھ پر چڑھائی کی اور وہ برسر پیکار تھے تو اس وقت لشکر میں وباء پھیل گئی۔ اطلاع ملنے پر بصرہ سے کپاس سرکہ میں ڈبو کر بھیجی گئی۔ محمد بن قاسم اس کو نچوڑ کر پلاتے اور سنگھاتے تھے جس کی وجہ سے وباء کا اثر کچھ بھی نہ ہوا سب ختم ہوگئی۔ سرکہ دوسرے درجہ میں سرد خشک ہے۔ سریع النفوذ ہے۔ جالی ملطف ہے درد معدہ ورم طحال تپ صفراوی داد خارش اور سموم حیوانی کے لیے نافع ہے محلل اورام اور قاطع بلغم ہے جامن کا سرکہ بالخصوص طحال کے لیے مفید ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے فوائد اس کے اندر مضمر ہیں مثلاً اس میں محنت و مشقت زیادہ نہیں ہوتی اور اس سے روٹی بے تکلف کھائی جاتی ہے۔ ہر وقت میسر ہو جاتا ہے تکلفات سے دور ہے۔ دنیوی گذران میں اختصار ہی مقصود ہے۔ آپ ﷺ نے بکثرت اس کو نوش فرمایا ہے اور اس کی تعریف بھی فرمائی ہے حتی کہ فرمایا کہ جس گھر میں سرکہ ہو اس کے متعلق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس میں سالن نہیں ہے جیسا کہ آگے آنے والی روایت سے معلوم ہوتا ہے۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ سَعِيدٍ أَخُو سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ۔

ترجمہ: جابرؓ کہتے ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سرکہ کیا ہی اچھا سالن ہے۔

لفظ ادام کی تحقیق: علامہ نوویؒ فرماتے ہیں ادام بکسر الھمزہ ما یؤتدم بہ۔ وہ چیز جو بطور سالن استعمال کی جائے۔ کہا جاتا ہے ادم الخبز۔ یادمہ بکسر الدال الاول۔ ادام کی جمع ادم بضم الھمزۃ والدال مثل کتاب اور کتب اور ادم بسکون الدال مفرد ہے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں الادم۔ بضم الھمزہ والدال المھملہ اور دال کا سکون بھی جائز ہے ادام کی جمع ہے اور نہایہ میں ہے ادام بالکسر اور ادم بالضم

وہ چیز جو روٹی کے ساتھ ملا کر کھائی جائے خواہ کوئی بھی چیز ہو۔

روایت کا مطلب اور اسکی غرض: علامہ نوویؒ کہتے ہیں کہ علامہ خطابیؒ اور قاضی عیاضؒ نے روایت کے معنی یہ بیان کئے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماکولات میں اختصار کی تعریف فرمائی ہے اور لذیذ کھانوں کی طرف نفس کے مائل ہونے کو روکا ہے اور مقصد یہ ہے کہ سرکہ اور اسی طرح کی معمولی چیزوں ہی سے روٹی کھالیا کریں۔ شہوات اور لذائذ کی طرف مائل نہ ہوں۔ کیونکہ شہوات دین کے لئے فساد کا ذریعہ اور بدن کے لئے بیماریوں کا پیش خیمہ ہیں۔ چونکہ ظاہر ہے کہ لذیذ کھانا زائد کھایا جائے گا جس سے اعمال میں سستی ہوگی جو دین کی تباہی کا باعث ہے پھر زیادہ کھانے سے بیماری پیدا ہوگی جو جسم کے خراب ہونے کا ذریعہ ہوگی جیسا کہ شاعر نے کہا ہے۔ علت مردم ز پرخواری بود خوردن پرخم بیماری بود

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت میں سرکہ کی تعریف ہے فقط۔ رہا مطاعم میں اختصار اور ترک شہوات یہ دیگر روایات سے معلوم ہی ہے۔ حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ روایت میں امت کو زہد کی تعلیم دی گئی ہے کہ امت کو چاہئے کہ مباحات میں بھی زائد جتلانہ ہو سرکہ اگرچہ عرفاً اور شرعاً سالن نہیں ہے مگر بہرحال روٹی سے کھانے کیلئے کافی ہے اور یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر فرمایا کہ گیہوں کی روٹی اپنے سالن کے ساتھ ہے یعنی گیہوں کی روٹی کیلئے سالن کی ضرورت نہیں ہے جیسا کہ جو وغیرہ کی روٹی کے لئے سالن کی ضرورت ہوتی ہے۔

ایمان کا مدار عرف پر ہے:۔ جب روایت کا مقصود زہد کی تعلیم دینا ہے اور سرکہ کے سالن ہونے کو بیان کرنا مقصود نہیں ہے تو اس روایت سے سرکہ کے شرعاً سالن ہونے پر استدلال نہیں کیا جاسکتا خاص طور پر باب الایمان میں کیونکہ ایمان کا مبنی عرف ولغت پر ہے اور آپ ﷺ کا مقصد عرف اور لغت کو بیان کرنا نہیں ہے بلکہ شرعی احکام بیان کرنا مقصود ہے۔

فی الباب عن عائشۃ وام ھانی اخرج عنهما الترمذی فیما بعد۔ وھٰذا اصح الخ اس روایت کی تخریج احمد۔ مسلم۔ ابوداؤد۔ نسائی اور ابن ماجہ نے بھی کی ہے۔ امام ترمذیؒ کا مقصود اس عبارت سے یہ ہے کہ حضرت جابرؓ کی روایت دو طریق سے مروی ہے کہ سفیانؒ کے دو شاگرد ہیں۔ مبارک بن سعید جو سفیان ثوری کے بھائی ہیں اور دوسرے معاویہ بن ہشام القصار الکوفی۔ ان دونوں میں معاویہ بن ہشام کی روایت زیادہ صحیح ہے بہ نسبت مبارک بن سعید کے چونکہ مبارک بن سعید کے بارے میں شاید کچھ کلام ہے اس کے بعد امام ترمذیؒ نے حضرت عائشہؓ کی روایت کی تخریج کی ہے جس کے الفاظ بھی نعم الادام الخل ہیں البتہ دوسرے طریق میں نعم الادام او الادم الخل شک کے ساتھ واقع ہوا ہے۔ امام ترمذیؒ نے فرمایا کہ یہ عائشہؓ کی روایت حسن صحیح غریب ہے کیونکہ سلیمان بن بلال کے طریق کے علاوہ اور کوئی طریق نہیں ہے روایت کی تخریج امام مسلمؒ نے بھی کی ہے۔

رجال حدیث:۔ الحسن بن عرفۃ بن یزید العبدی ان کی کنیت ابوعلی البغدادی ہے طبقۂ عاشرہ میں سے صدوق راوی ہیں ابن معین اور ابوحاتم نے ان کی توثیق کی ہے ۲۵۷ھ میں وفات پائی۔ مبارک بن سعید بن مسروق الثوری الاعمیٰ ان کی کنیت ابوعبدالرحمٰن الکوفی ہے بغداد کے رہنے والے ہیں طبقۂ ثامنہ میں سے صدوق راوی ہیں روایت کرتے ہیں اپنے باپ سعید سے اور اپنے بھائی سفیان اور عمرو وغیرہم سے اور ان کے شاگرد حسن بن عرفہ وغیرہ ہیں ۱۸۰ھ میں انتقال ہوا۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ الثُّمَالِیِّ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَتْ

دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ فَقُلْتُ لَا إِلَّا كِسَرٌ يَابِسَةٌ وَخَلٌّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرِّبِيْهِ فَمَا أَقْفَرَ بَيْتٌ مِنْ أُدْمٍ فِيْهِ خَلٌّ۔

ترجمہ:۔ ام ہانیؓ بنت ابی طالب کہتی ہیں کہ میرے یہاں حضور پاک ﷺ تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا تمہارے پاس کوئی ایسی چیز ہے (جس کو کھایا جائے) میں نے کہا نہیں مگر سوکھی روٹی کے ٹکڑے اور سرکہ ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لے آ جو کچھ تیرے پاس ہے۔ چونکہ وہ گھر سالن سے خالی نہیں ہے جس میں سرکہ ہو۔

شرح الفاظ حدیث:۔ کسر بکسر الکاف وفتح السین جمع کسرۃ بمعنی ٹکڑا یہاں پر روٹی کا ٹکڑا مراد ہے یابسۃ بمعنی خشک قربیہ ای احضری ماعندك یعنی جو کچھ تیرے پاس ہے اسے حاضر کر دے۔ اقفر یہ قفر سے ماخوذ ہے جس سے مراد بغیر سالن کی روٹی ہے۔ قفار الطعام بلا لدام اقفر اذا اکل الخبز وحدہ اور قفار اس زمین کو بھی کہتے ہیں جو خالی ہو اور اس میں پانی و گھاس وغیرہ نہ ہو۔ فیہ خل یہ بیت کی صفت ہے اور معنی ہیں۔ ای ما خلا من الادام ولا عدم اهله الادام یہاں پر ایک لفظی اشکال یہ ہے کہ لفظ بیت موصوف ہے اور فیہ خل صفت ہے حالانکہ موصوف وصفت کے درمیان من ادم اجنبی کا فصل ہو رہا ہے جو نا جائز ہے۔

جواب: ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ ممکن ہے یہ کہا جائے کہ فیہ خل حال ہے صفت نہیں ہے۔ دوسرا جواب یہ دیا گیا کہ موصوف و صفت کے درمیان فصل جائز ہے۔ تیسرا جواب حافظؒ نے دیا کہ من ادم ہر اعتبار سے اجنبی نہیں ہے کیونکہ اقفر جس طرح بیت میں عامل ہے اسی طرح اس کی صفت میں بھی عامل ہے اور اس کے درمیان من ادم میں بھی عامل ہے لہٰذا اقفر کے تینوں ہی معمول ہیں تو وہ اجنبی نہیں رہا۔ روایت سے معلوم ہوا کہ اپنے اعزہ واقرباء کے یہاں آنا جانا چاہیے اسی طرح اپنے عزیزوں سے بلا تکلف ضرورت کا اظہار کرنا معلوم ہوا جو کہ جائز امر ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ عزیزوں کو چاہیے بلا تکلف جو کچھ حاضر ہو با جازت مہمان کی خدمت میں پیش کر دے۔ نیز سرکہ کی تعریف بھی معلوم ہوئی کہ وہ سالن کے قائم مقام ہے نیز معلوم ہوا کہ جس گھر میں سرکہ موجود ہے اس کو یہ نہیں کہا جائے گا کہ وہ گھر سالن سے خالی ہے۔

هذا حديث حسن غريب۔ اخرجہ الطبرانی وابونعیم

وام هانئ ماتت بعد علي بن ابي طالب بزمان۔ امام ترمذیؒ کا مقصود اس جملہ سے یہ ہے کہ یہ روایت متصل ہے مرسل و منقطع نہیں ہے کیونکہ ام ہانیؓ سے شعبی کی ملاقات ثابت ہے اس لیے کہ ام ہانیؓ حضرت علیؓ کے بعد زندہ رہی ہیں گو حضرت علیؓ سے شعبی کی ملاقات ثابت نہیں ہے۔ مگر امام بخاریؒ سے امام ترمذیؒ نے علل کبیر میں نقل کیا ہے۔ لا اعرف للشعبي سماعا من ام هانئ (کما فی التہذیب)

رجال حدیث:۔ ابوبكر بن عياش بن سالم الاسدي الكوفي۔ یہ اپنی کنیت سے مشہور ہیں لیکن اصح قول یہ ہے کہ ابوبکر ان کا نام ہی ہے اور بعض نے ان کا نام محمد کہا ہے۔ ثقہ عابد راوی ہیں۔ امام مسلمؒ نے مقدمہ مسلم میں انکی روایت نقل فرمائی ہے۔ طبقہ سابعہ میں سے ہیں ۱۹۴ھ میں وفات پائی۔

ابوحمزة الثمالي ان کا نام ثابت بن ابی صفیہ ہے ان کے والد کا نام دینار اور بعض نے سعید کہا ہے کوفہ کے رہنے والے ہیں طبقہ خامسہ میں سے ضعیف اور رافضی راوی ہیں۔ حضرت ابوجعفرؒ کے زمانہ خلافت میں وفات پائی الشعبی ان کا نام عامر بن شراحیل الشعبی ہے اور کنیت ابوعمر ہے ثقہ، مشہور، فاضل، فقیہ راوی ہیں اور تابعین کے طبقہ وسطیٰ میں سے ہیں۔ شعبیؒ کہتے ہیں کہ میں

نے پانچ سو صحابہؓ سے ملاقات کی ہے۔ روایت کرتے ہیں عمرؓ علیؓ، ابن مسعودؓ، ابوہریرہؓ، عائشہؓ، جریرؓ ابن عباسؓ وغیرہم سے اور ان کے شاگرد ابن سیرینؒ اعمشؒ، شعبہؒ وغیرہ ہیں ۱۲۰ھ میں وفات ہے۔ ام ھانی بنت ابی طالب الھاشمیہ ان کا نام فاختہ ہے اور بعض نے ہند کہا ہے صحابیہ ہیں حضرت معاویہؓ کے زمانہ خلافت میں وفات پائی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي أَكْلِ الْبِطِّيخِ بِالرُّطَبِ

حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْكُلُ الْبِطِّيخَ بِالرُّطَبِ۔

ترجمہ:۔ عائشہ کہتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ خربوزہ تر کھجور کے ساتھ کھاتے تھے۔

لفظ بطیخ ورطب کی تحقیق اور انکے خواص:۔ البطیخ معناہ خربوزہ۔ حضرت گنگوہیؒ نے اس کو راجح قرار دیا ہے اور فرمایا کہ جن لوگوں نے بطیخ کی تفسیر تربوز سے کی ہے وہ غلط ہے اور شاید غلطی کا منشاء یہ ہے کہ ابوداؤد کی روایت میں یہ واقع ہوا ہے کہ اس کی ٹھنڈک سے کھجور کی گرمی ختم ہو جائیگی اور تربوز ٹھنڈا ہوتا ہے نہ کہ خربوزہ حالانکہ روایت میں یہ مراد نہیں ہے چونکہ جس طرح تربوز ٹھنڈا ہوتا ہے اسی طرح خربوزہ بھی ٹھنڈا ہوتا ہے۔ ملا علی قاریؒ کا میلان شرح شمائل میں یہ ہے کہ بطیخ سے یہاں مراد تربوز ہے اور بھی دیگر شراح کا میلان اسی طرف ہے۔ مگر حافظؒ نے بطیخ کی تفسیر خربوزہ سے کی ہے جیسا کہ حضرت گنگوہیؒ کی رائے ہے۔ اہل لغت کی موافقت بھی اسی میں ہے۔ صاحب محیط اعظم نے بھی بطیخ کی تفسیر خربوزہ سے کی ہے۔ خربوزہ گردے کے لئے مصلح پیشاب آور مولد لبن ہے پتھری کے لئے نافع تیز یرقان کے لئے دافع ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے اسکے چھلکوں کا لیپ چہرے کی جھائیاں دور کرتا ہے۔ تربوز گرمی تیزی صفراء خون اور پیاس کے لئے تسکین کا باعث ہے۔ پیشاب آور ہے گرمی کے بخار کے لیے نافع ہے اس کا پانی گرم مزاج والوں کے لئے نافع ہے دیر ہضم ہے جس دن چاول کھاوے تربوز نہ کھائے کیونکہ مضر ہے الرطب یقمع الراء وقمع الطاء تر میٹھی کھجور۔ کھجور معدہ جگر کے لئے مقوی ہے۔ گرم مزاجوں کے موافق ہے جسم کے لئے فربہی کا باعث ہے ریاح وا درام کو تحلیل کرتی ہے اس کی گٹھلی کا منجن دانتوں کو صاف کرتا ہے بہتے ہوئے خون کو روکنے کا ذریعہ ہے۔

دونوں کو ملا کر کھانے کی حکمت اور کیفیت:۔ نبی کریم ﷺ نے کھجور اور خربوزہ دونوں ملا کر تناول فرمائے۔ اس لئے کہ دونوں ملا کر میٹھے ہو جاتے ہیں اور خربوزہ کا پھیکا پن دور ہو جاتا ہے۔ نیز خربوزہ ٹھنڈا کھجور گرم ہوتی ہے اور دونوں ملنے کے بعد معتدل ہو جاتے ہیں جو گرم مزاج کے لئے نہایت مفید ہے۔ امام طبرانی وابونعیم نے آپ ﷺ کے خربوزہ اور کھجور تناول فرمانے کی کیفیت کو حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ کے داہنے ہاتھ میں کھجور اور بائیں ہاتھ میں خربوزہ تھا دونوں کو ملا کر آپ ﷺ تناول فرما رہے تھے۔ امام نسائیؒ نے بھی بسند صحیح حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے کہ میں نے رسول پاک ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ کھجور اور خربوزہ کے درمیان جمع کر کے تناول فرما رہے تھے۔

طب اور علاج کا ثبوت:۔ علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ روایت سے طب اور علاج کا بھی ثبوت ہو رہا ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ شیٔ مضار کا مقابلہ اس کی ضد کے ساتھ کر لیا جائے تا کہ اعتدال پیدا ہو جائے۔ چنانچہ اطباء حضرات جب معجون بناتے ہیں تو اس کے

مفردات کے الگ الگ خواص ہوتے ہیں لیکن جب ان کو یکجا کرلیا جاتا ہے تو وہ ایک دوسرے کے لئے مصلح بنجاتے ہیں اور ایک خاص قسم کا معجون اعتدال کے ساتھ تیار ہو جاتا ہے جو امراض کے لئے نہایت مفید ہوتا ہے۔ گویا روایت سے معجون بنانے کا بھی ثبوت معلوم ہوا۔

وفی الباب عن انسؓ اخرجہ الطبرانی، ابونعیم والنسائی ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ ابوداؤد والنسائی والبیہقی ۔ وروٰہ بعضھم عن ھشام عن عروۃ عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم الخ یعنی بعض لوگوں نے روایت میں حضرت عائشہؓ کا تذکرہ نہیں کیا بلکہ ہشام اپنے باپ سے نقل کر رہے ہیں اور باپ نبی کریم ﷺ سے تو روایت مرسل ہوگی۔ صحیح یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ کی روایت ہے۔ چنانچہ یزید بن رومان نے عن عروہ عن عائشہؓ روایت نقل کی ہے۔

رجال حدیث:۔ عبدۃ بن عبداللہ الخزاعی الصفار ان کی کنیت ابوسہل البصری ہے کوفی الاصل ہیں ثقہ راوی ہیں طبقہ حادیہ عشرہ میں سے ہے ۲۵۸ھ میں وفات پائی۔ معاویہ بن ھشام القصار انکی کنیت ابوالحسن الکوفی ہے اور ان کو معاویہ بن العباس بھی کہا جاتا ہے صدوق راوی ہیں طبقہ تاسعہ کے صغار راویوں میں سے ہیں ۲۰۴ھ میں انتقال ہوا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اَكْلِ الْقِثَّاءِ بِالرُّطَبِ

حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الْفَزَارِيُّ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ الْقِثَّاءَ بِالرُّطَبِ۔

ترجمہ:۔ عبداللہ بن جعفر ابن ابی طالب الہاشمی کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ککڑی کھجور کے ساتھ کھاتے تھے۔

لفظ قثاء کی تحقیق اور اسکے خواص:۔ قثاء بکسر القاف وتشدید الثاء المثلثہ اور ضم قاف بھی جائز ہے یہ اسم جنس ہے کھیرا اور ککڑی دونوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ یہاں ککڑی مراد ہے۔

ککڑی کے خواص:۔ صفراوی خون کی گرمی پیٹ کی آنتوں کی سوزش کو تسکین دیتا ہے۔ پیاس دفع کرتا ہے گرم دماغی بیماریوں اور بے خوابی اور شدت گرمی کو نافع ہے اس کا جھلجھلایا ہوا پانی تپ صفراوی اور تپ خونی بلغمی کو مفید ہے اور گرمی سے دردسر کیلئے اس کو تراش کر سونگھنا مفید ہے اس کے بیج پیشاب آور ہیں اور جلے ہوئے چتوں کو خارج کرتے ہیں اور پیشاب کی جلن اور ورم طحال کو نافع ہے اور گرمی کی شدت کے لئے مفید ہے۔ اس کے لوز مقوی اور ممسک ہیں۔

کھجور ککڑی ملا کر کھانے میں حکمت:۔ ککڑی اور کھجور دونوں کو ملا کر کھانے کی وجہ یہ ہے کہ ککڑی ٹھنڈی ہوتی ہے اور کھجور گرم ملا کر کھانے سے دونوں کی اصلاح ہو کر اعتدال پیدا ہو جاتا ہے نیز ککڑی پھیکی ہوتی ہے اور کھجور میٹھی دونوں کو ملا کر کھانے سے ککڑی میں بھی مٹھاس آ جاتی ہے جس سے لذت دوبالا ہو جاتی ہے۔

کیفیت اکل:۔ طبرانی کی روایت میں جو عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کھانیکی کیفیت مذکور ہے کہتے ہیں میں نے دیکھا آپ ﷺ کے داہنے ہاتھ میں ککڑی اور بائیں ہاتھ میں کھجور کہ آپ ﷺ کبھی اس ہاتھ سے کھاتے تھے اور کبھی اس ہاتھ سے کھاتے تھے۔

فائدہ:۔ علامہ نوویؒ کہتے ہیں کہ روایت سے یہ معلوم ہوا کہ دو دو پھل ایک ساتھ کھائے جاسکتے ہیں۔ نیز معلوم ہوا کہ ماکولات و مشروبات کو طبی قاعدہ کے مطابق اصلاح کر کے کھایا جاسکتا ہے تاکہ مزاج کے مطابق ہو جائے یہاں ککڑی اور کھجور دونوں ملا کر کھانے میں جہاں دیگر فوائد ہیں۔ ایک فائدہ یہ بھی بیان کیا گیا کہ اس سے بدن میں فربہی پیدا ہوتی ہے۔ چنانچہ ابن ماجہ میں روایت ہے۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ میری رخصتی کے وقت میری والدہ کو خیال آیا کہ اس کا بدن کچھ فربہ ہو جائے اور اٹھان کچھ اچھا ہو جائے تو مجھے ککڑی تازہ کھجور کے ساتھ کھلائی۔ جس سے میرے بدن میں اچھی فربہی ہو گئی۔ نیز حضرت عائشہؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ککڑی نمک سے بھی نوش فرمائی ہے۔ اس میں کوئی تعارض نہیں کہ کبھی نمک سے تناول فرمائی ہو۔ کبھی کھجور کے ساتھ کیونکہ کسی وقت میٹھے کی رغبت ہوتی ہے اور کسی وقت نمکین کی ہوتی ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح غريب۔ اخرجہ الشیخان وابوداؤد وابن ماجہ وابویعلی۔

رجال حدیث:۔ اسمٰعیل بن موسٰی الفزاری الکوفی ان کی کنیت ابومحمد یا ابواسحاق ہے۔ صدوق راوی ہیں رفض کی طرف منسوب ہیں طبقہ عاشرہ میں سے ہیں انکی وفات ۲۴۵ھ میں ہوئی ابراھیم بن سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف الزہری المدنی بغداد میں رہے ثقہ حجۃ ہیں طبقہ ثامنہ میں سے ہیں۔ عن ابیہ سعد بن ابراہیم الزہری المدنی ثقہ راوی ہیں واسط کے قاضی رہے طبقہ تاسعہ میں سے ہیں۔ عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب الہاشمی ان کی پیدائش حبشہ میں ہوئی صغار صحابہ میں سے ہیں وفات ۸۰ھ میں ہوئی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ شُرْبِ اَبْوَالِ الْاِبِلِ

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ نِ الزَّعْفَرَانِيُّ ثَنَا عَفَّانُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ثَنَا حُمَيْدٌ وَّ ثَابِتٌ وَقَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ نَاسًا مِنْ عُرَيْنَةَ قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ فَاجْتَوَوْهَا فَبَعَثَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ وَقَالَ اشْرَبُوْا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا

ترجمہ:۔ انسؓ فرماتے ہیں کہ قبیلہ عرینہ کے کچھ لوگ مدینہ میں آئے (پس نہیں موافق ہو سکے مدینہ منورہ کے) کہ ان کے پیٹ پھول گئے اور رنگ زرد ہو گئے پس بھیجا ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کے اونٹوں کی طرف اور فرمایا کہ پیو تم ان کے دودھ اور پیشابوں کو۔

تشریح الفاظ:۔ ان ناسا من عرینۃ بعض روایات میں عن عکل او عرینۃ شک کے ساتھ وارد ہوا ہے جیسا کہ بخاری میں ہے اور بعض روایات میں من عکل فقط اور ایک روایت میں من عکل و عرینۃ بالواو العاطفہ اور بعض میں ان رھطا من عکل ثمانیۃ واقع ہوا ہے۔ مولانا انور شاہ کشمیریؒ کہتے ہیں کہ چار تو قبیلہ عرینہ کے تھے اور تین قبیلہ عکل کے چنانچہ طبرانی اور ابوعوانہ کی روایت میں اسی طرح واقع ہوا ہے۔ رہا آٹھواں شخص ممکن ہے کہ کسی اور قبیلہ کا ہو۔ اب روایات میں جو مختلف الفاظ آتے ہیں وہ راوی کی جانب سے ہیں۔ عرینۃ قبیلہ ہے قحطان سے اور عکل قبیلہ عدنان سے فاجتووھا ای اصابتھم الجواء۔ وھو المرض۔ پیٹ کے مرض پر جواء کا اطلاق ہوتا ہے۔ جب کسی جگہ پر آب و ہوا موافق نہ آنے کی بناء پر پیٹ بڑا ہو جائے اس کو اجتواء کہا جاتا ہے۔ بعض روایات میں استوخموھا اس کے معنی اجتووھا کے ہیں جیسا کہ ابن عدی نے کہا ہے اور مسند ابی عوانہ میں فعظمت بطونھم نسائی میں حتی اصفرت الوانھم وعظمت بطونھم واقع ہوا ہے یعنی ان کے پیٹ بھی بڑے ہو گئے تھے اور رنگ بھی زرد ہو گیا تھا۔ ابل الصدقۃ ایک روایت میں ابل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آیا ہے علامہ عینیؒ کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مال غنیمت سے ملے

ہوئے اونٹ بھی اس مقام پر صدقہ کے اونٹوں کے ساتھ چر رہے تھے اس لئے ابل الصدقۃ ابل رسول اللہ ﷺ دونوں لفظ صحیح ہیں۔

پیشاب کا حکم شرعی:۔ پیشاب کا پینا جائز نہیں ہے خواہ ماکول اللحم جانور کا ہو یا غیر ماکول اللحم جانور کا ہو۔ جمہور کا مذہب یہی ہے کیونکہ پیشاب جمہور حنفیہ شافعیہ امام ابو یوسف اور اکثر ائمہ کے یہاں ناپاک ہے۔ ماکول اللحم اور غیر ماکول اللحم کے درمیان کوئی فرق نہیں۔ مگر علامہ ابن حزم ظاہری اور ابن علیہ مطلقاً طہارات بول کے قائل ہیں خواہ جانور ماکول اللحم ہو یا غیر ماکول اللحم۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ بول ماکول طاہر ہے۔ یہی امام احمد بن حنبلؒ اور امام مالکؒ کا مذہب ہے۔ اسی کو زفرؒ ابن خزیمہؒ ابن منذرؒ ابن حبانؒ اصطخریؒ رویانیؒ شعبیؒ، عطاءؒ نخعیؒ زہریؒ ابن سیرینؒ حکمؒ اور ثوریؒ نے اختیار کیا ہے۔ محقق ابن ہمامؒ اور ابو یوسفؒ تداوی کے لئے پیشاب کو جائز قرار دیتے ہیں۔ بہر حال حضرات احنافؒ کے یہاں اونٹ کا پیشاب ناپاک ہے اس کا پینا جائز نہیں ہے۔ ہاں البتہ اضطراری حالت جو کہ ضرورت کی حالت ہے وہ مستثنیٰ ہے اور اس روایت کا محمل بھی یہی بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ بعض روایات میں ابوال ابل کو فساد معدہ کے لئے شفاء بیان فرمایا گیا ہے۔ کما روی ابن منذر عن ابن عباسؓ مرفوعاً ان فی ابوال الابل شفاء الذربۃ۔ ابن سینا نے بھی تصریح کی ہے کہ ابوال ابل استسقاء کے لئے نافع ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ نے ان لوگوں کے لئے پیشاب کا پینا تجویز فرمایا تھا چنانچہ انہوں نے پیا اور ٹھیک ہو گئے۔

تداوی بالمحرمات:۔ دوسرا مسئلہ تداوی بالمحرمات کا ہے جو یہاں بیان کرنا مناسب ہے یعنی کسی حرام چیز کو بطور دوا استعمال کرنا جائز نہیں۔ اس میں تفصیل یہ ہے کہ اگر حالت اضطراری ہو یعنی اگر شیٔ محرم استعمال کئے بغیر جان کا بچنا مشکل ہو تو بقدر ضرورت تداوی بالحرام بالاتفاق جائز ہے لیکن اگر جان کا خطرہ نہ ہو بلکہ مرض دور کرنے کے لیے تداوی بالمحرم کی ضرورت ہو تو اس میں ائمہ کا اختلاف ہے امام مالکؒ کے نزدیک اس صورت میں تداوی بالمحرم مطلقاً جائز ہے جب کہ امام شافعیؒ کے نزدیک اس صورت میں تداوی بالمحرم مطلقاً ناجائز ہے امام بیہقیؒ کے نزدیک تمام مسکرات سے تداوی ناجائز ہے جب کہ باقی محرمات سے جائز ہے۔ حنفیہ میں امام صاحبؒ اور امام محمدؒ امام شافعیؒ کی طرح مطلقاً عدم جواز کے قائل ہیں البتہ امام طحاویؒ کا مسلک یہ ہے کہ خمر کے علاوہ باقی تمام محرمات سے تداوی جائز ہے حنفیہؒ میں سے ابو یوسفؒ کا مسلک یہ ہے کہ اگر کوئی طبیب حاذق یہ فیصلہ کرے کہ تداوی بالمحرم کے بغیر بیماری سے چھٹکارا ممکن نہیں ہے تو اس صورت میں تداوی بالمحرم جائز ہو گا حدیث باب ان لوگوں کی دلیل ہے جو مطلقاً جواز کے قائل ہیں۔

حدیث عرنیین کے جوابات:۔ بظاہر حدیث عرنیین احنافؒ کے خلاف ہے کیونکہ حدیث سے شرب ابوال کی اجازت معلوم ہوئی ہے حالانکہ حنفیہؒ کے یہاں ابوال نجس العین ہیں۔

جواب۔ (۱) جیسا کہ اوپر گذرا کہ یہ ضرورت اور حالت اضطرار پر محمول ہے۔ ۲۔ عرنیین کا یہ قصہ مقدم ہے اور نہی کی روایات مؤخر ہیں لہٰذا یہ منسوخ ہے اور ناسخ استنزھوا عن البول الخ روایت ہے۔ ۳۔ دراصل آپ ﷺ نے دودھ پینے کا حکم دیا تھا اور پیشاب کا لیپ کرنے کو فرمایا تھا۔ مگر یہ لوگ اپنی خباثت طبع کی بناء پر پیشاب پینے کو بھی سمجھے اور اصل عبارت اس طرح ہے۔ اشربوا البانھا واضمدوا من ابوالھا۔ ۴۔ آپ ﷺ کو بذریعہ وحی معلوم ہو گیا تھا کہ ان لوگوں کی شفاء ابوال ابل کے پینے میں ہے اس لئے آپ ﷺ نے اس کے پینے کا حکم فرمایا تھا اور ظاہر ہے کہ اس زمانہ میں وحی منقطع ہے اب شفاء یقینی طور پر معلوم نہیں ہو سکتی۔ (کما قال العینیؒ) ۵۔ آپ ﷺ کو بذریعہ وحی معلوم ہو گیا تھا کہ یہ لوگ آئندہ چل کر مرتد ہونے والے ہیں اس لیے آپ ﷺ نے خبیثوں

کے لیے خبیث چیز ہر بنا آیت الخبیثات للخبیثین شرب ابوال تجویز فرمائی۔۲۔روایات دونوں طرح کی ہیں بعض سے اباحت اور بعض سے حرمت معلوم ہوتی ہے جب تعارض ہو جائے تو حرمت کو ترجیح دی جاتی ہے۔لہٰذا شرب ابوال کی حرمت کی روایت اس روایت پر راجح ہوں گی اور پیشاب کا پینا جائز نہ ہوگا۔

هٰذا حدیث حسن صحیح غریب۔ اخرجہ الشیخان۔

رجال حدیث۔ حمید (بالتصغیر) ابن عبدالرحمٰن الحمیری البصری الفقیہ۔یہ روایت کرتے ہیں ابو ہریرۃؓ، ابوبکرؓ، ابن عمرؓ، ابن عباسؓ وغیرہم سے ان کے شاگرد ان کے لڑکے عبیداللہؒ اور عبداللہ بن بریدہ ابوالتیاحؒ ابن سیرینؒ وغیرہم ہیں۔عجلیؒ اور ابن سعدؒ نے ان کی توثیق کی ہے۔احمد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ تابعی ثقہ راوی ہیں ابن سیرینؒ انکے متعلق فرماتے ہیں افقہ اہل البصرۃ یمن کے قبیلہ حمیر سے ان کا تعلق ہے طبقہ ثالثہ میں سے ہیں۔

بَابُ الْوُضُوْءِ قَبْلَ الطَّعَامِ وَبَعْدَهٗ

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ ثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ ح وَثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا عَبْدُالْكَرِيْمِ الْجُرْجَانِيُّ عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيْعِ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ عَنْ اَبِيْ هَاشِمٍ عَنْ زَاذَانَ عَنْ سَلْمَانَؓ قَالَ قَرَأْتُ فِي التَّوْرَاةِ اَنَّ بَرَكَةَ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ بَعْدَهٗ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخْبَرْتُهٗ بِمَا قَرَأْتُ فِي التَّوْرَاةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرَكَةُ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ قَبْلَهٗ وَالْوُضُوْءُ بَعْدَهٗ

ترجمہ:۔سلمان فارسیؓ نے کہا کہ میں نے تورات میں پڑھا تھا کہ بیشک کھانے کی برکت ہاتھ دھونا ہے کھانے کے بعد تو میں نے آپ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا اور خبر دی اس کی جو میں نے تورات میں پڑھا تھا پس فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کھانے کی برکت تو کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ دھونا ہے۔

تشریح:۔وضــو کا اطلاق جس طرح اصطلاحی معنی پر ہوتا ہے اسی طرح اس کا اطلاق غسل الیدین والفم پر بھی ہوتا ہے۔یہاں یہی معنی مراد ہیں۔فذکرت ذلک یعنی جو کچھ میں نے پڑھا تھا میں نے اس کا تذکرہ آپ ﷺ سے کیا واخبرتہ بما قرأت في التوراۃ یہ عطف تفسیری ہے اور ممکن ہے یہ کہا جائے کہ مراد فذکرت سے یہ ہے کہ میں نے آپ ﷺ سے سوال کیا تھا کہ طعام کی برکت اس کے بعد ہاتھ دھونا ہے۔حال یہ ہے کہ میں خبر دے چکا تھا آپ کو اپنے تورات میں پڑھے ہوئے کی۔برکۃ الطعام الوضوء قبلہ و بــعـــدہ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ آپ کے اس فرمان میں دو احتمال ہیں یا تو یہ اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ جو کچھ تورات میں سلمان فارسیؓ نے پڑھا ہے اس میں تحریف ہوئی ہے اور صحیح اس میں بھی برکۃ الطعام الوضوء قبلہ والوضوء بعدہ تھا اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اشارہ ہو اس بات کی طرف کہ ہماری شریعت نے تورات پر الوضوء قبل الطعام کی زیادتی فرمائی ہے کہ اس میں نعمت طعام کا استقبال اور اس کی تعظیم ہے۔کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انما بعثت لاتمم مکارم الاخلاق مجھ کو بھیجا گیا ہے تا کہ میں پورا کروں اچھے اخلاق کو۔

امام شافعیؒ نے بھی اپنی کتاب میں ابن عباسؓ کی وہ روایت ذکر کی ہے جس میں ہے۔تبرز ثم خرج فطعم ولم یمس ماءً۔یعنی آپ ﷺ بیت الخلاء سے تشریف لائے اور کھانا کھایا اور پانی کو استعمال نہیں کیا۔چنانچہ امام شافعیؒ نے اس حدیث پر ترک غسل الیدین قبل الطعام کا عنوان قائم کیا ہے معلوم ہوا کہ شافعیہؒ کے یہاں بھی ہاتھوں کا دھونا کھانا کھانے سے پہلے مستحب نہیں ہے۔

قال علی بن المدینی الخ۔یعنی سفیان ثوری کے بارے میں یحییٰ بن سعید نے بیان کیا ہے کہ وہ قبل الطعام ہاتھ دھونے کو مکروہ سمجھتے تھے اور اس کی وجہ ان سے یہ منقول ہے کہ یہ عجمیوں کی عادات میں سے ہے اسی طرح وہ پیالی کے نیچے روٹی رکھنے کو بھی مکروہ سمجھتے تھے کہ یہ روٹی کے آداب کے خلاف ہے مگر ظاہر ہے کہ ادب کا مدار تو عرف پر ہے ہمارے دیار میں عرفاً روٹی پر سالن کی پیالی رکھنا معیوب شمار نہیں ہوتا ہے فلا باس بہ۔

ھذا حدیث حسن اخرجہ مسلم ابوداؤد والنسائی۔وقد رواہ عمرو بن دینار الخ مصنفؒ اس عبارت سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ جس طرح ابن عباسؓ سے اس روایت کو ابن ابی ملیکہ نے نقل کیا ہے اسی طرح ابن عباسؓ سے سعید بن حویرث نے بھی نقل کیا ہے۔

رجال حدیث:۔ابن ابی ملیکہ ان کا نام عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ بالتصغیر ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ابو ملیکہ کا نام زہیر التیمی المدنی ہے تیس صحابہؓ سے انکی ملاقات ثابت ہے۔طبقہ ثالثہ کا ثقہ ثبت فقیہ راوی ہے۔

اسمٰعیل بن ابراھیم اس سے مراد ابن علیہ ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ اَکْلِ الدُّبَّاءِ

حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ ثَنَا اللَّیْثُ عَنْ مُعَاوِیَۃَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ طَالُوْتَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَھُوَ یَاْکُلُ الْقَرْعَ وَھُوَ یَقُوْلُ یَالَكِ شَجَرَۃً مَا اَحَبَّكِ اِلَیَّ لِحُبِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِیَّاكِ۔

ترجمہ:۔ابو طالوت کہتے ہیں کہ میں داخل ہوا حضرت انسؓ کے یہاں تو وہ کدو کھا رہے تھے اور فرما رہے تھے کیا ہی فضیلت ہے تجھے اے پیڑ کس قدر محبوب ہے تو مجھ کو رسول اللہ ﷺ کے تجھ سے محبت کرنے کی وجہ سے۔

دباء کے اقسام مع خواص:۔دباء بالمد یہ شامل ہے کدو کی تمام اقسام کو چونکہ روایت میں کسی قسم کی تخصیص نہیں ہے اور لفظ بھی کو شامل ہے۔کدو کی کئی قسمیں ہیں۔لوکی دوسرے درجہ میں سرد تر ہے۔خلط صالح پیدا کرتا ہے قلیل الغذاء ہے ملین شکم ہے پیشاب آور ہے تپ صفراوی ودق کے لیے سودمند ہے۔سدوں کو کھولتی ہے محرورین ناقہین کے لیے بہترین غذاء ہے۔گول کدو دوسرے درجہ میں سرد تر ہے قلیل الغذاء ملین شکم ہے مولد خلط غلیظ ہے گوشت کے ہمراہ نہایت لذیذ ہوتا ہے اس کا حلوہ نہایت مقوی باہ ہے اس کے پھولوں کا ضماد پھوڑے پھنسی کے لیے مفید ہے۔پیٹھا دوسرے درجہ میں سرد تر ہے مفرح قلب مقوی دماغ مولد خلط صالح مسکن برائے حرارت معدہ وجگر وقلب،بدن کو فربہ کرتا ہے تپ دق،سل،خفقان کو سودمند ہے اس کا مربیٰ مقوی دماغ ہے نیز مسکن حرارت اور مفرح قلب ہے۔کدوئے تلخ بہت گرم اور خشک ہے سمیت سے خالی نہیں تھوڑی مقدار بھی قوی ہے اس کی جڑ گرم اور خشک ہے اس کا طلاء وضماد محلل اورام وادجاع سرد ہے کڑوے سوکھے کدو کا گودا یرقان زرد کے لئے سعوطاً مفید ہے (مخزن المفردات) البتہ علماء نے فرمایا کہ حدیث میں دباء سے مراد لوکی ہے۔

کے لیے خبیث چیز ہے بنا بر آیت الخبیثات للخبیثین شرب ابوال تجویز فرمائی۔ ۶۔ روایات دونوں طرح کی ہیں بعض سے اباحت اور بعض سے حرمت معلوم ہوتی ہے جب تعارض ہو جائے تو حرمت کو ترجیح دی جاتی ہے۔ لہٰذا شرب ابوال کی حرمت کی روایت اس روایت پر راجح ہوں گی اور پیشاب کا پینا جائز نہ ہوگا۔

هٰذا حدیث حسن صحیح غریب۔ اخرجہ الشیخان۔

رجال حدیث۔ حمید (بالتصغیر) ابن عبدالرحمٰن الحمیری البصری الفقیہ۔ یہ روایت کرتے ہیں ابو ہریرہؓ، ابو بکرہؓ، ابن عمرؓ، ابن عباسؓ وغیرہم سے ان کے شاگرد ان کے لڑکے عبیداللہؒ اور عبداللہ بن بریدہؒ ابوالتیاحؒ ابن سیرینؒ وغیرہم ہیں۔ عجلی اور ابن سعدؒ نے ان کی توثیق کی ہے۔ احمد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ تابعی ثقہ راوی ہیں ابن سیرینؒ انکے متعلق فرماتے ہیں افقہ اہل البصرۃ یمن کے قبیلہ حمیر سے ان کا تعلق ہے طبقہ ثالثہ میں سے ہیں۔

بَابُ الْوُضُوْءِ قَبْلَ الطَّعَامِ وَبَعْدَهٗ

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ ثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ ح وَثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا عَبْدُالْكَرِيْمِ الْجُرْجَانِيُّ عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيْعِ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ عَنْ اَبِيْ هَاشِمٍ عَنْ زَاذَانَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَرَأْتُ فِي التَّوْرَاةِ اَنَّ بَرَكَةَ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ بَعْدَهٗ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخْبَرْتُهٗ بِمَا قَرَأْتُ فِي التَّوْرَاةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرَكَةُ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ قَبْلَهٗ وَالْوُضُوْءُ بَعْدَهٗ

ترجمہ:۔ سلمان فارسیؓ نے کہا کہ میں نے تورات میں پڑھا تھا کہ بیشک کھانے کی برکت ہاتھ دھونا ہے کھانے کے بعد تو میں نے آپ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا اور خبر دی اس کی جو میں نے تورات میں پڑھا تھا پس فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کھانے کی برکت تو کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ دھونا ہے۔

تشریح:۔ وضو کا اطلاق جس طرح اصطلاحی معنی پر ہوتا ہے اسی طرح اس کا اطلاق غسل الیدین والفم پر بھی ہوتا ہے۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں۔ فذکرت ذلک یعنی جو کچھ میں نے پڑھا تھا میں نے اس کا تذکرہ آپ ﷺ سے کیا واخبرته بما قرات في التوراة یہ عطف تفسیری ہے اور ممکن ہے یہ کہا جائے کہ مراد فذکرت سے یہ ہے کہ میں نے آپ ﷺ سے سوال کیا تھا کہ طعام کی برکت اس کے بعد ہاتھ دھونا ہے۔ حال یہ ہے کہ میں خبر دے چکا تھا آپ ﷺ کو اپنے تورات میں پڑھے ہوئے کی۔ برکة الطعام الوضوء قبله و بعده ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ آپ کے اس فرمان میں دو احتمال ہیں یا تو یہ اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ جو کچھ تورات میں سلمان فارسیؓ نے پڑھا ہے اس میں تحریف ہوئی ہے اور صحیح اس میں بھی برکة الطعام الوضوء قبله والوضوء بعده تھا اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اشارہ ہو اس بات کی طرف کہ ہماری شریعت نے تورات پر الوضوء قبل الطعام کی زیادتی فرمائی ہے کہ اس میں نعمت طعام کا استقبال اور اس کی تعظیم ہے۔ کما قال النبي صلى الله عليه وسلم انما بعثت لاتمم مكارم الاخلاق مجھ کو بھیجا گیا ہے تا کہ میں پورا کروں اچھے اخلاق کو۔

امام شافعیؒ نے بھی اپنی کتاب میں ابن عباسؓ کی وہ روایت ذکر کی ہے جس میں ہے۔تبرز ثم خرج فطعم ولم یمس ماءً۔یعنی آپ ﷺ بیت الخلاء سے تشریف لائے اور کھانا کھایا اور پانی کو استعمال نہیں کیا۔چنانچہ امام شافعیؒ نے اس حدیث پر ترک غسل الیدین قبل الطعام کا عنوان قائم کیا ہے معلوم ہوا کہ شافعیہ کے یہاں بھی ہاتھوں کا دھونا کھانا کھانے سے پہلے مستحب نہیں ہے۔

قال علی بن المدینی الخ۔یعنی سفیان ثوری کے بارے میں یحییٰ بن سعید نے بیان کیا ہے کہ وہ قبل الطعام ہاتھ دھونے کو مکروہ سمجھتے تھے اور اس کی وجہ ان سے یہ منقول ہے کہ یہ عجمیوں کی عادات میں سے ہے۔اسی طرح وہ پیالی کے نیچے روٹی رکھنے کو بھی مکروہ سمجھتے تھے کہ یہ روٹی کے آداب کے خلاف ہے مگر ظاہر ہے کہ ادب کا مدار تو عرف پر ہے ہمارے دیار میں عرفاً روٹی پر سالن کی پیالی رکھنا معیوب شمار نہیں ہوتا ہے فلا باس بہ۔

ھذا حدیث حسن اخرجہ مسلم وابوداؤد والنسائی۔وقد رواہ عمرو بن دینار الخ مصنفؒ اس عبارت سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ جس طرح ابن عباسؓ سے اس روایت کو ابن ابی ملیکہ نے نقل کیا ہے اسی طرح ابن عباسؓ سے سعید بن حویرث نے بھی نقل کیا ہے۔

رجال حدیث:۔ابن ابی ملیکہ ان کا نام عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ بالتصغیر ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ابوملیکہ کا نام زہیر التیمی المدنی ہے تیس صحابہؓ سے انکی ملاقات ثابت ہے۔طبقہ ثالثہ کا ثقہ ثبت فقیہ راوی ہے۔

اسمٰعیل بن ابراھیم اس سے مراد ابن علیہ ہیں۔

بَابُ مَاجَآءَ فِیْ اَکْلِ الدُّبَّآءِ

حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ ثَنَا اللَّیْثُ عَنْ مُعَاوِیَۃَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ طَالُوْتَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ وَھُوَ یَاْکُلُ الْقَرْعَ وَھُوَ یَقُوْلُ یَالَکِ شَجَرَۃً مَا اَحَبَّکِ اِلَیَّ لِحُبِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِیَّاکِ۔

ترجمہ:۔ابو طالوت کہتے ہیں کہ میں داخل ہوا حضرت انسؓ کے یہاں تو وہ کدو کھا رہے تھے اور فرما رہے تھے کیا ہی فضیلت ہے تجھے اے چیز کس قدر محبوب ہے تو مجھ کو رسول اللہ ﷺ کے تجھ سے محبت کرنے کی وجہ سے۔

دباء کے اقسام مع خواص:۔دباء بالمد یہ شامل ہے کدو کی تمام اقسام کو چونکہ روایت میں کسی قسم کی تخصیص نہیں ہے اور لفظ بھی کو شامل ہے۔کدو کی کئی قسمیں ہیں۔لوکی دوسرے درجہ میں سرد تر ہے۔خلط صالح پیدا کرتا ہے قلیل الغذاء ہے ملین شکم ہے پیشاب آور ہے تپ صفراوی ودق کے لیے سود مند ہے۔سدوں کو کھولتی ہے محرورین تاکہین کے لیے بہترین غذاء ہے۔گول کدو دوسرے درجہ میں سرد تر ہے قلیل الغذاء ملین شکم ہے مولد خلط غلیظ ہے گوشت کے ہمراہ نہایت لذیذ ہوتا ہے اس کا حلوہ نہایت مقوی باہ ہے اس کے پھولوں کا ضماد پھوڑے پھنسی کے لیے مفید ہے۔پیٹھا دوسرے درجہ میں سرد تر ہے مفرح قلب مقوی دماغ مولد خلط صالح مسکن برائے حرارت معدہ وجگر وقلب،بدن کو فربہ کرتا ہے تپ دق،سل،خفقان کو سود مند ہے اس کا مربیٰ مقوی دماغ ہے نیز مسکن حرارت اور مفرح قلب ہے۔کدوئے تلخ بہت گرم اور خشک ہے سمیت سے خالی نہیں تھوڑی مقدار بھی قوی ہے اس کی جڑ گرم اور خشک ہے اس کا طلاء وضماد محلل اورام واوجاع سرد ہے کڑوے سوکھے کدو کا گودا یرقان زرد کے لئے سعوطاً مفید ہے (مخزن المفردات) البتہ علماء نے فرمایا کہ حدیث میں دباء سے مراد لوکی ہے۔

آپ ﷺ کو کدو کیوں پسند تھا؟: نبی کریم ﷺ کا کدو کو پسند کرنا شاید اس لئے ہو کہ لوکی کے مزاج میں ٹھنڈک ہے اور اہل عرب کا مزاج گرم ہے اس لیے حرارت کے لیے برودت کی ضرورت ہے تو آپ ﷺ نے اس کو پسند فرمایا۔ دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ اس کا حصول آسان ہے اور جلدی گل جاتا ہے نیز اس میں لذت اور ذائقہ بھی اچھا ہوتا ہے اور بعض اعضاء رئیسہ کے لئے بھی نہایت مقوی ہے۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت سے معلوم ہوا کہ لوکی کا کھانا افضل ہے کیونکہ آپ ﷺ نے اس کو پسند فرمایا نیز فرمایا ہر وہ چیز جس کو رسول اللہ ﷺ نے پسند فرمایا اسے امت کو پسند کرنا چاہیے۔

وفی الباب عن حکیم بن جابرؓ عن ابیہؓ اخرجہ النسائی وابن ماجہ والترمذی هذا حديث غريب من هذا الوجه ابو طالوت راوی مجہول ہے۔ علامہ ذہبیؒ کہتے ہیں معلوم نہیں کون ہے اسی وجہ سے امام ترمذیؒ نے اس روایت کو اس طریق سے غریب کہا ہے۔

رجال حدیث:۔ لیث بن سعد بن عبد الرحمن۔ ان کی کنیت ابوالحارث ہے روایت کرتے ہیں یزید بن ابی حبیب، عطاء ابن ابی رباح، نافع، ہشام بن عروہ، زہری یحیی بن سعید وغیرہ سے اور ان کے شاگرد محمد بن عجلان، ہشام بن سعد، ابن مبارک، ولید بن مسلم، ابوالولید طیالسی وغیرہ ہیں۔ کثیر الحدیث، صاحب فتاوی ہیں۔ فن قراءت، نحو، حدیث، شعر وغیرہ میں انکی کوئی مثال نہیں ملتی پیدائش ۹۴ھ میں اور وفات ۱۷۵ھ میں ہے۔ معاویہ بن صالح بن حدیر الحضرمی قاضی اندلس، احمد بن حنبلؒ اور ابن معینؒ نے انکی توثیق کی ہے۔ روایت کرتے ہیں مکحول، ربیعہ بن یزید وغیرہ سے۔ اور ان کے شاگرد ثوری، لیث ابن وہب وغیرہ ہیں ۱۵۸ھ میں انتقال ہے۔ ابو طالوت الشامی طبقہ خامسہ کا مجہول راوی ہے۔ کذا فی التقریب علامہ ذہبیؒ کہتے ہیں لایدری من هو مگر تہذیب التہذیب میں ہے روی عن انسؓ فی اکل القرع وعنه معاوية بن صالح الحضرمی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُوْنَ الْمَكِّيُّ ثَنَا سُفْيٰنُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَتَبَّعُ فِي الصَّحْفَةِ يَعْنِي الدُّبَّاءَ فَلَا أَزَالُ أُحِبُّهُ۔

ترجمہ:۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا رسول اللہ ﷺ کو، تلاش کر رہے تھے ہاتھ پھرا کر پیالے میں کدو کو پس میں اس سے ہمیشہ محبت کرنے لگا۔

اشکال و جواب:۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ آپ کا پیالے میں ہاتھ گھمانا کدو کے قتلوں کو تلاش کرنے کے لئے تھا اس پر اشکال یہ ہے کہ آپ ﷺ نے تو صحابی سے فرمایا تھا کل مما یلیک کہ اپنے آگے سے کھاؤ تو پھر آپ ﷺ نے خود پیالے میں ہاتھ کیوں چلایا؟

جواب: آپ ﷺ کا پیالے میں ہاتھ چلانے سے مراد یا تو یہ ہے کہ آپ ﷺ اپنے ہی آگے لوکی کی قتلیاں تلاش کر رہے تھے یا دوسری تاویل یہ کی جائے گی آپ ﷺ پیالے کی ہر جانب قتلیاں تلاش کر رہے تھے اور رہی ممانعت والی روایت اس کا محمل اس وقت ہے جبکہ دوسرے کھانے والوں کو گھن ہو۔ اور ظاہر ہے کہ نبی ﷺ سے کس کو گھن ہو سکتی ہے یا یوں کہا جائے کہ نہی اس وقت ہے جب کہ کھانا مشترک ہو اور یہاں آپ ﷺ کے ساتھ کوئی شریک نہ ہوگا۔

هذا حديث صحيح۔ اخرجہ ابوداؤد والنسائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِی الْاَکْلِ مَعَ الْمَمْلُوْكِ

حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يُخْبِرُهُمْ ذٰلِكَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِذَا كَفٰى أَحَدَكُمْ خَادِمُهُ طَعَامَهُ حَرَّهُ وَدُخَانَهُ فَلْيَأْخُذْ بِيَدِهٖ فَلْيُقْعِدْهُ مَعَهُ فَإِنْ أَبٰى فَلْيَأْخُذْ لُقْمَةً فَلْيُطْعِمْهُ إِيَّاهَا۔

ترجمہ:۔ اسمٰعیل بن ابی خالد اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ ابو ہریرہؓ نے لوگوں کو خبر دی نبی کریم ﷺ کی طرف سے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جب ذمہ داری تم میں سے کسی کے کھانے کی اس کا خادم لے لے یعنی اسکی گرمی اور دھوئیں کی ذمہ داری لے (تو آقا کو چاہیے) کہ اس خادم کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ بٹھائے پس اگر وہ انکار کرے تو اس کو اس کھانے سے لقمہ دیکر کھلائے۔

تشریح حدیث: ذالك بعض نسخوں میں بذالک ہے۔ کفٰی ای تولی حر النار فی طبخه وعلاجه یعنی اس نے کھانے کی گرمی اور اس کے دھوئیں کی ذمہ داری لی ہے۔

ابٰی۔ حافظ کہتے ہیں ابٰی کے فاعل میں دو احتمال ہیں یا تو سید ہے اور معنی یہ ہوں گے کہ اگر سید غلام کو اپنے ساتھ بٹھانے سے انکار کرے۔ اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس کا فاعل خادم ہو اور معنی ہوں گے کہ اگر آقا کے ساتھ خادم تواضعاً کھانا کھانے سے انکار کرے۔ پہلے احتمال کی تائید حضرت جابرؓ کی روایت سے ہوتی ہے جس کی تخریج احمد بن حنبل نے کی ہے بلفظ فان کره احدنا ان يطعمه معه فليطعمه في يده اسناده حسن۔ فليأخذ لقمة۔ بخاری کی روایت میں فليناوله اكلة او اكلتين واقع ہوا ہے۔ حافظ کہتے ہیں اُکلۃ بضم الهمزة لقمہ کے معنی ہیں اور او تقسیم کے لئے ہے اور مطلب یہ ہے کہ کھانے کی کیت کے لحاظ سے یا خادم کے حال کے لحاظ سے ایک یا دو لقمہ اس کو دے یعنی اگر کھانا قلیل ہے تو ایک دو لقمہ اس کو دیدے اور اگر کھانا کثیر ہے تو اس کو اس کا حصہ یعنی زائد دیدے چنانچہ روایت میں یہ تفصیل بھی موجود ہے۔

حدیث میں مکارم اخلاق کی تعلیم ہے:۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت میں مکارم اخلاق کی تعلیم دی گئی ہے اور کھانے کے بارے میں مواسات اور خیر خواہی کی ترغیب خاص طور پر اس شخص کے حق میں ہے جس نے کھانا بنایا ہو اور مشقت کو برداشت کیا ہو حافظ فرماتے ہیں کہ طباخ کے معنی میں حامل طعام بھی ہے کیونکہ اس کا قلب بھی کھانے سے متعلق ہو جاتا ہے جب طباخ اور کھانا لانے والے کو اس میں سے کچھ دیدیا جائے گا تو اس کے نفس کو سکون ہوگا اس کی نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔ اب یہاں اشکال یہ ہے کہ ایک روایت ابوذرؓ سے مروی ہے جس میں آپ ﷺ نے فرمایا۔ اطعموهم مما تطعمون الخ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آقا کو خادم کے ساتھ مطاعم وملابس میں برابری کرنی چاہیے جو خود کھائے وہ خادم کو کھلائے اور پہنے وہ پہنائے۔ اور اس روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آقا کو اختیار ہے چاہے اپنے ساتھ بٹھا کر کھلائے یا چھوڑ دے؟ جواب حضرت ابوذرؓ کی روایت میں ساتھ کھلانے کا حکم نہیں ہے بلکہ اس میں تو آقا کو ترغیب دی گئی ہے کہ خادم کو ہر چیز میں شریک رکھے ہاں البتہ ساتھ کھلانا زیادہ افضل ہے۔ نیز آقا کو شرعاً یہ اختیار حاصل ہے کہ خود اچھا کھالے اور غلام کو کچھ گھٹیا دیدے کیونکہ اہل علم نے اس پر اجماع کیا ہے کہ خادم کو ایسا کھانا کھلانا آقا کے ذمہ واجب ہے جو عام طور پر اس شہر میں کھایا جاتا ہو۔ حكى الاجماع عليه ابن المنذرؒ۔

اب روایت میں دونوں احتمال ہیں:۔ اب روایت میں ساتھ بٹھلا کر کھلانے یا الگ دینے کے بارے میں جو امر وارد ہوا ہے اس میں دو احتمال ہیں یا تو یہ امر مطلقاً استحباب کے لئے ہے یعنی نہ اپنے ساتھ بٹھا کر کھلانا واجب ہے اور نہ الگ دینا واجب ہے۔

آپ ﷺ کو کدو کیوں پسند تھا؟: نبی کریم ﷺ کا کدو کو پسند کرنا شاید اس لئے ہو کہ لوکی کے مزاج میں ٹھنڈک ہے اور اہل عرب کا مزاج گرم ہے اس لیے حرارت کے لیے برودت کی ضرورت ہے تو آپ ﷺ نے اس کو پسند فرمایا۔ دوسری وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ اس کا حصول آسان ہے اور جلدی گل جاتا ہے نیز اس میں لذت اور ذائقہ بھی اچھا ہوتا ہے اور بعض اعضاء رئیسہ کے لئے بھی نہایت مقوی ہے۔ علامہ نووی فرماتے ہیں کہ روایت سے معلوم ہوا کہ لوکی کا کھانا افضل ہے کیونکہ آپ ﷺ نے اس کو پسند فرمایا نیز فرمایا ہر وہ چیز جس کو رسول اللہ ﷺ نے پسند فرمایا اسے امت کو پسند کرنا چاہیے۔

وفی الباب عن حکیم بن جابرؓ عن ابیہ اخرجہ النسائی وابن ماجہ والترمذی ھٰذا حدیث غریب من ھٰذا الوجہ ابو طالوت راوی مجہول ہے۔ علامہ ذہبیؒ کہتے ہیں معلوم نہیں کون ہے اسی وجہ سے امام ترمذیؒ نے اس روایت کو اس طریق سے غریب کہا ہے۔

رجال حدیث:۔ لیث بن سعد بن عبدالرحمن۔ ان کی کنیت ابوالحارث ہے روایت کرتے ہیں یزید بن ابی حبیب، عطاء ابن ابی رباح، نافع۔ ہشام بن عروہ، زہری، یحییٰ بن سعید وغیرہ سے اور ان کے شاگرد محمد بن عجلان، ہشام بن سعد، ابن مبارک، ولید بن مسلم، ابوالولید طیالسی وغیرہ ہیں۔ کثیر الحدیث، صاحب فتاویٰ ہیں۔ فن قراءت، نحو، حدیث، شعر وغیرہ میں انکی کوئی مثال نہیں ملتی پیدائش ۹۴ھ میں اور وفات ۱۷۵ھ میں ہے۔ معاویۃ بن صالح بن حدیر الحضرمی، قاضی اندلس احمد بن حنبلؒ اور ابن معینؒ نے انکی توثیق کی ہے۔ روایت کرتے ہیں مکحول، ربیعہ بن یزید وغیرہ سے۔ اور ان کے شاگرد ثوری، لیث ابن وہب وغیرہ ہیں ۱۵۸ھ میں انتقال ہے۔ ابو طالوت الشامی طبقہ خامسہ کا مجہول راوی ہے۔ کذا فی التقریب علامہ ذہبیؒ کہتے ہیں لایدری من ھو مگر تہذیب التہذیب میں ہے روی عن انسؓ فی اکل القرع وعنہ معاویۃ بن صالح الحضرمی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُوْنَ الْمَكِّيُّ ثَنَا سُفْيٰنُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَتَبَّعُ فِي الصَّحْفَةِ يَعْنِي الدُّبَّاءَ فَلَا اَزَالُ اُحِبُّهٗ

ترجمہ:۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا رسول اللہ ﷺ کو، تلاش کر رہے تھے ہاتھ پھرا کر پیالے میں کدو کو پس میں اس سے ہمیشہ محبت کرنے لگا۔

اشکال و جواب:۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ آپ کا پیالے میں ہاتھ گھمانا کدو کے قتلوں کو تلاش کرنے کے لئے تھا اس پر اشکال یہ ہے کہ آپ ﷺ نے تو صحابی سے فرمایا تھا کل مما یلیک کہ اپنے آگے سے کھاؤ تو پھر آپ ﷺ نے خود پیالے میں ہاتھ کیوں چلایا؟

جواب: آپ ﷺ کا پیالے میں ہاتھ چلانے سے مراد یا تو یہ ہے کہ آپ ﷺ اپنے ہی آگے لوکی کی قتلیاں تلاش کر رہے تھے یا دوسری تاویل یہ کی جائے گی آپ ﷺ پیالے کی ہر جانب قتلیاں تلاش کر رہے تھے اور رہی ممانعت والی روایت اس کا محمل اس وقت ہے جبکہ دوسرے کھانے والوں کو گھن ہو۔ اور ظاہر ہے کہ نبی ﷺ سے کس کو گھن ہوسکتی ہے یا یوں کہا جائے کہ نہی اس وقت ہے جب کہ کھانا مشترک ہو اور یہاں آپ ﷺ کے ساتھ کوئی شریک نہ ہوگا۔

ھٰذا حدیث صحیح اخرجہ ابوداؤد والنسائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْأَكْلِ مَعَ الْمَمْلُوْكِ

حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ ثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يُخْبِرُهُمْ ذٰلِكَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِذَا كَفٰى أَحَدَكُمْ خَادِمُهُ طَعَامَهُ حَرَّهُ وَدُخَانَهُ فَلْيَأْخُذْ بِيَدِهِ فَلْيُقْعِدْهُ مَعَهُ فَإِنْ أَبٰى فَلْيَأْخُذْ لُقْمَةً فَلْيُطْعِمْهُ إِيَّاهَا

ترجمہ:۔ اسمٰعیل بن ابی خالد اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ ابوہریرہؓ نے لوگوں کو خبر دی نبی کریم ﷺ کی طرف سے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جب ذمہ داری تم میں سے کسی کے کھانے کی اس کا خادم لے لے یعنی اسکی گرمی اور دھوئیں کی ذمہ داری لے (تو آقا کو چاہیے) کہ اس خادم کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ بٹھائے پس اگر وہ انکار کرے تو اس کو اس کھانے سے لقمہ دیکر کھلائے۔

تشریح حدیث: ذالك بعض نسخوں میں ہذا لک ہے۔ كفى اى تولى حر النار فى طبخه وعلاجه یعنی اس نے کھانے کی گرمی اور اس کے دھوئیں کی ذمہ داری لی ہے۔

ابـــی۔ حافظؒ کہتے ہیں ابی کے فاعل میں دو احتمال ہیں یا تو سید ہے اور معنی یہ ہوں گے کہ اگر سید غلام کو اپنے ساتھ بٹھانے سے انکار کرے۔ اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس کا فاعل خادم ہو اور معنی ہوں گے کہ اگر آقا کے ساتھ خادم تواضعـًا کھانا کھانے سے انکار کرے۔ پہلے احتمال کی تائید حضرت جابرؓ کی روایت سے ہوتی ہے جس کی تخریج احمد بن حنبل نے کی ہے لفظ فان كره احدنا ان يطعمه معه فليطعمه فى يده اسناده حسن۔ فلياخذ لقمة۔ بخاری کی روایت میں فليناوله اكلة او اكلتين واقع ہوا ہے۔ حافظؒ کہتے ہیں اُکلۃ بضم الہمزہ لقمہ کے معنی ہیں اور او تقسیم کے لئے ہے اور مطلب یہ ہے کہ کھانے کی کمیت کے لحاظ سے یا خادم کے حال کے لحاظ سے ایک یا دو لقمہ اس کو دے یعنی اگر کھانا قلیل ہے تو ایک دو لقمہ اس کو دیدے اور اگر کھانا کثیر ہے تو اس کو اس کا حصہ یعنی زائد دیدے چنانچہ روایت میں یہ تفصیل بھی موجود ہے۔

حدیث میں مکارم اخلاق کی تعلیم ہے:۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت میں مکارم اخلاق کی تعلیم دی گئی ہے اور کھانے کے بارے میں مواسات اور خیر خواہی کی ترغیب خاص طور پر اس شخص کے حق میں ہے جس نے کھانا بنایا ہو اور مشقت کو برداشت کیا ہو حافظ فرماتے ہیں کہ طباخ کے معنی میں حاملِ طعام بھی ہے کیونکہ اس کا قلب بھی کھانے سے متعلق ہو جاتا ہے جب طباخ اور کھانا لانے والے کو اس میں سے کچھ دیا جائے گا تو اس کے نفس کو سکون ہوگا اس کی نظرِ بد سے محفوظ ہو جائے گا۔ اب یہاں اشکال یہ ہے کہ ایک روایت ابوذرؓ سے مروی ہے جس میں آپ ﷺ نے فرمایا۔ اطعمو هم مما تطعمون الخ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آقا کو خادم کے ساتھ مطاعم وملابس میں برابری کرنی چاہیے جو خود کھائے اور پہنے وہ خادم کو کھلائے اور پہنائے۔ اور اس روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آقا کو اختیار ہے چاہے اپنے ساتھ بٹھا کر کھلائے یا چھوڑ دے؟ جواب حضرت ابوذرؓ کی روایت میں ساتھ کھلانے کا حکم نہیں ہے بلکہ اس میں تو آقا کو ترغیب دی گئی ہے کہ خادم کو ہر چیز میں شریک رکھے ہاں البتہ ساتھ کھلانا زیادہ افضل ہے۔ نیز آقا کو شرعاً یہ اختیار حاصل ہے کہ خود اچھا کھالے اور غلام کو کچھ گھٹیا دیدے کیونکہ اہل علم نے اس پر اجماع کیا ہے کہ خادم کو ایسا کھانا کھلانا آقا کے ذمہ واجب ہے جو عام طور پر اس شہر میں کھایا جاتا ہو۔ حكى الاجماع عليه ابن المنذرؒ۔

اب روایت میں دونوں احتمال ہیں:۔ اب روایت میں ساتھ بٹھلا کر کھلانے یا الگ دینے کے بارے میں جو امر وارد ہوا ہے اس میں دو احتمال ہیں یا تو یہ امر مطلقاً استحباب کے لئے ہے یعنی نہ اپنے ساتھ بٹھا کر کھلانا واجب ہے اور نہ الگ دینا واجب ہے۔

اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ ان دونوں میں سے ایک واجب ہے۔ غیر متعین طور پر دونوں میں سے جس کو چاہے اختیار کرے خواہ ساتھ بٹھا کر کھلا دے یا الگ دیدے۔ ہاں البتہ ساتھ بٹھا کر کھلانا زیادہ افضل ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح۔ اخرجہ الشیخان وابوداؤد وابن ماجہ۔

رجال حدیث:۔ اسمٰعیل بن ابی خالد الاحمصی ثقہ ثبت طبقہ رابعہ کا راوی ہے۔ ابی انکی کنیت ابوخالد البجلی الاحمصی ہے۔

ابو خالد والد اسمعیل اسمه سعد۔

ابوخالد البجلی الاحمصی یہ طبقہ ثالثہ میں سے ہیں۔ ان کا نام امام ترمذیؒ نے سعد بیان کیا ہے دوسرا قول یہ ہے کہ ان کا نام ہرمز ہے اور بعض نے کثیر بتایا ہے مقبول راوی ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ فَضْلِ اِطْعَامِ الطَّعَامِ

حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَاضْرِبُوا الْهَامَ تُوْرَثُوا الْجِنَانَ۔

ترجمہ:۔ ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ پھیلاؤ تم سلام کو اور کھلاؤ تم کھانا اور توڑو تم کھوپڑیوں کو یعنی جہاد کرتے رہو وارث بنادیئے جاؤ گے جنت کے۔

تشریح الفاظ:۔ افشوا امر ہے افشاء سے جس کے معنی پھیلانا۔ اطعموا صیغہ امر اطعام سے کھانا کھلانا۔ ھام۔ جمع ہے ھامۃ جس کے معنی کھوپڑیاں توڑ۔ تورثوا صیغہ مجہول ماخوذ من الایراث معنی وارث بنانا۔ جنان جمع جنت کی۔

نبی کریم ﷺ نے اس حدیث میں چند امور بیان فرمائے۔ اول افشوا السلام۔ سلام کو پھیلاؤ فطرت سلیم کا تقاضا یہ ہے کہ جب انسان ایک دوسرے سے ملاقات کرے تو خندہ پیشانی اور تواضع سے پیش آئے۔ اور ایک دوسرے سے محبت کا اظہار کرے اس کے لئے سب سے بہترین لفظ سلام کرنا ہے جس کی تعلیم نبی کریم ﷺ نے اپنے اس جملہ میں فرمائی ہے چنانچہ آپ مدینہ منورہ تشریف لائے تو سب سے پہلے آپ ﷺ نے جو تقریر فرمائی وہ یہی تھی کہ اے لوگو سلام کو پھیلاؤ۔ کیونکہ یہ بہترین دعاء ہے کہ السلام علیکم کے معنی ہیں تم پر سلامتی ہو اور علیکم السلام کے معنی بھی یہی ہیں ظاہر ہے کہ سلامتی سے بڑھ کر نعمت کیا ہو سکتی ہے۔

سلام کی فضیلت:۔ سلام کی مشروعیت ابتداء اسلام ہی سے ہے تاکہ مسلمان اور کافر میں تمیز رہے۔ نبی کریم ﷺ نے اس کے بارے میں بہت تاکید فرمائی ہے۔ مسلم میں ایک روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم جب تک ایمان نہیں لاؤ گے جنت میں داخل نہیں ہو سکتے اور اسوقت تک تمہارا ایمان کامل نہیں ہوگا جب تک تم آپس میں محبت نہیں کرو گے کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتاؤں کہ جب تم اس کو کرلو تو تم میں آپس میں محبت پیدا ہو جائے اور وہ یہ ہے کہ سلام کو آپس میں پھیلاؤ۔ اسی طرح آپ ﷺ سے ایک اور روایت منقول ہے کہ مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں۔ جب بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے۔ جب وہ مر جائے تو اسکے جنازہ اور نماز میں حاضر ہو۔ جب وہ دعوت کرے تو اس کو قبول کرے (بشرطیکہ کوئی مانع نہ ہو) جس وقت اس سے ملے تو سلام کرے۔ جب وہ چھینکے اور الحمد للہ کہے تو اس کا جواب دے یعنی یرحمک اللہ کہے۔ اسکے سامنے اور پیچھے خیر خواہی کرے۔ سلام کرنے کے بارے میں

ہی ہو اس لئے کہ شام کے کھانے کا چھوڑنا بڑھاپے کے آنے کا سبب ہے۔

تشریح الفاظ حدیث: عشاء بفتح العین بروزن سماء۔ شام کا کھانا۔ تعشوا شام کا کھانا کھاؤ ماخوذ از تعشی۔ ولو بکف من حشف ای بملأ کف۔ حشف بفتحتین۔ ردی کھجور یا ایسی کمزور کھجور جس میں کوئی گٹھلی نہ ہو یا ایسی خشک کھجور جو خراب ہو۔ مھرمۃ یعنی بوڑھاپے کا مظنہ ہے اور مناوی نے کہا بفتح المیم والراء یعنی ضعف اور بوڑھاپے کو لانے والا ہے۔

روایت کا مطلب: حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ شام کو کھانا ضرور کھائے اگر کوئی شام کے کھانے کو ترک کردے تو اس کو بوڑھاپا جلدی آجاتا ہے۔ کیونکہ جب معدہ خالی ہونے کی حالت میں سوئے گا تو اس سے رطوبات اصلیہ کی تحلیل ہوجائے گی جو قوت ہضم کے لئے ہوتی ہیں۔ جب قوت ہضم کمزور ہوجائے گی۔ تو پھر انسان کے سارے قویٰ کمزور ہو کر جلدی بوڑھاپا اس پر طاری ہوجائے گا جس طرح مشین بغیر تیل ڈالے چلائی جائے تو ظاہر ہے جلدی گھس کرختم ہوجاتی ہے اگر تیل ڈال کر چلائی جائے تو اس کی عمر بڑھ جاتی ہے اسی طرح جسم ہے۔ علامہ قسطی کہتے ہیں کہ شام کے کھانے کو چھوڑنا بوڑھاپا لاتا ہے معلوم نہیں کہ آیا اول یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے یا آپ سے پہلے بھی یہ بات مشہور تھی بہرحال روایت سے یہ معلوم ہوا کہ شام کو کچھ نہ کچھ کھالینا چاہئے خواہ ایک اٹڈا ہی کیوں نہ ہو۔ اہل طب کے یہاں بھی یہ کلیہ مصرح ہے جیسا کہ کتب طب کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے۔

ھذا حدیث منکر الخ امام ترمذیؒ نے روایت کو منکر قرار دیا ہے کیونکہ اس میں دوراوی کمزور ہیں عنبسہ ضعیف ہے عبدالملک بن علاق مجہول ہے اور بعض نے کہا تیسرا راوی محمد بن یعلی بھی ضعیف الحدیث ہے۔ بہرحال روایت خواہ منکر ہو مگر مضمون کے اعتبار سے صحیح ہے۔

اس روایت کی تخریج امام ترمذیؒ کے علاوہ اصحاب کتب ستہ میں سے کسی نے نہیں کی۔

رجال حدیث: یحیی بن موسی بن عبداللہ الحدانی البلخی ان کا لقب خت ہے ثقہ راوی ہے ان کے اساتذہ ولید بن مسلم وکیع وغیرہ ہیں ان سے بخاریؒ ابوداؤدؒ ترمذیؒ نسائی وغیرہ نے روایات نقل کی ہیں ان کی وفات ۲۴۰ھ میں ہے۔

محمد بن یعلی الکوفی۔ السلمی ان کا لقب زنبور ہے۔ ضعیف ہیں طبقہ تاسعہ میں سے ہیں۔ عنبسہ بن عبدالرحمن بن سعید بن العاص الاموی طبقہ ثامنہ کا ضعیف بلکہ متروک راوی ہے ابوحاتم نے ان کو وضاع قرار دیا ہے۔ عبدالملک بن علاق بتشدید اللام مجہول ہے طبقہ خامسہ میں سے ہیں۔ (کذا فی التقریب) خلاصہ اور تقریب میں تو علاق بالقاف واقع ہوا ہے اور مغنی تہذیب التہذیب میں بالغاء اور میزان میں بالقاف اور اس کے حاشیہ پر بالغاء محدثین میں سے کسی نے متعین طور پر اسکے بارے میں کوئی تصریح نہیں کی ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّسْمِيَةِ عَلَى الطَّعَامِ

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِيُّ ثَنَا عَبْدُالْاَعْلٰى عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ اَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَعِنْدَهٗ طَعَامٌ قَالَ اُدْنُ يَابُنَيَّ فَسَمِّ اللّٰهَ وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ۔

ترجمہ: عمرؓ بن ابی سلمہؓ سے منقول ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے یہاں داخل ہوئے حال یہ ہے کہ آپ ﷺ کے پاس کھانا رکھا تھا

اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ ان دونوں میں سے ایک واجب ہے۔ غیر متعین طور پر دونوں میں سے جس کو چاہے اختیار کرے خواہ ساتھ بٹھا کر کھلا دے یا الگ دیدے۔ ہاں البتہ ساتھ بٹھا کر کھلانا زیادہ افضل ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح۔ اخرجہ الشیخان وابوداؤد وابن ماجہ۔

رجال حدیث:۔ اسمٰعیل بن ابی خالد الاحمصی ثقہ ثبت طبقہ رابعہ کا راوی ہے۔ ابی انکی کنیت ابو خالد البجلی الاحمصی ہے۔

ابو خالد والد اسمعیل اسمہ سعد۔

ابو خالد البجلی الاحمصی ہے طبقہ ثالثہ میں سے ہیں۔ ان کا نام امام ترمذیؒ نے سعد بیان کیا ہے دوسرا قول یہ ہے کہ ان کا نام ہرمز ہے اور بعض نے کثیر بتایا ہے مقبول راوی ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ فَضْلِ اِطْعَامِ الطَّعَامِ

حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَاضْرِبُوا الْهَامَ تُوْرَثُوا الْجِنَانَ۔

ترجمہ:۔ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ پھیلاؤ تم سلام کو اور کھلاؤ تم کھانا اور توڑو تم کھوپڑیوں کو یعنی جہاد کرتے رہو وارث بنا دیئے جاؤ گے جنت کے۔

تشریح الفاظ:۔ افشوا امر ہے افشاء سے جس کے معنی پھیلانا۔ اطعموا صیغہ امر اطعام سے کھانا کھلانا۔ ھام۔ جمع ہے ھامۃ جس کے معنی کھوپڑیاں تورثوا صیغہ مجہول ماخوذ من الایراث معنی وارث بنانا۔ جنان جمع جنت کی۔

نبی کریم ﷺ نے اس حدیث میں چند امور بیان فرمائے۔ اول افشوا السلام۔ سلام کو پھیلاؤ فطرت سلیم کا تقاضا یہ ہے کہ جب انسان ایک دوسرے سے ملاقات کرے تو خندہ پیشانی اور تواضع سے پیش آئے۔ اور ایک دوسرے سے محبت کا اظہار کرے اس کے لئے سب سے بہترین لفظ سلام کرنا ہے جس کی تعلیم نبی کریم ﷺ نے اپنے اس جملہ میں فرمائی ہے چنانچہ آپ مدینہ منورہ تشریف لائے تو سب سے پہلے آپ ﷺ نے جو تقریر فرمائی وہ یہی تھی کہ اے لوگو سلام کو پھیلاؤ۔ کیونکہ یہ بہترین دعاء ہے کہ السلام علیکم کے معنی ہیں تم پر سلامتی ہو اور علیکم السلام کے معنی بھی یہی ہیں ظاہر ہے کہ سلامتی سے بڑھ کر نعمت کیا ہو سکتی ہے۔

سلام کی فضیلت:۔ سلام کی مشروعیت ابتداء اسلام ہی سے ہے تا کہ مسلمان اور کافر میں تمیز رہے۔ نبی کریم ﷺ نے اس کے بارے میں بہت تاکید فرمائی ہے۔ مسلم میں ایک روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم جب تک ایمان نہیں لاؤ گے جنت میں داخل نہیں ہو سکتے اور اسوقت تک تمہارا ایمان کامل نہیں ہوگا جب تک تم آپس میں محبت نہیں کرو گے کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتاؤں کہ جب تم اس کو کرلو تو تم میں آپس میں محبت پیدا ہو جائے اور وہ یہ ہے کہ سلام کو آپس میں پھیلاؤ۔ اسی طرح آپ ﷺ سے ایک اور روایت منقول ہے کہ مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں۔ جب بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے۔ جب وہ مر جائے تو اسکے جنازہ اور نماز میں حاضر ہو۔ جب وہ دعوت کرے تو اس کو قبول کرے (بشرطیکہ کوئی مانع نہ ہو) جس وقت اس سے ملے تو سلام کرے۔ جب وہ چھینکے اور الحمدللہ کہے تو اس کا جواب دے یعنی یرحمک اللہ کہے۔ اسکے سامنے اور پیچھے خیر خواہی کرے۔ سلام کرنے کے بارے میں

ہی ہو اس لئے کہ شام کے کھانے کا چھوڑنا بڑھاپے کے آنے کا سبب ہے۔

تشریح الفاظ حدیث: عشاء بفتح العین بروزن سماء۔ شام کا کھانا۔ تعشوا شام کا کھانا کھاؤ ماخوذ از تعشی۔ ولو بکف ای بملأ کف۔ حشف بفتحتین۔ ردی کھجور یا ایسی کمزور کھجور جس میں کوئی گٹھلی نہ ہو یا ایسی خشک کھجور جو خراب ہو۔ مھرمۃ یعنی بوڑھاپے کا مظنہ ہے اور مناوی نے کہا بفتح المیم والراء یعنی ضعف اور بوڑھاپے کو لانے والا ہے۔

روایت کا مطلب: حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ شام کو کھانا ضرور کھائے اگر کوئی شام کے کھانے کو ترک کر دے تو اس کو بوڑھاپا جلد ہی آ جاتا ہے۔ کیونکہ جب معدہ خالی ہونے کی حالت میں سوئے گا تو اس سے رطوبات اصلیہ کی تحلیل ہو جائے گی جو قوت ہضم کے لئے ہوتی ہیں۔ جب قوت ہضم کمزور ہو جائے گی۔ تو پھر انسان کے سارے قوای کمزور ہو کر جلدی بوڑھاپا اس پر طاری ہو جائے گا جس طرح مشین بغیر تیل ڈالے چلائی جائے تو ظاہر ہے جلد ہی گھس کر فنا ہو جاتی ہے اگر تیل ڈال کر چلائی جائے تو اس کی عمر بڑھ جاتی ہے اسی طرح جسم ہے۔ علامہ قیمی کہتے ہیں کہ شام کے کھانے کو چھوڑنا بوڑھاپا لاتا ہے معلوم نہیں کہ آیا اول یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے یا آپ سے پہلے بھی یہ بات مشہور تھی بہر حال روایت سے یہ معلوم ہوا کہ شام کو کچھ نہ کچھ کھا لینا چاہئے خواہ ایک لقمہ ہی کیوں نہ ہو۔ اہل طب کے یہاں بھی یہ کلیہ مصرح ہے جیسا کہ کتب طب کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے۔

ھذا حدیث منکر الخ امام ترمذیؒ نے روایت کو منکر قرار دیا ہے کیونکہ اس میں دو راوی کمزور ہیں عنبسہ ضعیف ہے عبد الملک بن علاق مجہول ہے اور بعض نے کہا تیسرا راوی محمد بن یعلی بھی ضعیف الحدیث ہے۔ بہر حال روایت خواہ منکر ہو مگر مضمون کے اعتبار سے صحیح ہے۔

اس روایت کی تخریج امام ترمذیؒ کے علاوہ اصحاب کتب ستہ میں سے کسی نے نہیں کی۔

رجال حدیث: یحیی بن موسی بن عبد ربہ الحدانی البلخی ان کا لقب خت ہے ثقہ راوی ہے ان کے اساتذہ ولید بن مسلم وکیع وغیرہ ہیں ان سے بخاریؒ ابوداؤدؒ، ترمذیؒ، نسائی وغیرہ نے روایات نقل کی ہیں ان کی وفات ۲۴۰ھ میں ہے۔

محمد بن یعلی الکوفی۔ السلمی ان کا لقب زنبور ہے۔ ضعیف ہیں طبقہ تاسعہ میں سے ہیں۔ عنبسہ بن عبد الرحمن بن سعید بن العاص الاموی طبقہ ثامنہ کا ضعیف بلکہ متروک راوی ہے ابو حاتم نے ان کو وضاع قرار دیا ہے۔ عبد الملک بن علاق بتشدید اللام مجہول ہے طبقہ خامسہ میں سے ہیں۔ (کذا فی التقریب) خلاصہ اور تقریب میں تو علاق بالقاف واقع ہوا ہے اور مغنی تہذیب التہذیب میں بالفاء اور میزان میں بالقاف اور اس کے حاشیہ پر بالفاء محدثین میں سے کسی نے متعین طور پر اسکے بارے میں کوئی تصریح نہیں کی ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِی التَّسْمِیَةِ عَلَی الطَّعَامِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِیُّ ثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَعِنْدَهٗ طَعَامٌ قَالَ اُدْنُ یَابُنَیَّ فَسَمِّ اللّٰهَ وَکُلْ بِیَمِیْنِکَ وَکُلْ مِمَّا یَلِیْکَ۔

ترجمہ:۔ عمر بن ابی سلمہؓ سے منقول ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے یہاں داخل ہوئے حال یہ ہے کہ آپ ﷺ کے پاس کھانا رکھا تھا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے میرے چھوٹے سے بیٹے قریب ہو جاؤ پس اللہ کا نام لے اور کھا داہنے ہاتھ سے اور کھا اپنے پاس سے۔

تسمیہ علی الطعام کا شرعی حکم:۔ اس روایت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے کا ایک ادب بیان فرمایا کہ کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھی جائے اس بارے میں اختلاف ہے۔ بسم اللہ کھانے سے پہلے پڑھنا کیسا ہے؟ ظاہریہ اور بعض اصحاب حنابلہ وجوب کے قائل ہیں۔ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ سنت علی الکفایہ ہے پوری جماعت میں سے ایک نے بھی بسم اللہ پڑھ لی تو سب کی طرف سے کافی ہو جائے گی۔ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ بسم اللہ کا پڑھنا مستحب ہے اور ہر ایک سے مطلوب ہے۔ اسکی تائید ہوتی ہے اس واقعہ سے جس کو امام ابوداوؒد و ترمذیؒ نے نقل کیا ہے کہ ایک گاؤں والے نے آ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بغیر بسم اللہ کے کھانا شروع کر دیا۔ اسی طرح ایک باندی کا بھی قصہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا کہ شیطان بھی اس کھانے میں شریک ہو گیا ہے کیونکہ اس کھانے پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا۔ معلوم ہوا کہ کسی ایک کا بسم اللہ پڑھنا کافی نہیں ہے ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھیوں نے کھاتے ہوئے بسم اللہ پڑھی ہی ہوگی۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت سے معلوم ہوا کہ کھانے کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے اور یہ متفق علیہ ہے۔ اسی طرح کھانے کے بعد الحمد للہ کا پڑھنا بھی مستحب ہے۔

حکم تسمیہ کھانے کیساتھ خاص نہیں ہے:۔ نیز استحباب تسمیہ کھانے ہی کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ پینے کی چیزوں میں بھی بسم اللہ مستحب ہے چنانچہ علماء نے تصریح کی ہے۔ دودھ، شہد، شوربا، دوا اور اسی طرح دیگر مشروبات میں بھی تسمیہ مستحب ہے، بلکہ فرمایا کہ ہر امر ذی بال میں تسمیہ کا پڑھنا مستحب ہے چونکہ نبی کریم کا ارشاد ہے کل امر ذی بال لم یبدأ فیہ بسم اللہ فھوا قطع ای ممحوق البرکۃ۔

فروع اور دیگر جزئیات:۔ اسی طرح علماء فرماتے ہیں کہ تسمیہ میں جہر بہتر ہے تاکہ دوسرے لوگوں کو بھی یاد آ جائے اور ان کو تنبیہ ہو۔ نیز علماء فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بسم اللہ کو عمداً یا نسیاناً کسی طرح بھی چھوڑ دے پھر کھانے کے درمیان میں یاد آئے تو اس کو چاہئے کہ بسم اللہ فی اولہ واٰخرہ پڑھے چنانچہ امام ابوداوؒد و ترمذیؒ نے بطریق ام کلثوم حضرت عائشہؓ سے مرفوعاً اس بارے میں روایت نقل کی ہے۔

اذا اکل احدکم طعاماً فلیقل بسم اللّٰہ فان نسی فی اولہ فلیقل بسم اللہ فی اولہ واٰخرہ۔ اس روایت کے شواہد بھی کتب حدیث میں موجود ہیں۔

تسمیہ کے بارے میں علامہ نوویؒ نے فرمایا کہ افضل تو یہ ہے کہ کہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لیکن اگر بسم اللہ کہا تب بھی سنت ادا ہو جائے گی۔ مگر حافظؒ نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ افضلیت پر کوئی دلیل نہیں۔ اسی طرح امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ ہر لقمہ پر بسم اللہ کہنا بہتر ہے اور مستحب یہ ہے کہ پہلے لقمہ پر بسم اللہ اور دوسرے پر بسم اللّٰہ الرحمٰن اور تیسرے پر بسم اللہ الرحمن الرحیم پوری پڑھے حافظؒ کہتے ہیں اس پر کوئی دلیل نہیں۔ اب کھانا کھاتے ہوئے بسم اللہ یا کسی اور لفظ کا تکرار کیسا ہے؟ اس بارے میں علماء نے فرمایا کہ گاہ بگاہ کوئی مضائقہ نہیں تاکہ کھانا ذکر اللہ سے غفلت کا ذریعہ نہ بنے اور کھانے کے درمیان بھی اللہ کی یاد باقی رہے۔ ہاں البتہ اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ مجلس اکل مجلس ذکر نہ ہو جائے۔

اُدنُ بنَیَّ اس سے معلوم ہوا کہ جب کوئی آدمی کھانا کھا رہا ہو اور آنے والے شخص کو کھلانے کا ارادہ ہو تو اس کو کھانے کی

سے کھانے کو آپ ﷺ نے منع فرمایا کہ وہ نزول برکت کی جگہ ہے۔

مذکورہ روایت میں آپ ﷺ نے اعلیٰ حسن معاشرت کی تعلیم دی ہے۔

فوائد حدیث:۔ حدیث مذکور فی الباب سے مختلف فوائد حاصل ہوئے۔ بزرگوں کی خدمت میں حاضر ہونا چاہیے۔ مہمان کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے۔ اس کو اپنے ساتھ بٹھا کر کھلایا جائے۔ کبیر کو صغیر کی تربیت کا خیال رکھنا چاہیے۔ کھانے کے بعد بطور تفکہ دیگر اشیاء پھل وغیرہ کھائے جاسکتے ہیں اور یہ ترفہ میں داخل نہیں۔ کھانے کے بعد ہاتھ اور منہ دھونا چاہیے جیسا کہ اس کی تاکید آنے والی روایت میں مذکور ہے۔

هذا حديث غريب اخرجه ابن ماجه وتفرد العلاء حافظ ابن حجرؒ نے تہذیب التہذیب میں ترمذیؒ کے اس کلام کو نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ علامہ ساجیؒ نے بیان کیا کہ مجھ سے ابوزیدؒ نے بیان کیا کہ میں نے عباس بن عبدالعظیم سے سنا کہتے ہوئے کہ علاء بن الفضل نے اس حدیث کو وضع کیا ہے۔

عقیلیؒ کہتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے فرمایا کہ اس روایت کی سند میں نظر ہے ابن حزمؒ کہتے ہیں کہ عبیداللہ بن عکراش بہت ضعیف ہیں۔ وفي الحديث قصة ابن حبان نے اس کو مطولاً ذکر کیا ہے۔

رجال حدیث۔ العلاء بن الفضل بن عبدالملک المنقری البصری ابوالهذیل ضعیف طبقہ تاسعہ کا صغیر راوی ہے۔ مات ۲۲۰ھ عبیداللہ بن عکراش بکسر المهمله و سکون الکاف و آخره الشین المعجمه ابن ذویب التمیمی امام بخاریؒ نے فرمایا طبقہ ثالثہ کا راوی ہے۔ عکراش۔ بکسر العین وسکون الکاف وآخرہ معجمہ ابن ذویب السعدی ابوالصہباء کنیت ہے قلیل الحدیث صحابی ہیں سو سال زندہ رہے۔

حَدَّثَنَا أَبُوبَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ ثَنَا وَكِيعٌ ثَنَا هِشَامٌ ن الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ الْعُقَيْلِيِّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أُمِّ كُلْثُومٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ فَإِنْ نَسِيَ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ۔

ترجمہ:۔ عائشہؓ کہتی ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جب کھائے تم میں سے کوئی کھانا پس چاہیے کہ پڑھے بسم اللہ پس اگر بھول جائے شروع میں تو کہے بسم الله في اوله و آخره۔

تشریح حدیث:۔ اول وآخر سے مراد پورا کھانا ہے یا یہ کہا جائے کہ اول سے مراد نصف اول اور آخر سے کا مقصود یہ ہے کہ اولاً تو کھانا کھانے سے پہلے ہی بسم اللہ پڑھنی چاہیے تھی لیکن جب بھول گیا یا عمداً اس نے ترک کر دیا ہے تو بہرحال اس کی تلافی اس جملہ کے ذریعہ کی جاسکتی ہے اور جب یہ دعا پڑھ لے گا تو وہ قائم مقام اس بسم اللہ کے ہو جائے گا کہ گویا اس نے شروع ہی میں پڑھ لی ہے اور نزول برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کلمہ کے ذریعہ ہو جائے گا۔

رجال حدیث:۔ ابوبکر محمد بن ابان بن الوزیر البلخی ان کا لقب حمدویہ ثقہ حافظ طبقہ عاشرہ کا راوی ہے ان کے اساتذہ ابن عیینہ اور غندر وغیرہ ہیں اور تلامذہ بخاریؒ ترمذیؒ اور دیگر اصحاب سنن ہیں۔ وفات ۲۴۴ھ میں بدیل بن میسرة العقیلی البصری مصغر ہے طبقہ خامسہ کا ثقہ راوی ہے ۱۲۵ یا ۱۳۰ھ میں وفات پائی ام کلثوم اللیثیہ کذافی بعض النسخ هي بنت محمد بن ابی بکر الصدیقؓ۔

آپ ﷺ نے فرمایا اے میرے چھوٹے سے بیٹے قریب ہو جاؤ بس اللہ کا نام لے اور کھاداہنے ہاتھ سے اور کھا اپنے پاس سے۔

تسمیہ علی الطعام کا شرعی حکم:۔ اس روایت میں آپ ﷺ نے کھانے کا ایک ادب بیان فرمایا کہ کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھی جائے اس بارے میں اختلاف ہے۔ بسم اللہ کھانے سے پہلے پڑھنا کیسا ہے؟ ظاہر یہ اور بعض اصحاب حنابلہ وجوب کے قائل ہیں۔ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ سنت علی الکفایہ ہے پوری جماعت میں سے ایک نے بھی بسم اللہ پڑھ لی تو سب کی طرف سے کافی ہو جائے گی۔ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ بسم اللہ کا پڑھنا مستحب ہے اور ہر ایک سے مطلوب ہے۔ اسکی تائید ہوتی ہے اس واقعہ سے جس کو امام ابوداؤدؒ وترمذیؒ نے نقل کیا ہے کہ ایک گاؤں والے نے آکر آپ ﷺ کے ساتھ بغیر بسم اللہ کے کھانا شروع کر دیا۔ اسی طرح ایک باندی کا بھی قصہ ہے۔ آپ ﷺ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا کہ شیطان بھی اس کھانے میں شریک ہو گیا ہے کیونکہ اس کھانے پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا۔ معلوم ہوا کہ کسی ایک کا بسم اللہ پڑھنا کافی نہیں ہے ورنہ آپ ﷺ اور آپ کے ساتھیوں نے کھاتے ہوئے بسم اللہ پڑھی ہی ہوگی۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت سے معلوم ہوا کہ کھانے کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے اور یہ متفق علیہ ہے۔ اسی طرح کھانے کے بعد الحمد للہ کا پڑھنا بھی مستحب ہے۔

حکم تسمیہ کھانے کیساتھ خاص نہیں ہے:۔ نیز استحباب تسمیہ کھانے ہی کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ پینے کی چیزوں میں بھی بسم اللہ مستحب ہے چنانچہ علماء نے تصریح کی ہے۔ دودھ، شہد، شوربا، دوا اور اسی طرح دیگر مشروبات میں بھی تسمیہ مستحب ہے بلکہ فرمایا کہ ہر امر ذی بال میں تسمیہ کا پڑھنا مستحب ہے چونکہ نبی کریم کا ارشاد ہے کل امر ذی بال لم یبدأ فیہ بسم اللہ فھو اقطع ای ممحوق البرکۃ۔

فروع اور دیگر جزئیات:۔ اسی طرح علماء فرماتے ہیں کہ تسمیہ میں جہر بہتر ہے تاکہ دوسرے لوگوں کو بھی یاد آجائے اور ان کو تنبیہ ہو۔ نیز علماء فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بسم اللہ کو عمداً یا نسیاناً کسی طرح بھی چھوڑ دے پھر کھانے کے درمیان میں یاد آئے تو اس کو چاہئے کہ بسم اللہ فی اولہ واٰخرہ پڑھے چنانچہ امام ابوداؤدؒ وترمذیؒ نے بطریق ام کلثوم حضرت عائشہؓ سے مرفوعاً اس بارے میں روایت نقل کی ہے۔

اذا اکل احدکم طعاماً فلیقل بسم اللہ فان نسی فی اولہ فلیقل بسم اللہ فی اولہ واٰخرہ۔ اس روایت کے شواہد بھی کتب حدیث میں موجود ہیں۔

تسمیہ کے بارے میں علامہ نوویؒ نے فرمایا کہ افضل تو یہ ہے کہ کہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لیکن اگر بسم اللہ کہا تب بھی سنت ادا ہو جائے گی۔ مگر حافظؒ نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ افضلیت پر کوئی دلیل نہیں۔ اسی طرح امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ ہر لقمہ پر بسم اللہ کہنا بہتر ہے اور مستحب یہ ہے کہ پہلے لقمہ پر بسم اللہ اور دوسرے پر بسم اللہ الرحمٰن اور تیسرے پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پوری پڑھے حافظؒ کہتے ہیں اس پر کوئی دلیل نہیں۔ اب کھانا کھاتے ہوئے بسم اللہ یا کسی اور لفظ کا تکرار کیسا ہے؟ اس بارے میں علماء نے فرمایا کہ گاہ بگاہ کوئی مضائقہ نہیں تاکہ کھانا ذکر اللہ سے غفلت کا ذریعہ نہ بنے اور کھانے کے درمیان بھی اللہ کی یاد باقی رہے۔ ہاں البتہ اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ مجلس اکل مجلس ذکر نہ ہو جائے۔

ادن یا بنی اس سے معلوم ہوا کہ جب کوئی آدمی کھانا کھا رہا ہو اور آنے والے شخص کو کھلانے کا ارادہ ہو تو اس کو کھانے کی

سے کھانے کو آپ ﷺ نے منع فرمایا کہ وہ نزول برکت کی جگہ ہے۔

مذکورہ روایت میں آپ ﷺ نے اعلیٰ حسن معاشرت کی تعلیم دی ہے۔

فوائد حدیث:۔ حدیث مذکور فی الباب سے مختلف فوائد حاصل ہوئے۔ بزرگوں کی خدمت میں حاضر ہونا چاہیے۔ مہمان کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے۔ اس کو اپنے ساتھ بٹھا کر کھلایا جائے۔ کبیر کو صغیر کی تربیت کا خیال رکھنا چاہیے۔ کھانے کے بعد بطور تفکہ دیگر اشیاء پھل وغیرہ کھائے جاسکتے ہیں اور یہ تر فہ میں داخل نہیں۔ کھانے کے بعد ہاتھ اور منہ دھونا چاہیے جیسا کہ اس کی تاکید آنے والی روایت میں مذکور ہے۔

هذا حديث غريب اخرجه ابن ماجه و تفرد العلاء حافظ ابن حجرؒ نے تہذیب التہذیب میں ترمذیؒ کے اس کلام کو نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ علامہ ساجیؒ نے بیان کیا کہ مجھ سے ابوزیدؒ نے بیان کیا کہ میں نے عباس بن عبدالعظیم سے سنا کہتے ہوئے کہ علاء بن الفضل نے اس حدیث کو وضع کیا ہے۔

عقیلیؒ کہتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے فرمایا کہ اس روایت کی سند میں نظر ہے ابن حزمؒ کہتے ہیں کہ عبیداللہ بن عکراش بہت ضعیف ہیں۔ وفی الحدیث قصة ابن حبان نے اس کو مطولاً ذکر کیا ہے۔

رجال حدیث۔ العلاء بن الفضل بن عبدالملک المنقری البصری ابوالہذیل ضعیف طبقہ تاسعہ کا صغیر راوی ہے۔ مات ۲۲۰ھ عبیداللہ بن عکراش بکسر المهمله و سكون الكاف و آخره الشين المعجمه ابن ذويب التميمي امام بخاریؒ نے فرمایا طبقہ ثالثہ کا راوی ہے۔ عکراش۔ بکسر العین وسکون الکاف وآخرہ معجمہ ابن ذویب السعدی ابوالصہباء کنیت ہے قلیل الحدیث صحابی ہیں سو سال زندہ رہے۔

حَدَّثَنَا أَبُوْبَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانٍ ثَنَا وَكِيعٌ ثَنَا هِشَامُ نِ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ الْعُقَيْلِيِّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أُمِّ كُلْثُوْمٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ فَإِنْ نَسِيَ فَلْيَقُلْ فِيْ أَوَّلِهٖ وَآخِرِهٖ۔

ترجمہ:۔ عائشہؓ کہتی ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جب کھائے تم میں سے کوئی کھانا پس چاہیے کہ پڑھے بسم اللہ پس اگر بھول جائے شروع میں تو کہے بسم الله في اوله و آخره۔

تشریح حدیث:۔ اول وآخر سے مراد پورا کھانا ہے یا یہ کہا جائے کہ اول سے مراد نصف اول اور آخر سے کا مقصود یہ ہے کہ اولاً تو کھانا کھانے سے پہلے ہی بسم اللہ پڑھنی چاہیے تھی لیکن جب بھول گیا یا عمداً اس نے ترک کر دیا ہے تو بہر حال اس کی تلافی اس جملہ کے ذریعہ کی جاسکتی ہے اور جب یہ دعا پڑھ لے گا تو وہ قائم مقام اس بسم اللہ کے ہو جائے گا کہ گویا اس نے شروع ہی میں پڑھ لی ہے اور نزول برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کلمہ کے ذریعہ ہو جائے گا۔

رجال حدیث:۔ ابوبکر محمد بن ابان بن الوزیر البلخی ان کا لقب حمدویہ ثقہ حافظ طبقہ عاشرہ کا راوی ہے ان کے اساتذہ ابن عیینہ اور غندر وغیرہ ہیں اور تلامذہ بخاریؒ ترمذیؒ اور دیگر اصحاب سنن ہیں۔ وفات ۲۴۴ھ میں بدیل بن میسرة العقيلي البصری مصغر ہے طبقہ خامسہ کا ثقہ راوی ہے ۱۲۵ یا ۱۳۰ھ میں وفات پائی ام كلثوم الليثيه كذا في بعض النسخ هي بنت محمد بن ابي بكر الصديقؓ

وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ طَعَامًا فِيْ سِتَّةٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ فَجَاءَ اَعْرَابِيٌّ فَاَكَلَهٗ بِلُقْمَتَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّهٗ لَوْسَمّٰى لَكَفَاكُمْ۔

ترجمہ:۔ اور اسی سند کے ساتھ حضرت عائشہؓ سے منقول ہے کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کھانا کھا رہے تھے اپنے چھ صحابہ میں پس آیا ایک گاؤں والا پس کھا گیا وہ دو لقموں میں (سارا کھانا) تو آپ ﷺ نے فرمایا بہرحال اگر یہ بسم اللہ پڑھ لیتا تو کافی ہو جاتا تم سب کو یہ کھانا۔

روایت سے معلوم ہوا کہ بغیر بسم اللہ کے کھانا نہیں کھانا چاہیے کیونکہ اس سے برکت ہوتی ہے نیز معلوم ہوا کہ حاضرین کا بسم اللہ پڑھنا بعد میں آنے والوں کی طرف سے ادائیگی تسمیہ کے لئے کافی نہیں ہے۔ چنانچہ یہاں اس گاؤں والے نے آکر سارا کھانا بغیر بسم اللہ پڑھے دو لقموں میں کھالیا جبکہ وہ کھانا اتنا تھا کہ سب حاضرین سے بھی نہ کھایا جاتا۔

لیکن یاد رہے کہ یہ ایک واقعہ خاص ہے اس کو استمرار و دوام کی حیثیت نہیں دی جا سکتی کہ اس زمانہ میں بھی ایسا واقعہ (بغیر بسم اللہ کے دو لقموں میں کوئی پورا کھانا ختم کر دے) پیش آئے یہ ضروری نہیں کذا قال الکنگوہی

هٰذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الْبَيْتُوْتَةِ وَفِيْ يَدِهٖ رِيْحُ غَمَرٍ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْمَدَنِيُّ عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّيْطَانَ حَسَّاسٌ لَحَّاسٌ فَاحْذَرُوْهُ عَلٰى اَنْفُسِكُمْ مَنْ بَاتَ وَفِيْ يَدِهٖ رِيْحُ غَمَرٍ فَاَصَابَهٗ شَيْءٌ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ

ترجمہ:۔ ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے بیشک شیطان شدید حس اور ادراک والا ہے بہت چاٹنے والا ہے بچاؤ تم اس سے اپنے نفس کو جو شخص رات گذارے حال یہ ہے کہ اس کے ہاتھ میں گوشت کی بو آ رہی ہو پس پہنچ جائے اس کو کوئی تکلیف دینے والی چیز نہ ملامت کرے وہ مگر اپنی ہی ذات کو۔

تشریح الفاظ:۔ غمر۔ بالتحریک گوشت کی دسومت و چکناہٹ۔ حساس لحاس زیادہ قوت حس والا زیادہ زبان سے چاٹنے والا۔

آپ ﷺ نے کھانے کے بعد ہاتھ دھونے کا حکم کیوں دیا؟:۔ نبی کریم ﷺ نے اس روایت میں ایک اور ادب طعام بیان فرمایا ہے کہ کھانا کھانے کے بعد سونے سے پہلے ہاتھ دھو لینا چاہیے کیونکہ ہاتھ میں کھانے کی بو اور اس کی دسومت و چکناہٹ لگی رہتی ہے جس سے موذی جانور کے کاٹ لینے کا اندیشہ ہے۔ نیز آداب معاشرت کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ ہاتھوں کو دھولے اور منہ صاف کر لے کیونکہ لوگوں سے ملاقات مصافحہ ان کے ساتھ مجالست وغیرہ ہوگی تو ہاتھ اور منہ سے جب بو آئے گی تو لوگوں کو تکلیف ہوگی۔ نیز نظافت وطہارت کا تقاضہ بھی یہی ہے۔ طبی لحاظ سے بھی ہاتھ اور منہ کو دھونا چاہیے۔ چنانچہ بعض روایات میں ہے کہ

قولہ فاصابہ شئ عطف علی بات والمعنی فوصلہ شیء من ایذاء الهوام وقیل اومن الجان لان الهوام وذوات السموم ربما تقصد فی المنام رائحة الطعام فی یدہ فتؤذیہ و للطبرانی من حدیث ابی سعید من بات وفی یدہ ریح غمر فاصابہ وضح ای برص فلا یلومن الا نفسہ لانہ مقصر فی حق نفسہ ۱۲ تحفہ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاتھ نہ دھونے کی صورت میں برص کا اندیشہ ہے یہ روایت امام طبرانیؒ نے ابو سعید خدریؓ سے نقل کی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔ من بات وفی یدہ ریح غمر فاصابہ وضحؓ ای برص (الحدیث)

فَاَصَابَہٗ شَیْءٌ اس کا عطف بَاتَ پر ہے اور معنی یہ ہے کہ موذی جانور میں سے کوئی ہاتھ کاٹ لے اور بعض نے کہا کہ اس سے مراد جنات ہیں۔ بہرحال روایت میں شیطان کو حساس لحاس کہا گیا ہے تو یہ حقیقت پر محمول ہے یا مطلب یہ ہے کہ وہ موذی جانوروں کو کاٹنے کے لئے اکساد یتا ہے۔ فلایلو من الانفسہ۔ کیونکہ جب اس نے ہاتھ نہیں دھویا اور کسی جانور نے اس کو کاٹ لیا ہے تو کوتاہی خود اس کی ہے۔ اس لیے وہ خود اپنے نفس کو ملامت کرے۔

هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ۔ حافظ منذریؒ نے ترغیب میں اس روایت کو ذکر کرنے کے بعد فرمایا۔ رواہ الترمذی والحاکم کلاھما عن یعقوب بن الولید المدنی عن ابن ابی ذئب عن المقبری عن ابی ھریرۃؓ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ الخ۔ یعنی اس روایت کو امام ترمذی اور حاکم دونوں نے بطریق یعقوب بن ولید نقل کیا ہے۔ امام ترمذیؒ نے تو روایت کو غریب قرار دیا لیکن بطریق سہل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ہریرہؓ بھی روایت کی تخریج کر دی ہے اور امام حاکم نے اس روایت کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔ نیز فرمایا کہ یعقوب بن الولید الازدی کے بارے میں لوگوں نے کلام کیا ہے اور انکی روایت سے استدلال نہیں کیا لیکن بیہقی وبغوی وغیرہ نے روایت کی تخریج بطریق زہیر بن معاویہ عن سہیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ہریرہؓ کی ہے۔ جیسا کہ امام ترمذیؒ نے بھی اس کی طرف اشارہ کیا ہے اور امام بغویؒ نے فرمایا کہ حدیث حسن ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ سہیل کے بارے میں اگر چہ علماء نے کلام کیا ہے لیکن امام مسلمؒ نے صحیح میں احتجاجا واستشہادا ان سے روایت لیے ہیں۔ نیز امام بخاریؒ نے بھی مقرونا ان سے روایت کی تخریج کی ہے سلمی کہتے ہیں کہ میں نے دار قطنی سے پوچھا کہ امام بخاریؒ نے صحیح میں سہیل سے کیوں نہیں روایت لی تو انہوں نے کہا مجھے معلوم نہیں کہ آیا ان کو اس بارے میں کیا عذر ہے معلوم ہوا کہ سہیل ضعیف نہیں ہیں۔ الحاصل سہیل کے بارے میں اگر چہ لوگوں نے کلام کیا ہے مگر شعبہ، مالک نے ان سے روایت لی ہے اور جمہورؒ نے اس کی توثیق کی ہے لہٰذا ان کی روایت درجہ حسن کو پہنچی ہوئی ہے۔ امام ترمذیؒ نے اس روایت کو بطریق اعمش عن ابی صالح عن ابی ھریرۃؓ تخریج کر کے اشارہ کیا ہے اس بات کی طرف کہ سہیل اپنے باپ سے نقل کرنے میں متفرد نہیں ہیں بلکہ دوسرا طریق اعمش کا موجود ہے چنانچہ اس طریق کو نقل کرنے کے بعد امام ترمذیؒ نے فرمایا هٰذا حدیث حسن غریب۔ اس روایت کی تخریج ابوداؤد ابن ماجہ ابن حبان نے بھی کی ہے۔

رجال حدیثین: ۔یعقوب بن الولید بن عبداللہ بن ابی ہلال الازدی المدنیؒ ابو یوسف یا ابو ہلال کنیت ہے بغداد میں رہے طبقہ ثامنہ کا راوی ہے امام احمد وغیرہ نے ان کی تکذیب کی ہے۔ ابن ابی ذئب ان کا نام محمد بن عبدالرحمٰن بن المغیرہ بن الحارث بن ابی ذئب القرشی العامر المدنی ہے اور ابن ابی ذئب سے مشہور ہیں۔ طبقہ سابعہ کا فقیہ ثقہ فاضل راوی ہے وفات ۱۵۸ یا ۱۵۹ھ المقبری یہ سعید بن ابی سعید ابو سعد ان المقبری ہے۔ طبقہ ثالثہ کا ثقہ راوی ہے وفات سے چار سال قبل حافظہ میں تغیر ہو گیا تھا۔ حضرت عائشہؓ وام سلمہؓ سے ان کی روایات مرسل ہیں ۲۰ھ کے آس پاس ان کا انتقال ہوا ہے۔

محمد بن اسحاق ابوبکر البغدادی الصنعانی بغداد میں رہے گیارھویں طبقہ کا ثقہ ثبت راوی ہے مات ۲۷۰ھ

محمد بن جعفر البزاز ابو جعفر المدائنی حنفی تاسعہ کا صدوق راوی ہے ۲۰۶ھ میں انتقال ہوا۔ منصور بن ابی الاسود اللیثی الکوفی بعض نے فرمایا کہ ان کے باپ کا نام حازم ہے طبقہ ثامنہ کا صدوق متہم بالتشیع راوی ہے۔ اعمش سلیمان بن مہران الاسدی ہے الکاہلی ابو محمد الکوفی طبقہ خامسہ کا ثقہ حافظ عارف القرأۃ مدلس راوی ہے ۱۴۷ یا ۱۴۸ھ میں وفات پائی۔

اَبْوَابُ الْاَشْرِبَۃِ

ابواب الاشربہ کی مناسبت ابواب الاطعمہ سے ظاہر ہے۔ اشربۃ شراب کی جمع ہے جس کے معنی پینے کی چیز کل مائع یشرب پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اور خمر کو شراب کہتے ہیں۔

مصنف حسب سابق اشربہ سے متعلق مختلف ابواب قائم فرمارہے ہیں جن میں مشروبات کے احکام حلال وحرام جواز وکراہت وغیرہ بیان فرماتے ہوئے مختلف آداب مشروبات بھی بیان فرمائیں گے۔

بَابُ مَاجَآءَ فِیْ شَارِبِ الْخَمْرِ

حَدَّثَنَا یَحْیٰی بْنُ دُرُسْتَ اَبُوْ زَکَرِیَّا ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّ مُسْکِرٍ خَمْرٌ وَکُلُّ مُسْکِرٍ حَرَامٌ وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِی الدُّنْیَا فَمَاتَ وَھُوَ یُدْمِنُھَا لَمْ یَشْرَبْھَا فِی الْاٰخِرَۃِ

ترجمہ: ابن عمرؓ سے منقول ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ہر نشہ لانے والی چیز خمر ہے اور ہر نشہ والی چیز حرام ہے اور جس نے شراب پی دنیا میں پس وہ مر گیا حال یہ ہے کہ ہمیشہ شراب پیتا رہا تو نہیں پیئے گا وہ شراب آخرت میں۔

مسکر ماخوذ از اسکر سکر نشہ پیدا کرنے والی چیز یدمنھا اَدْمَنَ الشیٔ سے ماخوذ ہے جس کے معنی برابر پینا ہمیشہ کرنا۔

نبی کریم ﷺ نے ہر مسکر کو خمر فرمایا ہے۔ دراصل اس بارے میں ائمہ ثلاثہؒ اور امام ابو حنیفہؒ کے درمیان اختلاف ہے کہ آیا خمر کے علاوہ دیگر مسکرات پر خمر کا اطلاق ہوتا ہے یا نہیں۔ حضرات ائمہ ثلاثہؒ فرماتے ہیں کہ تمام نبیذیں جو سکر پیدا کرنے والی ہوں خمر کہلاتی ہیں اور بلا تفصیل ان کی تمام اقسام شراب کی طرح حرام ہیں۔ یہی امام محمدؒ کا مذہب بھی ہے مگر امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ روایات مختلفہ میں غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبیذوں پر خمر کا اطلاق حقیقۃً نہیں ہوسکتا بلکہ جب وہ حد سکر کو پہنچ جائیں تو وہ خمر کے حکم میں ہو جاتی ہیں اور ان کا پینا بھی حرام ہوتا ہے ایسا نہیں ہے کہ یہ نبیذیں عین خمر ہو جائیں اس مسئلے کی تفصیل مع دلائل فریقین "باب ماجاء فی الحبوب اللتی یتخذ منھا الخمر" کے تحت آرہی ہے۔ بہر حال اب آپ ﷺ کا فرمان کل مسکر خمر کے معنی حنفیہؒ کے مذہب پر یہ ہونے کہ ہر وہ چیز جو نشہ پیدا کرنے والی ہو وہ خمر کے حکم میں ہے۔ یعنی حرام ہے۔

لَمْ یَشْرَبْھَا فِی الْاٰخِرَۃِ کے معنی حضرات محدثینؒ فرماتے ہیں کہ لم یشربھا فی الاخرۃ کنایہ ہے عدم دخول جنت سے چونکہ لامحالہ جو شخص جنت میں جائے گا اس کو وہاں شراب ضرور پیش کی جائے گی جیسا کہ روایات سے ثابت ہے تو گویا وہ جنت میں ہی نہیں جائے گا۔ علامہ ابن جوزیؒ خطابیؒ اور بغویؒ کی رائے بھی ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ روایت کے ظاہری معنی مراد ہیں اور معنی یہ ہیں کہ جس نے دنیا میں شراب پی اس کو آخرت میں جنت میں شراب نہیں دی جائے گی یعنی جنت میں داخل ہونے کے بعد بھی وہ شراب جیسی نعمت اخروی سے محروم رہے گا۔ چنانچہ بیہقی کی روایت میں لم یشربھا فی الاخرۃ وان دخل الجنۃ واقع ہوا ہے۔

اسی طرح امام احمد بن حنبلؒ نے عبداللہ بن عمروؓ سے مرفوعاً روایت نقل کی ہے۔

من مات من امتی وھو یشرب الخمر حرم اللہ علیہ شربھا فی الجنة حافظ ابن عربیؒ کہتے ہیں چونکہ اس نے جلدی کی ہے ایسی چیز کے بارے میں جس کی تاخیر کا حکم دیا گیا تھا اس لیے اپنے وقت پر وہ محروم کردیا گیا جیسا کہ کوئی وارث اپنے مورث کو قتل کردے تو وہ میراث سے محروم کردیا جاتا ہے اس قول کا حاصل یہ ہوا کہ چونکہ اس نے دنیا میں شراب پی ہے اور توبہ بھی نہیں کی ہے اس لئے اس کی سزا میں اس کو جنت کی شراب سے محروم کیا گیا حالانکہ وہ جنت میں اپنے ایمان کی وجہ سے داخل ہوگا۔

تیسرا قول بعض حضرات فرماتے ہیں کہ روایت کے معنی یہ ہیں کہ وہ شخص جنت میں جب جائے گا تو جنت کی شراب سے محروم رہے گا چونکہ اس کو اس کی خواہش نہ ہوگی اور گویا اس کو نسیان ہو جائے گا اور یہ اس لئے کہ باوجود خواہش کے کسی چیز کا نہ ملنا جنت میں نص صریح کے خلاف ہے۔ کما قال تعالی ولکم فیھا ماتشتھی انفسکم کہ وہاں تو ہر وہ چیز ملے گی جس کو نفس چاہے گا۔ چوتھا قول حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ روایت کا محمل مستحل ہے کیونکہ جب وہ پابندی کے ساتھ شراب کو پیتا رہا تو بسا اوقات ممکن ہے کہ اسکے قلب میں اسکی حرمت باقی نہ رہی ہو ظاہر ہے کہ جو شخص کسی حرام چیز کو حلال مانے ایسا شخص تو کافر ہے پھر اس کو آخرت میں شراب کیسے ملے گی۔ پانچواں قول یہ کہا جائے کہ روایت میں نفی غیر مؤبد ہے اور معنی یہ ہیں کہ آخرت میں اس وقت تک اس کو شراب نہیں ملے گی جب تک وہ اپنی بداعمالیوں کی سزا میں رہے گا اس کے بعد جب وہ جنت میں چلا جائے گا تو اس کو شراب طہور دیدی جائے گی۔

وفی الباب عن ابی ھریرةؓ اخرجہ مسلم والبخاری والترمذی وابوداؤد والنسائی۔ ابی سعیدؓ اخرجہ مسلم و عبداللہ بن عمر اخرجہ احمد والطبرانی عبادةؓ اخرجہ عبداللہ بن احمد ابیؓ مالک الاشعری اخرجہ ابن ماجہ وابن حبان ابنؓ عباس اخرجہ احمد وحدیث ابن عمرؓ اخرجہ البخاری ومسلم ابوداؤد والنسائی۔

وقد روی الخ۔ مصنفؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت مرفوعاً تو متعدد طرق سے نقل کی گئی ہے مگر امام مالکؒ نے اس کو موقوفاً ذکر کیا ہے۔ لہٰذا اب روایت مرفوعاً وموقوفاً دونوں طرح ہوگی۔

رجال حدیث: ۔یحیی بن درست۔ بفتحتین وسکون المہملہ ابن زیاد البصری ابوزکریا کنیت ہے طبقہ عاشرہ کا ثقہ راوی ہے۔
حماد بن زید بن درھم الازدی الجھضمی ابواسمٰعیل البصری طبقہ ثامنہ کا ثقہ ثبت اور فقیہ راوی ہے اکیاسی سال کی عمر میں ۱۷۹ھ میں انتقال ہے۔

اَخْبَرَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ لَمْ تُقْبَلْ لَہٗ صَلٰوةُ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰہُ عَلَیْہِ فَاِنْ عَادَ لَمْ یَقْبَلِ اللّٰہُ لَہٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰہُ عَلَیْہِ فَاِنْ عَادَ لَمْ یَقْبَلِ اللّٰہُ لَہٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰہُ عَلَیْہِ فَاِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ لَمْ یَقْبَلِ اللّٰہُ لَہٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ لَمْ یَتُبِ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَقَاہُ مِنْ نَّھْرِ الْخَبَالِ قِیْلَ یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمَا نَھْرُ الْخَبَالِ قَالَ نَھْرٌ مِنْ صَدِیْدِ اَھْلِ النَّارِ۔

ترجمہ: ۔فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جو آدمی شراب پیے تو نہیں قبول کی جائے گی اس کی چالیس دن کی نمازیں پس اگر توبہ کرے تو

اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں گے اس کی توبہ پس اگر لوٹ آئے تو نہیں قبول فرمائیں گے اللہ تعالیٰ اس کی چالیس دن کی نمازیں پس اگر توبہ کرے تو توبہ قبول کریں گے اللہ تعالیٰ اگر لوٹ آئے تو نہیں قبول کریں گے اللہ تعالیٰ اس کی چالیس دن کی نمازیں پس اگر توبہ کرے تو توبہ قبول فرمائیں گے۔ پس اگر لوٹ آئے چوتھی مرتبہ تو نہیں قبول فرمائیں گے اللہ تعالیٰ اس کی چالیس دن کی نمازیں پس اگر وہ توبہ کرے تو نہیں قبول فرمائیں گے اللہ تعالیٰ اس کی توبہ اور پلائیں گے اس کو خبال کی نہر سے کہا گیا اے ابوعبدالرحمٰن نہر خبال کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا جہنم والوں کے پیپ کی نہر ہے۔

لم تقبل له صلوٰة اربعين صباحا کی تشریح: ۔صلوٰۃ اربعین اضافت اور بغیر اضافت دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے۔ صباحاً سے مراد یا تو صبح کی نماز ہے جو کہ افضل صلوات ہے جب وہ قبول نہیں تو پھر دوسری نمازیں کیسے قبول ہوں گی؟

دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد پورا دن ہے اب روایت کے جملہ کا حاصل یہ ہوا کہ جو آدمی شراب پیے گا تو اس کی چالیس دن کی صبح کی نمازیں یا چالیس دن کی سب نمازیں اللہ کے یہاں قبول نہیں ہوں گی اگر چہ ذمہ سے ساقط ہو جائیں لیکن ان پر ثواب نہیں ملے گا اور نماز کے عدم قبول کو اس لئے بیان فرمایا کہ جب نماز جو اہم عبادات میں سے ہے وہی قبول نہ ہوگی تو پھر دیگر عبادات کیا قبول ہوں گی۔ پھر اربعین کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ تغیرات میں چالیس کے عدد کو خاص دخل ہے۔ جیسا کہ روایات سے ثابت ہے کہ ماں کے پیٹ میں نطفہ چالیس یوم رہتا ہے پھر چالیس دن علقہ اور پھر چالیس دن مضغہ رہتا ہے نیز حضرات صوفیاء کے یہاں چالیس کے عدد کو آثار کے ترتب میں خاص دخل ہے۔

چوتھی مرتبہ توبہ قبول نہ ہونے کا مطلب: لم يتب الله عليه یعنی چوتھی مرتبہ جب وہ شراب پی لے اور توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول نہیں فرمائیں گے اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو صحیح توبہ کی توفیق نہیں دیں گے۔ اکثر و بیشتر اللہ تعالیٰ کی عادت اپنے بندوں کے بارے میں یونہی جاری ہے لہٰذا اب فان تاب کے معنی ارادالتوبۃ کے ہوں گے۔ یا یہ کہا جائے کہ بطور تشدید و تہدید فرمایا گیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جب وہ بار بار اپنی توبہ کو توڑ رہا ہے تو گویا اس کو اللہ کے حکم کی پرواہ نہیں ہے تو اسکی توبہ توبہ نصوح نہیں جس پر رحمت کاملہ مرتب ہو بایں ہمہ اگر توبہ کی حقیقت بندے کی جانب سے پائی جائے گی تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ضرور قبول فرمائیں گے کیونکہ وعدہ ہے کہ اگر کوئی ستر مرتبہ بھی ایک دن میں گناہ کر کے استغفار کرے تو اللہ کے یہاں وہ قبول ہو جاتا ہے۔ کما روی ابوبکرؓ الصدیق ما اصر من استغفر وان عاد فی الیوم سبعین مرۃ (رواہ ابوداؤد والترمذی)

ایک اشکال اور اس کا جواب: ۔ یہاں اشکال یہ ہے کہ کفار کی توبہ تو قبول ہو جاتی ہے جبکہ اس کا حال اس مؤمن شارب خمر سے بدتر ہے پھر اس مؤمن کی توبہ کیوں نہیں قبول ہوتی؟ جواب اس لئے کہ کافر تو نعمت اسلام سے جاہل ہے اور حقیقت کو نہیں پہچانتا اس لئے اس پر اتنی ناراضگی نہیں مگر یہ شخص منکرات شرعیہ کو پہچانتا ہے اس لئے اس پر ناراضگی زائد ہوگی جیسا کہ مرتد کہ وہ ذمی سے زیادہ برا ہے اپنے حال کے لحاظ سے کیونکہ اہل ذمہ خالص کافر ہیں لیکن مرتد واجب القتل ہے اس لیے کہ وہ نعمت اسلام کو پا چکا تھا اور اس نے اس کو قدر نہیں کی اور اہل ذمہ کو قتل نہیں کیا جائے گا اس لئے اس کو نعمت اسلام معلوم ہی نہیں۔

هذا حديث حسن اخرجه حاكم وقد روی نحو هذا عن عبد الله بن عمر وابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم ۔ ابن عمرؓ کی روایت کی تخریج نسائی نے کی ہے اور ابن عباسؓ کی روایت کی تخریج ابوداؤد نے کی ہے۔

رجال حدیث:۔عن عبداللہ بن عبید بن عمیر عن ابیہ یہ عبید بن عمیر بن قتادہ اللیثی ابو عاصم المکی ہیں آپ ﷺ کے زمانہ میں پیدا ہوئے۔کما قالہ مسلم بعض حضرات نے کبار تابعین میں سے شمار کیا ہے ان کی ثقاہت پر اجماع ہے ابن عمرؓ کے شاگرد ہیں مگر ان سے پہلے ہی انتقال فرما گئے تھے۔

بَابُ مَاجَاءَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ ثَنَا مَعْنٌ ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْبِتْعِ فَقَالَ كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ۔

ترجمہ:۔حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ بیشک نبی کریم ﷺ سے سوال کیا گیا شہد کی نبیذ کے بارے میں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہر شراب جو نشہ پیدا کرے پس وہ حرام ہے۔

صحابیؓ کے سوال مخصوص کا آپ ﷺ نے عام جواب دیا:۔آپ ﷺ سے صحابیؓ نے مخصوص سوال کیا مگر آپ ﷺ نے ایک جامع جواب عنایت فرمایا جس پر کثیر جزئیات متفرع ہوتی ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ نبیذ تو ہر طرح کی جائز ہے خواہ وہ شہد کی ہو یا اور کسی چیز کی مگر جب وہ سکر پیدا کرے تو حرام ہے اور اگر وہ سکر پیدا نہیں کرتی اور عبادات پر تقویت حاصل کرنے کے لئے پی جائے تو پھر جائز ہے لیکن اگر تھوڑی مقدار سے بھی سکر پیدا ہو جائے تو وہ تھوڑی بھی حرام ہو جائے گی یا تھوڑی نبیذ بطور لہو ولعب پی گئی ہو اور وہ بھی غیر مسکر ہو جو ذریعہ بنے کثیر پینے کا تو وہ بھی درست نہیں چونکہ حضرات صحابہؓ اور خود نبی کریم ﷺ سے نبیذ کا پینا بکثرت ثابت ہے لامحالہ یہ کہنا پڑے گا کہ وہ نبیذ حد سکر کو نہ پہنچی ہو اور بطور تقویت علی الطاعت پی جائے تو اس کا پینا جائز ہے۔ہاں البتہ اگر کوئی نبیذ مسکر ہے تو کثیر و قلیل دونوں کا پینا ناجائز ہے اور یہی معنی ہیں آنے والی روایت ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام کے۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ أَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ۔

ترجمہ:ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا میں نے سنا رسول اللہ ﷺ سے یہ فرماتے ہوئے کہ ہر مسکر حرام ہے۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح:۔مصنفؒ نے حضرت عائشہؓ کی روایت کے بارے میں حسن یا صحیح ہونے کا حکم نہیں بیان فرمایا بلکہ اس کے بعد ابن عمرؓ کی روایت ذکر کی اور اس کے بعد فرمایا۔ھٰذا حدیث حسن صحیح اور پھر وفی الباب عن عمرؓ الخ فرمانے کے بعد فرماتے ہیں۔

ھٰذا حدیث حسن:۔اب یہ تو اشارہ ہے حدیث عائشہؓ کی طرف جو پیچھے مذکور ہوئی ظاہر ہے کہ یہ مشکل ہے کیونکہ وہ تو بہت پہلے گذر چکی اور یا اشارہ ہے حدیث ابن عمرؓ کی طرف اور یہ درست نہیں کیونکہ اس کی طرف تو ھٰذا حدیث حسن صحیح کہہ کر اشارہ کر چکے ہیں پس ظاہر یہ ہے کہ ھٰذا حدیث حسن صحیح یہ عائشہؓ کی روایت کے بعد ہونا چاہیے چونکہ اس کی تخریج بخاریؒ مسلمؒ احمدؒ ابوداؤدؒ نسائیؒ اور ابن ماجہؒ نے کی ہے اور ھٰذا حدیث حسن یہ ابن عمرؓ کی روایت کے بعد ہوتا جس کی تخریج ترمذیؒ ہی نے کی ہے۔وفی الباب عن عمرؓ اخرجہ ابو یعلیٰ علیؓ اخرجہ احمد ابن مسعودؓ اخرجہ ابن ماجہ ابو سعیدؓ اخرجہ البزار ابی موسیٰؓ اخرجہ

احمد الشیخین ابوداؤد ونسائی وابن ماجہ والاشج العصری اخرجہ ابن حبان وابوجعفر دیلم اخرجہ ابوداؤد ومیمونہؓ اخرجہ احمد ابن عباس اخرجہ ابوداؤد وبزار قیسؓ بن سعد اخرجہ احمد النعمانؓ بن بشیر اخرجہ ابوداؤد ومعاویہؓ اخرجہ ابن ماجہ عبداللہؓ بن مغفل اخرجہ احمد ام سلمہؓ اخرجہ ابوداؤد وبریدۃؓ اخرجہ مسلمؒ ابی ھریرۃؓ۔ اخرجہ النسائی ۔وائل بن حجرؓ اخرجہ ابن ابی عاصم قرۃؓ المزنی اخرجہ البزار عائشہؓ اخرجہ الترمذی فی الباب الآتی وقد روی عن ابی سلمۃ یعنی جس طرح یہ روایت کل مسکر حرام ابوسلمہ ابن عمرؓ سے نقل کرتے ہیں اسی طرح ابوسلمہ ابوہریرۃؓ سے بھی نقل کرتے ہیں جس کی تخریج احمد ونسائی نے کی اور دونوں صحیح ہے۔ وروی غیر واحد یعنی محمد بن عمرو سے بہت سے لوگوں نے یہ روایت عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃؓ اور عن ابی سلمۃ عن ابن عمرؓ مرفوعاً نقل کی ہے۔

رجال حدیث: ۔عبید بن اسباط بن محمد القرشی الکوفی یہ روایت کرتے ہیں اپنے والد اور عبداللہ بن ادریس وغیرہ سے گیارھویں طبقہ کے صدوق راوی ہیں مات ۲۵۰ھ ابو سعید الاشج ان کا نام عبداللہ بن سعید بن حصین الکندی الکوفی احد الائمہ یہ روایت کرتے ہیں عبدالسلام بن حرب اور ابی خالد الاحمر وغیرہ سے اور ان کے شاگرد ائمہ ستہ ہیں ابوحاتم نے اس کو ثقہ امام زمانہ قرار دیا ہے مات ۲۵۷ھ عبداللہ بن ادریس بن یزید بن عبدالرحمٰن الازدی ابومحمد الکوفی ثقۃ فقیہ عابد طبقہ ثامنہ کے راوی ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهٗ فَقَلِيْلُهٗ حَرَامٌ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ ح وَثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ بَكْرِ بْنِ اَبِي الْفُرَاتِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهٗ فَقَلِيْلُهٗ حَرَامٌ۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مَهْدِيِّ بْنِ مَيْمُوْنٍ ح وَثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ الْاَنْصَارِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَؓ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ مَا اَسْكَرَ الْفَرَقُ مِنْهُ فَمِلْاُ الْكَفِّ مِنْهُ حَرَامٌ قَالَ اَحَدُهُمَا فِيْ حَدِيْثِهِ الْحَسْوَةُ مِنْهُ حَرَامٌ۔

ترجمہ: ۔جابرؓ بن عبداللہ سے منقول ہے کہ بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو چیز نشہ پیدا کرے اس کا کثیر بھی حرام ہے اور قلیل بھی حرام ہے۔

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ ہر نشہ والی چیز حرام ہے جس کے ایک فرق بھر سے نشہ ہو اس کا ایک چلو بھی حرام ہے دو عبداللہ یا محمد بن بشار ان دونوں میں سے کسی نے اپنی حدیث میں الحسوۃ منہ حرام بھی کہا تھا جس کے معنی ایک گھونٹ بھی اس کا حرام ہے۔

شرح الفاظ: ۔فرق بفتح الراء وسکونہا ایسا پیمانہ جس میں سولہ رطل آجائے اور بعض فرماتے ہیں کہ یہ معنی بفتح الراء کے ہیں اور

قولہ الفرق بفتح الراء وسکونہا والفتح اشھر وھو مکیال یسع ستۃ عشر رطلاً وقیل ھو بفتح الراء کذلک فاذا سکنت فھو مائۃ وعشرون رطلاً قولہ قال احدھما ای محمد بن بشار و عبداللہ بن معاویۃ فی حدیثہ الحسوۃ منہ حرام ای مکان ملاء الکف منہ حرام والحسوۃ بضم الحاء المھملۃ وسکون السین الجرعۃ من الشراب بقدر ما یحسو مرۃ وبالفتح المرۃ ۱۲ تحفہ

اگر بسکون الراء پڑھا جائے تو اتنا بڑا برتن جس میں ایک سو بیس رطل آ جائیں۔ابن قتیبہ کہتے ہیں کہ فرق وہ برتن جس میں اٹھائیس رطل پانی آ جائے حسوۃ بضم الحاء وسکون السین۔ایک مٹھی اور ایک چلو کو کہتے ہیں۔علامہ طیبیؒ کہتے ہیں کہ لفظ فرق اور ملأ الکف سے مراد تکثیر وتقلیل ہے۔تحدید نہیں۔

روایتوں کا مطلب:۔ پہلی روایت کا حاصل تو یہ ہوا کہ نشہ پیدا کرنے والی چیز اس کا کثیر تو حرام ہے ہی قلیل بھی بوجہ سکر کے حرام ہے۔یا قلیل اس لئے حرام ہے کہ جب وہ بطور تلہی وتلعب پیا جائے تو کثیر کے پینے کا ذریعہ ہوگا جو کہ حرام ہے اور سبب حرام بھی حرام ہوتا ہے۔اور دوسری روایت کا مطلب یہ ہے کہ ہر مسکر حرام ہے اس کا بہت اور تھوڑا خواہ ایک چلو ہی کیوں نہ ہو وہ بھی حرام ہے یا تو اس لئے کہ اس میں نشہ ہے اور اگر نشہ نہیں تو ذریعہ ہے کثیر پینے کا۔بہر حال علت حرمت اس کا حد سکر کو پہنچنا ہے نہ کہ مطلقاً کیونکہ آنے والے ابواب میں امام ترمذیؒ ایسی روایات ذکر فرما رہے ہیں جن میں آپ ﷺ سے نبیذوں کو پینا ثابت ہے۔

وفی الباب عن سعدؓ اخرجہ الدارقطنی والنسائی عائشۃؓ اخرجہ احمد عبدؓ الله بن عمرو اخرجہ الدارقطنی ابن عمرؓ اخرجہ احمد و ابن ماجہ والدارقطنی ۔خوات بن جبیرؓ اخرجہ الدارقطنی والطبرانی والحاکم۔

هٰذا حدیث حسن غریب۔ اخرجہ ابوداؤد والنسائی و ابن ماجہ وابن حبان۔

قال احمد هٰذا اس سے مراد محمد بن بشار یا عبداللہ بن معاویہ الجمحی ہے۔

رجال حدیث:۔ اسمٰعیل بن جعفر بن کثیر الانصاری الزرقی ابواسحاق القاری طبقہ ثامنہ کا ثقہ ثبت راوی ہے مات ۱۸۰ھ علی بن حجر بضم الحاء وسکون الجیم ابن ایاس السعدی المروزی نزیل بغداد ان کے شاگرد شریک اور اسمٰعیل بن جعفر اور ہقل بن زیاد ہشیم وغیرہ ہیں اور بخاریؒ مسلمؒ ترمذی اور دیگر حضرات ان سے روایت کرتے ہیں۔

طبقہ تاسعہ کا ثقہ راوی ہے مات ۲۴۴ھ داؤد بن بکر بن ابی الفرات الاشجعی طبقہ سابعہ کا صدوق راوی ہے۔

عبدالاعلی ابن عبدالاعلیٰ بن محمد البصری الشامی ان کے استاذ ہشام الدستوائی وغیرہ ہیں ابن معین وابوزرعہ نے انکو ثقہ کہا ہے اور امام نسائی نے انکے بارے میں فرمایا لابأس بہ اور ابن حبان نے ثقات میں شمار کیا ہے اور فرمایا کہ وہ علم حدیث میں متقن تھے مگر قدریۃ المذہب غیر داعی تھے ۱۸۳ھ میں انتقال ہوا۔هشام بن حسان الازدی الفردوسی ثقہ راوی ہے اور ابن سیرین کی روایت میں اثبت اور حسن بصری اور عطاء کی روایتوں کے بارے میں کلام کیا گیا ہے۔طبقہ سادسہ کا راوی ہے ۱۴۸ھ یا ۱۴۷ھ میں انتقال ہوا۔مهدی بن میمون الازدی البصری طبقہ سادسہ کے صغار میں سے ثقہ راوی ہیں ۱۷۲ھ میں انتقال فرمایا۔

عبدالله بن معاویہ الجمحی بضم الجیم وفتح المیم بکسر الحاء جمح بن عمر کی طرف منسوب ہے طبقہ عاشرہ کا معمر راوی ہے۔ترمذیؒ وابن حبان وغیرہ نے ان کی توثیق کی ہے ۲۴۳ھ میں سو سال سے زائد عمر میں انتقال فرمایا۔ابو عثمان الانصاری المدنی مرو کے قاضی تھے طبقہ رابعہ کا مقبول راوی ہے ان کا نام عمر بن سالم یا عمرو بن سالم کنیت ابوعثمان ہے۔القاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق التیمی المدنی مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں۔روایت کرتے ہیں عائشہؓ، ابوہریرہؓ، ابن عباسؓ، ابن عمرؓ وغیرہ سے اور انکے شاگرد شعبی زہری وغیرہ ہیں ۱۰۶ھ میں انتقال فرمایا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ نَبِیْذِ الْجَرِّ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا ابْنُ عُلَیَّةَ وَیَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَا ثَنَا سُلَیْمَانُ التَّیْمِیُّ عَنْ طَاؤُسٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَی ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِیْذِ الْجَرِّ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ طَاؤُسٌ وَاللّٰهِ اِنِّیْ سَمِعْتُهٗ مِنْهُ

ترجمہ:۔ بیشک ایک آدمی آیا ابن عمرؓ کے پاس پس کہا اس نے کیا منع کیا ہے رسول اللہ ﷺ نے گھڑے میں نبیذ بنانے سے تو ابن عمرؓ نے کہا ہاں۔ پس کہا طاؤس نے کہ میں نے سنا ہے ابن عمرؓ سے یہ فرماتے ہوئے۔

آپ ﷺ نے گھڑیا میں نبیذ بنانے سے کیوں منع فرمایا؟:۔ نبی کریم ﷺ نے گھڑیا میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا کیونکہ گھڑیا سے مراد وہ گھڑیا ہے جس پر رنگ وروغن کیا گیا ہو۔ اور ایسی گھڑیا میں ہوا کا گذر نہیں ہوگا تو جلد ہی وہ نبیذ سڑ جائے گی اور اس میں نشہ پیدا ہو جائے گا۔ پھر پینے والے کو یہ معلوم نہ ہو سکے گا کہ آیا اس میں سکر پیدا ہوا ہے یا نہیں اور غفلت کی بناء پر وہ اس کو پی لے گا جس سے نشہ پیدا ہو جائے گا۔ اس لیے آپ ﷺ نے گھڑیا میں نبیذ بنانے سے منع فرما دیا تھا لیکن اس کے بعد پھر آپ ﷺ نے اجازت دیدی جیسا کہ آگے روایت میں آرہا ہے۔

ابن عمرؓ نے نعم کے ساتھ کیوں جواب دیا؟:۔ اب رہا ابن عمرؓ کا جواب میں نعم کہنا شاید اس بنا پر ہو کہ ابن عمرؓ کو نسخ کا علم نہیں ہوا تھا۔ یا علم تھا مگر نہی کا ارتفاع علت کے ارتفاع کی بناء پر تھا اور ممکن ہے کہ سائل کو اس کی کامل رغبت ہو اور غفلت کی بناء پر پی لینے کا اندیشہ غالب ہو۔ اس لیے ابن عمرؓ نے حال سائل کی رعایت کرتے ہوئے جواب میں نعم پر اکتفا فرمایا اور منسوخ ہونے کو نہیں بیان فرمایا۔ یا یوں کہا جائے کہ چونکہ حد سکر کو پہنچنے میں التباس ہے اور نہی کا ارتفاع سکر کے نہ ہونے کی بنا پر ہے اور سکر یہاں ممکن ہے اس لیے علت کے لوٹ آنے سے نہی کا لوٹ آنا محسوس کیا اس وجہ سے انہوں نے نعم فرمایا۔

نهی رسول الله ﷺ: ہمزہ استفہام یہاں محذوف ہے چنانچہ نسائی کی روایت میں ہمزہ مذکور ہے۔ اسکے بعد یاد رکھئے کہ یہاں جر میں تمام انواع جرار داخل ہیں جو مٹی سے بنائے جاتے ہیں خواہ وہ کچے ہوں یا خوب پکے ہوئے ہوں۔ نیز رنگ وروغن کئے ہوئے ہوں۔ یا بغیر رنگ وروغن کے سب اسمیں داخل ہیں۔ **قال طاؤس والله انی سمعته منه۔** طاؤس کا یہ کہنا یا تو اس وجہ سے ہے کہ لوگوں کو حضرت ابن عمرؓ کے نعم کہنے پر تعجب ہوتا تھا کہ روایات ناسخہ تو مشہور ہیں پھر ابن عمرؓ نے نعم کے ساتھ جواب کیسے دیا شاید طاؤس نقل کرنے میں غلطی کر رہے ہیں تو طاؤس نے قسم کھا کر فرمایا کہ اللہ کی قسم میں نے ابن عمرؓ سے اسی طرح سنا ہے دوسری توجیہ یہ کی گئی ہے بسا اوقات راوی روایت کے کمال تثبت وخصوصی ربط کو بیان کرنے کے لئے اس طرح کے جملے کہہ دیتا ہے۔ اب مطلب یہ ہوا کہ طاؤس فرما رہے ہیں کہ یہ بات میں نے ابن عمرؓ سے خود سنی ہے ایسا نہیں کہ کسی دوسرے نے نقل کی ہو۔

وفی الباب عن ابن ابی اوفیؓ اخرجہ البخاری **ابی سعیدؓ** اخرجہ مسلم **سویدؓ** اخرجہ احمد **عائشةؓ** اخرجہ ابن ماجہ **ابن الزبیرؓ** اخرجہ النسائی **ابن عباسؓ** اخرجہ احمد ومسلم وابوداؤد والنسائی **هذا حدیث حسن صحیح** اخرجہ مسلم والنسائی۔

رجال حدیث:۔ ابن علیة یہ اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم الاسدی البصری ہیں ابن علیہ سے مشہور ہیں اتباع تابعین کے طبقہ وسطٰی سے ثقہ حافظ راوی ہیں ان کے اساتذہ ایوب، عبدالعزیز بن رفیع، روح بن القاسم وغیرہم ہیں ان کے تلامذہ احمد، اسحاق، علی بن

حجر وغیرہم میں ہیں شعبہ نے فرمایا کہ ابن علیہ ریحانۃ الفقہاء ہیں۔

یزید بن هارون بن زاذان السلمی الواسطی ثقہ عابد متقن طبقہ تاسعہ کا راوی ہے م ۲۰۶ھ سلیمان التیمی ابن طرخان التیمی ابو المعتمر البصری ثقہ عابد طبقہ رابعہ کا راوی ہے مات ۱۴۳ھ طاؤس یہ ابن کیسان الیمانی ابو عبدالرحمن الحمیری ہیں۔ بعض نے فرمایا کہ ان کا نام ذکوان ہے اور طاؤس لقب ہے۔ فقیہ فاضل ثقہ طبقہ ثالثہ کا راوی ہے تابعی ہے ۱۰۶ھ میں انتقال ہوا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ اَنْ یُّنْبَذَ فِی الدُّبَّاءِ وَالنَّقِیْرِ وَالْحَنْتَمِ

حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰی مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی ثَنَا اَبُوْدَاوُدَ الطَّیَالِسِیُّ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ زَاذَانَ یَقُوْلُ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَمَّا نَهٰی عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَوْعِیَةِ وَاَخْبِرْنَاهُ بِلُغَتِکُمْ وَفَسِّرْهُ لَنَا بِلُغَتِنَا قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَنْتَمَةِ وَهِیَ الْجَرَّةُ وَنَهٰی عَنِ الدُّبَّاءِ وَهِیَ الْقَرْعَةُ وَنَهٰی عَنِ النَّقِیْرِ وَهِیَ اَصْلُ النَّخْلِ یُنْقَرُ نَقْرًا اَوْ یُنْسَجُ نَسْجًا وَنَهٰی عَنِ الْمُزَفَّتِ وَهُوَ الْمُقَیَّرُ وَاَمَرَ اَنْ یُّنْتَبَذَ فِی الْاَسْقِیَةِ۔

ترجمہ:۔ زاذان کہتے ہیں کہ میں نے ابن عمرؓ سے ان برتنوں کے بارے میں پوچھا جن سے رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا ہے اور عرض کیا کہ بیان کیجئے ان کو آپ اپنی زبان میں اور ان کی تفسیر کیجئے ہماری زبان میں تو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا ہے حنتم سے اور وہ گھڑیا ہے۔ اور منع فرمایا دباء سے اور وہ خشک کدو ہے اور منع فرمایا نقیر سے اور وہ کھجور کی جڑ ہے جس کو کھود کر یا چھیل کر پیالہ بنا لیا جائے اور منع فرمایا مزفت سے اور وہ تارکول بھرا ہوا برتن ہے اور حکم دیا گیا کہ نبیذ مشکیزوں میں بنائی جائے۔

شرح الفاظ:۔ اوعیۃ جمع دعاء بمعنی برتن اخبرناہ بلغتکم وفسرہ لنا بلغتنا یعنی روایت تو آپ اپنی ہی زبان میں بیان کیجئے ان الفاظ عربی ہی کے ساتھ جن سے رسول پاک ﷺ نے بیان فرمایا ہے چونکہ یہ زبان عربی بہت متبرک زبان ہے ہاں البتہ ان کی تشریح ہماری زبان میں کر دیجئے تاکہ ہم ان کو اچھی طرح سمجھ لیں۔ الحنتمۃ بالحاء المهملۃ المفتوحۃ ثم نون ساکنۃ ثم تاء مفتوحۃ ثم المیم اور مفرد کے لئے حنتمہ بھی آتا ہے جس کے معنی مٹی کی گھڑیا کے آتے ہیں۔ الجرۃ بفتح الجیم و تشدید الراء جمع جرۃ جیسے تمر و تمرۃ بمعنی گھڑیا جو مٹی سے بنائی جائے۔ الدباء بضم الدال و تشدید الباء خشک کدو جس کے گودے کو نکال کر پیالہ بنا دیا جائے۔ القرعۃ خشک کدو۔ النقیر بالنون والقاف فعیل کے وزن پر بمعنی منقور۔ نقر یقر سے ماخوذ ہے جس کے معنی کھودنے کے ہیں اہل عرب شراب وغیرہ بنانے کے لئے کھجور کی جڑوں کو کھود کر برتن بنا لیتے تھے یہاں پر یہی برتن مراد ہے۔ او ینسج نسجاً اس کو بالجیم المنقوطہ اور بالحاء المهملہ دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے۔ اگر جیم منقوطہ کے ساتھ ہے جیسا کہ ہمارے ترمذیؒ کے موجودہ نسخہ میں واقع ہے اور لغت میں اس کے معنی کپڑا بننے کے ہیں تو اس کے معنی یہاں پر یہ ہوں گے کہ کھجور کی جڑ کو بار بار چھیل کر برتن کی صورت بنا لینا چونکہ اس کے چھیلنے اور بنانے میں کپڑا بننے کی طرح بار بار اور نیچے حرکت ہوتی ہے اس مناسبت سے اس کو نسج کے ساتھ تعبیر کیا گیا ہے هکذا قررہ الکنکوهی۔

اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا صحیح ضبط بالزاء والمهملہ ہے اور رجیم منقوط غلط ہے۔ کما قالہ عیاضؒ وغیرہ۔ نیز علامہ نوویؒ وغیرہ نے فرمایا کہ معظم روایات مسلم وغیرہ میں حاء مہملہ کے ساتھ ہی واقع ہوا ہے اس کے معنی چھیلنا یعنی کھجور کی جڑ کو اندر سے کھود کر برتن بنالیا جائے۔ **المزفت بتشدید الفاء المفتوحہ اسم مفعول ہے ترفیت سے** جس کے معنی ایسا برتن جس پر تارکول پھیرا گیا ہو جس کو عربی میں مقیر کہتے ہیں یہ بھی اسم مفعول ہے قیر سے ماخوذ ہے جس کے معنی تارکول کے آتے ہیں۔

ان برتنوں کے استعمال کا حکم شرعی:۔ حضرات جمہور علماء کے نزدیک اب ان ظروف کے استعمال کی اجازت ہے اس کے برخلاف ابن عباسؓ وابن عمرؓ امام مالکؒ احمدؒ اور اسحاقؒ سے شراح نے ان ظروف کے استعمال کرنے کی ممانعت نقل فرمائی ہے۔ نیز امام شافعیؒ اور ثوریؒ سے احتیاطاً اب بھی کراہت مروی ہے۔ حضرات جمہور کا مستدل آنے والے باب کی روایات ہیں جو نسخ پر دلالت کرتی ہیں اور جن روایات میں ان ظروف کے استعمال کی ممانعت ہے وہ منسوخ ہوں گی۔ ممکن ہے ابن عمرؓ وغیرہ کو ان روایات ناسخہ کا علم نہ ہوا ہو یا ابن عباسؓ وابن عمرؓ وغیرہ نے بطور احتیاط اب بھی حرمت کا قول فرمایا ہو۔

ان برتنوں کی اولاً ممانعت کیوں تھی؟:۔ ان برتنوں کے استعمال سے ممانعت کی وجہ بعض حضرات نے یہ بیان فرمائی ہے کہ دراصل یہ چاروں برتن شراب بنانے کے لیے مخصوص تھے لہٰذا جب آپ ﷺ نے شراب سے منع فرمایا تو اس وقت ان برتنوں کے استعمال کرنے سے بھی منع فرمادیا تاکہ شراب کی حرمت قلوب میں اچھی طرح جم جائے اور ان برتنوں کو دیکھ کر شراب یاد نہ آئے دوسرا قول بعض حضرات فرماتے ہیں کہ دراصل آپ ﷺ کی عادت شریفہ تھی کہ جب کسی چیز کی تحریف فرماتے تو اس میں شدت فرماتے تھے یہاں تک کہ لوگ اس کو بالکل چھوڑ دیں۔ جیسا کہ کتوں کے بارے میں اولاً آپ ﷺ نے سختی سے کام لیا اور جب یہ محسوس کیا کہ اب کتوں سے لوگوں کے دلوں میں نفرت ہو چکی ہے تو پھر اس سختی کو ختم فرمادیا تھا۔ اسی طرح یہاں جب شراب سے منع فرمایا تو ساتھ ہی سختی کرنے کے لئے ان برتنوں سے بھی منع فرمادیا جن میں شراب بنائی جاتی تھی اور پھر اس بارے میں رخصت بیان فرمادی جیسا کہ آنے والے باب کی روایت اس پر دلالت کرتی ہے۔ تیسرا قول اس بارے میں یہ بیان کیا گیا کہ چونکہ ان برتنوں میں نبیذ جلد ہی نشہ والی ہو جاتی تھی تو کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی بطور غفلت یہ سوچتے ہوئے کہ ابھی تو نبیذ ہی ہے اور اس کو پی لے جس سے نشہ پیدا ہو جائے۔ لہٰذا ازراہ احتیاط آپ ﷺ نے ان برتنوں کے استعمال سے بھی منع فرمادیا تھا لیکن اس کے بعد آپ ﷺ نے اجازت دیدی اور یہ ممانعت منسوخ ہوگئی۔ چنانچہ آنے والا باب نسخ پر صراحتہً دلالت کرتا ہے۔

حنتم کی تفسیر میں دوسرے اقوال:۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں حنتم کی تفسیر جو حدیث شریف میں بیان کی گئی ہے وہی اصح ہے اور حضرات محدثینؒ وفقہاؒ نے اسی کو اختیار کیا ہے مگر اس کے علاوہ حنتم کی تفسیر کے سلسلہ میں دوسرے اقوال بھی مروی ہیں چنانچہ عبداللہ بن عمرؓ سعید بن جبیرؒ اور ابوسلمہؒ سے نقل کیا گیا کہ حنتم مٹی وغیرہ ہر قسم کی گھڑیوں کے لئے عام ہے اور انس بن مالکؓ اور ابن ابی لیلیٰؒ سے یہ نقل کیا گیا کہ حنتم وہ خاص گھڑیاں ہیں جن کو مصر سے لایا جاتا تھا اور ان کے منہ پر تارکول پھرا ہوا ہوتا تھا۔ ابن ابی لیلیٰؒ کہتے ہیں کہ یہ گھڑیاں سرخ ہوتی تھیں یہ حضرت عائشہؓ سے بھی یہی مروی ہے کہ وہ سرخ رنگ کی گھڑیاں ہوتی تھیں جن میں مصر سے شراب لائی جاتی تھی اور ان کی گردنیں ایک جانب ہوتی تھیں۔ اسی طرح ابن ابی لیلیٰ کا دوسرا قول یہ ہے کہ حنتم ان کو گھڑوں کو کہا جاتا تھا جن کا منہ ایک جانب ہوتا تھا اور طائف سے ان میں شراب لائی جاتی تھی اور لوگ ان میں نبیذ بھی بناتے تھے اور عطاءؒ سے منقول ہے کہ

یہ ایسی گھڑیاں ہوتی تھیں جو مٹی بالا ور خون سے بنائی جاتی تھیں مگر راجح قول اول ہی ہے۔

وفی الباب عن عمرؓ اخرجه الطیالسی وعلیؓ اخرجه الشیخان و ابوداؤد والنسائی۔

وابی سعیدؓ اخرجه احمد و مسلم والنسائی وابی هریرةؓ اخرجه احمد و مسلم و ابوداؤد والنسائی۔

عبدالرحمٰن بن یعمرؓ اخرجه ابن ماجه سمرةؓ اخرجه احمد انسؓ اخرجه الشیخان عائشةؓ اخرجه الشیخان و ابوداؤد والنسائی عمرانؓ بن حصین اخرجه احمد عائذ بن عمروؓ اخرجه البخاری فی التاریخ والحکم الغفاریؓ اخرجه البخاری میمونهؓ اخرجه احمد هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد و مسلم والنسائی۔

رجال حدیث:۔ عمرو بن مرۃ عبداللہ بن طارق الجملی بفتح الجیم والمیم المرادی الکوفی الاعمیٰ ثقه عابد غیر مدلس طبقہ خامسہ کا راوی ہے۔ ۱۱۸ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرُّخْصَةِ أَنْ يُنْتَبَذَ فِي الظُّرُوفِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَمَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالُوا ثَنَا أَبُو عَاصِمٍ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الظُّرُوفِ وَإِنَّ ظَرْفًا لَا يُحِلُّ شَيْئًا وَلَا يُحَرِّمُهُ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ۔

ترجمہ:۔ رسول پاک ﷺ نے فرمایا کہ میں نے تمہیں منع کیا تھا برتنوں میں نبیذ بنانے سے اور بیشک کوئی برتن کسی چیز کو حلال نہیں کرتا اور اس کو حرام کرتا ہے اور ہر مسکر (نشہ والی چیز) حرام ہے۔ هذا حدیث حسن صحیح اخرجه جماعة الا البخاری وابوداؤد۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الظُّرُوفِ فَشَكَتْ إِلَيْهِ الْأَنْصَارُ فَقَالُوا لَيْسَ لَنَا وِعَاءٌ قَالَ فَلَا إِذَنْ

ترجمہ: جابرؓ بن عبداللہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا برتنوں کے استعمال سے تو آپ ﷺ سے انصار نے اس بات کی شکایت کی اور کہا کہ ہمارے پاس ان کے علاوہ برتن نہیں ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اب ان کے استعمال سے کوئی ممانعت نہیں ہے۔

مذکورہ روایات سے معلوم ہوا کہ آپ ﷺ نے بعد میں ان برتنوں کے استعمال کی اجازت فرمادی تھی لہٰذا یہ روایات ممانعت والی روایات کے لئے ناسخ ہوں گی۔ کما مر تفصیله

وفی الباب عن ابن مسعودؓ اخرجه ابن ماجه ابی هریرةؓ اخرجه احمد و ابویعلی والطحاوی ابی سعیدؓ اخرجه الطحاوی عبداللہ بن عمرؓ اخرجه الشیخان۔

حدیث حسن صحیح اخرجه البخاری و ابو داؤد والنسائی۔

رجال حدیثین:۔ ابو عاصم ان کا نام ضحاک بن مخلد بن الضحاک بن مسلم الشیبانی النبیل البصری ثقہ ثبت طبقہ تاسعہ کا راوی ہے۔ علقمہ بن مرثد بفتح المیم وسکون الراء الحضرمی ابوالحارث الکوفی طبقہ سادسہ کا ثقہ راوی ہے۔ سلیمان بن بریدة الاسلمی المروزی ثقہ راوی ہے ابن معین ابوحاتم نے توثیق کی ہے طبقہ ثالثہ کا راوی ہے ۱۰۵ھ عن ابیهؓ بریدۃ بن الحصیب مصغر صحابی غزوہ بدر سے پہلے ایمان لائے ۶۳ھ ابو داؤد الحفری بالفاء نسبته الی موضع بالکوفة ثقه عابد طبقہ تاسعہ کا راوی ہے منصور بن المعتمر

بن عبداللہ اسلمی ابو عتاب کنیت ہے ثقہ ثبت طبقہ اعمش کا راوی ہے سالم بن ابی الجعد رافع الغطفانی الاشجعی الکوفی ثقہ من رجال الستہ طبقہ ثالثہ کا کثیر الارسال راوی ہے ۹۷ ۔ ۹۸ وقیل ۱۰۰ھ میں وفات پائی۔

باب ما جاء في الانتباذ في السقاء

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّا نَنْبِذُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سِقَاءٍ يُوكَأُ أَعْلَاهُ لَهُ عَزْلَاءُ نَنْبِذُهُ غُدْوَةً وَيَشْرَبُهُ عِشَاءً وَنَنْبِذُهُ عِشَاءً وَيَشْرَبُهُ غُدْوَةً

ترجمہ۔ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ ہم نبیذ بناتے تھے رسول اللہ ﷺ کے لیے مشکیزہ میں کہ باندھا جاتا تھا اس کے اوپر کا منہ اور اس کے نیچے ایک چھوٹا سوراخ ہوتا تھا۔ نبیذ بناتے تھے ہم صبح کو اور آپ ﷺ پیتے تھے اس کو شام کو اور نبیذ بناتے تھے شام کو تو پیتے تھے صبح کو۔

تشریح الفاظ:۔ ننبذ بکسر الباء مجرد اور مزید یعنی نَنْبِذُ اور ننتبذ اور نُنَبِّذُ تشدید کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے یہ ماخوذ ہے نبذ سے جس کے معنی پھینکنا چونکہ کھجور وغیرہ کو پانی میں ڈالا جاتا ہے اس لیے اس کو نبیذ کہتے ہیں۔

یوکأ مھموز اور غیر مہموز دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے ماخوذ از وکاء جس کے معنی دھاگہ جس سے مشکیزہ کا منہ باندھا جائے عزلاء بفتح العین واسکان الزاء ممدودہ اس سے مراد مشکیزہ وغیرہ کا وہ سوراخ جو نیچے کی جانب ہو جس سے پانی پیا جائے۔

حضرت عائشہؓ آپ ﷺ کے بارے میں فرما رہی ہیں کہ آپ ﷺ کے لئے مشکیزہ میں نبیذ تیار کرتے تھے اور اس مشکیزہ کے منہ کو دھاگے سے باندھ دیتے تھے اس میں نیچے ایک سوراخ ہوتا تھا۔ صبح کی بنائی ہوئی نبیذ شام کو استعمال فرماتے تھے اور شام کی بنی ہوئی صبح کو۔ مشکیزہ میں اس لئے نبیذ بنائی جاتی کہ اس میں سکر جلدی نہیں پیدا ہوتا کیونکہ قدرے آب و ہوا کا گذر رہتا ہے نیز اگر اس میں غلیان ہوگا تو پھر اس کی کھال اٹھ جائے گی جس سے پینے سے پہلے ہی معلوم ہو جائے گا کہ یہ حد سکر کو پہنچ گئی ہے اور اس کا پینا درست نہیں۔

ایک اشکال اور اس کے جوابات:۔ یہاں روایت الباب سے بظاہر یہ اشکال معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ شام کی نبیذ صبح کو اور صبح کی شام کو پی لیتے تھے اس سے زائد نہیں روکتے تھے حالانکہ ابن عباسؓ کی روایت جس کی تخریج ابوداؤدؒ مسلمؒ نسائیؒ اور ابن ماجہ نے کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ مشکیزہ کی نبیذ کو تین دن تک نوش فرماتے تھے اور تیسرے دن کی شام کو نوش فرما کر بچی ہوئی کو پھینک دیتے تھے بظاہر دونوں روایتوں میں تعارض ہے؟ جواب حضرت عائشہؓ کی روایت میں اسی دن پینے کا ذکر ہے اس سے اگلے دن اور تیسرے دن پینے کی نفی لازم نہیں آتی چونکہ ذکر شیٔ نفی ماعداہ کو مستلزم نہیں۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ ابن عباسؓ کی روایت کا محمل وہ زمانہ ہے جس میں تین دن تک کوئی تغیر نہ ہوتا تھا کہ موسم ٹھنڈا ہوتا اور عائشہؓ کی روایت کا محمل گرمی کا زمانہ ہے کہ اس میں فساد وسکر جلدی ہو جاتا ہے بعض حضرات نے تیسرا جواب یہ دیا ہے کہ عائشہؓ کی روایت کا محمل قلیل نبیذ ہے جو ایک ہی دفعہ میں ختم ہو جاتی تھی اور ابن عباسؓ کی روایت کا محمل وہ صورت ہے جب وہ زیادہ مقدار میں بنائی جاتی تھی۔

وفی الباب عن جابرؓ اخرجہ ابوداؤدؒ مسلمؒ نسائیؒ ابن ماجہ ابی سعیدؓ اخرجہ ابن حبان ابن عباسؓ اخرجہ مسلمؒ ابوداؤدؒ نسائیؒ ۔ ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ مسلمؒ وابوداؤدؒ وقد روی ھذا الحدیث من غیر ھذا الوجہ عن عائشۃؓ ایضاً یعنی یہ روایت بطریق یونس بن عبید تو غریب ہی ہے لیکن ان کے علاوہ کثیر طرق سے حضرت عائشہؓ سے روایت نقل کی گئی ہے اس لیے حسن بھی ہے۔

رجال حدیث:۔ عبدالوہاب الثقفی عبدالمجید بن الصلت الثقفی ابو محمد البصری طبقۂ ثامنہ کا ثقہ راوی ہے وفات سے تین سال قبل متغیر ہو گئے تھے مات ۲۹۴ھ یہ روایت کرتے ہیں ایوب' حمید' خالد الحذاء' وغیرہ سے ان کے شاگرد احمد' اسحاق' ابن معین المدینی وغیرہم ہیں۔ یونس بن عبید بن دینار العبدی' ابو عبید البصری ثقہ ثبت' فاضل متقی طبقۂ خامسہ کا راوی ہے۔ یہ روایت کرتے ہیں حمید بن ہلال وغیرہ سے مات ۱۳۹ھ حسن البصری یہ مشہور راوی ہیں ان کا سلسلہ نسب یہ ہے حسن بن ابی حسن البصری والد کا نام یسار الانصاری ثقہ، ثبت، فاضل راوی ہیں طبقۂ ثالثہ میں سے بڑے راوی ہیں ۱۱۰ھ امہ حسن بصری کی والدہ کا نام خیرہ ہے ام سلمہؓ کی آزاد کردہ میں طبقۂ ثانیہ کی مقبولہ راویہ ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْحُبُوبِ الَّتِي يُتَّخَذُ مِنْهَا الْخَمْرُ

ترجمہ:۔ باب ان روایات کے بارے میں کہ جو آئی ہیں ایسے غلوں کے سلسلہ میں کہ جن سے خمر بنائی جاتی ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ ثَنَا إِسْرَائِيلُ ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُهَاجِرٍ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنَ الْحِنْطَةِ خَمْرًا وَمِنَ الشَّعِيرِ خَمْرًا وَمِنَ التَّمْرِ خَمْرًا وَمِنَ الزَّبِيبِ خَمْرًا وَمِنَ الْعَسَلِ خَمْرًا۔

ترجمہ:۔ نعمان بن بشیرؓ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ بیشک گیہوں سے بھی (شراب بنتی ہے) اور جو سے بھی اور چھوارے سے بھی اور کشمش سے بھی اور شہد سے بھی شراب بنتی ہے۔

حقیقت خمر کے بارے میں علماء کا اختلاف و دلائل:۔ اس سے قبل یہ بات گذر چکی کہ حضرات ائمہ ثلاثہؒ اور جمہور محدثینؒ فرماتے ہیں کہ ہر مسکر پر خمر کا اطلاق ہوتا ہے اور جس طرح انگور کے کچے پانی سے خمر بنتی ہے اسی طرح دیگر اشیاء گیہوں' جو وغیرہ چیزوں سے بھی خمر بنائی جاتی ہے۔ ان حضرات کے یہاں مذکورہ اشیاء سے بنائی گئی خمر کو حقیقۃً و شرعاً خمر کہا جاتا ہے۔ اس کے بالمقابل حضرات احنافؒ فرماتے ہیں کہ در حقیقت خمر انگور کے کچے پانی ہی سے بنائی جاتی ہے اس کے علاوہ دیگر اشیاء سے بنی ہوئی مسکرات کو شرعاً و عرفاً خمر نہیں کہا جائے گا ہاں البتہ اگر ان غلوں سے بنی ہوئی دیگر مشروبات حد سکر کو پہنچ جائیں گی تو ان کو خمر کا حکم دیدیا جائے گا مشہور اختلاف اسی طرح ہے اگر چہ امام رافعیؒ اور دیگر بعض حضرات شراح نے شافعیہ کے اقوال کو مثل حنفیہ بھی نقل کیا ہے جیسا کہ کتب فقہ میں مذکور ہے۔

فریق اوّل کے دلائل:۔ حضرات محدثینؒ اور ائمہ ثلاثہؒ نے اپنے مدعا کے اثبات کے لئے مختلف دلائل پیش کئے ہیں۔ اول حدیث ابن عمرؓ مرفوعاً کل مسکر خمر (اخرجہ الترمذی و مسلم و احمد و ابن حبان و عبدالرزاق) اس روایت میں ہر مسکر مشروب کو آپ ﷺ نے خمر فرمایا ہے اور انگور کی تخصیص نہیں فرمائی ہے۔ دوم حدیث ابو ہریرہؓ مرفوعاً الخمر من هاتين الشجرتين النخلة والعنبة (اخرجہ الجماعۃ الا البخاری) اس روایت میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ خمر ان دو چیزوں سے بنتی ہے اور ان دو چیزوں کی تعیین فرما دی کہ وہ کھجور اور انگور ہیں۔ معلوم ہوا کہ خمر کے لئے انگور ہی کا ہونا ضروری نہیں ہے سوم حدیث انسؓ كنت ساقي القوم يوم حرمت الخمر في بيت ابي طلحة وما شرابهم الا الفضيخ البسر والتمر فاذا مناد ينادي فقال اخرج فانظر فنظرت (الحديث) اخرجه الشيخان اس روایت سے بایں طور استدلال کیا گیا کہ انسؓ جو قوم کو فضیخ البسر پلا رہے تھے جو کچی پکی کھجور کی بنی ہوئی تھی کہ منادی نے تحریم خمر کی خبر دی تو ابو طلحہؓ نے اس سب کو بہا دینے کا حکم دیا۔ حضرات صحابہؓ جو اہل لسان ہیں انہوں نے کھجور سے بنی ہوئی مشروب کو

حرام ہونے والی خمر سمجھا اور انہوں نے اس کو بہا دیا اور یہ نہیں کہا خمر تو وہی کہلائے گی جو انگور سے بنائی جائے پس معلوم ہوا کہ صحابہؓ کے دور میں خمر انگور کے علاوہ دیگر اشیاء سے بھی تیار ہوتی تھی۔ چہارم مارواہ البخاری والطحاوی قول عمرؓ نزل تحریم الخمر وھی من خمسة العنب والتمر والعسل والحنطة والشعیر۔ یعنی حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ شراب کی حرمت نازل ہوئی حالانکہ وہ اس وقت پانچ چیزوں سے بنائی جاتی تھی انگور کھجور شہد گیہوں اور جو سے معلوم ہوا کہ شراب کے واسطے انگور کا ہی ہونا ضروری نہیں ہے۔ بلکہ دیگر غلہ جات سے بھی خمر تیار ہوتی ہے۔ وھوالمدعا۔ پنجم حضرت عمرؓ کا قول الخمر ما خامر العقل (رواہ البخاری) یعنی حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ خمر ایسی شئ ہے جو عقل کو چھپالے اور ظاہر ہے کہ عقل جس طرح انگور کی بنی ہوئی خمر سے مغلوب ومستور ہوتی ہے اسی طرح دیگر غلہ جات کی بنی ہوئی خمر سے بھی مستور ہوتی ہے لہٰذا ہر وہ مشروب جس سے عقل مغلوب ہو وہ خمر کہلائے گی ششم اس روایت الباب میں انگور کے علاوہ دیگر اشیاء گیہوں جو کھجور وغیرہ کے بارے میں بیان ہے کہ ان میں سے ہر ایک سے خمر تیار ہوتی ہے۔ بہر حال معلوم ہوا کہ خمر کے لیے انگور کا ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ مذکورہ فی الحدیث غلہ جات سے بھی خمر بنتی ہے وھوالمدعا۔

حضرات احنافؒ کے دلائل:۔ حضرات احنافؒ نے تخصیص بالعنب کے لئے متعدد امور پیش کیے ہیں۔ اول لغت۔ اہل لغت کا اتفاق ہے کہ خمر اسم خاص ہے کہ انگور کے کچے پانی سے بنی ہوئی شئ کا نام ہے اور دیگر اشیاء سے بننے والی شئ کے لئے اہل عرب کے نزدیک لفظ خمر مستعمل نہیں بلکہ اس کے لئے ان کے یہاں دیگر نام ہیں مثلاً باذق' منصف' مثلث' ملیح' نقیع' نبیذ' فضیخ بتع غیرہ۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ ان مسکرات کے لئے خمر کا استعمال مجازاً ہے نہ کہ حقیقتہً علامہ ابو عبیدؒ ابو زیدؒ ابن السکیتؒ وغیرہ اہل لغت نے اس کی تصریح کی ہے۔ دوم دیگر اشیاء سے بنائی گئی مسکرات کو خمر کہنے کے بارے میں حضرات علماء کے درمیان اختلاف ہو گیا لہٰذا اب اس کی حرمت ظنی ہو گئی حالانکہ خمر معہود کی حرمت قطعی ہے اور قرآن کریم میں منصوص ہے۔

جوابات:۔ حدیث اول کا جواب یہ دیا گیا کہ اس کے بارے میں یحییٰ بن معین نے کلام کیا ہے اور امام احمد بن حنبلؒ کہتے ہیں کہ جس حدیث کو یحییٰ بن معین نہ پہچانتے ہوں وہ حدیث ہی نہیں نیز امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت امام مالکؒ نے بھی نقل کی ہے۔ مگر موقوف علی ابن عمرؓ نہ کہ مرفوع اور اگر اس کو مرفوع مان لیا جائے تو پھر یہ جواب دیا جائے گا کہ کل مسکر خمر سے آپ ﷺ کا مقصود شرعی حکم کا بیان کرنا ہے جو کہ آپ ﷺ کا منصب ہے نہ کہ لغت کو بیان کرنا اور مطلب یہ ہے کہ ہر نشہ آور چیز کو خمر کا حکم دیا جائے گا اور ہمارا مذہب بھی اس بارے میں یہی ہے۔ لہٰذا روایت ہمارے خلاف حجت نہیں ہو سکتی ہے بلکہ ہماری دلیل ہے۔

حدیث ثانی الخمر من ھاتین الشجرتین الخ کے بارے میں متعدد توجیہات کی گئی ہیں۔ اول آپ ﷺ کا مقصد اس ارشاد سے حکم شرعی کو بیان کرنا ہے کہ خمر معہود جس طرح حرام ہے اسی طرح اگر کھجور سے تیار کی گئی مشروب حد سکر کو پہنچ گئی ہو تو وہ بھی خمر معہود کی طرح حرام ہے۔ دوم امام طحاویؒ فرماتے ہیں کہ دراصل الخمر من ہاتین الشجر تین میں اگرچہ مثنی بولا گیا ہے مگر مراد واحد ہے۔ جیسا کہ قرآن کریم میں یا معشر الجن والانس الم یاتکم رسل منکم میں ظاہر ہے کہ رسل انسانوں میں سے ہوتے ہیں نہ کہ جنات میں سے جبکہ تذکرہ جن وانس دونوں کا ہے اسی طرح یخرج منھما اللؤلؤ والمرجان۔ میں بھی واحد ہی مراد ہے اسی طرح یہاں بھی روایت کا مطلب یہی ہے کہ خمر ان دو چیزوں سے یعنی ان میں سے ایک (انگور) سے بنتی ہے۔ سوم ممکن ہے کہ یہ کہا جائے کہ عنب کا تذکرہ تو اصالۃً ہے اور کھجور کا ذکر ضمناً ومجازاً اور مطلب یہ ہے کہ کھجور سے تیار کردہ چیز بھی بعض مرتبہ خمر کا حکم لے لیتی ہے اس کے علاوہ اور بھی تاویلات کی گئی ہیں۔ بہر حال مذکورہ روایت میں دوسرا احتمال بھی ہو گیا اور اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔

حدیث ثالث کے بارے میں جواباً کہا گیا کہ دراصل تمر ورطب سے بنی ہوئی مسکر کو حضرات صحابہؓ نے سکر کی وجہ سے بہایا تھا کیونکہ حد اسکار کو پہنچنے کے بعد وہ بھی حرام ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ یہ روایت بطریق ابو عاصم نقل کی گئی ہے۔ اسکے لفظ یہ ہیں۔
مالت رؤ سھم قد حل داخل فقال ان الخمر حرمت (الحدیث) کہ نشہ کی وجہ سے ان لوگوں کے سر بھی جھکے ہوئے تھے تو ظاہر ہے کہ وہ بھی مثل خمر حرام تھی اگرچہ درحقیقت وہ شراب نہ تھی۔

حدیث رابع عمر فاروقؓ کا مقولہ نزل تحریم الخمر الخ اس سے مراد یہ ہے کہ جس وقت خمر کی حرمت نازل ہوئی تو اس وقت خمر ہی کی طرح دیگر مسکرات مذکورہ غلہ جات سے بھی تیار ہوتی تھیں تو شراب کی حرمت کے ساتھ ساتھ شراب جیسی ان چار پانچ چیزوں سے بننے والی مسکرات کو بھی بوجہ اسکر کے حرام کر دیا گیا۔

دلیل خامس قول عمرؓ الخمر ما خامر العقل الخ اس کے بارے میں جواباً کہا گیا کہ حضرت عمرؓ کے فرمان کا مطلب یہ ہے کہ جو چیز بھی عقل کو چھپالے گی اسی کو خمر کا حکم دیدیا جائے گا اب وہ حقیقۃً معہود خمر ہو یا دیگر مسکرات۔ ظاہر ہے کہ تھوڑی بہت نبیذ سے سکر پیدا نہیں ہوتا بلکہ جب وہ زیادہ مقدار میں پی جائے گی تو اس سے عقل مستور و مغلوب ہو جائے گی اور اس کو حرام قرار دیا جائے گا۔ بعض حضرات نے یہ بھی فرمایا کہ خمر تخمر سے ماخوذ ہے جس کے معنی شدت وقوت کے ہیں۔ کیونکہ اس کے پینے کی وجہ سے بدن میں چستی وقوت معلوم ہوتی ہے۔ اس وجہ سے اس کو خمر کہتے ہیں نہ یہ کہ عقل مغلوب ہونے کی وجہ سے اسکو خمر کہا جاتا ہے۔ صاحب عنایہ کہتے ہیں کہ انگور کے علاوہ دیگر اشیاء پر خمر کا اطلاق محض اس لئے کیا گیا ہے کہ وہ نتیجہ کے لحاظ سے مثل خمر ہو جاتی ہیں وہ بھی خمر کی طرح نشہ پیدا کر دیتی ہیں۔ علاوہ ازیں یہ بات بھی ہے اگر اس کو مخامرۃ العقل سے ماخوذ مان بھی لیا جائے تو بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ موضع اشتقاق عام ہوتا ہے لیکن مشتق خاص مثلاً نجم مشتق ہے نجوم سے جس کے معنی ظہور کے ہیں پھر وہ خاص کر لیا گیا معروف نجم یعنی ثریا کے لیے کہ ہر ظاہر شئی کو نجم کہا جائے ایسا نہیں۔ اسی طرح لفظ قارورہ ہے ماخوذ ہے قرار سے لیکن ہر شئی ذی قرار کو قارورہ نہیں کہا جاتا ہے۔ بلکہ یہ خاص کر لیا گیا ایک مخصوص شئی یعنی شیشی کے لئے۔ اسی طرح لفظ جرجر یہ مشتق ہے جرجرۃ سے جس کے معنی تحرک وحرکت کے ہیں لیکن ہر متحرک کو جرجر نہیں کہا جاتا ہے بلکہ جر جراس گھوڑے کو کہتے ہیں جس کی ایک جانب سفید اور دوسری جانب کالی ہو جس کو ابلق کہا جاتا ہے یعنی جرجر کا لفظ متعین ہو گیا فرس کے لئے لہٰذا ایسے کپڑے وغیرہ کو جس میں سواد و بیاض ہو جرجر نہیں کہا جائے گا۔ معلوم ہوا کہ لغت میں قیاس کو کوئی دخل نہیں ہوتا۔
علی ہذا خمر اگرچہ ماخوذ ہے مخامرۃ سے جو کہ عام ہے جس کے معنی مستور کر دینے اور چھپا دینے کے ہیں لیکن یہ ضروری نہیں کہ وہ چیز جس میں یہ معنی پائے جائیں اس کو خمر کہہ دیا جائے بلکہ یہ لفظ خمر مخصوص کر لیا گیا انگور کے کچے پانی ہی کے لئے جیسا کہ تفصیل کے ساتھ شروع میں گذر چکا ہے۔

اب رہی حدیث سادس یعنی روایت الباب سو اس کے بارے میں حنفیہؒ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ کا مقصد حقائق کو بیان کرنا نہیں ہے بلکہ حکم شرعی کو بیان کرنا ہے تو روایت کے معنی یہ ہوئے کہ خمر جس طرح انگور سے بنتی ہے اور وہ حرام ہے اسی طرح دیگر غلہ جات گیہوں جو کھجور وغیرہ سے تیار ہونے والی چیز جب حد سکر کو پہنچ جائے تو اس پر خمر کا حکم جاری کر دیا جائے گا تو یہ کہنا صحیح ہوگا کہ حکم کے لحاظ سے خمر جس طرح تیار ہوتی ہے اسی طرح دیگر غلہ جات سے تیار ہونے والی شئی کو بھی حکماً خمر کہہ دیا جائے گا۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ الترمذی بعد ہذا ھذا حدیث غریب اخرجہ الجماعۃ الاالنسائی۔ حدثنا الحسن بن علی الخلال الخ امام ترمذی اس سے روایت کا دوسرا طریق بیان فرما رہے ہیں کہ جس طرح یہ روایت بطریق محمد بن یحییٰ الذہلی ثنا

محمد ابن یوسف ثنا اسرائیل مروی ہے اسی طرح یہ روایت بطریق حسن بن علی الخلال ثنا یحییٰ بن آدم عن اسرائیل بھی ہے۔

. وروی ابو حیان هذا الحدیث عن الشعبی عن ابن عمرؓ عن عمرؓ قال ان من الحنطة خمراً فذکر ذالک (الحدیث) امام ترمذیؒ اس عبارت سے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ابراہیم بن مہاجر کی طرح اس روایت کو عامر شعبی سے ابوحیان تیمی نے بھی نقل کیا ہے مگر دونوں میں فرق یہ ہے کہ ابراہیم بن مہاجر نے عامر شعبی سے بتوسط نعمان بن بشیر صحابیؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے مگر ابو حیان نے عامر شعبی سے بتوسط ابن عمرؓ موقوفاً حضرت عمرؓ کا مقولہ نقل کیا ہے کہ یہ آپ ﷺ کا فرمان نہیں ہے بلکہ حضرت عمرؓ کا قول ہے آگے امام موصوف نے اپنی سند کے ساتھ اس قول عمرؓ کی تخریج بھی فرمائی ہے قال حدثنا بذالک احمد بن منیع الخ

وهذا اصح من حدیث ابراهیم بن مهاجر :۔ فرماتے ہیں کہ یہ اصح ہے یعنی حضرت عمرؓ کا مقولہ ہونا اصح ہے نہ کہ مرفوع اس کی وجہ بیان فرماتے ہیں قال علی بن المدینی الخ کہ علی بن مدینی نے فرمایا کہ ابوحیان کے مقابلہ میں ابراہیم بن مہاجر قوی نہیں ہیں۔ نیز علامہ شوکانیؒ روایت کے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ اس کی سند میں ابراہیم بن مہاجر البجلی الکوفی ہیں۔ علامہ منذریؒ نے فرمایا کہ بہت سے ائمہ نے ان کے بارے میں کلام کیا ہے اسی طرح امام نسائی اور یحییٰ القطان نے بھی ان کے بارے میں فرمایا لیس بالقوی۔ صاحب تحفۃ الاحوذی کہتے ہیں کہ تقریب میں بھی ان کے بارے میں فرمایا صدوق لین الحفظ۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ وَعِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَا ثَنَا اَبُوْ كَثِیْرٍ ن السُّحَیْمِیُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلْخَمْرُ مِنْ هَاتَیْنِ الشَّجَرَتَیْنِ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ

ترجمہ:۔ ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ خمر ان دو چیزوں (کھجور اور انگور) سے بنائی جاتی ہے۔ اس روایت پر تفصیلی کلام جوابات کے تحت گذر چکا ہے۔

هذا حدیث حسن صحیح. اخرجه الجماعة الا البخاری ابو کثیر السحیمی راوی کا تعارف فرمارہے ہیں السحیمی بضم السین و فتح حاء مھملہ الغبری بضم المعجمة وفتح الباء فرماتے ہیں کہ انکا نام یزید بن عبدالرحمٰن بن غفیلہ ہے بضم الغین وفتح الفاء مصغر الیمامی ثقہ تابعی طبقہ ثالثہ کا راوی ہے۔

رجال:۔ محمد بن یحیٰی بن عبداللہ بن خالد بن فارس بن ذویب الذہلی النیساپوری مشہور محدث جلیل ثقہ گیارھویں طبقہ کا راوی ہے م ۲۵۸ھ محمد بن یوسف بن واقد بن عثمان الضبی ثقہ، فاضل طبقہ، تاسعہ کا راوی ہے م ۲۱۲ھ ابراہیم بن المہاجر بن جابر البجلی الکوفی صدوق لین الحفظ طبقہ خامسہ کا راوی ہے نعمانؓ بشیر بن سعد الانصاری الخزرجی یہ اور انکے والد دونوں صحابی ہیں ملک شام میں رہے پھر کوفہ کے امیر بنائے گئے۔ مقام حمص میں ۶۵۔۶۴ھ میں شہید ہو گئے۔

حسن بن علی الخلال الحلوانی المکی یہ روایت کرتے ہیں عبدالرزاق وکیع عبدالصمد وغیرہ سے اور ان کے شاگرد ائمہ ستہ ہیں ثقہ ثبت متقن صاحب تصانیف ہیں۔ گیارھویں طبقہ کے راوی ہیں مات ۲۴۲ھ یحیی بن آدم بن سلیمان ابوزکریا ثقہ ثبت ہے۔ طبقہ تاسعہ کے کبار محدثین میں سے ہیں ثقہ ثبت فاضل راوی ہیں م ۲۰۳ھ ابو حیان التیمی ان کا نام یحییٰ بن سعید ہے کوفہ کے رہنے والے ہیں ثقہ عابد طبقہ سادسہ کا راوی ہے۔

احمد بن محمد بن موسی ابو العباس المروزی یہ روایت کرتے ہیں عبداللہ بن مبارک جریر بن عبدالحمید اسحاق الازرق ان کے شاگرد بخاری وترمذی اور نسائی ہیں طبقہ عاشرہ کا حافظ راوی ہے م ۲۳۵ھ عبداللہ بن المبارک المروزی ثقہ ثبت

فقیہ عالم۔ انتہائی نیک مجاہد راوی ہیں۔ طبقہ ثامنہ سے ہیں مات ۱۸۱ھ الاوزاعی عبدالرحمٰن بن عمرو بن ابی عمرو فقیہ ثقہ جلیل کثیر الحدیث والعلم والفقہ راوی ہیں مات ۱۵۷ھ

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ خَلِیْطِ الْبُسْرِ وَالتَّمَرِ

ترجمہ:۔ باب ان روایات کے بارے میں جو کچی پکی ملی ہوئی کھجور کی نبیذ کے سلسلہ میں وارد ہوئی ہیں۔

حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ نَهٰی اَنْ یُّنْتَبَذَ الْبُسْرُ وَالرُّطَبُ جَمِیْعًا

ترجمہ:۔ جابرؓ سے مروی ہے کہ رسول پاک ﷺ نے کچی پکی کھجوروں کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع فرمایا امام ترمذیؒ نے اس باب میں مشہور مسئلہ خلیط کو بیان فرمایا ہے اور ممانعت والی روایت ذکر فرمائی ہے۔

خلیط کے بارے میں علماء کا اختلاف:۔ دراصل مسئلہ خلیط یعنی اس بارے میں اختلاف ہے کہ چند چیزوں کو ایک ساتھ پانی میں ڈال کر نبیذ بنائی جاسکتی ہے یا نہیں؟ اس بارے میں حضرات شراح نے چھ اقوال نقل کیے ہیں۔

اول کسی طرح کے بھی دو مشروب کا خلط درست نہیں حتی کے شہد اور دودھ کا خلط بھی ممنوع ہے یہ قول محمد بن عبداللہ ابن حکم المالکی سے منقول ہے۔ دوم دو چیزوں کو پانی میں ایک ساتھ ڈال کر نبیذ بنانے میں مضائقہ نہیں مگر الگ الگ نبیذ بنا کر پھر دونوں کو مخلوط کرنا ممنوع ہے یہ قول علامہ داؤد ظاہری کا ہے۔ سوم جمہور فقہاء (حنابلہ شافعیہ وبعض مالکیہ وغیرہم) اور محدثین فرماتے ہیں کہ دو چیزوں کو ملا کر نبیذ بنانا ممنوع بکراہت تحریم ہے۔ شراح نے اسی طرح نقل کیا ہے۔ چہارم ممنوع بکراہت تنزیہ ہے نوویؒ نے جمہور اور قرطبی نے امام مالک اور صاحب مغنی نے احمد کا مذہب ہونا صحیح انشاء اللہ کہہ کر یہی نقل کیا ہے۔ پنجم نہی عن الخلیط ان پانچ اشیاء گیہوں جو تمر، زبیب، شہد کے ساتھ مخصوص ہے کہ ان میں آپس میں خلط کر کے نبیذ نہیں بنائی جاسکتی ہے۔ ششم مختلف اشیاء سے مطلقاً نبیذ بنانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے یہ حنفیہ کا مذہب ہے۔

قائلین حرمت وکراہت کا استدلال:۔ ان حضرات نے اپنے مدعا کو ثابت کرنے کے لئے مختلف روایات پیش کی ہیں۔ اول روایت الباب۔ دوم **عبداللہ بن ابی قتادة عن ابیہ ان النبی ﷺ نهی عن خلیط الزبیب والتمر وعن خلیط البسر والتمر وعن خلیط الزهو والتمر قال وانتبذ واکل واحدة علیحدة** اخرجہ الجماعۃ الا الترمذی سوم **عن ابی هریرة قال نهی رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم عن الزبیب والتمر والبسر و التمر وقال ینبذ کل واحد منها علیحدة** (اخرجہ مسلم) چہارم **عن ابن عباس قال نهی رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ان یخلط التمر والزبیب جمیعا وان یخلط التمر والبسر جمیعًا**۔ (اخرجہ مسلم) ششم **عن ابی سعید الخدری قال نهانا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ان یخلط بسرا وبتمرا وزبیبًا بتمر اوزبیبًا ببسر وقال من شرب منکم النبیذ فلیشربه زبیبًا فردًا اوتمر فردا او بسرًا فردًا** (اخرجہ مسلم) ان سب روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے کچی پکی کشمش وکھجور وغیرہ کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع فرمایا ہے۔

دلائل احناف:۔ اول **عن عائشة ان رسول اللّٰه ﷺ کان ینبذ له الزبیب فیلقی فیه التمر اوالتمر فیلقی فیه الزبیب** (اخرجہ ابوداؤد) دوم **عن صفیة بنت عطیة قالت دخلت مع نسوة من عبدالقیس عن عائشة فسألنا عن التمر والزبیب**

فقالت کنت آخذ قبضة من تمر وقبضة من زبيب فالقيه في الاناء (الحديث) اخرجہ ابوداؤد۔ سوم مارویٰ محمد ابن الحسن عن الامام عن زياد انه قال افطر عند ابن عمرؓ فسقاه شرابا فكانه اخذ منه فلما اصبح غدا اليه فقال له ماهذا الشراب ما كدت اهتدي الى منزلي فقال ابن عمر مازدناك على عجوة وزبيب (تحفہ) چہارم اسی طرح حضرت ام سلیم وابوطلحہؓ کے بارے میں بھی حافظ ابن عدی نے الکامل میں نقل کیا ہے انهما كانا يشربان النبيذ الزبيب والبسر يخلطانه۔ پنجم اسی طرح عبداللہ بن عمرؓ کے بارے میں امام محمد نے کتاب الآثار میں نقل کیا ہے انه كان ينبذ له الزبيب فلم يكن يستمرئه فقال للجارية اطرحي فيه تمرات۔ مذکورہ روایات سے معلوم ہوا کہ خود آپ ﷺ نے خلوط نبیذ استعمال فرمائی ہے اور حضرات صحابہؓ کا بھی یہ عمل رہا ہے۔

جوابات:۔ اول حضرات احناف جواباً کہتے ہیں کہ خلیط سے ممانعت کی وجہ دراصل خوف سکر ہے کہ مختلف المزاج اشیاء جب پانی میں ڈالی جائیں گی تو ان میں سکر جلدی پیدا ہو جائے گا اور پینے والے کو معلوم نہ ہو سکے گا اس لئے آپ ﷺ نے احتیاطاً خلیطین سے منع فرمایا جیسا کہ مخصوص ظروف میں نبیذ بنانے سے احتیاطاً آپ ﷺ نے منع فرما دیا تھا قاله الكنكوهيؒ۔ دوم ممکن ہے کہ آپ ﷺ نے ابتداء اس لئے منع فرمایا ہو کہ وہ عسرت کا دور تھا اور اس طرح ملا کر پینے میں فقراء وغریبوں کی حق تلفی ہے بلکہ جن کو دو دو چیزیں میسر ہوں ان کو چاہیے کہ ایک پر اکتفاء کرتے ہوئے دوسری دوسروں کو دیدیں اس کے بعد جب اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو وسعت مالی عطاء فرما دی تو آپ ﷺ نے پھر اس کی اجازت دیدی اور خود بھی استعمال فرمائی جیسا کہ اوپر روایات نقل کی گئی ہیں (کذا روی عن ابراہیم النخعی) هٰذا حديث صحيح اخرجه الشيخان' ابوداؤد' والنسائي۔

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ ثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ نَهَىٰ عَنِ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ أَنْ يُخْلَطَ بَيْنَهُمَا وَنَهَىٰ عَنِ الزَّبِيْبِ وَالتَّمْرِ أَنْ يُخْلَطَ بَيْنَهُمَا وَنَهَىٰ عَنِ الْجِرَارِ أَنْ يُنْتَبَذَ فِيْهَا۔

ترجمہ:۔ ابوسعید خدریؓ سے منقول ہے کہ بیشک نبی کریم ﷺ نے منع فرمایا کچی پکی کھجور ملا کر نبیذ بنانے سے اور منع فرمایا کشمش اور کھجور ملا کر نبیذ بنانے سے اور منع فرمایا گھڑوں میں نبیذ بنانے سے۔

وفي الباب عن انسؓ اخرجہ احمد والنسائی جابرؓ اخرجہ الجماعۃ الا الترمذی۔ ابی قتادۃؓ اخرجہ الشیخان وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ وابن عباسؓ اخرجہ مسلم والنسائی وام سلمۃؓ اخرجہ ابوداؤد ومعبد بن کعبؓ اخرجہ احمد هٰذا حديث حسن صحيح اخرجہ احمد ومسلم۔

رجال حدیث:۔ عطاء بن ابی رباح بفتح الراء والموحدۃ ثقہ فقیہ فاضل کثیر الحدیث طبقہ ثالثہ کا کثیر الارسال راوی ہے ۱۱۴ھ میں وصال فرمایا آخر عمر میں حافظہ میں تغیر ہو گیا تھا۔ سفیان بن وکیع بن الجراح ابومحمد الرؤاسی الکوفی طبقہ عاشرہ کا صدوق راوی ہے۔ سلیمان التیمی یہ ابن طرخان ابوالمعتمر البصری ہیں ثقہ ثبت عابد طبقہ رابعہ کا راوی ہے مات ۱۴۳ھ۔ ابو نضرۃ بنون المفتوحہ وسکون ساکنہ ان کا نام منذر بن مالک بن قطعۃ بضم القاف وفتح المہملہ العبدی العوفی البصری کنیت کے ساتھ مشہور ہیں طبقہ ثالثہ کا ثقہ راوی ہے۔ ابوسعیدؓ الخدری بضم المعجمہ وسکون المہملہ ان کا نام سعد بن مالک بن سنان بن عبید الانصاری ہے اور ان کے والد دونوں صحابی ہیں۔ غزوہ احد کے موقع پر تو چھوٹے قرار دیئے گئے اس کے بعد تمام غزوات میں شریک رہے ہیں۔ کثیر الحدیث صحابی ہیں مدینہ منورہ میں ۶۳ھ، ۶۴ھ، ۶۵ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الشُّرْبِ فِيْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

ترجمہ:۔ باب ان روایات کے سلسلہ میں جو سونے اور چاندی کے برتنوں میں (پانی وغیرہ) پینے کی کراہیت کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي لَيْلَى يُحَدِّثُ أَنَّ حُذَيْفَةَ اِسْتَسْقَى فَأَتَاهُ إِنْسَانٌ بِإِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَرَمَاهُ بِهِ وَقَالَ إِنِّي كُنْتُ قَدْ نَهَيْتُهُ فَأَبَى أَنْ يَنْتَهِيَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ وَقَالَ هِيَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَكُمْ فِي الْآخِرَةِ

ترجمہ:۔ ابن ابی لیلیٰ بیان کرتے ہیں کہ حذیفہؓ نے پانی طلب کیا تو ایک آدمی ان کے پاس چاندی کے برتن میں پانی لایا حذیفہؓ نے اس برتن کو پھینک دیا اور فرمایا کہ میں نے اس سے منع کیا ہے تو اس آدمی نے رکنے سے انکار کر دیا حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا ہے سونے اور چاندی کے برتن میں (پانی وغیرہ) پینے سے اور ریشم و دیباج کے پہننے سے اور فرمایا کہ یہ چیزیں کفار کے لئے دنیا میں ہیں اور تمہارے لیے آخرت (جنت) میں ہیں۔

فاتاہ انسان بخاری کی روایت میں دہقان اور ایک روایت میں مجوسی اور مسند احمد کی روایت میں بھی دہقان واقع ہوا ہے......

حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ یہ شخص جس نے حذیفہؓ کو پانی پلایا وہ ذمی تھا اسی وجہ سے حذیفہؓ نے اس کے برتن کو نہیں توڑا یا یہ کہا جائے کہ برتن ذمی کا تھا مگر اس کو لانے والا آدمی مسلم تھا۔

الحریر والدیباج:۔ حریر وہ کپڑا جو ریشم سے بنایا گیا ہو۔ دوسرا قول یہ ہے کہ دیباج ریشم ہی کی ایک خاص قسم ہے البتہ اس کا نام الگ ہے۔ حدیث میں خاص طور پر اس کے لئے مستقل نام ہونے کی بنا پر الگ بیان کیا گیا ہے۔

امام ترمذیؒ نے اس باب میں کھانے پینے کا ایک ادب بیان فرمایا ہے کہ سونے اور چاندی کے برتن میں کھانا اور پینا درست نہیں ہے علامہ موفق بن قدامہ کہتے ہیں کہ حضرات ائمہ ابوحنیفہؒ مالکؒ شافعیؒ احمدؒ سب ہی حضرات سونے اور چاندی کے برتنوں کے استعمال کو حرام قرار دیتے ہیں ہاں البتہ دوسرے بعض حضرات کا جزوی طور پر اختلاف ہے چنانچہ داؤد ظاہری نے سونے و چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے کو جائز قرار دیا ہے۔ مگر سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانے اور پینے کے بارے میں کثیر روایات ممانعت کے بارے میں وارد ہوئی ہیں مثلاً روایت الباب صراحۃً حرمت پر دال ہے اسی طرح ام سلمہؓ کی روایت ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال الذی یشرب فی آنیۃ الذھب والفضۃ فانما یجرجر فی بطنہ نار جھنم۔

اسی طرح ابن عمرؓ کی روایت مرفوعاً من شرب فی آنیۃ الذھب والفضۃ الخ اسی طرح ام عطیہؓ وغیرہ کی روایت جس کی تخریج طبرانی بیہقی دارقطنی، ابن ابی شیبہ اور امام بخاریؒ وغیرہ نے کی ہے۔ روایت الباب میں اگرچہ اکل کا ذکر نہیں ہے مگر دیگر روایات میں اکل بھی وارد ہوا ہے فلیسا والحاقا اس کو بھی ممنوع قرار دیا جائے گا پھر حضرات علماء نے ان برتنوں کے استعمال نہ کرنے کی علل اور بھی بیان فرمائی ہیں مثلاً فقراء و مساکین کی دل شکنی اور انکو استعمال کرنے والے میں کبر و فخر پیدا ہو جاتا ہے۔ نیز سونا اور چاندی خلقۃً ثمن ہیں نہ کہ مطلقاً استعمال کے لئے پیدا کیے گئے ہیں نیز اسمیں اسراف بھی ہے اور تکبر بالا عاجم بھی بعض حضرات فرماتے ہیں کہ روایت میں ھی لھم فی الدنیا ولکم فی الاخرۃ۔ اس بارے میں صریح ہے کہ یہ دنیا میں کفار ہی کے لئے ہے کہ وہ سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھائیں اور پئیں اور مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ آخرت میں ہی عنایت فرمائیں گے۔

حریر و دیباج:۔ ان کا استعمال مردوں کے لئے جائز نہیں بکثرت روایات میں ممانعت وارد ہوئی ہے ہاں البتہ جنگ اور مرض وغیرہ کی بناء پر ضرورۃً اجازت دی گئی ہے اسی طرح تین چار انگلیوں کے بقدر جیسے بوٹے اور کڑھائی وغیرہ میں ریشم استعمال کرلی گئی ہو تو کوئی مضائقہ نہیں ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ سے ایسے جبہ کا پہننا ثابت ہے کہ جس میں تھوڑا سا ریشم کا کام ہوا تھا۔ صاحبینؒ نے تو

اس کو پہننے کی مطلقاً اجازت دی ہے۔ البتہ امام ابوحنیفہؒ کے یہاں بکراہت اجازت ہے کیونکہ ضرورت تو لباس مخلوط کر اس میں ریشم و سو دونوں ملے ہوئے ہوں اس سے بھی دفع ہو جائے گی اور جن روایات میں آپ ﷺ سے اجازت منقول ہے وہ لباس مخلوط ہی پر محمول ہیں۔ البتہ عورتوں کے لئے ریشم و دیباج کا استعمال جائز ہے جیسا کہ دیگر روایات سے ثابت ہے۔

مختلف جزئیات:۔ (۱) اگر سونے اور چاندی کے برتن تزین و تجمل کے لئے بنوا کر گھر میں رکھے جائیں اور استعمال نہ کئے جائیں تو گنجائش ہے کما قال ابن عابدین مگر دوسرا قول ہمارے یہاں حرمت کا ہے۔ البتہ امام شافعیؒ کے یہاں تحریم استعمال سے ہے نہ کہ اتخاذ سے اور فرماتے ہیں کہ جس طرح کوئی آدمی ریشم کے کپڑے بنوالے اور ان کو استعمال نہ کرے تو یہ جائز ہے۔ اسی طرح سونے اور چاندی کی بھی اجازت ہونی چاہیے مگر حنفیہ جواباً کہتے ہیں کہ جس چیز کا استعمال ممنوع ہے اس کا اتخاذ علی ہیئۃ الاستعمال بھی درست نہ ہوگا۔ رہے ریشمی لباس اور کپڑے تو وہ قطعاً حرام نہیں ہیں بلکہ عورتوں کے لئے مطلقاً اور مردوں کے لئے بعض مواقع پر جائز ہیں کما فی الحروب والا مراض۔ فالقیاس قیاس فارق۔

(۲) اگر کوئی برتن سونے اور چاندی سے جڑا ہوا ہو تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس میں پانی پینا جائز ہے بشرطیکہ ایسی جگہ سے پانی پیئے جہاں پر سونا اور چاندی لگا ہوا نہ ہو۔ اسی طرح تخت اور کرسی وغیرہ بھی اگر سونے یا چاندی سے جڑی ہوئی ہوں اور استعمال ذہب و فضہ لازم نہ آئے تو ان کو استعمال کرنا جائز ہے کذا فی العینی۔ مگر امام ابویوسفؒ و امام محمدؒ نے مکروہ قرار دیا ہے۔ وقیل قول محمد مثل قول ابی حنیفۃ۔ سونے اور چاندی کی سرمہ دانی اور عطردان وغیرہ بنانا بھی حنفیہ کے نزدیک جائز نہیں ہے۔ جس برتن پر سونے چاندی کا پانی کیا گیا ہو اگر پگھلانے سے سونا و چاندی الگ ہو سکتا ہو تو اس کا استعمال جائز نہیں اور الگ الگ نہ ہو سکے تو اس کے استعمال میں حنفیہ کے نزدیک کوئی حرج نہیں ہے (یعنی) ریشم کا تکیہ بنانا اور اس پر سونا امام صاحبؒ کے نزدیک جائز ہے مگر صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ مکروہ ہے۔ اسی طرح ریشم کا پردہ بنا کر دروازوں پر لٹکانا امام صاحبؒ کے نزدیک جائز اور صاحبینؒ کے نزدیک مکروہ ہے۔ ایسا لباس کہ جس کا تانا ریشم کا اور بانا کسی دوسری چیز روئی وغیرہ کا ہو تو اس کا پہننا بھی جائز ہے ہاں البتہ جس کپڑے کا بانا ریشم کا ہو اور تانا دوسری چیز کا ہو تو اس کا استعمال ضرورۃ جائز ہے اور بغیر ضرورت مکروہ ہے۔

وفی الباب عن ام سلمۃؓ اخرجہ الشیخان والبراءؓ اخرجہ الشیخان و عائشۃؓ اخرجہ احمد وابن ماجہ هذا حدیث صحیح حسن۔

رجال حدیث:۔ حکم بن عتیبۃ الکندی کنیت ابو محمد اور ابو عبداللہ الکوفی یہ روایت کرتے ہیں زید بن ارقمؓ، ابی جحیفہؓ، قیس بن ابی حازم، مجاہد، قاضی شریح اور نخعی وغیرہم سے اور ان کے شاگرد شعبہ، ابو اسحاق السبیعی، اعمش وغیرہم ہیں امام عجلی اور ابن مہدی نے ثقہ ثبت صاحب سنت و اتباع قرار دیا ہے۔ اسی طرح نسائی، ابن معین، ابو حاتم نے انکی توثیق کی ہے مگر ابن حبان فرماتے ہیں کہ مدلس راوی ہے ۱۱۵ھ میں وفات پائی۔ عبدالرحمن بن ابی لیلی بن بلیل الانصاری ابو عیسیٰ کنیت ہے یہ روایت کرتے ہیں حضرت عثمانؓ و علیؓ و حذیفہؓ و معاذ بن جبلؓ، ابن عمرؓ وغیرہم سے اور ان کے شاگرد ان کے بیٹے عیسیٰ نیز مجاہد، منہال بن عمرو، شعبی، اعمش وغیرہم ہیں یہ کثیر الحدیث تابعی ہیں بلند مرتبت ہیں کہ حضرات صحابہؓ بھی ان کے حلقہ درس میں شریک رہتے تھے۔ حذیفۃ بن الیمان صحابی ہیں سابقین اولین میں سے ہیں۔ غزوۂ بدر، احد، خندق اور دیگر عراقی فتوحات میں شریک رہے ہیں روایات میں ان کے بے شمار فضائل آئے ہیں آپ ﷺ کے رازداروں میں ہیں خصوصاً منافقین کے بارے میں ان کو پوری معلومات تھیں سو روایات ان سے منقول ہیں ۳۶ھ میں حضرت عثمانؓ کی شہادت سے چالیس یوم قبل وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّهْيِ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا فَقِيلَ الْأَكْلُ قَالَ ذَاكَ أَشَدُّ۔

ترجمہ:۔ انسؓ سے مروی ہے کہ بیشک نبی کریم ﷺ نے منع فرمایا کہ آدمی کھڑے ہو کر پانی پیے پس کہا گیا کہ کھانا؟ تو فرمایا وہ اس سے بھی برا ہے۔

امام ترمذیؒ نے کھانے پینے کا ایک ادب بیان فرمایا اور حسب عادت دو ترجمۃ الباب منعقد کئے ہیں۔ پہلے باب میں ممانعت والی روایات ذکر کی ہیں اور دوسرا باب رخصت کا قائم کرتے ہوئے اجازت واباحت کی روایات ذکر کی ہیں۔

دراصل کھڑے ہو کر کھانے اور پینے کے بارے میں روایات مختلف وارد ہوئی ہیں کہ بعض میں آپ ﷺ سے نہی مروی ہے اور بعض میں اجازت۔

روایات ناہیہ:۔ اول روایت الباب دوم روایت ابی سعید خدریؓ اخرجہ احمد و مسلم۔

سوم روایت انسؓ اخرجہ ابو داؤد و مسلم چہارم روایت ابی ہریرہؓ اخرجہ مسلم ان سب روایات میں کھڑے ہو کر کھانے اور پینے کی ممانعت وارد ہوئی ہے۔

روایات رخصت:۔ اول روایت ابن عمرؓ اخرجہ الترمذی دوم روایت ابن عباسؓ اخرجہ الترمذی سوم روایت علیؓ اخرجہ احمد والبخاری۔ چہارم روایت سعدؓ اخرجہ الترمذی پنجم روایت عبداللہؓ بن عمرو اخرجہ الترمذی ششم روایت عائشہؓ اخرجہ البزار ہفتم روایت انسؓ اخرجہ البزار ہشتم روایت عبداللہؓ بن انیس اخرجہ الطبرانی نہم روایت ام سلیمؓ اخرجہ ابن شاہین۔ دہم روایت عبداللہ بن ثابت عن خباب عن ابیہ عن جدہؓ اخرجہ ابن ابی حاتم۔

یازدہم روایت کبشہؓ اخرجہ الترمذی دوازدہم روایت کلثمؓ اخرجہ ابو موسیٰ بسند حسن۔

سیزدہم و ثبت الشرب قائمًا عن عمرؓ اخرجہ الطبرانی چہاردہم ان عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ کانوا یشربون قیامًا (کذا فی الموطا) ان مذکورہ روایات کے اختلاف کی بنا پر علماء کے درمیان اختلاف ہو گیا کہ آیا کھڑے ہو کر کھانا پینا کیسا ہے؟

جمہور علماء کے نزدیک جائز مگر خلاف اولیٰ اور مکروہ تنزیہی ہے جب کہ ایک جماعت مکروہ تحریمی قرار دیتی ہے۔ ولکل وجهة۔

روایات مختلفہ کے بارے میں علماء کی آراء:۔ شراح حدیث نے آپ ﷺ سے نقل کردہ روایات مختلفہ کے بارے میں متعدد توجیہات کی ہیں۔ اول ترجیح یعنی احادیث جواز راجح ہیں احادیث نہی کے مقابلہ میں یہ ابوبکر بن اثرم کا قول ہے۔ دوم نسخ یعنی احادیث نہی منسوخ ہیں احادیث جواز سے بقرینہ عمل خلفاء راشدین و معظم صحابہؓ و التابعینؒ ابن شاہین اور اثرم کا میلان یہی ہے مگر علامہ ابن حزم نے احادیث جواز کو منسوخ قرار دیا ہے احادیث نہی سے۔ سوم تاویل یعنی دونوں طرح کی روایات کے درمیان کسی تاویل کے ذریعہ جمع کر دیا جائے۔ چنانچہ ابو الفرج ثقفیؒ کہتے ہیں کہ روایات میں قیامؓ سے مراد مشی ہے یعنی چلتے پھرتے کھانا پینا منع ہے۔ چہارم امام طحاویؒ کہتے ہیں کہ روایات نہی کا محمل وہ شخص ہے جو پینے کے وقت بسم اللہ نہ پڑھے یعنی اگر کوئی شخص کھڑے ہو کر پیے اور بسم اللہ نہ پڑھے تو ممنوع ہے لیکن اگر کھڑے ہو کر بسم اللہ پڑھتے ہوئے پیے گا تو بسم اللہ کی برکت سے کوئی نقصان نہ ہو گا وغیرہ۔ پنجم احادیث ناہیہ کا محمل کراہت تنزیہہ ہے اور احادیث جواز کا محمل بیان جواز اکثر علماء و شراح حدیث خطابیؒ ابن بطالؒ

اثرم طبری وغیرہ نے اسی کو اختیار کیا ہے اور فرمایا کہ اس صورت میں کوئی اعتراض واقع نہیں ہوتا ہے۔ ششم ممانعت کی روایات کا محمل طبی ہے یعنی کھڑے ہو کر پانی پینے میں ضرر کا اندیشہ ہے کہیں کلیجہ اور حلق میں تکلیف نہ ہو جائے اسکے برخلاف بیٹھ کر پینے میں اس طرح کا کوئی اندیشہ نہیں چنانچہ علماء نے کھڑے ہو کر پانی پینے کے بارے میں فرمایا کہ اس سے مکمل سیرابی بھی نہیں ہوتی اور پانی معدہ میں اچھی طرح نہیں ٹھہرتا کہ بعض اعضاء تک بسہولت پہنچ سکے۔ نیز جب ایک دم سے معدہ میں پانی جائے گا تو معدہ کی حرارت میں کھڑکاؤ پیدا کرے گا جس سے نقصان کا اندیشہ ہے جس طرح کسی گرم لوہے وغیرہ پر پانی ڈالدیا جائے تو ایک دم پانی کے گرنے سے اس میں بھاپ پیدا ہو جاتا ہے ہاں البتہ بھی اتفاقاً اگر پی لیا جائے یا کسی کی عادت نہ بن جائے تو فلا باس علم بعض حضرات فرماتے ہیں کہ دراصل روایات جواز کا محل ماء زمزم ہے کہ اس کو کھڑے ہو کر پینا مناسب ہے اور نہی کی روایات کا محل عام پانی ہے نہیں کیونکہ آپ ﷺ سے ماء زمزم کے علاوہ کھڑے ہو کر پانی پینا ثابت ہے۔

فقيل الاكل قال ذاك اشد۔ یعنی راوی نے پانی پینے کے حکم کے بعد کھڑے ہو کر کھانے کے بارے میں پوچھا کہ اس کا کیا حکم ہے آپ ﷺ نے جواباً فرمایا کہ وہ تو اور بھی زیادہ برا ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ زیادہ برا ہونے کی وجہ غالباً یہ ہے کہ بہ نسبت پینے کے کھانے میں زائد وقت لگتا ہے۔ نیز کھڑے ہو کر کھانے میں کھانا بھی زائد کھایا جائے گا جس سے پیٹ بڑا ہونے کا اندیشہ ہے اور اس میں کھانے کی اہانت بھی ہے۔ لہٰذا جمہور علماء فرماتے ہیں کہ پینے کی طرح کھڑے ہو کر کھانا بھی مکروہ ہے اور اس کی کراہت شرب قائماً سے بڑھ کر ہے البتہ امام مازریؒ اکل قائماً کے جواز کے قائل ہیں اور علامہ ابن عابدین نے فرمایا کہ یہ نہی طبی ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد ومسلم۔

حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ مُسْلِمٍ الْجَذَمِيِّ عَنِ الْجَارُوْدِ بْنِ الْعَلَاءِ الخ۔

اس روایت کو نقل کر کے امام ترمذیؒ نے یہ بتایا کہ نهى عن الشرب قائماً کے بارے میں جس طرح حضرت انسؓ سے روایت مروی ہے اسی طرح جارود بن العلاء صحابی سے بھی یہ روایت مروی ہے۔

وهٰكَذَا رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ مُسْلِمٍ عَنْ جَارُوْدَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فَرُوِيَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ اَبِيْ مُسْلِمٍ عَنِ الْجَارُوْدِ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ۔

امام ترمذیؒ کے اس کلام کا حاصل یہ ہے کہ قتادہ بسا اوقات ابو مسلم سے بواسطہ روایت ذکر کرتے ہیں جیسا کہ مذکورہ روایت میں انہوں نے یزید بن عبداللہ بن الشخیر کا واسطہ اپنے اور ابو مسلم کے درمیان ذکر کیا ہے اور نهى عن الشرب قائماً والی روایت میں کسی واسطہ کا ذکر نہیں۔

هٰكذا روى غير واحد الخ یعنی جب بہت سے رواۃ بلا واسطہ ہی اس روایت کو ذکر کر رہے ہیں تو یہی صحیح ہے اور قتادہ وابو مسلم کے درمیان واسطہ نہ ہوگا۔ مگر حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ مصنفؒ نے اس روایت کو نقل کر کے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہو کہ قتادہ مدلس راوی ہیں اور دوسری روایتوں میں قتادہ اور ابو مسلم کے درمیان جب واسطہ ثابت ہو گیا تو یہاں روایت نهى عن الشرب قائماً بھی قتادہ نے تدلیس کی ہو اور اس واسطہ کو حذف کر دیا ہو۔

مذکورہ روایت کا مطلب: یعنی مسلمان کی کھوئی چیز خواہ جانور ہو یا غیر جانور آگ کا انگارہ اور لپٹ ہے کہ جو آدمی اس کی کھوئی ہوئی چیز کو اٹھا کر اپنے کو مالک بنانے کو تو گویا جہنم کا انگارہ اس نے لے لیا اور وہ اس کی وجہ سے جہنم میں جائے گا۔

والجارود هو ابن المعلی یقال ابن العلاء والصحیح ابن المعلی۔ یعنی جارود بن العلاء جو روایت میں واقع ہوا ہے صحیح یہ ہے کہ یہ جارود بن المعلی ہے اور بعض حضرات نے جارود بن عمرو بھی کہا ہے یہ صحابی ہیں ۲۱ھ میں شہید ہوئے۔
رجال حدیث: ابن ابی عدی ان کا نام محمد بن ابراہیم ہے اور بعض حضرات نے کہا کہ یہ ابراہیم ابو عمرو البصری ہیں۔ نویں طبقہ کا ثقہ راوی ہے ۱۹۴ھ میں وفات پائی۔

سعید بن ابی عروبۃ ان کی کنیت ابو النضر البصری ہے۔ ان کے استاذ ابو التیاح، مطر الوراق، حسن، ابن سیرین وغیرہ ہیں اور شاگرد شعبہ، ابن علیہ، یزید بن زریع، ثوری وغیرہم ہیں۔ حافظ نے ان کو من کبار الائمہ کہا ہے۔ ابن معین اور نسائی نے ان کو ثقہ اور ابو زرعہ نے ثقہ مامون کہا ہے۔ ابن سعد کہتے ہیں کہ کثیر الحدیث ثقہ راوی ہے مگر آخر عمر میں حافظ متغیر ہو گیا تھا۔ ۱۰۶ھ میں انتقال ہوا۔
حمید بن مسعدۃ بن المبارک الباھلی ان کی کنیت ابو علی البصری ہے اور بعض نے ابو العباس کہا ہے۔ حماد بن زید، بشر بن المفضل، یزید بن زریع، معتمر بن سلیمان وغیرہم سے روایت کرتے ہیں اور ان کے شاگرد ابو زرعہ، مسلم، ابوداؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ وغیرہم ہیں امام نسائی نے ثقہ اور ابو حاتم نے صدوق کہا ہے ۲۴۴ھ میں وفات پائی۔ خالد بن الحارث بن عبید بن سلیمان ان کی کنیت ابو عثمان البصری ہے۔ روایت کرتے ہیں ھشام ابن عروہ، ایوب السختیانی، ابن عون، ابن عجلان وغیرہم سے اور ان کے شاگرد احمد، اسحاق بن راہویہ، محمد بن الشخیر و بن علی اور محمد بن المفضل وغیرہم ہیں۔ ابو حاتم نے امام ثقہ کہا ہے اور امام ترمذیؒ نے ثقہ مامون کہا ہے۔ ابن حبان، ابن شاہین، نسائی اور ابن سعد نے ان کی توثیق کی ہے ۱۸۶ھ میں انتقال ہوا۔ ابو مسلم الجذمی بالجیم المعجمہ طبقہ ثالثہ کا مقبول راوی ہے۔ الجارود بن العلاء صاحب تقریب نے کہا کہ یہ الجارود العبدی ہیں ان کا نام بشر ہے اور باپ کے نام میں اختلاف ہے بعض نے کہا معلی اور بعض نے علاء کہا ہے اور ایک قول یہ ہے کہ ان کے والد کا نام عمرو ہے جلیل القدر صحابی ہیں ۲۱ھ میں شہید ہوئے۔ یزید بن عبد اللہ بن الشخیر العامری ان کی کنیت ابو العلاء البصری ہے طبقہ ثانیہ کا ثقہ راوی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرُّخصَةِ فِي الشُّرْبِ قَائِمًا

حَدَّثَنَا أَبُو السَّائِبِ سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ بْنِ سَلْمٍ الْكُوفِيُّ ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نَأْكُلُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ وَنَحْنُ نَمْشِي وَنَشْرَبُ وَنَحْنُ قِيَامٌ۔
ترجمہ:۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے دور میں چلتے پھرتے کھا لیتے تھے اور کھڑے ہو کر پی لیتے تھے۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ حضرات صحابہ کرامؓ آپ ﷺ کے دور میں چلتے پھرتے کھا لیتے تھے۔
ایک اعتراض اور اس کے جوابات:۔ علامہ ابن نجیمؒ اور علامہ شامیؒ نے تصریح کی ہے کہ راستوں پر لوگوں کے سامنے کھلم کھلا کھانا اور پینا قلت مروت کی بناء پر مسقط شہادت ہے پھر حضرات صحابہؓ سے یہ عمل کیسے پایا گیا حضرات علماء نے اسکے مختلف جوابات دیئے ہیں۔ اول ممکن ہے کہ یہ حالت سفر کا واقعہ ہو چنانچہ علماء نے عجلت وسفر کی بناء پر مسافر کو راستوں میں کھانے کی اجازت دی ہے۔ دوم دراصل مسقط شہادت وہ امور ہیں جو مخل مروت ہوں کہ بے مروت شخص جھوٹی شہادت دینے میں متہم بالکذب ہوتا ہے اور حضرات صحابہ کرامؓ امتثال اوامر اور اجتناب نواہی میں سب سے سبقت کرتے تھے ان کی عدالت مسلمات میں سے تھی ان پر دوسرے لوگوں کو قیاس نہیں کیا جا سکتا ہے۔ سوم حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں مسقط شہادت تو بازاروں میں سڑکوں پر کھانا ہے یہاں روایت میں اس کی

تصریح نہیں ہے۔ چہارم بعض نے فرمایا اگر کوئی شخص سڑکوں اور بازاروں میں کھائے مگر قاضی اس کے بارے میں جانتا ہے کہ وہ جھوٹ نہیں بولتا ہے اور اس کی شہادت کو قبول کرلے تو کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ قاضی کا علم اس کے ظاہر حال کے لئے دافع ہوسکتا ہے بہرحال حضرات صحابہؓ سراپا عدول ہیں کما قال النبی ﷺ الصحابۃ کلھم عدول ان کی شہادت ماشیاً و قائماً کھانے سے ساقط نہ ہوگی۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و ابن ماجہ والدارمی ۔ وروی عمران بن حدیر عن ابی البزری عن ابن عمر الخ یعنی جس طرح یہ روایت نافع کے طریق سے عبیداللہ بن عمر نے نقل کی ہے اسی طرح عمران بن حدیر نے ابو البزری کے طریق سے ابن عمرؓ سے نقل کی ہے اور فرمایا کہ ابو البزری کا نام یزید بن عطارد ہے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا هُشَيْمٌ ثَنَا عَاصِمُ نِ الْاَحْوَلُ وَ مُغِيْرَةُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ مِنْ زَمْزَمَ وَهُوَ قَائِمٌ۔

ترجمہ:۔ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے زمزم کھڑے ہو کر نوش فرمایا۔

آپ ﷺ نے زمزم کھڑے ہو کر کیوں پیا؟:۔ امام ترمذیؒ نے حدیث پاک سے پانی کھڑے ہو کر پینے کی اباحت و جواز کو ثابت فرمایا ہے۔ لیکن بعض حضرات فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے زمزم اس لیے کھڑے ہو کر نوش فرمایا تھا کہ وہاں کوئی ایسی جگہ نہ تھی جہاں آپ ﷺ بیٹھ جاتے۔ نیز بعض نے فرمایا آپ ﷺ نے حج کے موقع پر اس وجہ سے کھڑے ہو کر پانی پیا تا کہ سب لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ بھی سنن حج میں سے ہے۔ بعض محدثین نے فرمایا کہ دراصل آب زمزم سراسر شفاء ہے۔ طبی لحاظ سے کھڑے ہو کر پینا مضر نہیں ہے۔ بخلاف دوسرے پانی کھڑے ہو کر پینے میں نقصان ہے۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ آپ ﷺ نے کھڑے ہو کر اس لیے پیا تا کہ یہ بابرکت پانی اچھی طرح اندرون بدن میں پہنچ جائے اور اس کے اثر سے پورا بدن متبرک ہو جائے چنانچہ علماء نے فرمایا کہ وضوء کا بچا ہوا پانی اور آب زمزم کھڑے ہو کر پینا مستحب ہے کہ یہ دونوں پانی متبرک ہیں۔

وفی الباب عن علیؓ اخرجہ احمد والبخاری سعدؓ اخرجہ الترمذی ۔عبد اللہ بن عمروؓ اخرجہ الترمذی بعد ہٰذا عائشہؓ اخرجہ البزار وابو علی الطوسی ۔ھٰذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان۔

بیر زمزم:۔ وہ مشہور کنواں ہے جو حضرت ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ اور ان کی والدہ کی یادگار ہے یہ کنواں جرہم کے زمانہ میں متعدد باران کی ناقدری کی بناء پر خشک بھی ہوا اور جب انہوں نے توبہ و استغفار کیا تو جاری بھی ہوتا رہا ہے یہاں تک کہ عبدالمطلب کے زمانہ میں یہ کنواں گم بھی ہو گیا تھا پھر کسی خواب کی بناء پر اس کا پتہ لگا اس کو کھدوا کر صاف کیا گیا تا ہنوز یہ جاری و ساری ہے۔

زمزم کی تحقیق اور اس کے اسماء:۔ علامہ حربی نے فرمایا زمزم کے معنی متحرک ہونے کے ہیں۔ بعض فرماتے ہیں کہ اس کے معنی رکنے اور روکنے کے ہیں۔ بعض نے اس کے معنی جماعت اور جتھے کے بیان کئے ہیں ابن ہشام نے فرمایا کہ مجتمع ہونے کی وجہ سے اس کو زمزم کہا جاتا ہے۔

اس کے علماء نے بہت سے نام تحریر کئے ہیں جو اس کی فضیلت پر دال ہیں۔ زمزم، زمّ، زمزم، شباعہ، ھزمۃ الملک، رکضۃ جبرئیل، مکتومہ، مضنونہ، سقیا، رواء، شفاء سقم، طعام طعم، ھمزۃ عبدالمطلب، برۃ، شراب الابرار وغیرہ وغیرہ۔

زمزم کی فضیلت اور اس کی خصوصیات:۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ زمزم زمین کے اوپر سب سے افضل پانی ہے اس میں غذائیت بھی ہے اور بیماری سے شفاء بھی ہے۔ سعید بن منصور نے اپنی سنن میں رسول اللہ ﷺ کا

ارشاد نقل کیا ہے کہ لوگوں کے درمیان سب سے بہتر دو وادیاں ہیں ایک مکہ کی وادی (جس میں بیر زمزم ہے) اور دوسری ایک وادی جو ہندوستان میں ہے جہاں حضرت آدم علیہ السلام اترے ہیں۔ ترمذی شریف میں روایت ہے حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ آب زمزم کو گھڑوں اور برتنوں میں بھر کر لے جاتے اور مریضوں پر ڈالتے تھے اور انہیں پلاتے تھے۔ ابو جمرہ ضبعی کہتے ہیں کہ میں ایک روز ابن عباسؓ کے پاس بیٹھا تھا مجھے بخار آ گیا تو انہوں نے فرمایا کہ اس کو آب زمزم سے ٹھنڈا کرو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بخار جہنم کی حرارت کا اثر ہے اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو یا فرمایا آب زمزم سے ٹھنڈا کرو۔ آپ ﷺ نے فرمایا زمزم جس نیت سے بھی پیا جائے اس کے لئے کار آمد ہے اگر حصول شفاء کے لئے پیو تو اللہ تعالیٰ شفاء بخشیں گے۔ اگر پیٹ بھرنے کی نیت سے پیو تو پیٹ بھر دیں گے اگر پیاس بجھانے کی نیت سے پیو تو سیراب فرما دیں گے (دار قطنی و حاکم)

حکیم ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ زمزم پینے والا (۱) اگر اسے شکم سیر ہونے کے لیے پیے تو اللہ تعالیٰ اسے شکم سیر کریں گے (۲) اگر پیاس بجھانے کے لئے پیے تو اللہ تعالیٰ اس کی پیاس دور کریں گے (۳) اگر شفاء کی نیت سے پیے تو اسے شفاء ملے گی (۴) اگر بد خلقی دور کرنے کے لئے پیے تو اللہ تعالیٰ اس کے اخلاق درست فرما دیں گے (۵) اگر سینہ کی تنگی دور کرنے کے لئے پیے تو اللہ تعالیٰ اس کا سینہ کھول دیں گے (۶) اگر دل کی ظلمت دور کرنے کے لیے پیے تو اس کی ظلمت دور ہو گی (۷) اگر غناء نفس کے لئے پیے تو غناء حاصل ہو گا (۸) اگر کسی ضرورت کے لئے پیے تو اسکی ضرورت پوری ہو گی (۹) اگر کسی امر نا گہانی کے لئے پیے تو اللہ تعالیٰ اس کی کفایت فرمائیں گے (۱۰) اگر کسی پریشانی کی وجہ سے پیے تو اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی کو دور کریں گے (۱۱) اگر حصول نصرت کے لئے پیے تو اللہ تعالیٰ اسکی مدد فرمائیں گے الغرض جس خیر و صلاح کی نیت سے بھی اسے پیے گا اللہ تعالیٰ اسے پورا کریں گے اس لئے کہ اس نے ایسی چیز سے مدد حاصل کرنی چاہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے جنت سے اسی غرض کے واسطے دنیا میں ظاہر فرمایا ہے۔ (نوادر الاصول)۔

حضرت ابوذرؓ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے قلب اطہر کو اسی پانی سے دھویا گیا تھا (بخاری و مسلم) علامہ ابن القیم فرماتے ہیں کہ آب زمزم سے حصول شفاء کے تجربات مجھے اور دوسروں کو بھی متعدد بار ہوئے ہیں نیز چالیس چالیس لوگوں نے صرف زمزم پی کر روزے رکھے ہیں اور اس پر اکتفاء کر کے لوگوں نے طواف کئے اور بالکل کمزوری محسوس نہیں ہوئی ہے العقد الثمین کے مؤلف نے تحریر کیا کہ احمد بن عبداللہ شریفی جو حرم مکہ میں فراش تھے وہ نابینا ہو گئے تھے انہوں نے بغرض شفا زمزم پیا تو ان کی بینائی لوٹ آئی۔ امام حاکم نے لکھا کہ ابوبکر محمد بن جعفر نے ابن خزیمہ کے متعلق لکھا کہ ان سے ایک مرتبہ پوچھا گیا کہ آپ کو یہ عظیم الشان علم کس طرح عطاء ہوا؟ تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ کا ارشاد ہے ماء زمزم لما شرب له فرمایا جب بھی میں نے زمزم پیا تو علم نافع کا سوال کیا۔ علامہ سیوطی فرماتے ہیں میں نے اللہ کے فضل و کرم سے ملک شام و حجاز یمن ہندا علس وغیرہ کے اسفار کئے اور جب حج کے لئے گیا تو آب زمزم چند مقاصد کے لئے پیا ان میں ایک مقصد یہ بھی تھا کہ میں علم فقہ میں سراج الدین بلقینی کے رتبہ کو اور حدیث میں ابن حجر کے مرتبہ کو پہنچ جاؤں۔ اب میں بطور تحدیث بالنعمة کہتا ہوں کہ اللہ نے میری دعاء قبول فرمائی ہے اور کوئی فخر کی بات نہیں (حسن المحاضرہ ص ۲۱۰ ج ۱)

زمزم کی خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ یہ پینے والے کے لیے بمنزلہ غذاء اور طعام کے ہے نیز کھانے کے ہضم کے لئے معین ہے۔ یہ دونوں متضاد باتیں صرف زمزم کی خصوصیت ہے زمانہ جاہلیت میں بھی لوگ زمزم کی طرف راغب رہے ہیں ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ لوگ علی الصباح اپنے اہل و عیال کو لے کر چاہ زمزم پر پہنچ جاتے تھے اور اس کو پیتے تھے یہی ان کا صبح کا کھانا ہوتا

تھا یہ پانی ایسا ہے کہ جس کو مہمان کو ہدیہ میں پیش کیا جاتا ہے زمزم کی خصوصیات اور تاثیرات بہت ہیں ان کا احصاء مقصود نہیں اب یہ مضمون صرف ایک واقعہ سنا کر ختم کیا جاتا ہے۔

ایک اہم واقعہ:۔ ایک مغربی خاتون لیلیٰ حلو نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام لاتتعس اللہ ہے اس کی چند فصلیں المجلۃ العربیۃ اور مجلۃ المسلمون نے ۲۵ شوال ۱۴۰۵ھ ۱۲ جولائی ۱۹۸۵ء کو شائع کی ہیں اس کتاب پر ڈاکٹر مہدی بن عبود نے مقدمہ تحریر کیا ہے ان کے قصہ کا حاصل یہ ہے کہ یہ خاتون بہت سخت بیمار ہوئی ڈاکٹر حیران رہ گئے مگر کوئی دواء کارگر نہ ہوئی پھر ڈاکٹروں نے افسوس کے ساتھ مرض کینسر تجویز کیا کہ پورے سینہ میں کینسر سرایت کر چکا ہے اور انہوں نے بتلایا کہ تم تین ماہ سے زائد زندہ نہ رہو گی۔ جب لیلیٰ حلو نے یہ بات سنی تو مایوس ہو کر علاج چھوڑ دیا اور موت کا انتظار کرنے لگی۔ اس کے شوہر نے یہ تجویز پیش کی کہ اب مکہ مکرمہ جا کر عمرہ کر لینا چاہیے۔ لیلیٰ حلو لکھتی ہیں کہ میں نے بیت اللہ شریف میں اعتکاف کیا اور زمزم برابر پیتی رہی اور دن میں صرف ایک انڈا اور چپاتی پر اکتفاء کرتی تھی اور دن رات تلاوت ذکر نماز دعا میں بسر کرتی تھی چار دن ایسے گذرے کہ مجھے دن و رات کا کوئی ہوش نہ تھا چند دن کے بعد میں نے محسوس کیا کہ پیرے وہ جو بدن کو بدنما بنائے ہوئے تھے وہ بالکل ختم ہو گئے اور ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ جیسا مجھے کچھ نہیں ہوا میں نے طے کیا کہ مجھے پیرس جا کر دوبارہ ڈاکٹروں کو دکھانا چاہیے چنانچہ ڈاکٹروں نے دیکھا اور ان کی حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی انہوں نے بار بار چیک کیا مگر یہ عجیب و غریب حالت ان کی سمجھ سے بالاتر تھی۔ خاتون مذکور ڈاکٹروں کو حیرت زدہ چھوڑ کر اپنے وطن واپس ہو گئی اور آب زمزم کے ذریعہ کینسر سے حصول شفاء کی تاریخ مرتب ہو گئی۔

زمزم پینے کے آداب اور دعائیں:۔ زمزم پینے والے کو چاہیے کہ وہ قبلہ رو کھڑا ہو اور بسم اللہ پڑھ کر حصول مقصد کی نیت سے تین سانس میں خوب شکم سیر ہو کر پیئے اور فارغ ہو کر الحمد للہ کہے اور صدق دل اور یقین کامل کے ساتھ یہ دعا پڑھے۔ اللھم انی اسئلک علما نافعا ورزقا واسعا وشفاء من کل داء۔ اللھم انی اسئلک من الخیر کلہ عاجلہ وآجلہ ماعلمت منہ ومالم اعلم واعوذ بک من الشر کلہ عاجلہ وآجلہ ماعلمت منہ ومالم اعلم۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ قَائِمًا وَقَاعِدًا۔

ترجمہ:۔ عمرو بن شعیب کے دادا فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر پانی پیتے ہوئے دیکھا۔

هذا حديث حسن صحيح۔

رجال حدیث:۔ ابو السائب ان کا نام سلمۃ بن جنادۃ بن سلیم السوائی ہے کوفہ کے رہنے والے ہیں۔ طبقہ عاشرہ کا ثقہ راوی ہے حفص بن غیاث بن طلق بن معاویہ النخعی ان کی کنیت ابو عمر الکوفی ہے ثقہ فقیہ راوی ہیں اتباع تابعین کے طبقہ وسطی میں سے ہیں۔ ایک بڑی جماعت ان سے روایت کرتی ہے آخر عمر میں حافظہ میں تغیر ہو گیا تھا۔ ہشیم بالتصغیر ابن بشیر السلمی ان کی کنیت ابو معاویہ الواسطی ہے۔ یعقوب دورقی کہتے ہیں کہ ہشیم کے پاس ایک ہزار حدیثیں تھیں امام عجلی نے ان کو ثقہ مدلس راوی قرار دیا ہے۔

عاصم الاحول یہ عاصم بن سلیمان التمیمی ہیں اور ان کی کنیت ابو عبد الرحمن البصری ہے ابن معین اور ابو زرعہ وغیرہ نے ان کی توثیق کی ہے اور احمد نے کہا ثقہ من الحفاظ مغیرۃ بن مقسم ابن حبان نے ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے ۱۴۲ھ یا ۱۴۳ھ میں وصال ہوا۔ کنیت ابو ہشام الضبی الکوفی ان کے اساتذہ مجاہد سماک بن حرب وغیرہم ہیں اور ان کے شاگرد سفیان ثوری شعبہ ابو عوانہ

سلیمان التیمی وغیرہم ہیں۔ ابن معین نے ان کو ثقہ مامون قرار دیا ہے ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا ہے مگر مدلس راوی ہے وفات ۱۴۳ھ یا ۱۴۴ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّنَفُّسِ فِي الْإِنَاءِ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَيُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَا ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي عِصَامٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الْإِنَاءِ ثَلَاثًا وَيَقُولُ هُوَ أَمْرَأُ وَأَرْوَى۔

ترجمہ:۔ انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ برتن سے پانی پیتے ہوئے تین مرتبہ سانس لیتے تھے اور فرماتے کہ اس طرح پینا زیادہ خوشگوار ہے اور زیادہ سیراب کرنے والا ہے۔ کان یتنفس فی الاناء۔ یہاں بظاہر اشکال ہوتا ہے کہ دوسری روایات میں آپ ﷺ سے تنفس فی الاناء کی ممانعت منقول ہے چنانچہ ابن عباسؓ کی روایت آگے آرہی ہے اور امام ترمذیؒ نے مستقل اس پر باب بھی قائم فرمایا ہے "باب ماجاء فی کراھیۃ التنفس فی الاناء" لہٰذا دونوں روایتوں میں تعارض ہوگیا کہ یہ روایت دلالت کرتی ہے جواز پر اور دوسری روایت عدم جواز پر؟ جواب ممانعت والی روایت کا محمل وہ صورت ہے کہ برتن کو منہ سے ہٹائے بغیر پیتے پیتے سانس اسی میں لیتے رہیں اور روایت الباب کا مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ پانی پیتے اور سانس درمیان میں برتن کو منہ سے ہٹا کر لیتے تھے اور تین سانس میں پانی اس طرح نوش فرماتے تھے لہٰذا اب کوئی تعارض نہیں ہے۔

ھو امرأ واروی۔ ھو کا مرجع یا تو تعدد نفس ہے یا تثلیث امرأ مرأ الطعام: سے ماخوذ ہے جب کہ کھانا معدے کی موافقت کرے یعنی اچھی طرح ہضم ہوجائے فارسی میں اس کے معنی گوارا تر ہیں اروی ری سے ماخوذ ہے جس کے معنی پیاس کو زیادہ بجھانے والا فارسی میں اس کے معنی زیادہ سیراب کنندہ۔ مسلم شریف کی روایت میں انہ اروی وابرأ وامرأ واقع ہوا ہے۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں امرأ من الم العطش وابرأ من مرض اواذی حافظ فرماتے ہیں کہ ابرأ یا تو براءۃ سے ماخوذ ہے یا برءٌ سے ماخوذ ہے اس کے معنی ابرأ من الاذی والعطش اور سنن ابوداؤد میں اھنأ کا لفظ واقع ہوا ہے جو ھنأ سے ماخوذ ہے اس کے معنی خوشگوار۔ اب حدیث کے معنی یہ ہوں گے کہ اس طرح تین سانس میں پینا نہایت خوشگوار اور مرض عطش سے براءت وسلامتی کا ذریعہ یعنی پیاس کے لیے نہایت دافع اور ہضم کے لیے انتہائی معین ومددگار ہے معدے کے لئے ضعف کا باعث بھی نہیں اور معدہ کی حرارت کے لئے نافع بھی ہے۔ افعل التفضیل کا صیغہ اس پر دال ہے کہ یہ خصوصیات تعدد نفس اور تثلیث کا نتیجہ ہے لہٰذا ایک سانس میں پینا سیراب بھی نہیں کرے گا اور خوشگوار بھی نہ ہوگا اور معدے کے لئے مضر ہے۔

پانی پینے کا طریقہ اور ادب:۔ آپ ﷺ کے اس عمل سے پانی پینے کا طریقہ اور ادب معلوم ہوا کہ جب پانی پیا جائے تو تین سانس میں پینا چاہیے کہ اس طرح پینے سے پانی اچھا بھی معلوم ہوتا ہے اور سیرابی بھی ہوجاتی ہے اس کے بالمقابل ایک سانس میں پانی پیا جائے تو اولاً تو آپ ﷺ نے اس طرح پینے سے منع فرمایا ہے کہ اس طرح پینے میں بہائم کے ساتھ تشبہ ہے نیز بقول ابن عباسؓ یہ شیطان کا طریقہ بھی ہے چنانچہ آئندہ والی روایت میں یہ مضمون صراحۃً وارد ہوا ہے اور پینے کا طریقہ بھی ارشاد فرمایا ہے۔ ثانیاً ایک سانس میں پانی پینے سے خلو معدہ کی وجہ سے نقصان کا قوی اندیشہ ہے کہ جب شدید حرارت معدہ کے وقت ایک دم پانی معدہ میں جائے گا تو معدہ کے لئے بہت نقصان دہ ثابت ہوگا۔ ثالثاً گلے میں پانی اٹک سکتا ہے جس سے موت کا قوی اندیشہ ہے۔ نیز

ایک سانس میں پانی پینے سے یہ بھی امکان ہے کہ جب ضرورت سے زیادہ پانی پیا جائے گا تو دماغ کو نقصان دہ ہوگا۔

مسئلہ:۔ جمہور علماء ایک سانس میں پانی پینے کو مکروہ تنزیہی اور خلاف اولیٰ قرار دیتے ہیں ہاں البتہ امام مالکؒ ابن المسیبؒ عطاء بن ابی رباح، عمر بن عبدالعزیز جواز بلا کراہت کے قائل ہیں۔ بہرحال روایات دونوں طرح وارد ہیں مثلاً زید ابن ارقم کی روایت کان یشرب صلی اللّٰہ علیہ وسلم بنفس واحد رواہ ابوالشیخ و کذا حدیث قتادۃ مرفوعًا اذا شرب احدکم فلیشرب بنفس واحد رواہ الحاکم وصححہ وغیرہ وغیرہ۔ ھذا حدیث حسن غریب۔ اخرجہ مسلم واصحاب السنن ورواہ ھشام الدستوائی عن ابی عصام عن انسؓ۔ یعنی اس روایت کو جس طرح ابو عصام سے عبدالوارث بن سعید نے نقل کیا ہے اسی طرح ہشام دستوائی نے بھی ان سے نقل کیا ہے۔ اخرجہ مسلم وروی عزرۃ بن ثابت الخ یعنی جس طرح ابو عصام نے اس روایت کو حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے اسی طرح ان کے دوسرے شاگرد ثمامہ ہیں ان سے عزرہ بن ثابت نے روایت نقل کی ہے مگر اس روایت میں امرأ وأروی کی زیادتی نہیں ہے۔ بخاری ومسلم نے اس کو ذکر کیا ہے اور امام ترمذیؒ نے بھی اس باب میں اس کی تخریج فرمائی ہے۔

رجال حدیث:۔ عبدالوارث سعید بن ذکوان العنبری ثقہ ثبت طبقہ ثامنہ کا راوی ہے ۱۸۰ھ میں وفات پائی۔ ابی عصام المزنی البصری ابن حبان نے ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ یہ روایت کرتے ہیں انسؓ سے ان کے شاگرد شعبہ و ہشام وغیرہ ہیں عزرۃ بن ثابت بن ابی زید بن اخطب الانصاری بصرہ کے رہنے والے ہیں طبقہ سابعہ کے ثقہ راوی ہیں۔ ثمامہ یہ ثمامہ بن عبداللہ بن انسؓ بن مالک الانصاری البصری بصرہ کے قاضی ہیں طبقہ رابعہ کا صدوق راوی ہے۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ حَدَّثَنَا وَکِیْعٌ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ سِنَانِ نِ الْجَزَرِیْ عَنِ ابْنٍ لِعَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَشْرَبُوْا وَاحِدًا کَشُرْبِ الْبَعِیْرِ وَلٰکِنِ اشْرَبُوْا مَثْنٰی وَثُلٰثَ وَسَمُّوْا اِذَا اَنْتُمْ شَرِبْتُمْ وَاحْمَدُوْا اِذَا اَنْتُمْ رَفَعْتُمْ۔

ترجمہ:۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک سانس میں پانی اونٹ کی طرح مت پیو بلکہ دو یا تین سانس میں پیو اور جب پیو بسم اللہ پڑھو اور جب منہ سے برتن ہٹاؤ تو الحمد للہ پڑھو حدیث کا مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ نے پانی پینے کا ادب بیان فرمایا کہ ایک سانس میں پانی مت پیو جس طرح اونٹ ایک ہی دفعہ میں پانی پیتا ہے کہ پانی ہی میں سانس لیتا رہتا ہے بلکہ دو یا تین سانس میں پانی پیو کہ ہر مرتبہ برتن کو منہ سے الگ کر دو اور جب پانی پینا شروع کرو تو اول بسم اللہ پڑھو اور فراغت کے بعد الحمد للہ پڑھو یا ہر سانس پر بسم اللہ اور الحمد للہ پڑھو (قالہ القاری) حافظ فرماتے ہیں کہ طبرانی نے اوسط میں بسند حسن حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوع روایت اس بارے میں نقل فرمائی ہے کہ آپ ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے جب برتن کو منہ کے قریب فرماتے تو بسم اللہ پڑھتے اور جب ہٹاتے تو الحمد للہ پڑھتے تھے اور اس طرح تین مرتبہ فرماتے چنانچہ ابن ماجہ نے بھی اس روایت کی تخریج فرمائی ہے اور بزار و طبرانی نے ابن مسعودؓ سے اسی مضمون کی حدیث نقل فرمائی ہے۔ ھذا حدیث غریب یہ روایت اگرچہ غریب ہے مگر اس کے شواہد موجود ہیں جیسا کہ ابھی گذرا لہٰذا قابل احتجاج ہے۔

رجال حدیث: یزید بن سنان الجزری التمیمی ابو فروۃ الرہاوی طبقہ سابعہ کا ضعیف راوی ہے ۱۵۵ھ میں وفات پائی۔

بَابُ مَا ذُكِرَ فِي الشُّرْبِ بِنَفَسَيْنِ

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ خَشْرَمٍ ثَنَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ عَنْ رِشْدِیْنَ بْنِ کُرَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا شَرِبَ يَتَنَفَّسُ مَرَّتَيْنِ۔

ترجمہ:۔ ابن عباسؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب پانی نوش فرماتے تو دو سانس میں نوش فرماتے تھے۔

کوئی تعارض نہیں: اس روایت اور گزشتہ روایت کان یتنفس ثلثا روایت میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ ممکن ہے کہ راوی نے آخری سانس کو شمار نہ کرتے ہوئے فرمایا کہ پیتے ہوئے دو سانس لیتے تھے تو لا محالہ تین مرتبہ میں پانی پینا متحقق ہو جائے گا جو گزشتہ روایت کا مفہوم ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپ ﷺ نے درمیان میں ایک سانس لیا ہو اور دو مرتبہ میں پانی پی لیا ہو یہ بھی جائز ہے جیسا کہ اوپر روایت میں گذر لولکن اشربو امثنی الخ۔

ھٰذا حدیث غریب: اور بعض نسخوں میں حسن غریب واقع ہوا ہے کیونکہ اس روایت کو نقل کرنے والے صرف رشدین ہیں۔

قال وسألت عبداللّٰہ بن عبدالرحمٰن الخ: اس کا حاصل یہ ہے کہ رشدین اور محمد یہ دونوں بھائی ہیں اور یہ دونوں ضعیف ہیں مگر دونوں کا ضعف برابر نہیں ہے ان دونوں کے بارے میں یہ اختلاف ہے کہ ان دونوں میں کون راجح ہے امام موصوف فرماتے ہیں کہ میں نے امام دارمی سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ میرے نزدیک رشدین بہتر اور راجح ہے اور محمد بن اسماعیل بخاریؒ سے معلوم کیا تو انہوں نے فرمایا کہ میرے نزدیک محمد راجح ہے ابو حاتم نے بھی امام بخاریؒ کی موافقت کرتے ہوئے فرمایا یکتب احادیثه وهو احب الیّ من اخيه رشدين مگر امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک دارمی کا قول راجح ہے یعنی رشدین بہتر ہے کہ وہ تابعی ہے انہوں نے ابن عباسؓ کو پایا ہے اور دیکھا بھی ہے۔

رجال حدیث:۔ علی بن خشرم بروزن جعفر المروزی ثقہ طبقہ عاشرہ کے صغار راویوں میں سے ہے ۲۹۷ھ عیسیٰ بن یونس بن ابی اسحاق السبیعی اسرائیل کے بھائی ہیں ملک شام میں رہے۔ ثقہ مامون طبقہ ثامنہ کا راوی ہے ۱۸۷ھ رشدین بن کریب بن ابی مسلم الہاشمی طبقہ سادسہ کا ضعیف راوی ہے کریب مصغر ابن ابی مسلم الہاشمی المدنی طبقہ ثالثہ کا راوی ہے ۱۹۸ھ میں انتقال فرمایا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ ثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَيُّوْبَ وَهُوَ ابْنُ حَبِيْبٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الْمُثَنّٰى يَذْكُرُ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ فَقَالَ رَجُلٌ الْقَذَاةُ أَرَاهَا فِي الْإِنَاءِ فَقَالَ أَهْرِقْهَا فَقَالَ فَإِنِّيْ لَا أَرْوٰى مِنْ نَفَسٍ وَاحِدٍ قَالَ فَأَبِنِ الْقَدَحَ إِذًا عَنْ فِيْكَ۔

ترجمہ:۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے مشروب شئی میں پھونک مارنے سے منع فرمایا پس ایک شخص نے پوچھا (بعض مرتبہ) برتن میں تنکے کو بھی دیکھتا ہوں (تو پھر میں کیا کروں) آپ ﷺ نے (جواباً) فرمایا کہ اس کو (برتن ٹیڑھا کر کے) گرا دو اس نے پوچھا کہ میں ایک سانس میں سیراب نہیں ہوتا ہوں تو آپ ﷺ نے فرمایا تو برتن منہ سے الگ کر کے دوبارہ پی لے۔

پھونک مارنے سے کیوں منع فرمایا؟ اس باب میں مصنفؒ نے یہ ادب بیان فرمایا ہے کہ کھانے پینے کی چیزوں میں پھونک نہ ماری جائے حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ یہ حکم عام ہے کیونکہ پھونک مارتے وقت بسا اوقات تھوک وغیرہ مشروب میں گرنے کا اندیشہ ہے جس سے خود کو بھی گھن ہو سکتی ہے اور دوسرے ساتھی کو بھی گھن ہو سکتی ہے۔ نیز اطباء فرماتے ہیں کہ پھونک کے ذریعے خراب بخارات منہ سے نکل کر مشروب میں مضرت پیدا کر سکتے ہیں جس سے امراض پیدا ہونے کا اندیشہ ہے چنانچہ جدید اطباء اس کے

بارے میں سختی سے ممانعت فرماتے ہیں کہ پھونک کے ذریعے زہریلے بخارات نکلتے ہیں وہ ایسے جراثیم پر مشتمل ہوتے ہیں جو انجانی نقصان دہ ہیں تیز پھونک مارنے سے ٹھنڈے پانی کی برودت بھی ختم ہونے کا احتمال ہے لہذا بہتر یہ ہے کہ اگر کھانا گرم ہو تو صبر کرے اور اگر کوئی کوڑا کرکٹ وغیرہ مشروب شئی میں ہو تو اس کو چمچ وغیرہ سے نکال دے آپ ﷺ نے جو گرا کر نکالنے کا حکم فرمایا وہ تو آخری درجہ ہے جب کہ کوئی شئی اس تنکے کو نکالنے کے لئے نہ ہو۔

هٰذا حديث حسن صحيح۔ اخرجه احمد والدارمي و محمد بن الحسن في الموطا۔

رجال حدیث:۔ایوب بن حبیب الزہری المدنی طبقہ سادسہ کا ثقہ راوی ہے وفات ۱۳۱ھ ہے۔ ابو المثنی الجہنی المدنی طبقہ ثالثہ کا مقبول راوی ہے۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّتَنَفَّسَ فِي الْاِنَاءِ اَوْ يُنْفَخَ فِيْهِ

ترجمہ:۔ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے منع فرمایا کہ برتن میں سانس لیا جائے یا پھونک ماری جائے۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه ابوداؤد و ابن ماجة

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ التَّنَفُّسِ فِي الْاِنَاءِ

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ ثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ يَحْيَى ابْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اِذَا شَرِبَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَفَّسْ فِي الْاِنَاءِ۔

قد تقدم الكلام عليه

رجال حدیث:۔عبد الصمد بن عبد الوارث بن سلام العمری التنوری صدوق ثبت طبقہ تاسعہ کا راوی ہے مات ۲۰۷ھ یحیی بن ابی کثیر الطائی الیمانی ثقہ ثبت مدلس اور مرسل طبقہ خامسہ کا راوی ہے۔عبد اللہ بن ابی قتادہ الانصاری المدنی السلمی قلیل الحدیث ہیں مات ۹۵ھ

بَابُ مَا جَاءَ فِي النَّهْيِ عَنِ اخْتِنَاثِ الْاَسْقِيَةِ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ رِوَايَةً نَهٰى عَنِ اخْتِنَاثِ الْاَسْقِيَةِ

ترجمہ:۔ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے مشکیزوں کے منہ الٹ کر ان سے پانی پینے سے منع فرمایا۔

اختناث خنث سے ماخوذ ہے باب افتعال سے ہے جس کے معنی انطواء اور تکسر یعنی موڑنا الاسقیة سقاء کی جمع ہے اس سے مراد چمڑے کا بنا ہوا مشکیزہ چھوٹا ہو یا بڑا دوسرا قول یہ ہے کہ لفظ قربہ تو چھوٹے اور بڑے دونوں طرح کے مشکیزوں پر بولا جاتا ہے مگر سقاء بڑے مشکیزے ہی کو کہتے ہیں۔

مقصود روایت یہ ہے کہ مشکیزے یا اسی طرح کا ایسا برتن جس کے اندر بھرا پانی دکھائی نہ دے رہا ہو اس سے منہ لگا کر پانی پینے سے منع فرمایا ہے چنانچہ بعض روایت میں ینہی عن اختناثہا والشرب ان یشرب من افواہہا صراحۃً وارد ہوا ہے۔

ممانعت کیوں؟ اس طرح پانی پینے کی ممانعت مختلف وجوہ کی بناء پر ہے جن میں سے بعض کا ذکر روایات میں ملتا ہے۔ اول ممکن ہے کہ پانی میں کوئی زہریلا جانور ہو وہ پانی کے ساتھ پیٹ میں چلا جائے جس سے نقصان کا اندیشہ ہے چنانچہ احمد ابن حنبلؒ ابوبکر ابی شیبہ نے روایت نقل کی ہے کہ ایک شخص نے اس طرح پانی پی لیا تو سانپ اس کے پیٹ میں چلا گیا تھا تو آپ ﷺ نے منہ لگا کر پانی پینے سے منع فرمادیا تھا لہٰذا اس علت کا تقاضا یہ ہے کہ اگر سارا پانی نظروں کے سامنے ہو تو پھر منہ لگا کر پانی پینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ دوم اس طرح مشکیزے سے منہ لگا کر پانی پینے سے پانی خراب ہونے کا خطرہ ہے کہ اس پانی میں تعفن پیدا ہونے کا اندیشہ ہے چنانچہ حضرت عائشہؓ سے مروی ہے نهى ان يشرب من فى السقاء لان ذلك ينتنه اس علت کا تقاضا یہ ہے کہ یہ نہی ایسے شخص کے ساتھ مخصوص ہے جو پانی میں سانس لے یا مشکیزے کی کھال کو منہ میں لے کر پانی پئے اور اگر مشکیزے کے منہ سے پانی منہ میں ڈالے تو ممانعت نہ ہونی چاہیے کیونکہ ایسی صورت میں خراب ہونے کا خطرہ نہیں ہے۔ سوم اس طرح منہ لگا کر پانی پینے سے مقدار سے زیادہ یک لخت پانی منہ میں آئے گا جس سے قدر حاجت سے زیادہ پانی ہونے کی وجہ سے پانی گلے میں اٹک جانے کا اندیشہ ہے کہ سانس بند ہو کر موت واقع ہوسکتی ہے نیز قلب کے برابر والی رگوں کے کٹ جانے کا بھی خطرہ ہے جس سے ہلاکت ہو سکتی ہے۔ چہارم یہ بھی ممکن ہے کہ مشکیزے کے منہ سے پانی اسقدر نکل جائے کہ بدن و کپڑے تر ہو جائیں تو ایسی صورت میں سردی وغیرہ کا اندیشہ ہے اور بیماری بھی ہوسکتی ہے۔ پنجم جب مشکیزے سے منہ لگا کر پانی پئے گا تو منہ کے لعاب اور سانس کے بخارات سے اس مشکیزہ کا منہ خراب ہو جائے گا دوسرا آدمی اس جگہ سے پیتے ہوئے گھن محسوس کرے گا۔ ششم اگر شارب نے کوئی میٹھی چیز کھا کر منہ لگایا اور پانی پی لیا تو ظاہر ہے کہ مٹھاس کا اثر مشکیزہ کے منہ پر ہو جائے گا اور اس پر چپاہٹ کی وجہ سے مختلف زہریلے کیڑے مکوڑے مکھیاں اس جگہ بیٹھیں گی جن سے گندگی بھی پیدا ہوگی اور جانور کے زہر کا اثر بھی ہوسکتا ہے اب اس کے بعد خود یا اور کوئی پانی پئے گا تو نقصان کا قوی اندیشہ ہے۔ ہفتم اگر اس طرح بلاضرورت پینے کی اجازت دی جائے گی تو مشکیزہ کا منہ جلد ہی خراب ہو جائے گا جس میں اضاعت مال ہے جو کہ جائز نہیں۔

حکم شرعی: اس طرح منہ لگا کر پانی پینے کے بارے میں اختلاف ہے علامہ ابن حزم ظاہری تحریم کے قائل ہیں۔ علامہ اثرم نے فرمایا کہ احادیث نہی ناسخ احادیث اباحت ہیں اور جمہور علماء فرماتے ہیں کہ نہی تنزیہی ہے یا ارشادی ہے البتہ امام مالکؒ مطلقاً جواز بلا کراہت کے قائل ہیں۔ جمہور علماء نے فرمایا کہ اگرچہ ممانعت کی روایات آپ ﷺ سے مروی ہیں مگر ان کے بالمقابل رخصت و اباحت کی روایات بھی مروی ہیں جن کو امام ترمذیؒ نے اگلے باب میں ذکر فرمایا ہے۔

وفی الباب عن جابرؓ اخرجہ ابن ابی شیبہ وابن عباسؓ اخرجہ احمد ومسلم و ابی ھریرۃؓ اخرجہ احمد ھذا حدیث حسن صحیح۔ اخرجہ البخاری ومسلم وابوداؤد وابن ماجہ۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ ذٰلِكَ

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ عِيسَى ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ إِلَى قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ فَخَنَثَهَا ثُمَّ شَرِبَ مِنْ فِيهَا

ترجمہ:۔ عبداللہ بن انیس فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ لٹکے ہوئے مشکیزہ کی طرف کھڑے ہوئے پس اس کو جھکایا پھر اس کے منہ سے پانی پیا۔ قربۃ۔ مشکیزہ معلقہ لٹکا ہوا اختث از ضرب مشکیزہ کے منہ کو باہر طرف جھکانا۔

امام ترمذیؒ نے یہ دوسرا باب قائم فرما کر مشکیزہ کے منہ سے پانی پینے کے جواز و رخصت کو بیان فرمایا ہے کہ آپ ﷺ سے اس طرح بھی پانی پینا ثابت ہے۔ چنانچہ حضرات علماء ابن عربی وغیرہ فرماتے ہیں کہ مشکیزہ کے منہ سے پانی پینا مباح ہے خاص طور پر ضرورت کے وقت مثلاً کوئی دوسرا پانی کے لئے نہیں ہے یا وقت کی کمی ہے کہ جنگ وغیرہ کا موقع ہے یا مشکیزہ بڑا ہے کہ اس سے دوسرے برتن میں پانی کا حصول مشکل ہے تو ایسی صورت میں منہ لگا کر پینے میں کوئی کراہت نہیں ہے البتہ احتیاط اس میں ہے کہ دوسرے برتن میں پانی لیکر پیا جائے کما تقدم۔

وفی الباب عن ام سلیمؓ اخرجہ احمد والترمذی فی الشمائل والطبرانی والطحاوی وابن شاہین ھٰذا حدیث لیس اسنادہ بصحیح الخ امام موصوفؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت سند کے لحاظ سے درست نہیں ہے کیونکہ عبداللہ بن عمر راوی ضعیف ہیں کہ وہ سئ الحفظ ہے۔ نیز یہ بھی معلوم نہیں کہ ان کا سماع عیسیٰ بن عبداللہ سے ثابت بھی ہے یا نہیں' روایت الباب کی تخریج امام داؤدؒ نے کی ہے۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ یَزِیْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ عَمْرَةَ عَنْ جَدَّتِهٖ كَبْشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَشَرِبَ مِنْ فِیْ قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ قَائِمًا فَقُمْتُ اِلٰی فِیْهَا فَقَطَعْتُهٗ

ترجمہ:۔ کبشہؓ کہتی ہیں کہ آپ ﷺ میرے یہاں تشریف لائے پس آپ ﷺ نے لٹکے ہوئے مشکیزے سے کھڑے ہو کر پانی پیا پس میں کھڑی ہوئی اس کے منہ کی طرف اور میں نے اس حصہ کو (بطور تبرک وادب) کاٹ لیا۔

یہ روایت بھی صراحۃً جواز پر دال ہے۔

کبشہؓ نے مشکیزہ کا منہ کیوں قطع کیا؟:۔ حضرت کبشہؓ نے مشکیزہ کے منہ کو اس لئے کاٹا تا کہ آپ ﷺ کے منہ سے لگا ہوا حصہ ان کے لئے تبرک کا ذریعہ بن جائے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ کبشہؓ نے اس وجہ سے مشکیزہ کے منہ کو کاٹا تا کہ آپ ﷺ کے بعد اس جگہ کوئی دوسرا شخص منہ نہ لگائے کہ اس میں بے ادبی معلوم ہوتی ہے۔

روایت سے معلوم ہوا کہ اکابر کے تبرکات کو رکھا جا سکتا ہے کہ وہ باعث برکت ہوتے ہیں جیسا کہ سلف کے یہاں معمول رہا ہے کہ اکابر کے ملبوسات وغیرہ کو بطور تبرک لوگ رکھتے آئے ہیں فلا بأس بہ۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح غریب:۔ اخرجہ احمد وابن ماجہ ویزید بن یزید الخ فرماتے ہیں کہ یزید عبدالرحمٰن بن یزید کے بھائی ہیں جو اپنے بھائی عبدالرحمٰن سے پہلے ہی انتقال فرما گئے تھے۔

رجال حدیث: عبداللہ بن عمر العمری یہ عمر بن الخطاب کی اولاد میں سے ہیں پورا نسب اس طرح ہے عبداللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن الخطابؓ یہ روایت کرتے ہیں زید بن اسلم' نافع' حمید' زہری وغیرہ سے اور ان کے شاگرد ان کے بیٹے عبدالرحمٰن' ابن وہب' ابن مہدی' وکیع وغیرہ ہیں۔ امام نسائیؒ' ابن مدینیؒ نے ان کو ضعیف قرار دیا ہے۔

ابن ابی شیبہ نے فرمایا۔ صدوق وفی حدیثہ اضطراب۔ مدینہ منورہ میں ۱۷۱ھ میں وفات پائی۔

عیسیٰ بن عبداللہ بن انیس الانصاری المدنی طبقہ رابعہ کا مقبول راوی ہے۔ابیہ عبداللہ بن انیس یا ابوعیسیٰ عبداللہ بن انیس الانصاری صحابیؓ ہیں ان سے ایک ہی روایت مروی ہے جو ان کے بیٹے عیسیٰ نے نقل کی ہے۔بعض حضرات فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن انیس انصاری اور جہنی دونوں ایک ہی ہیں مگر حافظ منذری اور علی بن مدینی اور خلیفہ بن خیاط نے دونوں کو الگ الگ قرار دیا ہے یزید بن یزید بن جابر الازدی الدمشقی طبقہ سادسہ کا فقیہ ثقہ راوی ہے۔عبداللہ بن ابی عمرۃ الانصاری البخاری ثقہ کثیر الحدیث راوی ہے۔کبشہؓ اور کبیشہ بالتصغیر بنت ثابت بن منذر الانصاریہ یہ حسانؓ بن ثابت کی بہن ہیں صحابیہ ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْاَيْمَنِيْنَ اَحَقُّ بِالشُّرْبِ

حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ ثَنَا مَعْنٌ ثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ح وَثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِلَبَنٍ قَدْ شِيْبَ بِمَاءٍ وَعَنْ يَمِيْنِهِ اَعْرَابِيٌّ وَعَنْ يَسَارِهِ اَبُوْبَكْرٍ فَشَرِبَ ثُمَّ اَعْطَى الْاَعْرَابِيَّ وَقَالَ اَلْاَيْمَنُ فَالْاَيْمَنُ۔

ترجمہ:۔انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے ایسا دودھ پیش کیا گیا جس میں پانی ملا ہوا تھا اور آپ ﷺ کے داہنی جانب ایک گاؤں والا بیٹھا ہوا تھا اور بائیں جانب ابوبکر صدیقؓ تھے پس آپ ﷺ نے دودھ پیا پھر اعرابی کو دیدیا اور ارشاد فرمایا کہ دایاں زیادہ حقدار ہے پھر اس کا دایاں۔

الایمن یا تو مرفوع ہے اور اس کی خبر مقدم یا احق وغیرہ محذوف ہے چنانچہ دوسری روایت میں الایمنون جمع کے صیغہ کے ساتھ مرفوع واقع ہوا ہے۔دوسرا احتمال یہ ہے کہ منصوب ہو اور قدموا یا اعطوا وغیرہ فعل محذوف ہے۔

مصنفؒ نے اس باب میں اہل مجلس کے مابین ماکول و مشروب وغیرہ اشیاء تقسیم کرنے کا ایک ضابطہ بیان فرمایا ہے کہ جب کوئی چیز مجلس میں تقسیم کی جائے تو تقسیم کرنے والے کو اپنی داہنی جانب سے ابتداء کرنی چاہیے خواہ داہنی جانب صغیر یا مفضول ہی کیوں نہ ہو جیسا کہ مذکورہ روایت میں نبی کریم ﷺ نے اعرابی کو (جانب یمین کی وجہ سے) حضرت ابوبکر صدیقؓ سے مقدم کیا اس لئے کہ جانب یمین کو جانب یسار پر فضیلت حاصل ہے۔چنانچہ جمہور علماء نے اس کو مستحب قرار دیا ہے۔اور علامہ ابن حزم وجوب کے قائل ہیں۔علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ جو چیزیں انواع اکرام میں سے ہیں ان میں تیامن مستحب ہے کما تقدم۔

ایک اشکال اور اس کا جواب:۔اس حدیث انسؓ کے معارض دیگر روایات میں آپ ﷺ سے مروی ہے کہ ابتداء بالکبیر کی جائے مثلاً ابن عباسؓ کی روایت قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اسقی سقاہ قال ابدأ بالکبیر۔اسی طرح ابن عمرؓ کی روایت مناولہ اسواک میں ابتداء بالکبیر کے بارے میں وارد ہوئی ہے (اخرجہ ابویعلی بسند قوی) نیز سہل بن خیثمہ کی روایت باب قسامت میں کبر کبر کے الفاظ کے ساتھ واقع ہے جن سے صراحۃً یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابتداء بالکبیر کرنی چاہیے؟

جواب:۔بعض حضرات نے دونوں طرح کی روایتوں کے درمیان اس طرح تطبیق دی ہے کہ جب حاضرین مرتب فی الجلوس ہوں کہ بعض پر ایمن اور بعض پر ایسر صادق آتا ہو تو پھر بلا تفریق صغیر و کبیر ابتداء بالایمن ہونی چاہیے اور اگر حاضرین غیر مرتب ہوں مثلاً سب سامنے یا ایک جانب ہوں کہ ان پر ایمن و ایسر کا صدق نہیں ہو سکتا تو پھر ابتداء بالکبیر مستحب ہے۔

وفی الباب عن ابن عباسؓ اخرجہ احمد والترمذی فی الدعوات وابن ماجہ سھل بن سعدؓ اخرجہ الشیخان ابن عمرؓ اخرجہ ابوالشیخ ابن حبان عبداللہ بن بسرؓ اخرجہ مسلم وابوداؤد والنسائی ۔ ھذا حدیث حسن صحیح۔ اخرجہ الشیخان وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ۔

بَابُ مَاجَاءَ اِنَّ سَاقِیَ الْقَوْمِ اٰخِرُھُمْ شُرْبًا

حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِیِّ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ سَاقِیْ الْقَوْمِ اٰخِرُھُمْ شُرْبًا۔

ترجمہ:۔ ابوقتادہؓ آپ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا قوم کو پلانے والا سب سے آخر میں پینے والا ہونا چاہئے۔

امام ترمذیؒ نے حسب عادت الفاظ حدیث ہی کو ترجمۃ الباب بنایا ہے جس میں ساقی قوم کے لئے ایک خاص ادب بیان فرمایا گیا ہے کہ جو شخص کسی قوم (جماعت) کو کسی مشروب وما کول کھلانے پلانے کا ذمہ دار بنایا جائے تو اس کو چاہیے کہ خود سب سے آخر میں پیے۔ کیونکہ اپنے آپ کو مقدم کرنے میں حرص وآز جیسی قبیح صفت ظاہر ہوتی ہے اسی طرح جب کوئی شخص مسلمانوں کے امور کی ذمہ داری لے تو اس کو اپنے نفس پر ایثار کرتے ہوئے دوسروں کے حق میں فائدہ پہنچانے اور نقصان سے بچانے کی کوشش کرنی چاہیے اور لوگوں کے جملہ امور ومصالح میں مدد کرنی چاہیے اپنی ذات کو ان پر مقدم نہ کرے۔ ایثار اور دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دینے کے سلسلہ میں حضرات صحابہ کرامؓ اور علماء عظامؒ کے بے شمار واقعات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں جو کتب احادیث وتواریخ میں مسطور ہیں۔

حضرت نانوتوی کا پرلطف واقعہ: حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ کے پاس آپ کے خادم مولوی محمد فاضل حاضر تھے مولانا نے ان کو مٹھائی تقسیم کرنے کے لئے فرمایا انہوں نے تقسیم کردی آخر میں تھوڑی سی مٹھائی بچ گئی تو آپ نے فرمایا الفاضل للقاسم یعنی بچی ہوئی مٹھائی قاسم (تقسیم کرنے والے) کی ہے۔ خادم نے جواب دیا الفاضل للفاضل والقاسم محروم یعنی فاضل مٹھائی تو کسی فاضل کی ہے اور قاسم محروم ہے یا بچی ہوئی مٹھائی صاحب فضیلت یعنی آپ کی ہے اور تقسیم کنندہ محروم ہے اہل علم کے لطیفے بھی علمی ہوتے ہیں۔

وفی الباب عن ابن ابی اوفیؓ اخرجہ ابوداؤد ۔ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ مسلم وابن ماجہ۔

رجال حدیث:۔ ثابت بن اسلم ابومحمد البصری تابعی ہیں۔ حضرت انسؓ کے پاس چالیس سال رہے تقریباً ڈھائی سو روایات ان سے مروی ہیں۔ آپ صائم الدہر ہیں ۱۲۷ھ میں وصال فرمایا۔ عبداللہ بن رباح الانصاری ابوخالد المدنی بصرہ میں رہے طبقہ ثالثہ کے ثقہ راوی ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ اَیُّ الشَّرَابِ کَانَ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَۃَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ عُرْوَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ اَحَبُّ الشَّرَابِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْحُلْوُ الْبَارِدُ۔

ترجمہ:۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں مشروبات میں سب سے زیادہ پسندیدہ مشروب آپ ﷺ کو میٹھا ٹھنڈا پانی تھا۔

امام ترمذیؒ نے اس باب میں آپ ﷺ کے محبوب مشروب کو بیان فرمایا کہ ٹھنڈا میٹھا پانی آپ کو بہت پسند تھا۔ میٹھے کا

پسندیدہ ہونا ظاہر ہے۔ چنانچہ گزشتہ ابواب میں آپ کے حلوے کو پسند کرنے اور اس کے کھانے نیز نبیذوں کے پینے کے بارے میں تفصیلی کلام ہو چکا ہے۔ بارد کے پسندیدہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اہل عرب کے مزاج گرم ہوتے ہیں تو ان کے لئے ٹھنڈی ہی مزاج کے مناسب ہوتی ہے۔

اشکال و جواب: بعض روایات میں وارد ہے کہ آپ ﷺ کو دودھ زائد پسندیدہ تھا۔ نیز بعض روایات میں شہد کا ذکر ہے لہٰذا دونوں روایتوں میں تعارض ہوا۔ جواب یہ ہے کہ پسندیدگی کی وجوہات مختلف ہوتی ہیں یا یہ کہا جائے کہ یہاں لفظ من محذوف ہے۔ ای من احب الشراب۔ یعنی پسندیدہ مشروبات میں سے ٹھنڈا پانی بھی آپ ﷺ کو پسند تھا لہٰذا تعارض نہ رہا۔

وھکذا رواہ غیر واحد الخ امام موصوف کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ ابن عیینہ سے اس مرفوع روایت کو نقل کرنے والے بہت رواۃ ہیں کما اخرجہ الحاکم واحمد وغیرہما مگر صحیح یہ ہے کہ یہ روایت مرسل ہے کہ حضرت عائشہؓ کا اس میں ذکر نہیں ہے بلکہ امام زہری تو بغیر عروہ عن عائشہؓ ہی آپ ﷺ سے اس روایت کو نقل فرماتے ہیں۔ آگے امام موصوف نے حدثنا احمد بن محمد انا عبداللہ بن مبارك عن معمر الخ سے روایت کی تخریج بھی فرمادی ہے۔ نیز فرمارہے ہیں کہ جس طرح یہ روایت معمر سے عبداللہ بن مبارک نے بغیر توسط عائشہؓ نقل کی ہے اسی طرح عبدالرزاق نے بھی اس کو مرسلاً نقل کیا ہے اور آخر میں فرمایا کہ ابن عیینہ کے مقابلہ میں عبداللہ بن مبارک اور عبدالرزاق کی روایت مرسل اصح ہے۔

الحاصل معمر کے تین شاگرد ہیں۔ ابن عیینہ انہوں نے تو روایت مرفوع یعنی بتوسط حضرت عائشہؓ نقل کی ہے اور ابن عیینہ کے بہت سے شاگردوں نے بھی اسی طرح نقل کیا ہے۔ دوسرے شاگرد عبداللہ بن مبارک ہیں اور تیسرے عبدالرزاق ان دونوں نے اس کو مرسل یعنی بغیر توسط حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے اور روایت مرسل ہے۔ موصوف اسی کو راجح اور اصح قرار دے رہے ہیں۔

رجال حدیث: یونس بن یزید ابی النجاد الایلی۔ یہ روایت کرتے ہیں عکرمہ۔ زہری' نافع' ہشام بن عروہ وغیرہ سے ان کے شاگرد اوزاعی' لیث' ابن المبارک' عمرو بن الحارث ابن وھب وغیرہ ہیں۔ اکثر علماء نے ان کی توثیق کی ہے ۱۵۹ھ میں انتقال فرمایا۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

☆......☆......☆

جامع الترمذی جلدِ ثانی کی
مفصل اردو شرح

دروسِ ترمذی

حصہ دوم

از
حضرت مولانا رئیس الدین صاحب مدظلہ
شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور (ہند)

مرتب
مولانا مفتی محمد علی حسن مظاہری
استاذ مظاہر علوم سہارنپور (ہند)

ناشر
مکتبۃ العلم
۱۸۔ اردو بازار لاہور پاکستان
Ph: 37231788 - 37211788

نام کتاب .... دروس ترمذی

مصنف .... حضرت مولانا رئیس الدین صاحب مدظلہ

ناشر .... خالد مقبول

مطبع .... آر۔ آر پرنٹرز

ملنے کے پتے

❖ مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ ☎ 37224228

❖ مکتبہ علوم اسلامیہ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار، لاہور ☎ 37221396

❖ مکتبہ جویریہ ۱۸۔ اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان ☎ 37211788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ نمبر
عرض مرتب	۱۷۴
کلمات طیبات	۱۷۵
ابواب البر والصلۃ الخ	۱۷۷
تحقیق الفاظ	۱۷۷
باب ماجاء فی بر الوالدین	۱۷۷
والدین کے حقوق	۱۷۸
آپؐ نے ماں کے بارے میں تین بار خدمت کا حکم کیوں فرمایا؟	۱۷۹
اشکال	۱۸۰
جواب	۱۸۰
دوسرا اشکال	۱۸۰
جواب	۱۸۰
اشکال	۱۸۱
جواب	۱۸۱
باب الفضل فی رضاء الوالدین	۱۸۱
والدین کی اطاعت وعدم اطاعت کا معیار	۱۸۲
والدین کے مطالبہ پر بیوی کو طلاق دینے کا حکم	۱۸۳
باب ماجاء فی عقوق الوالدین	۱۸۴
تطبیق بین الروایات	۱۸۴

مضمون	صفحہ نمبر
گناہ کی تعریف اور اس کے اقسام	۱۸۴
گناہ صغیرہ وکبیرہ کی مثال	۱۸۵
کبائر کی کوئی تحدید وتعیین ہے یا نہیں	۱۸۵
کبیرہ صغیرہ کی مختلف تعریفات	۱۸۵
حضور صلی اللہ علیہ وسلم شہادۃ الزور کے بیان پر کیوں بیٹھے؟	۱۸۷
ذریعہ معصیت بھی معصیت ہے	۱۸۸
باب ماجاء فی اکرام صدیق الوالد	۱۸۸
باب ماجاء فی بر الخالۃ	۱۸۹
تفسیر آیت شریفہ	۱۹۰
باب ماجاء فی دعاء الوالدین	۱۹۱
باب ماجاء فی حق الوالدین	۱۹۲
باب ماجاء فی قطعیۃ الرحم	۱۹۳
اقارب کے ساتھ صلہ رحمی کا کیا مطلب؟	۱۹۳
باب ماجاء فی حب الولد	۱۹۵
باب ماجاء فی رحمۃ الولد	۱۹۶
فائدہ	۱۹۷
باب ماجاء فی النفقۃ علی البنات	۱۹۷
اشکال	۲۰۰

مضمون	صفحہ نمبر
حضرت عائشہؓ کو تعجب کیوں ہوا؟	۲۰۰
باب ماجاء فی رحمۃ الیتیم وکفالتہ	۲۰۱
اشکال	۲۰۲
کافل یتیم کی آپ ﷺ سے مناسبت و خصوصیت	۲۰۳
باب ماجاء فی رحمۃ الصبیان	۲۰۴
روایت کا مطلب	۲۰۴
سوال	۲۰۵
جواب	۲۰۵
باب ماجاء فی رحمۃ الناس	۲۰۵
فائدہ	۲۰۸
باب ماجاء فی النصیحۃ	۲۰۸
تشریح حدیث	۲۰۸
نصیحت کا حکم	۲۰۹
حضرت جریرؓ کا عجیب واقعہ	۲۰۹
فائدہ	۲۱۰
باب ماجاء فی شفقۃ المسلم علی المسلم	۲۱۰
مسلمان کے مسلمان پر حقوق	۲۱۱
روایت کا مطلب	۲۱۲
روایت کا مطلب	۲۱۲
فوائد مستنبطہ من الحدیث	۲۱۳

مضمون	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی الستر علی المسلمین	۲۱۳
سوال، جواب	۲۱۴
تطبیق	۲۱۵
باب ماجاء فی الذب عن المسلم	۲۱۵
باب ماجاء فی کراہیۃ الھجرۃ	۲۱۶
حضرت عائشہؓ کے ہجران کی تاویل	۲۱۶
جواب	۲۱۶
باب ماجاء فی مواساۃ الاخ	۲۱۷
تحقیق الفاظ	۲۱۸
مہمان کے ساتھ انصاری صحابیؓ کا ایثار	۲۱۹
عبداللہ بن عمر کے ایثار کا واقعہ	۲۱۹
ابوعبیدہؓ اور معاذؓ بن جبل کا ایثار	۲۱۹
حقوق مواخاۃ	۲۲۰
باب ماجاء فی الغیبۃ	۲۲۰
غیبت کی حقیقت	۲۲۱
اسباب غیبت	۲۲۱
قرآن کریم میں غیبت کی حرمت کا بیان	۲۲۱
مغتاب بہ کے اعتبار سے غیبت عام ہے	۲۲۱
غیبت محل صدور کے اعتبار سے بھی عام ہے	۲۲۲
غیبت سننا بھی غیبت کرنے کے مثل ہے	۲۲۲
غیبت سے متعلق سخت وعیدیں	۲۲۲

مضمون	صفحہ نمبر
غیبت کا شرعی حکم	۲۲۲
غیبت کے مواقع رخصت	۲۲۲
باب مجاء فی الحسد	۲۲۳
حسد کی چند صورتیں	۲۲۳
اسباب حسد	۲۲۴
حسد کا نقصان	۲۲۴
روایت کا مطلب	۲۲۵
باب ماجاء فی التباغض	۲۲۵
حدیث شریف کا مطلب	۲۲۵
باب ماجاء فی اصلاح ذات البین	۲۲۶
جواز کذب فی الحدیث سے کیا مراد ہے؟	۲۲۷
باب ماجاء فی الخیانة والغش	۲۲۹
باب ماجاء فی حق الجوار	۲۳۰
پڑوسی کے حقوق	۲۳۱
پڑوسی کے حق کی ادائیگی کا عجیب واقعہ	۲۳۳
باب مجاء فی الاحسان الی الخادم	۲۳۳
غلاموں کے حقوق کی تاکید	۲۳۴
حقوق مملوک سے متعلق چند واقعات	۲۳۴
باب النهی عن ضرب الخدام وشتمهم	۲۳۵
باب ماجاء فی ادب الخادم	۲۳۷
باب ماجاء فی العفو عن الخادم	۲۳۷

مضمون	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی ادب الولد	۲۳۸
تادیب ولد صدقہ سے بہتر کیوں ہے؟	۲۳۸
ناصح بن علاء الکوفی	۲۳۹
باب ماجاء فی قبول الهدایة والمکافاة	
علیها	۲۴۰
ہدیہ کی شرائط	۲۴۰
باب ماجاء فی الشکر لمن احسن الیك	۲۴۱
حقیقت شکر	۲۴۱
باب ماجاء فی صنائع المعروف	۲۴۲
باب مجاء فی المنحة	۲۴۳
باب مجاء اماطة الاذی عن الطریق	۲۴۴
باب ماجاء ان المجالس بالامانة	۲۴۵
باب ماجاء فی السخاء	۲۴۶
سخاوت وبخل کی حقیقت	۲۴۶
روایت کا مطلب	۲۴۸
باب ماجاء فی البخل	۲۴۹
ترکیب نحوی	۲۵۰
البخل	۲۵۰
سوء الخلق	۲۵۰
روایت کا مطلب	۲۵۰
اشکال	۲۵۱

مضمون	صفحہ نمبر
فائدہ	۲۵۲
باب ماجاء فی النفقة علی الاهل	۲۵۲
باب ماجاء فی الضيافة وغاية الضيافة كم هو	۲۵۳
میزبانی واجب ہے یا نہیں	۲۵۴
باب ماجاء فی السعی علی الارملة واليتيم	۲۵۶
باب ماجاء فی طلاقة الوجه وحسن البشر	۲۵۷
باب ماجاء فی الصدق والكذب	۲۵۷
صدق کی حقیقت اور اسکے اقسام	۲۵۸
فضیلت صدق اور قباحت کذب	۲۵۸
باب ماجاء فی الفحش	۲۶۰
حسن اخلاق کی فضیلت قرآن وحدیث کی روشنی میں	۲۶۱
خوش خلقی کے بارے میں چند اقوال	۲۶۱
اخلاق حسنہ کی حقیقت	۲۶۱
باب ماجاء فی اللعنة	۲۶۲
لعنت کے اسباب ودرجات	۲۶۲
باب ماجاء فی تعلم النسب	۲۶۴
باب ماجاء فی دعوة الاخ لاخيه بظهر الغيب	۲۶۵
باب ماجاء فی الشتم	۲۶۵

مضمون	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی قول المعروف	۲۶۷
باب ماجاء فی فضل المملوك	۲۶۸
باب ماجاء فی معاشرة الناس	۲۷۰
تقویٰ کی حقیقت	۲۷۱
خوف خدا ہی انقلابی امر ہے	۲۷۱
باب ماجاء فی ظن السوء	۲۷۲
سوء ظن کی حرمت کی وجہ	۲۷۳
بدگمانی کا علاج	۲۷۳
سوال	۲۷۴
جواب	۲۷۴
باب ماجاء فی المزاح	۲۷۴
حضور ﷺ کی مزاح کے مزید واقعات	۲۷۷
باب ماجاء فی المراء	۲۷۷
جدال ومراء کے درمیان فرق	۲۷۸
جدال ومراء سے بچنے کا طریقہ	۲۷۸
باب ماجاء فی المداراة	۲۸۰
غیر مسلموں سے تعلقات کا معیار	۲۸۰
باب ماجاء فی الاقتصاد فی الحب والبغض	۲۸۱
باب ماجاء فی الكبر	۲۸۲
کبر، عجب اور ریا	۲۸۲
کبر اور تکبر کے مابین فرق اور ان کے اقسام	۲۸۲

مضمون	صفحہ نمبر
اسباب تکبر	۲۸۳
کبر کی مذمت	۲۸۳
نفس اور علق نفس کی معرفت کا بہترین مراقبہ	۲۸۳
باب ماجاء فی حسن الخلق	۲۸۸
تقویٰ کی حقیقت اور اس کے درجات	۲۹۰
تقویٰ کی برکات	۲۹۰
حسن الخلق	۲۹۱
الفم والفرج	۲۹۱
باب ماجاء فی الاحسان والعفو	۲۹۲
عمدہ لباس اور عمدہ غذائیں استعمال کرنا اسلام کے خلاف نہیں	۲۹۳
عادت سلف در لباس وغذا	۲۹۴
باب ماجاء فی زیارۃ الاخوان	۲۹۵
باب ماجاء فی الحیاء	۲۹۶
حیاء کے اقسام	۲۹۶
علامات شقاوت	۲۹۷
باب ماجاء فی التانی والعجلة	۲۹۸
جزء نبوت ہونے کا مطلب	۲۹۸
باب ماجاء فی الرفق	۳۰۰
باب ماجاء فی دعوۃ المظلوم	۳۰۱
باب ماجاء فی خلق النبی ﷺ	۳۰۱

مضمون	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی حسن العهد	۳۰۴
باب ماجاء فی معالی الاخلاق	۳۰۵
باب ماجاء فی اللعن والطعن	۳۰۶
باب ماجاء فی کثرۃ الغضب	۳۰۷
حضور ﷺ نے غصہ نہ کرنے کی نصیحت کیوں فرمائی؟	۳۰۷
حقیقت غضب	۳۰۸
محل غضب	۳۰۸
قوت غضب کے درجات	۳۰۸
غضب مذموم کے آثار	۳۰۸
اسباب غضب	۳۰۹
غصہ کا علاج	۳۰۹
باب ماجاء فی کظم الغیظ	۳۰۹
باب ماجاء فی اجلال الکبیر	۳۱۰
راوی کی تعیین	۳۱۱
باب ماجاء فی المتهاجرین	۳۱۱
فتح ابواب سے کیا مراد ہے	۳۱۱
باب ماجاء فی الصبر	۳۱۲
صبر کے معنی اور اسکے اقسام	۳۱۳
فضائل صبر	۳۱۳
باب ماجاء فی ذی الوجهین	۳۱۵

مضمون	صفحہ نمبر
فائدہ	۳۱۵
باب ماجاء فی النمام	۳۱۶
چغل خوری کی تعریف	۳۱۶
چغلی کے محرکات	۳۱۶
چغلخوری کی مذمت	۳۱۶
چغل خور کا علاج	۳۱۷
اقوال بزرگان	۳۱۷
ایک عبرت ناک واقعہ	۳۱۷
غیبت اور نمیمہ کے مابین فرق	۳۱۸
باب ماجاء فی العی	۳۱۸
باب ماجاء فی ان من البیان سحرا	۳۱۹
حضور ﷺ نے بعض بیان کو جادو کیوں فرمایا	۳۲۰
آپ ﷺ کا یہ فرمان بطور مدح ہے	۳۲۰
باب ماجاء فی التواضع	۳۲۱
تواضع کی فضیلت	۳۲۱
باب ماجاء فی الظلم	۳۲۲
الظلم ظلمات	۳۲۲
باب ماجاء فی ترک العیب للنعمة	۳۲۳
باب ماجاء فی تعظیم المؤمن	۳۲۳
باب ماجاء فی التجارب	۳۲۵
باب ماجاء فی المتشبع بمالم یعطه	۳۲۶
حضور ﷺ کے اس فرمان کا شان ورود	۳۲۷
باب ماجاء فی الثناء بالمعروف	۳۲۸
ابواب الطب عن رسول اللہ ﷺ	۳۲۸
طب کے لغوی واصطلاحی معنی	۳۲۸
طب کا موضوع	۳۲۹
علم طب کی ابتداء اور اس کی مختصر تاریخ	۳۲۹
تدوین علم طب	۳۳۰
قرآن وحدیث سے طب کا ثبوت	۳۳۰
باب ماجاء فی الحمیة	۳۳۱
خواص سلق (چقندر) سلق	۳۳۲
فائدہ	۳۳۳
باب ماجاء فی الدواء والحث علیه	۳۳۳
علاج محض سبب ہے	۳۳۳
اسباب کے اقسام	۳۳۴
دوسری قسم	۳۳۴
تیسری قسم	۳۳۴
فائدہ	۳۳۴
بڑھاپہ مرض لاعلاج کیوں ہے	۳۳۵
باب ماجاء فی مایطعم المریض	۳۳۵
باب ماجاء لاتکرهوا مرضاکم علی الطعام والشراب	۳۳۶

مضمون	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی الحبۃ السوداء	۳۳۷
باب ماجاء فی شرب ابوال الابل	۳۳۸
باب من قتل نفسہ بسم او غیرہ	۳۳۸
خودکشی حرام ہے	۳۳۸
خودکشی کیوں حرام ہے؟	۳۳۹
حدیث شریف کی توجیہات	۳۳۹
زہر کا شرعی حکم	۳۴۰
باب ماجاء فی کراھیۃ التداوی بالمسکر	۳۴۰
باب ماجاء فی السعوط وغیرہ	۳۴۱
مضمون روایت اور مختلف اعتراض وجوابات	۳۴۱
سرمہ کے فوائد اور اس کے استعمال کی تاکید	۳۴۲
باب ماجاء فی کراھیۃ الکی	۳۴۳
کی کا شرعی حکم	۳۴۳
باب ماجاء فی الرخصۃ فی ذلک	۳۴۴

عرضِ مرتب

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین امابعد:

حضرت الحاج مولانا رئیس الدین صاحب مدظلہ استاذ حدیث جامعہ مظاہر علوم وقف سہارنپور کے افادات درسیہ کا مجموعہ بنام ''انتخاب السنن فی شرح السنن المعروف بحل الترمذی'' (جزء اول) اپنے دونوں تاریخی ناموں کے ساتھ جب طبع ہوا تو اس کو اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی مقبولیت عطا فرمائی کہ تھوڑے ہی عرصہ میں اس کے کئی ایڈیشن شائع ہو گئے۔

یہ بات لائق صد شکر ومسرت ہے کہ علمی طبقہ میں اس کو بنظر استحسان دیکھا جا رہا ہے اور طلبہ علم حدیث اس سے کافی مستفع ہو رہے ہیں اللہ تعالیٰ اپنی بارگاہ میں اس کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور حضرت استاذ محترم مدظلہ کی عمر میں برکت عطا فرما کر ان کے فیوض کو عام وتام فرمائے۔

اب شدت انتظار کے بعد اس کا جزء ثانی آپ کے ہاتھ میں ہے جو ''ابواب البر'' سے شروع ہو کر ''ابواب الطب'' کے بعض حصہ پر مشتمل ہے۔

حضرت استاذ محترم نے اصل تقریر پر نظر ثانی فرمائی اور حذف واضافہ بھی فرمایا فشکر اللہ سعیھم۔

درس جامع ترمذی کے لئے رجال پر بحث ضروری ہے اس لئے ان کا مختصر تعارف حاشیہ میں لکھ دیا گیا ہے جو انشاء اللہ نہایت مفید ثابت ہوگا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کو مقبول ومبرور فرمائے اور مزید ابواب کی ترتیب وتشریح کی توفیق ارزاں فرمائے' آمین۔

احقر علی حسن غفرلہٗ نہٹوری
مدرس جامعہ مظاہر علوم سہارنپور
۱۳/ رجب المرجب ۱۴۲۱ھ

☆...☆...☆

کلماتِ طیبات

فقیہ الاسلام حضرت مولانا مفتی مظفر حسین صاحب مدظلہ العالی ناظم اعلیٰ جامعہ مظاہر علوم وقف سہارنپور

مبسملاً و محمدلاً و مصلیاً و مسلماً: اما بعد

شغف فی الحدیث ایسا مبارک شغل ہے جس کے لئے حق تعالیٰ شانہٗ ہر دور اور ہر زمانہ میں کچھ رجال مخصوص فرما کر ان کی سعادت پر مہر ثبت فرمادی ہے ایسے لوگ بموائے ارشاد رسول ﷺ نضر الله امرا سمع مقالتي فحفظها ووعاها واداها كما سمع دنیا و آخرت کی حقیقی کامیابی و کامرانی اور دائمی سرسبزی و شادابی کے مستحق ہیں یہی وجہ ہے کہ حضرات محدثین و علماء کرام نے ہر دور میں حدیث پاک کے ساتھ پورا پورا اعتناء فرمایا اور تدریس وتحدیث نیز تصنیف و تالیف کے ذریعہ حدیث پاک کی ایسی عظیم الشان، قوی البرہان، حیرت انگیز اور متنوع الانواع خدمت انجام دی جو سابقین اولین کا بہترین کارنامہ اور لاحقین و آخرین کیلئے نہایت روشن اور تابناک مشعل راہ ہے۔

یوں تو ایسے باکمال افراد و اشخاص لاتعد و لاتحصی ہیں اور حضرات صحابہؓ کے دور سے لے کے بعد کے محدثین تک ایک طویل فہرست ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ اس میدان میں جو مقام و مرتبہ اور شرف امتیاز حضرات ائمہ ستہ کو حاصل ہے وہ ان حضرات کا خاص شرف و امتیاز اور موہوب من اللہ فضل و کمال ہے یہ حضرات علم حدیث کے ایسے درخشندہ آفتاب و ماہتاب ہیں کہ دنیائے علم و عمل ان کے فیض منیر سے ہمیشہ مستفیض و مستنیر ہوتی رہے گی۔

ان ائمہ میں حضرت امام ترمذیؒ کی شان جداگانہ ہے آپ کو علم حدیث کے مختلف فنون کے جمع کرنے کے لحاظ سے جو امتیاز حاصل ہے اس میں آپ کا کوئی شریک و سہیم نہیں، حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ "ترمذی کی جامع ان کی کتابوں میں سے بہتر تصنیف ہے بلکہ متعدد وجوہ سے جمیع کتب حدیث سے احسن ہے"۔

اس مبارک کتاب کی عظمت و برکت، اہمیت و افادیت اور جداگانہ نوعیت کے سبب محدثین اور علماء کرام نے اس کے متعدد شروح و حواشی سپرد قلم فرمائے ہیں جن میں حافظ ابوبکر بن العربیؒ سے لے کر حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ اور حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا قدس سرہما العزیز تک بہت سے اہل قلم کے شاہکار عربی زبان کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہیں، تو بعض متاخرین علماء کے افادات اور درسی تقاریر اردو زبان کے لباس میں ملبوس ہیں اور اس طرح اردو عربی ہر زبان میں سنن سے متعلق کافی مواد موجود ہے، مگر اکثر جلد اول سے متعلق ہیں، اس لئے ضرورت تھی کہ کوئی مصنف جلد اول کی طرح جلد ثانی پر بھی قلم اٹھا کر شائقین تشنہ

لب کیلئے سامان تسکین بہم پہنچائے۔

الحمدللہ یہ کام ایک ایسے نوجوان فاضل کے حصہ میں آیا جو ایک طرف مرکز رشد و ہدایت جامعہ مظاہر علوم وقف سہارنپور کے سابق ناظم و روح رواں حجۃ اسلام مولانا محمد اسعد اللہ صاحب کے صحبت یافتہ وتربیت یافتہ ہیں تو دوسری طرف ایک مدت مدید گنگوہ کے جامعہ میں حدیث وتفسیر و دیگر علوم وفنون کی بہت سی کتابیں پڑھا کر اب عرصہ سے اپنی مادر علمی مظاہر علوم وقف کی آغوش رحمت میں تدریسی خدمات پر مامور اور تندہی کے ساتھ مصروف عمل ہیں "بضاعتنا ردت الینا"

پیش نظر مجموعہ "انتہاب المنن فی شرح السنن" ترمذی جلد ثانی کی تشریح وتوضیح ہے جو عزیز مکرم مولانا شمس الدین مظاہری کی درسی تعلیقات، اساتذہ کے افادات، ان کے سالہا سال کی محنت، جدوجہد اور جانفشانی کا نچوڑ ہے اور ان کے علوم کا امین ہے۔

نوجوان مرتب کے طرز نگارش نے ان کو تالیفی جامہ پہنا کر طلبائے عزیز کے لئے آسان تر بنادیا ہے اس طرح اب یہ مجموعہ انشاء اللہ العزیز اسھل و اقرب الی التناول ہے وذلك فضل الله يؤتيه من يشاء

اس مجموعہ کے اصل مسودہ کے جو بعض اوراق میری نظر سے گذرے ہیں میں نے ان کو مفید معلومات اور نفع بخش مشمولات پر حاوی پایا ہے جس کے پیش نظر مجھے یہ کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ انشاء اللہ یہ مجموعہ علم کے حلقہ میں استحسان کی نظر سے دیکھا جائیگا اور طلبائے عزیز کے لئے نافع اور مفید ثابت ہوگا۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ ہو، اخیر میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالی اس سعی و کاوش کو مقبول ومبرور فرمائے اور بہمہ نوع ترقیات ظاہرہ و باطنہ سے نوازے۔

العبد

مظفر حسین مظاہری ۶/۷/۱۴۱۹ھ

☆......☆......☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَبْوَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

البرّ بکسر الباء وتشدید الراء ازباب نصر و ضرب بربیر' برا و مبرة معناہ حسن سلوک کرنا' خدمت کرنا' احسان کرنا' اور باب سمع وضرب سے بربیر برا وبرارة وبرورة اس کے معنی سچ بولنا' اطاعت کرنا' قسم پوری ہونا اور نیک دلی وغیرہ کے ہیں۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ بر کے معنی حسن الخلق مع الخلق بامر الحق ومداراة الخلق و مراعاة الحق کے ہیں یعنی مخلوق کے ساتھ اچھے اخلاق اور مدارات کے ساتھ اس طرح پیش آنا جس طرح اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے اور بعض حضرات فرماتے ہیں حدیث شریف میں بر متعدد معانی میں مستعمل ہے بعض مواقع میں اسکے معنی اطمینانِ قلب ونفس کے ہیں اور بعض احادیث میں اس سے مراد احسان ہے اور بعض جگہ بر کے معنی مایقرب الی اللہ کے ہیں یعنی ایسا قول وفعل جو اللہ کے قرب کا ذریعہ بنے۔

یہاں مراد یہ ہے کہ مخلوق کے ساتھ حسن سلوک ہو خواہ مخلوق سے رنج وغم بھی پہنچتا ہو مگر غیظ وغضب پر قابو پا کر ان کے ساتھ خندہ پیشانی اور شیریں کلامی کے ساتھ پیش آنا بعض محققین فرماتے ہیں لفظ بر انتہائی جامع لفظ ہے جو مختلف طاعات اور اعمال مقربات کو شامل ہے جن کا خلاصہ حسن الخلق ہے پھر حسن الخلق کی دو قسمیں ہیں (۱) حسن الخلق مع الخلق یعنی مخلوق الٰہی کے ساتھ حسن معاشرت ہو (۲) حسن الخلق مع الخالق وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کے جملہ فرائض وحقوق کو اچھی طرح بجالائے اور اس بات کا یقین رکھے کہ جو کچھ وہ عبادات کرتا ہے اللہ تعالیٰ کے انعامات کے مقابلہ میں وہ ناقص ہیں۔ الحاصل بر کی تفسیر حسن الخلق مع الخلق و الخالق سے کی گئی ہے جو بے شمار انواع کو حاوی اور شامل ہے۔

الصلة:۔ یہ باب ضرب یضرب سے ہے اس کی اصل الوصل ہے جس کے معنی ملانا' جوڑنا' جمع کرنا' احسان کرنا' نیکی کرنا' رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرنا' مہربانی کرنا نیز صلہ بمعنی احسان' عطیہ' اور انعام بھی ہے' اس کی جمع صلات آتی ہے۔ صلة الرحم احسان الی الاقربین سے کنایہ ہے اقربین خواہ نسبی ہوں یا صہری یہاں مراد اپنے اعزہ واقرباء کے ساتھ حسن سلوک اور نرم برتاؤ کرنا' اور ان کے احوال کی خبر گیری کرنا اگر چہ وہ تمہارے ساتھ بدسلوکی سے پیش آئیں کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم واحسن الی من اساء الیك وکذا قال علیه السلام لیس الواصل بالمکافی ولکن الواصل من اذا انقطعت رحمة وصلها یعنی کوئی عزیز قطع رحمی کرے مگر اس کے ساتھ صلہ رحمی کا برتاؤ کرنا ہی کامل صلہ رحمی ہے اگر صلہ رحمی کرنے والے کے ساتھ صلہ رحمی کی تو یہ بدلہ ہوگا کامل صلہ رحمی شمار نہیں کی جائیگی' بہر حال صلہ رحمی مطلقاً احسان الی الاقربین کا نام ہے خواہ ان کا سلوک کسی طرح کا بھی ہو۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ بِرِّ الْوَالِدَيْنِ

یہ باب ان روایات کے بارے میں ہے جو والدین کے ساتھ حسن سلوک کے سلسلہ میں مروی ہیں۔

والدین کے ساتھ حسن سلوک افضل قربات اور حقوق مؤکدہ میں سے ہے' یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت کے حکم کے

بعد ہی والدین کی اطاعت وفرمانبرداری کومختلف مقامات پر بیان فرمایا ہے۔ واذاخذنا میثاق بنی اسرائیل لا تعبدون الا اللہ وبالوالدین احساناً الایۃ" وکما قال تعالیٰ "وقضی ربك ان لاتعبدوا الا ایاہ وبالوالدین احساناً الایۃ" اسی طرح روایات میں بھی والدین کے ساتھ حسن سلوک کے سلسلہ میں بہت ترغیب وارد ہوئی ہیں چنانچہ امام ترمذیؒ نے مختلف ابواب قائم کر کے ان حقوق کو تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔

والدین کے حقوق:۔ (۱) امورِ مباحہ میں والدین کی اطاعت کرنا خواہ وہ مشرکین ہی کیوں نہ ہوں (۲) اپنے نسب کو انہی کی طرف منسوب کرنا کسی اور کی طرف اپنے نسب کی نسبت کرنا جائز نہیں ہے (۳) انکی خدمت خود کرنا کسی دوسرے کے حوالے نہ کرنا (۴) ان کے ساتھ نرمی سے کلام کرنا (۵) ان کی آواز پر اپنی آواز کو بلند نہ کرنا (۶) ان کو کسی قسم کی تکلیف وایذاء نہ پہنچانا (۷) ان کے ساتھ تواضع سے پیش آنا (۸) ان پر مال خرچ کرنا اللہ تعالیٰ ایسے مال کا حساب نہیں لے گا (۹) ان کی طرف محبت و رأفت کی نظر سے دیکھنا اس پر حج مبرور کا ثواب ملتا ہے (۱۰) ان کی اجازت کے بغیر جہاد حج اور طلب علم کے لئے نہ جانا (۱۱) ان کی خدمت سے گریز نہ کرنا خواہ وہ مشرک ہی کیوں نہ ہوں (۱۲) ان کے آگے نہ چلنا (۱۳) ان کے سامنے مجلس کے صدر مقام پر نہ بیٹھنا (۱۴) ان کا نام لیکر نہ پکارنا (۱۵) کسی کے والدین کو برا نہ کہنا اس لئے کہ وہ سبب ہوگا اپنے والدین کو برا کہلانے کا (۱۶) ان کو غیظ وغضب کی نظر سے نہ دیکھنا (۱۷) ان کے اعزہ واقرباء کے ساتھ حسن سلوک کرنا (۱۸) ان کے احباب کے ساتھ عظمت و خدمت کا برتاؤ کرنا (۱۹) ان کے انتقال پر تجہیز وتکفین کا نظم کرنا (۲۰) ان کی نمازِ جنازہ پڑھنا (۲۱) ان کے وعدوں اور جائز وصیتوں کو نافذ کرنا (۲۲) ان کے لیے صدقہ وخیرات کرنا (۲۳) ان کی قبر کی زیارت کرنا (۲۴) ان کے لیے برابر دعاء خیر کرتے رہنا (۲۵) ان کے لیے استغفار کرنا اگر وہ مسلمان ہوں (۲۶) اگر کوئی شاعر وغیرہ ان کی برائی اور ہجو کرے تو حتی المقدور اس کی بندش کا نظم کرنا (۲۷) اگر کوئی انکی تعریف کرے تو اس کا حق ادا کرنا (۲۸) ان کے سامنے اس طرح رہنا جیسے کوئی تابعدار غلام اپنے بداخلاق مالک کے سامنے رہتا ہے۔

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا بَهْزُ بْنُ حَكِيْمٍ ثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ أَبَرُّ قَالَ أُمَّكَ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمَّكَ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمَّكَ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ أَبَاكَ ثُمَّ الْأَقْرَبَ فَالْأَقْرَبَ

ترجمہ:۔ بہز بن حکیم کے دادا معاویہؓ بن حیدہ القشیری فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے معلوم کیا کہ کس کے ساتھ حسن سلوک کروں تو آپ ﷺ نے فرمایا ماں کے ساتھ پھر میں نے پوچھا اس کے بعد کس کے ساتھ تو فرمایا ماں کے ساتھ میں نے پھر معلوم کیا کہ کس کے ساتھ فرمایا ماں کے ساتھ پھر میں نے پوچھا کس کے ساتھ فرمایا باپ کے ساتھ پھر جس سے رشتہ جس قدر قریب ہو اس کے ساتھ حسن سلوک کرو۔

والدین کے ساتھ حسن سلوک اہم قربات میں سے ہے جیسا کہ قرآن کریم اور احادیث شریفہ میں بکثرت اس کی تاکید اور ترغیب وارد ہے۔

بهز بن حكيم بن معاوية القشيري ابوعبدالله صدوق من السادسة قبل الستين۔ ابي حكيم بن معاوية القشيري من الثالثة جدي معاوية بن حيدة القشيري صحابي نزل بالبصرة ومات بخراسان ۱۲ تقریب۔

آپ ﷺ نے ماں کے بارے میں تین بار خدمت کا حکم کیوں فرمایا؟

حضرات علماء نے اس کی مختلف وجوہ بیان فرمائی ہیں (اول) ماں کے پیروں کے نیچے جنت ہے کما قال النبی ﷺ الجنة تحت اقدام الامهات (دوم) اولاد کو ماں سے زیادہ تعلق ہوتا ہے بسا اوقات اس ناز کی وجہ سے ماں کی خدمت میں تساہل وغفلت ہوجاتی ہے (سوم) ماں بعض اعتبار سے باپ سے منفرد ہے مثلاً صعوبت حمل صعوبت وضع حمل صعوبت رضاع یہ تینوں مشقتیں ایسی ہیں کہ باپ اس کے ساتھ شریک نہیں ہے لہٰذا ان کا تقاضا یہ ہے کہ حق خدمت میں ماں کو باپ پر تقدم ہونا ہی چاہیے چنانچہ فتاویٰ عالمگیری میں ہے کہ اگر ماں اور باپ کے حقوق ادا کرنے میں ایسی صورت پیش آجائے کہ ایک کی رعایت کرنے سے دوسرے کو تکلیف ہوتی ہو تو حق خدمت میں ماں مقدم ہے اور حق احترام وعظمت میں باپ مقدم ہے مثلاً ماں باپ پانی طلب کریں اور کوئی ان میں سے آگے بڑھ کر لینے والا نہیں ہے تو بیٹے کو چاہیے کہ اولاً ماں کو پیش کرے (هكذا في القنية) (چہارم) اگر غور کیا جائے تو بچے کی پرورش میں مجموعی طور پر ماں زیادہ مشقت برداشت کرتی ہے کہ مختلف مصائب اسکے سامنے آتے ہیں اس لیے ماں کی خدمت اور اس کے ساتھ حسن سلوک کو آپ ﷺ نے زیادہ اہمیت دی ہے۔

الاقرب فالاقرب: واضح رہے کہ قرابت جس قدر زیادہ قریب ہوگی اسی اعتبار سے حقوق بھی زیادہ ہونگے تمام قرابتوں میں ولادت کی قرابت سب سے زیادہ اہم اور پائیدار ہے اس وجہ سے اس کے حقوق بھی دوسری قرابتوں سے زیادہ ہیں کما هو ظاهر جن کی تفصیل آئندہ ابواب میں آرہی ہے۔

هذا حديث حسن: اخرجه ابوداؤد۔

وقد تكلم شعبة في بهز بن حكيم وهو ثقة: یعنی بہز بن حکیم کے بارے میں اگرچہ شعبہؒ نے کلام کیا ہے مگر حضرات محدثین کے نزدیک وہ ثقہ ہیں ان سے ائمہ ثقات معمر، سفیان ثوری، حماد بن سلمہ وغیرہ حفاظ حدیث نے روایات نقل کی ہیں۔

بهز بن حكيم: بفتح الباء الموحدة و سكون الهاء ثم زاء ابن حکیم بن معاویہ بن حیدہ القشیری البصری ان کے دادا معاویہ صحابی ہیں بصرہ میں رہے اور خراسان میں وصال فرمایا بہز کے بارے میں علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ ابن مدینی، یحییٰ بن معین، نسائی نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے اسی طرح ابوزرعہ فرماتے ہیں کہ صالح بن عدی نے فرمایا "لم ارله حديثا منكراً ولم اراحداً من الثقات يختلف في الرواية عنه" ابوداؤد فرماتے ہیں "هو عندي حجة" البتہ بعض اہل علم نے ان کے بارے میں جرحاً و تعدیلاً اختلاف بھی ذکر کیا ہے۔

وفي الباب: عن ابی هریرةؓ اخرجه البخاري و مسلم و عبدالله بن عمرؓ و اخرجه النسائي والدارمي و عائشةؓ اخرجه البغوي والبيهقي وابي الدرداءؓ اخرجه الترمذي۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ الْعَيْزَارِ عَنْ اَبِيْ عَمْرِو نِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ الصَّلٰوةُ لِمِيْقَاتِهَا قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ سَكَتَ عَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَلَوِ اسْتَزَدْتُهٗ لَزَادَنِيْ۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ اعمال میں سے کونسا عمل افضل ہے فرمایا مستحب وقت پر نماز پڑھنا پھر میں نے کہا اس کے بعد؟ فرمایا والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا پھر پوچھا اسکے بعد؟ فرمایا کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنا پھر آپ خاموش ہوگئے اگر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مزید سوال کرتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور جواب دیتے۔

اشکال: ای الاعمال افضل کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مختلف جوابات مروی ہیں کسی روایت میں "الصلوة لميقاتها" کسی روایت میں "الایمان باللہ" اور کسی میں "الجهاد في سبيل الله" وغیرہ جوابات مروی ہیں لہٰذا ان کے درمیان تعارض ہوگیا اس کے متعدد جوابات دیئے گئے ہیں۔

جواب: (۱) ممکن ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سائلین کے احوال کو ملحوظ رکھتے ہوئے مختلف جوابات عنایت فرمائے ہوں مثلاً سائل کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا کہ وہ نماز میں کوتاہی کرتا ہے تو اسکو فرمایا کہ افضل عمل وقت پر نماز پڑھنا ہے (۲) ممکن ہے اختلاف جواب اختلاف زمان کی بناء پر ہو کہ جہاد کے زمانہ میں سوال کرنے والے کے لیے "افضل الاعمال جہاد" ہے (۳) اختلاف مکان کی بناء پر ہے مثلاً حرم شریف میں افضل الاعمال کا جواب طواف ہوگا۔ (۴) علامہ ابن دقیق العید فرماتے ہیں کہ ممکن ہے اختلاف جواب اعمال بدنیہ اور اعمال قلبیہ سے متعلق ہو یعنی اعمال بدنیہ میں نماز افضل الاعمال ہے اور قلبیہ میں ایمان باللہ لہٰذا کوئی تعارض نہیں رہا۔ (۵) حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں کہ دراصل سوال کے الفاظ بھی مختلف ہیں اس لیے جوابات بھی مختلف ہیں مثلاً بعض روایات میں ای العمل احب اور بعض میں ای الاعمال افضل اور بعض میں ای العمل خیر وارد ہے اس اختلاف سوال کی وجہ سے جواب میں بھی اختلاف ہے۔ والیہ ذهب الشيخ محي الدين ابن العربي الاندلسي و كذا الحافظ ابن تيمية ايضاً ممن ينفي الترادف بين الكلمات۔

دوسرا اشکال: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان باللہ کو ذکر نہیں فرمایا حالانکہ ایمان باللہ تمام اعمال سے علی الاطلاق افضل ہے۔

جواب: (۱) ممکن ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مخاطب کی فہم پر اعتماد کرتے ہوئے اسکو ذکر نہ فرمایا ہو کیونکہ اسکے افضل اعمال ہونے کو سبھی جانتے ہیں لہٰذا اس کے ذکر کی حاجت نہیں (۲) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ دراصل راوی نے اعمال جوارح کے بارے میں سوال کیا تھا اور ایمان اعمال قلب میں سے ہے (۳) بعض فرماتے ہیں دراصل افضل اسم تفضیل اپنے معنی میں نہیں ہے بلکہ مطلق ذی الفضل کے معنی میں ہے (۴) بعض نے فرمایا کہ اس میں لفظ "من" محذوف ہے اور تقدیر عبارت میں افضل الاعمال یعنی منجملہ افضل اعمال کے افضل عمل الصلوة لميقاتها ہے فلا اشکال۔

الصلوة لميقاتها: بخاری و مسلم کی روایت میں لوقتها اور على وقتها واقع ہے دار قطنی، حاکم اور بیہقی کی روایت میں لاول وقتها ہے علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ في اول وقتها کے لفظ والی روایت ضعیف ہے۔ ثم ماذا علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہاں ثم تراخی مرتبہ کیلئے ہے نہ کہ تراخی زمان کے لیے اب معنی یہ ہوئے کہ نماز کے بعد افضل الاعمال کونسا عمل ہے۔

المسعودي هو عبدالرحمن بن عبدالله بن عتبة بن مسعود صدوق استشهد به البخاري و تكلم به غير واحد اختلط قبل موته' وليد بن العيزار بن حريث العبدي الكوفي ثقة من الخامسة' ابو عمر والشيباني بالشين المعجمة الكوفي روى عن عليؓ و ابن مسعودؓ و ثقه ابن معين مات ۹۵ھ وهو ابن مائة وعشرين سنة ابن مسعودؓ هو عبدالله بن مسعود بن غافل هو من السابقين الاولين اسلم بمكة قديماً وهاجر الهجرتين وشاهد المشاهد كلها والمرويات منه' ۸۴۸ مات ۳۲ھ۔

بـرالـوالـديـن: یعنی والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ حدیث قرآن کریم کی آیت شریفہ "ان اشكرلي ولو الديك" کی تفسیر ہے اور ابن عیینہؒ فرماتے ہیں کہ من صلى الصلوات الخمس فقد شكر الله ومن دعا لوالديه عقبها فقد شكر لهما۔

الجهاد في سبيل الله: یعنی اللہ کے راستہ میں جہاد بھی افضل اعمال میں سے ہے۔

اشکال: دیگر اعمال سے اسکو مؤخر کیوں فرمایا جبکہ یہ افضل ترین عمل ہے۔

جواب: (۱) ابن بزیزہ فرماتے ہیں کہ جہاد چونکہ ہر وقت فرض نہیں بخلاف صلوۃ اور برالوالدین کے کہ یہ دونوں اکثر اوقات میں نہایت اوکد اور واجب ہیں نیز ان دونوں امر پر محافظت اور مداومت انتہائی سخت ہے کما قال تعالی "وانها لكبيرة الاعلى الخاشعين"۔ لہٰذا جو شخص ان پر مواظبت کرے گا وہ یقیناً جہاد فی سبیل اللہ کے لیے تیار و مستعد رہے گا اس لئے جہاد فی سبیل اللہ کو مؤخر اور الصلوۃ لمیقاتها و برالوالدین کو مقدم فرمایا ہے۔ (۲) علامہ ابن التین فرماتے ہیں کہ ممکن ہے کہ کوئی شخص والدین کی خدمت کو مکافات اور بدلہ سمجھے تو آپ ﷺ نے بـر الـوالـديـن کو مقدم ذکر کر کے اس کی اہمیت و فضیلت کو بیان فرمادیا کہ یہ صرف مکافات ہی نہیں بلکہ اس کی مواظبت بہت بڑی فضیلت ہے (۳) حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ دراصل جہاد بر الوالدین پر موقوف ہے کہ بغیر والدین کی اجازت کے جہاد میں جانا جائز نہیں ہے کما ورد في الحديث۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان وابو داؤد والنسائي وقد رواه الشيباني الخ موصوف فرماتے ہیں کہ ولید بن العیزار سے جس طرح اس روایت کو مسعودی نے نقل کیا ہے اسی طرح سلیمان بن ابی سلیمان الشیبانی اور شعبہ نے بھی ان سے روایت نقل کی ہے اس کے بعد فرماتے ہیں کہ یہ روایت متعدد طرق سے عن ابی عمرو الشيباني عن ابن مسعودؓ منقول ہے اور ابو عمرو الشیبانی کا نام سعد بن ایاس ہے۔

بَابُ الْفَضْلِ فِي رِضَاءِ الْوَالِدَيْنِ

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِي عَبْدِالرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ اِنَّ رَجُلاً اَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ لِي اِمْرَاَةً وَاِنَّ اُمِّي تَاْمُرُنِي بِطَلَاقِهَا فَقَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اَلْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَاِنْ شِئْتَ فَاَضِعْ ذٰلِكَ الْبَابَ اَوِ احْفَظْهُ وَرُبَّمَا قَالَ اِنَّ اُمِّي وَرُبَّمَا قَالَ اَبِي۔

ترجمہ: ابودرداء رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ان کے پاس ایک شخص آیا اس نے کہا کہ بیشک میری ایک بیوی ہے اور میری ماں مجھے اسکو طلاق دینے کا حکم دیتی ہے پس کہا ابودرداءؓ نے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا کہ والد جنت کے دروازوں میں سے بہترین دروازہ ہے اگر تو چاہے تو اسکو ضائع کردے یا اس کی حفاظت کر بعض مرتبہ سفیان نے امی کہا اور بعض مرتبہ ابی (یعنی میرے باپ اس کو طلاق کا حکم دیتے ہیں)۔

ابو عبدالرحمن السلمي عبدالله بن حبيب بن ربيعة بفتح الموحدة و تشديد الياء الكوفي المقرئ مشهور بكنيته ثقة ثبت من الثانية بعد ۷۰ھ

ابوالدرداء اسمه عويمر بن زيد بن قيس الانصاري مختلف في اسم ابيه وانما هو مشهور بكنيته وقيل اسمه عامر و عويمر لقب صحابي جليل اول مشاهده أحد و كان عابدا مات في آخر خلافة عثمانؓ وقيل عاش بعد ذالك۔

ان رجلا اتـاه. ممکن ہے اس سے مراد معاویہ بن حیدہ ہوں' الوالد اس سے مراد جنس ہے اور والدہ بھی اس حکم میں داخل ہے۔
اوسط ابواب الجنة: قاضی فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ باپ جنت کے دروازوں میں سے بہترین اور عمدہ دروازہ ہے یعنی جنت کے اعلیٰ درجات حاصل کرنے کے لیے والد کی اطاعت اور فرمانبرداری بہترین ذریعہ ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ روایت کے معنی یہ ہیں جنت میں مختلف دروازے ہیں ان میں دخول کے لحاظ سے سب سے احسن دروازہ اوسط ہے اور اوسط دروازے سے داخل ہونے کے لیے سب سے بہتر وسیلہ والد کے حقوق کی محافظت اور نگہداشت ہے۔
روایت سے معلوم ہوا کہ والدین کے حقوق کی ادائیگی سے انسان جنت کے اعلیٰ مقام کو حاصل کر سکتا ہے اور اگر ان کے حقوق کی رعایت نہ کی اور انکی خدمت سے گریز کیا یا حقوق کو پامال کیا تو اس نے دخول جنت کے بہترین ذریعہ کو ضائع کر دیا ایسا شخص جنت میں نہیں جائیگا نیز روایت سے معلوم ہوا کہ اگر والدین بیوی کو طلاق دینے کا حکم فرمادیں تو ان کی اطاعت کرنی چاہیے۔ مگر اس مسئلہ میں تفصیل ہے۔

والدین کی اطاعت وعدم اطاعت کا معیار

بہت سے لوگ تو والدین کے حقوق میں تفریط (کمی) کرتے ہیں اور اس کا وبال اپنے سر مول لیتے ہیں اسی طرح بہت سے لوگ افراط کرتے ہیں کہ والدین کی اس قدر اطاعت کرتے ہیں کہ دوسرے اصحاب حقوق مثلاً بیوی اور اولاد کے حقوق تلف کر دیتے ہیں جس سے ان نصوص کی خلاف ورزی لازم آتی ہے جن میں ان کے حقوق کی نگہداشت کا حکم دیا گیا ہے اور بعض لوگ حقوق غیر واجبہ کو واجب سمجھ کر ان کو ادا کرنے کی کوشش کرتے ہیں بسا اوقات ان کا تحمل نہیں ہوتا تو تنگ ہو جاتے ہیں اور وسوسہ پیدا ہونے لگتا ہے۔ بعض احکام شرعیہ میں ناقابل برداشت سختی ہوتو اس سے دوسرے صاحب حق یعنی نفس کے حقوق ضائع ہوتے ہیں ان خرابیوں سے بچنے کیلئے حقوق واجبہ اور غیر واجبہ میں امتیاز ناگزیر ہے جس کے لیے چند اصول کا جاننا ضروری ہے۔
(اول) جو امر شرعی ہو اور والدین اس سے منع کریں تو اس میں انکی اطاعت ضروری نہیں بلکہ جائز ہی نہیں مثلاً مالی حالت بہت کمزور ہے ماں باپ کی خدمت میں زیادہ دولت لگنے کی وجہ سے بچوں کو تکلیف ہوگی یعنی ان کے حقوق واجبہ ضائع ہو نگے ایسی صورت میں بیوی بچوں کو تکلیف دیکر ماں باپ پر زیادہ مال خرچ کرنا جائز نہیں ہے یا مثلاً بیوی شوہر کے والدین سے علیحدہ رہنا چاہے اور ماں باپ اس کو ساتھ رکھنے کیلئے کہیں تو شوہر کیلئے جائز نہیں کہ بیوی کو اسکی مرضی کے بغیر علی الرغم اپنے والدین کے ساتھ ہی رکھے یا مثلاً والدین حج فرض اور بقدر فرض طلب علم کیلئے نہ جانے دیں تو اس میں بھی ان کی اطاعت جائز نہیں ہے' (دوم) جو امر شرعاً ناجائز ہو والدین اسکے کرنے کا حکم دیں تو والدین کی اطاعت جائز نہیں مثلاً کسی ناجائز ملازمت کا حکم دیں یا رسوم جاہلیت اختیار کرنے کو کہیں اور کسی ناجائز کام کا حکم کریں تو ان کی اطاعت واجب نہیں ہے (سوم) جو امر شرعاً نہ واجب ہے اور نہ ممنوع ہے بلکہ مباح و مستحب ہے اور ماں باپ اس کے کرنے یا نہ کرنے کا حکم کریں تو اس میں تفصیل ہے اگر اس امر کی اس شخص کو ایسی ضرورت ہو کہ اس کے بغیر تکلیف ہوگی مثلاً غریب آدمی ہے اس کی بستی میں کمائی کی کوئی صورت نہیں اور والدین اس کو کام کرنے کیلئے باہر جانے سے روکتے ہیں تو اس میں ماں باپ کی اطاعت ضروری نہیں ہے البتہ اس کام میں خطرہ ہو اور باہر جانے سے اس کے غائب ہو جانے کا یا بے سروسامانی کی

وجہ سے والدین کو تکلیف پہنچنے کا خطرہ ہے تو انکی مخالفت جائز نہیں اور اگر دونوں باتوں میں سے کوئی بات نہ ہو یعنی اس کام یا سفر میں نہ اسکو کوئی خطرہ ہے اور نہ والدین کی تکلیف ومشقت کا قوی احتمال ہے تو باوجود والدین کی ممانعت کے اس کام کو کرنے کی اجازت ہے۔ اگرچہ مستحب یہی ہے کہ اس وقت بھی انکی اطاعت کرے۔

والدین کے مطالبہ پر بیوی کو طلاق دینے کا حکم: اگر والدین کو بیوی سے حقیقۃً تکلیف وایذا پہونچتی ہے اور والدین مظلوم ہوں اگر کسی اور تدبیر سے بیوی نہ مانے تو والدین کے حکم سے بیوی کو بطور تنبیہ شرعی قاعدہ کے مطابق ایک طلاق دینا جائز ہے اور اگر بیوی سے والدین کو واقعی کوئی تکلیف نہیں اور خواہ مخواہ طلاق کا حکم دے رہے ہیں تو اس صورت میں والدین کے حکم کی اطاعت جائز نہیں بلکہ ظلم ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک طلاق بہت ناپسندیدہ چیز ہے جس کو شدید مجبوری میں جائز رکھا گیا ہے اسلیے بلاعذر شرعی طلاق دینا عورت پر ظلم اور مکروہ تحریمی ہے نکاح وصائل کیلئے موضوع ہے بلاوجہ فراق کیسے جائز ہو سکتا ہے۔

هذا حديث صحيح: اخرجه ابن ماجه وابن حبان وابو داؤد الطيالسي و الحاكم۔

حَدَّثَنَا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ ثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رِضَاءُ الرَّبِّ فِي رِضَا الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِي سَخَطِ الْوَالِدِ۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمروؓ آپ ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا رب تعالیٰ کی رضامندی والد کی رضامندی میں ہے اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی والد کی ناراضگی میں ہے۔

طبرانی نے اس روایت کو نقل کیا ہے ان الفاظ "رضا الرب في رضا الوالدين وسخطه في سخطهما" میں ترمذی کی روایت میں والد سے مراد والدہ بھی ہے بناء والدہ بدرجہ اولیٰ اس کے تحت داخل ہے۔ یا یہ کہا جائے کہ والد فاعل ذو کذا ہے مثل لابن وتامر کے لہٰذا والد کے معنی ہوئے ولد والا اور یہ والد و والدہ دونوں کو شامل ہے۔ بظاہر یہاں وہم ہوتا ہے کہ ہر کام والدین کی رضامندی پر موقوف ہے ورنہ گناہ ہوگا حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ جن امور میں والدین کی اطاعت لازم وضروری ہے ان میں کوتاہی کرنا اللہ کی ناراضگی کا سبب ہے اور حقوق ضروریہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے نافرمان شمار ہوگا۔ **کما مر تفصیله۔**

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَهٰذَا أَصَحُّ: امام ترمذیؒ کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ جس طرح یہ روایت بطریق خالد بن الحارث عن شعبہ مرفوعاً مروی ہے اسی طرح بطریق محمد بن جعفر عن شعبہ موقوفاً عن عبداللہ بن عمرو بھی مروی ہے اور یہی اصح ہے یعنی مرفوع کے مقابلہ میں موقوف اصح ہے مگر ابن حبان نے اسکو مرفوعاً نقل کیا ہے نیز حاکم نے بھی اس کی تخریج کی ہے اور فرمایا صحیح علی شرط مسلم۔

ولا نعلم رفعه احد غير خالد بن الحارث: امام موصوف یہ بھی فرماتے ہیں کہ خالد بن الحارث کے علاوہ کسی دوسرے راوی نے اس

ابو حفص عمرو بن علي بن بحر كنيزبهون وزا الفلاس الصيرفي الباهلي البصري ثقة حافظ من العاشرة مات ۲۴۹ھ يعلى بن عطاء العامري ويقال الليثي الطائفي ثقة من الرابعة ۱۲۰ او بعدها ابيه عطاء بن يزيد الليثي المدني نزيل الشام ثقة من الثالثة ۱۰۵ھ وقد جاوز الثمانين عبدالله بن عمرو بن العاص هو صحابي مشهور احد السابقين الاولين من المكثرين واحد العبادلة الفقهاء مات في ذي الحجة ليالي الحرة على الاصح بالطائف ۱۲۔

کو مرفوعاً نقل نہیں کیا ہے اور خالد بن الحارث ثقہ مامون معتبر راوی ہے محمد بن مثنیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے بصرہ میں خالد بن الحارث جیسا کسی کو نہیں دیکھا اور کوفہ میں عبداللہ بن ادریس جیسا نہیں دیکھا معلوم ہوا کہ امام موصوف کے نزدیک گو طریق موقوف اصح ہے مگر طریق مرفوع بھی صحیح ہے اسلئے کہ اسکے رواۃ بھی معتبر ہیں۔

وفي الباب عن ابن مسعودؓ اخرجه الترمذی فی الباب المتقدم مگر صراحۃً ابن مسعودؓ کی روایت مطابقۃً للباب نہیں ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ عُقُوْقِ الْوَالِدَيْنِ

عقوق: عق يعق عقوقا: بمعنی قطع کرنا اس سے مراد ایسے قول وفعل کا صادر ہونا جس سے والدین کو تکلیف پہنچے اور انکے حکم کی نافرمانی ہو۔

حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ ثَنَا بِشْرُبْنُ الْمُفَضَّلِ ثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلَا اُحَدِّثُكُمْ بِاَكْبَرِ الْكَبَائِرِ قَالُوْا بَلٰى قَالَ اَلْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ قَالَ وَجَلَسَ وَكَانَ مُتَّكِئًا قَالَ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ اَوْ قَوْلُ الزُّوْرِ فَمَا زَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْنَا لَيْتَهٗ سَكَتَ۔

ترجمہ:۔ عبدالرحمٰن بن ابی بکرہؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تم کو سب سے بڑے گناہوں کے بارے میں نہ بتاؤں تو صحابہ نے کہا ضرور بتایئے تو آپ ﷺ نے فرمایا سب سے بڑا گناہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا اور والدین کی نافرمانی کرنا ہے راوی نے کہا! اور آپ ﷺ سیدھے بیٹھ گئے حالانکہ آپ ﷺ پہلے تکیہ لگائے ہوئے تھے فرمایا اور جھوٹی شہادت یا جھوٹی بات اور آپ ﷺ شهادة الزور یا قول الزور بار بار فرماتے رہے یہاں تک کہ ہم نے تمنا کی کہ آپ ﷺ خاموش ہو جائیں۔

تطبیق بین الروایات: اَکْبَرُ الْکَبَائِرِ کبائر کبیرۃ کی جمع ہے اسکے معنی الخطيئة العظيمة یعنی بڑی غلطی کے ہیں روایت میں تین ہی چیزوں کو اکبر الکبائر قرار دیا گیا ہے حالانکہ اس سلسلہ میں اور بھی روایات مروی ہیں مثلاً بخاری ومسلم نے حضرت انسؓ سے مرفوعاً قتل نفس کے بارے میں اکبر الکبائر ہونا نقل کیا ہے نیز ابن مسعودؓ کی روایت ''ای الذنب اعظم فذکر فيه الزناء بحليلة جارك'' میں زنا کو عبداللہ بن انیسؓ کی روایت میں ''يمين غموس'' کو ابو ہریرہؓ کی روایت میں ''لستطالة الرجل فی عرض رجل مسلم'' کو بریدہؓ کی روایت میں ''منع فضل الماء ومنع الفحل'' کو اور ابن عمرؓ کی روایت میں سوء ظن باللہ کو اکبر الکبائر قرار دیا گیا ہے لہٰذا اس روایت میں یا تو یہ کہا جائے کہ لفظ ''من'' مقدر ہے اور عبارت ہے ''من اکبر الکبائر'' یا یہ کہا جائے کہ حصر مقصود نہیں ہے۔

گناہ کی تعریف اور اس کے اقسام: گناہ نام ہے ہر ایسے کام کا جو اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس کی مرضی کے خلاف ہو اور اسکی دو

بشربن المفضل بن لاحق الرقاشي ابو اسماعيل البصري ثقة ثبت عابد من الثامنة الجريري بضم الجيم مصغراً هو سعيد بن اياس ابو مسعود البصري ثقة اختلط قبل موته من الخامسة عبدالرحمن بن ابي بكرة بن الحارث الثقفي ثقة من الثانية ۹۶ھ ابيه ابوبكرة نفيع بن حارث بن كلدة الثقفي صحابي مشهور بكنيته وقيل اسمه مسروح اسلم بالطائف نزل البصرة ۱۲

قسمیں ہیں: کبیرہ وصغیرہ علماء امت نے اس موضوع پر مختلف انداز میں مستقل کتابیں اور رسائل لکھے ہیں۔

جس گناہ کو صغیرہ کہا جاتا ہے درحقیقت وہ صغیرہ نہیں اسلئے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور اسکی مرضی کی مخالفت ہر حال میں نہایت سخت جرم ہے اسی وجہ سے "امام الحرمین" "ابواسحق اسفرائنی اور دیگر علماء امت نے اللہ تعالیٰ کی ہر نافرمانی کو گناہ کبیرہ فرمایا ہے۔ صغیرہ وکبیرہ کا فرق صرف گناہوں کے مقابلہ وموازنہ کی وجہ سے کیا جاتا ہے اسلیے جس گناہ کو اصطلاح میں صغیرہ کہا جاتا ہے اس کے معنی یہ نہیں کہ ایسے گناہوں میں سستی یا غفلت برتی جائے اور انکو معمولی سمجھا جائے بلکہ اگر صغیرہ کو بے باکی اور ڈھٹائی سے کیا جاتا ہے تو وہی گناہ کبیرہ ہو جاتا ہے کما قال ابن عمرؓ وابن عباسؓ "لاصغیرۃ مع الاصرار" البتہ علماء محققین نے اصطلاحاً گناہ کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں صغائر وکبائر جو مختلف آیات وروایات اور آثار واقوال سلف سے مستفاد ہیں مثلاً "ان تجتنبوا کبائر ما تنھون عنہ الخ" والذین یجتنبون کبائر الاثم" انہ کان حوباً کبیراً" ان الشرک لظلم عظیم" سبحانک ھذا بھتان عظیم" ان کیدکن عظیم" ان ذلکم کان عند اللہ عظیماً" اسی طرح کثیر روایات بھی اسی پر دال ہیں جو کتب احادیث میں مذکور ہیں مشکوۃ شریف میں مستقل باب الکبائر وعلامات النفاق منعقد کیا گیا ہے نیز قیاس بھی اس تقسیم کا مقتضی ہے اسلئے کہ عرفاً بھی بعض گناہوں کی شناعت وبرائی بعض سے بڑھ کر ہوتی ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ صغیرہ وکبیرہ کی تقسیم ضروری ہے۔

گناہ صغیرہ وکبیرہ کی مثال: کسی بزرگ نے فرمایا کہ چھوٹے اور بڑے گناہ کی مثال محسوسات میں ایسی ہے جیسے چھوٹا بچھو اور بڑا بچھو یا چھوٹی چنگاری اور بڑی چنگاری کہ انسان ان دونوں میں سے کسی کی تکلیف کو بھی برداشت نہیں کرسکتا اور کوئی شخص اس بات کیلئے تیار نہیں کہ چھوٹی چنگاری ہاتھ پر رکھ لے اور بڑی سے پرہیز کرے اس لئے جس طرح بڑے گناہوں سے بچنا ضروری ہے اسی طرح چھوٹے گناہوں سے پرہیز کرنا بھی ضروری ہے۔

حضرت فضیل بن عیاضؒ فرماتے ہیں کہ تم جس قدر کسی گناہ کو ہلکا سمجھو گے اتنا ہی وہ اللہ کے نزدیک بڑا جرم بن جائیگا" سلف صالحین نے فرمایا کہ ہر گناہ کفر کا ذریعہ ہے جو انسان کو کافرانہ اعمال واخلاق کی دعوت دیتا ہے۔

کبائر کی کوئی تحدید وتعیین ہے یا نہیں: کبائر کی تعیین کے بارے میں علمائے سلف سے مختلف اقوال مروی ہیں محقق دوانی سے سینتیس ابن مسعودؓ سے تین یا چار ابن عمرؓ سے سات عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے نو حافظ ابن حجرؒ سے چودہ ابوطالب مکی سے سترہ ابن عباسؓ سے سترہ مختلف اقوال نقل کیے گئے ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ نے کبائر پر ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے جس میں ان کی تعداد چار سو شمار کرائی ہے اور ابن حجر مکیؒ نے کتاب الزواجر میں کبائر کی فہرست ذکر کی ہے جنکی تعداد چار سو سترہ تک پہنچتی ہے۔ درحقیقت کبائر کسی تعداد میں منحصر نہیں ہیں بعض حضرات نے بڑے بڑے ابواب معصیت کو شمار کرنے پر اکتفاء کیا ہے تو تعداد کم لکھی ہے اور بعض نے انکی تمام اقسام وانواع کو لکھا تو تعداد زیادہ ہوگئی اسلیے یہ تعارض واختلاف نہیں ہے۔

کبیرہ وصغیرہ کی مختلف تعریفات: گناہ کبیرہ کی تعریف قرآن وحدیث اور اقوال سلف کی تشریحات کے تحت یہ ہے کہ جس گناہ پر قرآن میں شرعی حد یا لعنت کے الفاظ یا جہنم کی وعید آئی ہو وہ گناہ کبیرہ ہے یا جس کے مفاسد ونتائج بدمنصوص کبیرہ کے برابر یا اس سے زیادہ ہوں وہ گناہ کبیرہ ہے نیز جو گناہ صغیرہ جرات وبیباکی اور مداومت کے ساتھ کیا جائے تو وہ بھی کبیرہ میں داخل ہو جاتا ہے۔ یہ تعریف سب سے جامع تعریف ہے حضرت ابن عباسؓ حسن بصریؒ اور قاضی عیاضؒ سے اس کے قریب قریب ہی نقل کیا گیا ہے کما

قال النوویؒ (۲) امام غزالیؒ فرماتے ہیں ہر وہ گناہ جس پر انسان لاپرواہی بیباکی اور بلا خوف لومۃ لائم اقدام کرے وہ گناہ کبیرہ ہے۔ (۳) شیخ ابو محمد بن عبدالسلام فرماتے ہیں کہ جس گناہ کا مفسدہ کبیرۂ منصوصہ کے برابر یا زائد ہو وہ کبیرہ ہے۔ (۴) ابن الصلاح فرماتے ہیں کہ جس پر کبیر یا عظیم کا اطلاق ہوا ہو وہ کبیرہ ہے۔ (۵) بعض احنافؒ سے منقول ہے کہ جن گناہوں کو فاحشہ قرار دیا گیا ہے مثلاً زنا وغیرہ اور اس پر دینی یا دنیوی عقوبت مرتب ہوتی ہو وہ کبیرہ ہے (۶) حلوانی فرماتے ہیں جس گناہ کی قباحت وشناعت مسلمانوں کے درمیان معروف ہو نیز اس میں اللہ کی حدود اور اس کے دین کی ہتک حرمت ہو وہ کبیرہ ہے (۷) ہر گناہ اپنے چھوٹے گناہ کے اعتبار سے کبیرہ ہے اور مافوق کے اعتبار سے صغیرہ ہے مثلاً "نظر الی الاجنبیۃ" خیال اجنبیہ کے اعتبار سے کبیرہ ہے اور فعل زنا کے اعتبار سے صغیرہ ہے (۸) سفیان ثوریؒ نے فرمایا ہر وہ گناہ جس سے بندوں پر ظلم یا انکی حق تلفی لازم آئے کبیرہ ہے۔ اور جو گناہ بندہ اور مولیٰ کے درمیان ہو صغیرہ ہے (۹) مالک بن مغول کہتے ہیں کہ اہل سنت والجماعت کے گناہ صغیرہ ہیں اہل بدعت کے گناہ کبیرہ ہیں۔ (۱۰) مفسر سدی علامہ ابن القیمؒ اور حلیمی نیز مولانا نانوتویؒ فرماتے ہیں کہ جو گناہ مقدمات کبائر میں سے ہیں وہ صغیرہ ہیں اور مقاصد و غایات کبیرہ ہیں (۱۱) حلیمی فرماتے ہیں کہ جو گناہ محرم لعینہ اور منہی عنہ لعینہ کے قبیل سے ہیں وہ کبائر ہیں (۱۲) امام رافعیؒ نے فرمایا کہ جن گناہوں سے حد واجب ہوتی ہے وہ کبائر ہیں (۱۳) علامہ ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ گناہ کا صغیرہ و کبیرہ ہونا فاعل کے صغیر و کبیر ہونے کے اعتبار سے ہے فصغائر الرجل الکبیر کبائر و کبائر الرجل الصغیر صغائر (۱۴) گناہوں کا صغیرہ و کبیرہ ہونا زمان و مکان کے اعتبار سے ہے مثلاً حرم شریف اور رمضان میں چھوٹا گناہ بھی بڑا شمار ہوگا (۱۵) جس گناہ کی حرمت نص قطعی سے ثابت ہو وہ کبیرہ ہے ورنہ صغیرہ ہے (۱۶) علامہ واحدیؒ نے فرمایا کہ قرآن وحدیث میں جن گناہوں کو علی الاطلاق کبیرہ کہا گیا ہے وہ کبائر ورنہ صغائر ہیں۔

اَلْاِشْرَاکُ بِاللّٰہِ: اللہ تعالیٰ کی ذات یا اس کی صفات میں کسی کے شریک ہونے کا اعتقاد رکھنا شرک کہلاتا ہے مثلاً اللہ تعالیٰ کی طرح مخلوق میں سے کسی کو متصرف سمجھنا اور اسکی مخصوص صفات خالق، رازق، قادر مطلق، عالم الغیب والشہادۃ وغیرہ دیگر صفات میں کسی مخلوق کو اللہ کے برابر سمجھنا شرک میں داخل ہے نیز کسی مخلوق کے ساتھ انتہائی عظمت ومحبت کی بناء پر اسکے سامنے انتہائی عاجزی و تذلل کا اظہار کرنا بھی شرک ہے کما قال تعالیٰ "اتخذوا احبارھم ورھبانھم اربابا من دون اللہ" اسی طرح وہ افعال واعمال جو شرک کی علامات ہیں مثلاً صلیب وغیرہ کا نشان ان کا اختیار کرنا بھی شرک کے حکم میں ہے جیسا کہ عدی بن حاتم نے فرمایا کہ مسلمان ہونے کے بعد جب میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میرے گلے میں صلیب پڑی ہوئی تھی آپ ﷺ نے فرمایا اس بت کو اپنے گلے سے نکال دو نیز کسی کو رکوع وسجدہ کرنا، بیت اللہ کی طرح کسی مزار یا گھر کا طواف کرنا بھی علامات شرک ہیں معلوم ہوا کہ صرف بت پرستوں کی طرح کسی پتھر یا مورتی کے سامنے سجدہ کرنا ہی شرک نہیں بلکہ اسکے علاوہ اور بھی چیزیں شرک میں داخل ہیں قرآن کریم میں شرک کی قباحت اور اسکے نتائج بد کو بالتفصیل بیان فرمایا گیا ہے قال تعالیٰ "ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر مادون ذلک لمن یشاء" وقال اللہ تعالیٰ "ان الشرک لظلم عظیم"

عُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ: اسکے معنی ہیں والدین کی نافرمانی کرنا، اولاد کا اپنے قول وفعل سے والدین کو تکلیف پہنچانا قدمر تفصیلہ "قَالَ وَجَلَسَ وَکَانَ مُتَّکِئًا قَالَ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ اَوْ قَوْلُ الزُّوْرِ الخ" حضور پاک ﷺ پہلے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے مگر

جب جھوٹی شہادت یا جھوٹے قول کے بارے میں ارشاد فرمایا تو آپ اٹھ کر بیٹھ گئے اور بار بار شہادۃ الزور فرماتے رہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم شہادۃ الزور کے بیان پر کیوں بیٹھے

اس کی مختلف وجوہ ہیں (۱) اس کا صدور انسان سے بکثرت ہوتا ہے (۲) اس کے اسباب کثیر اور مختلف ہوتے ہیں (۳) آدمی جھوٹ بولنے اور جھوٹی شہادت دینے میں احتیاط نہیں کرتا اور اسکو بہت معمولی سمجھتا ہے بخلاف شرک اور عقوق الوالدین کے کہ مومن حتی الامکان شرک سے بچتا ہے اور اسکو ... سمجھتا ہے اور والدین کو ستانا بھی طبعاً ناگوار ہوتا ہے (۴) شہادت زور کا نقصان و ضرر متعدی ہے کہ دوسرے لوگوں کو بھی پہنچتا ہے (۵) ممکن ہے شہادۃ الزور کو آخر میں بیان کرنے سے کوئی اس کی اہمیت کو نہ سمجھتا اس وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو خاص طور پر بیان کرنے کا اہتمام فرمایا "فَمَا زَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْنَا لَيْتَهٗ سَكَتَ" یعنی آپ اس آخری جملہ کو بار بار فرماتے رہے حضرات صحابہؓ کہتے ہیں کہ ہم نے تمنا کی کاش آپ خاموش ہو جائیں حضرات صحابہ کا یہ تمنا کرنا اس وجہ سے تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو سمجھانے کی وجہ سے بار بار تکلم فرما کر مشقت برداشت کر رہے ہیں ہم تو بات اچھی طرح سمجھ ہی گئے ہیں۔ بہر حال صحابہ کا یہ کہنا غایت تعلق و محبت کی بناء پر تھا کہ صحابہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حتی الامکان راحت و آرام پہنچانے کی کوشش کرتے تھے۔

وفي الباب عن ابي سعيد اخرجه ابوداؤد۔ هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري و النسائي۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنَ الْكَبَائِرِ اَنْ يَشْتِمَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ يَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ نَعَمْ يَسُبُّ اَبَ الرَّجُلِ فَيَسُبُّ اَبَاهُ وَيَشْتِمُ اُمَّهٗ فَيَشْتِمُ اُمَّهٗ

ترجمہ:۔ عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کبائر گناہ میں سے یہ ہے کہ آدمی اپنے والدین کو گالی دے صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ کیا کوئی آدمی اپنے والدین کو بھی گالی دیتا ہے فرمایا ہاں کوئی شخص دوسرے کے باپ کو گالی دے اور وہ جواب میں اس کے باپ کو گالی دے اور یہ اسکی ماں کو برا کہے اور جواباً وہ آدمی اسکی ماں کو برا کہے۔

سب اور شتم دونوں مرادف لفظ ہیں یعنی گالی گلوچ کرنا قاموس میں ہے شتمہ شتما وشتمۃ از باب نصر وضرب گالی دینا اور دوسرا قول یہ ہے کہ سب ... جو عزت وآبرو کو کم کرے اور شتم ... بخلاف شتم کے ... بخاری شریف کی روایت میں الفاظ اس طرح ہیں "ان من اکبر الکبائر ان یلعن الرجل والدیہ" اس روایت کا تقاضہ یہ ہے کہ والدین کو گالی دینا اکبر الکبائر میں سے ہے اور ترمذی شریف کی روایت کا مقتضیٰ ہے کہ والدین کو گالی دینا یا گالی کا ذریعہ بننا کبیرہ گناہ ہے دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں اسلئے کہ کبائر اپنی شدت کے لحاظ سے متفاوت ہوتے ہیں۔

حاصل روایت یہ ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے والدین کے سب وشتم کی ممانعت فرمائی تو صحابہ کرامؓ کو اس پر تعجب ہوا کہ کون شخص اپنے والدین کو گالی دے سکتا ہے اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً ارشاد فرمایا کہ والدین کو گالی دینا اگرچہ مستبعد ہے (مگر اس زمانہ میں

رجال الحديث: ابن الهاد هو يزيد بن عبدالله بن اسامة الليثي ابو عبدالله المدني مكثر من الخامسة مات ۱۳۹ سعد بن ابراهيم بن عبدالرحمن بن عوف ولي قضاء المدينة وكان ثقة ... من الخامسة مات سنة خمس وعشرين مائة وقيل بعدها وهو ابن اثنتين و سبعين سنة حميد بن عبدالرحمن بن عوف الرواسي ذكره ابن حبان في الثقات وهو من الثالثة

استبعاد بھی نہیں رہا) بسا اوقات آدمی دوسرے کے والدین کو برا کہتا ہے تو اس کے جواب میں وہ شخص اس کے والدین کو گالی دیتا ہے ظاہر ہے کہ یہ شخص اپنے والدین کو گالی دینے کا ذریعہ بنا گویا خود ہی اس نے اپنے والدین کو گالی دی ہے۔

ذریعۂ معصیت بھی معصیت ہے: ابن بطال فرماتے ہیں اس روایت سے معلوم ہوا کہ جو امر کسی فعل حرام تک متعدی ہو خواہ وہ غیر مقصود ہو وہ بھی حرام ہوتا ہے اس کی مثال قرآن کریم میں موجود ہے فرمایا "ولا تسبوا الذین یدعون من دون الله فیسبوا الله عدواً بغیر علم" اے مسلمانو کفار کے معبودوں کو برا مت کہو کہ وہ جواباً تمہارے معبود یعنی اللہ کو برا کہیں گے گویا تم اپنے معبود کو برا کہلانے کا ذریعہ بنے جو کہ ناجائز و حرام ہے حضرات مفسرینؒ نے اس آیت کے تحت یہاں تک بیان فرمایا کہ جو کام اپنی ذات کے لحاظ سے جائز بلکہ محمود ہو (البتہ مقاصدِ شرعیہ میں سے نہ ہو) اور اس کے کرنے سے کوئی فساد لازم آتا ہو یا اس کے نتیجہ میں لوگ مبتلائے معصیت ہوتے ہوں تو وہ کام ممنوع ہو جاتا ہے جیسا کہ معبودانِ باطلہ یعنی بتوں وغیرہ کو برا کہنا کم از کم جائز تو ضرور ہے اور اگر ایمانی غیرت کے تقاضہ سے کہا جائے تو شاید فی نفسہ ثواب اور محمود بھی ہو مگر چونکہ اس کے نتیجہ میں یہ اندیشہ ہے کہ لوگ اللہ جل شانہ کو برا کہیں گے اس لئے اس جائز کام کو بھی منع کر دیا گیا۔ البتہ وہ کام اگر مقاصد شرعیہ میں سے ہو مثلاً فرائض' واجبات' سنن مؤکدہ یا دوسری قسم کے شعائر اسلامی وغیرہ جن کے ادا کرنے سے کچھ کم فہم لوگ غلطی میں مبتلا ہونے لگیں تو ان احکام کو ہرگز نہ چھوڑا جائیگا بلکہ دوسرے طریقوں سے اس کی غلط فہمی اور غلط کاری کو دور کرنے کی کوشش کی جائیگی ابتدائے اسلام کے واقعات اس پر شاہد ہیں کہ نماز' تلاوت اور تبلیغ اسلام سے مشرکین مکہ کو اشتعال ہوتا تھا مگر ان کی وجہ سے ان شعائر اسلامی کو کبھی نہیں چھوڑا گیا بہرحال خلاصۃ المقال یہ ہوا کہ جو امور مقاصد اسلامیہ میں داخل ہوں ان کو ہرگز نہ چھوڑا جائیگا خواہ انکی وجہ سے لوگوں میں غلط فہمی کا خطرہ ہو البتہ جو امور مقاصد اسلامیہ میں داخل نہیں اور ان کے ترک کرنے سے کوئی دینی مقصد فوت نہیں ہوتا تو ایسے کاموں کو دوسرے لوگوں کی غلط فہمی اور غلط کاری کی بناء پر چھوڑ دیا جائیگا۔ اس قاعدہ سے فقہائے امت نے بے شمار جزئیات اور مسائل متفرع کیے ہیں جنکی تفصیل مطولات فقہ میں ملے گی۔

هٰذا حديث صحيح' اخرجه البخاري في الادب و مسلم في الايمان و ابو داؤد في الادب۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اِكْرَامِ صَدِيْقِ الْوَالِدِ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِي الْوَلِيْدِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ اِنَّ اَبَرَّ الْبِرِّ اَنْ يَصِلَ الرَّجُلُ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ

ترجمہ: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نیکیوں میں سب سے بڑھ کر نیکی یہ ہے کہ آدمی اپنے باپ سے محبت کرنے والے کے ساتھ حسن سلوک کرے۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس روایت میں والد کے ایک اہم حق کا بیان ہے کہ والد کے دوست اور ان سے محبت کرنے والوں کے ساتھ بھی حسن سلوک کیا جائے اور ان کا اکرام کیا جائے اسی کے ساتھ والدہ کی سہیلیاں بھی لاحق ہیں ان کے ساتھ بھی اچھا سلوک کیا جائے تو یہ والدہ ہی کے حقوق میں داخل ہے نیز علماء نے فرمایا اجداد و مشائخ نیز اساتذہ کے رفقاء کے ساتھ حسن سلوک کرنا

حيوة بن شريح بفتحه و سكون التحتانية و فتح الواو التجيبي ابوزرعة المصري ثقة' ثبت' فقيه' زاهد' من الاسبعة ۱۰۸ وقيل ۱۰۹' وليد بن ابي الوليد عثمان وقيل لين الوليد مولى عثمان او ابن عمر المدني ابو عثمان لين الحديث من الرابعة۔

بھی ان کے حق میں داخل ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ کی سہیلیوں کے ساتھ حسن سلوک فرمایا کرتے تھے۔ امام ترمذی نے اس روایت کو باب ماجاء فی حسن العھد کے تحت ذکر کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اگر بکری ذبح فرماتے تو خدیجہؓ کی سہیلیوں کو بطور ہدیہ گوشت بھیجتے تھے اس سے واضح طور پر معلوم ہوگیا کہ صاحب حق کے متعلقین کے ساتھ حسن سلوک صاحب حق کے حقوق میں داخل ہے۔

وفي الباب عن ابي اسيد اخرجه ابو داؤد و ابن ماجه' هذا حديث اسناده صحيح اخرجه مسلم و ابوداؤد۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ بِرِّ الْخَالَةِ

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ ثَنَا اَبِيْ عَنْ اِسْرَائِيْلَ ح وَثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ وَهُوَ ابْنُ مَدُّوَيْهِ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ وَاللَّفْظُ لِحَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيْ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ۔

ترجمہ: براء بن عازبؓ سے منقول ہے کہ نبی کریمؐ نے فرمایا خالہ ماں کے درجہ میں ہے۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ خالہ کا درجہ حق حضانت و پرورش کے اعتبار سے ماں کا درجہ ہے جس طرح ماں اپنے بیٹے پر انتہائی شفیق و مہربان ہوتی ہے اسی طرح خالہ بھی اپنے بھانجہ پر انتہائی شفیق ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ ماں کے بعد بچہ کی پرورش کا حق شفقت کی بناء پر شرعاً خالہ کو ہوتا ہے۔ لہٰذا انسان کو چاہیے کہ وہ اپنی خالہ کی خدمت اور اسکے حقوق کی ادائیگی ماں کے حقوق کی طرح کرے اور اس میں کوتاہی نہ کرے۔

وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ۔ مصنفؒ نے اس واقعہ طویلہ کی طرف اشارہ فرمایا ہے جسکو امام بخاریؒ نے اس طرح بیان فرمایا ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے موقع پر کفار سے صلح فرمائی تو کفار کی جانب سے شرائط میں سے یہ بھی تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم آئندہ سال مکہ تشریف لاکر عمرہ قضاء فرمائیں اور صرف تین دن قیام فرمائیں لہٰذا جب اگلے سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین دن مکہ میں قیام فرما کر واپس ہونے لگے تو حضرت حمزہؓ کی بیٹی یا عم یا عم کہہ کر آپ کے پیچھے جانے لگی تو اس کو حضرت علیؓ نے لے لیا اور اسکا ہاتھ پکڑ لیا حضرت زیدؓ جعفرؓ علیؓ نے اس بارے میں مخاصمہ کیا اور ہر ایک نے اپنے مستحق ہونیکا دعویٰ کیا حضرت علیؓ نے عرض کہ میں نے اسکو سب سے پہلے لیا اور اس کا ہاتھ پکڑا ہے لہٰذا میں اسکا زیادہ مستحق ہوں اور وہ میرے چچا کی بیٹی بھی ہے حضرت جعفرؓ نے عرض کہ وہ میرے چچا کی بیٹی ہے اور اسکی خالہ میری بیوی ہے لہٰذا میں زیادہ مستحق ہوں اور حضرت زید نے عرض کیا کہ میری بھتیجی ہے اس لیے میں حقدار ہوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جعفرؓ کے حق میں فیصلہ فرمایا کیونکہ اس بچی کی خالہ ان کی بیوی تھی اور یہ ارشاد فرمایا الخالة بمنزلة الام اور حضرت علیؓ سے فرمایا "انت مني وانا منك" اور زیدؓ سے فرمایا "انت اخونا و مولانا"۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلاً اَتَى النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ ذَنْبًا عَظِيْمًا فَهَلْ لِيْ مِنْ تَوْبَةٍ قَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ قَالَ لَا قَالَ هَلْ لَكَ مِنْ خَالَةٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَبِرَّهَا

براء بن عازب بن الحارث ابن عدي الانصاري الاوسي صحابي ابن صحابي نزل الكوفة استصغر يوم بدر ۷۲ھ والمرويات منه خمسة وثلث مائة
محمد بن سوقة الغنوي بفتح المعجمة والنون ابوبكر الكوفي العابد ثقة مرضي عابد من الخامسة ابوبكر بن حفص بن عمرو بن سعد بن ابي وقاص اسمه عبدالله الزاهري المدني مشهور بكنيته من الخامسة ۱۲

ترجمہ: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا یا رسول اللہ میں نے بڑا گناہ کیا ہے کیا میرے لیے توبہ (کی کوئی صورت) ہو سکتی ہے آپ ﷺ نے فرمایا کہ تیری ماں زندہ ہے اس نے عرض کیا نہیں آپ ﷺ نے معلوم کیا کیا تیری خالہ ہے تو اس نے جواباً عرض کیا جی ہاں حضور ﷺ نے فرمایا اس کے ساتھ حسن سلوک کرو۔

اِنِّیْ اَصَبْتُ ذَنْبًا عَظِیْمًا: (۱) یا تو اس سے مراد صغیرہ گناہ ہے جس کو اس شخص نے بڑا گناہ سمجھا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی تھوڑی نافرمانی بھی فی نفسہ بڑا گناہ ہے۔ (۲) علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد گناہ کبیرہ ہے اور خالہ کے ساتھ حسن سلوک کا کفارہ ہو جانا اس شخص کی خصوصیت ہے جو آپ ﷺ کو بذریعہ وحی بتا دیا گیا تھا فلا اشکال (۳) حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ بسا اوقات آدمی گناہ کرتا ہے اس پر اس کو ندامت ہو جاتی ہے جس سے وہ گناہ معاف ہو جاتا ہے مگر اسکا خیال رہتا ہے کہ شاید نفسِ ندامت سے وہ گناہ معاف نہ ہوا ہو اور پھر اس سے توبہ کی طرف توجہ ہوتی ہے چنانچہ یہاں بھی ایسا ہی ہے کہ حضور ﷺ نے باوجود ندامت کے اسکو خالہ کے ساتھ حسن سلوک کا حکم فرمایا تاکہ اس کو اپنے گناہ کے معاف ہونے پر اطمینان حاصل ہو جائے حضرت موصوفؒ کی تقریر میں یہ بھی ہے کہ جب آدمی گناہ کرتا ہے تو اسکی ظلمت کی وجہ سے قلب سے نور زائل ہو جاتا ہے جب وہ توبہ کر لیتا ہے تو گناہ معاف ہو جاتا ہے مگر وہ نور واپس نہیں آتا یہی وجہ ہے کہ کثیر روایات میں حکم فرمایا گیا کہ گناہ سے توبہ کے بعد نیک کام کئے جائیں یہاں بھی اگرچہ یہ شخص اپنے گناہ پر نادم تھا مگر حضور ﷺ نے والدہ اور خالہ کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا حکم فرما کر اس زائل ہونے والے نور کے تدارک کی طرف اشارہ فرمایا ہے ممکن ہے اس کا یہ گناہ قطع رحم سے متعلق ہوا اور اسکے مقابلہ میں صلہ رحمی کا حکم فرمایا گیا۔

هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ: ای الك ام اس میں من زائدہ ہے یا تبعیضیہ ہے قال فبرھا بفتح الباء و تشدید الراء یہ ماخوذ ہے بِرُّ و بر فلاناً (بالکسر) سے جس کا مطلب یہ ہے کہ جب تیری ماں (حیات) نہیں تو اس کے قائم مقام خالہ ہے لہٰذا اس کے ساتھ سلوک کر کیونکہ حسن سلوک منجملہ حسنات کے ہے اور قاعدہ ہے ان الحسنات یذھبن السیئات نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں۔

تفسیر آیت شریفہ: حضرات مفسرینؒ نے فرمایا کہ آیت شریفہ میں حسنات سے مراد تمام نیک کام ہیں جن میں نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، صدقات، حسن خلق، حسن معاملہ وغیرہ داخل ہیں البتہ نماز کو ان سب میں اولیت ہے اسی طرح سیئات کا لفظ بھی عام ہے کہ تمام برے کاموں کو حاوی و شامل ہے خواہ وہ گناہ کبیرہ ہو یا صغیرہ مگر قرآن کریم کی دوسری آیت اور حضور ﷺ کے متعدد ارشادات نے سیئات کو گناہ صغیرہ کے ساتھ مخصوص قرار دیا ہے لہٰذا اب آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ نیک کام جن میں نماز سب سے افضل ہے صغیرہ گناہوں کا کفارہ بن جاتے ہیں اور گناہ کو مٹا دیتے ہیں قرآن کریم میں ہے "ان تجتنبوا کبائر ماتنھون عنه نکفر عنکم سیئاتکم" حسنات کا مکفر سیئات ہونا متعدد روایات سے بھی معلوم ہوتا ہے جو صحاح ستہ میں منقول ہیں۔

وفی الباب عن علیؓ رواہ ابوداؤد حدیث الباب اخرجه ابن حبان ایضًا فی صحیحه والحاکم الا انهما قالا هل لك والدان (بالتثنية) وقال الحاکم صحیح علی شرطهما کذا فی الترغیب۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ حَفْصٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ نَحْوَهٗ وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ مُعَاوِیَةَ۔

امام ترمذیؒ کے فرمان کا خلاصہ یہ ہے کہ اس روایت کو محمد بن سوقہ سے ابو معاویہ نے نقل کیا ہے تو انہوں نے اسکو ابن عمر کے

مسانید میں ذکر کیا ہے مگر جب محمد بن سوقہ سے ابن عیینہ نے نقل کیا تو انہوں نے ابن عمر کا ذکر نہیں کیا بلکہ روایت مرسل ذکر کی ہے اور یہی اصح ہے کیونکہ سفیان بن عیینہ ابومعاویہ کے مقابلہ میں زیادہ ثقہ ہیں۔

اَبُوْبَکْرِ بْنُ حَفْصٍ هُوَ ابْنُ عُمَرَ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ: امام موصوف حسب عادت ابوبکر بن حفص کا تعارف کرا رہے ہیں کہ یہ ابوبکر بن حفص عمر بن ابی وقاص کے بیٹے ہیں ان کا نام عبداللہ ابوبکر المدنی ہے کنیت کے ساتھ مشہور اور طبقہ خامسہ کے راوی ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ دُعَاءِ الْوَالِدَیْنِ

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِیْ عَنْ یَحْیٰی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ثَلٰثُ دَعْوَاتٍ مُسْتَجَابَاتٍ لَاشَکَّ فِیْهِنَّ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ عَلٰی وَلَدِهٖ

ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ تین دعائیں بلاشک وشبہ مقبول ہیں مظلوم کی پکار مسافر کی دعا والد کی بددعا بیٹے کے حق میں۔

دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ: مظلوم وہ ہے جس پر کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہو اور اسکا کوئی مددگار بھی نہ ہو ظاہر ہے کہ ایسے بے سہارا لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی ذات ہی سہارا ہوا کرتی ہے جیسا کہ ایک حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اے مظلوم میں تیری ضرور مدد کروں گا خواہ مصلحت کچھ دیر سے ہی ہو نیز مظلوم ظالم کے لیے اندرونِ قلب سے بددعا کرتا ہے پھر وہ بے سہارا ہونے کی بناء پر منکسر القلب ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں ایسے قلوب کے پاس ہوتا ہوں جو ٹوٹے ہوئے ہوں نیز جب اسکی مدد کرنے والا کوئی نہیں ہے تو ظاہر ہے کہ وہ مضطر ہے اس کی دعا اقرب الی المقبول ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں "اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ" یعنی مضطر ومجبور کی دعا کو اللہ تعالیٰ ضرور قبول فرماتے ہیں بہرحال ایسے مظلوم شخص کی بددعا سے اور اسکی آہ وبکاء سے بچنا چاہیے۔ قال الشاعر۔

بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن	اجابت از درِ حق بہر استقبال می آید

دَعْوَةُ الْمُسَافِرِ: یعنی مسافر کی دعا بھی ضرور قبول ہوتی ہے ظاہر ہے کہ جو شخص اپنے وطن سے نکل گیا خواہ سفر شرعی سے کم مقدار کے لیے نکلا ہو چونکہ وہ اپنے اعزہ و اقرباء سے دور ہو گیا اور ایسا شخص منکسر القلب ہے اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی دعا ضرور قبول فرماتے ہیں۔

دَعْوَةُ الْوَالِدِ عَلٰی وَلَدِهٖ: تیسری دعائے مستجاب والد کی بددعا اپنے بیٹے کے حق میں اس کی وجہ یہ ہے کہ باپ بیٹے کے لیے اس وقت ہی بددعا کرتا ہے جب بیٹا باپ کو بہت ستاتا ہے ظاہر ہے کہ یہ بددعا بھی اندرون قلب سے نکلتی ہے چونکہ باپ کو قلبی کڑھن ہوتی ہے جس سے وہ اپنے کو بے سہارا محسوس کرتا ہے اس وجہ سے اللہ تعالیٰ ایسے باپ کی بددعا کو سنتا ہے باپ کی دعاء خیر بھی بیٹے کے حق میں مسموع ہے جیسا کہ بکثرت روایات میں وارد ہے مگر بددعا قبولیت کے زائد قریب ہے کہ انتہائی مجبوری کے وقت اندرون قلب سے نکلتی ہے۔

وَقَدْ رَوَى الْحَجَّاجُ الصَّوَّافُ هٰذَا الحديث عن يحيى بن ابى كثير الخ:

امام موصوف روایت کا دوسرا طریق بیان فرمارہے ہیں کہ جس طرح اس روایت کو ہشام نے یحییٰ بن ابی کثیر سے نقل کیا ہے اسی طرح حجاج صواف نے بھی اس روایت کو ان سے نقل کیا ہے۔

وَاَبُوْ جَعْفَرَ الَّذِيْ رَوٰى عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ الخ امام موصوف راوی کا تعارف کرا رہے ہیں کہ ابوہریرہؓ سے روایت کرنے والے ابوجعفر المودن المدنی الانصاری ہیں جو تیسرے طبقہ کے راوی ہیں جن کا نام معلوم نہیں بعض لوگوں کو وہم ہو گیا انہوں نے ان کا نام محمد بن علی بن حسین بتایا ہے ابوجعفر سے یحییٰ نے اس کے علاوہ بھی روایت نقل کی ہے۔

روایۃ الباب کو امام بخاریؒ نے ادب المفرد میں اور احمد نے مسند میں اور ابوداؤد نے نقل کیا ہے کذا قالہ السیوطی فی الجامع الصغیر۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ حَقِّ الْوَالِدَيْنِ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى ثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَجْزِيْ وَلَدٌ وَالِدًا اِلَّا اَنْ يَجِدَهٗ مَمْلُوْكًا فَيَشْتَرِيَهٗ فَيُعْتِقَهٗ

ترجمہ:۔ابوہریرہؓ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ بدلہ نہیں دے سکتا کوئی بیٹا اپنے باپ کا مگر یہ کہ وہ (بیٹا) اپنے باپ کو غلام پائے اور اس کو خرید کر آزاد کر دے۔

٭بیٹا والدین کے حقوق کی ادائیگی میں کتنی ہی کوشش کرتا رہے مگر وہ مکمل حقوق ادا نہیں کر سکتا البتہ فی الجملہ حقوق والدین میں ایک حق کو وہ اس طرح ادا کر سکتا ہے کہ جس طرح باپ کے ذریعہ بیٹے کا وجود ہوا اسی طرح وہ بیٹا اپنے باپ کو کسی کا غلام پائے اور اس کو خرید کر آزاد کر دے تو گویا بیٹا اپنے باپ کو بقعہ لیس سے بقعہ ایس کی طرف لے آیا لہٰذا اس نے باپ کے احسان وجود کا بدلہ فی الجملہ ادا کر دیا باقی باپ کے دوسرے حقوق تربیت' اطعام واشراب' حفاظت اور تعلیم وتربیت میں باپ نے جو مشقتیں برداشت کی ہیں ان کا بدلہ بیٹا کبھی ادا نہیں کر سکتا۔

الحاصل نبی کریم ﷺ کے اس فرمان کا خلاصہ یہ ہے کہ بیٹے کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے والدین کی ہر ممکن خدمت کرے اور انکے حقوق کی ادائیگی میں کسی طرح کی کوتاہی نہ ہونے دے حقوق والدین کی تفصیل گزشتہ صفحات میں گذر گئی ہے۔

فَيَشْتَرِيَهٗ فَيُعْتِقَهٗ:۔دونوں فعل مضارع منصوب بتقدیر ان ہیں۔

علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ اس پر ائمہ اربعہ کا اجماع ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے والد یا کسی ذورحم محرم کو خریدے گا تو خریدتے ہی وہ خود بخود آزاد ہو جائیگا از سر نو اعتاق کی حاجت نہیں چونکہ شراء عتق کا ذریعہ ہے اس وجہ سے اس کی طرف نسبت کر دی گئی ہے البتہ بعض ظاہریہ فرماتے ہیں کہ بغیر اعتاق کے عتق متحقق نہیں ہوگا بلکہ آزاد کرنا ضروری ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه ابو داؤد و مسلم و ابن ماجه' لانعرفه الا من حديث سهيل الخ: اس روایت کا اگر چہ ایک ہی طریق ہے کہ صرف سہیل اپنے والد سے نقل کرنے والے ہیں مگر سہیل سے روایت کرنے والے جریر کے علاوہ سفیان

ثوریؒ وغیرہ بھی ہیں اس وجہ سے یہ روایت غریب نہیں بلکہ حسن وصحیح ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ قَطِیْعَةِ الرَّحِمِ

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ وَ سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ قَالَا ثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَ اشْتَکٰی اَبُو الدَّرْدَاءِ فَعَادَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فَقَالَ خَیْرُهُمْ وَ اَوْصَلُهُمْ مَا عَلِمْتُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ فَقَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰی اَنَا اللّٰهُ وَاَنَا الرَّحْمٰنُ خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَشَقَقْتُ لَهَا مِنْ اِسْمِیْ فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهُ

ترجمہ:۔ ابو سلمہؓ کہتے ہیں کہ ابودرداءؓ بیمار ہوئے تو عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے ان کی عیادت کی ابودرداءؓ نے کہا کہ لوگوں میں سب سے بہتر اور سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والے میرے علم میں ابومحمد یعنی عبدالرحمٰن بن عوف ہیں' پس عبدالرحمٰنؓ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں اللہ ہوں' میں رحمٰن ہوں میں نے رحم کو پیدا کیا ہے اور میں نے اپنے (رحمٰن) سے اس کو بنایا ہے پس جو شخص اسکو ملائے گا میں اسکو قائم کروں گا اپنی رحمت اس کو عطا کرونگا اور جو اس کو توڑے گا میں اس سے قطع تعلق کروں گا۔

الرَّحِمُ: بفتح الراء وکسر الحاء اور دوسری لغت بکسر الراء وسکون الحاء ہے قرابت ورشتہ داری کے معنی میں ہے اور ذوالرحم ایسے اقارب ہیں کہ جن کے درمیان نسبی تعلق ہو خواہ وارث ہوں یا نہ ہوں نیز وہ محارم ہوں یا نہ ہوں بعض حضرات فرماتے ہیں اس سے مراد صرف محارم ہیں مگر قول اول ہی راجح ہے ورنہ اولاد الاعمام اور اولاد الاخوال اور دیگر ذوی الارحام اس سے خارج ہو جائیں گے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ لفظ لغۃً تو نسبی اقارب کو شامل ہے مگر اس سے مراد عام اقارب ہیں حتیٰ کہ صہری رشتہ دار بھی اس میں داخل ہیں۔

اَوْصَلُهُمْ مَاعَلِمْتُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ: یعنی میرے علم میں سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والے ابومحمد عبدالرحمٰن ہیں۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ قبیلہ زہرہ سے ہیں اور ابوالدرداء انصاری صحابی ہیں شاید اجداد بعیدہ میں سے کسی جد میں نسبتاً شریک ہوں مگر اس کے باوجود انہوں نے ابودرداء کی عیادت کی تو معلوم ہوا کہ انہوں نے قرابت بعیدہ کے ہوتے ہوئے صلہ رحمی فرمائی ہے تو وہ اوصل وارحم ہیں یا ممکن ہے کہ ان کو اوصل دیگر امور کی بناء پر فرمایا ہو جو راوی نے یہاں ذکر نہیں فرمائے ہیں۔

اقارب کے ساتھ صلہ رحمی کا کیا مطلب ہے: ابن ابی جمرہ فرماتے ہیں کہ اقارب کے ساتھ صلہ رحمی یہ ہے کہ ان کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے خواہ مال کے ذریعہ ہو یا اس طور پر کہ ضرورت کے وقت ان کی مدد کی جائے ان کے مصائب کو دور کیا جائے ان کے لئے دعاء کی جائے غرض کہ ہر ممکن خیر کو ان تک پہنچائے اور ہر ممکن نقصان وضرر کو ان سے دفع کرے حضرات علماء فرماتے ہیں کہ اگر اقارب کفار وفساق بھی ہوں تو ان کے ساتھ بھی حسن سلوک کرنا چاہیے کہ ان کو وعظ ونصیحت کرتا رہے اگر ان سے بغض رکھے تو وہ بھی محض اللہ کے لیے ہونا چاہیے اور کم از کم ان کیلئے ہدایت کی دعا تو کرتا ہی رہے کہ یہ بھی صلہ رحمی میں داخل ہے' حضرت تھانویؒ کا ارشاد ہے کہ قرابت داروں کے حقوق کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر محارم محتاج ہوں کھانے کمانے پر قدرت نہ رکھتے ہوں تو بقدر کفایت ان

عبدالرحمن بن عوف بن عبد الحارث القرشی الزهری احد العشرة المبشرة اسلم قدیماً و مناقبه شهیرة ۳۲ھ ۳

کے نان ونفقہ کی خبر گیری مثل اولاد کے واجب ہے اور غیر محتاج محارم کا نان ونفقہ اگرچہ اس طرح تو واجب نہیں لیکن کچھ خدمت کرتے رہنا ضروری ہے (۲) گاہ بگاہ ان سے ملتا رہے (۳) ان سے قطع قرابت نہ کرے بلکہ کسی قدر ان سے ایذا بھی پہنچے تو صبر کرتا رہے (۴) اگر کوئی قریب محرم اسکی ملک میں آ جائے تو فوراً آزاد ہو جاتا ہے۔

وفي الباب عن ابي سعيد اخرجه القاضي اسماعيل في الاحكام و ابن ابي اوفىٰ اخرجه البيهقي والبخاري في ادب المفرد و عامر بن ربيعة اخرجه ابو يعلى و ابي هريرةؓ اخرجه الشيخان و جبير بن مطعمؓ اخرجه البخاري و مسلم و ابو داؤد والترمذي في الباب الآتي۔

حديث سفيان عن الزهري حديث صحيح اخرجه ابو داؤد وروى معمر عن الزهري هذا الحديث عن ابي سلمة عن رداد الليثي عن عبدالرحمن بن عوف۔

اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ اس روایت کے دو طریق ہیں (اول) طریق سفیان عن الزہریؒ (دوم) طریق معمر عن الزہریؒ اول طریق صحیح ہے کما قال الترمذیؒ البتہ علامہ منذریؒ فرماتے ہیں ابوسلمہ کا سماع اپنے والد عبدالرحمٰن سے ثابت نہیں جیسا کہ یحیٰ بن معین وغیرہ نے تصریح کی ہے لہذا امام ترمذیؒ کی تصحیح میں نظر ہے بعض حضرات فرماتے ہیں تصحیح حدیث سفیان بمقابلہ حدیث معمر ہے نہ کہ اصطلاح کے اعتبار سے دوسرا طریق "معمر عن الزهري عن ابي سلمة عن رداد الليثي عن عبدالرحمن بن عوف" یہ طریق اگرچہ متصل ہے مگر امام بخاریؒ فرماتے ہیں یہ خطاء ہے کیونکہ زہریؒ کے تمام تلامذہ معمر کے علاوہ عن الزہری عن ابی سلمہ عن عبدالرحمٰن بن عوف ہی نقل کرتے ہیں جیسا کہ تہذیب التہذیب میں مصرح ہے۔

تنبیہ: ابوالدرداء جو روایت میں واقع ہے یہ درست نہیں ہے صحیح ابوالرداد ہے جیسا کہ مسند احمد ج:۱ص:۱۹۴ ادب المفرد ج:۱ص:۱۰ ابوداؤد ج ۲ ص ۶۰ اور مسند حمیدی وغیرہ میں ہے نیز بیہقی نے الاسماء والصفات میں اور خرائطی نے مکارم الاخلاق میں ابوالرداد ہی نقل کیا ہے بہر حال لفظ ابوالدرداء لکھنا تصحیف کاتب اور صحیح ابوالرداد ہے۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ ثَنَا سُفْيَانُ ثَنَا بَشِيْرٌ اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ وَ فِطْرُ بْنُ خَلِيْفَةَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِيْ وَلٰكِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِيْ اِذَا انْقَطَعَتْ رَحِمُهٗ وَصَلَهَا

ترجمہ: عبداللہ بن عمروؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص صلہ رحمی کرنے والا نہیں جو صلہ رحمی کے بدلہ صلہ رحمی کرے بلکہ کامل صلح رحمی کرنے والا وہ شخص ہے کہ جب رحم منقطع ہو جائے تب بھی صلہ رحمی کرے۔

الواصل اي بالرحم المكافي: بکسر الفاء وبالہمزۃ ای المجازی الاقارب یعنی صلہ رحمی کے بدلہ میں صلہ رحمی کرنے والا شخص کامل واصل بالرحم نہیں ہے کیونکہ یہ تو دوسرے کے حسن سلوک اور صلہ رحمی کا بدلہ دینے والا ہوا لہذا صلہ رحمی کرنے والا تو وہ شخص ہے کہ جب رحم منقطع ہو جائے تب بھی صلہ رحمی کرے یعنی دوسرا شخص صلہ رحمی ختم کردے تب بھی اس کی جانب سے برابر صلہ رحمی کا برتاؤ ہو گویا اس حدیث شریف میں مکارم اخلاق کی اعلیٰ درجہ کی تعلیم ہے کما قال تعالیٰ "ادفع بالتي هي احسن الاية" اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "عن علي رضي الله عنه انه صلى الله عليه وسلم قال صل من قطعك واعف عن من ظلمك واحسن الى من

ابورداد وقيل رداد الاول اصوب حجازي مقبول من الثانية بشير ابو اسماعيل سليمان الكندي الكوفي والد الحكم ثقة من السادسة فطر بن خليفة المخزومي ابوبكر الحناط صدوق رمي بالتشيع من الخامسة ۴

اساء الیک" یعنی جو شخص تیرے ساتھ برا سلوک کرے اور قطع تعلق کرے تو اس کے ساتھ حسن سلوک کر اور اس سے جوڑ پیدا کر اور جو شخص تجھ پر ظلم کرے اس کو معاف کر اور جو شخص تیرے ساتھ برا برتاؤ کرے تو اس کے ساتھ اچھا سلوک کر تب کامل واصل بالرحم کہلائے گا لہٰذا الواصل میں الف لام کمال کو بیان کرنے کے لیے ہے علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ الواصل میں الف لام جنسی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ صلہ رحمی کو صلہ رحمی اسی وقت شمار کیا جائے گا جب قاطع رحم کے ساتھ صلہ رحمی کرے اس لیے کہ اگر واصل رحم کے ساتھ صلہ رحمی کی تو درحقیقت یہ صلہ رحمی نہیں ہے بلکہ یہ تو مجازات اور اس کے حسن سلوک کا بدلہ ہے" ونظیرہ فی قولھم لیس بالرجل بل الرجل من یصدر عنہ المکارم والفضائل الحاصل الواصل میں الف لام یا تو کمال کو بیان کرنے کے لیے ہے یا جنسی ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری و ابوداؤد وفی الباب عن سلمانؓ ھو ابن عامر اخرجہ احمد والخرائطی وعن عائشۃ اخرجہ البخاری و مسلم۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ وَ نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ وَسَعِیْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ قَالُوْا حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ قَالَ ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ قَالَ سُفْیَانُ یَعْنِیْ قَاطِعَ رَحِمٍ۔

ترجمہ: جبیر بن مطعم اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جنت میں قاطع داخل نہیں ہوگا ابی عمر نے فرمایا کہ سفیان نے کہا کہ اس سے مراد قاطع رحم ہے۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں روایت کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص اپنے اقارب کے ساتھ قطع رحمی کرے گا وہ سابقین اولین کے ساتھ جنت میں داخل نہ ہوگا اگرچہ ایمان کی وجہ سے آخر جنت میں چلا جائے گا بعض حضرات فرماتے ہیں ممکن ہے روایت کا محل ایسا شخص ہو جو قطع رحم کو حلال سمجھتا ہو وہ کبھی بھی جنت میں داخل نہ ہوگا کیونکہ تحریم حلال کفر اور کافر کا داخلہ جنت میں ممنوع ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ حُبِّ الْوَلَدِ

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ مَیْسَرَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ اَبِیْ سُوَیْدٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِالْعَزِیْزِ یَقُوْلُ زَعَمَتِ الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ خَوْلَةُ بِنْتُ حَکِیْمٍ قَالَتْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ذَاتَ یَوْمٍ وَهُوَ مُحْتَضِنٌ اَحَدَ ابْنَیْ اِبْنَتِهٖ وَهُوَ یَقُوْلُ "اِنَّکُمْ لَتُبَخِّلُوْنَ وَتُجَبِّنُوْنَ وَتُجَهِّلُوْنَ وَاِنَّکُمْ لَمِنْ رَیْحَانِ اللّٰهِ۔

ترجمہ:۔ خولہ بنت حکیمؓ کہتی ہیں کہ نکلے رسول اللہ ﷺ ایک دن گود میں لئے ہوئے اپنے نواسوں میں سے کسی ایک کو اور فرما رہے تھے کہ تم بخل پر آمادہ کرتے ہو اور بزدلی پر آمادہ کرتے ہو اور جہل پر باقی رکھتے ہو حال یہ ہے کہ تم اللہ کی ریحان یعنی عطیہ ہو۔

خولۃ بنت حکیمؓ یہ بدل ہے المراۃ الصالحۃ سے محتضن ماخوذ من الاحتضان بمعنی گود لینا۔احد ابنی ابنتہ اس سے

ابراھیم بن میسرۃ الطائفی نزیل مکۃ ثبت حافظ من الخامسۃ ۱۳۲ ابن ابی سوید محمد بن ابی سوید الثقفی الطائفی مجھول من الرابعۃ عمر ابن عبدالعزیز بن مروان بن الحکم امیر المومنین امہ ام عاصم بنت عاصم بن عمر بن الخطاب عد من الخلفاء الراشدین من الرابعۃ ولہ فضائل ۱۰۱ ھ مدۃ خلافتہ سنتان و نصف خولۃ بنت حکیم ھی بنت حکیم بن امیۃ یقال لھا خویلۃ ایضا بالتصغیر صحابیۃ مشھورۃ و کانت تحت عثمان بن مظعون ۱۲

مراد حسنؓ یا حسینؓ ہیں۔ تبخلون' تجبنون' تجهلون' تینوں صیغے باب تفعیل سے ہیں اور ان کے معنی تحملون علی البخل والجبن والجهل کے ہیں۔ یعنی اولاد کی وجہ سے آدمی بخل کرتا ہے اور بزدل بھی بنتا ہے نیز جاہل بھی رہ جاتا ہے روایت کا حاصل یہ ہے کہ بسا اوقات آدمی اولاد کی وجہ سے بخیل ہو جاتا ہے کہ ان کا خرچہ پیش نظر ہونے کی وجہ سے خرچ کرنے کی جگہ پر خرچ نہیں کرتا اسی طرح بچوں کی فکر اور ان کی تربیت کی وجہ سے بزدل ہو جاتا ہے اور جہاد جیسی مبارک عبادت میں جہاں شجاعت کی ضرورت ہے شریک نہیں ہوتا اسی طرح بچوں کی مشغولی کی بناء پر بسا اوقات ضروریات دین سے جاہل رہ جاتا ہے اور علم حاصل نہیں کرتا۔

اِنَّكُمْ لَمِنْ رَيْحَانِ اللّٰهِ: ریحان کا اطلاق مختلف معانی پر ہوتا ہے رحمت' رزق' عطیہ' راحت' خوشبو وغیرہ حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جملہ سے اہم کو دور فرمایا کہ جب اولاد کی وجہ سے ایسی صفات مذمومہ پیدا ہوتی ہیں تو پھر ان سے محبت نہ کرنی چاہیے بلکہ ان کی طرف رخ ہی نہ ہونا چاہیے تو ارشاد فرمایا کہ اولاد کی وجہ سے اگرچہ یہ صفات بسا اوقات پیدا ہو جاتی ہیں مگر یہ اللہ کی طرف سے رحمت وعطیہ ہے جو راحت کا سبب ہے نیز یہ اللہ کی طرف سے خوشبو ہے جس کو سونگھنے پر راحت قلبی حاصل ہوتی ہے چنانچہ دوسری روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حسن وحسینؓ کو بلاتے ان کو چومتے اور سینے سے چمٹاتے تھے جیسا کہ طبرانی نے بطریق ایوب نقل کیا ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو میں نے دیکھا کہ حسنؓ وحسینؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھیل رہے ہیں میں نے پوچھا کیا آپ ان سے محبت کرتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ان سے کیوں محبت نہ کروں حالانکہ یہ دونوں میرے لیے دنیا میں ریحان ہیں اس لیے میں ان کو چومتا ہوں۔

روایت سے معلوم ہوا کہ اولاد انسان کے لیے آزمائش وامتحان ہے بسا اوقات انسان اولاد کی وجہ سے ضروریات دین سے غافل وجاہل رہ جاتا ہے مگر بہرحال اولاد کیسی بھی ہو انسان کا جز ہے طبعی طور پر اس سے محبت ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا وہ خصوصی عطیہ ہے جس سے انسان قلبی طور پر مسرت وراحت محسوس کرتا ہے كما قال اسعد الامۃ حضرت مولانا اسعد اللہ صاحب سابق ناظم اعلیٰ مظاہر علوم سہارنپور رحمۃ اللہ علیہ۔

ہم تم کو کیا بتائیں میٹھا ہے کس قدر — وہ لفظ دل فریب کہ بیٹا کہیں جسے

نیز معلوم ہوا کہ بچوں سے محبت کرنا سنت مطلوبہ ہے اور یہی ترمذیؒ کا مقصود الباب ہے۔ وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجه الترمذی والاشعث بن قیس اخرجه احمد۔

حدیث ابن عیینة عن ابراهیم بن میسرة لانعرفه الامن حدیث الخ: یہ روایت صرف اسی ایک طریق سے مروی ہے اور یہ طریق بھی منقطع ہے کہ عمر بن عبدالعزیز کا سماع خولہ سے ثابت نہیں ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ رَحْمَةِ الْوَلَدِ

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَا ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ

اقرع بن حابس: صحابی مشهور كان اولاً من المؤلفة ثم حسن اسلامه كان شريفاً في الجاهلية والاسلام وفد على النبي صلی اللہ علیہ وسلم بعد فتح مكة في وفد بني تميم استعمله عبدالله بن عامر علي جيش انفذه الي خراسان واصيب هو والجيش بالجوز جان ١٢

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَبْصَرَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ النَّبِيَّ ﷺ وَهُوَ يُقَبِّلُ الْحَسَنَ وَقَالَ ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ الْحَسَنَ اَوِ الْحُسَيْنَ فَقَالَ اِنَّ لِيْ مِنَ الْوَلَدِ عَشَرَةً مَا قَبَّلْتُ اَحَدًا مِنْهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ۔

ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ اقرع بن حابس نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ حسنؓ کو چوم رہے ہیں ابن ابی عمر نے کہا کہ حسنؓ یا حسینؓ کو چوم رہے ہیں تو عرض کیا کہ میرے دس بچے ہیں، میں نے ان میں سے کسی کو نہیں چوما پس آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص رحم نہیں کرتا تو اس پر بھی رحم نہیں کیا جاتا۔

وهو يقبل جملہ حالیہ ہے ماقبلت احدًا منهم استکبارًا او استحقارًا

لایرحم لایرحم: اول معروف کا صیغہ ہے اور ثانی مجہول ہے: حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ دونوں خبر ہونے کی بنا پر مرفوع ہیں قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ اکثر نے اس کو مرفوع ہی پڑھا ہے ابوالبقاء فرماتے ہیں من موصولہ ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ شرطیہ ہو اور دونوں صیغے مجزوم ہوں روایت کا حاصل یہ ہے کہ جس کے قلب میں رحمت ورأفت ہوگی تو یقیناً ایسا شخص لوگوں کے ساتھ نرم برتاؤ کرے گا جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائیں گے بچے کو چومنا اور اس سے محبت کرنا بھی قلب کے نرم وگداز ہونے کی علامت ہے جو اللہ تعالیٰ کی رحمت کو مقتضی ہے آپ ﷺ نے اقرع بن حابس" کو جواب دے کر اس بات کی طرف بھی اشارہ فرمایا ہے کہ کسی اجنبی بچے سے محبت وشفقت کرنا اس کے بچہ ہونے کی بناء پر یہ علامت رحمت ہے اور اس کے مستحق رحمت ہونے کی بھی علامت ہے اسکے بالمقابل جو شخص بچوں سے محبت کا برتاؤ نہ کرے تو یہ دلیل ہے کہ اس کے قلب میں قساوت وسختی ہے جو مذموم ہے اللہ تعالیٰ کی رحمت ایسے شخص کی طرف متوجہ نہیں ہوتی ہے کہ مادہ رحمت نہ ہونے کی بناپر وہ قابل رحم نہیں ہے۔

فائدہ: آپ ﷺ کا فرمان "من لایرحم لایرحم" عام ہے اس میں بچوں ہی کی تخصیص نہیں ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ عام لوگوں اور دیگر مخلوقات کے ساتھ بھی انسان نرمی کا معاملہ کرنا چاہیے تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا مستحق بن جائے۔

وفي الباب عن انس اخرجه البخاري في الجنائز و مسلم في الفضائل و عائشة اخرجه البخاري و مسلم هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري في الادب و مسلم في الفضائل۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّفَقَةِ عَلَى الْبَنَاتِ

بعض نسخوں میں عنوان علی البنات والاخوات ہے جیسا کہ حدیث مذکور فی الباب بھی اس پر دلالت کرتی ہے اور بعض نسخوں میں فی الشفقۃ علی البنات والاخوات ہے اور شفقہ بمعنی تفقد یعنی خبر گیری کرنا حدیث مذکور فی الباب کا مضمون اس پر دلالت کرتا ہے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْاَعْشٰى عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ كَانَتْ لَهُ ثَلٰثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ اَوْ بِنْتَانِ اَوْ اُخْتَانِ فَاَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ وَاتَّقَى اللّٰهَ فِيْهِنَّ فَلَهُ الْجَنَّةُ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ الخ۔

ايوب بن بشير بن سعد كنيته ابو سليمان المدني له رواية ص ۳۵ سعيد الاعشى هو سعيد بن عبدالرحمن بن مكمل الاعشى الزهري المدني مقبول من الثالثة وثقه ابن حبان عبدالعزيز بن محمد بن الدراوردي ابو محمد الجهني صدوق كان يحدث من كتب غيره فيخطئ قال النسائي حديثه عن عبيد الله العمري منكر من الثامنة مات ۱۸۶ او ۱۸۷ھ

ترجمہ: ابو سعید الخدری کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص کے تین لڑکیاں یا تین بہنیں ہوں یا دو لڑکیاں یا دو بہنیں ہوں پس وہ ان کے ساتھ حسن سلوک کرے، ان کے حقوق ادا کرے اور اللہ کا خوف کرے تو اس کے لیے جنت ہے اور دوسری روایت میں ہے کہ ایسا شخص جنت میں داخل ہوگا۔

فاحسن صحبتھن: احسان صحبت کی تفسیر ابن ماجہ کی ایک روایت میں وارد ہے۔ اطعمھن، وسقاھن، وکساھن یعنی ان کو کھلائے، پلائے اور پہنائے ادب المفرد میں عقبہ بن عامرؓ کی روایت میں صبر علیھن واقع ہے یعنی ان کی پرورش کرنے میں جو مصائب و پریشانیاں پیش آتی ہیں ان پر صبر کرے اسی طرح طبرانی کی روایت میں ابن عباسؓ سے منقول ہے "فانفق علیھن وزوجھن واحسن ادبھن" نیز حضرت جابرؓ کی روایت مسند احمد میں ہے یؤدبھن و یرحمھن ویکفلھن اور طبرانی میں یزوجھن کا لفظ بھی وارد ہے یہ سب احسان کی تفسیر ہیں اور احسان صحبت کا لفظ ان سب کو شامل ہے لیکن یہ واضح رہے کہ اس جزاء کا استحقاق جب ہی ہوگا کہ جب بنات و اخوات کے ساتھ یہ حسن سلوک اس وقت تک رہے جب تک کہ وہ ضروریات سے مستغنی نہ ہو جائیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ جس آدمی کے دو یا تین لڑکیاں یا بہنیں ہوں اور وہ انکی کفالت اچھی طرح کرے کہ ان کے کھانے پینے رہنے سہنے کا نظم کرے اور تعلیم و تربیت کے اخراجات برداشت کرے اور انکے بارے میں جو مشقتیں پیش آئیں ان کو بھی خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کرے تو ایسا شخص جنت کا مستحق ہوگا گویا وہ جنت میں داخل ہو گیا۔

حدیث مذکور اصحاب بنات و اخوات کے لیے کس قدر فضیلت پر دلالت کرتی ہے اس کے بالمقابل جو لوگ لڑکیوں سے اکتاتے ہیں یا ان کو بوجھ سمجھتے ہیں ان کے لیے عبرت کا مقام ہے قرآن کریم کی آیت شریفہ "اذا بشر احدھم بالانثی ظل وجھہ مسودًا وھو کظیم یتواری من القوم من سوء مابشر بہ الآیۃ" اور دیگر آیات واضح طور پر دلالت کرتی ہیں کہ لڑکیوں سے اکتانا اور ان کو اپنے لیے مصیبت سمجھنا یا کرنا یہ کفار کا عمل ہے مسلمان کو چاہیے کہ اگر اس کے یہاں لڑکی پیدا ہو تو خوشی کا اظہار کرے تاکہ ان کے اظہار خوشی سے اس عمل بد پر رد بھی ہو اور باری تعالیٰ کی اس عظیم نعمت پر اظہار مسرت بھی ایک حدیث میں وارد ہے وہ عورت مبارک ہے جس کے پیٹ سے لڑکی پیدا ہو نیز قرآن کریم میں "یھب لمن یشاء اناثًا ویھب لمن یشاء الذکور" میں اناث کو مقدم فرما کر اس کی فضیلت کی طرف اشارہ فرمایا ہے الحاصل گھر میں لڑکی کا پیدا ہونا برکت اور فضیلت کی بات ہے اور اس کے ساتھ حسن سلوک موجب دخول جنت ہے۔

وفی الباب عن عائشۃؓ: دونوں حدیثوں کی تخریج ترمذی نے کی ہے وعقبۃ بن عامرؓ اخرجہ ابن ماجہ والبخاری فی ادب المفرد و انسؓ اخرجہ الترمذی فی الباب و جابرؓ اخرجہ احمد والبخاری فی الادب والبزار و الطبرانی ابن عباسؓ اخرجہ ابن ماجہ و ابن حبان والحاکم۔

ابو سعید الخدری اسمہ سعد بن مالک: امام موصوف ابو سعید خدریؓ کا نام بتا رہے ہیں کہ ان کا نام سعد بن مالک بن سنان ہے البتہ اپنی کنیت کے ساتھ مشہور ہیں۔ آگے فرماتے ہیں کہ ابو سعید خدری اور سعد بن ابی وقاص دونوں کا نام سعد ہے اور دونوں کے والد کا نام بھی مالک ہے مگر دادا کے نام میں فرق ہے ابو سعید کے دادا کا نام سنان ہے اور سعد کے دادا کا نام وہیب ہے۔

وقد زادوا فی ھذا الاسناد رجلا: محدثین فرماتے ہیں سعید الاعشی اور ابو سعید خدریؓ کی ملاقات ثابت نہیں اس وجہ سے

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ ان دونوں کے درمیان ایک اور راوی ہیں جن کا نام ایوب بن بشیر ہے چنانچہ ابوداؤد نے اس روایت کو ایوب عن بشیر کی زیادتی کے ساتھ نقل کیا ہے لہٰذا اب روایت متصل ہوگئی منقطع نہیں رہی۔

تنبیہ: ترمذیؒ کی سند میں ایوب بن بشیر کو سعید اعشی سے پہلے ذکر کیا ہے یہ درست نہیں بلکہ ایوب سعید اعشی کے بعد ہیں یعنی ابوسعید خدریؓ اور سعید اعشی کے درمیان ایوب بن بشیر راوی ہیں امام بخاری فرماتے ہیں "قال ابن عیینة عن سهیل بن ابی صالح عن ایوب عن سعید الاعشی ولا یصح" معلوم ہوا کہ ترمذی کی سند میں خطاء واقع ہوئی ہے دوسری سند میں ایوب کا ذکر ہی نہیں کیا۔

حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ مَسْلَمَةَ ثَنَا عَبْدُالْمَجِيْدِ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَؓ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنِ ابْتُلِيَ بِشَيْءٍ مِنَ الْبَنَاتِ فَصَبَرَ عَلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ۔

ترجمہ:۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص کو لڑکیوں سے سابقہ پڑے اور وہ ان پر صبر کرے تو وہ لڑکیاں اس شخص کے لیے جہنم سے آڑ ہونگی۔

ابتلی: صیغہ مجہول ہے بمعنی امتحن حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اس سے مراد کسی کے یہاں لڑکیوں کا پیدا ہونا ہے بعض فرماتے ہیں اس سے مراد وہ حالات ومصائب ہیں جو لڑکیوں کی پرورش اور تعلیم وتربیت میں پیش آتے ہیں اب روایت کا مطلب یہ ہوا کہ اگر کوئی شخص لڑکیوں کی پیدائش یا ان کی پرورش، تعلیم وتربیت وغیرہ کی وجہ سے مصائب اور پریشانیوں میں مبتلاء ہو جائے پھر وہ ان پر صبر کرے تو وہ لڑکیاں اس شخص کے لیے جہنم سے آڑ بن جائیں گی علامہ نوویؒ نے ابن بطال سے نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ نے اس کو ابتلی سے اس وجہ سے تعبیر فرمایا کہ لوگ لڑکیوں کی پیدائش کو عموماً برا سمجھتے ہیں تو مطلب یہ ہوا کہ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے لڑکیاں پیدا ہوگئیں ہیں ان کے سلسلہ میں مصائب پیش آئیں گے یاد رکھیں اگر کوئی آدمی ایسے موقع پر صبر اختیار کرے اور خندہ پیشانی سے مصائب برداشت کرے تو درحقیقت یہ ابتلاء جہنم سے آڑ ہے یعنی ایسے شخص کے لیے جنت میں اول داخلہ کا ذریعہ ہے لہٰذا یہ ابتلاء نہایت مبارک ہے حافظ عراقی فرماتے ہیں کہ ابتلاء بمعنی اختبار ہے چنانچہ سابقہ روایت میں لفظ اتقی اللہ اس پر دلالت کرتا ہے اور اب روایت کا مطلب یہ ہوگا کہ جس شخص کو لڑکیاں دی جاتی ہیں اس کو اللہ کی طرف سے آزمایا جاتا ہے کہ آیا وہ ان کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہے یا نہیں اگر حسن سلوک کرتا ہے تو وہ لڑکیاں اس کے واسطے جہنم سے آڑ ہو جائیں گی ورنہ نہیں۔

لڑکیوں کی پرورش پر فضیلت اس وجہ سے ہے کہ وہ اپنے اخراجات اور ضروریات مہیا کرنے سے قاصر ہیں اور نرینہ اولاد دیکھ بڑے ہونے کے بعد اپنی کفالت خود کر لیتی ہے۔

هذا حدیث حسن: یہ روایت اپنے شواہد کی بناء پر حسن ہے ورنہ اس کی سند میں علاء ابن مسلمہ متروک راوی ہے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرِ ابْنِ حَزْمٍ عَنْ

العلاء بن مسلمة بن عثمان الرواسي البغدادي يكنى ابو سالم متروك ورماه ابن حبان بالوضع من العاشرة، عبدالمجيد بن عبدالعزيز بن ابي الرواد بفتح الراء وتشديد الواو صدوق، غلطي ربما وهو ورمي بمرجاء من التاسعة ۲۰۶ھ ۱۲

عبدالله بن ابي بكر بن محمد بن حزم الانصاري المدني القاضي ثقة من الخامسة ۱۳۵ وهو ابن سبعين سنة ۱۲

عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَتِ امْرَأَةٌ مَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا فَسَأَلَتْ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِيْ شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ فَأَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ وَدَخَلَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَنِ ابْتُلِيَ بِشَيْءٍ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ

ترجمہ: حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ ایک عورت ان کے یہاں آئی اس کے ساتھ دو لڑکیاں تھیں اس نے سوال کیا تو میرے پاس سوائے ایک کھجور کے کچھ نہ پایا پس میں نے اس کو ایک کھجور دیدی اس نے اس کھجور کے دو ٹکڑے کیے اور دونوں کے درمیان تقسیم کر دی اور خود اس میں سے کچھ نہ کھایا پھر کھڑی ہوئی اور چلی گئی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میں نے اس قصہ کی خبر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص کو ان لڑکیوں میں سے کسی سے سابقہ پڑے (یعنی وہ اس کو عطاء کی گئی ہوں یا ان کے بارے میں اس نے پریشانیاں اٹھائی ہوں) تو وہ لڑکیاں جہنم سے اس کے لیے حجاب ہوں گی۔

فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِيْ شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ۔ بخاری شریف کی روایت میں غیر تمرۃ واحدۃ واقع ہوا ہے۔

اشکال: علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ عائشہؓ کی دوسری روایت میں ہے کہ اس مسکینہ کو انہوں نے تین کھجوریں عنایت فرمائی تھیں اس نے ایک ایک کھجور دونوں لڑکیوں کو دیدی اور تیسری کھجور خود کھانے کا ارادہ کیا مگر اس کے دو ٹکڑے کر کے وہ بھی بچیوں کو ہی دیدی تھی اور خود نہیں کھائی جس سے مجھے تعجب ہوا اور اس روایت سے معلوم ہوا کہ حضرت عائشہؓ نے ایک ہی کھجور دی تھی۔ جواب (۱) ممکن ہے کہ یہ دونوں واقعے الگ الگ ہوں (۲) یا یہ جواب ہے کہ اول ایک کھجور دی تھی پھر دو اور مل گئیں تو وہ بھی اسی کو دیدی تھیں۔

فَأَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا: حضرت عائشہؓ نے ایک ہی کھجور اس کو دیدی اور اس کے قلیل ہونے کی کوئی پرواہ نہیں کی کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے "فمن يعمل مثقال ذرة خيرا يره" نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اتقوا النار ولو بشق تمرة"

وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا: یعنی وہ عورت خود بھوکی رہی اور کھجور اس نے اپنی بچیوں کو دیدی خود نہیں کھائی۔

حضرت عائشہؓ کو تعجب کیوں ہوا؟ حضرت عائشہؓ کو مسکینہ کے اس عمل سے کہ کھجور خود نہیں کھائی بلکہ بچیوں کو دیدی اسلیے تعجب ہوا کہ حضرت عائشہؓ ولادت والا مت سے ناواقف تھیں کیونکہ صاحب اولاد بسا اوقات اپنی حاجت کو روک کر اپنی اولاد کی حاجت پورا کرنے پر مجبور ہوتا ہے اور یہ طبعی امر ہے جس کو صاحب اولاد ہی سمجھ سکتا ہے حضرت عائشہؓ صاحب اولاد نہیں تھیں اس وجہ سے ان کو تعجب ہوا۔

هٰذَا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان واحمد والنسائي۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيْرِ الْوَاسِطِيُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ الرَّاسِبِيُّ عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ دَخَلْتُ أَنَا وَهُوَ الْجَنَّةَ كَهَاتَيْنِ وَأَشَارَ بِإِصْبَعَيْهِ

ترجمہ: انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ذمہ داری لے دو لڑکیوں کی تو میں اور وہ جنت میں داخل

محمد بن الوزير الواسطي بن قيس العبدي الواسطي ثقة عابد من العاشرة ۲۵۷ محمد بن عبيد الطنافسي بغير اضافة وابن ابي امية الكوفي الاحدب ثقة يحفظ من الحادي عشر ۲۰۴ھ محمد بن عبدالعزيز الراسبي بن روح البصري ثقة من السابعة ابوبكر بن عبيد الله بن انس بن مالك مجهول من الخامسة والصحيح قال له الترمذي هو عبيد الله بن ابي بكر بن انس موثقة من الرابعة ۱۲

ہونگے ان دونوں کی طرح اور اشارہ کیا اپنی دو انگلیوں کی طرف۔

عَالَ: ماخوذ من العول وهو القرب علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس کے معنی میں ہیں قام علیهما بالمؤنة والتربية ونحوها۔ کہا جاتا ہے عال الرجل عياله يعولهم اذا قام بما يحتاجون اليه من قوت و كسوة و غيرهما۔ اس سے مراد بچیوں کی ذمہ داری لینا، کفالت کرنا، مؤنت برداشت کرنا ہے۔

اَشَارَ بِاِصْبَعَيْهِ: اس سے مراد وسطی اور سبابہ ہے جیسا کہ آنے والی روایت میں صراحۃً واقع ہے یعنی جس طرح یہ دونوں انگلیاں ساتھ ساتھ بلا فصل ہیں اسی طرح بچیوں کی کفالت کرنے والا میرے ساتھ جنت میں بلا فصل داخل ہوگا۔ اس روایت سے کافل بنات کی بہت بڑی فضیلت معلوم ہوئی کہ وہ آپ ﷺ کے ساتھ جنت میں داخل ہوگا جو آپ ﷺ سے انتہائی قرب کی علامت ہے اس جملہ کی مزید وضاحت اگلے باب کے تحت آ رہی ہے۔

هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ اخرجه مسلم و ابن حبان وَقَدْ رَوٰى مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالْعَزِيْزِ غَيْرَ حَدِيْثٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَقَالَ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ وَالصَّحِيْحُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرِ عَنْ اَنَسٍ امام ترمذیؒ کے اس کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ محمد بن عبدالعزیز نے اس روایت کے علاوہ دوسری روایت بھی اسی سند کے ساتھ نقل کی ہے تو انہوں نے اس میں بھی عن ابی بکر بن عبیداللہ بن انس ہی کہا جیسا کہ یہاں بھی یہی کہا ہے حالانکہ صحیح عن عبداللہ بن ابی بکر ہے یعنی ابوبکر انسؓ کے بیٹے ہیں نہ کہ پوتے چنانچہ امام مسلم نے جامع صحیح میں جو سند نقل کی ہے وہ اس طرح ہے حدثني عمرو الناقد نا ابو احمد الزبیری نا محمد بن عبدالعزيز عن عبيدالله بن ابى بكر بن انس عن انس بن مالك الخ معلوم ہوا کہ ترمذی کی سند میں قلب واقع ہوا ہے اور یہ عبیداللہ بن ابی بکر طبقۂ رابعہ کے ثقہ راوی ہیں انکی کنیت ابومعاذ ہے (كذا في التقريب)۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ رَحْمَةِ الْيَتِيْمِ وَكَفَالَتِهٖ

حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالَقَانِيُّ ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ عَنْ حَنَشٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَنْ قَبَضَ يَتِيْمًا مِنْ بَيْنِ الْمُسْلِمِيْنَ اِلٰى طَعَامِهٖ وَشَرَابِهٖ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ الْبَتَّةَ اِلَّا اَنْ يَعْمَلَ ذَنْبًا لَا يُغْفَرُ۔

ترجمہ:۔ ابن عباسؓ سے منقول ہے بیشک رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص مسلمانوں میں سے کسی یتیم کو اپنے کھانے پینے میں شریک کرے اللہ تعالیٰ اس کو یقیناً جنت میں داخل فرمائیں گے مگر یہ کہ وہ ایسا گناہ کرے جس کی مغفرت نہ ہوتی ہو۔

اليتيم: انسانوں میں وہ بچہ جس کے باپ کا انتقال ہوگیا ہو اور جانوروں میں وہ چھوٹا بچہ جس کی ماں مرگئی ہو جمادات میں یتیم وہ شیٔ ہے جس کی کوئی نظیر نہ ہو چنانچہ دریتیم ایسے موتی کو کہا جاتا ہے جس کی کوئی نظیر نہ ہو۔

قَبَضَ: اس کے معنی تَسَلَّمَ وَاَخَذَ کے ہیں اور ایک روایت میں لفظ "آوٰى يتيما" واقع ہے ان سب لفظوں سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص کسی یتیم کی ذمہ داری لے یعنی اسکی پرورش و کفالت کرے اسکو کھانے پینے وغیرہ میں اپنے ساتھ شریک کرے تو ایسے شخص کو یقیناً اللہ تعالیٰ جنت میں داخل فرمائیں گے۔

(لا ان یعمل ذنبا لا یغفر) علامہ عینیؒ اور ابن مالکؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد شرک ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ'' اگر اس کافل یتیم نے شرک کیا ہو تو وہ جنت میں داخل نہ ہوگا دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد حقوق العباد ہیں کیونکہ وہ بھی صاحب حق کے معاف کرنے ہی سے معاف ہوتے ہیں ورنہ نہیں اور ممکن ہے کہ اس سے مراد دونوں ہوں یہی اظہر ہے چونکہ اس پر تنبیہ ہے کہ حقوق العباد محض کفالت یتیم سے معاف نہیں ہوتے' ظاہر ہے کہ یتیم کا مال کھانا بھی حقوق العباد میں سے ہے تو اب روایت کا مطلب یہ ہوگا کہ کافل یتیم یقیناً جنت میں داخل ہوگا مگر یہ کہ اس نے شرک کیا ہو یا اس کے ذمہ حقوق العباد ہوں مثلاً یتیم کا مال اس نے کھایا ہو تو بغیر صاحب حق کے معاف کئے یا بغیر ادا کئے جنت میں نہ جائے گا بہر حال روایۃ الباب سے کافل یتیم کی فضیلت معلوم ہوئی کہ اس کے وہ سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں جو حقوق اللہ کے قبیل سے ہیں۔

وفی الباب عن مرۃ الفهریؓ اخرجه البخاری فی الادب والطبرانی۔

وابی ھریرۃؓ اخرجه ابن ماجه والبخاری فی الادب وابو نعیم۔ وابی امامۃؓ اخرجه احمد والترمذی وسھل بن سعدؓ اخرجه الترمذی فی الباب۔

وحنش وهو حسین بن قیس: امام ترمذیؒ حنش راوی کا تعارف کرا رہے ہیں کہ اس کا نام حسین بن قیس ہے اور اس کی کنیت ابوعلی الرحبی ہے الرحبی بفتح الراء والباء الموحدۃ ان کا لقب حنش ہے طبقہ سادسہ کا متروک راوی ہے سلیمان التیمی فرماتے ہیں کہ محدثین نے اسکو متروک قرار دیا ہے احمد بن حنبل نے متروک فرمایا ہے ابوزرعہ، ابن معین نے فرمایا کہ یہ راوی ضعیف ہے بخاری فرماتے ہیں ''لایکتب احادیثه'' بعض حضرات نے ان کی احادیث کو منکر فرمایا ہے۔ وقال الدار قطنی متروک کذا فی المیزان۔

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ اَبُو الْقَاسِمِ الْمَكِّيُّ الْقُرَشِيُّ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِي الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ وَاَشَارَ بِاِصْبَعَيْهِ يَعْنِي السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطٰى۔

ترجمہ: سہیل بن سعدؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ان دونوں کی طرح ہوں گے اور اشارہ فرمایا دو انگلیوں سے یعنی سبابہ اور وسطیٰ کے ساتھ۔

کافل الیتیم: اس سے مراد وہ شخص ہے جس نے کسی یتیم کی پرورش اور تربیت کی ذمہ داری لی ہو۔

کھاتین و اشار باصبعیه: یعنی یتیم کی کفالت کرنے والا حضور پاک ﷺ کا جنت میں رفیق ہوگا۔ علامہ ابن بطال فرماتے ہیں جو شخص اس حدیث کو سنے اس کو چاہیے کہ اس پر عمل کرے کیونکہ اس عمل کا بدلہ آپ ﷺ کی رفاقت کی فی الجنۃ ہے جس سے بڑھ کر کوئی درجہ آخرت میں نہیں ہو سکتا ہے۔

اشکال۔ اللہ تعالیٰ حضور ﷺ کو تمام انسانوں بلکہ تمام انبیاء علیہم السلام سے بڑھ کر درجات عطا فرمائیں گے حتیٰ کہ مقام محمود بھی

سعید بن یعقوب الطالقانی کنیته ابوبکر ثقة صاحب حدیث قال ابن حبان ربما اخطأ من العاشرۃ مات ۲۴۴ھ معتمر بن سلیمان التیمی ابو محمد البصری یلقب بالطفیل ثقة من کبار التاسعة ۱۸۷ حنش هو حسین بن قیس ابو علی الرحبی الواسطی من السادسة متروک ۱۲

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کیا جائے گا جو کسی کو عطا نہیں ہوگا نیز روایات سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اول من یستفتح باب الجنة اور اول من یدخل الجنة ہیں اس روایت سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ کافل یتیم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنت میں ان درجات علیا کے ساتھ داخل ہوگا تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا خصوصیت رہ گئی؟ حضرات محدثینؒ نے اس اشکال کے مختلف جوابات دیے ہیں اور اس حدیث کی مختلف توجیہات فرمائی ہیں (اول) روایت سے درجات کی تعیین مقصود نہیں ہے بلکہ صرف استحقاق معیت فی الدخول کو بیان کرنا مقصود ہے یعنی کافل یتیم اس کفالت کی بناء پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنت میں داخل ہونے کا مستحق بن گیا ہے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے دیگر ایسے فضائل عطاء فرمائے ہیں کہ ان کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ (دوم) اس سے مراد معیت خادم مع المخدوم ہے کہ جس طرح مخدوم کے ساتھ خادم بھی اسی درجہ میں سفر کر لیتا ہے جس درجہ میں مخدوم کرتا ہے اسی طرح یہ کافل یتیم بطور خادم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوگا اس سے برابری لازم نہیں آتی ہے جس طرح خادم کی برابری مخدوم کے ساتھ نہیں ہوتی ہے۔ (سوم) اس روایت سے مقصود آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے علامتِ قرب کو بیان کرنا ہے نہ کہ معیت فی الدخول اور درجات کی برابری کو۔

(چہارم) اس سے معیت فی الدخول ہی کو بیان کرنا مقصود ہے مگر اس سے درجات علیا کا حصول کافل یتیم کے لیے ضروری نہیں پھر اس سے یہ بھی لازم نہیں آتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے پہلے جنت میں داخل نہ ہوئے ہوں (پنجم) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ سبابہ اور وسطیٰ کے مابین تقدم وتاخر افرق ہے کہ سبابہ وسطیٰ سے مؤخر ہے تو اسی طرح کافل یتیم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مؤخر ہو گا۔ (ششم) بخاری شریف میں روایت کے الفاظ ہیں "وفرج بین اصبعیه" یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ کرتے ہوئے دو انگلیوں کے درمیان کشادگی فرمائی تھی جس سے کافل یتیم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان فرق متحقق ہو جاتا ہے اور یہ ایسا ہی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بعثت انا والساعة کهاتین" کہ میں اور قیامت ان دونوں انگلیوں کی طرح مبعوث ہوئے ہیں اور ظاہر ہے کہ دونوں کے درمیان فرق ہے۔ (ہفتم) دراصل سبابہ اور وسطیٰ کے درمیان طولاً فرق ہے کہ وسطیٰ سبابہ کے اعتبار سے طویل ہے یہی فرق حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور کافل یتیم کے درمیان ہے۔ (ہشتم) روایت کا مطلب یہ ہے کہ بوقت دخول کافل یتیم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے قرب حاصل ہوگا جیسا کہ ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے لیے جنت کا دروازہ سب سے پہلے کھولا جائے گا میں دیکھوں گا کہ ایک عورت مجھ سے پہلے دروازہ پر پہنچی ہوئی ہے میں اس سے پوچھوں گا تو کون ہے تو وہ کہے گی میں یتیموں کی پرورش کرنے والی ہوں ظاہر ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ عورت بوقت دخول میرے ساتھ جنت میں جائیگی یا میرے پیچھے داخل ہوگی۔ (نہم) روایت سے مقصود صرف سرعتِ دخول کو بیان کرنا ہے یعنی کافل یتیم میری طرح بہت جلد جنت میں داخل ہوگا۔ (دہم) ممکن ہے روایت میں سرعتِ دخول کے ساتھ مطلق درجات علیا کے حصول کی طرف اشارہ ہو۔ (تلك عشرة كاملة)

کافل یتیم کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مناسبت وخصوصیت: حافظ عراقی فرماتے ہیں کہ کافل یتیم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مناسبت اس معنی کر

عبداللہ بن عمران ابوالقاسم المکی القرشی صدوق معمر من العاشرة ۲۳۵ عبدالعزیز بن ابی حازم سلمة بن دینار المدنی فقیه صدوق من الثامنة ۸۴ وقیل قبل ذالك ابیه سلمة بن دینار ابو حازم الاعرج الافزر التمار المدنی ثقة عابد من الخامسة مات فی خلافة منصور سهل بن سعد بن مالك الانصاری الخزرجی الساعدی ابوالعباس له ولابیه صحبة مشهور مات ۸۸ھ وقیل بعد هاوقد جاوز المائة ۱۲۔

ہے کہ جس طرح حضورﷺ نے اپنی ایسی امت کی کفالت فرمائی جو اپنے دین کو نہیں سمجھتی تھی گویا وہ امت یتیم لایعقل تھی آپﷺ نے ان کو دین کی تعلیم دیکر کفالت فرمائی اسی طرح کافل یتیم بھی یتیم کے دین اور دنیا دونوں اعتبار سے اس کی پرورش کرتا ہے بدیں وجہ کافل کو آپﷺ سے قرب حاصل ہوگا۔ هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد والبخاري و ابوداؤد۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي رَحْمَةِ الصِّبْيَانِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ الْبَصْرِيُّ ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ زَرْبِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ جَاءَ الشَّيْخُ يُرِيدُ النَّبِيَّ ﷺ فَأَبْطَأَ الْقَوْمُ عَنْهُ أَنْ يُوَسِّعُوا لَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيرَنَا۔

ترجمہ:۔ انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ ایک بوڑھا شخص حضورﷺ کی خدمت میں حاضری کے ارادہ سے آیا قوم نے اسکو جگہ دینے میں دیر کی تو رسول اللہﷺ نے فرمایا وہ شخص ہم میں سے نہیں جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑوں کی تعظیم نہ کرے۔

کبیرنا: اس سے مراد عام ہے خواہ عمر کے لحاظ سے کبیر ہو یا علم وعمل کے اعتبار سے کبیر ہو لیس منا کے معنی ہیں لیس علی طریقۃ او سنتنا اور اس سے مقصود یہ ہے کہ مذکور فی الحدیث باتوں سے اجتناب کرنا چاہئے ورنہ ہمارے اخلاق وعادات اس میں نہیں ہیں جس طرح کوئی باپ اپنے بیٹے کو ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہے اور کہتا ہے تو فلاں کام کے لیے چلا جا ورنہ "لست منی ولست منك" یعنی اگر تو نہیں جائے گا تو تو ہمارا نہیں یعنی ہمارے طریق پر نہیں ہے وکذا قول الله تعالی لنوح علیه السلام "انه لیس من اهلك انه عمل غیر صالح الایه" بعض حضرات فرماتے ہیں اس کے معنی ہیں کہ لیس علی دیننا الکامل ای خرج من فرع من فروع الدین وان کان معه اصل الایمان۔

روایت کا مطلب:۔ جو شخص بچوں اور چھوٹوں پر شفقت نہ کرے اور ان سے محبت نہ کرے اور بڑوں کے درجات ومراتب کو نہ پہچانے ان کی تعظیم نہ کرے وہ ہمارے طریق پر نہیں یعنی اس میں ہمارے اسلامی اخلاق نہیں ہیں اور وہ ہمارا آدمی نہیں ہے اگرچہ ایمان اس کے اندر موجود ہے۔

وفی الباب عن عبداللهؓ اخرجه الترمذی وابی هریرةؓ اخرجه الترمذی فیما سبق۔ وابن عباسؓ اخرجه الترمذی فی هذا الباب۔ وابی امامةؓ اخرجه احمد۔

وزربی له احادیث مناکیر یعنی زربی راوی جو طبقہ خامسہ کا راوی ہے ان کی روایت حضرت انسؓ سے منکر شمار کی گئی ہیں چنانچہ امام بخاریؒ نے فرمایا فی حدیثه نظر۔

دوسری روایت جو عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ مروی ہے اس میں ویعرف شرف کبیرنا کا لفظ "ولم یوقر کبیرنا" کی جگہ واقع ہے اور اس کے معنی "لم یعرف شرف کبیرنا" کے ہیں چنانچہ دوسرا نسخہ لفظ لم کی صراحت کے ساتھ ہے اور مطلب ظاہر ہے۔

تیسری روایت جو حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے اس میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی زیادتی ہے جو شخص چھوٹوں پر

محمد بن مرزوق هو محمد بن محمد بن مرزوق الباهلی البصری صدوق له اوهام من الحادیة عشرة عبید بن واقد العیشی او اللیثی ابو عباد ضعیف من التاسعة زربی بفتح الزاء وسکون الراء بعدها موحدة ثم تحتانیة ابن عبدالله الازدی ضعیف من الخامسة ۱۲۔

شفقت نہ کرے بڑوں کی تعظیم نہ کرے اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر نہ کرے وہ ہماری جماعت میں سے نہیں ہے۔

لَمْ یُوَقِّرْ یَأْمُرْ یَنْہَ تینوں لفظ مجزوم بلَمْ ہیں اور یرحم پر معطوف ہیں۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اس امت کے اہم ترین فرائض اور اخلاقِ فاضلہ میں سے ہے کما قال تعالیٰ "کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْہَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ الآیۃ" ظاہر ہے جو شخص آمر بالمعروف اور ناہی عن المنکر نہیں ہے تو وہ اس امت کے اخلاقِ فاضلہ پر نہیں اور یہی مطلب ہے "لیس منا" کا۔

وحدیث محمد بن اسحاق عن عمرو بن شعیب حدیث حسن صحیح امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ عمرو بن شعیب والی روایت محمد بن اسحاق مدلس راوی کے عنعنہ کے ساتھ اگرچہ منقول ہے اور یہ حدیث حسن صحیح نہ ہونی چاہیے مگر اسکے متعدد طرق ہیں اور دیگر شواہد بھی ہیں اس بناء پر اس کو حسن وصحیح قرار دیدیا گیا ہے چنانچہ آگے فرماتے ہیں وقد روی عن عبداللہ بن عمرو عن غیر ھذا الوجہ ایضاً اس روایت کی تخریج ابوداؤدؒ نے بطریق ابن ابی شیبہ و ابن السرح عن سفیان عن ابن ابی نجیح عن ابن عامر عن عبداللہ بن عمرو کی ہے۔ نیز یہ روایت عبداللہ ابن عمرو صحابی سے جس طرح ان کی اولاد نے نقل کی ہے جس کو محمد بن اسحاق نے روایت کیا ہے اسی طرح عبداللہ بن عمرو سے دوسرے لوگ بھی ناقل ہیں اس وجہ سے حدیث درجہ حسن وصحیح کو پہنچ گئی ہے۔

قَالَ بَعْضُ اَہْلِ الْعِلْمِ مَعْنٰی قَوْلِ النَّبِیِّ ﷺ لَیْسَ مِنَّا: یعنی بعض اہل علم نے لیس منا کی تفسیر لیس من سنتنا ای من ادبنا کی ہے مگر علی بن مدینی نے فرمایا کہ یحییٰ بن سعید نے کہا سفیان ثوری اس تفسیر کو پسند نہیں فرماتے تھے کیونکہ روایت کا مقصود توبیخ و تہدید ہے کہ گویا ایسا شخص اہل اسلام میں سے ہی نہیں ہے اور اس تفسیر کے بعد یہ مقصود فوت ہو جاتا ہے اس وجہ سے سفیان ثوری کی رائے یہ ہے کہ اس قسم کی تہدیدی روایات کو ان کے ظاہری معنی پر ہی محمول کیا جائے تاکہ لوگ ان بری خصلتوں کا ارتکاب نہ کریں۔

سوال: جامع ترمذی کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس تفسیر پر نکیر کرنے والے سفیان ثوری ہیں جبکہ نوویؒ وغیرہ نے انکار کی نسبت سفیان بن عیینہ کی طرف کی ہے۔

جواب: ممکن ہے کہ دونوں حضرات نکیر کرتے ہوں فلا تعارض۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ رَحْمَۃِ النَّاسِ

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ ثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ ثَنَا قَیْسُ بْنُ اَبِیْ حَازِمٍ ثَنِیْ جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ مَنْ لَمْ یَرْحَمِ النَّاسَ لَا یَرْحَمْہُ اللّٰہُ

ترجمہ:۔ جریر بن عبداللہؓ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں فرماتا۔

مَنْ لَمْ یَرْحَمِ النَّاسَ: بخاری شریف کی روایت میں "من لایرحم لا یرحم" کے الفاظ وارد ہوئے ہیں اور طبرانی میں "مَنْ لَایَرْحَمْ مَنْ فِی الْاَرْضِ لَا یَرْحَمْہُ مَنْ فِی السَّمَاءِ" اور طبرانی میں اشعث بن قیس کی روایت میں "من لم یرحم

قیس بن ابی حازم البجلی ابوعبداللہ الکوفی ثقۃ من الثانیۃ مخضرم ویقال لہ رؤیۃ وھوالذی یقال انہ اجتمع ان یروی عن العشر فمات بعد ۹۰ او قبلھا وقد جاوز المائۃ و تغیر۔ جریر بن عبداللہ بن جابر البجلی صحابی مشھور مات ۵۱ وقیل بعد ھا و المرویات منہ مائۃ ک۔

المسلمین لم یرحمه الله'' بھی واقع ہے۔

حافظ ابن عربی فرماتے ہیں کہ رحمت کے معنی کا خلاصہ "ارادة المنفعة في حق الخالق والمخلوق" ہے۔ علامہ ابن بطال فرماتے ہیں روایت کے الفاظ کا عموم چاہتا ہے کہ رحمۃ کا معاملہ تمام مخلوق کے ساتھ کیا جائے حتی کہ مؤمن' کافر بہائم'' مملوک' غیر مملوک سب اس میں داخل ہیں یعنی سب انسانوں جانوروں کے ساتھ رحمت و شفقت کا برتاؤ ہو تو اللہ تعالیٰ بھی رحم کا برتاؤ فرمائیں گے اور جو شخص مخلوق کے ساتھ رحم کا معاملہ نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ بھی اس کے ساتھ رحم کا معاملہ نہیں فرمائیں گے یہ بھی واضح ہو کہ مخلوق کے ساتھ رحم کا معاملہ اس کے مرتبہ کے لحاظ سے ہو مثلاً انسان کے ساتھ رحم کا معاملہ پھر انسانوں میں بھی مختلف اقسام مؤمن' کافر' اقرباء' پڑوسی' خورد' کلاں وغیرہ کے مختلف حقوق ہیں ان سب کو ادا کرنا ان کو منفعت پہنچانا یہ انسان کے ساتھ رحم ہے اسی طرح جانوروں کے ساتھ رحم ان کے حقوق کی ادائیگی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ انسان کے اندر نرم خوئی' خوش اخلاقی' عفو و درگزر اور لطف و مہربانی کی صفات ہونی چاہئیں تب ہی وہ دنیا و آخرت میں کامیاب ہوسکتا ہے اور اگر یہ صفات نہ ہوں گی تو ظاہر ہے ایسا شخص نہ دنیا میں کامیاب اور نہ آخرت میں کامیاب ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے رحم کا مستحق نہ ہوگا۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري و مسلم وفي الباب عن عبدالرحمن بن عوفؓ اخرجه الترمذي وابي سعيد اخرجه الترمذي' وابن عمر اخرجه احمد' وابي هريرةؓ اخرجه الترمذي في هذا الباب و عبدالله بن عمرو اخرجه الترمذي في الباب

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا أَبُو دَاوُدَ ثَنَا شُعْبَةُ قَالَ كَتَبَ بِهِ إِلَيَّ مَنْصُورٌ وَقَرَأْتُهُ عَلَيْهِ سَمِعَ أَبَا عُثْمَانَ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ ﷺ يَقُولُ لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ میں نے ابوالقاسم ﷺ سے ہوئے سنا کہ رحمت کو نہیں چھینا جاتا مگر بدبخت شخص سے۔

كَتَبَ إِلَيَّ: شعبہ فرمارہے ہیں کہ اولاً منصور نے اس حدیث کو میرے پاس لکھ کر بھیجا پھر میں نے منصور سے ملاقات کر کے اس کو ان سے پڑھا لہٰذا اب یہ روایت کتابت و قراءت دونوں طرح سے مجھے حاصل ہوگئی ہے۔

لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ الخ: صیغہ مجہول ہے علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ دراصل رحمت نام ہے رقت قلب کا جو علامت ایمان ہے جس شخص میں رقتِ قلب نہیں یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس میں ایمان نہیں اور جس شخص میں ایمان نہیں ہے اس سے زیادہ بدبخت کون ہوسکتا ہے۔ شیخ عبدالحق فرماتے ہیں لفظ لا تنزع اس پر دلالت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے قلب میں رقت و رحمت وضع فرمائی تھی اب اس کے قلب سے وہ سلب ہوگئی ہے لہٰذا یہ علامت شقاوت و بدبختی ہے۔ حافظ ابن عربی فرماتے ہیں کہ رحمت کے معنی ارادۂ منفعت کے ہیں جب ارادۂ منفعت کسی کے دل سے دور ہوگیا تو ایسا شخص ایصال مکروہات و مصائب میں مبتلا ہوگا اور جو شخص مخلوق خدا کو مصائب پہنچائے اس سے زیادہ بدبخت کون ہوسکتا ہے۔

هذا حديث حسن اخرجه احمد والبخاري في الادب و ابوداؤد وابن حبان والحاكم مناوی فرماتے ہیں کہ اس روایت کی اسناد صحیح ہے۔

ابو عثمان الذي روى عن ابي هريرةؓ لانعرف اسمه الخ: خلاصہ کلام یہ ہے کہ ابو ہریرہؓ کے شاگرد ابو عثمان کا نام ہمیں معلوم

نہیں ہے البتہ یہ کہا جاتا ہے کہ یہ موسیٰ بن ابی عثمان کے والد ہیں اور موسیٰ بن ابی عثمان سے ابو الزناد روایت کرتے ہیں چنانچہ ابو الزناد نے موسیٰ بن ابی عثمان سے اس حدیث کے علاوہ دوسری احادیث عن موسیٰ بن ابی عثمان عن ابیہ عن ابی ہریرۃ" عن النبی ﷺ کہہ کر نقل کی ہیں تقریب میں ہے کہ ابو عثمان التبانی مغیرہ بن شعبہ کے آزاد کردہ غلام ہیں بعض حضرات نے ان کا نام سعید اور بعض نے عمران ذکر کیا ہے طبقۂ ثالثہ کے مقبول راوی ہیں۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ اَبِیْ قَابُوْسَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اَلرَّاحِمُوْنَ یَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمْکُمْ مَنْ فِی السَّمَاءِ اَلرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعَهُ اللّٰهُ

ترجمہ: عبداللہ بن عمروؓ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو لوگ رحم کرنے والے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ رحم فرماتے ہیں اے لوگو تم ان پر رحم کرو جو زمین میں ہے تم پر وہ رحم کرے گا جو آسمان میں ہے۔ رحم رحمان کی شاخ ہے جو شخص اس سے جوڑے گا اللہ بھی اس سے جوڑ فرمائیں گے اور جو شخص رحم کو توڑے گا اللہ بھی اس سے توڑ فرمائیں گے۔

اَلرَّاحِمُوْنَ یَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ: یعنی جو لوگ دنیا میں مخلوق خدا انسان جانور وغیرہ پر رحم کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بھی ایسے لوگوں کے ساتھ احسان اور انعام و اکرام کا معاملہ فرماتے ہیں۔

اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمْکُمْ مَنْ فِی السَّمَاءِ: علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "من فی الارض" سے مراد ہر قسم کی مخلوق ہے اور لفظ "من" "تغلیبًا ومشاکلةً" لایا گیا ہے اب معنی یہ ہوئے کہ اے لوگو تم تمام مخلوق خدا کے ساتھ رحم کا برتاؤ کرو "یرحمکم من فی السماء" یہ جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے اور مرفوع بھی پڑھا گیا ہے مراد اللہ تعالیٰ ہیں بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ملائکہ ہیں چنانچہ سراج المنیر میں روایت ہے اس کے الفاظ "یرحمکم اھل السماء" ہیں جس سے مراد فرشتے ہیں مطلب یہ ہے کہ جو لوگ مخلوق خدا پر رحم کرتے ہیں ملائکہ ان کے لیے استغفار کرتے رہتے ہیں۔ کما قال تعالیٰ "اَلَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَیُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَیَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَکَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ۔

اَلرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ: الشجنة مثلثة الشین المعجمة وسکون الجیم: پیڑ کی نسیں جو آپس میں ایک دوسرے سے ملی ہوتی ہیں یا اس سے مراد شاخیں ہیں اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا کہ رحم رحمٰن کی شاخ ہے یعنی لفظ رحم اللہ کے اسم رحمٰن سے ماخوذ ہے کما قال تعالیٰ "خلقت الرحم و شققت لها من اسمی معناه اثر من أثار الرحمة" جو شخص صلہ رحمی کرے گا اللہ تعالیٰ بھی اس کے ساتھ رحم کا برتاؤ کریں گے اور جو شخص رحم کو قطع کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ حسن سلوک اور رحمت کا برتاؤ نہیں فرمائیں گے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه ابو داؤد وسکت عنه واخرجه احمد والحاکم ایضًا۔

ابو قابوس مولی عبدالله بن عمرو بن العاص مقبول من الرابعة کذافی التقریب وقال صاحب المیزان لا یعرف اسمه وسماه بعضهم و ذکره البخاری فی الضعفاء ۱۲

فائدہ:۔ یہ حدیث مشہور بالاولیت ہے مگر حافظ ابن حجر فرماتے ہیں یہ حدیث ابن عیینہ تک تو مسلسل ہے اور اس کے بعد منقطع ہے علامہ سخاوی نے بھی یہی فرمایا ہے البتہ امام ترمذی نے روایت کو حسن صحیح قرار دیا ہے نیز امام بخاری نے کتاب الکنی والادب میں حمیدی واحمد نے اپنی مسانید میں، بیہقی نے شعب الایمان میں اور ابوداؤد نے اپنی سنن میں اس کی تخریج فرمائی ہے نیز حاکم نے مستدرک میں تخریج فرما کر اس کی تصحیح کی ہے اور بکثرت شواہد ومتابعات کی بناء پر یہ روایت انقطاع کے باوجود صحیح ہے صرح به العراقي۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّصِيحَةِ

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الدِّيْنُ النَّصِيحَةُ ثَلَاثَ مِرَارٍ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ لِمَنْ قَالَ لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ۔

ترجمہ:۔ ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دین (ہی) نصیحت (خیر خواہی) ہے" یہ لفظ" تین بار فرمایا لوگوں نے پوچھا کس کے لیے تو آپ ﷺ نے فرمایا اللہ کے لیے اور اس کی کتاب کے لئے اور اس کے رسول کے لئے اور ائمہ مسلمین کے لیے اور عام لوگوں کے لئے۔

النصیحۃ: علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ لفظ نصیحة انتہائی جامع لفظ ہے جس کے مفہوم میں ارادۃ الخیر للمنصوح لہ ہے یعنی جس کو نصیحت کی جائے اس کے لیے خیر کا ارادہ کرنا اس سے بڑھ کر کوئی دوسرا لفظ اس معنی کی ادائیگی کے لیے نہیں ہے لغت میں اس کے معنی خلوص کے ہیں" یقال نصحت وانصحت لہ تو اب اس کے معنی اخلاص کے ساتھ کسی کو فائدہ پہنچانے کے ہیں یہ لفظ تمام اقسام نصائح کو شامل ہے۔ البتہ حضور ﷺ نے بعض اصناف کو اجمالاً یہاں بیان فرمایا ہے۔

النصیحۃ للّٰہ: اللہ کے لیے نصیحت یعنی ارادۂ خیر یہ ہے کہ اسکے بارے میں صحیح اعتقاد ہو اس کی وحدانیت کا اقرار ہو اخلاص کے ساتھ اس کی عبادت کرے اور اس کی صفات میں کسی کو شریک نہ کرے۔

النَّصِيحَةُ لِكِتَابِهِ: اللہ کی کتاب کی تصدیق ہو کہ یہ اللہ کا کلام ہے اور اس پر عمل پیرا ہو۔

النَّصِيحَةُ لِرَسُوْلِهِ: رسول اللہ ﷺ کی نبوت ورسالت کی تصدیق کرے آپ کے اوامر پر عمل پیرا ہو اور نواہی سے مکمل اجتناب کرے۔

النَّصِيحَةُ لِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ: ائمہ مسلمین کی حق بات میں اطاعت کرے اور بغاوت سے گریز کرے۔

النَّصِيحَةُ لِعَامَّتِهِمْ: عام مسلمانوں کی مصالح ومضار کی طرف رہنمائی کرے۔

تشریح حدیث: علامہ نوویؒ نے شرح مسلم میں اس حدیث کی تشریح فرمائی ہے اور نہایت جامع اور بسیط کلام فرمایا ہے جس کا خلاصہ یہ

صفوان بن عيسى الزهري ابو محمد البصري القسام ثقة من التاسعة مات سنة مائتين وقيل قبلها بقليل او بعدها محمد بن عجلان المدني صدوق انه اختلطت عليه احاديث ابي هريرة من الخامسة مات سنة ثمان واربعين ومائة القعقاع بن حكيم الكناني المدني ثقة من الرابعة وثقه ابن حبان واحمد وابن معين ۱۲

ہے کہ علامہ خطابیؒ نے فرمایا لفظ نصیحۃ کے معنی حیازۃ الحظ بالمنصوح لہ یہ ایسا جامع لفظ ہے کہ اس معنی کو ادا کرنے کے لیے دوسرا کوئی لفظ اتنا مختصر اور اس کا مقابل نہیں ہے جیسے لفظ فلاح دنیا و آخرت دونوں کی خیر کے لیے جامع ترین لفظ ہے۔ نصیحۃ نصح الرجل ثوبہ سے ماخوذ ہے اور اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص پھٹے کپڑے کو سی کر اس نے پھٹے ہوئے کپڑے کی خرابی کو سی کر درست کر دیا اسی طرح ناصح منصوح لہ کی خرابی کی اصلاح نصیحت کے ذریعہ کرتا ہے بعض حضرات فرماتے ہیں یہ نصحت العسل سے ماخوذ ہے جبکہ شہد کو موم سے نچوڑ کر نکالا جائے گویا جس طرح شہد کو موم سے نچوڑ کر صاف کیا جاتا ہے اسی طرح ناصح اپنی نصیحت کے ذریعے منصوح لہ کو اصل شئی پیش کر دیتا ہے اب حدیث پاک الدین النصیحۃ کے یہ معنی ہوئے کہ النصیحۃ عماد الدین وقوام الدین ہے کما یقال الحج عرفۃ ای عمادہ و معظمہ یعنی حج وقوف عرفہ ہی کا نام ہے یوں تو دوسرے اعمال بھی ہیں مگر اصل عمل وقوف عرفہ ہے اسی طرح دین کے بہت سے ارکان ہیں مگر اصل دین نصیحت ہے۔

لان الخبر المحلی باللام یفید الحصر و التخصیص۔

نصیحت کا حکم: اس شخص پر لازم ہے جو نصیحت کرنے پر قادر ہو اور اس کو یقین ہو کہ منصوح لہ نصیحت کو قبول کرے گا اور کوئی تکلیف نہ پہنچائے گا اور اگر تکلیف و نقصان کا اندیشہ ہو تو پھر ترک نصیحت کی گنجائش ہے اور اگر نصیحت کی وجہ سے اسکے کفر کا اندیشہ ہو تو نصیحت کرنا جائز نہیں ہے۔

ھذا حدیث حسن اخرجہ مسلم۔ وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجہ البزار وتمیم الداریؓ اخرجہ مسلم والنسائی وابوداؤد وجریرؓ اخرجہ الترمذی فی الباب حکیم بن ابی یزیدؓ عن ابیہ اخرجہ عبد بن حمید و الطیالسی واحمد و الحاکم والبیھقی والطبرانی کما قالہ الحافظ و ثوبان اخرجہ الطبرانی فی الاوسط۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيدٍ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ بَايَعْتُ النَّبِيَّ ﷺ عَلٰى إِقَامِ الصَّلٰوةِ وَإِيتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ۔

ترجمہ: جریر بن عبداللہؓ نے کہا کہ بیعت کی میں نے حضور ﷺ سے نماز قائم کرنے اور زکوۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنے پر۔

بَايَعْتُ: ماخوذ من المبایعۃ اس سے مراد کسی سے عہد کرنا ہے۔ اقام الصلوۃ نماز کو پابندی کے ساتھ جملہ شرائط و ارکان اور سنن و مستحبات کی رعایت کے ساتھ ادا کرنا ایتاء الزکوۃ زکوۃ کا ادا کرنا۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت میں صرف اقامت صلوۃ اور ایتاء زکوۃ پر بیعت کا ذکر کیوں ہے؟ کیونکہ یہ دونوں عبادات بدنیہ و مالیہ کی اصول ہیں اور دونوں ارکان اسلام میں سے اہم رکن ہیں یہ بھی ممکن ہے کہ اس وقت ان پر صوم و حج فرض نہ ہوا ہو مگر یہ مشکل ہے کیونکہ جس سال حضور ﷺ کا وصال ہوا جریرؓ اسی سال مشرف باسلام ہوئے ہیں۔

وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ: ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنے پر بھی بیعت کی مسلمان عام ہو یا خاص۔

حضرت جریرؓ کا عجیب واقعہ: ابوالقاسم طبرانیؒ نے نقل فرمایا ہے کہ حضرت جریرؓ نے غلام کو حکم دیا کہ ان کے لیے گھوڑا خریدے غلام نے ایک گھوڑا تین سو روپیہ میں خریدا اور قیمت ادا کرنے کے لیے بائع کو بھی ان کی خدمت میں حاضر کر دیا جریرؓ نے فرمایا کہ تیرا

گھوڑا تین سو روپیہ سے زیادہ کا ہے چار سو روپے میں اس گھوڑے کو دیدے اس نے کہا چار سو روپیہ میں لے لیجئے پھر فرمایا تیرا گھوڑا تو چار سو سے بھی زائد کا ہے اسی طرح آٹھ سو تک پہنچ گئے اور آٹھ سو روپے میں اس گھوڑے کو خریدا اور فرمایا کہ میں نے ایسا اس لیے کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے دست مبارک پر "نصیحة لكل مسلم" پر بیعت کی ہے اس واقعہ سے حضرت جریرؓ کی دیانت و امانت اور منقبت وفضیلت معلوم ہوتی ہے کہ آپ ﷺ کے معاہدہ پر کس درجہ عمل فرمایا ہے۔

فائدہ: روایت سے اعمال پر بیعت کا ثبوت معلوم ہوتا ہے آپ ﷺ سے مختلف قسم کی بیعت ثابت ہے (۱) بیعت سمع وطاعت (۲) امام المسلمین سے مناقشہ نہ کرنے پر (۳) سچ بولنے پر (۴) انصاف کرنے پر (۵) اپنے سے زیادہ کسی کو حصہ دینے پر (۶) ہر مسلمان کے لیے خیر خواہی کرنے پر (۷) جنگ سے نہ بھاگنے پر (۸) لڑتے لڑتے مرجانے پر (۹) جہاد پر (۱۰) ہجرت پر (۱۲) ترک معاصی پر کما قال تعالیٰ "يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ" سورة الممتحنة: هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي شَفَقَةِ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ أَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ ثَنَا أَبِي عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ ابْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَخُونُهُ وَلَا يَكْذِبُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ عِرْضُهُ وَمَالُهُ وَدَمُهُ التَّقْوَى هَهُنَا بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ أَنْ يَحْتَقِرَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ۔

ترجمہ:۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے نہ اس کے ساتھ وہ خیانت کرتا ہے اور نہ اس سے جھوٹ بولتا ہے اور نہ اس کو رسوا کرتا ہے، ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان کی عزت لینا اس کا مال اس کا خون حرام ہے۔ (یعنی مسلمان حرمت وعظمت والا ہے) تقویٰ یہاں ہے آدمی کے برا ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو ذلیل سمجھے۔

الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اس اخوت کا تقاضہ یہ ہے کہ ان دونوں کا معاملہ معاشرت بھائیوں کی طرح ہو کہ دونوں میں الفت ومحبت ہو ایک دوسرے کے ساتھ نرم خوئی اور خندہ پیشانی سے پیش آئے اور باہم ایک دوسرے سے تعاون کریں آپس میں حسد وبغض نہ رکھیں اور ہر ایک میں دوسرے کی خیر خواہی کا جذبہ اعلیٰ درجہ کا ہو لفظ اخ میں ان جملہ امور کی طرف اشارہ ہے جس کی تشریح لایخونہ سے فرمائی گئی ہے۔ لا يخونه ماخوذ من الخيانة لا يخذله بضم الذال المعجمة ماخوذ من الخذلان اس کے معنی "ترك النصرة والمعاونة" کے ہیں یہ دونوں جملے خبر بمعنی انشاء ہیں۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں اس کے معنی یہ ہیں کہ اگر کسی مسلمان بھائی کو تعاون کی ضرورت پڑے تو بغیر عذر شرعی کے اس سے تعاون کرے ایسا نہ ہو کہ اس کو اسی طرح چھوڑ دے اور وہ رسوا وذلیل ہو جائے: كل المسلم على المسلم حرام عرضه: ہر مسلمان پر واجب ہے کہ وہ مسلمان کی

ابی هو اسباط بن محمد القرشي ثقة ضعف في الثوري من التاسعة مات سنة مائتين هشام بن سعد المدني ابو عباد او ابو سعد صدوق له اوهام رمي بالتشيع من كبار السابعة مات ١٦٠ او قبلها

آبرو وعزت کا احترام کرے خواہ اس کا تعلق بدن سے ہو یا حسب ونسب سے اسی طرح اس کا مال وخون سب محترم ہیں ان کی صیانت وحفاظت ضروری ہے ان کا ضائع کرنا جائز نہیں۔

التَّقْوٰی هٰهُنَا: مسلم شریف کی روایت میں ہے "یشیر الی صدرہ" آپ ﷺ نے قلب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ تقوی کا محل قلب ہے جو پوشیدہ ہے اس لیے یہ جائز نہیں کہ کسی مسلمان کو غیر متقی کہا جائے اور اس کی عزت وآبرو کو ضائع کیا جائے بلکہ مسلمان ظاہر میں خواہ متقی ہو یا نہ ہو بہر صورت اس کی عزت وآبرو اور مال وخون کی حفاظت لازم ہے بعض حضرات نے فرمایا کہ روایت کا مطلب یہ ہے کہ تقوی کا محل قلب ہے جس شخص کے دل میں تقوی ہوگا وہ کسی مسلمان کی ہرگز تحقیر نہ کرے گا کیونکہ متقی کسی کی تحقیر نہیں کرتا۔

بحسب امرئ من الشر ان یحتقر اخاہ المسلم: آدمی کے برا ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ کسی مسلمان بھائی کو رسوا کرے بحسب امرئ میں با زائد ہے اور یہ مبتدا ہے اور ان یحتقر اخاہ اس کی خبر ہے۔

روایت سے مسلمان بھائی کے حقوق معلوم ہوئے حضرات علماء نے ان کو تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔

مسلمان کے مسلمان پر حقوق: اہل قرابت کے علاوہ دیگر اجنبی مسلمانوں کے بھی حقوق ہیں اصفہانی نے الترغیب والترہیب میں بروایت حضرت علیؓ یہ حقوق نقل کیے ہیں۔(۱) مسلمان بھائی کی خطاء ولغزش کو معاف کرنا۔(۲) اس کے رونے پر رحم کرنا۔(۳) اس کے عیب کو چھپانا۔(۴) اس کے عذر کو قبول کرنا۔(۵) اس کی تکلیف کو دور کرنا۔(۶) ہمیشہ اس کی خیر خواہی کرتے رہنا۔(۷) اس کی حفاظت ودیکھ بھال کرنا۔(۸) اس کے ذمہ کی رعایت کرنا۔(۹) بیمار کی عیادت کرنا۔(۱۰) انتقال ہو جائے تو نماز جنازہ کے لیے حاضر ہونا۔(۱۱) اس کا ہدیہ قبول کرنا۔(۱۲) اس کی دعوت قبول کرنا۔(۱۳) اس کے احسان کی مکافات کرنا۔(۱۴) اس کے انعام کا شکر ادا کرنا۔(۱۵) موقع پڑنے پر اس کی مدد ونصرت کرنا۔(۱۶) اس کے اہل وعیال کی حفاظت کرنا۔(۱۷) اس کی حاجت پوری کرنا۔(۱۸) اس کی درخواست سننا۔(۱۹) اس کی سفارش قبول کرنا۔(۲۰) اس کو مراد سے ناامید نہ کرنا۔(۲۱) اس کی چھینک کے جواب میں یرحمك الله کہنا۔(۲۲) اگر اس کی گم شدہ چیز ملی ہو تو اس تک پہنچانا۔(۲۳) اس کے سلام کا جواب دینا۔(۲۴) خوش خلقی اور نرمی سے گفتگو کرنا۔(۲۵) اس کے ساتھ احسان کا معاملہ کرنا۔(۲۶) اگر اس سے متعلق وہ قسم کھائے تو اس کو پورا کرنا۔(۲۷) اس کی ظلم کے وقت مدد کرنا۔(۲۸) محبت کا معاملہ کرنا دشمنی نہ کرنا۔(۲۹) اس کو رسوا نہ کرنا۔(۳۰) جو بات خود کو پسند ہو اس کے لیے بھی وہی پسند کرنا ایک حدیث میں یہ چند حقوق اور منقول ہیں۔(۳۱) ملاقات کے وقت سلام ومصافحہ کرنا۔(۳۲) باہم کوئی رنجش ہو تو تین دن سے زائد قطع کلامی نہ کرنا۔(۳۳) اس کے متعلق بدگمانی نہ کرنا۔(۳۴) اس سے بغض وحسد نہ کرنا۔(۳۵) بقدر امکان امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا۔(۳۶) چھوٹوں پر رحم اور بڑوں کی عزت کرنا۔(۳۷) دو مسلمانوں میں نزاع ہو جائے تو ان میں باہم صلح کرانا۔(۳۸) اس کی غیبت نہ کرنا۔(۳۹) اس کی آبرو ومال میں کسی قسم کا ضرر نہ پہنچانا۔(۴۰) اگر اس کو اپنی سواری پر سوار نہ کر سکے یا اس کا سامان نہ اٹھا سکے تو کم از کم اس کو سہارا لگا دینا۔(۴۱) اسے اٹھا کر اس کی جگہ نہ بیٹھنا۔(۴۲) تیسرے شخص کو چھوڑ کر دو شخصوں کا آپس میں بات نہ کرنا۔

امام ترمذیؒ نے ان جملہ حقوق کی طرف مختلف ابواب قائم کر کے اشارات کیے ہیں۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه مسلم۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ وَ غَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهِ أَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا

ترجمہ: ابو موسیٰ اشعریؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مؤمن مؤمن کے لیے عمارت کی طرح ہے کہ اس کا ایک حصہ دوسرے کو مضبوط کرتا ہے۔

المؤمن للمؤمن: ان دونوں میں الف لام جنسی ہے۔ یشد بعضه یہ جملہ حالیہ ہے یا صفت ہے یا جملہ مستانفہ ہے جو وجہ شبہ بیان کرنے کے لیے فرمایا گیا ہے۔ بعضاً: علامہ کرمانیؒ کہتے ہیں کہ یہ منصوب بنزع الخافض ہے بعض حضرات فرماتے ہیں یہ یشد کا مفعول بہ ہے۔

روایت کا مطلب: جس طرح ایک دیوار کی اینٹیں آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ ملکر قوت حاصل کرتی ہیں اسی طرح ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کیلئے امور دنیا و آخرت میں مددگار اور معاون ہونا چاہیے کہ یہ دونوں مسلمان بھائیوں کے لیے قوت کا ذریعہ ہے اور اللہ تعالیٰ بھی ایسے معاون بندے کی مدد فرماتے ہیں چنانچہ ابو ہریرہؓ کی حدیث مرفوعاً منقول ہے" والله في عون العبد مادام العبد في عون اخيه" علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے مسلمانوں کے حقوق کی عظمت اور ان کے آپس میں ترحم و ملاطفت اور ایک دوسرے کی مدد کے بارے میں صریح حکم معلوم ہوتا ہے۔ دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ امور معنویہ سمجھانے کے لیے تشبیہ اور ضرب الامثال جائز ہے۔

هذا حديث حسن صحيح: اخرجه البخاري و مسلم وفي الباب عن عليؓ اخرجه احمد و ابي ايوبؓ اخرجه الشيخان واحمد۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا يَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِنَّ أَحَدَكُمْ مِرْآةُ أَخِيْهِ فَإِنْ رَأَى بِهِ أَذًى فَلْيُمِطْهُ عَنْهُ

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے بیشک تم میں سے ہر ایک اپنے بھائی کے لیے آئینہ ہے اگر اس میں کوئی عیب دیکھے تو اس کو اس سے دور کرے۔

مراۃ: بکسر المیم والمد والہمزۃ آلۂ رؤیت یعنی آئینہ اذی اس سے مراد عیب یا ایسی چیز جو خود یا غیر کے لیے تکلیف و پریشانی کا باعث ہو فلیمطہ ماخوذ من الاماطۃ اس کے معنی دور کرنے کے ہیں۔

روایت کا مطلب: حضرات شراح نے روایت کے دو مطلب بیان فرمائے ہیں (اول) یہ کہ انسان جب آئینہ کے سامنے کھڑا ہوتا ہے تو وہ انسان کے چہرہ کی اچھائیاں اور برائیاں بتا دیتا ہے جو خود اسکو معلوم نہیں ہوتی ہیں اسی طرح ایک مؤمن دوسرے مؤمن کے لیے آئینہ ہے کہ وہ اپنے بھائی مؤمن کی اچھائیاں اور برائیاں بتا دے کہ تمہارے اندر خرابی ہے اس کو دور کرلو۔ (دوم) جس طرح

بريد بن عبدالله بن ابي بردة ابن ابي موسى الاشعري الكوفي ثقة يخطئ قليلا من السادسة عن جده ابو بردة بن ابي موسى الاشعري قيل اسمه عامر و قيل الحارث ثقة من الثالثة مات: ۱۰۴ وقيل غير ذلك وقد جاوز الثمانين۔

انسان اپنے چہرے کے داغوں کو آئینہ دیکھ کر معلوم کر لیتا ہے اور ان کو دور کرتا ہے اسی طرح مؤمن کو چاہیے کہ دوسرے مؤمن کے عیوب دیکھ کر اپنا محاسبہ کرے ان سے بچنے کی کوشش اور اصلاح کی فکر کرے گویا دوسرے کے عیوب دیکھنے کو اپنی اصلاح کا ذریعہ بنالے۔

فوائد مستنبطہ من الحدیث: حضرات محدثینؒ نے آپ ﷺ کے اس مختصر جملہ میں تشبیہ سے خاص فوائد مستنبط فرمائے ہیں۔ (اول) اس سے یہ سبق ملتا ہے کہ اپنے عیوب بتانے والے شخص کو اپنا محسن سمجھنا چاہیے اور اس پر ناراض نہ ہونا چاہیے جس طرح آئینہ میں اپنے چہرے کے عیوب دیکھ کر آئینہ کو نہیں توڑتا بلکہ اس کو صاف کر کے حفاظت سے رکھتا ہے اسی طرح عیب بتانے والے مؤمن بھائی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیے۔ (دوم) دوسرا سبق یہ ملتا ہے کہ جس طرح آئینہ چہرے کے اتنے ہی داغوں کو بتاتا ہے جتنے داغ اس پر ہوتے ہیں اسی طرح مؤمن کو چاہیے کہ اپنے بھائی کے عیوب اور غلطیوں کو اسی قدر بتائے جو اس میں پائے جاتے ہیں بڑھا چڑھا کر مبالغہ سے نہ بتائے۔ (سوم) جس طرح آئینہ اپنے دیکھنے والے کے عیب اسی کو بتاتا ہے اور کسی کو نہیں بتاتا اسی طرح مؤمن کو چاہیے کہ اپنے بھائی کے عیوب صرف اسی کو بتائے دوسروں سے نہ کہے اور نہ اس کو لعنت و ملامت کرے۔ (چہارم) انسان جب بھی آئینہ کے سامنے آتا ہے فوراً آئینہ چہرے کے داغوں کو بتا دیتا ہے اسی طرح مؤمن کو چاہیے کہ اپنے مؤمن بھائی کی غلطیوں پر فوراً متنبہ کر دے اگر وہ اصلاح نہ کرے تب بھی اس کو بتاتا رہے اکتائے نہیں قال تعالیٰ "وذکر فان الذکری تنفع المؤمنین" (پنجم) ممکن ہے آئینہ کے ساتھ تشبیہ دیکر جانبین کو متنبہ کرتا ہو اس بات پر کہ دونوں کے قلوب آئینہ کی طرح صاف و شفاف رہنے چاہئیں بغض وعداوت تحقیر و تذلیل اور کدورت کسی کے دل میں نہ ہو۔

وَيَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ ضَعَّفَهُ شُعْبَةُ: یحیی بن عبید اللہ کو ضعیف قرار دیا ہے چنانچہ علامہ ذہبی نے میزان میں شعبہ کا قول نقل فرمایا ہے "قَالَ رَأَيْتُهُ يُصَلِّي صَلٰوةً لَا يُقِيمُهَا فَتَرَكْتُ حَدِيثَهُ" اور صاحب تقریب نے اسکو متروک قرار دیا ہے حاکم فرماتے ہیں کہ یہ وضع حدیث کے ساتھ متہم ہے۔

وفي الباب عن انسؓ اخرجه الطبراني في الاوسط والضياء قال المقدسي قال المناوي هو باسناد حسن۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي السَّتْرِ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ أَسْبَاطِ بْنِ الْقُرَشِيُّ ثَنَا أَبِي ثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ حُدِّثْتُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ فِي الدُّنْيَا يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَنْ سَتَرَ عَلَى مُسْلِمٍ فِي الدُّنْيَا سَتَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص کسی مسلمان سے دنیوی مصائب میں سے کوئی چھوٹی مصیبت دور کرے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے مصائب میں سے اس کی بڑی مصیبت کو دور فرمائیں گے اور جو شخص آسانی دے گا کسی تنگ دست کو دنیا میں تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے آسانی پیدا فرمائیں گے دنیا و آخرت میں، اور جو شخص پردہ پوشی کرے گا کسی مسلمان کی دنیا میں

یحي بن عبيد الله بن عبدالله بن موهب التيمي المدني متروك وافحش الحاكم فرماه بالوضع وقال الذهبي قال شعبة رأيته يصلي لا يقيمها فتركت حديثه۔ ابيه عبيدالله بن عبدالله بن موهب ابو يحيى التيمي المدني مقبول من الثالثة ۳۔

تو اللہ تعالیٰ اس کی پردہ پوشی فرمائیں گے دنیا و آخرت میں اور اللہ تعالیٰ بندے کی مدد میں رہتے ہیں جب تک وہ بندہ اپنے مسلمان بھائی کی مدد میں رہتا ہے۔

نَفَّسَ: یہ ماخوذ ہے تنفیس سے جس کے معنی تفریج' ازال و کشف ہٹانا' دور کرنا زائل کرنا کُرْبَۃً بضم الکاف فعلۃ کے وزن پر ماخوذ من الکرب ایسی شئی جس سے غم پیدا ہو یعنی مصیبت' کربۃ پر تنوین یا تو تحقیر کے لیے ہے یا افراد کے لیے ہے جس کی طرف ترجمہ میں اشارہ کیا گیا ہے کرب بضم الکاف و فتح الراء کربۃ کی جمع ہے۔

حدیث شریف میں چند امور مذکور ہیں اول جو شخص کسی کی تکلیف کو دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی مصیبت دور فرمائیں گے۔ سوال: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا" اس آیت کا تقاضہ یہ ہے کہ ایک مصیبت دنیا کے دور کرنے پر دس مصائب آخرت کے دور ہونے چاہئیں۔ جواب: قیامت کے دن کی ایک مصیبت دنیا کے ہزار مصائب سے بڑھ کر ہے اگر دنیوی ایک مصیبت کے ازالہ کے بدلہ قیامت کے دن کی ایک مصیبت کا ازالہ ہو جائے تب بھی کیفا متعدد گنا ازالہ مصائب پایا جائے گا فلا اشکال۔ بالفاظ دیگر یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ کربۃ من کرب الاخرۃ میں تنوین تعظیم کے لیے ہو اور معنی یہ ہیں کہ قیامت کے مصائب میں سے بڑی مصیبت دور فرمائیں گے لہٰذا ایک مصیبت دنیا کے بدلہ آخرت کی ایک بڑی مصیبت بدر جہا بڑھی ہوئی ہے لہٰذا حدیث مذکور میں بیان کردہ جزاء آیت شریفہ کے منافی نہیں ہے اور ان روایات کے بھی خلاف نہیں جن میں جزاء اخروی کو سات سو گنا تک بیان فرمایا گیا ہے الحاصل آیت شریفہ میں مضاعفت عام ہے خواہ کیفا ہو یا کما۔

مَنْ سَتَرَ عَلٰى مُسْلِمٍ: یعنی جو شخص کسی مسلمان کے عیوب و ذنوب کی پردہ پوشی کرے خواہ ان عیوب کا تعلق اس کے بدن سے ہو یا اس کے اخلاق و کردار سے ہو یا نسب و نسبت سے ہو یا عام معاشرہ سے متعلق عیوب ہوں ان کی پردہ پوشی کرے البتہ اگر ایسے عیوب و ذنوب ہیں جو حدود الٰہی کے قبیلہ سے ہیں یا ان کے چھپانے سے لوگوں کو دینی یا دنیوی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے تو پھر اظہار ضروری ہے اسی طرح کوئی منکر فعل میں مبتلا ہے اور بقدر طاقت اس پر نکیر کر دی گئی مگر پھر بھی وہ شخص اس امر منکر سے باز نہیں آیا تو حاکم کے یہاں اصلاح کی نیت سے اظہار کرنا ضروری ہے اور یہ ستر مسلم کے خلاف نہیں ہے۔

سَتَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ: یعنی مسلمان کی پردہ پوشی کرنے والے کی اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں پردہ پوشی فرمائیں گے اور اس کو دنیا و آخرت میں رسوانہ فرمائیں گے۔

واللّٰہ فی عون العبد الخ: بخاری و مسلم میں ابن عمرؓ کی روایت کے الفاظ میں "من کان فی حاجۃ اخیہ کان اللّٰہ فی حاجتہ" یعنی جو شخص کسی مسلمان بھائی کی با خلاص مدد کرتا ہے اور اس کی حاجتوں اور ضرورتوں کو پورا کرنے کی سعی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرتے ہیں اور اس کی تمام حاجات پوری فرما دیتے ہیں مسلمان شخص کی امداد کے بارے میں یہ بہت بڑی فضیلت ہے اللہ تعالیٰ اس بندے کی سعی کو ایسا مقبول فرماتا ہے کہ خود اس مدد کرنے والے کی مدد فرماتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ مدد فرمائے تو پھر اور کس کی مدد کی ضرورت ہے۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجہ الشیخان و الترمذی۔ وعقبۃ بن عامرؓ اخرجہ ابو داؤد والنسائی و ابن حبان والحاکم ہذا حدیث حسن اخرجہ مسلم و ابو داؤد والنسائی و ابن ماجہ۔

وَقَدْ رَوَى أَبُوْ عَوَانَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: یعنی اعمش نے ابو صالح سے اس روایت کو دو طرح نقل کیا ہے اول بصیغہ "حُدِّثْتُ" جس کا مطلب یہ ہے کہ اعمش نے براہ راست ابو صالح سے نہیں سنا بلکہ ابو صالح کی جانب سے یہ روایت ان کو نقل کی گئی ہے اور ناقل معلوم نہیں تو اس صورت میں یہ روایت منقطع ہوئی یہ اسباط بن محمد کا طریق ہے جو یہاں ترمذی نے نقل کیا ہے۔ دوم وہ طریق ہے جسکی طرف موصوف مذکورہ عبارت سے اشارہ فرما رہے ہیں یعنی اسی روایت کو جب ابو عوانہ اور دوسرے حضرات نقل کرتے ہیں تو کہتے ہیں "عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هريرة" جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اعمش نے براہ راست ابو صالح سے سماع فرمایا ہے اور درمیان میں کوئی واسطہ نہیں ہے۔

تطبیق: دونوں طریق کے درمیان تطبیق اس طرح ممکن ہے کہ اعمش نے اولاً یہ روایت جس واسطے سے سنی تھی تو اس وقت "حُدِّثْتُ" بصیغہ مجہول کہہ کر روایت نقل کرتے رہے جس کو اسباط بن محمد نے نقل فرمایا ہے، پھر ان کی ملاقات براہ راست ابو صالح سے ہوگئی اور اس روایت کو انہوں نے ان سے سنا تو پھر انہوں نے عن ابی صالح عن ابی هريرة کہہ کر نقل کر دیا جس کو ابو عوانہ وغیرہ نے نقل کیا ہے اسی کی طرف امام موصوف نے وقد روى ابو عوانة الخ سے اشارہ فرمایا ہے مگر یہ یاد رہے کہ امام ترمذیؒ نے کتاب الحدود میں روایت کے دونوں طریق بیان کیے ہیں اور طریق اتصال کی ترجیح کی طرف اشارہ فرمایا ہے واللہ اعلم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الذَّبِّ عَنِ الْمُسْلِمِ

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ أَبِيْ بَكْرِ نِ النَّهْشَلِيِّ عَنْ مَرْزُوْقٍ أَبِيْ بَكْرِ نِ التَّيْمِيِّ عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيْهِ رَدَّ اللّٰهُ عَنْ وَجْهِهِ النَّارَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ترجمہ: ابو درداءؓ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی عزت پر حملہ کو دور کر دے اللہ تعالیٰ اس کے چہرے سے جہنم کی آگ کو قیامت کے دن دور کریں گے۔

الذب: بمعنی الدفع والمنع یعنی دور کرنا، رفع کرنا۔ عرض اخیه: اس سے مراد عزت و آبرو ہے عرض کی تخصیص اس وجہ سے کی گئی کہ عموماً لوگ معمولی باتوں پر تحقیر کے درپے ہو جاتے ہیں اور اس سلسلہ میں احتیاط کم کرتے ہیں نیز عزت سب سے بڑھ کر دولت ہے حتی کہ انسان اپنی جان و مال سے بھی زیادہ اس کی حفاظت کرتا ہے۔ وجهه: اس سے مراد ذات ہے وجہ کی تخصیص اس وجہ سے کی گئی ہے کہ تکلیف کا اثر چہرے میں نمایاں ہوتا ہے اور ذات کو بھی وجہ ہی سے محسوس و تعبیر کیا جاتا ہے۔

اس روایت سے مسلمانوں کے باہمی معاملات تعاون و تعاضد، رفع مضرت، جلب منفعت اور خیر خواہی کی فضیلت معلوم ہوئی کہ یہ سب امور جنت میں داخلہ کا ذریعہ اور جہنم کی آگ سے حفاظت کا ذریعہ ہیں۔

وفي الباب عن اسماء بنت يزيد رواه البيهقي والطبراني وقال المنذري رواه احمد بسند حسن هذا حديث حسن رواه احمد و ابن ابي الدنيا وابو الشيخ

ابوبكر النهشلي الكوفي قيل اسمه عبدالله بن قطاف او ابن ابي قطاف وقيل وهب و قيل معاوية صدوق رمي بالارجاء من السابعة مرزوق ابي بكر التيمي مقبول من السادسة ام الدرداء اسمها هجيمة وقيل جهيمة هي الصغرى فقيهة ثقة من الثالثة اه۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ الْهِجْرَةِ

الهجرة: بکسر الہاء و سکون الجیم از باب نصر اس سے مراد دو مسلمانوں بھائیوں کا باہم گفتگو نہ کرنا اور ایک دوسرے سے منہ موڑنا ہے خواہ یہ حالت بوقت اجتماع ہو یا بوقت افتراق ہو جو کہ قصداً اختیار کی گئی ہو اور اس سے مراد یہاں ہجرت وطن نہیں ہے۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْيَانُ ثَنَا الزُّهْرِیُّ ح وَثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِیِّ عَنْ اَبِیْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثٍ يَلْتَقِيَانِ فَيَصُدُّ هٰذَا وَيَصُدُّ هٰذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِیْ يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ۔

ترجمہ: ابو ایوب انصاریؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا حلال نہیں ہے کسی مسلمان کے لیے یہ کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو چھوڑے رکھے تین دن سے زائد اس حال میں کہ یہ دونوں ملاقات کرتے ہیں تو یہ بھی اعراض کرتا ہے اور وہ بھی منہ موڑتا ہے اور ان دونوں میں بہتر وہ ہے جو ابتداء بالسلام کرے۔

ان یہجر اخاہ: یہاں ''اخ'' سے مراد عام ہے خواہ اخوت قرابت ہو یا اخوت رفاقت ہو علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہاں اخوت اسلامی مراد ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ اگر کوئی اس اخوت اسلامی کا تارک ہو تو اس سے ہجرت جائز ہے۔

فوق ثلث: بخاری و مسلم کی روایت میں فوق ثلث لیال وارد ہے اور اس سے مراد ایام ہیں۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت سے معلوم ہوا تین دن سے زائد دو مسلمانوں کو بول چال بند رکھنا جائز نہیں بلکہ حرام ہے اور بطور مفہوم مخالف تین دن تک ہجران کا جواز معلوم ہوتا ہے کیونکہ انسان کا پیدائشی عنصر آگ بھی ہے جس کی وجہ سے طبعاً اس کو غضب عارض ہوتا ہے تو تین دن تک کے لیے اس کو معاف کر دیا گیا ہے کہ عموماً تین دن میں وہ ختم ہو جانا چاہیے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں ہے لہٰذا تین دن کے ہجران کے جواز پر حدیث سے استدلال درست نہیں ہے۔ لفظ ''اخ'' لا کر اشارہ فرمادیا کہ جب وہ بھائی ہے تو ملاطفت و ترحم کا مستحق ہے اس سے ہجران بالکل نہ ہونا چاہیے تاہم اگر اتفاقاً ہو جائے تو تین دن سے زائد درست نہیں۔

حضرت عائشہؓ کے ہجران کی تاویل: حضرت عائشہؓ نے عبداللہ بن الزبیرؓ سے تین دن سے زائد ہجران کو کیوں اختیار فرمایا حالانکہ یہ جائز نہیں ہے۔

جواب: محقق طبریؒ نے کہا ہے کہ دراصل سلام و جواب قاطع ہجرت ہے اور عائشہؓ نے اس سے منع نہیں فرمایا تھا صرف داخل ہونے سے منع فرمادیا تھا جس میں بعض مصالح تھیں حافظ فرماتے ہیں کہ یہ جواب درست نہیں ہے بلکہ اس سے بہتر جواب بعض حضرات نے یہ دیا ہے کہ دراصل عبداللہ بن الزبیرؓ نے حضرت عائشہؓ کے بارے میں فرمایا تھا کہ میں ان پر حجر واقع کروں گا ظاہر ہے کہ اس میں حضرت عائشہؓ کی تنقیص لازم آئی حتیٰ کہ ان کے جملہ تصرفات کو ابن الزبیرؓ رد کرنا چاہتے تھے حالانکہ وہ ام المومنین ہونے کے ساتھ ساتھ ان کی خالہ بھی تھیں گویا ابن الزبیر کی جانب سے ان کے بارے میں ایک قسم کا عقوق پایا گیا اور بسا اوقات اجنبی شخص سے اتنی شکایت نہیں ہوتی جتنی قریبی رشتہ دار سے ہوتی ہے لہٰذا حضرت عائشہؓ نے بطور بدلہ یہ سزا تجویز کی کہ ان سے مکالمہ نہ کیا جائے جیسا کہ آپ ﷺ نے غزوہ تبوک کے متخلفین ثلثہ سے خود بھی کلام نہیں کیا اور حضرات صحابہ کرامؓ کو بھی یہی حکم فرمایا حالانکہ دوسرے متخلفین منافقین سے برابر کلام و سلام جاری رہا بہرحال حضرت عائشہؓ کا ترک کلام بطور سزا تھا۔

علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ والد کا ہجران بیٹے سے یا شوہر کا بیوی سے جو بطور تادیب و تربیت ہوتا ہے وہ تین دن کے ساتھ مقید نہیں چونکہ اس میں منشاء بغض وعداوت نہیں ہوتا جیسا کہ آپ ﷺ نے ازواج مطہرات سے ایک مہینہ ہجران فرمایا تھا اور یہی محمل ہوگا اکابر اور سلف کے ہجران کا جو انہوں نے بطور تربیت مریدین و متوسلین اور لواحقین سے اختیار فرمایا ہے۔

وخیرھما الذی یبدا بالسلام ای افضلھما: علامہ نوویؒ فرماتے ہیں روایت سے معلوم ہوا کہ جو شخص ابتداء بالسلام کر رہا ہے وہ افضل ہے کیونکہ اس نے سلام کے ذریعہ ابتداء کر کے بتادیا کہ اس کے قلب میں مسلمان بھائی سے کوئی بغض وعداوت نہیں ہے اور اس کا دل صاف ہے اس وجہ سے یہ افضل ہے نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ سلام قاطع ہجرت ہے اور سلام کرنے والا ہجران کے گناہ سے نکل جائے گا چنانچہ حضرات مالکیہ وشافعیہ کی تصریحات اس سلسلہ میں موجود ہیں امام احمد بن حنبلؒ اور ابن القاسمؒ فرماتے ہیں اگر ترک سلام سے دوسرے کو تکلیف ہوتی ہے تو صرف سلام قاطع ہجرت نہیں ہوسکتا بلکہ قطع ہجرت کے لیے ان کے یہاں پہلی حالت کی طرف لوٹنا ضروری ہے۔ حضرات احناف کا مسلک مثل مالکیہ وشافعیہ ہے صرح بہ القاریؒ۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص قطع تعلق کے بعد کسی کو خط لکھے یا کوئی پیغام کسی کے ذریعے کہلائے تو آیا یہ قاطع ہجرت ہے یا نہیں اس بارے میں ہمارے یہاں دو قول ہیں (اول) یہ کہ قاطع ہجرت ہے کہ اس سے وحشت دور ہوگی وھو الاصح' مگر (دوسرا) قول یہ ہے کہ قاطع ہجرت نہیں چونکہ اس کو عرفاً کلام کرنا نہیں کہا جاتا۔

وفی الباب عن عبداللہ بن مسعودؓ اخرجہ البزار ورواتہ رواۃ الصحیح قالہ المنذری فی الترغیب وانسؓ اخرجہ الترمذی فی باب الحسد وابی ھریرۃؓ اخرجہ احمد و مسلم و ابو داؤد والنسائی۔ وھشام بن عامرؓ اخرجہ احمد و ابو یعلی والطبرانی وابن حبان و ابن ابی شیبہ وابی ھند الداریؓ فلینظر من اخرجہ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ مالک و الشیخان و ابوداؤد۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ مُوَاسَاۃِ الْاَخِ

مُوَاسَاۃٌ: مَاخُوْذٌ من آسی الرجل فی مالہ مواساۃً مالی ہمدردی کرنا یہاں عام مواساۃ مراد ہے غم خواری کرنا خواہ مال کے ذریعہ ہو یا کسی دوسرے طریق سے ہو۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ ثَنَا حُمَیْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ الْمَدِیْنَةَ آخَی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِیْعِ فَقَالَ هَلُمَّ اُقَاسِمْكَ مَالِیْ نِصْفَیْنِ وَلِیْ اِمْرَاَتَانِ فَاُطَلِّقُ اِحْدٰهُمَا فَاِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَتَزَوَّجْهَا فَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِیْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ دُلَّنِیْ عَلَی السُّوْقِ فَدَلُّوْهُ عَلَی السُّوْقِ فَمَا رَجَعَ یَوْمَئِذٍ اِلَّا وَمَعَهٗ شَیْءٌ مِنْ اَقِطٍ وَسَمْنٍ قَدِ اسْتَفْضَلَهٗ فَرَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَعْدَ ذٰلِكَ وَعَلَیْهِ وَضَرٌ صُفْرَةٍ فَقَالَ مَهْیَمْ فَقَالَ قَدْ تَزَوَّجْتُ اِمْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ فَمَا اَصْدَقْتَهَا قَالَ نَوَاةً قَالَ حُمَیْدٌ اَوْقَالَ وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ۔

ترجمہ: حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ جب عبدالرحمن بن عوفؓ ہجرت کر کے مدینہ آئے تو نبی کریم ﷺ نے ان کو اور سعد بن الربیع کو بھائی بھائی بنادیا حضرت ربیع نے حضرت عبدالرحمن سے فرمایا آؤ میں اپنے مال کو دو حصوں میں تقسیم کر کے آدھا دے دوں اور

میرے دو بیویاں ہیں ان میں سے ایک کو طلاق دیدوں۔ جب اس کی عدت گزر جائے تو تم اس سے نکاح کر لینا حضرت عبدالرحمٰن نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے گھر والوں میں اور تمہارے مال میں برکت دے مجھے تو آپؓ بازار کا راستہ بتا دو انہوں نے بازار کا راستہ بتا دیا پس نہیں لوٹے وہ اس دن مگر اس حال میں کہ ان کے پاس کچھ پنیر اور گھی تھا جو انہوں نے بطور نفع بچایا تھا پھر اس کے بعد آپ ﷺ نے ان کو دیکھا کہ ان پر زردی کا اثر ہے تو آپ ﷺ نے پوچھا کیا بات ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ میں نے ایک انصاری عورت سے شادی کر لی ہے آپ ﷺ نے فرمایا کیا مہر مقرر کیا ہے تو نے تو انہوں نے کہا ایک گٹھلی بھر سونا پس آپ ﷺ نے فرمایا ولیمہ کر خواہ ایک بکری ہی سے ہو۔

تحقیق الفاظ: آخی ماخوذ من المواخاۃ: اس کے معنی کسی کو کسی کا بھائی بنا دینا یعنی دو آدمیوں کے درمیان بھائی چارگی پیدا کرنا۔
هلم: بمعنی تعال خلیل فرماتے ہیں کہ اس کی اصل "لمّ" ہے اور لم الله شعثه سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کے پراگندہ حالات کو درست کر دے۔ اسی طرح کہا جاتا ہے "لمّ نفسك الينا ای اقرب اور "ها" تنبیہ کے لیے ہے الف کو حذف کر کے ایک اسم کر دیا گیا واحد، جمع، مؤنث کے لیے ایک ہی لفظ مستعمل ہے تصرف نہیں کیا جاتا هذا اللغة اهل الحجاز: مگر اہل نجد تصرف کرتے ہیں چنانچہ تثنیہ کے لیے "هلمّا" جمع کے لیے "هلموا" اور واحد مؤنث کے لیے "هلمّي" اور جمع مؤنث کے لیے "هلممن" کہتے ہیں مگر اہل حجاز ہی کی لغت افصح ہے۔ اقاسمك بالجزم بجواب هلم کہ وہ بمعنی الامر ہے۔

قد استفضله: اس کے معنی ہیں بطور نفع بچایا ماخوذ من افضلت منه الشئ وعليه وضر صفرة: بفتح الواو والضاد المعجمة: آخرہ راء بمعنی الاثر اور سراد صفرۃ سے خلوق ہے وہ خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے جس کو عموماً عورتیں استعمال کرتی ہیں۔ مهيم: ای ماشانك او ماهذا یہ کلمہ استفہامیہ ہے جو مبنی بر سکون ہے۔

اولم: صيغه امر ماخوذ من الولم بمعنى الجمع لان الزوجين يجتمعان قاله الزهري وغيره وقال الانباري اصلها تمام الشئ واجتماعه' والفعل منها اولم قاله النووي الوليمة: وہ کھانا جو عقد نکاح کے موقع پر شب زفاف کے بعد کھلایا جائے۔

انواع ضیافت: حضرات علماء کرام نے فرمایا کہ ضیافت کی آٹھ انواع ہیں (۱) الولیمة: جو بموقع عقد نکاح ہو۔ (۲) الخرس: بضم الخاء و بالصاد جو ضیافت بوقت ولادت ہو۔ (۳) الاعذار: بکسر الہمزہ والعین المہملہ والذال المعجمہ جو ضیافت بموقع ختان ہو (۴) الوکیرۃ: وہ ضیافت جو تکمیل تعمیر کے موقع پر ہو۔ (۵) النقیعہ ماخوذ من النقع بمعنی الغبار جو دعوت بوقتِ قدوم مسافر ہو خواہ مسافر ضیافت کرے یا مسافر کی ضیافت کی جائے (۶) العقیقہ: بچہ کی پیدائش کے ساتویں دن جو ضیافت کی جائے۔ (۷) الوضیمۃ: بفتح الواو وکسر الضاد المعجمۃ جو دعوت بوقت مصیبت کی جائے۔ (۸) المادبۃ: بضم الدال و فتحها جو دعوت بغیر کسی سبب کے کی جائے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ ایک ضیافت وہ ہے جس کو "حذاق" بکسر الحاء و تخفیف الذال وفی آخره قاف کہتے ہیں یہ دعوت ختم قرآن یا کسی کام کی تکمیل کے وقت کی جاتی ہے۔

ان دعوتوں میں سے بعض درست ہیں اور بعض ناجائز اور بعض مکروہ ہیں تفصیل کے لئے مطولات فقہ کا مطالعہ کیا جائے۔
ولو بشاة: حافظ فرماتے ہیں کہ یہاں لو تقلیل کے لیے ہے۔ حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ لو تکثیر کے لیے ہے چونکہ عبدالرحمٰن

مالدار ہوگئے تھے۔ اور مراد یہ ہے کہ ایک بکری اگر تم ذبح کرو گے تب بھی تمہارے حق میں اسراف نہ ہوگا۔ بہر حال اس پر اتفاق ہے کہ اس میں کوئی حد مقرر نہیں ہے اسراف سے بچتے ہوئے ہر مقدار جائز ہے۔

وزن نواة: اس سے مراد احمد بن حنبل کے نزدیک ساڑھے تین درہم کے برابر چاندی ہے اور اسحاق بن راھویہ کے یہاں پانچ درہم کے برابر چاندی مراد ہے به جزم الخطابي واختاره الزهري ونقله عياض عن أكثر العلماء ويؤيده رواية النسائي ورواية البيهقي عن قتادة وزن نواة من ذهب قومت خمس دراهم۔ باقی رہا مقدار مہر کا مسئلہ یہ کتاب النکاح سے متعلق ہے۔

امام ترمذیؒ نے مذکورہ روایت سے مسلمان بھائی کی ہمدردی کو ثابت فرمایا ہے کہ سعد بن الربیع نے اپنے مہاجر بھائی عبدالرحمٰن کی غم گساری اور ہمدردی جان و مال حتیٰ کہ بیوی کو جائز طریقہ سے پیش کرنے کے ساتھ فرمائی گو حضرت عبدالرحمٰن نے بھی بطور ہمدردی اس کو قبول نہیں فرمایا اور اپنی کمائی کو ترجیح دیتے ہوئے صرف بازار کا راستہ معلوم کر کے خود اپنی کفالت کی حتیٰ کہ اپنا نکاح بھی فرمالیا مال بھی حاصل کرلیا اور بیوی بھی حاصل کرلی لہٰذا عبدالرحمٰن کی جانب سے بھی مواساۃ پائی گئی ثبتت الترجمة بلفظ المواساة۔

روایت سے حضرات صحابہؓ خصوصاً انصار مدینہ کا وصف خاص ایثار معلوم ہوا اللہ تعالیٰ نے بھی ان حضرات کی قرآن کریم میں تعریف فرمائی ہے "ويؤثرون على انفسهم ولو كان بهم خصاصة" کہ خود پر فقر و فاقہ مگر حضرات مہاجرین کو اپنے اوپر ترجیح دیتے تھے اس سلسلہ میں بیسیوں واقعات بہت قابل قدر ہیں۔

مہمان کے ساتھ انصاری صحابیؓ کا ایثار: سنن ترمذی میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک انصاری کے گھر رات کو کوئی مہمان آ گیا ان کے پاس صرف اتنا کھانا تھا کہ خود یہ اور ان کے بچے کھا سکیں انہوں نے اپنی بیوی سے فرمایا کہ بچوں کو تو کسی طرح سلادو اور گھر کا چراغ (بتی) درست کرنے کے بہانہ گل کردو پھر مہمان کے سامنے کھانا رکھ کر برابر میں بیٹھ جاؤ کہ مہمان یہ سمجھے کہ ہم بھی کھا رہے ہیں مگر ہم نہ کھائیں تاکہ مہمان بافراغت کھانا کھا سکے اس پر یہ آیت "يؤثرون على انفسهم الخ" نازل ہوئی۔

عبداللہ بن عمر کے ایثار کا واقعہ: نسائی نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا واقعہ نقل کیا ہے کہ وہ بیمار تھے اور انگور کو جی چاہا ان کے لیے ایک درہم میں ایک خوشہ انگور کا خرید کر لایا گیا اتفاق سے ایک مسکین آ گیا اور سوال کیا آپ نے فرمایا کہ یہ خوشہ اس کو دیدو حاضرین میں سے ایک شخص خفیہ طور سے اس کے پیچھے گیا اور وہ خوشہ اس مسکین سے خرید کر پھر ابن عمرؓ کو پیش کیا مگر یہ سائل پھر آیا اور سوال کیا تو حضرت ابن عمرؓ نے پھر اس کو دیدیا پھر کوئی صاحب خفیہ طور پر گئے اور اس مسکین کو ایک درہم دے کر خوشہ خرید لائے اور حضرت ابن عمر کی خدمت میں پیش کردیا سائل نے پھر آنا چاہا مگر لوگوں نے منع کردیا اگر حضرت ابن عمرؓ کو یہ اطلاع ہوتی کہ یہ وہی خوشہ ہے جو انہوں نے صدقہ میں دے دیا تھا تو ہر گز نہ کھاتے مگر ان کو یہ خیال ہوا کہ لانے والا بازار سے لایا ہے اس لیے استعمال فرمالیا۔

ابو عبیدہؓ اور معاذؓ بن جبل کا ایثار: ابن مبارک نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت فاروق اعظمؓ نے چار سو دینار ایک تھیلی میں بھر کر غلام کے سپرد کیے کہ ابو عبیدہ بن جراح کے پاس لے جاؤ کہ یہ ہدیہ ہے قبول کرلے اپنی ضرورت میں صرف کریں اور غلام کو ہدایت کردی کہ ہدیہ دینے کے بعد کچھ دیر گھر میں ٹھہر جانا اور یہ دیکھنا کہ ابو عبیدہؓ اس رقم کو کیا کرتے ہیں غلام نے حسب ہدایت یہ تھیلی حضرت ابو عبیدہ کی خدمت میں پیش کردی اور ذرا ٹھہر گیا ابو عبیدہؓ نے تھیلی لیکر کہا کہ اللہ تعالیٰ ان کو یعنی عمر بن خطابؓ کو اس کا صلہ دے اور ان پر رحمت فرمائے اور اسی وقت اپنی کنیز کو کہا کہ لو یہ سات فلاں شخص کو اور پانچ فلاں کو دے آؤ

یہاں تک کہ پورے چار سو دینار اسی وقت تقسیم کر دیئے۔

غلام نے آ کر واقعہ بیان کیا حضرت عمر بن خطابؓ نے اسی طرح چار سو دینار کی ایک دوسری تھیلی تیار کی ہوئی غلام کو دیکر ہدایت کی کہ معاذ بن جبلؓ کو دے آؤ اور وہاں بھی دیکھو وہ کیا کرتے ہیں یہ غلام لے گیا انہوں نے تھیلی لیکر حضرت عمرؓ کے حق میں دعاء کی کہ اللہ ان پر رحمت فرمائے اور ان کو صلہ دے اور یہ بھی تھیلی لیکر فوراً تقسیم کرنے کے لیے بیٹھ گئے اور اس کے بہت سے حصے کر کے مختلف گھروں میں بھیجتے رہے، حضرت معاذؓ کی بیوی یہ سب ماجرا دیکھ رہی تھیں آخر میں بولیں کہ ہم بھی تو بخدا مسکین ہی ہیں ہمیں بھی ملنا چاہیے اس وقت تھیلی میں صرف دو دینار رہ گئے تھے وہ ان کو دے دیئے غلام دیکھنے کے بعد لوٹا اور حضرت عمرؓ سے بیان کیا تو آپ نے یہ فرمایا کہ یہ سب بھائی بھائی ہیں سب کا مزاج ایک ہی ہے۔

حقوق مواخاۃ: حضرات اہل علم نے ایک مسلمان پر دوسرے مسلمان بھائی کے مختلف حقوق بیان فرمائے ہیں (۱) حق المواخاۃ: اس کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ اپنے نفس پر مسلمان بھائی کو ترجیح دے یعنی ایثار کا معاملہ ہو دوسرا درجہ یہ ہے کہ مسلمان بھائی کے لیے اپنے نفس کے برابر انفاق میں شریک رکھے اور آخری درجہ یہ ہے کہ خدام وغلام کے برابر اس پر خرچ کرے (۲) "حق المواخاۃ فی النفس" مسلمان بھائی کی ضروریات کو پورا کرے اور اس کا تعاون کرتا رہے۔ (۳) "حق المواخاۃ فی اللسان: یعنی اسکے عیوب کی پردہ پوشی کرتا رہے اور اس کی کوتاہیوں پر تنبیہ کرتا رہے۔ (۴) عفو و تسامح یعنی اس کی غلطیوں کو معاف کرتا رہے اور اس سے تسامح کرے۔ (۵) الدعاء: یعنی مسلمان بھائی کے لیے دعاء خیر کرتا رہے۔ (۶) الاخلاص: اس کے ساتھ اخلاص کا معاملہ کرے اس کو دھوکہ نہ دے (۷) ترک تکلیف وتکلف یعنی تکلیف وتکلف کا معاملہ نہ کرے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْغِيْبَةِ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْغِيْبَةُ قَالَ ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ فِيْهِ مَا اَقُوْلُ قَالَ اِنْ كَانَ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ بَهَتَّهُ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ سے دریافت کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ غیبت کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تیرا اپنے بھائی کا تذکرہ کرنا ایسی شئی کے ساتھ جو اس کو ناگوار ہو سائل نے معلوم کیا اگر اس میں وہ بات پائی جاتی ہو جو میں کہہ رہا ہوں فرمایا ہاں اگر اس میں وہ بات پائی جا رہی ہو جو تو کہتا ہے تو تو نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ بات اس میں نہیں ہے جو تو کہہ رہا ہے تو پھر تحقیق تو نے اس پر تہمت لگائی۔

ارایت: بمعنی اخبرنی فقد بهته بفتح الهاء المخففة و تشديد التاء بصيغة الخطاب ای قلت عليه البهتان۔

علاء بن عبدالرحمن بن يعقوب الحرقي بضمة المهملة وفتح الراء بعدها قاف ابوشبل بكسر المعجمة وسكون الموحدة المدني صدوق ربما وهم من الخامسة مات ١٣٠ ابيه عبدالرحمن بن يعقوب الجهني المدني مولى الحرقة ثقة من الثالثة ١٢

غیبت کی حقیقت: سائل نے غیبت کی حقیقت آپ ﷺ سے دریافت کی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ”ذکرک اخاک بما یکرہ“ یعنی کسی مسلمان بھائی کی غیر موجودگی میں اس کے متعلق کوئی ایسی بات کہنا جس کو وہ سنتا تو اس کو ایذاء ہوتی اگر چہ وہ سچی بات ہی ہو یہ بھی یاد رہے کہ غیر موجودگی کی قید سے یہ نہ سمجھا جائے کہ موجودگی کی حالت میں ایسی تکلیف دہ بات کہنا جائز ہے البتہ وہ غیبت تو نہیں مگر تہمت میں داخل ہے اس کی حرمت بھی قرآن کریم میں منصوص ہے قال تعالی ولا تلمزوا انفسکم“۔

اسباب غیبت: امام غزالی نے احیاء العلوم میں تفصیل سے اسباب غیبت بیان فرمائے ہیں فرماتے ہیں کہ غیبت کے تو بے شمار اسباب ہیں مگر مجموعی طور پر وہ گیارہ اسباب کے ضمن میں آجاتے ہیں جن میں سے آٹھ کا تعلق عوام سے ہے اور تین کا تعلق خواص کے ساتھ مخصوص ہے۔ (اول) کینہ وغضب (دوم) موافقت دوستان (سوم) احتیاط وسبقت مثلاً کوئی آدمی یہ سوچتا ہے کہ فلاں شخص میری تاک میں ہے وہ فلاں کے یہاں میری برائی کرے گا تو بسا اوقات خود سبقت کر کے اس کی غیبت کر بیٹھتا ہے (چہارم) براءت مثلاً اس کام کو میں نے ہی نہیں کیا بلکہ فلاں بھی اس میں شریک ہے اپنی براءت کے لئے دوسرے کو شریک کر کے اسکی غیبت کر دیتا ہے (پنجم) مفاخرت اور برائی کا اظہار دوسرے میں عیب نکال کر اپنی بڑائی اور برتری ظاہر کرنا (ششم) حسد (ہفتم) دل لگی تاکہ محفل میں دلچسپی پیدا ہو (ہشتم) تحقیر۔

خواص کے تین اسباب غیبت یہ ہیں: (اول) تعجب کبھی کسی دیندار شخص سے کوئی غلطی صادر ہوتی ہے تو تعجب کا اظہار کرتے ہوئے کہتے ہیں ہمیں اس کے عمل پر حیرت ہے اظہار حیرت میں تو کوئی مضائقہ نہیں مگر نام لینا درست نہیں (دوم) جذبۂ شفقت یعنی کسی کی حالت پر غم زدہ ہو جائے اور اسے امر معیوب میں مبتلا دیکھ کر کہے کہ فلاں شخص کی موجودہ حالت نے مجھے مضطرب کر دیا مجھے اس کی حالت پر افسوس ہے افسوس کا دعوی صحیح اور جذبہ بھی اچھا ہے لیکن نام لینا غضب ہو گیا۔ (سوم) اللہ کے لیے غصہ حمیت دینی سے متاثر ہو کر بسا اوقات غصہ آتا ہے اور نام لیکر اس کا اظہار کر دیتا ہے یہ غیبت میں داخل ہے۔ تفصیل کے لیے امام غزالی کی احیاء العلوم دیکھی جائے۔

قرآن کریم میں غیبت کی حرمت کا بیان: اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا ”وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ الآیۃ“ غیبت کرنے والے کو مردار بھائی کا گوشت کھانے کے ساتھ تشبیہ دیکر اس کی حرمت اور خست و دنائت کو واضح فرمایا ہے کہ جس طرح مردہ بھائی کا گوشت کھانا حرام ہے اسی طرح غیبت بھی حرام ہے اور خست و دنائت کا کام بھی ہے کہ پیٹھ پیچھے کسی کو برا کہنا کوئی بہادری کا کام نہیں نیز کسی کے سامنے اس کے عیوب ظاہر کرنا بھی اگر چہ ایذاء رسانی کی وجہ سے حرام ہے مگر اس کی مدافعت وہ خود بھی کر سکتا ہے اور ان خطرہ سے کسی کی ہمت بھی نہیں ہوتی ہے کہ وہ اس کے سامنے عیب ظاہر کرے اور عادۃً زیادہ دیر تک سامنے برائی بھی نہیں کر سکتا برخلاف غیبت کے کہ وہاں کوئی مدافعت کرنے والا نہیں اسی وجہ سے ہر کمتر سے کمتر آدمی بڑے سے بڑے کی غیبت کر بیٹھتا ہے اور اس کا سلسلہ عموماً طویل ہو جاتا ہے اور اس میں ابتلاء بھی زیادہ ہے اس لیے غیبت کی حرمت شدید ہے لہٰذا عام مسلمانوں پر لازم کیا گیا ہے کہ جب اپنے مسلمان بھائی کی کوئی برائی سنے تو بشرط قدرت اس کی طرف سے مدافعت کرے اگر مدافعت پر قدرت نہ ہو تو کم از کم اس کے سننے سے پرہیز کرے کیونکہ غیبت کا قصد و ارادہ سے سننا ایسا ہی ہے جیسے خود غیبت کرنا۔

مغتاب بہ کے اعتبار سے غیبت عام ہے: علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ جس کی غیبت کی جا رہی ہے وہ عام ہے خواہ اسی شئی مکروہ

کا تعلق اس کے بدن سے ہو یا دین سے ہو یا دنیا سے خواہ اسکے جسم و نفس سے تعلق ہو یا مال و اولاد والدین زوجہ خادم سے حتیٰ کہ کپڑے چال ڈھال حرکات و سکنات بھی اس میں داخل ہیں نیز طلاقۃ عبوسۃ و بشاشت سے ہو ان سب امور کے سلسلہ میں جب کوئی آدمی کسی کو برا کہے تو اس کو غیبت ہی شمار کیا جائے گا۔

غیبت محل صدور کے اعتبار سے بھی عام ہے: نیز علامہ نوویؒ نے فرمایا غیبت کے لیے قول ہی ضروری نہیں بلکہ کتابت رمز اشارہ و بالعین و بالید و بالرأس یعنی ایسا فعل یا اشارہ جس سے اس کی تنقیص ہوتی ہو حتیٰ کہ اسکے لنگڑے چلنے کی محاکات جس سے اس کی تحقیر لازم آتی ہو یہ بھی غیبت میں داخل ہے لہٰذا اس کے لیے ایک ضابطہ ہے کہ ہر ایسا قول و فعل جس سے دوسرا آدمی کسی مسلمان کی تنقیص کرتا ہو غیبت محرمہ میں داخل ہے۔

غیبت سننا بھی غیبت کرنے کے مثل ہے: غیبت کا سننا بھی ایسا ہی ہے جیسے غیبت کرنا اس سے متعلق ایک واقعہ ذکر کیا گیا ہے کہ حضرت میمون نے فرمایا کہ ایک روز خواب میں میں نے دیکھا کہ ایک زنگی کا مردہ جسم ہے اور کوئی کہنے والا ان کو مخاطب بنا کر کہہ رہا ہے کہ اس کو کھاؤ میں نے کہا اے خدا میں اس کو کیوں کر کھاؤں اس شخص نے کہا کہ چونکہ تو نے فلاں زنگی شخص کی غیبت کی ہے میں نے کہا کہ اسکے متعلق تو کوئی اچھی بری بات میں نے نہیں کہی ہے کہا گیا کہ ہاں مگر تو نے اس کی غیبت سنی ہے اور تو اس پر راضی رہا ہے حضرت میمون کا حال اس خواب کے بعد یہ ہو گیا تھا کہ نہ تو خود کسی کی غیبت کرتے اور نہ اپنی مجلس میں غیبت ہونے دیتے تھے۔

غیبت سے متعلق سخت وعیدیں: حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ شب معراج میں آپ ﷺ نے ایک قوم کو دیکھا کہ ان کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اپنا چہرہ نوچ رہے تھے معلوم کرنے پر بتایا گیا کہ یہ وہ قوم ہے جو لوگوں کی غیبت اور آبرو ریزی کرتی تھی (رواہ البیہقی) حضرت ابوسعید خدریؓ و جابرؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''الغیبة اشد من الزنا'' حضرات صحابہ نے دریافت کیا یہ کیسے تو فرمایا کہ ایک شخص زنا کرتا ہے اس سے توبہ کر لیتا ہے جس سے اس کا گناہ معاف ہو جاتا ہے اور غیبت کرنے والے کا گناہ اس وقت تک معاف نہیں ہوتا جب تک وہ شخص معاف نہ کرے جس کی غیبت کی گئی ہے (رواہ الترمذی و ابوداؤد) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غیبت ایسا گناہ ہے جس میں حق اللہ کا بھی ضیاع ہے اور حق العبد بھی ضائع ہوتا ہے اس لئے جس کی غیبت کی گئی ہے اس سے معاف کرانا ضروری ہے۔ بعض علماء نے فرمایا کہ غیبت کی خبر جب تک صاحب غیبت کو نہ پہنچے اس وقت تک وہ حق العبد نہیں ہوتی اس لیے اس سے معافی کی ضرورت نہیں۔ ''نقله عن الروح عن الحسن والخياطي وابن الصباغ والنوويؒ وابن الصلاح والزركشي وابن عبد البر عن ابن المبارك'' تحریر بیان القرآن میں اس کو نقل کر کے فرمایا ہے کہ اس صورت میں گو اس سے معافی مانگنا ضروری نہیں مگر جس شخص کے سامنے یہ غیبت کی تھی اس کے سامنے اپنی تکذیب کرنا یا اپنی غلطی کا اقرار کرنا ضروری ہے اگر وہ شخص مر چکا ہے جس کی غیبت کی ہے یا اس کا پتہ نہیں تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ اس کے لیے دعا مغفرت کرے حضرت انسؓ کی حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا ''ان من كفارة الغيبة ان يستغفر لمن اغتابه تقول اللهم اغفرلنا وله'' (رواہ البیہقی)

غیبت کا شرعی حکم: مسلمان کی غیبت کرنا حرام ہے اسی حکم میں بچہ مجنون کافر ذمی سب داخل ہیں کیونکہ انکی ایذاء رسانی بھی حرام ہے اور جو کافر حربی ہیں اگرچہ ان کی ایذاء حرام تو نہیں مگر اپنا وقت ضائع کرنے کی وجہ سے پھر بھی ان کی غیبت کرنا مکروہ ہے۔

غیبت کے مواقع رخصت: بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آیت شریفہ میں جو غیبت کی حرمت کا بیان ہے وہ مخصوص البعض ہے بعض صورتوں میں اس کی اجازت ہے مثلاً کسی شخص کی برائی کسی ضرورت یا مصلحت سے کرنی پڑے تو جائز ہے بشرطیکہ وہ

ضرورت ومصلحت شرعاً معتبر ہو جیسے کسی ظالم کی شکایت ایسے شخص کے سامنے کرنا جو اس کی اصلاح کر سکے یا کسی کی اولاد یا بیوی کی شکایت اس کے باپ یا شوہر سے کرنا جو اس کی اصلاح کرے یا کسی واقعہ سے متعلق فتویٰ پوچھنے کے لیے صورت واقعہ کا اظہار اسی طرح مسلمان کو کسی شر سے بچانے کے لیے کسی کا حال بتانا یا معاملہ میں مشورہ لینے کے لیے اس کا حال ذکر کرنا یا کوئی شخص سب کے سامنے کھلم کھلا گناہ کرتا ہے اور اپنے فسق کو خود ظاہر کرتا پھرتا ہے اس کے اعمال بد کا ذکر بھی غیبت میں داخل نہیں مگر بلا ضرورت اپنے اوقات ضائع کرنے کی وجہ سے مکروہ ہے خلاصہ یہ ہے کہ کسی کی برائی اور عیب ذکر کرنے سے مقصود اس کی تحقیر نہ ہو بلکہ کسی شرعی ضرورت یا مجبوری سے ذکر کیا گیا ہو تو گنجائش ہے۔

وفی الباب عن ابی هریرة اخرجه احمد وابن عمرؓ اخرجه ابو داؤد والطبرانی و الحاکم فقال صحیح الاسناد و عبدالله بن عمرؓ و اخرجه الاصفهانی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْحَسَدِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعَطَّارُ وَ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَا تَقَاطَعُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا وَلَا يَحِلُّ لِلْمُسْلِمِ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثٍ۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آپس میں قطع تعلق نہ کرو اور نہ ایک دوسرے سے اعراض کرو نہ ایک دوسرے سے بغض رکھو اور نہ ایک دوسرے سے حسد کرو اور ہو جاؤ اے اللہ کے بندو بھائی بھائی اور نہیں حلال ہے کسی مسلمان کے لیے کہ چھوڑے وہ مسلمان بھائی کو تین دن سے زیادہ۔

الحسد: غیر کی نعمت کو دیکھ کر اس کے ختم ہونے کی تمنا کرنا حسد کہلاتا ہے وہ نعمت خواہ خود کو حاصل ہو یا نہ ہو البتہ اگر اپنے حصول کے لیے تمنا ہو اور غیر سے اس نعمت کے ختم ہونے کو نہ چاہے تو یہ غبطہ کہلاتا ہے حسد کرنا حرام ہے اور غبطہ کی اجازت ہے بلکہ وہ نعمتیں اگر ایسی ہوں جن کا حاصل کرنا مسلمان پر واجب ہے تو ان نعمتوں پر غبطہ کرنا واجب ہے مثلاً ایمان صلوٰۃ صوم وغیرہ اگر وہ نعمتیں فضائل سے تعلق رکھتی ہیں جیسے انفاق فی سبیل اللہ وغیرہ تو پھر غبطہ مستحب ہے اگر ایسی نعمتیں ہیں جن سے بہرہ ور ہونا جائز ہے تو غبطہ مباح ہے کیونکہ کسی صاحب نعمت کی برابری کی خواہش کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں البتہ مباحات میں برابری کی خواہش زہد و توکل ورضاء کے ضرور خلاف ہے اور اعلیٰ مقامات میں رکاوٹ ہے مگر نافرمانی کا باعث نہیں ہے۔

حسد کی چند صورتیں: حسد کے چار مراتب ہیں (اول) یہ ہے کہ دوسرے سے نعمت کا زوال چاہے خواہ اس کو وہ نعمت حاصل نہ ہو (دوم) دوسرے سے اس نعمت کے زوال کو چاہے تا کہ اس کو وہ نعمت حاصل ہو جائے (سوم) ابتداءً تو کسی نعمت خاص کے زوال کو دوسرے سے نہ چاہے مگر جب خود کو وہ حاصل نہ ہو سکے تو پھر یہ خواہش کرے کہ اس سے بھی یہ نعمت چھن جائے تا کہ دونوں برابر ہو جائیں۔ (چہارم) دوسرے سے نعمت کے زوال کو نہ چاہے مگر اس جیسی نعمت کے حصول کی تمنا رکھتا ہو یہ چوتھا درجہ جائز ہے جب کہ دنیوی امور کے بارے میں ہو اگر دینی امور میں ہو تو مستحب ہے اس کو غبطہ کہا جاتا ہے جس کی تفصیل بیان کر دی گئی ہے۔

عبدالجبار بن العلاء البصری ابوبکر نزیل مکة لاباس به من صغار العشرة مات ۲۴۸

اسبابِ حسد: حسد کے مختلف اسباب ہیں جن کو مجموعی طور پر سات اسباب میں منحصر کیا گیا ہے۔(اول) عداوت وبغض۔(دوم) عزت کی خواہش۔(سوم) کبر۔(چہارم) تعجب۔(پنجم) مقصود کا فوت ہونا۔جیسے دوستوں کا باہم حسد یا دو بھائیوں کا باہم حسد۔(ششم) حبِ جاہ۔(ہفتم) خباثتِ نفس۔

حسد کا نقصان:۔حسد ایسی مذموم صفت ہے کہ انسان اس کی وجہ سے اعلیٰ علیین سے اسفل سافلین میں جا گرتا ہے شیطان لعین کے واقعہ سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے اس سے دینی نقصان تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ حاسد سے ناراض ہوتے ہیں نیز حاسد شخص گویا اللہ تعالیٰ کی تقسیم نعمت سے راضی نہیں ہے نیز اس سے مسلمان کا برا چاہنا لازم آتا ہے جو شرع کے خلاف ہے اور یہ ابلیس لعین وکفار کا راستہ ہے کہ وہ مسلمانوں کے حق میں برا چاہتے ہیں اور دنیوی نقصان یہ ہے کہ حاسد ہر وقت تکلیف رنج وغم میں مبتلاء رہتا ہے ہر وقت دوسرے کی نعمتوں کے زوال کی فکر اس کو دامن گیر رہتی ہے اور اس پر حسد کیا جاتا ہے اس کو دینی اور دنیوی دونوں مفاد حاصل ہوتے ہیں دین کا نفع یہ ہے کہ محسود مظلوم بن جاتا ہے حاسد کی نیکیاں اس کے حق میں لکھ دی جاتی ہیں حاسد کے پاس قیامت کے دن صرف حسرتیں رہ جائیں گی دنیوی اور وقتی فائدہ یہ ہے کہ جب حاسد ناکام ونامراد دکھائی دیتا ہے تو اس کو سکون ملتا ہے۔

لاتقاطعوا: یہ ماخوذ ہے تقاطع سے جو وصل کی ضد ہے اس کے معنی ہیں رشتہ ناتہ توڑنا لا تدابروا ماخوذ من الدبر بمعنی اعراض کرنا بعض حضرات فرماتے ہیں "التقاطع الاعراض من بعد قبل ان یلتقیا والتدابر الاعراض بعد القرب واللقاء ولاتباغضوا" ایسے اسباب اختیار نہ کرو جن سے باہم بغض پیدا ہو۔ولا تحاسدوا:ایک دوسرے کی نعمتوں کے زوال کی تمنا نہ کرو "وکونوا عباد اللہ اخوانا" اصل عبارت "وکونوا یا عباداللہ اخوانا" ہے دوسرا قول یہ ہے کہ "عباد اللہ" خبر اول اور "اخوانا" خبر ثانی ہے۔لفظ "عباداللہ" فرما کر اشارہ کیا ہے کہ جب تم سب اللہ کے بندے ہو تو پھر بھائی بھائی ہو جانا چاہیے۔علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ اسکے معنی یہ ہیں کہ تم سب اس طرح رہو جس طرح دو نسبی بھائی زندگی گزارتے ہیں کہ باہم شفقت ومحبت مواساۃ معاونت نصیحت خیر خواہی کا برتاؤ ان بھائیوں میں ہوتا ہے اسی طرح کا برتاؤ سب مسلمانوں کے درمیان ہونا چاہیے ایک دوسرے سے اعراض بغض وعداوت حسد وکینہ ہرگز نہ ہونا چاہیے۔

هذا حديث حسن صحيح: اخرجہ مالک والبخاری وابوداؤد والنسائی وکذا اخرجہ مسلم مختصرا وفی الباب عن ابی بکرؓ اخرجہ احمد والزبیرؓ: اخرجہ احمد والترمذی والبزار والبیهقی وابن عمرؓ: اخرجہ الترمذی بعد هذا و ابن مسعودؓ اخرجہ البخاری ومسلم ابی هریرۃؓ اخرجہ مالك والشیخان و ابوداؤد و الترمذی مختصرا۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ ثَنَا سُفْيَانُ ثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اِثْنَتَيْنِ رَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُوْمُ بِهٖ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ۔

ترجمہ:۔سالم اپنے باپؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں ہے کوئی حسد مگر دو خصلتوں میں ایک وہ خصلت کہ اللہ نے کسی شخص کو مال دیا پس وہ خرچ کرتا ہے اس کو رات دن اور دوسری خصلت کہ کسی شخص کو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک عطاء کیا جس کے ساتھ وہ رات دن قیام کرتا ہے یعنی اس کی تلاوت کرتا ہے۔

اثنتین: بتاء التانیث اس سے مراد دو خصلتیں ہیں (۱) انفاق فی سبیل اللہ (۲) اشتغال بالقرآن آناء، علامہ نوویؒ فرماتے

ہیں کہ اس سے مراد ساعات ہیں یہ جمع ہے اس کے واحد کے چار اوزان ہیں "اِنا، اَنا، اِنی، اِنو" بعض فرماتے ہیں کہ اس کا واحد اِنی بروزن معی ہے اس کی جمع آناء بروزن امعاء آتی ہے یقوم بہ: اس سے مراد قرآن کریم کی تلاوت ہے خواہ نماز میں ہو یا خارج نماز ہو نیز اس کے مطابق عمل کرنا بھی ایک روایت میں وارد ہے مسند احمد کی روایت میں ہے ویتبع ما فیہ جس سے مراد عمل کرنا ہے۔

روایت کا مطلب: روایت سے بظاہر دو خصلتوں میں حسد کا جواز معلوم ہوتا ہے حالانکہ حسد بجمیع انواعہ حرام ہے اس لیے شراح حضرات نے اس حدیث کی مختلف توجیہات فرمائی ہیں۔ (اول) حسد سے مراد یہاں غبطہ ہے اور مراد یہ ہے کہ تمام خصلتوں میں سب سے بڑھ کر محمود و قابل غبطہ دو خصلتوں میں ہے ان کے علاوہ دوسرے امور میں کوئی امر خاص قابل غبطہ نہیں۔ (دوم) مطلب یہ ہے کہ اگر حسد جائز ہوتا تو یہ دو خصلتیں ایسی ہیں کہ ان میں جائز ہوتا مگر ان میں بھی حسد جائز نہیں لہٰذا کسی بھی خصلت میں جائز نہیں ہے۔ (سوم) علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ حسد سے مراد یہاں شدت حرص اور رغبت ہے: یعنی شدید حرص ہونا کسی خصلت کے لیے درست نہیں سوائے ان دو خصلتوں کے۔ (چہارم) بعض حضرات کا خیال ہے کہ اس سے مراد حسد ہی ہے اگرچہ حسد فی نفسہ حرام ہے مگر ان دو چیزوں میں جائز ہے جیسا کہ کذب حرام ہے مگر بعض صورتیں جواز کی ہیں وفیہ نظر (پنجم) یہ استثناء منقطع ہے۔

فائدہ: قاضی بیضاوی وغیرہ نے اور دیگر بعض محققین نے غبطہ کو بھی ناجائز قرار دیا ہے کہ وہ بسا اوقات مفضی الی الحسد ہو جاتا ہے: اور استدلال کرتے ہیں آیت شریفہ "وقال الذین یریدون الحیوۃ الدنیا یالیت لنا مثل ما اوتی قارون الآیۃ" سے

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان، وقد روي عن ابن مسعود و ابي هريرة عن النبي ﷺ نحو هذا، اخرجه البخاري والنسائي۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّبَاغُضِ

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ اَيِسَ اَنْ يَعْبُدَهُ الْمُصَلُّوْنَ وَلٰكِنْ فِي التَّحْرِيْشِ بَيْنَهُمْ۔

ترجمہ: جابرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بیشک شیطان مایوس ہو چکا ہے اس بات سے کہ مسلمان اس کی عبادت کریں لیکن مایوس نہیں ہوا مسلمانوں کے درمیان اختلاف پیدا کرنے سے۔ ایس: از باب سمع من الایاس بمعنی مایوس ہونا، نا امید ہونا۔ الشیطان: معرف بلام الجنس ہے مگر راجح یہ ہے کہ معرف بلام العہد ہے اور اس سے مراد راس الشیاطین ابلیس ہے۔ ان یعبدہ المصلون: مسلم شریف کی روایت میں "فی جزیرۃ العرب" بھی واقع ہوا ہے عبادت شیطان کنایہ ہے عبادت اصنام سے چونکہ شیطان عبادتِ اصنام کی ترغیب دیتا ہے کما فی قولہ تعالیٰ "یاابت لا تعبد الشیطان" مصلون سے مراد مؤمنین ہیں کما فی قولہ علیہ السلام "نھیتکم عن قتل المصلین" چونکہ نماز افضل الاعمال ہے یہ علامت ایمان ہے اس لیے مصلون سے اہل ایمان کو تعبیر کر دیا ہے۔ التحریش: اس کے معنی ہیں بعض کو بعض کے خلاف بھڑکانا یا تو یہ خبر ہے اور مبتدا "ھو" محذوف ہے یا ظرف ہے اور فعل مقدر ہے۔ یسعی فی التحریش اصل عبارت ہے۔

حدیث شریف کا مطلب: شراح حدیث نے اس روایت کے متعدد مطالب بیان فرمائے ہیں۔ (اول) شیطان اس بات سے مایوس ہو چکا کہ اب جزیرۃ العرب میں کوئی مسلمان بت کی عبادت کرے اور شرک کی طرف لوٹے یعنی جزیرۃ العرب میں اب بتوں

کی عبادت نہ ہوگی چنانچہ مرتدین اور مانعین زکوٰۃ وغیرہ میں سے کوئی شخص ایسا نہیں ملتا جس نے بتوں کی دوبارہ عبادت کی ہو۔
(دوم) ملا علی قاریؒ نے فرمایا ہے کہ روایت کے معنی یہ ہیں کہ یہودیوں اور نصرانیوں کی طرح مسلمان عبادت اصنام اور عبادت الٰہی کے درمیان جمع نہیں کریں گے جیسے کہ یہودیوں نے حضرت عزیرؑ کو اور نصرانیوں نے حضرت مریمؑ اور ان کے بیٹے کو اللہ کے ساتھ مستقل معبود قرار دیا۔ (سوم) شیخ عبدالحقؒ فرماتے ہیں کہ شیطان شدت کفر اور شوکت کفر سے مایوس ہو چکا ہے یعنی اب اسلام کو شوکت حاصل ہوگی اور کفر واہل کفر مغلوب ہو گئے۔ (چہارم) علامہ تورپشتیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ارتداد ہے کہ شیطان اس سے مایوس ہو چکا کہ اب عمومی ارتداد ہو کہ سارے مسلمان ایمان سے پھر جائیں اور کفر میں داخل ہو جائیں۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت مذکورہ معجزات نبویہ میں سے ہے چنانچہ جزیرۃ العرب میں بتوں کی عبادت نہیں ہوئی البتہ شیطان نے لوگوں کے درمیان اختلاف پیدا کرا کر نزاع و خصومات وغیرہ ضرور پیدا کر دیئے ہیں۔

وفی الباب عن انسؓ اخرجہ الترمذی و سلیمان بن عمرو بن الاحوص عن ابیہ اخرجہ ابن ماجہ والترمذی ھذا حدیث حسن اخرجہ احمد و مسلم

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اِصْلَاحِ ذَاتِ الْبَيْنِ

ذات: بمعنی شیٔ یعنی نفس شیٔ، ذات کا اطلاق کسی بھی شیٔ کی حقیقت پر ہوتا ہے اور اس سے مراد نفس کی طرف منسوب ہونے والی اشیاء ہوا کرتی ہیں چنانچہ کہا جاتا ہے اصلاح ذات البین یعنی ان احوال کی اصلاح جو دوگوں کے درمیان پیش آتے ہیں قال تعالیٰ "انه عليم بذات الصدور" ای مضمراتها نیز اصلاح سے مراد یہ ہے کہ شریعت اسلامی کے مطابق مضبوطی سے عمل کیا جائے اور باہم کوئی اختلاف نہ کرے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ ثَنَا سُفْيَانُ ح وَثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ وَاَبُوْ اَحْمَدَ قَالَا ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَحِلُّ الْكِذْبُ اِلَّا فِيْ ثَلَاثٍ يُحَدِّثُ الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ لِيُرْضِيَهَا وَالْكِذْبُ فِي الْحَرْبِ وَالْكِذْبُ يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ وَقَالَ مَحْمُوْدٌ فِيْ حَدِيْثِهٖ لَا يَصْلُحُ الْكِذْبُ اِلَّا فِيْ ثَلٰثٍ

ترجمہ: اسماء بنت یزیدؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جھوٹ بولنا حلال نہیں ہے مگر تین مواقع پر آدمی اپنی بیوی سے کوئی جھوٹ بات کہے اس کو راضی کرنے کے لئے۔ اور جھوٹ بولنا جنگ و جہاد کے موقع پر۔ اور جھوٹ بولنا تاکہ لوگوں کے درمیان صلح کرائے۔ اور محمود نے "لایحل" کے بجائے "لا یصلح" فرمایا ہے۔

مذکورہ روایت میں حضور ﷺ نے اصلاح بین الناس وغیرہ کے لیے جھوٹ کی اجازت دی ہے تاکہ مسلمانوں کے درمیان اتحاد و اتفاق قائم رہے اور دشمن کے مقابلہ میں قوت پیدا ہو سکے کہ اتحاد و اتفاق سے ایک شخص اپنے اندر ایک جماعت کی قوت محسوس

بشر السری بشر بن السری ابو عمرو الافوہ البصری سکن مکۃ و کان واعظاً ثقۃ متقناً طعن فیہ برای جھم ثم اعتذر و تاب من التاسعۃ ۹۶ـ ۳۹۵ ولہ ثلث و ستون سنۃ ابن خیثم ھو عبداللہ بن عثمان بن خثیم شھر بن حوشب الاشعری مولی اسماء بنت یزید السکن صدوق کثیر الارسال والاوھام من الثالثۃ ۱۲ اسماء بنت یزید السکن الانصاری تکنی ام سلمۃ ویقال ام عامر صحابیۃ لھا احادیث ۱۲

کرتا ہے اس کے بالمقابل اگر باہم اختلاف ہوگا تو سب کمزور و بزدل ہو جائیں گے ہوا اکھڑ جائے گی اور دشمن کی نظروں میں حقیر و مغلوب ہو جائیں گے ان وجوہات کی بناء پر حضور ﷺ نے باہم اتحاد و اتفاق کی ترغیب دی ہے خواہ اس کے لیے جھوٹ بولنا پڑے اس سلسلہ میں تفصیل آگے آ رہی ہے۔

جواز کذب فی الحدیث سے کیا مراد ہے؟ علامہ نوویؒ کہتے ہیں کہ قاضی عیاضؒ نے فرمایا کہ اس بارے میں اختلاف نہیں کہ ان تین مواقع مذکورہ فی الحدیث میں جھوٹ کا استعمال جائز ہے البتہ اس جھوٹ سے کیا مراد ہے اس بارے میں حضرات علماء کے دو قول ہیں (اول) ایک جماعت کہتی ہے کہ اس سے مراد مطلقاً کذب ہے یعنی صریح جھوٹ ان مواقع میں مصلحۃً جائز ہے (دوم) قول محقق طبریؒ وغیرہ سے منقول ہے کہ اس سے مراد صریح کذب نہیں بلکہ توریہ اور معاریض ہیں فریق اول کا استدلال حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعات سے ہے کہ انہوں نے تین مواقع پر کذب سے کام لیا (۱) اپنی بیوی حضرت سارہ کو اپنی بہن بتایا (۲) عید کے دن لوگوں کے ساتھ عدم شرکت کی وجہ میں فرمایا "انی سقیم" کہ میں بیمار ہوں (۳) جب انہوں نے بتوں کو توڑا تو قوم کے معلوم کرنے پر فرمایا "بل فعلہ کبیرھم" ان تینوں مواقع کی تفسیر آپ پڑھ چکے ہیں نیز حدیث شریف میں بھی ان تین کذبات کی نسبت ابراہیم علیہ السلام کی طرف کی گئی ہے اسی طرح ان حضرات کا استدلال حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ سے ہے کہ منادی نے حضرت یوسف علیہ السلام کی جانب سے اعلان کیا تھا "ایتھا العیر انکم لسارقون" نیز ان کا مستدل یہ بھی ہے کہ یہ مسئلہ اتفاقی ہے اگر کوئی ظالم کسی شخص کو ناحق قتل کے ارادہ سے آئے اور کسی سے پوچھے کہ فلاں کہاں ہے تو اس پر واجب ہے کہ یہ جواب دیدے میں نہیں جانتا وہ کہاں ہے خواہ اس کو اس کے بارے میں علم ہو۔

فریق ثانی جو توریہ کا قائل ہے وہ کہتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصہ میں یہ تینوں کذبات نہیں ہیں بلکہ توریہ ہی ہیں بیوی کو بہن بتانے سے مراد ان کی اسلامی اور دینی بہن ہے اسی طرح "انی سقیم" کے معنی مغمن و محزون کے ہیں اور "بل فعلہ کبیرھم" میں اسناد مجازی ہے مراد یہ ہے کہ جو میں نے بتوں کو توڑا ہے اس کا داعیہ یہ بڑا بت بنا ہے۔ رہا منادی یوسف علیہ السلام کا مقولہ اسکی مختلف تاویلات کی گئی ہیں بعض نے فرمایا کہ منادی کا بھائیوں کو چور کہنا یوسف علیہ السلام کے حکم سے نہیں تھا۔ بعض حضرات کہتے ہیں ان کو چور اس وجہ سے کہا گیا کہ وہ حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے والد سے چوری کر کے دھوکہ دیکر لائے تھے۔ بعض فرماتے ہیں کہ انکو چور کہنا بنیامین کی خواہش کا نتیجہ تھا حضرت یوسف علیہ السلام کی تجویز نہ تھی اس بارے میں بہتر یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ یہ حیلہ اور تدبیر سب کچھ بامر الٰہی ہوا ہے جو اس کی حکمت بالغہ کا مظہر ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے امتحان و ابتلاء کی تکمیل تھی لہٰذا اب اس پر کوئی اشکال نہیں رہا تیسرا استدلال اس کا جواب یہ ہے کہ ظالم کو ظلم سے روکنا اور مظلوم کو بچانا فرض ہے جس کے لیے بہر حال اس قدر اجازت ہونی ہی چاہیے۔ یا یہ مراد ہو کہ اس وقت مطلوب کہاں ہے مجھے معلوم نہیں یہ کہہ دیا جائے وغیر ذلک بہر حال راجح قول یہ ہے کہ حتی الامکان صریح جھوٹ سے بچا جائے اور توریہ و معاریض کو استعمال کیا جائے بالفاظ دیگر ایسے کلمات استعمال کریں جو ذو معنیین ہوں مخاطب ان سے ایسے معنی سمجھے جس سے اسکا دل خوش یا غمگین ہو جائے۔

یحدث الرجل امرأتہ لیرضیھا: حسن معاشرہ کو برقرار رکھنے کے لیے شوہر کو اس بات کی گنجائش ہے کہ وہ ایسی بات بیوی سے کہہ دے جو کذب کے مشابہ ہو صریح کذب نہ ہو تا کہ وہ خوش ہو جائے مثلاً یہ کہے کہ میں تجھے اس قدر رقم کا جوڑا بنا دونگا انشاء

اللہ اور نیت یہ کرے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مقدر کیا یقینی نہیں۔

والکذب فی الحرب: جنگ کے موقع پر بھی کذب مؤول کی اجازت ہے۔ مثلاً کہے "مات امامکم الاعظم" اور نیت سابق امام کی کرے جو گزشتہ زمانہ میں مر چکا ہے۔

والکذب لیصلح بین الناس: یعنی جب دو آدمیوں میں جھگڑا ہو یا کوئی اختلاف ہو تو ان کے درمیان صلح کرانے کے لیے فی الجملہ کذب کی اجازت ہے کہ ہر فریق سے دوسرے فریق کی اچھی باتیں نقل کرے خواہ ان میں مبالغہ ہی کرنا پڑے چونکہ اختلاف فتنہ ہے جو قتل سے بھی بڑھ کر ہے ظاہر ہے کہ مؤول کذب یا فی الجملہ کذب سے اگر یہ فتنہ ختم ہو جائے تو کس قدر اصلاح کا ذریعہ ہوگا۔

ھذا حدیث حسن اخرجہ احمد' لا نعرفہ من حدیث اسماءؓ امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ اسماء بنت یزید کی روایت بطریق ابن خثیم پہچانی گئی ہے: یعنی ابن خثیم نے اس حدیث کو شہر بن حوشب سے نقل کرتے ہو۔ کہ اسماء بنت یزید کا نام ذکر کیا ہے ورنہ شہر بن حوشب سے نقل کرنے والے دوسرے شاگرد داؤد بن ہند نے اسماء کا نام نہیں ذکر کیا بلکہ کہا "عن شھر بن حوشب عن النبی ﷺ" اس کے بعد مصنفؒ نے حدثنا بذالك ابو کریب سے اس کی سند ذکر کی ہے۔

وفی الباب عن ابی بکرؓ اخرجہ احمد و ابو یعلی۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اُمِّهٖ اُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عُقْبَةَؓ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ لَيْسَ بِالْكَاذِبِ مَنْ اَصْلَحَ بَيْنَ النَّاسِ فَقَالَ خَيْرًا اَوْنَمَا خَيْرًا۔

ترجمہ: ام کلثومؓ بنت عقبہ کہتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ وہ شخص جھوٹا نہیں ہے جس نے (جھوٹ کے ذریعہ) لوگوں کے درمیان صلح کرائی پس اس نے اچھی بات کہی یا اچھی بات دوسروں تک پہنچائی۔

"فقال خیراً" یعنی اصلاح کے لیے ایسی بات کہے جو خیر کو متضمن ہو اور آپس میں محبت کا ذریعہ بنے۔ مثلاً زید سے عمرو کی تعریف اور اس کے متعلق اچھی بات بیان کرے۔ اسی طرح عمرو سے زید کی بھلائی بیان کرے تاکہ دونوں میں ایک دوسرے کی محبت پیدا ہو اور عداوت ختم ہو جائے۔

اونما خیراً: یہ شک راوی ہے۔ نما یَنمی باب ضرب سے جس کے معنی اچھی بات بطور اصلاح دوسرے کو پہنچانا۔ اگر فساد کے طور پر بات پہنچائی جائے تو اس کے لیے بالتشدید مستعمل ہے ھکذا قال ابو عبید و ابن قتیبۃ و غیر ھما من العلماء۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ اصلاح ذات البین کے لیے اگر کذب استعمال کیا جائے تو ایسے شخص کو کاذب نہ کہا جائیگا اس مصلحت خاص کی بناء پر وہ کذب مذموم نہیں ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و البخاری و مسلم و ابو داؤد والنسائی۔

ام کلثوم بنت عقبۃ بن ابی معیط الاموية اسلمت قديماً وهي اخت عثمان لامه صحابية لها احاديث ماتت في خلافة عليؓ ۱۲

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْخِيَانَةِ وَالْغَشِّ

الخیانة: بالکسر ضد الامانة' خانه خونا ومخانة' فخانة' از باب نصر بمعنی خیانت کرنا۔

امانت وخیانت کی تفسیر: یہ دونوں لفظ متضاد ہیں' اقوال' افعال' اموال وغیرہ سبھی سے ان کا تعلق ہوتا ہے جس طرح مال امانت ہوتا ہے بات بھی امانت ہوتی ہے اور جس طرح مال میں خیانت ہوتی ہے اسی طرح قول میں بھی خیانت ہوتی ہے جیسا کہ اگلے باب میں آ رہا ہے المجالس بالامانة لہٰذا کسی نے کوئی بات بطور امانت کہی ہو تو اس کو غیر سے ظاہر کرنا خیانت میں داخل ہے اور حدیث شریف میں اس کو تاکید کے ساتھ منع فرمایا گیا ہے۔ کما فی الحدیث المجالس بالامانة۔

الغش: یہ باب نصر سے ہے اس کے معنی ہیں خلاف ضمیر بات ظاہر کرنا۔ خلاف مصلحت بات کو مزین کرنا' دھوکہ دینا اور فریب کرنا۔ اس میں عموم ہے کہ دھوکہ وغیرہ خواہ عملاً ہو یا قولاً سب اس میں داخل ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا "من غشنا فلیس منا" یعنی جو شخص مسلمانوں کو دھوکہ دے وہ ہماری جماعت میں سے نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے یہ ارشاد اس وقت فرمایا تھا جب آپ ﷺ بازار تشریف لے جا رہے تھے: ایک شخص کو دیکھا کہ وہ غلہ کا ڈھیر لگائے ہوئے فروخت کر رہا ہے آپ ﷺ نے اس ڈھیر میں ہاتھ داخل فرمایا تو اندر سے وہ غلہ بھیگا ہوا تھا: حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ اس نے کہا کہ یا رسول اللہ ﷺ بارش ہوگئی تھی آپ ﷺ نے فرمایا کیا بارش اندر ہوئی تھی؟ یہ حصہ تم نے اوپر کیوں نہ کر دیا۔ اور فرمایا: من غشنا فلیس منا۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ لُؤْلُؤَةَ عَنْ أَبِي صِرْمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللَّهُ بِهِ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللَّهُ عَلَيْهِ

ترجمہ: ابوصرمہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی کو نقصان پہنچاوے اللہ تعالیٰ اس کو نقصان پہنچائیں گے۔ اور جو شخص کسی کو مشقت میں ڈالے اللہ تعالیٰ اس کو مشقت میں ڈالیں گے۔

ضار: بتشدید الراء المهملة ماخوذ من المضارة' اس کے معنی ہیں کسی کو نقصان پہنچانا۔

ضار اللہ بہ: اللہ تعالیٰ اس کو نقصان پہنچائیں گے: ظاہر ہے کہ جس کو اللہ تعالیٰ نقصان پہنچائیں اس کا کیا حال ہوگا اور کہاں اس کا ٹھکانہ ہوگا۔

ومن شاق: شاق بتشدید القاف من المشاقة اس کے دو معنی بیان کیے گئے ہیں۔ (اول) جو شخص کسی سے دشمنی کرے گا تو اللہ تعالیٰ بھی ایسے شخص سے دشمنی فرمائیں گے۔ (دوم) جو شخص کسی کو مشقت میں ڈالے گا اللہ تعالیٰ بھی ایسے شخص کو مشقت میں ڈال دینگے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مشقت وضرر دونوں متقارب المعنی ہیں البتہ ضرر کا استعمال اتلاف مال کے لئے اور مشقت کا استعمال بدن کی اذیت کے لئے ہوتا ہے۔

وفی الباب عن ابی بکرؓ اخرجہ الترمذی بعدہا هذا حدیث حسن غریب اخرجہ احمد وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ۔

محمد بن يحيى بن حبان بفتح المهملة و تشديد الموحدة ابن منقذ الانصاري المدني ثقة فقيه من الرابعة مات ۱۲۱ لؤلؤة مولاة الانصارية مقبولة من الرابعة ابي صرمة بكسر الصاد المهملة وسكون الراء المازني الانصاري صحابي اسمه مالك بن قيس وقيل قيس بن صرمه و كان شاعراً (بقیہ صفحہ آئندہ پر)

(بقیہ صفحہ آئندہ پر)

حَدَّثَنَا عَبْدُبْنُ حُمَيْدٍ ثَنَا زَيْدُبْنُ الْحُبَابِ الْعُكْلِيُّ ثَنِي اَبُوْ سَلَمَةَ الْكِنْدِيُّ ثَنَا فَرْقَدُ السَّبْخِيُّ عَنْ مُرَّةَ بْنِ شَرَاحِيْلَ الْهَمْدَانِيِّ وَهُوَ الطَّيِّبُ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ نِالصِّدِّيْقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَلْعُوْنٌ مَنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا اَوْ مَكَرَ بِهٖ۔

ترجمہ:۔ ابوبکر صدیقؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ شخص رحمت سے دور ہے جس نے کسی مسلمان کو نقصان پہنچایا یا اس کے ساتھ دھوکہ کیا۔

ضار: اس سے مراد ظاہری طور پر نقصان پہنچانا ہے۔ مکر بہ: اس سے مراد حقیقی طور پر نقصان پہنچانا ہے روایت سے معلوم ہوا کہ کسی مؤمن کو کسی طرح کا نقصان دینا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دوری کا سبب ہے: خواہ نقصان جانی ہو ظاہری ہو یا باطنی: لہذا جب وہ شخص اللہ کی رحمت سے دور ہو گیا پھر دنیا و آخرت میں اس کو کیا کامیابی ہو سکتی ہے بلکہ دونوں جہان میں اس کے لیے خسارہ ہے۔

ھذا حدیث غریب: اس روایت کی سند میں ابوسلمہ الکندی مجہول راوی ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ حَقِّ الْجِوَارِ

جوار بکسر الجیم و بضمھا و الکسر افصح اس کے معنی ہیں ہمسایہ ہونا۔

پڑوسی کے حقوق کے بارے میں قرآن و حدیث میں بہت تاکید وارد ہے قرآن کریم میں دیگر حقوق کو بیان فرماتے ہوئے ارشاد باری تعالیٰ ہے "والجار ذی القربیٰ والجار الجنب" روایت الباب بھی اس کی اہمیت پر دلالت کرتی ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ شَابُوْرَ وَ بَشِيْرٍ اَبِيْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو ذُبِحَتْ لَهٗ شَاةٌ فِيْ اَهْلِهٖ فَلَمَّا جَاءَ قَالَ اَهْدَيْتُمْ لِجَارِنَا الْيَهُوْدِيِّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ مَازَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَيُوَرِّثُهٗ

ترجمہ: مجاہدؒ سے مروی ہے کہ عبداللہ بن عمروؓ کے لیے ان کے گھر میں بکری ذبح کی گئی جب وہ گھر تشریف لائے تو معلوم کیا کہ کیا تم نے ہمارے پڑوسی یہودی کو بھی ہدیہ دیا ہے میں نے رسول اللہ ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا کہ جبرئیل امین مجھے پڑوسی کے حقوق کے بارے میں اس قدر وصیت و تاکید فرماتے رہے یہاں تک کہ میں نے گمان کیا شاید اس کو وارث قرار دیدیں گے۔

یوصینی: سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے جبرئیل امین مجھے حکم دیتے رہے۔

"اھدیتم" یہ مجرد سے ہے یا مزید سے اگر مزید سے ہے تو ہمزہ مقدر ہوگا۔ سیورثہ: اس بارے میں اختلاف ہے کہ یہاں توریث سے کیا مراد ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مشارکت مالی مراد ہے: یعنی جس طرح دیگر اقارب کے حقوق شرعاً متعین ہیں

(بقیہ صفحہ گزشتہ) عبدبن حمید بغیر اضافۃ ابن حمید بن نصر الکسی ابو محمد قیل اسمہ عبدالحمید و بہ انت جزم ابن حبان و غیر واحد ثقۃ حافظ من الحادیۃ عشرمات ۲۴۹ھ ابو سلمۃ الکندی شیخ لزید بن الحباب مجہول من السابعۃ فرقد السبخی بن یعقوب ابو یعقوب البصری صدوق عابد لکنہ لین الحدیث کثیر الخطأ من الخامسۃ ۱۳۱ھ ابو بکر الصدیق ابو بکر الصدیق عبداللہ بن عثمان ابی قحافۃ ھو الخلیفۃ الاول عن النبی ﷺ ولہ فضائل ھو افضل الصحابۃ بلا اختلاف مات بالمدینۃ ۱۳ھ بین المغرب والعشاء وبہ ثلث وستون ۱۲ھ

محمد بن عبدالاعلیٰ الصنعانی البصری ثقۃ من العاشرۃ ھبات ۲۴۵ داؤد بن شابور بالمعجمۃ والموحدۃ ابو سلیمان المکی وقیل اسم ابیہ عبدالرحمن و شابور جدہ ثقۃ من السادسۃ

اسی طرح پڑوسی کا حق بھی دیگر اقارب کے ساتھ متعین کر دیا جائے گا۔

دوسرا قول: یہ ہے کہ اس سے حسن سلوک مراد ہے یعنی جس طرح دیگر اقارب اور ورثاء کے ساتھ حسن سلوک کرنا ضروری ہے اسی طرح پڑوسی کے ساتھ بھی حسن سلوک واجب قرار دیا جائے گا' لیکن پہلا قول راجح ہے چونکہ بخاری میں الفاظ حدیث "حتی ظننت انه یجعل له میراثاً" وارد ہیں۔

الجار: یہ لفظ پڑوسی کے جملہ اقسام کو شامل ہے خواہ مسلم ہو یا غیر مسلم فاسق' غیر فاسق نیز دوست ودشمن دیہاتی' شہری' نقصان دہ' نفع رساں' اجنبی' غیر اجنبی' نیز مکان سے متصل رہنے والا ہو یا دور رہنے والا رشتہ دار ہو یا نہ ہو: سبھی پڑوسی اسکے تحت داخل ہیں بحیثیت پڑوسی ان سب کا حق برابر ہے: البتہ دیگر حقوق کی وجہ سے بعض بعض سے اعلیٰ و اقدم ہونگے۔ مثلاً: حدیث شریف میں ہے کہ پڑوسی کی تین قسمیں ہیں (۱) کافر پڑوسی' اس کو صرف حق جوار یعنی صرف ایک حق حاصل ہے (۲) مسلمان پڑوسی اس کے دو حق ہیں حق اسلام اور حق جوار (۳) رشتہ دار پڑوسی اس کے تین حق ہیں حق اسلام' حق قرابت' حق جوار (روی ذلك الطبراني عن جابر مرفوعاً) روایت مذکور میں عبداللہ بن عمرو نے جار کو عام قرار دیتے ہوئے یہودی پڑوسی کے حق کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی ہے۔

پڑوسی کے حقوق: پڑوسی کے چند حقوق بطور اجمال یہ ہیں (۱) اس کو سلام کرنے میں پہل کرنا (۲) اس سے گفتگو کو طویل نہ کرنا (۳) بار بار اس کا حال نہ پوچھنا (۴) بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرنا (۵) مصیبت میں اس کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرنا (۶) اس کے غم میں شریک رہنا (۷) اس کی خوشی پر خوش ہونا (۸) اس کی غلطیوں کو نظر انداز کرنا (۹) دیوار یا چھت سے اس کے مکان میں نہ جھانکنا (۱۰) اس کی دیوار پر اپنی کڑیاں نہ رکھنا (۱۱) اس کے صحن میں پانی کا نالہ گرا کر اس کو ایذاء نہ پہنچانا (۱۲) اسکے گھر کا راستہ تنگ نہ کرنا (۱۳) اگر وہ کوئی چیز اپنے گھر سے لے جاتا ہوا نظر آئے تو اس کی جستجو نہ کرنا (۱۴) اس کے عیوب کی پردہ پوشی کرنا (۱۵) اگر اسکو کوئی حادثہ پیش آئے تو اس کی مدد کرنا (۱۶) اس کی عدم موجودگی میں بھی اس کی مدد کرنا (۱۷) اسکے بیوی بچوں کی خبر گیری کرنا (۱۸) اسکی کوئی برائی نہ کرنا نہ سننا۔ (۱۹) اس کی بیوی وخادمہ سے نگاہ نیچی رکھنا (۲۰) اس کے بچے کے ساتھ شفقت و مہربانی کا معاملہ کرنا (۲۱) اگر وہ کسی دینی یا دنیوی نقصان کی طرف قدم بڑھا رہا ہو تو اسکو روک دینا اور صحیح راستہ کی طرف رہنمائی کرنا۔ یہ جملہ حقوق روایات سے ثابت ہیں جو کتب احادیث میں موجود ہیں۔

وفي الباب عن عائشةؓ: اخرجه البخاري و مسلم وابن عباسؓ اخرجه الطبراني وابو يعلي' و عقبة بن عامر: اخرجه احمد والطبراني' وابو هريرة: اخرجه البخاري و مسلم' والمقداد بن الاسود اخرجه احمد' ابي شريحؓ اخرجه البخاري' ابي امامةؓ اخرجه الطبراني' اس بارے میں اور بھی روایات ہیں جن کو حافظ منذری نے الترغیب میں بیان فرمایا ہے۔

هذا حديث حسن غريب: اخرجه ابوداؤد والبخاري في الادب' وقدروى هذا الحديث عن مجاهد عن عائشة وابي هريرة ايضا عن النبي ﷺ جس طرح یہ مضمون حضرت عبداللہ بن عمرو سے ثابت ہے اسی طرح حضرت عائشہؓ ابو ہریرہؓ سے بھی مجاہد نے مرفوعاً اس کو نقل کیا ہے۔

حدثنا قتیبة ثنا اللیث الخ: یہ حضرت عائشہؓ روایت ذکر فرمائی ہے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خَيْرُ الْاَصْحَابِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهٖ وَخَيْرُ الْجِيْرَانِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهٖ۔

ترجمہ:۔ عبداللہ بن عمروؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رفیقوں میں سب سے بہتر اللہ کے نزدیک وہ ہے جو اپنے رفیق کے ساتھ اچھا معاملہ کرنے والا ہو اور پڑوسیوں میں سب سے بہتر اللہ کے نزدیک وہ پڑوسی ہے جو ہمسایہ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتا ہے۔

خیر الاصحاب عند اللہ: یعنی اللہ کے نزدیک ثواب کا وہ زیادہ مستحق ہے۔

خیر ھم لصاحبہ: جو اپنے ساتھی کے ساتھ حسن سلوک اور خیر خواہی کا معاملہ کرنے والا ہو۔ وخیر الجیران عند اللہ خیر ھم لجارہ: یعنی وہ اپنے پڑوسی کیساتھ حسن معاملہ حسن سلوک کرنے والا اور اس کے حقوق کی ادائیگی کرنے والا ہو حدیث شریف میں وارد ہے مسلمان کی خوش نصیبی کی تین علامات ہیں لفظہ، ان من سعادة المرء المسلم المسکن الواسع والجار الصالح والمرکب الھنیئ (رواہ احمد والحاکم) یعنی مومن مرد کی خوش نصیبی یہ ہے کہ اسے کشادہ مکان نیک پڑوسی سیدھی سواری میسر ہو روایت مذکورہ فی الباب سے معلوم ہوا کہ پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک انسان کے حسن اخلاق اور اس کے یمن وسعادت کی بہترین کسوٹی ہے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے آپ ﷺ سے پوچھا مجھے اپنے فعل کے حسن وقبح کا علم کس طرح ہو سکتا ہے؟ فرمایا "اذا سمعت جیرانک یقولون احسنت فقد احسنت واذا سمعتھم یقولون قد اسأت فقد اسأت (اخرجہ احمد والطبرانی) یعنی اگر تیرے پڑوسی یہ کہیں کہ تو نے اچھا کیا تو تیرا فعل اچھا ہے اور اگر یوں کہیں کہ تو نے برا کیا تو تیرا فعل برا ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا "من اراد اللہ بہ خیر اعسلہ قیل ماعسلہ قال یحببہ الی جیرانہ" (رواہ احمد) یعنی اللہ تعالیٰ جس شخص کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو شیریں بنا دیتے ہیں عرض کیا گیا شیریں بنا دینے کا کیا مطلب ہے فرمایا اس کو پڑوسیوں کی نظر میں محبوب بنا دیتے ہیں۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں دس باتیں کریمانہ اخلاق کے دائرے میں آتی ہیں اور ممکن ہے کہ وہ دس باتیں بیٹے میں پائی جائیں اور باپ میں نہ ہوں آقا ان اوصاف کے ساتھ متصف نہ ہو اور غلام کے اندر یہ باتیں پائی جائیں وہ دس باتیں یہ ہیں (۱) راست گفتاری (۲) راست بازی (۳) داد و دہش (۴) جزاء ومکافات (۵) صلہ رحمی (۶) حفاظت وامانت (۷) ہمسایہ کے حقوق کی رعایت (۸) ہم نشینوں کی پاس داری (۹) مہمان نوازی (۱۰) حیاء یہ آخری وصف تمام اوصاف کی اصل ہے آپ ﷺ نے فرمایا "لا تحقرن جارة لجارتھا ولو فرسن شاة" یعنی کوئی اپنی پڑوسن کو (اس کی بھیجی ہوئی چیز کی بناوٹ پر) حقیر نہ جانے اگر چہ وہ بھیجی ہوئی چیز بکری کی جلی ہوئی کھری ہی کیوں نہ ہو۔

پڑوسی کے حق کی ادائیگی کا عجیب واقعہ: حسن بن عیسیٰ نیشاپوری کہتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن المبارک سے دریافت کیا کہ میرے ایک پڑوسی نے میرے غلام کی شکایت کی ہے اور غلام اپنی غلطی سے انکار کر رہا ہے آپ بتائیں کیا کروں؟ اگر غلام کو سزا دوں یہ نامناسب بات ہے: اور سزا نہ دوں تو پڑوسی کی ناراضگی کا خطرہ ہے ابن المبارک نے جواب دیا اس سے پہلے غلام سے کوئی قصور سرزد ہوا ہو تو اس پر غلام کو تنبیہ و تادیب کر دو: اس طرح غلام بھی بچ جائے گا اور پڑوسی کو شکایت بھی نہ رہے گی کہ تم نے اس کے مقابلہ میں غلام کو ترجیح دی: لہٰذا دونوں کے حقوق کی رعایت ہو جائیگی۔

هذا حديث غريب اخرجه ابن خزيمة وابن حبان والحاكم وقال هو بشرط مسلم۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْإِحْسَانِ إِلَى الْخَادِمِ

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ ثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ وَاصِلٍ عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِخْوَانُكُمْ جَعَلَهُمُ اللّٰهُ فِتْيَةً تَحْتَ أَيْدِيْكُمْ فَمَنْ كَانَ أَخُوْهُ تَحْتَ يَدِهٖ فَلْيُطْعِمْهُ مِنْ طَعَامِهٖ وَلْيُلْبِسْهُ مِنْ لِبَاسِهٖ وَلَا يُكَلِّفُ مَا يَغْلِبُهٗ فَإِنْ كَلَّفَهٗ مَا يَغْلِبُهٗ فَلْيُعِنْهُ

ترجمہ: حضرت ابوذرؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہارے بھائیوں کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے ماتحت غلام بنایا ہے پس جس شخص کا بھائی اس کے ماتحت ہو اس کو چاہیے کہ اپنے کھانے سے اسکو کھانا کھلائے اور اپنے لباس سے اس کو لباس پہنائے اور اس کو ایسے امر کا مکلّف و ذمہ دار نہ بنائے جو اس پر غالب آ جائے پس اگر (ضرورۃً) ایسے امر کا مکلّف بنائے جو اس پر غالب آ جائے تو چاہیے کہ اس کی مدد کرے۔

اخوانکم: بمعنی "خدمکم و خولکم کما وقع فی روایة" بخاری کی روایت میں "اخوانکم خولکم" صراحةً واقع ہوا ہے جس کے معنی خدام و ممالیک کے ہیں اور لفظ "اخ" برائے ترحم فرمایا ہے۔

فتیة: بکسر الفاء وسکون التاء وفتح الیاء جمع فتی ای غلمة اور نسخہ مصریہ میں قنیة بالقاف والنون واقع ہے ای ملکاً لکم قال فی القاموس "القنیة بالکسر والضم ما اکتسب" فلیعنه ماخوذ من الاعانة یعنی اس غلام کی مدد کرے خواہ خود کرے یا کسی دوسرے سے کرائے۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے غلام جو تمہارے بھائی ہیں وہ قابل رحم و شفقت ہیں ان کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے: اگر ممکن ہو تو اپنے جیسا کھانا اور اپنے جیسا لباس ان کو پہنایا جائے اور ان کی طاقت سے زیادہ کام نہ لیا جائے کہ وہ بھی تمہاری طرح انسان ہیں اگر ضرورۃً طاقت سے زیادہ کام سپرد کیا جائے تو ان کی مدد کرے یا دوسرے سے مدد کرائے۔ امام ترمذیؒ نے غلاموں اور خادموں کے حقوق سے متعلق مختلف ابواب قائم فرمائے ہیں۔

المعرور بن سوید الاسدی الکوفی یکنی ابا امیة ثقة من الثانیة عاش مائة و عشرین سنة ۱۲

غلاموں کے حقوق کی تاکید: حدیث مذکور میں غلاموں کے حقوق کے بارے میں تاکید فرمائی گئی ہے دیگر احادیث میں بھی اس بارے میں تاکید و تنبیہ فرمائی گئی ہے حتیٰ کہ وہ آخری وصایا بھی اس تاکید سے خالی نہیں جن سے آپ ﷺ نے مرض الوفات کے دوران امت مسلمہ کو نوازا ہے ترمذی اور ابوداؤد میں روایت ہے "لا یدخل الجنة سیئ الملکة" یعنی جنت میں نہیں داخل ہوگا غلاموں کے ساتھ ناروا سلوک کرنے والا اسی طرح ایک دوسری روایت میں ہے کہ ایک شخص نے آپ ﷺ سے پوچھا میں غلاموں کو کتنی مرتبہ معاف کروں تو آپ ﷺ نے سکوت کر کے فرمایا "ستر بار" حضرت عمر کا معمول تھا کہ وہ ہفتہ میں ایک بار شنبہ کو عوالی مدینہ تشریف لے جاتے اگر وہ کسی غلام کو ایسے کام میں مصروف دیکھتے جو اس کی طاقت سے زائد ہوتا تو اس کو دوسرا کام سپرد فرماتے۔

حقوق مملوک سے متعلق چند واقعات: حضرت ابوہریرہؓ نے دیکھا کہ ایک شخص اونٹ پر سوار ہے اور اسکا غلام پیادہ پا سواری کے پیچھے دوڑ لگا رہا ہے فرمایا اے اللہ کے بندے اسے بھی اپنے ساتھ بٹھا لے آخر کو یہ تیرا بھائی ہے اس کے جسم میں بھی وہی روح حلول کیے ہوئے ہے جو تیرے جسم میں ہے اس شخص نے غلام کو اپنے پیچھے بٹھالیا اس کے بعد آپ نے فرمایا جس شخص کے پیچھے لوگ پیدل بھاگ رہے ہوں سمجھو کہ وہ شخص اللہ تعالیٰ سے دور ہوتا جارہا ہے۔ احنف بن قیس سے کسی نے پوچھا کہ تم نے حلم و بردباری کا سبق کس سے حاصل کیا فرمایا کہ قیس بن عاصم سے سائل نے ان کے حلم و بردباری کا واقعہ دریافت کیا فرمایا کہ ان کی باندی سیخ کے کباب لیکر آئی سیخ گرم تھی اتفاقاً باندی کا ہاتھ بہک گیا اور شعلہ ریز سیخ ان کے بیٹے پر گر پڑی یہ حادثہ لڑکے کے لیے جان لیوا ثابت ہوا باندی خوف سے لرز اٹھی ابن عاصم نے سزا دینے کے بجائے اس کو آزاد کردیا کہ اسکا خوف بغیر آزادی کے دور نہیں ہوسکتا تھا۔ میمون بن مہران کے یہاں ایک مہمان آیا انہوں نے اپنی باندی سے کہا کہ رات کو کھانا ذرا جلدی لانا باندی کھانا لیکر آئی عجلت تو تھی ہی سالن کا بھرا پیالہ ہاتھ سے چھوٹ گیا اور آقا ابن مہران کے سر پر گر پڑا ابن مہران نے غصہ سے کہا اے جاریہ تو نے مجھے جلا ڈالا کہنے لگی آقا ذرا قرآن اٹھا کر دیکھئے اللہ تعالیٰ کیا فرماتے ہیں: کیا قرآن میں نہیں ہے "والکاظمین الغیظ" فرمایا یقیناً ہے اور میں نے غصہ کو پی لیا پھر باندی نے کہا اور یہ بھی قرآن میں ہے "والعافین عن الناس" فرمایا میں نے تجھے معاف کردیا پھر باندی نے کہا کچھ اور حسن سلوک کیجیے کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے "واللہ یحب المحسنین" فرمایا جا میں نے تجھے اللہ کی راہ میں آزاد کردیا۔ ایک شخص حضرت سلمانؓ فارسی کی خدمت میں حاضر ہوا وہ آٹا گوندھ رہے تھے آنے والے نے حیرت کا اظہار کیا فرمایا ہم نے غلام کو باہر کسی ضروری کام سے بھیجا ہے ہم نہیں چاہتے کہ ایک وقت میں دو کام اس سے لیں۔

خلاصۃ التقاول یہ ہے کہ غلاموں اور باندیوں کو اپنے جیسا کھانا کھلائے اپنے جیسا لباس پہنائے ان کی ہمت و وسعت سے زیادہ کام نہ لے انہیں تکبر اور حقارت کی نظر سے نہ دیکھے ان کی لغزشوں سے صرف نظر کرے اگر ان سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے اور طبیعت میں تکدر پیدا ہو جائے یا سزا دینے کا خیال آئے تو یہ ضرور سوچے کہ میں بھی باری تعالیٰ کا غلام ہوں اور رات دن گناہ کرتا رہتا ہوں لیکن وہ مجھے سزا نہیں دیتا حالانکہ اللہ تعالیٰ مجھ پر زیادہ قادر ہے۔

وفی الباب عن علیؓ اخرجه احمد و ابو داؤد وام سلمةؓ اخرجه البیهقی وابن عمرؓ اخرجه الطبرانی وابی هریرةؓ اخرجه مسلم، هذا حدیث حسن صحیح اخرجه الشیخان۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا یَزِیْدُ بْنُ هٰرُوْنَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ یَحْیٰی عَنْ فَرْقَدٍ عَنْ مُرَّةَ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ نِ الصِّدِّیْقِ عَنِ

همام بن یحیی بن دینار العوذی بفتح العین المهملة وسکون الواو وکسر المعجمة ابو عبدالله و ابوبکر البصری ثقة وبما وهم من السابعة مات ۱۶۵ھ ۱۲

النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّئُ الْمَلَكَةِ

ترجمہ: ابوبکر صدیقؓ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں داخل ہوگا جنت میں ناروا سلوک کرنے والا غلاموں کے ساتھ۔

الملكة: بفتح الميم واللام بمعنى الملك يقال "ملكه ملكا و ملكة" اسی طرح بعض نے بضم اللام اور مثلث اللام بھی ضبط کیا ہے۔ علامہ جزریؒ نے فرمایا: کہا جاتا ہے "فلان حسن الملكة" اس شخص کو کہتے ہیں جو ممالیک کے ساتھ حسن سلوک کرے۔ "فلان سيئ الملكة" جو اپنے غلاموں کے ساتھ برا سلوک کرے۔

هذا حديث غريب: اخرجه ابن ماجه وقد تكلم ايوب السختياني و غير واحد الخ یعنی فرقد بن یعقوب السبخی کے بارے میں ایوب سختیانی وغیرہ نے حافظہ کے اعتبار سے کلام کیا ہے چنانچہ علامہ ذہبیؒ نے فرمایا کہ ابو حاتم نے ان کو "ليس بالقوى" کہا ابن معین نے ثقہ قرار دیا ہے امام بخاریؒ نے فرمایا "في احاديثه مناكير" اسی طرح نسائی نے فرمایا "ليس بثقة" دار قطنی نے بھی ضعیف قرار دیا ہے۔ الحاصل فرقد السبخی کے بارے میں فرمایا گیا: "عابد صدوق لكنه لين الحديث كثير الخطأ"۔

بَابُ النَّهْيِ عَنْ ضَرْبِ الْخُدَّامِ وَشَتْمِهِمْ

یہ باب خدام کو مارنے اور ان کو برا بھلا کہنے کی ممانعت کے بارے میں ہے۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُاللهِ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي نُعْمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ ﷺ نَبِيُّ التَّوْبَةِ مَنْ قَذَفَ مَمْلُوكَهُ بَرِيئًا مِمَّا قَالَ لَهُ أَقَامَ اللهُ عَلَيْهِ الْحَدَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا أَنْ يَكُونَ كَمَا قَالَ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی توبہ ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنے مملوک کو تہمت لگائے حالانکہ وہ اس تہمت سے بری ہے جو اس کو لگائی گئی ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس پر حد قائم فرمائیں گے الا یہ کہ وہ ایسا ہو جیسا کہ اس کے بارے میں آقا نے کہا ہے۔

یہ ابوالقاسم سے بدل ہے "مجمع البحار" میں ہے کہ آپ ﷺ کو کثرت توبہ و استغفار کی بناء پر نبی التوبة کہا جاتا ہے کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ آپ کثرت سے توبہ و استغفار فرماتے تھے اسی طرح آپ کو کثرت رحم کی بناء پر نبی التوبة والرحم بھی کہا گیا ہے اقام الله عليه الحد يوم القيامة بخاری و مسلم میں جلد يوم القيامة واقع ہے۔

الا ان يكون كما قال: یعنی اگر مملوک میں وہ بات پائی جاتی ہے جو آقا نے کہی ہے تو پھر اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس پر حد قائم نہیں فرمائیں گے کیونکہ مولیٰ نفس الامر میں صادق ہے یہ استثناء منقطع ہے۔

حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ باندی اور غلام کے بارے میں یہ بھی احتیاط کرنی چاہیے کہ خواہ مخواہ ان پر زنا، چوری وغیرہ عیوب کی تہمت نہ لگائے ورنہ قیامت میں آقا سزا کا مستحق ہوگا کیوں کہ وہاں ملکیت زائل ہو جائے گی اور سب کے حقوق برابر ہوں گے۔

فضيل بن غزوان بفتح المعجمة وسكون الزاء ابن جرير الضبي ثقة من كبار السابعة مات بعد ۱۴۰ ابن ابی نعم بضم اوله وسكون المهملة هو عبدالرحمن البجلي۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں روایت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آقا اگر اپنی باندی یا غلام پر تہمت لگائے تو دنیا میں آقا پر حد جاری نہ کی جائے گی: کیونکہ حدود شکوک وشبہات سے ساقط ہو جاتی ہیں اور یہاں ملکیت کی وجہ سے شبہ پیدا ہو گیا ہے۔ علامہ مہلب فرماتے ہیں کہ اس پر تمام علماء کا اجماع ہے نیز کامل غلام مدبر اور ام ولد وغیرہ سب کا حکم یہی ہے: مگر حافظ نے فتح الباری میں ام ولد کے بارے میں کچھ اختلاف نقل کیا ہے: لیکن یہ واضح رہے کہ اگر چہ حد شرعی یعنی حد قذف ہو تو آقا پر جاری نہ ہوگی مگر تعزیر کی جائے گی تا کہ اس قسم کے برے فعل سے لوگ اجتناب کریں۔

هذا حديث حسن صحيح: اخرجه احمد والشيخان و ابوداؤد۔

وفي الباب عن سويد بن مقرنؓ: اخرجه احمد و مسلم و ابوداؤد۔ وعبدالله بن عمرؓ: اخرجه مسلم۔ وابن ابی نعمؓ: بضم النون وسکون العین ان کا نام عبدالرحمن بن ابی نعم البجلی ہے اور کنیت ابوالحکم ہے عابد صدوق راوی ہے۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا مُؤَمَّلٌ ثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ كُنْتُ أَضْرِبُ مَمْلُوكًا لِي فَسَمِعْتُ قَائِلًا مِنْ خَلْفِي يَقُولُ اِعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ اِعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا أَنَا بِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ اللّٰهُ أَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ فَمَا ضَرَبْتُ مَمْلُوكًا بَعْدَ ذٰلِكَ۔

ترجمہ: ابومسعود انصاریؓ فرماتے ہیں کہ میں اپنے غلام کو مار رہا تھا پس میں نے اپنے پیچھے سے سنا کہ کہنے والا کہہ رہا ہے سن تو ابومسعود سن تو ابومسعود میں متوجہ ہوا تو دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ ہیں آپ ﷺ نے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ تجھ پر زیادہ قدرت رکھتے ہیں بہ نسبت تیرے اس غلام پر قدرت رکھنے کے ابومسعود کہتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے کسی غلام کو نہیں مارا۔ یہاں سفیان سے سفیان ثوریؒ مراد ہیں۔

ابا مسعود ای یا ابا مسعود: لله بفتح اللام علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ للہ میں لام تاکید کے لیے ہے اور اللہ مبتداء ہے اور اقدر خبر ہے اور علیکم اقدر سے متعلق ہے اور "منک" بھی اسی سے متعلق ہے اور لفظ "علیہ" کاف خطاب سے حال ہے ای اقدر منک حال کونك قادرا علیه كذا في المرقاة نقلا عن المظهر۔

قال ابو مسعود فما ضربت مملوكا بعد ذالك: اور مسلم شریف میں ہے "فقلت یا رسول الله هو حر لوجه الله فقال اما انه لو لم تفعل للفحتك النار اولمستك النار۔

روایت سے معلوم ہوا کہ بلاوجہ غلام کو مارنا ظلم ہے پھر مارنے کی کوئی حد ہوتی ہے لہذا سزا بقدر جرم کی شرعا اجازت ہے مگر عفو بہتر ہے جیسا کہ روایات آرہی ہیں:

هذا حديث حسن صحيح: اخرجه مسلم۔

ابراهيم التيمي هو ابن يزيد بن شريك قال ابن معين ثقة وقال ابوزرعه ثقة مرجي وقال ابو حاتم صالح الحديث وقال الدارقطني لم يسمع عن حفصة ولا من عائشة ولا ادرك زمانهما مات ۹۲ قتله الحجاج بن يوسف ابيه هو يزيد بن شريك ابن طارق التيمي الكوفي ثقة يقال انه ادرك الجاهلية من الثانية مات في خلافة عبدالملك ابو مسعود الانصاري هو عقبة بن عمرو بن ثعلبة الانصاري البدري صحابي جليل مات قبل الاربعين وقيل بعدها

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اَدَبِ الْخَادِمِ

ادب سے مراد تادیب ہے یعنی غلام وخادم کوادب سکھانے کے بارے میں۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ابْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ اَبِیْ هَارُوْنَ الْعَبْدِیِّ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِذَا ضَرَبَ اَحَدُكُمْ خَادِمَهٗ فَذَكَرَ اللّٰهَ فَارْفَعُوْا اَیْدِیَكُمْ۔

ترجمہ: ابوسعید خدریؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اپنے خادم کو مارے پس وہ اللہ کو یاد کرے یعنی اللہ کا واسطہ دے تو اپنے ہاتھ اٹھالو (یعنی اس کو مت مارو)۔

فَذَكَرَ اللّٰهَ: ای استغاث به واشفع باسمه تعالٰی "یعنی جب وہ اللہ کا واسطہ دیکر کہے کہ اللہ کے لیے معاف کر دیجئے۔

فارفعوا ایدیکم ای امنعوها عن ضربه تعظیمًا لذکره تعالٰی۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں یہ حکم جب ہے جبکہ تادیب کے لیے مارے اور اگر حدًّا اس طرح مار رہا ہے تو پھر حد پوری کی جائے گی نیز اگر وہ اللہ کا واسطہ محض مکروفریب کے لیے دے رہا ہے تب بھی ضرب تادیب کو نہ چھوڑا جائے گا۔

ابو هارون العبدی ان کا نام عمارۃ بن جُوَین ہے کنیت سے مشہور ہیں قال یحیی بن سعید ضعفه شعبة الخ: یحییٰ بن سعید القطان فرماتے ہیں کہ شعبہ نے ان کی تضعیف کی ہے احمد بن حنبل نے فرمایا لیس بشیٔ، اور ابن معین کہتے ہیں 'لایصدق فی حدیثه اور امام نسائی فرماتے ہیں متروک الحدیث۔ قال الدار قطنی "یتلون خارجی و شیعی فیعتبر بماروی عنه الثوری قال الجوزجانی کذاب قال یحیی ای یحیی القطان: یعنی یحییٰ نے فرمایا کہ ابن عون نے ان سے روایت نہیں نقل کی یہاں تک کہ وہ انتقال فرما گئے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِی الْعَفْوِ عَنِ الْخَادِمِ

حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا رِشْدِیْنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْ هَانِیٍٔ الْخَوْلَانِیِّ عَنْ عَبَّاسِ ابْنِ جُلَیْدٍ الْحَجْرِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَؓ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمْ اَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ فَصَمَتَ عَنْهُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم ثُمَّ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمْ اَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ قَالَ كُلَّ یَوْمٍ سَبْعِیْنَ مَرَّةً۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمرؓ سے منقول ہے کہ ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا یا رسول اللہ میں خادم کو کتنی مرتبہ معاف کروں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے پھر اس نے کہا یا رسول اللہ میں خادم کو کتنی بار معاف کروں فرمایا ہر دن میں ستر مرتبہ۔

فَصَمَتَ عَنْهُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یا تو انتظار وحی کی وجہ سے سکوت فرمایا: بعض فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سکوت

ابو هارون العبدی هو عمارة بن جوین بجیم المصغر المشهور بکنیته متروک ومنهم من کذبه شیعی من الرابعة ۱۲

رشدین بن سعد بکسر الراء وسکون المعجمة ابن سعد بن مصلح المهری بفتح المیم و سکون الهاء ابو الحجاج المصری ضعیف رجح ابو حاتم علیه بن لهیعة وقال ابن یونس کان صالحاً فی هنه من السابعة ۱۸۸ وله ثمان و سبعون سنة ابوهانی الخولانی هو حمید بن هانی المولی لا باس به واکبر شیخ لابن وهب قاله الحافظ عباس بن جلید بضم الجیم الحجری بفتح المهملة وسکون الجیم المصری ثقة من الرابعة ۱۲

فرمانا کراہت سوال کی بنا پر تھا، کیوں کہ معاف کرنا تو امر مندوب و محبوب ہے اس کے واسطے تعیین عدد مناسب نہیں ہے "سبعین مرۃ" اس سے مراد کثرت ہے تحدید مقصود نہیں ہے۔

روایت سے معلوم ہوا کہ حتی الامکان خدام وغلاموں کی غلطیوں سے تسامح کرنا چاہیے روایت شریفہ میں اس کی ترغیب وارد ہوئی ہے۔ ستر کا عدد کثرت کو بیان کرنے کے لیے آتا ہے اور مراد یہی ہے کہ جہاں تک ہو سکے خدام کے ساتھ عفو و درگذر کا معاملہ کیا جائے بیان کردہ روایت اس پر شاہد ہے۔

ھذا حدیث حسن غریب: اخرجہ ابوداؤد ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ میرک نے فرمایا کہ بعض نسخوں میں حسن صحیح ہے چنانچہ ابویعلی نے اس کو سند جید کے ساتھ نقل فرمایا ہے کذا ذکرہ المنذری۔

وَرَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَقَالَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عمرو یعنی بعض حضرات نے اس حدیث کو جب بطریق عبداللہ بن وہب روایت کیا تو بجائے عبداللہ بن عمر بن الخطاب کے عبداللہ بن عمرو واو کے ساتھ ذکر کیا ہے امام ابوداؤد نے حدیث الباب کو بطریق احمد بن سعید الھمد انی عن ابن وہب ذکر کیا تو عبداللہ بن عمر بغیر واو نقل فرمایا ہے۔

علامہ منذریؒ فرماتے ہیں کہ ہمارے اور دوسروں کے ساع بھی بغیر واو ہی ہیں مگر امیر ابونصر نے فرمایا کہ یہ روایت عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عمرو بن العاص نیز عبداللہ بن جز تینوں سے مروی ہے۔ امام بخاری نے تاریخ میں عبداللہ بن عمرو بن العاص اور عبداللہ ابن عمر بن الخطاب دونوں سے روایت ذکر کی ہے علامہ منذری نے فرمایا ھو حدیث فیہ نظر۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ اَدَبِ الْوَلَدِ

یہاں بھی ادب سے مراد تادیب ہے۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلٰى عَنْ نَاصِحٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَاَنْ يُّؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهٗ خَيْرٌ مِنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِصَاعٍ

ترجمہ: جابر بن سمرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ آدمی کا اپنے بیٹے کو ادب سکھانا اس سے بہتر ہے کہ وہ ایک صاع صدقہ کرے۔

لَاَنْ يُّؤَدِّبَ: لام برائے تاکید بمعنی القسم ای واللہ تادیب الرجل لولدہ تادیبًا واحدا خیر من تصدقہ بصاع۔

تادیب ولد صدقہ سے بہتر کیوں ہے؟ حضرات شراح نے اس کی مختلف وجوہ بیان فرمائی ہیں: (اول) تادیب ولد طویل البقاء ہے اور تصدق سریع الفناء ہے۔ (دوم) تادیب ولد افادۂ علمیہ حالیہ ہے اور تصدق افادۂ عملیہ مالیہ ہے۔ (سوم) تادیب ولد یقینا اپنے محل میں واقع ہے بخلاف تصدق کے کہ وہ تحت الاحتمال ہے۔ (چہارم) تادیب ولد کے ترک پر بسا اوقات لعن طعن کیا جاتا ہے بخلاف ترک تصدق کے "کذا ذکرہ القاری" (پنجم) علامہ مناوی فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص تادیب ولد کرتا ہے تو ولد کے افعال حسنہ کو باپ کے لیے صدقہ جاریہ شمار کیا جاتا ہے اور تصدق صاع کے ثواب کا متعدی ہونا ضروری نہیں ہے۔

یحیی بن یعلی الاسلمی الکوفی لقتاتی قال الحافظ شیعی ضعیف ناصح ھو ابن عبداللہ او ابن عبدالرحمن التمیمی المحلمی بالمھملۃ و تشدید قلام ابو عبداللہ الحائک صاحب سماک ضعیف من کبار السابعۃ ۱۲

روایت سے واضح طور پر معلوم ہوا کہ تادیب ولد انتہائی اہم امر ہے مطلق صدقات سے بھی افضل و بہتر ہے کیونکہ تادیب ولد صدقات جاریہ میں سے ہونے کی وجہ سے نفع متعدی کو مستلزم ہے۔

هذا حديث غريب: یہ روایت غریب ہونے کے ساتھ ساتھ ضعیف بھی ہے: کیوں کہ اس میں یحییٰ بن یعلیٰ اور ناصح دونوں راوی ضعیف ہیں جیسا کہ خود امام ترمذیؒ فرماتے ہیں وناصح بن علاء الكوفي "ليس عنداهل الحديث بالقوي مگر امام ترمذی کا یہ وہم ہے دراصل ناصح نامی دو شخص ہیں (۱) ناصح بن عبداللہ الکوفی (۲) ناصح بن علاء البصری اول الذکر کے بارے میں علامہ ذہبی فرماتے ہیں ناصح بن عبداللہ الکوفی المحلمی الحائک عن سماک بن حرب ویحییٰ بن ابی کثیر ضعفہ النسائی وغیرہ۔ وقال البخاری منکر الحدیث وقال الفلاس متروك وقال ابن معين ليس بشئ وقال مرة ليس بثقة وقال الذهبي كان من العابدين ذكره الحسن بن صالح فقال رجل صالح نعم الرجل۔ پھر علامہ ذہبی نے اس حدیث جابرؓ کی تخریج کی ہے اور سند اس طرح بیان کی ہے۔ "يحيى بن يعلى الاسلمي عن ناصح بن عبدالله عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرةؓ مرفوعاً" معلوم ہوا کہ یہاں ناصح سے مراد ابن العلاء نہیں ہے بلکہ ناصح بن عبداللہ ہے۔

ناصح بن علاء الکوفی: یہ بصری ہیں کوفی نہیں ہیں: چنانچہ امام حاکم نے فرمایا ناصح بن العلاء ہو البصری ثقہ اور دوسرے ناصح جو ابن عبداللہ ہیں وہ مطعون ہیں نیز فرمایا ناصح بن عبداللہ ذاہب الحدیث ہیں: اسی طرح دارقطنی نے فرمایا ضعیف وقال ابن حبان تفرد بالمنا كير عن المشاهير ہر حال ناصح سے یہاں مراد ناصح بن العلاء نہیں ہے كما قال الترمذي بل وهم فيه بلکہ مراد ناصح بن عبداللہ ہے جس کو اکثر حضرات نے ضعیف قرار دیا ہے: اس وجہ سے روایت غریب ہونے کے ساتھ ساتھ ضعیف بھی ہے۔

قوله و ناصح شيخ آخر البصري: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ دوسرے ناصح بصری ہیں جو اس سے اثبت ہیں یہ امام ترمذی کو وہم ہے کما مر مفصلاً۔

حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نِ الْجَهْضَمِيُّ ثَنَا عَامِرُ بْنُ اَبِيْ عَامِرٍ نِ الْخَزَّازُ ثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدًا مِنْ نَحْلٍ اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نہیں عطا کیا کسی باپ نے بیٹے کو کوئی عطیہ جو حسن ادب سے بڑھ کر ہو۔

نحل بضم النون و فتحه بمعنى عطيه وهبه جو بلا عوض و بلا استحقاق کے ہو۔

فرمان نبوی ﷺ کا خلاصہ یہ ہے کہ باپ اپنے بیٹے کو جس قدر عطیات دیتا ہے ان میں سب سے بڑھ کر عطیہ حسن ادب کی تعلیم و تادیب ہے خواہ نرمی کے ساتھ ہو یا سختی کے ساتھ ہو: کیونکہ اچھے ادب کے ذریعہ بیٹا افعال حسنہ سے آراستہ ہوگا اور افعال قبیحہ سے بچے گا جو اس کے لیے دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ ہے۔ مشہور مقولہ ہے "حسن الادب يرفع العبد المملوك الى رتبة الملوك۔

هذا حديث غريب. اخرجه البيهقي في شعب الايمان هذا عندي حديث مرسل' یہ روایت بطریق ایوب بن موسیٰ

عامر بن ابي عامر الخزاز بالمعجمات قال الذهبي في الميزان عامر بن ابي عامر صالح بن رستم الخزاز عن يونس بن عبيد وغيره قال ابو حاتم ليس بالقوي وقال ابن عدي في حديث بعض النكرة وقال الحافظ في التقريب صدوق سئ الحفظ افرط فيه ابن حبان فقال يضع ايوب بن موسى بن عمرو بن سعيد بن العاص ابو موسى على الاموي ثقة' ابيه هو موسى بن عمرو وقال في التقريب ستور وقال الخزرجي وثقه ابن حبان جده عمرو بن سعيد۔

عن ابیہ عن جدہ مروی ہے جن کا نسب اس طرح ہے ایوب بن موسیٰ بن عمرو بن سعید بن العاص ۔ جدہ کی ضمیر میں دو احتمال ہیں یا تو ایوب کی طرف راجع ہے تو دادا عمرو بن سعید ہوئے جو صحابی نہیں ہیں بلکہ وہ عثمان غنیؓ کے زمانہ میں پیدا ہوئے لہٰذا حدیث مرسل ہوگی یا ضمیر کا مرجع موسیٰ ہے تو دادا سعید ہوئے یہ اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پیدا ہو گئے تھے مگر ان کا سماع بھی محدثین کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے اس وجہ سے ان کی روایت کو مرسل ہی قرار دیا گیا ہے بہرصورت یہ روایت مرسل ہے کما قال الترمذی وحکاہ ابن حجر فی التہذیب فی ترجمہ موسیٰ بن عمرو بن سعید بن العاص بعد نقل کلام الترمذی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَبُوْلِ الْهَدِيَّةِ وَالْمُكَافَاةِ عَلَيْهَا

یہ باب ان روایات کے سلسلہ میں ہے جو ہدیہ کے قبول کرنے اور اس پر بدلہ دینے کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَكْثَمَ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَا نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَيُثِيْبُ عَلَيْهَا۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہدیہ قبول فرماتے اور اس پر بدلہ عنایت فرماتے تھے۔

الهدية: از راہ محبت بلا معاوضہ وعوض کسی کو کوئی چیز دینا۔ المکافاۃ: پاداش وادن یعنی بدلہ دینا۔ یثیب من الاثابۃ بدلہ دینا، جزا دینا۔ روایت سے معلوم ہوا کہ ہدیہ قبول کرنا جائز ہے بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔

ہدیہ کی شرائط: ہدیہ قبول کرنے کے لیے چند شرائط کا لحاظ ضروری ہے (اول) یہ دیکھنا چاہیئے کہ وہ مال حلال ذرائع سے حاصل کیا ہوا ہے یا نہیں نیز شبہات سے خالی ہے یا نہیں اگر پاک وصاف ہو تو قبول کرلے ورنہ نہیں۔ (دوم) ہدیہ دینے والے کی غرض کیا ہے؟ اگر دل خوش کرنے اور محض محبت کی بناء پر دیا ہے تب تو یہ ہدیہ ہے اس کو قبول کرنا چاہیئے۔ اور اگر نا موری، ریا کاری یا بطور صدقہ ہے تو پھر قبول نہ کرے الا یہ کہ مستحق صدقہ ہو۔ (سوم) ہدیہ دینے والا احسان نہ جتلائے اور مُہدیٰ الیہ کو حقیر نہ گردانے بلکہ قبول کرنے کو اپنے اوپر احسان تصور کرے۔ اور خوش ہو اور واپس کردینے سے ناگواری ہو ان مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ ہدیہ قبول کرنا جائز ہے۔

ہدیہ کے آداب: ہدیہ کے مختصر آداب جن کا لحاظ رکھنے سے ہدیہ کا لطف اور اصل غرض از دیاد محبت پیدا ہوتی ہے۔ (۱) جسکو ہدیہ دے پوشیدہ دے اگر وہ خود ظاہر کرے تو دوسری بات ہے۔ (۲) اگر ہدیہ غیر نقد ہو تو حتی الامکان مہدیٰ الیہ کی رغبت کا خیال رکھے ایسی چیز دے جو اسے مرغوب ہو (۳) ہدیہ دیکر یا اس سے پہلے اپنی کوئی غرض پیش نہ کرے تاکہ مہدیٰ لہ کو خود غرضی کا شبہ نہ ہو (۴) مقدار ہدیہ اس قدر نہ ہو کہ مہدیٰ الیہ کی طبیعت پر بار ہو اور کم چاہے جتنا ہو اس میں مضائقہ نہیں چونکہ اہل نظر کی نظر مقدار پر نہیں ہوتی

یحی ابن اکثم بن محمد بن قطن التمیمی المروزی ابو محمد القاضی مشہور فقیہ صدوق الا انہ رمی بسرقۃ الحدیث من العاشرۃ م ۲۴۲ ولہ ثلث و ثمانون سنۃ۔ علی بن خشرم بمعجمتین علی وزن جعفر المروزی ثقۃ من العاشرۃ مات ۲۵۷ او بعدھا وقد قارب المائۃ عیسی بن یونس بن ابی اسحاق السبیعی بفتح المھملۃ و کسر الموحدۃ اخو اسرائیل کوفی نزل الشام مرابطا ثقۃ مامون من الثامنۃ ۱۸۷ھ۔

بلکہ خلوص پر ہوتی ہے (۵) اگر مہدی الیہ واپس کرنے لگے تو واپسی کی وجہ دریافت کرلے اور آئندہ اس کا خیال رکھے مگر اس وقت اصرار نہ کرے (۶) جب تک مہدی الیہ پر اپنا خلوص ثابت نہ کردے ہدیہ پیش نہ کرے (۷) حتی الامکان ریلوے پارسل کے ذریعہ ہدیہ نہ بھیجے چونکہ مہدی الیہ کو اس میں پریشانی کا خطرہ ہے۔

یثیب علیھا: یعنی آپ ﷺ ہدیہ قبول فرماتے اور اس پر بدلہ عنایت فرماتے تھے۔ ہدیہ کا بدلہ کم از کم ہدیہ کے بقدر روپے تو بہتر ہے۔ اس روایت سے استدلال کرتے ہوئے حضرات مالکیہؒ نے فرمایا کہ اگر واہب کوئی چیز ہبہ کرے تو اس کا بدلہ دینا واجب ہے وبہ قال الشافعی فی القدیم لمواظبتہ ﷺ علی ذالک۔ مگر حضرات احنافؒ فرماتے ہیں کہ بدلہ نیت سے ہدیہ دینا درست نہیں ہے بلکہ وہ منعقد نہیں ہوتا وبہ قال الشافعی فی الجدید۔ چونکہ یہ تو بیع بثمن مجہول ہے اس لیے کہ ہبہ کا مدار تبرع پر ہے اور شرعاً عرفاً بیع وہبہ کے مابین فرق ہے جس میں عوض ہو وہ بیع ہے اور جس میں عوض نہ ہو وہ ہبہ ہے۔ روایت سے آپ ﷺ کے بلند اخلاق بھی معلوم ہوئے۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ الترمذی و ابو داؤد والنسائی وانسؓ اخرجہ ابو داؤد والنسائی و ابن عمرؓ اخرجہ ابو داؤد والنسائی و ابن حبان والحاکم۔ واجابرؓ اخرجہ الترمذی فی باب المتشبع بمالم یعط۔ ھذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجہ البخاری فی الھبۃ و ابو داؤد فی البیوع۔ یہ روایت صرف بطریق عیسی بن یونس ہی مرفوعاً معروف ہے اس وجہ سے غریب ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الشُّكْرِ لِمَنْ اَحْسَنَ اِلَيْكَ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ مُسْلِمٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ لَا يَشْكُرِ النَّاسَ لَا يَشْكُرِ اللّٰهَ۔

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى ح وَثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ ثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرُّؤَاسِيُّ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ وابو سعیدؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص لوگوں کا شکر نہیں ادا کرتا وہ اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا۔

حقیقت شکر: شکر کی حقیقت دراصل نعمت کی قدر کرنا ہے جب نعمت کی قدر ہوگی تو منعم کی قدر بھی ضرور ہوگی نیز جس کے ذریعہ وہ نعمت پہنچی ہے اس کی بھی قدر ہوگی اس طرح خالق ومخلوق دونوں کا شکر ادا ہو جائے گا انسان کے دل میں جس کی قدر ہوتی ہے تو اس کی تعظیم ومحبت بھی کرتا ہے اس کی بات ماننے کو بھی بالاضطرار دل چاہتا ہے لہٰذا خالق کا کمال شکر یہی ہے کہ دل میں اسکی تعظیم ہو زبان پر ثناء اور اعضاء جوارح سے احکام کی حتی الامکان پوری تعمیل ہو۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ شکر کی دو قسمیں ہیں اول منعم حقیقی کا شکر کما قال تعالٰی "واشکروالی ولا تکفرون" دوم شکر

الربیع بن مسلم الجمحی ابوبکر البصری ثقۃ من السابعۃ ۱۶۷ عطیۃ بن سعد بن جنادۃ العوفی الجدلی الکوفی صدوق یخطئ کثیراً و کان شیعیاً مدلساً من الثالثۃ ۱۱۱ھ

مخلوق جو واسطہ نعمت ہے۔ درحقیقت شکر الٰہی کی جزاء لوگوں کا شکر ادا کرنا ہے کیونکہ شکر الٰہی کی تکمیل موقوف ہے اس کے اوامر کے امتثال پر اور منجملہ اوامر کے یہ بھی امر الٰہی ہے کہ لوگوں کا شکر ادا کرے۔ اس لیے کہ یہ بھی اللہ ہی کا شکر ہے لہٰذا روایت کا حاصل یہ ہوا کہ جس نے وسائط نعمت یعنی لوگوں کا شکر ادا نہ کیا تو اس نے درحقیقت اللہ کا شکر ادا نہیں کیا بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اعراض کیا علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں "من لم یشکر الناس" کے معنی کی دو تاویلیں کی گئی ہیں (اول) جس آدمی کی طبیعت وعادت لوگوں کی نعمتوں پر ناشکری کی بن گئی ہو یقیناً اس کی عادت میں اللہ کی نعمتوں کی ناقدری اور کفرانِ نعمت کی خصلت بھی پائی جائیگی (دوم) جب تک بندہ لوگوں کا شکر ادا نہ کرے اس وقت تک اللہ تعالیٰ اپنے لیے بھی اس کا شکر یہ قبول نہیں فرماتے کیونکہ اللہ کا شکر موقوف ہے بندوں کے شکر پر۔

وفی الباب عن ابی هریرةؓ اخرجه الترمذی فی هذا الباب والا شعث بن قیسؓ اخرجه احمد والنعمان بن بشیرؓ اخرجه عبدالله بن احمد' هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد والضیاء المقدسی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ صَنَائِعِ الْمَعْرُوْفِ

یہ باب ان روایات کے سلسلہ میں ہے جو نیکی کے کاموں کے بارے میں آئی ہیں۔

حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِیْمِ الْعَنْبَرِیُّ ثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ بِالْجُرَشِیِّ الْیَمَامِیُّ ثَنَا عِکْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ ثَنَا اَبُوْ زُمَیْلٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ تَبَسُّمُكَ فِیْ وَجْهِ اَخِیْكَ لَكَ صَدَقَةٌ وَ اَمْرُكَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْیُكَ عَنِ الْمُنْكَرِ لَكَ صَدَقَةٌ وَاِرْشَادُكَ الرَّجُلَ فِیْ اَرْضِ الضَّلَالِ لَكَ صَدَقَةٌ وَبَصَرُكَ لِلرَّجُلِ الرَّدِیِّ الْبَصَرِ لَكَ صَدَقَةٌ وَاِمَاطَتُكَ الْحَجَرَ وَالشَّوْكَ الْعَظْمَ عَنِ الطَّرِیْقِ لَكَ صَدَقَةٌ وَاِفْرَاغُكَ مِنْ دَلْوِكَ فِیْ دَلْوِ اَخِیْكَ لَكَ صَدَقَةٌ۔

ترجمہ: ابوذرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تیرا مسکرانا اپنے بھائی کے سامنے تیرے لیے صدقہ ہے اور تیرا اچھی بات کا حکم کرنا اور برائی سے روکنا صدقہ ہے اور تیرا راستہ بتانا کسی شخص کو ایسی جگہ میں جسکو وہ نہیں پہچانتا تیرے لیے صدقہ ہے اور تیرا رہنمائی کرنا نابینا آدمی کو تیرے لیے صدقہ ہے اور تیرا راستہ سے پتھر کانٹا اور ہڈی ہٹانا تیرے لیے صدقہ ہے اور تیرا اپنے ڈول سے اپنے بھائی کے ڈول میں پانی ڈالنا صدقہ ہے۔

تبسمك فی وجه اخیك: یعنی دینی بھائی (مسلمان) سے طلاقتِ وجہ اور بشاشت کے ساتھ ملاقات کرنا صدقہ ہے۔ ایک مومن کو خوش دیکھ کر جب دوسرا مومن خوش ہوگا تو اس پر ایسا ہی ثواب ملے گا جیسا کہ صدقہ کرنے پر ملتا ہے وامرك بالمعروف الخ کسی مومن کا دوسرے مومن کو اچھائی کا حکم کرنا اور برائی سے روکنا بھی صدقہ کے برابر ثواب رکھتا ہے۔

عباس بن عبدالعظیم بن اسماعیل العنبری ابو الفضل البصری ثقة حافظ من کبار العاشر ۲۴۰ھ نضر بن محمد الجرشی هو ابن موسی الجرشی بالجیم المضمومة والشین المعجمة' ابو محمد الیمامی مولی بنی امیة ثقة له افراد من التاسعة' عکرمة بن عمار العجلی ابو عمار الیمامی اصله من البصرة صدوق یغلط وفی روایة عن یحیی بن کثیر اضطراب ولم یکن له کتاب من الخامسة مات قبل ۱۶۰ھ ابو زمیل بالتصغیر هو سماك بن الولید مالك بن مرثد بفتح المیم بینهما راء ساکن ابن عبدالله الزمانی ثقة من الثالثة ابیه مرثد بن عبدالله الزمانی بکسر الزاء وتشدید المیم من الثالثة

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا لفظ مختصر ہونے کے ساتھ نہایت جامع ہے چنانچہ معروف کے تحت وہ تمام نیکیاں اور بھلائیاں آ جاتی ہیں جن کا اسلام نے حکم فرمایا ہے اور ہر نبی نے ہر زمانہ میں جن کی ترویج و اشاعت کی کوشش کی یہ امور چونکہ جانے پہچانے جاتے ہیں اس لیے معروف کہلاتے ہیں اسی طرح منکر کے تحت وہ تمام برائیاں اور مفاسد آ جاتے ہیں جن کو شریعت نے ناجائز قرار دیا ہے اور دونوں کے مجموعہ کا خلاصہ خیر خواہی ہے ظاہر کہ مؤمن کی خیر خواہی کار ثواب ہوگی اور اس پر صدقہ جیسا اجر ہوگا البتہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے درجات ہیں جن کو روایات میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے انشاء اللہ آئندہ روایات کے تحت ان کی تفصیل آئے گی۔

وارشادك الرجل في ارض الضلال صدقة: یعنی راستہ بھٹکے ہوئے آدمی کو راستہ بتا دینا بھی صدقہ ہے۔ ارض ضلال سے مراد وہ زمین ہے جس کی کوئی نشانی و علامت معلوم نہ ہو ظاہر ہے کہ جب کوئی شخص ایسی جگہ پر راستہ بھٹک رہا ہو اور اپنی منزل مقصود تک پہنچ جائے تو یہ اس کی اعلیٰ درجہ کی مدد ہوگی اس پر اجر و ثواب یقیناً مرتب ہوگا وبصرك الرجل الردي البصر لك صدقة یعنی کسی نابینا یا کم نگاہ والے شخص کو صحیح راستہ بتا دینا اور اس کی مدد کر دینا صدقہ کے برابر ثواب رکھتا ہے مشکوۃ شریف میں بصرک کے بجائے نصر بالنون واقع ہوا ہے نابینا شخص نہ معلوم کسی گڑھے میں گر جائے یا ایسی جگہ چلا جائے جہاں اس کو نقصان پہنچے اس مومن نے مدد کر کے اس کو تکلیف سے بچالیا تو ظاہر ہے کہ صدقہ کے برابر اس کا ثواب ملے گا و امـــــ ' طتك الحجر والشوك والعظم عن الطريق یعنی راستہ سے تکلف دہ شئی خواہ وہ پتھر ہو یا ہڈی یا کانٹا وغیرہ ہو ان کا راستہ سے ہٹانا یہ بھی صدقہ میں داخل ہے چونکہ مؤمن کیلئے موذی شئی سے حفاظت کا ذریعہ بنا ہے اس لیے اس کو ثواب ہوگا افراغك من دلوك السخ یعنی اپنے برتن ڈول وغیرہ سے مؤمن بھائی کے برتن میں پانی ڈال دینا پانی مہیا کر دینا خواہ نل ہی چلا کر ہو یہ مؤمن کی مدد ہے اس پر بھی صدقہ کے برابر ثواب ہوگا۔

وفي الباب عن ابن مسعودؓ اخرجه الطبراني والبزار وكذا الخرائطي في مكارم الاخلاق۔ و جابرؓ و حذيفةؓ اخرجه البخاري و مسلم وابي هريرةؓ اخرجه الشيخان' هذا حديث حسن غريب ' اخرجه البخاري في الادب وابن حبان۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمِنْحَةِ

المنحة: باب فتح اور ضرب سے اس کے معنی ہیں عطیہ دینا اور بکسر المیم عطیہ کے معنی میں مستعمل ہے نیز منیحہ کا لفظ اس اونٹنی یا دودھ والے جانور کے لئے مستعمل ہے جس کو بچے کی پرورش اور اس کو نفع پہنچانے کے لئے بطور عاریت دیا گیا ہو کذا فی القاموس۔ ابن حجرؒ فرماتے ہیں المنيحة بالنون والحاء المهملة بروزن عظیہ۔ دراصل عطیہ ہی کے معنی میں ہے۔ ابو عبید فرماتے ہیں کہ اہل عربؒ کے یہاں منیحہ دو طرح کا ہوتا تھا (اول) بطور عطیہ و صلہ کسی کو کوئی چیز دینا تاکہ وہ اسکا مالک بن جائے۔ (دوم) دودھ والے جانور کو اس طور پر دینا کہ اس سے کلی طور پر فائدہ اٹھائے اور پھر مالک اس کو واپس لے لے۔ قزاز فرماتے ہیں منیحہ کا لفظ دودھ والے جانور کے ساتھ مخصوص ہے مگر قول اول اصح ہے۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ ثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ یُوْسُفَ ابْنِ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ طَلْحَۃَ بْنِ مُصَرِّفٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْسَجَۃَ یَقُوْلُ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ مَنْ مَنَحَ مَنِیْحَۃَ لَبَنٍ اَوْوَرِقٍ اَوْھَدٰی زُقَاقًا کَانَ لَہٗ مِثْلُ عِتْقِ رَقَبَۃٍ۔

ترجمہ: براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے یہ کہتے ہوئے سنا کہ جو شخص کسی کو دودھ والے جانور کا عطیہ دے یا چاندی کا عطیہ دے یا کسی کو راستہ بتادے تو اس کو ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہوگا۔

منیحۃ لبن: اس سے مراد دودھ والا جانور ہے۔ اووِرق: بکسر الراء و سکون الراء اس سے مراد دراہم و دنانیر ہیں علامہ جزریؒ فرماتے ہیں منیحۃ الورق سے مراد قرض دینا ہے اور منیحہ لبن سے مراد وہ اونٹنی یا بکری دینا ہے جو دودھ والی ہو اس سے فائدہ حاصل کر کے واپس کردی جائے نیز دودھ کے ساتھ اس کے بال وغیرہ سے فائدہ اٹھانا بھی اس کے تحت داخل ہے۔

ھدٰی زقاقا: زقاق بالضم اس کے معنی راستہ کے ہیں مطلب یہ ہے کہ کسی کو راستہ دکھانا یا نابینا کی رہبری کرنا ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد پھل والے پیڑوں کی قطار ہے مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص کسی کو اپنے باغ سے پھلوں والے درخت کی قطار دیدے چنانچہ نعمان بن بشیرؓ کی روایت میں ''اھدی زقاقا'' کا لفظ واقع ہوا ہے جو ہدیہ سے ماخوذ ہے بمعنی التصدق مگر اولی یہ ہے کہ ھدی ماخوذ من الھدایۃ ہے نہ کہ من الہدیہ لہٰذا اول معنی راجح ہیں جیسا کہ امام موصوفؒ نے بیان فرمایا ہے نیز دوسری روایات سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے بہرحال ایسے شخص کو غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے اس لیے کہ جس طرح غلام آزاد کرنے میں مخلوق کے ساتھ احسان کا متعدی ہونا اور نفع رسانی پائی جاتی ہے اسی طرح ان عطیات میں بھی نفع رسانی اور احسان الی الخلق کے معنی پائے جاتے ہیں۔ حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ روایت کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح غلام آزاد کر کے اس نے اپنے کل اعضاء کو جہنم کی آگ سے بچالیا ہے اسی طرح اس نے یہ عطیات کر کے اپنے کو جہنم کی آگ سے یعنی پورے جسم کو بچالیا ہے گویا روایت مذکورہ میں ان عطیات کرنے والے کے لئے جہنم سے بچاؤ کی خوشخبری ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجہ احمد و ابن حبان۔

یہ روایت بطریق ابواسحاق عن طلحہ بن مصرف تو غریب ہی ہے مگر منصور بن المعتمر اور شعبہ نے بھی عن طلحہ بن مصرف اس کو روایت کیا ہے تو حسن اور صحیح بھی ہے اسی وجہ سے حسن صحیح غریب فرمایا گیا ہے۔

وفی الباب عن النعمان بن بشیرؓ اخرجہ احمد مرفوعا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اِمَاطَۃِ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِیْقِ

اماطۃ: راستہ سے تکلیف دہ چیز کا ہٹا دینا اذی: جس چیز سے لوگوں کو تکلیف پہنچے خواہ کانٹا ہو یا ہڈی یا ایسی گھناؤنی شئی جسے دیکھ کر لوگ نفرت کرتے ہوں مثلاً تھوک رینٹ غلاظت گندگی وغیرہ۔

ابراھیم بن یوسف بن ابی اسحاق السبیعی صدوق یھم من السابعۃ ۱۹۸۔ یوسف بن ابی اسحاق السبیعی وقد ینسب الی جدہ ثقۃ من السابعۃ ۱۵۷۔ ابو اسحاق السبیعی عمرو بن عبداللہ الھمدانی مکثر ثقۃ عابد من الثالثۃ اختلط فی آخرہ ۱۲۹ وقیل قبل ذلک طلحۃ بن مصرف بن عمرو بن کعب الیامی بالتحتانیۃ الکوفی ثقۃ قاری فاضل من الخامسۃ ۱۱۲ او بعدھا عبدالرحمٰن بن عوسجۃ الھمدانی الکوفی ثقۃ من الثالثۃ قتل بالزاویۃ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِي فِي الطَّرِيقِ إِذْ وَجَدَ غُصْنَ شَوْكٍ فَأَخَّرَهُ فَشَكَرَ اللَّهُ لَهُ فَغَفَرَ لَهُ

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا ایک شخص راستہ میں جارہا تھا اچانک اس نے کانٹے دار ٹہنی پائی اور اس کو ہٹادیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کی قدر فرمائی کہ اس کی مغفرت فرمادی۔

غصن شوک: کانٹے والی ٹہنی یہاں پر اس سے مراد عام ہے یہ ہر اس چیز کو شامل ہے جس سے لوگوں کو گذرنے میں تکلیف ہو خواہ وہ کانٹے کی وجہ سے ہو یا راستہ گھیر لینے کی وجہ سے۔

فاخّرہ بتشدید الخاء اس سے مراد بھی عام ہے خواہ اس ٹہنی کو کاٹ دے یا بغیر کاٹے اس کو راستہ سے ہٹادے البتہ اگر پہلے سے کٹی ہوئی کانٹوں کی خشک شاخ ہو تو اس کو ہٹا دینا ہی متعین ہے ایسی صورت میں اس پر اطلاق غصن مجازاً ہوگا بہر حال مراد یہ ہے کہ راستہ سے تکلیف دینے والی شئ کو ہٹادیا جائے تا کہ لوگ آرام سے گزر جائیں اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی مغفرت فرمادیتے ہیں اس روایت کے بعض طرق میں واقع ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے جنت میں ایسے شخص کو گھومتے ہوئے دیکھا ہے جس نے مسلمانوں کے راستہ سے کانٹے دار درخت کاٹ دیا تھا هكذا في جمع الفوائد۔

فشکر اللہ لہ: علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا نام شکور بھی ہے جس کے معنی قدر دان کے ہیں جسکا مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ بندے کے تھوڑے عمل صالح کو بڑھاتے رہتے ہیں یہاں تک کہ اس کی مغفرت فرمادیتے ہیں۔

وفي الباب عن ابي هريرةؓ اخرجه مسلم و ابن ماجه۔ وابن عباسؓ اخرجه ابن خزيمه و ابي ذرؓ اخرجه مسلم و ابن ماجه۔

اس باب میں اور بھی احادیث ہیں جن کو علامہ منذریؒ نے بیان فرمایا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه مسلم و البخاري۔

بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ الْمَجَالِسَ بِالْأَمَانَةِ

امام ترمذیؒ نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ کی روایت "المجالس بالامانة" کو ہی ترجمۃ الباب بنادیا ہے اس روایت کی تخریج ابوداؤد وغیرہ نے بھی کی ہے۔

بالامانۃ: اس میں باحرف جر محذوف کے متعلق ہے تقدیر عبارت تحسن المجالس بالامانة یا حسن المجالس و شرفها بامانة حاضريها على مايقع منها من قول وفعل "ہذا روایت کے معنی یہ ہونگے کہ صاحب مجلس ان باتوں کے بارے میں امین ہے جن کو اس نے متکلم سے سنا ہے۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَطَاءٍ عَنْ

سمي مولى ابي بكر بن عبدالرحمن بن الحارث بن هشام ثقة من السادسة ١٣٠ مقتولا بقديد۔

عبدالرحمن بن عطاء القرشي مولاهم ابو محمد المدني ويقال له ابن ابي لبيبة صدوق فيه لين من السادسة عبدالملك بن جابر بن عتيك الانصاري المدني ثقة من الرابعة۔

عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيْكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الْحَدِيْثَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِيَ أَمَانَةٌ۔

ترجمہ: جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب آدمی کوئی بات بیان کرے پھر ادھر اُدھر دیکھے تو یہ بات امانت ہے۔

التفت ای یمینا وشمالا حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ التفات سے مراد یا تو یہ ہے کہ بات کرتے کرتے کوئی شخص ادھر ادھر دیکھے تاکہ کوئی دوسرا شخص نہ سن سکے گویا وہ دلالۃً مخاطب کو بتارہا ہے کہ یہ بات چھپانے کی ہے کسی دوسرے کو نہ بتائی جائے۔

اگرچہ صراحۃً چھپانے کو نہیں کہہ رہا یا التفات سے مراد یہ ہے کہ بات کہہ کر دوسری طرف متوجہ ہو جائے یا غائب ہو جائے تب بھی وہ بات امانت ہے بغیر ضرورت شرعی اس کا اظہار جائز نہیں ہے امام ترمذیؒ کے ترجمۃ الباب سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ مطلقاً مجالس کی باتیں امانت ہیں متکلم خواہ دلالۃً یا صراحۃً ان کے چھپانے کو کہے یا نہ کہے کیونکہ موصوف نے ترجمہ المجالس بالامانۃ مطلقاً قائم فرمایا ہے بہر حال روایت سے معلوم ہوا کہ اگر کسی مجلس میں کوئی بات ہو جسکے چھپانے میں متکلم کا فائدہ ہے تو وہ امانت ہے البتہ اگر ایسی بات ہو کہ اس کے ظاہر کرنے میں متکلم کا نقصان نہیں یا لوگوں کو اس بات سے فائدہ ہوگا تو اس کے اظہار کی گنجائش ہے اسی طرح اگر وہ بات ایسی ہو کہ اس کو چھپانے میں کسی کو نقصان ہوگا تو اس کا ظاہر کرنا ضروری ہے حدیث شریف میں ہے۔ "المجالس بالامانة الاثلثة مجالس سفك دم حرام او فرج حرام او اقتطاع مال بغير حق" معلوم ہوا کہ نقصان دہ بات امانت نہیں ہے بلکہ اس کا اظہار صاحب ضرر سے کر دینا واجب ہے تاکہ وہ اپنی حفاظت کر سکے۔

هذا حديث حسن ۔ ۔ ۔ احمد وابوداود، علامہ منذریؒ فرماتے ہیں کہ روایت کی سند میں عبدالرحمٰن بن عطاء المدنی ہے جس کے بارے میں امام بخاری فرماتے ہیں "عنده مناكير" اور اسکو ضعفاء میں شمار کیا ہے نیز موصلی نے فرمایا "عبدالرحمٰن بن عطاء عن عبدالملك عن جابر لايصح" مگر اسکے باوجود امام ترمذیؒ نے روایت کو حسن فرمایا ہے غالباً یہ حکم علی طریق الذوق ہے کما هو عادة المحدثين۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي السَّخَاءِ

السخاء بفتح السین اس کے معنی ہیں اعطاء یعنی عطاء کرنا۔

سخاوت و بخل کی حقیقت: سخاوت و بخل دونوں متضاد لفظ ہیں جنکی تعریفات میں علماء کے مختلف اقوال ہیں ایک کی وضاحت سے دوسرے لفظ کے معنی کی تعیین خود بخود ہو جاتی ہے چنانچہ علماء نے سخاوت کی تعریف مختلف الفاظ سے فرمائی ہے بعض حضرات فرماتے ہیں سخاوت بلا تامل ضرورت پوری کرنے اور احسان جتائے بغیر دینے کا نام ہے۔ بعض نے فرمایا سخاوت ایسے عطیہ کو کہتے ہیں جو بغیر مانگے دیا جائے اور اس تصور سے دیا جائے کہ میں نے تھوڑا دیا ہے بعض نے کہا کہ سائل کو دیکھ کر خوش ہونا اور اپنی دہش سے مسرت پانا سخاوت ہے بعض کا خیال ہے کہ مال کو اس تصور کے ساتھ دینا سخاوت ہے کہ مال اللہ کا ہے اور دینے والا بھی اللہ کا بندہ ہے اس لیے اللہ کا بندہ اللہ کا مال فقر و افلاس کے ادنی اندیشہ کے بغیر دے رہا ہے۔ بعض نے کہا اپنے مال میں سے کچھ دیدینا اور کچھ رکھ لینا یہ سخاوت ہے اور اپنا زیادہ مال دیدینا اور کچھ رکھ لینا جود ہے اور خود مشقت برداشت کر لینا لیکن دوسرے کو تکلیف نہ ہونے

دینا ایثار ہے اور ان سب اقوال کی بالکل ضد بخل ہے۔

محققین کی رائے یہ ہے کہ یہ تعبیرات ناقص ہیں سخاوت وبخل کی حدود ان سے واضح نہیں ہوتیں بلکہ ان کی وضاحت کے لئے یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے مال کو ایک حکمت ومقصد کے لئے پیدا کیا ہے وہ یہ کہ اس سے مخلوق کی ضروریات پوری ہوں جب کسی شخص کو مال مل گیا تو وہ اس مال کو مخلوق کی ضروریات میں خرچ کر سکتا ہے اور روک بھی سکتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس کو اعتدال کے ساتھ خرچ کرے جہاں پر ضرورت ہو خرچ کرے اور جہاں ضرورت نہ ہو وہاں خرچ کرکے اسراف نہ کرے اس سے معلوم ہوا کہ جہاں مال خرچ کرنا ضروری ہو وہاں خرچ نہ کرنا بخل ہے اور جہاں روکنا ضروری ہے وہاں خرچ کرنا اسراف ہے ان دونوں کے درمیان کی صورت محمود ہے اور اسی کو سخاوجود کہا جائے گا اس کی دلیل یہ ہے کہ آپ ﷺ کو ایک طرف سخاوت کا حکم دیا گیا ہے اور دوسری طرف یہ آیت نازل ہوئی "ولا تجعل یدک مغلولۃ الی عنقک ولا تبسطھا کل البسط الآیۃ" اسی طرح "لا انفقوا لم یسرفوا ولم یقتروا وکان بین ذلک قواما" ان آیات سے معلوم ہوا کہ جود وسخا اسراف وکمی اور قبض وبسط کی درمیانی راہ کا نام ہے اور وہ درمیانی راہ یہ ہے کہ آدمی اپنے خرچ وامساک کو مقدار واجب اور مواقع وجوب پر محمول کرے اسی کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ خرچ کا فعل صرف اعضاء سے صادر نہ ہو بلکہ دل بھی راضی ہو اور دینے میں دل فزع نہ کرتا ہو چنانچہ اگر کسی شخص نے مواقع وجوب میں مال خرچ کیا لیکن دل نے اس پر تنگی محسوس کی تو اسے سخی کہلانے کا حق نہیں ہے اس شخص کے دل کو مال کے ساتھ صرف اتنا علاقہ ہونا چاہیے کہ وہ ضرورتوں میں کام آئے اس کے علاوہ کوئی علاقہ نہ ہو اس آخری گفتگو سے سخاوت وبخل کی حدود واضح ہو جاتی ہیں۔

حَدَّثَنَا اَبُو الْخَطَّابِ زِیَادُ بْنُ یَحْیَی الْحَسَّانِیُّ الْبَصْرِیُّ ثَنَا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ ثَنَا اَیُّوْبُ عَنْ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَۃَ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَتْ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّہٗ لَیْسَ لِیْ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا مَا اَدْخَلَ عَلَیَّ الزُّبَیْرُ اَفَاُعْطِیْ قَالَ نَعَمْ لَاتُوْکِیْ فَیُوْکَیْ عَلَیْکِ یَقُوْلُ لَا تُحْصِیْ فَیُحْصٰی عَلَیْکِ

ترجمہ: اسماءؓ بنت ابی بکر کہتی ہیں میں نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ بیشک میرے پاس کوئی شئ (علیحدہ سے نہیں ہے) سوائے اس آمدنی کے جس کو میرے شوہر زبیر بن عوام لاکر دیتے ہیں کیا میں اس مال سے عطا کروں (یعنی صدقہ دے سکتی ہوں) تو آپ ﷺ نے فرمایا ہاں اے اسماء بندھن لگا اس پر ورنہ بندھن لگا دیا جائیگا تجھ پر (یعنی اس مال کو صدقہ سے نہ روک ورنہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تجھ پر روک لگا دی جائیگی)

قولہ لیس لی من شئ بخاری کی روایت میں ہے "مالی مال" ادخل علی: بتشدید الیاء "افاعطی" بخاری کی روایت میں "افاتصدق" واقع ہوا ہے۔ "لاتوکی" یہ اوکی یوکی سے ماخوذ ہے کہا جاتا ہے "اوکی مافی سقائہ" جبکہ مشکیزہ کے منہ کو دھاگے سے مضبوط باندھ دیا جائے اس سے مراد بخل کرنا ہے "فیوکی علیک" بفتح الکاف مجہول کا صیغہ ہے بخاری کی روایت میں "فیوکی اللہ علیک" واقع ہے علامہ جزریؒ فرماتے ہیں اس کے معنی ہیں "لاتدخری ولا تشدی ماعندک ومافی یدک فتنقطع مادۃ الرزق عنک" یقول لا تحصی فیحصی علیک یہ لاتوکی فیوکی علیک کی تفسیر ہے جو بعض رواۃ نے فرمائی ہے اور یقول کی ضمیر

ابو الخطاب زیاد بن یحیی بن حسان الحسانی البکری بضم النون البصری ثقۃ من العاشرۃ ۲۵۴ حاتم بن وردان بن مروان السعدی ابو صالح البصری ثقۃ من الثامنۃ ۱۸۴ اسماء بنت ابی بکرؓ زوجۃ زبیر بن العوام من کبار الصحابیات عاشت مائۃ سنۃ و ماتت ۷۳ھ

نبی کریم ﷺ کی طرف راجع ہے چنانچہ بخاری شریف میں یہ لفظ خود آپ ﷺ سے منقول ہے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ احصاء کے معنیٰ "معرفة قدر الشیٔ وزناً وعدّاً" کے ہیں مراد یہ ہے کہ تنگ دلی کے ساتھ گن گن کر نہ دے چونکہ اس سے مادہ برکت ختم ہو جائیگا پھر اللہ تعالیٰ بھی بغیر برکت محدود عطاء فرمائیں گے یا مراد یہ ہے کہ گن گن کر مال کا ذخیرہ بنائے کہ اس سے خرچ کرے ورنہ اللہ تعالیٰ بھی مادۂ رزق کو محبوس کرے گا اور برکت ختم کردیگا اور آخرت میں الگ حساب دینا ہوگا لہٰذا روایت کا حاصل یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال کو خوشدلی کے ساتھ خوب خرچ کیا جائے اس لئے کہ اس سے برکت ہوتی ہے اور رزق میں وسعت ہوتی ہے اس کے بالمقابل اگر تنگ دلی کے ساتھ مال کو خرچ کیا جائیگا تو اللہ تعالیٰ برکت نہیں عطا فرمائیں گے نیز روایت سے معلوم ہوا کہ عورت اپنے شوہر کے مال میں سے صدقہ وغیرہ کرسکتی ہے مگر یہ ضروری ہے کہ شوہر کی جانب سے دلالةً صراحةً یا عرفاً انفاق کی اجازت ہو ورنہ اگر اجازت نہ ہو تو عورت کے لئے مال زوج سے انفاق جائز نہیں ہے ہاں البتہ اتنی مقدار خرچ کرنا جو عموماً قابل اعتراض نہیں ہوتی اس کو اجازت عرف کے تحت داخل کیا گیا ہے الّا یہ کہ کوئی شوہر نہایت بخیل ہو کہ اس پر بھی اس کو اعتراض ہو تو پھر بالکل اجازت نہیں ہوگی۔

وفی الباب عن عائشةؓ اخرجه الطبرانی وابی هریرةؓ اخرجه الترمذی بعد هذا۔ هذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری ومسلم وابوداؤد والنسائی۔ وروی بعضهم هذا الحدیث بهذا الاسناد عن ابن ابی ملیکة عن عباد بن عبدالله بن الزبیر عن اسماء بنت ابی بکر الخ: یعنی یہ روایت دو طرح منقول ہے بعض نے تو ابن ابی ملیکہ اور اسماءؓ کے درمیان عباد بن عبداللہ بن الزبیر کا واسطہ ذکر کیا ہے چنانچہ بخاری نے جامع صحیح میں بطریق ابن جریج اس روایت کو واسطہ عباد کے ساتھ نقل کیا ہے اور بعض نے عباد کا واسطہ ذکر نہیں کیا بلکہ اس طرح کہا عن ابن ابی ملیکہ عن اسماء جیسا کہ امام ترمذیؒ نے بطریق ایوب روایت بیان کی ہے اسی طرح ابوداؤد نے بھی بغیر واسطہ روایت کی تخریج کی ہے امام نسائی نے اس کی تصحیح بھی فرمائی ہے کیونکہ ایوب نے ابن ابی ملیکہ کی تحدیث عن اسماء کی تصریح کی ہے تو ممکن ہے ابن ابی ملیکہ نے اس روایت کو بواسطہ عباد عن اسماء بھی سنا ہو اور بغیر واسطہ بھی سنا ہو اور تحدیث کے ساتھ اس کو نقل کردیا ہو۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ نِالْوَرَّاقُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ السَّخِيُّ قَرِيْبٌ مِنَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِنَ الْجَنَّةِ قَرِيْبٌ مِنَ النَّاسِ بَعِيْدٌ مِنَ النَّارِ وَالْبَخِيْلُ بَعِيْدٌ مِنَ اللّٰهِ بَعِيْدٌ مِنَ الْجَنَّةِ بَعِيْدٌ مِنَ النَّاسِ قَرِيْبٌ مِنَ النَّارِ وَالْجَاهِلُ السَّخِيُّ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ عَابِدٍ بَخِيْلٍ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا سخی آدمی اللہ کے قریب ہے جنت کے بھی قریب ہے اور لوگوں سے بھی قریب ہے جہنم سے دور ہے اور بخیل آدمی اللہ سے دور جنت سے بھی دور اور لوگوں سے بھی بعید ہے اور جہنم سے قریب ہے اور جاہل سخی اللہ کے نزدیک عابد بخیل سے زیادہ محبوب ہے۔

روایت کا مطلب: سخی شخص جس نے محض اللہ کی رضاء کے لئے اپنے مال کو خرچ کیا وہ اپنے اس فعل سخاء کی بناء پر اللہ کی رحمت سے بالکل قریب ہوجاتا ہے اور اس فعل کی وجہ سے وہ جنت میں داخل ہوگا اس لئے جنت کے قریب بھی ہے اور لوگ ایسے شخص سے محبت کرتے ہیں لہٰذا لوگوں کے دلوں کے بھی قریب ہوا جس طرح حاکم عادل کا نفع اگر چہ سب کو نہ پہنچے مگر اس سے سب کو محبت ہوتی

عباد بن عبدالله بن الزبیر بن العوام كان قاضيا بمكة زمن ابيه وخليفة اذا حج ثقة من الثالثة ۱۲

سعید بن محمد الوراق الثقفی ابو الحسن الکوفی نزیل بغداد ضعیف من صغار التاسعة ۱۲

ہے اس کے بالمقابل بخیل شخص جو واجبات میں بھی مال خرچ نہیں کرتا ایسا شخص اللہ کا مبغوض، لوگوں کا بھی معتوب اور بخل کی بناء پر جنت سے دور ہوتا ہے اور قریب ہے کہ وہ جہنم میں داخل کر دیا جائے۔

الجاهل السخي احب الى الله من عابد بخيل: جاہل سخی سے مراد وہ غیر عالم سخی ہے جو کثیر النوافل نہ ہو اور عابد بخیل سے مراد ایسا بخیل عالم ہے جو کثیر العبادۃ والنوافل ہو یعنی جو شخص غیر عالم ہو اگر چہ وہ کثیر النوافل نہیں ہے مگر سخی ہے وہ اللہ کے نزدیک زیادہ محبوب ہے اس عالم سے جو عابد ہے اور بخیل ہے اور اگر غیر عالم بخیل ہے تو اس سے بدرجۂ اولیٰ سخی شخص بہتر و عند اللہ محبوب ہوگا۔ خلاصہ یہ ہوا کہ جو شخص سخی ہے گو وہ کثرت سے نوافل نہیں پڑھتا مگر اپنے فعل سخاوت کی بناء پر اللہ کے یہاں زائد مقرب ہوگا، ایسے شخص سے جو کثیر العبادۃ ہے مگر بخیل ہے۔

روایت سے سخاوت کی فضیلت اور بخل کی مذمت واضح ہوتی ہے اس لئے کہ بخیل کو بخل پر آمادہ کرنے والی شئ حب دنیا ہے جو تمام خطاؤں کی جڑ ہے کما قال علیه السلام حب الدنیا رأس کل خطیئة۔

بخیل مبغوض کیوں ہے؟ چونکہ بخیل وہ شخص ہے جو واجبات مالی کو ادا نہ کرے ظاہر ہے کہ بخیل نے فرائض و واجبات مالی کو ترک کیا اور نوافل میں وہ مشغول رہا اس لئے وہ عند اللہ اور عند الناس مبغوض ہوگا اور جس شخص نے واجبات و فرائض کو ادا کیا گو وہ نوافل میں مشغول نہ رہا مگر وہ عند اللہ اور عند الناس محبوب ہوگا۔

هذا حديث غريب اخرجه البيهقي عن جابرؓ و الطبراني عن عائشةؓ

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اس روایت کا مسانید ابوہریرہؓ میں سے ہونا صرف سعید بن محمد کے طریق سے معلوم ہوتا ہے جو کہ ضعیف ہے اور اس وجہ سے یہ روایت غریب ہے۔

قد خولف سعيد بن محمد في رواية هذا الحديث عن يحيى بن سعيد خلاصۃ المقال یہ ہے کہ بعض حضرات نے تو اس روایت کو بطریق سعید بن محمد الوراق عن یحییٰ بن سعید عن الاعرج عن ابی ہریرہؓ موصولاً نقل کیا ہے اور اس کو مسانید ابوہریرہؓ میں سے شمار کیا ہے مگر سعید بن محمد کے علاوہ بعض نے اس کو عن یحییٰ بن سعید بن عن عائشہؓ بغیر واسطۂ اعرج کے نقل کیا ہے اور اس کو مسانید عائشہؓ میں شمار کیا ہے اس صورت میں یہ روایت منقطع ہوئی چونکہ یحییٰ بن سعید کا سماع عائشہؓ سے ثابت نہیں ہے۔

تنبیہ: علامہ سیوطیؒ نے جامع صغیر میں بحوالۂ ترمذی روایت کے الفاظ اس طرح نقل کئے ہیں الجاهل السخي احب الى الله من عالم بخيل مگر ظاہر یہ ہے کہ یہ وہم ہے کیونکہ ہمارے موجودہ ترمذی کے تمام نسخوں میں عابد بخیل کا لفظ ہے نیز مشکوٰۃ شریف اور منذریؒ کی الترغیب میں بھی عابد بخیل کا لفظ ہے شاید کسی ناسخ سے وہم واقع ہوا ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْبُخْلِ

حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ ثَنَا اَبُوْ دَاؤُدَ ثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوْسٰى ثَنَا مَالِكُ بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَالِبٍ الْحُدَّانِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِيْ مُؤْمِنٍ اَلْبُخْلُ وَسُوْءُ الْخُلُقِ۔

ترجمہ:۔ ابوسعید خدریؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مؤمن (کامل) میں دو عادتیں جمع نہیں ہو سکتیں' بخل اور بدخلقی۔

ترکیب نحوی: ابن ملک فرماتے ہیں کہ "خصلتان لا تجتمعان فی مؤمن" خبر مقدم ہے اور البخل و سوء الخلق مبتداء مؤخر ہے۔ ملا علی قاری فرماتے ہیں خصلتان مبتداء ہے اور لا تجتمعان اس کے لئے صفت مخصصہ ہے تا کہ اس نکرہ کا مبتداء بنانا صحیح ہو جائے اور البخل وسوء الخلق خبر ہے۔

البخل: بخل کی حقیقت اور اس کے حدود شرعیہ ماسبق میں گذر چکے ہیں۔

سوء الخلق: اس کے معنی بدخلقی بُری عادت کے ہیں۔

روایت کا مطلب: (۱) ایک مطلب تو اس کا یہ ہے کہ کسی مؤمن میں بخل اور سوء خلق کا جمع ہونا مناسب نہیں ہے چونکہ یہ دونوں صفات ذمیمہ ہیں جو ایمان کے مناسب نہیں ہیں۔ (۲) دوسرا مطلب علامہ تورپشتیؒ فرماتے ہیں کہ یہ خبر ہے اور معنی یہ ہیں کہ کسی مؤمن میں یہ دونوں صفات ذمیمہ اعلیٰ درجہ پر جمع نہیں ہو سکتی ہیں کہ اس سے کبھی جدا نہ ہوں البتہ کبھی کبھی پائی جا سکتی ہیں یا قلیل مقدار میں ہوں اور مؤمن ان پر شرمندہ بھی رہتا ہے اور اپنے نفس پر ملامت بھی کرتا ہے اور یہ ایمان کے منافی نہیں ہے' (۳) تیسرا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ کامل مؤمن میں یہ دونوں صفات ذمیمہ نہیں ہو سکتی ہیں اگر یہ صفات اس میں پائی جا رہی ہیں تو اس کے ایمان میں صفت کمال نہیں ہے بلکہ نقص ہے۔ (۴) چوتھا مطلب حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ مؤمن کے ایمان کا تقاضہ یہ ہے کہ اس سے اللہ کے بندوں کو نفع پہنچے اور بخیل آدمی کے بخل کی وجہ سے اور بدخلق انسان کی بدخلقی کی بناء پر کسی بندہ کو کوئی فائدہ نہ پہنچے گا تو ایسے شخص کا ایمان ہی کیا ہے جس سے کسی کو فائدہ نہ ہو لہٰذا مؤمن کو چاہیے کہ ان دونوں عادتوں کو اپنے دل میں جگہ نہ دے بلکہ ان عادتوں سے دوری اختیار کرے۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ الترمذی فی ھذا الباب' ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الخ: یہ روایت صرف صدقہ ابن موسیٰ کے طریق سے ہی منقول ہے اس وجہ سے غریب ہے واخرجہ البخاری فی الادب المفرد ایضًا۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ ثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ عَنْ مُرَّةَ الطَّيِّبِ عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خَبٌّ وَلَا بَخِيْلٌ وَلَا مَنَّانٌ۔

ترجمہ: حضرت ابوبکر صدیقؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں نہیں داخل ہوگا دھوکہ دینے والا اور نہ بخیل اور نہ احسان جتانے والا۔

خَبٌّ: بفتح الخاء وبکسر ھا وبتشدید الباء الموحدۃ' اس کے معنی دھوکہ باز کے ہیں ایسا شخص جو لوگوں کو دھوکہ دیتا ہو اور ان میں فساد پھیلاتا ہو۔ منان: یہ ماخوذ ہے مَنّ سے اس کے معنی قطع کے ہیں یعنی قطع رحمی کرنے والا' احسان جتلانے والا۔

روایت کا مطلب: دھوکہ دینا' بخل کرنا' احسان جتانا یہ ایسے امور ہیں کہ بسا اوقات مفضی الی الکفر ہو جاتے ہیں' تو ایسا شخص جس

صدقۃ بن موسی الدقیقی ابو المغیرۃ او ابو محمد السلمی البصری صدوق له اوھام من السابعۃ مالک بن دینار البصری الزاھد ابو یحیٰی صدوق عابد من الخامسۃ ۱۳۰ او نحوھا عبداللہ بن غالب الحدانی بضم المھملۃ وتشدید الدال البصری العابد صدوق قلیل الحدیث من الثالثۃ قتل مع ابن الاشعث ۸۳ھ

کے افعال اس کو کفر تک پہنچادیں وہ کافر ہے لہٰذا جنت میں دوسرے کافروں کی طرح داخل نہ ہوگا' روایت میں اس کا جنت میں داخل نہ ہونا اپنے حقیقی معنی پر محمول ہے ھکذا قالہ الگنگوھی' اور ممکن ہے کہ خب سے مراد کافر ہو جیسا کہ دوسری روایت میں فرمایا گیا ہے "المؤمن غر کریم والفاجر خب لئیم" اس صورت میں مذکورہ تاویل کی ضرورت نہیں ہے اور مطلق دخول کی نفی ہوگی اور اگر اس سے مراد مؤمن خادع بخیل ومنان ہے تو دخول اولی کی نفی ہوگی اس لئے کہ ایمان کی وجہ سے بالآخر وہ جنت میں داخل ہو جائے گا یا یہ کہا جائے کہ ان صفات مخصوصہ کے ہوتے ہوئے یہ لوگ جنت میں داخل نہ ہونگے البتہ ان صفات سے پاک وصاف ہو کر خواہ توبہ کے ذریعہ دنیا میں یا سزا پا کر آخرت میں یا اللہ تعالیٰ کے معاف کر دینے کے بعد یہ جنت میں داخل ہو جائیں گے' ویؤیدہ قولہ تعالی "ونزعنا ما فی صدورھم من غل"۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ بِشْرِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيمٌ وَالْفَاجِرُ خَبٌّ لَئِيمٌ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مؤمن سیدھا سادہ شریف شخص ہوتا ہے اور فاجر دھوکہ دینے والا کمینہ ہوتا ہے۔

غِـــرٌّ: بکسر الغین وتشدید الراء بمعنی سیدھا سادہ جو مکر وفریب کو نہ جانتا ہو اور لوگوں سے حسن ظن رکھتا ہو کریم بمعنی شریف الطبع حسن الخلق ۔الفاجر خب لئیم یعنی فاسق شخص دھوکہ دینے والا کمینہ ہوتا ہے اگر مؤمن سے مراد کامل مؤمن لیا جائے تو فاجر سے مراد فاسق ہوگا اور اگر عام مؤمن مراد ہو تو فاجر سے کافر مراد ہوگا۔ روایت کا حاصل یہ ہے کہ مؤمن کامل سیدھا سادہ شریف الطبع انسان ہوتا ہے شرور وفتن سے ناواقف اور مکر وفریب کو نہیں جانتا اس کے بالمقابل فاسق وفاجر شخص لوگوں کو دھوکہ دیتا ہے اور اس کی طبیعت میں کمینگی ہوتی ہے۔

اشکال: روایت میں وارد ہے لا یلدغ المؤمن من جحر واحد مرتین نیز وارد ہے اتقوا فراسة المؤمن فانه ینظر بنور اللّٰہ اس کا تقاضہ ہے کہ مؤمن تجربہ کار ہوتا ہے اور نور فراست اس کو حاصل ہوتا ہے اور وہ کسی کے دھوکہ میں نہیں آتا اور "المؤمن غر کریم" سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اتنا سادہ ہوتا ہے کہ لوگوں سے دھوکہ کھاتا ہے جواب (۱) روایت کے جو معنی اوپر بیان کیے گئے ہیں اس کا تقاضہ یہ ہے کہ لوگوں سے حسن ظن رکھتا ہے کسی کو دھوکہ نہیں دیتا اور نہ کسی کے ساتھ مکر وفریب سے پیش آتا ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ہمیشہ لوگوں کے مکر وفریب میں آتا ہے البتہ اگر کبھی دھوکہ بھی کھاتا ہے تو محض حسن ظن کی بنا پر لہٰذا روایات میں کوئی تعارض نہیں ہے (۲) بعض حضرات نے فرمایا "المؤمن غر کریم" کے معنی فی امور دنیا کے ہیں اور "لا یلدغ" کے معنی "فی امور اخراہ" کے ہیں۔ (۳) بعض حضرات نے فرمایا "لا یلدغ" نہی وانشاء ہے اور "المؤمن غر کریم" اخبار ہے فلا منافاۃ۔

ھذا حدیث غریب اخرجه احمد و ابو داؤد و الحاکم۔

محمد بن رافع القشیری النیسابوری ثقة عابد من الحادی عشر ۲۴۵ بشر بن رافع الحارثی ابو الاسباط النجرانی بالنون والجیم فقیه ضعیف الحدیث من السابعة ۔

فائدہ: اس حدیث "المؤمن غر کریم والفاجر خب لئیم" کو علامہ سراج الدین قزوینی نے موضوع قرار دیا ہے مگر صلاح الدین العلائی نے جواباً فرمایا کہ بشر بن رافع کی گو احمد بن حنبل نے تضعیف کی ہے مگر ابن معین نے ان کے بارے میں فرمایا لا بأس به نیز ابن عدی نے فرمایا "لم ارله حدیثاً منکراً" بشر بن رافع کی متابعت کرنے والے حجاج بن فراصفہ ہیں جنکی روایت کی تخریج بیہقی نے کی ہے اور حجاج کے بارے میں ابن معین نے فرمایا "لا بأس به" ابن حبان نے اس کو ثقات میں ذکر کیا ہے ابو حاتم فرماتے ہیں ہو شیخ صالح متعبد لہٰذا یہ روایت متابعت حجاج کی بناء پر غرابت سے خارج ہوگئی اور درجہ حسن سے کم نہیں ہے نیز ابن المبارک نے بھی دوسرے طریق سے روایت کی تخریج فرمائی ہے طبرانی نے اس کی تخریج ایسے طریقہ پر فرمائی ہے جس میں نہ بشر بن رافع ہے نہ حجاج اور نہ یحییٰ بن ابی کثیر فرمایا قال حدثنا محمد بن ابی زرعة الدمشقی نا هشام بن خالد الازرق نا یوسف ابن اسفرنا الاوزاعی عن یوسف بن یزید عن الزهری عن ابن کعب بن مالك عن ابیه قال قال رسول الله ﷺ المؤمن غر کریم بہرحال یہ روایت درجہ حسن سے کم نہیں ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّفَقَةِ عَلَى الْأَهْلِ

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ أَبِي مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ نَفَقَةُ الرَّجُلِ عَلَى أَهْلِهِ صَدَقَةٌ

ترجمہ:۔ ابو مسعود انصاریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا آدمی کا اپنے اہل خانہ پر خرچ کرنا صدقہ ہے یعنی باعث اجر و ثواب ہے۔

نفقة الرجل علی اهله: بخاری و مسلم کی روایت میں "اذا انفق المسلم علی اهله وهو یحتسبها" کا لفظ واقع ہوا ہے۔ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ "یحتسبها" کے معنی "القصد الی طلب الاجر" علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ لفظ "یحتسبها" دلالت کرتا ہے کہ انفاق میں اجر حاصل کرنے کے لئے قربت و ثواب کی نیت ضروری ہے خواہ وہ انفاق واجب ہو یا مباح ہو اور اس کے مفہوم سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر اجر کی نیت نہیں ہے تو اجر نہیں ملے گا گو براءت ذمہ متحقق ہو جائے گی۔

اهله: یا تو اس سے مراد صرف زوجہ ہے اور دوسرے اقارب پر انفاق بدرجہ اولی اس کی فضیلت کے تحت داخل ہے اس لئے کہ جب واجب نفقہ پر اجر ہے تو غیر واجب پر بدرجہ اولی اجر ملے گا یا اس سے مراد عام ہے یعنی زوجہ اور دیگر اقارب اور معنی یہ ہیں کہ اپنے اہل خانہ بیوی، اور اولاد اور دیگر عزیز و اقارب پر خرچ کرنا باعث ثواب ہے۔

علامہ طبریؒ فرماتے ہیں کہ اجر و ثواب کے ارادے سے اہل و عیال پر خرچ کرنا باعث اجر ہے بلکہ صدقہ تطوع سے بھی افضل ہے۔ علامہ مہلب فرماتے ہیں کہ شارع نے انفاق علی الاہل کو صدقہ سے تعبیر کیا ہے تا کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ واجبات میں خرچ کرنا باعث اجر نہیں ہے اس لیے انفاق واجب کی اہمیت کے پیش نظر اس کو لفظ صدقہ سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔

وفی الباب عن عبداللّٰه بن عمرؓ واخرجه مسلم عمرو بن امیةؓ اخرجه احمد وابویعلی والطبرانی وابی هریرةؓ اخرجه مسلم هذا حدیث حسن صحیح اخرجه البخاری و مسلم و النسائی۔

عدی بن ثابت الانصاری الکوفی ثقة رمی بالتشیع من الرابعة ۲؎ عبداللّٰه بن یزید الخطمی صحابی صغیر کان امیر اعلی الکوفة فی زمن ابن الزبیر ؓ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ أَفْضَلُ الدِّينَارِ دِينَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى عِيَالِهِ وَدِينَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى دَابَّتِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَدِينَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى أَصْحَابِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ أَبُو قِلَابَةَ بَدَأَ بِالْعِيَالِ ثُمَّ قَالَ وَأَيُّ رَجُلٍ أَعْظَمُ أَجْرًا مِنْ رَجُلٍ يُنْفِقُ عَلَى عِيَالٍ لَهُ صِغَارٍ يُعِفُّهُمُ اللّٰهُ بِهِ وَيُغْنِيهِمُ اللّٰهُ بِهِ۔

ترجمہ: حضرت ثوبانؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا دیناروں میں سب سے بہتر وہ دینار ہے جس کو آدمی اپنے عیال پر خرچ کرے اور وہ دینار (بہتر) ہے جسکو آدمی اپنے اس چوپائے پر خرچ کرے جو اللہ کی راہ میں استعمال ہو رہا ہو اور وہ دینار (بہتر) ہے جس کو اپنے ان ساتھیوں پر خرچ کرے جو اللہ کی راہ میں اس کے ساتھ ہیں ابو قلابہ نے فرمایا آپ نے عیال سے ابتداء فرما کر فرمایا کون آدمی اجر میں زائد ہو سکتا ہے اس شخص سے جو اپنے چھوٹے عیال پر خرچ کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے ان کو سوال سے محفوظ فرماتے ہیں اور ان کو اس کی وجہ سے مستغنی کر دیتے ہیں۔

روایت سے معلوم ہوا کہ انفاق مال کے یہ تینوں مواقع اہم ہیں اور معاونت علی الاسلام والایمان کو بھی متضمن ہیں اس لئے کہ ان کا نفع متعدی ہے لہٰذا ان مواقع پر خرچ کرنا فضیلت کا باعث ہے ابن الملک فرماتے ہیں کہ ان تینوں مواقع کی فضیلت اسی ترتیب کے مطابق ہے جس کو ذکر کیا گیا ہے مگر دوسرے بعض حضرات نے بیان فرمایا ہے کہ مطلقاً فضیلت ہے۔

قال ابو قلابة بدأ بالعيال: ابو قلابہ نے ترتیب ذکری سے یہ مسئلہ مستنبط کیا کہ نبی کریم ﷺ نے انفاق علی العیال کو مقدم اس وجہ سے کیا کہ ان پر خرچ کرنا زیادہ باعث اجر و ثواب ہے کیونکہ اس کے انفاق علی العیال سے اس کے چھوٹے بچے لوگوں سے سوال کرنے سے محفوظ رہیں گے جو ایک قسم کی ذلت ہے اور اللہ تعالیٰ انفاق کی وجہ سے ان کو غیر سے مستغنی فرما دیں گے لہٰذا معلوم ہوا کہ ان مواقع ثلٰثہ میں افضل موقع انفاق علی العیال ہے، بہر حال حکیم کا کسی شئی کو مقدم ذکر کرنا حکمت سے خالی نہیں ہوتا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه مسلم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الضِّيَافَةِ وَغَايَةِ الضِّيَافَةِ كَمْ هُوَ

باب ان روایات کے بارے میں جو ضیافت اور اس کی حد کے بارے میں وارد ہوئی ہیں کہ وہ کس قدر ہے۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ أَنَّهُ قَالَ أَبْصَرَتْ عَيْنَايَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ وَسَمِعَتْهُ أُذُنَايَ حِينَ تَكَلَّمَ بِهِ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ جَائِزَتَهُ قَالُوا وَمَا جَائِزَتُهُ قَالَ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ قَالَ وَالضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَمَا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَسْكُتْ۔

ثوبان الهاشمي مولى النبي ﷺ صحبه ولازمه ونزل بعد الشام ومات بحمص ۵۴ھ

سعيد بن ابي سعيد المقبري ابو سعيد المدني ثقة من الثالثة تغير قبل موته باربع سنين وروايته عن عائشة وام سلمة مات قريبا من ۱۲۰ ابو شريح العدوي هو ابو شريح خويلد بن عمرو والكعبي العدوي الخزاعي اسلم قبل الفتح ومات بالمدينة ۶۸ھ

ترجمہ: ابوشریح العدویؓ سے منقول ہے کہتے ہیں کہ بیشک میری آنکھوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے اور میرے کانوں نے آپ ﷺ کی باتوں کو سنا ہے جس وقت آپ ﷺ کلام فرمارہے تھے فرمایا آپ ﷺ نے جو شخص ایمان لائے اللہ اور آخرت پر پس اس کو چاہیے کہ مہمان کا جائزہ دے اور اس کے حق کو پورا کرے صحابہؓ نے پوچھا کہ جائزہ کیا چیز ہے فرمایا کہ ایک دن رات کی مہمانی اور فرمایا کہ ضیافت تین دن ہے اور اس کے بعد صدقہ ہے اور جو شخص ایمان لائے اللہ اور آخرت پر تو اسکو چاہیے خیر کی بات کہے یا خاموش رہے۔

من کان یومن باللہ والیوم الاخر اس سے مراد کامل ایمان ہے اور یوم آخرت کی تخصیص سے ایمان بالمعاد کی طرف اشارہ ہے جس طرح ایمان باللہ سے ایمان بالمبدأ کی طرف اشارہ ہے اور اس کا مطلب یہ ہے ای من آمن باللہ الذی خلقہ و آمن بانہ سیجازیہ بعملہ۔

فلیکرم ضیفہ: مہمان کا اکرام یہ ہے کہ طلاقۂ وجہ اور شیریں کلامی سے پیش آئے اور تین دن تک اچھی طرح میزبانی کرے۔جائزتہ: بمعنی "العطاء" یہ ماخوذ ہے جواز سے یا تو منصوب ہے فلیکرم کا مفعول ثانی ہونے کی وجہ سے یا بمعنی المصدر ہے یا مثل ظرف ہے یا منصوب بنزع الخافض ہے ای ما جائزتہ؟ قال یوم ولیلۃ ای جائزتہ یوم ولیلۃ: یعنی ایک دن اور ایک رات کی میزبانی جائزہ کہلاتی ہے والضیافۃ ثلثۃ ایام وما کان بعد ذلک فھو صدقۃ یعنی میزبان کو چاہیے کہ مہمان کو پہلے دن تو حتی المقدور بتکلف کھلائے اور پھر دوسرے اور تیسرے دن ماحضر بغیر تکلف اسی طرح کھانا کھلانا (حق ضیافت کے طور پر نہیں ہے) بلکہ باعث اجر وثواب ہے اگر نہ بھی کھلایا تو میزبان کو ملامت نہ کی جائیگی۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ ابو عبید نے روایت کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ اول دن تو بتکلف کھانا پیش کرے اور باقی دو دن ماحضر اور جسوقت جانے لگے تو ایک دن رات کے لئے جائزہ دیدے یعنی اتنا کھانا دیدے کہ وہ دوسری جگہ تک پہنچ جائے راستہ میں اس کو پریشانی نہ ہو جیسا کہ دوسری روایت "اجیزوا الوفد بنحو ما اجیزھم" سے معلوم ہوتا ہے۔علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ روایت کے معنی یہ ہیں کہ میزبانی تین دن ہے اول دن تو حسب وسعت تکلف کے ساتھ کھانا پیش کرنا اور باقی دو دنوں میں ماحضر اور جب تین دن ورات گذر جائیں تو میزبانی کی حد پوری ہوگئی لہٰذا اب اس پر خرچ کرنا صدقہ میں داخل ہے اول قول کی بناء پر "جائزتہ یوم ولیلۃ" کا تعلق تین دن کی ضیافت کے بعد سے ہے اور خطابیؒ کے قول پر جائزتہ سے مراد پہلے دن کا تکلف کرنا ہے علیحدہ سے بطور تحفہ کچھ دینا مراد نہیں ہے' روایت کے الفاظ دونوں معنی کا احتمال رکھتے ہیں' حافظ ابن حجرؒ کی رائے یہ ہے کہ اگر مہمان ٹھہرتا ہے تو اس کی ضیافت تین دن ہے اور اگر نہیں ٹھہرتا تو اس کے لئے جائزہ ہے یعنی ایک دن رات کے برابر اس کو توشہ دینا۔

بہرحال روایت میزبانی کی تاکید اور اس کی حد پر دلالت کرتی ہے' امام موصوفؒ نے روایت سے دونوں امور کو بیان فرمایا ہے۔

میزبانی واجب ہے یا نہیں: ضیافت کے بارے میں روایات مختلف وارد ہوئی ہیں جن سے اس کی تاکید معلوم ہوتی ہے مثلاً ابوداؤد وغیرہ میں مرفوعاً ابوہریرہ سے منقول ہے "لیلۃ الضیف حق علی کل مسلم فمن اصبح بفنائہ فھو علیہ دین ان شاء اقتضی وان شاء ترک" اسی طرح دوسری مرفوع روایت ہے "ایما رجل اضاف قوما فاصبح الضیف محروما فان نصرہ

حق علی کل مسلم حتی یا خذ بقری لیلۃ من زرعہ ومالہ" اسی طرح بخاری شریف میں ہے "عن عقبۃ بن عامر قال قلنا للنبی ﷺ انک تبعثنا فننزل بقوم لایقرو ننا فما تری فیہ فقال لنا رسول اللہ ﷺ ان نزلتم بقوم فأمروالکم بما ینبغی للضیف فاقبلوا فان لم یفعلوا فخذوا منھم حق الضیف الذی ینبغی لھم" وغیرہ۔

حافظؒ فرماتے ہیں کہ ان روایات سے حق ضیافت کا وجوب ثابت ہوتا ہے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص ضیافت نہ کرے تو زبردستی اس سے حق ضیافت وصول کیا جاسکتا ہے چنانچہ لیث بن سعد اور شوکانی ضیافت کے مطلقاً واجب ہونے کے قائل ہیں اور امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ گاؤں والوں پر ضیافت واجب ہے چونکہ مہمان کھانے کا نظم دیہات میں نہیں کرسکتا بخلاف شہر کے کہ وہاں ہوٹل وغیرہ ہوتے ہیں مہمان کیلئے نظم کرنا ممکن ہے مگر حضرات جمہور مالکیہ، حنفیہ، شافعیہ میزبانی کے سنت مؤکدہ ہونے کے قائل ہیں اور ان روایات کی مختلف تاویلات کرتے ہیں: (اول) مذکورہ روایات کا محمل مہمان کی حالت اضطرار ہے یعنی اگر کوئی شخص حد اضطرار کو پہنچ جائے اور صاحب قریہ اس کو کھانا نہ کھلائے تو اس کے لئے جائز ہے کہ زبردستی بقدر ضرورت اس سے کھانا لے لے البتہ پھر یہ اختلاف ہے کہ آیا اس کا عوض واجب ہے یا نہیں دونوں قول ہیں۔ (دوم) ان روایات کا محمل ابتدائے اسلام ہے جبکہ عسرت کا دور تھا اس کے بعد جب فتوحات ہوگئیں تو اس حکم کو منسوخ کردیا گیا۔ (سوم) یہ روایات ان عمال کے حق میں ہیں جو صدقات وصول کرنے کے لئے امام کی جانب سے بھیجے گئے ہوں اور اصحاب صدقات ان کے ساتھ اچھا برتاؤ نہیں کرتے یہاں تک کہ ان کو کھانا بھی نہیں کھلاتے تو ان کو زبردستی حق ضیافت کی بقدر وصول کرنا جائز ہے (چہارم) یہ روایات اہل ذمہ کے حق میں ہیں کہ ان سے حق ضیافت زبردستی وصول کیا جاسکتا ہے۔ (پنجم) لعذوا: کے معنی طعام لینا نہیں ہے بلکہ ان کو زبان سے برا بھلا کہنا مراد ہے یعنی لوگوں کے درمیان ان کے اس فعل کی قباحت بیان کردیں حافظ ابن حجرؒ نے اس مقام پر بہت تفصیلی کلام کیا ہے فلینظر۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان واصحاب السنن۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِیْدِ نِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ شُرَیْحٍ نِ الْکَعْبِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ الضِّیَافَۃُ ثَلَاثَۃُ اَیَّامٍ وَجَائِزَتُہٗ یَوْمٌ وَلَیْلَۃٌ وَمَا اَنْفَقَ عَلَیْہِ بَعْدَ ذٰلِکَ فَھُوَ صَدَقَۃٌ وَلَا یَحِلُّ لَہٗ اَنْ یَثْوِیَ عِنْدَہٗ حَتّٰی یُحْرِجَہٗ وَمَعْنٰی قَوْلِہٖ لَایَثْوِیْ عِنْدَہٗ یَعْنِی الضَّیْفَ لَا یُقِیْمُ عِنْدَہٗ حَتّٰی یَشْتَدَّ عَلٰی صَاحِبِ الْمَنْزِلِ وَالْحَرَجُ ھُوَ الضِّیْقُ اِنَّمَا قَوْلُہٗ حَتّٰی یُحْرِجَہٗ یَقُوْلُ حَتّٰی یُضَیِّقَ عَلَیْہِ۔

اس روایت کا حاصل بھی وہی ہے جو اوپر والی روایت کے تحت گذر چکا نیز اس روایت میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ مہمان کو چاہیے میزبان کے پاس اتنا نہ ٹھہرے کہ وہ تنگ آجائے اور اس کو حرج لاحق ہونے لگے۔

وفی الباب عن عائشۃؓ: اخرجہ البزار وابی ہریرۃؓ اخرجہ الشیخان:

وقد رواہ مالک بن انس واللیث بن سعد عن سعید المقبری جس طرح سعید مقبری سے اس روایت کو ابن عجلان نے نقل کیا ہے اسی طرح مالک بن انس اور لیث بن سعد سے بھی نقل کیا ہے۔ ابوشریح الخزاعی: ابوشریح الخزاعی کعبی بھی ہیں اور عدوی بھی ان کا نام خویلد بن عمرو ہے یہ صحابی ہیں اور مدینہ منورہ میں ۶۸ھ کو علی الاصح وصال فرمایا ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي السَّعْيِ عَلَى الْاَرْمَلَةِ وَالْيَتِيْمِ

ارمــلــة: بفتح الہمزہ وسکون الراء وفتح المیم اس کی جمع اراملِ اور ارامِلہ آتی ہے اس کے معنی محتاج اور مسکین کے ہیں کہا جاتا ہے امراۃ ارملة ای محتاجة او مسکینة" علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ ارملہ وہ عورت کہلاتی ہے جس کا شوہر نہ ہو خواہ اس نے نکاح کیا ہو یا نہ کیا ہو یعنی کنواری ہو۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد وہ عورت ہے جس کا شوہر انتقال کر گیا ہو جس کو ہمارے عرف میں بیوہ کہا جاتا ہے ابن قتیبہ کہتے ہیں کہ بیوہ عورت کو ارملہ اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ شوہر کے فوت ہو جانے کے بعد اس کو فقر لاحق ہو جاتا ہے چونکہ ارمال کے معنی فقر کے ہیں کہا جاتا ہے "ارمل الرجل اذا فنی زادہ" الیتیم اس سے مراد مسکین ہے خواہ یتیم ہو یا غیر یتیم جیسا کہ روایت میں صراحۃً لفظ مسکین واقع ہے المسکین: وہ شخص جس کے پاس کچھ نہ ہو اور بعض نے کہا کہ تھوڑا بہت ہو اس کا اطلاق ضعیف پر بھی ہوتا ہے لہٰذا فقیر بھی اس میں داخل ہے۔

حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ ثَنَا مَعْنٌ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ يَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ قَالَ السَّاعِيْ عَلَى الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ كَالَّذِيْ يَصُوْمُ النَّهَارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ۔

ترجمہ: صفوان بن سلیم مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ بیوہ اور مسکین کے لیے کوشش کرنے والا مجاہد فی سبیل اللہ کی طرح ہے یا اس شخص کی طرح ہے جو صائم النہار اور قائم اللیل ہو۔

الساعی: ای الکاسب لهما العامل بمؤنتهما یعنی بیوہ اور فقیر و مسکین کے لئے محنت کر کے روزی مہیا کرنے والا ایسا ہے جیسا اس نے اللہ کے راستہ میں جہاد کیا یعنی جس طرح غازی فی سبیل اللہ کو ثواب ملتا ہے اسی طرح اس ساعی کو بھی ملے گا اس لئے کہ مجاہد فی سبیل اللہ بھی جہاد کر کے مال غنیمت بیت المال میں جمع کرتا ہے جو بیوہ اور مسکین کے کام آتا ہے لہٰذا اسی طرح اس کے سبب عامل کو بھی ثواب ملے گا جس نے براہ راست بیوہ اور مسکین کے لئے کوشش کی ہے "او کالذی یصوم النهار" یہ لفظ او کے ساتھ ہے اور یہی صحیح بھی ہے چنانچہ عینیؒ نے فرمایا کہ یہ راوی کو شک واقع ہوا ہے اور ابن ماجہ نے لفظ او کیساتھ روایت نقل کی ہے روایت میں بیواؤں اور مسکینوں کے لئے سعی کرنے کی فضیلت بیان فرمائی گئی ہے۔

حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكٌ عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَبِي الْغَيْثِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مِثْلَ ذٰلِكَ۔

امام موصوفؒ نے دوسرے طریق سے روایت کی تخریج فرمائی ہے جو مسانید ابو ہریرہؓ میں سے ہے اور پہلی حدیث جو بطریق صفوان بن سلیم سے وہ مرسل ہے اس لئے کہ صفوان تابعی ہیں۔

هذا حديث حسن صحيح غريب اخرجه البخاري و مسلم و ابو الغيث الخ: ان کا نام بتایا کہ سالم ہے اور یہ طبقۂ ثالثہ کا ثقہ راوی ہے۔ وثور بن يزيد: بالیاء یہ شامی ہیں اور ثور بن زید بغیر یاء کے وہ دیلمی مدنی ہیں اور طبقۂ سادسہ کے ثقہ راوی ہیں، امام ترمذیؒ نے حسب عادت مشتبہ اسماء کے درمیان امتیاز فرمایا ہے۔

صفوان بن سليم المدني ابو عبد الله الزهري ثقة مفتي عابد مفت رمي بالقدر من الرابعة مات ۱۳۲ھ

ثور بن زيد بلسم الحيوان المعروف ابن زيد الديلمي بكسر المهملة بعدها تحتانية المدني ثقة من السادسة ۱۳۵ھ ابو الغيث اسمه سالم مولى عبد الله بن مطيع ثقة من الثالثة المنكدر بن محمد بن المنكدر القرشي التيمي المدني لين الحديث من الثامنة مات ۱۸۰ھ

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ طَلَاقَةِ الْوَجْهِ وَحُسْنِ الْبِشْرِ

حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا الْمُنْکَدِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ کُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ وَاِنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ اَنْ تَلْقٰی اَخَاکَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ وَاَنْ تُفْرِغَ مِنْ دَلْوِکَ فِیْ اِنَاءِ اَخِیْکَ۔

ترجمہ: جابر بن عبداللہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر نیک کام صدقہ ہے یعنی کارِ ثواب ہے اور بے شک نیک کام یہ بھی ہے کہ تو اپنے بھائی سے ملاقات کرے مسکراتے ہوئے چہرے کے ساتھ اور یہ ہے کہ ڈال دے اپنے برتن سے اپنے بھائی کے برتن میں۔

کل معروف صدقة: امام راغب فرماتے ہیں کہ معروف ہر اس فعل کو کہا جاتا ہے جس کا حسن ہونا شرعاً و عقلاً معلوم ہو اور اس کا اطلاق ہر اس عمل پر ہوگا جس میں حد سے تجاوز نہ ہو۔ ابن ابی جمرہؒ فرماتے ہیں کہ معروف ہر وہ عمل ہے جس کا اعمالِ بر سے ہونا ادلۂ شرعیہ سے معلوم ہو خواہ عرف میں اس کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ صدقة: اس سے مراد ثواب ہے اگر ثواب کی نیت صاحبِ عمل کی جانب سے پائی جائے تو یقیناً اجر ملیگا ورنہ دونوں احتمال ہیں' نیز اس لفظ کل معروف صدقة میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ صدقہ کے لیے کسی امر محسوس کا ہونا ضروری نہیں کہ صرف مالدار ہی اسکو اختیار کر سکیں بلکہ ہر شخص صدقہ پر قادر ہے' مالدار مال دیکر اور غریب مذکورہ نیکیاں کر کے صدقہ کرنے والا شمار ہوگا۔

وفی الباب عن ابی ذرؓ قد سبق فی باب صنائع المعروف ترجمته هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد۔ امام ترمذیؒ نے اس روایت میں منکدر بن محمد بن المنکدر ضعیف راوی کے ہوتے ہوئے بھی روایت کو حسن قرار دیا ہے نیز متعدد مقامات پر انہوں نے ایسا ہی کیا ہے' شاید حسن کا حکم لگانا ذوقاً ہے نہ کہ اصولِ حدیث کی بناء پر۔

بَابُ مَاجَاءَ فِی الصِّدْقِ وَالْکِذْبِ

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِیْقِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلَیْکُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّ الصِّدْقَ یَهْدِیْ اِلَی الْبِرِّ وَاِنَّ الْبِرَّ یَهْدِیْ اِلَی الْجَنَّةِ وَمَا یَزَالُ الرَّجُلُ یَصْدُقُ وَیَتَحَرَّی الصِّدْقَ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّیْقًا وَاِیَّاکُمْ وَالْکِذْبَ فَاِنَّ الْکِذْبَ یَهْدِیْ اِلَی الْفُجُوْرِ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ یَهْدِیْ اِلَی النَّارِ وَمَا یَزَالُ الْعَبْدُ یَکْذِبُ وَیَتَحَرَّی الْکِذْبَ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ کَذَّابًا۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم پر صدق لازم ہے کیونکہ صدق بھلائی کا راستہ دکھاتا ہے اور بیشک بھلائی جنت تک پہنچا دیتی ہے اور آدمی سچ بولتا رہتا ہے اور اس کا اہتمام کرتا ہے یہاں تک کہ اس کو (اللہ کے نزدیک) صدیق لکھا جاتا ہے اور بچو تم جھوٹ سے کیونکہ کذب (جھوٹ) کھلم کھلا گناہ تک پہنچا دیتا ہے اور گناہ جہنم تک لے جاتا ہے اور آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے اور اس کا اہتمام کرتا ہے یہاں تک کہ اس کو اللہ کے یہاں جھوٹا لکھا جاتا ہے۔

صدق کی حقیقت اور اسکے اقسام: صدق کے معنی ہیں سچ بولنا اس طرح خبر دینا یا بات کہنا جو واقع کے مطابق ہو اس کے بالمقابل کذب ہے جس کو جھوٹ کہتے ہیں لفظ صدق کا اطلاق چھ معنی پر ہوتا ہے (۱) صدق قول (۲) صدق نیت (۳) صدق ارادہ (۴) عزم میں صداقت یعنی وفائے عزم میں صداقت (۵) عمل میں صداقت (۶) دین کے تمام مقامات میں صداقت جو شخص ان چھ معانی میں صدق کے ساتھ متصف ہوگا وہ صدیق کہلائیگا امام غزالیؒ نے ان سب کی تفصیل بیان فرمائی ہے۔

فضیلت صدق اور قباحت کذب: اللہ تعالیٰ نے خود قرآن کریم میں صدق کی تعریف فرمائی ہے چنانچہ صادقین کے لئے فرمایا ''رجال صدقوا ما عاهدوا الله عليه الآية'' نیز فرمایا ''يايها الذين امنوا اتقوا الله و كونوا مع الصادقين'' انبیاء سابقین کی صفات میں بیان فرمایا انه كان صديقا نبيا انه كان صادق الوعد و كان رسولا نبيا اس کے بالمقابل کاذبین کے حق میں فرمایا ''ويوم القيامة ترى الذين كذبوا على الله وجوههم مسودة'' آیات سے صدق کا محمود ہونا اور کذب کا باعث عذاب ہونا معلوم ہوگیا اور احادیث میں بھی صدق کی فضیلت بیان کی گئی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اربع اذا كن فيك فلا يضرك مافاتك من الدنيا صدق الحديث وحفظ الامانة و حسن الخلق وعفة طعمة رواه الخرائطي عن ابن عمرؓ'' اسی طرح حضرت معاذؓ کی روایت میں ہے مرفوعاً ''اوصيك بتقوى الله وصدق الحديث واداء الامانة والوفاء بالعهد وبذل الطعام وخفض الجناح (ابونعیم) اور جھوٹ سے متعلق حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ سب سے بڑا گناہ جھوٹ بولنا ہے۔ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے ''ان العبد ليكذب الكذبة فيتباعد الملك عنه مسيرة ميل من نتن ماجاء به'' (رواہ الترمذی) نیز ایک روایت میں ہے ''تقبلوا لي ستا اتقبل لكم بالجنة فقالوا وما هن قال اذا حدث احدكم فلا يكذب' واذا وعد فلا يخلف' واذا أتمن فلا يخن' وغضوا ابصاركم' واحفظوا فروجكم' و كفوا ايديكم'' (رواہ الحاکم عن انسؓ) اسی طرح حضرت انسؓ سے مرفوعاً منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ان للشيطان كحلا ولعوقا وتشوقا اما لعوقه (چٹنی) فالكذب واما تشوقه (خوشبو) الغضب واما كحله (سرمہ) فالنوم'' ان کے علاوہ دیگر روایات اور ہیں جو صدق کی تعریف اور کذب کی مذمت میں وارد ہوئی ہیں۔

بہر حال صدق عمدہ خصلت ہے جو عنداللہ بھی مطلوب و محمود ہے اور عرفاً بھی پسندیدہ ہے اور جھوٹ بہت بڑا گناہ ہے البتہ جھوٹ کے بارے میں اہل علم نے قدرے تفصیل بیان فرمائی ہے امام غزالیؒ فرماتے ہیں چونکہ کلام مقاصد کے وسیلہ کی حیثیت رکھتا ہے اگر کسی اچھے مقصد تک پہنچانا سچ اور جھوٹ دونوں ذریعوں سے ممکن ہو تو جھوٹ بولنا حرام ہے اور اگر جھوٹ کے ذریعہ ہی اس مقصد کو حاصل کیا جاسکتا ہے اگر وہ مقصد مباح ہے تو جھوٹ بھی مباح اور اگر واجب ہے تو جھوٹ بولنا بھی واجب ہے مثلاً مسلمان کی جان کی حفاظت واجب ہے اگر سچ بولنے سے مسلمان کی جان ضائع ہوتی ہو تو ایسے موقع پر جھوٹ بولنا واجب ہے اسی طرح دو شخصوں کے درمیان صلح کرانے نیز کسی مظلوم کے دل سے خوف و ہراس دور کرنے کے لئے جھوٹ بولنا مباح ہے مگر حتی الامکان پرہیز کرنا چاہیے۔

بہر حال روایت کا حاصل یہ ہے کہ صدق ایسی عمدہ خصلت ہے کہ جب آدمی سچ بولتا ہے اور اس کا عادی ہو جاتا ہے تو وہ بہت سی نیکیاں کرنے والا ہوتا ہے جنکی وجہ سے وہ جنت میں داخل ہو جاتا ہے اور اس اہتمام صدق کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے یہاں اس کو

شقيق بن سلمة الاسدي ابو وائل الكوفي ثقة مخضرم مات في خلافة عمر بن عبدالعزيز وله مائة سنة ۱۲

صدیق لکھا جاتا ہے یہ لکھا جانا یا تو دیوان اعمال میں ہے یا اللہ تعالیٰ ملا اعلیٰ کو بتادیتے ہیں کہ یہ صدیق ہے

''کما قال تعالی ان الذین آمنوا و عملوا الصالحات سیجعل لھم الرحمن ودا اور حدیث کے الفاظ "حتی یکتب عند اللہ صدیقا'' سے صادق کے حسن خاتمہ اور مامون العاقبۃ ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے اس کے بالمقابل جھوٹ ایسی بری خصلت ہے جسکی وجہ سے جھوٹا آدمی بالآخر جہنمی ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے یہاں کذاب لکھا جاتا ہے'' وان الفجار لفی جحیم یصلونھا یوم الدین''۔

وفی الباب عن ابی بکر الصدیقؓ اخرجہ ابن حبان و عمرؓ رواہ مسدد و عبداللہ بن الشخیرؓ فلینظر من اخرجہ وابن عمرؓ اخرجہ الترمذی بعد ھذا۔ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری و مسلم وغیرھما۔

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى قَالَ قُلْتُ لِعَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ هَارُونَ الْغَسَّانِيِّ حَدَّثَكُمْ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي رَوَّادٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِذَا كَذَبَ الْعَبْدُ تَبَاعَدَ عَنْهُ الْمَلَكُ مِيلاً مِنْ نَتْنِ مَا جَاءَ بِهِ قَالَ يَحْيَى فَأَقَرَّ بِهِ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ هَارُونَ وَقَالَ نَعَمْ۔

ترجمہ: یحییٰ بن موسیٰ کہتے ہیں کہ میں نے عبدالرحیم بن ہارون الغسانی سے کہا کیا تم سے عبدالعزیز ابن ابی رواد نے یہ روایت عن نافع عن ابن عمر عن النبی ﷺ بیان کی ہے کہ جب بندہ جھوٹ بولتا ہے تو فرشتہ اس سے ایک میل دور ہو جاتا ہے اس کی بدبو کی وجہ سے جس کو وہ (جھوٹ بول کر) لایا ہے یحییٰ کہتے ہیں کہ عبدالرحیم بن ہارون نے اس کا اقرار کیا اور فرمایا نعم۔

حدثکم: اس میں ہمزۂ استفہام محذوف ہے جس کا جواب حدیث کے آخر میں ہے یعنی ''نعم الملک'' یا تو اس پر الف لام جنسی ہے مطلقاً کوئی فرشتہ مراد ہے یا الف لام عہدی ہے اور اس سے مراد محافظ فرشتہ ہے۔ میلا: اس سے مراد میل کی مسافت ہے بعض نے فرمایا کہ اس سے مقصود بعد کو بیان کرنا ہے یعنی اتنی دور ہو جاتا ہے کہ اسکی آنکھوں سے او جھل ہو جاتا ہے نتن: بفتح النون و سکون التاء یہ فرح کی ضد ہے اس سے مراد بدبو ہے۔

روایت سے معلوم ہوا کہ جھوٹ ایسی گھناؤنی چیز ہے کہ بولنے والے کے منہ میں غیر محسوس طریقہ پر بدبو پیدا ہو جاتی ہے جو فرشتوں کو محسوس ہوتی ہے اور وہ اس کاذب سے متنفر ہو کر دور ہو جاتے ہیں۔

ھذا حدیث حسن جید غریب اخرجہ ابونعیم فی الحلیۃ وابن ابی الدنیا۔ یہ روایت گو بسند جید منقول ہے مگر عبدالرحمن ابن ہارون اس کے نقل کرنے میں منفرد ہیں اس وجہ سے یہ غریب بھی ہے کما قال الترمذی۔

فاقربہ عبدالرحیم بن ہارون الغسانی وقال نعم اس جملہ کا تعلق قلت لعبد الرحیم بن ہارون الغسانی حدثکم الخ سے ہے یعنی جب میں نے عبدالرحیم الغسانی سے پوچھا کیا آپ سے عبدالعزیز بن ابی رواد نے یہ حدیث بیان کی ہے تو انہوں نے اقرار کیا کہ ہاں بیان کی ہے اصح قول پر اقرار شیخ لازم نہیں ہے وان کان بہ خلاف کما فی المبسوطات۔

عبدالرحیم بن ہارون الغسانی ھوابو ھشام الواسطی نزل بغداد ضعیف اکذبہ الدار قطنی من التاسعۃ۔ عبدالعزیز بن ابی رواد بفتح الراء و تشدید الواو صدوق عابد ربما وھم رمی بالارجاء من السابعۃ ۱۵۹ ء ۳

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْفُحْشِ

الفحش: بفتح الفاء فحش وہ گناہ کہلاتا ہے جس کی قباحت دوسرے گناہوں سے بھی شدید ہو اسی وجہ سے اس کا اطلاق بسا اوقات زنا پر بھی ہوتا ہے نیز فعل قبیح اور قول قبیح پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اور بضم الفاء سخت جواب کے لئے آتا ہے جس میں زیادتی کی گئی ہو۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَا كَانَ الْفُحْشُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا شَانَهُ وَمَا كَانَ الْحَيَاءُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا زَانَهُ

ترجمہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں ہے کسی شی میں فحش مگر وہ اس کو معیوب بنا دیتا ہے اور نہیں ہے حیاء کسی چیز میں مگر اس کو مزین بنا دیتی ہے۔

فحش کا اطلاق قول وفعل دونوں کو عام ہے فحش گوئی یہ ہے کہ قبیح امور کو صریح الفاظ میں ذکر کیا جائے مثلاً شرم گاہ کا نام لینا نیز گالی گلوچ بھی اس میں داخل ہے بلکہ ایسے کلمات الفاظ جن کو منکر عرفاً حیا آتا ہے وہ سب فحش میں داخل ہیں، فحش فعلی کہتے ہیں اس طرح کی حرکات کرنے کو جنہیں دیکھ کر شرم محسوس ہو بہرحال فحش گوئی اور فحش فعلی دونوں ہی مذموم ہیں ان کا منبع ومصدر خبث باطنی اور دناءت ہے آپ ﷺ نے ان سے بچنے کے سلسلہ میں سخت تاکید فرمائی ہے "فرمایا ایاکم والفحش فان اللہ تعالیٰ لایحب الفحش ولا الفاحش" ایک جگہ ارشاد فرمایا "لیس المومن بالطعان ولا اللعان ولا الفاحش ولا البذی" (رواہ الترمذی) نیز فرمایا "الجنۃ حرام علی کل فاحش یدخلھا" (رواہ ابن ابی الدنیا عن ابن عمرؓ) اسی طرح ایک روایت میں ہے یاعائشہ "لو کان الفحش رجلا لکان رجل سوء" (رواہ ابن ابی الدنیا) نیز فرمایا "ان اللہ لا یحب الفاحش المتفحش الصیاح فی الاسواق" اور ایک جگہ فرمایا "ان الفحش والتفاحش لیسا من الاسلام فی شئ وان احسن الناس اسلاماً احسنھم اخلاقاً"

(رواہ احمد وابن ابی الدنیا)

شانہ: ماخوذ من الشین بمعنی معیوب بنانا اس کی مصلحت یہ ہے کہ فحش ہر شئ کو خواہ وہ قول ہو یا فعل معیوب بنا دیتی ہے اگر فحش گوئی ہے تو یہ بھی عیب کا سبب ہے اور فحش فعلی بھی انسان کو معیوب بنانے کے لئے کافی ہے۔

وما کان الحیاء فی شئ الازانہ یہاں حیاء سے مراد فحش کا مقابل ہے یعنی ایسا قول وفعل جس میں کوئی قباحت نہ ہو یہ چیز انسان کی زینت کا باعث ہے۔

وفی الباب عن عائشۃ اخرجہ مسلم۔ ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ احمد والبخاری فی ادب المفرد وابن ماجہ۔

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ اَنْبَانَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ يُحَدِّثُ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خِيَارُكُمْ اَحَاسِنُكُمْ اَخْلَاقًا وَلَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ ﷺ فَاحِشًا وَّلَا مُتَفَحِّشًا

ترجمہ: عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سب سے بہتر وہ لوگ ہیں جو اخلاق کے اعتبار سے

اچھے ہوں اور نبی کریم ﷺ نہ بدخلق تھے اور نہ بدزبان۔

خیار کم: بکسر الخاء جمع خیر کی ہے اور شر کی ضد ہے: "احاسنکم اخلاقا" ہی شمائل مرضیة۔

حسن اخلاق کی فضیلت قرآن وحدیث کی روشنی میں: حسن اخلاق حضور اقدس ﷺ کی صفت ہے صدیقین کا افضل ترین عمل ہے متقین کے مجاہدے اور عابدین کی ریاضت کا ثمرہ ہے اخلاق حسنہ جنت کے کھلے دریچے ہیں اور تقرب الٰہی کے وسائل ہیں درحقیقت یہ نصف دین ہے اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کے بارے میں فرمایا "انك لعلى خلق عظيم" حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا "انما بعثت لاتمم مكارم الاخلاق" اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں "ولو كنت فظا غليظ القلب لا نفضوا من حولك" نیز ارشاد نبوی ہے "اثقل مايوضع في الميزان يوم القيامة تقوى الله وحسن الخلق" ایک صحابی کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا "خالق الناس بخلق حسن" اسی طرح ارشاد فرمایا "حسن الخلق خلقه الاعظم" نیز ارشاد ہے "انكم لن تسعوا الناس باموالكم فلسعوهم ببسط الوجه وحسن الخلق" نیز فرمایا "ان حسن الخلق تذهب الخطيئة كما يذهب الشمس الجليد (برف)" ارشاد ہے "من سعادة المرء حسن الخلق" فرمایا "لا عقل كالتدبير ولا حسب كحسن الخلق" ارشاد نبوی ﷺ ہے "ان المسلم المسدد ليدرك درجة الصائم القائم بحسن خلقه وكرم مزيته" اور ایک روایت میں درجة الظمآن في الهواجر کے الفاظ بھی وارد ہیں اسی طرح فرمایا ان العبد ليبلغ بحسن خلقه عظيم درجات الاخرة وشرف المنازل وانه لضعيف في العبادة" ان تمام آیات وروایات سے بخوبی واضح ہے کہ حسن اخلاق کی بہت بڑی فضیلت ہے اسکے بالمقابل بدخلقی کے متعلق فرمایا "ان العبد ليبلغ سوء خلقه اسفل درك جهنم" ایسے شخص کو جہنم کے نیچے طبقہ میں داخل کیا جائیگا۔

خوش خلقی کے بارے میں چند اقوال: حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ خوش خلقی یہ ہے کہ آدمی خندہ رو رہے، مال خرچ کرے اور لوگوں کی اذیت پر صبر کرے امام واسطیؒ فرماتے ہیں کہ خوش خلقی یہ ہے کہ نہ وہ کسی سے جھگڑے اور نہ لوگ اس سے جھگڑیں نیز یہ بھی فرمایا کہ تنگی اور کشادگی میں لوگوں کو راضی رکھنے کا نام خوش خلقی ہے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ خوش خلقی تین چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے محرمات سے اجتناب، حلال کی طلب اور اہل وعیال پر توسیع۔

اخلاق حسنہ کی حقیقت: جس طرح حسن خلق بفتح الخاء یعنی ظاہری صورت کے حسن کے لئے تمام اعضاء آنکھ ناک ہونٹ اور رخسار وغیرہ کی موزونیت ضروری ہے اسی طرح حسن خلق بالضم کے لئے بھی چار ارکان کی موزونیت ضروری ہے۔ (۱) قوت علم اتنا علم ہو کہ اقوال میں صدق وکذب اور اعتقادات میں حق وباطل اور افعال کے حسن وقبیح ہونے میں فرق کر سکے جب قوت علم اس درجہ تک پہنچ جائے گی تو اس کا ثمرہ حکمت کی صورت میں دیا جائے گا۔ قال تعالى "ومن يؤت الحكمة فقد اوتي خيرا كثيرا"۔ (۲) قوت غضب (۳) قوت شہوت یہ دونوں قوتیں اس درجہ کی ہوں کہ انسان ان دونوں کے ذریعہ عقل وشریعت کے اشاروں پر چلے (۴) قوت عدل یہ بھی اس درجہ کی ہو کہ شہوت وغضب کی قوتوں کو معتدل بنادے۔

جس انسان کے اندر یہ چاروں باتیں پائی جائیں گی اس کو حکمت، شجاعت، عفت اور عدل جیسی بے بہا صفات کمال حاصل ہونگی اور ایسا شخص اخلاق حسنہ سے مزین وآراستہ ہوگا حکمت یعنی قوت عقل کے اعتدال سے حسن تدبیر، جودت ذہن، اصابت رائے،

مسروق هو ابن الاجدع بن مالك الهمداني الكوفي الامام قدوة مشهور تابعي ۳ و ۴۔

نفس کے مخفی آفات اور اعمال کی باریکیوں پر انتباہ حاصل ہوگا اور شجاعت کے اعتدال سے کرم دلیری، شہادت، کسر نفسی، حلم، استقامت، کظم غیظ، وقار اور سنجیدگی پیدا ہوگی، عفت کے اعتدال سے سخاوت، حیا، صبر، چشم پوشی، قناعت، تقویٰ، لطافت، بلند حوصلگی، وسعت ظرفی اور قلت طمع جیسے فضائل واخلاق حاصل ہوں گے قوت عدل سے ان سب قوتوں میں اعتدال قائم ہوگا ورنہ کمی وزیادتی کی صورت میں ان فضائل حمیدہ کے بجائے اخلاق ذمیمہ پیدا ہونگے۔

بہرحال روایت کا حاصل یہ ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا سب سے بہتر تم میں وہ شخص ہے جسکو اخلاق حسنہ حاصل ہوں، اخلاق حسنہ اختیار کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

حضور ﷺ کے متعلق بیان کیا گیا کہ نہ آپ فاحش تھے اور نہ متفحش یعنی فحش کلام نہ آپ ﷺ کی زبان پر بلا تکلف جاری ہوتا اور نہ بتکلف ارادے سے ظاہر ہوتا تھا یعنی نہ فاحش جبلی تھے اور نہ فاحش کسبی۔ هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي اللَّعْنَةِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَلَاعَنُوْا بِلَعْنَةِ اللّٰهِ وَلَا بِغَضَبِهٖ وَلَا بِالنَّارِ۔

ترجمہ: حضرت سمرہ بن جندبؓ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم ایک دوسرے پر لعنت ملامت نہ کرو نہ اللہ کی لعنت کیساتھ اور نہ اس کے غضب کے ساتھ اور نہ جہنم کے ساتھ۔

یعنی کسی کو یہ نہ کہو کہ تجھ پر اللہ کی لعنت ہو یا اللہ کا غضب یا اللہ تعالیٰ تجھ کو جہنم میں داخل کردے۔ لعنۃ: یہ ماخوذ ہے لعن یلعن سے جس کے معنی اللہ سے ہٹانا دور کرنا اللہ کی رحمت سے دور کرنا یہ لفظ اس شخص کے لئے استعمال کرنا درست ہوگا جس میں خدا سے دور کرنے والی صفت موجود ہو جیسے کفر وظلم: چنانچہ "لعنة الله على الظالم اور لعنة الله على الكافر" کہنا درست ہے اور کسی مسلمان کو اس طرح کہنا درست نہیں ہے۔

لعنت کے اسباب ودرجات: لعنت کے تین اسباب ہیں کفر، بدعت، فسق اگر ان تین صفات میں سے کوئی ایک صفت کسی شخص میں ہو تو اس پر لعنت کرنا درست ہے ان تینوں اسباب میں سے ہر ایک کے تین درجے ہیں ایک یہ کہ عام وصف کے حوالے سے لعنت کی جائے مثلاً یہ کہا جائے کہ اللہ کی لعنت ہو کافروں پر، بدعتیوں پر، فساق پر، دوسرا درجہ یہ ہے کہ کسی وصف میں تخصیص کر کے لعنت بھیجے مثلاً یہ کہے کہ اللہ کی لعنت ہو یہود ونصاریٰ پر، قدریہ پر، مجوس پر، روافض پر، اللہ کی لعنت ہو زنا کرنے والے پر ظلم کرنے والوں پر سود کھانے والوں پر یہ دونوں درجے جائز ہیں تیسرا درجہ کسی متعین ومخصوص شخص پر لعنت کی جائے اس میں تفصیل یہ ہے کہ جن لوگوں پر شرع میں لعنت ثابت ہے ان کا نام لیکر لعنت کرنے میں مضائقہ نہیں ہے مثلاً فرعون، ابوجہل وغیرہ پر، مگر کسی زندہ شخص کا نام لیکر اس کو ملعون کہنا درست نہیں ہے خواہ وہ کافر ہی کیوں نہ ہو ممکن ہے کہ وہ مرنے سے پہلے تائب ہو جائے اور اسلام قبول کرلے جب کافر کے بارے میں اتنی احتیاط ہے تو بدعتی اور فاسق کے متعلق بدرجہ اولیٰ احتیاط ہوگی۔

سمرة بن جندب بن هلال الفزاري حليف الانصاري صحابي مشهور مات بالبصرة ۵۸ھ ۲

خلاصہ یہ ہے کہ اگر کفر پر مرنا یقینی طور پر معلوم ہو جائے تو اس پر لعنت کرنا جائز ہے بشرطیکہ کسی مسلمان کو ایذاء نہ پہنچتی ہو اگر ایذاء ہو تو پھر جائز نہیں ہے نیز کسی متعین فاسق پر لعنت کرنا بھی درست نہیں ہے اس لئے کہ نہ معلوم وہ کس وقت توبہ کر لے ایسے موقع پر عام صیغہ استعمال کرنا چاہیے یا شیطان پر لعنت بھیجی جائے اس لئے کہ وہی گناہوں پر اکسانے والا ہے۔ بہر حال مسلمانوں کو کسی مسلمان کے لئے لعنت کا لفظ استعمال کرنا جائز نہیں ہے اسی طرح غضب کا استعمال بھی درست نہیں ہے نیز کسی کے لئے یہ بددعا کرنا کہ اللہ تعالیٰ اس کو جہنم میں داخل کردے یہ بھی درست نہیں ہے۔

وفی الباب عن ابن عباسؓ اخرجه الترمذی۔ وابی هریرةؓ اخرجه مسلم۔ و ابن عمر اخرجه الترمذی۔ و عمران بن حصینؓ اخرجه مسلم هذا حدیث حسن صحیح اخرجه ابو داؤد والحاکم۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْأَزْدِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا اللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيِّ۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مؤمن نہ طعنہ دینے والا ہوتا ہے اور نہ لعنت کرنے والا اور نہ فحش گو ہوتا ہے اور نہ بیہودہ بکنے والا ہوتا ہے۔

لیس المؤمن: اس سے مراد کامل مؤمن ہے طعانًا یعنی عیب لگانے والا۔ البذی ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ البذی بفتح الذال وتشدید الیاء یہ ماخوذ ہے بذاء سے جس کے معنی فحش فی القول کے ہیں لہذا لفظ فاحش مخصوص بالفعل ہے یا تخصیص بعد التعمیم کے قبیلہ سے ہے یا یہ عطف تفسیری ہے یا زائد ہے۔

هذا حدیث حسن غریب اخرجه احمد والبخاری وابن حبان والحاکم والبیهقی۔

حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ الطَّائِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ نَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ أَنَّ رَجُلًا لَعَنَ الرِّيحَ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ لَا تَلْعَنِ الرِّيحَ فَإِنَّهَا مَأْمُورَةٌ وَإِنَّهُ مَنْ لَعَنَ شَيْئًا لَيْسَ لَهُ بِأَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ ایک شخص نے آپ ﷺ کے سامنے ہوا پر لعنت بھیجی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہوا کو ملعون مت کہو اس لئے کہ وہ مامورہ یعنی حکم دی گئی ہے اللہ کی طرف سے اور جو شخص کسی ایسی چیز پر لعنت بھیجے جو اس لعنت کی مستحق نہیں ہے تو وہ لعنت اسی کی طرف واپس لوٹ جاتی ہے۔

روایت سے معلوم ہوا کہ جس طرح حیوانات پر لعنت کرنا جائز و درست نہیں ہے اسی طرح جمادات پر بھی لعنت کرنا صحیح نہیں ہے چونکہ وہ مستحق لعنت نہیں اس لئے لعنت کرنے والے کی طرف لوٹ جاتی ہے لہذا مستحق کے علاوہ کسی پر لعنت کرنا جائز نہیں ہے۔

هذا حدیث غریب حسن اخرجه ابو داؤد وابن حبان لانعلم احدا اسنده غیر بشر بن عمر: علامہ منذریؒ فرماتے

محمد بن یحیی بن عبدالکریم بن نافع الازدی البصری نزیل بغداد ثقة من کبار العاشرة ۲۵۲ محمد بن سابق التمیمی ابو جعفر او ابو سعید البزار الکوفی نزیل بغداد صدوق من کبار العاشرة ۲۱۳ھ وقیل ۲۱۴ھ۔

بشر بن عمر بن الحکم الزهرانی بفتح الزاء الازدی ابو محمد البصری ثقة من التاسعة ۲۰۷ھ وقیل ۲۰۹ھ وابان بن یزید العطار البصری ابو یزید ثقة له افراد من السابعة مات فی حدود الستین۔

ہیں کہ گو اس کے راوی صرف بشر بن عمرز ہرانی ہیں جن سے امام بخاری ومسلم نے استدلال کیا ہے یعنی اس کی روایت کو معتبر مانا ہے لہٰذا یہ روایت درست ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ تَعَلُّمِ النَّسَبِ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عِيْسَى الثَّقَفِيِّ عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ تَعَلَّمُوْا مِنْ اَنْسَابِكُمْ مَا تَصِلُوْنَ بِهٖ اَرْحَامَكُمْ فَاِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِي الْاَهْلِ مَثْرَاةٌ فِي الْمَالِ مَنْسَاةٌ فِي الْاَثَرِ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنے نسبی رشتوں کو جانو تا کہ اس کے ذریعہ صلہ رحمی کرسکو اپنے رشتہ داروں کے ساتھ چونکہ صلہ رحمی رشتہ داروں سے محبت کا ذریعہ ہے مال بڑھنے کا سبب ہے اور دیر تک یادگاری کا ذریعہ ہے۔

النسب: بفتح النون والسین اس سے مراد قرابت ہے۔ "تعلموا من انسابکم" یعنی اعزہ اور اقرباء کے رشتہ کو پہچانو اور یہ یاد رکھو کہ کس سے کیا رشتہ ہے "ماتصلون به ارحامکم" تا کہ حسب رشتہ اس کے ساتھ صلہ رحمی اور حسن سلوک کرسکو اس سے خاص اور عام دونوں طرح کے رشتے مراد ہیں یعنی اپنے عزیزوں کو پہچانو کس سے کتنی قرابت ہے اور اس کی نوعیت کیا ہے تا کہ اسی اعتبار سے ان کے ساتھ صلہ رحمی کا معاملہ کرسکو۔

فان صلة الرحم محبة في الاهل: محبۃ بفتحات وتشدید الباء مفعل کے وزن پر ہے محبۃ سے مراد ذریعۂ محبت ہے یعنی اعزہ کے ساتھ صلہ رحمی محبت بڑھنے کا ذریعہ ہے۔ مثراة في المال: مثراۃ بفتح المیم وسکون المثلثۃ ماخوذ من الثروۃ جسکے معنی کثرت مال کے ہیں کہا جاتا ہے۔ هذا مثراة للمال اى مكثرة له یعنی اقارب کے ساتھ صلہ رحمی مال کے کثیر ہونیکا ذریعہ ہے منساۃ فی الاثر: بفتح المیم وسکون النون وفتح السین وفتح الهمزہ ماخوذ من النسأ اس کے معنی تاخیر کے ہیں یعنی رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی عمر میں برکت کا ذریعہ وسبب ہے تاخیر اجل کنایہ ہے تاخیر موت سے جس کا مطلب ہے کہ عمر میں برکت ہوگی یعنی حضرات فرماتے ہیں کہ اعمال میں برکت ہونا مراد ہے یعنی اعمال صالحہ کی توفیق ہوگی۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے یہ مراد ہے کہ صلہ رحمی سے اولاد میں برکت ہوگی جس کی وجہ سے اس کی یاد باقی رہے گی۔ بعض حضرات نے کہا کہ اس سے مراد یہ ہے کہ اس کا ذکر جمیل لوگوں میں باقی رہیگا۔

روایت سے معلوم ہوا کہ اپنے اعزہ واقارب سے تعلقات رکھنا چاہیے ان کے احوال کا علم رہنا چاہیے نیز معلوم ہوا کہ ان کے ساتھ حسن سلوک اور اچھا برتاؤ کرنا عمر اور عمل میں برکت کا ذریعہ ہے اور مالی فراوانی کا بھی ذریعہ ہوگا کہ زندگی گزارنے میں آسانیاں ہونگی هذا حديث حسن غريب اخرجه احمد و الحاكم۔

عبدالملك بن عيسى الثقفى ابن عبدالرحمن بن جارية بالجيم والتحتانية مقبول من السادسة: يزيد مولى المنبعث بضم الميم و سكون النون وفتح الموحدة و كسر المهملة بعدها مثلثة مدنى صدوق من الثالثة ۱۲

بَابُ مَاجَاءَ فِي دَعْوَةِ الْأَخِ لِأَخِيهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ

ظهر: یہ مقحم اورزائد ہےاس سے مراد مدعولہ کی غیبت میں اس کے لیے دعا کرتا ہے خواہ وہ واقعۃً غائب ہو یا حاضر ہو تو قلب سے دعا کرتا یا زبان سے اس طرح دعا کرتا کہ وہ اس کو نہ سن سکے یہ سب صورتیں اس میں داخل ہیں۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ ثَنَا قَبِيصَةُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ أَنْعُمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَا دَعْوَةٌ أَسْرَعَ إِجَابَةً مِنْ دَعْوَةِ غَائِبٍ لِغَائِبٍ۔

ترجمہ:۔ عبداللہ بن عمرو سے منقول ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا نہیں ہے کوئی دعا زیادہ قبول ہونے والی غائب کی دعاء سے جو غائب شخص کے لئے ہو۔

روایت کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی غائب یا غیر حاضر شخص کے لئے دعا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو بہت جلد قبول فرماتا ہے چونکہ حاضر شخص کے لئے دعا کرنے میں ریا وسمعہ کا احتمال ہے مگر غائب کے لئے دعا کرنا خلوص اور صدق نیت پر مبنی ہوگا اور وہ دعا ریا ودکھلاوے سے دور ہوگی اس لئے اللہ تعالیٰ اس دعا کو جلد قبول فرماتا ہے ایک روایت میں ہے اذا دعا الرجل لاخیہ بظھر الغیب قال الملك لك مثل ذالك" (مسلم) دوسری روایت میں ہے "دعوة الاخ لاخیہ فی الغیب لا ترد" (دارقطنی) حضرت ابوالدرداء فرماتے ہیں کہ میں اپنے دوستوں کے لئے سجدوں میں دعا کرتا ہوں معلوم ہوا کہ اپنے احباب غائبین کے لئے دعا کرتے رہنا چاہیے۔

هذا حديث غريب اخرجه احمد والافريقي يضعف في الحديث الخ قد تقدم الكلام في الجزء الاول۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الشَّتْمِ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَى الْبَادِي مِنْهُمَا مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُومُ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آپس میں گالی گلوچ کرنے والے دو شخص جو کچھ کہیں وہ اس پر پڑتا ہے جس نے ابتداء کی ہے جب تک مظلوم حد سے تجاوز نہ کرے۔

گالی گلوچ کرنا ممنوع ومذموم ہے اس کا مصدر ومنبع خبث نفس ہے حضور ﷺ نے ایک اعرابی کو نصیحت فرمائی ولا تسبن شیئاً اعرابی کہتے ہیں کہ میں نے اس نصیحت کے بعد کسی کو برا نہیں کہا عیاض بن حمار نے عرض کیا کہ ایک شخص جو مرتبہ میں مجھ سے کم ہے مجھے گالی دیتا ہے اگر میں اس سے بدلہ لوں تو اس پر کوئی حرج تو نہیں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا المستبان شیطانان یتکاذبان ویتھاتران دونوں گالی دینے والے دو شیطان ہیں جو ایک دوسرے کو جھٹلاتے ہیں اور ایک دوسرے پر تہمت لگاتے ہیں نیز ارشاد

قبیصہ بن عقبة بن محمد بن سفيان السوائي بضم المهملة وتخفيف الواو والمد ابو عامر الكوفي صدوق ربما خالف من التاسعة مات ۲۱۵ھ
عبدالرحمن بن زياد بن انعم بفتح اوله وسكون النون وضم المهملة الافريقي قاضيها ضعيف في حفظه من السابعة ۱۵۶ھ ۱۲

فرمایاسباب المؤمن فسوق ایک مرتبہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمام کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ آدمی اپنے والدین کو گالی دے لوگوں نے عرض کیا کہ کیا کوئی شخص اپنے ماں باپ کو بھی گالی دیتا ہے فرمایا ہاں وہ اس طرح کہ وہ دوسرے شخص کے والدین کو گالی دیتا ہے تو اس کے جواب میں وہ شخص اس کے والدین کو گالی دیتا ہے بہرحال روایت کا مطلب یہ ہے کہ جو کسی کو گالی دیتا ہے اور اس کے جواب میں دوسرا شخص گالی دیتا ہے تو جواب دینے والے کا گناہ اس ابتداء کرنے والے کے ذمہ ہوگا چونکہ اس نے صرف جواب دیا ہے جو اس کو حق تھا لقولہ تعالی "وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ماعوقبتم به' وجزاء سيئة سيئة بمثلها" مگر یہ اسی وقت تک ہے جب تک کہ مظلوم نے زیادتی نہ کی ہو اور اگر اس نے زیادتی کی تو یہ مظلوم اب ظالم بن جائے گا اور یہ بھی اول کی طرح گناہ گار ہوگا۔

روایت سے معلوم ہوا کہ جوابا برا بھلا کہنا اگر چہ اس کا شرعی حق ہے مگر اندیشہ ظلم کی وجہ سے اس سے بچنا چاہئے اور آپ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں برائی کا بدلہ تو بھلائی کے ساتھ دینا ہے قال ابن آدم "لئن بسطت الي يدك لتقتلني ما انا بباسط يدي اليك" نیز بکثرت آیات میں "فاعفوا واصفحوا" کا لفظ وارد ہے ان سب کا تقاضہ یہ ہے کہ جوابا بھی کسی کو برا بھلا نہ کہا جائے۔

وفي الباب عن سعد اخرجه ابن ماجه وابن مسعود اخرجه الترمذي و عبدالله بن مغفل اخرجه الطبراني هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد و مسلم و ابوداؤد

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا اَبُو دَاوٗدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ زِيَادِ بْنِ عَلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ فَتُؤْذُوا الْاَحْيَاءَ

ترجمہ: مغیرہ بن شعبہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم مردوں کو برا بھلا مت کہو کہ اس سے تکلیف پہنچاتے ہو زندوں کو۔

الاموات: علامہ عینیؒ فرماتے ہیں اس میں الف لام عہدی ہے اور اس سے مراد اموات مسلمین ہیں ابن عمرؓ کی روایت جس کی تخریج امام ترمذیؒ نے کی ہے اس میں وارد ہے اذکروا محاسن موتاکم و کفوا عن مساویھم معلوم ہوا کہ اس سے مراد مسلمین ہیں لہذا اموات کفار کو برا کہنا جائز ہے بشرطیکہ اس کافر کے کسی عزیز مسلمان کو ایذاء نہ ہو جیسا کہ روایات میں وارد ہے کہ آپ ﷺ نے ان کفار ومشرکین کو بھی برا بھلا کہنے سے منع فرمایا جو بدر کی جنگ میں مارے گئے تھے فرمایا لا تسبوا ھکذا فانه لا يخلص اليهم شيء مما تقولون وتؤذون الاحياء الا ان البذاء لؤم (ابن ابی الدنیا نسائی عن ابن عباس) بہرحال اموات مسلمین کے خاص طور پر محاسن ذکر کئے جائیں اور ان کی برائیوں سے اجتناب کیا جائے علامہ ابن بطالؒ فرماتے ہیں کہ وہ کفار جن کی موت کفر پر یقینی ہوئی ہے اور دنیا میں رہتے ہوئے انہوں نے شر وفساد پھیلایا ہو تو انکو برا بھلا کہنا جائز ہے اور فرمایا کہ اموات مسلمین کو برا کہنا غیبت میں داخل ہے جسکی تلافی بھی ناممکن ہے اس لئے اس سے اجتناب لازم وضروری ہے۔

وقد اختلف سفيان في هذا الحديث: یعنی مغیرہ بن شعبہؓ کی یہ روایت جو بطریق سفیان ثوری منقول ہے اس کو بعض حضرات نے تو سفیان عن زیاد بن علاقہ قال سمعت المغیرۃ بن شعبہ کہہ کر نقل کیا ہے جیسا کہ ابوداؤد حفری کی یہ روایت الباب ہے

ابو داؤد الحفري بفتح المهملة والفاء نسبة الى موضع بالكوفة اسمه عمر بن سعد بن عبيد ثقة عابد من التاسعة زياد بن علاقة بكسر المهملة وبالقاف الثعلبي بالمثلثة المهملة ابو مالك الكوفي ثقة رمي بالنصب من الثالثة ۱۳۵ء وقد جاوز المائة ۱۲

نیز ابونعیم اور وکیع بن الجراح نے بھی زیاد بن علاقہ اور مغیرہ کے درمیان کوئی واسطہ ذکر نہیں کیا ہے (اخرجہ عنہما احمد بن حنبل فی مسندہ ہکذا) مگر جب دوسری روایت مثلاً عبدالرحمٰن بن مہدی نے اس روایت کو بطریق سفیان نقل کیا تو زیاد بن علاقہ اور مغیرہ کے درمیان رجل کا ذکر کیا ہے فرمایا: "عن سفیان عن زیاد بن علاقة قال سمعت رجلا یحدث المغیرة بن شعبة قال قال رسول اللہ ﷺ الخ" ممکن ہے یہ کہا جائے کہ زیاد بن علاقہ نے اولاً کسی واسطہ سے اس روایت کو سنا ہو اور پھر براہ راست مغیرہ سے سماعت کی ہو اور دونوں طرح روایت کو نقل کرتے ہوں فلا اشکال۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا وَكِيعٌ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زُبَيْدِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ قَالَ زُبَيْدٌ قُلْتُ لِأَبِي وَائِلٍ أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ۔

ترجمہ:۔ عبداللہ بن مسعودؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمان کو گالی دینا فسق اور اس کو قتل کرنا کفر ہے میں نے ابو وائل سے کہا کہ تم نے اس کو عبداللہ سے سنا ہے انہوں نے کہا ہاں۔

سباب: بکسر السین وتخفیف الباء برا بھلا کہنا یعنی کسی کو بری باتیں کہنا خواہ اس میں وہ ہوں یا نہ ہوں مقصود اسکو عیب لگانا ہو۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ بہ نسبت سبّ کے سباب میں مبالغہ ہے جیسے قتل اور قتال میں۔ فسوق لغت میں اس کے معنی خروج اور نکلنے کے آتے ہیں اور شرع میں اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول ﷺ کی اطاعت سے نکل جانا اور عرف شرع میں فسوق عصیان سے بڑھ کر ہے قال تعالیٰ "وکرہ الیکم الکفر والفسوق والعصیان" مسلمان کو گالی دینا برا بھلا کہنا اس کی تحقیر کو مستلزم ہے حالانکہ حدیث میں مسلمان کی تعظیم کا حکم ہے لہٰذا اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی ہوئی اس لئے اسکو فسوق فرمایا گیا ہے۔ وقتالہ کفر: یعنی مسلمان کے ساتھ محاربہ ومجادلہ باطل طریقہ پر کرنا موجب کفر ہے اگر کوئی شخص اس کو حلال سمجھتا ہو تو ایسا شخص ظاہر ہے کہ کافر ہوگا اور اگر حلال نہ سمجھے تو روایت کے معنی یہ ہونگے مسلمان کے ساتھ قتال مستلزم ہے اخوت اسلامی جیسی نعمت کے کفران کو یا بعض مرتبہ یہ قتال کفر تک پہنچا دیتا ہے یا ایسا کرنا کافروں کا عمل ہے بعض نے فرمایا کہ کفر سے تغلیظاً وتشدیداً تعبیر کیا ہے۔ کما فی قولہ علیہ السلام "من ترک الصلوٰة متعمداً فقد کفر" سوال: سباب المسلم اور قتال المسلم دونوں ہی بصورت استحلال کفر ہیں اور دوسری صورت میں فسق پھر سباب المسلم کو فسوق سے اور قتال المسلم کو کفر سے کیوں تعبیر کیا ہے۔ جواب: یہ ہے کہ قتال مسلم سباب مسلم سے بڑھا ہوا گناہ ہے نیز قتال مسلم کافروں کا عمل ہے نہ کہ مسلمانوں کا اس وجہ سے اس کو کفر سے تعبیر کیا ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد والشیخان والنسائی والحاکم وابن ماجہ

بَابُ مَاجَاءَ فِي قَوْلِ الْمَعْرُوفِ

معروف یہ جامع لفظ ہے ہر اس نیک عمل کو شامل ہے جس کا اچھا ہونا معروف بین الناس ہو وقد تقدم۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا تُرٰى ظُهُورُهَا مِنْ بُطُونِهَا وَبُطُونُهَا مِنْ ظُهُورِهَا فَقَامَ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ لِمَنْ هِيَ

زبید بن الحارث بالزاء المعجمة والباء الموحدة مصغرا ابو عبد اللہ الکریم بن عمرو بن کعب الیامی بالتحتانیة ابو عبدالرحمن الکوفی ثقة ثبت عابد من السادسة ۲۲ او بعدھا ۳۔

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ لِمَنْ اَطَابَ الْکَلَامَ وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ وَاَدَامَ الصِّیَامَ وَصَلّٰی بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ۔

ترجمہ: علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بیشک جنت میں ایسے بالا خانے ہیں کہ جن کے باہر کے حصے اندر سے نظر آتے ہیں اور اندر کے حصے باہر سے پس ایک اعرابی کھڑا ہوا اور اس نے کہا کہ کس کے لئے ہیں یہ بالا خانے یا رسول اللہ تو فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے لئے جو شیریں کلام کرے اور کھانا کھلائے اور روزے کی پابندی کرے اور نماز پڑھے رات میں جس وقت لوگ سوئے ہوئے ہوں۔

غرف: یہ غرفہ کی جمع ہے جس کے معنی بالا خانہ کے ہیں۔ تُرٰی: مجہول کا صیغہ ہے۔ ''ظهورها من بطونها الخ'' یعنی ان کی ظاہری اور داخلی بناوٹ ایسی اعلیٰ قسم کی ہے وہ بالکل صاف و شفاف ہیں باہر کے حصہ کا عکس اندر کے حصے پر اور اندر کے حصے کا عکس باہر کے حصے پر نظر آتا ہے۔ ''لمن اطاب الکلام'' عمدہ کلام کرے بعض روایات میں الان اور بعض میں الیّن اور بعض میں لین بتشدید الیاء واقع ہے اس سے مراد یہ ہے کہ لوگوں کے ساتھ شیریں کلام سے پیش آتا ہو نرم گفتگو کرنے والا ہو اس کی زبان پر تلخی نہ ہو اس طرح بات کرتا ہو جیسے ہر جملہ پھول کی طرح خوش کن ہو دل آزاری کرنے والا نہ ہو قال تعالیٰ ''واذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاما'' اطعم الطعام: جنت کے مستحق بالا خانہ کی دوسری صفت یہ ہے کہ مستحقین کو کھانا کھلائے اپنے اہل و عیال، فقراء، مساکین، اقرباء، اضیاف واردین و صادرین سب اس میں داخل ہیں یعنی خرچ کرنے میں تنگی نہ کرتا ہو بلکہ فراخی سے کام لیتا ہو کما اشار الیہ بقولہ تعالیٰ ''والذین اذا انفقوا لم یسرفوا و لم یقتروا و کان بین ذالک قواما'' ادام الصیام: یعنی فرض روزوں کے بعد بکثرت نفلی روزے رکھتا ہو ایسا نہ ہو کہ نفلی روزوں کی طرف بالکل متوجہ نہ ہو بعض نے فرمایا اس سے مراد ہر مہینہ کے تین روزے رکھنا ہے اشار الیہ بقولہ ''اولئك يجزون الغرفة بما صبروا'' یہاں صبر سے مراد صیام ہے کما قال المفسرون، وصلی باللیل والناس نیام یعنی جنت کے بالا خانہ ایسے شخص کے لئے ہیں جو رات کو تنہائی میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہو جس وقت لوگ سو رہے ہوں یا وہ لوگ عبادت سے غافل ہوں: چونکہ بدیں حالت عبادت کرنا ریاء سے دور ہے اس میں اخلاص زائد ہوتا ہے اشار الیہ بقولہ تعالیٰ ''والذین یبیتون لربهم سجدا وقیاما'' بہر حال روایت مذکورہ سے معلوم ہوا کہ لوگوں کے ساتھ نرم کلامی، سخاوت کا برتاؤ، نفلی روزے اور رات کو عبادت کرنا یہ سب ایسے نیک کام ہیں کہ ان کی وجہ سے آدمی جنت کے بالا خانوں کا مستحق ہو جاتا ہے۔

هذا حديث غريب اخرجه احمد وابن حبان والبيهقي۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ فَضْلِ الْمَمْلُوْكِ

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ نِعْمَ مَا لِاَحَدِهِمْ اَنْ يُّطِيْعَ اللّٰہَ وَيُؤَدِّيَ حَقَّ سَيِّدِهٖ يَعْنِي الْمَمْلُوْكَ وَقَالَ كَعْبٌ صَدَقَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُهٗ۔

علی بن مسهر بضم المهملة وسكون المهملة وكسر الهاء القرشي الكوفي قاضي موصل ثقة له غرائب بعدما اضر من الثامنة عبدالرحمٰن ابن اسحاق بن الحارث الواسطي يقال الكوفي ضعيف من السابعة نعمان بن سعد بن حبتة بفتح المهملة وسكون الموحدة ثم المثناة ويقال آخره راء الانصاري الكوفي مقبول من السادسة ۱۸۹ جه ٹ۔

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہت اچھی ہے وہ شئی ان میں سے کسی کے لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے اور اپنے مالک کا پورا حق ادا کرے اس سے مراد نیک غلام ہے اور کعب نے کہا اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا۔

نعم ما مانکرہ ہے بمعنی شئی ای نعم شیئاً اور بخاری میں نعمّا واقع ہے اور ان یطیع اللہ الخ مخصوص بالمدح ہے اور تقدیر عبارت یہ ہے "نعم شیئاً له اطاعة الله واداء حق سيده"۔

روایت میں اس غلام کی تعریف کی گئی ہے جو اللہ کی اطاعت کرتا ہے اور اپنے مولیٰ کی بھی اطاعت کرتا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ ایسے غلام کو دہرا اجر ملتا ہے جس نے اپنے مولیٰ اور اللہ دونوں کا حق ادا کیا ہو اجر بقدر محنت ہوتا ہے اور اس نے دوہری محنت کی ہے۔

وقال كعبؓ صدق الله ورسوله: کعبؓ احبار کا یہ فرمانا تو اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے کتب سماویہ میں یہ مضمون پڑھا ہوگا کیونکہ وہ کتب سماویہ کے ماہر تھے یا یونہی خوشی کے طور پر کہا ہے۔

وفی الباب عن ابی موسیٰؓ اخرجہ البخاری وابن عمرؓ اخرجہ الشیخان وابوداؤد وهذا حديث حسن صحيح اخرجہ الشیخان۔

حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ ثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الْيَقْظَانِ عَنْ زَاذَانَ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ثَلٰثَةٌ عَلَى كُثْبَانِ الْمِسْكِ أُرَاهُ قَالَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَبْدٌ أَدّٰى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيهِ وَرَجُلٌ أَمَّ قَوْمًا وَهُمْ بِهٖ رَاضُونَ وَرَجُلٌ يُنَادِي بِالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ۔

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تین شخص مشک کے ٹیلوں پر ہونگے میرا خیال ہے کہ فرمایا قیامت کے دن وہ غلام جس نے اللہ کا حق ادا کیا اور اپنے آقاؤں کا بھی حق ادا کیا۔ اور وہ شخص جس نے کسی قوم کی امامت کی اور وہ قوم اس سے راضی رہی اور وہ شخص جو پانچوں نمازوں کے لئے ہر دن رات میں اذان دیتا رہا ہو۔

اس روایت میں صالح غلام کے لیے فضیلت بیان فرمائی گئی ہے کہ وہ قیامت کے دن مشک کے ٹیلوں پر ہوگا۔

كثبان المسك: جمع كثيب ریت کا اونچا ٹیلہ اراہ بضم الہمزہ ضمیر منصوب کا مرجع ابن عمرؓ ہے اور اس کے قائل زاذان ہیں یعنی زاذان کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ ابن عمرؓ نے على كثبان المسك کے بعد يوم القيامة کا لفظ بھی فرمایا تھا عبد: اس سے مراد عام ہے خواہ غلام ہو یا باندی ہو۔ ادّٰی حق الله و حق مواليه: چونکہ اس غلام نے اللہ اور اپنے مولیٰ کے حق کو پورے طور پر ادا کیا ایک کا حق ادا کرنے میں دوسرے کا حق فوت نہیں کیا' ظاہر ہے دونوں کے حقوق ادا کرنے میں اس نے انتہائی محنت و مشقت برداشت کی ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس کو یہ فضیلت عطاء کی کہ مشک و عنبر کے ٹیلوں پر اعزاز کے ساتھ بٹھا دیا امّ قوماً وهم به راضون: یعنی قوم کی امامت اس طرح کی کہ سب لوگ اس سے راضی رہیں یہ بھی اہم بات ہے لہٰذا اگر امام کے فسق و جہل اور بدعت کی وجہ سے لوگ

ابی الیقظان عثمان بن قیس قال فی التقریب عثمان بن عمیر بالتصغیر ویقال ابن قیس والصواب ان قیساً جدہٗ وھو عثمان بن ابی حمید ایضا البجلی الکوفی الاعمیٰ ضعیف اختلط وکان یدلس ویغلو فی التشیع من السادسۃ ۱۲۔

ناراض ہوں تو ایسے امام کے لیے روایات میں وعید آئی ہے البتہ اگر ناراضگی کی وجہ دنیوی عداوت ہو تو اس کا کچھ اعتبار نہیں ہے کما صرح بہ فی المرقاۃ نیز ملا علی قاریؒ نے فرمایا کہ پسند کرنے والے بعض افراد ہوں تو اعتبار عالم کا ہوگا خواہ وہ تنہا ہو بعض حضرات نے اکثریت کا اعتبار کیا ہے لیکن شاید اکثریت علماء کی مراد ہے چونکہ جہلاء کی اکثریت کا کوئی اعتبار نہیں۔

رجل ینادی بالصلوات الخمس: اس سے مراد بغیر اجرت کے محض اللہ کے لیے اذان پڑھنا ہے جیسا کہ روایات میں "یحتسبھا" کا لفظ وارد ہوا ہے مگر دوسرا قول یہ ہے کہ اجرت کے ساتھ بھی اخلاص باقی رہ سکتا ہے۔

لہٰذا جو شخص اخلاص کے ساتھ اذان پڑھتا ہو خواہ اس پر اجرت بھی لیتا ہو تو اس کو بھی یہ فضیلت حاصل ہوگی بہرحال تینوں افراد کے لیے مذکورہ فضیلت حدیث میں وارد ہوئی ہے۔

ھذا حدیث غریب اخرجہ احمد والطبرانی وابو الیقظان ان کا نام عثمان بن قیس ہے اور تقریب میں عثمان بن عمرو یقال ابن قیس واقع ہے مگر صحیح یہ ہے کہ قیس ان کے باپ کے دادا کا نام ہے یہ طبقہ سادسہ کا غالی فی التشیع مدلس اور ضعیف راوی ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مُعَاشَرَةِ النَّاسِ

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ اَبِيْ شَبِيْبٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِتَّقِ اللّٰهِ حَيْثُ مَا كُنْتَ وَاَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ۔

ترجمہ: ابوذرؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈر جہاں بھی تو ہو اور برائی کے بعد نیکی کر نیکی برائیوں کو مٹا دیتی ہے اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آ۔

معاشرۃ: لغت میں آپس میں مل جل کر رہنے کو کہتے ہیں۔

باب کا حاصل یہ ہے کہ انسان مدنی الطبع ہے لوگوں سے میل جول کیے بغیر اس کو زندگی گذارنا دشوار ہے اس لیے انسان کو زندگی گذارنے کے آداب ضرور سیکھنے چاہئیں اور آداب زندگی مختلف قسم کے ہیں ہر ایک کے لیے اس کے مطابق ادب ہے جیسا کسی سے تعلق ہوگا ویسا ہی اس کا ادب وحق ہوگا مثلاً قرابت صداقت اخوۃ اسلامی جوار نیز قربت کے مختلف درجات ہیں: محرم غیر اسی طرح حق جوار پھر جوار میں درجات ہیں نیز اخوت اسلامی کے بھی درجات ہیں مصاحبت غیر مصاحبت مصاحبت کی مختلف انواع ہیں ایک رفیق درس ہے ایک رفیق سفر ہے اسی طرح صداقت کے بھی انواع ہیں بہرحال ان تمام تعلقات کے اپنے اپنے اعتبار سے حقوق ہیں ان سب کو ادا کرتے ہوئے آدمی زندگی گزارے تو یہ حسن معاشرت ہے اور اگر ان حقوق وآداب کو ملحوظ نہ رکھا گیا تو یہ سوء معاشرت ہوگی چونکہ اس سے ایک دوسرے سے تکدر اور انقباض ہوگا معاشرت میں انبساط وانشراح نصیب نہ ہوگا کیونکہ اس کا مدار الفت باہم ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت میں اسی کی تعلیم فرمائی ہے۔

قال لی: لام اختصاص کے لیے ہے "اتق اللّٰہ حیث کنت" یعنی جہاں بھی رہے اللہ کا خوف کر۔

حبیب بن ابی ثابت بن قیس ویقال ھند بن دینار الاسدی مولاھم ابو یحیی الکوفی ثقۃ فقیہ جلیل وکان کثیر الارسال والتدلیس من الثالثۃ ۱۱۹ھ میمون بن ابی شبیب ربعی ابونصر الکوفی صدوق کثیر الارسال من الثالثۃ ۸۳ھ فی وقعۃ الجماجم ۱۲

تقوی کی حقیقت

اتق امر کا صیغہ ہے جس کا مادہ تقوی ہے لغوی معنی بچنا اور اصطلاح شرع میں یہ لفظ گناہوں سے بچنے کے لیے بولا جاتا ہے اور جب اس کی نسبت اللہ کی طرف کی جائے تو ترجمہ اللہ سے ڈرنے کا کیا جاتا ہے اور مطلب یہ ہے کہ جملہ فرائض وواجبات کو ادا کرے اور تمام منہیات سے پرہیز کرے تقوی کی سب سے جامع تعریف وہ ہے جس کو حضرت ابی ابن کعبؓ نے سوال کرنے پر فرمائی تھی حضرت عمرؓ نے پوچھا تقویٰ کیا ہے؟ تو ابی بن کعبؓ نے فرمایا اے امیر المومنین کبھی آپ کا گذر ایسے راستہ سے بھی ہوا ہوگا جو کانٹوں سے بھرا ہوا ہو حضرت عمرؓ نے فرمایا کئی بار ہوا ہے ابی ابن کعب نے معلوم کیا آپ نے ایسے موقع پر کیا کیا؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا دامن سمیٹ لیا اور نہایت احتیاط سے گذر گیا حضرت ابی بن کعبؓ نے فرمایا پس تقویٰ اسی کا نام ہے یہ دنیا خارستان ہے گناہوں کے کانٹے اس میں بھرے ہوئے ہیں دنیا میں اس طرح چلنا اور زندگی گزارنا کہ دامن گناہوں کے کانٹوں سے نہ الجھے اسی کا نام تقویٰ ہے جو سب سے زیادہ قیمتی سرمایہ ہے بعض نے فرمایا کہ تقویٰ شبہات سے بچنے کا نام ہے کما قال علیہ السلام الحلال بین والحرام بین وبینہما مشتبہات و کذاقال علیہ السلام دع ما یریبک الی مالا یریبک۔

خوف خدا ہی انقلابی امر ہے: بہرحال حدیث شریف میں تقویٰ کی اسناد اللہ تعالیٰ کی طرف کی گئی ہے لہٰذا یہاں پر مراد خوف خدا ہے مطلب یہ ہے کہ اے ابوذر تو خواہ خلوت میں ہو یا جلوت میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہ خوف خدا ہی ایسا انقلابی امر ہے جس کی وجہ سے انسان کی ظاہری اور باطنی حالت یکساں ہوتی ہے وہ یقین رکھتا ہے کہ مکان کے بند دروازہ اور اس پر پہرہ وچوکیوں اور رات کی تاریکیوں میں بھی کوئی دیکھنے والا مجھے دیکھ رہا ہے نیز کوئی لکھنے والا لکھ رہا ہے خوف خدا ہی ایسی شئ ہے جس سے اسلام کے ابتدائی دور میں ایسا معاشرہ پیدا ہوا کہ مسلمانوں کی صورت دیکھ کر چال چلن دیکھ کر لوگ دل وجان سے اسلام کے گرویدہ ہو گئے انسداد جرائم اور اصلاح اخلاق کے لیے صرف خوف خدا ہی مفید اور کارگر ہے دنیوی قوانین اور تعزیرات اس کے لئے کافی نہیں ہیں جس کا تجربہ رات دن ہوتا رہتا ہے آئے دن قوانین بنتے ہیں مگر جرائم میں کوئی کمی نہیں ہوتی کسی نے کیا خوب کہا ہے شعر۔

ہر دن نئے قانون بنائے جاتے ہیں دنیا کو چلانے کو تو قرآن بہت ہے

اتبع السیئۃ الحسنۃ تمحہا: اتبع ماخوذ ہے اتباع سے یہ متعدی بدومفعول ہے اس جملہ کے معنی ہیں کہ گناہ ہو جانے کے بعد نیکی کر اس لئے کہ نیکی کے ذریعہ وہ برائی مٹ جائیگی۔ فان الحسنات یذھبن السیئات الآیۃ اگر گناہ ہو جائے تو توبہ واستغفار کے بعد نیک کام کر لینا چاہیے اس لئے کہ اس کے ذریعہ برائی کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔ حدیث میں وارد ہے ان العبد اذا اخطا خطیئۃ نکتت فی قلبہ نکتۃ فاذا نزع واستغفر و تاب صقل قلبہ وان عاد یدخلہا حتی یعلو قلبہ وھو الران الذی ذکرہٗ تعالی کلابل ران علی قلوبھم ما کانوا یکسبون (الآیہ) مگر یہ بات یاد رہے کہ قرآن کریم کی متعدد آیات اور احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حسنات کا مذہب سیئات ہونا صرف صغائر کے ساتھ مخصوص ہے قال تعالی ان تجتنبوا کبائر ما تنھون عنہ نکفر عنکم سیئاتکم الآیۃ نیز روایات میں ہے کہ پانچ نمازیں اور ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک ایک رمضان سے دوسرے رمضان تک ان تمام گناہوں سے کفارہ ہیں جو ان کے درمیان صادر ہوئے ہیں بشرطیکہ یہ شخص کبائر سے بچتا

رہا ہو۔ مطلب یہ ہے کہ بڑے گناہ بغیر توبہ کے معاف نہیں ہوتے ہیں البتہ چھوٹے گناہ دوسرے نیک کاموں سے معاف ہو جاتے ہیں مگر بحر محیط میں علماء محققین کا یہ قول نقل کیا گیا ہے کہ صغیرہ گناہ بھی نیک کاموں سے جب ہی معاف ہوتے ہیں جب کہ آدمی ان کے کرنے پر شرمندہ ہو اور آئندہ نہ کرنے کا عزم رکھتا ہو اور ان پر اصرار بھی نہ کرتا ہو حدیث میں جتنے واقعات کفارۂ ذنوب ہونے کے منقول ہیں ان سب میں یہ تصریح بھی ہے کہ جب ان کا کرنے والا اپنے فعل پر نادم ہوا اور آئندہ نہ کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تب آپ ﷺ نے اس کو معاف ہونے کی بشارت سنائی ہے۔

بہرحال روایت میں گناہ سے توبہ کرنے کا مسنون ومحمود طریقہ بتایا گیا ہے کہ اگر کسی مسلمان سے گناہ صادر ہو جائے تو اس کو چاہیے کہ توبہ کے ساتھ ساتھ نیک اعمال بھی کرلے تاکہ گناہ کا اثر بالکلیہ ختم ہو جائے۔ تمحها حسنہ اثر سیئہ کو مٹادیتی ہے قلب سے یا دیوان حفظہ سے وخالق الناس بخلق حسن یعنی لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ معاملات بالمجالمہ ہوں طلاقۃ وجہ تواضع اور تلطف کے ساتھ پیش آؤ تاکہ مخلوق خدا بھی راضی رہے اور خالق بھی راضی رہے بعض حضرات نے خلق حسن کی تعریف بیان کی ہے السلوك الى مايرضى عنه الله تعالى والخلق جميعًا

وفی الباب عن ابی ہریرۃؓ اخرجہ ابوداؤد والدارمی۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجہ احمد والدارمی والحاکم والبیہقی۔

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ وَ اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ سُفْيٰنَ عَنْ حَبِيْبٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ بِنَحْوِهٖ الخ

روایت کو جس طرح بندار نے عبدالرحمن بن مہدی سے ثنا سفیان الخ کہہ کر نقل کیا ہے اور اس کو ابوذرؓ کی روایت قرار دیا ہے اسی طرح محمود بن غیلان نے بواسطہ ابونعیم وابواحمد عن سفیان الخ اسی سند کے ساتھ اس کو نقل کیا ہے مگر محمود نے بواسطہ وکیع بن سفیان الخ نقل کرتے ہوئے اس کو معاذ بن جبل کی روایت قرار دیا ہے مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ ابوذرؓ کی روایت ہے معاذؓ کی نہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ ظَنِّ السُّوْءِ

سوء: مسائة و مسائية بمعنی اندوهگین کردن۔ سُوء بالضم اسم ہے برائی کے معنی میں آتا ہے بعض اہل لغت نے ضابطہ بیان کیا ہے کہ اگر یہ لفظ مضاف ہو تو سو بضم السین ہوگا جیسے سوء الحساب اور اگر مضاف الیہ ہو تو بفتح السین ہوگا جیسے دائرۃ السوء بالفتح مستعمل ہے (بیضاوی)۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ۔

ترجمہ: ابوہریرۃؓ سے منقول ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ بچو تم بدگمانی سے اس لئے کہ بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے۔

ظن: کے معنی غالب گمان کے ہیں۔ روایت کا حاصل یہ ہے کہ مسلمانوں کے بارے میں بدگمانی سے پرہیز کرنا چاہیے جب تک کسی دلیل شرعی سے اس کا ثبوت نہ ہو جائے۔

ابوبکر جصاص یاایها الذین آمنوا اجتنبوا کثیرا من الظن ان بعض الظن اثم الآیہ۔ کے تحت ظن کے بارے میں

ایک جامع تفصیل بیان فرمائی ہے۔ فرماتے ہیں ظن کی چار قسمیں ہیں (۱) حرام (۲) ماموربہ اور واجب (۳) مستحب و مندوب (۴) مباح اور جائز۔ (۱) ظن حرام اللہ تعالیٰ کے متعلق یہ بدگمانی کہ وہ عذاب ہی دیگا یا مصیبت ہی میں رکھے گا اور اللہ کی رحمت و مغفرت سے مایوس ہونا۔ روایت میں ہے لا یموتن احدکم وھو یحسن الظن باللّٰہ وفی روایۃ انا عند ظن عبدی بی فلیظن بی ماشاء معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسن ظن فرض ہے اور بدگمانی حرام ہے اسی طرح جو مسلمان ظاہراً نیک ہوں ان کے متعلق بغیر دلیل قوی کے بدگمانی کرنا حرام ہے (۲) جس کام کی ایک جانب پر عمل کرنا شرعاً ضروری ہو اور اس کے متعلق قرآن و سنت میں کوئی واضح دلیل نہ ہو تو وہاں ظن غالب پر عمل کرنا واجب ہے جیسے باہمی منازعات و مقدمات کے فیصلہ میں ثقہ گواہوں کی گواہی کے مطابق فیصلہ دینا کیونکہ حاکم و قاضی جسکی عدالت میں مقدمہ دائر ہے اس پر اس کا فیصلہ دینا واجب ہے حالانکہ اس خاص معاملہ میں کوئی نص قرآن و حدیث موجود نہیں ہے ظن غالب پر عمل کرتے ہوئے ثقہ گواہوں کی گواہی پر فیصلہ کرنا واجب ہے اگرچہ یہ احتمال ہے کہ ان گواہوں نے جھوٹ بولا ہو اسی طرح جہت قبلہ کے لئے ظن غالب واجب ہے جبکہ جہت قبلہ مشتبہ ہو جائے وہاں پر کوئی شخص ایسا نہ ہو جس سے جہت معلوم کی جاسکے نیز اگر کسی چیز کا ضمان دینا واجب ہو تو وہاں ضائع شدہ چیز میں ظن غالب ہی پر عمل کرنا واجب ہے (۳) ظن مباح مثلاً نماز کی رکعتوں میں شک پیدا ہو گیا تو ظن غالب پر عمل کرنا جائز و مباح ہے اور اگر ظن غالب کو چھوڑ کر امر یقینی پر عمل کرے تو یہ درست ہے (۴) ظن مستحب و مندوب مسلمان کے بارے میں اچھا گمان رکھنا اس پر ثواب ملتا ہے۔

بہر حال حدیث شریف میں حسن ظن کی ترغیب اور بدگمانی سے پرہیز کا حکم ہے کیونکہ ایسا بسا اوقات ہوتا ہے کہ گمان جھوٹ ہو جاتا ہے اس سے بدگمانی کی حرمت بھی معلوم ہوئی اور اس سے بچنے کا حکم بھی چونکہ کسی کے بارے میں غلط خیال لانا اور قصداً اس کو برا سمجھنا حرام ہے البتہ خواطر اور حدیث نفس کے طور پر برائی کا خیال دل میں آ جائے تو یہ معاف ہے بلکہ شک بھی معاف ہے البتہ ظن ممنوع ہے اس لیے کہ وہ نام ہے دل کے میلان اور قصد کا قال تعالیٰ یایھا الذین آمنوا اجتنبوا کثیرا من الظن ان بعض الظن اثم الآیہ' نیز حضور ﷺ کا ارشاد ہے ان اللّٰہ حرم من المسلم دمہٗ ومالہٗ وان یظن بہ ظن السوء (المعالی)

سوء ظن کی حرمت کی وجہ: دلوں کے اسرار سے صرف علام الغیوب ہی واقف ہے اس لئے کسی بندے کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی شخص کے متعلق اپنے دل میں غلط خیال پیدا کرے البتہ اگر اس کی برائی اس طرح ظاہر ہو جائے کہ انکار کی گنجائش نہ ہو اور تاویل و توجیہ ممکن نہ ہو تو اس صورت میں بلاشبہ اپنے علم و مشاہدہ کے مطابق غلط خیال کا دل میں آنا غیر اختیاری ہے جس پر پکڑ نہیں البتہ حتی الامکان اس کی تاویل کرلینی چاہیے۔

بدگمانی کا علاج: اگر کسی سے بدگمانی ہو جائے تو اس کے ازالہ کی فکر کرنی چاہیے اور اپنے نفس کو سمجھانا چاہیے کہ اس شخص کا حال تجھ پر مخفی ہے جس واقعہ کو بنیاد بنا کر بدگمانی پیدا ہوئی ہے اس میں خیر و شر دونوں کا احتمال ہے لہٰذا خیر کے احتمال کو ترجیح دے اور بدی کے احتمال کو زائل کرنے کی کوشش کرے قال النبی ﷺ ثلثۃ فی المؤمن ولہ منھن مخرج فمخرجہ من سوء الظن ان لا یحققہٗ (طبرانی)

فان الظن اکذب الحدیث: احتراز عن سوء الظن کی تاکید کی وجہ سے بجائے ضمیر کے اسم مظہر لایا گیا ہے گمان کو اکذب الحدیث فرمایا کہ دل میں آنے والی باتوں میں سب سے زائد جھوٹی بات ہے چونکہ شیطان کے القاء سے یہ گمان پیدا ہوتا ہے قال

النبی ﷺ کفی بالمرأ کذبا ان یحدث بکل ما سمع۔

سوال: کذب کے معنی خلاف واقع کے ہیں جس میں کمی وزیادتی مقصود نہیں پھر اکذب الحدیث کا کیا مطلب

جواب (۱) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ ظن اکثر کذبا یعنی گمان زیادہ تر جھوٹ ہوتا ہے۔ (۲) یا اس کے معنی یہ ہیں کہ بدگمانی کا گناہ جھوٹی بات سے بھی بڑھکر ہے (۳) یا مطلب یہ ہے کہ مظنونات میں کذب زیادہ واقع ہوتا ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان۔

وسمعت عبد بن حمید یذکر عن بعض اصحاب سفیان الخ سفیان کے بعض شاگردوں نے بیان کیا کہ سفیان نے فرمایا ظن کی دو قسمیں ہیں (۱) وہ ظن جو گناہ ہیں اور (۲) وہ ظن جو گناہ نہیں ہیں گناہ یہ کہ آدمی بدگمانی کرے اور اس کو زبان سے بھی ادا کرے اور اگر بدگمانی کی مگر زبان سے کچھ نہ کہا تو گناہ نہیں ہے مگر یہ سفیان کی رائے ہے محققین کی رائے وہ ہی ہے جو بیان کی گئی ہے کہ کسی کے بارے میں بدگمانی کو دل میں جمالینا بھی گناہ ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمِزَاحِ

المزاح: مَزَحَ يَمْزَحُ باب فتح یفتح سے مُزاحًا و مزاحۃ بضم المیم ہے اس کے معنی ہیں ہنسی مذاق کرنا دل لگی کرنا خوش مزاجی کی باتیں کرنا۔

حضور ﷺ اور آپ کے صحابہؓ سے مزاح منقول وثابت ہے لیکن آپ ﷺ اور صحابہ کرام کا مزاح شریعت کے دائرہ میں ہوتا تھا نہ اس میں جھوٹ کی آمیزش ہوتی نہ کوئی ایسی بات اس میں ہوتی جس سے دوسروں کو تکلیف ہو نہ اس میں مبالغہ ہوتا اور نہ ہی اس کو مشغلہ بناتے کہ ہر وقت مزاح ہی کرتے ہوں بلکہ گاہ بگاہ تانیس وتالیف کے لئے آپ ﷺ صحابہؓ کے ساتھ مزاح فرماتے تھے اگر ہر وقت مزاح ہو اس پر مداومت وہمیشگی ہو کہ ہر وقت ہنسی مذاق کی بات کرتا رہے جس کی وجہ سے لوگ ہنستے رہیں یہ جائز و درست نہیں ہے قال رسول اللہ ﷺ ان الرجل یتکلم بالکلمۃ یضحک بھا جلسانہ یھوی بھا فی النار ابعد من الثریا حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ جو زیادہ ہنستا ہے اس کا رعب ختم ہو جاتا ہے جو دل لگی کرتا ہے لوگ اس کی تعظیم نہیں کرتے نیز حضرات علماء نے فرمایا کثرت مزاح سے کثرت ضحک ہوتا ہے جس سے قساوت قلبی پیدا ہوتی ہے اور ایسا شخص اللہ کی یاد اور موت وما بعد الموت سے غافل ہو جاتا ہے اور کثرت مزاح بعض مرتبہ بغض وعداوت کا ذریعہ بن جاتی ہے اس لئے جس مزاح سے ایذاء ہو وہ جائز نہیں اس لئے کہ ایذاء مسلم حرام ہے اور جس مزاح سے دوسرے کی تحقیر لازم آئے وہ بھی ممنوع ہے۔ آیات واحادیث میں تحقیر مسلم کی سخت ممانعت وارد ہوئی ہے قال تعالٰی لا تسخر قوم من قوم الخ اس لئے جب کبھی مزاح ہو تو حق ہو اس میں کذب ودھوکہ دہی کی صورت نہ ہو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ انی لا مازحہ ولا اقول الاحقا۔

حضور ﷺ نے اپنے رفقاء ازواج مطہرات اور بچوں کے ساتھ مزاح فرمایا ہے۔ اس سلسلہ میں امام موصوف نے باب میں بعض احادیث ذکر فرمائی ہیں۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَضَّاحِ الْكُوْفِيُّ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَيُخَالِطُنَا حَتّٰى اِنْ كَانَ لَيَقُوْلُ لِاَخٍ لِيْ صَغِيْرٍ يَا اَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ۔

ترجمہ: انسؓ سے منقول ہے کہ بیشک حضور ﷺ ہم سے میل جول فرماتے تھے میرے چھوٹے بھائی کو کہا کرتے اے ابوعمیر ما فعل النغیر یعنی اے ابوعمیر نغیر کا کیا ہوا۔

لیخالطنا: یہ باب مفاعلت سے ہے جس کے معنی میل جول رکھنا۔ مزاح کرنا بعض نسخوں میں لیخاطبنا واقع ہے اور ضمیر متکلم سے مراد حضرت انسؓ اور انکے گھر والے ہیں۔ ما فعل یہ ماضی معروف ہے اس کے معنی کیا ہوا۔ کیا حال ہے۔ صیغہ مجہول ہونے کا بھی احتمال بیان کیا گیا ہے۔

النغیر یہ نغیر بضم النون کی تصغیر ہے چڑیا کی طرح ایک پرندہ ہوتا ہے جس کی چونچ سرخ ہوتی ہے اس سے مراد بلبل ہے (حیٰوۃ الحیوان) لاخ لی یہ حضرت انسؓ کے ماں شریک بھائی تھے جو ابوطلحہؓ کے بیٹے تھے۔

فوائد حدیث: یہ حضرت انسؓ کے چھوٹے بھائی تھے انہوں نے ایک بلبل پال رکھی تھی اتفاقاً وہ مرگئی جس پر بچہ کو غم ہوا تو اس پر آپ ﷺ نے بچہ سے مزاح فرمایا معلوم ہوا کہ مزاح کرنا جائز ہے نیز اگر کسی واقعہ کا علم ہو اور مزاحاً انجان بن کر اس کے بارے میں دریافت کرلیا جائے تو اس کی ممانعت نہیں ہے اور اس طرح کی مزاح جس سے مخاطب کو تسلی ہو اور تکلیف نہ پہنچے درست ہے۔ روایت سے کنیت رکھنے کا جواز بھی معلوم ہوتا ہے (۲) نیز معلوم ہوا کہ پرندہ کو محبوس کرنا بچہ کے کھیل کے لئے درست ہے البتہ بڑوں کے لئے اس وقت درست ہے جبکہ اذیت و تکلیف کا باعث نہ ہو (۳) مدینہ منورہ میں شکار کرنے کا جواز بھی اس سے معلوم ہوتا ہے گویا مدینہ منورہ کے لئے حکماً اس طرح کا حرم نہیں ہے جیسے مکہ کے لئے ہے وبہ قال ابوحنیفہؒ وصاحباہ وابن المبارک والثوری۔ لہٰذا ان حضرات کے نزدیک مدینہ منورہ میں شکار کرنے اور درختوں کو کاٹنے کی ممانعت نہ ہوگی۔ البتہ ائمہ ثلٰثہ کے نزدیک حرم مدینہ حرم مکہ کی طرح ہے اس لئے ان حضرات کے نزدیک مدینہ میں شکار کرنا اور درختوں کا کاٹنا جائز نہیں ہے مگر ائمہ ثلٰثہ کے نزدیک بھی اس شخص پر جزاء واجب نہیں جس نے مدینہ میں شکار کیا یا درخت کو کاٹا۔ ابن ابی ذئب کا اس میں اختلاف ہے ان کے نزدیک جزاء واجب ہے۔ مسئلہ کی پوری تفصیل کتاب الحج میں ہے۔ حافظ ابن حجرؒ نے مذکورہ روایت سے بہت سے ادبی اور فقہی فوائد مستنبط فرمائے ہیں اور ابوالعباس المعروف بابن القاضی نے ساٹھ فوائد بیان فرمائے ہیں۔ تفصیل کے لئے فتح الباری کا مطالعہ کیا جائے۔

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ عَنْ اَنَسٍ نَحْوَهٗ یہ روایت کی دوسری سند بیان فرمائی ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ نِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِنَّكَ تُدَاعِبُنَا قَالَ اِنِّي لَا اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا

عبداللّٰہ بن الوضاحؒ ابو محمد الکوفی اللؤلؤی مقبول من کبار العاشرۃ مات ۲۵۰ ابو التیاح بفتح اولہ و تشدید التحتانیۃ و آخرہٗ مہملۃ اسمہ یزید بن حمید البصری مشہور بکنیتہ ثقۃ ثبت من الخامسۃ مات ۱۲۸ھ

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے منقول ہے کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ بھی ہمارے ساتھ مزاح فرماتے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا میں ہمیشہ حق بات کہتا ہوں۔

مداعبۃ: مزاح کرنا دل لگی کرنا۔

صحابۂ کرام کو یا تو یہ بات معلوم تھی کہ آپ ﷺ نے مذاق سے منع فرمایا ہے یا مذاق میں چونکہ عموماً غلط باتیں ہوتی ہیں اس لئے تعجب سے سوال کیا آپ بھی مزاح فرماتے ہیں؟ یا منشأ سوال یہ تھا کہ آپ عند اللہ وعند الناس انتہائی جلیل القدر با عزت وعظمت ہونے کے باوجود بھی مذاق فرماتے ہیں تو آپ ﷺ نے جواب دیا ہاں میں مذاق کرتا ہوں مگر اس حد تک جہاں تک حق بات ہو غلط نہ ہو کسی کا تمسخر نہ ہو حد اعتدال سے تجاوز نہ ہو ایسی مذاق میں کوئی مضائقہ نہیں۔

هذا حديث حسن اخرجه احمد۔

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ عَاصِمٍ نِ الْاَحْوَلِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لَهٗ يَا ذَا الْاُذُنَيْنِ قَالَ مَحْمُوْدٌ قَالَ اَبُوْ اُسَامَةَ اِنَّمَا يَعْنِيْ بِهٖ اَنَّهٗ يُمَازِحُهٗ۔

ترجمہ: حضرت انس بن مالکؓ سے منقول ہے کہ حضور ﷺ نے ان سے فرمایا اے دو کان والے محمود کہتے ہیں کہ ابواسامہ نے کہا کہ بیشک آپ ﷺ نے مزاح فرمایا ہے دو کان تو ہر شخص کے ہوتے ہیں مگر آپ ﷺ نے حضرت انسؓ کو یہ لفظ کہہ کر پکارا اس سے مقصود مزاح فرمانا تھا۔ بعض حضرات فرماتے ہیں ممکن ہے کہ آپ ﷺ نے تنبیہ فرمائی ہو کہ جب آلہ سماعت دو ہیں تو اچھی طرح بات کو سننا چاہیے اور ممکن ہے کہ حضرت انسؓ کے کمال طاعت اور حسن خدمت کی طرف اشارہ ہو۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا اِسْتَحْمَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اِنِّيْ حَامِلُكَ عَلٰى وَلَدِ نَاقَةٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَهَلْ تَلِدُ الْاِبِلَ اِلَّا النُّوْقُ۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے منقول ہے کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ سے سواری طلب کی تو آپ ﷺ نے فرمایا میں تجھ کو سوار کرونگا اونٹنی کے بچے پر اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ میں اونٹنی کے بچہ کا کیا کرونگا تو حضور ﷺ نے فرمایا کیا نہیں جنتی ہے اونٹ کو مگر اونٹنی۔

استحمل اس کے معنی ہیں سواری طلب کی۔ النوق یہ ناقة کی جمع ہے بمعنی اونٹنی انی حاملك علی ولد ناقة سائل نے اس جملہ سے اونٹنی کا بچہ سمجھا حالانکہ آپ ﷺ کی مراد اونٹ پر سوار کرنا تھا اس لئے سائل نے سوال کیا کہ میں بچے کا کیا کرونگا حالانکہ اس نے غور نہیں کیا کہ ہر اونٹ اونٹنی کا بچہ ہوتا ہے آپ ﷺ نے اس کی وضاحت فرمادی اور اس شخص کے ساتھ مزاح بھی ہوگیا اور اس بات پر بھی تنبیہ ہوگئی کہ آدمی کو غور وفکر کے بعد ہی جواب دینا چاہیے۔

ان سب روایات سے ثابت ہوا کہ حضور ﷺ نے کبھی کبھی مزاح فرمایا ہے مگر ایذاء و تمسخر کے طور پر نہیں بلکہ حقیقت ہی کو بیان فرمایا جس سے مخاطب کی دل جوئی ہوتی تھی۔

(بقیہ صفحہ گذشتہ) عباس بن محمد حاتم الدوري ابو الفضل البغدادي خوارزمي الاصل ثقة حافظ من الحادي عشر ۲۷۱ علي بن الحسن ابن شقيق ابو عبد الرحمن المروزي ثقة حافظ من كبار العاشرة مات ۲۱۵ھ وقيل قبل ذلك اسامة بن اسلم زيد بن العدوي مولاه المدني ضعيف من قبل حفظه من السابعة مات في خلافة المنصور خالد بن عبد الله الواسطي المزني ثقة ثبت من الثامنة ۱۸۲ھ ۱۲۔

هذا حديث صحيح غريب اخرجه ابوداؤد۔

حضور ﷺ کی مزاح کے مزید واقعات: مروی ہے کہ ایک بوڑھی عورت آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ ﷺ نے نے ان سے فرمایا بوڑھی عورتیں جنت میں نہیں جائینگی وہ عورت یہ سن کر رونے لگی تو حضور ﷺ نے فرمایا اس کو خبر دیدو کہ تم اس روز بوڑھی نہیں رہوگی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں انا انشانا هن انشاء فجعلنا هن ابكارا۔ حضرت زاہر صحابی رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ نے بازار میں پیچھے سے جا کر پکڑ لیا تا کہ وہ آپ کو نہ دیکھ سکیں تو وہ کہنے لگے کون ہے مجھے چھوڑ دو پھر حضور ﷺ نے فرمایا کون ہے جو اس غلام کو خریدے زاہر نے کہا یا رسول اللہ آپ مجھ کو کم قیمت پائیں گے تو آپ ﷺ نے فرمایا لست عند اللہ بکاسد یعنی تو اللہ کے نزدیک کم قیمت نہیں یہ زاہر دیہات کے رہنے والے تھے دیہات کی چیزیں آپ ﷺ کے پاس ہدیہ لاتے اور آپ انکو واپسی کے وقت شہر کی چیزیں ہدیہ دیتے آپ نے مزاحاً فرمایا تھا ان زاهرا باديتنا نحن حاضرة کہ زاہر ہمارا دیہاتی ہے اور ہم اسکے شہری ہیں یہ واقعہ بھی آپ ﷺ کے قولی و فعلی مزاح پر دلالت کرتا ہے۔ اسی طرح ایک مرتبہ ام ایمن سے آپ ﷺ نے فرمایا تمہارے شوہر وہی تو ہیں جنکی آنکھ میں سفیدی ہے عورت نے کہا بخدا میرے شوہر کی آنکھ میں سفیدی نہیں ہے آپ نے فرمایا نہیں انکی آنکھ میں سفیدی ہے پھر اس نے کہا بخدا ان کی آنکھ میں سفیدی نہیں ہے تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہر شخص کی آنکھ میں سفیدی ہوتی ہے (زبیر بن بکار و ابن ابی الدنیا) ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضور کا مزاح یہ تھا کہ ایک مرتبہ آپ ﷺ نے ازواج مطہرات کو کپڑا دیا اور فرمایا اللہ کا شکر ادا کرو اور دلہن کی طرح اس کا دامن بناؤ یعنی آپ نے ان کو دلہن کہہ کر مزاح فرمایا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْمِرَاءِ

المراء بکسر المیم اس کے معنی جدال، بات کاٹنا، باہم جھگڑا کرنا ہے۔

حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ الْبَصْرِيُّ ثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَلَمَةُ بْنُ وَرْدَانَ اللَّيْثِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ مَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ بَاطِلٌ بُنِيَ لَهُ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ وَمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَهُوَ مُحِقٌّ بُنِيَ لَهُ فِي وَسَطِهَا وَمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ بُنِيَ لَهُ فِي أَعْلَاهَا۔

ترجمہ: حضرت انس بن مالکؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے جھوٹ کو چھوڑا حال یہ ہے کہ وہ باطل پر ہے تو اس کے لئے جنت کے قریب ایک گھر بنایا جائے گا اور جس نے جھگڑا کرنے کو چھوڑا حالانکہ وہ حق پر ہے تو اس کے لئے جنت کے درمیانی حصہ میں ایک گھر بنایا جائے گا اور جس شخص نے اپنے اخلاق کو اچھا کیا تو اس کے لیے جنت کے اعلیٰ مقام میں گھر بنایا جائے گا۔

من ترك الكذب: جس نے جھگڑے کے وقت اپنی غلط بات سے رجوع کر لیا یا مطلقاً جھوٹ کو چھوڑ دیا۔ وهو باطل: یہ جملہ معترضہ ہے جو شرط و جزاء کے درمیان واقع ہے جھوٹ سے نفرت دلانے کیلئے یہ جملہ لایا گیا ہے یا یہ جملہ حالیہ ہے یا تو مفعول

عقبة بن مكرم بضم الميم وسكون الكاف وفتح الراء العمي بفتح المهملة و تشديد الميم ابو عبدالملك البصري ثقة من الحادي عشر؛ ابن ابي فديك هو محمد بن اسماعيل بن مسلم ابي فديك بالفاء مصغر الديلي مولاهم المدني ابو اسماعيل صدوق من صغار الثامنة ۱۸۰ على الصحيح؛ سلمة بن وردان الليثي ابو يعلى المدني ضعيف من الخامسة ۱۵۳ھ ۱۲۔

سے حال واقع ہے تو معنی یہ ہونگے والحال انه باطل لا مصلحة فيه من رخصات الكذب كما فى الحرب اور اصلاح ذات البين والمعاريض ۔ یا یہ فاعل سے حال واقع ہے اور معنی یہ ہیں وہو ذو باطل بمعنی صاحب بطلان بنی مجہول کا صیغہ ہے ای بنی الله له قصراً ربض بفتح الباء بمعنی ماحول اور ذکر ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد وہ اطراف و جوانب ہیں جو داخل شیٔ ہوں اور اس سے مراد ادنیٰ درجہ ہے یعنی جس نے باطل جھگڑا کیا مگر متنبہ ہونے کے بعد اس کو چھوڑ دیا تو اللہ تعالیٰ اسکے لئے جنت کے ادنیٰ درجہ میں گھر بنائیں گے چونکہ اس نے ناحق جھگڑا کیا اس وجہ سے فضیلت میں کمی ہوگئی اور چھوڑ دینے کی وجہ سے گھر بنا دیا گیا ۔ ومن ترك المراء وهو محق حق پر ہوتے ہوئے محض فتنہ کو روکنے کی وجہ سے اس نے اپنے حق سے دست برداری کی تو ایسے شخص کے لئے جنت کے بیچ میں گھر بنایا جائیگا چونکہ اس نے اپنا حق چھوڑا اور اپنے مسلمان بھائی کی دل جوئی کی ہے جو فضیلت کی چیز ہے ۔

وحَسَّنَ خلقهٗ حسن بتشدید السین ای احسن بالریاضۃ یعنی حسن نے مجاہدہ کر کے اخلاق ذمیمہ کو دور کیا اور اخلاق فاضلہ کو اپنے اندر پیدا کیا اللہ تعالیٰ ایسے شخص کے لئے جنت کے اعلیٰ مقام میں گھر بنائیں گے معلوم ہوا کہ حسن اخلاق سب سے زیادہ فضیلت کی چیز ہے ۔

جدال و مراء کے درمیان فرق: مراء کے معنی جھگڑے کے ہیں بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مراء اور جدال کے مابین فرق ہے مراء کسی کے کلام میں نقص نکال کر اس پر طعن کرنا اور اس سے مقصود متکلم کی تحقیر و اہانت اور اپنی ذہانت و ذکاوت کا اعلان ہوتا ہے اور جدال اس بحث و مباحثہ کو کہتے ہیں جن کا تعلق مذاہب و عقائد سے ہو نیز تیسر الفظ خصومت ہے اس میں بھی جدال پایا جاتا ہے فرق یہ ہے کہ جدال میں کسی کے مال یا حق پر قبضہ کرنا ہوتا ہے اور خصومت میں کبھی اعتراض ہوتا ہے کبھی نہیں ہوتا اور مراء و جدال میں اعتراض ضرور ہوتا ہے ۔

جدال و مراء سے بچنے کا طریقہ: ان دونوں سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ آدمی مباحات میں بھی خاموش رہے یہ دونوں عیب دراصل اپنی برتری سمجھنے اور دوسروں کو حقیر جاننے سے پیدا ہوتے ہیں اور یہ دونوں ایسی شہوتیں ہیں جن پر قابو پانا بہت مشکل ہے اپنی برتری کا اظہار خود ستائی کے قبیل سے ہے اور خود ستائی اپنے کو بلند و بالا سمجھنے کا ردعمل ہے جبکہ کبریائی اور عظمت رب کریم کی صفات ہیں جو کسی اور کے لئے زیب نہیں اسی طرح دوسروں کی تحقیر بہیمانہ طبیعت کا مقتضی ہے اس لئے کہ درندہ دوسروں کو پھاڑنے اور زخمی کرنے کو پسند کرتا ہے یہ دونوں صفتیں انتہائی مذموم اور مہلک ہیں مراء و جدال سے ان دونوں کو تقویت ملتی ہے نبی کریم ﷺ نے مراء و جدال کے ترک کی تاکید فرمائی ہے فرمایا لا تمار اخاك ولا تمازحه ولا تعده موعدا فتخلفه ۔ یعنی اپنے بھائی کی بات کو مت قطع کر اور نہ اس سے ناشائستہ مذاق کر اور نہ اس سے ایسا وعدہ کر کہ جس کو تو پورا نہ کر سکے نیز ارشاد فرمایا ذَرْ ولمراءَ فانه لا تفهم حكمتهٗ ولا تؤمن فتنتهٗ (طبرانی) حضرت ام سلمہؓ سے مروی ہے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا اول ماعهدالى بعد عبادة الاوثان وشرب الخمر ملاحاة الرجال (ابن ابی الدنیا طبرانی بیہقی) نیز فرمایا ماضل قوم بعد ان هداهم الله الا اُوتوا الجدال (ترمذی) ایک جگہ ارشاد ہے ستٌ من كن فيه بلغ حقيقة الايمان الصيام من الصيف وضرب الاعداء بالسيف وتعجيل الصلوة فى اليوم الدجن (برسات) والصبر على المصيبات واسباغ الوضوء على المكاره وتركُ المراء وهو صادق (دیلمی)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا جو شخص زیادہ جھوٹ بولتا ہے اس کا حسن ختم ہو جاتا ہے جو شخص لوگوں کے ساتھ کج بحثی کرتا ہے اس کا وقار مجروح ہو جاتا ہے جسکو تفکرات زیادہ لاحق ہوں وہ بیمار ہو جاتا ہے اور جس کے اخلاق خراب ہوں وہ خود مبتلائے عذاب رہتا ہے۔

هذا حديث حسن رواه ابوداؤد: اس روایت کو امام ترمذیؒ نے شواہد کی بناء پر حسن فرمایا ہے ورنہ تو سلمہ بن وردان راوی کے بارے میں شراح نے کلام کیا ہے۔

حَدَّثَنَا فَضَالَةُ بْنُ الْفَضْلِ الْكُوفِيُّ ثَنَا أَبُوبَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ ابْنِ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ كَفَى بِكَ إِثْمًا أَنْ لَا تَزَالَ مُخَاصِمًا.

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تیرے گنہگار ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ تو ہمیشہ جھگڑا کرنے والا ہو۔

خصومت کی حقیقت اوپر بیان کی جا چکی ہے اس کی مذمت کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ آدمی کا جھگڑنے والا ہونا اس کے گنہگار ہونے کے لئے کافی ہے اس لئے کہ اس سے دین جاہ ہو جاتا ہے اور زندگی کا لطف اس سے ختم ہو جاتا ہے اور دل ذکر و فکر میں لگنے کے بجائے خصومت کی الجھنوں میں پھنس کر رہ جاتا ہے خصومت کا ادنیٰ اثر یہ ہے کہ اس سے اچھی بات کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے حالانکہ حسن کلام حسنِ معاشرت کا جزو ہے۔ قال النبی ﷺ ان ابغض الرجال الی الله الالد الخصام (بخاری) نیز ارشاد فرمایا من جادل فی خصومة بغیر علم لم یزل فی سخط الله حتی ینزع (ابن ابی الدنیا)

هذا حديث غريب قال المناوی اسناده ضعيف۔

حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا الْمُحَارِبِيُّ عَنِ اللَّيْثِ وَهُوَ ابْنُ أَبِي سُلَيْمٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَا تُمَارِ أَخَاكَ وَلَا تُمَازِحْهُ وَلَا تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ.

ترجمہ: ابن عباسؓ سے منقول ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ نہ جھگڑا کر تو اپنے بھائی سے اور نہ اس سے ناشائستہ مذاق کر اور نہ ایسا وعدہ کر جسکی خلاف ورزی کرے یعنی اس کو پورا نہ کر سکے۔

ولا تعده موعدا فتخلفه: موعد مصدر میمی ہے یا ظرف زمان و مکان ہے فتخلفہ یا خلاف سے ماخوذ ہے یا تو منصوب ہے علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں منصوب بتقدیر ان ہے اور نہی کا جواب ہے اور اسکے معنی یہ ہونگے کہ اپنے بھائی سے ایسا وعدہ نہ کر جس کو تو پورا نہ کر سکے یا ایسا وعدہ نہ کر جس کے پورا کرنے کی نیت نہ ہو یہ علامتِ نفاق ہے کما قال النبی ﷺ آیة المنافق ثلث ومنها اذا وعد اخلف یا مطلق وعدہ سے منع فرمانا مقصود ہے کہ بسا اوقات اسکے خلاف ہو جاتا ہے (۲) یا یہ مرفوع ہے اس صورت میں مراد یہ ہوگی کہ

فضالة بن الفضل الكوفي التميمي ابو الفضل صدوق ربما اخطأ من صغار العاشرة مات ۲۵۰ ابن وهب بن منبه مجهول من السادسة و كان لوهب ثلثة اولاد عبدالله و عبدالرحمن وايوب ۱۲۔

زياد بن ايوب بن زياد البغدادي ابو هاشم الطوسي الاصل يلقب دلويه و كان يغضب منها ولقبه احمد شعبة الصغير ثقة حافظ من العاشرة ۲۵۲ المحاربي عبدالرحمن بن محمد ووالده عبدالرحيم ليث بن ابي سليم بن زنيم بالزاء والنون مصغرا واسم ابيه ايمن وقيل انس من السادسة ۱۳۸ عبدالملك بن ابي بشير البصري نزيل مدائن ثقة من السادسة ۱۲۔

ایسا وعدہ نہ کرے جس میں خلاف وعدہ لازم آئے تقدیر عبارت ہوگی لاتعدہ موعدا فانت تخلفہ لہٰذا یہ جملہ معطوف علی الانشاء ہوگا۔

ایفاء وعدہ کا حکم: وعدہ کرنا جائز ہے مگر اس کا پورا کرنا لازم ہے قال تعالیٰ یایھا الذین آمنوا اوفوا بالعقود وقال علیہ السلام الوعد مثل الدین او افضل (ابن ابی الدنیا) البتہ وعدہ کے ساتھ لفظ شاید یا انشاء اللہ کہہ دیا جائے تو اس میں گنجائش ہے اگر وعدہ کر کے پورا کرنے کا پختہ عزم ہے مگر بعد میں کوئی عذر پیش آجائے تو یہ اس وعید میں داخل نہیں ہے اور اس کو علامت نفاق نہیں کہا جائیگا اگرچہ صورت نفاق کی ہے لہٰذا اس سے بھی بچنا چاہئے وعدہ کا پورا کرنا امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ اور عمر بن عبدالعزیزؒ کے نزدیک واجب ہے اور حضرات جمہورؒ کے نزدیک مستحب ہے اگر وعدہ خلافی کی تو اس کی فضیلت ختم ہو جائیگی اور یہ عمل مکروہ ہوگا لیکن اس سے گنہگار نہیں ہوگا اور اگر وعدہ خلافی سے مقصود تکلیف پہنچانا ہے تو گنہگار ہوگا۔

ھذا حدیث غریب وفی سندہ لیث بن ابی سلیم قال الحافظ صدوق اختلط اخیرا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُدَارَاةِ

المداراۃ: بذل الدنیا اسکے معنی کا خلاصہ یہ ہے ظاہری خوش خلقی اور دوستانہ برتاؤ کرنا مداراۃ غیر مسلموں سے جائز ہے جبکہ مقصود ان کو دینی نفع پہنچانا ہو یا وہ اپنے مہمان ہوں یا ان کے شر اور ضرر سے اپنے آپ کو بچانا مقصود ہو قرآن کریم کی آیت الا ان تتقوا منھم تقاۃ سے یہی مراد ہے اس کے بالمقابل مداہنۃ ہے یعنی بذل الدین للدنیا یعنی دین کے ذریعہ دنیا حاصل کرنا یہ جائز نہیں ہے اس لئے کہ اس میں دین کی اضاعت لازم آتی ہے۔

غیر مسلموں سے تعلقات کا معیار: جب دو شخص یا دو جماعتوں میں تعلقات ہوں تو اس کے مختلف درجات ہیں۔ (اول) موالات یہ دلی محبت ومؤدت کا نام ہے اور صرف مؤمنین کے ساتھ خاص ہے غیر مسلم کے ساتھ یہ تعلق کسی حال میں قطعاً جائز نہیں ہے (دوم) مواسات اس کے معنی ہمدردی خیر خواہی اور نفع رسانی کے ہیں یہ حربی کفار (جو مسلمانوں سے برسر پیکار ہیں) کے علاوہ باقی سب غیر مسلموں کے ساتھ جائز ہے (سوم) مدارات اسکی تفصیل اوپر بیان کی جا چکی ہے (چہارم) معاملات، تجارت، اجرت، ملازمت، اور صنعت وحرفت کے معاملات جن میں عام مسلمانوں کو نقصان پہنچتا ہو کافر کے ساتھ جائز نہیں رسول اللہ ﷺ اور خلفاء راشدین کا عمل اس پر شاہد ہے کفار اہل حرب سے اسلحہ وغیرہ فروخت کرنے کو منع فرمایا گیا اس لئے کہ وہ مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کا ذریعہ ہے اس کے علاوہ باقی تجارت کی اجازت ہے نیز غیر مسلم کو اپنا ملازم رکھنا یا ان کے کارخانوں وغیرہ میں ملازم رہنا جائز ہے۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِسْتَأْذَنَ رَجُلٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَاَنَا عِنْدَهٗ فَقَالَ بِئْسَ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ اَوْ اَخُو الْعَشِيْرَةِ ثُمَّ اَذِنَ لَهٗ فَاَلَانَ لَهُ الْقَوْلَ فَلَمَّا خَرَجَ قُلْتُ لَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قُلْتَ مَاقُلْتَ ثُمَّ اَلَنْتَ لَهُ الْقَوْلَ قَالَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ اَوْوَدَعَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ فُحْشِهٖ۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک شخص نے آپ ﷺ سے حاضر ہونے کی اجازت چاہی اور حال یہ ہے کہ میں آپ ﷺ کے پاس بیٹھی تھی تو آپ نے فرمایا یہ شخص خاندان کا بہت برا بیٹا یا فرمایا بھائی ہے پھر آپ نے اسکو اجازت دیدی اور اس

سے نرم گفتگو فرمائی جب وہ چلا گیا تو میں نے معلوم کیا یا رسول اللہ آپ نے اس کے بارے میں جو کچھ فرمایا وہ فرمایا پھر اس سے نرم کلام کیا تو حضورﷺ نے فرمایا اے عائشہ لوگوں میں سب سے بدترین شخص وہ ہے جس کو لوگ چھوڑ دیں اس کی فحش کلامی سے بچنے کی وجہ سے۔

بئس ابن العشيرة او لعو العشيرة: او برائے شک ہے جو سفیان کی جانب سے ہے کیونکہ محمد بن منکدر کے دوسرے تمام شاگردوں نے بغیر شک نقل کیا ہے بخاری شریف میں بھی واو کے ساتھ منقول ہے علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں العشيرة بمعنى القبيلة جس کے معنی یہ ہوئے بئس هذا الرجل من هذا العشيرة اس قبیلہ کا یہ آدمی برا ہے علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس رجل کا مصداق عیینہ بن حصن ہے جو بظاہر مسلمان تھا مگر بباطن غیر مسلم تھا چنانچہ آپ ﷺ کی وفات کے بعد مرتد ہو گیا اور صدیق اکبرؓ کے پاس قید کر کے اس کو لایا گیا۔ الان له القول یعنی حضورﷺ نے اس سے نرم گفتگو کی اور بشاشت وجہ کے ساتھ ملاقات کی جو آپ کی فطری عادت تھی مگر حضورﷺ نے اس منافق کی اصل حالت کو ظاہر فرمادیا تاکہ لوگ اس سے دھوکہ نہ کھائیں۔ معلوم ہوا کہ فاسق معلن کی غیبت جائز ہے خصوصاً اس کے دھوکہ سے بچانے کے لئے لوگوں کو اس کے عیوب بتا دیئے جائیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے نیز مصلحۃً فاسق سے مدارات جائز ہے اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جا سکتا ہے تاکہ اس کے ضرر سے بھی بچا جا سکے البتہ اگر اس عمل سے مداہنت لازم آئے تو پھر یہ جائز نہیں۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان وغيرهما۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاِقْتِصَادِ فِي الْحُبِّ وَالْبُغْضِ

حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ ثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أُرَاهُ رَفَعَهُ قَالَ أَحْبِبْ حَبِيبَكَ هَوْنًا مَا عَسَى أَنْ يَكُونَ بَغِيضَكَ يَوْمًا مَا وَأَبْغِضْ بَغِيضَكَ هَوْنًا مَا عَسَى أَنْ يَكُونَ حَبِيبَكَ يَوْمًا مَا۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے منقول ہے میں گمان کرتا ہوں کہ انہوں نے اس کو مرفوعاً نقل کیا ہے کہ رسول اللہﷺ نے ارشاد فرمایا کہ محبت کر دوست سے درمیانی محبت ممکن ہے کہ وہ دوست ایک دن تیرا دشمن ہو جائے اور بغض و عداوت کر اپنے دشمن سے درمیانی ممکن ہے کہ وہ ایک دن تیرا دوست ہو جائے۔

احبب: باب افعال سے امر کا صیغہ ہے هونا منصوب ہے اور احبابا مصدر کی صفت ہے ما تقلیل کے واسطے ہے ای احبب احبابا هونا قليلا بمعنا حبا مقتصدا لا افراط فيه یعنی کسی شخص سے محبت درمیانی درجہ کی ہو اس میں ایسا افراط نہ ہو کہ اپنے تمام راز و نیاز کی باتیں اس کو بتادی جائیں پھر خدانخواستہ معاملہ بدل جائے اور وہ دشمن ہو جائے تو اس سے نقصان پہنچے اسی طرح دشمن سے دشمنی بھی معتدل ہی رہنی چاہیے کیونکہ ممکن ہے کہ معاملہ برعکس ہو جائے اور دشمنی ختم ہو کر محبت ہو جائے اور بوقت ملاقات اس

سويد بن عمرو الكلبي ابو الوليد الكوفي العابد من كبار العاشرة مات ۲۰۳ ۔ افحش ابن حبان القول فيه ولم يات بدليل' محمد بن سيرين الانصاري ابوبكر بن ابي عمر البصري ثقة ثبت عابد كبير القدر كان الرواية بالمعنى من الثالثة ۱۱۰ھ ۔

سے شرمندگی ہو کما قال الشاعر ہے۔

فهو لك في حب و بغض فربما

بدا صاحب من جانب بعد جانب

وهكذا قيل۔

دشمنی جم کر کرو لیکن یہ گنجائش رہے

کل اگر ہم دوست ہو جائیں تو شرمندہ نہ ہوں

حضور ﷺ نے اس ارشاد میں حسن معاشرت کے اہم طریق کو واضح فرمایا ہے یوں تو ہر شئی میں افراط و تفریط مذموم ہے اور آیات و روایات میں اقتصاد یعنی درمیانی راہ چلنے کی بکثرت ترغیب وارد ہوئی ہے مگر خاص طور پر حب و بغض یہ دونوں ایسی شئی ہیں کہ آدمی جذبات میں بہہ جاتا ہے اور بوقت محبت و بغض ان کی حدود کو پار کر جاتا ہے نتیجہ پر اسکی نظر نہیں ہوتی جسکی وجہ سے بسا اوقات شرمندگی کا شکار ہو جاتا ہے آپ ﷺ نے محبت و بغض کے حدود کو متعین فرما کر حسن معاشرت کے اہم اصول کو بیان فرما دیا ہے۔

هذا حديث غريب الخ: اس سند کے ساتھ تو یہ روایت غریب ہے البتہ ایوب نے دوسری متعدد سندوں کے ساتھ اس روایت کو نقل کیا ہے جس کی وجہ سے روایت غریب نہیں رہتی روایت کی تخریج بیہقی نے بھی کی ہے اور طبرانی نے اسکو ابن عمرؓ اور ابنؓ عمرو بن العاص سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔

رواه الحسن بن ابی جعفر: حسن بن ابی جعفر نے اس کو حضرت علیؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے جسکی تخریج دار قطنی نے افراد میں اور ابن عدی نے الکامل میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں کی ہے۔ مگر امام بخاری نے ادب المفرد میں نیز بیہقی نے حضرت علیؓ سے موقوفاً نقل کی ہے امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ صحیح یہ ہے کہ حضرت علیؓ سے موقوفاً مروی ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْكِبْرِ

کبر، عجب اور ریا: کبر بکسر الکاف وسکون الباء ثم الراء المہملہ امام راغب فرماتے ہیں کبر، استکبار اور تکبر تینوں متقارب المعنی الفاظ ہیں کبر نفس کی وہ عادت ہے جس کی وجہ سے انسان اپنے کو دوسروں سے فائق و برتر سمجھتا ہے اور اس میں نفس کو لذت حاصل ہوتی ہے کبر کے لئے متکبر علیہ (جس پر کبر ہو) اور متکبر بہ (جس چیز کے ذریعہ تکبر کیا جائے) دونوں کا ہونا ضروری ہے یعنی ایک مرتبہ اپنا اور ایک دوسرے شخص کا رتبہ اپنے مرتبہ کو غیر کے مرتبہ سے فائق سمجھنا کبر ہے اور عجب میں صرف متعجب کا ہونا کافی ہے انسان تنہا ہی بغیر دوسرے کے اپنے افعال پر متعجب ہو سکتا ہے یعنی کسی کمال کو اپنے اندر سمجھنا اور اس کو اپنا حق سمجھنا یہ عجب اور خود پسندی ہے اور ریا یعنی دکھلاوا یہ اکثر عبادات اور امور دینی میں متحقق ہوتی اور عجب و تکبر امور دینی و دنیوی دونوں میں پائے جاتے ہیں۔

کبر اور تکبر کے مابین فرق اور ان کے اقسام: امام غزالیؒ فرماتے ہیں اگر بڑائی کا اثر اعضاء و جوارح پر ظاہر ہو تو تکبر ہے اور اگر دل میں ہو تو کبر ہے نیز فرمایا کہ انسان ظلوم و جہول ہے یہ کئی طرح تکبر کرتا ہے (۱) کبھی اللہ پر تکبر کر بیٹھتا ہے یہ تکبر کی بدترین قسم ہے اسکی یہ حرکت جہالت و سرکشی ہے جیسا کہ نمرود و فرعون نے تکبر کیا خود اپنے کو رب کہا اور لوگوں سے کہلایا (۲) رسول

پر تکبر اس کی صورت یہ ہے کہ اپنے جیسے انسانوں کی لائی ہوئی شریعت کی اتباع نہ کرنا محض اپنے کو بڑا سمجھنے کی وجہ سے یہ قسم بھی مذموم ہے اس سے قسم اول کا تکبر پیدا ہوتا ہے (۳) بندوں پر تکبر کرنا اپنے کو دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں بلند و برتر سمجھے اور دوسروں کو حقیر تصور کرے۔

اسبابِ تکبر: حضرات علماء نے تکبر کے سات اسباب بیان فرمائے ہیں (اول) علم، علم کی وجہ سے عالم بہت جلد تکبر میں مبتلا ہو جاتا ہے وہ اپنے کو بڑا اور دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے اس حالت میں علم عالم کے لئے آفت ہے اس لئے فرمایا کہ حقیقی علم وہ ہے جس کے ذریعہ عالم اپنے اللہ کو پہچانے اور انجام کے خطرے کا ادراک کرے علم حقیقی سے تواضع، خشوع اور خوف خداوندی پیدا ہوتا ہے، جس کو یہ علم نصیب ہوتا ہے وہ کبھی اپنے نفس کو بڑا نہیں سمجھتا بلکہ ہر شخص کو اپنے سے بڑا اور بہتر سمجھتا ہے قال تعالٰی "انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء" (دوم) عمل و عبادت: زاہد و عابد بھی عزت طلبی، جاہ پسندی اور لوگوں کے دلوں کو اپنی طرف مائل کرنے جیسے رزائل سے خالی نہیں ہوتا بسا اوقات دین و دنیا دونوں کے معاملات میں ان رزائل کا اظہار اس سے ہو جاتا ہے۔ (سوم) حسب و نسب جو شخص عالی نسب ہو وہ اپنے کو فلاں ابن فلاں سمجھتا ہے اور جو لوگ عالی نسب نہیں مگر علم و عمل میں بڑھے ہوتے ہیں انکو حقیر سمجھتا ہے قال النبی ﷺ طف الصاع طف الصاع لیس لابن البیضاء علی ابن السوداء فضل' وقال علیہ السلام لیدعنّ قوم الفخر باٰباءھم وقد صاروا فحمًا فی جھنم اولیکونن اھون علی اللہ من الجعلان (ابو داؤد والترمذی) (چہارم) حسن و جمال: جس کے ذریعہ عموماً عورتیں فخر و تکبر کرتی ہیں بسا اوقات مردوں میں بھی یہ عیب پایا جاتا ہے حالانکہ حسن و جمال اللہ تعالٰی کا عطیہ ہے وہ کسبی و ذاتی چیز نہیں اس لئے اس پر فخر کرنا اور دوسروں کو حقیر جاننا کیسے روا ہو سکتا ہے۔ (پنجم) مال: یہ تکبر بادشاہوں مالداروں اور تاجروں وغیرہ میں ہوتا ہے حالانکہ مال بھی اللہ کا عطیہ ہے یہ تکبر اس وجہ سے بھی ہوتا ہے کہ انسان فقر کی فضیلت اور مالداری کی آفتوں سے ناواقف ہوتا ہے (ششم) طاقت: یہ بھی تکبر کا سبب ہے طاقتور انسان کمزوروں کو حقیر جانتا ہے حالانکہ یہ بھی اللہ کا عطیہ ہے ذاتی چیز نہیں ہے (ہفتم) کثرت انصار و اعوان: بعض لوگوں اپنے تلامذہ، مددگار، اعوان و اتباع و مریدین کی تعداد زیادہ ہونیکی وجہ سے تکبر کرتے ہیں خلاصۃ المقال یہ ہے کہ تکبر ہر اس نعمت اور چیز سے ہوتا ہے جسے انسان کمال سمجھتا ہے خواہ وہ حقیقت میں کمال ہو یا نہ ہو نیز بعض اسباب تکبر کو تحریک دینے والے ہوتے ہیں امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ تکبر پر آمادہ کرنیوالی تین چیزیں ہیں (اول) حسد (دوم) ریا (سوم) عجب' بعض نے فرمایا چوتھی چیز کینہ بھی ہے۔

کبر کی مذمت: کبر و عجب دونوں ایسی مہلک بیماریاں ہیں کہ انسان ان کی وجہ سے دنیا و آخرت دونوں میں ہلاک ہو جاتا ہے مختلف آیات و روایات سے اسکی مذمت و برائی معلوم ہوتی ہے قال النبی ﷺ قال اللہ تبارک و تعالٰی الکبریاء ردائی والعظمۃ ازاری فمن نازعنی فیھما قصمتہٗ وفی القرآن المجید سا صرف عن آیاتی الذین یتکبرون فی الارض بغیر الحق الآیہ۔ دوسری جگہ ہے یطبع اللہ علی کل قلب متکبر جبار' واستفتحوا وخاب کل جبار عنید' انہ لا یحب المتکبرین' لقد استکبروا فی انفسھم وعتواعتوا کبیرا' ان الذین یستکبرون عن عبادتی سید خلون جھنم داخرین۔ اس سلسلہ میں بہت سی روایات بھی وارد ہوئی ہیں مثلاً روایت الباب نیز ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے من فارق روحہ جسدہ وھو بریٌ من ثلث دخل الجنۃ الکبر والدین والغلول (ترمذی ونسائی) اسی طرح فرمایا من کان فی قلبہ مثقال

حبة من خردل من كبر ا كبه الله في النار على وجهه (مسلم) فرمایا لايدخل الجنة بخيل ولا جبار ولا سيئ الملكة (ترمذی) فرمایا يخرج من النار عنق له اذنان تسمعان و عينان تبصران ولسان ينطق يقول و كلت بثلثة بكل جبار عنيد ولكل من دعا مع الله الها آخر و بالمصورين وغیرہ وغیرہ دیگر آیات وروایات میں کبر کی مذمت وقباحت واقع ہوئی ہے۔

کبر کا علاج: علاج کے دوطریق ہیں اول یہ کہ شروع ہی سے اس مرض کی جڑیں اکھاڑ دی جائیں اس کی دوصورتیں ہیں علمی اور عملی۔ علمی تو یہ ہے کہ انسان اپنے نفس اور خالق نفس کو پہچانے کہ اپنی معرفت سے انسان اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ نفس انتہائی ذلیل اور حقیر چیز ہے جس کے مناسب تواضع ذلت اور انکساری ہے انکو اختیار کرنا چاہیے اور خالق نفس کی معرفت سے یقین ہوگا کہ عظمت اور کبریائی جیسے اوصاف صرف اللہ تعالیٰ ہی کی شان کے لائق ہیں ان میں دوسرا شریک نہیں ہوسکتا۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ان تمام اسباب کا ازالہ کیا جائے جس سے انسان میں تکبر پیدا ہوتا ہے یہ طریقہ تفصیل طلب ہے احیاء العلوم میں امام غزالیؒ نے اس کو تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔

نفس اور خالق نفس کی معرفت کا بہترین مراقبہ: قال تعالى قتل الانسان ما اكفره من اى شيء خلقه من نطفة خلقه فقدره ثم السبيل يسره ثم اماته فاقبره ثم اذا شاء انشره (عبس) آیت شریفہ میں انسان کی ابتداء انتہاء اور درمیانی حالت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے انسان ابتداء میں معدوم تھا اور عدم کا زمانہ معلوم نہیں لہٰذا اس سے بڑھکر زیادہ ذلیل وحقیر کیا چیز ہوسکتی ہے پھر پردہ عدم سے اللہ تعالیٰ نے اس کو انتہائی ذلیل اور گندے پانی سے بنایا یعنی پہلے مٹی پھر نطفہ ناپاک سے پھر نطفہ سے خون کا لوتھڑا بنایا اور اسمیں ہڈیاں بنائیں اور پھر اوپر گوشت و پوست چڑھایا یہ انسان کی تخلیق کا آغاز ہے پھر بے جان تھا نہ سننے کی طاقت نہ دیکھنے کی قوت نہ کوئی حس وحرکت نہ بطش واخذ اور نہ علم وادراک گویا انسان نے زندگی سے پہلے موت پر قوت سے پہلے ضعف پر علم سے پہلے جہالت پر بصارت سے پہلے کورچشمی پر سماعت سے پہلے بہرے پن پر گویائی سے پہلے گونگے پن پر ہدایت سے پہلے گمراہی پر مالداری سے پہلے فقر پر اور قدرت سے پہلے عجز پر ابتداء کی ہے پھر اللہ تعالیٰ نے اس کو حیات بخشی اور قوت سماعت وبصارت اور قوت اخذ وبطش اور علم وادراک وغیرہ اوصاف اس کو عطاء فرمائے محتاج تھا مالدار بنایا بھوکا تھا پیٹ بھرا ننگا تھا لباس دیا گمراہ تھا ہدایت دی لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اس انسان کو انتہائی خست وذلت سے نکال کر اپنی بہترین نعمتوں سے نوازا پس انسان کو چاہئے اپنی ذلت ودناءت اور ابتدائے آفرینش سے واقف رہے اپنے نفس کو پہچانے اور ان نعمتوں کی روشنی میں اپنے رب کو جانے اس کی عبادت کرے اللہ تعالیٰ نے دوسرے موقع پر انسان کی حقیقت کو آیات قرآنیہ میں واضح فرمایا ہے قال تعالى الم يك نطفة من مني يمنى۔ ومن آياته ان خلقكم من تراب ثم اذا انتم بشر تنتشرون۔ الم نجعل له عينين ولسانا وشفتين وهديناه النجدين' هل اتى على الانسان حين من الدهر لم يكن شيئا مذكورا انا خلقنا الانسان من نطفة امشاج نبتليه فجعلناه سميعا بصيرا۔ انا هديناه السبيل اما شاكرا واما كفورا۔

اب یہ انسان دنیا میں آکر زندگی گزارتا ہے تو مختلف ومتضاد احوال اس کو پیش آتے ہیں جو اس کے اپنے اختیار میں نہیں نہ وہ انکے طاری اور دور کرنے کا مالک نہ خیر وشر کا مالک اور نہ اپنے شب وروز کو خطروں سے مامون کرنے کا مالک غرض کہ اس کی سماعت چھن جائے یا بصارت زائل ہوجائے یا اعضاء مغلوب ہوجائیں یا عقل مختل ہوجائے یا روح پرواز کرجائے یا دنیا کی پسندیدہ تمام

چیزیں اس سے چھن جائیں یہ کچھ نہیں کر سکتا ایک زرخرید غلام کی طرح ہے اس کو کوئی اختیار نہیں نہ اس کو دوسرے کے فعل کا اختیار ہے اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں وہ ہوتا ہے اور وہی باقی رکھنے اور مارنے والا ہے لہذا جب انسان اتنا ضعیف و کمزور اور رذیل ہے تو پھر اس کے لئے موزوں نہیں کہ وہ تکبر کرے پھر اس کی انتہاء موت ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''ثم اماته فاقبره ثم اذا شاء انشره'' یعنی اس کی روح سلب ہو جائیگی اور قوت سماعت و بصارت علم قدرت حس و ادراک اور حرکت وغیرہ سب قوتیں ختم ہو جائیں گی وہ جماد محض بن کر رہ جائیگا جیسے پہلے تھا ویسا ہی ہو جائیگا پھر اس کے اعضاء گل جائیں گے اور مٹی میں مل جائیں گے ہڈیاں ریزہ ریزہ ہو جائیں گی کیڑے بدن کا سارا گوشت نوچ نوچ کر کھا جائیں گے حتی کے تمام بدن کیڑوں کے پیٹ میں پہنچ کر نجاست بن جائیگا اور ایسی ناپاکی میں تبدیل ہو جائیگا جسکے قریب انسان تو کیا حیوان بھی نہ پھٹکے بہر حال وہ خاک میں مل جائے گا پھر اس کے بعد قیامت آ جائیگی اور انقلاب برپا ہو جائے گا آسمان روئی کے گالوں کی طرح چاند سورج ستارے اپنی تابانی سے محروم ہو جائیں گے زمین و پہاڑ اپنی جگہ سے ختم ہو جائیں گے دوزخ اپنے مکینوں کو بلاتی ہوگی اور مجرمین جنت کی طرف حیرت سے دیکھ رہے ہونگے نامۂ اعمال سب کے سامنے کھلے ہوئے ہونگے اس میں وہ سب کچھ ہوگا جو دنیا میں کیا تھا اس کے بعد حساب و کتاب ہوگا اللہ تبارک و تعالیٰ کے سامنے حاضری ہوگی جب نامۂ اعمال پر نظر پڑیگی تو زبان پر جاری ہوگا ہائے افسوس ان اعمال ناموں میں سب کچھ ہے اور تمام چھوٹے بڑے گناہ لکھے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی اس وقت کی حالت کو قرآن کریم میں بیان فرمایا ہے قال تعالیٰ

یا ویلتنا مال هذا الکتاب لا یغادر صغیرة ولا کبیرة الا احصاها۔

جس انسان کی یہ حالت ہو کیا اسکو تکبر و برتری ظاہر کرنا جائز ہے کیا وہ اپنی زندگی کے ایک لمحہ میں خوش ہو سکتا ہے چہ جائے کہ وہ غرور تکبر کرے انسان پر اس کی زندگی کا ابتدائی اور درمیانی حال تو منکشف ہی ہے اگر آخری حالت بھی ظاہر ہو جائے تو وہ انسان کے بجائے جانور ہونا پسند کریگا تا کہ وہ غیر مکلف ہو اور کوئی خطاب اور عذاب اس سے متعلق نہ ہو یہ تو تکبر کے علمی علاج کی تفصیل تھی اور دوسرا علاج عملی ہے وہ یہ ہے کہ محض اللہ کے لئے متواضعین لوگوں کے اعمال پر مواظبت کرے اور متواضع رہے۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ نِ الرِّفَاعِيُّ نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ اِيْمَانٍ۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نہیں داخل ہوگا جنت میں وہ شخص جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر کبر ہوگا اور نہیں داخل ہوگا جہنم میں وہ شخص جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر ایمان ہوگا۔

مثقال: سے وزن کی مقدار بیان کرنا ہے۔ خردل بعض نے اس کا ترجمہ کلونجی اور بعض نے رائی کیا ہے مقصود قلت کی تمثیل ہے جیسا کہ مثقال ذرة کے لفظ میں ہے۔

روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ متکبر ہرگز جنت میں داخل نہ ہوگا جبکہ دوسری روایات میں بکثرت موجود ہے کہ ہر مؤمن جس نے

ابو هشام الرفاعی هو محمد بن یزید بن محمد بن کثیر العجلی الکوفی قاضی مدائن لیس بالقوی من صغار العاشرة و ذکره ابن عدی فی شیوخ البخاری (بقیہ صفحۂ آئندہ پر)

لا الہ الا اللّٰہ الخ: بہر حال وہ جنت میں جائے گا۔ حضرات شراح نے اس قسم کی روایات کی متعدد توجیہات کی ہیں (اول) متکبر کے حق میں دخول اولی کی نفی کرنا مقصود ہے۔ ای لا یدخل الجنۃ مع الداخلین الاولین۔ (دوم) اس کے معنی ہیں لا یدخلھا لادنی مجازاۃ بل بعدھا (سوم) جزائہ ان لا یدخلھا ولکن قد یعفی عنہ (چہارم) زجر و وعید پر محمول ہے (پنجم) اس کے معنی ہیں جب تک اس کے دل میں کبر ہوگا جنت میں داخل نہ ہوگا البتہ جب کبر سے پاک ہو جائیگا خواہ عذاب کے ذریعہ ہو تو اب جنت میں داخل ہوگا۔ (ششم) کبر سے مراد کفر ہے۔

وفی الباب عن ابی ہریرۃؓ اخرجہ مسلم و ابن عباسؓ اخرجہ الطبرانی و البزار وسلمۃ بن الاکوعؓ اخرجہ الترمذی وابی سعیدؓ اخرجہ مسلم ہذا حدیث حسن صحیح اخرجہ مسلم۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَا ثَنَا یَحْیَی بْنُ حَمَّادٍ ثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ فُضَیْلِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَلْقَمَۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ ذَرَّۃٍ مِنْ کِبْرٍ وَلَا یَدْخُلُ النَّارَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ ذَرَّۃٍ مِنْ اِیْمَانٍ قَالَ فَقَالَ لَہٗ رَجُلٌ اِنَّہٗ یُعْجِبُنِیْ اَنْ یَکُوْنَ ثَوْبِیْ حَسَنًا وَنَعْلِیْ حَسَنَۃً قَالَ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْجَمَالَ وَلٰکِنَّ الْکِبْرَ مَنْ بَطَرَ الْحَقَّ وَغَمَصَ النَّاسَ۔

ترجمہ: روایت کا ترجمہ ماسبق سے واضح ہے البتہ اس کے آخر میں ہے فقال لہ رجل الخ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ مجھ کو یہ اچھا معلوم ہوتا ہے کہ میرے کپڑے اچھے ہوں اور میرے جوتے اچھے ہوں (کیا یہ بھی کبر ہے) تو آپ ﷺ نے فرمایا بیشک اللہ تعالی جمال (حسن افعال) کو پسند فرماتا ہے لیکن متکبر وہ ہے جس نے حق بات کو رد کر دیا اور لوگوں کو حقیر سمجھا۔

فقال رجل: علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ رجل کا مصداق مالکؓ بن مرارہ الرہاوی ہیں قاضی عیاض نے بھی یہی فرمایا اور ابن عبدالبر نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

یعجبنی ان یکون ثوبی حسنا و نعلی حسنۃ: علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں۔ چونکہ متکبرین لوگوں کی عادت یہ ہوتی ہے کہ لباس فاخرہ کے ذریعہ تکبر کرتے ہیں اس وجہ سے اس شخص نے اچھا لباس اور اچھا جوتا پہننے کے متعلق سوال کیا کہ آیا مطلقا اچھا لباس وغیرہ پسند آنا اور اس کو استعمال کرنا کبر تو نہیں ہے جبکہ اس میں ریاء و سمعہ اور دوسروں کی تحقیر کی نیت نہ ہو تو آپ ﷺ نے جوابا فرمایا کہ اللہ تعالی خود جمیل ہیں اور اچھی ہیئت کو پسند فرماتے ہیں اس لئے یہ چیزیں استعمال کرنا کبر نہیں ہے۔ بعض حضرات نے جمال کا ترجمہ تجمل سے کیا ہے جسکے معنی سوال سے بچنا' اپنی ضرورت کا اللہ کے علاوہ کسی سے اظہار نہ کرنا اور مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالی تجمل یعنی عفاف عمن سواہ کو پسند فرماتے ہیں کہ کسی سے کوئی سوال نہ کیا جائے اور اپنی ہیئت محتاج جیسی نہ بنائی جائے جس سے ضرورت کا اظہار خود بخود ہوتا ہو۔

(بقیہ صفحہ گزشتہ) وجزم الخطیب روی عنہ البخاری لکن قد قال البخاری رایتھم مجمعین علی ضعفہ کذافی التقریب وقال فی المیزان قال احمد العجلی لاباس بہ وقال البرقانی ابو ہشام ثقۃ یحیی بن حماد بن ابی زیادۃ الشیبانی مولاھم البصری ختن ابی عوانۃ ثقۃ عابد من صغار التاسعۃ ۲۱۵ھ ابان بن تغلب بفتح المثناۃ وسکون المعجمۃ و کسر اللام ابو سعد الکوفی ثقۃ تکلم فیہ للتشیع من السابعۃ ۱۴۰ھ فضیل بن عمرو الفقیمی بالفاء والقاف مصغرا ابو نصر الکوفی ثقۃ من السادسۃ ۱۱۰ھ ۲

ولکن الکبر من بطر الحق و غمص الناس: الکبر یہ بحذف المضاف ہے ای ذو الکبر بطر اس کے معنی دفع اور رد کے ہیں۔ غمص ایک روایت میں غمط ہے دونوں متقارب المعنی ہیں کسی کو حقیر جاننا۔

حضور ﷺ نے جو جواب دیا اس کا خلاصہ یہ ہے کہ متکبر وہ شخص ہے جو حق بات کو زبردستی دھکیل دے اور نہ مانے اور لوگوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتا ہو چونکہ ایسا شخص اپنے کو دوسروں کے مقابلے میں بڑا سمجھتا ہے اور یہی کبر کی حقیقت ہے رہا کسی اچھے لباس وغیرہ کو پسند کرنا اور اسکو محبوب جاننا یہ فی نفسہ اچھی چیز ہے کیونکہ یہ تو زینت ہے جس کا حکم قرآن کریم میں خذوا زینتکم عند کل مسجد میں دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ چونکہ جمال الذات والصفات ہے حسن افعال اور کمال صفات والا ہے تو وہ جمال کو پسند فرماتا ہے لہٰذا یہ کبر میں داخل نہیں۔

هذا حديث حسن صحيح غريب اخرجه مسلم۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ ثَنَا اَبُوْ مُعٰوِيَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَذْهَبُ بِنَفْسِهٖ حَتّٰى يُكْتَبَ فِي الْجَبَّارِيْنَ فَيُصِيْبُهٗ مَا اَصَابَهُمْ۔

ترجمہ: سلمہ بن اکوعؓ اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ آدمی اپنے آپ کو بڑھاتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کو متکبرین میں لکھا جاتا ہے پھر اس کو دنیا و آخرت میں وہ سزائیں پہنچتی ہیں جو متکبرین کو پہنچی ہیں۔

یذھب بنفسہ۔ علامہ مظہرؒ فرماتے ہیں کہ بنفسہ میں باء تعدیہ کے لئے ہے جس کے معنی ہونگے یعلی نفسہ کہ اپنے آپ کو بلند و بالا کرتا ہے اور اپنے کو عظیم المرتبہ اور لوگوں سے بڑھا ہوا سمجھتا ہے بعض حضرات نے فرمایا کہ اس کی باء مصاحبت کے واسطے ہے اور اس کے معنی یہ ہونگے یرافق نفسہ في ذهابها الى الكبر و يعززها ويكرمها كما يكرم الخليل الخليل حتى تصير متكبرة خلاصہ یہ ہے کہ انسان اپنے نفس کو بڑھاتا ہے اور اس کی موافقت کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ متکبر ہو جاتا ہے۔ حتى يكتب في الجبارين یعنی اس کا نام دیوان متکبرین وظالمین میں لکھ دیا جاتا ہے یا اس کے معنی ہیں کہ اس متکبر کا انجام بھی دوسرے متکبرین و ظالمین مثلاً فرعون وہامان وقارون کے انجام کی طرح لکھ دیا جاتا ہے کہ اسفل السافلین میں اس کو بھی داخل کر دیا جائے گا فیصیبہٗ: بالنصب و بالرفع دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے اس سے مراد دنیا کی بلیات اور آخرت کی عقوبات ہیں۔

روایت سے معلوم ہوا کہ اپنے نفس کی طرف توجہ رکھنی چاہیے اگر اس کا میلان کبر کی طرف نظر آئے تو فوراً اس کا علاج کرنا چاہیے ورنہ نفس آہستہ آہستہ متکبر ہو کر جہنم کی طرف لے جائے گا۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه المنذري و حسنه۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى بْنِ يَزِيْدَ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ يَقُوْلُوْنَ لِيْ فِيَّ التِّيْهُ وَقَدْ رَكِبْتُ الْحِمَارَ وَلَبِسْتُ الشَّمْلَةَ وَقَدْ حَلَبْتُ الشَّاةَ وَقَدْ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ فَعَلَ هٰذَا فَلَيْسَ فِيْهِ مِنَ الْكِبْرِ شَيْءٌ۔

عمرو بن راشد الاشجعي ابو راشد الكوفي مقبول من الثالثة[1] اياس بن سلمة بن الاكوع الاسلمي ابو سلمة ويقال ابوبكر المدني ثقة من الثالثة[1] وهو ابن سبع وسبعين سنة[2] ابيه سلمة بن الاكوع بن عمرو بن الاكوع ويكنى ابو مسلم الاسلمي المدني كان ممن بايع تحت الشجرة و كان من اشد الناس واشجعهم راجلاً توفي بالمدينة ۷۴ھ روى عنه خلق كثير۔

ترجمہ: جبیرؓ بن مطعم اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ لوگ مجھ سے کہتے ہیں کہ میرے اندر تکبر ہے حالانکہ میں گدھے پر سوار ہو جاتا ہوں اور معمولی چادر پہن لیتا ہوں اور بکری خود دوہ لیتا ہوں اور تحقیق کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ جو شخص یہ کام کرے اس میں تکبر سے کوئی چیز نہیں ہے۔

الشملة: معمولی چادر جس کو بدن سے لپیٹ لیا جائے یا معمولی گدڑی جس کو جسم پر اوڑھ لیا جائے۔

فلیس فیه من الکبر شئ: چونکہ یہ تینوں امور معمولی ہیں اور متکبرین ان سے بچتے ہیں وہ اپنے آپ کو بلند و بالا سمجھتے ہیں اور جس میں تکبر نہیں وہ بلا تکلف ان امور کو انجام دے لیتے ہیں روایت سے معلوم ہوا کہ اپنے متعلقہ امور خواہ وہ معمولی ہوں خود انجام دے لینے چاہئے اور اس میں عار محسوس نہ کرنی چاہئے چونکہ اس میں کبر سے دوری ہے اور تواضع و انکساری کی خصلت پیدا ہوتی ہے جو پسندیدہ شئ ہے لہذا معمولی سواری پر سوار ہونا معمولی کپڑے پہننا بلا تکلف سادہ زندگی گذارنا گھریلو کام و کاج انجام دینا ایسے اعمال ہیں کہ جو کبر سے دوری پر دلالت کرتے ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ حُسْنِ الْخُلُقِ

حسن خلق کی تفسیر سے متعلق تفصیلی کلام ماقبل میں گذر چکا ہے امام ترمذیؒ نے ابن المبارک کا قول نقل کیا ہے کہ انہوں نے حسن خلق کی تفسیر بسط وجہ و بذل معروف و کف الاذی سے فرمائی ہے حسن بصریؒ فرماتے ہیں الخلق الحسن الخلق الکریم و البذلة والاحتمال، شعبیؒ نے فرمایا حسن الخلق البذلة والعطیة والبشر الحسن سلام بن ابی مطیع سے حسن خلق کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے جواباً مندرجہ ذیل اشعار پڑھے۔

تـراہ اذا مـا جـئـتـه متهـلـلاً	کانك تطیب الذی انت سائله
ولو لم یکن فی کفه غیر روحه	لجاد بها فلیتق اللّٰہ سائله
هو البحر من ای النواحی اتیته	فلجته المعروف والجود ساحله

ترجمہ: جب تو اس کے پاس آئے گا اس کو لہلہاتا ہوا پائے گا گویا جس سے تو سوال کر رہا ہے اس کو معطر کر رہا ہے اگر اسکے ہاتھ میں روح کے علاوہ کچھ نہ ہو تو وہ روح کے ساتھ ہی سخاوت کر بیٹھے اور اپنی روح قربان کر ڈالے لہذا اس سے مانگنے والے کو اللہ سے ڈرنا چاہیے وہ سمندر ہے جس طرف سے بھی تو اس کے پاس آئیگا (تو محسوس کریگا کہ) اس کی موجیں بھلائی ہیں اور اس کا ساحل سخاوت ہے۔

امام احمد بن حنبل سے منقول ہے کہ حسن الخلق یہ ہے کہ تو غصہ نہ کر اور کینہ نہ رکھ نیز لوگوں کی ایذا اور پر صبر کرنا بھی حسن خلق میں داخل ہے۔

شبابة بن سوار المدائنی اصله من خراسان یقال کان اسمه مروان ثقة حافظ رمی بالارجاء من التاسعة ۲۰۴، ۲۰۵، ۲۰۶ھ الفضل بن عباس بن محمد بن معتب بن ابی لهب الهاشمی ابو العباس المدنی ثقة من السادسة ۱۰۳، ۱۰۴ او بعدها نافع بن جبیر بن مطعم النوفلی ابو محمد او ابو عبداللّٰہ المدنی ثقة فاضل من الثالثة ۹۹ھ ۱۲

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا سُفْیٰنُ ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنْ یَعْلَی بْنِ مُمَلَّكٍ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَا مِنْ شَیْءٍ اَثْقَلَ فِیْ مِیْزَانِ الْمُؤْمِنِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِیَّ۔

ترجمہ: ام الدرداءؓ ابوالدرداءؓ سے نقل کرتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن کے میزان میں قیامت کے دن حسن خلق سے زائد وزنی کوئی چیز نہ ہوگی کیونکہ اللہ تعالیٰ فحش اور ردی کلام کو پسند نہیں فرماتے ہیں یا فحش وردی کلام کرنے والے کو پسند نہیں فرماتے ہیں۔

البذی: بالذال المعجمۃ فحش کلام اور ردی کلام دونوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظاہر ہے جو شخص فحش کلام کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مبغوض ہوگا اس کی کوئی قدر و قیمت نہ ہوگی اور نہ ہی میزان میں اس کے عمل کا کوئی وزن ہوگا کفار کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا فلا نقیم لهم یوم القیٰمة وزنا اس کے بالمقابل جو اللہ تعالیٰ کو محبوب ہوگا اس کا وزن بھی ہوگا اور اس کی قدر و قیمت منزلت بھی ہوگی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کلمتان خفیفتان علی اللسان ثقیلتان فی المیزان حبیبتان الی الرحمٰن سبحان اللّٰه و بحمده سبحان اللّٰه العظیم۔

مامن شیء اثقل الخ: روایت کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص اخلاق حسنہ سے متصف ہوگا اس کا کلام شیریں اور عمدہ ہوگا وہ اللہ کے نزدیک محبوب ہوگا اور قیامت کے دن اس کی قدر و منزلت ہوگی اس کا قول حسن نہایت وزنی ہوگا اس کے بالمقابل اللہ کے نزدیک فحش کلام مبغوض و برا ہے نہ اس کی کوئی قدر و قیمت ہے اور نہ ہی میزان میں اس کا کوئی وزن ہوگا۔

وفی الباب عن عائشةؓ اخرجه ابو داؤد و ابن حبان والحاکم وابی هریرةؓ اخرجه الترمذی وانسؓ اخرجه ابن ابی الدنیا والطبرانی والبزار و ابو یعلی اسامة بن الشریكؓ اخرجه الطبرانی وابن حبان۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجہ ابن حبان وابوداؤد۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ ثَنَا قَبِیْصَةُ بْنُ اللَّیْثِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ مَا مِنْ شَیْءٍ یُوْضَعُ فِی الْمِیْزَانِ اَثْقَلَ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ وَاِنَّ صَاحِبَ حُسْنِ الْخُلُقِ لَیَبْلُغُ بِهٖ دَرَجَةَ صَاحِبِ الصَّوْمِ وَالصَّلٰوةِ۔

ترجمہ: ام الدرداءؓ ابوالدرداءؓ سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے کہا میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ نہیں ہے کوئی چیز (میزا)ن میں رکھی جائے گی زائد وزنی حسن خلق سے اور بیشک صاحب حسن خلق پہنچ جاتا ہے حسن خلق کی بدولت صاحب صوم وصلوۃ کے درجہ کو۔

روایت کا مطلب یہ ہے کہ صاحب خلق حسن خواہ زائد عبادت گزار نہ ہو کہ وہ کثرت سے نماز پڑھتا ہو یا روزے رکھتا ہو مگر اپنے اخلاق حسنہ کی بناء پر اجر وثواب اور قدر و منزلت کے اعتبار سے اس شخص کے درجہ کو پہنچ جاتا ہے جو بکثرت نماز روزہ کا ادا

یعلی بن مملك بروزن جعفر المکی مقبول من الثالثة ؂ قبیصة بن اللیث بن قبیصة بن مرمة الاسدی الکوفی صدوق من التاسعة مطرّف بضم اوله وفتح الثانیة و تشدید الراء المکسورة ابن طریف ابو بکر او ابو عبدالرحمن ثقة فاضل من صغار السادسة ۱۴۱ھ اوبعد ذلك عطاء بن نافع الکیخارانی ثقة من الرابعة

کرنے والا ہو اس سے خلق حسن کی فضیلت معلوم ہوئی حضرت عائشہؓ کی حدیث بھی اس پر صراحۃً دلالت کرتی ہے فرمایا: ان المؤمن لیدرک بحسن خلقہ درجة قائم اللیل وصائم النھار۔

ھذا حدیث غریب اخرجہ البزار باسناد جید۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ اَكْثَرِ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ قَالَ تَقْوَى اللّٰهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ وَسُئِلَ عَنْ اَكْثَرِ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ قَالَ الْفَمُ وَالْفَرْجُ

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے اس چیز کے بارے میں سوال کیا گیا جو لوگوں کو جنت میں زیادہ داخل کرا دے گی حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ کا خوف اور حسن خلق پھر سوال کیا گیا اس چیز کے بارے میں جو بکثرت لوگوں کو جہنم میں داخل کرا دے گی تو فرمایا منہ اور شرم گاہ۔

عن اکثر ما یدخل الناس الجنة خفی جنت کے اکثر اسباب کے بارے میں سوال کیا گیا تو فرمایا اول چیز تقویٰ یعنی اللہ کا خوف ہے کیونکہ جب اللہ کا خوف دل میں ہوگا تو جملہ اوامر کو ادا کیا جائے گا اور منہیات سے پرہیز ہوگا گویا اس لفظ سے اشارہ کیا حسن المعاملہ مع الخالق کی طرف یعنی اللہ کے ساتھ اس کا معاملہ اچھا ہوگا۔

تقویٰ کی حقیقت اور اس کے درجات: تقویٰ کے معنی عربی زبان میں بچنے اور پرہیز کرنے کے آتے ہیں۔ اس مناسبت سے اس کا ترجمہ ڈرنا کیا جاتا ہے چونکہ جن چیزوں سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے وہ ڈرنے کی چیزیں ہیں اس لئے کہ ان کے کرنے میں عذاب الٰہی کا خطرہ ہے۔

تقویٰ کے کئی درجات ہیں (اول درجہ) کفر و شرک سے بچنا اس معنی کے لحاظ سے ہر مسلمان متقی ہے اگرچہ وہ گناہوں میں مبتلا ہو۔ (دوسرا درجہ) ان چیزوں سے بچنا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے نزدیک ناپسندیدہ ہیں۔ یہی تقویٰ دراصل مطلوب و مقصود ہے قرآن کریم اور حدیث شریف میں جو فضائل و برکات تقویٰ سے متعلق وارد ہوئے ہیں وہ اسی درجہ پر موعود ہیں۔ (تیسرا درجہ) تقویٰ کا وہ اعلیٰ مقام ہے جو انبیاء علیہم السلام اور ان کے خاص نائبین اولیاء اللہ کو حاصل ہوتا ہے وہ خاص درجہ اپنے قلب کو غیر اللہ سے بچانا اور اللہ کی رضا جوئی اور اسکی یاد میں مشغول ہونا ہے۔

قرآن کریم اور احادیث میں بار بار تقویٰ اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور اسکے ثمرات کو بھی بیان فرمایا گیا ہے ارشاد ہے یایھا الذین آمنوا ان تتقوا اللّٰہ یجعل لکم فرقانًا ومن یتق اللّٰہ یجعل لہ مخرجًا ومن یتق اللّٰہ یکفر عنہ سیئاتہ و یعظم لہ اجرًا نیز روایات میں بھی بکثرت اس کی تاکید فرمائی گئی ہے روایت سے معلوم ہوا کہ دخول جنت کے اسباب میں سے تقویٰ ہے جو گویا سعادت ابدیہ کا سبب ہے۔

تقویٰ کی برکات: آیات مذکورہ اور روایت الباب سے تقویٰ کی مختلف برکات معلوم ہوتی ہیں۔ (اول) اللہ تعالیٰ متقی کے لئے دنیا و آخرت کے مصائب و مشکلات سے نجات کا راستہ نکال دیتے ہیں (دوم) متقی کے لئے رزق کے ایسے راستے کھول دیتے ہیں

ابی ادریس بن یزید بن عبدالرحمٰن الاودی ثقة من السابعة جدی یزید بن عبدالرحمٰن بن الاسود الزعاوی ابو داؤد الاودی مقبول من الثالثة

جن کی طرف اس کا خیال بھی نہیں جاتا (سوم) اللہ تعالیٰ اس کے سب کاموں میں آسانی پیدا فرما دیتا ہے (چہارم) اسکے گناہوں کا کفارہ کر دیتے ہیں۔ (پنجم) اللہ تعالیٰ متقی کے اجر کو بڑھا دیتے ہیں (ششم) اللہ تعالیٰ تقویٰ کی وجہ سے متقی کو حق و باطل کی پہچان عطا فرما دیتے ہیں (ہفتم) جنت میں بجلدی داخل ہونے کا ذریعہ۔

حسن الخلق: دخول جنت کا دوسرا سبب حسن خلق ہے جسکی تفصیل گزشتہ ابواب میں گزر چکی ہے۔ اس سے اشارہ فرمایا حسن المعاملہ مع الخلوق کی طرف یعنی لوگوں کے ساتھ حسن سلوک' خندہ پیشانی' نرم گفتگو' کف اذی اور احتمال اذی کے ساتھ پیش آنا یہ بھی دخول جنت کا سبب ہے لہٰذا جس شخص کو تقویٰ اور حسن خلق دونوں صفات حاصل ہوں گی وہ بہت جلد جنت میں داخل ہوگا۔

الفم و الفرج: فم سے مراد زبان ہے یہ اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے اس کا حجم اگرچہ مختصر ہے مگر اسکی اطاعت بھی زیادہ اور گناہ بھی زائد ہے ایمان وکفر دونوں کی حقیقتوں کا اظہار اسی سے ہوتا ہے اول اعلیٰ درجہ کی اطاعت ہے اور دوسری اعلیٰ درجہ کی معصیت ہے زبان ہر چیز سے متعلق نفی واثبات کرتی ہے۔ زبان کا دائرہ اختیار بڑا وسیع ہے جس طرح وہ خیر کے میدان میں دوڑ سکتی ہے اسی طرح شر کے میدان میں بھی اس کو کوئی شکست دینے والا نہیں ہے اسلئے زبان پر قابو رکھنا بہت ضروری ہے بسا اوقات اس زبان کی وجہ سے دنیا و آخرت دونوں ہی میں رسوائی ہو جاتی ہے قال النبی ﷺ وھل یکب الناس فی النار علی مناخرھم الا حصائد السنتھم' زبان کے شر سے وہی محفوظ رہ سکتا ہے جو اسے شریعت کی لگام دے اور سنت کی زنجیریں اس میں ڈال دے اور اس وقت آزاد کرے جب کوئی ایسی بات کرنی ہو جو دین ودنیا کے لئے مفید ہو اور ہر ایسی بات سے پرہیز کرے جس کی ابتداء یا انتہاء سے برے انجام کی توقع ہو انسان کے اعضاء میں سب سے زیادہ نافرمانیاں زبان سے سرزد ہوتی ہیں۔ اس لئے کہ اس کو حرکت دینے میں نہ کوئی دقت ہے اور نہ تعب وتکان ہوتی ہے۔

نبی کریم ﷺ نے زبان کو محفوظ رکھنے کے بارے میں بہت تاکید فرمائی ہے فرمایا أمسِكْ علیك لسانك والسعك بیتك ولیبك علی خطیئتك نیز فرمایا من یتکفل لی بما بین لحییه ورجلیه اتکفل له الجنة ایک جگہ اور ارشاد فرمایا من وقی شر لقلقه (پیٹ) و ذبذبه (شرمگاہ) و لقلقه (زبان) وقی الشر کله (دیلمی) حضور ﷺ سے سوال کیا گیا کہ وہ چیز بتلائیں جس کی وجہ سے لوگ دوزخ میں جائیں گے تو آپ نے فرمایا الاجوفان الفم والفرج۔ دو کھوکھلی چیزیں ہیں ایک منہ اور دوسری شرمگاہ (ترمذی وابن ماجہ) وقال علیه السلام اذا اصبح ابن آدم اصبحت الاعضاء کلها تذکر اللسان ای تقول اتق الله فینا فانك ان استقمت استقمنا وان اعوججت اعوججنا (ترمذی) حضور ﷺ نے فرمایا لا یستقیم ایمان العبد حتی یستقیم قلبه ولا یستقیم قلبه حتی یستقیم لسانه ولا یدخل الجنة رجل لا یامن جارہ بوائقه ابن مسعود فرماتے ہیں یا لسان قل خیر اتغنم واسکت عن شر تسلم وقال علیه السلام لیس شیٔ من الجسد الا یشکو الی الله اللسان علی حدته وقال علیه السلام اخزن لسانك الامن خیر فانك بذالك تغلب الشیطان وقال علیه سلام من کثر کلامه کثر لغطه ومن کثر لغطه کثرت ذنوبه ومن کثرت ذنوبه کانت النار اولی به قال علیه السلام رحم الله علیه تکلم فغنم اوسکت فسلم۔ زبان کے سلسلہ میں یہ مختلف روایات مروی ہیں۔

بہرحال جہنم میں داخل کرنے والے اسباب میں سریع سبب زبان کو فرمایا گیا ہے اس لئے کہ اس میں بیشمار آفات ہیں۔ غلطی'

جھوٹ، غیبت، چغلخوری، فحش گوئی، خصومت، لغوگوئی، خودستائی، ایذا اور سانی، پردہ دری، بات کو بڑھا گھٹا کر پیش کرنا وغیرہ بے شمار عیوب کا تعلق زبان ہی سے ہے اس لئے یہ جلدی ہی جہنم میں داخل کرنے والی چیز ہے کما قیل جرمہ جرمٌ صغیر و جُرمُہٗ جرمٌ کبیرٌ۔

الــفــرج: اس سے مراد شہوت فرج ہے جس کی وجہ سے بکثرت آدمی جہنم میں پہنچتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر قوت جماع مصلحۃً رکھی ہے لیکن اس کو قابو میں رکھنے کا حکم فرمایا ہے جو شخص اس کو قابو میں نہ رکھے اور اس شہوت کو اعتدال میں نہ کرے تو وہ بے شمار آفتوں کی وجہ سے دنیا کو کھو بیٹھتا ہے اور دین بھی ضائع کر دیتا ہے، شیطان کا آدھا لشکر شہوت ہے اور آدھا لشکر غضب ہے، شہوت میں افراط و تفریط کی وجہ سے انسان عشق میں گرفتار ہوتا ہے جس سے عقل ماؤف ہو جاتی ہے دنیا میں بھی رسوائی اور آخرت میں بھی ذلت کا سامنا کرنا ہوگا البتہ اگر شہوت شریعت و عقل کی تابع ہو تو مذموم نہیں ہے مگر یہ نادر ہے اس سے وجہ حضور ﷺ نے شہوت فرج کو اسباب دخول نار میں شمار فرمایا ہے۔

بہرحال حدیث میں ان دو چیزوں (فم و فرج) کو جہنم میں داخل ہونے کا سبب اکثر قرار دیا گیا ہے اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ زیادہ گناہوں کا تعلق انہی دونوں ہی سے ہے اس وجہ سے ان کی سبب آدمی جہنم میں جائے گا۔

هذا حديث صحيح غريب اخرجه ابن حبان والبيهقي۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْاِحْسَانِ وَالْعَفْوِ

الاحسان: بمعنی نیکوئی کردن اس کی ضد اساءۃ ہے، اللہ تعالیٰ نے احسان کرنے کا حکم فرمایا قال تعالیٰ و احسن کما احسن اللہ الیک العفو: عفا العفو بمعنی مٹادینا التجاوز عن الذنب و ترک العقاب۔

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ وَمَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالُوْا نَا اَبُوْ اَحْمَدَ عَنْ سُفْيٰنَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ الرَّجُلُ اَمُرُّ بِهٖ فَلَا يَقْرِيْنِيْ وَلَا يُضَيِّفُنِيْ فَيَمُرُّ بِيْ اَفَاَجْزِيْهِ قَالَ لَا اَقْرِهٖ قَالَ وَرَاٰنِيْ رَثَّ الثِّيَابِ فَقَالَ هَلْ لَكَ مِنْ مَّالٍ قَالَ قُلْتُ مِنْ كُلِّ الْمَالِ قَدْ اَعْطَانِيَ اللّٰهُ مِنَ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ قَالَ فَلْيُرَ عَلَيْكَ۔

ترجمہ: ابوالاحوص اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سوال کیا کہ میں کسی آدمی کے پاس سے گذرتا ہوں تو وہ نہ میری میزبانی کرتا ہے اور نہ مجھے اٹھاتا بٹھاتا ہے تو کیا میں بھی اسکو ایسا ہی بدلہ دوں فرمایا نہیں تو میزبانی کر راوی نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے مجھ کو دیکھا کہ کپڑے پھٹے ہوئے تھے تو فرمایا کیا تیرے پاس کوئی مال نہیں ہے انہوں نے کہا کہ میں نے عرض کیا کہ سب طرح کا مال ہے تحقیق کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اونٹ اور بکریاں عطا فرمائی ہیں تو حضور نے فرمایا کہ تیرے اوپر اس کا کوئی اثر دکھائی دینا چاہیے۔

ابو الاحوص عوف بن مالك بن نضلة بفتح النون و سكون المعجمة الجشمي بضم الجيم وفتح المعجمة ابوالاحوص الكوفي مشهور بكنيته ثقة من الثالثة مالك بن نضلة ويقال مالك بن عوف بن نضلة صحابي قليل الحديث ۱۲

یـقـریـنـی: بفتح الیاء از ضرب یضیفنی بضم الیاء اس کی تفسیر ہے مگر دوسرا قول یہ ہے کہ قری سے مراد اطعام طعام ہے اور ضیافت سے مراد اپنے گھر وغیرہ میں ٹھہرانا خواہ کھانا بھی نہ کھلائے۔اقـرہ: اس سے مراد قری وضیافت دونوں ہیں جیسا کہ مصنفؒ نے آخر میں تفسیر کر کے اشارہ کیا ہے لہٰذا روایت کا حاصل یہ ہے کہ راوی نے سوال کیا کہ اگر کوئی شخص میرے ساتھ حسن سلوک نہیں کرتا نہ مجھے اپنے پاس ٹھہراتا ہے نہ کھانا کھلاتا ہے تو اب اگر وہ شخص میرے پاس آئے تو کیا میں بھی اس کے ساتھ یہی سلوک کروں تو آپ ﷺ نے اس کو حسن سلوک کا حکم فرمایا کہ تو ایسا نہ کر بلکہ اس کی ضیافت بھی کر اور اس کو کھانا بھی کھلا اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے فرمایا فمن عفا واجرہ علی اللّٰہ۔روایت الباب سے احسان وعفو یعنی دوسرے کی غلطی کا بدلہ حسن سلوک کے ساتھ دینا ثابت ہوا جو ترجمۃ الباب ہے۔ رث الثیاب من الرثاثۃ والرثوثۃ بمعنی البذاذۃ نہایت معمولی لباس جس سے غربت وفقر معلوم ہو۔معمولی سامان کو رث متاع کہا جاتا ہے۔ من کل المال: ای بعض کل المال۔من الابل والغنم: یہ بعض المال کا بیان ہے بعض روایات میں من الابل والبقر والغنم والخیل والرقیق واقع ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ میں مالدار ہوں ہر طرح کا مال میرے پاس موجود ہے۔ قال فلیر علیك: فلیر بصیغہ مجہول ای فلیبصر و لیظہر ایک روایت میں ہے فاذا آتاك اللّٰہ مالاً فلیر اثر نعمۃ اللّٰہ علیك و کرامتہ۔مطلب یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے تجھ کو مال دیا ہے تو اس کا اثر تیرے جسم پر ظاہر ہونا چاہیے یعنی اچھا صاف ستھرا لباس زیب تن کر۔

عمدہ لباس اور عمدہ غذائیں استعمال کرنا اسلام کے خلاف نہیں: روایت الباب سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی عطاء کردہ نعمتوں کو استعمال کرنا چاہیے عمدہ غذائیں عمدہ لباس و پوشاک کا پہننا جبکہ وسعت ہو مطلوب ومحمود ہے وسعت ہوتے ہوئے پھٹے حال گندہ پراگندہ رہنا نہ اسلام کی تعلیم ہے اور نہ اسلام میں پسندیدہ چیز ہے جیسا کہ بہت سے جاہل اس کو پسند کرتے ہیں۔سلف صالحین اور ائمہ اسلام میں بہت سے اکابر جن کو اللہ تعالیٰ نے مالی وسعت عطا فرمائی تھی اکثر عمدہ اور بیش قیمت لباس استعمال فرماتے تھے خود آپ ﷺ کے بارے منقول ہے کہ جب اچھا لباس میسر ہوتا تو زیب تن فرماتے تھے امام ابوحنیفہؒ کے بارے میں ہے کہ آپ نے چار سو کی قیمت کی چادر استعمال فرمائی ہے امام مالکؒ ہمیشہ نفیس اور عمدہ لباس پہنتے تھے۔ان کے لئے تو کسی صاحب نے پورے سال کے لئے تین سو ساٹھ جوڑوں کا سالانہ انتظام اپنے ذمہ لے لیا تھا ہر روز نیا جوڑا استعمال فرماتے جو ایک مرتبہ استعمال کر لیا دوبارہ اسکو نہ پہنتے تھے بلکہ کسی غریب طالب علم کو دیدیا کرتے تھے۔بہر حال اظہار نعمت بھی ایک قسم کا شکر ہے اس کے بالمقابل وسعت ہوتے ہوئے پھٹے پرانے کپڑے پہننا ایک قسم کی ناشکری ہے البتہ عمدہ لباس استعمال کرنے میں دو چیزوں سے بچنا لازم ہے اول ریا وسمو دوسرے فخر وغرور یعنی محض لوگوں کو دکھلانے اور اپنی بڑائی ظاہر کرنے کے لئے لباس فاخرہ استعمال نہ کرے ظاہر ہے کہ سلف صالحین ان دونوں چیزوں سے بری تھے رسول اللہ ﷺ اور فاروق اعظمؓ اور دوسرے بعض صحابہ وسلف کے بارے میں جو منقول ہے کہ وہ معمولی لباس پہنتے تھے اسکی وجہ اول ہے کہ جو کچھ مال آتا وہ فقراء و مساکین کو دے دیتے تھے یا نیکی کے کاموں میں خرچ کر دیتے تھے اپنے لئے باقی نہ رکھتے کہ جس سے عمدہ لباس استعمال کر لیتے دوسری وجہ یہ ہے کہ آپ ﷺ مقتدائے خلائق تھے سادہ اور سستی پوشاک رکھنے سے دوسرے امراء کو تلقین کرنا مقصود تھی تا کہ عام غرباء وفقراء پر ان کے مال کی حیثیت کا رعب نہ پڑے اسی طرح حضرات صوفیاء کرام جو مبتدیوں کو لباس زینت اور عمدہ ولذیذ کھانوں سے روکتے ہیں ان کا منشاء بھی یہ نہیں کہ دائمی طور پر

ان کا ترک کرنا کارثواب ہے بلکہ نفس پر قابو پانے کے لئے ابتدائے سلوک میں ایسے مجاہدے بطور علاج ودواء کے کرائے جاتے ہیں لہٰذا جب اس درجہ کو پہنچ جائیں کہ خواہشات نفسانی پر قابو پالیا اور اب اس کا نفس اسکو حرام وناجائز کی طرف نہ کھینچ سکے گا تو اس وقت وہ عمدہ لباس اور عمدہ کھانوں کے استعمال کی اجازت دیدیتے ہیں اور اس وقت یہ طیبات رزق ان کے لئے معرفت خداوندی اور درجات قرب میں رکاوٹ کے بجائے اضافہ اور تقرب کا ذریعہ بنتے ہیں۔

عادت سلف در لباس وغذا: لباس وغذا کے متعلق سنت رسول اللہ ﷺ اور عادت سلف صالحین کا خلاصہ یہ ہے کہ جس طرح کی پوشاک ولباس اور خوراک بآسانی میسر ہو اسکو شکر کے ساتھ استعمال کرے اگر موٹا کپڑا خشک غذا ہو تو اسی پر قناعت کرے ایسا نہ ہو کہ اچھا استعمال کرنے کے لئے قرض لینا پڑے یا اسکی کوشش میں اپنے کو کسی دوسری مشکل میں مبتلا کردے اسی طرح اچھا لباس وعمدہ خوراک حاصل ہو تو بتکلف اس کے استعمال سے پرہیز نہ کرے اور جان بوجھ کر اس کو خراب نہ کرے جس طرح اچھے لباس وغذا کی جستجو بتکلف مذموم ہے اسی طرح اچھے کو خراب کرنا یا اس کو چھوڑ کر گھٹیا استعمال کرنا بھی مذموم ہے۔

وفی الباب عن عائشةؓ اخرجه الشیخان و جابرؓ اخرجه الشیخان۔ وابی ہریرةؓ اخرجه مسلم۔ ھذا حدیث حسن صحیحٌ اخرجه احمد والنسائی۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ اَبِي الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُمَيْعٍ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَكُوْنُوْا اِمَّعَةً تَقُوْلُوْنَ اِنْ اَحْسَنَ النَّاسُ اَحْسَنَّا وَاِنْ ظَلَمُوْا ظَلَمْنَا وَلٰكِنْ وَطِّنُوْا اَنْفُسَكُمْ اَلنَّاسُ اِنْ اَحْسَنَ النَّاسُ اَنْ تُحْسِنُوْا وَاِنْ اَسَاءُوْا فَلَا تَظْلِمُوْا۔

ترجمہ: حذیفہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ نہ ہو تم امعہ کہنے لگو تم کہ اگر لوگ ہمارے ساتھ احسان کا معاملہ کریں گے تو ہم بھی احسان کریں گے اور اگر وہ ظلم کریں گے تو ہم بھی ظلم کریں گے مگر تم تیار کرو اپنے نفس کو اس بات کے لئے اگر لوگ احسان کریں گے تو تم بھی ان کے ساتھ احسان کا معاملہ کرو گے اور اگر وہ بدسلوکی کریں تو تم ان پر ظلم نہ کرو۔

امّعة: بکسر الہمزة وتشدید المیم والہاء للمبالغة اس کا ہمزہ اصلیہ ہے یہ لفظ مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے مؤنث کو امرأة امعة نہیں کہا جاتا اور قاموس میں ہے الامّع مثل ھلع وھلعة تیز کہا جاتا ہے۔ تأمّع واستأمع بمعنی صار امّعة۔ صاحب فائق فرماتے ہیں کہ اس کے معنی ہیں الذی یتابع کل ناعق ویقول لکل احد انا معك لانه لا رای له لا یرجع عنه جس کے معنی ہیں ایسا مقلد خالص جو بغیر سوچے سمجھے اپنے دین کو دوسرے کے تابع بنادے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں کہ اس سے مراد وہ شخص ہے جو اپنی کسی رائے پر قائم نہ ہو بلکہ ہر کسی شخص کی تابعداری کرتا ہو نیز اس کا اطلاق اس شخص پر بھی ہوتا ہے جو بغیر دعوت طعام کے لوگوں کے ساتھ طفیلی بن کر آجائے نیز وہ شخص بھی اس سے مراد ہو سکتا ہے جو اپنی ضعف رائے کی بناء پر ہر کسی کے ساتھ ہو جائے۔ مگر یہاں مراد وہ شخص ہے جو اپنے نفس کی خواہش وتمنا کی پیروی کرتا ہو بعض فرماتے ہیں وہ شخص مراد ہے جو یہ کہے کہ جس طرح لوگ میرے ساتھ برتاؤ کریں گے میں بھی ویسا ہی برتاؤ ان کے ساتھ کروں گا ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ یہی آخری معنی یہاں متعین ہیں جیسا کہ

الولید بن عبداللہ بن جمیع الزہری المکی نزیل الکوفة صدوق یھم ورمی بالتشیع من الخامسة ابوالطفیل عامر بن عبداللہ بن عمرو بن جحش اللیثی وربما سمی عمرو صحابی مشہور مات آخر من الصحابة وله مائة وعشر ۱۲

تقولون ان احسن الناس الخ سے معلوم ہوتا ہے چنانچہ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ تقولون الخ یہ امعۃ کی تفسیر ہے وطنوا انفسکم ماخوذ من التوطین بمعنی التمہید والتہیا تیاری کرنا۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ان تحسنوا کا تعلق وطنوا سے ہے اور جواب شرط محذوف ہے یدل علیہ ان تحسنوا او التقدیر وطنوا انفسکم علی الاحسان ان احسن الناس فاحسنوا و ان اساؤا فلا تظلموا چونکہ عدم ظلم بھی احسان ہے۔

روایت الباب کا خلاصہ یہ ہے کہ تم لوگوں کے ساتھ ہر حال میں احسان اور عفو و درگزر کا معاملہ کرو خواہ وہ تمہارے اوپر ظلم و زیادتی کریں اعلیٰ درجہ یہی ہے کہ عفو و درگزر سے کام لیا جائے اگر چہ برائی کا بدلہ اتنی ہی برائی سے دینا جائز و درست ہے کما قال تعالیٰ ان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم بہ وقول تعالیٰ وجزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا عفو و درگزر کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں فمن عفا و اصلح فاجرہ علی اللّٰہ وقال تعالیٰ ولئن صبرتم لھو خیر للصابرین۔ اور حضور ﷺ نے فرمایا واعف عمن ظلمك نیز علامہ سیوطیؒ نے طرق کثیرہ سے ایک روایت نقل کی ہے جس کے الفاظ میں اول منادمن عنداللّٰہ یقول این الذین اجرھم علی اللّٰہ فیقوم من عفافی الدنیا معلوم ہوا کہ برائی کا بدلہ اچھائی کے ساتھ دینا اور لوگوں کے ظلم و زیادتی کو معاف کر دینا بہت بڑی فضیلت کا باعث ہے۔

حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ فلا تظلموا میں ظلم سے مراد اگر زیادتی ہے یعنی جس قدر بدلہ لینے کا حق ہے اس سے زیادتی کرنا تو حدیث شریف اور آیت شریفہ وان عاقبتم فعاقبوا ما مثل ما عوقبتم بہ کے موافق ہے یعنی اس قدر بدلہ لینے کا حق ہے جس قدر دوسرے سے زیادتی ہوئی اور اس سے زائد فلا تظلموا سے منع فرمایا گیا ہے اور اگر اس سے مراد صرف ظلم ہے یعنی صرف بدلہ لینا تو پھر حدیث شریف میں احسان کی تعلیم ہے کہ اگر کسی نے ظلم کیا تو تم اس سے بدلہ نہ لو بلکہ معاف کر دو کما قال علیہ السلام واعف عمن ظلمك۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ زِیَارَۃِ الْاِخْوَانِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَالْحُسَیْنُ بْنُ اَبِیْ کَبْشَۃَ الْبَصْرِیُّ قَالَا ثَنَا یُوْسُفُ بْنُ یَعْقُوْبَ السَّدُوْسِیُّ نَا اَبُوْ سِنَانٍ الْقَسْمَلِیُّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِیْ سَوْدَۃَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ مَنْ عَادَ مَرِیْضًا اَوْزَارَ اَخًا لَہٗ فِی اللّٰہِ نَادَاہُ مُنَادٍ اَنْ طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّاْتَ مِنَ الْجَنَّۃِ مَنْزِلًا۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے کسی مریض کی عیادت کی یا محض اللہ کے لئے کسی دینی بھائی کی زیارت کی تو منادی ندا دیتا ہے کہ خوش رہ تو اور مبارک ہو تیرا چلنا اور بنا لیا تو نے جنت میں گھر۔

من عاد مریضا: حقوق مسلم میں سے ایک حق یہ ہے کہ محض اللہ کے لیے مریض کی عیادت کرے یہ بہت بڑی فضیلت کا باعث

حسین بن ابی کبشۃ البصری ھو ابن سملۃ بن اسماعیل بن یزید بن ابی کبشۃ بمو حدۃ و معجمۃ الازدی الطحان البصری صدوق من التاسعۃ یوسف بن یعقوب الدوسی بن ابی قاسم مولاھم ابو یعقوب السلمی بکسر المھملۃ و فتح اللام صدوق من التاسعۃ ۲۰۱ھ ابو سنان القسملی بفتح القاف و سکون المھملۃ وفتح المیم وتخفیف اللام ھو عیسی بن سنان الحنفی الفلسطینی نزیل البصرۃ لین الحدیث من السادسۃ عثمان بن ابی سودۃ المقدسی ثقۃ من الثالثۃ ۱۲

ہے اللہ تعالیٰ کا منادی اس کو دنیا و آخرت کی خوش عیشی پر مبارک باد دیتا ہے عیادت مریض سے متعلق ایک حدیث میں ہے۔ اذا عاد الرجل المریض خاض فی الرحمة فاذا قعد عنده انغمس فیها" نیز ایک روایت میں ہے "من اتی اخاه المسلم عائدًا مشی فی خزانة الجنة حتی یجلس فاذا جلس غمرته الرحمة فان کان غدوة صلی علیه سبعون الف ملك حتی یمسی وان کان مساء صلی علیه سبعون الف ملك حتی یصبح" حضرات علماء فرماتے ہیں عیادت عبادت سے لفظًا معنًی ' عددًا ہر اعتبار سے بڑھی ہوئی ہے عیادت میں یاء ہے جس میں دو نقطے ہیں اور عبادت میں باء جس میں صرف ایک نقطہ ہے' اور معنی کے اعتبار سے عبادات نفلی سے عیادت مریض افضل ہے اور عدد کے اعتبار سے یاء کا عدد دس ہے اور باء کا عدد صرف دو ہے۔ زار اخاً له: ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان سے ملنا جس سے دونوں کو مسرت و خوشی ہوتی ہے یہ محض اللہ کے لئے ہو تو بڑی فضیلت کا سبب ہے ان طبت مماؤ یہ دعا دنیا و آخرت کی خوش عیشی کے لئے ہے طاب ممشاك یہ مصدر ہے یا ظرف مکان یا زمان ہے یعنی یہ چلنا' یا جہاں تو جا رہا ہے یا جس زمانہ میں جا رہا ہے یہ سب قابل مبارکباد ہیں' یعنی اس کا ذریعہ ہے کہ تیرا آخرت کی طرف جانا اس حال میں ہے کہ تو رذائل سے پاک ہے اور خصائل حمیدہ کے ساتھ آراستہ ہے تبوأت اس کے معنی تہیأت یعنی تیار کر لیا تو نے منزلُ ای منزلًا عظیمًا اس سے عیش آخرت کی طرف اشارہ ہے۔

روایت سے معلوم ہوا کہ عیادت مریض اور مسلمان بھائی سے محض اللہ کے لئے ملاقات کرنا دنیا و آخرت دونوں میں خوش عیشی کا ذریعہ ہیں فرشتہ جو اللہ کا منادی ہے اس کے لئے اس کی دعا کرتا ہے اور خبر دیتا ہے کہ انشاء اللہ ایسا شخص دنیا میں بھی خوش عیش رہے گا اور آخرت میں بھی ناجی ہو کر فلاح یاب ہو گا چونکہ اس کے لئے جنت میں گھر تیار کر دیا گیا ہے اس کو یہ مبارک ہو۔

هذا حدیث غریب: علامہ منذری نے "حسن غریب" فرمایا ہے مگر ہمارے موجودہ نسخوں میں حسن کا لفظ نہیں ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْحَيَاءِ

الحیاء: بالمد لغت میں اس کے معنی ہیں وہ تغیر وانکسار جو انسان کو ایسی چیز سے پیش آئے جس سے عیب لگ جانے کا اندیشہ ہو نیز ترک شیٔ بسبب پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے کیونکہ ترک اس کے لوازم میں سے ہے اور شرع میں حیاء اس امر طبعی کو کہتے ہیں جو برائی سے بچنے پر برانگیختہ کرے اور اہل حق کے حق میں کوتاہی سے مانع ہو۔

حیاء کے اقسام: حضرات علماء نے حیاء کے مختلف اقسام بیان فرمائے ہیں (اول) حیاء جنایت' جیسے حضرت آدم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے حیاء کی گناہ صادر ہونے کی بناء پر' اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا افرارًا منا تو حضرت آدم نے جواب میں کہا لا بل حیاء منك۔ (دوم) حیاء تقصیر جیسے ملائکہ کی حیاء انہوں نے حیاء اللہ کی بارگاہ میں عرض کیا سبحانك ما عبدناك حق عبادتك۔ (سوم) حیاء اجلال: جیسے حضرت اسرافیل کی حیاء کہ وہ اپنے پروں کو اللہ تعالیٰ کی وجہ سے سمیٹے ہوئے ہے۔ (چہارم) حیاء کرم جیسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاء یعنی لوگوں کا کھانا کھانے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں بیٹھے رہنا

عبدالرحیم بن سلیمان الکنانی او الطائی ابو علی الاشل المروزی نزیل الکوفة ثقة له تصانیف من صغار الثامنة' محمد بن بشر بکسر الموحدة ابن الفرافصة بن المختار الحافظ العبدی ابو عبداللہ الکوفی ثقة حافظ من التاسعة ۱۲ ھ

اور آپ کا حیاء ان کو چلے جانے کا حکم نہ فرمانا قال تعالٰی ان ذالک کان یؤذی النبی فیستحی منکم (پنجم) حیاء حشمت جیسے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حیاء کہ حضور ﷺ سے مذی سے متعلق سوال نہ کر سکے بلکہ دوسرے صحابی سے سوال کو کہا۔ (ششم) حیاء استحقار جیسے حیاء موسیٰ علیہ السلام۔ قال انی لتعرض لی الحاجۃ من الدنیا فاستحی ان اسئلک یا رب فقال عزوجل سلنی حتی ملح عجینک الخ (ہفتم) حیاء انعام وھو حیاء الرب تعالٰی اذا اذنب العبد۔

حیاء نہایت عمدہ خصلت ہے انسان اس کی وجہ سے بہت سے عیوب و ذنوب سے محفوظ رہتا ہے اسی وجہ سے اسکو ایمان کا اہم شعبہ قرار دیا گیا ہے اس لئے کہ حیاء ایمان کے مقتضیات و لوازم میں سے ہے حیاء کو خصوصاً شعبہ ایمان فرمایا گیا ہے کیونکہ حیاء ایسا خلق ہے جو باقی جملہ شعب ایمان کے لئے داعی کی حیثیت رکھتا ہے۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَ عَبْدُ الرَّحِيْمِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے حیاء ایمان کا ایک جزء ہے اور ایمان جنت میں پہنچانے والا ہے اور بے حیائی قساوت قلبی کا جزء ہے یعنی فسق و فجور کی علامت ہے اور یہ جہنم میں لے جانے والی ہے۔

والایمان فی الجنۃ: یعنی اہل ایمان فی الجنۃ بطور شکل اول: الحیاء من الایمان وکل من الایمان فی الجنۃ فالحیاء فی الجنۃ یعنی جب حیاء ایمان کا اہم شعبہ ہے اور ایمان جنت میں داخل ہونے کا ذریعہ ہے تو نتیجہ یہ ہوا کہ حیاء جنت میں داخل ہونے کا ذریعہ ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ جو شخص باحیاء ہوگا وہ تمام اوامر کو بجالانے والا اور تمام نواہی سے اجتناب کرنے والا ہوگا تو یقیناً اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی مغفرت فرما کر جنت میں داخل فرمادیگا۔ والبذاء من الجفاء: بذاء خلاف حیاء کو کہتے ہیں جب حیاء نہ ہوگی تو ایسا شخص فاحش اور بداخلاق ہوگا چونکہ اس میں جفاء یعنی قساوت قلبی اور غلظت پائی جائیگی جسکی وجہ سے وہ گناہوں کا شکار ہوگا اور اس کو جہنم میں داخل کردیا جائے گا یا تو ہمیشہ ہمیش کے لئے یا ایک خاص مدت کے لئے۔

علامات شقاوت: فضیل بن عیاضؒ فرماتے ہیں کہ شقاوت و بدبختی کی پانچ علامتیں ہیں (۱) القسوۃ فی القلب (۲) جمود العین (۳) قلۃ الحیاء (۴) الرغبۃ فی الدنیا (۵) طول الامل۔ بہر حال روایت الباب سے حیاء کی فضیلت اور بے حیائی کی مذمت معلوم ہوتی ہے۔ حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ حیاء عجیب چیز ہے اگر مخلوق سے حیاء ہوگی تو کوئی ایسی حرکت نہ ہوگی جسکو مخلوق پسند نہ کرتی ہو۔ اگر خالق سے حیاء ہوگی تو ان افعال سے اجتناب ہوگا جو خالق کے نزدیک ناپسند ہیں۔ مخلوق سے حیاء کرنا تو طبعی امر ہے البتہ خالق سے حیاء کرنے کا طریقہ معلوم کرنا ضروری ہے سو اس کا طریقہ یہ ہے کہ کوئی وقت تنہائی کا مقرر کرکے بیٹھے اور اپنی نافرمانیاں اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں یاد کیا کرے چند روز میں حیاء کی کیفیت پیدا ہو جائیگی اور ایک عظیم شعبہ ہاتھ آجائیگا۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجہ الشیخان۔ وابی بکرۃؓ اخرجہ البخاری فی الادب وابن ماجہ والبیہقی۔ وابی امامۃؓ اخرجہ احمد والحاکم والطبرانی۔ و عمران بن حصینؓ اخرجہ الشیخان۔ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و ابن حبان والحاکم والبیہقی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّأَنِّيْ وَالْعَجَلَةِ

تانی: ترکِ استعجال کو کہا جاتا ہے یعنی متانت ووقار اختیار کرنا عجلت وجلدی نہ کرنا جس سے سنجیدگی ختم ہو۔

حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا نُوْحُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِمْرَانَ عَنْ عَاصِمٍ بِالْأَحْوَلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ الْمُزَنِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ اَلسَّمْتُ الْحَسَنُ وَالتُّؤَدَةُ وَالْاِقْتِصَادُ جُزْءٌ مِنْ اَرْبَعَةٍ وَعِشْرِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ۔

ترجمہ: عبداللہ بن سرجس مزنیؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اچھی عادت اور سنجیدگی ومتانت اور درمیانی راہ اختیار کرنا نبوت کے چوبیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔

السمت الحسن: اس کے معنی پسندیدہ عادت اور اچھے طریقہ کے ہیں السمت معناہ الطریق مطلقاً۔ مگر اس کا استعمال اہل خیر کے طریق کے لئے ہے وفی الفائق السمت اخذ المنهج ولزوم الحجة۔ التؤدة: بضم التاء وفتح الہمزۃ اس کے معنی ہیں کسی کام کو اطمینان وسکون سے کرنا اس میں جلدی نہ کرنا۔ الاقتصاد اس کے معنی ہیں افراط وتفریط سے بچکر درمیانی راہ اختیار کرنا علامہ تورپشتیؒ فرماتے ہیں کہ اقتصاد کا اطلاق دو معنی پر ہوتا ہے اول اچھے اور برے فعل کے درمیان راستہ نکالنا مثلاً جور اور عدل کے درمیان یا اسراف اور جور کے درمیان کی راہ اسی طرح بخل اور سخاوت کے درمیان کا راستہ اختیار کرنا یہ سب اقتصاد میں داخل ہے دوم ایسی درمیانی راہ جسکے دونوں جانب افراط وتفریط ہو۔

جزء من اربعة و عشرين جزء من النبوة: بعض روایات میں جزء من خمس وعشرين جزء من النبوة وارد ہے کما اخرجہ ابوداؤد۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اس سے مقصود کثرت اجزاء کو بیان کرنا ہے اس کی حد مقرر کرنا مقصود نہیں ہے دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ اختلاف متصف کے کیف وکم کے اعتبار سے ہے۔

جزءِ نبوت ہونے کا مطلب: (۱) علامہ تورپشتیؒ فرماتے ہیں کہ ان امور کے جزء نبوت ہونے کا مطلب کسی کو معلوم نہیں اس کی مراد اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ ہی خوب جانتے ہیں۔ (۲) علامہ خطابی فرماتے ہیں روایت کا مطلب یہ ہے کہ یہ امور ثلثہ ایسے ہیں کہ ان کے ساتھ انبیاء علیہم السلام متصف ہوتے ہیں اور یہ ان کی عادات میں سے ہے لہٰذا یہ تینوں امور فضائل کے اعتبار سے بہت اچھے ہیں جس میں یہ باتیں پائی جائیں گی اس کو انبیاء کے فضائل کے اجزاء میں سے ایک جزء حاصل ہوگا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ نبوت متجزی ہے کہ ایسا شخص جزء نبی ہو کیونکہ نبوت وہبی شئی ہے شئی مکتسب نہیں ہے۔ (۳) یہ امور ثلثہ ایسے ہیں کہ حضرات انبیاء علیہم السلام نے انکی دعوت دی ہے لہٰذا ان اوصاف کے ساتھ متصف ہونے والا انبیاء علیہم السلام کی طرح داعی کہلائے گا (۴) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس میں یہ امور پائے جائیں گے اس سے لوگ تعظیم وتکریم کے ساتھ ملاقات کرینگے اور اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو لباس تقویٰ سے آراستہ فرمائیں گے جس طرح حضرات انبیاء علیہم السلام کو آراستہ فرمایا ہے۔

وفي الباب عن ابن عباسؓ اخرجه ابوداؤد الحاكم۔ هذا حديث حسن

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا نُوْحُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِمْرَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَحْوَهُ وَلَمْ

نوح بن قيس بن رباح الأزدي اوبو روح البصري اخو خالد صدوق رمي بالتشيع من الثامنة ۱۸۳ھ عبدالله بن سرجس بفتح المهملة وسكون الراء وكسر الجيم بعدها مهملة المزني صحابي نزل البصرة ۳

يَذْكُرْ فِيهِ عَنْ عَاصِمٍ وَالصَّحِيحُ حَدِيثُ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ

امام ترمذیؒ کے اس فرمان کا مطلب یہ ہے کہ یہ روایت بطریق قتیبہ بھی مروی ہے مگر اس میں عاصم احول کا واسطہ نہیں ہے یہ صحیح و درست نہیں ہے بلکہ نصر بن علی کے طریق سے جس طرح منقول ہے وہی صحیح و درست ہے اس میں عاصم احول کا ذکر موجود ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ أَبِي جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لِأَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ إِنَّ فِيكَ خَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالْأَنَاةُ

ترجمہ: عبداللہ بن عباسؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے اشج بن القیس سے فرمایا کہ بیشک تیرے اندر دو عادتیں ایسی ہیں جنکو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے حلم اور اناۃ (بردباری و متانت) اشج عبدالقیس ان کا نام منذر بن عائذ ہے اور عبدالقیس ایک قبیلہ ہے اس کے یہ سردار اور قائد تھے جب یہ قبیلہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس وقت حضور ﷺ نے انکے متعلق یہ فرمایا تھا۔

الحلم والاناة: یہ مبغوض ہے بدل ہونیکی بناء پر یا مرفوع ہے مبتداء محذوف کی خبر ہونے کی بناء پر ای هما الحلم والاناۃ۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ حلم سے مراد عقل ہے اور اناءۃ سے مراد وقار و متانت اور سنجیدگی ہے۔ حضور ﷺ نے یہ جملہ اس وقت ارشاد فرمایا تھا جب وفد عبدالقیس حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا سب لوگ سواری و سامان کو یونہی چھوڑ کر آپ کی خدمت میں حاضر ہو گئے مگر اشج عبدالقیس نے اپنی سواری کو بھی باندھا اور سامان ٹھیک کیا اور طہارت و نظافت کے بعد حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے ان کو اپنے پاس بٹھایا اور فرمایا ان فيك خصلتين الخ۔

ظاہر ہے کہ بردباری اور سنجیدگی اچھی چیز ہے ہر کام میں عجلت غیر پسندیدہ ہے ایک شخص کو آپ ﷺ نے نصیحت فرمائی اذا اردت امرًا فتدبر عاقبة فان كان رشدا فامضه وان كان سوا ذلك فانته (ابن المبارک) حضرت عمرو بن العاصؓ نے معاویہؓ کو خط لکھا جس میں کسی کام کی تاخیر پر ملامت کی حضرت معاویہؓ نے جواباً لکھا کہ امور خیر میں تامل و غور و فکر سے کام لینا رشد کی علامت ہے اور رشید وہی ہوتا ہے جو جلد بازی سے اجتناب کرنے والا ہو اور محروم وہ ہے جو سنجیدگی اور وقار سے محروم ہو۔ مستقل مزاج کامیابی سے ہم کنارہ ہوتا ہے اور جلد باز ٹھوکر کھاتا ہے۔ حضرت حسن فرماتے ہیں مؤمن بردبار سنجیدہ اور باوقار ہوتا ہے رات میں لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح نہیں کہ جو ہاتھ لگا اٹھا لیا۔

وفی الباب عن الاشج العصری اخرجه احمد۔

حَدَّثَنَا أَبُو مُصْعَبٍ الْمَدَنِيُّ نَا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اَلْأَنَاةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطَانِ

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سنجیدگی اللہ کی طرف سے ہے اور عجلت شیطان کی طرف سے۔

علامہ مناوی فرماتے ہیں کہ عجلت کا ہونا شیطان کے وسوسے سے ہوتا ہے بسا اوقات عجلت کی بناء پر انسان کی نظر نتائج تک نہیں

محمد بن عبداللہ بن بزيع بفتح الموحدة وكسر الزاء البصري ثقة من العاشرة ۲۴۷ھ قرة بن خالد السدوسي البصري ثقة ضابط من السادسة ۱۵۵ھ ابو جمرة نصر بن عمران بن عصام الضبعي بضم المعجمة وفتح الموحدة بعدها مهملة البصري نزيل خراسان ثقة ثبت من الثالثة ۱۲۸ھ اشج عبدالقيس اسمهٗ منذر بن عائذ وافد عبدالقيس وقائد هم ورئيسهم ۔

نتیجتی اور اچھے نتائج نہ ہونے کی وجہ سے ندامت اٹھانی پڑتی ہے البتہ خیر کے کاموں میں جلدی کرنا مطلوب و مامور ہے اور عجلت فی نفس العبادات جس سے عبادات اچھی طرح ادا نہ ہوں مذموم ہے اگر کوئی شخص متانت و سنجیدگی سے امور انجام دیگا تو وہ عواقب میں غور و خوض کریگا اور صحیح راستہ اختیار کریگا اور اس کے نتائج بھی عمدہ حاصل ہونگے۔

ھذا حدیث غریب: ہمارے موجودہ نسخوں میں اسی طرح ہے البتہ ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ میرک نے فرمایا بعض نسخوں میں حسن غریب ہے وقد تکلم بعض اھل العلم الخ بعض اہل علم نے عبدالمہیمن کو حافظہ کے اعتبار سے ضعیف قرار دیا ہے ملا علی قاری فرماتے ہیں اگر چہ ان کو حافظہ کے اعتبار سے مطعون کیا گیا ہے مگر یہ عادل و ثقہ ہیں لیکن ملا علی قاری کی یہ بات درست نہیں ہے کیونکہ حافظ نے تقریب میں مطلقاً ضعیف فرمایا ہے نیز تہذیب میں ہے کہ بخاری نے ان کو منکر الحدیث فرمایا ہے۔ امام نسائی فرماتے ہیں لیس بثقة ابن حبان نے فرمایا لما فحش الوھم فی روایة بطل الاحتجاج به: نیز امام نسائی نے دوسرے مقام پر انکو متروک الحدیث قرار دیا ہے حافظ نے اور بھی اقوال نقل کئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ثقہ نہیں ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الرِّفْقِ

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ نَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ مُمَلَّكٍ عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ فَقَدْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَنْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ فَقَدْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ الْخَيْرِ۔

ترجمہ: ابودرداءؓ سے منقول ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص نرمی سے بہرہ ور ہوا وہ (دنیا و آخرت کی) بھلائی سے بہرہ ور ہوا اور جو شخص نرمی سے محروم کردیا گیا وہ (دنیا و آخرت کی) بھلائی سے محروم کردیا گیا۔

الرفق: بالکسر ضد العنف وھو المداراة بالرفقاء ولین الجانب والتلطف فی اخذ الامر باحسن الوجوہ والیسرہا من اعطی مجہول کا صیغہ ہے حظہ یہ مفعول ثانی ہے ومن حرم یہ بھی مجہول کا صیغہ ہے نرمی نہایت عمدہ صفت ہے جو حسن خلق اور سلامتی طبع کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہے نرمی ہر حال میں حسن خلق کا ثمرہ ہے چونکہ حسن خلق اس وقت حاصل ہوتا ہے جب قوت غضب و شہوت معتدل ہو اور اسی سے نرمی ہوتی ہے احادیث میں نرمی کے فضائل وارد ہوئے ہیں چنانچہ ایک روایت میں حضور ﷺ نے فرمایا "اذا احب اللّٰہ اھل بیت ادخل علیھم الرفق (احمد) نیز ایک دوسری روایت ہے اِنَّ اللّٰہ اعطی علی الرفق مالا یعطی علی الخرق (جہالت) واذا احب اللّٰہ عبدا اعطاہ اللّٰہ الرفق مامن اھل بیت یحرمون الرفق الا حرموا محبة اللّٰہ تعالٰی (طبرانی کبیر) اسی طرح فرمایا ان اللّٰہ رفیق یحب الرفق ویعطی علیه مالا یعطی علی العنف (متفق) (مسلم) نیز ارشاد ہے یا عائشة ارفقی فان اللّٰہ اذا اراد باھل بیت کرامته دلھم علی الرفق (احمد) ایک روایت میں ہے تدرون من یحرم علی النار کل ھین لین

(صفحہ گزشتہ کا) ابو مصعب المدنی ھو احمد بن ابی بکر بن الحارث الزھری المدنی الفقیه صدوق عابد ابو خیثمه المفتی بالرای من العاشرۃ ۲۴۲ھ عبدالمھیمن بن عباس بن سھل بن سعد الساعدی الانصاری ضعیف من الثامنة ومات بعد سبعین ومائة ابیه عباس بن سھل بن سعد الساعدی ثقة من الرابعة مات فی حدود العشر بن وقیل قبل ذالك جدی سھل بن سعد بن مالك بن خالد الانصاری الخزرجی الساعدی ابوالعباس له ولابیه صحبته مشھور ۸۸ھ وقیل بعدھا

سهل قریب (ترمذی) نیز ارشاد ہے الرفق یمن والخرق شوم (طبرانی اوسط) ایک روایت میں ہے یا عائشة علیك بالرفق لایدخل فی شئ الازانه ولا ینزع من شئ الاشانه (مسلم) ایک روایت جو مرفوع وموقوف دونوں طرح نقل کی گئی ہے اس طرح سے ہے کہ علم مومن کا دوست حلم اس کا وزیر عقل اس کی مددگار اس کا نگراں رفق اس کا باپ نرمی اس کا بھائی اور صبر اس کی فوج کا امیر ہے۔(ابوالشیخ) ایک بزرگ فرماتے ہیں کتنا عمدہ ہے وہ ایمان جس کو نرمی سے سنوارا گیا ہو سفیان ثوریؒ نے اپنے رفقاء سے پوچھا جانتے ہو رفق کیا چیز ہے پھر خود فرمایا ہر امر کو اس کے موقع اصول میں رکھنے کا نام رفق ہے ضرورت ہو تو سختی برتے موقع ہو تو نرمی کرے کیونکہ اکثر طبائع عنف وحدت کی طرف زائد قائل ہیں اسلئے نرمی کی ترغیب کی زیادہ ضرورت ہے۔ بہر حال نرمی ایک عمدہ صفت ہے اور اکثر حالات میں اس کی ضرورت زیادہ رہتی ہے سختی کی ضرورت گاہے گاہے پیش آتی ہے۔ انسان کامل وہی ہے جو نرمی وسختی کے مواقع میں فرق کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ بصیرت وشعور سے محروم شخص یہ فرق نہیں کرپاتا۔

وفی الباب عن عائشةؓ اخرجه الشیخان۔ وجریر بن عبدالله اخرجه مسلم وابو داؤد وابی هریرةؓ اخرجه البخاری هذا حدیث حسن صحیح اخراجه احمد۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا وَكِيْعٌ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ اَبِيْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ اتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهٗ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے معاذ کو یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا کہ مظلوم کی بددعا سے بچنا اس لئے کہ اس کی دعا اور اللہ تعالیٰ کی اجابت کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہے۔

اتق دعوة المظلوم: یہاں مظلوم سے عام مراد ہے خواہ اس کے ساتھ کسی بھی طرح کا ظلم ہوا ہو جب حضرت معاذؓ کو یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو اس وقت خصوصی طور پر حضور ﷺ نے یہ وصیت فرمائی چونکہ بسا اوقات حاکم سے زیادتی ہو جاتی ہے۔

لیس بینها وبین الله حجاب: یہ سرعت اجابت دعا سے کنایہ ہے اور مراد یہ ہے کہ اس کی بددعا ضرور قبول ہوتی ہے اس کی دعا کی قبولیت سے کوئی چیز مانع نہیں ہے بلکہ مظلوم کی بددعا کو اللہ تعالیٰ کے یہاں پیش کیا جاتا ہے چونکہ مظلوم حاق قلب سے بددعا کرتا ہے اور وہ منکر القلب ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ منکر القلب شخص کی دعا کو ضرور سنتا ہے قال الشاعر

بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگامِ دعا کردن اجابت از درِ حق بہر استقبال می آید

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه الشیخان۔ وفی الباب عن انسؓ اخرجه احمد وابو یعلی وابی هریرةؓ اخرجه الترمذی فیما سبق عبد الله بن عمرؓ فلینظر من اخرجه وابی سعیدؓ اخرجه البخاری فی تاریخه۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ خُلُقِ النَّبِيِّ ﷺ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ خَدَمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَشْرَ سِنِيْنَ فَمَا

زکریا بن اسحاق المکی ثقة رمی بالقدر من السادسة، ابو معبد مولی ابن عباسؓ هو نافذ بفاء ومعجمة المکی ثقة من الرابعة ۱۰۳ھ

قَالَ لِي اُفٍّ قَطُّ وَمَا قَالَ لِشَيْءٍ صَنَعْتُهُ لِمَ صَنَعْتَهُ وَلَا لِشَيْءٍ تَرَكْتُهُ لِمَ تَرَكْتَهُ۔

وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ خُلُقًا وَمَا مَسِسْتُ خَزًّا قَطُّ وَلَا حَرِيْرًا وَلَا شَيْئًا كَانَ اَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَلَا شَمَمْتُ مِسْكًا قَطُّ وَلَا عِطْرًا كَانَ اَطْيَبَ مِنْ عَرَقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے منقول ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دس سال تک رہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کبھی اُف تک بھی نہیں فرمایا اور نہیں فرمایا اس چیز کے بارے میں جس کو میں نے کیا کہ کیوں کیا تو نے اور نہیں فرمایا کسی شئی کے بارے میں جسکو میں نے نہیں کیا کہ کیوں نہیں کیا تو نے اس کو۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سب سے اچھے اخلاق والے تھے۔ اور نہیں چھوا میں نے کسی نرم کپڑے کو اور نہ ریشم کو نہ کسی اور چیز کو کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی مبارک سے زیادہ نرم ہو۔ اور میں نے نہیں سونگھا کبھی کسی مشک کو اور نہ عطر کو کہ وہ زیادہ خوشبودار ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ سے۔

خدمت: یہ باب نصر ینصر اور ضرب یضرب سے ہے۔ عشر سنین: مسلم کی روایت میں تسع سنین واقع ہے علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ حضرت انسؓ کی مدت خدمت نو سال اور کچھ ماہ ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں دس سال قیام فرمایا اور حضرت انسؓ پہلے سال کے درمیان میں حاضر خدمت ہوئے ہیں۔ لہٰذا جس روایت میں ۹ سال ہے وہ بحذف الکسر ہے اور جس روایت میں ۱۰ سال ہے وہ مع الکسر ہے فلا تعارض۔ فیما قال لی اف: اف بضم الھمزۃ وکسر الفاء المشددۃ منون وغیر منون دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ قاضی وغیرہ نے اس میں دس لغات بیان فرمائی ہیں۔ اُف: بفتح الفاء وضمہا وکسرہا بلا تنوین ومع تنوین یہ چھ لغات ہو گئیں۔ (۷) بضم الھمزۃ واسکان الفاء (۸) بکسر الھمزۃ وفتح الفاء (۹) اُفّی (۱۰) اُفّہ بضم الھمزۃ فیہما۔ اف اور تف ناخنوں کے میل کے لئے ہے پھر اس کا استعمال ہر اس شئی کے لئے ہونے لگا جس کو برا سمجھا جائے اور یہ اسم فعل ہے واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ایک ہی لفظ مستعمل ہے قال تعالیٰ فلا تقل لھما اف علامہ ہرویؒ فرماتے ہیں ہر ایسی شئی جس سے تکلیف ہو اور گرانی ہو اس کے لئے لفظ اف مستعمل ہے بعض فرماتے ہیں یہ لفظ اظہار حقارت کے لئے ہے اور یہ ماخوذ ہے الاَفَف سے جس کے معنی شئی قلیل کے ہیں وقال فی القاموس اف کلمۃ تکرہ واَفّف تافیفا وتافف کے معنی اف کہنا اور اس میں چالیس لغات ہیں جنکو قاموس میں ذکر کیا گیا ہے۔ قال لشیٔ صنعتہ لم صنعتہ۔ یعنی اگر کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی شئی کا حکم فرماتے یا اس سے منع فرماتے اور میں اس کو اپنے بچپن کی وجہ سے انجام نہ دیتا تو کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم باز پرس نہ فرماتے اس سے مراد وہ امور ہیں جو خدمت وآداب سے متعلق ہیں یعنی اپنے ذاتی معاملات میں باز پرس نہ فرماتے تھے۔ احکام تکلیفیہ اس سے مراد نہیں ہیں چونکہ ان میں باز پرس ضروری ہے۔ اس سے حضرت انسؓ کی بھی فضیلت معلوم ہوئی کہ وہ خدمت میں رہتے ہوئے کبھی ایسا کام نہ کرتے جو قابل اعتراض ہو نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو امور دنیا کا کوئی خاص اہتمام نہ تھا۔

وما مسست: بکسر السین الاول وبفتحہ دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے خزا: وہ کپڑا جو ریشم اور اون سے ملا کر بنا جائے یہ انتہائی نرم ریشم کی طرح ہوتا تھا اب خز کا اطلاق ریشم سے بنے ہوئے کپڑے پر ہوتا ہے جو کہ مرد کے لئے حرام ہے وعلیہ یحمل الحدیث الآخر قوم یستحلون الخز والحریر شممت: بکسر المیم وبفتحہ دونوں لغت ہیں یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ کی خوشبو عطر ومشک سے

(صفحہ گزشتہ کا) جعفر بن سليمان الضبعي بضم الضاد المعجمة وفتح الموحدة ابو سليمان البصري صدوق زاهد لكنه كان يتشيع من الثامنة مات ١٧٨ھ

بھی بڑھ کر تھی۔

سوال پھر عطر کیوں استعمال فرماتے تھے؟ علماء نے اس کی مختلف توجیہات فرمائی ہیں اول: آپ کے پسینہ کی خوشبو خود آپ کو محسوس نہیں ہوتی تھی۔ دوم: پسینہ ہر وقت نہیں آتا ہے جب پسینہ آتا تو خوشبو محسوس ہوتی تھی لہٰذا جس وقت پسینہ نہیں آتا تھا تو آپ خوشبو استعمال فرماتے تھے۔ سوم: خوشبو کے استعمال کی سنیت کے اجراء کے لئے آپ خوشبو استعمال فرماتے تھے تاکہ بعد کے لوگ اس سنت پر عمل پیرا ہوں چہارم: خوشبو لگانا انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے اور آپ کو انکی اقتداء کا حکم فرمایا گیا ہے قال تعالى فبهداهم اقتده پنجم: اگرچہ آپ کے پسینہ میں بہت خوشبو تھی مگر بسا اوقات آپ کی ملاقات لطیف مخلوق یعنی فرشتوں سے ہوتی تھی اس وجہ مبالغۃً آپ مزید خوشبو استعمال فرماتے تھے۔

روایت مذکور سے آپ ﷺ کے کمال اخلاق حسن معاشرت، حلم، عفو، صفح جیسی صفات محمود معلوم ہوتی ہیں۔

وفي الباب عن عائشةؓ اخرجه الشيخان والبراءؓ اخرجه البخاريؒ هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ نَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيَّ يَقُولُ سَأَلْتُ عَائِشَةَؓ عَنْ خُلُقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَتْ لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا وَلَا صَخَّابًا فِي الْأَسْوَاقِ وَلَا يَجْزِي بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ وَلٰكِنْ يَعْفُو وَيَصْفَحُ:

ترجمہ: ابو عبداللہ جدلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے رسول پاک ﷺ کے اخلاق کے بارے میں سوال کیا تو حضرت عائشہ نے فرمایا کہ نہ آپ ﷺ بلاتکلف فحش قول وفعل والے تھے اور نہ بتکلف فحش قول وفعل آپ سے صادر ہوتا تھا اور نہ بازاروں میں چیخنے والے تھے اور آپ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے تھے بلکہ باطناً وظاہراً ہر طرح معاف فرما دیتے تھے۔

صخاباً: ملا علی قاری فرماتے ہیں۔ صخاب بالصاد والخاء المشددة ای صیاحا وقد جاء بالسین ایضا۔ اگرچہ یہ صیغہ مبالغہ ہے مگر مبالغہ کے معنی یہاں مراد نہیں ہیں بلکہ محض نسبت کے لئے ہے جیسے خیاط و بقال تو مقصود مطلق صخب کے معنی ہیں وقیل المقصود من ہذا الکلام مبالغۃ النفی لانفی المبالغۃ کما فی قولہ تعالی وما انا بظلام للعبید۔ اسواق کی تخصیص اس وجہ سے فرمائی تاکہ اس کے علاوہ دیگر مقامات میں بدرجہ اولیٰ نفی صخب ہو جائے۔

یعنی بازار جیسی جگہ جو عموماً رفع اصوات کی جگہ ہے حالانکہ آپ بازار میں بیع وشراء فرماتے تھے مگر چیختے بالکل نہیں تھے اور نہ آواز بلند فرماتے تھے: لہٰذا اس کے علاوہ دوسرے مقامات پر تو کیا آواز بلند فرماتے ہونگے۔ ولا یجزی السیئۃ بالسیئۃ الخ حضور ﷺ برائی کا بدلہ برائی سے نہ دیتے تھے بلکہ کثیر روایات وواقعات سے ثابت ہے کہ طریق احسن ہی اختیار فرماتے تھے اگر کسی نے آپ کے ساتھ برا سلوک کیا تو آپ اس کو معاف فرما کر اس کے ساتھ احسان کا معاملہ فرماتے تھے کما بقولہ تعالیٰ "ادفع بالتی ھی احسن" ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اس آیت میں حکم یہ ہے کہ جو شخص تم پر غصہ کا اظہار کرے تم اس کے مقابلہ میں صبر کرو جو تمہارے ساتھ جہالت سے پیش آئے تم اس کے ساتھ حلم وبردباری کا معاملہ کرو اور جس نے تمکو ستایا تم اس کو معاف کردو۔ بعض روایات میں ہے کہ صدیق اکبرؓ کو کسی نے گالی دی یا برا کہا تو آپ نے اس کے جواب میں فرمایا اگر تم اپنے کلام میں سچے ہو کہ میں

ابو عبداللہ الجدلي اسمه عبد او عبد الرحمن بن عبد ثقة رمي بالتشيع من كبار الثالثة ۱۲

مجرم وخطا کار ہوں تو اللہ تعالیٰ مجھے معاف کرے اور اگر تم نے جھوٹ بولا ہے تو اللہ تعالیٰ تمہیں معاف کرے" ولکن یعفو ویصفح "العفو والصفح متقاربان کما قاله صاحب الجمل وقال بعضهم العفو ترك العقوبة عن الذنب والصفح ترك اللوم والعتاب عليه وقال الراغب الصفح ترك التثريب وهو ابلغ من العفو ولذلك قالوا فاعفوا واصفحوا وقد يعفو الانسان ولا يصفح۔ گویا عفو کا تعلق ظاہر سے ہے اور صفح کا تعلق باطن سے اعتبارہ الکنکوہی مگر ملا علی قاری نے اسکے برعکس تعبیر فرمائی ہے "قال في شرح الشمائل لكن يعفو اي بباطنه و يصفح اي يعرض بظاهره۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه نحوه البخاري عن عبدالله بن عمرو ابو عبدالله الجدلي اسمه عبد بن عبد ويقال عبدالرحمن بن عبد۔ حافظ فرماتے ہیں ابو عبداللہ الجدلی کا نام عبدالرحمن ہے یہ متہم بالتشیع ہیں طبقہ ثالثہ کے راوی ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ حُسْنِ الْعَهْدِ

ابو عبید فرماتے ہیں یہاں سے مراد رعایۃ حرمت ہے۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں اس سے مراد کسی شئی کی مکمل حفاظت والتزام ہے امام راغب فرماتے ہیں اس سے مراد کسی شئی کی بار بار حفاظت کرنا ہے یہاں مراد ہے قدیم زمانہ کو یاد کرتے ہوئے حسن سلوک کرنا۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ بِالرِّفَاعِيِّ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا غِرْتُ عَلٰى اَحَدٍ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ مَاغِرْتُ عَلٰى خَدِيْجَةَ وَمَا بِيْ اَنْ اَكُوْنَ اَدْرَكْتُهَا وَمَا ذَاكَ اِلَّا لِكَثْرَةِ ذِكْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ لَهَا وَاِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ فَيَتَتَبَّعُ بِهَا صَدَائِقَ خَدِيْجَةَ فَيُهْدِيْهَا لَهُنَّ۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ نہیں رشک کیا میں نے آپ ﷺ کی بیویوں میں سے کسی پر جتنا رشک خدیجہؓ پر: حالانکہ نہیں پایا میں نے ان کو اور نہیں تھا مجھ کو یہ رشک مگر آپ ﷺ کے بکثرت ان کو یاد فرمانے کی وجہ سے اور بیشک آپ بکری ذبح فرماتے تو تلاش کر کے خدیجہؓ کی سہیلیوں کو بکری کا گوشت ہدیہ کرتے تھے۔

ماغرت: یہ ماخوذ ہے غار یغار سے مثل خاف یخاف معنا و رشک کرنا۔ ماغرت علی خدیجۃؓ ما موصولہ ہے یا مصدر یہ ہے علی بمعنی من یا علی سببیہ ہے و ما بی ان اکون ادرکتھا: یہ جملہ حالیہ ہے اور ما اس میں نافیہ ہے اور شیخین کی روایت میں ما رأیتھا ہے۔ وان کان لیذبح: ان مخففہ من المثقلہ ہے۔ فیتتبع ای یتطلب بھا بالشاۃ المذبوحۃ یعنی باعضائھا وفی روایۃ الشیخین وربما یذبح الشاۃ ثم یقطعھا اعضائھا ثم یبعثھا فی صدائق خدیجہؓ۔ صدائق: جمع صدیقۃ اس سے مراد سہیلیاں ہیں خلاصہ روایت یہ ہے کہ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ گو میں نے حضرت خدیجہ کا زمانہ نہیں پایا مگر آپ ﷺ خدیجہؓ کا ذکر اور ان کی تعریف اس قدر فرماتے تھے کہ مجھے آپ کی ازواج میں سے سب سے زیادہ رشک ان پر آتا تھا کہ وہ آپ کی کس قدر محبوب بیوی تھیں اور ان کی وفات کے بعد ان کی سہیلیوں کے ساتھ حسن سلوک فرماتے حتیٰ کہ اگر بکری ذبح فرماتے تو ہدیۃً اس کا گوشت حضرت خدیجہؓ کی سہیلیوں کو تلاش کر کے پہنچاتے تھے اسی سے ترجمۃ الباب ثابت ہوتا ہے چونکہ کثرت ذکر کثرت محبت پر دلالت کرتا ہے جس کا تقاضہ یہ ہے کہ محبوب کے متعلقین واصدقاء کے ساتھ بھی محبت ہو: چنانچہ آپ خدیجہؓ کے صدائق کے ساتھ حسن سلوک فرما کر اس محبت خدیجہ کا حق ادا فرماتے تھے وھو المراد بحسن العھد امام حاکم نے بسندہ قصہ نقل کیا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عائشہؓ حضور ﷺ کے پاس بیٹھی

تھیں ایک بڑھیا آئی آپ نے خصوصی توجہ سے اس کی بات سنی اس کے جانے کے بعد میں نے یہ پوچھا کہ اس قدر توجہ آپ نے اس کی طرف کیوں فرمائی تو آپ ﷺ نے فرمایا وہ عورت خدیجہؓ کے پاس آیا کرتی تھی اور پھر فرمایا "حسن العهد من الایمان" رواہ البیہقی ایضاً روایت سے معلوم ہوا کہ رشک جائز ہے۔ هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَعَالِي الْاَخْلَاقِ

معالی: معلاۃ کی جمع ہے اس کے معنی قدر و منزلت میں بلندی کے ہیں۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ الْبَغْدَادِيُّ نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ ثَنِيْ عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ مِنْ اَحَبِّكُمْ اِلَيَّ وَاَقْرَبِكُمْ مِنِّيْ مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَحَاسِنَكُمْ اَخْلَاقًا وَاِنَّ مِنْ اَبْغَضِكُمْ اِلَيَّ وَاَبْعَدِكُمْ مِنِّيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الثَّرْثَارُوْنَ وَالْمُتَشَدِّقُوْنَ وَالْمُتَفَيْهِقُوْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ عَلِمْنَا الثَّرْثَارِيْنَ وَالْمُتَشَدِّقِيْنَ فَمَا الْمُتَفَيْهِقُوْنَ قَالَ الْمُتَكَبِّرُوْنَ۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سب سے زیادہ میرے محبوب دنیا میں اور سب سے زیادہ قریب از روئے مجلس قیامت کے دن وہ لوگ ہونگے جو اخلاق کے اعتبار سے سب سے اچھے ہونگے اور بیشک تم میں سب سے زیادہ بعید قیامت میں وہ لوگ ہونگے جو کثیر الکلام ہوں اور لوگوں کے ساتھ ٹھٹھا مارنے والے ہوں اور متکبر ہوں صحابہؓ نے پوچھا یا رسول اللہ ہم لوگ ثرثارین اور متشدقین کو تو جانتے ہیں، مگر متفیھقون کون لوگ ہیں آپ نے فرمایا وہ متکبرین ہیں۔

احاسنکم اخلاقاً: اخلاقاً منصوب علی التمیز ہے کثرت انواع کی بناء پر جمع کا صیغہ لایا گیا ہے یا یہ مقابلۃ الجمع بالجمع ہے بیہقی کی روایت میں "ابعد کم منی مساویکم اخلاقاً الثرثارون الحدیث" واقع ہوا ہے۔

افعل التفضیل میں جب تفضیل کے معنی ملحوظ ہوں تو صیغہ افعل کو مفرد و جمع دونوں طرح استعمال کیا جاتا ہے جیسا کہ روایات میں احب وابغض واحاسن دونوں طرح وارد ہے۔

الثرثارون هم الذين يكثرون الكلام تكلفاً وخروجاً عن الحق: ماخوذ من الثرثرۃ بمعنی کثرت کلام و تردیدہ۔

المتشدقون: ماخوذ من التشدق ہوالتکلم بملأ شدقہ غیر محتاط کلام کرنا یا لوگوں سے استہزاء کرنا منہ پھیلا پھیلا کر باتیں کرنے

المتفيهقون: ماخوذ من الفهق وهو الامتلاء معناه التشدق لانه الذي يملاء فمه بالكلام ويتوسع فيه اظهاراً لفصاحته وفضله واستعلاء على غيره ولذا فسره النبي ﷺ بالمتكبرين۔

روایت سے معلوم ہوا کہ صاحب اخلاق شخص دنیا میں حضور ﷺ کا محبوب ہے اور آخرت میں اس کو یہ فضیلت حاصل ہوگی کہ آپ ﷺ کا قرب اس کو حاصل ہوگا اس کے بالمقابل بداخلاق آدمی دنیا میں بھی آپ سے دور ہے اور آخرت میں بھی دور ہوگا نیز معلوم ہوا کہ کثرت کلام لوگوں کے ساتھ نیز استہزاء اور تکبر یہ سب بداخلاقی میں سے ہیں۔

اکثر مدعیان خطابت کی عادت ہے کہ وہ کلام کو خوب بنا سنوار کر پیش کرتے ہیں تمہیدات و مقدمات گھڑتے ہیں اور اسے مسجع و

احمد بن الحسن بن خراش البغدادي ابوجعفر صدوق بن العاشرة مات ٢٤٢ھ وله ستون حبان بن هلال ابن حبيب البصري ثقة ثبت من التاسعة ٢١٦ھ مبارك بن فضالة بفتح الفاء وتخفيف المعجمة البصري صدوق مدلس ويسوى من السادسة ١٦٤ھ على الصحيح عبد ربه بن سعيد بن قيس الانصاري اخو يحيى المدني ثقة من الخامسة ١٣٩ھ وقيل بعد ذالك ٣

قافیہ سے آراستہ کرتے ہیں یہ تکلف وتصنع مذموم ہے ایک حدیث میں ہے "شرار امتي الذين غذوا بالنعيم يأكلون الوان الطعام ويلبسون الوان الثياب ويتشدقون في الكلام" (بیہقی) ایک روایت میں ہے الا هلك المتنطعون (مسلم) یہ کلمہ تین مرتبہ فرمایا متنطع کے معنی مبالغہ کرنے والے کے ہیں۔ ایک اور روایت میں ہے "يأتي على الناس زمان يتخللون الكلام بالسنتهم كما يتخلل البقر الكلأ بالسنتها" (احمد) معلوم ہوا کہ تصنع مذموم ہے۔ اسی طرح وہ قافیہ بندی بھی اسی حکم میں ہے جو عادت سے خارج ہو نیز عام بول چال میں سجع بندی بھی پسندیدہ نہیں ہے۔ چونکہ عام بول چال میں نہ وزن کی ضرورت نہ قافیے کی نہ تشبیہ واستعارہ کی روزمرہ کی گفتگو میں خطبہ جیسا انداز اختیار کرنا سراسر جہالت ہے اس تصنع کا محرک ریا' عجب اور کبر ہے تاکہ لوگ اس کی فصاحت وبلاغت سے مرعوب ہوں اور اس کی تعریف وتحسین کریں بہرحال اس طرح کے مذموم کلام سے بچنا چاہیے۔

"وفي الباب عن ابي هريرةؓ اخرجه الطبراني۔ هذا حديث حسن غريب اخرجه الطبراني وابن حبان عن ابي ثعلبة الخشنيؓ۔ روى بعضهم هذا الحديث الخ" بعض رواۃ نے اس روایت کو عبدربہ بن سعید کے واسطے کے بغیر عن المبارک بن فضالہ عن محمد بن المنکدر نقل کیا ہے ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ زیادہ اصح ہے حافظ فرماتے ہیں کہ ممکن ہے مبارک بن فضالہ نے اولاً اس کو بواسطہ عبدربہ بن سعید محمد بن منکدر سے سنا ہو پھر براہ راست محمد بن المنکدر سے بھی سنا ہو اور دونوں طرح روایت کو نقل کرتے ہوں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي اللَّعْنِ وَالطَّعْنِ

لعن: کے معنی اللہ کی رحمت سے دور ہونے کی بددعاء کرنا اور طعن کے معنی لوگوں کی عیب جوئی کر کے بیان کرنا لعنت خواہ انسان کے لئے ہو یا حیوان وجماد کے لئے مذموم ہے ایک روایت میں ہے ان اللعانين لا يكونون شفعاءً ولا شهداء يوم القيامة (مسلم) حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں جس قوم نے ایک دوسرے پر لعنت کی وہ قوم عذاب الٰہی کی مستحق ہے حضرت ابودرداءؓ فرماتے ہیں جب کوئی شخص زمین پر لعنت کرتا ہے تو زمین کہتی ہے اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے جو ہم میں زیادہ نافرمان ہو۔ ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے سنا کہ ابوبکر غلام پر لعنت کر رہے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا صدیق بھی لعنت کرتے ہیں؟ ہرگز نہیں رب کعبہ کی قسم ہرگز نہیں پس ابوبکر صدیق نے اس غلام کو فوراً آزاد کر دیا' اور عرض کیا کہ اب میں ایسی غلطی نہیں کرونگا (ابن ابی الدنیا) وقد تقدم الكلام غير مفصلاً۔

طعن: کسی پر طعنہ زنی کرنا۔ یہ بھی ممنوع ہے فرمایا' "ولا تلمزوا انفسكم" چونکہ عیب سے عادۃً کوئی شخص خالی نہیں ہوتا اگر ایک شخص دوسرے کا عیب نکال کر طعنہ دیگا تو اسکے جواب میں دوسرا شخص بھی اس کے عیب نکال کر طعنہ دے گا دونوں نے ایک دوسرے کی تذلیل کی یہ جائز نہیں ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ انسان کی سعادت وخوش نصیبی اس میں ہے کہ اپنے عیوب پر نظر رکھے اور ان کے

ابو عامر العقدي بفتح المهملة والقاف اسمه عبدالملك بن عامر القيسي البصري ثقة من رجال الستة قال النسائي ثقة مامون ۲۰۴ھ كثير بن زيد الاسلمي السهمي المدني روى عن سالم بن عبدالله بن عمر وغيره صدوق يخطئ من السابعة الخ۔

اصلاح کی فکر کرے جو ایسا کرے گا اسکو دوسروں کے اندر عیب نکالنے اور طعنہ دینے کی فرصت کہاں ملے گی بادشاہ ظفر نے خوب کہا ہے۔

نہ تھی حال کی ہمیں اپنی خبر — رہے دیکھتے لوگوں کے عیب و ہنر

پڑی اپنی برائیوں پر جو نظر — تو جہاں میں کوئی برا نہ رہا

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا اَبُوْ عَامِرٍ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَا يَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ لَعَّانًا۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ مؤمن لعنت کرنے والا نہیں ہوتا۔

لایکون المؤمن لعانا: یہ صیغہ مبالغہ برائے مبالغہ نہیں ہے اس سے مراد کامل مؤمن ہے یعنی جو شخص کامل مؤمن ہوگا اس سے یہ فعل بار بار صادر نہ ہوگا ہاں البتہ غیر کامل سے کبھی صدور ہو سکتا ہے۔

وفی الباب عن ابن مسعودؓ اخرجه الترمذی هذا حديث حسن غريب ذكره المنذری' وروی بعضهم هذا الحديث بهذا الاسناد عن النبی ﷺ وقال لا ينبغی للمؤمن ان يكون لعانا۔

بعض لوگوں نے اس سند کے ساتھ آپ کے یہ الفاظ لا ینبغی للمؤمن ان یکون لعانا نقل کئے ہیں۔ لا ینبغی بمعنی لا یجوز کما فی قولہ تعالیٰ "وما ينبغی للرحمٰن ان يتخذ ولدا۔

ترمذی کے بعض نسخوں میں یہاں عبارت ہے "وهذا الحديث مفسر" یعنی یہ روایت سابق روایت کی تفسیر ہے جس میں لایکون المؤمن لعانا آیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ لایکون میں نفی بمعنی نہی ہے اور مقصود روایت مؤمن کو لعنت کرنے سے روکنا ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ كَثْرَةِ الْغَضَبِ

امام ترمذیؒ نے لفظ کثرۃ لاکر اشارہ کیا ہے اس بات کی طرف کہ نفس غضب امر طبعی ہے جس کا وجود یقیناً ہوتا ہے البتہ اس کی کثرت مضر و مذموم ہے۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ عَلِّمْنِيْ شَيْئًا وَلَا تُكْثِرْ عَلَيَّ لَعَلِّيْ اَعِيْهِ قَالَ لَا تَغْضَبْ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ مِرَارًا كُلَّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ لَا تَغْضَبْ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا پس اس نے کہا سکھا دیجئے مجھکو کچھ مگر وہ مجھ پر زیادہ نہ کیجئے شاید کہ میں اس کو محفوظ کر لوں آپ ﷺ نے جواباً فرمایا غصہ نہ کر پھر اس نے یہ سوال بار بار کیا ہر مرتبہ آپ سے فرماتے رہے کہ غصہ نہ کرنا۔

حضور ﷺ نے غصہ نہ کرنے کی نصیحت کیوں فرمائی ؟: ممکن ہے حضور ﷺ کو یہ معلوم ہو کہ اس شخص میں کثرت غضب کا مرض ہے اس وجہ سے یہ نصیحت اس کو بار بار فرمائی بعض حضرات فرماتے ہیں کہ دراصل آپ امت کے حکیم ہیں ہر ایک کے لئے اس کے مناسب علاج تجویز فرماتے تھے آپ کو اندازہ ہوا کہ اگر یہ شخص غصہ کو ترک کر دے گا تو باقی تمام امور منہیہ کا ترک اس

ابو حصین عبداللہ بن یونس حجازی مجہول الحال مقبول من السادسة ۱۲

کے لئے آسان ہوگا۔ اس لئے آپ نے صرف ترک غضب ہی پر اکتفاء فرمایا جیسا کہ مشہور واقعہ ہے کہ ایک شخص نے آپ سے اپنے چند گناہ وزنا' شرب خمر' قمار' کذب وغیرہ بیان کئے اور عرض کیا کہ انکو ایک ساتھ چھوڑنا تو مشکل ہے البتہ ان میں سے ایک ایک چھوڑ سکتا ہوں تو آپ ﷺ نے اسکے لئے ترک کذب کا حکم فرمایا حالانکہ دوسرے گناہ بھی کبائر تھے۔ اس نے عہد کرلیا کہ میں جھوٹ نہیں بولوں گا اور چلا گیا اب جب بھی کسی گناہ کا ارادہ کرتا تو یہ خیال آتا کہ آپ ﷺ پوچھیں گے فلاں گناہ کیا ہے تو جھوٹ بولنا پڑیگا جسکے ترک کا عہد کیا ہے لہٰذا اس نے سب گناہ چھوڑ دیئے اس طرح اس کے کذب کو چھوڑنے کی وجہ سے سارے گناہ چھوٹ گئے اسی طرح آپ نے سائل کو ترک غضب کا حکم فرمایا تاکہ اس کی وجہ سے تمام گناہوں سے باز رہے فـردد ذلك مـراراً: شاید بار بار سوال کا منشاء یہ ہو کہ غضب کا ترک تو مشکل ہے کسی دوسری بات کا آپ حکم فرمادیں یا غصہ کے بارے میں کچھ اجازت دیدیں مگر آپ نے اس کے مرض کی تشخیص فرمائی تھی اس وجہ سے اسکا حکم بار بار فرماتے رہے۔

حقیقت غضب: اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر ایک ایسی قوت رکھی ہے جس سے وہ اپنا دفاع کرتا ہے وہ قوت غضب ہے اسکی تخلیق اللہ تعالیٰ نے آگ سے کی ہے جب اس کی مرضی کے خلاف کوئی بات پیش آتی ہے یا اس کو کسی مقصد سے روکا جاتا ہے تو وہ آگ بھڑک اٹھتی ہے اور وہ شعلہ اتنا تیز ہو جاتا ہے کہ دل کا خون جوش مارنے لگتا ہے اور وہ گرم خون تمام رگوں میں اوپر کی طرف پھیل جاتا ہے جس طرح آگ کی لپٹیں اوپر کی طرف اٹھتی ہیں' آدمی کا چہرہ سرخ ہو جاتا ہے کیونکہ چہرہ کی جلد نرم ہوتی ہے اس پر خون کی سرخی ظاہر ہو جاتی ہے یہ حالت اس وقت ہوتی ہے جب اپنے سے کم مرتبہ والے پر غصہ آئے اور یہ جانتا ہو کہ میں اس پر قادر ہوں اگر غصہ اپنے سے بلند مرتبہ والے پر آئے اور اس سے انتقام نہ لے سکتا ہو تو اس وقت خون پھیلنے کے بجائے ظاہری جلد سے وہ جوف قلب میں اکٹھا ہو جاتا ہے اور حزن والم کا باعث بنتا ہے یہی وجہ ہے کہ اس وقت انسان کا چہرہ زرد پڑ جاتا ہے اگر غصہ کسی برابر والے پر آئے تو یہ دونوں کیفیتیں ظاہر ہوتی ہیں اور یہ اضطراب کی صورت ہو جاتی ہے۔

محل غضب: قوت غضب کا محل قلب ہے اور اس کے معنی ہیں انتقام کے لئے خون کا جوش مارنا یہ قوت موذی اور مہلک چیزوں سے تعرض کرتی ہے وقوع سے پہلے دفاع کے لئے اور وقوع کے بعد انتقام کے لئے اور دل کی تسلی کے لئے' اس قوت کی غذا انتقام ہے یہی اس کی لذت ہے انتقام کے بغیر اسکو سکون نہیں ملتا۔

قوت غضب کے درجات: اس وقت کے تین درجے ہیں تفریط' افراط' اعتدال' تفریط یہ ہے کہ آدمی کے اندر یہ قوت باقی نہ رہے یا کمزور پڑ جائے یہ مذموم ہے ایسے شخص کو بے غیرت کہا جاتا ہے۔ افراط یہ ہے کہ آدمی کے مزاج پر غصہ غالب ہو غصہ کے ہوتے ہوئے اسکو عقل کی سیاست سے سروکار نہ ہو اور نہ دین کی اطاعت کی پرواہ ہو جب غصہ آئے تو فکر ونظر بصیرت و آگہی' اختیار وارادہ کچھ باقی نہ رہے یہ انتہائی مذموم ہے اعتدال جہاں حمیت کی ضرورت ہو وہاں غصہ آئے جہاں حلم کا موقع ہو وہاں غصہ نہ آئے۔

غضب مذموم کے آثار: اس کے مختلف آثار ہیں مثلاً رنگ متغیر ہو جاتا ہے' جسم ہلنے لگتا ہے' اعضاء کے عمل میں ترتیب و توازن باقی نہیں رہتا' زبان لڑکھڑا جاتی ہے' منہ سے جھاگ آنے لگتے ہیں' آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں' چہرے کی ہیئت بدل جاتی ہے' زبان پر گالی گلوچ کے الفاظ آجاتے ہیں' اور اعضاء پر یہ اثر پڑتا ہے کہ مار پیٹ شروع کر دیتا ہے اور قلب میں کینہ' بغض اور

حسد پیدا ہو جاتا ہے۔

اسبابِ غضب: حضرت یحییٰ علیہ السلام نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے اسبابِ غضب معلوم کئے تو فرمایا تکبر فخر عزت پسندی حمیت ان سب چیزوں سے غصہ پیدا ہوتا ہے اور اس میں شدت کبر عجب مزاح لغوگوئی عار دلانا بات کاٹنا ضد کرنا اور مال وجاہ کی حرص سے ہوتی ہے۔

غصہ کا علاج: (اولاً) اخلاق رذیلہ کو دور کیا جائے اور انکی حقیقت سے واقف ہونا کہ ان سے تنفر پیدا ہو اور ان کے مخالف اخلاق حسنہ کو اختیار کرے۔ (ثانیاً) اپنے نفس کو اللہ کے عذاب سے ڈرائے اور اسے بتلائے کہ اللہ تعالیٰ مجھ پر اس سے کہیں زیادہ قدرت والا ہے جتنا میں اس شخص پر قادر ہوں جس پر میں غصہ کر رہا ہوں۔ (ثالثاً) اپنے آپ کو عداوت وانتقام کے عواقب اور اس دشمنی کے نتیجہ میں آنے والے مصائب ومشکلات سے ڈرائے۔ (رابعاً) جس وقت غصہ آئے اپنے چہرہ کی بدصورتی کا تصور کرے (خامساً) اس سبب پر غور کرے جو انتقام کے لئے داعی ہے۔ (سادساً) اس وقت یہ سوچے کہ میرا غصہ دراصل اس بات کی علامت ہے کہ فلاں کام میری مرضی اور خواہش کے مطابق کیوں نہ ہوا اللہ کی مرضی ومشاء کے مطابق کیوں ہوا یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ میری مرضی اللہ کی مرضی سے اعلیٰ ہو۔ ہوگا وہی جو اللہ چاہے گا۔ (سابعاً) زبان سے اعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم پڑھے (ثامناً) اپنی مجلس بدل دے کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور بیٹھا ہو تو لیٹ جائے اور زمین سے قریب تر ہو جائے جس سے اسکی تخلیق عمل میں آئی ہے اس سے تواضع پیدا ہوگی اور دل کو سکون حاصل ہوگا (تاسعاً) ٹھنڈے پانی سے وضوء یا غسل کرے کیونکہ پانی سے آگ بجھ جاتی ہے اور غصہ آگ کا سبب ہوتا ہے۔ (عاشراً) نماز کی طرف متوجہ ہو جائے۔ (الحادی عشرہ) کظم غیظ (غصہ کو پینے) کے فضائل کا تصور کرے۔

احادیث میں اسکی چار قسمیں بیان فرمائی ہیں۔

(اول) سریع الغضب سریع الفیء (دوم) بطیء الغضب بطیء الفیء

(سوم) سریع الغضب بطیء الفیء (چہارم) بطیء الغضب سریع الفیء

یہ آخری قسم سب سے افضل ہے اس لئے کہ اسمیں مفسدہ نہیں ہوگا اور جس قدر مفسدہ جس میں ہوا اتنی ہی وہ شر ہوگی۔

وفی الباب عن ابی سعیدؓ اخرجه الترمذیؒ و سلیمان بن صردؓ اخرجه الشیخان ھذا حدیث حسن غریب اخرجه احمد والبخاری۔ابو حصین ان کا نام عثمان بن عاصم الاسدی ہے ثقہ ثبت طبقہ رابعہ کا مدلس راوی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَظْمِ الْغَيْظِ

بعض نسخوں میں یہ باب نہیں ہے: کظم من کَظِمَ يَكْظُمُ مثل رضی یرضی کظمًا وکظومًا غصہ نگل جانا۔ الغیظ الغضب۔

حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نِ الدُّوْرِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ ثَنِيْ اَبُوْ مَرْحُوْمٍ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ مَيْمُوْنٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ نِ الْجُهَنِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّنَفِّذَهٗ دَعَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى رُؤُسِ الْخَلَائِقِ حَتّٰى يُخَيِّرَهٗ فِيْ اَيِّ الْحُوْرِ شَاءَ

ترجمہ: حضرت انسؓ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس شخص نے غصہ پی لیا حالانکہ وہ اسکے نافذ کرنے پر قادر ہے تو اللہ تعالیٰ اسکو قیامت کے دن تمام مخلوق کے سامنے بلائیں گے اوراس کو اختیار دینگے جس حور کو چاہے پسند کرے۔

غصہ کو دبانے اور اس کو پینے کی فضیلت کس قدر ہے اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرامؓ کی تعریف فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ''والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللّٰہ یحب المحسنین'' ایک حدیث میں ہے ''من کف غضبہ کف اللّٰہ عنہ عذابہ'' (طبرانی) اسی طرح ارشاد ہے ''اشد کم من غلب نفسہ عند الغضب واحلمکم من عفا عند القدرة (ابن ابی الدنیا) نیز فرمایا ''من کظم غیظا و لوشاء ان یمضیہٗ امضائہ ملاء اللّٰہ قلبہ یوم القیامۃ رضاہ وفی روایۃ ملاء اللّٰہ قلبہ امنًا وایمانًا (ابن حبان وابوداؤد) نیز فرمایا: ماجرع عبد جرعة اعظم اجرا من جرعة غیظ کظمہا ابتغاء وجہ اللّٰہ (ابن ماجہ) ایک حدیث میں ہے ''ان لجہنم بابًا لایدخلہٗ من شفی غیظہ بمعصیة اللّٰہ تعالیٰ'' ایوب کہتے ہیں کہ ایک لمحہ کی بردباری بہت سے فتنوں کو دبا دیتی ہے محمد بن کعب کہتے ہیں کہ جس شخص کے اندر تین باتیں ہوتی ہیں اس کا ایمان مکمل ہوتا ہے (۱) جب خوش ہو تو کسی ایسے کام پر خوش نہ ہو جو غلط ہے (۲) جب غصہ ہو تو حد سے تجاوز نہ کرے۔ (۳) قدرت کے باوجود ایسی چیز نہ لے جو اس کی نہ ہو۔

بہرحال غصہ کو دبانا اور اسکو پینا نہایت عمدہ خصلت ہے دنیا میں بھی اس کے بیشمار فوائد ہیں اور آخرت میں بھی اس سے درجات حاصل ہوں گے۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه احمد وابو داؤد و ابن ماجه۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ إِجْلَالِ الْكَبِيْرِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا يَزِيْدُ بْنُ بَيَانٍ الْعُقَيْلِيُّ نَا اَبُو الرَّحَّالِ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَا اَكْرَمَ شَابٌّ شَيْخًا لِسِنِّهٖ اِلَّا قَيَّضَ اللّٰهُ لَهٗ مَنْ يُكْرِمُهٗ عِنْدَ سِنِّهٖ۔

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے منقول ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نہیں اکرام کیا کسی جوان نے کسی بوڑھے کا اسکی عمر کی بناء پر مگر متعین فرما دیتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایسے شخص کو جو اس کے بڑھاپے کے وقت اس کا اکرام کریگا۔

تشریح: علامہ مناوی فرماتے ہیں کہ بوڑھے کا یہ اکرام اس کے بڑھاپے کی بناء پر ہے نہ کہ کسی اور امر کی بناء پر ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اسکے معنی ہیں چونکہ بوڑھے کا اکرام اس وجہ سے کیا کہ وہ ایمان کے اعتبار سے سابق ہے نیز اس کا علم وعمل بھی زیادہ عمر کی بناء پر زیادہ ہی ہوگا۔ الا قَیَّضَ اللّٰہُ: قیض بتشدید الیاء بمعنی سلط یعنی اللہ تعالیٰ اس کے بڑھاپے کے وقت اکرام وتوقیر کرنے والا شخص متعین فرما دیتے ہیں لان من خَدَمَ خُدِمَ وقیل ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد۔

بڑھاپا عمر کا وہ حصہ ہے جو عند اللہ وعند الناس قابل تعظیم ہے جیسا کہ احادیث سے معلوم ہوا ہے اور اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے

سعيد بن ابي يوب الخزاعي المصري ابو يحيى بن المقلاص ثقة ثبت من السابعة ١٦١ھ ابو مرحوم عبدالرحيم بن ميمون المدني نزيل مصر صدوق زاهد من السادسة ١٤٣ھ وقيل اسمه يحيى سهيل بن معاذ بن انس الجهني نزيل مصر لا باس به الافي روايات زبان عنه من الرابعة معاذ بن انس الجهني الانصاري صحابي نزل مصر وبقي الى خلافة عبدالملك۔

کہ عمر میں بڑا شخص ایمان کے اعتبار سے مقدم ہے نیز اس کے اعمال صالحہ بھی زائد ہونگے جب انسان کی داڑھی سفید ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے حیاء فرماتے ہیں چنانچہ اس سلسلہ میں روایت کتب حدیث میں موجود ہے۔ بہر حال عمر رسیدہ شخص کا اکرام جو بھی کرے گا اللہ تعالیٰ اس عمر میں اس شخص کا بھی اکرام کرائیں گے اس سے معلوم ہوا کہ بوڑھے کا اکرام کرنا اکرام کرنے والے کی زیادتی عمر کا باعث ہے کہ یہ شخص بھی انشاء اللہ اس عمر کو پہنچے گا اور اس کا بھی اس عمر میں اکرام ہوگا۔

هذا حديث غريب: یہ حدیث غریب ہے مگر اس کی سند میں دو راوی عقیلی اور ابوالرحال ضعیف ہیں اس وجہ سے روایت کو ضعیف بھی قرار دیا گیا ہے۔ وابو الرجال الانصاري آخر: یعنی ابوالرجال بکسر الراء وتخفیف الجیم یہ دوسرے راوی ہیں جن کی اصل کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے اور طبقہ سابعہ کے ثقہ راوی ہیں اور جو روایت میں آئے ہیں وہ ابوالرحال الانصاری بالحاء المہملہ جو ضعیف ہیں اور طبقہ خامسہ میں سے ہیں۔

راوی کی تعیین: روایت میں جو ابوالرحال الانصاری واقع ہے اس کا صحیح ضبط بفتح الراء وتشدید الحاء المہملہ ہے یہ بصری ہیں ان کا نام محمد بن خالد یا خالد بن محمد ہے اور ہمارے نسخہ احمدیہ میں ابوالرجال بالجیم غلط واقع ہے چونکہ تہذیب التہذیب میں بیان کیا گیا کہ یزید بن بیان عقیلی نے اس روایت کو ابوالرحال بالحاء المہملہ سے نقل کیا ہے نیز حافظ نے ابوالرحال بفتح الراء وتشدید الحاء پرت کا رمز تحریر فرمایا ہے اور ابوالرجال پر خ م س ق کا رمز قائم فرمایا ہے نیز حافظ نے ابوالرحال بالحاء کے بارے میں فرمایا کہ عقیلی وغیرہ ان سے روایت کرتے ہیں جیسا کہ اس روایت کی سند میں ہے ان وجوہ کی بناء پر صحیح یہ ہے کہ روایت کے راوی ابوالرحال بالحاء المہملہ ہیں۔ جو انصاری بصری ہیں طبقہ خامسہ کے ضعیف راوی ہیں اور ابوالرجال بالجیم دوسرے راوی ہیں جو ثقہ ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُتَهَاجِرِيْنَ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ تُفْتَحُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ فَيُغْفَرُ فِيْهِمَا لِمَنْ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا إِلَّا الْمُتَهَاجِرِيْنِ يُقُوْلُ رُدُّوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَصْطَلِحَا

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے منقول ہے کہ بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کھول دیئے جاتے ہیں جنت کے دروازے دوشنبہ اور پنجشنبہ کو اور مغفرت کی جاتی ہے ان دنوں میں اس شخص کی جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کیا ہو مگر دو قطع تعلق کرنے والوں کی (مغفرت نہیں فرماتے) اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ لوٹا دو ان دونوں کو یہاں تک کہ دونوں صلح کرلیں۔

دوسری روایت میں بجائے ردوا کے ذروا بمعنی چھوڑ دو اور متہاجرین کے معنی متصارمین یعنی قطع تعلق کرنے والے۔

تفتح: ماخوذ من الفتح بمعنی کھولنا۔ متصارمين: ماخوذ من صرمه يصرمه باب ضرب يضرب سے بمعنی قطع يقطع۔

فتح ابواب سے کیا مراد ہے (۱) **جنت** یا تو اپنی حقیقت پر محمول ہے۔ کیونکہ اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ جنت

يزيد بن بيان العقيلي بضم العين ابو خالد البصري ضعيف من الخامسة ابوالرحال ترجمته في المتن۔

موجود ہے۔ (دوسرا) احتمال یہ ہے کہ یہ کنایہ ہے ازالہ مانع اور رفع حجاب سے یعنی جنت میں داخل ہونے کے موانع کو ہٹا دیا جاتا ہے۔ (تیسرا) قول یہ ہے کہ علامہ باجی نے فرمایا یہ کنایہ ہے کثرت صفح وغفران اور رفع منازل واعطاء الثواب الجزیل سے (چوتھا قول) قاضی فرماتے ہیں کہ فتح ابواب کے معنی اپنے ظاہر پر ہیں اور یہ مغفرت کے لئے علامت کے درجہ میں ہے۔

یوم الاثنین والخمیس: یہ دونوں دن اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمت نازل ہونے کے ہیں اس وجہ سے ان دونوں دنوں میں اللہ کی مغفرت مخلوق کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔

ردوا: مسلم شریف کی روایت میں ہے انظروا یعنی مہلت دیدو اور ان دونوں کی مغفرت کا اعلان کردو یا ان دونوں کی مغفرت کو مؤخر کردو۔ حتی یصطلحا: یعنی جب تک یہ دونوں باہم صلح نہ کرلیں اور ان دونوں کے درمیان جو بغض وعداوت ہے وہ زائل نہ ہو جائے اور باہم ان کے قلوب صاف نہ ہوجائیں اس وقت تک ان دونوں کی مغفرت کا اعلان نہ کیا جائے اس سے معلوم ہوا کہ صرف ریاءً وسمعۃً صلح مغفرت کے لئے کافی نہیں ہے۔

روایت مذکورہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ہفتہ میں دو دن اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمت ومغفرت کے ہیں ان دونوں دنوں میں منجملہ دیگر نعمتوں کے خصوصی اور عظیم نعمت یہ ہے کہ مؤمنین کی مغفرت کی جاتی ہے اور ان کے لئے جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں لہٰذا ان دونوں دنوں میں اعمال صالحہ کا اہتمام کرنا چاہیے اور منکرات سے بچنا چاہیے۔ نیز معلوم ہوا کہ وہ دو مسلمان جن کے درمیان کوئی رنجش ہوانکو ان دونوں دنوں سے پہلے پہلے باہم صلح کرلینی چاہیے ورنہ اس قدر بڑی اور عظیم نعمت یعنی مغفرت سے محروم رہ جائیں گے امام ترمذیؒ نے متہاجرین کی تفسیر متصارمین سے کرکے اشارہ کیا کہ یہاں ہجران سے مراد وہ ہجران ہے جو قطع تعلق کی بناء پر ہو اور اگر اتفاقاً ایک دوسرے سے ملاقات نہ ہوسکے تو وہ اس میں داخل نہیں ہے ہجران مسلم کا باب پہلے گذر چکا ہے جس کے تحت روایت "لایحل لمسلم ان یھجر الخ" گذر چکی ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح: اخرجہ مسلم و البخاری فی ادب المفرد و ابوداؤد۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الصَّبْرِ

حَدَّثَنَا الْأَنْصَارِيُّ نَا مَعْنٌ نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ نَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوا النَّبِيَّ ﷺ فَأَعْطَاهُمْ ثُمَّ سَأَلُوا فَأَعْطَاهُمْ ثُمَّ قَالَ مَا يَكُونُ عِنْدِي مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ أَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ شَيْئًا هُوَ خَيْرٌ وَأَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ۔

ترجمہ: ابوسعیدؓ سے منقول ہے حضرات انصارؓ نے حضور ﷺ سے (کچھ مال) مانگا تو آپ نے ان کو عطا فرمادیا پھر انہوں نے مانگا تو پھر عطا فرمادیا اس کے بعد فرمایا کہ اب میرے پاس کوئی مال وغیرہ نہیں ہے جس کو میں نے تم سے روکا ہو اور جو شخص اللہ سے غنا طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو غنی بنادیتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے عفت عن السوال طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو عفیف بنادیتا ہے اور جو شخص صبر طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو صابر بنادیتا ہے اور نہیں دیا گیا کوئی شخص صبر سے بہتر اور وسیع کوئی چیز۔

ثم سألوا فاعطاهم: وفی روایۃ الشیخین حتی نفد ما عندہ یعنی حضور ﷺ نے انکو عطاء فرمایا یہاں تک کہ جو کچھ آپ کے پاس تھا سب ختم ہوگیا۔ فقال مایکون عندی من خیر ای مال: اس میں من برائے بیان ہے اور ما خبریہ متضمن بمعنی شرط ای کل شیئ من الاموال موجود عندی اعطیتکم اس کا مطلب ہوا کہ سب مال جو بھی میرے پاس تھا میں نے تم کو عطا کردیا۔ فلن ادخرہ عنکم: ای احبسُ واخبئہ وامنعکم ایاہ متفردا بہ عنکم یعنی میں نے ہرگز تم سے مال کو محبوس نہیں کیا اور نہ اس کو چھپایا۔ ومن یستغن الخ: یعنی جو شخص غنا طلب کرتا ہے بایں طور کہ لوگوں کے اموال کی طرف نظر نہیں کرتا اور ان سے سوال کرنے سے اتنا بچتا ہے کہ لوگ اس کو غنی سمجھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کو غنی بالقلب بنادیتا ہے قال تعالیٰ "للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ لا یستطیعون ضربا فی الارض یحسبھم الجاھل اغنیاء من التعفف تعرفھم بسیماھم الآیۃ" یعنی جو شخص لوگوں سے سوال کرنے سے بچتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے غنا طلب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں غنا پیدا فرمادیتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے "لیس الغنی عن کثرۃ العرض وانما الغنی غنی النفس"۔ دوسری حدیث میں ہے جو شخص اپنے فاقہ کو لوگوں پر پیش کرتا ہے اس کا فاقہ کبھی بند نہیں ہوتا (الترمذی) چنانچہ پیشہ ور فقیروں کا حال سبھی کو معلوم ہے۔

ومن یستعف یعفہ اللہ: استعفاف کے معنی طلب العفاف والکف عن الحرام والسوال عن الناس کے ہیں یعنی جو شخص عفت عن السوال کو بتکلف طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو عفت عطا فرمادیتا ہے یعنی باوجود ضرورت کے وہ لوگوں سے سوال نہیں کرتا یا حرام شئ سے بچتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو عفیف بنادیتے ہیں اور قناعت کی توفیق عطا فرمادیتے ہیں جو بہت بڑی دولت ہے۔ بہرحال السوال وفی حدیث موجود ہے آدمی کو اپنی ہر ضرورت اللہ تعالیٰ سے مانگنی چاہیے کسی انسان سے کوئی سوال نہ کرنا چاہیے۔

ومن یتصبر یصبرہ اللہ: جو شخص اللہ تعالیٰ سے صبر کی توفیق مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو صابر بنادیتے ہیں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے واصبر وما صبرک الا باللہ یا اس کے معنی ہیں کہ جو شخص بتکلف صبر اختیار کرتا ہے یعنی مصائب وغیرہ کا تحمل کرتا ہے اسکی زبان پر شکوہ نہیں ہوتا تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو صبر کی توفیق دیدیتے ہیں خواہ صبر علی الطاعۃ ہو یا صبر عن المعصیۃ یا صبر علی البلیۃ والمصیبۃ ہو یا مراد یہ ہے کہ جو شخص بتکلف سوال عن الناس سے صبر کرتا ہے اور اپنے فقر و فاقہ کی کڑواہٹ کو پیتا رہتا ہے اور اس حال میں بھی وہ اللہ کا شکر ادا کرتا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو صبر کی توفیق دیدیتے ہیں تو اب جملۂ ثانیہ ومن یتصبر الخ تاکید ہے پہلے جملہ ومن یستعف الخ کی وما اعطی احد الخ یعنی صبر سے بڑی خیر کی کوئی چیز کسی کو نہیں دی گئی ہے جس کو صبر کی توفیق ہوگئی اسکو تمام خیر حاصل ہوگئی۔

صبر کے معنی اور اسکے اقسام: صبر کے اصل معنی نفس کو روکنے اور اس پر قابو پانے کے ہیں قرآن وسنت کی اصطلاح میں صبر کے تین شعبے ہیں (اول) نفس کو حرام و ناجائز چیزوں سے روکنا (دوم) نفس کو عبادات وطاعات کی پابندی پر مجبور کرنا (سوم) مصائب و آفات پر صبر کرنا یعنی جو مصیبت آگئی اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھنا اور اس پر ثواب کا امیدوار رہنا یہ تینوں شعبے صبر کے فرائض میں داخل ہیں ہر مسلمان پر یہ پابندی عائد ہوتی ہے کہ تینوں طرح کے صبر کا پابند رہے عوام میں صرف تیسرے شعبہ کو تو صبر کہا جاتا ہے مگر دو شعبے جو صبر کی اصل اور بنیاد ہیں عام طور پر ان کو صبر میں داخل ہی نہیں سمجھا جاتا۔ قرآن وحدیث کی اصطلاح میں صابرین انہی لوگوں کا لقب ہے جو تینوں طرح کے صبر میں ثابت قدم ہوں بعض روایات میں ہے کہ محشر میں ندا کی جائیگی کہ صابرین کہاں ہیں تو وہ

لوگ جو تینوں طرح کے صبر پر قائم رہ کر زندگی گذارتے تھے وہ کھڑے ہوں گے ان کو بلا حساب و کتاب جنت میں داخلہ کی اجازت دیدی جائی گی ابن کثیر فرماتے ہیں ان یوفّی الصابرُوْنَ اجرھم بغیر حساب الآیۃ آیت میں اسی طرف اشارہ ہے نماز اور جملہ عبادات بھی صبر ہی کے جزئیات ہیں۔

سنن بیہقی میں روایت حضرت انسؓ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا ایمان کے دو حصے ہیں آدھا صبر ہے اور آدھا شکر ہے حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا صبر نصف ایمان ہے صحیح مسلم اور مسند احمد میں بروایت حضرت صہیبؓ مذکور ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مؤمن کا ہر حال خیر ہی خیر ہے اور بھلائی ہی بھلائی ہے اور یہ بات سوائے مؤمن کے کسی اور کو نصیب نہیں۔ کیونکہ مؤمن کو اگر کوئی راحت، نعمت یا عزت ملتی ہے اس پر وہ اللہ کا شکر گذار ہوتا ہے تو اسکے لئے دین و دنیا میں خیر قائم رہتی ہے اور آخرت میں شکر کا عظیم اجر اس کو ملتا ہے اور اگر مؤمن کو کوئی تکلیف یا مصیبت پیش آجائے تو وہ اس پر صبر کرتا ہے اس کے صبر کی وجہ سے وہ مصیبت بھی اس کے لئے نعمت و راحت کا سامان ہو جاتی ہے دنیا میں اس طرح کے صبر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ کی معیت نصیب ہوتی ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں "ان اللّٰہ مع الصابرین" ظاہر ہے کہ اللہ جس کے ساتھ ہو انجام کار اسکی مصیبت راحت سے تبدیل ہو جاتی ہے اور آخرت میں اس طرح کی صبر کا اجر عظیم اللہ تعالیٰ کے نزدیک بے حساب ہے جیسا کہ قرآن کریم میں ہے "انما یوفی الصابرون اجرھم بغیر حساب الآیۃ" خلاصہ یہ ہے کہ مؤمن کا ہر حال اچھا ہی اچھا ہے کوئی حال برا نہیں وہ گرنے میں بھی ابھرتا ہے اور بگڑنے میں بھی بنتا ہے شاعر کہتا ہے۔

نہ شوخی چل سکی باد صبا کی ۔۔۔ بگڑے میں بھی زلف ان کی بنا کی

اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے فرمایا کہ تمہارے بعد ہم ایک امت پیدا کریں گے کہ اگر ان کی دلی مراد پوری ہو جائے اور انکے حسب منشاء کام ہو جائے تو وہ شکر ادا کریگی اور اگر انکی مرضی کے خلاف ناگوار و ناپسندیدہ حالات پیش آئیں تو وہ اس کے ذریعہ ثواب سمجھ کر صبر کریگی اور یہ بردباری و دانشمندی انکی اپنی ذاتی عقل و حلم کا نتیجہ نہیں ہوگی بلکہ ہم ان کو اپنے علم و حلم کا ایک حصہ عطا فرمائیں گے روی ذالك مرفوعًا عن ابی الدرداءؓ۔

فضائل صبر: قرآن و احادیث میں صبر کے بے شمار فضائل وارد ہیں۔ قرآن کریم میں ستر سے زائد جگہ صبر کا ذکر ہے ان آیات ذیل میں بہت ہی بلند درجات اور خیرات کی نسبت صبر کی طرف کی گئی ہے اور انہیں صبر کا ثمرہ قرار دیا گیا ہے مثلاً "وجعلنا منھم ائمۃ یھدون بامرنا لما صبروا۔ وتمت کلمۃ ربك الحسنی علی بنی اسرائیل بما صبروا۔ ولنجزین الذین صبروا اجرھم باحسن ما کانوا یعملون۔ اولئك الذین یوتون اجرھم مرتین بما صبروا۔ انما یوفّی الصابرون اجرھم بغیر حساب۔ واصبروا ان اللّٰہ مع الصابرین۔ بلی ان تصبروا وتتقوا ویاتو کم من فورھم ھذا یمدد کم ربکم بخمسۃ الاف من الملائکۃ مسوّمین۔ اولئك علیھم صلوات من ربھم و رحمۃ و اولئك ھم المھتدون۔ اسی طرح صبر کے بارے میں احادیث شریفہ بھی مروی ہیں الصبر نصف الایمان (ادب نعیم۔ خطیب عن ابن مسعودؓ) لو کان الصبر رجلا لکان کریما واللّٰہ یحب الصابرین (طبرانی) الصبر علی ماتکرہ خیر لکم (ترمذی شریف) الصبر کنز من کنوز الجنۃ نیز ایمان کے بارے میں فرمایا الصبر والسماحۃ۔ اور روایت الباب میں بھی صبر کی بہت بڑی فضیلت بیان فرمائی گئی ہے کہ صبر سے

بڑھ کر اور کوئی خیر اس سے وسیع نہیں ہے۔

وفی الباب عن انسؓ اخرجہ الطبرانی والحاکم۔ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری ومسلم وابوداؤد والا و

یروی عنہ فلن اوحرہ عنکم الخ یہ صیغہ بالدال المھملة وبالذال المعجمة دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے اور دونوں کے معنی ایک ہی

یعنی لن احبہٗ عنکم۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ ذِی الْوَجْهَیْنِ

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعٰوِیَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ذَا الْوَجْهَیْنِ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں میں سب سے برا شخص اللہ کے نزدیک قیامت کے دن وہ ہوگا جو دورخ والا ہو یعنی منافق ہو۔

بخاری شریف کی روایت میں الفاظ اس طرح ہیں "تجدمن اشر الناس یوم القیامة عند اللہ ذا الوجھین الذی یاتی ھٰؤلاء وھٰؤلاء بوجہ۔ علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ دورخا شخص لوگوں میں سب سے زیادہ برا اس وجہ سے ہے کہ اس کا حال منافق کی طرح ہے جو لوگوں کے درمیان فساد کراتا ہے دورخاپن کلام کا نفاق کہلاتا ہے اور یہ چغلی سے بھی زیادہ خطرناک ہے چونکہ چغل خور تو ایک شخص کی بات نقل کر کے فتنہ برپا کرتا ہے اور یہ دونوں کی باتوں کو نقل کرتا ہے اور فتنہ کرتا ہے نیز اس میں ایک دوسرے کا کلام نقل کرنا ہی ضروری نہیں بلکہ ہر فریق کو اپنے مخالف کی دشمنی پر تحسین کرنا اور اس کو اپنی حمایت کا یقین دلانا بھی ہوتا ہے جو دورخے پن کے لئے کافی ہے نیز وہ ایک شخص کی موجودگی میں اسکی تعریف کرتا ہے اور جب وہ نظروں سے اوجھل ہو جاتا ہے تو اسی کی برائی کرنے لگتا ہے یہ علامت نفاق ہے دورخی زبان والا شخص دو شخصوں سے خوب فائدہ اٹھاتا ہے جس سے ملتا ہے اسی سے اپنے خلوص وحمایت کا یقین دلاتا ہے اور دوسرے شخص کو برا کہتا ہے۔ قال علیہ السلام من کان لہ وجھان فی الدنیا کان لہ لسانان من النار (رواہ البخاری فی ادب المفرد) نیز روایت الباب میں بھی ایسے شخص کو شرالناس فرمایا گیا ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں دورخا شخص اللہ کے نزدیک امین نہیں ہوتا' مالک بن دینار فرماتے ہیں میں نے تورات میں پڑھا ہے کہ اس شخص کی امانت باقی نہیں رہتی جو اپنے ساتھی سے دورخی بات کرتا ہو۔ بہرحال آدمی کا دورخا ہونا انتہائی معیوب امر ہے دنیا وآخرت میں رسوائی کا ذریعہ ہے اس سے اجتناب ضروری ہے۔

فائدہ: اگر کوئی شخص دو شخصوں سے ملے تو ہر ایک سے اچھی بات کرے اور جو بات کہے سچی کہے۔ تو وہ دورخاپن نہیں اور نہ ایسا شخص منافق ہے چونکہ دو دشمنوں سے سچ بولکر دوستی رکھنا ممکن ہے اگرچہ شاذ ضرور ہے مگر دو مخالفوں سے ملکر دونوں کے موافق بات کہنے سے پرہیز کرنا چاہئے واللہ اعلم۔

وفی الباب عن عمارؓ اخرجہ ابوداؤد وابن حبان و انسؓ اخرجہ ابن ابی الدنیا؟ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي النَّمَّامِ

نمّ ینمّ: ازبا ضرب و نصر' قال الجزری فی النهایة النمیمة نقل الحدیث من قوم الی قوم علی جهة الافساد و الشر و یقال نم الحدیث ینمه و ینمه فهو نمام والاسم النمیمة وانم الحدیث اذا ظهر فهو متعدد لازم۔

چغل خوری کی تعریف: چغل خوری کی تعریف عام طور پر یہ کی جاتی ہے کہ کسی کا قول اس شخص کے بارے میں نقل کرنا جس کے بارے میں کہا گیا ہے مثلاً یہ کہنا کہ فلاں شخص تمہارے متعلق یہ کہہ رہا تھا مگر چغلی کی حقیقت صرف اسی میں منحصر نہیں ہے بلکہ اس کی تعریف اور بھی کی گئی ہیں مثلاً جس چیز کا ظاہر کرنا برا ہو اسے ظاہر کر دینا خواہ اس کو برا لگے جس نے کہا جس کے بارے میں کہا گیا ہے یا کسی تیسرے شخص کو برا معلوم ہو نیز اسکے لئے یہ بھی ضروری نہیں کہ اس کا اظہار زبان ہی سے ہو بلکہ کتابت اور کنایہ بھی زبان کے قائم مقام ہے پھر یہ بھی ضروری نہیں کہ اس چغلی کا تعلق کلام سے ہو یا عمل سے ہو یا منقول عنہ کے کسی عیب ونقص سے ہو بلکہ عموم ہے۔

چغلی کے محرکات: اس کے مختلف محرکات ہیں (اول) محکی عنہ کو نقصان پہنچانا (دوم) محکی لہ سے محبت کا اظہار کرنا (سوم) محض دل لگی کرنے اور لغویات میں پڑنے کی عادت بھی بسا اوقات چغل خوری پر آمادہ کرتی ہے۔

چغلخوری کی مذمت: قرآن پاک میں اس کی بڑی مذمت بیان فرمائی گئی ہے قال تعالی ولاتطع کل حلاف مهین همّاز مشاء بنميم، ویل لکل همزة لمزة بعض مفسرین نے ہمزة سے چغلخوری مرادلیا ہے، اسی طرح حمالة الحطب کی تفسیر بعض حضرات نے بات کو ادھر ادھر کرنے والی چغل خوری کرنے والی فرمائی ہے نیز روایات میں بھی چغل خور کے بارے میں سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں قال النبی ﷺ "لا یدخل الجنة نمّام" رواہ البخاری ومسلم عن حذیفہؓ اسی طرح حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً منقول ہے قال النبی ﷺ احبکم الی الله احاسنکم اخلاقاً الموطئون اکنافاً یألفون ویؤمنون وان ابغضکم الی الله المشاؤن بالنميمة المفرقون بين الاخوان الملتمسون للبراء العثرات" (الطبرانی) یعنی لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جو اخلاق میں سب سے اچھے ہوں۔ جن کے پہلو نرم ہیں جو محبت کرنے والے ہیں۔ اور ایمان لانے والے ہوں اور تم میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ وہ لوگ ہیں جو چغلی کرتے ہوں اور بھائیوں میں تفریق کرتے ہوں معصوم لوگوں کی لغزشیں تلاش کرتے ہوں۔

ایک مرتبہ حضور ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا کیا میں تم کو شرپسند لوگوں سے آگاہ نہ کردوں عرض کیا کیا ضرور تو حضور ﷺ نے فرمایا "المشاؤن بالنمیمة المفسدون بین الاحبة الباغون للبراء العیب" (رواہ محمد عن ابی مالک الاشجعی یعنی شرپسند وہ لوگ ہیں جو چغلی کرنے والے ہوں دوستوں کے درمیان فساد پیدا کرنے والے بے عیبوں کے عیب تلاش کرنے والے ہوں۔

ایک شخص کسی دانشور سے علم حاصل کرنے کے لئے سات سو میل سفر کر کے گیا اور سوال کیا، مجھے بتلائیں آسمان سے زیادہ بھاری زمین سے زیادہ وسیع، پتھر سے زیادہ سخت، دوزخ سے زیادہ گرم، زمہریر سے زیادہ ٹھنڈی، سمندر سے زیادہ بے نیاز اور یتیم سے زیادہ ذلیل کوئی چیز ہے، دانشور نے فرمایا کسی بے گناہ پر تہمت لگانا آسمانوں سے زیادہ بھاری ہے، حق بات زمین سے زیادہ وسیع ہے، کافر کا دل پتھر سے زیادہ سخت ہے، حرص وہوس کی تپش دوزخ کی آگ کی تپش سے زیادہ ہے۔ کسی عزیز سے ضرورت کا پورا نہ ہونا زمہریر سے زیادہ ٹھنڈا ہے۔ قناعت پسند دل سمندر سے زیادہ بے نیاز ہے، اور چغل خور جس کی چغلی ظاہر ہو جائے یتیم سے زیادہ ذلیل وخوار ہے۔

چغل خور کا علاج: (۱) چغل خور کا اعتبار نہ کیا جائے کیونکہ وہ فاسق ہے (۲) اسکو نصیحت کر کے اسکے عمل کی برائی اس پر واضح کر دی جائے (۳) اس شخص سے اللہ کے لئے بغض رکھے اور اس سے نفرت کرے (۴) اس کے کہنے سے اپنے غیر موجود بھائی کے متعلق بدگمان نہ ہو (۵) جو کچھ اس کے سامنے نقل کیا جائے اسکو سن کر مزید معلومات کی جستجو نہ کی جائے (۶) جس بات سے چغل خور کو منع کیا جائے اس میں خود مبتلا نہ ہو یعنی اسکی چغلی کسی دوسرے سے نہ کرے۔

اقوال بزرگان: مصعب بن الزبیرؒ نے فرمایا ہمارا خیال ہے کہ چغلی کرنے کی بہ نسبت چغلی کا اعتبار کر لینا زیادہ برا ہے اس لئے کہ چغلی میں صرف حکایت ہے لیکن اعتبار کرنے میں اسکی تصدیق بھی ہے اور آئندہ کے لئے چغلی کی اجازت بھی نیز چغل خور کمینہ ہے اس لئے کہ اس نے دوسرے کی عزت کی پاسداری نہیں کی اور پردہ پوشی پر کاربند بھی نہیں رہا۔ بعض کہتے ہیں چغلی تین چیزوں کے مجموعہ کو کہا جاتا ہے (۱) کذب (۲) حسد (۳) نفاق اور یہ تینوں ذلت کے ارکان ہیں ایک بزرگ نے فرمایا اگر چغل خور اپنے قول میں سچا بھی ہو مگر درحقیقت وہی شخص تمکو گالی دینے والا ہوگا اور جسکی طرف اس نے قول کی نسبت کی ہے وہ قابل رحم ہے کہ اس بیچارے کو تمہارے سامنے کہنے کی جرأت نہ ہوئی کسی عقل مند نے چغل خور سے فرمایا تم نے تین گناہ کئے (۱) مسلم بھائی سے بغض و عداوت پیدا کی (۲) میرے مطمئن دل اور خالی دماغ کو اضطراب و بے چینی سے بھر دیا (۳) خود اپنی دیانتداری کو مجروح کر دیا' حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص تم سے کسی کی چغلی کرتا ہے وہ تمہاری بھی دوسرے سے ضرور چغلی کریگا گویا وہ شخص قابل اعتبار نہیں ہے بلکہ بیک وقت وہ شخص جھوٹ' غیبت' غدر' خیانت' نفاق' حسد تفریق بین المسلمین جیسے سنگین گناہوں میں مبتلا ہوتا ہے۔

ایک عبرت ناک واقعہ: حماد بن سلمہ کہتے ہیں ایک شخص نے اپنا غلام بیچا اور خریدار سے کہا کہ اس میں صرف ایک عیب ہے اور کوئی عیب نہیں یعنی یہ صرف چغلی لگاتا ہے مگر خریدار نے اسکو خرید لیا ابھی چند روز ہی گزر رہے تھے کہ غلام نے آقا کی بیوی سے کہا کہ تیرے شوہر کو تجھ سے محبت نہیں ہے ممکن ہے وہ تجھے طلاق دیکر دوسرا نکاح کر لے اگر تو اسکو اپنی محبت کا اسیر کرنا چاہتی ہے تو اسکو استرہ سے جب وہ سو جائے اسکی گدی کے بال اتار کر مجھے دیدو میں ان پر منتر پڑھونگا جس سے وہ تیرے دام محبت میں گرفتار ہو جائیگا بیوی کو بھڑکانے کے بعد شوہر سے کہا کہ تیری بیوی نے ایک دوست بنا لیا ہے اب وہ تجھے قتل کرنا چاہتی ہے میری بات کا یقین نہ آئے تو سو کر دیکھ لو وہ تم کو سوئے ہوئے قتل کریگی بہتر یہ ہے کہ آج سونا نہیں بلکہ اس طرح لیٹ جانا جیسے سو رہے ہو پھر دیکھنا وہ کیا کرتی ہے شوہر نے اس کے اس مشورہ پر عمل کیا اور سونے کا ڈھونگ بنا لیا عورت یہ سوچ کر کہ سو گیا ہے آگے بڑھی اور استرہ سے گدی کے بال اتارنے کا ارادہ کیا شوہر نے ایک دم آنکھ کھول دی استرہ دیکھ کر اس کو یقین ہو گیا کہ وہ مجھے قتل کرنا چاہتی ہے چنانچہ اس نے غضبناک ہو کر بیوی کو قتل کر دیا بیوی کے رشتہ داروں کو جب اس کا علم ہوا انہوں نے انتقاماً شوہر کو قتل کر دیا پھر دونوں کے قبیلے آپس میں خوب لڑے اور خوب جنگ ہوئی' معلوم ہوا کہ چغل خوری ایسا بڑا و مہلک گناہ ہے کہ گھر کے گھر اس سے اجڑتے نظر آتے ہیں۔

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ نَا سُفْيٰنُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ عَلٰى حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ فَقِيْلَ لَهُ إِنَّ هٰذَا يُبَلِّغُ الْأُمَرَاءَ الْحَدِيْثَ عَنِ النَّاسِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ قَالَ سُفْيٰنُ وَالْقَتَّاتُ النَّمَّامُ۔

همام بن الحارث بن قيس بن عمرو النخعي الكوفي ثقة عابد من الثانية ۱۲

ترجمہ: ہمام بن الحارث نے کہا کہ ایک شخص حذیفہ بن یمان کے پاس سے گذرا تو ان سے کہا کہ یہ شخص لوگوں کی باتیں بادشاہوں تک پہنچاتا ہے تو حذیفہؓ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا کہ نہیں داخل ہوگا جنت میں چغل خور سفیان نے فرمایا کہ قتات کے معنی نمام یعنی چغلخور کے ہیں۔

بخاری شریف میں لفظ قتیل لہ ان رجلا یرفع الحدیث الی عثمان وارد ہے نیز مسلم شریف میں بروایۃ ابی وائل عن حذیفہ لفظ نمام قتات کی جگہ میں وارد ہے۔

قتات: بالقاف وشناۃ ثقیلۃ وبعد الالف مثناۃ اخری ماخوذ ہے قت الحدیث یقتہ سے روایت الباب سے چغلخور کے متعلق ایک اہم وعید معلوم ہوتی ہے کہ وہ جنت میں نہ جا سکے گا مگر چونکہ وہ مؤمن ہے ایمان کی وجہ سے ضرور جنت میں جائیگا اس لئے روایت میں دخول اولی کی نفی ہے۔

غیبت اور نمیمہ کے مابین فرق: بعض حضرات فرماتے ہیں دونوں متحد ہیں مگر راجح قول یہ ہے کہ دونوں کے درمیان عموم و خصوص من وجہ کی نسبت ہے نمیمہ میں کسی شخص کے حال کو دوسرے سے نقل کرنا بطور افساد ہوتا ہے اور غیبت میں فساد کی نیت ضروری نہیں ہے غیبت کے لئے مغتاب کی غیبت لازم ہے جو نمیمہ میں ضروری نہیں ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان و ابو داؤد۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْعِيِّ

العیّ: بکسر العین المہملۃ وتشدید التحتانیۃ وفی القاموس عیی فی الکلام مثل رضی عیا بکسر العین بمعنی حصر وفی الصراح عی بالکسر درماندگی بہ سخن یہاں پر اس سے مراد قلت کلام ہے جیسا کہ امام موصوف نے تفسیر فرمائی ہے۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ أَبِي غَسَّانَ مُحَمَّدِ بْنِ مُطَرِّفٍ عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ الْحَيَاءُ وَالْعِيُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْإِيمَانِ وَالْبَذَاءُ وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ۔

ترجمہ: ابوامامہؓ حضور ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ حیاء اور قلت کلام ایمان کے دو شعبے ہیں اور بے حیائی و کثرت کلام نفاق کے دو شعبے ہیں۔

الحیاء: اسکے معنی لغت میں ایسا تغیر وانکسار جو عیب وملامت کے خوف سے انسان کو پیش آئے امام راغب فرماتے ہیں کہ حیاء کہتے ہیں انقباض النفس من القبیح کو اور بعض حضرات نے کہا انقباض النفس لخوف ارتکاب ما یکرہ کا نام حیاء ہے۔

حیاء کی اقسام: حیاء کی تین قسمیں ہیں (۱) حیاء شرعی جسکا مقابل فسق ہے (۲) حیاء عقلی جسکا مقابل جنون ہے (۳) حیاء عرفی جسکا مقابل ابلہ و پاگل پن ہے اگر وہ حرام میں ہے تو حیاء واجب ہے اور اگر مکروہ میں ہے تو حیاء مندوب و مستحب ہے اور اگر مباح میں ہے تو وہ حیاء عرفی ہے۔

حدیث شریف میں جس حیاء کو ایمان کا شعبہ قرار دیا گیا ہے وہ حیاء شرعی ہے یعنی وہ حیاء جو دنیا و آخرت کی فضیحت کے خوف

سے ہو وہ ہر معروف کے لئے داعی اور ہر منکر سے مانع ہوتی ہے اور اسکی وجہ سے جامعیت آتی ہے نیز ایمان کی طرح حیاء بھی معاصی کے ارتکاب سے مانع بنتی ہے اس لئے تسمیۃ الشیٔ باسم ما قام مقام الشیٔ کے طور پر حیاء پر بھی ایمان کا اطلاق فرمایا گیا ہے العی اسکے معنی قلتِ کلام کے ہیں جو کہ محمود صفت ہے' چونکہ زیادہ بولنے سے بے شمار عیوب پیدا ہوتے ہیں مثلاً غلطی' کذب' غیبت' چغل خوری' ریاء نفاق ان سب کا تعلق زبان ہی سے ہے ظاہر ہے جو شخص کم گو ہوگا وہ ان عیوب وصفات ذمیمہ سے مامون ومصون رہے گا' نیز خاموشی سے ہمت مجتمع اور خیالات میں عدم انتشار ہوگا اور وقار بنا رہیگا' ذکر وفکر اور عبادت کے لئے فراغت رہی گی نیز دنیا میں بولنے کے برے نتائج اور آخرت میں اسکے محاسبہ سے نجات ملیگی اور جب آدمی کو آیت شریفہ ''ما یلفظ من قول الا لدیہ رقیب عتید'' (الآیہ) کا تصور ہوگا تو وہ یقیناً خاموش رہنے اور تقلیل کلام کو ترجیح دیگا۔

انسان کو کم گو ہونا چاہیے: کلام کی چار قسمیں ہیں (۱) وہ کلام جس میں خالص ضرر و نقصان ہو (۲) وہ کلام جس میں خالص نفع ہو (۳) وہ کلام جس میں نفع بھی ہو ضرر بھی ہو (۴) وہ کلام جس میں نہ ضرر ہو اور نہ نفع ہو' اول اور سوم سے بچنا تو ضروری ہے بشرطیکہ ضرر زائد ہو اور چوتھی قسم جس میں نہ ضرر نہ نفع وہ لایعنی اور لغو کلام ہے اس سے تو سکوت ہونا ہی چاہیے' چونکہ ایسے کلام میں مشغول ہونا اپنے اوقات کو ضائع کرنا ہے جو سب سے بڑا نقصان ہے باقی رہی دوسری قسم اگرچہ اس میں نفع ضرور ہے مگر اس میں بھی ریاء و تصنع غیبت وغیرہ کے خطرات موجود ہیں جن کا احساس بولنے والے کو بسا اوقات نہیں ہوتا اس لئے مفید کلام کرنے والا بھی خطرات سے محفوظ نہیں ہے اس وجہ سے آدمی کو بقدر ضرورت کم گو ہونا چاہیے' حضور ﷺ نے فرمایا من صمت نجا وقال علیہ السلام ان اللہ امرنی ان یکون نطقی ذکراً و صمتی فکراً ونظری عبرۃً وقال علیہ السلام من حسن اسلام المرأ ترکہ مالا یعنیہ الحدیث' ان روایات سے قلتِ کلام کی ترغیب معلوم ہوتی ہے۔

الحاصل روایات میں حیاء اور قلتِ کلام کو ایمان کے دو شعبے فرمایا گیا ہے یعنی ایمان کے منجملہ آثار کے یہ دو اثر ہوتے ہیں جو شخص کامل مؤمن ہوگا وہ باحیاء اور قلیل الکلام ہوگا اور اس کی گفتگو غور وفکر کے ساتھ ہوگی۔

والبذاء والبیان شعبتان من النفاق: یعنی بے حیائی اور فحش گوئی اور بتکلف اظہار فصاحت اور بے پرواہ بلا ضرورت کلام کرنا شعبۂ نفاق ہے چونکہ منافق شخص دنیا وآخرت کے نتائج سے بے فکر ہو کر فحش کلامی اور بے حیائی کا شکار ہوتا ہے اور اس سے منافقین کی طرح کے اقوال وافعال صادر ہوتے ہیں۔

ھذا حدیث غریب: امام ترمذیؒ نے تو روایت الباب کو غریب قرار دیا ہے مگر ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں رجالہ رجال الصحیح وقد رواہ الامام احمد فی مسندہ والحاکم فی مستدرکہ وقال السناوی قال الترمذی احسن وقال غیرہ صحیح۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ سِحْرًا

حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلَیْنِ قَدِمَا فِیْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْ کَلَامِهِمَا فَالْتَفَتَ اِلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ فَقَالَ اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ سِحْرًا اَوْ اِنَّ بَعْضَ الْبَیَانِ سِحْرٌ۔

ابو غسان محمد بن مطرف المدنی نزیل عسقلان ثقۃ من السابعۃ مات بعد الستین حسان بن عطیۃ المحاربی الدمشقی ثقۃ فقیہ' عابد من الرابعۃ مات بعد العشرین و مائۃ ابو امامۃ الباھلی اسمہ صدی بن عجلان سکن مصر ثم انتقل الی حمص و مات بھا صحابی مشہور۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ بیشک دو شخص حضور ﷺ کے زمانہ میں حاضر ہوئے اور انہوں نے خطبہ دیا پس ان کا کلام (خطبہ) لوگوں کو اچھا لگا تو حضور ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ بیشک بہت سے بیان جادو ہوتے ہیں یا فرمایا کہ بعض بیان جادو ہوتے ہیں۔

ان رجلین: حافظؒ فرماتے ہیں کہ مجھے صراحۃً ان دونوں کے ناموں پر واقفیت نہیں ہے البتہ ایک جماعت علماء نے فرمایا یہ دونوں شخص زبرقان اور عمرو بن الاہیم ہیں زبرقان کا نام حصین بن بدر بن امرئ القیس اور عمرو بن الاہیم کا نام سنان بن کی ہے یہ دونوں تمیمی ہیں جب بنی تمیم کا وفد آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو یہ دونوں بھی ساتھ تھے چنانچہ بیہقی نے دلائل میں ابن عباس سے تفصیلی واقعہ نقل کیا ہے کذا اخرجہ الطبرانی ابن بکرؓ۔

بہر حال ان دونوں شخصوں نے ایک دوسرے کے مقابل نہایت جامع بلیغ خطبہ پڑھا الفاظ کی شستگی سنکر لوگوں پر جادو کی طرح اثر ہوا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا ان من البیان سحراً۔

حضور ﷺ نے بعض بیان کو جادو کیوں فرمایا: بعض بیان کو آپ ﷺ نے جادو اسوجہ سے فرمایا کہ جس طرح جادو کا اثر مخفی طور پر ہوتا ہے اور اسکے ذریعہ قلوب کو مائل کر دیتے ہیں (۲) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ بعض بیان کو جادو اکتساب معصیت کے اعتبار سے فرمایا کہ جس طرح جادو کے ذریعہ آدمی معصیت کا مرتکب ہو جاتا ہے اسی طرح بعض بیان بھی معصیت کے ارتکاب کا ذریعہ بن جاتے ہیں (۳) بعض حضرات نے فرمایا جادو کے ساتھ زوداثر ہونے کے اعتبار سے ہے کہ جس طرح جادو کا اثر جلدی ہوتا ہے اسی طرح بعض بیان کا اثر بہت جلد ہوتا ہے۔

آپ ﷺ کا یہ فرمان بطور مدح ہے یا ذم: علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں بیان کی دو قسمیں ہیں اول جو مافی الضمیر کی ادائیگی کے لئے ہو خواہ کسی طرح ہو یعنی دقائق بلاغت و فصاحت اس میں ہوں یا نہ ہوں دوم وہ بیان جو بنا سنوار کر بتکلف صنائع فنی کے ساتھ کیا جائے تا کہ لوگوں کی توجہ کا مرکز بنے اور لوگوں کے قلوب اس طرف مائل ہوں یہی وہ بیان ہے جسکو آپ ﷺ نے جادو فرمایا ہے اگر یہ کلام میلان قلوب الی الحق کا ذریعہ بنے تو محمود ہے اور اگر میلان الی الباطل کا ذریعہ بنے تو مذموم ہے گویا ان من البیان لسحراً میں مدحت و مذمت دونوں کا احتمال ہے۔ امام مالکؒ و ابوداؤدؒ وغیرہ محدثین نے آپ ﷺ کے اس فرمان کے بارے میں فرمایا کہ حضور ﷺ کا مقصود ایسے کلام کی مذمت کرنا ہے چنانچہ دنوں کی تبویب سے یہی مستفاد ہوتا ہے۔ قال الزرقانی قال الباجی وابن عبدالبر قال قوم خرج هذا مخرج الذم لانه اطلق علیه سحراً وهو مذموم۔ حافظ ابن عربی مالکیؒ نے فرمایا بعض علماء نے اسکو مذمت پر محمول کیا ہے مگر مدح کا احتمال بھی ہے یہی ابن بطال کی رائے ہے کہ بیان بجمیع اقسام مذموم نہیں ہے کما یدل علیه من التبعیضیة فی قوله من البیان کیف وقد امتن الله تعالی به علی عباده حیث قال خلق الانسان و علمه البیان۔ ایک شخص عمر بن عبدالعزیزؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کچھ مطالبہ کیا جس کو پورا کرنے سے خلیفہ معذور تھا مگر اس نے ایسا فصیح و بلیغ کلام کیا کہ خلیفہ کے قلب پر اسکا اثر ہوا اور اس کا مطالبہ پورا کر دیا تو اس سائل نے کہا هذا هو السحر الحلال۔

عبدالعزیز بن محمد بن عبید الدراوردی ابو محمد الجہنی المدنی صدوق من الثامنۃ مـ ۱۸۶ھ

وفي الباب عن عمارؓ اخرجه احمد و مسلم و ابن مسعودؓ اخرجه مسلم عبدالله بن الشخيرؓ فلينظر من اخرجه۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري و مالك و احمد و ابوداؤد۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّوَاضُعِ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَؓ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ وَمَا زَادَ اللّٰهُ رَجُلًا بِعَفْوٍ إِلَّا عِزًّا وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلّٰهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے مروی ہے بیشک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں کم کیا کسی صدقہ نے کسی مال کو اور نہیں زیادہ کیا اللہ تعالیٰ نے کسی آدمی کو معافی کے ذریعہ مگر عزت کے اعتبار سے اور نہیں تواضع اختیار کی کسی نے اللہ کے لئے مگر اللہ نے اسکو بلند فرمایا۔

تواضع بمعنی تذلل وتخاشع یعنی اپنے کو دوسرے کے مقابلہ میں کم سمجھنا ما نقصت صدقة من مال: ما نافیہ ہے اور من زائدہ تبعیضیہ یا بیانیہ ہے اصل عبارت یہ ہوگی مانقصت صدقة مالًا او بعض مال اوشيئًا من مال یعنی صدقہ کرنے سے مال گھٹتا نہیں بلکہ بڑھتا ہے یا تو مخفی طور پر بقیہ مال میں برکت ہوتی ہے یا اللہ تعالیٰ اس مال کو اپنی عطیۂ جلیہ کے ذریعہ بڑھادیتا ہے کما قال تعالى يمحق الله الربٰو ويربي الصدقات یا دنیا وآخرت میں اس کا کثیر بدلہ عطا فرمائیں گے کما قال تعالی ان تقرضوا الله قرضا حسنًا فيضاعفه اضعافًا كثيرًا نیز بے شمار آیات وروایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ صدقات کرنے والوں کو دنیا و آخرت میں برکات سے نوازتا ہے۔

وما زاد الله رجلًا بعفو الخ: یعنی جو شخص انتقام پر قدرت کے باوجود عفو و درگذر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی عزت وآبرو میں اضافہ فرمادیتے ہیں کہ لوگ دنیا میں اس کی عزت وعظمت کرتے ہیں اور ظاہرًا بھی ایسے شخص کو اچھا سمجھتے ہیں اور آخرت میں بھی اللہ تعالیٰ کثیر ثواب سے نوازیں گے۔

وما تواضع احد لله الارفعه الله: جو شخص محض اللہ کے لئے اپنے کو کم سمجھے گا اللہ تعالیٰ اسکو دنیا وآخرت میں بلند و بالا فرمائیں گے۔

تواضع کی فضیلت: احادیث میں تواضع کے بیشمار فضائل وارد ہوئے ہیں بیہقی نے ابوہریرہؓ سے روایت نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہر شخص کے ساتھ دو فرشتے ہوتے ہیں جو لگام کے ذریعہ اسکو روکتے ہیں اگر وہ نفس کو اونچا کرتا ہے تو وہ لگام کھینچتے ہیں اور کہتے ہیں اے اللہ تو اس شخص کو پست کر اور اگر وہ اپنے نفس کو پست کرتا ہے تو کہتے ہیں اے اللہ تو اسے اونچا کر۔ مسند بزار میں روایت ہے فرمایا "من تواضع لله رفعه الله ومن تكبر وضعه الله ومن اقتصد اغناه الله ومن بذر افقره الله ومن اكثر ذكر الله احبه الله" یعنی جو شخص اللہ کے لئے تواضع اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بلند فرماتے ہیں اور جو شخص تکبر کرتا ہے اسے پست کرتا ہے اور جو اعتدال کی راہ اختیار کرتا ہے اسے غنی کردیتا ہے اور جو فضول خرچی کرتا ہے اسے فقیر بنادیتا ہے اور جو خدائے تعالیٰ کو زیادہ یاد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو محبوب بنالیتے ہیں نیز ارشاد فرمایا "الكرم التقوى والشرف التواضع واليقين الغنى (رواه ابن

ابی الدنیا مرسلاً والحاکم عن سمرۃ بن جندبؓ) یعنی کرم تقویٰ ہے۔ شرف تواضع ہے اور یقین غنی ہے۔ مالک بن دینار فرماتے ہیں اگر کوئی منادی کرنے والا مسجد کے دروزاہ پر یہ اعلان کرے کہ تم میں سے بدترین آدمی باہر آجائے تو بخدا سب سے پہلے باہر نکلنے والا میں ہوں گا الا یہ کہ کوئی شخص اپنی طاقت کے ذریعہ مجھ سے سبقت کر جائے جب ابن المبارک نے ان کا یہ قول سنا تو فرمایا واللہ مالک اسی وجہ سے وہ مالک ہیں عروۃ بن الورد کہتے ہیں تواضع حصول عظمت کا ذریعہ ہے۔ ہر نعمت پر حسد کیا جاسکتا ہے مگر تواضع ایسی نعمت ہے جس پر حسد نہیں کیا جاسکتا۔

وفی الباب عن عبدالرحمن بن عوفؓ اخرجہ احمد و ابن عباسؓ اخرجہ الطبرانی۔ و ابی کبشۃ الانماری فلینظر من اخرجہٗ واسمہ عمر بن سعدؓ یعنی ابوکبشہ الانماری کا نام عمر بن سعد ہے مگر تقریب میں ہے ابو کبشہ الانماری هو سعید بن عمرو او عمرو بن سعید وقیل عمر او عامر بن سعد صحابی نزل الشام له حدیث وروی عن ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

هذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و مسلم۔

ترجمہ: ابن عمرؓ سے منقول ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِی الظُّلْمِ

حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْعَنْبَرِیُّ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ الطَّیَالِسِیُّ عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

ترجمہ: ابن عمرؓ سے منقول ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ظلم قیامت کے دن متعدد ظلمتوں پر مشتمل ہوگا۔

الظلم امام راغب فرماتے ہیں کہ ظلم وضع الشیء فی غیر محلہ کو کہا جاتا ہے۔

الظلم ظلمات: کا مطلب اس جملہ کے حضرات شراح نے متعدد مطالب بیان فرمائے ہیں (۱) "ظلم" ظالم شخص کے لئے قیامت کے دن مختلف ظلمتوں کا سبب ہوگا جس طرح مؤمن کے لئے آخرت میں نور ہوگا جو ان کے آگے اور دائیں طرف ہوگا اور ایک روایت میں ہے کہ بائیں طرف بھی ہوگا اسی طرح ظالم کے اردگرد مختلف حقوق ضائع کرنے کی بناء پر متعدد ظلمتیں ہوں گی (۲) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ظلمات سے مراد شدائد و مصائب ہیں یعنی ظالم کے لئے ظلم مختلف مصائب و شدائد کا ذریعہ ہوگا جو اسکی مختلف معاصی و تضییع حقوق کی بنا پر ہوں گی کمافی قولہ تعالیٰ "قل من ینجیکم من ظلمات البر و البحر" (۳) بعض حضرات فرماتے ہیں ممکن ہے کہ اس سے مراد انکال و عقوبات ہوں۔ علامہ ابن جوزی فرماتے ہیں کہ ظلم کم از کم دو معصیتوں پر مشتمل ہوتا ہے اول وہ جو حقوق اللہ سے متعلق ہیں اسکے بارے میں امید ہے کہ عفو و بخشش ہو جائے دوم جو حقوق العباد سے متعلق ہیں ان کے متعلق روایات میں وارد ہے کہ مظلومین کو ان کے حقوق کے بدلہ میں ظالم کی نیکیاں دیدی جائیگی اور بالآخر جب حقوق باقی رہ جائیں گے تو مظلومین کے گناہوں کو ظالمین پر ڈال دیا جائے گا جسکی وجہ سے ظالمین باوجود نیکیاں ہونے کے جہنم میں داخل کردیے جائیں گے

اس طرح ظالم کے لئے مختلف شدائد ومصائب آخرت میں ہونگے جو اسکے ظلم کا نتیجہ ہوگا۔

وفی الباب عن عبداللہ عمروؓ اخرجہ احمد و عائشۃؓ اخرجہ البخاری و مسلم وابی موسیٰؓ اخرجہ الترمذی و ابی ھریرۃؓ اخرجہ الترمذی ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ الشیخان۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي تَرْكِ الْعَيْبِ لِلنِّعْمَةِ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيٰنَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَاعَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم طَعَامًا قَطُّ كَانَ اِذَا اشْتَهَاهُ اَكَلَهُ وَاِلَّا تَرَكَهُ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کھانے کو عیب نہیں لگایا اگر کھانے کی خواہش ہوتی تو تناول فرمالیتے ورنہ اس کو چھوڑ دیتے ہیں۔

حدیث الباب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ بیان فرمائی گئی کہ کسی مباح وحلال کھانے میں عیب نہیں نکالتے تھے بلکہ حسب خواہش تناول فرمالیتے ورنہ چھوڑ دیتے مگر کھانے کو برا نہ کہتے تھے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ کھانے میں عیب دو طرح ہوسکتا ہے (۱) باعتبار خلقت (۲) باعتبار صنعت اگر کوئی شخص کسی حلال وما کول شئ میں باعتبار خلقت عیب لگاتا ہے تو یہ مکروہ بلکہ ناجائز ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جو اشیاء حلال فرمائی ہیں ان میں عیب نہیں ان میں سراسر فائدہ ہی ہے اس لئے کسی حلال چیز کو خلقۃً عیب لگانا اللہ تعالیٰ پر اعتراض کرنے کو مستلزم ہے جو ناجائز ہے البتہ اگر باعتبار صنعت یعنی اس کے پکانے کی کمی کو بیان کرے مثلاً یہ کہے کہ نمک زیادہ ہوگیا یا مرچ زیادہ ہیں یا روٹی کچی ہے تو اسکی گنجائش ہے مگر حافظ فرماتے ہیں کہ روایت سے عیب لگانے کی ممانعت عام معلوم ہوتی ہے نہ باعتبار خلقت عیب لگانا درست ہے اور نہ باعتبار صنعت کیونکہ اس دوسری صورت میں صانع وطباخ کی دل شکنی لازم آتی ہے اور ظاہر ہے کہ یہ بھی جائز نہیں ہے علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ طعام کے آداب مؤکدہ میں سے یہ بھی ہے کہ حلال کھانے کو کسی طرح کا عیب نہ لگایا جائے مثلاً مالح، حامض، قلیل الملح، غلیظ، رقیق وغیرہ الفاظ کھانے کے متعلق کہے کہ البتہ اگر طباخ کو تنبیہ یا اس کی اصلاح وتربیت مقصود ہو تو پھر مضائقہ نہیں بلکہ دیانۃً ضروری ہے خصوصاً ایسے کھانوں میں جو مجمع کثیر کے لئے پکائے جاتے ہیں اس طرح بات کہے کہ اس کی دل شکنی نہ ہو بہرحال روایت سے عموم مستفاد ہوتا ہے اس لئے بہتر یہی ہے کہ کھانے میں کسی طرح کا عیب نہ نکالے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان ابو حازم ھو الاشجعی امام ترمذی انکا تعارف کرارہے ہیں کہ ان کا نام سلمان ہے اور ابوحازم کنیت ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي تَعْظِيْمِ الْمُؤْمِنِ

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَكْثَمَ وَالْجَارُوْدُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَا نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى نَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ اَوْفَى بْنِ دَلْهَمٍ عَنْ

ابو حازم الاشجعی الکوفی ثقۃ من الثالثۃ ۱۲۔

نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْمِنْبَرَ فَنَادٰى بِصَوْتٍ رَفِيْعٍ قَالَ يَا مَعْشَرَ مَنْ اَسْلَمَ بِلِسَانِهٖ وَلَمْ يُفْضِ الْاِيْمَانُ اِلٰى قَلْبِهٖ لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِيْنَ وَلَا تُعَيِّرُوْهُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِهِمْ فَاِنَّهٗ مَنْ تَتَبَّعَ عَوْرَةَ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ تَتَبَّعَ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ يَّتَتَبَّعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ يَفْضَحْهُ وَلَوْ فِيْ جَوْفِ رَحْلِهٖ قَالَ وَنَظَرَ ابْنُ عُمَرَ يَوْمًا اِلَى الْبَيْتِ اَوْ اِلَى الْكَعْبَةِ فَقَالَ مَا اَعْظَمَكِ وَاَعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَالْمُؤْمِنُ اَعْظَمُ حُرْمَةً عِنْدَ اللّٰهِ مِنْكِ۔

ترجمہ: ابن عمرؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر چڑھے پھر بلند آواز سے پکار کر فرمایا اے ان لوگوں کی جماعت جو اسلام لائے زبان سے اور ان کے دلوں تک ایمان نہیں پہنچا' نہ ستاؤ تم مسلمانوں کو اور نہ شرمندہ کرو تم ان کو اور نہ پیچھے پڑو ان کی چھپی ہوئی باتوں کے کیونکہ جو شخص کسی مسلمان بھائی کی چھپی بات کو تلاش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی چھپی ہوئی بات کو ظاہر فرمادیتا ہے اور جس کی چھپی ہوئی بات کو اللہ تعالیٰ ظاہر فرمادے تو اس کو رسوا کردیتا ہے خواہ وہ اپنے گھر کے اندر کے حصہ میں کیوں نہ ہو' راوی نے کہا کہ ابن عمرؓ نے بیت اللہ کی طرف دیکھا یا کعبہ کی طرف دیکھا اور فرمایا کس قدر عظیم ہے تو اور تیری عزت کس قدر عظیم ہے اور مؤمن عزت کے لحاظ سے تجھ سے بڑھ کر ہے اللہ کے نزدیک۔

صَعِدَ: بکسر العین المہملہ بمعنی طلع' قَالَ: یہ منادیٰ کا بیان ہے' من اسلم بلسانہ: اس میں مؤمن و منافق دونوں داخل ہیں۔

ولم یُفْضِ: ماخوذ من الافضاء ای لم یصل الایمان الی اصلہ و کمالہ۔

علامہ طیبیؒ نے روایت کو منافقین پر منحصر مانا ہے' مگر شرح سے واضح ہو گیا کہ مؤمن و منافق دونوں کو شامل ہے۔

روایت مذکورہ سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ نے خصوصی اہتمام کے ساتھ منبر پر تشریف فرما کر بلند آواز سے خطاب فرمایا "لاتؤذوا المسلمین" کہ جو لوگ منافق ہیں یا کامل مؤمن نہیں وہ مؤمنین کاملین کو ایذاء و تکلیف نہ پہنچائیں اسلئے کہ ایذاء مسلم حرام ہے بلکہ اہل ایمان کو نفع پہنچانا لازم ہے چونکہ جو شخص اہل اسلام کو ایذاء پہنچانے کے درپے ہے ظاہر ہے کہ اسکا اسلام ادعائی ہے اصلی نہیں ہے' نیز حضور ﷺ نے فرمایا "ولا تعیروھم" یہ ماخوذ ہے تعییر سے اس کے معنی کسی کو گذشتہ عیب پر شرمندہ کرنا جس کا مطلب ہے کہ مسلمانوں کو گذشتہ عیوب و ذنوب پر شرمندہ نہ کرو اس لیے کہ مسلمان کو رسوا کرنا جائز نہیں بالخصوص جب کہ وہ کامل مؤمن ہو اور ان ذنوب سے توبہ بھی کرچکا ہو خواہ اس کا اظہار اس نے نہ کیا ہو اس لیے کہ کامل مؤمن گناہ کے بعد توبہ کر ہی لیتا ہے۔

بہر حال تعییر علی ذنب ماض جائز نہیں ہے البتہ اگر کوئی شخص فی الحال گناہ میں مبتلا ہو تو اس کو زجر و توبیخ جائز ہے تاکہ وہ اس گناہ سے باز آجائے۔ ولا تتبعوا: یہ باب افتعال سے ہے اس کے معنی ہیں کہ مسلمانوں کے بارے میں تجسس نہ کرو یعنی کسی مسلمان کا جو عیب ظاہر نہ ہو اس کی جستجو اور تلاش کرنا جائز نہیں ہے ورنہ اس کی سزا یہ ہوگی کہ اللہ تعالیٰ تمہارے عیوب کی جستجو فرمائیں گے اور لوگوں کے درمیان ظاہر فرمائیں گے جس سے رسوائی ہوگی خواہ وہ عیوب کتنے ہی چھپے ہوئے ہوں' بیان القرآن میں ہے کہ چھپ کر کسی کی باتیں سننا یا اپنے کو سوتا ہوا بنا کر باتیں سننا بھی تجسس میں داخل ہے البتہ کسی سے مضرت پہنچنے کا احتمال ہو اور وہ اپنی یا کسی دوسرے کی حفاظت کی غرض سے مضرت پہنچانے والے کی خفیہ تدبیروں اور ارادوں کا تجسس کرے تو جائز ہے ورنہ جائز

جارود بن معاذ السلمی الترمذی ثقۃ رمی بالارجاء من العاشرۃ ۲۴۴ھ فضل بن موسٰی السینانی بمہملۃ مکسورۃ و نونین ابو عبد اللہ المروزی ثقۃ ثبت و ربما اغرب من کبار التاسعۃ ۱۹۲ فی ربیع الاول' حسین بن واقد المروزی ابو عبد اللہ القاضی ثقۃ لہ اوھام من السابعۃ ۱۵۹ھ اوفی ابن دلہم البصری العدوی صدوق من التاسعۃ ؏۔

نہیں ہے قال تعالیٰ "ان الذین یحبون ان تشیع الفاحشۃ فی الذین آمنوا لھم عذاب الیم فی الدنیا والاخرۃ واللہ یعلم وانتم لاتعلمون" ما اعظمك واعظم حرمتك: دونوں صیغۂ تعجب ہیں الحرمۃ بالضم او بضمتین بمعنی العظمۃ ابن عمرؓ نے کعبۃ اللہ کو دیکھ کر فرمایا تو کس قدر عظمت والا گھر ہے کہ تو اللہ کا گھر ہے اور تیری عظمت کس قدر ہے مگر مؤمن کی عظمت اس کے ایمان کی وجہ سے تجھ سے بھی زائد ہے بیت اللہ اگر چہ عظیم الشان ہے مگر اس کو آباد کرنے والے تو مؤمنین ہی ہیں قال تعالیٰ "انما یعمر مساجد اللہ من امن باللہ والیوم الآخر واقام الصلوٰۃ" الآیۃ" اور ظاہر ہے کہ مکان کی عظمت اس کے آباد ہونے سے ہی ہوتی ہے غیر آباد مکان کا مقام آباد کے مقابلہ میں زائد نہیں ہوتا ہے۔

ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ ابن حبان' و قدروی اسحٰق بن ابراھیم السمرقندی" الخ یہ روایت کے دوسرے طریق کی طرف اشارہ ہے۔ وقدروی عن ابی برزۃ الاسلمی یعنی ابن عمرؓ کی روایت کی طرح ابو برزہ الاسلمیؓ سے بھی یہ روایت مروی ہے جس کی تخریج احمد ابوداؤد نے کی ہے نیز اسی طرح ابو یعلی نے براء بن عازبؓ سے بھی اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّجَارِب

التجارب: یہ تجربۃ کی جمع ہے قال فی القاموس جَرَّبَہٗ تَجْرِبَۃً بمعنی اختبرَہٗ یعنی آزمانا۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَا حَلِيْمَ إِلَّا ذُوْ عَثْرَةٍ وَلَا حَكِيْمَ إِلَّا ذُوْ تَجْرِبَةٍ۔

ترجمہ: ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں ہوتا کوئی حلیم مگر لغزش والا اور نہیں حکیم (دانا) ہوتا ہے کوئی مگر تجربہ والا۔

عثرۃ: بفتح العین بمعنی زلۃ قدم اور لغزش قلم تقریراً او تحریراً۔

لاحلیم الا ذو عثرۃ: ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ حلیم وہی شخص ہو سکتا ہے جس سے کوئی لغزش ہوئی ہو کیونکہ لغزش والا شخص عفو کا طالب ہوتا ہے جب اس کو معاف کر دیا جائے گا تو وہ عفو کے درجہ کو پہنچائے گا کہ وہ کس قدر راہم ہے لہٰذا جب دوسرے سے خطا صادر ہوگی تو یہ بھی عفو کو دوسروں کے حق میں اختیار کرے گا اس وقت یہ حلیم کہلائے گا (۲) بعض حضرات نے فرمایا کہ اس کے معنی ہیں کہ کامل حلیم وہ ہوتا ہے جس سے کوئی غلطی صادر ہوئی ہو اور اس کو اس پر شرمندگی ہوئی ہو اگر اس کو معاف کر دیا جائے تو یہ شخص بھی دوسروں کے حق میں ضرور معافی کو اختیار کرے گا: لہٰذا معلوم ہوگا کہ کامل حلیم یہ ہی شخص ہے۔ (۳) حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ روایت کا مطلب یہ ہے کہ کوتاہیوں سے صرف نظر ایسا شخص کر سکتا ہے جو خود کوتاہیوں کا مرتکب رہا ہو خواہ اس کو معاف کر دیا گیا ہو یا سزا دی گئی ہو ایسے شخص میں حلم پیدا ہو جائے گا اور دوسروں کے حق میں وہ شخص حلیم ثابت ہوگا۔ (۴) یا اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص سریع الغضب ہونے کی وجہ سے حلم کو اختیار نہیں کرتا اور اپنے غصہ کو غیروں پر نافذ کر دیتا ہے جس کی وجہ سے وہ ملامت کا

عبداللہ بن وھب بن مسلم القرشی المصری الفقیہ ثقۃ حافظ عابد من التاسعۃ ۱۹۷ھ عمرو بن الحارث بن یعقوب الانصاری المصری ابو ایوب ثقۃ حافظ فقیہ من السابعۃ مات قدیماً قبل ۱۵۰ھ دراج بتثقیل الراء وآخرہ جیم بن سمعان ابو السمح قیل اسمہ عبدالرحمن و دراج لقبہ السھمی المصری القاضی صدوق من الرابعۃ ۱۲۶ھ ابو الھیثم سلیمان بن عمرو بن عبید وقیل عبد المصری ثقۃ من الرابعۃ

نشانہ بنتا ہے جب بار باراس سے یہ غلطی (ترک حلم) ہوتی رہے گی تو اس میں حلم پیدا ہوگا تا کہ لوگوں کی ملامت سے بچ جائے (۵) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ روایت کا مطلب یہ ہے کہ آدمی کتنا ہی حلیم ہو مگر اس سے بھی بھی نہ بھی غلطی کا صدور ہو ہی جاتا ہے۔

ولا حکیم الاذو تجربۃ: (۱) اس کا مطلب ہے کہ دانا و عقل مند وہی شخص ہوگا جس کو امور دین و دنیا کا تجربہ ہو اور مصالح و مفاسد کو خوب جانتا ہو ایسا شخص جب بھی کوئی کام کرے گا وہ حکمت مصلحت سے خالی نہ ہوگا بلکہ اس کے انجام دیئے ہوئے امور مستحکم و مضبوط اور دیرپا ہونگے (قالہ القاری) (۲) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے طبی حکیم مراد ہے اور معنی یہ ہیں کہ کامل طبیب ایسا شخص ہوتا ہے جس کو امور ذاتیہ کا تجربہ ہو یعنی امراض کی تشخیص اور ادویہ کی تجویز کے ساتھ ساتھ لوگوں کے مزاجوں اور ان کے نفسیات کا ماہر بھی ہو ایسا شخص کامل حکیم یعنی معالج بدن انسانی کہلائے گا۔

ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ احمد و ابن حبان والحاکم قال المناوی اسنادہ صحیح''

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمُتَشَبِّعِ بِمَالَمْ يُعْطَهُ

المتشبع: علامہ زمخشری فرماتے ہیں کہ متشبع وہ شخص کہلاتا ہے جو اپنے کو پیٹ بھرے ہوئے شخص کی طرح ظاہر کرے مگر اس کا استعمال ایسے شخص کیلئے ہونے لگا جس کو کوئی فضیلت عطانہ کی گئی ہو مگر لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے وہ اپنے اوپر اسکو ظاہر کرتا ہے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ اُعْطِيَ عَطَاءً فَوَجَدَ فَلْيَجْزِ بِهِ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيُثْنِ فَاِنَّ مَنْ اَثْنٰى فَقَدْ شَكَرَهُ وَمَنْ كَتَمَ فَقَدْ كَفَرَهُ وَمَنْ تَحَلّٰى بِمَا لَمْ يُعْطَهُ كَانَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُوْرٍ۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ حضور ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا جس شخص کو کوئی عطیہ دیا گیا اور وہ شخص (بدلہ دینے پر) قادر ہو جائے تو اس کو بدلہ دینا چاہیے۔ اور اگر قادر نہ ہو تو عطا کرنے والے کی تعریف کرنا چاہیے کیونکہ جس نے معطی کی تعریف کی تو اس نے اس کا شکریہ ادا کیا اور جس نے عطیہ کو چھپایا اس نے کفران نعمت کیا اور جو شخص اپنے کو ایسی شئی سے آراستہ کرے جو اس کو نہیں دی گئی تو وہ ایسا ہے جیسے مکر و فریب اور جھوٹ کا لباس پہننے والا۔

من اعطی: یہ صیغہ مجہول ہے عطاء مفعول مطلق ہے دوسری روایت میں شیئا واقع ہے جو اعطی کا مفعول ثانی ہے "فوجد ای سعة من المال فلیجز" بسکون الجیم بمعنی فلیکافی بہ: ای بالعطاء فَلْيُثْنِ بضم الیاء ای علیہ دوسری روایت میں لفظ بہ واقع ہوا ہے ای فلیمدحہ او فلیدع لہ فقد شکر وفی روایۃ شکرہ یعنی جب اس نے معطی کی تعریف کردی تو گویا فی الجملہ بدلہ دے دیا۔ ومن کتم: ای النعمۃ یعنی جب اس نے بدلہ نہیں دیا اور نہ ہی کوئی معطی کی تعریف کی تو اس نے نعمت معطی کا کفران کیا یعنی اس معطی کا کوئی حق ادا نہیں کیا۔

ومن تحلی بما لم یعطہ کان کلابس ثوبی زور: لم یعطہ مجہول کا صیغہ ہے اور ضمیر مرفوع کا مرجع من ہے اور منصوب کا مرجع ما ہے۔ آپ ﷺ کے اس فرمان کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص اپنی ایسی فضیلت قولاً یا عملاً ظاہر کرے جو اس کو حاصل

نہیں ہے وہ اس شخص کی طرح ہے جس نے جھوٹا لباس پہن کر لوگوں کو دھوکہ دیا ہو۔

حضورﷺ کے اس فرمان کا شان ورود: یہ جملہ حضورؐ نے اس وقت ارشاد فرمایا تھا جب ایک عورت نے آپ سے سوال کیا کہ میری ایک سوتن ہے کیا میں اس سوتن کو چڑانے کیلئے ایسی ہیئت اختیار کرلوں جس سے معلوم ہو کہ میرے شوہر کو مجھ سے زیادہ محبت ہے تو آپﷺ نے یہ جملہ "ومن تحلی الخ" ارشاد فرمایا یعنی تو ایسا کریگی تو اس شخص کی طرح ہوگی جس نے دو جھوٹ بولے ہوں یا دو جھوٹی باتوں کو ظاہر کیا ہو پہلا جھوٹ تو یہ ہوگا تیرے شوہر نے گویا تجھ کو سوتن سے زیادہ عطا کیا ہے اور دوسرا جھوٹ یہ ہوگا کہ تیرا شوہر بہ نسبت سوتن کے تجھ سے زیادہ محبت کرتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

دوسرا قول علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ اہل عرب میں ایک شخص ایسا لباس پہنتا تھا جیسا کہ معتمد لوگ پہنتے ہیں جنکے بارے میں جھوٹ اور جھوٹی شہادت کا شبہ نہیں ہوتا تھا یہ شخص لوگوں کو اعتماد دلانے کے لئے ایسا لباس پہنتا تھا حالانکہ نہایت کاذب تھا اس کے متعلق حضورﷺ نے یہ مقولہ "ومن تحلی الخ" فرمایا تھا پھر یہ ہر ایسے موقع کیلئے بولا جانے لگا جہاں دھوکہ دینے کے لیے ایسی ہیئت اختیار کی جائے جو قابل اعتماد لوگوں کی ہوتی ہے۔

من تحلی بمالم یُعطه کا مصداق: بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہر وہ شخص ہے جو دھوکہ دینے کے لئے ایسی فضیلت کا اظہار قولاً یا عملاً یا حیئۃً کرے جو اس میں نہیں پائی جاتی ہے تاکہ اس کی ہیئت کو دیکھ کر لوگ دھوکہ میں آجائیں اور اسکے قول وفعل پر اعتماد کرلیں (۲) ابوعبیدؒ فرماتے ہیں اس سے مراد وہ ریاکار شخص ہے جو زاہدین کا لباس و ہیئت اختیار کرے حالانکہ زہد اس میں نہیں پایا جاتا ظاہر ہے کہ اس سے مقصود لوگوں کو دھوکہ دینا ہے (۳) بعض حضرات فرماتے ہیں اس سے مراد وہ شخص ہے جو درحقیقت غریب ہے مگر جب گھر سے نکلتا ہے تو برتری جتانے کے لئے ریاء اور تکبر کے طور پر لباس فاخرہ پہن کر نکلتا ہے تاکہ لوگوں پر رعب پڑے اور اس کے دھوکہ میں آجائیں گویا اس کا یہ لباس 'لباس زور' ہے جسکی حدیث میں ممانعت فرمائی گئی ہے۔

استعمال ثنّی کی توجیہات: چونکہ جملہ مذکورہ کی جائے ورود میں ثنّی کا صیغہ ہی وارد ہوا تھا کما مر اس وجہ سے بطور مثال ثنّی ہی لایا جائے گا کیونکہ امثال میں تغیر نہیں ہوا کرتا ہے کما فی قوله ضیعت اللبن بالصیف۔

(دوم) بعض حضرات فرماتے ہیں صیغہ تثنیہ سے اس بات کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ گویا متشبع شخص سر سے قدم تک جھوٹ کیساتھ متصف ہے ایک جھوٹ کو اس نے چادر بنالیا جس سے اوپر کا حصہ چھپ گیا اور دوسرے جھوٹ کو ازار بنالیا جس سے نیچے کا حصہ چھپالیا ہے۔

(سوم) ممکن ہے صیغہ تثنیہ میں اشارہ ہو دو مذموم حالتوں کی طرف اول ایسی چیز کا اظہار جو اسکو حاصل نہیں دوم باطل و کذب کا اظہار۔

وفی الباب عن اسماء بنت ابی بکرؓ اخرجه البخاري و عائشةؓ اخرجه مسلم۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه البخاري في الادب و ابو داؤد وابن حبان في صحيحه قال المناوي اسناده صحيح۔

اسماعيل بن عياش بن سليم العنسي بالنون ابو عتبة الحمصي صدوق هو في روايته عن اهل الشام مختلط من الثامنة ۱۸۱ھ عمار بن غزية بفتح المعجمة و كسر الزاء بعدها تحتانية ثقيلة ابن الحارث الانصاري المازني المدني لاباس به و روايته عن انس مرسلة من السادسة ۱۴۰ھ

بَابُ مَاجَاءَ فِي الثَّنَاءِ بِالْمَعْرُوْفِ

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ وَالْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ وَكَانَ سَكَنَ بِمَكَّةَ قَالَا ثَنَا الْأَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ عَنْ سُعَيْرِ بْنِ الْخِمْسِ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ صُنِعَ إِلَيْهِ مَعْرُوْفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِهِ جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَقَدْ أَبْلَغَ فِي الثَّنَاءِ۔

ترجمہ: اسامہ بن زیدؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جس شخص کے ساتھ کوئی حسن سلوک کیا گیا پس اس نے حسن سلوک کرنے والے کو جزاک اللہ خیرا کہ دیا تو اس نے اعلیٰ درجہ کی تعریف کی۔

صنع الیہ معروفاً: صیغہ مجہول ہے اور معروفا بالنصب مفعول ثانی ہے اور بعض نسخوں میں معروف مرفوع ضبط کیا گیا ہے کما فی المشکوۃ والجامع الصغیر۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اس کے معنی من اعطی عطاء کے ہونگے اور صنع کا نائب فاعل ہونے کی بناء پر مرفوع ہوگا جزاک اللہ خیرا ای خیر جزاء ای اعطاک خیر امن خیر الدنیا و الاخرۃ فقد ابلغ فی الثناء ای بالغ فی اداء شکرہ یعنی جس آدمی نے کسی احسان کے بدلہ جزاک اللہ خیرا کہہ دیا تو گویا اس نے اعلیٰ درجہ کا شکر ادا کر دیا کیونکہ اس نے محسن کے بدلہ کو اللہ کے حوالہ کر دیا اور اعتراف کر لیا کہ میں شکریہ کی ادائیگی سے قاصر ہوں اور ظاہر ہے کہ اپنے عجز کا اعتراف اور بدلہ کو اللہ کے حوالہ کر دینا اپنی عاجزی کے اقرار کے ساتھ ساتھ اللہ کی عظمت کا اقرار بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی جانب سے اس محسن کو بدلہ عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ کا بدلہ اعلیٰ اور اوفی ہوگا بعض حضرات کا مقولہ مشہور ہے اذا قصرت یداک بالمکافاۃ فلیطل لسانک بالشکر و الدعاء بہر حال روایت سے یہ معلوم ہوا کہ احسان کرنے والے کو جزاک اللہ کے ساتھ دعا دینا بھی شکر کی ایک قسم بلکہ اعلیٰ قسم ہے۔

ھذا حدیث حسن جید غریب اخرجہ النسائی و ابن ماجہ۔

وقد روی عن ابوھریرۃ مثلہ ابوہریرہؓ کی روایت کی تخریج بزار و طبرانی نے کی ہے آخر ابواب البر والصلۃ ای ہذا آخر ابواب البر والصلۃ۔

واللہ اعلم بالصواب واللہ المرجع والمآب۔

اَبْوَابُ الطِّبِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ

یہ ان روایات کے ابواب ہیں جو طب سے متعلق رسول پاک ﷺ سے مروی ہیں۔

طب کے لغوی و اصطلاحی معنی: لفظ طب مثلثۃ الطاء ہے باب ضرب و نصر دونوں سے مستعمل ہے جس کے معنی علاج کرنا اور اس کا اطلاق جسمانی، روحانی دونوں طرح کے علاج پر ہوتا ہے، کہا جاتا ہے طب الرجل جب کہ جادو کر دیا گیا ہو نیز اس کا استعمال ارادہ، خواہش حال و شان اور عادت کے لئے بھی ہوتا ہے۔

ابراھیم بن سعید الجوھری ابو اسحاق الطبری نزیل بغداد ثقۃ حافظ من العاشرۃ الاحوص بن جوّاب بفتح الجیم و تشدید الواو الضبی یکنی ابو الجواب کوفی صدوق ربما وھم من التاسعۃ سعیر بن الخمس اخرہ راء مصغر و بکسر الخاء المعجمۃ وسکون المیم ثم مھملۃ التمیمی ابو مالک او ابو الاحوص صدوق من السابعۃ عبدالرحمن بن مل بلام ثقیلۃ والمیم مثلثۃ ابوعثمان النھدی بن المخضرم من الثانیۃ ثقۃ ثبت عابد مات وقیل بعدھا وعاش مائۃ و ثلثین سنۃ وقیل اکثر۔

اصطلاح میں علم طب وہ علم کہلاتا ہے جس میں جسمانی امراض کے علاج ومعالجہ کا بیان اور حفظان صحت کی تدابیر مذکور ہوں۔
طب کا موضوع: اس فن کا موضوع بدن انسانی یا ابدان ذی روح ہے من حیث الصحۃ والمرض۔
طب کی غرض وغایت: حفظان صحت کے اصول وامراض سے شفا حاصل کرنے کی تدابیر معلوم کرنا' بالفاظ دیگر جسمانی امراض کی زد سے بچنا۔
علم طب کی ابتداء اور اس کی مختصر تاریخ: فن طب الہامی فن ہے مختلف انبیاء علیہم السلام کی طرف اس کی نسبت کی جاتی ہے (۱) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے یہ علم حضرت آدم علیہم السلام کو دیا گیا پھر ان کے واسطہ سے حضرت شیث علیہ السلام کو پھر بنی آدم میں اس علم کی اشاعت ہوتی چلی گئی چنانچہ حضرات مفسرین نے آیت قرآنی و علم آدم الاسماء الایۃ کی تفسیر میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو دنیا کی نافع ومضر چیزیں اور ان کے خواص وآثار ہر جاندار اور ہر قوم کے مزاج وطبائع اور انکے آثار وغیرہ سب بتادیئے تھے۔ لہٰذا سب سے پہلے فن طب کی معلومات حضرت آدم علیہ السلام کو ہوئی ان کے بعد انکی اولاد کو ہوتی چلی گئی (۲) بعض حضرات کا خیال ہے کہ اس فن کی ابتداء حضرت سلیمان علیہ السلام ہوئی بزار اور طبرانی نے حضرات ابن عباسؓ سے روایت نقل کی ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام جب نماز پڑھتے اور کوئی پیڑ سامنے ہوتا تو نماز کے بعد اس پیڑ سے نام پوچھتے اور یہ بھی معلوم کرتے کہ تجھکو کس کام کیلئے پیدا کیا گیا ہے تو وہ پیڑ اپنے خواص بتادیتا تھا جس کو لکھ لیا جاتا اس طرح جڑی بوٹیوں کے خواص کا علم ہوا اور اس فن کی ابتداء ہوئی (۳) سدیدی میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بیمار ہوئے انہوں نے بیماری کا علاج نہ کیا بلکہ انکار کیا حق تعالیٰ کی طرف سے نداء آئی کیا تم چاہتے ہو کہ توکل پر میری حکمت بیکار کردو؟ میرے سوا کون ہے جس نے عقاقیر اور حشائش میں یہ منافع رکھے ہیں' صحت نہیں دی جائیگی جب تک ان دواؤں کو استعمال نہ کروگے چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے علاج کیا اور ٹھیک ہوگئے یہودیوں نے اسی وجہ سے اس علم کی ایجاد حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب کی ہے (۴) تفسیر عزیزی میں ہے کہ جالینوس کے جگر میں درد ہوا ہر چند گوناگوں معالجات سے جدوجہد کوشش وجوشش کی مگر اچھا نہ ہوا خواب میں دیکھا کہ ایک شخص نورانی اسکو حکم دیتا ہے کہ اس شریان (دائیں ہاتھ کی پشت پر انگوٹھے اور سبابہ کے درمیان ایک رگ ہے) سے خون نکالو اس سے بیماری کو شفا ہوگی جالینوس نیند سے اٹھا اس شخص کو تلاش کیا اور فصد کرایا چنانچہ اچھا ہوگیا۔

یہ سب اقوال درست معلوم ہوتے ہیں کیونکہ یہ بات مسلمات میں سے ہے کہ اس علم کو روحانی معاملات سے خاص تعلق ہے جس طبیب میں جس قدر روحانیت محسوس کی جاتی ہے اسی قدر اسکی تشخیص وتجویز مؤثر معلوم ہوتی ہے جیسا کہ مشاہدہ اور تجربہ بھی ہے۔

پھر آہستہ آہستہ یہ علم مختلف ممالک میں پہنچا اور ہر ملک والوں نے اسکی ابتداء کی نسبت اپنے اپنے پیشواؤں کی طرف کی مثلاً اہل ہند نے کہا اس کی ابتداء برہماجی نے کی ہے اہل چین نے کہا ادویہ کے استعمال کا اول رواج دینے والا پہلا شخص شہنشاہ ھورنگ کی ہے جس کا زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ۳۶۸۷ سال قبل ہے پھر اس سے دیگر اشخاص نے سیکھا' بابل والے کہتے ہیں سب سے پہلے اہل بابل نے اس کی ابتداء کی ہے لوگوں کے سامنے مریض کو لایا جاتا اور ہر شخص اپنی اپنی تجویز سے اس کا علاج کرتا تھا جس سے فائدہ ہوتا اسکو تانبے اور چاندی کی تختیوں پر لکھ لیا جاتا تھا اور اسکو اپنے بت کے گلے میں ڈال دیتے تھے اس طرح اہل بابل نے اسکو

ایجاد کیا ہے' عبرانیوں اور بنی اسرائیل نے اسکی ابتداء حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف منسوب کی ہے اہل مصر کہتے ہیں کہ قدیم مصری بادشاہ آتھوسس نے اس علم کی ایجاد کی ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ۶ ہزار سال قبل بادشاہ تھا علم طب پر اس نے ایک کتاب بھی لکھی تھی' اہل یونان کا کہنا ہے کہ اسکی ابتداء اسقلیبوس سے ہوئی ہے اہل یونان ابوالطب کہتے ہیں ان کا خیال یہ ہے کہ اس پر یہ فن خدا کی طرف سے الہام ہوا تھا اس نے اپنی اولاد کو یہ فن سکھایا اور اس کے خاندان میں بڑے بڑے حکماء و اطباء پیدا ہوئے ہیں پھر فیساغورس جو حضرت مسیح سے ۵۸۰ سال قبل پیدا ہوا تھا اس نے اس فن کو رواج دیا لیکن ابھی تک یہ فن مدون نہیں ہوا تھا۔

تدوین علم طب: اسقلیبوس کی سولہویں نسل میں تقریباً حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ۴۶۰ سال قبل حکم بقراط پیدا ہوا جو یونانیوں میں پہلا شخص ہے جس نے دیگر علوم کی طرح فن طب کو باقاعدہ مرتب کیا اور اس پر کتابیں لکھیں۔ بقراط کے بعد ارسطاطالیس حکیم ہوا جس کی علمی تحقیقات اور کوششوں سے علم طب میں بہت کچھ اضافہ ہوا اس کے بعد حکیم جالینوس کا دور آیا جس نے دیگر نامور اطباء کے ساتھ ملکر علم الادویہ پر قابل قدر کتابیں لکھیں۔

اس زمانہ کے مشہور اطباء ثاؤفرسطس اور دیسقوریدوس' برمانیدس اور افلاطون وغیرہ ہیں' اس کے بعد یونانی سے عربی زبان میں اس کو منتقل کیا گیا مسلمانوں کے عروج کے زمانہ میں اس علم میں بہت ترقی ہوئی اور اضافہ و ترمیم بھی کی گئی' دمشق میں مسیحی اور یہودی استادوں کی مدد سے اس یونانی طب کی تعلیم پر پوری کوشش کی گئی بغداد میں خلیفہ ہارون الرشید کے زمانہ میں ایک بڑا ادارالعلوم مقائم کیا گیا جو برسوں تک خوب چلتا رہا' دولت امویہ اور عباسیہ میں بقراط و جالینوس وغیرہ کی بہت سی کتابیں درسگاہ میں داخل درس تھیں' اسلامی طب کا عروج ابوبکر محمد بن زکریا رازی ۸۵۰ء سے شروع ہوتا ہے جس نے بغداد میں تحصیل علوم کی اور علم طب کو حکم ابوالحسن بن زید طبری صاحب کتاب فردوس الحکمۃ سے تحصیل کیا موصوف کی تصنیفات سو سے زائد ہیں علم طب پر حاوی کبیر نہایت عمدہ کتاب ہے' جس کی شہرت آج تک قائم ہے' رازی کے بعد ابوعلی ابن سینا کا دور آیا تو اس فن کو مزید ترقی ہوئی' اسلامی اطباء میں مشہور حکماء ابوالقاسم زہراوی ابومروان عبدالملک اور ابوالولید محمد بن احمد بن رشد مشہور طبیب ہوا ہے اس نے فلسفہ اور طب پر کتابیں لکھیں ہیں چنانچہ اسلامی فلسفہ کو اس کے نام کے ساتھ خاص تعلق ہے ان کے علاوہ اور بھی نامور اطباء گذرے ہیں مثلاً ابن بیطار' داود انطاکی' ابوعلی بن عیسیٰ' علی بن عباس قرشی' سمرقندی' ارزانی اور مؤمن وغیرہ۔

قرآن وحدیث سے طب کا ثبوت: نصرانی طبیب ہارون رشید بختیشوع نے علی بن حسین بن واقد سے کہا کہ تمہارے قرآن میں کوئی چیز طب سے نہیں ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ حق تعالیٰ نے تمام طب کو قرآن حکیم کی اس آیت میں جمع فرما دیا ہے کلوا واشربوا ولا تسرفوا الآیۃ' اس نے پھر کہا کہ تمہارے نبی کی تعلیم میں طب کا ذکر نہیں ہے تو علی بن حسین نے جواباً فرمایا کہ حضور ﷺ نے اپنے فرمان المعدۃ[1] بیت کل داء والحمیۃ راس کل دواء' میں طب کو بیان کیا گیا ہے تو بختیشوع نے کہا پھر تو تمہارے نبی نے جالینوس کے لئے کچھ بھی نہیں چھوڑا۔

عقلاء کا فیصلہ ہے کہ ضروریات زندگی اور علوم مفیدہ وفنون نافعہ قاطبۃً مذہب اسلام میں بتلائے گئے ہیں' روحانیت' تمدن' اخلاق' صحت بدنی' معاشرت ومعیشت اور حسن زندگی کے تمام قوانین اس میں موجود ہیں چنانچہ اہل ایمان نے تمام علوم وفنون اپنے

[1] یہ آپ ﷺ کی طرف محض شہرۃً منسوب ہے ورنہ یہ حارث بن کلدہ کا قول ہے۔

پیغمبر کی ہدایت کے مطابق علیحدہ علیحدہ مرتب فرمادیئے ہیں اور علم طب بھی انہیں علوم میں سے ہے آج بھی جو اصول حفظان صحت کے ڈاکٹروں نے قائم کئے ہیں وہ پہلے ہی سے اسلام میں موجود ہیں' الغرض کوئی خوبی اور کوئی حسن و جمال علمی وعملی ایسا نہیں جو اسلام میں نہ ہو۔

رخش خطے کشیدہ در نکوئی
کر بیرون نیست ازما خوبر وئی

درحقیقت نبی کریم ﷺ نے امت کو جہاں احکام شرع کی تبلیغ فرمائی ہے ساتھ ہی ساتھ آپ نے آداب معاشرت ومعیشت کو بھی واضح انداز میں بیان فرمایا ہے کتب احادیث میں کوئی کتاب ایسی نہیں جس میں آداب نہ بیان کئے گئے ہوں اور اسی کے ساتھ جسمانی علاج کے لئے بھی آپ ﷺ نے بہت سی اشیاء ادویہ کو بیان فرمایا ہے اسی کو طب نبوی ﷺ کہا جاتا ہے حضرات محدثینؒ کی عادت ہے کہ وہ اپنی تالیفات میں ابواب الطب کا عنوان قائم کر کے ان احادیث کو ذکر فرماتے ہیں جو علاج ومعالجہ سے متعلق حضور ﷺ سے مروی ہیں۔

امام ترمذیؒ نے بھی اپنی جامع ترمذی میں ابواب الطب عن رسول اللہ ﷺ کا عنوان قائم فرمایا ہے اور اسکے تحت مختلف باب قائم کر کے آپ ﷺ کے فرامین کو جمع کیا ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْحِمْيَةِ

یہ باب ان روایات کا ہے جو پرہیز سے متعلق وارد ہوئی ہیں۔

حِمْيَة: بالکسر اسکے معنی پرہیز کرنا قال فی القاموس حمی المریض مایضرہ ای منعہ ایاہ احتمٰی وتحتمٰی ای امتنع۔

علاج کے ساتھ پرہیز کرنا بھی ضروری ہے قرآن پاک کی آیت وان کنتم مرضٰی اوعلی سفر فتیمموا صعیدًا طیبًا (الآیۃ) سے پرہیز کا حکم معلوم ہوتا ہے اگر مریض کو پانی نقصان دہ ہو تو اسکو پانی سے پرہیز کر کے تیمم کرنے کا حکم ہے' عمر بن الخطابؓ نے حارث بن کلدہ طبیب سے پوچھا طب کیا چیز ہے تو اس نے کہا الازم یعنی پرہیز کرنا اسی طرح حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں الازم دواء نیز عقل بھی اس بات کو چاہتی ہے کہ کسی شئ کے وجود کے لئے جہاں اسباب وجود مطلوب ہیں اسی طرح موانع کا ارتفاع بھی لازم ہے اگر کوئی جوشاندہ پی کر برف کا پانی پی لے تو ظاہر ہے اسکو شفا کس طرح حاصل ہوگی۔

حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ بِالدُّوْرِيُّ نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ أَبِيْ يَعْقُوْبَ عَنْ أُمِّ الْمُنْذِرِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَمَعَهُ عَلِيٌّ وَلَنَا دَوَالٍ مُعَلَّقَةٌ قَالَتْ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَأْكُلُ وَمَعَهُ عَلِيٌّ يَأْكُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِعَلِيٍّ مَهْ مَهْ يَا عَلِيُّ فَإِنَّكَ نَاقِهٌ قَالَ فَجَلَسَ عَلِيٌّ وَالنَّبِيُّ ﷺ يَأْكُلُ قَالَتْ فَجَعَلْتُ لَهُمْ سِلْقًا وَشَعِيْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ يَا عَلِيُّ مِنْ هٰذَا فَأَصِبْ فَإِنَّهُ أَوْفَقُ لَكَ۔

ترجمہ: ام منذرؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے یہاں تشریف لائے اور حضرت علیؓ آپ کے ساتھ تھے اور ہمارے یہاں کچی کھجور کے خوشے لٹکے ہوئے تھے کہتی ہیں کہ آپ ﷺ نے اس میں سے کھجور کھانی شروع فرمادی اور آپ کے ساتھ علیؓ

یعقوب بن ابی یعقوب المدنی صدوق من الثالثۃ ام المنذر الانصاریۃ یقال لسمھا سلمۃ بنت قیس بن عمرو من بنی النجار لھا صحبۃ ۱۲۔

بھی کھانے لگے تو حضور ﷺ نے علی سے فرمایا مہ مہ رک جا رک جا (علی (یعنی کھجور نہ کھا) اس لئے کہ تم کمزور ہو راوی کہتے ہیں کہ علی تو بیٹھ گئے اور آپ ﷺ تناول فرماتے رہے ام منذرؓ کہتی ہیں کہ میں نے آپ کے لئے چقندر اور جو بنائے تو حضور ﷺ نے فرمایا اے علی اس کو کھاؤ کیونکہ یہ تمہارے زیادہ موافق ہے۔

ام المنذر: یہ حضور ﷺ کی خالہ ہیں دوال: یہ جمع ہے دالیۃ کی اس سے مراد کچی کھجور کا خوشہ جسکو پکنے کے لئے گھر میں لٹکا دیا جائے ۔مَهْ مَهْ یہ اسم فعل ہے بمعنی اکفف ناقه یہ نَقِهَ يَنْقَهُ از باب سمع وفتح نَقْهاً ونقوہاً بمعنی صح ۔بیماری کے بعد جب صحت ہو جائے اور بیماری کی کمزوری محسوس ہو اس وقت کی حالت کے لئے نقاہت کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔

خواص سلق (چقندر) سلق: بالکسر بمعنی چقندر یہ ایک قسم کی گھاس کی جڑ ہوتی ہے مشہور ترکاری ہے اس کا رنگ سرخ ہوتا ہے قدرے شیریں ہوتی ہے پیچش وقولنج پیدا کرتی ہے اس کا مصلح گوشت اور مسور ہے جلا پیدا کرتی ہے ورم و ریاح کے لئے محلل ہے طبیعت کے لئے ملین مادہ بلغمی کو پختہ کرتی ہے نفخ پیدا کرتی ہے قلیل الغذا ہے پکی ہوئی محرک باہ ہے درد گردہ گٹھیا اور رعشہ کے لئے نافع ہے فاصب: ای ادرک یعنی اسکو استعمال کر اور کھا لے فانه اوفق لك یعنی یہ سبزی (چقندر) تیرے لئے زیادہ مناسب ہے اس کو استعمال کر چونکہ تو ابھی بیمار ہو کر صحت یاب ہوا ہے کمزوری باقی ہے اور کھجور ثقیل ہے ممکن ہے وہ نقصان دہ ثابت ہو۔

روایت سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ نے بطور پرہیز کھجور کے استعمال کو منع فرمایا اور چقندر کھانے کا حکم دیا لہٰذا پرہیز کرنا ثابت ہوا اسی مقصد کے لئے امام ترمذی نے ترجمۃ الباب قائم فرمایا ہے۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه ابو داؤد و ابن ماجه وسكت عنه ابوداؤد۔ لا نعرفه الا من حديث فليح بن سليمان: یہ روایت صرف فلیح بن سلیمان کے طریق سے ہی مروی ہے دوسرا کوئی طریق نہیں اسلئے یہ غریب ہے مگر علامہ منذریؒ فرماتے ہیں کہ ابوالقاسم الدمشقی نے ذکر کیا ہے کہ فلیح کے علاوہ دوسرے حضرات نے بھی اسکو روایت کیا ہے۔

ويروى هذا عن فليح بن سليمان عن ايوب بن عبدالرحمن: اس روایت کو فلیح بن سلیمان نے جس طرح عثمان بن عبدالرحمٰن سے نقل کیا ہے اسی طرح ایوب بن عبدالرحمٰن سے بھی نقل کیا ہے چنانچہ محمد بن بشار نے اپنی حدیث میں ایوب بن عبدالرحمٰن کو ذکر کیا ہے نیز فلیح سے روایت کرنے والے ابو عامر و ابوداؤد بھی ہیں ان کی روایت میں اوفق لك کی جگہ انفع لك ہے لہٰذا فلیح سے اوپر اور نیچے سند میں تعدد ہے اس وجہ سے یہ روایت غریب جید ہے قالہ الترمذی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى نَا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ ن الْفَرَوِيُّ نَا إِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ إِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ اَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَاءَ۔

اسحاق بن محمد بن اسماعيل بن عبدالله بن ابى فروة الفروى المدنى صدوق كف فساء حفظه من العاشرة ۲۲۶ھ عاصم بن عمر بن قتادة بن نعمان الدوسى الانصارى ابو عمرو المدنى ثقة عالم بالمغازى من الرابعة مات بعد العشرين ومائة محمود بن لبيد بن عقبة بن رافع الدوسى الاشهلى ابو نعيم المدنى صحابى صغير و جمله رواياته عن الصحابة ۹۶ھ قتادة بن النعمان بن زيد بن عامر الانصارى الظفرى صحابى شهد بدرًا وهوا خوابى سعيد لامه ۲۳ھ على الصحيح۔ بشر بن معاذ العقدى بفتح المهملة والقاف ابوسهل البصرى الضرير صدوق من العشرة ۲۳۰ھ او بعدها ابو عوانة الشكرى هوالوضاح۔ اسامة بن شريك الثعلبى بالمثلثة والمهملة صحابى تفرد بالرواية عنه زياد بن علاقة على الصحيح ۱۲

ترجمہ: قتادہ بن نعمانؓ کہتے ہیں کہ بیشک رسول اللہ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتے ہیں تو اس کو دنیا سے اس طرح بچاتے ہیں جس طرح تم میں سے کوئی شخص اپنے مریض کو پانی سے بچاتا ہے۔

روایت کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح انسان اس مریض کی پانی سے حفاظت کرتا ہے جسکو پانی نقصان دیتا ہو کہ کہیں پانی کے استعمال سے مرض میں زیادتی نہ ہو جائے اسی طرح جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت فرماتے ہیں اور دنیا و متاع دنیا اسکے لئے نقصان دہ ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس بندے کو دنیا کا ساز و سامان نہیں عطا فرماتے بلکہ متاع دنیا سے دور رکھتے ہیں۔

فائدہ: مگر نظیر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے کہ ہر مریض کو پانی نقصان دیتا ہو اسی طرح ہر ایک کو دنیا بھی نقصان نہیں دیتی بلکہ مقصد یہ ہے کہ جسکو دنیا نقصان دیتی ہے اللہ تعالیٰ ایسے محبوب بندہ کو دنیا سے دور رکھتے ہیں۔

وفی الباب عن صہیبؓ اخرجہ ابن ماجہ، هذا حديث حسن غريب اخرجہ البیہقی والحاکم وقال صحیح

وقد روی هذا الحديث عن محمود بن لبيد عن النبي ﷺ مرسلًا: یہ روایت محمود بن لبید نے حضرت قتادہ بن نعمانؓ سے جس طرح متصلًا روایت کی ہے اسی طرح انہوں نے بغیر قتادہ کے مرسلاً بھی نقل کی ہے۔ هو اخو ابي سعيد الخدري لامه یعنی قتادہ بن نعمان ابو سعید خدریؓ کے ماں شریک بھائی ہیں و محمود بن لبيد قد ادرك النبي ﷺ وراه وهو غلام صغير امام موصوفؒ محمود بن لبید کے متعلق فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کو تو پایا ہے مگر یہ اس وقت چھوٹے تھے قابل روایت نہ تھے اس وجہ سے ان کی روایات آپ ﷺ سے براہ راست مرسل ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الدَّوَاءِ وَالْحَثِّ عَلَيْهِ

یہ باب ان روایات کے بارے میں ہے جو علاج اور اس کی ترغیب کے متعلق وارد ہیں۔

حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ قَالَ قَالَتِ الْأَعْرَابُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَا نَتَدَاوَى قَالَ نَعَمْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ تَدَاوَوْا فَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَضَعْ دَاءً إِلَّا وَضَعَ لَهُ شِفَاءً أَوْ قَالَ دَوَاءً إِلَّا دَاءً وَاحِدًا فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا هُوَ قَالَ الْهَرَمُ۔

ترجمہ: اسامہ بن شریکؓ نے کہا کہ گاؤں والوں نے حضور ﷺ سے پوچھا کیا ہم علاج کریں تو آپ ﷺ نے فرمایا ہاں اے اللہ کے بندوں علاج کرو کیونکہ نہیں پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے کوئی مرض مگر اس کے لئے کوئی نہ کوئی شافی چیز ضرور پیدا کی ہے یا فرمایا دواء ضرور پیدا کی ہے سوائے ایک مرض کے انہوں نے سوال کیا کہ اللہ کے رسول وہ کیا ہے آپ ﷺ نے فرمایا ہرم یعنی بڑھاپا۔

روایت سے معلوم ہوا کہ علاج و معالجہ کرنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر مرض کی دواء پیدا فرمائی ہے جو اس مرض کے ازالہ کا سبب ہوتی ہے۔

علاج محض سبب ہے: دراصل مسبب الاسباب کی سنت یہی ہے کہ اس نے اپنی حکمت کے اظہار کے لئے مسببات کو اسباب کے ساتھ مربوط کیا ہے جس سے اس کی قدرت، تدبیر، تسخیر و ترتیب کا کرشمہ معلوم ہوتا ہے لہٰذا انسان کو حکم ہے اگر وہ بیمار ہو تو محض سبب کے طور پر علاج ضرور کرے اور علاج پر اعتماد نہ کرے بلکہ مسبب پر اعتماد ہو اگر مسبب نہیں چاہیگا تو تمام اسباب بے کار ہو گئے

کوئی فائدہ نہ ہوگا جیسا کہ تجربہ ہے بسا اوقات تمام اسباب موجود ہوتے ہیں مگر اس پر نتیجہ مرتب نہیں ہوتا' بہرحال یہ دنیا دار الاسباب ہے اس لئے اسباب کو اختیار کر کے مسبب پر بھروسہ کرے یہی توکل ہے' البتہ اسباب کی مختلف قسمیں ہیں۔

اسباب کے اقسام: جلب منفعت اور دفع مضرت کے لئے علماء نے اسباب کی تین قسمیں بیان فرمائی ہیں۔

اول اسباب مقطوعہ یعنی یقینیہ یہ وہ اسباب ہیں جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حکم و مشیت سے مسببات کا تعلق ہے ہمیشہ اسی طرح ہوتا ہے اس کے خلاف نہیں ہوتا ہے مثلاً جب تک کھانا ہاتھ سے اٹھا کر منہ میں نہ رکھے گا اسکو دانتوں سے نہیں چبایا جائیگا اور نہیں نگلے گا اس وقت تک پیٹ نہیں بھریگا اگر کوئی اس سبب ظاہر کو اختیار نہ کرے اور کہے کہ اللہ تعالیٰ یونہی میرا پیٹ بھر دیگا یہ غلط ہے اس سبب کا اختیار کرنا لازم ہے' اسی طرح جب تک کھیت میں کاشت نہیں کریگا غلہ نہیں اُگے گا کوئی یہ کہے کہ بغیر غلہ بوئے کھیت میں غلہ پیدا ہو جائے یہ اللہ تعالیٰ کی سنت جاریہ کے خلاف ہے یہاں بھی کاشت کرنا پڑیگی اس پر اللہ تعالیٰ کی سنت جاریہ کے مطابق پیداوار کا ترتب ہوگا' اگر جلب منفعت کے ان ظاہری یقینی اسباب کو ترک کر کے کوئی شخص توکل کرتا ہے تو وہ گنہگار ہوگا اسی طرح دفع مضرت کے لئے اسباب مقطوعہ یقینیہ کا اختیار کرنا لازم ہے مثلاً پانی کے ذریعہ پیاس کی شدت دور ہوتی ہے روٹی کے ذریعہ بھوک کا ضرر دور ہوتا ہے' اگر پیاسا پانی نہ پیئے اور بھوکا کھانا نہ کھائے اور کہتا رہے کہ میرا تو اللہ پر توکل ہے یونہی اللہ تعالیٰ میری پیاس اور بھوک دور فرما دیگا اور وہ بھوک پیاس کی وجہ سے مر جاتا ہے تو گنہگار ہوگا۔

دوسری قسم: اسباب ظنیہ ہے یعنی غالب یہ ہے کہ مسببات ان کے بغیر حاصل نہیں ہوتے مثلاً کوئی مسافر جنگل بیابان میں سفر کرتا ہو تو اس کو چاہیے کہ توشۂ راہ ضرور ساتھ لے چونکہ غالب گمان ہے کہ جنگل میں ضروریات اکل و شرب میسر نہ ہونگی لہٰذا ایسے اسباب ظنیہ کا اختیار کرنا سنت مؤکدہ ہے اور انبیاء علیہم السلام و سلف صالحین کا طریقہ ہے' نیز دفع مضرت کے لئے اسباب ظنیہ مثلاً علاج معالجہ کرنا' فصد کرانا وغیرہ معالجات طبیہ اسباب مظنونہ میں داخل ہیں ان اسباب کا اختیار کرنا توکل کے منافی نہیں ہے۔

تیسری قسم: اسباب موہومہ یہ وہ اسباب ہیں جن کے ذریعہ مسببات تک پہنچنا وہمی ہے ضروری نہیں ہے کہ تدبیر کے بعد مطلوب حاصل ہو مثلاً مال حاصل کرنے کی بڑی بڑی تدبیریں کی جاتی ہیں اور وسیع تر منصوبے بنائے جاتے ہیں حالانکہ ان منصوبوں سے مال کا حصول یقینی و ظنی نہیں بلکہ وہمی ہے بسا اوقات تمام منصوبے بے کار ہو جاتے ہیں اسی طرح دفع مضرت کے لئے اسباب موہومہ جیسے منتر' جادو' داغ لگوانا وغیرہ ان اسباب کا ترک بہتر ہے اس لئے کہ ان سے توکل حاصل نہ ہوگا۔

بہرحال علاج معالجہ اسباب ظنیہ میں سے ہے جو توکل کے خلاف نہیں ہے۔

تداوی: حضور ﷺ نے علاج و دواء کرنے کا حکم فرمایا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر مرض کا علاج نازل فرمایا ہے خود حضور ﷺ سے اپنا علاج کرنا ثابت ہے' حضرت عائشہؓ سے پوچھا گیا کہ آپ اسقدر دوائیں کس طرح جانتی ہیں فرمایا کہ حضور ﷺ کے بکثرت علاج و معالجہ کی وجہ سے یہ سب دوائیں مجھے یاد ہو گئیں نیز کتب احادیث کے ابواب الطب صراحۃً استحباب تداوی پر دال ہیں۔

فائدہ: امام غزالیؒ نے چند ایسے اسباب بیان فرمائے ہیں جنکی وجہ سے اگر علاج نہ کیا جائے تو کچھ مضائقہ نہیں ہے نیز بعض حضرات سلفؒ نے بھی ایسا ہی فرمایا ہے (اول) مریض اہل کشف میں سے ہوں اس کو بذریعہ کشف حقیقی یا غلبۂ ظن یا رویائے صالح سے معلوم ہو جائے کہ اسی مرض میں اس کا انتقال ہو جائے گا (دوم) مریض خوف عاقبت یا اپنے حال میں ایسا مستغرق ہے کہ اسکو مرض کی تکلیف کا احساس ہی نہیں اور دواء و علاج کی فرصت نہیں (سوم) مرض انتہائی پرانا ہے جو دوائیں اس کے لئے تجویز کی جاتی ہیں

ان کی افادیت وہمی ہے جیسے داغ منتر وغیرہ (چہارم) کوئی شخص مرض کی اذیت پر صبر کر کے اجر حاصل کرنا چاہتا ہے یا اپنے نفس کا امتحان لینا چاہتا ہے (پنجم) امراض کے تکفیر ذنوب ہونیکی وجہ سے علاج نہیں کرنا چاہتا (ششم) زیادہ صحت مند رہنے سے غرور و کبر کا اندیشہ ہے اس وجہ سے علاج نہیں کرتا' بہر حال ان چھ وجوہ کی بناء پر بعض حضرات نے ترک علاج کی اجازت دی ہے۔

الھرم بفتح الہاء والراء ای ہوالہرم اس کے معنی بڑھاپے کے ہیں۔

بڑھاپہ مرض لا علاج کیوں ہے: علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ہرم یعنی بڑھاپہ کو ایسا مرض فرمایا جسکی کوئی دوا نہیں ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ جس طرح امراض کے ذریعہ آدمی کمزور و لاغر ہو کر موت تک پہنچ جاتا ہے ایسے ہی بڑھاپے کے ذریعہ بھی آدمی موت تک پہنچ جاتا ہے جس کا کوئی علاج نہیں گویا بڑھاپہ اعلیٰ قسم کا مرض ہے' حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ ہرم سے مراد موت ہے بڑھاپہ کو موت کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے کیونکہ جس طرح موت کے ذریعہ صحت بدن ختم ہو جاتی ہے اسی طرح بڑھاپا کے ذریعہ بھی آہستہ آہستہ صحت ختم ہو جاتی ہے' یا بڑھاپہ موت کے زیادہ قریب ہے اس لئے کہ بوڑھا آدمی صحت سے مایوس ہوتا ہے بالآخر موت پر اسکی زندگی پوری ہو جاتی ہے بعض حضرات فرماتے ہیں یہاں استثناء منقطع ہے بمعنی لکن الہرم لا دواء لہ

حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ ہرم سے مراد موت ہے کیونکہ بڑھاپا اس کی علامت و سبب ہے اس لئے اسکو ہرم سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔

وفی الباب عن ابن مسعودؓ اخرجہ النسائی و ابن حبان والحاکم و الطحاوی و ابی ہریرۃؓ اخرجہ البخاری۔

و ابی خزامۃ عن ابیہ اخرجہ احمد و ابن ماجہ والترمذی ایضاً فی باب لا ترد الرقی والدواء الخ و ابن عباسؓ اخرجہ الطحاوی و ابو نعیم۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و البخاری فی ادب المفرد و ابوداؤد والنسائی و ابن ماجہ۔

بَابُ مَاجَاءَ مَا يُطْعَمُ الْمَرِيضُ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّائِبِ بْنِ بَرَكَةَ عَنْ اُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَؓ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اَخَذَ اَهْلَهُ الْوَعْكُ اَمَرَ بِالْحَسَاءِ فَصُنِعَ ثُمَّ اَمَرَهُمْ فَحَسَوْا مِنْهُ وَكَانَ يَقُوْلُ اِنَّهُ لَيَرْتُوْ فُؤَادَ الْحَزِيْنِ وَيَسْرُوْ عَنْ فُؤَادِ السَّقِيْمِ كَمَا تَسْرُوْ اِحْدَاكُنَّ الْوَسْخَ بِالْمَاءِ عَنْ وَجْهِهَا۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ جب حضور ﷺ کے گھر والوں کو بخار ہو جاتا تو آپ ﷺ ان کے لئے دلیہ استعمال کرنے کا حکم فرماتے چنانچہ دلیہ بنایا جاتا حضور ﷺ حکم فرماتے کہ اس کو گھونٹ گھونٹ کر کے پیو اور فرماتے کہ یہ غمگین شخص کے دل کو قوت دیتا ہے اور بیمار کے قلب سے غم' تکلیف کو دور کرتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی پانی کے ذریعہ اپنے چہرہ سے میل دور کرتا ہے۔

اھلہ: یہ مفعول ہونے کی بناء پر منصوب ہے' الوعك فاعلیت کی بناء پر مرفوع ہے اس کے معنی بخار کے ہیں۔ الحساء: بالفتح و المد بمعنی دلیہ' یہ آٹے اور پانی کو ملا کر گھی یا تیل میں بنایا جاتا ہے' اہل مکہ اس کو حریرہ کہتے ہیں' بعض روایات میں اسکو تلبین بالتا بھی کہا گیا ہے' میٹھا اور نمکین دونوں طرح کا ہوتا ہے۔ یرتو: بمعنی یشد و یقوی' یسرو بمعنی یکشف و یزیل۔

اس حدیث سے بیمار کے لیے پرہیز کرنا ثابت ہوا نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ مزاج کے مطابق بیمار کو اشیاء استعمال کرانی چاہیے

خاص طور پر جب بخار یا ایسا کوئی مرض ہو جس سے کمزوری زیادہ ہو جاتی ہے تو ہلکی غذائیں اور خفیف غیر ثقیل ماکولات و مشروبات مریض کو دی جائیں' ایسے موقع پر اطباء کی ہدایت مریض کے حق میں مفید ہوتی ہیں اس پر عمل کرنا چاہیے دواؤں کی تاثیر کے لئے ضروری ہے کہ غذا مناسب ہو ورنہ بسا اوقات دوا موثر نہیں ہوتی۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه ابن ماجه والحاكم وقدروى الزهرى عن عروة عن عائشةؓ عن النبي ﷺ شيئًا من هذا اس باب میں حضرت عائشہ کی روایت بھی امام زہریؒ نے بطریق عروہ نقل کی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔ان كانت تامر التلبين للمريض وللمحزون على الهالك و كانت تقول سمعت رسول الله ﷺ يقول ان التلبين مجم لفواد المريض و تذهب بعض الحزن' ج ۲'ص:۸۵۹۔

حدثنا بذالك الحسين الجريرى نا ابواسحاق الطالقانى الخ: امام موصوفؒ نے حضرت عائشہؓ کی حدیث کی سند بیان فرمائی ہے۔ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ کی روایت کی تخریج علامہ اسماعیلی نے بروایت نعیم بن حماد اور بروایت عبداللہ ابن سنان عن ابن المبارک کی ہے۔حدثنا بذلك ابواسحاق یہ عبارت یہاں پر بے جوڑ ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ لَا تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا بَكْرُ بْنُ يُوْنُسَ بْنِ بُكَيْرٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ فَاِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى يُطْعِمُهُمْ وَيَسْقِيْهِمْ۔

ترجمہ: عقبہ بن عامر الجھنیؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نہ مجبور کرو تم اپنے مریضوں کو کھانے پینے پر کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ ان کو کھلاتا ہے اور پلاتا ہے۔

اس روایت میں حضور ﷺ نے تیمارداری کا ایک ادب بیان فرمایا کہ مریضوں پر کھانے پینے سے متعلق زبردستی نہ کی جائے بلکہ ان کی خواہش کے مطابق کھانے پینے کو دیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ مریضوں کو ایسی قوت عطا فرماتے ہیں جو کھانے پینے کے قائم مقام ہو جاتی ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ کہ اللہ تعالیٰ مریض کو بھوک و پیاس کی تکلیف برداشت کرنے پر صبر عطا فرماتے ہیں۔

موفق بن قدامہ کہتے ہیں کہ درحقیقت کلام نبوی کی علل ہر آدمی نہیں جان سکتا اور نہ اطباء بتا سکتے ہیں۔غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جب کوئی مریض کھانے پینے سے گریز کرتا ہے تو اس کی طبیعت مرض کے مقابلہ میں مشغول ہوتی ہے اگر اس وقت اس کو زبردستی غذا دی جائے تو مرض کے مقابلہ سے طبیعت ہٹ جائیگی اور نقصان دے گی یہی وجہ ہے جن مریضوں کے امراض نوبتی ہوتے ہیں انکو یوم نوبت میں غذاؤں سے پرہیز کرایا جاتا ہے کیونکہ مریض کی طبیعت اس دن مرض کے مقابلے میں زیادہ مشغول ہوتی ہے۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه ابن ماجه والحاكم۔

محمد بن السائب ثقة من الثالثة امة بركة ام ايمن ۱۲

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ وَ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَا نَاسُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ عَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ فَإِنَّ فِيْهَا شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ إِلَّا السَّامَ وَالسَّامُ الْمَوْتُ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا تم پر لازم ہے کلونجی کا استعمال کرنا اس لئے کہ اس میں ہر مرض سے شفاء ہے سوائے موت کے۔

الحبة السوداء: ہندی میں اس کو کلونجی کہتے ہیں یہ مثل میتھی کے سیاہ دانہ ہوتا ہے قدرے تلخ اور پھیکا ہوتا ہے۔

کلونجی کے فوائد: کلونجی گرم و خشک ہوتی ہے رطوبت کو خشک کرتی ہے قوت باہ کو پختہ اور معتدل کرتی ہے خلطوں کو خارج کرتی ہے پیشاب و حیض کو جاری کرتی ہے قاطع بلغم بھی ہے اور محلل ورم بھی نزلہ کے لئے بھی مفید ہے نہار منہ استعمال کرنے سے پیٹ کے کیڑوں کے لئے نافع ہے تیز سانس کی بیماریوں کے لئے بھی مفید ہے اور مرض یرقان کے لئے سعوطاً نافع ہے البتہ یہ خناق اور دردِ سر پیدا کرتی ہے اس کے لئے سرکہ اور کتیرا مصلح ہے۔

فان فيها شفاء من كل داء: حضور ﷺ نے فرمایا کہ کلونجی جملہ امراض کے لئے مفید ہے اس سلسلہ میں حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ کسی مرض کے لئے مفرداً اور کسی کے لئے مرکباً مفید ہے بشرطیکہ کوئی واقف طب مریض کے مزاج کے مطابق اس کو استعمال کرے۔

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ کلونجی مطلقاً جملہ امراض کے لئے مفید ہے بشرطیکہ اس کا اعتقاد بھی ہو کیونکہ طب نبوی کے استعمال کے لئے اعتقاد طیب اور بدن طیب چاہئے' موفق بن قدامہ فرماتے ہیں کہ یہ حکم اکثری ہے یعنی جملہ ادویہ میں سب سے زیادہ امراض کے دفعیہ کے لئے کلونجی مفید ہے اس لئے تغلیباً آپ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا کہ کلونجی میں ہر بیماری کی شفا ہے۔

علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں اگرچہ آپ ﷺ نے عام ارشاد فرمایا مگر اس سے مراد خاص امراض ہیں گویا آپ ﷺ کا یہ ارشاد عام خص منہ البعض ہے چنانچہ امراض رطبہ اور بلغمیہ کے لئے کلونجی نہایت مفید ہے کیونکہ یہ حار و یابس ہے' علامہ کرمانیؒ فرماتے ہیں کہ روایت میں عموم ہی مراد ہے بشرطیکہ کسی دوسری چیز کے ساتھ مرکب کر کے استعمال کی جائے' حافظ ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ شہد کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا فیہ شفاء للناس الخ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جملہ امراض کے لئے شہد شافی ہے مگر اس کے باوجود بہت سے امراض کے لئے بعض مرتبہ مضر بھی ہو جاتا ہے اسی طرح کلونجی کے بارے میں آپ کا یہ ارشاد ہے لہٰذا بعض امراض کے لئے شافی نہ ہونا اس کے عموم کے خلاف نہیں ہے بعض حضرات فرماتے ہیں دراصل آپ ﷺ مریض کے حال کو دیکھ کر ہی کچھ ارشاد

بكر بن يونس الشيباني الكوفي ضعيف من التاسعة موسى بن علي بالتصغير بن رباح بموحدة اللخمي ابو عبدالرحمن البصري صدوق ربما اخطأ من السابعة ۱۶۳ھ وله نيف و تسعون علي بن رباح بن قصير ضد الطويل اللخمي ابو عبدالله البصري ثقة والمشهور علي بالتصغير و كان يغضب منها من صغار الثالثة ۱۱۳ھ عقبة بن عامر الجهني صحابي مشهور اختلف في كنيته على سبعة اقوال اشهرها ابو حماد ولي امرة مصر لمعاوية ثلث سنين كان فقيهًا فاضلًا مات في قرب الستين ۲۲

فرماتے تھے ممکن ہے جس وقت آپ نے یہ ارشاد فرمایا ہو اس وقت آپ کے سامنے کوئی ایسا مریض ہو جس کو امراض باردہ عارض ہوں اور آپ نے اس کے مزاج ومرض کو دیکھ کر فرمادیا ہو فان فیھا شفاء من کل داء ابن ابی جمرہ کہتے ہیں کہ جب ہم اہل طب کے تجربات پر اعتماد کرتے ہیں اور علاج ان کی تجاویز کے مطابق کرتے ہیں تو ہم کو چاہیے کہ آپ ﷺ کے اس فرمان میں کوئی شک و شبہ نہ کریں بلکہ آپؐ کے فرمان کی تصدیق کریں اور یقین کرتے ہوئے جملہ امراض کے لئے کلونجی کو شافی مانیں صاحب محیط اعظم فرماتے ہیں کہ اہل عرب کی غذا چونکہ عموماً رطبہ اور حامضہ ہوتی ہے اس لئے ان کو اکثر امراض باردہ لاحق ہوتے ہیں لہٰذا ان کے جملہ امراض کے لئے کلونجی مفید ہے گویا آپ کے اس فرمان میں عموم نوعی ہے یہ جملہ اقوال متقارب ہیں۔

وفی الباب عن بریدۃؓ اخرجہ ابونعیم والحافظ المستغفری، وابن عمرؓ اخرجہ ابن ماجہ و عائشۃؓ اخرجہ احمد۔ قال المناوی اسنادہ صحیحٌ ھذا حدیث حسن صحیحٌ اخرجہ الحاکم۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ شُرْبِ اَبْوَالِ الْاِبِلِ

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ محمد الزعفرانی الخ

حدیث شریف کا ترجمہ شرح اور متعلقہ مسئلہ پر تفصیل کلام باب شرب ابوال الابل کے تحت انتخاب المنن فی شرح السنن کے جزو اول، ص:۱۵۶ پر گذر چکا ہے فلیطر ثمہ۔

وفی الباب عن ابن عباسؓ اخرجہ ابن المنذر مرفوعًا

بَابُ مَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِسَمٍّ اَوْغَیْرِہٖ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُنِیْعٍ نَاعَبِیْدَۃُ بْنُ حُمَیْدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ رضی اللہ عنہ رَفَعَهٗ قَالَ مَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِحَدِیْدَۃٍ جَاءَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَحَدِیْدَتُهٗ فِیْ یَدِہٖ یَتَوَجَّأُ بِهَا بَطْنَهٗ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا اَبَدًا وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِسَمٍّ فَسَمُّهٗ فِیْ یَدِہٖ یَتَحَسَّاہُ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا اَبَدًا۔

ترجمہ: ابوصالح ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنے کو کسی لوہے سے قتل کرے تو وہ شخص قیامت کے دن آئے گا اس حال میں کہ اس کا لوہا اس کے ہاتھ میں ہوگا اس کو اپنے پیٹ میں گھساتا ہوا ہوگا جہنم کی آگ میں ہمیشہ ہمیش رہے گا، اور جو شخص زہر کے ذریعہ اپنے کو قتل کرے تو اس کا زہر اس کے ہاتھ میں ہوگا کہ گھونٹ گھونٹ پی رہا ہوگا جہنم کی آگ میں ہمیشہ ہمیش رہے گا۔

یتوجأ بالھمزۃ ماخوذ من الوجاء باب تفعل سے بمعنی الطعن بالسکین ونحوہ یتحساہ: بمھلتین علی وزن یتغذی گھونٹ پینا۔

خودکشی حرام ہے: روایت سے واضح طور پر معلوم ہوا کہ خودکشی حرام ہے خواہ کسی دھاردار شی سے ہو یا زہر وغیرہ کھا کر ہو اس پر بڑی سخت وعید ذکر کی گئی جس حالت میں اور جس چیز کے ذریعہ اس نے خودکشی کی ہوگی اسی طرح قیامت کے دن لوگوں کے سامنے اللہ کے یہاں پیشی ہوگی اور وہ اسی طرح کا عمل کرتا ہوگا یہ اس کے لئے انتہائی ذلت کا سبب ہوگا اور ایسے شخص کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

خودکشی کیوں حرام ہے؟ دراصل انسان اپنی ذات کا خود مالک نہیں ہے کہ جس طرح چاہے اس میں تصرف کرے بلکہ یہ جسم اللہ کی امانت ہے بندہ کو اس سے صرف انتفاع کا اختیار دیا گیا ہے اسی لئے اگر بندہ بیمار ہو جائے تو اس کی حفاظت کے لئے علاج معالجہ کا حکم ہے لہٰذا اگر کوئی شخص اللہ کی اس امانت میں خیانت کرتا ہے اور اپنے اختیار سے اس کو ہلاک کرتا ہے اور خودکشی کر لیتا ہے تو یہ شخص خائن کہلائے گا اور گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوگا اور اس پر جہنم کی سزا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے خودکشی کو حرام فرمایا ہے۔

خالداً مخلداً ابداً: معتزلہ نے اس لفظ سے استدلال کرتے ہوئے کہا کہ مرتکب کبیرہ مخلد فی النار ہوگا مگر اہل سنت والجماعت فرماتے ہیں کہ مرتکب کبیرہ اپنے گناہوں کی سزا پا کر بالآخر ایمان کی وجہ سے جنت میں ضرور داخل ہو جائیگا اور وہ مخلد فی النار نہیں ہوگا اور اس قسم کی روایات کے متعدد جوابات اور توجیہات فرمائی گئی ہیں۔

حدیث شریف کی توجیہات: (اول) مذکورہ روایت کے متعلق شراح حدیث نے فرمایا کہ اس میں خالداً مخلداً ابداً کی زیادتی وہم ہے کما قالہ الترمذی، مفصلاً اور صحیح یہی ہے کہ یہ زیادتی ثابت نہیں ہے۔ (دوم) یہ مستحل پر محمول ہے اور استحلال حرام لعینہ کفر ہے اور کافر کے لئے دخول جہنم ابدی ہے (سوم) زجر وتہدید پر محمول ہے (چہارم) روایت کا مطلب یہ ہے کہ اصل جزا تو ایسے قاتل کی یہی ہے مگر اس کے توحید اختیار کرنے کی وجہ سے اللہ نے اس پر کرم فرمایا کہ بالآخر اس کو جنت میں داخل فرمائیں گے۔ (پنجم) اس طرح کی روایات مقید ہوتی ہیں الا ان یشاء اللہ کے ساتھ یعنی ایسے شخص کی سزا دخول فی النار ابدا ہے مگر اللہ تعالیٰ چاہے تو دخول فی النار کی سزا کو ختم فرما کر جنت میں داخل فرمادیں گے (ششم) خلود کے معنی مکث طویل کے ہیں اور لہٰذا اس کی تاکید ہے حقیقۃً دوام مراد نہیں ہے اور مطلب یہ ہے کہ طویل مدت تک ایسا شخص جہنم میں رہیگا۔ (ہفتم) یا اس سے مراد خاص جنت سے محرومی ہے یعنی وہ شخص مخصوص جنت کے لائق تھا مگر خودکشی کی وجہ سے اس جنت سے ہمیشہ کے لئے محروم کردیا گیا البتہ جنت کے ادنیٰ درجہ میں بالآخر جائیگا جو بڑے درجہ والی جنت کے مقابلہ میں اس کے لئے جہنم ہے (ہشتم) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ حکم کسی خاص شخص کے بارے میں ہے جو آپ ﷺ کو وحی کے ذریعہ معلوم ہو گیا تھا کہ یہ شخص ہمیشہ جہنم میں رہیگا اس وجہ سے یہ ارشاد فرمایا۔ (نہم) حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ خلود اپنے محل کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے مثلاً خلود دنیا موت تک ہے اور خلود عالم برزخ حشر ونشر تک ہے اسی طرح یہاں پر خلود کے معنی عذاب کی متعین مدت کی انتہاء ہیں یعنی ایسے شخص کے لئے عذاب کی مدت متعین ہے اس وقت تک وہ اس عذاب نار میں رہے گا۔

هذا حديث صحيح اخرجه البخاري و مسلم و ابو داؤد والنسائي وهو اصح من الحديث الاول: یعنی یہ روایت اعمش سے عبیدہ بن حمید اور شعبہ دونوں نے نقل کی ہے مگر عبیدہ کے مقابلہ میں شعبہ کی روایت اصح ہے کیونکہ عبیدہ کا کوئی متابع نہیں اور شعبہ کے متابع وکیع بن الجراح اور ابو معاویہ ہیں نیز شعبہ عبیدہ کے مقابلہ میں احفظ بھی ہیں **هكذا روى غير واحد هذا الحديث عن الاعمش الخ:** یہ روایت بطریق اعمش تو اسی طرح یعنی لفظ خالداً مخلداً ابداً کے ساتھ مروی ہے مگر اسی روایت کو محمد بن عجلان نے بطریق سعید المقبری عن ابی ہریرۃ مرفوعاً اور ابو الزناد نے عن الاعرج عن ابی ہریرۃؓ نقل کیا ہے تو انہوں نے خالداً مخلداً ابداً کا لفظ ذکر نہیں کیا ہے ابو الزناد کی روایت کو موصلاً بخاری نے جامع صحیح میں ذکر کیا ہے فرماتے ہیں کہ جس روایت میں خالداً مخلداً ابداً کا لفظ نہیں ہے وہی اصح ہے کیونکہ اہل ایمان کے بارے میں یہ ثابت ہے کہ وہ اعمال کی سزا پانے کے بعد جنت میں ضرور جائیں گے ہمیشہ ہمیش جہنم میں نہیں رہیں گے مگر صاحب تحفۃ الاحوذی کی رائے یہ ہے کہ اعمش کی روایت میں یہ لفظ موجود ہے اور وہ ثقہ ہیں ثقہ کی زیادتی

عبيدة بن حميد الكوفي ابو عبد الرحمن المعروف بالحذاء التيمي او الليثي او الضبي صدوق نحوي ربما اخطأ من الثامنة مات ١٩٠ وقد جاوز الثمانين۔

معتبر ہوتی ہے اسلیے بہتر یہ ہے کہ تاویل کی جائے وہم نہ قرار دیا جائے۔

حَدَّثَنَا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَکِ عَنْ یُوْنُسَ بْنِ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الدَّوَاءِ الْخَبِیْثِ یَعْنِی السَّمَّ۔

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا دواء خبیث یعنی سم (زہر) سے۔

الدواء الخبیث: اس سے مراد یا تو دواء حرام ہے یا ناپاک دواء مراد ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ایسی دوا ہے جس سے طبیعت نفرت کرتی ہو حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں بہتر یہ ہے کہ دواء خبیث سے مراد زہر ہی لیا جائے چونکہ روایت میں حصلاً یعنی السم کا لفظ واقع ہے جو اس کی تفسیر ہے۔ یعنی السم: یہ الدواء الخبیث کی تفسیر ہے یا تو ابو ہریرہ کی جانب سے یا کسی اور راوی کی جانب سے ہے۔

زھر کا شرعی حکم۔ علامہ ماوردی فرماتے ہیں کہ زہر کے بارے میں تفصیل ہے اور اس کی چار صورتیں ہیں (اول) ایسا تیز زہر جس کی تھوڑی اور زائد مقدار جان جانے کا سبب بن جائے اس کو تداوی اور غیر تداوی دونوں طرح استعمال کرنا حرام ہے لقولہ تعالٰی ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکۃ: (دوم) ایسا زہر جس کی کثیر مقدار سے موت واقع ہو جائے البتہ تھوڑی مقدار سے یہ خطرہ نہ ہو ظاہر ہے کثیر تو قطعاً حرام ہے البتہ قلیل مقدار اگر بطور دواء مسلم طبیب حاذق کی تجویز سے ہو تو اسکے استعمال کی گنجائش ہے مگر اس کا بدل تلاش کرنا ضروری ہے (سوم) ایسا زہر جس کے بارے میں غالب گمان ہو کہ اس سے موت واقع ہو جائیگی اس کا کھانا بھی حرام ہے (چہارم) ایسا زہر جس کے بارے میں غالب یہ ہے کہ موت واقع نہ ہوگی البتہ موت کا امکان ہے اسکے متعلق امام شافعی نے ایک موقع پر اباحت واجازت دی ہے اور دوسری جگہ حرمت کا قول فرمایا ہے دونوں قول کے درمیان تطبیق اس طرح دی گئی کہ تداویاً جواز ہے ورنہ اس کا کھانا حرام ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ التَّدَاوِیْ بِالْمُسْکِرِ

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا اَبُوْدَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سِمَاکٍ اَنَّهٗ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَائِلٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّهٗ شَهِدَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم وَسَاَلَهٗ سُوَیْدُ بْنُ طَارِقٍ اَوْ طَارِقُ بْنُ سُوَیْدٍ عَنِ الْخَمْرِ فَنَهَاهُ عَنْهُ فَقَالَ اِنَّا نَتَدَاوٰی بِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّهَا لَیْسَتْ بِدَوَاءٍ وَلٰکِنَّهَا دَاءٌ۔

ترجمہ: علقمہ بن وائل اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے (اس وقت) سوید بن طارق نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے شراب کے متعلق سوال کیا تو آپ نے منع فرمادیا تو انہوں نے معلوم کیا کہ ہم اسکو دواء کے طور پر استعمال کرتے ہیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ دواء نہیں ہے بلکہ مرض ہے۔

انا لنتداوی بها: مسلم شریف کی روایت میں انما اصنعها للدواء ہے یعنی میں نے شراب کو دواء کے لئے تیار کیا ہے انها لیست بدواء ولکنها داء ابن ماجہ کی روایت میں ہے ان ذلك لیس بشفاء ولکنه داء۔

تداوی بالخمر اور تداوی بالحرم کے سلسلہ میں تفصیلی کلام احتجاب السنن ص: ۱۶۱ ج: پر گذر چکا ہے

سوید بن نصر بن سوید المروزی ابوالفضیل لقبه الشاه رویه عنه ابن المبارك ثقة من العاشرة ۲۴۰ھ علقمة بن وائل بن حجر بضم المهملة الحضرمی الکوفی صدوق وقد صح سماعه من ابیه کما حققها المحققون عن ابیه وائل بن حجر بضم المهملة وسکون الجیم ابن سعد بن مسروق الحضرمی صحابی جلیل و کان من ملوك الیمن ثم سکن الکوفة مات فی ولایة معاویة ۱۲

حدثنا محمود نا النضر و شبابة عن شعبة بمثله الخ: اس کا مطلب ہے کہ یہ روایت جس طرح ابوداؤد طیالسی نے شعبہ سے نقل کی ہے اسی طرح شعبہ سے نضر اور شبابہ نے بھی نقل کی ہے فرق یہ ہے کہ پہلی سند میں سوید بن طارق راوی کا نام ہے اور نضر نے ان کا نام طارق بن سوید بتایا ہے مگر ان کے ساتھ شبابہ نے ابوداؤد کی طرح سوید بن طارق ہی کہا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد و مسلم و ابوداؤد و ابن ماجه۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي السَّعُوْطِ وَغَيْرِهٖ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَدُّوْيَهِ اَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمَّادٍ اَنَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ السَّعُوْطُ وَاللَّدُوْدُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمَشِيُّ فَلَمَّا اشْتَكٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَدَّهٗ اَصْحَابُهٗ فَلَمَّا فَرَغُوْا قَالَ لُدُّوْهُمْ قَالَ فَلُدُّوْا كُلُّهُمْ غَيْرَ الْعَبَّاسِ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بیشک ان دواؤں میں جو تم کرتے ہو بہتر دواء سعوط اور لدود اور حجامت اور مشی ہے پس جب آپ ﷺ بیمار ہوئے تو صحابہ نے آپ کے منہ میں دوا ٹپکائی جب فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا ان سب کے منہ میں دواء ٹپکادو ابن عباسؓ نے کہا کہ عباسؓ کے علاوہ سب کے منہ میں دوا ٹپکائی گئی۔

السعوط: بفتح السین وضم العین ما یجعل فی الانف مما یتداوی یعنی وہ دوا جو ناک میں ٹپکائی جائے۔

اللدود: بفتح اللام اس سے مراد وہ دوا ہے جو مریض کے منہ میں ٹپکائی جائے یا ڈالی جائے یا کسی بھی ذریعہ سے پہنچائی جائے۔

الحجامة بکسر المهملة بمعنی الاحتجام یعنی پچھنے لگوانا سینگی لگوانا۔

المشی: بفتح المیم وکسر الشین وتشدید الیاء بروزن فعیل ماخوذ من المشی اسکے معنی ہیں دست آور دواء علامہ تورپشتی فرماتے ہیں کہ دست آور دواء کو مشی اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ یہ پینے والے کو بار بار چلنے پر مجبور کرتی ہے۔

مضمون روایت اور مختلف اعتراضات و جوابات:

آپ ﷺ نے اپنے زمانہ کے لحاظ سے علاج کے لئے فرمایا کہ بہترین دواء سعوط لدود حجامۃ اور مشی ہے چنانچہ حضور ﷺ جب بیمار ہوئے تو صحابہ نے آپ ﷺ کے منہ میں دواء ٹپکائی بعض روایات میں ہے کہ آپ نے اشارہ سے منع فرمایا چونکہ آپ نے لدود کی تعریف فرمائی اس کی وجہ سے صحابہؓ نے لدود کیا کہ شاید آپ کو اس سے افاقہ ہو جائے مگر جب لوگ اس سے فارغ ہوئے تو حضور ﷺ نے حکم فرمایا کہ جنہوں نے میرے منہ میں دوا ٹپکائی ہے ان سب کے منہ میں بھی دوا ٹپکائی جائے چنانچہ حضرت عباسؓ کے علاوہ سب کے منہ میں دوا ٹپکائی گئی اس پر سوال ہوتا ہے کہ آپ نے ان سب کے منہ میں دوا ٹپکانے کا حکم کیوں فرمایا اس کا جواب یہ ہے کہ دراصل آپ نے اگرچہ لدود کی تعریف فرمائی تھی مگر آپ ﷺ کو بذریعہ وحی معلوم ہو گیا تھا کہ اس مرض میں میری وفات ہونے والی ہے لہٰذا لدود سے کوئی فائدہ نہ ہوگا اس لئے آپ نے اشارہ کر کے منع فرما دیا تھا جیسا کہ بخاری و مسلم میں ہے فاشار ان لاتلدونی لہٰذا صحابہ کو لدود نہیں کرنا چاہئے تھا مگر انہوں نے یہ سمجھ کر کہ شاید آپ ٹھیک ہو جائیں بیمار تو اس طرح کا عذر کرتا ہی ہے

عبدالرحمٰن بن حماد بن شعیث بمعجمة و آخره مثلثة الثعیثی ابو سلمة العنبری البصری صدوق ربما اخطأ من صغار التاسعة مات ۲۲۳ھ عباد بن منصور الناجی بالنون والجیم وابو سلمة البصری القاضی بها صدوق رمی بالقدر و کان یدلس وتغیر بآخره من السادسة ۱۵۲ھ ؟

لدود کر دیا گویا یہ ایک قسم کی نافرمانی پائی گئی اس پر تعزیراً آپ نے حکم دیا کہ ان کے منہ میں دوا ٹپکائی جائے' بعض حضرات فرماتے ہیں کہ دراصل آپ کو جو بیماری تھی صحابہ نے اس کو ذات الجنب کی بیماری خیال کیا اور اس کے لئے لدود تجویز کر لیا حالانکہ یہ وہ بیماری نہ تھی اس وجہ سے آپ نے ان کو لدود سے منع فرمایا مگر صحابہؓ نے یہ سمجھا کہ شاید آپ طبعاً دواء سے کراہت فرمارہے ہیں اس وجہ سے لدود کر دیا اس پر آپ نے قصداً صحابہ کے بھی لدود کرایا تاکہ دنیا میں ان کو اس کی سزا مل جائے اور آخرت میں اس کے بدلے سے بچ جائیں مگر اصح قول یہ ہے کہ آپ نے انتقاماً لدود نہیں کرایا بلکہ تعزیراً من اللہ لدود کرایا تھا۔

غیر عباسؓ: حضرت عباسؓ کے لدود کرنے کا حکم آپ نے نہیں فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ بوقت لدود حضرت عباسؓ حاضر نہ تھے کما ورد فی مسلم لفظہ فانہ لم یشھد کم' مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ ابن اسحاق نے فرمایا کہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ لدود کا حکم کرنے والے تو حضرت عباسؓ ہی تھے کما ورد فی روایۃ فلما افاق قال من صنع ھذا بی قالوا یا رسول اللہ عمك' اس کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے امر تو حضرت عباسؓ نے کیا ہو مگر بوقت لدود حاضر نہ ہوں اور دوسرے صحابہؓ نے کیا ہو اور قاعدہ ہے کہ مرتکب کے ہوتے ہوئے متسبب پر مواخذہ نہیں ہوتا ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت عباسؓ آپ کے چچا ہیں جو بمنزلہ باپ کے ہیں کما ورد فی روایۃ عم الرجل صنو ابیہ آپ نے تعظیماً وتکریماً ان کے لدود نہیں کرایا مگر اشکال یہ ہے کہ اگر یہ لدود تعزیراً من اللہ ہو تو پھر تعزیر مانع تعظیم نہیں ہوتی اس میں جلیل وحقیر سب برابر ہیں بعض حضرات نے فرمایا دراصل حضرت عباسؓ روزہ دار تھے اس لئے ان کو مستثنیٰ فرما دیا مگر اس پر یہ وہم ہوتا ہے کہ افطار کے بعد یا ایک دو دن میں تعزیراً لدود ہو سکتا تھا اس لئے کہ عذر کی بناء پر تعزیر میں تاخیر جائز ہے نیز بعض ازواج مطہرات (حفصہؓ) کو باوجود صائمہ ہونے کے لدود کیا گیا کما ورد فی روایۃ۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ اللَّدُوْدُ وَالسَّعُوْطُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمَشِيُّ وَخَيْرَ مَا اكْتَحَلْتُمْ بِهِ الْإِثْمِدُ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَهُ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِهَا عِنْدَ النَّوْمِ ثَلَاثًا فِيْ كُلِّ عَيْنٍ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بیشک وہ دوائیں جو تم استعمال کرتے ہو ان میں سب سے بہتر دواء لدود' سعوط' حجامۃ اور مشی ہے اور بہترین سرمہ جس کو تم استعمال کرو اثمد ہے کیونکہ وہ نگاہ کو تیز کرتا ہے اور پلکوں کے بال اگاتا ہے' ابن عباسؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے لئے ایک سرمہ دانی تھی آپ اس سے سوتے وقت سرمہ لگاتے تھے ہر آنکھ میں تین مرتبہ۔

الاثمد: بکسر الہمزۃ وسکون المثلثۃ وکسر المیم دوسری لغت ضم ہمزہ کے ساتھ بھی ضبط کی گئی ہے' یہ ایک قسم کا پتھر ہے جو سرخی کی طرف مائل ہوتا ہے' عربی بلاد میں ہوتا ہے' سب سے بہتر وہ پتھر ہے جو اصفہان سے لایا جاتا ہے قالہ الحافظ' بعض نے فرمایا وہ اصفہانی سرمہ ہے جو آنکھوں کی صحت وقوت کے لئے نہایت مفید ہوتا ہے بالخصوص بوڑھوں اور بچوں کے لئے زیادہ مفید ہے۔

الشعر: بفتح الشین والعین المہملۃ ویجوز اسکان الشین اس سے مراد پلک ہیں جو آنکھوں کے اوپر بال ہوتے ہیں جن سے آنکھوں کی حفاظت ہوتی ہے مکحلۃ: بضم المیم وفتح الحاء وبینھما ساکنۃ اسم آلہ الکحل وھو المیل مگر یہاں مراد سرمہ دانی ہے۔ یجلو: ماخوذ من الجلاء از باب نصر آنکھوں کو خوبصورت کرنا' روشن کرنا۔

سرمہ کے فوائد اور اس کے استعمال کی تاکید: نبی کریم ﷺ نے سرمہ استعمال کرنے کی تاکید فرمائی ہے' اور اسکے فوائد بیان کئے

ہیں کہ اس سے آنکھوں کی بیماری دور ہوتی ہے' آنکھوں کی بینائی بڑھتی ہے' اس سے پلکوں کے بال بڑھتے ہیں جس سے آنکھوں کی حفاظت ہوتی ہے' اسلئے خود حضور ﷺ نے سرمہ مستقل طور پر استعمال فرمایا ہے' جیسا کہ روایت مذکورہ میں فرمایا گیا کہ آپ ﷺ کی سرمہ دانی تھی جس سے آپ تین تین بار آنکھوں میں سرمہ لگاتے تھے ایک روایت میں آپ نے فرمایا کہ سرمہ لگاتے وقت وتر کا خیال رکھو۔

سرمہ لگانے کا طریقہ: اس باب میں علماء کی دو رائیں ہیں (اول) یہ ہے کہ دونوں آنکھوں میں تین تین سلائی سرمہ لگایا جائے (دوم) دونوں آنکھوں میں ملا کر طاقت بار ہو یعنی ایک آنکھ میں تین مرتبہ اور دوسری میں دو مرتبہ دائنی آنکھ سے شروع کرنا اور دائنی پر ختم کرنا یہ مستحب ہے۔

ابن العربیؒ فرماتے ہیں کہ سرمہ لگانے کی دو صورتیں ہیں اول زینت کیلئے دوم منفعت کیلئے' اگر منفعت کیلئے ہو تو اس کے لئے آپ ﷺ کا معمول اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ روزانہ رات کے وقت سرمہ لگانا زیادہ بہتر و نافع ہے چونکہ سرمہ لگانے کے بعد آنکھیں بند ہو جاتی ہیں اور آنکھ میں سرمہ زیادہ دیر تک رہتا ہے جس سے تمام گرد و غبار اچھی طرح صاف ہو جاتا ہے' امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ مردوں کیلئے سرمہ لگانا مکروہ ہے مگر تداوی و معالجہ کیلئے مباح ہے کیونکہ حضور ﷺ نے علاج کی تاکید فرمائی ہے' دوسرے حضرات ائمہ فرماتے ہیں کہ مردوں کیلئے بھی بغیر علاج جائز ہے البتہ نیت اس میں اتباع سنت کی ہو اگر اسکے ساتھ کوئی دنیوی منفعت بھی حاصل ہو جائے تو کیا مضائقہ ہے اور اگر تزئین مقصود ہو اور دن میں لگایا جائے تو مکروہ ہے غالباً امام مالکؒ کے قول کا محمل بھی یہی ہے۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه الترمذي في باب الحجامة هو حديث عباد بن منصور: امام موصوف کا مقصود اس سے یہ بتانا ہے کہ ہذا کا مشار الیہ دونوں روایتیں ہیں کیونکہ دونوں کے مدار سند عباد بن منصور ہیں جس کا مطلب ہے کہ عباد بن منصور کی روایت حسن غریب ہے' ممکن تھا کہ کوئی ہذا کا مشار الیہ دوسری روایت کو ہی سمجھتا اس لئے کہ وہ قریب ہے اس لئے اس سے دونوں کی طرف اشارہ فرما دیا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الْكَيِّ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ نَهٰى عَنِ الْكَيِّ قَالَ فَابْتُلِيْنَا فَاكْتَوَيْنَا فَمَا اَفْلَحْنَا وَلَا اَنْجَحْنَا

ترجمہ: عمران بن حصینؓ سے منقول ہے کہ بیشک رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا آگ کے ذریعہ داغ دینے سے فرمایا ہم مبتلا ہوئے (بیمار ہوئے) ہم نے آگ کا داغ لگوا دیا تو ہم کامیاب نہیں ہوئے اور اپنا مقصد نہ حاصل کر سکے۔

الکیّ: یہ ماخوذ ہے کواہ یکویہ کیًّا ای احرق جلدہ بحدیدۃ سے اس کے معنی ہیں لوہے کے ذریعہ بدن کے کسی حصہ کو داغ دینا اہل عرب کے یہاں علاج کے لئے بدن پر آگ کا داغ دیا جاتا تھا اور اس کو زیادتی ثواب کا سبب سمجھا جاتا تھا۔

امام ترمذیؒ نے اس سلسلہ میں دو باب قائم فرمائے ہیں پہلے باب میں کراہت کو بیان فرمایا ہے اور دوسرے باب میں اجازت کی روایت ذکر فرمائی ہے دراصل اس بارے میں دونوں طرح کی روایات ہیں روایات کراہت بھی اور روایات اباحت بھی۔

کیّ کا شرعی حکم: حضرات علماء نے فرمایا کہ داغ لگوانا بلا ضرورت محض حفظ ماتقدم کے لئے مکروہ ہے نیز جب دوسرے ذرائع علاج موجود و ممکن ہوں تو داغ لگوانے کو مکروہ و خلاف اولیٰ قرار دیا گیا ہے چونکہ اس میں تکلیف زائد ہے جسم خراب ہو جاتا ہے اور اس

عمران بن حصین بن عبید بن خلف الخزاعی ابو نجید بالنون والجیم مصغراً اسلم عام خیبر وصحب و کان فاضلاً وقضی بالکوفۃ ۵۲ھ بالبصرۃ۔

میں تعذیب بالنار بھی ہے اس کے اثرات جسم کے دوسرے حصوں کی طرف بھی پھیل سکتے ہیں نیز یہ صرف اہل عرب واہل ترک کا طریق ہے عام علاج نہیں ہے لہٰذا یہ موہوم علاج ہے مظنون نہیں البتہ اگر کوئی حاذق حکیم بطور علاج داغ ہی لگوانا تجویز کردے تو پھر اسکی اجازت ورخصت ہوگی چنانچہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی اجازت ہے یہی حکم آجکل آپریشن کا ہوگا حتی الامکان آپریشن سے بچنے کی کوشش ہو اور ضرورت ہو تو پھر اس کی اجازت ہے اس طرح دونوں روایات (کراہت واباحت) کے درمیان تطبیق ہوجاتی ہے۔

روایات کراہت: حدیث الباب حدیث ابن عباسؓ فی السبعین الفًا یدخلون الجنة بغیر شاب هم الذین لا یسترقون ولا یتطیرون ولا یکتوون وعلی ربهم یتوکلون' حدیث ابن مسعودؓ حدیث عقبہ بن عامر اخرج منہما الطحاوی۔

روایات اباحت ورخصت: حدیث انسؓ فی الباب ان النبی ﷺ کوی اسعد بن زرارة من الشوکة' حدیث جابرؓ اخرجه مسلم و حدیث عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده ان کے علاوہ اور بھی آثار ہیں۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ہم کو داغ لگوانے سے منع فرمایا مگر ہم نے داغ لگوایا تو کامیابی نہ ہوئی دراصل آپ ﷺ نے بلا ضرورت شدیدہ داغ سے منع فرمایا حضرات صحابہؓ نے غیر ضرورت کو ضرورت سمجھتے ہوئے داغ لگوالیا تو شفاء نہ ہوئی ورنہ آپ کے منع فرمانے کے بعد صحابہؓ سے مخالفت کا تصور نہیں ہوسکتا ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت عمران بن حصینؓ کو بواسیر کا مرض تھا ان کے لئے داغ لگوانا مضر تھا حضور ﷺ نے خاص طور پر ان کو منع فرمایا تھا جب مرض زیادہ بڑھ گیا تو انہوں نے مجبوراً داغ لگوایا مگر شفاء نہ ہوئی۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد ابوداؤد وابن ماجہ علامہ منذری فرماتے ہیں کہ امام ترمذیؒ نے روایت کو صحیح قرار دیا ہے حالانکہ حسن بصریؒ نے عمران بن حصینؓ سے نہیں سنا ہے حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں سندہ قوی۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ نُهِينَا عَنِ الْكَيِّ۔

امام موصوفؒ نے یہ دوسری روایت ذکر کی ہے جو بطریق ہمام عن قتادۃ ہے اور پہلی روایت بطریق شعبہ عن قتادۃ ہے۔

نهینا: یہ مجہول کا صیغہ جو حدیث مرفوع کے حکم میں ہے بمعنی نہانا رسول اللہ ﷺ۔

وفی الباب عن ابن مسعودؓ و عقبة بن عامر اخرجه الطحاوی' وابن عباس' اخرجه احمد والبخاری وابن ماجه، هذا حدیث حسن صحیح اخرجه الطحاوی۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ ذٰلِكَ

حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَوَى أَسْعَدَ بْنَ زُرَارَةَ مِنَ الشَّوْكَةِ

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بیشک حضور ﷺ نے سعد بن زرارہؓ کو سرخ پھنسی کی وجہ سے داغ لگوایا۔

الشوکة: سرخ رنگ کی پھنسیاں جو چہرے اور بدن پر ہوجاتی ہیں۔

وفی الباب عن اُبیؓ و جابرؓ اخرجه مسلم' هذا حدیث حسن غریب' اخرجه الطحاوی۔

واللہ اعلم بالصواب و علمه اتم و اکمل وصلی اللہ علیه النبی الکریم وعلی آله واصحابه اجمعین

عبدالقدوس بن محمد بن عبدالکبیر بن شعیب العطار البصری صدوق من الحادی عشر عمرو بن عاصم بن عبیداللہ الکلابی القیسی ابو عثمان البصری صدوق فی حفظه شی من صغار التاسعة مات ۲۱۳ ھ یزید بن زریع بتقدیم الزاء مصغراً البصری ابو لیابة ثقة ثبت من الثامنة ۱۸۲ھ ۱۲۔

جامع الترمذی جلد ثانی کی
مفصّل اردو شرح

دروسِ ترمذی

حصہ سوم

از
حضرت مولانا رئیس الدین صاحب مدظلہ
شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور، ہند

مرتب
مولانا مفتی محمد علی حسن مظاہری
استاذ مظاہر علوم سہارنپور، ہند

ناشر
مکتبۃ العلم
۱۸۔ اردو بازار لاہور پاکستان
Ph: 37231788 - 37211788

نام کتاب .... دروس ترمذی

مصنف .... حضرت مولانا رئیس الدین صاحب مدظلہ

ناشر .... خالد مقبول

مطبع .... آر۔آر پرنٹرز

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

فہرست مضامین

مضامین	صفحہ نمبر
عرض مرتب	۳۵۴
حرف تقدیم	۳۵۵
کلمات طیبات	۳۵۷
از حضرت مولانا مفتی مظفر حسین صاحب مدظلہ	۳۵۷
باب ماجاء فی الحجامۃ	۳۵۹
وجہ حجامت اور اس کی ابتداء	۳۵۹
حجامت کے فوائد	۳۵۹
اوقات حجامت کے بارے میں احادیث	۳۶۰
باب ماجاء فی التداوی بالحناء	۳۶۱
مہندی کے فوائد	۳۶۲
باب ماجاء فی کراہیۃ الرقیۃ	۳۶۲
جھاڑ پھونک کا شرعی حکم	۳۶۲
باب ماجاء فی الرخصۃ فی ذلک	۳۶۳
روایات عدم جواز	۳۶۴
روایات جواز	۳۶۴
مذکورہ روایات کے مابین تطبیق	۳۶۴
باب ماجاء فی الرقیۃ بالمعوذتین	۳۶۵
معوذتین کا نزول	۳۶۵
معوذتین دنیوی واخروی ہر قسم کی آفات سے قلعہ ہے	۳۶۶
خلاصہ	۳۶۶
باب ماجاء فی الرقیۃ من العین	۳۶۶
روایت کا مطلب	۳۶۷
عقیدہ	۳۶۷
تشریح	۳۶۷
نظر بد کی تاثیر	۳۶۷
فوائد حدیث	۳۶۷
باب ماجاء ان العین حق والغسل لہا	۳۶۸
نظر بد حق ہے	۳۶۸
ہام کی تحقیق اور اس کی تفسیر میں علماء کے اقوال	۳۶۹
معیون کے لئے عاین کا اغتسال	۳۷۰
کیفیت اغتسال	۳۷۰
حاصل روایت	۳۷۰
فائدہ	۳۷۰
تنبیہ	۳۷۱
باب ماجاء فی اخذ الاجر علی التعویذ	۳۷۱
مسئلہ اجرت علی الطاعات والتعویذ	۳۷۳
ضرورت کی وضاحت	۳۷۳
باب ماجاء فی الرقی والادویۃ	۳۷۴
باب ماجاء فی الکماۃ والعجوۃ	۳۷۵
کھنبی کے اقسام وخواص	۳۷۵
الکماۃ من المن	۳۷۶
ماءھا شفاء للعین	۳۷۶

مضامین	صفحہ نمبر
فائدہ	۳۷۷
الشونیز (کلونجی) بے شمار امراض کیلئے شافی ہے	۳۷۸
دمہ، کھانسی، ذیابیطس (شوگر) دل کے امراض	۳۷۹
لقوہ، اور پولیو، قبض گیس، پیٹ کی جلن اور درد	۳۷۹
وغیرہ، جوڑوں اور رگوں کا درد، امراض چشم	۳۷۹
زنانہ پوشیدہ امراض، پیٹ میں درد ہونا	۳۷۹
کینسر، آتشک، اضمحلال، حافظہ کی کمزوری	۳۷۹
گردے کی تکلیف، چہرے کی تازگی	۳۸۰
اور خوبصورتی، متلی، عام کمزوری، اور جملہ امراض	۳۸۰
مخصوص جگہوں کی سوجن، جذام، ٹیومر، سر درد	۳۸۰
سینہ کی جلن اور پیٹ کی تکالیف، ہچکیوں کا علاج	۳۸۰
بی، پی (بلڈ پریشر) یا خون کا دباؤ	۳۸۰
بالوں کا قبل از وقت گرنا، دماغی بخار	۳۸۰
گردوں کی خرابی بچوں کے پیٹ کا درد	۳۸۰
بواسیر جلد کے امراض، عام بخار وغیرہ	۳۸۱
کدو دانے، گردے یا پتہ میں پتھری مرگی	۳۸۱
کان کے امراض پیم گرمی، چہرے کے دھبے	۳۸۱
اور چھائیاں کیل، مہاسے وغیرہ	۳۸۱
دانتوں کے امراض وجنسی امراض	۳۸۱
معدہ، اور آنتوں کا السر، یرقان (پیلیا)	۳۸۱
جگر کا علاج، گلے سے پھیپھڑوں تک سوزشیں	۳۸۲
کھانسی وبلغم، دل کا دورہ	۳۸۲
پیٹ کی ریاح، سانس کی نالیوں کا ورم	۳۸۲
زچگی یا بیماری	۳۸۲

مضامین	صفحہ نمبر
پیٹ کی ریاح، اور ہاضمہ، پیشاب میں جلن	۳۸۲
پیٹ میں خون چوسنے والے کیڑے	۳۸۲
جوڑوں کا ورم، گنج پر بال اگنے کیلئے	۳۸۲
صحت برقرار رکھنے کیلئے، باؤلا پن، بواسیر	۳۸۲
دانتوں اور مسوڑھوں کا علاج، پرانا زکام	۳۸۲
جلد کے پھوڑے پھنسیاں، داغ دھبہ	۳۸۳
جلدی امراض، بواسیر کیلئے پیٹ کی جملہ بیماریاں	۳۸۳
درد سے حیض آنا، کسی بھی قسم کی ورم کے لئے	۳۸۳
زہر کا اثر ختم کرنے کے لئے	۳۸۳
بخار کی شدت، جلے ہوئے شدید زخم، موٹاپا	۳۸۳
سر اور بالوں میں پھندی، نیند چستی وتوانائی	۳۸۳
عورتوں میں دودھ کی کمی	۳۸۴
عورتوں کے پوشیدہ امراض	۳۸۴
کوڑھ، برص، پیٹ کا درد، گردے کی پتھری	۳۸۴
سر کے بال سے پیر کے ناخون تک	۳۸۴
گنج پر بال اگنے کے لئے	۳۸۴
پیٹ پھولنے کی شکایت	۳۸۴
گٹھیا، جوڑوں کے درد، پرانی کھانسی	۳۸۴
پھپھوندی سے جسم پر بننے والے پھوڑے پھنسی کا علاج	
سدر یاح، کان کے جملہ امراض	۳۸۵
دانت میں درد	۳۸۵
سیلان الرحم، توتلے پن کے لئے	۳۸۵
باب ما جاء فی اجر الکاہن	۳۸۵
کہانت کا شرعی حکم	۳۸۵

مضامین	صفحہ نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی کراہیۃ التعلیق	۳۸۷	ابواب الفرائض عن رسول اللہ ﷺ	۴۰۰
روایت کا مطلب	۳۸۷	وجہ تسمیہ، علم فرائض کی تعریف	۴۰۰
گلے وغیرہ میں تعویذ ڈالنے کا حکم	۳۸۷	موضوع، غرض	۴۰۰
باب ماجاء فی تبرید الحمی بالماء	۳۸۸	شرائط، مرتبہ علم اور اس کی اہمیت	۴۰۰
فائدہ	۳۹۰	قرض قوی قرض ضعیف قرض خداوندی	۴۰۲
باب ماجاء فی الغیلۃ	۳۹۰	عصبہ بنفسہ، عصبہ بغیرہ، عصبہ مع غیرہ	۴۰۲
غیال کے معنی	۳۹۱	عصبہ کی دوسری قسم	۴۰۲
فائدہ	۳۹۱	ذوی الارحام، مقرلہ بالنسب عن الغیر	۴۰۳
باب ماجاء فی دواء ذات الجنب	۳۹۲	زوجین	۴۰۳
ذات الجنب حقیقی وغیر حقیقی	۳۹۳	موانع ارث، غلامی، قتل، اختلاف مذہب	۴۰۴
فائدہ	۳۹۳	اختلاف ملک	۴۰۴
ذات الجنب کا علاج بذریعہ عود ہندی	۳۹۳	نوٹ	۴۰۴
باب	۳۹۴	صغرسنی، نکاح ثانی، نافرمانی، تنبیہ	۴۰۴
باب ماجاء فی السنا	۳۹۴	باب ماجاء فی من ترک مالا فلورثتہ	۴۰۴
خواص سنا	۳۹۵	باب ماجاء فی تعلیم الفرائض	۴۰۵
باب ماجاء فی العسل	۳۹۵	باب ماجاء فی میراث البنات	۴۰۵
شہد کے خواص اور فوائد	۳۹۵	میراث البنت	۴۰۶
شہد کے اقسام	۳۹۶	بنت کی تین حالتیں ہیں	۴۰۶
اشکال وجوابات	۳۹۷	باب ماجاء فی میراث الابن مع بنت الصلب	۴۰۷
باب	۳۹۷	باب ماجاء فی میراث الاخوۃ من الاب والام	۴۰۸
باب	۳۹۸	باب میراث البنین مع البنات	۴۰۹
باب التداوی بالرماد	۳۹۸	باب میراث الاخوات	۴۱۰
باب	۳۹۹	اغماء وغشی ونوم اور جنون کا فرق	۴۱۱
آداب عیادت	۳۹۹	تحقیق کلالہ اور اس کے احوال	۴۱۱

مضامین	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی میراث العصبۃ	۴۱۲
تحقیق عصبہ، عصبہ بنفسہ	۴۱۲
عصبہ بغیرہ، عصبہ مع الغیر	۴۱۳
نوٹ	۴۱۳
باب ماجاء فی میراث الجد	۴۱۳
باب ماجاء فی میراث الجدۃ	۴۱۴
میراث جدات کا مسئلہ طویل ہے اس کے لئے چند	
امور کا جاننا ضروری ہے	۴۱۵
جدہ صحیحہ، جدہ فاسدہ	۴۱۵
باب ماجاء فی میراث الجدۃ مع ابنہا	۴۱۷
باب ماجاء فی میراث الخال	۴۱۷
اقسام ذوی الارحام	۴۱۸
باب ماجاء فی الذی یموت ولیس لہ وارث	۴۱۹
باب ماجاء فی میراث مولی الاسفل	۴۲۰
فائدہ	۴۲۰
باب ماجاء فی ابطال المیراث بین المؤمن والکافر	۴۲۰
اختلف اہل العلم فی توریث المرتد	۴۲۱
فائدہ	۴۲۱
باب ماجاء فی ابطال میراث القاتل	۴۲۳
باب ماجاء فی میراث المرأۃ من دیۃ زوجہا	۴۲۳
باب ماجاء ان المیراث للورثۃ والعقل للعصبۃ	۴۲۴
فائدہ	۴۲۵
باب ماجاء فی الرجل یسلم علی یدی الرجل	۴۲۶
مولی الموالاۃ کا حکم	۴۲۶

مضامین	صفحہ نمبر
باب من یرث الولاء	۴۲۷
نوٹ	۴۲۸
ابواب الوصایا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	۴۲۹
وصیت کا حکم اور اس کے اقسام	۴۲۹
مصلحت وصیت	۴۲۹
قاعدہ وصیت	۴۲۹
وصیت کے شرائط	۴۲۹
اسلام میں سب سے پہلی وصیت	۴۳۰
باب ماجاء فی الوصیۃ بالثلث	۴۳۰
سوال وجواب	۴۳۲
روایت کا مطلب	۴۳۳
مضارۃ فی الوصیۃ	۴۳۳
باب ماجاء فی الحث علی الوصیۃ	۴۳۴
وصیت لکھنے کا طریقہ	۴۳۴
اشہاد علی الوصیت	۴۳۴
باب ماجاء ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یوص	۴۳۴
سوال، جوابات	۴۳۵
باب ماجاء لا وصیۃ لوارث	۴۳۶
فائدہ	۴۳۶
قال احمد بن حنبل اسماعیل بن عیاش اصلح	
بدنًا من بقیۃ الکلام فی اسماعیل بن عیاش	۴۳۸
باب ماجاء یبدأ بالدین قبل الوصیۃ	۴۳۹
باب ماجاء فی الرجل یتصدق او یعتق عند الموت	۴۳۹
باب	۴۴۰

مضامین	صفحہ نمبر
اشکال و جوابات	۴۴۱
فائدہ	۴۴۲
روایت الباب کے جوابات	۴۴۲
ابواب الولاء والہبۃ عن رسول اللہ ﷺ	۴۴۲
باب النہی عن بیع الولاء وہبتہ	۴۴۳
تنبیہ	۴۴۳
باب ماجاء فی من تولی غیر موالیہ او ادعی الی غیر ابیہ	۴۴۴
باب ماجاء فی الرجل ینفی من ولدہ	۴۴۵
باب ماجاء فی القافۃ	۴۴۶
خبر قائف حجت ہے یا نہیں؟	۴۴۷
باب ماجاء فی حث النبی ﷺ علی الہدیۃ	۴۴۸
تنبیہ	۴۴۸
باب ماجاء فی کراہیۃ الرجوع فی الہبۃ	۴۴۸
مسئلہ رجوع فی الہبۃ	۴۴۹
احناف کے یہاں سات مواقع میں رجوع جائز نہیں	۴۴۹
ابواب القدر عن رسول اللہ ﷺ	۴۵۰
قضاء وقدر کی تحقیق انیق	۴۵۰
مذاہب مختلفہ فی القدر والقضاء	۴۵۰
امام اعظمؒ کا ایک واقعہ اور قدری کو جواب	۴۵۱
کسب وخلق کے مابین فرق	۴۵۱
اہل السنۃ والجماعۃ کے درمیان اختلاف	۴۵۱
اقسام تقدیر	۴۵۱
باب ماجاء من التشدید فی الخوض فی القدر	۴۵۲
حل عبارت	۴۵۲

مضامین	صفحہ نمبر
روایت میں کئی مباحث ہیں	۴۵۳
باب ماجاء فی الشقاء والسعادۃ	۴۵۴
باب ماجاء ان الاعمال بالخواتیم	۴۵۵
جمع خلق سے کیا مراد ہے؟	۴۵۶
باب ماجاء فی کل مولود یولد علی الفطرۃ	۴۵۷
فطرت سے کیا مراد ہے اس بارے میں متعدد اقوال ہیں	۴۵۷
ذراری المشرکین	۴۵۹
باب ماجاء فی لا یرد القدر الا الدعاء	۴۵۹
کیا دعا وغیرہ سے تقدیر بدلتی ہے؟	۴۵۹
فائدہ	۴۶۰
باب ماجاء ان القلوب بین اصبعی الرحمٰن	۴۶۰
اصبعی الرحمٰن سے کیا مراد ہے؟	۴۶۰
باب ماجاء فی ان اللہ کتب کتابا لاہل الجنۃ واہل النار وکلتابان	۴۶۱
باب ماجاء لا عدوی ولا ہامۃ ولا صفر	۴۶۲
ولا ہامۃ ولا صفر کی تحقیق	۴۶۳
باب ماجاء فی الایمان بالقدر خیرہ وشرہ	۴۶۳
باب ماجاء ان النفس تموت حیث ما کتب لہا	۴۶۴
باب ماجاء لا ترد الرقی الا دواء من قدر اللہ شیئا	۴۶۵
باب ماجاء فی القدریۃ	۴۶۵
المرجئۃ القدریۃ	۴۶۵
باب	۴۶۶
باب ماجاء فی الرضاء بالقضاء	۴۶۶
اشکال مع جوابات	۴۶۷

مضامین	صفحہ نمبر
مخلوق اول کیا ہے؟	۴۶۸
اشکال وجوابات	۴۷۰
مطلب	۴۷۰
ابواب الفتن عن رسول اللہ ﷺ	۴۷۰
فتن کی تحقیق	۴۷۰
باب ماجاء لایحل دم امرءٍ مسلم الا باحدیٰ ثلث	۴۷۱
سوال وجواب	۴۷۱
باب ماجاء فی تحریم الدماء والاموال	۴۷۲
حج اکبر کا مصداق	۴۷۲
یوم حج اکبر کا مصداق اس میں متعدد اقوال ہیں	۴۷۳
تنبیہ	۴۷۳
ان الشیطان قد أیس کے معنی	۴۷۳
باب ماجاء لایحل لمسلم ان یروع مسلما	۴۷۴
باب ماجاء فی اشارة الرجل علی اخیہ بالسلاح	۴۷۵
باب النہی عن تعاطی السیف مسلولا	۴۷۵
باب من صلی الصبح فہو فی ذمۃ اللہ عزوجل	۴۷۶
روایت کا مطلب	۴۷۶
باب فی لزوم الجماعۃ	۴۷۶
جماعت سے کیا مراد ہے	۴۷۷
باب ماجاء فی نزول العذاب اذا لم یغیر المنکر	۴۷۸
باب ماجاء فی الامر بالمعروف والنہی عن المنکر	۴۷۹
معروف ومنکر کی تعریف	۴۸۰
باب ماجاء فی تغییر المنکر بالید او باللسان او بالقلب	۴۸۱
باب	۴۸۲

مضامین	صفحہ نمبر
مثال کی وضاحت	۴۸۲
باب افضل الجہاد کلمۃ عدل عند سلطان جائر	۴۸۳
افضل الجہاد کیوں ہے؟	۴۸۳
باب سوال النبی ﷺ ثلاثا فی امتہ؟	۴۸۴
باب ماجاء فی الرجل یکون فی الفتنۃ	۴۸۶
اللسان فیہا اشد من السیف	۴۸۷
باب ماجاء فی رفع الامانۃ	۴۸۷
امانت سے کیا مراد ہے	۴۸۸
خلاصۃ المقال	۴۸۹
رفع اشکال	۴۸۹
باب لترکبن سنن من کان قبلکم	۴۹۰
باب ماجاء فی کلام السباع	۴۹۱
باب ماجاء فی انشقاق القمر	۴۹۱
شق قمر کے واقعہ پر کچھ شبہات اور جوابات	۴۹۲
باب ماجاء فی الخسف	۴۹۲
علامات عشر	۴۹۳
کیفیت طلوع شمس	۴۹۴
فائدہ	۴۹۵
باب ماجاء فی طلوع الشمس من مغربہا	۴۹۶
استیذان شمس کا مطلب	۴۹۷
باب ماجاء فی خروج یاجوج وماجوج	۴۹۷
یاجوج وماجوج کی تحقیق	۴۹۹
باب ماجاء فی صفۃ المارقۃ	۵۰۰
خوارج	۵۰۱

مضامین	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی الاثرة	۵۰۱
باب ما اخبر النبی ﷺ اصحابہ بما ہو کائن الی	
یوم القیامۃ	۵۰۲
باب ماجاء فی اہل الشام	۵۰۵
سوال وجواب	۵۰۵
طائفہ منصورین کا مصداق	۵۰۶
باب لاترجعوا بعدی کفارا یضرب بعضکم رقاب بعض	۵۰۶
باب ماجاء انہ تکون فتنۃ القاعد فیہا خیر من القائم	۵۰۷
روایت کا مطلب	۵۰۷
فتنہ کے وقت قتال کا حکم	۵۰۸
باب ماجاء ستکون فتنۃ کقطع اللیل المظلم	۵۰۸
یبیع احدکم دینہ بعرض من الدنیا کا مطلب	۵۰۹
رب کاسیۃ فی الدنیا عاریۃ فی الآخرۃ کے مختلف مطالب	۵۰۹
امیر کی اطاعت کی تحقیق	۵۱۰
باب ماجاء فی الہرج	۵۱۱
باب ماجاء فی اتخاذ السیف من خشب	۵۱۳

مضامین	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی اشراط الساعۃ	۵۱۳
لخمسین امرأۃ قیم واحد کا مطلب	۵۱۴
اشکالات وجوابات	۵۱۵
باب	۵۱۷
تشریح روایت	۵۱۸
باب ماجاء فی قول النبی ﷺ بعثت انا الخ	۵۲۰
باب ماجاء فی قتال الترک	۵۲۰
باب ماجاء اذا ذہب کسریٰ فلا کسریٰ بعدہ	۵۲۱
کسریٰ وقیصر کا تعارف	۵۲۱
اذا ہلک الخ اشکال وجواب	۵۲۲
باب لاتقوم الساعۃ حتی تخرج نار من قبل الحجاز	۵۲۲
باب ماجاء لاتقوم الساعۃ حتی یخرج کذابون	۵۲۳
فائدہ	۵۲۳
باب ماجاء فی ثقیف کذاب ومبیر	۵۲۴
حجاج بن یوسف	۵۲۴

عرض مرتب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم اما بعد!

زیرِ نظر کتاب "انعام المنعم فی شرح السنن" ترمذی شریف جلد ثانی سے متعلق حضرت الاستاذ الحاج مولانا رئیس الدین صاحب استاذ حدیث مظاہر علوم (وقف) سہارنپور کے درس ترمذی کا مجموعہ ہے اس کے اول وثانی دو جزء شائع ہو کر منظر عام پر آ چکے ہیں اللہ رب العزت نے ان کو قبولیت سے نوازا اور بہت کم عرصہ میں کئی ایڈیشن ختم ہو گئے بعد میں دونوں جزؤں کو ایک جلد میں بہترین خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ شائع کیا گیا طبقۂ اہل علم میں اس بات کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ اس کی باقی جلدیں بھی جلد از جلد طبع ہوں۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور حضرت الاستاذ کی محنت وتوجہ سے یہ سلسلہ آگے بڑھا اور اب اس کے چاروں جزء ایک جلد میں طبع ہو کر آپ کے ہاتھوں میں موجود ہیں۔ فللہ الحمد و المنۃ۔

جزء ثالث ورابع باب ماجاء فی الحجامۃ سے شروع ہو کر ابواب الزہد پر ختم ہوئے ہیں اس طرح اب تک ترمذی شریف کے ۶۴ صفحات آچکے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ جزء اول وثانی کی طرح اس کو بھی اہل علم کے درمیان مقبول ومبرور فرمائے اور طلبۂ حدیث کے لئے مفید ثابت ہو۔ حضرت الاستاذ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور باقی جلدوں کی تکمیل کی توفیق وہمت بخشے۔ آمین

وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت و الیہ انیب۔

محمد علی حسن نہٹوری

استاذ مدرسہ مظاہر علوم (وقف) سہارنپور

۲۴ ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ

☆......☆......☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ حرف تقدیم ﴾

الحمد للّٰہ رب العالمین الذی شرح صدور من اصطفاھم من خیار المؤمنین لنصرۃ و کشف الظلام عن هدی سیدی الاولین و الآخرین ' فبذلوا الجهد فی بیان ما ورد عنه صلی اللہ تعالٰی علیه و علی آله واصحابه و سلم من معالم الدین و اشهد ان لا الٰه الا اللہ وحده لا شریك له الٰهًا صمدا لیس کمثله شیء و هو السمیع البصیر و اشهد ان سیدنا محمدا عبده و رسوله خیر بشیر و نذیر اما بعد!

جب مدرسہ اشرف العلوم گنگوہ ضلع سہارنپور میں ۱۴۰۴ھ میں دورۂ حدیث شریف کا آغاز ہوا تو جامع ترمذی شریف کی تدریس کے لئے قرعۂ فال میرے حق میں نکل آیا اور بفضل ایزدی سات سال تک مسلسل وہاں یہ درس جاری رہا اس کے بعد ۱۴۱۱ھ میں سیدی و مولائی حضرت الاستاذ مولانا مفتی مظفر حسین صاحب مدظلہٗ ناظم اعلیٰ مدرسہ مظاہر علوم وقف سہارنپور اور دیگر حضرات اکابر کے مشورہ سے بندہ کا قیام مظاہر علوم وقف میں تجویز کیا گیا تو حضرت ناظم صاحب مدظلہٗ نے اپنی مشہور و معروف تدریسی کتاب "جامع ترمذی (جلد ثانی)" کے درس کے لئے بندہ کو مامور فرمایا پھر ۱۴۱۵ھ میں اچانک حضرت موصوف کی علالت پیش آجانے کے بعد جلد اول کے اکثر حصے کو ہر سال ہی پڑھانے کا اتفاق ہوا۔

جامع ترمذی کی اہمیت کے پیش نظر بندہ ہرگز اس کا اہل نہیں مگر حضرت مدظلہ کی بزرگانہ شفقتیں اور عنایات بندہ کو ہمیشہ سے حاصل ہیں جن کا ظہور مختلف انواع سے ہوتا رہتا ہے۔ میرے لئے لائق صد تشکر و امتنان ہیں کہ کتاب مذکور از اول تا آخر حضرت مفتی صاحب مدظلہ العالی سے پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی اور حضرت والا کی حیات مبارکہ میں حضرت ہی کے حکم سے ان کے زیر سایہ اس کی تدریس کا موقع میسر ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ حضرت الاستاذ دامت برکاتہم کی عمر میں برکت عطا فرمائے اور ہم خدام کے سروں پر حضرت کے سایہ کو تا دیر بایں ہمہ فیوض و برکات قائم و دائم رکھے اور زیادہ سے زیادہ استفادہ کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

دور میں ساغر رہے گردش میں پیمانہ رہے
میکشوں کے سر پہ یا رب پیر میخانہ رہے

۱۴۰۴ھ سے اب تک بہت سے طلبہ کا درس کی تقریر ضبط کرنے کا معمول رہا ہے۔ ہمارے بعض مخلصین و محبین اور علمائے کرام نے اصرار فرمایا کہ اگر یہ تقریر نظر ثانی کے بعد شائع ہو جائے تو نہایت مفید ہو بندہ اپنی بضاعتی کی بنا پر اس کو ٹالتا رہا کہ اکابر کی تقاریر تو طبع ہوتی ہی رہتی ہیں مگر بعض حضرات کا خیال یہ ہوا کہ جلد اول کی تقاریر تو شائع ہوتی ہیں لیکن جلد ثانی پر اب تک شاید کوئی تقریر شائع نہیں ہوئی۔ اہل علم کے پیہم اصرار کے بعد میں نے ارادہ کر لیا کہ اس پر نظر ثانی کر لی جائے۔ چنانچہ مولوی مفتی محمد علی حسن نہٹوری سلمہ نے ۱۴۱۴ھ میں مظاہر علوم وقف سہارنپور میں دورۂ حدیث شریف پڑھا اور وہ ماشاء اللہ ذی استعداد و فہیم ہیں انہوں نے جو تقریر

ضبط کی تھی اس کو اصل بناتے ہوئے نظر ثانی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا اور عزیز موصوف ساتھ ساتھ اس کی تبییض بھی کرتے رہے ماشاء اللہ دیکھتے ہی دیکھتے اچھا خاصا سواد جمع ہو گیا جس کو حضرت الاستاذ مفتی صاحب مدظلہ کی خدمت میں پیش کیا تو حضرت نے جستہ جستہ اس پر نظر فرمائی اور مفید مشوروں سے بھی نوازا۔ جزاھم اللّٰہ تعالٰی اور فرمایا کہ طبع کرائیے انشاء اللہ مفید ہے۔

درس ترمذی کے رجال پر بحث از حد ضروری ہے اس لئے مستقل عنوان قائم کر کے "رجال حدیث" کے مختصر مختصر حالات بھی تحریر کر دیئے گئے ہیں۔

ارادہ تھا کہ جلد اول کم از کم پانچ سو صفحات پر مشتمل ہو مگر اخیر سال کی تدریسی مشغولی نیز اسباب طباعت کی قلت کی بنا پر یہ طے پایا کہ جزء اول کے نام سے فی الحال جس قدر تبییض ہو گئی ہے اسی قدر شائع ہو جائے کہ پھر قسط وار شائع کرنے میں سہولت بھی ہو گی اور کام بھی اطمینان سے ہو گا بریں بنا تو کلاً علی اللہ جزء اول جو "ابواب الاطعمہ وابواب الاشربہ" پر مشتمل ہے شائع کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مزید کام کی توفیق عطا فرمائے اور جو کچھ لکھا گیا ہے اس کو قبول فرمائے وما توفیقی الا باللّٰہ۔

مجموعہ تقریر کے لئے میری خواہش تھی کہ اس کا تاریخی نام ہو چنانچہ بندہ نے اپنی اس خواہش کا اظہار مخدومی ومطاعی حضرت الحاج مولانا مفتی عبدالقدوس صاحب رومی مدظلہ سے کیا تو حضرت موصوف نے از راہ کرم متعدد اسماء تاریخ تجویز فرمائے اور خاص طور پر تحریر فرمایا کہ "انتجاب المنن فی شرح السنن" معروف بہ "حل الترمذی" بہتر معلوم ہوتا ہے کہ نام بھی دو ہو گئے اور تاریخی ہونے کے ساتھ ساتھ بامعنی ہیں لہٰذا بمشورہ اکابر اسی کو اختیار کیا گیا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس سلسلہ میں جملہ معاونین کی اعانت وسعی دنیا وآخرت میں قبول ہو آمین

بجاہ النبی الامین صلی اللّٰہ تعالٰی علی خیر خلقہ محمد و آلہ واصحابہ اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین۔

رئیس الدین غفرلہ المظاہری

استاذ حدیث مظاہر علوم (وقف) سہارنپوری یو پی

۳۔ رجب المرجب ۱۴۱۹ھ

☆......☆......☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿کلماتِ طیبات﴾

فقیہ الاسلام حضرت مولانا مفتی مظفر حسین صاحب مدظلہ العالی
ناظم اعلیٰ جامعہ مظاہر علوم وقف سہارنپور

حامداً و محمداً و مصلیاً و مسلماً ...... اما بعد

شغف فی الحدیث ایسا مبارک شغل ہے جس کے لئے حق تعالیٰ شانہ نے ہر دور اور ہر زمانہ میں کچھ رجال مخصوص فرما کر ان کی سعادت پر مہر ثبت فرمادی ہے ایسے لوگ بمصداق ارشاد رسول صلی اللہ علیہ وسلم **نضر اللّٰہ امرأ سمع مقالتی فحفظھا ووعاھا و اداھا کما سمع** ۔ دنیا و آخرت کی حقیقی کامیابی و کامرانی اور دائمی سرسبزی و شادابی کے مستحق ہیں یہی وجہ ہے کہ حضرات محدثین اور علمائے کرام نے ہر دور میں حدیث پاک کے ساتھ پورا پورا اعتناء فرمایا اور تدریس و تحدیث نیز تصنیف و تالیف کے ذریعہ حدیث پاک کی ایسی عظیم الشان قوی البرہان، حیرت انگیز اور متنوع الانواع خدمت انجام دی جو سابقین اولین کا بہترین کارنامہ اور لاحقین و آخرین کے لئے نہایت روشن اور تابناک مشعل راہ ہے۔

یوں تو ایسے باکمال افراد و اشخاص **لا تعد و لا تحصی** ہیں اور حضرات صحابہؓ کے دور سے لے کر بعد کے محدثین تک ایک طویل فہرست ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ اس میدان میں جو مقام و مرتبہ اور شرف و امتیاز حضرات ائمہ ستہ کو حاصل ہے وہ ان حضرات کا خاص شرف و امتیاز اور موہوب من اللہ فضل و کمال ہے۔ یہ حضرات علم حدیث کے ایسے درخشندہ آفتاب و ماہتاب ہیں کہ دنیائے علم و عمل ان کے فیض منیر سے ہمیشہ مستفیض مستنیر ہوتی رہے گی۔

ان ائمہ میں حضرت امام ترمذیؒ کی شان جداگانہ ہے آپ کو علم حدیث کے مختلف فنون کے جمع کرنے کے لحاظ سے جو امتیاز حاصل ہے اس میں آپ کا کوئی شریک و سہیم نہیں۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ "ترمذی کی جامع ان کی کتابوں میں سب سے بہتر تصنیف ہے بلکہ متعدد وجوہ سے جمیع کتب حدیث سے احسن ہے۔

اس مبارک کتاب کی عظمت و برکت، اہمیت و افادیت اور جداگانہ نوعیت کے سبب محدثین اور علمائے کرام نے اس کے متعدد شروح و حواشی سپرد قلم فرمائے ہیں جن میں حافظ ابوبکر بن العربیؒ سے لے کر حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ اور حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا قدس سرہما العزیز تک بہت سے اہل قلم سے شاہکار عربی زبان کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہیں تو بعض متاخرین علماء کے افادات اور درسی تقاریر اردو زبان کے لباس میں ملبوس ہیں اور اس طرح اردو عربی ہر دو زبان میں سنن کے متعلق کافی مواد موجود ہے۔ مگر اکثر جلد اول سے متعلق ہے اس لئے ضرورت تھی کہ کوئی مصنف جلد اول کی طرح جلد ثانی پر بھی قلم اٹھا کر شائقین تشنہ لب کے لئے سامان تسکین بہم پہنچائے۔

الحمدللہ یہ کام ایک ایسے نوجوان فاضل کے حصہ میں آیا جو ایک طرف مرکز رشد و ہدایت جامعہ مظاہر علوم (وقف) سہارنپور کے سابق ناظم و روح رواں حجۃ الاسلام مولانا محمد اسعد اللہ صاحبؒ کے صحبت یافتہ و تربیت یافتہ ہیں تو دوسری طرف ایک مدت مدید گنگوہ کے جامعہ میں حدیث و تفسیر و دیگر علوم و فنون کی بہت سی کتابیں پڑھا کر اب عرصہ سے اپنی مادر علمی مظاہر علوم وقف کی آغوش رحمت میں تدریسی خدمات پر مامور اور تندہی کے ساتھ مصروف عمل ہیں۔ بضاعتنا رُدّت الینا۔

پیش نظر مجموعہ ''انتخاب الحسن فی شرح السنن'' ترمذی جلد ثانی کی تشریح و توضیح ہے جو عزیز مکرم مولانا رئیس الدین صاحب مظاہری کی درسی تعلیقات' اساتذہ کے افادات' ان کے سالہا سال کی محنت' جدو جہد اور جانفشانی کا نچوڑ ہے اور ان کے علوم کا امین ہے۔

نوجوان مرتب کے طرز نگارش نے ان کو تالیفی جامہ پہنا کر طلبۂ عزیز کے لئے آسان تر بنا دیا ہے۔ اس طرح اب یہ مجموعہ انشاء اللہ اسہل و اقرب الی التناول ھی' و ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

اس مجموعہ کے اصل مسودہ کے جو بعض اوراق میری نظر سے گذرے ہیں میں نے ان کو مفید معلومات اور نفع بخش مشمولات پر حاوی پایا ہے جس کے پیش نظر مجھے یہ کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ انشاء اللہ یہ مجموعہ اہل علم کے حلقہ میں استحسان کی نظر سے دیکھا جائے گا اور طلبۂ عزیز کے لئے نافع اور مفید ثابت ہوگا۔

اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔ اخیر میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس سعی و کاوش کو مقبول و مبرور فرمائے اور بہمہ نوع ترقیات ظاہرہ اور باطنہ سے نوازے۔

العبد
مظفر حسین المظاہری
۶۔ رجب ۱۴۱۹ھ

☆......☆......☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْحِجَامَةِ

الْحِجَامَةُ: بکسر الحاء از باب نصر بمعنی نشتر لگانا۔ یہ مصدر و اسم مصدر دونوں طرح مستعمل ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ نَا هَمَّامٌ وَ جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَا نَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَجِمُ فِي الْأَخْدَعَيْنِ وَ الْكَاهِلِ وَ كَانَ يَحْتَجِمُ بِسَبْعَ عَشْرَةَ وَ تِسْعَ عَشْرَةَ وَإِحْدَى وَ عِشْرِينَ۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سنگی لگواتے تھے گردن کی دونوں جانب کی رگوں میں اور کندھے پر اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پچھنے لگواتے تھے سترہ، انیس اور اکیسویں تاریخوں میں۔

الاخدعین: گردن کے دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کے نام ہیں کہا جاتا ہے۔ فلان شدید الاخدع فلاں گردن کش ہے۔

الکاهل: گردن کے قریب پیٹھ کے ابھرے ہوئے حصہ کو کہا جاتا ہے جس کو کندھا کہتے ہیں۔

وجہ حجامت اور اس کی ابتداء

• زمانہ قدیم میں غذائیں اچھی ہوتی تھیں خاص طور پر اہل عرب کے یہاں ثقیل اور نہایت مقوی غذاؤں کا استعمال ہوتا تھا جس سے بدن میں خون کی زیادتی تھی اور مختلف امراض لاحق ہونے کا خطرہ ہو جاتا تھا نیز گرمی بھی شدید اور مزاج بھی گرم اس لئے بالخصوص اہل عرب کو زائد خون نکلوانا پڑتا تھا تاکہ امراض سے حفاظت رہے اس کو عربی میں حجامت یعنی سنگی لگوانا یا پچھنے لگوانا کہا جاتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بھی ضرورۃً سنگی لگوائی ہے اہل عرب کے یہاں حجامت کا زیادہ استعمال تھا۔

روایت الباب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجامت (سنگی لگوانے) کے عمل کو بیان کیا گیا ہے علامہ ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ اہل حجاز اور گرم مقامات پر رہنے والے لوگوں کا خون پتلا ہوتا ہے جس کا رخ ظاہر بدن کی طرف ہوتا ہے۔ نیز بدن کے مسامات بھی بڑے ہوتے ہیں تو ایسی صورت میں فصد کرانا خطرے سے خالی نہیں چونکہ خون زیادہ مقدار میں خارج ہونے کا امکان ہے اس لئے ایسے لوگوں کو سنگی لگوانا مفید ہوتا ہے نہ کہ فصد

حجامت کے فوائد

اہل طب نے اپنے تجربات کی روشنی میں بدن کے مختلف مقامات پر پچھنے لگوانے کو مختلف امراض کے لئے شافی فرمایا ہے اور مجموعی طور پر حجامت امراض دمویہ کے لئے مفید ہے مثلاً اگر امراض کا عارضہ کثرت دم اور فساد خون کی بنا پر ہے تو گردن کی رگوں میں سنگی لگوانا مفید ہے نیز سر، چہرے، دانت، آنکھ، کان، ناک کے امراض کے لئے بھی مفید ہے۔ کندھے پر حجامت مضر ہے مگر حلق کے درد کے لئے مفید ہے۔ پیر کے اوپر والے حصہ پر حجامت رانوں اور پنڈلیوں کے زخموں کے لئے مفید ہے اسی طرح ٹھوڑی کے نیچے

حجامت سر کے لئے تنقیہ کا باعث ہے اور دانت، چہرے اور حلقوم کے درد کے لئے مفید ہے سینے کے نیچے حجامت خارش اور چھوٹی چھوٹی پھنسیوں کے لئے مفید ہے۔ نیز بواسیر وغیرہ کے لئے بھی فائدہ مند ہے اسی طرح حجامت علی المقعدة آنتوں کے لئے نافع ہے اور فساد حیض کے لئے شافی ہے۔

روی ابو نعیمؒ من حدیث ابن عباسؓ مرفوعًا الحجامة فی الراس شفاء من سبع الجنون والجذام، والبرص والنعاس ووجع الاسنان والاضراس والصداع والظلمة فی العین و عن ابن عمرؓ بسند لا باس به یرفعه "الحجامة تزید فی الحفظ والعقل" (الحدیث)

وکان یحتجم بسبع عشر الخ: امام بخاری نے اس سلسلہ میں ایک باب منعقد کیا ہے کہ حجامت کس قدر کرائی جائے جس میں حضرت ابوموسیٰؓ کا اثر ذکر کیا ہے لفظه انه احتجم لیلاً پھر ابن عباسؓ کی روایت احتجم النبی صلی الله علیه وسلم و هو صائم ذکر فرمائی ہے۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ مختلف احادیث میں اوقات حجامت کا ذکر وارد ہوا ہے مگر مقصود اس سے تعیین وقت نہیں ہے بلکہ جب ضرورت ہو اسی وقت سنگی لگوائی جا سکتی ہے جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بوقت ضرورت سنگی لگوائی ہے حتی کہ بحالت صوم ضرورت پڑی تو اس وقت بھی پچھنے لگوائے ہیں

اوقات حجامت کے بارے میں احادیث

اول حدیث ابن عمر رضی الله عنه رواه ابن ماجه مرفوعًا فَاحْتَجِمُوْا عَلٰی بَرَکَةِ اللّٰهِ یَوْمَ الْخَمِیْسِ وَیَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَالثُّلَاثَاءِ وَاجْتَنِبُوا الْحِجَامَةَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ وَالْجُمُعَةِ وَالسَّبْتِ وَالْاَحَدِ۔

اس کے بالمقابل دوسری روایت ہے: عن ابی بکرة قال ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال یوم الثلثاء یوم الدم وفیه ساعة لایرقا معها۔ (رواہ ابوداؤد)

خلالؒ فرماتے ہیں کہ امام احمدؒ نے اس حدیث کی بناء پر چہارشنبہ، جمعہ، شنبہ، یکشنبہ کو سنگی لگوانا مکروہ قرار دیا ہے چنانچہ ایک شخص نے چہارشنبہ کو سنگی لگوائی تو اس کو برص کی بیماری ہوگئی۔ دوم: حدیث ابوہریرۃؓ رواہ ابوداؤد مرفوعًا من احتجم سبع عشرة وتسع عشر واحدی وعشرین کان شفاء من کل داء روایت مذکورہ فی الباب سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے۔

اطباء کا اتفاق ہے کہ حجامت مہینہ کے نصف آخر میں اور اس کے بعد جتنی زیادہ نافع ہے۔ مہینہ کے شروع اور بالکل اخیر میں اتنی مفید نہیں ہے، موفق بغدادیؒ فرماتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ مہینہ کے شروع میں خون کے اندر جولانی ہوتی ہے آخر ماہ میں زیادہ سکون اور درمیان ماہ میں اوسط حالت رہتی ہے اسی وجہ سے نصف ماہ سے پہلے پہلے مفید ہے نیز اطباء نے فرمایا کہ صبح کو ساعت ثانیہ وثالثہ میں زیادہ نافع ہے نیز بحالت بھوک وشکم سیری اور جماع وحمام کے بعد بھی زیادہ نافع نہیں ہے۔

وفی الباب عن ابن عباسؓ ہو المذکور فی الباب حدیث معقل بن یسارؓ اخرجہ حرب بن اسماعیل الکرمانی صاحب احمد۔

هذا حدیث حسن غریب (اخرجہ ابوداؤد وابن ماجہ) امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی تحسین فرمائی ہے۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت علی شرط الشیخین ہے چنانچہ ابوداؤد نے اس کو باسناد صحیح نقل فرمایا ہے وصححہ الحاکم۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُدَيْلِ بْنِ قُرَيْشٍ نَا الْكُوْفِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحٰقَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ اُسْرِيَ بِهٖ اَنَّهٗ لَمْ يَمُرَّ عَلٰى مَلَاٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ اِلَّا اَمَرُوْهُ اَنْ مُرْ اُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات کے متعلق فرمایا کہ اس رات میں فرشتوں کی جس جماعت کے پاس بھی میں گذرا انہوں نے مجھ سے کہا کہ اپنی امت کو سنگی لگوانے کا حکم فرمایئے۔

عن لیلة: یہ مجرور منون ہے اور غیر منون بھی پڑھا جاسکتا ہے کہ فعل کی طرف مضاف ہو کما فی قولہ تعالیٰ یوم ینفع الصادقین صدقھم۔ اسری بہ یہ مجہول کا صیغہ ہے ملأ اس سے مراد جماعت عظیمہ ہے اَنْ تفسیر یہ ہے مُرْ صیغہ امر ہے اَمَرُوْهُ یعنی فرشتوں نے اللہ کی جانب سے حکم دیا، یا یہ کہا جائے کہ ملأ اعلیٰ نے متفقہ طور پر باہم مشورہ کر کے امر حجامت کو میرے سامنے پیش کیا۔

اجرت پر سنگی لگا کر آمدنی لاتے تھے اور ایک غلام ان کے اور ان کے گھر والوں کے سنگی لگاتا تھا اور عکرمہؓ نے کہا کہ ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سنگی لگانے والا کیا ہی اچھا غلام ہے جو زائد خون کو ختم کردیتا ہے پیٹھ کے بوجھ کو ہلکا کردیتا ہے اور نگاہ کو تیز کرتا ہے اور ابن عباسؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج میں نہیں گذرے ملائکہ کی کسی جماعت پر مگر انہوں نے آپؐ سے عرض کیا کہ آپؐ پر سنگی لگوانا لازم ہے اور فرمایا کہ وہ تاریخ جس میں تمہارا سنگی لگانا بہتر ہے وہ سترہ، انیس اور اکیسویں تاریخیں ہیں اور فرمایا کہ بہترین طریقہ علاج جو تم اختیار کرو وہ ناک کے ذریعہ دوا ٹپکانا اور منہ کے ذریعہ دوا ٹپکانا اور حجامت یعنی سنگی لگوانا اور پیٹ کی صفائی کی دوا ہے اور بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ میں دوا ٹپکائی ہے حضرت عباسؓ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے معلوم کیا کہ کس نے میرے منہ میں دوا ٹپکائی ہے تو سب خاموش رہے پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ رہے کوئی گھر میں مگر اس کے منہ میں دوا ٹپکائی جائے سوائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباسؓ کے۔

یُغِلَّانِ: بضم الیاء وکسر الغین ماخوذ من الاغلال اس کا مادہ غلۃ ہے جس کے معنی ہیں کرایہ کی آمدنی، غلام کی اجرت اور زمین کی آمدنی پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ دو غلام سنگی لگا کر اس کی آمدنی حضرت ابن عباسؓ کو دیتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ سنگی لگانے پر اجرت لینا جائز ہے۔ نعم العبد الحجام آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگی لگانے والے غلام کی تعریف بیان فرمائی ہے کہ اس کے سنگی لگانے کی وجہ سے انسان کو سکون ملتا ہے اور کئی طرح سے اس کو فائدہ ہوتا ہے خون کی زیادتی کی وجہ سے بدن بوجھل ہوجاتا ہے خاص طور پر پیٹھ میں بھاری پن ہوجاتا ہے سنگی کے ذریعہ وہ بھاری پن دور ہوجاتا ہے نیز آنکھوں کی دھند اور گندگی سنگی کے ذریعہ صاف ہوجاتی ہے روایت سے متعلق باقی مباحث جزء ثانی ۲۷۲/۲ پر گذر چکے ہیں۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه الحاكم وفي الباب عن عائشة اخرجه احمد

بَابُ مَا جَاءَ فِي التَّدَاوِيْ بِالْحِنَّاءِ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ بِالْخَيَّاطِ نَا فَائِدٌ مَوْلٰى لِآلِ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ

جَدَّتِهٖ وَ كَانَتْ تَخْدِمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَا كَانَ يَكُوْنُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرْحَةٌ وَلَا نَكْبَةٌ اِلَّا اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَضَعَ عَلَيْهَا الْحِنَّاءَ

ترجمہ: علی بن عبیداللہ اپنی دادی سے روایت کرتے ہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتی تھیں وہ کہتی ہیں کہ نہیں ہوتا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی زخم تلوار، پتھر اور کانٹے کا مگر یہ کہ مجھے حکم دیتے کہ میں اس پر مہندی لگا دوں۔

قرحة: بفتح القاف وضمہا تلوار یا چھری کا زخم کما قال تعالیٰ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ الخ

نکبة: بفتح النون والباء وہ زخم جو پتھر یا کانٹے سے لگا ہو یہاں مراد عام زخم ہے پھوڑا پھنسی بھی اس میں داخل ہے۔

مہندی کے فوائد

مہندی میں برودت ہے جو زخم کی گرمی اور خون کے نکلنے کی تکلیف کیلئے مخفف اور مسکن ہے اسی طرح خارش، بدن کی سوزش نیز پیروں کے تلوؤں کی گرمی کے لئے بھی نافع ہے اور پیروں کی انگلیوں کے درمیان کی خارش کے لئے بھی مفید ہے بسا اوقات انگلیوں کے درمیان جو کھال گلنے لگتی ہے اس کے لئے مفید ہے وقد جربنا ھا مرارًا۔

هذا حديث غريب اخرجه ابن ماجه

صاحب تحفہ فرماتے ہیں کہ ظاہر تو یہ ہے کہ یہ حدیث حسن بھی ہے اگرچہ مصنفؒ نے صحت وحسن وضعف کے بارے میں کچھ نہیں فرمایا۔

وروى بعضهم عن فائد فقال عن عبيد الله بن عليؓ عن جدته سلمىٰ و عبيد الله بن علي اصح

امام موصوفؒ کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ بعض لوگوں نے سند میں علی بن عبیداللہ کی جگہ عبیداللہ بن علی کہا ہے اور یہی صحیح ہے چنانچہ تقریب میں ہے کہ عبادل، عبیداللہ بن علی و علی بن عبیداللہ تینوں ایک ہیں جن لوگوں نے علی بن عبیداللہ کہا وہ درست نہیں، صحیح عبیداللہ بن علی ہے، عبادل لقب ہے ان کا سلسلۂ نسب اس طرح ہے عبیداللہ بن علی بن ابی رافع المدنی یہ اپنی دادی سلمیٰ سے روایت کرتے ہیں جو صحابیہؓ ہیں اور ابو رافع کی زوجہ ہیں امام موصوفؒ نے اس کے بعد حدثنا محمد بن العلاء الخ سے صحیح سند ذکر فرمائی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الرُّقْيَةِ

الرقية: بضم الراء وسکون القاف بمعنی جھاڑ پھونک، منتر اس کی جمع رُقیٰ بضم الراء آتی ہے۔

جھاڑ پھونک کا شرعی حکم

جو جھاڑ پھونک آیات قرآنیہ، اسمائے الٰہیہ یا ذکر اللہ سے ہو وہ بالاتفاق جائز ہے نیز جن عربی کلمات کے معنی معلوم ہوں اور وہ دین وشریعت کے خلاف نہ ہوں تو ان سے بھی جھاڑ پھونک جائز ہے البتہ ایسے کلمات جو کفریہ ہیں یا ان کے معنی معلوم نہیں احتمال ہو کہ ان میں کلمۂ کفریہ ہے تو ایسے کلمات کے ذریعہ جھاڑ پھونک جائز نہیں ہے۔

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَقَّارِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ

عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اکْتَوٰی اَوِ اسْتَرْقٰی فَهُوَ بَرِیٌّ مِّنَ التَّوَکُّلِ۔

ترجمہ: مغیرہ بن شعبہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص داغ لگوائے یا رقیہ کرے تو وہ توکل سے بری ہے۔

مذکورہ روایت سے ظاہر ہوا کہ جھاڑ پھونک توکل کے خلاف ہے اس لئے ترجمۃ الباب سے کراہت رقیہ ثابت ہے اگلے باب میں وہ روایات ذکر کی گئی ہیں جن سے جھاڑ پھونک کی اباحت ثابت ہوتی ہے۔ والتفصیل سیاتی۔

و فی الباب عن ابن مسعودؓ رواہ ابوداؤد و ابن عباسؓ اخرجه الترمذی و عمران بن حصینؓ اخرجه الطحاوی هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد و النسائی و ابن ماجة و الحاکم و ابن حبان۔

بَابُ مَاجَاءَ فِی الرُّخْصَةِ فِیْ ذٰلِكَ

حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْخُزَاعِیُّ نَا مُعَاوِیَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ عَاصِمِ نِ الْاَحْوَلِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حَارِثٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِی الرُّقْیَةِ مِنَ الْحُمَةِ وَالْعَیْنِ وَالنَّمْلَةِ

ترجمہ: حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی ہے بچھو کے ڈنک اور نظر بد اور پہلو کی پھنسیوں کے لئے رقیہ (جھاڑ پھونک) کرنے کی۔

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ نَا یَحْیٰی بْنُ اٰدَمَ وَ اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَا ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ یُوْسُفَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِی الرُّقْیَةِ مِنَ الْحُمَةِ وَ النَّمْلَةِ

ترجمہ: روایت کا ترجمہ ظاہر ہے۔

و فی الباب عن بریدةؓ اخرجه مسلم و ابن ماجة و عمران بن حصینؓ اخرجه الترمذی و جابرؓ اخرجه مسلم و عائشةؓ الرخرجه الشیخان و طلق بن علیؓ اخرجه الطحاوی و عمرو بن حزمؓ اخرجه ابن ماجه و ابی خزامة عن ابیه اخرجه الترمذی فی باب لا ترد الخ۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنْ حُصَیْنٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا رُقْیَةَ اِلَّا مِنْ عَیْنٍ اَوْ حُمَةٍ

ترجمہ: عمران بن حصینؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں ہے جھاڑ پھونک مگر نظر بد اور بچھو کے کاٹنے سے۔

الحمة: علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ یہ میم کی تخفیف کے ساتھ صحیح ہے اور تشدید کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے بچھو کے ڈنک مارنے پر اس کا اطلاق ہوتا ہے اس کی اصل حمو یا حمی ہے آخر میں تاء واو یا یاء کے عوض میں ہے۔

العین: اس سے مراد انسان یا جنات کی نظر بد لگنا ہے۔ النملة: بفتح النون وسکون المیم وہ پھنسیاں جو پہلو اور پسلیوں پر نکل آتی ہیں۔

جھاڑ پھونک کے سلسلہ میں روایات متضاد و مختلف وارد ہوئی ہیں بعض سے جواز اور بعض سے عدم جواز معلوم ہوتا ہے۔

روایات عدم جواز

اول: روایت مغیرۃ بن شعبہؓ مذکورۃ فی ہذا الباب۔ دوم: حدیث ابن مسعودؓ اخرجہ ابوداؤد و فیہ ان الرقی و التمائم و التولۃ شرک۔ (الحدیث) سوم: حدیث ابن عباسؓ اخرجہ الترمذی ج ۲۔ ۶۷۔ ھم الذین یکتوون ولا یسترقون ولا یتطیرون و علی ربھم یتوکلون۔ (الحدیث) چہارم: حدیث عمران بن حصینؓ اخرجہ الطحاوی یہ روایت حضرت ابن عباسؓ کی روایت کے ہم معنی ہے۔

روایات جواز

اول: حدیث انسؓ مذکورۃ فی الباب۔ دوم: حدیث بریدۃؓ اخرجہ مسلم و ابن ماجہ لفظہ لا رقیۃ الامن عین او حمۃ۔ سوم: حدیث عمران بن حصینؓ اخرجہ الترمذی فی الباب۔ چہارم: حدیث جابرؓ اخرجہ مسلم لفظہ نھی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عن الرقی فجاء آل عمرو بن حزم فقال یا رسول اللہ انہ کانت عندنا رقیۃ نرقی بھا من العقرب و انت نھیت عن الرقی فعرضوھا علیہ فقال ما اری بھا باسًا من استطاع منکم ان ینفع اخاہ فلینفعہ۔ پنجم: حدیث عائشۃؓ اخرجہ الشیخان قالت امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یسترقی من العین۔ ششم: حدیث عائشۃؓ اخرجہ الشیخان قالت رخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرقیۃ من کل ذی حمۃ۔ ہفتم: حدیث طلق بن علیؓ اخرجہ الطحاوی قال کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلدغتنی عقرب فجعل یمسحھا و یرقیہ۔ ہشتم: حدیث عمرو بن حزمؓ اخرجہ ابن ماجہ لفظہ عرضت او اعرضت النھشۃ من الحیۃ علی رسول اللہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فامر بھا۔ نہم: حدیث ابی خزامۃ عن ابیہ اخرجہ الترمذی فی الباب لا ترد الرقی والدواء من قدر اللّٰہ شیئًا۔ دہم: حدیث ابی سعید الخدریؓ فی الباب الآتی۔ یازدہم حدیث اسماء بنت عمیسؓ فی الباب الآتی بعدہ۔

مذکورہ روایات کے مابین تطبیق

ان مذکورہ بالا متضاد روایات کے درمیان علماء نے مختلف طرح تطبیق دی ہیں۔

اول: روایات عدم جواز کا محمل وہ الفاظ عجمیہ ہیں جن کے معنی معلوم نہ ہوں کیونکہ ان میں کفر کا اندیشہ ہے اور روایات جواز کا محمل وہ ادعیہ ہیں جو ماثور و منقول ہیں۔ دوم: عدم جواز ان لوگوں کے حق میں ہے جو رقیہ کو مؤثر بالذات سمجھتے ہوں کما کانت الجاہلیۃ تزعمہ اور روایات جواز کا محمل وہ صورت ہے کہ جھاڑ پھونک کو صرف اسباب کے درجہ میں سمجھا جائے جس طرح طب میں دوا کے ذریعہ علاج و معالجہ ہوتا ہے۔ سوم: علامہ توربشتیؒ نے فرمایا کہ اولاً عدم جواز تھا پھر منسوخ ہو کر اجازت ہوگئی واستقر الشرع علی الاذن چنانچہ جملہ روایات جواز سے اور آثار سلف سے یہی مستفاد ہوتا ہے۔ نیز ابواب الدعوات کی روایات سے اجازت معلوم ہوتی ہے۔ چہارم: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں فقد برئ من التوکل کا مطلب یہ ہے کہ بلا ضرورت داغ لگوانے والا اور

جھاڑ پھونک پر اعتماد کرنے والا توکل کے اعلیٰ مقام اور اوسط مقام سے بری ہے بلکہ اس کو ادنیٰ درجہ بھی حاصل نہیں ہے البتہ اگر مجبوراً داغ لگوایا یا شرعی حدود میں رہتے ہوئے جھاڑ پھونک کی تو توکل کا ادنیٰ درجہ اس کو حاصل ہے اس لئے کہ اس سے ان چیزوں کو محض اسباب کے طور پر اختیار کیا ہے ان کو مؤثر بالذات نہیں سمجھا۔

لا رقية الامن عين او حمة: یعنی جھاڑ پھونک زیادہ نافع اور بہتر ان دو قسم کے مریضوں کے لئے ہے۔(۱) جس کو نظر بد ہو۔(۲) جس کے بچھو نے ڈنک مار دیا ہو نیز دوسرے امراض و اسقام کے لئے بھی نفع بخش ہے۔ حصر یہاں پر مقصود نہیں چنانچہ دوسری احادیث میں دیگر امراض کے لئے جھاڑ پھونک کرنا وارد ہے۔

حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں اس کے معنی یہ ہیں کہ مناسب نہیں کہ آدمی اضطراراً رقیہ کرے مگر ان دونوں مرضوں میں یعنی بحالت اضطرار ان دونوں امراض میں جھاڑ پھونک کرے ان کے علاوہ دیگر امراض میں رقیہ نہ کرنا بہتر ہے مگر ظاہر ہے کہ دیگر احادیث میں دوسرے امراض سے بھی رقیہ کرنا وارد ہوا ہے لہٰذا دوسرے امراض کے لئے بھی رقیہ جائز ہے۔

وروی شعبة هذا الحديث عن حصين عن الشعبي عن بريدة بعض نسخوں میں عن بریدۃ کے بعد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم واقع ہوا ہے۔ امام بخاریؒ نے اس روایت کو عمران بن حصینؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے اسی طرح ابوداؤد، احمد، ابن ابی شیبہ اور مالک نے بھی اس کو نقل فرمایا ہے البتہ ہشیم و شعبہ نے اس کو مرفوعاً ہی نقل کیا ہے کمافی مسلم و احمد امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ شعبہ نے بھی مرفوعاً نقل کیا ہے مگر انہوں نے عمران بن حصینؓ کی جگہ بریدہؓ فرمایا ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرُّقْيَةِ بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ

حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ الْكُوفِيِّ نَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ بِالْمُزَنِيِّ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَانِّ وَ عَيْنِ الْاِنْسَانِ حَتّٰى نَزَلَتِ الْمُعَوِّذَتَانِ فَلَمَّا نَزَلَتَا اَخَذَ بِهِمَا وَ تَرَكَ مَا سِوَاهُمَا۔

ترجمہ: ابوسعید خدریؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنات سے اور انسانی بدنظری سے تعوذ فرماتے تھے حتی کہ معوذتین نازل ہوگئیں پس جب نازل ہوگئیں یہ دونوں سورتیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو اختیار فرمالیا اور ان کے علاوہ کو چھوڑ دیا۔

يتعوذ من الجان و عين الانسان: اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح تعوذ فرماتے تھے اعوذ بالله من الجان و عين الانسان۔

حاصل روایت یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنات اور نظر بد کے لئے ابتداءً مذکورہ لفظوں کے ذریعہ تعوذ فرماتے تھے مگر جب معوذتین نازل ہوگئیں تو پھر اکثر ان ہی کے ذریعے تعوذ فرماتے تھے اور دوسرے طریقوں سے کم تعوذ فرماتے تھے۔

معوذتین کا نزول

مسند احمد وغیرہ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر لبید بن اعصم یہودی نے جادو کر دیا تھا جس کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یادداشت پر اثر ہوگیا تھا اس کے علاج کے لئے اللہ تعالیٰ نے معوذتین نازل فرمائیں جس کی تفصیل کتب تفسیر

میں مذکور ہے۔

معوذتین دنیوی واخروی ہر قسم کی آفات سے حفاظت کا قلعہ ہے

ان دونوں سورتوں میں دنیوی واخروی آفات سے پناہ مانگی گئی ہے مستند احادیث میں ان دونوں سورتوں کے بے شمار فضائل وبرکات منقول ہیں۔حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی بیماری پیش آتی تو ان دونوں سورتوں کو دم کرکے سارے بدن پر پھیر لیتے تھے اور جب مرض الوفات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکلیف بڑھی تو میں یہ دونوں سورتیں پڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں پر دم کردیتی تھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بدن پر پھیر لیتے تھے کیوں کہ میرے ہاتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں کے بدل نہیں ہوسکتے تھے (رواہ مالک) ایک روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں سورتوں کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرتے تھے (رواہ ابوداؤد والنسائی) عقبہ ابن عامرؓ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو معوذتین پڑھائیں پھر مغرب کی نماز میں بھی یہ دونوں سورتیں پڑھیں پھر فرمایا کہ ان دونوں سورتوں کو سونے کے وقت بھی پڑھو اور اٹھنے کے بعد بھی۔(رواہ النسائی)

خلاصہ: یہ ہے کہ تمام آفات سے محفوظ رہنے کے لئے یہ دونوں سورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کا معمول تھیں۔حافظ ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ ان دونوں سورتوں کے منافع اور برکات کے سبب لوگوں کو ان کی حاجت وضرورت ایسی ہے کہ کوئی انسان ان سے مستغنی نہیں ہوسکتا ہے ان دونوں سورتوں کو سحر اور نظر بد اور تمام آفات جسمانی وروحانی کو دور کرنے میں تاثیر عظیم ہے۔

و فی الباب عن انسؓ اخرجہ ۲/۲۲۲ ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ النسائی و ابن ماجہ و الضیاء

بَابُ مَاجَاءَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ

العین: عانہ یعینہ عینا فہو عائن اذا اصابہ بالعین وکذا یقال اصابتہ فلانا عین اذا انظر الیہ عدو او حسود یعنی نظر بد کی وجہ سے جب بیماری ہوجائے اس موقع پر مذکورہ بالا عبارت اہل عرب کے یہاں مستعمل ہے اور جس کو نظر لگ جائے اس کو معیون کہا جاتا ہے۔

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عُرْوَةَ وَهُوَ ابْنُ عَامِرٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ الزُّرَقِيِّ اَنَّ اَسْمَاءَ بِنْتَ عُمَيْسٍ قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ وُلْدَ جَعْفَرٍ تُسْرِعُ اِلَيْهِمُ الْعَيْنُ اَفَاَسْتَرْقِيْ لَهُمْ قَالَ نَعَمْ فَاِنَّهُ لَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابِقَ الْقَدْرِ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ۔

ترجمہ: اسماء بنت عمیسؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (میری اولاد) جو جعفر سے ہے ان کی طرف نظر بد جلدی اثر انداز ہوجاتی ہے کیا میں ان کے لئے جھاڑ پھونک کرسکتی ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں کیونکہ کوئی چیز اگر قدر وقضاء سے آگے بڑھنے والی ہوتی تو نظر بد اس سے آگے بڑھ جاتی۔

روایت کا مطلب: حضرت جعفرؓ کی اولاد نہایت خوبصورت تھی جن پر نظر بد زیادہ اثر انداز ہوتی تھی تو اسماءؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم کیا کہ ان پر جھاڑ پھونک کرسکتی ہوں یا نہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نظر بد تو نہایت مؤثر ہے جس کا اثر بہت جلد ہوجاتا ہے چونکہ اللہ کی تقدیر وقضاء ہمیشہ غالب رہتی ہے اگر اس پر کوئی چیز غالب آتی تو نظر بد ایسی ہے کہ ہر شئی

پر غالب آجاتی مگر اللہ کی تقدیر پر کوئی چیز غالب نہیں آتی اس وجہ سے نظر بد اس پر غالب نہیں ہوتی۔

عقیدہ: اہل سنت والجماعت فرماتے ہیں ہر شئی میں مؤثر تو اللہ کی ذات ہے کہ بغیر اس کے حکم کے کوئی اثر نہیں ہوتا مگر نظر بد کا اثر بحکم الٰہی بہت جلد ہو جاتا ہے۔

تشریح: ولد جعفرؓ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں ولد بضم الواو وسکون اللام اور بعض حضرات نے بفتح الواو واللام بھی ضبط کیا ہے۔ تسرع بضم التاء و کسر الراء اور بفتح التاء بھی ضبط کیا گیا ہے بمعنی تعجل یعنی ان بچوں کے کمال حسن صوری و معنوی کی بنا پر نظر بد ان پر جلدی اثر انداز ہو جاتی ہے۔

نظر بد کی تاثیر: بعض علماء نے بیان فرمایا کہ عائن (جس کی نظر لگے) کی نظر سے زہریلا اثر معیون (جس کو نظر لگے) کے جسم تک پہنچتا ہے کہ اس کی وجہ سے معیون بیمار ہو جاتا ہے۔ عائن کی یہ نظر استحبابی ہوتی ہے چنانچہ بعض مرتبہ کسی عمدہ شئی کو استحبابی نظر سے دیکھا گیا تو فوراً اس میں نقص پیدا ہو گیا کہ ایک شخص نے ایک بہت عمدہ آئینہ دیکھا اور کہا کہ کس قدر عمدہ ہے اس کا پانی اور وہ کس قدر صاف و شفاف ہے تو فوراً اس میں شگاف آ گیا اسی طرح واصلین کاملین اور عارفین کی نظر کی تاثیر بسا اوقات کافر کو مؤمن بنا دیتی ہے فاسق و فاجر کو صالح بنا دیتی ہے رات دن اس کا مشاہدہ ہوتا رہتا ہے۔

و فی الباب عن عمر ان بن حصینؓ اخرجه الترمذی و بریدةؓ اشار الیه الترمذی فیما تقدم۔ هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد و النسائی و ابن ماجه و الطحاوی و قد روی هذا عن ایوب عن عمرو ابن دینار الخ: مصنفؒ نے اس روایت کے دوسرے طریق کی طرف اشارہ کیا ہے جس طرح عمرو بن دینار سے سفیان نے روایت کیا ہے اسی طرح ایوب نے بھی عمرو بن دینار سے اس کو نقل کیا ہے۔

فوائد حدیث

مذکورہ روایت سے حجامت کی تاکید و اہمیت معلوم ہوئی نیز اس امت سے ملأ اعلیٰ کا خصوصی تعلق و محبت کا ہونا بھی معلوم ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اس حکم پر خاموش رہنا اور امت کو یہ حکم نقل فرمانا مزید اس کے اہتمام واعتناء پر دال ہے۔ اہل معرفت فرماتے ہیں کہ احادیث حجامت کے مخاطبین بوڑھے حضرات نہیں ہیں کیونکہ ان کے بدن میں حرارت کم ہوتی ہے چنانچہ طبریؒ نے سند صحیح ابن سیرینؒ سے نقل کیا ہے۔ قال اذا بلغ الرجل اربعین سنة لم یحتجم جب آدمی چالیس سال کی عمر کو پہنچ جائے تو وہ سنگی نہ لگوائے اس کی وجہ یہ ہے کہ چالیس سال کی عمر ہونے کے بعد بدن میں کمزوری ہو جاتی ہے اور سنگی لگوانے سے مزید کمزوری پیدا ہو جائے گی لیکن اگر کسی کے قویٰ مضبوط ہوں یا عادت ہو تو ضرورت کی وجہ سے مضائقہ نہیں۔

هذا حدیث حسن غریب اخرجه ابن ماجة عن انسؓ

حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ نَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ كَانَ لِابْنِ عَبَّاسٍ غِلْمَةٌ ثَلٰثَةٌ حَجَّامُونَ فَكَانَ اثْنَانِ يُغِلَّانِ وَ وَاحِدٌ يَحْجُمُهُ وَ يَحْجُمُ اَهْلَهُ قَالَ وَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم نِعْمَ الْعَبْدُ الْحَجَّامُ يَذْهَبُ بِالدَّمِ وَ يُخِفُّ الصُّلْبَ وَيَجْلُو عَنِ الْبَصَرِ وَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ عُرِجَ

بِهٖ مَامَرَّ عَلٰى مَلَإٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلَّا قَالُوْا عَلَيْكَ بِالْحِجَامَةِ وَقَالَ اِنَّ خَيْرَ مَا تَحْتَجِمُوْنَ فِيْهِ يَوْمَ سَبْعَ عَشْرَةَ وَ يَوْمَ تِسْعَ عَشْرَةَ وَ يَوْمَ اِحْدٰى وَ عِشْرِيْنَ وَقَالَ اِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ السَّعُوْطُ وَاللَّدُوْدُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمَشِيُّ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَدَّهُ الْعَبَّاسُ وَ اَصْحَابُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَدَّنِيْ؟ فَكُلُّهُمْ اَمْسَكُوْا فَقَالَ لَا يَبْقٰى اَحَدٌ مِّمَّنْ فِي الْبَيْتِ اِلَّا لُدَّ غَيْرَ عَمِّهِ الْعَبَّاسِ۔

ترجمہ: حضرت عکرمہؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباسؓ کے تین غلام سنگی لگاتے تھے دوتو حدثنا بذلك الحسن بن علي الخلال الخ: سے دوسرے طریق کی اپنی سند بیان فرمائی ہے۔

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَيَعْلٰى عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ يَقُوْلُ اُعِيْذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ وَيَقُوْلُ هٰكَذَا كَانَ اِبْرَاهِيْمُ يُعَوِّذُ اِسْحٰقَ وَ اِسْمٰعِيْلَ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسنؓ وحسینؓ پر جھاڑ پھونک اس طرح فرماتے تھے اُعِيْذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَ هَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ اور فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیمؑ بھی اسحاق واسماعیل علیہما السلام پر اسی طرح تعوذ فرماتے تھے۔

يَقُوْلُ اُعِيْذُكُمَا: یہ لفظ یعوذ کی تفسیر وبیان ہے۔ بکلمات اللہ اس سے مراد یا تو قرآن کریم اور یا "اللہ" کے اسماء وصفات ہیں علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا کلام اور اس کے اسماء وصفات کو تامہ اس وجہ سے کہا گیا کہ وہ نقص وعیب سے پاک ہیں بعض حضرات فرماتے ہیں تامہ کے معنی یہ ہیں کہ ان کلمات کے ذریعہ تعوذ نافع اور آفات سے حفاظت کا ذریعہ ہے۔

الهامّة: کے معنی ایسا زہریلا جانور جس کے کاٹنے سے آدمی ہلاک ہوجائے اس کی جمع ہوام آتی ہے۔ اور جو جانور زہریلا تو ہے مگر اس سے ہلاکت نہیں ہوتی اس کو سامہ کہا جاتا ہے مثلاً بچھو، بھڑ وغیرہ بعض مرتبہ ہوام کا اطلاق کل مایدب علی الارض پر بھی ہوتا ہے یعنی ہر وہ جانور جو زمین پر چلتا ہو جیسے حشرات الارض وغیرہ۔

و من كل عين لامة: اس سے مراد ایسی نظر ہے جو تکلیف کا ذریعہ بنے نہایہ میں ہے کہ لمہ جنون کی ایک قسم ہے جو انسان کو عارض ہوتی ہے۔ حاصل یہ ہے کہ ایسی نظر بد سے پناہ چاہتا ہوں جو جنون پیدا کردے۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الخ: اس سے موصوف نے سفیانؒ کی روایت کے دوسرے طریق کی طرف اشارہ کیا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه ابن ماجه

بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ وَ الْغُسْلُ لَهَا

نظر بد حق ہے: یعنی نظر بد کا لگنا حق وثابت ہے اہل سنت والجماعۃ نظر بد کے ثبوت وتحقق کے قائل ہیں مگر بغیر حکم الٰہی کے کوئی چیز مؤثر نہیں ہوتی جس طرح امراض وتکلیف کے دیگر اسباب ہیں اسی طرح نظر بد بھی ایک سبب عادی ہے علامہ مازریؒ فرماتے ہیں کہ بعض طبائعین نے بیان کیا کہ دراصل نظر بد کا اثر اس طرح ہوتا ہے کہ عائن کی نظر سے اثر سمیت معیون کے اوپر اثر

انداز ہو جاتا ہے جس طرح بچھو اور سانپ کی سمیت لدیغ تک پہنچ جاتی ہے اور اس سے متاثر ہو جاتا ہے اگرچہ ظاہراً کوئی نشان و علامت نہ بھی تحقق ہو لیکن علامہ مازریؒ نے فرمایا کہ طبائع کا مؤثر بالذات ہونا مسلم نہیں کیونکہ بغیر حکم الٰہی کے طبائع بھی مؤثر نہیں ہوتی ہیں جن کا رات و دن ہم مشاہدہ کرتے رہتے ہیں مریض دوائیں کرتا ہے مگر شفا نہیں ہوتی اسی طرح پیاسا پانی پیتا ہے مگر پیاس نہیں بجھتی ہے اگر غور کیا جائے تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ طبعیات کی تاثیر مشروط بخلق اللہ ہے یہیں پہنچ کر انسان خالق کا قائل ہو جاتا ہے اور یہ کہنے پر مجبور ہوتا ہے کہ مؤثر بالذات اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی نہیں ہے بلکہ اس مذکورہ نظریہ کو اس طرح تعبیر کیا جائے تو بہتر ہے کہ بحکم الٰہی عاین کی نظر سے غیر مرئی جواہر لطیفہ اٹھ کر معیون تک پہنچ جاتے ہیں اور اس کے جسم کے مسامات میں خلل انداز ہو جاتے ہیں اب اللہ ان جواہر لطیفہ کو مؤثر بنا دیتے ہیں جس سے معیون کو نقصان ہوجاتا ہے کہ بسا اوقات ہلاکت تک نوبت پہنچ جاتی ہے جس طرح زہر کا پیالہ کوئی شخص پیتا ہے تو بحکم الٰہی عادۃً موت واقع ہو جاتی ہے البتہ اس کے خلاف بھی ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے باوجود زہر پینے کے موت واقع نہیں کی ہے۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ نَا يَحْيَى بْنُ كَثِيْرٍ نَا اَبُوْ غَسَّانَ الْعَنْبَرِيُّ نَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ ثَنَا حَيَّةُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيْمِيُّ ثَنَا اَبِيْ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا شَيْءَ فِي الْهَامِ وَالْعَيْنُ حَقٌّ۔

ترجمہ: حابس تمیمیؒ نے بیان کیا کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہوئے سنا کوئی شئی نہیں ہے ہام کے بارے میں اور نظر بد حق و ثابت ہے۔

لاشیء فی الھام: یعنی ہام کے بارے میں جو مختلف اعتقاد رکھتے ہیں وہ کوئی شئی نہیں ہے۔

ہام کی تحقیق اور اس کی تفسیر میں علماء کے اقوال

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں "ہام بتخفیف المیم قال النووی وبتشدید المیم قال جماعۃ حکاہ القاضی عن ابی زید الانصاری امام اللغۃ۔

ہام کی تفسیر کے بارے میں شراح کے دو قول ہیں۔

اول: اہل عرب کسی رات کے پرندے کے بارے میں بدفالی و بدشگونی کرتے تھے چنانچہ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ بوم یعنی الو کے بارے میں ان کا عقیدہ یہ تھا کہ جس مکان پر وہ آ جائے تو وہ گھر برباد ہو جاتا ہے۔

دوم: اہل عرب کا عقیدہ تھا کہ میت کی ہڈیاں یا اس کی روح پرندہ کی صورت میں گھروں میں گھومتی رہتی ہے اور مختلف مطالبات کرتی رہتی ہے اکثر علماء نے یہی تفسیر کی ہے بعض حضرات فرماتے ہیں ممکن ہے دونوں معنی ایک ساتھ مراد ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کا ابطال کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ کوئی چیز نہیں ہے اور یہ ضلالت و گمراہی ہے اور یہ اعتقاد باطل ہے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ الْبَغْدَادِيُّ نَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحٰقَ الْحَضْرَمِيُّ نَا وُهَيْبٌ عَنِ ابْنِ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدْرَ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ وَاِذَا اسْتُغْسِلْتُمْ فَاغْسِلُوْا۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی چیز قدر وقضا پر غالب آتی تو نظر بد اس پر غالب آتی (کہ وہ زود اثر ہے) اور جب تم سے (اس کے علاج کے لئے) غسل طلب کیا جائے تو غسل کرلیا کرو یعنی معہود غسل جس کی تفصیل دوسری حدیث میں ہے۔

وَاِذَا اسْتُغْسِلْتُمْ: بصیغہ مجہول ای اذا طلبتم فاغسلوا ای اطرافکم عن طلب المعیون ذلک من العاین۔

معیون کے لئے عاین کا اغتسال

غسل للمعیون کا رواج زمانہ قدیم سے ہی تھا کہ جس کی نظر کسی کو لگ جاتی تو عاین کے اطراف وغیرہ کو دھو کر معیون پر ڈال دیتے تھے جس سے نظر بد کا اثر زائل ہو جاتا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زمانہ قدیم کی طرح اسی تجربہ کو باقی رکھتے ہوئے یہ حکم فرمایا ہے علامہ مازریؒ نے اس اغتسال کے بارے میں علماء کے دو قول نقل فرمائے ہیں وجوب، استحباب، موصوف نے اول کی تصحیح فرمائی ہے جب کہ معیون کی ہلاکت کا اندیشہ ہو اور عاین کے اغتسال کا اس کے لئے شافی ہونا تجربۃً یقینی ہو جیسا کہ کسی مضطر، فاقہ کش کو کھانا کھلانا صاحب طعام پر واجب ہے۔

کیفیت اغتسال: اس اغتسال اور وضو کی کیفیت سہل بن حنیفؓ کی روایت میں وارد ہے جس کی تخریج احمد ونسائی نے کی ہے نیز ابن حبان نے اس کی تصحیح فرمائی ہے۔

حاصل روایت: یہ کہ سہل بن حنیفؓ وغیرہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے کہ سہل بن حنیفؓ کو تیز بخار ہو گیا اور گر پڑے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کسی پر نظر بد کا شبہ ہے انہوں نے عامر بن ربیعہؓ کا نام لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غصہ ہو کر فرمایا کہ کیا تم اپنے بھائی کو قتل کرنا چاہتے ہو جب کوئی چیز اچھی معلوم ہو تو کیوں نہیں برکت کی دعا کر دیتے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو چہرا اور ہاتھ کہنیوں سمیت اور گھٹنوں تک پیر نیز داخل ازار مقام کے دھونے کا حکم فرمایا بعض حضرات نے فرمایا صرف ازار کا وہ حصہ جو متصل بالفرج ہے اس کو دھونے کا حکم فرمایا اور اس پانی کو ایک برتن میں جمع کیا گیا اور سہل بن حنیفؓ کے اوپر پیچھے سے ڈالنے کا حکم فرمایا جیسے ہی یہ پانی ڈالا گیا ان کو اللہ نے شفا دیدی۔

فائدہ: علامہ مازریؒ فرماتے ہیں کہ اس مذکورہ پانی کا شافی ہونا بظاہر غیر معقول المعنی ہے مگر شرعاً ثابت ہے علامہ ابن عربیؒ فرماتے ہیں اس پانی کے بارے میں توقف کرنے والے دو طرح کے افراد ہو سکتے ہیں متشرع یعنی مسلمان تو ان کے لئے جواب ظاہر ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ہی اس کی حکمت سے واقف ہیں پھر تجربہ سے اس کا شافی ہونا معلوم ہوتا ہے اور معائنہ اس کی تصدیق کرتا ہے اور اگر کوئی فلسفی توقف کرے تو اس کو ہم کہیں گے کہ ادویہ کے بارے میں غور کیا جائے بعض مرتبہ وہ بذات خود موثر ہوتی ہیں اور بعض مرتبہ موثر نہیں ہوتیں جس کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی ہے مگر پھر بھی لوگ از روئے تجربہ ان ادویہ کو استعمال کرتے رہتے ہیں تو جس طرح ادویہ غیر معقول المعنیٰ ہونے کے باوجود تجربۃً مستعمل عند الناس ہیں اسی طرح پانی بھی تجربہ کی روشنی میں مستعمل ہونا چاہئے۔

علامہ ابن القیمؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص اس پانی کی کیفیت مذکورہ کے بارے میں شک کرے یا خدانخواستہ اس کا مذاق

اڑائے یا غیر معتقد ہو کر تجربۃً استعمال کرے اس کو شفا نہ ہوگی اور جو شخص اس کی تاثیر کو تسلیم کرتے ہوئے معتقداً استعمال کرے تو انشاء اللہ اس کو شفاء ہوگی بہرحال اور یہ دیگر اشیاء کے خواص اور آثار کو اہل دنیا نے تسلیم کیا ہے حالانکہ وہ غیر معقول ہیں اسی طرح خواص شرعیہ ہیں گو وہ ہمارے لئے غیر معقول المعنیٰ ہیں مگر جب شرع نے ان کو بیان کیا ہے تو ہم کو تسلیم کرنا چاہئے۔

معالجہ بالاغتسال حقیقۃً معقول المعنیٰ بھی ہے علاوہ ازیں یہ بات بھی ہے کہ اس اغتسال مذکور کے ذریعہ علاج غیر مناسب نہیں ہے جب کہ عقول صحیحہ بھی اس کو تسلیم کرتی ہیں مثلاً تریاق جو سانپ کے گوشت سے تیار ہوتا ہے اور اس کے کاٹے ہوئے زہر کے اثر کو زائل کرنے والا ہے حالانکہ یہ غیر معقول المعنیٰ ہے اسی طرح غصہ کرنے والے کے بدن پر دوسرا آدمی کوئی ہاتھ رکھ کر بات کرلے تو اس کے غضب کا علاج ہو جاتا ہے کہ غصہ ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔ بس اسی طرح نظر بد کا اثر شعلۂ نار کی طرح ہے جو معیون کے جسم پر موثر ہوتا ہے اغتسال مذکور کے ذریعہ اس شعلۂ نظر کو بجھا دیا جاتا ہے پھر نظر بد کا اثر عموماً اعضائے رقیقہ پر زیادہ ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ مواضع مخصوصہ اصول فخذین و فرج اعضائے رقیقہ ہیں پھر شیاطین و ارواح کو ان مواضع سے خصوصی ربط بھی ہے لہٰذا ان اعضاء کا غسل اس شعلہ نار کو بجھانے کے لئے کیوں موثر نہ ہوگا۔

تنبیہ: معالجہ بالاغتسال المذکور کے بارے میں یہ مختصر بحث ضرورۃً کردی گئی ہے تا کہ شکوک و شبہات سے دوری ہو اور احادیث کے بارے میں کوئی شخص متردد نہ ہو۔

و فی الباب عن عبداللّٰہ بن عمرؓ فلینظر من اخرجہ ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و مسلم و غیرھا و حدیث حیۃ بن حابس حدیث غریب الخ

پہلی حدیث کے بارے میں فرما رہے ہیں حیۃ بن حابس کی روایت ہے جو انہوں نے اپنے والد حابس تمیمی سے نقل کی ہے وہ غریب ہے کہ خود ان کے والد حابس آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے نقل کرنے میں منفرد اور وہ بھی اکیلے اپنے والد سے نقل کرنے والے ہیں البتہ اسی روایت کو شیبان نے یحیی بن ابی کثیر عن حیۃ بن حابس عن ابی ہریرۃؓ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم نقل کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ روایت مسانید ابی ہریرہؓ میں سے ہے مگر علی بن المبارکؒ اور حرب بن شدادؒ نے ابو ہریرہؓ کا ذکر نہیں کیا ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِی اَخْذِ الْاَجْرِ عَلَی التَّعْوِیْذِ

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍؓ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَنَزَلْنَا بِقَوْمٍ فَسَأَلْنَاهُمُ الْقِرٰى فَلَمْ يَقْرُوْنَا فَلُدِغَ سَيِّدُهُمْ فَاَتَوْنَا فَقَالُوْا هَلْ فِيْكُمْ مَنْ يَّرْقِيْ مِنَ الْعَقْرَبِ قُلْتُ نَعَمْ اَنَا وَلٰكِنْ لَا اَرْقِيْهِ حَتّٰى تُعْطُوْنَا غَنَمًا قَالُوْا فَاِنَّا نُعْطِيْكُمْ ثَلٰثِيْنَ شَاةً فَقَبِلْنَا فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ الْحَمْدَ سَبْعَ مَرَّاتٍ فَبَرَأَ وَقَبَضْنَا الْغَنَمَ قَالَ فَعَرَضَ فِيْ اَنْفُسِنَا مِنْهَا شَيْءٌ فَقُلْنَا لَا تَعْجَلُوْا حَتّٰى تَاْتُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَيْهِ ذَكَرْتُ لَهُ الَّذِيْ صَنَعْتُ قَالَ وَمَا عَلِمْتَ اَنَّهَا رُقْيَةٌ اِقْبِضُوا الْغَنَمَ وَاضْرِبُوْا لِيْ مَعَكُمْ بِسَهْمٍ۔

ترجمہ: ابو سعید خدریؓ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ایک سریہ کے ساتھ روانہ فرمایا ہم نے ایسی قوم کے یہاں پڑاؤ ڈالا کہ ہم نے اس قوم سے ضیافت کے بارے میں کہا مگر انہوں نے ہماری ضیافت نہیں کی پس اتفاقاً ان کے سردار کو کسی زہریلے سانپ یا بچھو نے ڈس لیا تھا وہ ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے تم میں سے کوئی ایسا ہے جو بچھو کے کاٹے کو جھاڑ دے میں نے کہا ہاں میں جھاڑ دوں گا لیکن اس وقت تک نہیں جھاڑوں گا جب تک تم لوگ ہمیں بکریاں نہیں دو گے انہوں نے کہا ہم تم کو تیس بکریاں دیں گے پس ہم نے قبول کر لیا پس میں نے اس لدیغ پر سورۃ الحمد سات بار پڑھی تو وہ ٹھیک ہو گیا اور ہم نے بکریاں اپنے قبضہ میں کر لیں پھر ہمارے دلوں میں شبہ پیدا ہو گیا اور ہم نے باہم کہا کہ جلدی نہ کرو حتی کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہ پہنچ جاؤ۔ فرمایا کہ جب ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے اس عمل کا ذکر کیا جو میں نے کیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کو معلوم نہیں کہ یہ رقیہ ہے بکریوں کو لے لو اور میرے لئے بھی اپنے ساتھ حصہ لگاؤ۔

بعثنا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم فی سریة: دارقطنی کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سریہ کے امیر ابو سعید خدریؓ ہی تھے اسی طرح دوسرے طرق روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کل تیس افراد تھے نیز یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اس قوم کے پاس رات کو قیام کیا تھا۔

لدغ: بضم اللام صیغہ مجہول ہے ماخوذ من اللدغ بالدال المہملۃ والغین المعجمۃ جس کے معنی لسع وزنا ومعنی بمعنی ڈسنا۔ اللذع بالذال المعجمۃ والعین المہملۃ بمعنی الاحراق الخفیف۔

یہاں لدغ بالدال المہملۃ والغین المعجمۃ ہے جس کے معنی زہریلے سانپ یا بچھو وغیرہ کا ڈسنا اکثر اس کا استعمال بچھو کے ڈسنے کے لئے ہوتا ہے چنانچہ روایت مذکورہ میں عقرب کا لفظ واقع بھی ہوا ہے۔

اشکال: نسائی شریف میں یہ روایت بطریق ہشیم وارد ہے تو اس میں انہ مصاب فی عقلہ او لدیغ واقع ہے؟

جواب: اس روایت میں صرف ہشیم کے طریق میں شک کے ساتھ واقع ہے ورنہ باقی تمام طرق میں لدیغ آیا ہے بالخصوص اعمش کے طریق میں تو عقرب کی صراحت ہے۔

اشکال: ابوداؤد، نسائی، ترمذی، نے بطریق خارجہ بن الصلت روایت نقل کی ہے اس میں "وعندهم رجل مجنون موثق فی الحدید" ہے نیز اس روایت میں ہے کہ علاقہ بن صحار نے اس مجنون موثق بالحدید پر تین دن تک دو بار فاتحہ پڑھی تو وہ ٹھیک ہو گیا اور انہوں نے تو بکریاں ان حضرات کو دیں بظاہر دونوں روایتوں میں تعارض ہے۔

جواب: دونوں واقعات الگ الگ ہیں ایک روایت میں جھاڑ پھونک کرنے والے ابو سعیدؓ ہیں اور دوسری روایت میں علاقہ بن صحارؓ ہیں روایتوں کا سیاق وسباق دونوں قصوں کے الگ الگ ہونے پر دال ہے۔

واضربوا لی معکم بسهم: یہ آپ نے تطیباً و تانیساً فرمایا تا کہ صحابہؓ کو اس کے استعمال کرنے میں کوئی شبہ نہ رہے۔

روایت مذکورہ سے جھاڑ پھونک کا جواز معلوم ہوا کہ کتاب اللہ کے ذریعہ یہ جائز ہے نیز اسی طرح ان دعاؤں کے ذریعہ بھی جائز ہے جو ماثور و منقول ہیں یا منقولات کے مشابہ ہیں وقد مر تفصیلہ۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان و ابوداؤد و النسائي و ابن ماجه و رخص الشافعيؒ للمعلم ان يا خذ على تعليم القرآن اجرًا۔

حضرت امام شافعیؒ نے قصۂ مذکورہ سے اجرت علی تعلیم القرآن کے جواز پر استدلال کیا ہے ظاہر ہے کہ قصۂ مذکورہ میں تعلیم کا کوئی ذکر نہیں ہے۔فلیف الاستدلال۔

مسئلہ اجرت علی الطاعات والتعویذ

روایت مذکورہ سے تعویذ پر اجرت لینے کا جواز معلوم ہوا اور اجرت علی الطاعات کے بارے میں روایات بظاہر متعارض ہیں اسی وجہ سے ائمہ کے مابین اختلاف ہو گیا ائمہ ثلثہ کا اصل مسلک اس کے برخلاف ہے ان کے نزدیک تعلیم قرآن وغیرہ پر اجرت لینا جائز ہے ان کا استدلال ابوسعید خدریؓ کی مذکورہ روایت ہی سے ہے اسی طرح انہوں نے ابو محذورہ کی روایت سے بھی استدلال کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اذان کی اجرت عطا فرمائی تھی کما فی النسائی وغیرہ۔

تیسرا استدلال: حدیث ابن عباسؓ لفظه ان احق ما اخذتم عليه اجرًا كتاب الله (رواہ البخاری)

چوتھا استدلال: نیز وہ فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" ماتركت بعد نفقة نسائي و مؤونة عامل فهو صدقة " اور مؤذن اور امام وغیرہ عاملین میں سے ہیں۔حضرات احناف نے ان تمام مستدلات کے جوابات بھی دیے ہیں اور عدم جواز پر دلائل پیش کیے ہیں مگر یہ یاد رہے کہ متقدمین حنفیہ کا قول تو عدم جواز کا ہی ہے البتہ متاخرین حنفیہ نے ضرورت کی بنا پر جواز کا فتویٰ دیا ہے۔

ضرورت کی وضاحت

یہ ہے کہ قرون اولیٰ میں مؤذنین و معلمین ائمہ حضرات کے وظائف بیت المال سے ہوا کرتے تھے ان کو بلا معاوضہ خدمت کرنے میں مشکل نہ تھی مگر یہ سلسلہ اب ختم ہو گیا اور وظائف بند ہو گئے تو ظاہر ہے کہ اذان، امامت قضاء و افتاء میں خلل واقع ہونے لگا بلکہ تمام دینی شعائر میں بدنظمی اور ضیاع کا خطرہ ہونے لگا اس لئے تمام متاخرین حنفیہ نے جواز کا فتویٰ صادر فرمایا پھر اجازت دینے والوں نے دو طرح اس کی تاویل فرمائی ہے اول ایک فریق کہتا ہے کہ یہ حبس اوقات کی اجرت ہے لہٰذا اس صورت میں نہ یہ اجرت علی الطاعات ہے اور نہ خروج عن المذہب الحنفی ہے لیکن اس پر یہ اشکال ہوگا کہ جن طاعات میں حبس اوقات نہیں ہے مثلاً چھٹیوں کے اوقات تو ان کی اجرت کیسے جائز ہوگی؟

دوم: یہ کہ ضرورت شدیدہ کی بنا پر امام شافعیؒ کے مسلک کو اختیار کر لیا گیا جیسا کہ مفقود الخبر کے بارے میں ضرورةً مالکیہ کے مذہب پر فتویٰ دیا گیا ہے جس کو الحیلۃ الناجزہ میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اور ضرورت کی بنا پر مجتہد فیہ مسائل میں اس طرح کی گنجائش ہے البتہ منصوص مسائل میں گنجائش نہیں ہے۔

وروى شعبة و ابو عوانة المتوكل عن ابي سعيد هذا الحديث مصنفؒ موصوف نے اس سے روایت کے دوسرے طرق کی طرف اشارہ کیا ہے کہ یہ روایت متعدد طرق سے ثابت ہے چنانچہ آنے والی روایت شعبة عن ابي بشر قال

سمعت ابا المتوکل ' مروی ہے اس روایت میں حی من العرب واقع ہوا جس کا اطلاق چھوٹے بڑے بطن وقبیلہ پر ہوتا ہے۔

جُعْلاً: بضم الجیم وسکون العین بمعنی اجرت قطیعًا من غنم 'ابن التینؒ فرماتے ہیں کہ اس کے معنی ہیں بکریوں کے ریوڑ کا حصہ بعض حضرات نے فرمایا کہ اس کا غالب استعمال دس سے چالیس تک ہوتا ہے۔ وما یدریک یہ کلمہ برائے تعجب مستعمل ہے اور کبھی کسی شئی کی عظمت کو ظاہر کرنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے یہی معنٰی یہاں مناسب ہیں ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ بعض روایات میں 'قلت الفی فی روعی ' 'دارقطنی کی روایت میں ہے شیء اُلْقِیَ فی روعی یعنی میرے دل میں یہ بات ڈالی گئی کہ یہ رقیہ ہے۔

وھذا اصح من حدیث الاعمش عن جعفر بن ایاس یعنی حدیث شعبہ عن ابی بشر عن ابی المتوکل عن ابی سعیدؓ اصح ہے حدیث اعمش عن جعفر بن ایاسؒ سے حافظ ابن حجرؒ نے امام ترمذیؒ کے اس کلام کے نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ ابن ماجہ نے فرمایا کہ طریق شعبہ صواب ہے نیز دارقطنی نے بھی علل میں طریق شعبہ کو ترجیح دی ہے مگر سنن میں کچھ نہیں فرمایا حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں دونوں طریق محفوظ ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرُّقٰى وَالْاَدْوِيَةِ

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ نَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ اَبِیْ خِزَامَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَیْتَ رُقًی نَسْتَرْقِیْهَا وَدَوَاءً نَتَدَاوٰی بِهٖ وَتُقَاةً نَتَّقِیْهَا هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ شَیْئًا قَالَ هِیَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ۔

ترجمہ: ابوخزامہؒ اپنے باپ یعمر السعدی سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا میں نے سوال کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ کیا بتائیں گے آپ کہ ہم جھاڑ پھونک کریں اور دوا کریں اور اپنے بچاؤ کیلئے ایسا سامان کریں جس سے ہم بچاؤ کرسکیں کیا یہ اللہ کی قدر وقضا کو رد کرسکتے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ بھی تو اللہ کی قضا وقدر ہی سے ہے۔

صحابیؓ کے سوال کا حاصل یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی فرما دیا ہے کہ فلاں امر انجام پذیر ہوگا تو کیا جھاڑ پھونک یا دوا یا ہتھیار وغیرہ کے ذریعہ وہ فیصلہ رد ہوسکتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً فرمایا کہ یہ امور بھی اس کے فیصلہ میں داخل ہے یعنی جس طرح اللہ نے مرض کا فیصلہ فرمایا ہے کہ مرض پیش آئے گا اس کے زوال کا بھی فیصلہ فرما دیا ہے کہ فلاں دوا کے ذریعہ یا فلاں رقیہ وغیرہ کے ذریعہ زائل ہوگا لہٰذا یہ امور بھی اللہ کی قدر وقضا ہی سے ہیں۔ اس وجہ سے امور مذکورہ کا اختیار کرنا تقدیر کے عین مطابق ہے اس کے خلاف نہیں چنانچہ کلام کی تفصیل گذر چکی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے علاج ومعالجہ کا حکم فرمایا ہے۔

حدثنا سعید بن عبدالرحمن الخ امام ترمذیؒ کے فرمان کا حاصل یہ ہے کہ رواۃ نے ابن عیینہ عن الزہری یہ روایت دو طرح نقل کی ہے بعض نے کہا عن ابی خزامۃ عن ابیہ اور بعض نے عن ابن ابی خزامۃ عن ابیہ مگر ابن عیینہ کے علاوہ دیگر رواۃ نے عن الزہری عن ابی خزامۃ عن ابیہ کہا ہے۔ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہی اصح ہے کیونکہ سفیان سے زیادہ تر رواۃ بغیر لفظ ابن ہی روایت کرتے ہیں اور سفیان کے علاوہ نے بھی یہ روایت بغیر ابن ہی نقل کی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْكَمْأَةِ وَ الْعَجْوَةِ

الکمأۃ: بفتح الکاف وسکون المیم بعد ہا ہمزۃ مفتوحۃ ۔علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ عموماً لوگوں نے بغیر ہمزہ پڑھا ہے اس کی جمع الکمأ آتی ہے بفتح الکاف وسکون المیم ثم ہمزہ مثل تمرۃ وتمر مگر ابن الاعرابی نے اس کا عکس فرمایا ہے کہ کمأۃ جمع ہے اور کمأ واحد ہے جو خلاف قیاس ہے بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ کمأۃ کا اطلاق واحد وجمع دونوں پر ہوتا ہے نیز اہل عرب اس کی جمع اکموء بھی استعمال کرتے ہیں۔

الکمأۃ: یہ ایک گھاس ہے جس کے پتے اور جڑ نہیں ہوتا جنگل اور ریتلی زمین میں بغیر بوئے قدرۃً پیدا ہوتی ہے پہلے اہل عرب اس کو نبات الرعد بھی کہتے تھے کیونکہ یہ بادل کی کڑک سے زمین سے نکلتی ہے عربستان میں بکثرت اس کا وجود ہوتا ہے اسی طرح شام، روم، مصر میں بھی بکثرت ہوتی ہے۔ ہندوستان میں بھی اس کا وجود ہے اور اس کو کھنبی کہا جاتا ہے۔

کھنبی کے اقسام اور خواص

یہ تین قسم کی ہوتی ہے۔ اول: بالکل سیاہ اس میں زہر ہوتا ہے اس کو ہرگز استعمال نہ کیا جائے۔ دوم: سرخی وسفیدی ملی جلی ہو اس کا استعمال بھی ٹھیک نہیں ہے۔ سوم: بالکل سفید اس کا پانی آنکھوں کے لئے مفید ہے اگر آنکھ میں سفیدی ہو اس کے پانی کو کئی روز استعمال کیا جائے سفیدی کٹ جائے گی۔ اس کے لگانے سے نظر تیز ہوتی ہے اگر آنکھ گرمی کی وجہ سے دکھتی ہے تو اس کا پانی مفید ہے اگر سردی سے دکھتی ہے تو مضر ہے بلکہ اس کے پانی میں دوسری دوائیں ملا کر آنکھ میں ڈالا جائے۔ بعض نے کہا کہ اگر سردی سے آنکھ دکھتی ہے تو اس کے پانی میں سرمہ بھگویا جائے اور چالیس دن کے بعد اس کو پسوا کر آنکھ میں لگائیں۔ دمیریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کا تجربہ کیا ہے علامہ ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ آنکھوں کے لئے مفید ہونے پر اطباء کا اتفاق ہے۔ اس کو سکھا کر پیس کر کھانے سے اسہال بند ہو جاتے ہیں اگر کسی کی ناف اپنی جگہ سے ہٹ جائے تو سرکہ میں ملا کر لیپ کرنے سے اپنی جگہ پر آ جاتی ہے اگر عورت استعمال کرتی ہے تو اولاد ہوتی بند ہو جائے اس سے خلط غلیظ پیدا ہوتا ہے ہمیشہ استعمال کرنے سے سدے پیدا ہوں گے اور قولنج نیز درد معدہ اور فالج میں مبتلا ہونے کا خطرہ بھی ہے۔ نیز مرض حبس بول کے پیدا ہونے کا بھی اندیشہ ہے تر و تازہ میں بہ نسبت خشک کے زیادہ ضرر ہے اگر تر مٹی میں اس کو دبا دیا جائے تو پھر پانی اور نمک وشھرے میں ڈال کر جوش دیا جائے اور زیتون کے تیل کے ساتھ گرم مسالوں کے ساتھ کھایا جائے تو اس کا نقصان کم ہو جاتا ہے۔

العجوۃ: بفتح العین وسکون الجیم، مدینہ منورہ کی عمدہ کھجوروں میں سے ہے یہ مائل بسواد ہوتی ہے جس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود لگایا تھا اور اس کے لئے برکت کی دعا فرمائی تھی۔

حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ أَبِي السَّفَرِ وَ مَحْمُودُ غَيْلَانَ قَالَا ثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَ فِيهَا شِفَاءٌ مِنَ السُّمِّ وَالْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ۔

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عجوہ کھجور جنت کے پھلوں میں سے ہے اور اس میں زہر سے

شفاء ہے اور کھنبی من میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفاء ہے۔

العجوۃ من الجنۃ: بعض حضرات نے فرمایا جب آدم علیہ السلام کو جنت سے دنیا میں بھیجا گیا تو ان کے ساتھ دنیا کے پھلوں کے ایک ہزار بیج تھے چنانچہ جمع الفوائد میں بروایت بزار ابو موسیٰ اشعری سے مرفوعاً روایت ہے لما اخرج آدم من الجنة زوّده من ثمار الجنة و علمه صفة كل شئي فثمار كم هذه من ثمار الجنة غير ان هذه تتغير و تلك لم تتغير۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح عجوہ کھجور کی اصل جنت سے ہے اسی طرح تمام پھلوں کی اصل بھی جنت سے ہے تو ظاہر ہے کہ اس کو کوئی خاص اہمیت نہ ہوگی ہاں اگر یہ کہا جائے کہ تمام پھلوں میں دنیا میں آنے کے بعد تغیر ہو گیا اور اس میں کم تغیر ہوا ہے تو عجوہ کی فضیلت بیان کرنا مقصود ہوگا۔

علامہ صاویؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ عجوہ کھجور جنت کی عجوہ کھجور کے رنگ و شکل میں مشابہ ہے نہ کہ لذت اور مزے میں علماء فرماتے ہیں کہ مقصود اس سے اس کھجور کی فضیلت ہے کیوں کہ حجاز میں تمام کھجوریں علی الاطلاق انفع ہیں البتہ یہ کھجور الذ و اطیب و الین شمار کی گئی ہے اور یہ جسم کی قوت کو بڑھاتی ہے۔

و فيها شفاء من السم: یعنی زہر کے اثر کے لئے دافع ہے اس میں یہ خاصیت اللہ تعالیٰ نے بذات خود پیدا فرمائی ہے یا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے دعا فرمائی ہے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اس کو لگایا تھا اس وجہ سے اس میں یہ برکت اللہ تعالیٰ نے رکھی ہے۔

الکمأۃ من المن: اس ارشاد کے بارے میں علماء کے متعدد اقوال ہیں۔

اول: یہ اللہ تعالیٰ کی ایسی نعمت ہے جو بندوں پر اس نے نازل فرمائی ہے کہ بغیر مشقت و کلفت کے حاصل ہو جاتی ہے جس طرح من بنی اسرائیل کو بغیر مشقت حاصل ہوتا تھا قاله ابو عبیدۃؒ و جماعة۔

دوم: کھنبی درحقیقت اس من میں سے ہے جو بنی اسرائیل پر نازل کیا گیا تھا کہ پیڑوں کے اوپر شبنم کی شکل میں گرتا تھا جس کو جمع کر کے کھایا جاتا تھا۔ یہاں بھی مقصود یہی ہے جس طرح بنی اسرائیل کو بغیر مشقت من حاصل ہوتا تھا اسی طرح کمأۃ بھی من ہی کے قبیل سے ہے کہ اس کے حصول کے لئے مشقت نہیں اٹھانی پڑتی۔

سوم: عبداللطیف البغدادی اور ان کے متبعین نے فرمایا کہ دراصل وہ من جو بنی اسرائیل پر نازل کیا گیا تھا اس کی مختلف صورتیں تھی بعض شبنم کی صورت میں بعض سبزیوں کی صورت میں بعض شکار کی صورت میں اس طرح کھنبی ہے یہ بھی من معہود ہی کی ایک قسم ہے جو بصورت من ان پر نازل کی گئی تھی۔

وماؤها شفاء للعين: علامہ ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ اس کے بارے میں مختلف اقوال ہیں:

اول: کھنبی کا پانی دوسری ادویہ کے ساتھ ملا کر آنکھوں کے امراض کے لئے شافی ہے ذکرہ ابو عبیدہ۔

دوم: یا اس کے معنی یہ ہیں کہ کھنبی کا پانی آگ میں پکا کر آنکھوں میں ٹپکایا جائے تو آنکھوں کے لئے مفید ہے چونکہ آگ کے ذریعہ اس کے فضلات، مضر مادہ اور تمام رطوبات موذیہ ختم ہو جائیں گی اور پکنے کے بعد وہ نافع ہو جائے گی۔

سوم: بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ اس کے پانی سے مراد بارش کا وہ اول قطرہ ہے جو اس پر گرتا ہے اب اضافت، اضافت

اقتران ہوگی نہ کی اضافت الی الجزء۔

چہارم: ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں شرح مسلم للنوویؒ میں ہے کہ اس سے مراد یا تو خالص کھمبی کا پانی ہے یا مرکب بالا دویہ بعض نے فرمایا اگر آنکھوں میں گرمی ہو تو محض خالص پانی مفید و شافی ہے اور اگر دوسری وجہ سے آنکھوں میں تکلیف ہے تو دوسری ادویہ کے ساتھ ملا کر مفید ہے۔

فائدہ: ابراہیم حربیؒ نے صالح اور احمد بن حنبلؒ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کھمبی کو نچوڑ کر دکھتی آنکھوں میں لگایا تو آنکھوں میں تکلیف بڑھ گئی۔ ابن عبدالباقیؒ نے نقل کیا ہے کہ بعض لوگوں نے کھمبی کے پانی کو آنکھوں میں بطور سرمہ استعمال کیا تو ان کی نگاہ ختم ہوگئی اس کے بالمقابل آگے ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اندھی باندی کی آنکھوں میں یہ پانی استعمال کرایا تو آنکھیں ٹھیک ہوگئیں۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے مشاہدہ کیا بعض لوگوں کی آنکھیں بالکل ختم ہوگئیں تھیں مگر خالص پانی لگانے سے نگاہ لوٹ آئی۔ علماء فرماتے ہیں کہ اصل مدار اعتقاد و نیت پر ہے بعض فرماتے ہیں کہ کھمبی کی مختلف اقسام ہیں بعض مفید ہیں بعض مضر ہیں بہرحال تجویز طبیب ضروری ہے کہ طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اعتقاد بھی طیب مطلوب ہے اور بدن بھی طیب ہو۔ الطیبات للطیبین والطیبون للطیبات۔

وفی الباب عن سعید بن زیدؓ اخرجہ الترمذی بعد ھذا و ابی سعیدؓ و جابرؓ اخرجھما احمد و النسائی و ابن ماجہ۔ ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ احمد و ابن ماجہ۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنِيْ أَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ نَاسًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا اَلْكَمْأَةُ جُدَرِيُّ الْأَرْضِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِّلْعَيْنِ وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَفِيْهَا شِفَاءٌ مِّنَ السُّمِّ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ بے شک صحابہؓ نے عرض کیا کہ کھمبی زمین کی چیچک ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھمبی تو من سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفاء ہے اور عجوہ جنت سے ہے اور وہ شفاء ہے زہر سے۔

ھذا حدیث حسن اخرجہ ابن ماجہ

جدری: بضم الجیم و فتح الدال و کسر الراء و تشدید الیاء چیچک بچوں کے جسم پر دانے نکل آتے ہیں یہ بدن کے اندر مضر فضلہ ہوتا ہے جو بدن پر دانوں کی شکل میں ابھرتا ہے اسی طرح زمین کے اندر فضلات زائدہ ہوتے ہیں وہ کھمبی کی شکل میں زمین پر رونما ہوتے ہیں اس وجہ سے اس کو جدری سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔

حضرات صحابہؓ نے فضلہ ہونے کے اعتبار سے اس کو جدری سے تعبیر فرمایا ہے مگر محقق طبریؒ نے بطریق ابن منکدر عن جابرؓ روایت نقل کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کھمبی کی پیداوار کثیر ہوگئی تو لوگوں نے اس کا استعمال چھوڑ دیا اور کہنے لگے کہ یہ زمین کی چیچک ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان الکمأۃ من المن الخ گویا حضرات صحابہؓ نے اس کو جدری الارض بطور ذم کہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور مدح فرمایا کہ یہ تو اس کے فضل و من میں سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے بطور انعام بغیر مشقت وغیرہ کے عنایت فرمائی ہے یعنی زائد نہیں ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُعَاذٌ ثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ قَالَ حُدِّثْتُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَخَذْتُ ثَلٰثَةَ أَكْمُؤٍ أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا فَعَصَرْتُهُنَّ فَجَعَلْتُ مَاءَهُنَّ فِي قَارُوْرَةٍ فَكَحَلْتُ بِهٖ جَارِيَةً لِي فَبَرَأَتْ۔

ترجمہ: قتادہؒ کہتے ہیں کہ مجھ سے ابوہریرہؓ کے حوالہ سے بیان کیا گیا کہ بے شک انہوں نے فرمایا میں نے تین یا پانچ یا سات کھنبی لی اوران کو نچوڑا اوران کے پانی کوایک شیشی میں کیا اوراپنی باندی کے بطور سرمہ آنکھوں میں ڈالا تو اس کی آنکھیں ٹھیک ہوگئیں۔

حُدِّثْتُ: بصیغۂ مجہول ہے جوروایت کے منقطع ہونے پردال ہے مذکورہ حدیث سے معلوم ہوا کہ کھنبی کا پانی آنکھوں کے لئے مفید ہے مگر کسی طبیب حاذق کی تجویز ضرور ہونی چاہئے کیونکہ کہ اسباب مرض مختلف ہوتے ہیں نیز مزاجوں کا فرق بھی ظاہر ہے جن کوملحوظ رکھتے ہوئے معالجہ مفید ہوا کرتا ہے جیسا کہ تفصیل گذر گئی ہے کہ ایک شئی کسی کے لئے مفید معلوم ہوتی ہے اوروہی شئی دوسرے کے حق میں مضر ہوجاتی ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُعَاذٌ ثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ قَالَ حُدِّثْتُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ الشُّوْنِيْزُ دَوَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ إِلَّا السَّامَ قَالَ قَتَادَةُ يَأْخُذُ كُلَّ يَوْمٍ إِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ حَبَّةً فَيَجْعَلُهُنَّ فِي خِرْقَةٍ فَيَنْقَعُهُ فَيَسْتَعِطُ بِهٖ كُلَّ يَوْمٍ فِي مِنْخَرِهِ الْأَيْمَنِ قَطْرَتَيْنِ وَفِي الْأَيْسَرِ قَطْرَةً وَالثَّانِيْ فِي الْأَيْسَرِ قَطْرَتَيْنِ وَفِي الْأَيْمَنِ قَطْرَةً وَالثَّالِثُ فِي الْأَيْمَنِ قَطْرَةً وَفِي الْأَيْسَرِ قَطْرَةً۔

ترجمہ: قتادہؒ سے منقول ہے کہ مجھ سے بیان کیا گیا بے شک ابوہریرہؓ نے فرمایا شونیز یعنی کلونجی ہر مرض کی دوا ہے سوائے موت کے قتادہؒ فرماتے ہیں کہ ہر دن کلونجی کے اکیس دانے لے اوران کو کسی کپڑے میں کر کے پانی میں بھگو دے پھر اس کے پانی سے ہر دن ناک کے دائیں سوراخ میں دو قطرے اور بائیں میں ایک قطرہ ٹپکائے اور دوسرے دن بائیں میں دو قطرے اور دائیں میں ایک قطرہ اور تیسرے دن دائیں میں دو قطرے اور بائیں میں ایک قطرہ ٹپکائے۔

مذکورہ بالا مضمون حضرت بریدہؓ سے مرفوعاً مروی ہے اخرجه ابو نعيم في الطب و كذا رواه المستغفري في الطب لہٰذا ابوہریرہؓ کا مذکورہ ارشاد خود ان کی رائے نہیں ہے بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔

الشونيز: بضم المعجمة و سكون الواؤ و كسر النون و سكون التحتانية بعد ها زاء معجمة علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ بعض حضرات نے بفتح الشین بھی ضبط کیا ہے قاضی عیاضؒ نے ابن الاعرابیؒ سے شین کا کسرہ نقل کیا ہے بعد ابدال الواؤ یاءً اور قاموس میں ہے الشہنیز، الشونوز، الشہنیز، الحبۃ السوداء فارسی الاصل ہے یقال بالہندیہ کلونجی روایت مذکورہ کی توضیح و تاویل پہلے گذر چکی ہے۔

کلونجی کے کچھ خواص وغیرہ اس سے پہلے بیان کئے جا چکے ہیں بعض اطباء نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان والاشان کے بارے میں تحقیقات کیں اور فرمایا کلونجی ایک عجیب وغریب اور قوی کیمیائی صلاحیتوں کی حامل دوا ہے مختلف امراض کے لئے اس کے استعمال کے طریقے مختلف ہیں جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

(۱) دمہ، کھانسی: ایک کپ گرم پانی میں ایک چمچہ شہد، آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور شام میں کھانے کے بعد پئیں پرہیز میں سرد چیزوں سے بچیں یہ علاج چالیس دن تک رکھیں۔

(۲) ذیابیطس (شوگر) ایک کپ چائے کے ڈیکاشن (یعنی بغیر دودھ کی چائے) میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ پئیں۔ پرہیز میں چکنی چپڑی چیزوں سے بچیں اس علاج کے ساتھ اگر شوگر کی کوئی دوسری دوا بھی استعمال کر رہے ہیں تو آہستہ آہستہ کم کرتے جائیں یہ علاج بیس دن تک جاری رکھیں اس کے بعد معائنہ کرائیں اگر شوگر میں کمی آجائے تو دوا ختم کر دیں۔

(۳) دل کے امراض: ایک کپ دودھ میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ پئیں چکنی اشیاء سے پرہیز کریں یہ علاج دس دن تک جاری رکھیں دس دن کے بعد پھر دن میں ایک مرتبہ صبح کے وقت استعمال کریں۔

(۴) لقوہ اور پولیو: بڑے آدمی کے لئے ایک کپ گرم پانی میں ایک چمچہ شہد اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو بار دیں۔ چھوٹے بچوں کے لئے دو چمچہ دودھ میں تین قطرہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں تین مرتبہ دیں، یہ علاج چالیس دن کا ہے۔

(۵) قبض، گیس، پیٹ کی جلن اور درد وغیرہ: ایک چمچہ ادرک کا جوس اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ پئیں، پرہیز میں تمام قابض اور گیس پیدا کرنے والی چیزوں سے احتیاط کریں۔

(نوٹ) یہی طریقہ موٹے پن کو ختم کرنے کے لئے بھی مفید ہے۔

(۶) جوڑوں اور رگوں کا درد: ایک چمچہ سرکہ اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ استعمال کریں۔

(۷) امراض چشم: آنکھوں کے جملہ امراض میں ایک کپ گاجر کا رس اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور شام میں سوتے وقت پئیں آنکھوں کو دھوپ کی گرمی سے بچائیں۔ یہ علاج چالیس دن تک جاری رکھیں۔

(۸) زنانہ پوشیدہ امراض: سفید کپڑے کی شکایت، لال کپڑا مہینہ میں دو چار بار ہونا، پیٹ میں درد، کمر میں تکلیف، پیٹ میں جلن وغیرہ ہونا ان تمام صورتوں میں کچا پودینہ جو سالن میں استعمال ہوتا ہے ایک مٹھی بھر لے کر دو گلاس پانی میں ابال کر ایک کپ جوس نکالیں اس میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور شام کو سوتے وقت پئیں آم کے اچار، مرغی کے انڈے، بینگن اور مچھلی، سے پرہیز کریں۔ یہ علاج چالیس دن تک جاری رکھیں۔

(۹) پیٹ میں درد ہونا: حیض رک جانا وغیرہ کے لئے ایک کپ گرم پانی میں دو چمچہ شہد اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور شام سوتے وقت پئیں ایک ماہ تک یہ علاج جاری رکھیں۔

(۱۰) کینسر: کسی بھی قسم وصورت کا ہو ایک گلاس انگور کے جوس میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں تین مرتبہ پئیں صبح نہار منہ دوپہر کو کھانے کے بعد اور شام سوتے وقت استعمال کریں۔ ایک کلو جو میں دو کلو گیہوں کا آٹا ملا کر اس کی روٹی یا ہریرہ بنائیں اور مریض کو دیں، آلو، اروی، انڈے کی بھاجی، اور بینگن وغیرہ سے پرہیز کریں چالیس دن تک یہ علاج جاری رکھیں۔

(۱۱) آتشک: سوزاک سے پیدا ہونے والے امراض کی تمام صورتوں میں ایک کپ گرم پانی میں ایک چمچہ کھجور کے سفوف کے ساتھ آدھا چمچہ کلونجی کا تیل اور دو بڑے چمچہ شہد ملا کر دن میں تین مرتبہ پئیں۔ آلو، بینگن، چنے کی دال، مسور کی دال وغیرہ سے پرہیز کریں البتہ اگر دال چاول کے ساتھ بکری کا دودھ استعمال کریں تو مناسب ہے یہ علاج چالیس روز تک جاری رکھیں۔

(۱۲) اضمحلال: رنگو یا مالٹے کے رس میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دس روز تک پئیں، ہمیشہ کے لئے انشاء اللہ سستی، کاہلی، تھکن اور کمزوری سے نجات مل جائے گی۔

(۱۳) حافظہ کی کمزوری: سو ملی گرام پودینہ کو جوش دے کر اس میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل دن میں ایک مرتبہ پئیں۔

(۱۴) گردہ کی تکلیف: ایک پاؤ کلونجی کو پیس کر ایک کپ شہد میں اچھی طرح حل کر لیں۔ اس محلول کے دو چمچہ نصف کپ پانی میں ملا کر اس میں ایک چمچہ کلونجی کا تیل ملائیں اور روزانہ ناشتہ سے پہلے استعمال کریں، تین ہفتہ اس علاج کو جاری رکھیں۔

(۱۵) چہرہ کی تازگی اور خوبصورتی: آدھا چمچہ کلونجی کا تیل اور ایک چمچہ زیتون کا تیل ملا کر چہرے پر مل لیں ایک گھنٹہ بعد صابن سے منہ دھولیں۔ ایک ہفتہ یہ عمل کریں۔

(۱۶) متلی: ایک چمچہ کاربیشن کے سفوف اور آدھا چمچہ کلونجی کے تیل کو جوش دے کر پودینہ کے ساتھ روزانہ تین مرتبہ پئیں۔

(۱۷) عام کمزوری و جملہ امراض: آدھا چمچہ کلونجی کے تیل میں ایک چمچہ شہد ملا کر روزانہ پئیں تو انشاء اللہ کمزوری اور دیگر بہت سے امراض سے نجات ملے گی۔

(۱۸) مخصوص جگہوں کی سوجن: مثلاً ران یا زیر ناف کے حصوں میں سوجن ہو تو سوجی ہوئی جگہ کو اچھی طرح صابن سے دھو کر خشک کر لیں۔ پھر رات کو اس جگہ پر کلونجی کا تیل مل کر صبح چھوڑ دیں یہ عمل تین دن تک جاری رکھیں۔

(۱۹) جذام (کوڑھ): متاثرہ مقام پر سیب کا سرکہ اور کلونجی کا تیل یکے بعد دیگرے ملیں۔

(۲۰) ٹیومر: کلونجی کے تیل کو متاثرہ جگہ پر پندرہ دن تک ملیں اور ساتھ ہی روزانہ ایک چمچہ کلونجی کا تیل پئیں۔

(۲۱) سردرد: کلونجی کا تیل پیشانی اور اس کے کنارے کے علاوہ کانوں کے کنارے پر اچھی طرح ملیں اور ساتھ ہی روزانہ آدھا چمچہ کلونجی کا تیل صبح، دوپہر اور شام کو پئیں۔

(۲۲) سینہ کی جلن اور پیٹ کی تکلیف: آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ایک کپ دودھ میں ملا کر تین دن پئیں۔

(۲۳) ہچکیوں کا علاج: ایک بڑا چمچہ ملائی کے ساتھ کلونجی کے تیل کے دو قطرے ملا کر صبح و شام استعمال کریں۔ یہ علاج ایک ہفتہ جاری رکھیں۔

(۲۴) بی، پی (بلڈ پریشر) یا خون کی زیادتی کا دباؤ: کسی بھی گرم مشروب میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر پئیں۔ ساتھ میں روزانہ ناشتہ سے پہلے لہسن کے دو دانے ضرور استعمال کریں۔

(۲۵) بالوں کا قبل از وقت گرنا: چند یا پر لیموں کا عرق مل کر پندرہ منٹ چھوڑ دیں اس کے بعد شیمپو اور پانی سے دھو دیں اچھی طرح خشک ہونے کے بعد ساری چندیا پر کلونجی کا تیل ملیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے انشاء اللہ بالوں کا گرنا بند ہو جائے گا۔

(۲۶) دماغی بخار: کلونجی کی بھاپ کو سانس کے ذریعہ جسم میں داخل کریں اور روزانہ صبح و شام لیموں کے عرق میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر تین دن تک پئیں چوتھے روز سے آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ایک کپ بغیر دودھ کی چائے میں ڈال کر پئیں۔

(۲۷) گردوں کی خرابی: گردوں میں پس پڑ جانا، پیشاب کا رکنا وغیرہ، آدھا چمچہ کلونجی کا تیل لے کر اس میں عاقر قرحا کا سفوف ملا کر ایک چمچہ شہد میں حل کر کے ایک کپ پانی میں ملا کر پئیں۔ تین ہفتے یہ علاج جاری رکھیں۔

(۲۸) بچوں کے پیٹ کا درد: مثلاً پیٹ کا پھولنا و دیگر امراض کلونجی کا تیل دو قطرے صبح یا شام ماں کے دودھ میں یا گائے کے دودھ میں ملا کر پلائیں اور تیل کی مالش کریں۔

(۲۹) بواسیر: خون آنا یا اجابت کا رک جانا وغیرہ آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ایک کپ چائے کے ڈیکاشن میں صبح وشام پئیں۔ گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

(۳۰) جلد کے امراض: ایک چمچہ سرکہ میں ایک چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دونوں چیزوں کو اچھی طرح حل کر کے رات کو سوتے وقت متاثرہ مقام پر لگائیں اور صبح کو صابن سے نہالیں۔

(۳۱) عام بخار وغیرہ: آدھا کپ پانی میں آدھا کپ لیموں کا رس اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ پئیں بخار ختم ہونے تک یہ علاج جاری رکھیں۔ چاول سے پرہیز کریں۔

(۳۲) کدو دانے: آدھا چمچہ سرکہ میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ پئیں ساتھ میں کھوپرے کے چند ٹکڑے بھی استعمال کریں تمام میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔

(۳۳) گردہ یا پتہ میں پتھری: ایک کپ گرم پانی میں دو چمچہ شہد اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ پئیں، ٹماٹر، پالک، لیموں اور کریہ پاک سے پرہیز کریں۔

(۳۴) مرگی: ایک کپ گرم پانی میں دو چمچہ شہد اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ، دوپہر اور شام سوتے وقت پئیں۔ سرد چیزوں سے پرہیز کریں اور تین سال تک جام، کیلا اور سیتا پھل استعمال نہ کریں۔

(۳۵) کان کے امراض: کان کے جملہ امراض میں کلونجی کے تیل کو گرم کریں، ٹھنڈا کر کے دو قطرے کان میں ٹپکائیں۔

(۳۶) جسم گرمی: مثلاً ہاتھوں، پیروں، کا سُرخ جانا، خون بہنا، پسینہ وغیرہ ایک گلاس مسمی کے رس میں آدھا چمچہ کلونجی کے تیل کو ملا کر دن میں دو مرتبہ صبح وشام پئیں۔ انڈا، مرغی، بینگن اور تمام گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔

(۳۷) چہرے کے دھبے اور چھائیاں، کیل، مہاسے وغیرہ: ایک کپ سنترہ یا موسی یا اناناس کے رس میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو مرتبہ صبح وشام پئیں علاوہ ازیں کلونجی سے تیار شدہ کریم بھی چہرے کو مسلسل لگاتے رہیں ایک ماہ میں چہرہ صاف ہو جائے گا تمام گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

(۳۸) دانتوں کے امراض: دانتوں کے جملہ امراض میں ایک کپ دہی میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل دن میں دو مرتبہ پئیں، ساتھ ہی کلونجی سے تیار شدہ کوئی منجن بھی استعمال کریں۔

(۳۹) جنسی امراض: مثلاً جریان احتلام، قوت باہ کی کمی، سرعت انزال وغیرہ کی صورت میں ایک کپ سیب کے رس میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ شام کو سوتے وقت پئیں اور روزانہ کلونجی کے تیل کے چار قطرے تالو پر ملیں، تین ہفتہ یہ علاج جاری رکھیں لیموں استعمال نہ کریں۔

(۴۰) معدہ اور آنتوں کا السر: سالن میں استعمال ہونے والا کچا پودینہ ایک کپ پانی میں ابال کر پودینہ کے ایک کپ عرق میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور شام کو سوتے وقت پئیں، کھانا ہمیشہ دہی کے ساتھ کھائیں تیز و ترش چیزوں سے پرہیز کریں ایک ہفتہ یہ علاج جاری رکھیں۔

(۴۱) یرقان (پیلیا) وجگر کا علاج: ایک کپ دودھ میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں دو بار پئیں، تیل وغیرہ اور چکنی وکھٹی

چیزوں سے پرہیز کریں ایک ہفتہ یہ علاج جاری رکھیں۔

(۴۲) **گلے سے پھیپھڑوں تک سوزشیں:** ایک کپ گرم پانی میں دو چمچہ شہد اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور شام کو سوتے وقت پئیں۔ آئس کریم فریج کے پانی، کچے ناریل، لیموں، سنترہ، موسمی وغیرہ سے پرہیز کریں اور دس روز تک یہ علاج جاری رکھیں۔

(۴۳) **کھانسی و بلغم:** ایک کپ گرم پانی میں دو چمچہ شہد اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور شام کو سوتے وقت پئیں سرد چیزوں سے پرہیز کریں۔ دو ہفتہ تک یہ علاج جاری رکھیں۔

(۴۴) **دل کا دورہ اور سانس کی نالیوں کا ورم:** مثلاً دل کی نالیوں کے وال کا ہلاک ہو جانا، سانس میں رکاوٹ پیدا ہونا، ٹھنڈے پسینے آنا دل میں درد وغیرہ ہونا، ایک کپ بکری کے دودھ میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل صبح اور شام پلائیں چربی پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز کریں تین ہفتہ تک یہ علاج جاری رکھیں۔

(۴۵) **زچگی یا بیماری:** کے بعد دماغی اور جسمانی تھکن، خون کا انجماد، عضلات کی انحطاطی وغیرہ وغیرہ میں کھیرا ککڑی کے ایک کپ رس میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور شام کو سوتے وقت مریض کو دیں، ساتھ ہی دو کلو گیہوں اور ایک کلو جو کے آٹے سے بنا ہوا دلیا، ہریرہ کی شکل میں دیں اور یہ علاج چالیس روز تک جاری رکھیں۔

(۴۶) **پیٹ کی ریاح اور ہاضمہ:** ادرک کا رس دو چمچہ چائے آدھا چمچہ کلونجی کا تیل اور ایک چمچہ شکر ملا کر صبح و شام پئیں گیس پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز کریں۔ دس دن کا علاج ہے۔

(۴۷) **پیشاب میں جلن:** پیشاب کی نالیوں میں خون کی گردش کا سست پڑنا پیشاب سے خون آتا ہو تو ایک کپ موسمی کے رس میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر پئیں صبح نہار منہ اور شام کو سوتے وقت پئیں۔ دس روز علاج جاری رکھیں گرم و ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

(۴۸) **پیٹ میں خون چوسنے والے کیڑے (Loofms)** ایک چمچہ سرکہ میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دن میں تین مرتبہ پئیں۔ یہ دس دن کا علاج ہے، میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔

(۴۹) **جوڑوں کا درد و ورم:** ایک چمچہ سرکہ میں دو چمچہ شہد اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر اکیس دن تک صبح و شام پئیں اور کلونجی کا تیل درد کی جگہ پر ملیں۔ پرہیز میں تمام بادی چیزوں سے بچیں۔

(۵۰) **گنج پر بال اگنے کیلئے:** کلونجی کا تیل گنج پر صبح و شام ملیں اور ایک کپ کافی میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح و شام پئیں۔

(۵۱) **صحت برقرار رکھنے کے لئے:** ایک کلو گیہوں کے آٹے میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر ایک روٹی ہمیشہ استعمال کرنے کا معمول بنائیں۔

(۵۲) **باؤلا پن و بواسیر:** کلونجی کے سفوف کو ٹھنڈے پانی کے ساتھ ملا کر پینے سے باؤلا پن ختم ہوتا ہے اور اس کا جوشاندہ پینے سے بواسیر ختم ہو جاتی ہے زہریلے جانوروں مثلاً سانپ بچھو، خصوصاً بھڑ کے کاٹنے پر تریاق ہے۔ جام، مور وغیرہ نہ لیں۔

(۵۳) **دانتوں اور مسوڑوں کا علاج:** ایک چمچہ سرکہ میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر دو تین منٹ لگائے رکھیں اور اس کی کلی

کرنے سے بھی یہ امراض ختم ہو جاتے ہیں دن میں دو مرتبہ یہ عمل ایک ہفتہ تک جاری رکھیں۔

(۵۴) پرانا زکام: آدھا کپ پانی میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل اور پاؤ چمچہ زیتون کا تیل ملا کر ابال کے چھان لیں۔ اور اس تیل کے دو قطرے صبح وشام ناک میں ڈالیں۔

(۵۵) جلد کے پھوڑے پھنسیاں داغ دھبے: کلونجی کا تیل متاثرہ مقام پر رات میں لگائیں۔ پرہیز میں پیپ پیدا کرنے والی چیزیں مثلاً چنے کی دال وغیرہ سے پرہیز کریں تین ہفتہ کا علاج ہے۔

(۵۶) جلدی امراض: دو بڑے چمچے شہد میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل اور آدھا چمچہ زیتون کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور شام سوتے وقت چالیس روز تک پئیں۔

(۵۷) بواسیر کے لئے: ایک چمچہ سرکہ میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح وشام لگائیں۔

(۵۸) پیٹ کی جملہ بیماریاں: سانس کی گھٹن جگر کی خرابی پھوڑے پھنسیاں اور تمام اعصابی امراض میں دو سو گرام شہد میں دو بڑے چمچے کلونجی کا تیل ملا کر صبح وشام روز ایک ایک تولہ ایک ماہ تک استعمال کریں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

(۵۹) درد سے حیض آنا: کلونجی کا تیل شہد میں ملا کر صبح وشام دو ہفتہ تک ایک چائے کا چمچہ استعمال کریں۔

(۶۰) کسی بھی قسم کے ورم کے لئے: جلن اور پیٹ کے درد میں کلونجی کے تیل کو اچھی طرح گرم کریں اور پھر ورم کے مقام پر لگائیں اور ایک چمچہ کلونجی کا تیل صبح، دوپہر، شام تین وقت استعمال کریں۔

(۶۱) زہر کا اثر ختم کرنے کے لئے: دوا نجیر کھانے کے بعد دو چمچہ شہد میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر پی لیں دو چار گھنٹے مریض کو سونے سے گریز کرائیں۔ یہ ایک ہفتہ کی دوا ہے۔

(۶۲) بخار کی شدت: ایک چائے کے چمچہ کے برابر کلونجی کے تیل کو ڈیکاشن یعنی بغیر دودھ کی کالی چائے کے ساتھ ملا کر استعمال کریں اور بخار ختم ہونے تک یہ علاج جاری رکھیں۔

(۶۳) جلے ہوئے شدید زخم: دو سو گرام روغن زیتون میں پانچ گرام کلونجی کا تیل اور پندرہ گرام باچھ اور اسی گرام مہندی کے پتے ملا کر زخم پر لگائیں البتہ دھیان رہے کہ روغن زیتون ترکی یا اٹلی کا ہو عام بازاری نہ ہو، زخموں کے ختم ہونے تک مذکورہ علاج جاری رکھیں۔

(۶۴) موٹاپا: دو چمچہ شہد میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر ایک کپ نیم گرم پانی کے ساتھ صبح وشام پئیں ساتھ ہی دو کلو گیہوں اور ایک کلو جو ملا کر آٹا پیس کے اس کی روٹی کھائیں، چاول سے پرہیز کریں۔

(۶۵) سر اور بالوں میں پھپھوندی: دس گرام کلونجی کا تیل تین سو گرام زیتون کا تیل اور تیس گرام مہندی کا سفوف کوٹ کر تیل میں ملالیں ٹھنڈا ہونے پر سر میں لگائیں۔ دھیان رہے کہ مہندی، تازہ درخت کی ہو عام بازاری نہ ہو۔

(۶۶) نیند: رات میں کھانے کے بعد آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ایک چمچہ شہد ساتھ ملا کر استعمال کرنے سے گہری اور خوشگوار نیند آئے گی: انشاء اللہ۔

(۶۷) چستی و توانائی: آدھا چمچہ کلونجی کا تیل روزانہ صبح نہار منہ شہد کے ساتھ استعمال کرنے سے بدن میں چستی و پھرتی قائم

رہے گی۔

(۶۸) عورتوں میں دودھ کی کمی: ایک کپ دودھ میں دو قطرے کلونجی کا تیل ملا کر صبح وشام پئیں۔ چالیس دن کے علاج سے یہ شکایت انشاء اللہ دور ہو جائے گی۔

(۶۹) عورتوں کے پوشیدہ امراض: مثلاً سفید بلو، لال بلو، پیشاب میں جلن، رحم کی خارش، پھوڑے، پھنسیاں، بچہ دانی کی تھیلی پر پھوڑے وغیرہ ہو جانا زیرے کا سفوف پچاس گرام سری کا سفوف ایک گلاس پانی میں ڈبو کر رات میں رکھ چھوڑیں صبح آدھا چمچہ کلونجی کا تیل نہار منہ دن میں ایک بار استعمال کریں۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں ایک ماہ تک یہ علاج جاری رکھیں۔

(۷۰) کوڑھ و برص: خواہ کسی قسم کا ہو تو روغن کلونجی آدھا چمچہ ایک کپ سنترے کے جوس میں ملا کر صبح نہار منہ اور شام کھانے کے بعد دیں اگر سنترہ کا جوس نہ ہو تو ایک چمچہ سرکہ اور ایک چمچہ شہد دونوں کو آدھا چائے کا چمچہ کلونجی کے تیل میں ملا کر مذکورہ ترکیب سے دیں۔

(۷۱) کوڑھ و برص: کے داغ خواہ سرخ ہوں یا سفید یا کسی اور قسم کے تو دو حصہ فروٹ کا سرکہ اور ایک حصہ کلونجی کا تیل ملا کر پانچ منٹ ہلکی آنچ میں پکالیں اور صبح وشام ٹھنڈا کر کے داغوں پر لگاتے رہیں۔

(۷۲) پیٹ کا درد: خواہ کسی قسم کا ہو ایک گلاس موسمی کے رس میں دو چمچہ شہد اور آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح وشام پی لیں گیس بننے والی اشیاء سے بچیں یہ علاج تین ہفتوں کا ہے۔

(۷۳) گردے کی پتھری: کچا پپیتا پانچ گرام، گڑ ایک گرام اور چار قطرے کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ استعمال کریں ساتھ ہی پالک کی بھاجی، ٹماٹر، کریا پاک، لیموں وغیرہ سے پرہیز کریں۔ یہ دس دن کا علاج ہے۔

(۷۴) سر کے بال سے پیر کے ناخن تک: اندرونی امراض میں ایک کپ سنترے کے رس میں آدھا چمچہ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ اور رات کو سونے سے پہلے چار ماہ تک استعمال کریں۔ انشاء اللہ شفاء ہو گی۔

(۷۵) گنج پر بال اگنے کے لئے: آدھا کپ فروٹ کے سرکہ میں دو چمچہ تیل ملا کر دو چار منٹ آگ پر پکالیں۔ ٹھنڈا ہونے پر رات کو سر پر لگائیں۔

(۷۶) پیٹ پھولنے کی شکایت: تین گرام اجوائن تین گرام میتھی کے بیج ملا کر سفوف بنالیں اور اس میں چار قطرے کلونجی کا تیل ملا کر صبح کھانے سے پہلے اور شام کھانے کے بعد پئیں۔ آلو، اروی اور میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔ افاقہ ہونے تک علاج جاری رکھیں۔

(۷۷) گٹھیا، جوڑوں کے درد: کمر، گردن اور پنڈلی کے درد میں صبح نہار منہ اور شام کھانے کے بعد دو عدد سوکھے انجیر کھا کر ایک گلاس دودھ میں چار قطرے کلونجی کا تیل ملا کر پئیں اور پھر دو گھنٹہ تک کچھ نہ کھائیں۔ دو ماہ کا علاج ہے آلو، اروی، ہری مرچ، ٹماٹر وغیرہ کا پرہیز کریں۔

(۷۸) پرانی کھانسی اور کالی کھانسی: دس گرام عقرقرحا کا سفوف بنا کر دو سو گرام شہد میں سو گرام کلونجی کا تیل ملا کر دوپہر اور شام کھائیں۔ آئس کریم، فریج کا پانی جام کھٹا پھل اور سرد اشیاء کا استعمال نہ کریں۔ انشاء اللہ چالیس روز میں شفا حاصل ہو گی۔

(۷۹) پھپھوندی سے جسم پر بننے والے پھوڑے پھنسی کا علاج: تین سو گرام روغن زیتون، چالیس گرام کلونجی کا تیل اور پچاس گرام کچے درخت کی مہندی کو باہم ملا کر دس منٹ آگ پر پکالیں ٹھنڈا ہونے پر متاثرہ مقام پر لگادیں کھانے میں پیپ بننے والی چیزوں کا استعمال نہ کریں۔ علاوہ ازیں میتھی کا بیج سفوف بنا کر پچاس گرام حب رسا کا سفوف اس میں ملا کر اس میں تین گرام کلونجی کا تیل صبح وشام کھانے کے بعد آدھا چمچ استعمال کریں۔

(۸۰) سوریاسس Soriasis چھ لیموؤں کا جوس، پچاس گرام کلونجی کا تیل ملا کر لگانے سے سوریاسس ختم ہو جائے گا۔

(۸۱) کان کے جملہ امراض: ایک چمچ کلونجی کا تیل اور ایک چمچ زیتون کا تیل گرم کرلیں اور ٹھنڈا کر کے تھوڑا تھوڑا سوتے وقت کان میں ڈالیں۔

(۸۲) دانت میں درد: سوراخ، کیڑ الگنا وغیرہ رات کو سوتے وقت کلونجی کے تیل میں بھگویا ہوا روئی کا پھایہ رکھیں ایک ہفتہ میں انشاء اللہ علاج سے نفع ہوگا۔

(۸۳) سیلان الرحم: آدھا کٹہ کھانے کے پودینہ کا جوشاندہ ایک کپ، دو چمچ مصری کا سفوف اور آدھا چمچ کلونجی کا تیل ملا کر صبح نہار منہ چالیس روز تک استعمال کریں۔

(۸۴) توتلے پن کے لئے: ایک چمچ کلونجی کا تیل دو چمچ شہد ملا کر دن میں دو بار زبان پر رکھیں۔ یہی علاج کیلشیم کی کمی، دانتوں کا ٹوٹنا یا بھر جانا اور ہونٹوں کے درد کے لئے بھی ہے۔

بعض اطباء نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے پیش نظر مذکورہ امراض کے لئے اپنے تجربات پیش کئے ہیں۔ جن سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی صداقت بخوبی واضح ہو جاتی ہے لہٰذا اگر کوئی شخص حسن اعتقاد کے ساتھ کسی بھی مرض کے لئے کلونجی کو استعمال کرے گا تو امید قوی ہے کہ اللہ تعالیٰ شفاء فرمائیں گے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي أَجْرِ الْكَاهِنِ

الکاھن: یہ ماخوذ ہے کہانت بفتح الکاف وکسرہا سے صراح میں ہے کہ کاہن فال گو کو کہا جاتا ہے قاموس میں ہے کہانت بفتح الکاف فال گوئی کا حرفہ و پیشہ کاہن کی جمع کہان وکہن ہے۔ طیبیؒ فرماتے ہیں کاہن وہ شخص ہے جو مستقبل کے متعلق حوادث و کائنات وواقعات کی خبر دے اور معرفت خبایا واسرار کا دعویٰ کرے کہانت کی حقیقت یہ ہے کہ بعض لوگوں کی روحیں جن وشیاطین کی ارواح خبیثہ سے مناسبت رکھتی ہیں۔ اس لئے جنات سے کواذب اور مُظلات کا استفادہ کرتے ہیں اور بعض لوگ اقوال وافعال کے مقدمات واسباب وعلامات کی بنا پر تعارف وشناخت حاصل کرتے ہیں ان لوگوں کو عراف کہا جاتا ہے جو چوری کیا ہوا اور گم شدہ مال کا پتہ بتلاتے ہیں جیسا کہ علم رمل جاننے والے بھی ایسا کرتے ہیں اور کبھی کاہن کا اطلاق عراف ومنجم پر بھی ہوتا ہے۔

کہانت کا شرعی حکم: یہ فعل قطعاً حرام ہے اس پر اجرت لینا بھی حرام ہے لینے اور دینے والے دونوں گنہگار ہیں بعض لوگ فرماتے ہیں کاہن وعراف میں فرق یہ ہے کہ کاہن مستقبل کے متعلق خبر دیتا ہے اور عراف مستور موجود شئی کے بارے میں خبر دیتا ہے۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَمَهْرِ الْبَغِيِّ وَ حُلْوَانِ الْكَاهِنِ۔

ترجمہ: ابو مسعودؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کتے کی ثمن سے اور زنا کی اجرت سے اور کاہن کی اجرت سے۔

ثمن الکلب: امام شافعیؒ، احمدؒ اوزاعیؒ، داؤد ظاہریؒ، حسن بصریؒ کے نزدیک کتے کی بیع وشراء مطلقاً جائز نہیں۔ امام ابوحنیفہؒ وصاحبینؒ و مالکؒ کے نزدیک جائز ہے۔ امام مالکؒ کا دوسرا قول مثل شوافع کے ہے۔ عطاءؒ ونخعیؒ کے نزدیک کلب صید کی اجازت ہے باقی کتوں کی بیع وشراء جائز نہیں۔

امام شافعیؒ نے روایت الباب سے استدلال فرمایا ہے نیز فرمایا کہ کتا نجس العین ہے اور نجاست کی بیع جائز نہیں۔

احنافؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ روایت کا محمل ابتداء زمانہ ہے جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو قتل کرنے کا حکم دیا تھا۔ جب یہ حکم منسوخ ہوگیا تو بیع کی ممانعت بھی منسوخ ہوگئی۔ بلکہ کتے کو قتل کرنے والے پر اس کی قیمت کی ادائیگی واجب کردی گئی۔ چنانچہ عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شکاری کتے کے قتل کرنے والے پر چالیس درہم واجب کئے (طحاوی) اسی طرح ابن عباسؓ سے بھی تاوان کے بارے میں روایت منقول ہے۔ (فتح القدیر)

دوم: شکاری کتے کی اجازت کی علت یہ ہے کہ وہ قابل انتفاع ہے اور اس کے پالنے کی اجازت ہے یہی علت دوسرے کتوں میں بھی پائی جاتی ہے لہٰذا ان کا حکم بھی شکاری کتوں کی طرح ہونا چاہئے۔

سوم: اس حدیث میں نہی تحریمی نہیں بلکہ تنزیہی ہے جس کی دلیل حضرت جابرؓ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الکلب و السنور، اس حدیث میں کتے کے ساتھ بلی کو بھی شامل کرلیا گیا ہے حالانکہ بلی کی بیع کسی کے نزدیک بھی حرام نہیں لہٰذا اس حدیث میں نہی کو تنزیہی پر محمول کرنا پڑے گا اور اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ بعض روایات میں ثمن کلب کو اجرت حجام کے ساتھ ملا کر ذکر کیا ہے حالانکہ حجام کی اجرت بالاجماع جائز ہے اور خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجرت حجام دینا ثابت ہے۔

چہارم: اس بات پر اتفاق ہے کہ کھیتی اور چوپاؤں کی حفاظت کے لئے کتوں کا پالنا جائز ہے تو اس کا موقوف علیہ یعنی خرید وفروخت بھی جائز ہونا چاہئے۔

پنجم: احادیث ناہیہ کا محمل کلب غیر منتفع بہ ہے اور احادیث جواز کلب صید وغیرہ (جو منتفع بہ ہیں) پر محمول ہیں باقی رہا کتوں کا نجس العین ہونا حنفیہ وغیرہ اس کو تسلیم نہیں کرتے۔

و مھر البغی: بکسر الغین بروزن قوی زنا کے معنی میں ہے اس کی جمع بغایا آتی ہے یعنی بسکون الغین وتخفیف والیاء زنا کے معنی میں آتا ہے مہر بغی سے مراد اجرت زنا ہے اس پر مہر کا اطلاق مجازاً ہے مہر یعنی حرام کام کرنا ظاہر اور متفق علیہ ہے۔

حلوان الکاھن: حلوان غفران کی طرح مصدر ہے یہ حلوت سے ماخوذ ہے اس کا نون زائد ہے کاہن کی اجرت پر حلوان کا اطلاق اس لئے ہے کہ وہ سہولت کے ساتھ بغیر مشقت کے حاصل ہوتی ہے نیز لفظ حلوان رشوت کے معنی میں بھی مستعمل ہے البتہ ابوعلیؒ فرماتے ہیں کہ حلوان کا اطلاق کبھی اجرت کے معنی میں بھی ہوجاتا ہے حدیث باب کی رو سے کہانت کی اجرت بھی

حرام ہے جو متفق علیہ ہے۔

حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری و مسلم

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ التَّعْلِیْقِ

تعلیق سے مراد تعلیق تمائم ہے یعنی تعویذات کو گلے میں باندھنا

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَدُّوَیْهِ نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ عِیْسٰی وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُکَیْمٍ اَبِیْ مَعْبَدٍ الْجُهَنِیِّ اَعُوْدُهٗ وَبِهٖ حُمْرَةٌ فَقُلْتُ اَلَا تُعَلِّقُ شَیْئًا قَالَ اَلْمَوْتُ اَقْرَبُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّقَ شَیْئًا وُکِلَ اِلَیْهِ۔

ترجمہ: عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ میں عبداللہ بن عکیمؓ کے یہاں گیا تاکہ ان کی عیادت کروں کہ ان کے بدن پر سرخ دانے پڑ گئے تھے۔ پس میں نے ان سے کہا کہ آپ تعویذ کیوں نہیں لٹکا لیتے تو انہوں نے فرمایا اس سے زیادہ موت قریب ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص کسی تعویذ کو لٹکائے تو وہ اس کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔

حمرۃ: ایک قسم کی وبائی بیماری ہے بدن وچہرہ پر سرخ دانے ہو جاتے ہیں اور بخار بھی شدید ہو جاتا ہے۔

الا تعلق شیئا: ایک تاء کو حذف کر دیا گیا ہے۔ ای لاتعلق شیئا، وکل، بضم الواو وتخفیف الکاف المکسورۃ ای خلی الی ذالک الشئی وترک بینہ وبینہ۔

روایت کا مطلب: یہ ہے کہ تعویذ گلے میں ڈالنا اچھا نہیں بلکہ عبداللہ بن عکیمؓ نے فرمایا کہ موت اس سے زیادہ قریب ہے نیز مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ انہوں نے فرمایا نعوذ باللہ من ذالک پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا کہ جو شخص تعویذ گلے میں ڈالے یہ گمان کرتے ہوئے کہ یہ مؤثر ہے ایسے کا معاملہ خود اس کے سپرد ہے یعنی اللہ کی مدد اس کے ساتھ نہیں ہوگی۔

گلے وغیرہ میں تعویذ ڈالنے کا حکم: جھاڑ پھونک وغیرہ کے بارے میں تفصیلی کلام پہلے گذر چکا ہے البتہ تعلیق تمائم تعویذ کے بارے میں قدرے اختلاف ہے ایسے تعویذات جن میں آیات قرآنیہ یا اسمائے الٰہی مکتوب ہوں ان کے بارے میں عبداللہ بن عمرو بن العاص وعائشہ رضوان اللہ علیہم اجمعین ابوجعفر الباقی واحمد رحمہما اللہ تعالیٰ فی روایۃ فرماتے ہیں کہ ایسے تعویذات کا گلے میں ڈالنا جائز ہے اس کے بالمقابل ابن مسعودؓ وابن عباسؓ وحذیفہؓ وعقبہ بن عامرؓ وابن عکیمؓ اور تابعین کی بڑی جماعت اور متاخرین اور احمد بن حنبلؒ کے کثیر متبعین منع فرماتے ہیں۔ ہمارے علمائے کبار نے بھی ترک تعلیق کو راجح قرار دیا ہے چونکہ روایات میں نہی عام واقع ہے۔ نیز سد الذرائع بھی یہی بہتر ہے کیونکہ ممکن ہے کہ اس میں ایسا ابتلاء واقع ہو جائے کہ ناجائز تعویذات تک لوگ استعمال کرنے لگیں۔ اسی طرح اللہ کے اسماء وصفات یا آیات قرآنیہ جب تعویذ میں لکھی ہوں گی تو ایسے مواقع میں بھی جانا ہوگا جہاں ان آیات کے ساتھ نہ جانا چاہئے جس سے بے ادبی یقینا ہوگی۔ بہر حال ان وجوہ مذکورہ کی بنا پر اہل علم نے ترک تعلیق کو راجح فرمایا ہے حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں تعلیق تمائم والا شخص توکل سے خالی ہے یا اس کو ادنیٰ توکل حاصل ہے۔

و حدیث عبداللہ بن عکیم: اخرجہ ابو داؤد و احمد و حاکم

و حدثنا محمد بن بشار الخ: اس عبارت سے روایت کے دوسرے طریق کی طرف اشارہ کیا ہے۔

و فی الباب عقبۃ بن عامرؓ ابو یعلی و الطبرانی و احمد۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي تَبْرِيْدِ الْحُمّٰى بِالْمَاءِ

یہ باب پانی کے ذریعہ بخار کو ٹھنڈا کرنے کے بارے میں ہے

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ جَدِّهٖ رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْحُمّٰى فَوْرٌ مِنَ النَّارِ فَابْرُدُوْهَا بِالْمَاءِ۔

ترجمہ: رافع بن خدیجؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخار جہنم کی آگ کے تیز اثر سے ہے لہٰذا اس کو پانی کے ذریعہ ٹھنڈا کرو۔

فور من النار: بفتح الفاء وسکون الواو بالراء المہملۃ دوسری روایت میں فیح جہنم کا لفظ واقع ہے فیح بفتح الفاء وسکون الیاء اور ایک روایت میں فوح بالواو واقع ہے حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ تینوں کے ایک ہی معنی ہیں اور اس سے مراد جہنم کی آگ کی تیزی ہے پھر اس میں اختلاف ہے کہ جہنم کی طرف نسبت حقیقی ہے یا مجازی دونوں قول ہیں پہلے قول پر معنی یہ ہوں گے کہ بخار والے شخص کے جسم میں جو گرمی ہوتی ہے وہ جہنم کا ایک ٹکڑا ہے اس کا اظہار اللہ تعالیٰ ایسے اسباب کے ذریعہ فرماتے ہیں جس سے بندوں کو عبرت ہو جیسا کہ خوشی ولذت جنت کی نعمتوں میں سے ہے مگر اللہ تعالیٰ اس دنیا میں عبرۃ ودلالۃ بندوں کو یہ نعمتیں عطاء فرماتے ہیں۔ کثیر روایات میں یہ مضمون وارد بھی ہے و قد ورد فی روایۃ الحمیٰ حظ للمؤمن من النار۔

دوسرا قول: یہ ہے کہ آپ کا ارشاد الحمی فور من النار بطور تشبیہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ بخار کی گرمی جہنم کی گرمی کے مشابہ ہے اور اس سے مقصود نار جہنم کی شدت کو بیان کرنا ہے تاکہ لوگوں کو تنبیہ ہو جائے۔

فابردوھا: ابن حجرؒ فرماتے ہیں مشہور ہمزۂ وصل کے ساتھ ضبط کیا گیا اور راء کا ضمہ وکسرہ دونوں طرح منقول ہے مگر قاضی عیاضؒ نے ہمزۂ قطعی کے ساتھ ضبط کیا ہے اور راء مکسور ہے ماخوذ من ابرد الشئی جس کے معنی ٹھنڈا کرنا ہے اس کی تائید دوسری روایت ابن عمرؓ سے ہوتی ہے کہ اس میں فاطفؤ ھا بھمزۃ القطعیۃ صریح واقع ہے ماخوذ من الاطفاء۔

بالماء: علامہ ابن القیمؒ فرماتے ہیں اس بارے میں اختلاف ہے کہ اس ماء سے مطلق ماء مراد ہے یا ماء زمزم اول قول صحیح ہے اگرچہ دوسرے قول والوں نے اپنے مدعی کے اثبات کے لئے وہ روایت پیش کی ہے جو بخاری شریف میں بایں الفاظ وارد ہے۔

عن ابی حمزۃ نصر بن عمران الضبعی قال کنت اجالس ابن عباسؓ بمکۃ فاخذتنی الحمیٰ فقال ابردھا عنک بماء زمزم فان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان الحمیٰ من فیح جہنم فابردوھا بالماء او قال بماء زمزم۔

اگر اس قوت کو اختیار کیا جائے تو یہ حکم مخصوص ہوگا اہل مکہ کے ساتھ چونکہ ماء زمزم وہاں میسر ہونا آسان ہے اور دوسرے لوگوں کے لئے ماء مطلق مراد ہونا چاہئے نیز علامہ موصوفؒ نے فرمایا اس بارے میں بھی علماء کی دو رائے ہیں کہ اس پانی سے مراد اس کا استعمال ہے یا صدقہ کرنا مراد ہے اور معنی یہ ہوئے کہ جس طرح پیاس کی شدت وتپش کو ٹھنڈے پانی کے ذریعہ بجھایا جاتا ہے اسی طرح بخار جو جہنم کی آگ کا اثر خاص ہے اس کو ٹھنڈا پانی صدقہ کرکے بجھادیا جائے۔ صحیح قول یہ ہے کہ پانی کا استعمال کرنا مراد ہے۔

اشکال و جواب: مگر بظاہر اس پر اشکال یہ واقع ہوتا ہے کہ پانی کا استعمال تو بخار کی زیادتی کا باعث ہے کیوں کہ پانی سے جو حرارت باہر نکلنے والی ہے وہ لوٹ جائے گی اور بخار کی زیادتی کا باعث ہوکر محموم کی ہلاکت کا سبب ہوسکتی ہے مگر ظاہر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان بالکل سچا ہے اور لوگوں کے تجربات ناقص ہیں لامحالہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کے بارے میں توجیہات کرنی ہوں گی۔

اول: ممکن ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اہل حجاز کے لئے مخصوص ہو کہ ان کا بخار شدید ہوتا ہے اور شدید بخار کے لئے آج کل ڈاکٹر حضرات برف سے بھیگے ہوئے کپڑے پیشانی پر رکھتے ہیں جیسا کہ مشاہدہ ہے اور آپ کے خطابات میں تخصیصات ہوتی ہیں کما قال علیہ السلام و لکن شرقوا او غربوا وغیرہ۔

دوم: ممکن ہے اس سے مراد مخصوص بخار ہو کیوں کہ بخار کی اقسام بہت ہیں چنانچہ اطباء نے فرمایا حمی عرضیہ جو ورم یا کسی حرکت یا حرارت شمس وغیرہ کی بناء پر ہو اس کے لئے ٹھنڈے پانی کا پینا اور برف کا استعمال کرنا اور ٹھنڈے پانی میں غوطہ لگانا نہایت مفید ہے کیوں کہ اس قسم کے بخار کا منشاء حرارت کا پیش آنا ہے جس کا علاج بذریعہ برودت ہی ہوسکتا ہے البتہ وہ بخار جو اخلاط اربعہ صفراء، سودا، بلغم، دم کی خرابی وکثرت وقلت سے ہو اس کے لئے پانی نقصان دہ ہے۔

سوم: ممکن ہے اس سے مراد ہر قسم کا بخار ہو یعنی ہر بخار کے لئے پانی کا استعمال مفید ہے چنانچہ حکیم جالینوس نے تصریح کی ہے کہ کوئی نوجوان شخص جسیم گرمی کے وقت یا شدید بخار کی حالت میں بشرطیکہ اس کی انتڑیوں میں ورم نہ ہو ٹھنڈے پانی سے غسل کرے یا اس میں غوطہ لگائے تو اس کے لئے مفید ہے وقریب منہ ماصرح بہ الرازی۔

چہارم: ارشاد الرضی للکنکوھی میں ہے کہ آپ کا یہ ارشاد عام ہے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ بوقت بخار غسل کرنا مراد ہو بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ جب بخار ختم ہوجائے تب غسل کیا جائے تو انشاء اللہ پھر بخار نہیں آئے گا۔

پنجم: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد پر اعتقاد جازم کے ساتھ عمل کیا جائے تو انشاء اللہ علی الاطلاق مفید ہے چنانچہ شہر میرٹھ میں بہت تیز بخار شروع ہوا کثیر لوگ انتقال کر گئے۔ حضرت نانوتویؒ نے بخار والوں کے لئے جب حسب روایت غسل تجویز فرمایا اور لوگوں نے غسل کیا تو تقریباً سات سو افراد نے بخار سے شفا پائی۔

ششم: ممکن ہے حدیث شریف میں وقت مخصوص بعدد مخصوص غسل مراد ہو جیسا کہ ثوبانؓ کی مرفوع روایت میں آگے آرہا ہے جو بذریعۂ وحی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتادیا گیا تھا۔

ہفتم: ممکن ہے اس سے مراد پانی کا استعمال اس مخصوص طریقہ پر ہو جو حضرت اسماء کی روایت میں واقع ہے یعنی محموم کے بدن پر پانی کا چھڑکنا۔

لفظہ روی الشیخان عن فاطمة عن اسماء مطولاً و لفظہ عند مسلم انہا کانت توطأ بالمرأة الموعوكة فتدعوا بالماء فتصبه فی جیبها و تقول ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال ابردوها بالماء قال انها من فیح جهنم ، اشار الیہ الترمذی بقولہ و فی حدیث اسماء کلام اکثر من هذا۔

فائدہ: علامہ مازریؒ فرماتے ہیں کہ تمام علوم میں علم طب سب سے زیادہ تفصیل طلب ہے ایک ہی شئی ایک مریض کے لئے کسی وقت مفید ہوتی ہے اور دوسرے وقت مضر ہوتی ہے۔ پھر اطباء کا اجماع ہے کہ مرض واحد کا علاج عمر، زماں، مکان، عادت، غذا اور تاثیر مانوف، قوت طباع وغیرہ کی بناء پر مختلف ہوتا رہتا ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد مذکور میں کوئی شک و شبہ کی گنجائش نہیں جب کہ مذکورہ بالا توجیہات پیش بھی کر دی گئی ہیں۔

وفی الباب عن اسماء بنت ابوبکرؓ اخرجه الشیخان و الترمذی و عن ابن عمر اخرجه احمد و الشیخان و النسائی و ابن ماجة و عن ابن عباسؓ اخرجه البخاری و امرأة الزبیرؓ (اخرجه الحاکم فی المستدرک ۱۔۴۰۳ والخطیب فی الموضح ۱۔۰۷) و عائشةؓ اخرجه الترمذی بعد هذا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ ن الْعَقَدِیُّ ثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبَةَ عَنْ دَاؤُدَ بْنِ حُصَیْنٍ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْحُمّٰی وَمِنَ الْاَوْجَاعِ کُلِّهَا اَنْ یَّقُوْلَ بِسْمِ اللّٰهِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بخار اور تمام دردوں کے لئے لوگوں کو یہ دعا سکھاتے تھے کہ کہے بسم اللہ الخ یہ دعا یا تو خود مریض پڑھے یا عیادت کرنے والا یا تیمار دار پڑھے۔

عرق: بکسر العین وسکون الراء نعار: بفتح النون وتشدید العین المہملة ای فوار الدم، خون کے تیزی کے ساتھ نکلنے کی آواز کو نعار کہا جاتا ہے۔ قالہ الطیبی۔

هذا حدیث غریب اخرجه احمد و ابن ابی شیبة و ابن ماجة و ابن ابی الدنیا و الحاکم و البیهقی فی الدعوات کذا فی المرقاة۔

و یروی عرق یعار: رواه ابن ماجه ہکذا فی النسخ الاحمدیہ بالقلم وتشدید العین بھی ضبط کیا گیا ہے۔ جس کے معنی صوات، علامہ جزریؒ فرماتے ہیں یَعَرَتِ الْعَنَزُ تَیْعِرُ بالکسر کہا جاتا ہے جب بکری تیز آواز کے ساتھ بولتی ہے۔

بعض حضرات نے یعار بضمہ الیاء وفتح العین وتشدید الراء العرارة سے ماخوذ قرار دیا ہے۔ جس کے معنی موقع کے مناسب نہیں لان معناه الشدة وسوء الخلق۔

بَابُ مَا جَاءَ فِی الْغِیْلَةِ

علامہ جزریؒ فرماتے ہیں الغیلة بالکسر اسم ہے یا ماخوذ ہے غیل بالفتح سے۔ جس کے معنی مرد کا عورت سے ایسی حالت میں وطی کرنا کہ وہ بچے کو دودھ پلا رہی ہو نیز اس کا استعمال اس حاملہ عورت کے لئے بھی ہوتا ہے جو بچے کو دودھ پلاتی ہو۔ بعض حضرات

فرماتے ہیں۔ الغیلۃ بفتح الغین وبکسر الغین دونوں کے ایک ہی معنی ہیں۔

وقیل الکسر الاسم و الفتح للمرۃ و قیل لا یصح الفتح الامع حذف الہاء و قد اغال الرجل اغیل و الولد مغال و مُغْیَلٌ واللبن الذی یشربہ الولد یقال لہ الغیل ایضاً

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ نَا یَحْیٰی بْنُ اِسْحٰقَ نَا یَحْیٰی بْنُ اَیُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ عَنْ بِنْتِ وَھْبٍ وَھِیَ جُدَامَۃُ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْھٰی عَنِ الْغِیَالِ فَاِذَا فَارِسُ وَ الرُّوْمُ یَفْعَلُوْنَ وَلَا یَقْتُلُوْنَ اَوْلَادَھُمْ۔

ترجمہ: جدامہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے ارادہ کیا تھا کہ میں دودھ پلانے کے زمانے میں وطی کرنے سے منع کردوں مگر فارس وروم کے بارے میں معلوم ہوا کہ وہ لوگ ایسا کرتے ہیں اور اولاد کو قتل نہیں کرتے۔ یعنی اس دودھ سے ان کی اولاد کو کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ کما ورد صراحۃ ولا یضر اولاد ھم (تو پھر میں نے اس سے منع نہیں کیا۔)

ھذا حدیث صحیح اخرجہ مالک و احمد و مسلم و ابوداؤد و النسائی و ابن ماجہ

الغیال: بکسر الغین دوسری روایت میں الغیلۃ واقع ہے علامہ نوویؒ فرماتے ہیں اہل لغت نے تصریح کی ہے کہ یہ غین کے کسرہ کے ساتھ ہے اور بغیر تاء ہو تو فتحہ کے ساتھ پڑھا جائے گا۔

غیال کے معنی: امام مالکؒ فرماتے ہیں اس سے مراد ہے بحالت ارضاع الصغیر عورت سے وطی کرنا صرح بہ الاصمعیؒ وغیرہ من اہل اللغۃ۔

دوم: ابن السکیتؒ نے فرمایا اس کے معنی بحالت حمل عورت کا بچے کو دودھ پلانے کے ہیں۔

دراصل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اہل عرب کا یہ مقولہ پہنچا تھا کہ حالت رضاعت یا حمل میں وطی کرنے سے بچے کو دودھ نقصان دیتا ہے نیز اطباء بھی کہتے ہیں کہ ایسی حالت میں دودھ بچے کے لئے بیماری کا ذریعہ ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا کہ لوگوں کو اس سے روک دیں مگر جب یہ معلوم ہوا کہ روم و فارس کے لوگ ایسی حالت میں وطی کرتے رہتے ہیں اور بچوں کو کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں فرمایا لہٰذا بحالت حمل ورضاع عورت سے وطی کرنا جائز ہے۔

وقد رواہ مالک الخ: یہاں سے روایت کا دوسرا طریق ذکر فرمایا جس کو تفصیلاً حدثنا عیسی بن احمد الخ سے بیان کیا ہے۔

فائدہ: نسخہ احمدیہ میں ابوالاسود اور محمد بن عبدالرحمٰن کے درمیان واؤ واقع ہے جو غلط ہے ابوالاسود ہی محمد بن عبدالرحمٰن ہیں۔

اشکال: اسماء بنت یزید کی یہ روایت ابوداؤد میں ہے کہ آپ نے فرمایا لا تقتلوا اولادکم سراً فان الغیل یدرک الفارس (اخرجہ ابن ماجہ) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے تو غیلہ سے منع فرمادیا تھا اور جدامہ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمانے کا ارادہ کیا تھا مگر منع نہیں فرمایا لہٰذا دونوں روایتوں میں تعارض ہو گیا۔

جواب (۱): علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں حدیث جدامہ میں جو غیل کے اثر کی نفی مذکور ہے وہ تو اعتقاد جاہلیت کے ابطال کے لئے تھی اور اسماء کی روایت میں اصل بات کو بیان فرمایا ہے کہ فی الجملہ اس حالت میں وطی کرنے سے دودھ میں فساد ہو جاتا ہے جس

سے کچھ نہ کچھ بچے کو نقصان ہوسکتا ہے اگر چہ مؤثر حقیقی اللہ ہی کی ذات ہے۔

جواب (۲): حدیث اسماء کا محمل کراہت تنزیہی ہے جس کے الفاظ صریح نہی کے ہیں لا تقتلوا اولادکم سراً الخ اور حدیث جدامہ جس کے الفاظ لقد هممت ان انهیٰ عن الغیال میں نہی تحریم پر محمول ہے یعنی حرام ہونے کی نفی کرنا مقصود ہے فلا منافاۃ۔

جواب (۳): علامہ سندھیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث اسماء کے بارے میں احتمال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اولاً منع فرما دیا ہو علیٰ زعم العرب پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا کہ ایسا کرنا نقصان نہیں دیتا تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دیدی ہو جس کو جدامہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں بیان کیا گیا ہے مگر یہ تاویل بعید ہے کیوں کہ حدیث جدامہ میں نہی کا ارادہ ہے، نہی نہیں ہے اور حدیث اسماء میں صراحۃً نہی واقع ہے فکیف یکون حدیث اسماء قبل حدیث جدامہ نیز اگر مذکورہ تاویل کو مانا جائے تو پھر جو علیٰ زعم العرب ہے وہ بالقسم ہونا چاہئے تھا کما عند ابن ماجہ بہتر جواب یہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ جدامہ کی روایت کے بعد اسماءؓ کی روایت ہے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اولاً تو منع نہیں فرمایا تھا مگر بعد میں جب معلوم ہوا کہ فی الجملہ نقصان ہوتا ہے تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرما دیا۔

هذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجه احمدؒ و مالکؒ

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ دَوَاءِ ذَاتِ الْجَنْبِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ثَنِيْ اَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْعَتُ الزَّيْتَ وَالْوَرْسَ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ قَالَ قَتَادَةُ وَيَلُدُّ مِنَ الْجَانِبِ الَّذِيْ يَشْتَكِيْهِ

ترجمہ: زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ذات الجنب کے لئے زیتون اور ورس کی تعریف فرماتے تھے قتادہؒ کہتے ہیں کہ یہ دواء اس جانب سے منہ میں ڈالی جائے جس جانب مرض لاحق ہو۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه ابن ماجه

حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ مُحَمَّدٍ بِالْعَدَاوِيُّ الْبَصَرِيُّ ثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ رَزِيْنٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ ثَنَا مَيْمُوْنُ اَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ زَيْدَ ابْنَ اَرْقَمَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَدَاوٰى عَنْ ذَاتِ الْجَنْبِ بِالْقُسْطِ الْبَحْرِيِّ وَالزَّيْتِ۔

ترجمہ: حضرت زید بن ارقمؓ نے کہا کہ آپ ﷺ نے ہم کو حکم فرمایا کہ ہم علاج کریں ذات الجنب کا قسط بحری اور زیتون سے۔

ذات الجنب: یعنی سل، امام ترمذیؒ نے ذات الجنب کی تفسیر سل سے کی ہے۔

سل: بکسر السین اس کے معنی ہزال یعنی انتہائی ضعف و کمزوری کے ہیں اور اصطلاحاً سل کا اطلاق پھیپھڑوں کے زخموں پر ہوتا ہے جو خاص بیماری ہے جس کے لئے ہزال بدن یعنی کمزوری لازم ہے اطلاقاً للازم علی الملزوم پھیپھڑوں کے زخموں کی وجہ سے تپ دق لازم ہے اس وجہ سے قرشی نے تپ دق کو سل کا جزء لازم قرار دیا۔ فرمایا ''السل هو قرحة الرئة مع

الدق'' اوراس کوامراض مرکبہ میں شمار کیا ہے۔

الحاصل: امراض ذات الجنب کی تفسیر امام ترمذیؒ نے سل سے فرمائی ہے حالانکہ یہ درست نہیں بلکہ سل کی بیماری کا تعلق جو پھیپھڑوں کی حرکت سے ہوتی ہے کہ پھیپھڑے کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے طبیعت کھانسی کو متقاضی ہوتی ہے اس مناسبت سے سل کا نام ذات الجنب رکھ دیا گیا ہے درحقیقت ذات الجنب کی تفسیر سل کے ساتھ کرنا محض علامت الملزوم کی بنا پر ہے مبنی بر حقیقت نہیں۔

ذات الجنب: دراصل ایک بیماری ہے حافظ ابن قیمؒ فرماتے ہیں اطباء کے یہاں ذات الجنب کی دو قسمیں ہیں۔(۱) حقیقی۔ (۲) غیر حقیقی۔

ذات الجنب حقیقی: ایک ورم ہے اطراف پہلو کی اس جھلی میں عارض ہوتا ہے جو کہ باطن اضلاع میں ہے۔

ذات الجنب غیر حقیقی: ایک تکلیف کا نام ہے جو حقیقی کے مشابہ ہوتا ہے اور وہ نواحی جنب میں ریاح غلیظ موذیہ کے صفقات میں بند ہو جانے سے پیدا ہوتا ہے یہ درد حقیقی ذات الجنب کے مشابہ ہوتا ہے فرق صرف یہ ہے کہ غیر حقیقی میں یہ درد محدود ہوتا ہے اور حقیقی میں ناخس ہوتا ہے۔

ذات الجنب حقیقی کے لئے پانچ چیزیں لازم ہیں۔(۱) حمی۔ یعنی بخار۔(۲) سعال یعنی کھانسی۔ (۳) وجع ناخس۔ (۴) ضیق نفس یعنی تنگی سانس۔(۵) نبض منشاری۔

فائدہ: یہ واضح رہے کہ حدیث شریف میں قسط بحری کے ذریعہ جو علاج کا حکم ہے وہ ذات الجنب غیر حقیقی کے لئے ہے یعنی ریاح غلیظ موذیہ سے جو ذات الجنب مرض ہوا ہے اس کے واسطے عود ہندی مفید ہے نہ کہ اول کے لئے مگر بعض حضرات نے فرمایا کہ قسط بحری ذات الجنب حقیقی کے لئے بھی مفید ہے جب کہ حقیقی ذات الجنب مادہ بلغم کی وجہ سے عارض ہو۔

القسط البحری: اس کی تفسیر بعض حضرات نے عود بخور یعنی اگر کی لکڑی سے کی ہے جو دوسرے درجہ میں گرم اور تیسرے درجہ میں خشک اس کو پانی میں ڈال کر پینا مفرح قلب ہے نیز دماغ، قویٰ، جگر، معدہ اور اعصاب کے لئے قوت بخش ہے اور محافظ حمل، مقوی باہ، مکسر ریاح، برودت معدہ کے لئے بھی سودمند ہے اس کا چبانا منہ کی بو کے لئے نافع ہے اس کا منجن مقوی دندان ولثہ ہے، اس کا بخور مفرح قلب ہے۔

بعض حضرات فرماتے ہیں القسط البحری اگر کے علاوہ اور کوئی لکڑی ہے اس کو بھی اطباء نے عود ہندی کہا ہے یہ پہلے درجہ میں گرم وخشک ہے ان تمام بیماریوں کے لئے مفید ہے جن کے مواد کو عمق بدن سے جذب کی ضرورت ہے اس کا تیل عرق النساء کے لئے مفید ہے اور اس کا جرم فالج اور تپ لرزہ کو ضماداً فائدہ بخش ہے۔

ذات الجنب کا علاج بذریعہ عود ھندی: عود ہندی کو کوٹ کر باریک کیا جائے اور زیتون کے گرم تیل میں ملالیا جائے اور درد کی جگہ مالش کی جائے یا اس کا لعوق بنالیا جائے جس کو چاٹیں اس سے مادۂ فاسدہ خارج ہوگا۔ اعضائے باطنہ کے لئے مقوی ہے، سدوں کو کھولے گا۔ رطوبت زائدہ کو خارج کرنے والا جس سے دماغ کی قوت بحال ہوتی ہے۔

الـورس: یہ ایک گھاس جاریابس ہے سرخ رنگ، نرم چھلکے والی زیادہ اچھی ہوتی ہے داغ، کھجلی، پھنسیوں کے لئے ضماداً مفید ہے۔ اس کا رنگ بھی پختہ ہوتا ہے کپڑوں کو اس سے رنگا جاتا ہے ثوب مصبوغ بالورس مقوی باہ ہے، برص کی بیماری کے لئے شرباً

مفید ہے یا اپنے خواص اور اپنے منافع کے اعتبار سے عود ہندی کے قریب قریب ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و الحاکم۔

لا نعرفه الامن حدیث میمون عن زید بن ارقمؓ الخ۔ یعنی زید بن ارقمؓ سے روایت کرنے والے صرف میمون ہی ہیں مگر میمون سے روایت کرنے والے کثیر ہیں چنانچہ امام ترمذیؒ نے بھی دو طریق ذکر فرمائے ہیں طریق قتادہؒ اور طریق خالد الحذاء کثرت طرق کی بناء پر یہ روایت حسن ہے۔

بَابٌ

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ ابْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ ثَنَا مَعْنٌ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِيِّ اَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَخْبَرَهٗ عَنْ عُثْمَانَ ابْنِ اَبِي الْعَاصِ اَنَّهٗ قَالَ اَتَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِيْ وَجَعٌ قَدْ كَادَ يُهْلِكُنِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِمْسَحْ بِيَمِيْنِكَ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَقُلْ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ وَسُلْطَانِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ قَالَ فَفَعَلْتُ فَاَذْهَبَ اللّٰهُ مَا كَانَ بِيْ فَلَمْ اَزَلْ اٰمُرُ بِهٖ اَهْلِيْ وَغَيْرَهُمْ

ترجمہ: عثمان ابن العاصؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے حال یہ کہ میں اس وقت ایسے درد میں مبتلا تھا جو مجھے مار ڈالنے والا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنا ہاتھ اس درد کی جگہ سات بار پھیرو اور کہو اعوذ بعزة الله و قدرته و سلطانه من شرما اجد۔ عثمانؓ فرماتے ہیں میں نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے وہ درد دور فرمادیا اس کے بعد میں اپنے گھر والوں اور دوسرے لوگوں کو یہ عمل بتاتا رہا۔

شرح حدیث: و بی وجع الخ: مسلم وغیرہ میں ہے کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ شکایت کی جب سے میں اسلام لایا ہوں میرے بدن میں درد رہتا ہے۔

امسح: ای موضع الوجع بیمینک سبع مرات الخ مسلم کی روایت میں و قل بسم الله ثلثا و قل سبع مرات۔

فلم ازل آمر به اهلی و غیرهم: چونکہ یہ ادویہ الہیہ میں سے ہے نیز اس دعا میں اللہ کا ذکر پھر تفویض الی اللہ اور استعاذہ بعزت وقدرت ہے اس وجہ سے خود بھی عمل کیا اور دوسروں کو بھی ترغیب دی پھر مرض کے ازالہ کے لئے جس طرح دواؤں کا تکرار ہے اسی طرح ادعیہ کا بھی تکرار ہے اور سات کا عدد خصوصیات کا حامل ہے کما هو الظاهر۔

ھذا حدیث صحیح اخرجه مسلم، و ابوداؤد و النسائی و ابن ماجه

بَابُ مَا جَاءَ فِي السَّنَا

بعض نسخوں میں یہ باب نہیں ہے

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ ثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنِيْ عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَهَا بِمَا تَسْتَمْشِيْنَ قَالَ بِالشُّبْرُمِ قَالَ حَارٌّ جَارٌّ قَالَتْ ثُمَّ اسْتَمْشَيْتُ

بالسنا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو ان شیئا کان فیہ شفاء من الموت لکان فی السنا

ترجمہ: حضرت اسماء بنت عمیسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا تم کس چیز سے اسہال لیتی ہو تو انہوں نے عرض کیا شبرم سے آپؐ نے فرمایا وہ تو بہت گرم ہے اسماء فرماتی ہیں کہ پھر میں سنا سے اسہال لینے لگی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کسی چیز میں موت سے شفا ہوتی تو سنا میں ہوتی۔

الشبـــرم: بضم الشین وسکون الباء بضم الراء بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ کسی پیڑ کی جڑ کا چھلکا ہے جو گرم خشک ہے علامہ جزریؒ فرماتے ہیں شبرم تل کے برابر دانے ہوتے ہیں جن کو پکا کر پانی میں ڈال کر ابالا جاتا ہے اور پانی پیا جاتا ہے۔

قال حارّ جارّ: اول بالحاء والراء المشدد دہ دوسرا بالجیم ہے ماخوذ من الجر

ابن قیمؒ فرماتے ہیں حار جار بالجیم اور یار بالیاء بھی ضبط کیا ہے اور بعض نے دونوں کو حاء مہملہ کے ساتھ ضبط کیا ہے جو اول حار کی تاکید ہے اور اگر جیم کے ساتھ ہے تو یہ ماخوذ جر سے ہے جس کے معنی کھینچنا اب معنی ہوئے شبرم تو گرم ہے مادہ فاسدہ کے ساتھ زائد مادہ خارج کرنے والی ہے جس سے نقصان کا اندیشہ ہے بعض نے فرمایا جار تبعاً و تاکیداً فرمایا جیسا کہ شیطان ویطان حسن وبن کہا جاتا ہے اسی طرح حار جار ہے یعنی یہ لفظ مہمل ہے محض تاکید کے لئے فرمایا گیا ہے۔

ثم استمشیت بالسنا: فرماتی ہیں اس کے بعد میں سنا کے ذریعہ اسہال لینے لگی جو نہایت مفید ثابت ہوئی۔

خواص سنا: سنا بالمد والقصر دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے یہ ایک گھاس ہے جو حجاز میں ہوتی ہے اور مکہ کی سنا زیادہ مفید اور نافع ہے اس کو سنائے مکی کہا جاتا ہے پیٹ کی صفائی کے لئے نہایت معتدل گھاس ہے بلغم اور سوداء کے لئے یہ مسہل ہے جلے ہوئے اخلاط کے لئے بہت مفید ہے دماغ کی صفائی کا ذریعہ ہے جلد کو صاف کرتی ہے اسی طرح امراض بلغمی اور سوداوی امراض کے لئے بہت مفید ہے جنون کے لئے دافع ہے مرگی کے مرض کے لئے شافی ہے آدھے سر درد کے لئے بھی مفید ہے۔ قلب کو تقویت دیتی ہے۔ وسواس سوداوی کے لئے نافع ہے خارش پھوڑا پھنسی کے لئے بھی مفید ہے پانی میں ثابت پکا کر پینا زیادہ مفید ہے بنفشہ کے پھولوں کے ساتھ ملا کر پکائے تو مفید تر ہے اور اصلح للبدن ہے۔

فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو ان شیئا کان فیہ شفاء من الموت لکان فی السنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی سنا کی اعلیٰ درجہ کی تعریف ہے اور اس کے انتہائی نافع ہونے کو بتلانے کے لئے ہے اسی وجہ سے بعض اطباء نے اپنے ہر نسخہ میں سنا کو لازم قرار دیا جو نہایت مفید ثابت ہوا اور اس لزوم سنا کی وجہ سے وہ حکیم سناسے مشہور بھی ہوئے ہیں۔ جیسا کہ ایک حکیم صاحب سہارنپور میں بھی گذرے ہیں۔

ھذا حدیث غریب اخرجہ احمد و ابن ماجہ والحاکم

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْعَسَلِ

شہد کے خواص وفوائد: عسل کے معنی شہد کے ہیں جس کے بارے میں جزء دوم میں کلام ہو چکا ہے اس کے مزید خواص اہل طب نے ذکر فرمائے ہیں۔

اگر نہار منہ کھائیں تو بلغم کو دور کرتا ہے اور معدہ کو صاف کرتا ہے اس کے فضلات کو دور کرتا ہے، سددوں کو کھولتا ہے۔ معدے کو معتدل کرتا ہے، دماغ کو قوت بخشتا ہے، حرارت غریزی کو قوت دیتا ہے۔ رطوبت بدن کو دور کرتا ہے اور اگر سرکہ کے ساتھ ملا کر کھائیں تو صفراوی مزاج کو مفید ہے۔ دافع ریاح ہے، فالج ولقوہ کے لئے بھی مفید ہے۔ مثانہ میں قوت پیدا کرتا ہے، سنگ مثانہ کو توڑتا ہے، بندش بول کے لئے مفید ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے بعض حضرات فرماتے ہیں شہد و شیر یعنی دودھ ہزار بوٹیوں کا عرق ہے اگر تمام جہاں کے لوگ ایسا عرق بنائیں تو بنا نہیں سکتے ہیں یہ شان ہے اس کبریائی کی کہ ان دونوں عرقوں کو پیدا کیا اور ان میں طرح طرح کے فائدے رکھے ہیں۔

شہد کے اقسام: شہد چار قسم کا ہوتا ہے۔

اول: تیل کے رنگ پر یہ سرد و خشک ہوتا ہے۔ دوم: گھی کے رنگ پر یہ بھی خشک ہوتا ہے۔ سوم: صاف و شفاف یہ اعلیٰ قسم ہے۔ چہارم: لوہے کے رنگ پر سیاہی مائل، یہ ناقص ہوتا ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اَخِي اِسْتَطْلَقَ بَطْنُهُ فَقَالَ اِسْقِهِ عَسَلًا فَسَقَاهُ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ اَسْقَيْتُهُ عَسَلًا فَلَمْ يَزِدْهُ اِلَّا اسْتِطْلَاقًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْقِهِ عَسَلًا قَالَ فَسَقَاهُ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي قَدْ سَقَيْتُهُ فَلَمْ يَزِدْهُ اِلَّا اسْتِطْلَاقًا قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ اللّٰهُ وَكَذَبَ بَطْنُ اَخِيْكَ اِسْقِهِ عَسَلًا فَسَقَاهُ فَبَرَئَ

ترجمہ: ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے بھائی کو زیادہ دست آ رہے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو شہد پلاؤ ابوسعید فرماتے ہیں ہم نے اس کو شہد پلایا پھر حاضر خدمت ہو کر عرض کیا کہ میں نے اس کو شہد پلایا مگر اس کو اور زیادہ دست آنے لگے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو اور شہد پلاؤ پھر شہد پلایا پھر حاضر خدمت ہو کر عرض کیا میں نے اس کو شہد پلایا مگر اس کو تو اور بھی زیادہ دست آنے لگے ہیں یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا مگر تیرے بھائی کے پیٹ نے خطاء کی ہے پھر فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو شہد پلاؤ چنانچہ پھر شہد پلایا تو وہ اچھا ہو گیا۔

استطلق بطنه: بضم التاء وسکون الطاء وکسر اللام بعدها قاف معناه کثرت خروج مافیه۔ یعنی اسہال کا مرض ہو گیا مسلم کی روایت میں عرب بطنه بالعین المهملة والراء المکسورة ثم الموحدة معناه فسد بالضمة لاختلال المعدة اس معنی میں ذرب بالذال المعجمة بھی آتا ہے۔

اسقه: بکسر الهمزه عسلا یا تو اس سے خالص شہد کا حکم دیا گیا یا کسی چیز کے ساتھ ملا کر۔

صدق الله: اس سے یا تو مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جو فرمایا فیه شفاء للناس سچ فرمایا ہے کہ شہد میں شفاء ہے نہ کہ مرض کی زیادتی کا باعث ہے دوسرا احتمال یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کی گئی تھی کہ اس شخص کے پیٹ کی شفاء شہد میں ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ اپنی اس وحی میں سچے ہیں۔

کذب بطن اخیك: کذب کے معنی خطا کے ہیں ای اخطأ بطن اخیك اذلم یقبل الشفاء صدق کے مقابل کذب کا اطلاق کردیا گیا ہے اور اس سے مراد خطا اور غلطی ہے۔

فبرأ: بروزن قرأ، دوسری روایت عافاہ اللہ واقع ہے قالہ الحافظ۔

اشکال: یہاں طبی طور پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ شہد تو خود گرم چیز ہے اگر مقدار میں زیادہ کھائے تو بدہضمی کا باعث ہے اور پیٹ کی خرابی کے وقت اس کا کھانا نہایت مضر ہوگا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے شہد کیوں تجویز فرمایا اہل علم نے اس اشکال کے متعدد جوابات دیئے ہیں۔

اول: یہ اعتراض جہالت پر مبنی ہے کیونکہ اطباء کا اتفاق ہے کہ مرض واحد کا علاج اختلاف عمر و عادت و اختلاف زمان و مکان و غذا وغیرہ سے مختلف ہوتا ہے لہٰذا یہاں دست والے کے لئے شہد کی تجویز طبی اصول کے عین مطابق تھی چونکہ اس شخص کو دست کا مرض بدہضمی کی بنا پر تھا کہ مادۂ فاسدہ پیٹ میں جمع ہو کر سدوں کی صورت اختیار کر گیا تھا اس کو نکالنا بہت ضروری تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مادۂ فاسدہ کو اچھی طرح خارج کرنے کے لئے شہد تجویز فرمایا چنانچہ بار بار پلانے سے جب مادۂ فاسدہ نکل گیا تو یہ شخص بالآخر اچھا ہو گیا۔

دوم: ممکن ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعۂ وحی معلوم ہو گیا ہو کہ اس شخص کی شفا شہد کے پینے میں ہے اس وجہ سے شہد کے پینے کا بار بار حکم فرمایا۔

سوم: ایسے مریض کے لئے طبی اصول کے خلاف شہد پینے کا حکم فرمایا ہے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا و برکت اور معجزہ کے طور پر اللہ تعالیٰ نے شفا دے دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دعا پر جزم کرتے ہوئے یہ حکم فرمایا تھا۔

چہارم: طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے فائق و بالاتر ہے اس کے لئے اعتقاد طیب اور بدن طیب کا ہونا ضروری ہے چنانچہ صحابیؓ نے باوجود بظاہر نقصان کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی تعمیل کی اور فرمان کے مطابق بار بار شہد پلا دیا اور اعتقاد جازم پایا گیا تو اللہ تعالیٰ نے شفا دیدی جس طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے بارے میں فرمایا شفاء لما فی الصدور مگر ظاہر ہے کہ قرآن کریم ہر ایک کے لئے شفا نہیں قلوب طیبہ کے لئے شافی ہے قلوب غیر طیبہ کے لئے مضر ہے اسی طرح شہد کے بارے میں فرمایا فیه شفاء للناس اور یہ ارشاد برحق ہے یہاں بھی اعتقاد جازم لازم ہے۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه الشیخان و غیر هما

بَابٌ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ الْمِنْهَالَ ابْنَ عَمْرٍو يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مَرِيْضًا لَمْ يَحْضُرْ اَجَلُهٗ فَيَقُوْلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَسْئَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ اِلَّا عُوْفِيَ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی ایسے مریض کی عیادت کو جائے جس کو ابھی موت نہیں آئی اور سات بار یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ضرور شفا دے گا۔

اسأل اللّٰہ العظیم رب العرش العظیم ان یشفیك الخ۔

اس روایت میں حصر اتفاقی ہے یا مشروط بالشرائط ہے جن کا تحقق ضروری ہے فلا اشکال هذا حديث حسن غريب اخرجه ابو داؤد و النسائي و قال الحاكم صحيح على شرط الشيخين۔

بَابٌ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ بِالْاَشْقَرِ الْمُرَابِطِيُّ ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ ثَنَا مَرْزُوْقٌ اَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ الشَّامِيُّ ثَنَا سَعِيْدٌ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ ثَنَا ثَوْبَانُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصَابَ اَحَدَكُمُ الْحُمّٰى فَاِنَّ الْحُمّٰى قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ فَلْيُطْفِهَا عَنْهُ بِالْمَاءِ فَلْيَسْتَنْقِعْ فِيْ نَهَرٍ جَارٍ فَلْيَسْتَقْبِلْ جِرْيَتَهُ فَيَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَ صَدِّقْ رَسُوْلَكَ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ وَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلْيَغْمِسْ فِيْهِ ثَلٰثَ غَمَسَاتٍ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ لَّمْ يَبْرَاْ فِيْ ثَلٰثٍ فَخَمْسٌ فَاِنْ لَّمْ يَبْرَاْ فِيْ خَمْسٍ فَسَبْعٌ فَاِنْ لَّمْ يَبْرَاْ فِيْ سَبْعٍ فَتِسْعٌ فَاِنَّهَا لَا تَكَادُ تُجَاوِزُ تِسْعًا بِاِذْنِ اللّٰهِ۔

ترجمہ: ثوبانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کسی کو اگر بخار ہو جائے جو جہنم کی آگ کا ایک ٹکڑا ہے اس کو پانی سے بجھائے بایں طور کہ جاری نہری میں کھڑا ہو اس کی رو کی طرف منہ کر کے اور کہے بسم اللہ الخ صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے اور اس میں تین غوطے لگائے تین دن تک ایسا ہی کرے پس اگر تین دن میں اچھا نہ ہو تو پانچ دن ایسا کرے اگر پانچ دن میں اچھا نہ ہو تو سات دن ایسا کرے اور اگر سات دن میں ٹھیک نہ ہو تو نو دن ایسا ہی کرے اللہ کے حکم سے نو دن سے آگے نہ بڑھے گا۔

اس پر تفصیلی کلام گذر چکا ہے۔

هذا حديث غريب اخرجه احمد و ابن ابی الدنیا و ابن السنی و ابو نعیم

بَابُ التَّدَاوِيْ بِالرَّمَادِ

باب راکھ کے ذریعہ دوا کرنے کے بارے میں

بعض نسخوں میں یہ باب نہیں ہے۔ الرماد بمعنی راکھ:

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ سُئِلَ سَهْلُ ابْنُ سَعْدٍ وَ اَنَا اَسْمَعُ بِاَيِّ شَيْءٍ دُوْوِيَ جُرْحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَقِيَ اَحَدٌ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ كَانَ عَلِيٌّ يَاْتِيْ بِالْمَاءِ فِيْ تُرْسِهٖ وَ فَاطِمَةُ تَغْسِلُ عَنْهُ الدَّمَ وَ اُحْرِقَ لَهٗ حَصِيْرٌ فَحُشِيَ بِهٖ جُرْحُهٗ۔

ترجمہ: ابو حازمؒ فرماتے ہیں کہ سہل بن سعدؓ سے پوچھا گیا اور میں سن رہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زخم کا علاج کس چیز سے کیا گیا تو سہل نے فرمایا اس بارے میں مجھ سے زیادہ جاننے والا کوئی نہیں۔ فرمایا علیؓ تو اپنے ڈھال میں پانی لاتے تھے اور حضرت فاطمہؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خون دھوتی تھیں اور آپ کے لئے ایک بوریہ جلایا گیا اور اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زخم میں بھر دیا گیا۔

دُوْوِیَ : بصیغہ مجہول ماخوذ من المداواۃ فحشی ای دخل فی جرحہ از باب نصر۔

ماعلی احد اعلم بہ منی: چونکہ اس وقت اس واقعہ کو جاننے والے ختم ہو چکے تھے اس لئے صحابیؓ نے یہ فرمایا ہے معلوم ہوا کہ کسی کو اپنے علم کا بیان واقعی جائز ہے بشرطیکہ عجب کا خوف نہ ہو اس واقعہ کو مفصلاً امام بخاریؒ نے کتاب الجہاد میں نقل کیا ہے۔

علامہ ابن بطالؒ فرماتے ہیں کہ اہل طب کا فرمان ہے کہ ٹاٹ کی راکھ خون کی زیادتی کو روکنے والی ہے بلکہ ہر طرح کی راکھ خون کی کثرت کے لئے مانع ہے چونکہ راکھ میں قوت جاذبیت بہت ہے اس وجہ سے امام ترمذیؒ نے یہ باب قائم کر کے اس کی افادیت کو بیان فرمایا مہلبؒ فرماتے ہیں کہ راکھ کے ذریعہ مخارج دم بند ہو جاتے ہیں۔ نیز وہ طیبۃ الرائحہ بھی ہے اس لئے حضرت فاطمہؓ نے ٹاٹ کو جلا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زخموں پر لگایا۔

مگر یہ واضح رہے کہ اگر زخم گہرا نہ ہو تو پانی کے ذریعہ بھی خون روکا جا سکتا ہے چنانچہ حضرت فاطمہؓ نے اولاً پانی ڈال کر خون کو روکنا چاہا پھر جب خون نہیں رک سکا تو انہوں نے راکھ کو استعمال کیا۔

بہر حال روایت مذکورہ سے تداوی بالرماد کا ثبوت ہوتا ہے وھو المقصود من الروایۃ۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان و غیرھما

بَابٌ

بعض نسخوں میں لفظ باب نہیں ہے

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ نِ الْأَشَجُّ ثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدِ نِ السَّكُوْنِيُّ عَنْ مُوْسَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلْتُمْ عَلَى الْمَرِيْضِ فَنَفِّسُوْا لَهُ فِيْ أَجَلِهٖ فَإِنَّ ذَالِكَ لَا يَرُدُّ شَيْئًا وَيُطَيِّبُ نَفْسَهٗ

ترجمہ: ابو سعید خدریؓ نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم کسی مریض کے یہاں جاؤ تو تم اس سے اس کی درازی عمر کے بارے میں بات کہو چونکہ تمہارا یہ کہنا تقدیر کو نہیں بدل سکتا اور وہ اس سے اپنے دل کو خوش کر لے گا۔

فنفسوا لہ فی اجلہ: یہ تنفیس سے ماخوذ ہے جس کے معنی تفریح کے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ اس مریض کے غم کو اپنی گفتگو کے ذریعہ دور کرو مثلاً یہ کہو لا باس طھور ان شاء اللّٰہ یطوّل اللّٰہ عمرك و یشفیك و یعافیك۔ یا اس کو کہو آپ موت کی فکر نہ کریں۔ ان شاء اللہ ابھی کہاں وفات ہوگی امید ہے کہ آپ دیر تک زندہ رہیں گے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں اس کے معنی یہ ہیں کہ اس کی طویل عمر کے بارے میں کہہ کر اس کو خوش کر دیا طویل عمر اور شفاء کی اس کے لئے دعا کرو مثلاً یہ کہو لا باس و لا تخف سیشفیك اللّٰہ و لیس مرضك صعباً ان مذکورہ جملوں سے گو تقدیر نہیں بدل سکتی کہ جب موت آنی ہے آئے گی مگر وہ بیچارہ اپنے دل کو خوش کر لے گا اور تمہارے اس کہنے سے تم کو کوئی گناہ اور ضرر بھی نہیں ہوگا۔

یطیب: بالتشدید نفسہ منصوب علی المفعولیۃ

آدابِ عیادت

امام موصوفؒ نے اس باب میں عیادت مریض کا ایک اہم ادب بیان فرمایا ہے کہ جب کسی مریض کے پاس جائے تو اس

کے پاس بیٹھ کر امید افزا باتیں کرنی چاہئیں مایوس کن باتیں کرنا ادبِ عیادت کے خلاف ہے اس کو اہل علم نے تشجیع العلیل بلطیف المقال وحسن الحال سے تعبیر کیا ہے۔

اسی طرح آدابِ عیادت میں سے یہ بھی ہے کہ مریض کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر کہے لا باس طھور انشاء اللہ یعنی آپ کا یہ مرض انشاء اللہ گناہوں کے لئے کفارہ ہے اور آپ جلدی صحت یاب ہو جائیں گے نیز مریض کے پاس دیر تک نہ بیٹھے کہ اس کو آپ سے تکلیف ہوگی البتہ اگر عیادت کرنے والا مریض سے مانوس ہے جس سے اس کو راحت مل رہی ہے تو پھر دیر تک بیٹھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

ھذا حدیث غریب اخرجہ ابن ماجہ

اَبْوَابُ الْفَرَائِضِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

وجہ تسمیہ: فرائض جمع فریضۃ بمعنی مقدرات چونکہ سہام مقدر و معین من جانب اللہ ہیں اس وجہ سے ان کو فرائض سے تعبیر کرتے ہیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ فرض بمعنی قطع آتا ہے اور سہام مقدرہ ہونے کے ساتھ ساتھ مقطوعہ بدلیل القطعی بھی ہے اس وجہ سے ان کو فرائض کہا جاتا ہے فاجتمع فیہ معنی اللغوی والشرعی لانھا ثابتۃ بدلیل قطعی ای الکتاب و السنۃ والاجماع۔

علم فرائض کی تعریف: ان اصول وقواعد کے جاننے کا نام ہے جن کے ذریعہ میت کا ترکہ مستحقین شرعی کو تقسیم کیا جائے۔

موضوع میت کا ترکہ اور مستحقین شرعیہ۔

غرض ایصال الحقوق الی اہل الاستحقاق یا ترکہ کے مستحقین اور ان کے شرعی حقوق کی مقدار کو معلوم کرنا۔

ارکان: الوارث، المورث، الموروث۔

شرائط: موت المورث، حیات الوارث حقیقۃً اور حکماً

مرتبہ علم اور اس کی اہمیت

اس کی فضیلت کے لئے یہی کافی ہے کہ قرآن کریم میں تفصیل کے ساتھ اس کو بیان کیا گیا ہے نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس علم کے حصول کی طرف ترغیب دی ہے فرمایا تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَ عَلِّمُوھا النَّاسَ فانھا نصف العلم، رواہ الدارمی والدار قطنی و ابن ماجہ والحاکم کما فی الجامع الصغیر عن ابی ہریرۃؓ و فیہ زیادۃ قولہ و ھو اول علم ینتزع من امتی۔ ایک روایت میں ہے فرمایا وھو سنتی و ھو اول شیء ینزع من سنتی۔ معین الفرائض بحوالہ مجمع الانھر عن عمرؓ قال تعلموا الفرائض فانہ من دینکم (مشکوٰۃ شریف) اسی طرح حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا جو شخص قرآن سیکھے اس کو فرائض بھی سیکھ لینا چاہئے حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے فرمایا جو شخص قرآن سیکھے اور فرائض نہ سیکھے وہ ایسا

ہے جیسے بے چہرے کا سر بہرحال اس علم شریف کی اس نوع سے بھی اہمیت ہے کہ اس کا تعلق حقوق العباد سے ہے جو شرعاً بہت اہم و مؤکد حقوق ہیں۔

علم فرائض بہت اہم فن ہے اور اس کی اصطلاحات بھی ہیں جو کتب فرائض میں مذکور ہیں ہم یہاں بعض اصول کو بیان کرتے ہیں جن کا جاننا طلبہ علم فرائض کے لئے مفید ہے۔

اول: زمانہ جاہلیت میں صرف ان مردوں کو میراث دی جاتی تھی جو میدان جنگ کے قابل ہوتے تھے صرف تین علاقوں سے میراث دی جاتی تھی علاقہ نسب، معاہدہ، تبنی۔

ابتدائے اسلام میں زمانہ جاہلیت کے طریقہ پر ان تین علاقوں سے میراث ملتی رہی اس کے بعد دو علاقے اور زائد ہوئے پھر پانچ علاقوں سے میراث ملتی رہی۔ علاقہ نسب، تبنی، معاہدہ، مواخاۃ، ہجرت،۔ جب مہاجرین کے قرابت دار مسلمان ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قدرتی رشتہ اس بھائی چارے سے مقدم ہے لہٰذا علاقہ مواخاۃ و ہجرت اور تبنی کو منسوخ فرما دیا کما قال اللہ تعالٰی واولو الارحام بعضهم اولٰی ببعض فی کتاب اللہ من المؤمنین و المهاجرین الا ان تفعلوا الٰی اولیاء کم معروفا کان ذلک فی الکتاب مسطورا۔ ہاں البتہ سلوک و احسان ان رفیقوں سے بھی کیے جاؤ مگر وصیت کو اس وقت لازم کر دیا گیا تھا کما قال تعالٰی کتب علیکم اذا حضر احد کم الموت ان ترک خیران الوصیة للوالدین والاقربین بالمعروف حقاً علی المتقین۔ لوگوں میں دستور تھا کہ مرد کا تمام مال اس کی بیوی، اولاد بلکہ خاص بیٹوں کو ملتا تھا ماں، باپ اور سب اقارب محروم رہتے تھے اس آیت میں حکم ہوا کہ ماں باپ اور جملہ اقارب کو انصاف کے ساتھ دینا چاہئے مرنے والے پر اس کے موافق وصیت کرنا فرض ہوئی اور یہ وصیت اس وقت تک فرض تھی جس وقت تک آیت میراث نازل نہیں ہوئی تھی جب حصص مقرر ہو گئے تو وارثین کے حق میں وصیت کا حکم منسوخ ہو گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا وصیة لوارث۔

دوم: آیت میراث کا نزول حضرت اوس بن ثابت اور سعد بن الربیع کی میراث کے سلسلہ میں ہوا جس کی تفصیل احادیث میں آئے گی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نزول آیت کے بعد بیوی کا بھی حصہ دلایا ہے اس طرح سب سے پہلی میراث بطریق شرعی سعد بن الربیع کی تقسیم ہوئی اب علاقۂ میراث صرف تین رہ گئے۔ (۱) نسب (۲) نکاح (۳) ولاء البتہ حنفیہ کے یہاں چوتھا علاقہ معاہدہ بھی ہے جبکہ مرنے والے کا کوئی اقرب اور ابعد وارث نہ ہو باہم معاہدہ کرنے والے بھی ایک دوسرے کے وارث ہوں گے کما سیأتی۔

سوم: مرنے والے نے وہ املاک جو بوقت موت اپنی ملکیت میں چھوڑی ہیں اس کو ترکہ کہا جاتا ہے اور اس میں میراث جاری ہوگی۔ مستعار اشیاء، امانت، مغصوبات وغیرہ میں میراث جاری نہ ہوگی۔

چہارم: میت کے مال میں ترتیب وار حقوق مندرجہ ذیل طریقہ پر ہیں۔

سب سے پہلے میت کے مال سے تجہیز و تکفین کا تعلق ہے لہٰذا میت کی حیثیت کے مطابق کپڑا لیا جائے نہ ادنٰی ہو کہ میت کی تحقیر ہو اور نہ قیمتی ہو کہ جس سے حقوق ورثہ میں کمی آئے اس کی حیثیت کا معیار یہ ہے کہ میت اکثر جیسا کپڑا پہن کر مسجد، بازار

ملاقات احباب کو جاتا تھا ویسا ہی کفن دیا جائے اس کے بعد ترکہ سے قرض ادا کیا جائے پھر قرض کی تین قسمیں ہیں۔

قرض قوی: جو میت کی صحت میں مرض وفات سے پہلے میت کے اقرار یا بحالت مرض وصحت گواہوں کی گواہی سے یا لوگوں کے مشاہدہ سے ثابت ہو۔

قرض ضعیف: وہ قرض ہے جو میت کے مرض وفات میں صرف میت کے اقرار سے ثابت ہو۔

قرض خداوندی: وہ قرض ہے جو اللہ تعالیٰ کا قرض ہے جیسے زکوٰۃ قضا شدہ نمازوں اور روزوں کا فدیہ ان کی ادائگی میں ترتیب کا لحاظ ضروری ہے۔

تجہیز وتکفین اور قرض کے بعد وصیت کے نفاذ کا حکم ہے قال تعالیٰ من بعد وصیة یوصی بها او دین غیر مضار وصیة من اللہ۔ الاٰیة اگر چہ اس آیت میں وصیت قرض پر مقدم ہے مگر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرض کو وصیت پر مقدم کیا ہے قال علیؓ رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم بدأ بالدین قبل الوصیة۔ (ترمذی شریف)

وصیت کا نفاذ تہائی مال سے ہوگا اگر تہائی سے ادائیگی نہیں ہوتی تو وارثوں پر اس کا پورا کرنا ضروری نہیں ہے۔

ان تینوں کے بعد اب ترکہ وارثوں کے درمیان تقسیم ہوگا ورثہ میں اول ذوی الفروض ہیں یعنی وہ ورثہ جن کا حصہ اور میراث کی مقدار شرعاً متعین ہے اور وہ بارہ ہیں چار مرد اور آٹھ عورتیں، باپ، دادا، شوہر، اخیافی بھائی، زوجہ، بیٹی، پوتی، حقیقی بہن، علاتی بہن، اخیافی بہن، والدہ، دادی، نانی ان ذوی الفروض کے مختلف حالات ہیں جن میں ان کے حصے متعین ہیں کتب فرائض میں ان کی تفصیلات مذکور ہیں۔

ان کے بعد عصبات ہیں، عصبہ میت کے وہ رشتہ دار ہیں جو اصحاب فرائض کا بقیہ حصہ لیتے ہیں اور تنہا ہونے کی صورت میں کل مال کے مستحق ہو جاتے ہیں پھر عصبہ کی دو قسمیں ہیں نسبی، سببی، نسبی وہ عصبہ ہیں جن کا تعلق میت کے نسب سے ہو ورنہ عصبہ سببی ہیں، پھر عصبات نسبی کی تین قسمیں ہیں (۱) عصبہ بنفسہ (۲) عصبہ بغیرہ (۳) عصبہ مع غیرہ۔

عصبہ بنفسہ: اصل عصبہ یہی ہے وہ مذکر مراد ہے جس کی نسبت میت کی طرف کی جائے تو درمیان میں عورت کا واسطہ نہ ہو۔

عصبہ بغیرہ: وہ عورتیں ہیں جن کا حصہ میراث میں متعین ہے لیکن یہ عورتیں جب اپنے بھائیوں کے ساتھ آتی ہیں تو للذکر مثل حظ الانثیین کے طریقہ سے ترکہ میں شریک ہو جاتی ہیں یہ صرف چار عورتیں ہیں بنت، بنت الابن، اخت عینی، اخت علاتی اختصاراً یوں بھی کہا جاسکتا ہے میت کا جزء مؤنث جیسے بیٹیاں، پوتیاں میت کے باپ کا جزء مؤنث جیسے علاتی اور حقیقی بہنیں۔

عصبہ مع غیرہ: وہ عورتیں جو دوسری عورتوں کے ساتھ عصبہ بن جاتی ہیں اور وہ صرف دو عورتیں ہیں اخت عینی اور اخت علاتی جب میت کی بیٹی و پوتی کے ساتھ جمع ہو جاتی ہیں تو بمطابق ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اجعلوا الاخوات مع البنات عصبةً عصبہ مع غیرہ ہو جاتی ہیں۔

عصبہ کی دوسری قسم: عصبہ سببی ہے اس سے مراد وہ شخص ہے جس نے میت کو اس کے غلام ہونے کی صورت میں آزاد کیا ہو اگر عصبات نسبی میں سے کوئی نہ ہو تو آخری مرتبہ میں اس آزاد کرنے والے کو مال دیا جائے گا اور اگر خود موجود نہ ہو تو اس کے عصبات کو مال دیا جائے گا اور اسی ترتیب کا لحاظ رکھا جائے گا یہ بھی واضح رہے کہ اس کے عصبات میں سے صرف مردوں کو ترکہ

پانے کا استحقاق ہے عورتوں کو نہیں اس کے بعد رد بذوی الفروض ہے یعنی پہلے ذوی الفروض اس کے بعد عصبات ہیں اگر عصبات میں سے کوئی موجود نہ ہو تو پھر ذوی الفروض پر ہی ان کے حصوں کے اعتبار سے مال تقسیم کیا جائے گا لیکن یہ رد ذوی الفروض نسبی پر کیا جاتا ہے ذوی الفروض سببی یعنی زوجین پر رد نہیں ہوتا اس کے بعد اگر ذوی الفروض و عصبات ہر دو قسموں میں سے کوئی نہ ہو تو ذوی الارحام ترکہ کے مستحق ہوں گے۔

ذوی الارحام[1]: وہ ورثہ ہیں کہ ان میں اور میت میں عورت کا واسطہ ہو جیسے نانا، ماموں، خالہ، پھوپھی، نواسہ، بھانجہ قال اللّٰہ تعالٰی و اولو الارحام بعضھم اولٰی ببعض فی کتاب اللّٰہ وقال علیہ السلام الخال وارث من لا وارث لہ، وقال ایضًا ابن اخت القوم منھم پھر اس کے اقسام ہیں کما فی کتب الفرائض اس کے بعد مولی الموالاۃ یہ وہ شخص ہے جس کے ساتھ میت نے عقد موالات کیا ہو یعنی یہ میت مرد ہو یا عورت مجہول النسب تھا اس نے بحالت اسلام ایک آدمی سے یہ قول و قرار کیا کہ تم میرے مولی یعنی کفیل ہو میری وفات کے بعد تم میرے مال کے حق دار ہو اگر مجھ سے کوئی قصور ہو جو موجب دیت وغیرہ ہو اس کا تاوان تم کو دینا ہے اب اگر یہ مجہول النسب مرجائے تو اس کا ترکہ اس کے مولی الموالات کو دیا جائے گا۔

اس کے بعد مقرلہ بالنسب علی الغیر: وہ شخص جس کی نسبت میت نے اپنے نسب میں شریک ہونے کا اقرار اس طرح کیا ہو کہ اس کی تحمیل غیر کے نسب پر رہی ہو اور اصل نسب والے نے اس کا اقرار نہ کیا ہو اور نہ اس پر گواہ موجود ہوں اور میت اس نسبت کے اقرار کو آخری وقت تک ماننا رہا ہو تو جو شخص اس قسم کے اقرار سے وارثوں میں داخل ہوا ہے اس کو اس میت کی میراث مل جائے گی جیسے زید ایک مجہول النسب لڑکے کے بارے میں کہتا ہے یہ میرا بھائی ہے تو یہ لڑکا زید کے باپ کا بیٹا ہوا لیکن زید کے باپ نے کبھی اقرار نہیں کیا اور نہ گواہ ہے اور زید اخیر وقت تک بھائی ماننا رہا تو زید کے حق میں یہ اقرار درست ہوگا اور زید کے مرنے کے بعد اس کو میراث مل جائے گی بشرطیکہ مستحقین بالا میں سے کوئی نہ ہو پھر موصی لہ بجمیع المال ہے، میت نے کسی شخص کو کل ترکہ کی وصیت کی تھی مگر اصول وصیت کے مطابق اس کو تہائی ترکہ دیا گیا اور دو تہائی باقی حقداروں کے لئے روکا گیا اب دیکھا گیا کہ کوئی وارث نہیں تو باقی دو تہائی بھی اسی موصی لہ بجمیع المال کو دے دیا جائے گا۔

اس کے بعد زوجین: عام کتب فقہ میں لکھا ہے کہ مذکورہ بالا ورثہ میں سے کوئی نہ ہو تو میت کا ترکہ بیت المال کو دیدیا جائے لیکن علماء متاخرین نے بھی دیکھا کہ اس زمانہ میں نہ تو کوئی شرعی بیت المال ہے اور نہ اس قسم کے مال کو شرعی مصارف میں خرچ کیا جاتا ہے تو انہوں نے لکھا کہ اگر زوجین میں سے کوئی موجود ہو اور ان کے حصہ سے باقی ماندہ مال کے لئے مستحقین مذکورہ بالا میں سے کوئی نہ ہو تو باقی ماندہ حصہ بھی زوجین میں سے کسی ایک کو دے دیا جائے گا۔

آخری درجہ بیت المال کا ہے اگر مذکورہ بالا ورثہ میں سے کوئی نہ ہو تو پھر میت کا ترکہ بیت المال یعنی اسلامی خزانہ میں جمع کر دیا جائے جو کہ رفاہ عام کے کاموں میں خرچ ہوگا جیسے دریاؤں کے لئے پل، مسافر خانہ، ناداروں کا علاج اور ان کی تجہیز و تکفین۔

پنجم موانع ارث: بعض مرتبہ ایسے عوارض پیش آجاتے ہیں جن کی وجہ سے ورثاء میراث سے محروم ہو جاتے ہیں۔ ایسے عوارض کو موانع ارث کہا جاتا ہے اور وہ چار ہیں۔

---

[1] ذوی الارحام: فی الشریعۃ ھو کل قریب لیس بذی سھم ولا عصبۃ شامی ۵/۵۹

(۱) غلامی (۲) قتل (۳) اختلاف مذہب (۴) اختلاف ملک۔

غلامی: خواہ کامل ہو یا ناقص جیسے مکاتب، مدبر ام ولد وغیرہ غلام کسی چیز کا مالک نہیں ہوتا بلکہ اس کا مال اور وہ خود مولیٰ کی ملکیت ہے۔

قتل: وارث مورث کا قاتل ہے بشرطیکہ اس قتل پر قصاص یا کفارہ ودیت واجب ہو قتل عمد قتل شبہ عمد قتل خطا، یہ تینوں مانع ارث ہیں۔

اختلاف مذہب: یعنی میت اور وارث میں سے ایک مسلم دوسرا غیر مسلم ہو تو وہ ایک دوسرے کے ترکہ کے مستحق نہ ہوں گے۔

اختلاف ملک: اس سے ایسے دو ملک مراد ہیں یا دو جگہیں جہاں کے باشندے باہم مختلف ہوں اور حفاظت جان کے لئے ان میں باہمی کوئی معاہدہ نہ ہو بلکہ ہر جگہ کا شخص دوسری جگہ کے شخص کو موقع پر قتل کر دیتا ہو اگر وہ باہم متفق ہو کر حفاظت نفس کی غرض سے کسی معاہدہ پر قائم ہو جائیں اور آپس میں صلح کر لیں تو ایک ہی دار کہلائیں گے اور آپس میں میراث جاری ہوگی۔

نوٹ: اختلاف دار کی بناء پر ترکہ سے محروم ہونے کا حکم صرف کفار کے ساتھ مخصوص ہے۔ مسلمان اس سے مستثنیٰ ہیں دو مسلمان ہر صورت میں ایک دوسرے کے وارث ہو سکتے ہیں خواہ دنیا میں کہیں بھی رہتے ہیں۔

ششم: عدم موانع ارث، صغر سنی، نکاح ثانی، نافرمانی و بدکاری۔

صغر سنی: کم عمر ہونے سے میراث میں کمی نہیں آتی بلکہ اسلام نے تو حمل کو وارث بنایا ہے جس کی تفصیل کتب فقہ میں مذکور ہے۔

نکاح ثانی سے عورت اپنے شوہر کی میراث سے محروم نہیں ہوتی بلکہ جس قدر چاہے حسب شرع نکاح کرے اپنے وفات یافتہ شوہروں سے مہر اور میراث کی مستحق ہوگی۔

نافرمانی: یہ میراث کو نہیں روکتی ایک لڑکا فرمانبردار ہے اور دوسرا نافرمان ہے تو دونوں لڑکے برابر میراث کے حق دار ہوں گے۔

تنبیہ: جو امور اوپر بیان کئے گئے ہیں وہ سب تفصیل کے محتاج ہیں جو کتب فرائض میں موجود ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهٖ

حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ ثَنَا أَبِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو ثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِأَهْلِهٖ وَمَنْ تَرَكَ ضَيَاعًا فَإِلَيَّ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص مال چھوڑے تو وہ مال اس کے گھر والوں کا ہے اور جو شخص اولاد یا عیال چھوڑے تو میری ذمہ داری میں ہے۔

فلاھلہ: بعض نسخوں میں فلورثتہ وارد ہے ضیاعا بفتح الضاد و بکسر ہا ای عیالا اس سے مراد یہ ہے کہ جو شخص اولاد کو اس طرح چھوڑے کہ وہ فقیر و محتاج ہیں تو ان کی ذمہ داری میری ہے میں ان کا متولی و ذمہ دار ہوں اور شارہ الی ہذا المحشی الترمذی۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان و احمد والنسائي و ابن ماجه

و قدرواہ الترمذی الخ: یعنی اس روایت کو زہریؒ نے بھی ابوسلمہ عن ابی ہریرۃؓ روایت کیا ہے مگر وہ اس سے طویل ہے لفظہ عن ابی هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال انا اولى بالمؤمنين من انفسهم فمن مات عليه دين ولم يترك وفاء فعلينا قضائه و من ترك مالا فلورثته اخرجہ البخاری۔

وفي الباب عن جابرؓ اخرجه احمد وابوداؤد والنسائی وابن حبان والدارقطنی والحاکم عن انسؓ اخرجہ ابونعیم الاصفہانی فی التاریخ۔ ۱/۲۸۵۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ تَعْلِيْمِ الْفَرَائِضِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ وَاصِلٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دَلْهَمٍ ثَنِيْ عَوْفٌ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَ عَلِّمُوا النَّاسَ فَاِنِّيْ مَقْبُوْضٌ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرۃؓ نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیکھو تم فرائض کو اور لوگوں کو سکھاؤ کیونکہ میں مقبوض ہوں (عنقریب اٹھالیا جاؤں گا)

الفرائض: اس سے مراد علم الفرائض یعنی میراث ہے کما قال المحدثین دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد مطلق فرائض اسلامیہ ہیں بقرینہ ذکر القرآن۔

هذا حديث فيه اضطراب: اس کا حاصل یہ ہے کہ فضل بن دلہم نے عوف سے روایت نقل کی تو انہوں نے اس کو مسند ابی ہریرۃؓ میں شمار کیا اور جب ابواسامہؓ نے عوف سے روایت نقل کی تو اس کو مسند ابن مسعودؓ میں شمار کیا ہے روایت سے علم میراث کی اہمیت معلوم ہوتی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ مِيْرَاثِ الْبَنَاتِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةُ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ بِابْنَتَيْهَا مِنْ سَعْدٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَاتَانِ ابْنَتَا سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ قُتِلَ اَبُوْهُمَا مَعَكَ يَوْمَ اُحُدٍ شَهِيْدًا وَاِنَّ عَمَّهُمَا اَخَذَ مَا لَهُمَا فَلَمْ يَدَعْ لَهُمَا مَالًا وَلَا تُنْكَحَانِ اِلَّا وَ لَهُمَا مَالٌ قَالَ يَقْضِي اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ فَنَزَلَتْ اٰيَةُ الْمِيْرَاثِ فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَمِّهِمَا اَعْطِ ابْنَتَيْ سَعْدٍ الثُّلُثَيْنِ وَاَعْطِ اُمَّهُمَا الثُّمُنَ وَمَا بَقِيَ فَهُوَ لَكَ۔

ترجمہ: جابر بن عبداللہؓ سے منقول ہے کہ سعد بن الربیع کی بیوی ان کی دو بیٹیوں کو لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہنے لگی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دونوں سعد بن الربیع کی بیٹیاں ہیں اور ان کا باپ غزوہ احد میں شہید ہو گیا اور ان کے

چچا نے ان دونوں کے (حق وراثت) مال کو لے لیا ہے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں فیصلہ فرمادیں گے اور ان دونوں کے لئے کچھ نہیں چھوڑا اور ان دونوں کا نکاح نہیں کیا جاسکتا ہے جب تک کہ ان کے پاس مال نہ ہو۔ پس آیت میراث نازل ہوگئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کے چچا کو بلا بھیجا پس فرمایا کہ سعد کی دونوں بیٹیوں کو دوثلث دیدو اور ان دونوں کی ماں کو ثمن اور جو باقی رہ جائے وہ تیرا ہے۔

سعد بن الربیع: بفتح الراء وکسر الباء الانصاری الخزرجی عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور ان کے درمیان مواخاۃ کرادی گئی تھی خارجہ بن زید اور ربیع دونوں ایک قبر میں دفن کئے گئے تھے غزوۂ احد میں شہید ہوئے تھے۔

قتل ابو ھما معک ای مصاحبا معک: یہ ظرف مستقر ہے ای کائناً معک شھیداً تمیز ہے اور حال مؤکدہ بھی ہوسکتا ہے۔

وان عمھما اخذ ما لھما ای علی طریق الجاھلیة فی حرمان النساء من المیراث فلم یدع لھما مالاً

یعنی ان کے خرچ کے لئے یا نکاح کے لئے اس نے کچھ نہیں چھوڑا ہے۔ ولا تنکحان یعنی بغیر مال کے ان کا نکاح مشکل ہے مراد یہ ہے کہ عادۃً یا غالباً عزت کے ساتھ بغیر مال کے نکاح نہیں ہوسکتا۔ فنزلت آیة المیراث یعنی یوصیکم اللہ فی اولادکم الخ۔

واعط لھا الثمن: لقوله تعالیٰ فان کان لکم ولد فلھن الثمن مما ترکتم (الآیة)

مابقی فھو لک ای بالعصوبة

میراث البنت

بنت کی کل تین حالتیں ہیں۔

(۱) نصف: جب کہ وہ تنہا ہو اور اس کے ساتھ کوئی لڑکا نہ ہو۔ (۲) ثلثان: یہ اس وقت ہے جب کہ دو یا دو سے زائد ہوں اور کوئی لڑکا نہ ہو۔ (۳) عصبہ بالغیر: جب لڑکیوں کے ساتھ لڑکا بھی ہو لقوله تعالیٰ للذکر مثل حظ الانثیین۔

جمہور علماء کے نزدیک دولڑکیوں کا حصہ دوثلث ہے البتہ ابن عباسؓ کا اختلاف ہے ان کے نزدیک دولڑکیاں مثل ایک لڑکی کے نصف کے مستحق ہیں۔

چونکہ قرآن کریم میں دوثلث دولڑکیوں سے زائد کے لئے بیان کیا گیا ہے فان کن نساء فوق اثنتین فلھن ثلثا ما ترک اور دولڑکیوں کا حصہ مذکور نہیں ہے تو لامحالہ دو کا حکم ایک کی طرح ہوگا جمہور فرماتے ہیں دولڑکیوں سے زائد کا حکم تو مذکورہ آیت میں ہے اور دولڑکیوں کا حکم روایۃ الباب میں ہے ممکن ہے حضرت ابن عباسؓ کو یہ روایت نہ پہنچی ہو۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد و ابو داؤد و ابن ماجه۔

لا نعرفه الا من حدیث عبداللہ بن محمد بن عقیل الخ یعنی یہ روایت اگرچہ عبداللہ بن محمد عقیل کے طریق سے متعارف ہے مگر ان سے روایت کرنے والے اور بھی ہیں لہٰذا تعدد ہوگیا تو یہ روایت حسن صحیح کے درجہ میں ہوگئی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي مِيرَاثِ الْإِبْنِ مَعَ بِنْتِ الصُّلْبِ

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ أَبِي قَيْسٍ الْأَوْدِيِّ عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي مُوسَى وَ سُلَيْمَانَ بْنِ رَبِيعَةَ وَ سَأَلَهُمَا عَنْ اِبْنَةٍ وَ اِبْنَةِ اِبْنٍ وَأُخْتٍ لِأَبٍ وَ أُمٍّ فَقَالَا لِلْاِبْنَةِ النِّصْفُ وَلِلْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ مَا بَقِيَ وَ قَالَا لَهُ انْطَلِقْ إِلَى عَبْدِاللّٰهِ فَاسْأَلْهُ فَإِنَّهُ سَيُتَابِعُنَا فَأَتَى عَبْدَاللّٰهِ فَذَكَرَ لَهُ ذٰلِكَ وَ أَخْبَرَهُ بِمَا قَالَا قَالَ عَبْدُاللّٰهِ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَ مَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ وَلٰكِنْ أَقْضِي فِيهِمَا كَمَا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاِبْنَةِ النِّصْفُ وَلِابْنَةِ الْاِبْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ وَلِلْأُخْتِ مَا بَقِيَ۔

ترجمہ: ہزیل بن شرحبیل کہتے ہیں کہ ایک آدمی ابوموسیٰ اور سلیمان ابن ربیعہ کے پاس آیا اور ان سے پوچھا کہ (مرنے والے کی) ایک بیٹی اور پوتی اور ایک حقیقی بہن ہے (اس کی میراث ان کے مابین کس طرح تقسیم ہوگی) تو ان دونوں نے کہا بیٹی کو آدھا اور بہن کو مابقیہ ملے گا۔ (یعنی پوتی محروم رہے گی)

اور ان دونوں نے فرمایا عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس جاؤ اور ان سے پوچھو امید ہے کہ وہ ہماری موافقت کریں گے پس وہ شخص عبداللہ کے پاس گیا اور اس کا تذکرہ کیا اور ان دونوں کے فیصلہ کی خبر بھی دی تو عبداللہ نے کہا اگر میں فیصلہ کروں (یعنی اپنی جانب سے) تو گمراہ ہو جاؤں گا اور میں ہدایت یافتہ لوگوں میں سے نہیں ہوں گا لیکن میں اس بارے میں وہ فیصلہ کروں گا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیٹی کے لئے نصف اور پوتی کے لئے سدس ثلثین کی تکمیل کرتے ہوئے اور ماقی بہن کے لئے۔

حضرت سلیمان بن ربیعؒ اور ابوموسیٰ کا فیصلہ ظاہر ہے کہ آیات کو پیش نظر رکھتے ہوئے تھا کیونکہ قرآن کریم میں ہے و ان کانت واحدة فلها النصف اور بہن کے بارے میں یہ فیصلہ اس لئے فرمایا کہ قرآن کریم میں یہ آیت کلالہ میں ہے و ان امرء هلك ليس له ولد وله اخت فلها نصف ما ترك (الآیۃ) اور ولد کا محمل یا تو مذکر سمجھا علیٰ استعمال العرب یا انہوں نے یہ سمجھا کہ بنت تو نصف لے کر الگ ہو چکی اب نصف بہن کا رہے گا اور کچھ باقی نہیں رہا نیز پوتی کا کوئی ذکر قرآن میں نہیں ہے لہٰذا نصف بیٹی کا ہوگا اور نصف بہن کا اور پوتی محروم ہوگی اور ساتھ ہی یہ اعتماد کیا کہ ہمارا فیصلہ چونکہ مستخرج من القرآن ہے اس لئے یقیناً ابن مسعودؓ ہماری موافقت کریں گے اور ابن مسعودؓ اعلم اور افقہ ہیں اس لئے ان سے بھی معلوم کر لیں۔ عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ یہ فیصلہ درست نہیں اگر میں ان کی موافقت کروں گا تو مخالفت شریعت کی بناء پر گمراہ ہو جاؤں گا بلکہ میرا فیصلہ تو ایسے موقع پر وہی ہوگا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بیٹی کو نصف اور پوتی کو سدس تاکہ دونوں مل کر دو ثلث مکمل ہو جائیں اور باقی بہن کا ہے۔

تکملة للثلثين بالا ضافة اور یہ منصوب بر بناء مفعول لہ ہے ای لتکميل الثلثين طیبیؒ فرماتے ہیں یہ بھی احتمال ہے کہ یہ مصدر مؤکد ہو ای اذا اضفت السدس الی النصف فقد کملت الثلثين اور یہ بھی احتمال ہے کہ حال مؤکد ہو وللاخت مابقی۔ چونکہ یہ بنات کے ساتھ عصبہ بن گئی ہے لقوله عليه السلام اجعلوا الاخوات مع البنات عصبة۔

وضاحت مسئلہ: بنات میت کا حصہ متعدد ہونے کی صورت میں زیادہ سے زیادہ ثلثان ہے کما تقدم اور بنات

الا بن بھی بنات ہی میں داخل ہیں لہٰذا ایک بیٹی قرب قرابت کی بناء پر نصف کی مستحق ہوئی تو دو ثلث پورا کرنے کے لئے صرف اس صورت میں سدس رہ گیا اس لئے یہ سدس پوتی کو دے کر ثلثین کی تکمیل کی جائے یہ بھی واضح رہے کہ پوتی ایک ہو یا متعدد ان کو صرف سدس ہی دیا جائے گا۔ لقوله تعالى ان كن نساء فوق اثنتين فلهن ثلثا ما ترك (الآیہ) اس کے بعد جو باقی رہ گیا وہ اخت کا حصہ ہے بر بناء عصبہ ابن مسعودؓ کا یہ فیصلہ آیت قرآنیہ کی روشنی میں ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کے مطابق ہے چنانچہ دار قطنی کی روایت کے الفاظ وقد سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول فذكر الخ۔ اس پر دال ہیں۔

هذا حديث صحيح اخرجه البخاري و ابو داؤد و النسائي و ابن ماجة والدارمي و الطحاوي۔

و قد رواه ايضًا شعبة عن ابي قيس: یہ دوسرے طریق کی طرف اشارہ ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مِيْرَاثِ الْاِخْوَةِ مِنَ الْاَبِ وَ الْاُمِّ

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَا اَوْ دَيْنٍ وَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ وَ اَنَّ اَعْيَانَ بَنِي الْاُمِّ يَرِثُوْنَ دُوْنَ بَنِي الْعَلَّاتِ اَلرَّجُلُ يَرِثُ اَخَاهُ لِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ دُوْنَ اَخِيْهِ لِاَبِيْهِ۔

ترجمہ: حضرت علیؓ نے فرمایا کہ تم اس آیت کو پڑھتے ہو من بعد وصیۃ توصون بہا او دین حالانکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت سے پہلے دین کا فیصلہ فرمایا ہے۔ (نیز فرمایا) کہ اعیان بنی الام یعنی حقیقی بہن بھائی وارث ہوں گے نہ کہ بنو العلات، آدمی اپنے حقیقی بھائی کا وارث ہوتا ہے نہ کہ علاتی بھائی کا وان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى بالدين قبل الوصية۔

حضرت علیؓ فرما رہے ہیں کہ قرآن کریم میں آپ لوگ پڑھتے ہیں من بعد وصية توصون بها او دين جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وصیت کو دین پر مقدم کرنے کا فیصلہ ہے تو قرض مقدم ہے وصیت سے اب سوال یہ ہے کہ جب ایسا حکم ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے کلام میں وصیت کو دین پر کیوں مقدم فرمایا ہے؟

جواب: وصیت اس اعتبار سے میراث کے مشابہ ہے کہ بغیر عوض حاصل ہوتی ہے تو اس کو ادا کرنا ورثہ کے لئے مشکل ہوتا ممکن تھا کہ اس کی ادائیگی میں ورثہ کوتاہی کرتے اس لئے اس کو اہتماماً مقدم فرما دیا بخلاف دین کے کہ ورثہ اس میں کوتاہی نہیں کر سکتے کہ دائن خود وصول کر لے گا نیز عموماً قرض کو ورثہ بھی جانتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو بھی اس کے بارے میں معلومات ہوتی ہیں بخلاف وصیت کے کہ اس پر عموماً دوسروں کو اطلاع نہیں ہو پاتی (اس کی مزید تفصیل آگے "باب یبدأ الدین قبل الوصیۃ" کے تحت آ رہی ہے۔)

وانّ اعيان بني الام يرثون دون بني العلات الخ۔ ان بفتح ہمزہ اور واؤ عطف کے لئے ہے اعیان بنی الام سے مراد حقیقی بھائی بہن ہیں کہ جن کی ماں اور باپ ایک ہوں لفظ بنی الام سے تعبیر کرنے میں یہ نکتہ ہے کہ عورت کی قرابت کا لوگ اعتبار نہیں کرتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بنی الام یعنی ایسے ورثہ کہ جن کی ماں اور باپ ایک ہوں وہ وارث

ہوں گے نہ کہ بنی العلات کہ جن کا باپ ایک ہو اور ماں الگ الگ ہو معلوم ہوا کہ قرابت نساء کا اعتبار کیا گیا ہے۔

حاصل فرمان یہ ہے کہ بھائی تین طرح کے ہوتے ہیں، اعیانی، علاتی، اخیافی، ان میں وارث بننے کے لئے قوت قرابت کا اعتبار کیا جائے گا۔ اگر بنی اعیان اور بنی العلات و بنی الاخیاف سب ہوں تو بنی الاعیان، بنی العلات والاخیاف پر مقدم ہوں گے۔ کیونکہ بنی الاعیان کی قرابت دوگنی ہے کہ وہ ماں باپ دونوں میں شریک ہیں جیسا کہ سراجی میں ہے "یرجحون بقوة القرابة اعنی به ان ذالقربتین اولی من ذی قرابة واحدة ذکرًا کان او انثی" اور اگر صرف بنو العلات ہی ہیں تو وارث ہوں گے۔

الرجل یرث اخاه لابیه و امه دون اخیه لا بیه: ہذا کالتفسیر لما قبلہ۔

حدثنا بندار نا عزیز بن هارون نا زکریا بن زائدة عن ابی اسحق عن الحارث عن علیؓ ان النبی صلی الله علیه وسلم مثله.

یہ روایت کا دوسرا طریق ہے پہلی روایت میں ابو اسحاق کے شاگرد سفیان ہیں اور اس میں زکریا۔

و قد تکلم بعض اهل العلم فی الحارث۔ حافظ ابن حجرؒ نے حارث کے بارے میں اہل علم کے کلام کو تہذیب التہذیب میں نقل کیا ہے اور تقریب میں فرمایا:

الحارث بن عبدالله الاعور الهمدانی الخوتی الکوفی ابو زهیر صاحب علیؓ کذبه الشعبی فی رأیه ورمی بالرفض و فی حدیثه ضعف و لیس له عند النسائی سوی حدیثین وقال فی التلخیص لکن کان عالمًا بالفرائض وقال النسائی لا بأس به۔

بَابُ مِيْرَاثِ الْبَنِيْنَ مَعَ الْبَنَاتِ

بیٹوں کی میراث بیٹیوں کے ساتھ

بعض نسخوں میں یہ باب بلاترجمہ ہے

حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ نَا عَمْرُو بْنُ اَبِیْ قَيْسٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ جَاءَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِیْ وَاَنَا مَرِيْضٌ فِیْ بَنِیْ سَلِمَةَ فَقُلْتُ يَا نَبِیَّ اللّٰهِ كَيْفَ اَقْسِمُ مَالِیْ بَيْنَ وُلْدِیْ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَیَّ شَيْئًا فَنَزَلَتْ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِیْ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ (الآیة)

ترجمہ: جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میرے پاس کہ میری عیادت فرمارہے تھے (کیونکہ) میں بیمار تھا مقیم تھا بنی سلمہ میں پس میں نے پوچھا اے نبی اللہ میں کس طرح تقسیم کروں اپنا مال اپنے بچوں کے درمیان تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کوئی جواب نہیں دیا پس یوصیکم اللہ الخ نازل ہوئی۔

بني سلمة: بفتح المهملة وکسر اللام اس سے مراد جابرؓ کی قوم ہے۔

یسن ولدی: اس روایت میں یہ لفظ واقع ہے جب کہ آنے والی روایت میں یہ نہیں ہے اسی طرح ائمہ ستہ کی کسی بھی روایت میں یہ لفظ نہیں ہے بلکہ صحیحین کی روایت میں ہے فقلت یا رسول الله انما یرثني کلالة۔ نیز بخاری میں ہے انما لي اخوات اور آنے والی روایات میں ہے وکان له تسع اخوات حتی نزلت آیة المیراث یستفتونك قل الله یفتیکم في الکلالة الآیة (ابوداؤد میں وعندی سبع اخوات وارد ہے) حافظ وغیرہ فرماتے ہیں اس وقت حضرت جابرؓ کے کوئی اولاد نہیں تھی حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں ولد سے مراد اخوات ہیں کیونکہ لفظ کا چھوٹے بچوں پر اطلاق کیا جاتا ہے۔

فنزلت یوصیکم الله في اولاد کم الخ: اشکال: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آیت میراث یوصیکم الله کا نزول واقعۂ جابرؓ میں ہوا ہے حالانکہ پیچھے گذر چکا کہ اس آیت کا نزول سعد بن ربیع کی میراث کے بارے میں ہوا ہے نیز جابرؓ کے جب اولاد نہیں تھی تو یوصیکم الله الخ کے نزول کو ان کے قصہ سے کیا مناسبت؟

جواب: حافظ وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ حضرت جابرؓ کے قصہ میں یوصیکم الله آیت کے نزول کے بارے میں وہم ہے بلکہ ان کے قصہ میں تو سورۂ نساء کی آخری آیت یستفتونك في النساء قل الله یفتیکم فیهن (الآیة) کا نزول ہوا ہے کیوں کہ اس وقت جابر کلالہ تھے نہ ان کے کوئی ولد تھا نہ والد جو کلالہ کے معنی ہیں۔

جواب: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں فنزلت یوصیکم الله الخ کے معنی یہ ہیں کہ اس آیت کا نزول اس جیسے واقعہ میں ہوا جو سعد بن ربیع کی میراث کا پیش آیا تھا یعنی ممکن ہے اولاً سعد بن ربیع کی میراث کا واقعہ پیش آیا ہو پھر حضرت جابرؓ کا قصہ بھی تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے دونوں کے متعلق آیت میراث نازل فرمائی کہ آیت کا اول حصہ سعد بن ربیع کی میراث سے متعلق ہے اور آخر آیت میں کلالہ کا بیان بھی ہے جو جابرؓ کے واقعہ سے متعلق ہے اور یہی جابرؓ کی مراد ہے پھر مستقل طور پر کلالہ سے متعلق آیت کلالہ جو آخر سورۃ میں ہے نازل کردی گئی جس کو جابرؓ نے بیان فرمایا ہے۔ کما في الروایة الآتیة فلا اشکال۔

آیت شریفہ سے ثابت ہوا کہ اگر اولاد ذکور وا ناث جمع ہوں تو ترکہ للذکر مثل حظ الانثیین کے طور پر تقسیم ہوگا۔ وبه ثبت الترجمة۔

وقد رواه ابن عیینة وغیره عن محمد بن المنکدر عن جابرؓ

روایت مذکورہ کے تعدد طرق کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

بَابُ مِيرَاثِ الْأَخَوَاتِ

بعض نسخوں میں یہ باب نہیں ہے

حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ قَالَ مَرِضْتُ فَأَتَانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي فَوَجَدَنِي قَدْ أُغْمِيَ عَلَيَّ فَأَتَانِي وَمَعَهُ أَبُوبَكْرٍ وَهُمَا مَاشِيَانِ فَتَوَضَّأَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَبَّ عَلَيَّ مِنْ وَضُوْءِهِ فَأَفَقْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ

اللّٰهِ كَيْفَ أَقْضِي فِي مَالِي أَوْ كَيْفَ أَصْنَعُ فِي مَالِي فَلَمْ يُجِبْنِي شَيْئًا وَكَانَ لَهُ تِسْعُ أَخَوَاتٍ حَتّٰى نَزَلَتْ آيَةُ الْمِيرَاثِ يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ (الآية)

ترجمہ: محمد بن المنکدرؒ نے جابرؓ سے سنا فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس عیادت کے لئے تشریف لائے پس پایا آپ نے مجھ کو کہ میرے اوپر بے ہوشی طاری تھی پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم آئے اور آپ کے ساتھ ابوبکرؓ تھے اور دونوں پیدل تشریف لائے پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا اور ڈالا پانی میرے اوپر اپنے وضو سے بچا ہوا پس مجھ کو افاقہ ہو گیا تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیسے فیصلہ کروں میں اپنے مال کے بارے میں یا کیسے تقسیم کروں اپنا مال تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی جواب نہیں دیا حال یہ کہ اس وقت ان کے صرف نو بہنیں تھی حتی کہ نازل ہوئی آیت میراث یستفتونك قل الله يفتيكم في الكلالة جابرؓ فرماتے ہیں کہ یہ آیت میرے بارے میں نازل ہوئی۔

اغماء وغشی ونوم اور جنون کا فرق

قد اغمي علي: اغمی بصیغہ مجہول علی جلد بیدالیا نہایہ میں مذکور ہے اغمي المريض اي غشي عليه كان المرض ستر عقله و غطاه علامہ کرمانیؒ فرماتے ہیں اغماء اور غشی کے ایک ہی معنی ہیں علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ دونوں میں فرق ہے غشی ایسا مرض ہے جو طویل علالت وغیرہ کی بنا پر طاری ہوتا ہے جو اخف من الاغماء ہے اغماء میں عقل مغلوب ہو جاتی ہے اور جنون میں عقل مسلوب ہو جاتی ہے اور نوم میں مستور ہو جاتی ہے۔

فصب علي من وضوءه: وضوءه بفتح الواؤ حافظ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ اس سے مراد مستعمل پانی ہو جس کو غسالة کہتے ہیں یا اس سے مراد وضوء کا بچا ہوا پانی ہو دونوں احتمال ہیں مگر اول قول کو ترجیح دی ہے لما في البخاري في الاعتصام ثم صب وضوءه علي و في ابي داؤد فتوضأ وصب علي۔

تحقیق کلالہ

کلالہ کی تفسیر میں دو قول ہیں۔

پہلا قول: وهو ان يموت الرجل ولا يدع والدا ولا والدًا يرثانه

دوسرا قول: یہ ہے کہ کلالہ وہ ورثہ ہیں جن میں والد نہ ہو لہٰذا کلالہ کا اطلاق میت اور ورثہ دونوں پر ہوتا ہے۔

کلالہ کے مفہوم لغوی میں ذہاب الطرفین ہے گویا جب کوئی شخص مر گیا اور اس کے طرف اعلیٰ یعنی باپ اور طرف اسفل یعنی اولاد نہیں تو ذہاب طرفین کے معنی پائے گئے اس وجہ سے اس کو کلالہ کہا جاتا ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ کلالہ کے مفہوم میں احاطہ کے معنی ہیں والد و ولد کے نہ ہونے کی صورت میں گویا دوسرے ورثہ نے اس کو سب جوانب سے گھیر لیا ہے۔ علامہ قسطلانیؒ فرماتے ہیں کہ کلالہ کا اطلاق ایسی میت پر ہوتا ہے جس کے نہ والد ہو نہ ولد جمہور اہل لغت اسی کے قائل ہیں یہی حضرت علیؓ اور ابن مسعودؓ سے منقول ہے عمر فاروقؓ نے فرمایا "کلالہ الذي لا والد له فقط" بعض نے فرمایا "الذي لا ولد له" بعض نے فرمایا ایسا شخص

جس کے ماں باپ وارث نہ ہوں ان سب اقوال کی بنا پر کلالہ کا اطلاق میت پر ہوگا۔ قطربؒ فرماتے ہیں کہ کلالہ وہ ورثہ ہیں جن میں والدین وولد نہ ہو واختارہ ابوبکر الصدیقؓ آیت شریفہ یستفتونک قل اللّٰہ یفتیکم الخ۔ سے ثابت ہوا کہ بہنوں کو وراثت دی جائے گی جب کہ اس کے والد اور نہ ولد ہو وبہ ثبت ترجمۃ۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي مِيْرَاثِ الْعَصَبَةِ

تحقیق عصبہ:۔ عصبہ جمع ہے عاصب کی اور عصبہ کی جمع عصبات آتی ہے جو جمع الجمع ہے۔ عصبہ کا اطلاق واحد، جمع، مذکر ومؤنث سب پر ہوتا ہے لغت میں اس کے معنی پٹھے کے آتے ہیں اس سے مراد وہ شخص ہوگا جس سے گوشت پوست کا تعلق ہو نیز لغت میں اس کے معنی قرابۃ الرجل لابیہ کے بھی آتے ہیں کہا جاتا ہے عصب القوم بفلان اذا احاطوا بہ، اس معنی کے اعتبار سے اس میں احاطہ کے معنی آتے ہیں چونکہ میت کے عصبات اس کا سب جانبوں سے احاطہ کئے ہوئے ہوتے ہیں ایک طرف اب دوسری جانب ابن اور ایک ایک جانب اخ وعم ہوتے ہیں اصطلاح علم الفرائض میں عصبہ وہ وارث کہلاتا ہے جو ذوی الفروض کے ساتھ اختلاط کر کے آئے تو ان کا مابقیہ حصہ لے لے اور اگر تنہا آئے کل مال کا مستحق ہو کذا فی السراجی اور عصبہ نسبی کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) عصبہ بنفسہ (۲) عصبہ لغیرہ (۳) عصبہ مع الغیر۔

عصبہ بنفسہ وہ مذکر ہے کہ اس کا میت کے ساتھ رشتہ جوڑنے میں کوئی ام بیچ میں نہ آئے لہٰذا نانا، اولاد ام وغیرہ اس سے خارج ہو گئے اور بھائی بھی بتوسط باپ عصبہ ہے کیونکہ نسب میں باپ کا اعتبار ہے نہ کہ ماں کا یا یہ کہئے عصبہ بنفسہ وہ مذکر ہے جس کی رشتہ داری یا تو بلا واسطہ ہو جیسے دادا، پوتا وغیرہ پھر عصبہ بنفسہ کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) فرع میت (۲) اصل میت (۳) فرع اصل قریب (۴) فرع اصل بعید

عصبہ بنفسہ: کی چار قسموں میں سے زیادہ اقرب واعلیٰ میت کا جزء ہے جیسے بیٹا و پوتا وغیرہ یہ صنف باپ سے مقدم ہے پھر اس کی عدم موجودگی میں میت کی اصل ہے جیسے باپ، دادا وغیرہ یہ دوسری قسم بھائیوں پر مقدم ہے نیز ان کی عدم موجودگی میں تیسری قسم فرع اصل قریب (باپ کی اولاد) جیسے بھائی بھتیجے ان کی عدم موجودگی میں فرع اصل بعید یعنی دادا کی اولاد جیسے چچا اور اس کی اولاد ذکور، بالفاظ دیگر یوں کہئے کہ عصوبت کے چار اسباب ہیں بنوت، ابوت، اخوت، عمومت ان کی عدم موجودگی میں ان کی اولاد ان کے قائم مقام ہوگی۔

مذکورہ چاروں اصناف میں سے اگر ایک صنف کے متعدد افراد جمع ہوں اور ان میں قرب قرابت اور قوت قرابت کے اعتبار سے کوئی تفاوت نہ ہو تو ان کے درمیان ترکہ برابر، برابر تقسیم ہوگا جیسے تین لڑکے یا تین بھائی ہوں تو ان پر برابر مال تقسیم کیا جائے اور اگر قرابت میں تفاوت ہو ایک قریب کا ہو اور ایک بعید کا مثلاً لڑکا اور پوتا تو قرب قرابت کا اعتبار نہ ہوگا اور لڑکے کو مال دیا جائے گا اس کی موجودگی میں پوتا محروم ہوگا اور اگر قوت قرابت میں تفاوت ہو مثلاً ایک حقیقی بھائی ہے اور ایک علاتی بھائی تو علاتی بھائی حقیقی کی موجودگی میں محروم ہوگا اس لئے کہ حقیقی کے اندر قوت قرابت ہے کہ باپ اور ماں دونوں میں شریک ہے برخلاف علاتی بھائی کے وہ صرف باپ شریک۔

عصبہ بغیرہ: جن عورتوں کا حصہ ذوی الفروض ہونے کی حیثیت سے نصف یا ثلثان ہے وہ اپنے بھائیوں کی موجودگی میں عصبہ بغیرہ ہو جاتی ہے اور وہ صرف چار عورتیں ہیں، بیٹی، پوتی، حقیقی بہن، علاتی بہن۔

عصبہ مع الغیر: وہ عورتیں جو دوسری عورت کے ساتھ مل کر عصبہ بن جاتی ہیں اور یہ فقط دو ہیں حقیقی بہن اور علاتی بہن کہ یہ دونوں لڑکی اور پوتی کے ساتھ مل کر عصبہ مع الغیر بن جاتی ہیں اس کی قدرے تفصیل پہلے بھی گذر چکی ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ثَنَا وُهَيْبٌ ثَنَا ابْنُ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَهْلِهَا فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِاَوْلٰى رَجُلٍ ذَكَرٍ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا پہنچادو حصص متعینہ کو اہل حصص مقدرہ کی طرف پھر جو باقی رہ جائے تو وہ اس رجل مذکر کے لئے جو میت سے قریب تر ہو۔

الحقوا: بفتح الهمزه و كسر الحاء اى او صلوا حقوقها الى اهل الحقوق یعنی جو سہام شرعاً مقرر متعین ہیں وہ ان کے مستحقین ورثہ کو تقسیم کرائیں۔

فما بقی لا ولی رجل ذکر: اولیٰ بمعنی اقرب ذکر یہ محض تاکید ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس نے مقصود خنثی کو خارج کرنا ہے۔ تیسرا قول حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مؤنث سے احتراز کرنا ہے چونکہ عموماً احکام میں مؤنث رجال کے تابع ہوتی ہیں نیز کبھی رجل سے مطلق شخص مراد لیا جاتا ہے جو مذکر و مؤنث دونوں کو شامل ہوتا ہے اس لئے رجل کے ساتھ ذکر کی قید لگائی گئی تا کہ مؤنث خارج ہو جائے اور مقصود یہ ہے کہ تعصیب کا تعلق ذکورۃ سے ہے انوثۃ سے نہیں۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري و قد روى بعضهم عن ابن طاؤس عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً۔

حافظؒ فرماتے ہیں کہ وہیب اس کو موصولاً نقل کرنے میں منفرد ہیں سفیان ثوریؒ نے ابن عباسؓ کا ذکر نہیں کیا ہے بلکہ مرسلاً نقل کیا ہے کما فی النسائی والطحاوی امام نسائی نے طریق ارسال کی ترجیح کی طرف اشارہ کیا ہے مگر بخاری ومسلم نے طریق موصول کو راجح قرار دیا ہے کیوں کہ وہیب کی متابعۃ روح بن القاسم نے کی ہے کما فی الصحیحین اسی طرح وہیب کی متابعت یحییٰ بن ایوب نے بھی کی ہے۔ کما فی مسلم اسی طرح زیاد بن سعد اور صالح نے بھی متابعت کی ہے کما فی الدار قطنی۔ البتہ معمر کے شاگردوں میں اختلاف ہے چنانچہ عبدالرزاق نے معمر سے موصولاً روایت نقل کی ہے۔ (اخرجہ مسلم وابوداؤد والترمذی وابن ماجہ) اور عبداللہ بن مبارک نے معمر اور ثوری سے مرسلاً روایت کی ہے۔ (اخرجہ الطحاوی) اگرچہ ثوری وہیب کے مقابلہ میں احفظ ہیں مگر ان کی متابعت کرنے والے کثیر افراد ہیں۔

نوٹ: بہر حال روایت موصولاً و مرسلاً دونوں طرح منقول ہے اور کسی نے یقیناً ایک طریق کو راجح نہیں قرار دیا ایسے موقع پر طریق موصول کو مقدم سمجھا جاتا ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ مِيْرَاثِ الْجَدِّ

دادا ذوی الفروض میں سے ہے اور باپ کے نہ ہونے کے وقت باپ کے مثل ہے حضرت ابوبکرؓ، ابن عباسؓ اور ابن

زبیرؓ نے فرمایا الجد اب (رواہ البخاری) اور ابن عباسؓ نے اس کی دلیل میں قرآن پاک کی آیت و اتبعت ملة آبائي ابراهيم و اسحق و يعقوب (الآیۃ) تلاوت فرمائی۔

دادا کے ذوی الفروض میں سے ہونے پر امت کا اجماع ہے دادا کو کبھی بطور فرضیت چھٹا حصہ ملتا ہے اور کبھی فرضیت و عصبیت دونوں جمع ہو جاتی ہیں اور کبھی صرف عصبیت اور کبھی محجوب بھی ہوتا ہے والتفصیل فی السراجی، پردادا، سکڑ دادا کا حال دادا جیسا ہے جس طرح باپ کی موجودگی میں دادا محروم ہے اسی طرح دادا کی موجودگی میں پردادا، اور پردادا کی موجودگی میں سکڑ دادا محروم ہوتا ہے۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ يَحْيٰى عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ ابْنَ ابْنِي مَاتَ فَمَا لِي مِنْ مِيْرَاثِهِ فَقَالَ لَكَ السُّدُسُ فَلَمَّا وَلّٰى دَعَاهُ فَقَالَ لَكَ سُدُسٌ آخَرُ فَلَمَّا وَلّٰى دَعَاهُ قَالَ إِنَّ السُّدُسَ الْآخَرَ لَكَ طُعْمَةٌ۔

ترجمہ: عمران بن حصینؓ سے منقول ہے کہ ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ میرا پوتا مر گیا ہے کیا مجھ کو اس کی میراث ملے گی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرے لئے چھٹا حصہ ہے جب وہ چلا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بلایا پھر فرمایا تیرے لئے اور دوسرا چھٹا حصہ ہے جب وہ چلا گیا تو پھر بلا کر فرمایا یہ دوسرا چھٹا حصہ تیرے لئے بطور طعمہ ہے۔

تشریح: علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں مذکورہ روایت میں صورت مسئلہ یہ ہے کہ مرنے والے نے دو لڑکیاں چھوڑی تھیں اور ایک دادا جو یہاں سائل ہے تو دو لڑکیوں کو دو ثلث علیٰ طریق الفرضیت مل گیا اور سدس اول (دادا کو بطور فرضیت ملا اور دوسرا سدس بطور طعمہ دیا گیا) دادا کو بھی بطور فرضیت ہے اگر ایک ثلث ایک ساتھ دیا جاتا تو ممکن تھا کہ دادا یہ سمجھتا کہ اس کا حصہ ایک ثلث بطور فرضیت ہے اور طعمہ کے یہاں معنی تعصیب کے ہیں ای رزق لک لیس بفرض ثانی سدس کو طعمہ اس لئے فرمایا کہ اول سدس تو بطور تعیین ہے جس میں کوئی تغیر نہیں ہو سکتا اور یہ طعمہ بطریق تعصیب ہے اس میں تغیر ہوتا ہے چنانچہ اگر دوسرے اصحاب الفرائض ہوتے تو یہ سدس اس کو نہ ملتا۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد و ابو داؤد و النسائي علامہ منذریؒ نے امام ترمذیؒ کی تصحیح و تحسین پر نظر قائم فرمائی ہے کہ یہ روایت منقطع ہے چنانچہ ابن المدینی اور ابو حاتم الرازی وغیرہ فرماتے ہیں کہ حسن کا سماع عمران بن حصین سے ثابت نہیں ہے۔

وفي الباب عن معقل بن يسارؓ: اخرجہ احمد عن الحسن ان عمر سال الخ یہ روایت بھی منقطع ہے کیوں کہ عمر سے حسن کا سماع ثابت نہیں ہے نیز حسن کا سماع معقل بن یسارؓ سے بھی ثابت نہیں ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ مِيْرَاثِ الْجَدَّةِ

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ ثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ مَرَّةً قَالَ قَبِيْصَةُ وَقَالَ مَرَّةً عَنْ رَجُلٍ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ قَالَ جَاءَتِ الْجَدَّةُ أُمُّ الْأُمِّ أَوْ أُمُّ الْأَبِ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ فَقَالَتْ إِنَّ ابْنَ ابْنِيْ أَوْ إِنَّ ابْنَ ابْنَتِيْ مَاتَ وَقَدْ أُخْبِرْتُ أَنَّ لِيْ فِي الْكِتَابِ حَقًّا فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ مَا أَجِدُ لَكِ فِي الْكِتَابِ مِنْ حَقٍّ وَمَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى لَكِ بِشَيْءٍ وَسَأَلَ

النَّاسَ قَالَ فَسَأَلَ النَّاسَ فَشَهِدَ الْمُغِيْرَةُ ابْنُ شُعْبَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهَا السُّدُسَ قَالَ وَمَنْ سَمِعَ ذٰلِكَ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ فَأَعْطَاهَا السُّدُسَ ثُمَّ جَاءَتِ الَّتِيْ تُخَالِفُهَا إِلٰى عُمَرَ قَالَ سُفْيَانُ وَ زَادَنِيْ فِيْهِ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَلَمْ أَحْفَظْهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَلٰكِنْ حَفِظْتُهُ مِنْ مَعْمَرٍ أَنَّ عُمَرَ قَالَ إِنِ اجْتَمَعْتُمَا فَهُوَ لَكُمَا وَ أَيَّتُكُمَا انْفَرَدَتْ بِهٖ فَهُوَ لَهَا۔

ترجمہ: قبیصہ بن ذویب سے منقول ہے کہ انہوں نے کہا کہ ایک جدہ نانی یا دادی ابوبکرؓ کے پاس آئی پس کہا اس نے کہا میرا پوتا یا نواسا مر گیا ہے اور مجھے معلوم ہوا ہے کہ کتاب اللہ میں میرا حق بیان کیا گیا ہے پس کہا ابوبکرؓ نے میں کتاب اللہ میں تیرا حق نہیں پاتا ہوں اور نہ ہی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ تیرے لئے کوئی فیصلہ فرمایا ہو البتہ لوگوں سے معلوم کروں گا۔ راوی نے کہا کہ ابوبکرؓ نے لوگوں سے معلوم کیا تو مغیرہ بن شعبہؓ نے شہادت دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس (دادی یا نانی) کو سدس عطا فرمایا تھا۔ ابوبکرؓ نے پوچھا آپ کے ساتھ سننے والا اور کوئی بھی ہے تو انہوں نے کہا کہ محمد بن مسلمہ ہیں۔ راوی کہتے ہیں ابوبکرؓ نے اس بڑھیا کو سدس دیدیا پھر اس کے بعد دوسری دادی جو اس کے مقابل تھی وہ عمرؓ کے پاس آئی۔ سفیانؒ کہتے ہیں کہ معمرؒ نے زہری سے اس بارے میں کچھ زائد بیان کیا (مگر وہ مجھے یاد نہیں) البتہ معمر سے یاد ہے کہ انہوں نے کہا کہ عمرؓ نے فرمایا اگر تم جمع ہو کر آتی تو وہ حصہ دونوں کو ملتا اور تم دونوں میں سے جس نے بھی اکیلے لیا وہ اس کا ہے۔

جاءت الجدۃ ام الام او ام الاب۔ راوی کو شک ہے قاضی حسینؒ فرماتے ہیں کہ ابوبکر الصدیقؓ کے پاس آنے والی دادی یا نانی تھی اور عمر فاروقؓ کے پاس آنے والی دادی یعنی

ام الاب تھی تدل علیہ روایۃ ابن ماجۃ کذافی التلخیص۔ لفظہ ثم جاءت التی تخالفها فی نسخۃ الجدۃ الاخریٰ و فی روایۃ ابن ماجۃ ثم جاءت الجدۃ الاخریٰ من قبل الاب الی عمرؓ تسأل میراثها۔

وایتکما انفردت بہ ای باعتبار الوجود بان لم تکن الا واحدۃ یا اس کے معنی ہیں انفردت باعتبار دنو القرابۃ بان تکونا اثنتین احدھما اقرب الی المیت تاخذ و تحرم الابعد۔

میراث جدات کا مسئلہ طویل ہے یہاں صرف چند امور بیان کئے جاتے ہیں جن سے ان کی میراث کا مسئلہ واضح ہو سکتا ہے (۱) عربی زبان میں دادی نانی کو جدہ کہا جاتا ہے (۲) دادی صرف باپ کی ماں مراد نہیں بلکہ دادی کی ماں کو بھی جدہ کہا جاتا ہے اسی طرح نانی سے صرف ماں کی ماں مراد نہیں بلکہ ماں کی نانی، نانی کی نانی بھی جدہ ہے۔ (۳) دادیاں اور نانیاں دو قسم کی ہوتی ہیں جدۂ صحیحہ اور جدۂ فاسدہ، دوسری قسم ذوی الارحام میں سے ہے۔

جدۂ صحیحہ: وہ عورتیں ہیں جو میت کے سلسلۂ نسب میں داخل ہوں اور جب میت کی طرف ان کی نسبت کی جائے تو نانا درمیان میں نہ واقع ہو جیسے باپ کی ماں، باپ کی دادی، باپ کی پردادی، باپ کی نانی، باپ کی پرنانی وغیرہ۔

جدۂ فاسدہ: اگر نانا درمیان میں واقع ہو تو جدہ فاسدہ ہے جیسے نانا کی ماں، نانا کی دادی، نان کی نانی وغیرہ، یہ سب ذوی الارحام میں سے ہیں۔

(۴) جدہ کی میراث سدس ہے مگر اس کے وارث ہونے کی شرائط ہیں (۱) جدہ اس وقت وارث ہوگی جب کہ وہ صحیحہ

ہو۔ (۴) اگر جدہ متعدد ہوں تو ان کے وارث ہونے کے لئے محاذیہ اور متقابلہ ہونا ضروری ہے اگر ایک جدہ دوسری جدہ کے ساتھ ہو اور ایک اوپر کے درجہ کی ہو اور دوسری نیچے کے درجہ کی تو نیچے والی محروم ہو جائے گی کیونکہ قرب درجہ باعث ترجیح ہے۔

(۵) چند اصول مزید محفوظ رکھیں تاکہ میراث جدات میں تمیز ذہن ہو۔ اول واسطہ کے ہوتے ہوئے ذو واسطہ محروم ہو جاتا ہے جیسے پوتا بیٹے کے ہوتے ہوئے محروم ہے اور دادا باپ کے ہوتے ہوئے محروم ہے ایسے ہی ماں کے سامنے نانی اور باپ کے سامنے دادی محروم ہو جائے گی اولاد اُم اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہے وہ ماں کے ہوتے ہوئے بھی وارث ہیں۔

دوم: درجات کے مختلف ہونے کے وقت سبب کا اتحاد بھی حرمان کا سبب ہے جیسے "دادی" ماں کے ہوتے ہوئے محروم ہوگی اگرچہ ماں یہاں واسطہ نہیں ہے مگر اتحاد سبب کی وجہ سے دادی محروم ہوگی یعنی ان کے وارث ہونے کا سبب ماں ہونا ہے اور وہ ماں کے اندر دادی سے زیادہ موجود ہے۔ اسی کو اتحاد سبب سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

سوم: دادیاں مختلف ہوسکتی ہیں بلکہ دادی سے اوپر چار رشتوں تک چودہ جدات صحیحہ نکل سکتی ہیں جن میں سے چار نانیاں اور دس دادیاں ہوسکتی ہیں اب یہ یاد رہے کہ قربیٰ، بعدیٰ کی محرومی کا سبب ہے جیسے نانی پردادی کو محروم کردے گی چونکہ یہ قربیٰ ہے نیز قریب والی خواہ خود وارث ہو یا نہ ہو بہر صورت بعدیٰ کو محروم کردے گی جیسے پرنانی باپ کے ہوتے ہوئے محروم نہ ہوگی لیکن دادی کے ہوتے ہوئے محروم ہو جائے گی۔ اگرچہ باپ کے ہوتے ہوئے دادی خود محجوب ہے الحاصل حاجب بننے کے لئے خود وارث ہونا ضروری نہیں بلکہ وارث و محجوب دونوں حاجب بن سکتے ہیں۔

چہارم: امام ابوحنیفہؒ اور ابو یوسفؒ کے قول پر جو کہ مفتیٰ بہ ہے کہ اگر چند جدات ایک درجہ کی جمع ہو جائیں اور ایک کی میت سے ایک قسم کی قرابت ہے اور دوسری سے زیادہ تو ایسی صورت میں اصل قرابت کا لحاظ ہوتا ہے تعدد قرابت کا لحاظ نہیں البتہ امام محمدؒ تعدد قرابت کا لحاظ کرتے ہیں اگر دو جدات ہیں ان میں سے ایک سے ایک قرابت اور دوسری سے دو قرابت تو شیخینؒ کے قول پر سدس دونوں کے درمیان آدھا آدھا تقسیم کر دیا جائے گا اور امام محمدؒ اس موقع پر فرماتے ہیں کہ سدس کے تین حصوں میں سے ۳/۱ ایک قرابت والی کو اور ۳/۲ دو قرابت والی کو ملے گا۔

مسئلہ: ایک عورت نے اپنے پوتے کا نکاح اپنی نواسی سے کر دیا پھر اس پوتے اور نواسی سے ایک بچہ زید پیدا ہوا تو ظاہر ہے کہ دادی زید سے دو قرابت رکھتی ہے کیوں کہ یہ بچہ کی پردادی بھی ہے اور پرنانی بھی اور اس بچہ کی ایک جدہ جو اس کی دادی کی ماں ہے تو اس سے ایک درجہ کی قرابت ہے شیخینؒ تو اصل قرابت کو ملحوظ رکھتے ہیں نہ کہ تعدد قرابت کو خلافاً لمحمد کما مر۔

پنجم: ماں جدات ابویات اور امویات دونوں کو محروم کردے گی اور باپ صرف ابویات کو ساقط کرے گا امویات کو نہیں کیوں کہ یہاں نہ واسطہ کا مسئلہ ہے اور نہ اتحاد سبب کا اسی طرح دادا بھی تمام ابویات کو محروم کرے گا بشرطیکہ دادا کا واسطہ ہونا ثابت ہو جائے ورنہ دادا کی موجودگی میں دادی اور پردادا کی موجودگی میں پردادی وارث ہوگی کیوں کہ یہاں واسطہ نہیں اور سبب کا اتحاد بھی نہیں کیوں کہ دادا کے وارث ہونے کا سبب اور ہے اور دادی کا اور ہے (یہ مذکورہ تفصیلات سراجی کی بعض شروح سے ماخوذ ہیں)

مذکورہ بالا تفصیلات سے حدیث کا مضمون واضح ہو گیا اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اجتماع وانفراد سے مراد حدیث مذکور میں دونوں قرابۃ و درجہ ہے۔

حدثنا الانصاری الخ: سے روایت کا دوسرا طریق ذکر فرمایا ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح: اخرجہ مالک و احمد و اصحاب السنن و ابن حبان والحاکم البتہ قبیصہ نے ابوبکرؓ کا زمانہ نہیں پایا ہے۔

کما قال ابن عبدالبر و قد اعلہ عبدالحق تبعًا لابن حزم بالا نقطاع۔

و ھذا اصح من حدیث ابن عیینۃ: کیوں کہ مالک اتقن واثبت ہیں بہ نسبت سفیان بن عیینہ کے، وفی الباب عن بریدۃؓ اخرجہ ابو داؤد والنسائی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ مِيْرَاثِ الْجَدَّةِ مَعَ اِبْنِهَا

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ فِي الْجَدَّةِ مَعَ اِبْنِهَا اِنَّهَا اَوَّلُ جَدَّةٍ اَطْعَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُدُسًا مَعَ اِبْنِهَا وَ اِبْنُهَا حَيٌّ۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا دادی کے بارے میں اس کے بیٹے کے ساتھ کہ وہ پہلی جدہ ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو سدس دیا اس کے بیٹے کے ہوتے ہوئے حالانکہ اس کا بیٹا زندہ تھا۔

جدہ یعنی ام الاب میت کے باپ کے ہوتے ہوئے ساقط ہوتی ہے جیسا کہ جمہور صحابہؓ وتابعینؒ کا مذہب ہے حنفیہؒ بھی اسی کے قائل ہیں البتہ عمرؓ اور ابن مسعودؓ ابوموسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں کہ ام الاب مع وجود الاب وارث ہوتی ہے واختارہ شریح والحسن و ابن سیرین بہٰذا الحدیث۔

اشکال و جواب: روایت الباب جمہور کے خلاف ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے باپ کے ہوتے ہوئے دادی کو سدس دیا۔

جواب (۱): بعض علماء نے فرمایا یہاں جدہ سے مراد ام الام ہے اور ابنہا سے مراد خال المیت ہے جو ذوی الارحام میں سے ہے اور صورت مسئلہ میں خال محروم عن المیراث ہے۔

جواب (۲): ابن مسعودؓ کی مراد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور عطیہ دادی کو دیا تھا اولاً ثم لم یعط بعدہ وہٰذا بعید۔

جواب (۳): ملاعلی قاریؒ نے شرح السنہ میں نقل کیا کہ یہ احتمال ہے کہ میت کا باپ کافر یا غلام یا میت کا قاتل ہو وہٰذا ایضاً بعید۔

ھذا حدیث لا نعرفہ مرفوعًا الا من ھذا الوجہ یعنی اس روایت کا صرف ایک ہی طریق مرفوع ہے۔ (اخرجہ الدارمی)

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ مِيْرَاثِ الْخَالِ

ماموں کی میراث کے بارے میں

خال ذوی الارحام میں سے ہے۔

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ عِبَادِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ كَتَبَ مَعِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِلَى أَبِي عُبَيْدَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ مَوْلَى مَنْ لَا مَوْلَى لَهُ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَا وَارِثَ لَهُ۔

ترجمہ: ابی امامہ بن سہلؓ کہتے ہیں کہ عمر بن الخطابؓ نے میرے پاس لکھ کر بھیجا ابوعبیدہؓ کو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اور اس کا رسولؐ اس شخص کے والی ہیں جن کا کوئی والی نہ ہو اور خال (ماموں) اس شخص کا وارث ہے جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

حضرت ابوعبیدہؓ نے عمر فاروقؓ سے اس بارے میں سوال کیا تھا کہ ایک شخص مر گیا ہے اور اس کا کوئی وارث سوائے ماموں کے نہیں ہے اس پر عمرؓ نے ان کو یہ لکھ کر بھیجا تھا۔

توریث ذوی الارحام، ذوی الارحام کے وارث ہونے نہ ہونے کے بارے میں قدیما اختلاف ہے اکثر صحابہ عمرؓ علیؓ ابن مسعودؓ، معاذ بن جبلؓ، ابوالدرداءؓ، وابن عباسؓ فی روایۃ عنہ اور کثیر تابعین ذوی الارحام کی توریث کے قائل ہیں چنانچہ علقمہؒ، نخعیؒ، شریحؒ، حسنؒ، ابن سیرینؒ، عطاءؒ، مجاہدؒ سے بھی منقول ہے امام ابوحنیفہؒ اور امام ابویوسفؒ ومحمدؒ وزفرؒ وغیرہ بھی اسی کے قائل ہیں البتہ زید بن ثابتؓ ابن عباسؓ (فی روایۃ شاذۃ) ''ذوی الارحام کی عدم توریث کے قائل ہیں یہ حضرات کہتے ہیں کہ اس میت کا مال بیت المال میں جمع کر دیا جائے گا سعید بن المسیبؒ وابن جبیرؒ بھی اسی کے قائل ہیں مالکؒ، شافعیؒ نے بھی یہی فرمایا ہے۔

فریق اول یعنی جمہور علماءؒ نے اپنے مدعی کے اثبات کے لئے مختلف آیات و روایات پیش کی ہیں۔

اول حدیث الباب۔ دوم: حدیث عائشہؓ اخرجہ الترمذی۔ سوم: حدیث مقداد بن معدیکربؓ اخرجہ ابوداؤد مرفوعا وسکت عنہ و اخرجہ احمد والنسائی وابن ماجہ والحاکم وابن حبان وصححہ وحسنہ ابوزرعۃ الرازی۔ چہارم عموم الآیۃ واو الو الارحام بعضھم اولی ببعض۔ پنجم للرجال نصیب مما ترک الوالدان والاقربون و للنساء نصیب مما ترک الوالدان والاقربون الآیۃ لفظ رجال و نساء اور اقربون ذوی الارحام کو شامل ہے۔ ششم قولہ علیہ السلام ابن اخت القوم منھم (رواہ البخاری)

آیت مذکورہ کا عموم اور روایات کا صریح مفہوم توریث ذوی الارحام پر دال ہے اور عمومات الکتاب کے مخصوص و منسوخ ہونے کا دعویٰ بلا دلیل ہے نیز احادیث مذکورہ صحاح اور حسان ہیں جن سے استدلال بلا ریب درست ہے اب رہی وہ روایت جس میں ہے سالت اللّٰہ عزوجل عن میراث العم و الخال فسارنی ان لا میراث لھما اخرجہ ابوداؤد فی المراسیل والدارقطنی من طریق ابی الدرداءؓ، روی عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار مرسلا اخرجہ النسائی من مرسل زید بن اسلم۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ مرسل روایت حجت نہیں اور اس کے موصول طرق سب کے سب ضعیف ہیں اور اگر مان بھی لیں کہ یہ قابل استدلال ہے تو پھر یہ صرف خالہ و عم کے بارے میں ہے نہ کہ باقی ذوی الارحام کے بارے میں جب کہ اس کے بالمقابل توریث ذوی الارحام پر دلائل مذکورہ موجود ہیں۔

اقسام ذوی الارحام: ذوی الارحام کی چار قسمیں ہیں (۱) فرع میت (۲) اصل میت (۳) فرع اب میت (۴) فرع جد وجدہ میت

(۱) فروع میت: جو میت کی طرف منسوب ہے بیٹی و پوتی کی اولاد خواہ لڑکیاں ہوں یا لڑکے اور خواہ کتنے ہی نیچے کے طبقے کے ہوں۔

(۲) اصل میت: اجداد فاسدہ و جدات فاسدہ جن کی طرف خود میت منسوب ہے یعنی میت کے نانا اور جدات فاسدہ خواہ کتنے ہی اوپر کے طبقہ کے ہوں۔

(۳) فروع اب وام میت: جو میت کے باپ کی طرف منسوب ہے یعنی ہر قسم کی بہنوں اور اخیافی بھائیوں کی اولاد اور عینی اور علاتی بھائیوں کی لڑکیاں۔

(۴) فروع جد و جدہ میت: جو میت کے دادا، نانا، نانی کی طرف منسوب ہے یعنی پھوپھیاں، اخیافی چچا، ماموں، خالہ اور ان کی اولاد اور عینی و علاتی چچا کی لڑکیاں (۱) اگر یہ اصناف سب موجود ہوں تو پہلے صنف اول پھر صنف دوم پھر صنف سوم پھر صنف چہارم کو ترکہ ملے گا (۲) اگر مستحق صنف کے متعدد افراد موجود ہوں تو اقرب کو ترجیح ہوگی۔ (۳) اگر درجہ میں برابر ہوں تو قوت قرابت کو ترجیح ہوگی۔ (۴) اگر یہ سب متحد ہوں تو سب مساوی طور پر مستحق ہوں گے البتہ للذکر مثل حظ الانثیین کے مطابق تقسیم ہوگا۔

هذا حديث حسن اخرجه احمد و ابن ماجه و ذكره الحافظ في التلخيص و لم يتكلم عليه و حديث عائشةؓ حسن غريب اخرجه النسائي والدار قطني۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الَّذِيْ يَمُوْتُ وَلَيْسَ لَهُ وَارِثٌ

اس میت کے بارے میں جس کا کوئی وارث نہ ہو

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ وَرْدَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَعَ مِنْ عَذْقِ نَخْلَةٍ فَمَاتَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْظُرُوْا هَلْ لَهُ مِنْ وَارِثٍ قَالُوْا لَا قَالَ فَادْفَعُوْهُ اِلٰى بَعْضِ اَهْلِ الْقَرْيَةِ۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام کھجور کے درخت سے گر کر مر گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے گھر والوں کو دیکھو کوئی وارث ہے یا نہیں لوگوں نے کہا کوئی وارث نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے گاؤں کے بعض لوگوں کو اس کا مال دے دو۔

عذق نخلة: العذق بالفتح النخله و بالكسر العرجون بما فيه من الشماريخ اور اس کی جمع عذاق آتی ہے کھجور کا ایسا درخت جو شاخوں والا ہو یا شاخ ہی مراد ہے۔

فادفعوا الى بعض اهل القرية: یہ مرنے والا شخص آپ کا آزاد کردہ غلام تھا مگر انبیاء علیہم السلام وارث نہیں ہوتے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا مال اس کے گاؤں کے لوگوں کو دیدیا کہ وہ تعلق کے اعتبار سے عام مسلمانوں سے مقدم ہیں نیز اصل تو یہ تھا کہ یہ مال بیت المال میں جمع ہوتا پھر مصالح مسلمین میں خرچ کیا جاتا مگر آپ نے بحیثیت امیر المؤمنین مصالح

مسلمین میں خرچ کرنے کا حکم فرمادیا اور مسلمانوں میں اولیٰ واقرب اس کے گاؤں والے ہیں تصدقاً و ترفقاً آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم صادر فرمادیا تھا۔

و فی الباب عن بریدۃؓ: اخرجه ابو داؤد احمد و کذا اخرجه النسائی مسنداً و مرسلاً۔

هذا حدیث حسن اخرجه ابو داؤد و النسائی و ابن ماجه۔

بَابُ مَا جَاءَ فِی مِیرَاثِ الْمَوْلَی الْاَسْفَلِ

بعض نسخوں میں باب بلا ترجمہ ہے

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی عُمَرَ ثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ عَوْسَجَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا مَاتَ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَلَمْ یَدَعْ وَارِثًا اِلَّا عَبْدًا هُوَ اَعْتَقَهٗ فَاَعْطَاهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِیْرَاثَهٗ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مرگیا اور اس نے کوئی وارث نہیں چھوڑا مگر ایک غلام جس کو اس نے آزاد کیا تھا پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرنے والے آقا کی میراث اس غلام کو دے دی۔

الاعبداً: یہ استثناء منقطع ہے ای لکن ترك عبداً۔

والعمل عند اهل العلم فی هذا الباب اذا مات رجل و لم یترك عصبة ان میراثه یجعل فی بیت المال المسلمین۔

جمہور علماء فرماتے ہیں عتیق معتق کا وارث نہیں ہوتا اور معتق عتیق کا وارث ہوتا ہے مگر شریحؒ و طاؤسؒ فرماتے ہیں عتیق معتق کا وارث ہوتا ہے کمافی عکسہ۔ جمہور علماء روایت الباب کے بارے میں تاویل فرماتے ہیں اور وہ یہ کہ اصل تو یہ مال بیت المال میں جمع ہو کر مصالح مسلمین میں خرچ ہوتا مگر آپ نے تبرعاً عتیق کو یہ مال دے دیا تھا۔ قال الکنکوهی دفعه هذا لا ستحقاقه عن بیت المال لا توریثاً۔

فائدہ: ہندوستان وغیرہ ممالک میں شرعی بیت المال نہیں ہے اس لئے مدارس، مساجد اور ان کے خدام کو بطور نذرانہ ایسا مال دیا جاسکتا ہے لیکن اجرت و تنخواہ میں نہیں البتہ غنی و مالدار کو نہ دیا جائے۔

هذا حدیث حسن اخرجه ابو داؤد و النسائی و ابن ماجه۔

بَابُ مَا جَاءَ فِی اِبْطَالِ الْمِیْرَاثِ بَیْنَ الْمُسْلِمِ وَ الْکَافِرِ

حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ وَ غَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ ح وَ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ نَا هُشَیْمٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ حُسَیْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَرِثُ الْمُسْلِمُ الْکَافِرَ وَلَا الْکَافِرُ الْمُسْلِمَ۔

ترجمہ: اسامہ بن زیدؓ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نہیں وارث ہوتا ہے مسلمان کافر کا اور نہ کافر مسلمان کا۔

والعمل علی هذا عند اهل العلم۔ الخ

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ اہل اسلام کا اس پر اجماع ہے کہ کافر مسلمان کا وارث نہیں ہوسکتا اسی طرح مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوسکتا ہے جمہور صحابہؓ و تابعینؒ وغیرہ اسی کے قائل ہیں البتہ بعض حضرات معاذ بن جبلؓ، معاویہؓ، ابن المسیبؒ اور مسروقؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ مسلمان کافر کا وارث ہوسکتا ہے یہی بعض علماء نے ابو درداءؓ، شعبیؒ، وزہریؒ سے نقل کیا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ ان کا قول مثل جمہور ہے۔

قائلین توریث نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان "الاسلام یعلو ولا یعلی علیه" سے استدلال کیا ہے جمہورؒ جواب میں فرماتے ہیں کہ اس روایت سے مقصود فضیلت اسلام کو بیان کرنا ہے میراث مقصود نہیں جب کہ روایت الباب جمہور علماء کا صریح مستدل ہے۔

لعل هذه الطائفة لم یبلغها هذا الحدیث۔

اختلف اهل العم فی توریث المرتد الخ: اس پر اجماع ہے کہ مرتد مسلمان کا وارث نہیں ہوگا البتہ مرتد کے مال کے بارے میں مختلف مذاہب ہیں۔

امام شافعیؒ وربیعہؒ و ابن لیلیٰؒ فرماتے ہیں کہ مرتد کے مرنے کے بعد اس کا مال فئی للمسلمین ہوگا۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں اس کا مال مسلمانوں کے لئے فئی ہے البتہ اگر مرتد نے اس لئے ارتداد کو اختیار کیا ہو، تاکہ ورثہ کو محروم کر دے تو پھر ورثہ محروم نہ ہوں گے بلکہ ان کو وارث بنایا جائے گا۔

امام ابو یوسفؒ و محمدؒ فرماتے ہیں کہ مرتد کا مال ورثہ مسلمین کو دیا جائے گا۔

امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ جو مال بحالت اسلام کمایا ہے اس کے وارث مسلمان ورثہ ہوں گے اور جو مال مرتد ہونے کے بعد حاصل کیا ہے وہ بیت المال میں جمع کیا جائے گا۔

علقمہؒ اور بعض تابعینؒ فرماتے ہیں کہ اس کے مال کے مستحق وہ اہل دین ہوں گے جن کے دین کی طرف وہ منتقل ہوا ہے قال داؤد الظاہری یختص بورثتہ من اہل الدین الذی انتقل الیہ۔

امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ مرتد تو حکماً میت ہے تو اس کی موت کا حکم وقت ردت کی طرف منسوب ہوگا لہٰذا ردۃ اختیار کرنے تک تو مسلمان تھا اب مرتد ہو کر وہ میت ہوگیا تو اب تک کا جو مال اس کے پاس ہے وہ بحالت اسلام کمایا ہوا ہے تو ورثہ مسلمین اس کے وارث ہوں گے کیونکہ یہ توریث المسلم للمسلم ہوئی اور ردۃ کے بعد جو مال اس نے حاصل کیا وہ کفر کی حالت کا ہے اب مسلمان کو اس کا وارث نہیں بنایا جائے گا ورنہ توریث المسلم للکافر لازم آئے گا بلکہ اس کا مال بیت المال میں جمع کردیا جائے گا۔

فائدہ: یہ حکم مرتد مرد کے مال کے بارے میں ہے اور مرتدہ کے بارے میں اجماع ہے کہ اس کا مال جو بحالت اسلام ہو یا بحالت ارتداد ورثہ مسلمین کا ہے

لانها لا تقتل عندنا بل تحبس حتی تسلم او تموت۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان و اصحاب السنن و اغرب ابن تيمية في المنتقى فادعى ان مسلمًا لم يخرجه و كذا ابن الاثير في الجامع ادعى ان النسائي لم يخرجه۔

و في الباب عن جابرؓ اخرجه الترمذي في الباب و عن عبدالله بن عمرو اخرجه احمد و ابو داؤد وابن ماجه والدار قطني و ابن السكن۔

هكذا رواه معمر و غيره واحد عن الزهري نحو هذا الخ

اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ زہری سے روایت کرنے والے معمر اور دیگر روایت نے تو عمرو بن عثمان بالواؤ نقل کیا ہے۔ مالکؒ سے بھی بعض شاگردوں نے اسی طرح نقل کیا ہے لیکن امام مالکؒ کے اکثر شاگردوں نے عمر بن عثمان بغیر واؤ روایت نقل کی ہے جو کہ وہم ہے وهم فيه مالك، صحیح یہی ہے کہ عمرو بن عثمان واؤ کے ساتھ ہے یہ عثمانؓ بن عفان کی اولاد میں سے ہیں اور مشہور و معروف ہیں۔

فائدہ: حافظ تہذیب التہذیب میں فرماتے ہیں کہ عمر بن عثمان بھی ہیں چنانچہ ابن عبداللہ فرماتے ہیں کہ اہل نسبت نے ذکر کیا ہے کہ عثمان ابن عفانؓ کے دو بیٹے تھے عمرو اور ع۔۔ ابن سعد نے بھی عمر بغیر واؤ کے ذکر کیا ہے قلیل الحدیث ہیں اور عمرو بن عثمان کو بھی ذکر کیا ہے۔وقال كان ثقة وله احاديث زبیر بن بکار فرماتے ہیں حضرت عثمان نے بوقت انتقال جو ورثہ چھوڑے ان میں عمر ابن عثمان بھی تھے مگر اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اسامہ بن زید سے روایت کرنے والے عمر بن عثمان ہیں صحیح یہ ہے کہ اسامہ سے روایت کرنے والے عمرو بن عثمان بالواؤ ہیں۔

حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ نَا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍؓ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَتَوَارَثُ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو ملت والے باہم وارث نہیں ہوں گے۔

امام ابوحنیفہؒ کے یہاں ملت دو ہی ہیں کفر واسلام اس کے علاوہ متفرق ۔ت ۔ الے باہم وارث ہوں گے یہودی، نصرانی، وثنی وغیرہ سب ملت واحدہ ہیں۔ یہودی نصرانی کا نصرانی یہودی کا اسی طرح دیگر ۔ کفریہ کا حکم ایک ہوگا اور ایک دوسرے کے وارث ہوں گے یہی قول شافعیہؒ کے یہاں اصح ہے کما صرح به الحافظ فی الفتح امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ ادیان سماویہ تو الگ الگ ملت ہیں اور ان کے علاوہ ملت واحدہ ہیں لہٰذا یہودی نصرانی کا وارث نہ ہوگا ولا بعکسہ باقی دیگر اہل ملل باہم وارث ہوں گے۔

لانها ملة واحدة صرح به الدسوقي، امام احمدؒ نے فرمایا تمام ادیان ملل مختلفہ ہیں فلا توارث فيما بينهم صرح به في نيل المارب حدیث الباب حنابلہ کے بالکل مطابق ہے اور حنفیہؒ اور شافعیہؒ کے بالکل خلاف ہے مگر جواب ظاہر ہے کہ اسلام ملت واحدہ ہے اور اس کے بالمقابل کفر ملت واحدہ ہے خواہ وہ کسی نوع کا کفر ہو لہٰذا روایت الباب میں اسلام وکفر مراد ہے اور معنی یہ ہیں کہ اہل اسلام اہل کفر کے وارث نہ ہوں گے اور نہ اس کا عکس ہوگا فالحدیث مطابق للحنفیة والشافعیة۔

ھذا حدیث غریب اخرجہ احمد و ابو داؤد و ابن ماجہ من حدیث عبداللہ بن عمروؓ۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ اِبْطَالِ مِیْرَاثِ الْقَاتِلِ

حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا اللَّیْثُ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقَاتِلُ لَا یَرِثُ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قاتل مقتول کا وارث نہیں ہوتا۔

امام ابوحنیفہؒ و شافعیؒ اور اکثر اہل علم فرماتے ہیں قتل عمد و شبہ عمد و قتل خطا تینوں مانع ارث ہیں قاتل نہ مال کا وارث ہوگا اور نہ دیت کا۔ امام مالکؒ اور نخعیؒ فرماتے ہیں کہ قاتل بقتل الخطاء مال کا وارث ہوگا مگر دیت کا نہیں۔

جمہور علماء کی دلیل روایت الباب ہے جو کہ مطلق ہے لا یخفی ان التخصیص لا یقبل الا بدلیل اسی طرح جمہور علماء نے عمر بن شیبہ کی حدیث کو پیش کیا ہے (رواہ الطبرانی)

حدیث عدی الجذامی بھی ان کی دلیل ہے (رواہ البیہقی) اسی طرح جمہور کی دلیل روایۃ جابر بن زید بھی ہے (اخرجہ البیہقی) اس روایت میں تفصیل سے عمداً و خطاءً کا ذکر ہے پھر فاروقؓ و علیؓ مرتضی و شریحؒ بھی اس کے موافق رہے ہیں کما فی البیہقی الحاصل جمہور علماء کے یہاں قتل عمد اور قتل شبہ عمد اور قتل خطا تینوں موانع ارث میں ہیں کما مر۔

ھذا حدیث لا یصح کیونکہ اس روایت میں اسحٰق بن عبداللہ ہیں جو متروک راوی ہیں۔ (اخرجہ ابن ماجہ والنسائی فی السنن الکبریٰ)

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ مِیْرَاثِ الْمَرْأَةِ مِنْ دِیَةِ زَوْجِهَا

حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ قَالَ قَالَ عُمَرُ الدِّیَةُ عَلَی الْعَاقِلَةِ وَلَا تَرِثُ الْمَرْأَةُ مِنْ دِیَةِ زَوْجِهَا شَیْئًا فَاَخْبَرَهُ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْیَانَ الْكِلَابِیُّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَیْهِ وَرِّثْ اِمْرَأَةَ اَشْیَمَ الضِّبَابِیِّ مِنْ دِیَةِ زَوْجِهَا۔

ترجمہ: سعید بن المسیبؒ نے کہا کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ دیت تو عاقلہ پر واجب ہے اور عورت اپنے شوہر کی دیت میں کچھ بھی وارث نہیں ہوگی پس ان کو ضحاک بن سفیان کلابی نے بتایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو لکھ کر بھیجا تھا اشیم ضبابی کی بیوی کو ان کے شوہر کی دیت میں وارث بناؤ۔

اس حدیث کو سننے کے بعد حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے قول سے رجوع کر لیا اور بیوی کو اس کے شوہر کی دیت میں حصہ بنانے لگے چنانچہ تمام فقہاءؒ کا اتفاق ہے کہ دیت کے مستحق تمام ورثاء ہوتے ہیں خواہ مذکر ہوں یا مؤنث۔

حضرت عمرؓ کے شبہ کا منشاء یہ تھا کہ دیت عاقلہ سے وصول کی جاتی ہے اور عاقلہ میں صرف مذکر داخل ہوتے ہیں مؤنث نہیں لہٰذا جب دیت دینے میں عورت شامل نہیں تو لینے میں کیوں شامل ہوگی نیز ممکن ہے یہ بھی ذہن میں ہو کہ مقتول شوہر نے بوقت موت یعنی بوقت انقطاع نکاح صرف قصاص کو چھوڑا ہے جو غیر مال ہے پھر یہ حق متبدل بہ مال ہوا ہے اور اس وقت نکاح منقطع ہو

چکا ہے تو عورت وارث نہ ہوگی مگر جب یہ نص مذکور سامنے آ گئی تو انہوں نے اپنے قول سے رجوع کرلیا۔

قتل خطاء اور قتل شبہ عمد میں عاقلہ پر دیت واجب ہوتی ہے۔

عاقلہ کا مصداق کون لوگ ہیں پہلے زمانہ میں قبیلے قریب قریب رہتے تھے اور ان کے درمیان آپس میں تعاون وتناصر تھا اس لئے اس شخص کا قبیلہ اس کا عاقلہ کہلاتا تھا اور دیت ادا کرتا تھا لیکن موجودہ دور میں اور خاص طور پر شہری زندگی میں عاقلہ کا تعین بہت مشکل ہو گیا ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ روایت کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا مدار تعاون وتناصر پر ہے جن لوگوں کے درمیان تعاون وتناصر ہے وہی عاقلہ کہلائیں گے لہٰذا جہاں کوئی قبیلہ ہے اور وہاں قبائل منظم ہیں اور ہر شخص کو معلوم ہے کہ فلاں اس کا قبیلہ ہے تو وہ قبیلہ عاقلہ کہلائے گا اس پر دیت واجب ہوگی اور اگر قبیلہ نہیں ہے بلکہ منظم برادری ہے تو برادری دیت ادا کرے گا اور اگر برادری بھی نہیں تو پھر جیسے آج کل ٹریڈ اور یونین ہوتی ہے اور ان کے درمیان باہم تعاون وتناصر ہوتا ہے وہ عاقلہ کہلائے گی۔

خلاصہ: یہ ہے کہ ہر شخص کے عاقلہ اس کے حالات کے لحاظ سے مختلف ہو سکتے ہیں اس کی دلیل یہ ہے کہ ابتداء میں تو دیت عاقلہ پر ہوتی تھی اس کے بعد عمر فاروقؓ نے اپنے زمانہ خلافت میں اہل دیوان کو عاقلہ مقرر فرمادیا تھا اہل دیوان کا مطلب یہ ہے کہ ایک رجسٹر میں جن کے نام درج ہیں مثلاً وہ ایک محکمہ کے ملازم ہیں یا کسی فوجی یونٹ کے سپاہی ہیں ان سب کو ایک دوسرے کے عاقلہ قرار دیدیا تھا خواہ قبیلہ کے لحاظ سے وہ متحد ہوں یا الگ الگ اس سے معلوم ہوا کہ اصل مدار تعاون وتناصر پر ہے لہٰذا جن کے درمیان تعاون وتناصر پایا جائے گا وہ عاقلہ ہوں گے اور جہاں یہ پتہ نہ چل سکے کہ اس کے عاقلہ کون ہیں تو پھر قاتل کے مال سے دیت دی جائے گی دیت عاقلہ پر اس لئے واجب ہے تاکہ عاقلہ اس قسم کے جرم کرنے سے لوگوں کو باز رکھیں اور تربیت اس طرح کریں کہ وہ قتل پر آمادہ نہ ہوں اور اگر کبھی آمادہ ہو تو عاقلہ ان کو روکیں یہ دیت تین سال میں وصول کی جائے گی۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد و ابو داؤد و النسائي۔

بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ الْمِيرَاثَ لِلْوَرَثَةِ وَالْعَقْلَ لِلْعَصَبَةِ

باب اس بارے میں کہ میراث تو ورثہ کے لئے ہے اور دیت عصبہ پر ہے

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَؓ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِيْ جَنِيْنِ امْرَأَةٍ مِنْ بَنِيْ لِحْيَانَ سَقَطَ مَيِّتًا بِغُرَّةٍ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ ثُمَّ إِنَّ الْمَرْأَةَ الَّتِيْ قُضِيَ عَلَيْهَا بِغُرَّةٍ تُوُفِّيَتْ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ مِيْرَاثَهَا لِبَنِيْهَا وَ زَوْجِهَا وَ أَنَّ عَقْلَهَا عَلٰى عَصَبَتِهَا۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا بنولحیان کی عورت کے بچہ کے بارے میں جو مردہ ساقط ہوا تھا ایک غلام یا باندی کے غرہ کا پھر جب وہ عورت مرگئی جس پر فیصلہ کیا گیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ اس کی میراث اس کے بیٹوں اور شوہر کے لئے اور عقل اس کے عصبہ پر واجب ہے۔

بنی لحیان: بکسر اللام وقد یفتح بطن من ہذیل غرۃ بضم الغین وشدۃ الراء منونا غرہ کے اصل معنی البیاض فی وجہ الفرس

کے ہیں۔ بعض نے فرمایا کہ اس لفظ کا مقتضیٰ یہ ہے کہ ایسے تاوان میں عبداسود یا امۃ سوداء قبول نہ کی جائے مگر جمہور فرماتے ہیں غرہ کا مصداق ہر ایسا غلام یا باندی ہے جس کی قیمت نصف عشر دیت ہو خواہ وہ اسود ہی کیوں نہ ہو اگر غلام و بندی نہ ہو تو پانچ سو درہم دیئے جائیں البتہ طاؤس، مجاہدؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ اس لفظ کا اطلاق عبد، امۃ، فرس، بغل سب پر ہوتا ہے۔

داؤد ظاہریؒ نے مزید فرمایا غرہ کا مصداق کل ما وقع علیه اسم الغرة ہے ان لوگوں نے استدلال کیا ہے ان بعض روایات سے جن میں لفظ غرہ عبد او امۃ او فرس او بغل واقع ہے مگر جواب یہ ہے کہ لفظ فرس و بغل مدرج ہے اشار الیہ البیہقی عبد و امة یہ بدل ہے غرہ سے اور او برائے تنویع ہے۔

ثم ان المرأة التي قضي عليها الخ: بصیغہ مجہول ای حکم علیہا اور اس سے مراد ابتداءً جنایت کرنے والی عورت ہے لمعات میں ہے کہ ظاہر یہ ہے کہ اس عورت سے مراد جانیہ ہے نہ کہ مجنیہ تو اب ضمائر کا مرجع المرأة التي قضي الخ ہے یعنی امرأۃ جانیہ ہے اور معنی یہ ہوئے کہ جنایت کنندہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غرہ عبد یا امۃ کا فیصلہ فرمادیا اس کے بعد وہ جانیہ مرگئی تو مرنے والی عورت کی میراث اس کی اولاد اور شوہر کو دی گئی ہے۔ اب عقل اس پر واجب رہ گیا تھا اس کے عصبات پر واجب کیا اس جانیہ کے مال سے نہیں دلایا اس جانیہ کے عاقلہ کو اس کے مال سے کچھ نہیں دلایا۔ خلاصہ یہ ہے کہ مرنے والی عورت جانیہ ہے نہ کہ مجنیہ اور مقصود یہ بیان کرنا ہے کہ مرنے والی کی میراث تو ورثہ ہی کو دی جائے گی اور مرنے والے کے ذمہ اگر کوئی دیت وغیرہ واجب ہوگی تو وہ عصبات ادا کریں گے اور عصبات کو اس کے مال سے وراثت نہیں ملے گی مذکورہ تقریر سے ضمائر کے مراجع میں بھی انتشار نہیں ہوا اور نہ لفظ علی کو لام کے معنی میں لینا پڑا قالہ الگنگوہی۔

بعض لوگوں نے المرأة التي قضي عليها کا مصداق مجنیہ عورت کو قرار دیا اور فرمایا کہ روایات میں بھی وارد ہے فقتلها و ما في بطنها اب معنی ہوئے کہ مجنیہ عورت اور اس کا بچہ دونوں مرگئے تو پھر یہ اشکال ہوا کہ قضي عليها کے کیا معنی ہوں گے جواباً کہا کہ یہاں علی بمعنی لام ہے کما فی قولہ تعالیٰ لتکونوا شهداء على الناس (الآية) پھر ضمائر میں انتشار بھی ہوگا کہ ضمائر بنیہا زوجها کا مرجع تو المرأة التي الخ درست ہوگیا مگر عصبتہا کی ضمیر کا مرجع المرأة المجنية کو قرار دینا مشکل ہوگا کیونکہ غرہ و عقل تو جانیہ کے عصبات پر واجب ہوگی نہ کہ مجنیہ کے لہٰذا پہلی ہی تقریر درست ہے۔

فائدہ: مذکورہ بالا صورت میں غرہ کا فیصلہ اس وقت ہے جب کہ بچہ پیٹ ہی میں مرگیا ہو اور اگر زندہ پیدا ہو کر مرا ہے تو پھر کامل دیت واجب ہوگی نیز اگر اس طرح کا واقعہ پیش آئے کہ کوئی حاملہ عورت کے پیٹ پر مار دے تو اس کی متعدد صورتیں ہیں جن کے احکام الگ الگ ہیں ملاحظہ ہو۔

(۱) ماں زندہ ہے بچہ زندہ پیدا ہو کر مرگیا اس صورت میں مکمل دیت واجب ہے۔

(۲) ماں زندہ ہے بچہ مردہ پیدا ہوا اس صورت میں صرف غرہ یعنی غلام یا باندی واجب ہے۔

(۳) بچہ مردہ پیدا ہوا اس کے بعد ماں بھی مرگئی تو قاتل پر ماں کی وجہ سے دیت اور بچہ کی وجہ سے غرہ واجب ہے۔

(۴) بچہ زندہ پیدا ہوا اور ماں مرگئی دیت واجب ہے۔

(۵) ماں مرگئی بچہ زندہ پیدا ہو کر مرا تو قاتل پر دو دیت مکمل واجب ہیں۔

(۶) ماں مرگئی جنین مردہ ساقط ہوا حنفیہ کے یہاں ماں کی دیت ہے بچہ کا کچھ نہیں شافعیہ کے یہاں دیت وغرہ دونوں واجب ہیں۔

وروی یونس هذا الحدیث عن الزهری الخ: اس کا حاصل یہ کہ لیث کی طرح یونس نے بھی اس روایت کو زہری سے نقل کیا ہے مگر انہوں نے سعید بن المسیب کے ساتھ ابوسلمہ کا بھی ذکر کیا ہے۔ کما فی البخاری لفظه عن سعید بن المسیب و ابی سلمة عن ابی هریرة البتہ امام مالکؒ نے لیث کی طرح زہری سے صرف ابن المسیب کو ذکر کیا ہے اور ابو ہریرہؓ کا ذکر نہیں کیا ہے لہٰذا روایت مرسل ہوگی۔

مگر امام مالکؒ سے یہ روایت موصولاً و مرسلاً دونوں طرح منقول ہیں۔

مالك عن الزهری عن ابی سلمة عن ابی هریرةؓ. مالك عن الزهری عن سعید بن المسیب ان رسول الله صلی الله علیه وسلم الخ کما فی البخاری فی باب الکهانة من الطب۔

پہلی سند کے لحاظ سے روایت موصول اور دوسری کے اعتبار سے مرسل ہوگی، واللہ اعلم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرَّجُلِ يُسْلِمُ عَلَى يَدِي الرَّجُلِ

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْب نَا اَبُوْ اُسَامَةَ وَ ابْنُ نُمَيْرٍ وَ وَكِيْعٌ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَبْدِ اللّٰهِ اِبْنِ مَوْهَبٍ وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهَبٍ عَنْ تَمِيْمٍ نِ الدَّارِيِّ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا السُّنَّةُ فِي الرَّجُلِ مِنْ اَهْلِ الشِّرْكِ يُسْلِمُ عَلٰى يَدِ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ اَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَ مَمَاتِهٖ۔

ترجمہ: تمیم داری سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا میں نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا شرعی حکم ہے اس شخص کے بارے جو مشرک تھا کہ وہ اسلام لایا کسی مسلمان کے ہاتھ پر تو آپؐ نے فرمایا وہ مسلمان زیادہ قریب ہے بنسبت دوسرے لوگوں کے اس کی زندگی اور موت کے بارے میں۔

ابتداءً یہ عادت تھی کہ جب کوئی شخص کسی مسلمان کے ہاتھ پر ایمان لاتا تو اس سے یہ عقد بھی کر لیتا تھا کہ تم میرے کفیل ہو میری وفات کے بعد تم میرے مال کے حق دار ہو۔ اگر مجھ سے کوئی قصور صادر ہو جو موجب دیت ہو تو تم کو اس کا تاوان دینا ہوگا یہ عقد موالات کہلاتا تھا یہ عقد موالات دو مسلمانوں کے درمیان بھی ہوتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امر کو جاری رکھا اور ایسے دو عقد کرنے والوں کو ایک دوسرے کا وارث بنا دیا۔

مولی الموالاة کا حکم: اس بارے میں اختلاف ہے کہ آیا یہ حکم اب بھی ہے یا منسوخ ہو چکا؟

جمہور علماء ائمہ ثلثہ وغیرہ فرماتے ہیں کہ یہ حکم منسوخ ہے ابتداء یہ حکم رہا ہے کیونکہ آپؐ نے فرمایا الولاء لمن اعتق ولاء صرف معتق کی ہے اس کے علاوہ کوئی دوسری ولاء نہیں یعنی الولاء پر الف لام استغراقی ہے لہٰذا ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ولائے اعتاق کے علاوہ جو مال بھی ہوگا وہ بیت المال میں داخل کر دیا جائے گا۔

اس کے بالمقابل حنفیہؒ اس ولاء کے جواز کے قائل ہیں بشرطیکہ مرنے والے کا کوئی وارث اقرب وابعد نہ ہو اور وہ مجہول النسب ہو نیز یہ بھی شرط ہے کہ باقاعدہ تحالف ہوا ہو صرف کسی کے ہاتھ پر مسلمان ہونا کافی نہیں استدلالاً بالحدیث المذکور فی الباب۔ اور حدیث الولاء لمن اعتق میں لام عہدی ہے نہ کہ جنسی واستغراقی یعنی وہ خاص ولاء جو بذریعہٗ ملک حاصل ہو جیسے کہ روایت کا سیاق دلالت کرتا ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد قصہٗ ابو ہریرہؓ کے بارے میں ہے جو ولاء ملک سے متعلق ہے حضرات احنافؒ نے روایت الباب کے علاوہ قرآن کریم کی آیت سے بھی استدلال کیا ہے اللہ نے فرمایا

والذین عقدت ایمانهم فاتوهم نصیبهم الآیۃ۔

هذا حدیث لا نعرفه الامن حدیث عبدالله بن وهب الخ ۔ اس روایت کی تخریج احمد، دارمی، نسائی اور ابن ماجہ نے بھی کی ہے نیز بخاری نے بھی تاریخ میں موصولاً ذکر کی ہے اسی طرح ابو داؤد، ابن ابی عاصم اور طبرانی نے بھی تخریج فرمائی ہے۔ و قد ادخل بعضهم بین عبدالله بن موهب و بین تمیم الداری قبیصة بن ذویب یعنی بعض لوگوں نے عبداللہ ابن وہب جن کو ابن موہب بھی کہا گیا ان کے اور تمیم داری کے درمیان قبیصہ کی زیادتی کی ہے چنانچہ یحییٰ بن حمزہ نے اس طرح نقل کیا ہے اور بعض لوگوں نے قبیصہ کی زیادتی نہیں کی ہے جیسے کہ روایت الباب میں یہ زیادتی نہیں ہے ترمذی فرماتے ہیں وهو عندی لیس بمتصل ۔ حافظ ابن حجرؒ اور علامہ عینیؒ نے اپنی شروح میں اس پر تفصیلی کلام کیا ہے۔ فلیطالع ثمہ۔

حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ نَا ابْنُ لَهِیْعَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَیُّمَا رَجُلٍ عَاهَرَ بِحُرَّةٍ اَوْ اَمَةٍ فَالْوَلَدُ وَلَدُ زِنَا لَا یَرِثُ وَلَا یُوْرَثُ۔

ترجمہ: عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بھی زنا کرے کسی آزاد سے یا باندی سے تو بچہ زنا کا کہلائے گا جو نہ خود وارث ہوگا اور نہ اس کا کوئی وارث ہوگا۔

عاهر: بصیغۃ الماضی از مفاعلہ بمعنی زانی جزریؒ فرماتے ہیں العاہر الزانی وقد عہر یعہر عہرا عہورا اذا اتی امرأۃ لیلا پھر مطلقاً زنا کے معنی میں مستعمل ہونے لگا۔ لایرث ای من الاب وغیرہ ولا یورث بفتح الراء، وقیل بالکسر ابن الملک فرماتے ہیں نہ تو وہ بچہ زانی کا وارث ہوگا اور نہ زانی کے اقارب کا کیوں کہ وراثت کا مدار نسب پر ہے اور ولد زنا اور زانی کے مابین نسب ثابت نہیں ہوتا ہے اسی طرح زانی بھی اس کا وارث نہ ہوگا اور نہ زانی کے اقارب وارث ہوں گے۔

و قد روی غیر ابن لهیعة الخ: روایت کے بارے میں فرمارہے ہیں کہ ابن لہیعہ کے علاوہ روایت نے بھی اس روایت کو نقل کیا ہے لہٰذا روایت قابل استدلال ہوگئی ہے چونکہ ابن لہیعہ کے بارے میں کلام کیا گیا ہے۔

بَابُ مَنْ یَرِثُ الْوَلَاءَ

الـــــولاء: بفتح الواو یعنی ولاء العتق اس سے مراد یہ ہے کہ کسی کا آزاد کردہ غلام مرجائے اگر اس کے ذوی الفروض اور عصبات نسبی نہ ہوں تو پھر معتق آزاد کنندہ اس کا عصبہ سببی ہے وہ وارث ہوگا اور اگر معتق نہ ہو تو معتق کے ورثہ کو اس کی میراث ملے گی لیکن ان ورثہ کا عصبات نسبی ہونا ضروری ہے اور عصبات نسبی کا بھی مذکر ہونا ضروری ہے مؤنث رشتہ دار کو یہ میراث نہیں ملے گی

کیوں کہ عورتیں صرف اپنے آزاد کردہ یا آزاد کردہ کے آزادہ کردہ سے وراثت پاسکتی ہیں کسی رشتہ دار کے آزاد کردہ سے نہیں۔

کما قال علیہ السلام لیس للنساء من الولاء الا ما اعتقن او اعتق ما اعتقن او کاتبن او کاتب ما کاتبن او دبرن او دبر من دبرن (الحدیث)۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَرِثُ الْوَلَاءَ مَنْ يَرِثُ الْمَالَ۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ولاء کا وارث وہ شخص ہوگا جو مال کا وارث ہوگا اس سے مراد عصبات بنفسہ مذکر ہیں کیا مگر عورت اگرچہ مال کی وارث تو بنتی ہے مگر وہ عصبہ بنفسہ نہیں ہوتی۔

هذا حديث اسناده ليس بالقوى: چونکہ اس کی سند میں ابن لہیعہ آئے ہیں۔

حَدَّثَنَا هَارُونُ أَبُو مُوسَى الْمُسْتَمْلِيُّ الْبَغْدَادِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ نَا عُمَرُ بْنُ رُؤْبَةَ التَّغْلِبِيُّ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ النَّصْرِيِّ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَرْأَةُ تَحُوزُ ثَلٰثَةَ مَوَارِيثَ عَتِيقَهَا وَ لَقِيطَهَا وَ وَلَدَهَا الَّذِي لَاعَنَتْ عَنْهُ۔

ترجمہ: واثلہ بن اسقع نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت تین میراثوں کو ایک ساتھ جمع کر سکتی ہے آزاد کردہ غلام کی میراث راستہ سے اٹھائے ہوئے بچے کی میراث اور اس بچہ کی میراث جس کے بارے میں اس نے لعان کیا ہے۔

مواریث: جمع میراث عتیقھا یعنی جس غلام کو اس نے آزاد کیا ہے اس کی میراث عورت حاصل کر سکتی ہے لقولہ علیہ السلام الولاء لمن اعتق: لقیطھا یعنی عورت نے جو بچہ راستہ سے اٹھایا اس کی پرورش کی اب انتقال کر گیا تو اس کا مال اس ملتقط کو دیا جائے گا اسحاق بن راہویہ اسی کے قائل ہیں البتہ جمہور امت نے فرمایا کہ لقیط کی میراث ملتقط کو نہیں دی جائے گی بلکہ بیت المال میں جمع کر دی جائے گی چونکہ لقیط بچہ آزاد ہوتا ہے اور آزاد کی کوئی ولاء نہیں ہوتی میراث کا استحقاق یا تو نسب سے ہے یا آزاد کرنے سے اور ظاہر ہے کہ لقیط و ملتقط کے درمیان نہ نسب ہے اور نہ آزاد کرنے کے معنی فلا میراث اسحاق بن راہویہ نے حدیث الباب سے استدلال کیا ہے۔

جواب یہ ہے کہ یہ روایت ثابت نہیں یا روایت کے معنی یہ ہیں کہ اصل تو اس میت کا مال بیت المال میں جانا چاہئے اور مصالح مسلمین میں خرچ کیا جانا چاہئے مگر یہ عورت جس نے اس کو پالا ہے اس کے زیادہ قریب ہے اس لئے اس کو دینا ہی بہتر ہے۔

ولدھا التی لا عنت عنه: یعنی جس بچہ کے بارے میں اس نے لعان کیا ہے اس کی وراثت بھی اس عورت کو ملے گی کیوں کہ اس بچہ کا نسب اس عورت سے ثابت ہے۔

نوٹ: یہ عورت کی خصوصیت ہے کہ وہ تین تین میراثوں کی مستحق ہو جاتی ہے اسلام نے عورت کو بڑھایا ہے۔ یہ بچہ اپنے باپ کا بھی وارث نہ ہوگا اور نہ باپ اس کا وارث ہوگا کیوں کہ لعان کے ذریعہ باپ نے نسب کی نفی کر دی ہے مگر یہاں عورت کو میراث حاصل ہو رہی ہے۔

هذا حديث حسن غريب رواه الحاكم و صححه و اخرجه ابو داؤد و النسائي۔

اَبْوَابُ الْوَصَایَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

وصایا وصیت کی جمع ہے مثل ہدایا وہدیہ یہ ماخوذ ہیں وَصَّی یصی الشئی بہ وصیًا سے اسی طرح وصی الشئی آ خر اطلاق کیا جاتا ہے جس کے معنی ملانا اور اصطلاح میں تملیک مضاف الی مابعد المیت ہے وسمیت الوصیة لانہ و صل ما کان فی حیاتہ مما بعدہ بعض نے اس طرح تعبیر کیا وھو عھد خاص مضاف الی ما بعد الموت۔

وصیت کا حکم اور اس کے اقسام: بعض موقع پر وصیت واجب ہے جب کہ اس کے ذمہ قرض ہو یا امانات ہوں یا کوئی حق واجب ہو خواہ وہ حق اللہ یا حق العبد ہو خواہ حق وارث ہو یا حق غیر وارث ہو اور اگر کوئی واجب نہ ہو تو وصیت واجب نہیں جمہور علماءؒ سفیان ثوریؒ ائمہ اربعہ شعبیؒ نخعیؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔

داؤد ظاہریؒ فرماتے ہیں وہ اقرباء جو اس کی میراث کے حقدار نہ ہوں ان کے لئے بہرصورت وصیت واجب ہے ابن جریر، مسروق، قتادہؒ طاؤس بھی اسی کے قائل ہیں۔

داؤد ظاہری وغیرہ نے آیت شریفہ کتب علیکم اذا حضر احد کم الموت ان ترک خیرا ن الوصیة الآیۃ سے استدلال کیا ہے نیز انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ما حق امرء مسلم یبیت لیلتین ولہ شیء یوصی منہ الا وصیتہ مکتوبۃ عندہ سے استدلال کیا ہے۔

جمہورؒ فرماتے ہیں کہ یہ آیت حکمًا منسوخ ہے میراث کا حکم نازل ہونے سے پہلے وصیت واجب تھی منسوخ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اس آیت میں وصیت للوالدین کا ذکر ہے اور اب وصیت للوالدین بالا جماع منسوخ ہے نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لاوصیة لوارث حدیث کا جواب یہ ہے کہ یہی روایت مسلم میں ہے جس کے الفاظ ما حق امرء مسلم لہ شئی یرید ان یوصی منہ وارد ہے اس کے الفاظ دلالت کرتے ہیں کہ یہ حکم اس شخص کے لئے ہے جو وصیت کا ارادہ کرے اگر وصیت واجب ہوتی تو ارادہ کے ساتھ مقید نہ ہوتی۔ غیر وارث کے لئے وصیت مستحب ہے تا کہ اس کا ثواب اس کو مل جائے نیز وصیت ناجائز اور مکروہ بھی ہوتی ہے مثلاً کوئی وصیت کرے ایسے امور کی جو شرعاً ناجائز ہوں۔

مصلحت وصیت: اللہ کی راہ میں بطور وصیت مال خرچ کر کے ثواب حاصل کرنا یا دوست واحباب اور رشتہ داروں کو دے کر ان کو خوش کرنا۔

قاعدہ وصیت: کفن دفن اور ادائے قرض کے بعد جو ترکہ باقی رہا اس کے تہائی میں وصیت پوری کی جائے گی اس کے بعد باقی ماندہ مال وارثوں کا ہے اگر ایک تہائی میں وصیت پوری نہ ہو تو وارثوں پر اس کا پورا کرنا واجب نہیں اگر وارث پورا کرنا چاہیں تو دو شرطوں کے ساتھ پورا کر سکتے ہیں۔

(۱) سب وارث موجود ہوں اور ان کی رضا مندی ہو۔

(۲) سب وارث عاقل وبالغ ہوں نابالغ ومجنون کی رضامندی معتبر نہیں۔

وصیت کے شرائط: وصیت کرنے والا عاقل وبالغ اور آزاد ہونا چاہئے اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ جس کے لئے وصیت کی ہے

وہ بوقت وصیت زندہ ہو نیز جس کے لئے وصیت کی ہے وہ وصیت لینے کے لئے صلاحیت بھی رکھتا ہو۔ جس چیز کی وصیت کی ہو وہ چیز وصیت کے وقت موجود بھی ہو نیز وہ قابل تملیک ہو اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ موصٰی لہ وارث نہ ہو وصیت تہائی مال سے زیادہ کی نہ ہو جس کا کوئی وارث ہو اور نہ قرض ہو ایسا شخص اپنے پورے مال کی وصیت کر سکتا ہے سب سے پہلے وصیت واجبہ کو پورا کیا جائے گا۔

اسلام میں سب سے پہلی وصیت: حضرت براء بن معرورؓ کی وصیت سب سے پہلی ہے کہ انہوں نے وصیت کی تھی میرے مال کا تہائی حصہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش کیا جائے ان کے وارثین نے تہائی مال پیش کر دیا جس کو قبول فرما کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ورثہ کو واپس کر دیا تھا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْوَصِيَّةِ بِالثُّلُثِ

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ مَرِضْتُ عَامَ الْفَتْحِ مَرَضًا أَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ فَأَتَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِي مَالًا كَثِيرًا وَلَيْسَ يَرِثُنِي إِلَّا ابْنَتِي فَأُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ قَالَ لَا قُلْتُ فَثُلُثَيْ مَالِي قَالَ لَا قُلْتُ فَالشَّطْرُ قَالَ لَا قُلْتُ فَالثُّلُثُ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ إِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً إِلَّا أُجِرْتَ فِيهَا حَتَّى اللُّقْمَةَ تَرْفَعُهَا إِلَى فِي امْرَأَتِكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُخَلَّفُ عَنْ هِجْرَتِي قَالَ إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ بَعْدِي فَتَعْمَلَ عَمَلًا تُرِيدُ بِهِ وَجْهَ اللَّهِ إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ رِفْعَةً وَدَرَجَةً وَلَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ حَتَّى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُونَ اللَّهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ لَكِنَّ الْبَائِسَ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ يَرْثِي لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ

ترجمہ: عامر بن سعد بن ابی وقاصؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ فرمایا میں بیمار ہوا فتح مکہ کے موقع پر ایسا بیمار کہ قریب ہو گیا تھا موت کے پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس عیادت کرنے تشریف لائے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیشک میرے پاس کثیر مال ہے اور میرا کوئی وارث نہیں سوائے میری بیٹی کے۔ کیا میں کل مال کی وصیت کر دوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ میں نے عرض کیا تو دوثلث کی وصیت کر دوں۔ فرمایا نہیں پھر میں نے کہا نصف مال کی وصیت کر دوں تو آپؐ نے فرمایا نہیں۔ پھر میں نے کہا ثلث مال کی وصیت کر دوں فرمایا ہاں ثلث کی کر دو اور ثلث بھی بہت ہے نیز فرمایا بے شک تو اپنے ورثہ کو مالدار چھوڑے یہ بہتر ہے اس سے کہ ان کو غریب چھوڑے کہ وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔ بے شک تو جو کچھ بھی خرچ کرتا ہے اس پر یقیناً اجر دیا جاتا ہے حتیٰ کہ وہ لقمہ جس کو اپنی بیوی کے منہ کی طرف اٹھائے (اس پر بھی اجر ملتا ہے) سعدؓ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں ہجرت میں پیچھے رہ گیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو پیچھے نہیں شمار کیا جائے گا میرے بعد جو عمل کرے گا جو محض اللہ کے لئے ہو گا مگر بڑھایا جائے گا تیرا درجہ اور شاید کہ تو زندہ رہے گا حتیٰ کہ فائدہ اٹھائیں گی تجھ سے قومیں اور بہت سی قوموں کو نقصان تیرے ذریعہ پہنچے گا اے اللہ میرے صحابہؓ کے لئے ہجرت جاری رکھ اور نہ الٹے پاؤں لوٹا ان کو لیکن افسوس فرماتے تھے کہ (بغیر ہجرت کے) ان کی موت مکہ میں ہوئی

مرضت عام الفتح: صحیح یہ ہے کہ یہ عام حجۃ الوداع ہے جیسا کہ اکثر روایات میں واقع ہے صرف ابن عیینہ کی روایت میں عام الفتح واقع ہوا ہے قالہ الحافظ۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ شاید سعد دو مرتبہ سخت بیمار ہوئے ایک مرتبہ فتح مکہ کے موقع پر اس وقت ان کا کوئی وارث نہ تھا اور دوسری مرتبہ حجۃ الوداع کے موقع پر اس وقت ان کی لڑکی وارث تھی اس کے بعد پھر ان کے چار لڑکے ہوئے ہیں لہٰذا اس صورت میں دونوں روایتوں کے درمیان تطبیق ہو جائے گی۔

اشفیت منه: ای اشرفت کہا جاتا ہے اشفی علی کذا قاربه و صار علی شفاه و لا یکاد یستعمل الا فی الشر۔

یعودنی: حال واقع ہے۔ ولیس یرثنی: ای من اصحاب الفروض ورنہ عصبات تو تھے کما ذکرہ المظہر کی۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ لفظ ورثتک سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

الا ابنتی: یعنی میرے ورثہ میں سے ایسے ورثہ جن کے بارے میں فقر کا خوف ہے صرف ایک بیٹی ہے اور کوئی ایسا وارث نہیں حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں ان کا مطلب یہ تھا کہ میرا کوئی وارث نہیں صرف ایک بیٹی ہے اور اس کو بھی مال کی حاجت نہیں کیوں کہ اس کا خرچ اس کے شوہر کے ذمہ ہے اس کو بھی میرے مال کی حاجت نہیں تو ایسی صورت میں میں کل مال کی وصیت کر دوں۔

فاوصی: بالتخفیف والتشدید مضارع متکلم ہے۔ بمالہ کلہ: ای یتصدقہ للفقراء فالشطر بالجر عطفا علی مالہ ای فبالنصف۔ ابن الملک فرماتے ہیں کہ منصوب بھی پڑھا جا سکتا ہے کہ عطف ہو جار و مجرور دونوں پر اور رفع بھی جائز ہے کہ تقدیر عبارت یہ ہوگی فالشطر کاف۔ فالثلث مجرور منصوب و مرفوع علی حسب ما سبق۔ قال الثلث بالنصب علی الاغراء او التقدیر اعط الثلث و بالرفع ای یکفیك الثلث علی انه فاعل یا مبتدء محذوف الخبر اوالعکس و الثلث: بالرفع لا غیر علی انه مبتدء خبرہ کثیر۔ کثیر: علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں دو سرا ضبط کبیر بالباء ہے انک: استیناف تعلیل۔

ان تذر: بفتح الهمزة و بفتح الراء و بكسر الهمزة و سكون الراء ای تترك اغنياء: ای مستغنين عن الناس۔ عالة ای فقراء يتكففون الناس: ای يسئلونهم بالا كف و مد ها اليهم، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ورثاء تھے اور فقیر تھے علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ ان تذر بفتح الهمزه و بكسر هذ دونوں طرح درست و صحیح ہے اور فائق میں ہے ان تذر مرفوع المحل ہے مبتدا کی بنا پر ای ترکك اولادك اغنياء خير، پھر پورا جملہ انک کی خبر واقع ہے۔ لن تنفق نفقة: مفعول بہ یا مفعول مطلق۔ اجرت فیها: بصیغہ مجہول ای صرت ماجوراً بسبب تلك النفقة حتى اللقمة: بالنصب بالجر بالرفع۔ ترفعها الى فى امرأتك: اور ایک روایت میں حتى ما تجعل فى فى امرأتك اجرت فيها ہے۔

مراد یہ ہے کہ جب محض اللہ کی رضامندی کے لئے خرچ کرے گا خواہ محل شہوت ہی کیوں نہ ہو پھر بھی ثواب ملے گا لان انما الاعمال بالنيات، و نية المؤ من خير من عمله۔ أخلف عن هجرتی: حضرت سعدؓ نے ہجرت میں پیچھے رہنے کی بات اس لئے کہی کہ اس وقت ہجرت فرض تھی مگر یہ اپنی بیماری کی وجہ سے ہجرت نہ کر سکے تھے تو ان کو اس پر افسوس ہو رہا ہے۔

حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں دراصل حضرت سعدؓ خود وصیت و میراث کی بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کر رہے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ موت کے لئے تیار تھے ادھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی طرح کے جوابات دیئے جس سے ان کو مزید یقین ہونے لگا کہ شاید ان کی موت قریب ہے تو حضرت سعدؓ کو اس بات پر افسوس ہوا کہ ان کی موت بجائے مدینہ منورہ کے مکہ

میں ہورہی ہے کاش میں بیمار نہ ہوتا تو میں ہجرت کر کے مدینہ چلا جاتا اور وہیں میری موت ہوتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تسلی کے لئے فرمایا شاید تم میرے بعد بھی زندہ رہو گے اور متخلفین عن الہجرت نہیں شمار ہو گے کیوں کہ میرے بعد تم ایسے اعمال کرو گے جس سے دین کی ترویج ہوگی اور کفار کو تم سے نقصان پہنچے گا یعنی تخلف عن الہجرت کا گناہ تم کو نہ ہوگا اولاً تو اس لئے کہ تم معذور ہو، بیمار ہو ثانیاً میرے بعد تم زندہ رہ کر بہت سے بڑے بڑے نیک اعمال کرو گے جن کا ثواب برابر تم کو ملتا رہے گا لہٰذا تخلف عن الہجرت کے گناہ کے تم مرتکب نہ ہو گے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق ہی ہوا کہ حضرت سعدؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حیات رہے اور ان کی عمر طویل ہوئی عراق وغیرہ کو انہوں نے فتح کیا اور مسلمان دین و دنیا دونوں اعتبار سے ان سے مستفیع ہوئے اور خلق کثیر نے ان کے ذریعہ ہدایت پائی اور ۵۰ھ میں یا اس کے بعد وصال فرمایا۔

لکن البائس سعد بن خولۃ: یعنی آپ دوسرے سعدؓ کے بارے میں فرمارہے ہیں کہ ان پر افسوس ہے کہ وہ مکہ سے ہجرت نہ کر سکے اور ان کی موت مکہ میں ہوگئی ممکن ہے یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان بطور ذم ہو کہ انہوں نے ہجرت نہ کی تھی اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ بطور ترحم فرمایا ہو کہ بعض عذر کی بنا پر سعد بن خولہؓ ہجرت نہ کر سکے اور وہیں انتقال کر گئے لہٰذا اب اس کی تلافی کی صورت نہیں۔ (برخلاف تمہارے تم میرے بعد زندہ رہ کر اس کی تلافی کرلو گے۔)

البأس: یہ ماخوذ ہے اصابہ بؤس سے ای اصابہ ضرر، یرثی له رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم الخ یہ ماخوذ ہے رثیت المیت مرثیة سے جب کہ میت کے محاسن کو یاد کیا جائے۔ دوسری لغت رثأت بالہمزہ بھی ہے۔

سوال: مرثیہ کی تو ممانعت روایات میں وارد ہے کما اخرجه احمد نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن المراثی۔

جواب: یہاں اظہار توجع وتحزن مقصود ہے نہ کہ ایسی مدح میت جو غم کو بڑھائے اس کی ممانعت ہے۔

وفی الباب عن ابن عباسؓ: اخرجه الشیخان هذا حدیث حسن صحیح اخرجه الجماعة

والعمل علی هذا عند اهل العلم الخ: ہر آدمی کو اپنے مال کے تہائی میں وصیت کرنے کا اختیار ہے یعنی تجہیز وتکفین اور قرض کی ادائیگی کے بعد جو ترکہ بچے اس کے ایک تہائی میں یہ وصیت نافذ ہوگی نہ کہ کل مال کے تہائی میں۔

البتہ حنفیہ کے نزدیک بہتر یہ ہے کہ وصیت ایک تہائی سے بھی کم کی ہو خواہ اس کے ورثہ اغنیاء ہوں یا فقراء پھر کم کی تحدید کے بارے میں مختلف اقوال سلف سے منقول ہیں ابوبکر صدیقؓ نے خمس کی وصیت کی عمر فاروقؓ نے ربع کی۔ حضرت علیؓ نے فرمایا

لان اوصی بالخمس احب الی ان اوصی بالربع و ان اوصی بالربع احب الی من ان اوصی بالثلث۔

ابراہیم نخعیؒ سے منقول ہے قال کان السدس احب الیهم من الثلث بعض نے عشر کی تحدید کی ہے چنانچہ عمر فاروقؓ نے ایک شخص سے فرمایا کہ اوص بالعشر ایک قول یہ بھی ہے کہ جس شخص کے پاس مال کم ہو اور اس کے ورثہ بھی موجود ہوں تو اس کو چاہئے کہ وصیت نہ کرے حضرات شافعیہؒ کے نزدیک اگر ورثہ فقراء ہوں تب تو وصیت کا ایک تہائی سے کم ہونا بہتر ہے اور اگر ورثہ اغنیاء ہوں تو تہائی مال کی وصیت بہتر ہے۔ واضح رہے کہ تہائی مال کی وصیت کے بارے میں مذکورہ بالا تفسیر اس وقت ہے جب کہ موصی کے ورثہ موجود ہوں اور اگر موصی کے ورثہ نہ ذوی الفروض ہوں اور نہ عصبات نہ ذوی الارحام تو پھر حنفیہؒ کے یہاں تہائی مال

سے زائد کی وصیت درست ہے یہاں تک کہ کل مال کی وصیت بھی درست ہے یہی مذہب احمدؒ، مسروقؒ، شریکؒ، حسن بصریؒ کا بھی ہے۔ امام مالکؒ اور اسحاقؒ کا بھی ایک قول اسی کے مطابق ہے۔

والثلث کثیر: اس کے تین مطالب یہاں بیان کئے گئے ہیں۔(۱) ثلث وصیت کا انتہائی درجہ ہے جو جائز ہے اس سے زائد جائز نہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ اس سے کم کی جائے۔(۲) وصیت بالثلث یا تصدق بالثلث بھی اکمل درجہ ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ اس سے کم کیا جائے۔(۳) ثلث بھی کثیر ہے قلیل نہیں ہے ان تینوں مطالب میں سے حنفیہؒ نے پہلے کو اور شافعیہؒ نے تیسرے کو ترجیح دی ہے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا

لو ان الناس غضوا من الثلث الی الربع فان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الثلث و الثلث کثیر

اس سے حنفیہؒ کے مسلک کی تائید ہوتی ہے۔

حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ ثَنَا الْاَشْعَثُ بْنُ جَابِرٍ عَنْ شَهْرِ ابْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ وَالْمَرْاَةُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ سِتِّيْنَ سَنَةً ثُمَّ يَحْضُرُهُمَا الْمَوْتُ فَيُضَارَّانِ فِي الْوَصِيَّةِ فَتَجِبُ لَهُمَا النَّارُ ثُمَّ قَرَاَ عَلَيَّ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَا اَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ اِلٰى قَوْلِهٖ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے آپ ﷺ کی طرف سے حدیث بیان فرمائی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مرد وعورت ساٹھ سال گزارتے ہیں اللہ کی اطاعت میں پھر جب موت ان کے قریب آجاتی ہے تو وہ وصیت میں نقصان کر بیٹھتے ہیں پس جہنم ان کیلئے واجب ہوجاتی ہے۔ پھر پڑھا ابو ہریرہؓ نے من بعد وصية يوصى بها او دين غير مضار وصية من اللہ سے ذلك الفوز العظيم تک۔

روایت کا مطلب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ بہت سے مرد وعورت ساری عمر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اور فرمانبرداری میں زندگی گزارتے ہیں بظاہر وہ جنت کے مستحق معلوم ہوتے ہیں کہ آخر عمر میں مرنے کے قریب وہ غیر شرعی وصیت کر بیٹھتے ہیں جس کی وجہ سے وہ جہنم کے مستحق ہوجاتے ہیں پھر ابو ہریرہؓ نے بطور استشہاد یا تائید آیت مذکورہ کی تلاوت کی جس میں غیر مضار کا لفظ واقع ہے۔

مضارۃ فی الوصیۃ: وصیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے غیر مضار کا لفظ فرمایا جس کا مطلب یہ ہے کہ ایسی وصیت ہو جس میں اوروں کا نقصان نہ ہو پھر اس نقصان پہنچانے کی متعدد صورتیں ہیں۔(۱) تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کی جائے۔(۲) وارثوں میں سے کسی ایک کو وصیت کر جائے۔(۳) تمام مال ایک وارث کو دے اور باقی کو محروم کر جائے۔(۴) وصیت کر کے وصیت سے منکر ہوجائے۔(۵) ایسے لوگوں کو وصیت کرے جو وصیت کے لائق نہ ہوں۔

یہ تمام صورتیں اس میں داخل ہیں بہر حال اس طرح کی صورتیں اختیار کرنا باعث گناہ ہے جس سے وہ جہنم کے مستحق ہو جاتے ہیں اور سارے اعمال صالحہ بے نتیجہ ہو کر رہ جائیں گے۔

ھذا حدیث حسن غریب :اخرجہ احمد و ابو داؤد و ابن ماجہ۔ امام ترمذیؒ نے شہر بن حوشب کے باوجود روایت کو حسن قرار دیا ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْحَثِّ عَلَى الْوَصِيَّةِ

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَقُّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَبِيتُ لَيْلَتَيْنِ وَلَهُ مَا يُوصِي فِيهِ إِلَّا وَ وَصِيَّتُهُ مَكْتُوبَةٌ عِنْدَهُ۔

ترجمہ: ابن عمرؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کسی مسلمان کو یہ حق کہ وہ گزارے دو راتیں اس حال میں کہ اس کے پاس قابل وصیت کوئی چیز ہو مگر اس کی وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی ہونی چاہیے۔

ما: بمعنی لیس ہے۔ یبیت لیلتین: یہ جملہ فعلیہ امرء کی صفت ثانیہ ہے۔ وله ما یوصی فیه: جملہ حالیہ ہے جس کے معنٰی یہ ہیں کہ اس شخص کے پاس ایسی چیز موجود ہے جس کی وہ وصیت کرسکتا ہے۔ الا ووصیته مکتوبة عنده: مستثنٰی ما کی خبر ہے اور واؤ حالیہ ہے یبیت لیلتین، ابن حجرؒ فرماتے ہیں یہاں کلمہ ان مقدر ہے ای ان یبیت اور یہ خبر ہے حق امرء مسلم کی جیسا کہ و من آیته یریکم البرق۔ میں ان یریکم ان مقدر ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ مسلم کی صفت ہو یا امرء کی صفت ثانیہ ہو ان کی تقدیر کے بارے میں ان روایات سے تائید ہوتی ہے جن میں لفظ ان مذکور ہے کمافی المسند لاحمد وابی عوانہ۔

لیلتین: اکثر روایات میں یہی لفظ وارد ہے جب کہ ابو عوانہؒ اور بیہقی کی روایت میں لیلة او لیلتین اور مسلم ونسائی میں یبیت ثلث لیال واقع ہے یہ سب الفاظ برائے تقریب ہیں نہ کہ تحدید اور مقصود یہ ہے کہ آدمی کو تھوڑا زمانہ بھی ایسا نہ گذارنا چاہیے کہ اس کے پاس وصیت لکھی ہوئی نہ ہو چنانچہ ابن عمرؓ نے فرمایا جب سے میں نے آپؐ سے یہ سنا میری کوئی رات نہیں گذری کہ وصیت میرے پاس لکھی ہوئی نہ ہو۔ مطلق وصیت کے وجوب وعدم وجوب کے بارے میں تفصیل گذر چکی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ واجبات کے حق میں وصیت واجب اور غیر واجبات کے بارے میں غیر واجب ومستحب ہے مذکورہ روایت کا تعلق یا تو واجبات سے ہے یا یہ کہا جائے روایت کے الفاظ استحباب پر دال ہیں کیوں کہ روایت میں للمسلم فرمایا جو صیغۂ ندب ہے علی المسلم نہیں فرمایا ہے جو صیغۂ وجوب ہے چنانچہ امام شافعیؒ نے فرمایا روایت کے معنٰی یہ ہیں کہ حزم واحتیاط مسلمان کے حق میں یہ ہے کہ وصیت مکتوب ہونی چاہیے اور اس بارے میں اس کو جلدی کرنی چاہیے۔

وصیت لکھنے کا طریقہ: احکام المیت میں مذکور ہے اس کو دیکھ لیا جائے۔

اشهاد علی الوصیة: جمہور علماء کے نزدیک وصیت کا مکتوب ہونا کافی نہیں ہے بلکہ شرعی گواہی کا ہونا بھی ضروری ہے کیونکہ حق غیر اس سے متعلق ہے جس کے ازالہ کے لئے حجتِ شرعیہ ضروری ہے البتہ محمد بن نصر مروزی نے فرمایا کہ کتابت وصیت بھی کافی ہے بظاہر الحدیث۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه مالك و احمد و الشیخان و ابن ماجه

وقد روی عن الزهری عن سالم الی آخره بروایت کے دوسرے طریق کو بیان فرما رہے ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُوصِ

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا أَبُو قَطَنٍ نَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ أَبِي أَوْفَى

اَوْصٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قُلْتُ وَ کَیْفَ کُتِبَتِ الْوَصِیَّۃُ وَ کَیْفَ اَمَرَ النَّاسَ قَالَ اَوْصٰی بِکِتَابِ اللّٰہِ تَعَالٰی۔

ترجمہ: طلحہ بن مصرفؒ نے فرمایا کہ میں نے ابن ابی اوفی سے پوچھا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی تو انہوں نے کہا کہ نہیں پھر وصیت کیسے فرض کی گئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسے حکم بالوصیت فرمایا ہے تو انہوں نے فرمایا آپ نے کتاب اللہ پر عمل کے بارے میں وصیت فرمائی ہے۔

طلحہ بن مصرفؒ کے سوال کا حاصل یہ ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود وصیت نہیں فرمائی تو وصیت کا حکم کیسے فرمایا اور وصیت کو فرض کیسے کیا گیا کما فی قولہ تعالیٰ کتب علیکم اذا حضر احد کم الموت ان ترک خیرا ن الوصیۃ الایۃ۔ ابن ابی اوفی نے اولا جونفی میں جواب دیا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے وصیت خاص یعنی مالی وصیت کے بارے میں سوال کو سمجھا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چونکہ کوئی مال نہیں چھوڑا بلکہ جملہ متروکہ اشیا صدقہ تھیں لہٰذا اس وجہ سے آپؐ نے کوئی وصیت نہیں فرمائی البتہ کتاب اللہ پر عمل کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی تھی۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ ابن ابی اوفیٰ نے سوال وصیت علیؓ کے بارے میں سمجھا یعنی حضرت علیؓ کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی وصیت نہیں فرمائی ہے۔ چنانچہ حضرت عائشہؓ کی روایت بخاری شریف میں ہے کہ لوگوں نے حضرت عائشہؓ کے پاس حضرت علیؓ کے وصی ہونے کا ذکر کیا تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا متی اوصٰی الیہ الحدیث۔

ابن حبانؒ نے حدیث الباب کی تخریج بطریق ابن عیینہ عن مالک بن مغول فرمائی جس کے الفاظ سے اشکال رفع ہو جاتا ہے بلفظہ سئل ابن ابی او فی ھل او صٰی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال ما ترک شیئاً یوصی فیہ قیل فکیف امر الناس بالوصیۃ و لم یوص قال اوصٰی بکتاب اللّٰہ

علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں دراصل طلحہ بن مصرفؒ کو استبعاد ابن ابیؓ اوفی کے اطلاق جواب سے ہوا اس لئے انہوں نے سوال کیا پھر ابن ابی اوفی نے جواب دیا۔ اوصٰی بکتاب اللّٰہ ای بالتمسک بہ والعمل بمقتضاہ شاید یہ اشارہ ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان ترکت فیکم بان تمسکتم بہ لن تضلوا کتاب اللہ الخ۔ حدیث کی طرف۔

سوال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے تو کتاب اللہ کے علاوہ اور بھی وصایا ثابت ہیں۔(۱) مسلم شریف میں ہے

اوصٰی عند موتہ بثلث لا یبقین بجزیرۃ العرب دینان و فی لفظ اخرجوا الیھود من جزیرۃ العرب اجیزوا الوفد بنحو ما کنت اجیزھم بہ ولم یذکر الراوی الثالثۃ و فی النسائی کان آخر ما تکلم بہ الصلوٰۃ و ما ملکت ایمانکم۔ ان کے علاوہ بھی وصایا ثابت ہیں پھر ابن ابی نے صرف کتاب اللہ کا ذکر کیوں کیا؟

جواب (۱): ممکن ہے ابن ابی اوفیؓ نے صرف کتاب اللہ کا ذکر اس کے اہم اور اعظم ہونے کی وجہ سے کیا ہو نیز جب کتاب اللہ کا ذکر کر دیا تو سب وصایا اس میں آ گئیں لان فیہ تبیان لکل شیء اما بطریق النص او بطریق الاستنباط۔ جب لوگ مافی الکتاب کا اتباع کریں گے تو ما امر الرسولؐ بہ بھی اس کے تحت آ جائے گا لقولہ تعالیٰ ما اتا کم الرسول فخذوہ الآیۃ۔

جواب (۲) ممکن ہے ابن ابی اوفی کو دیگر وصایا اس وقت مستحضر نہ ہوں۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري و مسلم و النسائي و ابن ماجه۔

بَابُ مَا جَاءَ لَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي خُطْبَتِهِ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَدْ أَعْطَى كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ فَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ تَعَالَى وَمَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ أَوِ انْتَمَى إِلَى غَيْرِ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ التَّابِعَةُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا تُنْفِقُ امْرَأَةٌ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَلَا الطَّعَامُ قَالَ ذَاكَ أَفْضَلُ أَمْوَالِنَا وَقَالَ الْعَارِيَةُ مُؤَدَّاةٌ وَالْمِنْحَةُ مَرْدُودَةٌ وَالدَّيْنُ مَقْضِيٌّ وَالزَّعِيمُ غَارِمٌ۔

ترجمہ: ابوامامہ باہلیؓ سے منقول ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع کے خطبے میں فرماتے ہوئے سنا بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہر حق والے کو اس کا حق دیدیا ہے پس اب کسی وارث کے لئے کوئی وصیت نہیں اور بچہ صاحب فراش کے لئے ہے اور زانی کے لئے پتھر ہے اور لوگوں کا حساب اللہ پر موقوف ہے اور جو شخص اپنی نسبت غیر باپ کی طرف کرے یا غلام اپنی نسبت غیر موالی کی طرف کرے۔ پس اس پر اللہ کی پے در پے لعنت ہو قیامت تک نہ خرچ کرے کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر سے مگر اس کی اجازت سے۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کھانا بھی نہ خرچ کرے فرمایا یہ تو افضل اموال میں سے ہے اور فرمایا عاریت کی چیز (جوں کی توں) ادا کی جائے اور دودھ والا جانور یا پھل والا پیڑ جو کسی نے وقتی نفع کے لئے دیدیا ہو اس کو بھی نفع حاصل کرنے کے بعد واپس کیا جائے اور قرض کو ادا کیا جائے اور کفیل ضامن ہے۔

قد اعطى كل ذى حق حقه الخ: یعنی اللہ تعالیٰ نے ہر حق والے کے حق کو بیان فرمادیا ہے کہ اس کی مقدار کیا ہے لہذا وارث کو وہ حق ملے گا اب وارث کے لئے وصیت نہیں ہوگی چنانچہ جمہور علماء اس کے قائل ہیں کہ ابتداء وارث کے لئے وصیت کا حکم تھا پھر اس کو منسوخ کردیا گیا ہے کہ ہر وارث کا حق میراث میں متعین کردیا گیا ہے مگر ایک جماعت اب بھی جواز کی قائل ہے۔ لقوله تعالىٰ اذا حضر احدكم الموت الآية انہوں نے فرمایا وجوب منسوخ ہوا ہے۔ نہ کہ جواز جواب یہ ہے کہ اس حدیث کے الفاظ جواز وصیت کے لئے ناسخ صریح ہیں اور وجوب کا نسخ تو آیت میراث سے معلوم ہوگیا۔

كما قال ابن عباس كان المال للولد والوصية للوالدين فنسخ الله سبحانه من ذالك ما احب فجعل للذكر مثل حظ الانثيين و جعل لكل واحد منهما السدس و الربع جعل للمرأة الثمن و الربع و للزوج الشطر و الربع اخرجه البخاري۔

فائدہ: ابن عباسؓ کی روایت کے آخر میں الا ان یشا الورثة کا لفظ بھی واقع ہے اخرجه الدار قطنی اسی طرح عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ روایت میں الا ان یجیز الورثة واقع ہے اخرجه الدار قطنی لہذا اگر تمام ورثہ کسی وارث کی وصیت پر راضی ہوں تو جواز عند الجمہور ہے کیونکہ عدم جواز کی وجہ حق ورثہ کی بنا پر تھا فلا باس خلافاً للظاهرية لان المنع لحق الشرع۔

الولد للفراش: اى للام و تسمى المرأة فراشا لان الرجل يفترشها

یعنی بچہ صاحب فراش کی طرف منسوب ہوگا خواہ شوہر ہو یا آقا یا واطی بالشبہ اس سے بچہ کا نسب ثابت ہوگا نہ زانی بلکہ زانی تو اپنے فعل زنا کی بنا پر حد کا مستحق ہے۔ و ھو قولہ للعاھر الحجر اس جملہ کے دو مطلب بیان کئے جاتے ہیں اول علامہ تورپشتیؒ فرماتے ہیں حجر سے یہاں مراد خیبة وخسران ہے۔ و ھو کقولک لہ التراب۔ دوم زانی کے لئے پتھر ہے یعنی رجم ہے۔ مگر یہ مطلب محل نظر ہے کیوں کہ ہر زانی کیلئے پتھر نہیں یعنی رجم نہیں ہے۔

وحسابھم علی اللہ: (۱) علامہ مظہریؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم تو زانی پر حد قائم کریں گے اللہ چاہے آخرت میں معاف فرمادے یا عذاب دے امید ہے کہ جب دنیا میں اس پر حد جاری کردی گئی تو اللہ تعالیٰ اس کو دوبارہ عذاب نہیں دیں گے۔ لان اللہ تعالی اکرم ان یثنی العقوبة علیہ (۲) بعض حضرات نے فرمایا اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی شخص نے زنا کیا یا ایسا کوئی کام کیا جو قابل حد ہے اور اس پر حد قائم نہ ہو سکی تو اس کا حساب اللہ پر ہے خواہ معاف کرے یا عذاب میں مبتلا فرمادے۔ (۳) ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم تو اللہ کے احکام اس پر ظاہراً جاری کریں گے باقی سرائر کا علم تو اللہ کو ہے وہی اس سے حساب لے گا کہ دنیا کی حد کو قائم مقام آخرت کی سزا کے شمار فرمادے گا یا مستقل طور پر آخرت میں بھی عذاب دے گا۔

من ادعی الی غیر ابیہ: ادعی بالتشدید معناہ انتسب الی غیر ابیہ
یعنی خود جانتا ہے کہ میرا باپ فلاں ہے مگر وہ اپنے کو کسی دوسرے کی طرف منسوب کرتا ہے۔

انتمی الی غیر موالیہ: یعنی کوئی غلام جس کو کسی نے آزاد کیا مگر وہ اپنی نسبت کسی غیر کی طرف کرتا ہے تو ایسے شخص پر اللہ کی ہمیشہ لعنت نازل ہوتی رہتی ہے۔

لا تنفق امرأة من بیت زوجھا الخ: یعنی عورت بلا اذن شوہر اس کے مال سے خرچ نہ کرے خواہ وہ مال نقد کی صورت میں ہو یا کھانے وغیرہ کی صورت میں کیوں کہ وہ شوہر کی ملک ہے ہاں البتہ اذن صریح یا عرفی ہو تو مضائقہ نہیں۔

العاریة مؤداة، عاریة بالتشدید و التخفیف مانگی ہوئی چیز واپس کرنا چاہئے خواہ عینہ اگر موجود ہو یا اس کی قیمت جب کہ تلف کردے۔

شئ مستعار: کو امانت کا درجہ دیا گیا ہے اگر موجود ہو تو اس عین کی واپسی ضروری ہے اور اگر مستعیر کے فعل سے وہ ضائع ہوئی کہ اس کی طرف سے تعدی ہو تو پھر ضمان واجب ہے۔

المنحة مردودة بکسر المیم اس کا اطلاق اس جانور پر ہوتا ہے جو کسی فقیر کو دودھ وغیرہ پینے اور نفع حاصل کرنے کے لئے دے دیا گیا ہو اسی طرح ایسا پیڑ یا باغ جو کہیں فقیر کو وقتی فائدہ اٹھانے کے لئے دیا گیا ہو اس کو بھی واپس کرنے کا حکم ہے کیوں کہ اس عمل میں تملیک منفعت آئی ہے نہ کہ تملیک رقبہ۔

والدین مقتضی: یعنی قرض کا ادا کرنا ضروری ہے لانہ حق الغیر۔

الزعیم غارم: زعیم کے معنی کفیل غارم کے معنی ضامن یعنی اگر کوئی شخص کسی چیز کی کفالت لے مثلاً کسی کے قرضہ وغیرہ کا کفیل بن جائے تو اس کو چاہئے کہ وہ ادا کرے کیوں کہ وہ ضامن ہے۔

و فی الباب عن عمروؓ بن خارجہ اخرجہ الترمذی فی ھذا الباب و عن انسؓ اخرجہ ابن ماجہ

هذا حديث حسن اخرجه احمد و ابو داؤد و ابن ماجه و كذا حسنه الحافظ في التلخيص۔ حافظ ابن حجرؒ نے فرمایا اس روایت کی سند میں اگرچہ اسماعیل بن عیاش ہیں مگر ان کی روایات شامیین سے قوی شمار کی گئی ہیں جیسا کہ احمدؒ اور بخاریؒ وغیرہ نے فرمایا ہے اور یہ روایت شامیین سے ہے کیوں کہ انہوں نے شرحبیل بن مسلم سے روایت نقل کی ہے جو کہ شامی ہیں اور تحدیث کی تصریح بھی ہے نیز اس کے شواہد بھی موجود ہیں بلکہ امام شافعیؒ نے تو اس متن کو متواتر شمار فرمایا ہے کیوں کہ حجۃ الوداع کا خطبہ اور اس کا یہ مضمون بے شمار رواۃ سے ثابت ہے فكان نقل عن كافة فهوا قوى من نقل واحد۔

قال احمد بن حنبلؒ اسماعيل بن عياش اصلح بدنا من بقية بدن سے مراد لسان ہے یعنی اسماعیل فک عیاش بقیہ راوی کے مقابلہ میں اصلح ہیں کیوں کہ بقیہ راوی نے ثقات سے منکر روایات نقل کی ہیں مگر امام دارمی نے اسماعیل کے بارے میں فرمایا لا تاخذوا الخ یعنی ان کی کوئی بھی روایت معتبر نہیں۔

الكلام في اسماعيل بن عياش: اسماعیل بن عیاش مشہور مختلف فیہ راوی ہیں یحییٰ بن معین نے ان کو ثقہ اور احب اہل الشام من بقیہ فرمایا ہے امام بخاریؒ نے فرمایا

ما روى الشاميين اصح۔ قال عمر بن علي اذا حدث ان اهل بلاده فصحيح و اذا حديث عن اهل المدينة مثل هشام بن عروة و يحيى بن سعيد و سهيل بن ابي صالح فليس بشيء و قال يعقوب بن سفيان كنت اسمع اصحابنا يقولون علم الشام عند اسماعيل بن عياش والوليد بن مسلم قال يعقوب و تكلم قوم في اسماعيل و هو ثقة عدل اعلم الناس بحديث الشام ولا يدفعه دافع قال ابو حاتم هولين يكتب حديثه لا اعلم احدا كف عنه الاابا اسحاق الفزاري۔ و اما رواية عن اهل الحجاز فان كتابه ضاع فخلط في حفظه عنهم۔ تحفه ص: ۱۹۰/۳۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ غَنَمٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ خَارِجَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ عَلٰى نَاقَتِهٖ وَ اَنَا تَحْتَ جِرَانِهَا وَ هِيَ تَقْصَعُ بِجِرَّتِهَا وَ اَنَّ لُعَابَهَا يَسِيْلُ بَيْنَ كَتِفَيَّ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اَعْطٰى كُلَّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهٗ فَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ وَالْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ۔

ترجمہ: عمرو بن خارجہؓ سے منقول ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا ناقہ پر اور میں اس کے حلقوم کے نیچے تھا اس حال میں کہ وہ اونٹنی جگالی کر رہی تھی تو اس کا لعاب دہن میرے کندھوں کے درمیان بہہ رہا تھا پس میں نے سنا فرماتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر حق والے کو اس کا حق دے دیا ہے پس کوئی وصیت کسی وارث کے لئے نہیں اور بچہ صاحب فراش کا ہے اور زانی کے لئے پتھر ہے۔

جران: بکسر الجیم، حلقوم کا وہ حصہ جو مذبح سے منحر تک ہوتا ہے۔

تقصع بجرتها: قصع كمنع اى ابتلع جُرْعَ الماء۔ الجرة: بكسر الجيم و تشديد الراء اس سے مراد وہ چارہ جو جانور منہ میں لے کر دوبارہ چبا چبا کر نگلتا ہے اور سفید سفید لعاب اس کے منہ سے ٹپکتا رہتا ہے اس کو جگالی کرنا کہتے ہیں۔

لعابها۔ و في رواية لغامها بضم اللام بعدها غين معجمة و بعد الالف ميم هو اللعاب قال في القاموس

لقمر الجمل رمي بلعابه لزبدته

هذا حديث حسن صحيح: اخرجه احمد و النسائي و ابن ماجه و الدار قطني و البيهقي۔

بَابُ مَا جَاءَ يُبْدَأُ بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيِّ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ وَ اَنْتُمْ تَقْرَءُوْنَ الْوَصِيَّةَ قَبْلَ الدَّيْنِ۔

ترجمہ: حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کی ادائیگی کا حکم وصیت سے پہلے فرمایا حالانکہ تم پڑھتے ہو قرآن کریم میں ہے کہ وصیت قبل الدین ہے وقد تقدم الکلام علیہ۔

روایت الباب حارث اعور کی بناء پر ضعیف شمار کی گئی ہے۔ اخرجہ احمد وغیرہ۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرَّجُلِ يَتَصَدَّقُ اَوْ يُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ

حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ حَبِيْبَةَ الطَّائِيِّ قَالَ اَوْصٰى اِلَيَّ اَخِيْ بِطَائِفَةٍ مِنْ مَالِهٖ فَلَقِيْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ فَقُلْتُ اِنَّ اَخِيْ اَوْصٰى اِلَيَّ بِطَائِفَةٍ مِنْ مَالِهٖ فَاَيْنَ تَرٰى لِيْ وَضْعَهٗ فِي الْفُقَرَاءِ وَ الْمَسٰكِيْنِ اَوِ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ اَمَّا اَنَا فَلَوْ كُنْتُ لَمْ اَعْدِلْ بِالْمُجَاهِدِيْنَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَثَلُ الَّذِيْ يُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ كَمَثَلِ الَّذِيْ يُهْدِيْ اِذَا شَبِعَ۔

ترجمہ: ابو حبیبہ الطائی کہتے ہیں کہ میرے بھائی نے اپنے مال کے کچھ حصہ کا مجھ کو وصی (یعنی ذمہ دار) بنایا ہے پس میری ملاقات ابو درداءؓ سے ہوگئی تو میں نے پوچھا کہ میرے بھائی نے اپنے بعض مال کا وصی مجھ کو بنایا ہے تو آپ کی میرے لئے کیا رائے ہے۔ (اس کو خرچ کرنے کے بارے میں) کہ فقراء یا مساکین یا مجاہدین فی سبیل اللہ میں خرچ کروں تو انہوں نے کہا بہر حال میں تو مجاہدین کے برابر کسی کو نہیں سمجھتا ہوں کیوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اس شخص کا حال جو آزاد کرے موت کے وقت اس شخص کے حال کی طرح ہے جو ہدیہ دے جب کہ وہ اپنا پیٹ بھر لے۔

اوصى الى اى جعلني وصيًا لم اعدل بالمجاهدين اى لم اسا و بهم الفقراء و المساكين۔ یعنی فی سبیل اللہ کے برابر میں تو فقراء اور مساکین کو نہیں سمجھتا ہوں اگر میں وصیت کرتا تو صرف مجاہدین کے لئے وصیت کرتا۔ مثل الذی یعتق الخ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص اپنی زندگی سے مایوس ہونے کے وقت کسی غلام کو آزاد کرتا ہے یا مال صدقہ کرتا ہے تو یہ ایسا ہے جیسے کسی کا پیٹ بھر جائے اور بچے ہوئے کو ہدیہ کر دے تو جس طرح یہ ہدیہ ناقص ہے اسی طرح عند الموت صدقہ یا اعتاق بھی ناقص قلیل الاجر ہے۔

لان التصدق والا عتاق عند الصحة افضل كما ان السخاوة عند المجاعة اكمل۔

ابو الدرداءؓ کا مقصد یہ فرما کر ابو حبیبہ کو یہ بتانا ہے کہ ہمارے بھائی نے بوقت موت جو تم کو وصی مال بنایا ہے یہ کوئی افضل کام نہیں کیا بلکہ مفضول ہے کیوں کہ موت کے وقت صدقہ کرنا کوئی زیادہ فضیلت کی بات نہیں ہے۔

ھذا حدیث صحیح اخرجہ احمد والنسائی والدارمی و فی السنن لابی داؤد روایۃً عن ابی سعید مرفوعا لمعناہ

بَابٌ

حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ بَرِيْرَةَ جَاءَتْ تَسْتَعِيْنُ عَائِشَةَ فِيْ كِتَابَتِهَا وَلَمْ تَكُنْ قَضَتْ مِنْ كِتَابَتِهَا شَيْئًا فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ اِرْجِعِيْ اِلٰى اَهْلِكِ فَاِنْ اَحَبُّوْا اَنْ اَقْضِيَ عَنْكِ كِتَابَتَكِ وَيَكُوْنَ وَلَاؤُكِ لِيْ فَعَلْتُ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ بَرِيْرَةُ لِاَهْلِهَا فَاَبَوْا وَقَالُوْا اِنْ شَاءَتْ اَنْ تَحْتَسِبَ عَلَيْكِ وَيَكُوْنَ لَنَا وَلَاؤُكِ فَلْتَفْعَلْ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ اِبْتَاعِيْ فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ مَنِ اشْتَرَطَ شَرْطًا لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَيْسَ لَهٗ وَاِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ مَرَّةٍ۔

ترجمہ: عروہؒ کہتے ہیں کہ ان کو حضرت عائشہؓ نے خبر دی کہ بے شک بریرہؓ آئی اس حال میں کہ مدد چاہتی تھی عائشہؓ سے اپنے بدل کتابت کی ادائیگی میں اور اس نے بدل کتابت سے کچھ ادا نہ کیا تھا پس کہا عائشہؓ نے ان سے رجوع کر تو اپنے موالی سے کہ اگر وہ پسند کریں تو میں تیرا بدل کتابت ادا کر دوں اور تیری ولاء میرے لئے ہوگی تو میں ایسا کرلوں گی ذکر کیا بریرہؓ نے اپنے مالکوں سے تو انہوں نے انکار کر دیا اور کہا اگر عائشہؓ چاہیں تو اجر اللہ سے طلب کریں تیرا بدل کتابت ادا کر کے اور تیری ولاء ہماری ہوگی۔ پس ایسا کرلیں پھر ذکر کیا یہ واقعہ عائشہؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عائشہؓ سے فرمایا اس کو خرید لے اور آزاد کر دے چونکہ ولاء تو اس شخص کی ہوتی ہے جو آزاد کرے پھر کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دیتے ہوئے اور فرمایا کیا حال ہو گیا قوموں کا کہ وہ شرط لگاتی ہیں جو کتاب اللہ میں نہیں ہیں جو شخص ایسی شرط لگائے جو کتاب اللہ میں نہیں ہے ایسی شرط کا حق اس کو نہیں ہے اگرچہ وہ سو مرتبہ شرط لگائے۔

تستعین عائشۃؓ: جملہ حالیہ ہے۔ ولم تکن قضت من کتابتھا شیئاً بریرہؓ کے بدل کتابت کے بارے میں روایات مختلف ہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ انہوں نے بریرہ کو نو اوقیہ کے بدلے آزاد کرنے پر معاملہ کیا تھا کہ ہر سال ایک اوقیہ (چالیس درہم) دیئے ہوں گے دوسری روایت میں ہے کہ ان پر پانچ اوقیہ باقی رہ گئے تھے قسط وار پانچ سال طے ہوئے تھے عمرہ کی روایت میں ہے کہ مالکان بریرہ نے عائشہؓ سے کہا ان شئت اعطیت ما بقی۔ علامہ اسماعیلی نے پانچ اوقیہ والی روایت کو غلط قرار دیا ہے بعض حضرات نے روایات کے درمیان اس طرح تطبیق دی ہے کہ نو تو اصل بدل کتابت تھا۔ چار تو انہوں نے ادا کر دیئے تھے پانچ باقی رہ گئے تھے۔ علامہ قرطبیؒ اور محب طبری نے اس پر جزم کیا ہے لیکن روایت الباب اس کے خلاف ہے کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ابھی کچھ بھی ادا نہیں کیا تھا لہٰذا بہتر یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ حضرت عائشہؓ سے استعانت سے قبل چار اوقیہ ان کو دوسرے لوگوں سے حاصل ہو گئے تھے ان کو ادا کرنے کے بعد حضرت عائشہؓ سے انہوں نے استعانت کی جو پانچ اوقیہ ان کے ذمے تھے ان کے بارے میں عائشہؓ سے مدد مانگ رہی تھیں اور ولم تکن قضت من کتابتھا شیئاً کے معنی مما بقی یعنی پانچ میں سے جو باقی ان کے ذمے تھے کچھ ادا نہ کر پائی تھیں البتہ ابو اسامہ عن ہشام اسی طرح وہیب عن ہشام جو روایات مروی ہیں ان کے الفاظ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عائشہؓ بریرہؓ کو فسخ کتابت کے بعد مکمل طور پر خرید کر آزاد کرنا چاہتی تھیں۔ لفظ ان اعدھا لھم عدۃ واحدۃ اعتقتک ویکون ولاءک لی فعلت۔ اور اس کی تائید آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ ابتاعی فاعتقی سے بھی ہوتی ہے۔

ان شاءت ان تحتسب: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر عائشہؓ چاہیں تو خرید کر آزاد کردیں اور ولاء پھر بھی ہمارے لئے ہوگی چونکہ ان کی یہ بات شرع کے قاعدہ الولاء لمن اعتق کے خلاف تھی اس سے آپ ﷺ نے ان لوگوں پر رد فرمایا کہ اس جملہ کا مطلب یہ نہیں اگر عائشہؓ چاہیں تو تم کو بدل کتابت بطور صدقہ دے دیں اور اجر حاصل کرلیں اور ولاء ہمارے لئے ہوگی کیونکہ اس صورت میں ولاء کے مستحق وہ لوگ ہی ہوں گے پھر اشتراط اور اس پر رد کی کیا حاجت ہے۔

وان اشترط مائة مرة ذكر المأة للمبالغة: مراد یہ ہے کہ شرع کے خلاف کوئی ہزار ہا شرط لگائے اس کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

اشکال: اس حدیث کا ایک طریق ہشام بن عروہ بھی ہے اس میں لفظ اشترطی لھم الولاء واقع ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے بائع کے لئے حق ولاء کی شرط کی اجازت دی ہے اب اس صورت میں دو خرابیاں لازم آتی ہیں اول شرط فاسد کی تعلیم۔ دوم شرط قبول کر کے بیع ہو جانے کے بعد اس شرط کو باطل قرار دینا اس میں دھوکہ لازم آتا ہے اور اس کی اجازت دینا شان نبوت کے خلاف ہے، اس کے متعدد جوابات دیئے گئے۔

جواب اول: روایت متعدد طرق سے منقول ہے مسلم شریف میں لفظ لا یمنعك ذلك عن الاشتراء روایت الباب میں اتباعی واعتقی اس میں اشتراط کا ذکر نہیں ہے۔ عبدالرحمن بن قاسم کی روایت میں شرط کا ذکر تو ہے مگر عائشہؓ کی جانب سے شرط لگانے کا ذکر نہیں ہے نہ ان کے قبول کرنے کا ذکر ہے، صرف بائعین ہی کی طرف سے شرط لگانے کا ذکر ہے صرف ہشام بن عروہ کی روایت میں یہ لفظ ہے اس کا جواب امام شافعیؒ نے یہ دیا ہے کہ ہشام بن عروہ سے لفظ اشترطی روایت کرنے یا سننے میں غلطی واقع ہوئی ہے کیونکہ دیگر روایت اس لفظ کو نقل نہیں کرتے ہیں۔ چنانچہ یحییٰ بن اکثم نے اس کی تغلیط فرمائی ہے۔

جواب دوم: امام طحاویؒ فرماتے ہیں اشترطی لھم میں لام علیٰ کے معنی میں ہے، جس کے معنی تم ان کے خلاف یعنی نفی کی شرط لگاؤ کما فی قوله تعالیٰ اولئك لهم اللعنة اى عليهم اللعنة۔

جواب سوم: اشترطی میں امر وجوب کے لئے نہیں ہے بلکہ اباحت کے لئے ہے مقصود اس سے تنبیہ کرنی ہے کہ شرط لگا لو مگر اس سے کوئی فائدہ نہ ہوگا کما فی قولہ تعالیٰ استغفر لهم اولا تستغفر لهم الخ۔

جواب چہارم: یا یہ امر برائے زجر وسرزنش ہے کما فی قولہ تعالیٰ فمن شاء فليؤمن ومن شاء فليكفر۔

جواب پنجم: اشترطی کے معنی دعیهم يشترطون ماشاؤوا، چنانچہ روایت کے الفاظ لا یمنعك ذلك عن الاشتراء کا یہی مطلب ہے یعنی بائع کو شرط لگانے دو ان کے حال پر چھوڑ دو تم نفیاً اثباتاً کوئی تعرض نہ کرو چونکہ ولا تو معتق کی ہوا کرتی ہے۔

جواب ششم: نبی کریم ﷺ نے ایک خاص مصلحت سے عائشہؓ کو یہ شرط نفس عقد میں لگانے کی اجازت دی اور وہ مصلحت تھی جو لوگ ایسی شروط لگاتے تھے جو باطل ہوتی تھیں ان کے ازالہ کی دو صورتیں ہوسکتی تھیں ایک یہ کہ وقوع سے پہلے ہی تنبیہ کردی جائے دوسرے یہ کہ جب عمل کررہے ہیں تو اس وقت تنبیہ ہو یہ دوسری صورت زیادہ مؤثر ہوتی ہے اس لئے یہاں یہ صورت اختیار کی گئی۔ نوویؒ نے فرمایا کہ یہ زیادہ قوی جواب ہے۔

جواب ہفتم: بیع فاسد سے قبضہ کے بعد ملکیت ثابت ہوتی ہے یہ اگرچہ مکروہ ہے لیکن حضور ﷺ نے بیان حکم کے لئے ایسا فرمایا جو تعلیم وتبلیغ ہے۔

فائدہ: روایت الباب سے اہل علم نے بے شمار فوائد و مسائل کا استنباط فرمایا ہے۔ علامہ ابن بطالؒ نے فرمایا بعض نے سو فوائد شمار کئے ہیں۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ ابن خزیمہؒ وابن جریرؒ نے اس حدیث پر بڑی بڑی تصانیف فرمائی ہیں اور ان میں فوائد مستنبطہ کو بیان فرمایا حافظ نے فرمایا ابن خزیمہؒ کی تصنیف تو معلوم نہیں ہوسکی البتہ ابن جریرؒ نے اپنی کتاب تہذیب الآثار میں طویل کلام فرمایا ہے جس کو میں نے مختصر کردیا ہے بعض متاخرین نے حدیث بریرہؓ سے چار سو فوائد مستنبط کئے ہیں جو اکثر مستبعد معلوم ہوتے ہیں حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں مختلف مقامات پر فوائد مستنبطہ من ہذا الحدیث کو بیان فرمایا ہے۔

روایت الباب سے استدلال کرتے ہوئے بعض حضرات نے مکاتب کی بیع کے جواز کا قول فرمایا ہے۔ چنانچہ امام مالکؒ، احمد ابن حنبلؒ، نخعیؒ اس کے قائل ہیں فرماتے ہیں کہ صح بیعہ لاتنفسخ کتابتہ حتی لواذی الی المشتری النجوم عتق ولایۃ للبائع الذی کاتبہ مگر امام ابوحنیفہؒ و شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مکاتب کی بیع جائز نہیں ہے جب تک کہ معاملہ کتابت فسخ نہ کردیا جائے۔ روایت الباب کا جواب امام شافعیؒ نے یہ دیا ہے کہ یہاں معاملہ کتابت فسخ ہوا ہے جس میں بریرہؓ کی رضامندی پائی گئی ہے یا یہ کہا جائے کہ دراصل بریرہؓ بدل کتابت سے عاجز ہوگئی تھیں اور ان کے مالکان نے اس کو عاجز مان کر معاملہ ختم کر کے ان کو بیچا تھا کذا قال لہ القاری۔ الولاء لمن اعتق: سے استدلال کرتے ہوئے شوافع وغیرہ نے فرمایا کہ حق ولاء صرف عتق میں ہوتا ہے نہ کہ موالات میں کیونکہ الولاء لمن اعتق میں الف لام استغراقی ہے احنافؒ فرماتے ہیں کہ ولاء جس طرح بصورت اعتاق ہے اسی طرح بصورت موالات بھی ہے (جس کی تفصیل گذر چکی)

روایت الباب کے جوابات: جواب اول یہ ہے کہ یہاں الولاء میں الف لام عہدی ہے یعنی ولاء عتق اسی کے لئے ہے جو قیمت ادا کر کے آزاد کرے اس سے ولاء موالاۃ کی نفی لازم نہیں آتی کیونکہ اس کے اسباب واحکام الگ ہیں۔

جواب دوم: اس میں حصر حقیقی نہیں اضافی ہے۔

جواب سوم: حصر حقیقی بھی ہو تب بھی جہاں مفہوم مخالف سے حکم ثابت کیا جارہا ہے جو حنفیہؒ کے یہاں معتبر نہیں۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری فی مواضع عدیدۃ و مسلم و ابوداؤد والنسائی وابن ماجہ

اَبْوَابُ الْوَلَاءِ وَالْهِبَةِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ

الــولاء بفتح الواو والمد حق میراث، کوئی شخص کسی غلام کو آزاد کردے خواہ علی مال اور یا بلا مال اگر وہ غلام مرجائے اور اس کا کوئی وارث نہ ہو تو ترکہ آزاد کنندہ کو ملتا ہے اسی کو ولاء العتق کہا جاتا ہے پہلے باب میں حضرت بریرہؓ والی روایت کو ذکر کیا گیا ہے جس کا ترجمہ گذر گیا ہے جس میں الـولاء لمن اعطی الثمن او لـمن ولی الـنعمة وارد ہے۔ نعمت سے مراد نعمت عتق ہے ای لمن اعتق (بخاری وغیرہ) و ولـی الـنعمة بالواو واقع ہے ترمذی میں لفظ شک من الراوی ہے علامہ ابن بطالؒ فرماتے ہیں معتق خواہ مذکر ہو یا مؤنث ولاء اعتاق کا مستحق ہے وہذا مجمع علیہ۔

وفی الباب عن ابن عمر اخرجہ البخاری ومسلم ابوداؤد والنسائی وعن ابی ھریرۃؓ اخرجہ مسلم و ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری ومسلم وغیرھما۔

بَابُ النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَ هِبَتِهٖ

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَ هِبَتِهٖ

ترجمہ: عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے منع فرمایا حق ولاء کی بیع اور اس کے ہبہ کرنے سے۔

ولاء کی بیع اور اس کا ہبہ بالاتفاق ناجائز ہے کیونکہ یہ ایسے حقوق شرعیہ ہیں جو قابل انتقال نہیں، پھر اس بیع میں غرر پایا جاتا ہے کیونکہ مشتری کی جانب سے ثمن کا حصول تو متعین اور یقینی ہے لیکن دوسری جانب سے معلوم نہیں کہ مشتری کو کچھ ملے گا بھی یا نہیں کیونکہ ممکن ہے مشتری حصول ولاء سے پہلے ہی مرجائے اور اگر مشتری کو مل بھی جائے تو یہ معلوم نہیں کہ اس کی مقدار کیا ہوگی ہبہ والی صورت میں اگرچہ غرر والی صورت جو حرام ہے وہ نہیں کیونکہ غرر تو عقود معاوضہ میں حرام ہے نہ کہ عقود تبرعہ میں مگر اس حق میں انتقال کی صلاحیت نہیں ہے۔

هذا حديث حسن صحيح لانعرفه الا من حديث عبدالله بن دينار الخ۔ کلام ترمذی کا حاصل یہ ہے کہ روایت صرف عبداللہ بن دینار عن ابن عمرؓ مروی ہے یعنی ابن عمر سے نقل کرنے والے صرف ابن دینار ہیں ہاں البتہ عبداللہ بن دینار سے روایت کرنے والے سفیان بن عیینہؒ، شعبہؒ اور سفیان ثوریؒ، مالک بن انسؒ ہیں چونکہ یہ روایت نہایت ثقہ ہیں اس وجہ سے روایت حسن صحیح ہے و يروى عن شعبة قال لَوَدِدْتُ ان عبدالله بن دينار حِيْنَ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَذِنَ لِيْ حتى كنت اقوم اليه فَاُقَبِّلُ رَاْسَهٗ، شعبہؒ فرماتے ہیں میری خواہش رہی کہ جس وقت ابن دینار اس روایت کو بیان کریں تو وہ مجھے اپنا سر چوم لینے کی اجازت دیں غالباً شعبہ کے اس قول کی وجہ یہ ہے کہ یہ روایت صرف ابن دینار ہی ابن عمرؓ سے نقل کرتے ہیں ان کے علاوہ دوسرا کوئی راوی ابن عمر سے اس کا ناقل نہیں ہے چنانچہ امام مسلم نے صحیح میں فرمایا الناس کلهم عيال على عبدالله بن دينار في هذا الحديث امام ابونعیم نے اس روایت کے وہ تمام طرق جمع فرمائے ہیں جو ابن دینار سے نقل کئے گئے ہیں تو ان روایت کی تعداد پینتیس تک پہنچتی ہے۔

و روى يحيى بن سليم هذا الحديث عن عبيدالله بن عمرؓ عن نافع عن ابن عمر عن النبي ﷺ هو وهم وهِمَ فيه يحيى بن سُلَيم۔ یحییٰ بن سلیم نے اس روایت کو بجائے عبداللہ بن دینار کے نافع عن عبداللہ بن عمر نقل کیا ہے۔ ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ وہم ہے جو یحییٰ کو ہوا۔ صحیح عن عبداللہ بن دینار عن ابن عمر ہے جیسا کہ عبیداللہ بن عمر کے دیگر بہت سے شاگردوں نے نقل کیا ہے یعنی صحیح یہ ہے کہ ابن عمرؓ سے اس روایت کو صرف عبداللہ بن دینار ہی نقل کرتے ہیں نافع وغیرہ نہیں۔

تنبیہ: امام ترمذیؒ نے تو روایت نافع عن ابن عمر کو یحییٰ کا وہم قرار دیا ہے مگر یہ یاد رہے کہ یحییٰ کی طرف ابوضمرہ انس بن عیاض اور یحییٰ بن سعید الاموی نے عبیداللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمرؓ اس روایت کو نقل کیا ہے۔ اخرجه ابو عوانه في صحيحه من طريقهما لكن قرن كل منهما نافعا بعبدالله بن دينار كذا في الفتح۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ مَنْ تَوَلّٰی غَیْرَ مَوَالِیْهِ اَوِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبِیْهِ

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ التَّیْمِیِّ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ خَطَبَنَا عَلِیٌّ فَقَالَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ عِنْدَنَا شَیْئًا نَقْرَؤُهٗ اِلَّا کِتَابَ اللّٰهِ وَهٰذِهِ الصَّحِیْفَةَ صَحِیْفَةٌ فِیْهَا اَسْنَانُ الْاِبِلِ وَاَشْیَاءُ مِنَ الْجِرَاحَاتِ فَقَدْ کَذَبَ وَقَالَ فِیْهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَلْمَدِیْنَةُ حَرَمٌ مَا بَیْنَ عَیْرٍ اِلٰی ثَوْرٍ فَمَنْ اَحْدَثَ فِیْهَا حَدَثًا اَوْ اٰوٰی مُحْدِثًا فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِکَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا وَمَنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبِیْهِ اَوْ تَوَلّٰی غَیْرَ مَوَالِیْهِ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِکَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ لَا یُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ وَذِمَّةُ الْمُسْلِمِیْنَ وَاحِدَةٌ یَسْعٰی بِهَا اَدْنَاهُمْ۔

ترجمہ: ابراہیم تیمی اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ ہم کو خطبہ دیا حضرت علیؓ نے پس فرمایا جو شخص گمان کرے کہ بے شک ہمارے پاس کوئی چیز ہے جس کو ہم پڑھتے ہیں کتاب اللہ اور اس صحیفہ کے علاوہ جس میں اونٹوں کی عمروں کا بیان ہے اور زخموں کے متعلق کچھ باتیں ہیں (جو ایسا گمان کرے) پس تحقیق کہ اس نے جھوٹ بولا اور فرمایا کہ صحیفہ میں ہے کہ آپ نے فرمایا مدینہ حرم ہے وہ حصہ جو عیر سے ثور تک ہے پس جو شخص نئی چیز پیدا کرے اس حصہ میں یا کسی بدعتی کو ٹھکانا دے پس اس پر اللہ کی لعنت اور تمام فرشتوں اور انسانوں کی اس پر لعنت ہوگی، نہیں قبول فرمائیں گے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے فریضہ کو اور نہ نفل کو یا اس کی توبہ اور فدیہ کو اور جو شخص اپنے نسب کو غیر باپ کی طرف منسوب کرے یا کوئی غلام غیر مولیٰ کو اپنا مولیٰ بتائے پس اس پر بھی اللہ کی لعنت اور فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے نہیں قبول کریں گے اللہ تعالیٰ اس کی توبہ اور نہ اس کا فدیہ اور تمام مسلمانوں کا عہد و امان ایک ہے ذمہ دار ہو سکتا ہے ان میں سے ادنیٰ شخص بھی۔

من زعم ان عندنا الخ۔ بخاری شریف کے الفاظ ما عندنا شیء الا کتاب اللّٰه وهٰذه الصحیفة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ کے اس قول میں رافضیہ اور شیعہ کا رد صریح ہے جن کا گمان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو بہت سے ایسے اسرار اور رموز بتلائے تھے جو کسی صحابی کو معلوم نہیں اسی طرح اہل بیت کو بہت سی ایسی باتیں بتلائیں جو کسی اور کو معلوم نہیں یہ سب ان کی من گھڑت ہیں حضرت علیؓ کا یہ فرمان بالکل صحیح ہے۔

صحیفة: بدل ہے الصحیۃ سے ما بین عیر الی ثور۔ عیر بفتح العین المهملة والیاء المثناة جبل بالمدینة ثور بفتح الثاء المثلثة جبل بالمدینة۔ تحقیق یہ ہے کہ ثور احد کے پیچھے شمالی جانب میں پہاڑ ہے۔

اس روایت سے استدلال کرتے ہوئے بعض علماء نے فرمایا کہ مدینہ منورہ کے لیے بھی ایسا ہی حرم ہے جیسا کہ مکہ معظمہ کے لیے ہے اور جس طرح احکام حرم مکہ کے ہیں اسی طرح حرم مدینہ کے بھی ہیں امام شافعیؒ و مالکؒ و احمدؒ و جمہور اہل علم اسی کے قائل ہیں البتہ امام شافعیؒ و مالکؒ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص حرم مدینہ میں کسی شکار کو قتل کر دے یا پیڑ کاٹ دے تو کوئی ضمان نہ ہوگا اگرچہ ایسا کرنا اس کے لیے جائز نہیں ابن ابی لیلیٰ اور ابن ابی ذئب نے فرمایا اس شخص پر ضمان و جزاء واجب ہے و بہ قال بعض المالکیہ۔

امام ابوحنیفہؒ، زید بن علیؒ نے فرمایا کہ حرم مدینہ حرم مکہ کی طرح نہیں اور نہ ہی اس کے وہ احکام حرم ہیں جو حرم مکہ کے ہیں استدلالاً بحدیث یا ابا عمیر ما فعل النغیر والمسئلة مفصلة فی کتاب الحج۔

فمن احدث فیها حدثا او آوی محدثا الخ. آوی بالمد و بالقصر بمعنی واحد لازماً و متعدیاً محدثاً بکسر الدال وفتحہا علی الفاعل والمفعول اگر دال کے کسرہ کے ساتھ پڑھا جائے تو معنی ہیں من نصر جانیاً و آواہ واجارہ من خصمہ و حال بینہ وبین ان یقتص منہ اور فتح کی صورت میں محدث مطبوع کے معنی میں ہوگا اور مطلب یہ ہوگا کہ جو شخص کسی نئی چیز جو بدعت ہے اس سے راضی ہوگا یا اس کے کرنے پر نکیر نہیں کرے گا تو گویا اس نے اس کو ٹھکانا دیا قالہ العینیؒ مگر ملا علی قاریؒ نے بکسر الدال ہی صحیح قرار دیا ہے جس کے معنی مبتدعا کے ہیں۔

فعلیہ لعنۃ اللّٰہ الخ: سے استدلال کرتے ہوئے بعض حضرات نے فرمایا کہ مدینہ منورہ میں کسی بدعت کا پیدا کرنا یا بدعتی کو پناہ دینا کبائر میں سے ہے قالہ عیاض۔ صرفا ولا عدلا بفتح الصاد والعین جمہور علماء نے فرمایا صرف کے معنی فریضہ اور عدل کے معنی نفل کے ہیں چنانچہ ابن خزیمہؒ نے سفیان ثوریؒ سے یہی تفسیر نقل کی ہے اور حسن بصریؒ سے اس کا عکس منقول ہے اصمعی نے فرمایا صرف کے معنی توبہ اور عدل کے معنی فدیہ اور عدم قبولیت سے مراد قبولیت رضا ہے بعض حضرات نے فرمایا اس سے مراد یہ ہے کہ دونوں اس شخص کے لیے تکفیر ذنوب کا باعث نہ ہوں گے۔

ومن ادعی الی غیر ابیہ الخ: یعنی جو شخص اپنے کو غیر باپ کی طرف منسوب کرے یا کوئی آزاد شدہ غلام اپنے اعتاق کی نسبت غیر معتق کی طرف کرے اس پر بھی لعنت ہے کیوں کہ اس انتساب میں کفران نعمت کے ساتھ ساتھ حقوق وراثت ولاء کی تضییع اور قطع رحم ہے اور عقوق و نافرمانی بھی ہے ظاہر ہے کہ ایسا شخص لعنت خداوندی اور اللہ کی رحمت سے دوری کا مستحق ہے۔

ذمۃ المسلمین واحدۃ الخ: یعنی عہد و امان کے حق میں تمام مسلمان برابر ہیں وضیع و رفیع کا کوئی فرق نہیں نیز ایک اور دویا کثیر کا بھی کوئی فرق نہیں اگر ادنیٰ مسلمان کسی کو امن دے گا تو وہ سب کی طرف سے سمجھا جائے گا یستوی فیہ الرجال والمرأۃ والحر والعبد لان المسلمین کنفس واحدۃ۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری و مسلم۔

وروی بعضہم عن الاعمش الخ: مصنفؒ نے اس روایت کے دوسرے طریق کی طرف اشارہ کیا ہے کہ بعض لوگوں نے اس روایت کو عن الاعمش عن التیمی عن الحارث ابن سوید بھی نقل کیا ہے جس طرح عن التیمی عن ابیہ روایت الباب ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرَّجُلِ يَنْتَفِي مِنْ وَلَدِهٖ

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ الْعَطَّارُ وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ فَزَارَةَ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ امْرَاَتِيْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا اَلْوَانُهَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ فَهَلْ فِيْهَا اَوْرَقُ قَالَ نَعَمْ اِنَّ فِيْهَا لَوُرْقًا قَالَ اَنّٰى اَتَاهَا ذٰلِكَ قَالَ لَعَلَّ عِرْقًا نَزَعَهَا قَالَ فَهٰذَا لَعَلَّ عِرْقًا نَزَعَهٗ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے منقول ہے کہ ایک شخص قبیلۂ فزارہ سے نبی کریم ﷺ کے پاس آیا پس کہا اس نے یا رسول اللہ بے شک میری بیوی نے ایک کالے رنگ کا بچہ جنا ہے پس فرمایا آپ ﷺ نے اس سے کیا تیرے پاس اونٹ ہیں اس نے کہا ہاں ہیں پوچھا آپ

صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کیا رنگ ہیں اس نے کہا سرخ ہیں پھر پوچھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں کوئی خاکی رنگ والا بھی ہے اس نے کہا جی ہاں خاکی رنگ والا بھی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خاکی رنگ والا کہاں سے آیا ہے اس نے کہا شاید کسی رگ نے اس کو جذب کیا ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شاید یہاں بھی کسی رگ نے اسے کھینچا ہوگا۔

جاء رجل: بخاری میں جاء اعرابی وارد ہے حافظ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ضمضم ابن قتادہؓ ہیں۔ان امرأتی ولدت غلامًا اسود، مسلم شریف میں انی انکرتہ یعنی میں دل سے اس کو برا سمجھتا ہوں یہ مطلب نہیں کہ زبان سے میں اس کے بیٹے ہونے کا انکار کروں گویا یہ شخص تعرض بالقذف کر رہا تھا اور جمہور کے نزدیک تعریض بالقذف، قذف صحیح کے حکم میں نہیں ہے استدل بہ الشافعیؒ لذالک۔ البتہ بعض مالکیہؒ نے تعریض کو تصریح کے قائم مقام کرتے ہوئے حد کو واجب قرار دیا ہے بشرطیکہ قذف بھی جاری ہو مگر روایت الباب میں سائل تو مستفتی عن الحکم ہے کہ اس کو شک ہو رہا ہے قاذف نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تمثیل کے بعد اس کا شک دور ہو گیا اور اس کو اپنے بچہ ہونے کا یقین ہو گیا۔

حمرا: جمع احمر، اورق جس کے معنی مٹیالا، ورقا بضم الواو وسکون الراء جمع اورق۔ انی اتاھا ذلک یعنی جب تیرے اونٹ سرخ رنگ والے ہیں اور ان میں بعض بچے وہ ہوتے ہیں جو مٹیالے رنگ کے ہیں تو پھر یہ مٹیالے رنگ والے کہاں سے آگئے؟ لعل عرقا نزعھا اس اعرابی نے جواب دیا کہ شاید ان اونٹوں کی اوپر کی نسلوں میں خاکی رنگ رہا ہوگا تو اس اصل کی وجہ سے ان کے بعد والے اونٹوں میں رنگ آگیا تو آپ نے جوابا فرمایا پھر انسانی نسلوں میں ایسا کیوں نہیں ہو سکتا کہ تیرے یا تیری بیوی کے آباء میں سے کوئی کالے رنگ والا ہوگا تو اصل نے یہ رنگ جذب کیا ہے اور تیرا بیٹا کالے رنگ والا پیدا ہو گیا ہے اب اس تمثیل کے بعد اپنے بیٹے ہونے کا یقین آگیا چنانچہ مسلم شریف میں ہے فلم یرخص له فی الانتفاء منه۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ روایت سے واضح طور پر یہ ثابت ہو گیا کہ محض رنگ کے فرق کی بنا پر بچہ کے نسب کے ثبوت میں کوئی فرق نہ ہوگا خواہ باپ سے رنگ مختلف ہو یا باپ اور ماں دونوں سے الگ رنگ ہو وبہ قال الجمہور۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري و مسلم و ابوداؤد، و النسائي و ابن ماجه۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْقَافَةِ

قافة: قائف کی جمع ہے علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ قائف وہ شخص ہے جو ہاتھ پیر اور چہرے وغیرہ کے نشانات دیکھ کر شباہت کی پہچان کرے یعنی یہ بتادے کہ یہ فلاں کا بیٹا یا بھائی یا فلاں خاندان والا ہے۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا مَسْرُورًا تَبْرُقُ أَسَارِيرُ وَجْهِهِ فَقَالَ أَلَمْ تَرَى أَنَّ مُجَزِّزًا نَظَرَ آنِفًا إِلَى زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ فَقَالَ هٰذِهِ الْأَقْدَامُ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ۔

ترجمہ: عائشہؓ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے یہاں تشریف لائے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش تھے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کے خطوط چمک رہے تھے پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے عائشہ! تجھے معلوم نہیں مجزز قائف نے ابھی زید بن حارثہ اور اسامہ کو دیکھا اور کہا کہ یہ اقدام بعض بعض میں سے ہیں۔

دوسری روایت میں ہے کہ مجزز، زید ابن حارثہ اور اسامہ کے پاس سے گذرا حالانکہ ان دونوں کے سر چھپے ہوئے تھے اور قدم کھلے ہوئے تھے تو اس نے کہا کہ یہ اقدام بعض بعض سے ہیں یعنی ملے جلے ہیں۔

مسروراً: ای فرحانا۔ تبرق بفتح التاء وضمہا تضیء و تستنیر۔ اساریر وجھہ ای الخطوط اللتی تجتمع فی الجبھۃ و تتکسر اساریر اسرار یا اسرۃ کی جمع ہے۔ اس کا واحد سریا سرر ہے۔ مجزز بضم المیم وکسر الزاء والثقلیۃ وحکی فتحہا وبعدہ زاء اخری ہذا ہوالمشہور بعض لوگوں نے فرمایا محرز بضم المیم وسکون الحاء المھملۃ وکسر الراء ثم زاء مجزز بن الاعور بن جعدۃ المدلجی علم قیافہ میں مشہور تھا اگرچہ علم قیافہ رکھنے والے دوسرے حضرات بھی تھے چنانچہ سعید بن المسیب سے عمر فاروقؓ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ قائف تھے۔

آنفاً: بالمد والقصر ای قریبا او اقرب وقت۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ زید بن حارثؓ اور ان کے بیٹے اسامہؓ میں رنگ کے اعتبار سے فرق تھا زید خوبصورت گندمی رنگ والے تھے اور اسامہؓ کالے تھے تو لوگ نسب کے بارے میں کلام کرتے تھے اور اس زمانہ جاہلیت میں قائف کا اعتبار ہوتا تھا تو جب مجزز نے زید اور اسامہ کے قدموں کو دیکھ کر کہہ دیا کہ دونوں ملے جلے قدم ہیں جس سے اسامہؓ کا نسب زید سے ہونا معلوم ہو گیا تو ظاہر ہے کہ لوگوں کا طعنہ ان سے ختم ہو گیا اب آپ ﷺ کو اس سے خوشی ہوئی کہ ایک غلط بات جو لوگوں کی زبان پر تھی ان کے اعتقاد کے اعتبار سے ختم ہو گئی ہے۔

خبر قائف حجت ہے یا نہیں: وقد احتج بعض اھل العلم الخ: اس بارے میں اختلاف ہے کہ قول قائف ثبوت نسب میں حجت ہے یا نہیں ائمہ ثلاثہ اور عام اہل حدیث قول قائف کو اثبات نسب کے لئے حجت قرار دیتے ہیں فرماتے ہیں کہ اگر کسی عورت سے چند افراد نے وطی بالشبہ کی ہو اور اس کے کوئی بچہ ہو جس کے بارے میں باہم نزاع ہو جائے تو قائف کے قول کو فیصل قرار دیا جائے گا جس سے وہ مشابہت بتائے گا اس سے اس کا نسب ثابت ہوگا اسی طرح اگر کسی مجہول النسب بچے کے بارے میں دو یا زائد افراد دعویٰ کریں اور کسی کے پاس کوئی بینہ نہ ہو تب بھی قائف کے قول کو حجت مانا جائے گا اس کے بالمقابل احنافؒ ثبوت نسب میں قائف کے قول کو حجت نہیں مانتے ہیں چنانچہ ابن ہمامؒ نے بیان فرمایا اگر کوئی باندی دو کے درمیان مشترک ہو اور بچہ جنے تو دونوں میں سے جو دعویٰ نسب کرے گا اس سے نسب ثابت ہوگا اور اگر دونوں دعویٰ کریں تو دونوں سے نسب ثابت ہوگا فریق اول نے روایت الباب میں مذکورہ واقعہ سے استدلال کیا ہے اگر قائف کا قول حجت نہ ہوتا تو آپ ﷺ کو اس قول مجزز پر خوشی نہ ہوتی حنفیہؒ کی جانب سے جواب یہ ہے کہ آپ ﷺ کو خوشی ثبوت نسب پر نہیں ہوئی بلکہ شرعاً نسب تو پہلے سے ثابت تھا مگر علی طریق الجاہلیۃ بھی اس کا ثبوت ہو گیا اور اب اہل جاہلیت نسب اسامہ میں طعن نہ کریں گے اس بات پر آپ ﷺ کو بے انتہا خوشی ہوئی بالفاظ دیگر ان لوگوں کا استدلال آپ ﷺ کے استبشار سے ہے اور اس میں دو احتمال ہیں یا تو قائف کے قول سے ثبوت نسب کی بنا پر آپ ﷺ خوش ہوئے یا اہل جاہلیت کے گمان کا رد اس کے قول سے ہوا ہے در حقیقت بات یہ ہے کہ لوگ اسامہؓ کے نسب پر طعن کرتے تھے اور شرعاً یہ نسب ثابت تھا آپ ﷺ کو کوئی شک نہیں تھا تو ظاہر یہ ہے کہ آپ کا استبشار بقول القائف احتمال الاول کی بنا پر نہیں بلکہ رد زعم الجاہلیہ کی بنا پر تھا۔

(۲) جب آپ کے استبشار میں دوسرا احتمال بھی ہے فکیف الاستدلال بل الاحتمال الثانی راجح۔

قد روی سفیان بن عیینۃ الخ: روایت کا دوسرا طریق اور الفاظ کی زیادتی کو بیان فرما رہے ہیں ھکذا حدثنا سعید بن

عبدالرحمن وغیر واحد سے اپنی سند کو بیان فرمایا ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري و مسلم و ابو داود والنسائي۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ حَثِّ النَّبِيِّ ﷺ عَلَى الْهَدِيَّةِ

حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ الْبَصْرِيُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ نَا اَبُوْ مَعْشَرٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ تَهَادَوْا فَاِنَّ الْهَدِيَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ وَلَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ شِقَّ فِرْسَنِ شَاةٍ

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا باہم ایک دوسرے کو ہدیہ دیا کرو کیونکہ ہدیہ سینہ کی جلن کو دور کرتا ہے، اور نہ حقیر سمجھے کوئی پڑوسن اپنی پڑوسن کو خواہ وہ بکری کی کھری کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔

تهادوا: بفتح الدال ماخوذ از تہادی صیغہ امر ہے جس کے معنی ایک دوسرے کو ہدیہ دینا۔

وحر الصدر: بفتح الواؤ والحاء المہملۃ مراد حقد اور کینہ وقیل العداوۃ والغضب۔

لا تحقرن جارة لجارتها ای لا تحقرن جارة هدية مهداة لجارتها یعنی کوئی پڑوسن دوسری پڑوسن کے بھیجے ہوئے ہدیہ کو حقیر نہ سمجھے خواہ وہ معمولی شی ہو حتی کہ بکری کی کھری کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو کیونکہ قلیل ہدیہ اس نے محض محبت کی بنا پر بھیجا ہے جس کا جواب اظہار محبت ہے اور اس کا کم از کم درجہ یہ ہے کہ اس کے بھیجے ہوئے ہدیہ کو کم نہ سمجھے بلکہ اس کی محبت اور اخلاص پر نظر کرے دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی پڑوسن جس کے پاس شی قلیل ہدیہ کے لیے ہو اس کو ہی ہدیہ کردے چونکہ ماتیسر کا ہدیہ حقیر نہ ہوگا یعنی شی قلیل ہونے کی بنا پر ہدیہ سے نہ رکے دونوں احتمال ہو سکتے ہیں۔

شق: ٹکڑا فرسن بکسر الفاء والسین بینہما راء مہملۃ ساکنۃ وآخرہ نون قلیل اللحم ہڈی مقصود ہے قلیل اللحم ہڈی کا دینا نہیں کہ غیر متعارف ہے بلکہ شی قلیل کے دینے پر ترغیب علی سبیل المبالغہ ہے۔

روایت سے معلوم ہوا کہ ہدیہ کا لین دین ہونا چاہئے خواہ قلیل ہی کیوں نہ ہو اس سے انسیت بڑھتی ہے آپسی رنجش ختم ہو جاتی ہے پھر اس میں پڑوسن کا تعاون بھی فی الجملہ ہے نیز ہدیہ دینا آسان ہوتا ہے اور زیادہ محبت پر دلالت کرتا ہے کیونکہ مقدار بعض مرتبہ حاصل نہیں ہوتی تو ہدیہ سے آدمی محروم رہ جاتا ہے اس لئے بلا تکلف ہدیہ کا لین دین ہوتا رہے تو بہتر ہے۔ المواصلة بالميسر تكون كالكثير۔

هٰذا حديث غريب اخرجه احمد۔

تنبیہ: اس روایت کی تخریج بطریق ابن ابی ذئب امام بخاریؒ نے بھی کتاب الهبہ کے شروع میں کی ہے شروع کے قدرے الفاظ مختلف ہیں مگر انھوں نے سند میں سعید مقبریؒ کے بعد عن ابیہ عن ابی ہریرۃؓ فرمایا ہے جو کہ ترمذی کی ابو معشر والی روایت میں نہیں ہے ابو معشر ضعیف راوی ہے اہل علم نے فرمایا لعل من زادفيه عن ابيه احفظ واضبط۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ الرُّجُوْعِ فِي الْهِبَةِ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اِسْحٰقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ نَا حُسَيْنٌ الْمُكَتِّبُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ مَثَلُ الَّذِیْ یُعْطِی الْعَطِیَّۃَ ثُمَّ یَرْجِعُ فِیْھَا کَالْکَلْبِ اَکَلَ حَتّٰی اِذَا شَبِعَ قَاءَ ثُمَّ عَادَ فَرَجَعَ فِیْ قَیْئِہٖ

ترجمہ: ابن عمرؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس شخص کا حال جو کسی کو کوئی ہدیہ دے پھر اس میں رجوع کرے اس کتے کی طرح ہے کہ کھائے حتیٰ کہ جب پیٹ بھر جائے تو قے کرے پھر رجوع کرے اپنی قے میں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ حُسَیْنٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ قَالَ ثَنَا طَاؤُسٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ یَرْفَعَانِ الْحَدِیْثَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ یُّعْطِیَ عَطِیَّۃً ثُمَّ یَرْجِعُ فِیْھَا اِلَّا الْوَالِدُ فِیْمَا یُعْطِیْ وَلَدَہٗ وَ مَثَلُ الَّذِیْ یُعْطِی الْعَطِیَّۃَ ثُمَّ یَرْجِعُ فِیْھَا کَمَثَلِ الْکَلْبِ اَکَلَ حَتّٰی اِذَا شَبِعَ قَاءَ ثُمَّ عَادَ فَرَجَعَ فِیْ قَیْئِہٖ

ترجمہ: ابن عمر وابن عباسؓ سے مرفوعاً مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں حلال ہے کسی آدمی کے لیے کہ کوئی عطیہ دے پھر رجوع کرے اس میں سوائے والد کے جو اس نے اپنے بیٹے کو دیا ہے باقی ترجمہ ظاہر ہے۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح. اخرجه الشیخان و ابوداؤد والنسائی و ابن ماجه عن ابن عباسؓ اشار الیه الترمذی وفی الباب عن ابن عباسؓ تقدم تخریجه و عبدالله بن عمروؓ اخرجه النسائی و ابن ماجه.

مسئلہ رجوع فی الھبۃ: قال الشافعی لا یحل لمن وھب ھبۃ ان یرجع فیھا الا الوالد الخ: واہب کو اپنے ہبہ میں رجوع کرنا جائز ہے یا نہیں۔ اس بارے میں اختلاف ہے جمہور علماء شافعیہؒ، مالکیہؒ، حنابلہؒ فرماتے ہیں کہ رجوع کرنا حرام ہے اکثر فقہاء اسی کے قائل ہیں امام شافعیؒ نے فرمایا کہ اپنے باپ اور ماں کو اپنے اس ہبہ میں رجوع جائز ہے جو انھوں نے اپنی اولاد کو کیا ہے مگر مالکیہؒ نے فرمایا ماں باپ کو رجوع کا حق ہے مگر دونوں کے لیے قیودات ہیں جو ان کی کتابوں میں مسطور ہیں۔

امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ اگر غیر ذی رحم محرم کو ہبہ کیا ہے تو رجوع جائز بالکراہتہ ہے اور اگر ذی رحم محرم کو ہبہ کیا تو پھر درست نہیں ہے پھر غیر ذی رحم محرم کو ہبہ کرنے کے بعد رجوع کرنا جائز مگر سات مواقع ایسے ہیں کہ ان میں رجوع جائز نہیں ہے۔

1) شی موہوب میں کوئی زیادتی متصل ہوگئی ہو مثلاً غرس و بناء وغیرہ۔

2) واہب و موہوب لہ میں سے کسی کی موت ہوگئی ہو۔

3) موہوب لہ نے ہبہ کے عوض کوئی چیز واہب کو دے دی ہو۔

4) موہوب شی موہوب لہ کی ملک سے خارج ہوگئی ہو۔

5) واہب و موہوب لہ میں زوجیت کا تعلق ہو۔

6) متعاقدین میں قرابت محرمیت کا تعلق ہو۔

7) شی موہوب ہلاک ہوجائے، جامعھا دمع خزقہ

امام شافعیؒ واحمدؒ وغیرہ نے حدیث الباب سے استدلال فرمایا ہے کہ آپ ﷺ نے ہبہ میں رجوع کرنے والے کو کتے کا قے کر کے چاٹنے والے کے مثل فرمایا ہے۔ حنفیہ کی جانب سے جواب میں کہا گیا کہ اس حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ رجوع کرنا ناجائز وحرام ہے بلکہ اس طرف اشارہ فرمایا کہ ہبہ سے رجوع کرنا خلاف مروت ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کتے کے قے کے چاٹنے کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور کتے کے لیے قے چاٹنا حرام نہیں ہوتا آپ نے یہ مثال نہیں دی کہ

انسان اپنی قے کر کے چاٹ لے اس سے معلوم ہوا کہ جب مشبہ بہ حرام نہیں تو مشبہ لہ بھی حرام نہیں لیکن یہ جواب بہت رکیک اور کمزور ہے کیونکہ اس مثال سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی غلیظ تشنیع بیان فرمائی ہے لہٰذا یہ کہنا کہ کتے کے لیے قے چاٹنا حلال ہے تو رجوع عن الھبہ بھی حلال ہے یہ بات محاورات کے خلاف ہے بلکہ بہتر جواب یہ ہے کہ آپ ﷺ نے حدیث باب میں دیانت کو بیان فرمایا اور حنفیہؒ کے یہاں صحیح قول یہ ہے کہ واہب کے لیے ہبہ میں رجوع دیانۃً درست نہیں اگر چہ قضاءً رجوع نافذ ہو جائے گا حضرات احنافؒ نے اپنے مدعی کے اثبات کے لیے دوسری روایت پیش کی ہے لفظہ الواھب احق بھبته مالم یثب منها مگر اس میں قضاء کا بیان ہے باپ اپنے بیٹے کو ہبہ کیے ہوئے مال میں رجوع کرسکتا ہے یہ مسئلہ متفق علیہا ہے حنفیہؒ کے یہاں اس وجہ سے کہ انت وما لك لابیك آپ ﷺ نے فرمایا ہے پھر الا الوالد کا لفظ بھی صریح روایت میں واقع ہے۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد و ابوداؤد والنسائی و ابن ماجه۔

اَبْوَابُ الْقَدْرِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ

تحقیق قدر و قضاء: قدر بفتح الدال وسکونہا دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے لغۃً اندازہ کردن اور اصطلاحاً تعیین کل مخلوق مرتبة اللتی توجد من حسن وقبح و نفع وضر کمافی شرح فقہ اکبر ص:۵۱

حاصل یہ کہ اللہ تعالیٰ کا متعین کرنا اور اس کے علم میں ہونا ان اشیاء کا جو موجود ہونا اوقات مخصوصہ میں اوصاف مخصوصہ کے ساتھ اللہ کے ارادہ سے۔ دوسرا لفظ قضاء ہے بعض حضرات نے دونوں کو ایک قرار دیا ہے مگر دوسرا قول یہ ہے کہ دونوں میں فرق ہے۔

القضاء وھو الحکم الاجمالی فی الازل والقدر جزئیات ذالك الحکم وتفاصیله کما قال تعالیٰ و ان من شیءٍ الا عندنا خزائنه وما ننزله الا بقدر معلوم۔

مولانا قاسم نانوتویؒ نے اس کا عکس فرمایا ہے مثلاً کسی کا مکان بنانے کا ارادہ ہو تو ایک اجمالی نقشہ اس کے ذہن میں ہوتا ہے، یہ بمنزلہ قدر ہے اور اس نقشہ کے مطابق جو مکان تیار اور موجود فی الخارج ہو وہ بمنزلہ قضا ہے۔ بعض عارفین نے فرمایا کہ قدر تقدیر ہے جیسا کہ کوئی نقاش اپنے ذہن میں صورت کو منقش کرے اور قضا اس صورت ذہنیہ کو بقید سیاہی کے تفصیلاً منقش کر دینا اور اس نقش تفصیلی میں اس نقشہ کے اتباع میں سیاہی بھر دینا یہ کسب ہے اب سیاہی بھرنے کا کام بندہ اپنے اختیار سے کرتا ہے لیکن نقاش کے نقشہ کے مطابق بھرتا ہے لہٰذا من وجہ اختیار رہا اور من وجہ نہ بھی ہوا یہی بندہ کی حالت ہے کہ لاجبر ولا تفویض ولا اکراہ ولا تسلیط بل امر بین الامرین اسی درمیانی حالت کو اشاعرہ کسب سے تعبیر کرتے ہیں اور ماتریدیہ اس کو اختیار سے تعبیر کرتے ہیں۔

مذاھب مختلفه فی القدر والقضاء: اب یہاں سے قدر کے اس بارے میں مذاہب کی تفصیل بھی جان لینی چاہیے۔

اول: فرقہ جہمیہ جو جبریہ ہیں وہ کہتے ہیں کہ لا قدرة فی الامر للعبد اصلاً بل ھو کالجماد لیکن یہ مذہب بالکل بداہت کے خلاف ہے چونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ بندہ بہت سے کام اپنے اختیار سے کرتا ہے پھر حرکت اختیاری اور حرکت رعشہ میں فرق نہ ہونا چاہیے حالانکہ یہ بداہت کے خلاف ہے۔

دوم: فرقہ معتزلہ ہے وہ کہتے ہیں للعبد قدرةٌ مؤثرةٌ فی جمیع افعاله وھم مجوسُ ھٰذه الامة کما ورد فی الحدیث

ان القدریۃ ای المعتزلۃ مجوس ھذہ الامۃ ان کے قول پر بندہ کا خالق ہونا لازم آتا ہے جو خالق کل شیء آیت کے خلاف ہے پھر اگر خلاق افعال بندہ کو مانا جائے تو افعال کثیر ہیں تو بندہ کی مخلوق خدا کی مخلوق سے زائد ہو جائے گی کما ذکرہ ابن القیمؒ نیز بندہ کا وجود بالا جماع ممکن ہے تو خود بندہ ای ممکن ہوا اور ممکن کی شان یہ نہیں کہ وہ افادۂ وجود کر سکے بسا اوقات ہم دیکھتے ہیں کہ بندہ کسی کام کو کرنا چاہتا ہے مگر وہ نہیں کر پاتا ہے تو معلوم ہوا کہ بندہ کو قدرت مؤثرہ حاصل نہیں۔

امام اعظمؒ کا ایک واقعہ۔قدری کو جواب: امام اعظمؒ نے ایک قدری کو جواب دیا کہ حاء اور فاء کو ادا کرو جب ادا کیا تو فرمایا اگر تم خالق افعال ہو تو حرف فاء کو حرف حاء کے مخرج سے نکالو فبھت الرجل القدری۔

رہی یہ بات کہ اگر تمام مخلوقات کا خالق اللہ کو مانیں تو لازم آئے گا کہ اللہ تعالیٰ خالق شر اور ظاہر ہے کہ خلق قبیح قبیح ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ خلق قبیح قبیح نہیں ہے بلکہ اتصاف بالقبیح والشر قبیح ہے یا اس کا استعمال مثلاً لوہار نے تلوار بنائی اب اس کو کوئی برا نہیں کہے گا، ہاں اس کا غلط استعمال قبیح ہے بلکہ اگر غور کیا جائے تو قبائح اور شرور مظہر ہیں اللہ تعالیٰ کی صفت قہر کے جو اس کے اوصاف کمال میں سے ہے نیز اگر خلق شر قبیح میں سے ہے تو پھر شیطان جو منبع شرور ہے اس کو کس نے پیدا کیا؟

تیسرا فرقہ اہل سنت والجماعت کا ہے وہ کہتا ہے ان اللہ تعالیٰ ھو الخالق المرید لجمیع الکائنات من خیر و شر وایمان و کفر کما قال تعالیٰ اللہ خالق کل شیء ان کا کہنا ہے کہ بندہ کو قدرت کاسبہ حاصل ہے قدرت خالقہ نہیں۔

کسب وخلق کے مابین فرق: الخلق ایجاد الفعل بغیر توسط الآلۃ والکسب لا بد فیہ من الآلۃ علامہ ابن تیمیہؒ نے فرمایا جو فعل محل قدرت کے ساتھ قائم ہو وہ کسب ہے مثلاً ایمان وکفر بندہ کے ساتھ قائم ہے جو محل قدرت حادثہ ہے اور اگر فعل محل قدرت کے ساتھ قائم نہ ہو بلکہ خارج ہو تو وہ خلق ہے یا جو فعل محل قدرت قدیمہ سے صادر ہو تو وہ خلق ہے اور قدرت حادثہ سے صادر ہو تو کسب ہے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں افعال عباد اختیاری تو ہیں لیکن اس وصف اختیار میں بندہ کو اختیار نہیں جیسا کہ صفت سمع وبصر دونوں بندہ کی غیر اختیاری صفت ہیں لیکن صفت سمع وبصر خارج از اختیار ہونے کے باوجود بندہ کو اپنے افعال میں مختار کہا جاتا ہے نہ کہ مجبور اسی قدرت کاسبہ پر ثواب وعقاب مرتب ہوتا ہے۔

اہل سنت والجماعۃ کے درمیان اختلاف: پھر اشاعرہ اور ماتریدیہ جو اہل سنت والجماعۃ کہلاتے ہیں ان کے درمیان فرق ہے اشاعرہ نے فرمایا قدرت کاسبہ کے معنی یہ ہیں کہ بندہ کے اندر فعل کے ساتھ ساتھ ایک قدرت متوہمہ بھی ہوتی ہے یعنی ایسی قدرت جس کو بندہ قدرت سمجھتا ہے لیکن اس قدرت کو کوئی دخل نہیں البتہ یہ قدرت متوہمہ تکلیف کے لئے کافی ہے ماتریدیہ کہتے ہیں قدرت کاسبہ کے معنی یہ ہیں کہ جس قدرت کو حق تعالیٰ نے بندہ کے لیے پیدا کر دیا ہے اس قدرت مخلوقہ کے ذریعہ فعل کے لیے عزم بالجزم و قصد مصمم ہوتا ہے اور قصد مصمم کو پیدا کرتا ہے فلہا تاثیر فی القصد المذکور۔

اقسام تقدیر: تقدیر کی دو قسمیں ہیں معلق، مبرم۔

اول: وہ تقدیر ہے جو کسی شی پر معلق ہو اور اگر معلق نہ ہو تو مبرم ہے۔

مجدد الف ثانیؒ نے بھی مبرم کی دو قسمیں بیان کی ہیں اول جو لوح محفوظ اور علم الٰہی اور علم ملائکہ میں مبرم ہو۔

دوم: وہ جو صرف لوح محفوظ میں مبرم ہے اور علم الٰہی میں معلق ہے شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ تقدیر کی پانچ قسمیں ہیں

اول ازل کے اندر دوم آسمان وزمین کے پچاس ہزار سال پہلے لکھی گئی۔
سوم: حضرت آدم علیہ السلام کے پیدا ہونے سے پہلے۔
چہارم: نطفہ کے شکم میں جانے کے بعد۔
پنجم: حدوث حادثہ سے پہلے۔

بَابُ مَا جَاءَ مِنَ التَّشْدِيْدِ فِي الْخَوْضِ فِي الْقَدَرِ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَنَحْنُ نَتَنَازَعُ فِي الْقَدَرِ فَغَضِبَ حَتّٰى احْمَرَّ وَجْهُهٗ كَاَنَّمَا فُقِئَ وَجْنَتَيْهِ الرُّمَّانُ فَقَالَ اَبِهٰذَا اُمِرْتُمْ اَمْ بِهٰذَا اُرْسِلْتُ اِلَيْكُمْ اِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حِيْنَ تَنَازَعُوْا فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ اَلَّا تَنَازَعُوْا فِيْهِ.

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے کہا کہ نکلے رسول اللہ ﷺ درانحالیکہ ہم نزاع کر رہے تھے قدر کے بارے میں تو آپ ﷺ سخت ناراض ہوئے حتیٰ کہ سرخ ہوگیا آپ کا چہرہ گویا انار آپ ﷺ کے رخساروں پر پھوڑ دیا گیا ہو پس فرمایا کیا تم اس کا حکم دیے گئے ہو یا میں اس کے لیے بھیجا گیا ہوں تمہاری طرف بے شک ہلاک ہوئے تم سے پہلے لوگ جس وقت انھوں نے منازعت کی اس امر کے بارے میں خبردار میں تم کو قسم دیتا ہوں ہرگز تم اس کے بارے میں نزاع نہ کرنا۔ چونکہ صحابہؓ کا نزاع یہ تھا کہ کوئی کہہ رہا تھا جب سب کچھ تقدیر سے ہے تو پھر ثواب وعقاب ہونے کا کیا مطلب؟ کوئی اس کا جواب دے رہا تھا کوئی کچھ رہا تھا علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ تقدیر کا معاملہ خداوندی راز ہے جس کا طلب کرنا منع ہے جو اس میں واقع ہو اس کو کامل احتیاط کرنی ہے جو ہر آدمی نہیں کرسکتا جبریہ یا قدریہ کی طرف مائل ہونے کا اندیشہ ہے حالانکہ بندہ کا کام اوامر پر عمل اور نواہی سے اجتناب ہے اس وجہ سے آپ ﷺ سخت ناراض ہوئے پھر پہلے لوگ اس وجہ سے ہلاک بھی ہوئے تو کہیں ایسا نہ ہو کہ میری امت بھی اسی طرح غور وفکر کرنے کی وجہ سے ہلاک ہوجائے۔

حل عبارت: ونحن نتنازع جملہ حالیہ کانما فقی، بصیغہ مجہول و جنتیہ خدیہ یہ کنایہ ہے چہرے کی زیادہ سرخی سے جو غضب کی زیادتی کا اثر ہوتا ہے ابھٰذا امرتم ہمزہ برائے انکار وتقدیم الجر درلمز ید الاہتمام ام بھٰذا ام منقطعہ بمعنی بل ہے عزمت بمعنی اقسمت او جبت الا تنازعوا بحذف احدی التائین اصلہ ان لا تتنازعوا ان مفسرہ ہے مصدریہ اور زائدہ نہیں ہے کیونکہ جواب قسم جملہ ہوتا ہے ان مصدریہ ماننے کی صورت میں جملہ نہ ہوسکے گا اور زائدہ نہی پر داخل نہیں ہوتا۔

وفی الباب عن عمرؓ اخرجہ ابوداؤد واحمد والحاکم۔ عن عائشہؓ: اخرجہ ابن ماجہ وعن انسؓ اخرجہ الترمذی وابن ماجہ۔

ھٰذا حدیث غریب اس روایت کی سند میں صالح بن بشیر المزی واقع ہیں جو ضعیف ہیں ترمذی کے علاوہ کسی نے اصحاب ستہ میں سے ان کی روایت نہیں نقل کی ہے یہ غریب روایات کے ناقل ہیں جو ساتویں طبقہ میں سے ہیں۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ احْتَجَّ اٰدَمُ وَمُوْسٰى فَقَالَ مُوْسٰى يَا اٰدَمُ اَنْتَ الَّذِيْ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُّوْحِهٖ اَغْوَيْتَ النَّاسَ وَاَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ قَالَ فَقَالَ اٰدَمُ اَنْتَ مُوْسَى الَّذِي اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِكَلَامِهٖ اَتَلُوْمُنِيْ عَلٰى عَمَلٍ عَمِلْتُهٗ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَالَ فَحَجَّ اٰدَمُ مُوْسٰى۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا حضرت آدمؑ و موسیٰؑ دونوں نے محاجہ کیا، موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے آدم! تو وہی ہے جس کو اللہ نے اپنی قدرت سے پیدا کیا اور پھونکا تیرے اندر اپنی روح کو تو نے لوگوں کو گمراہ کر دیا اور ان کو جنت سے نکال دیا کہا آدمؑ نے تو وہی موسیٰ ہے جس کو خدا نے اپنے کلام کے لیے منتخب فرمایا تھا کیا تو ملامت کرتا ہے مجھے ایسے عمل پر جو میں نے کیا اللہ تعالیٰ نے اس کو میرے لئے لکھ دیا تھا آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے سے پہلے، فرمایا پس غالب آ گئے آدم موسیٰ علیہ السلام پر۔

اس روایت سے مقصود اثبات تقدیر ہے کہ جو چیز مقدر میں تھی اور اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی لکھ دی تھی وہ ہو کر رہتی ہے۔ اس روایت میں کئی بحثیں ہیں۔

اول: یہ مناظرہ ومحاجہ کیوں واقع ہوا؟

جواب: ابوداؤد شریف میں روایت ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی تھی میں آدمؑ کی زیارت چاہتا ہوں جنہوں نے ہم سب کو جنت سے نکالا ہے موسیٰ علیہ السلام کی یہ درخواست منظور ہوگئی اور آدمؑ سے ان کی ملاقات کرا دی گئی۔

اول: حضرت موسیٰ کی حیات میں آدمؑ کو زندہ کیا گیا، اس وقت یہ محاجہ ہوا۔

دوم: یہ محاجہ کہاں واقع ہوا؟ اس سلسلہ میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔

سوم: آدم علیہ السلام کی قبر کو کھول دیا گیا، قبر پر یہ محاجہ ہوا۔

چہارم: آدم علیہ السلام کی روح سے موسیٰ کی ملاقات کرائی گئی اس وقت یہ محاجہ ومناظرہ ہوا۔

پنجم: یہ محاجہ خواب میں ہوا۔

ششم: عالم برزخ میں ملاقات ہوئی۔

ہفتم: ابھی محاجہ نہیں ہوا بلکہ آخرت میں ہوگا تحقق وقوع کی وجہ سے صیغہ ماضی استعمال کیا گیا ہے۔

ہشتم: ابن جوزیؒ فرماتے ہیں کہ یہ ضرب المثل ہے یعنی نہ ایسا ہوا اور نہ ہوگا بلکہ مراد یہ ہے کہ اگر وہ زندہ ہوتے تو ایسی گفتگو ان کے درمیان ہوتی۔

نہم: بعض روایات میں عند اللہ واقع ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ آخرت میں یہ محاجہ ہوگا۔ مگر حافظؒ نے فرمایا یہاں عندیت تشریفی ہے مراد یہ کہ یہ ہو چکا ہے یعنی اللہ کی عنایات وعطوفت میں یہ مناظرہ ہو چکا ہے۔

دہم: عالم ارواح میں ہوا۔

یازدہم: شب معراج میں جب جملہ انبیاء موجود تھے اس وقت محاجہ ہوا۔

بعض طرق میں سجدہ ملائکہ کا ذکر بھی ہے اس سے مراد یا تو خضوع وتذلل وتواضع ہے یا سجدۂ تعظیمی ہے یا حقیقۃً سجدہ تو اللہ کو تھا اور آدم بمنزلہ قبلہ کے تھے۔

فحج آدمُ موسٰی علیہ السلام (۱) لانہ ابوہ (۲) یا اس وجہ سے کہ دونوں کی شریعتیں الگ الگ ہیں (۳) لانہ اقدم واکبر (۴) یا ملاقات ایسے وقت ہوئی ہے کہ اب تو تکلیف نہیں رہی (۵) یا ملاقات ایسے وقت میں ہے جب کہ تکلیف مرتفع ہوگئی یا ملامت ایسے گناہ پر کی جس سے وہ توبہ کر چکے اس وجہ سے کہ جو تقدیر الٰہی میں پہلے سے مکتوب تھا وہ غالب آ کر رہا۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجہ ابوداؤد وابوعوانہ وعن جندبؓ اخرجہ النسائی ھٰذا حدیث حسن غریب اخرجہ الشیخان وغیرہما یہ روایت مختصر اور مطول کتب احادیث میں موجود ہے وقد رواہ بعض اصحاب الاعمش الخ اس کا حاصل یہ ہے کہ اعمش کے شاگردوں نے اس روایت کو جس طرح مسانید ابوہریرہؓ میں شمار کیا ہے اسی طرح بعض نے مسانید ابی سعیدؓ میں شمار کیا ہے مگر اکثر ابوہریرہؓ سے ہی نقل کرتے ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الشَّقَاءِ وَالسَّعَادَةِ

قَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَرَأَيْتَ مَا نَعْمَلُ فِيْهِ أَمْرٌ مُبْتَدَعٌ أَوْ مُبْتَدَأٌ أَوْ فِيْمَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ قَالَ فِيْمَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ وَكُلٌّ مُيَسَّرٌ أَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ لِلسَّعَادَةِ وَأَمَّا مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ لِلشَّقَاءِ

ترجمہ: حضرت عمرؓ نے آپ ﷺ سے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ کیا فرمائیں گے آپ جو کچھ ہم عمل کرتے ہیں کیا وہ امر نیا اور جدید ہے یا ایسا ہے جس سے فراغت کی جاچکی ہے آپؐ نے فرمایا اس سے فراغت ہو چکی ہے اے عمر بن الخطاب اور ہر ایک کے لیے معاملہ آسان کر دیا گیا ہے بہر حال وہ شخص جو اہل سعادت میں سے ہے پس بے شک وہ عمل کرتا ہے سعادت کا اور جو شخص اہل شقاوت میں سے ہے وہ عمل کرتا ہے شقاوت کا۔

امر مبتدع او مبتدأ: یہ او شک راوی ہے اور معنی یہ ہیں کہ جو کچھ ہم عمل کرتے ہیں وہ جدید امر ہوتا ہے کہ اس سے پہلے تقدیر میں لکھا ہوا نہیں۔ او فیما قدفرغ منہ بصیغہ مجہول یعنی اللہ تعالی نے تقدیر میں پہلے ہی لکھ دیا ہے اور اس سے فراغت کر لی ہے آپؐ نے جواباً فرمایا کہ اللہ تعالی نے صحیفۂ تقدیر میں پہلے ہی لکھ دیا ہے اس کے مطابق آدمی عمل کرتا ہے کل میسر یعنی ہر آدمی کی تقدیر میں لکھ دیا گیا ہے کہ اس کو عمل خیر کرنا ہے یا شر اور اس کے مطابق اس کیلئے وہ عمل خیر اور شر آسان کر دیا گیا ہے لہٰذا جس کے مقدر میں عمل خیر لکھا ہے وہ خیر اور سعادت کا عمل کرتا ہے اور جو بد بخت ہے وہ بدبختی کا عمل کرتا ہے چنانچہ عمران بن حصینؓ کی روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے جواب کی تائید کے لئے آیت شریفہ و نفس وما سوٰھا فالھمھا فجورھا و تقوٰھا تلاوت فرمائی کیونکہ الھم ماضی کا صیغہ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالی نے نفس کو فجور و تقوی دونوں کا القاء پہلے سے فرمادیا ہے معلوم ہوا کہ اعمال بنی آدم تقدیر کی بناء پر ہے۔

وفی الباب عن علیؓ: اخرجہ الترمذی و حذیفۃ بن اسیدؓ بفتح الھمزۃ وکسر السین اخرجہ مسلم و انسؓ اخرجہ الشیخان و عمران بن حصینؓ اخرجہ مسلم۔ ھٰذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البزار و الفریابی من حدیث ابی ہریرۃؓ۔

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ يَنْكُتُ فِي الْأَرْضِ إِذْ رَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا قَدْ عُلِمَ قَالَ وَكِيْعٌ إِلَّا قَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ قَالُوْا أَفَلَا نَتَّكِلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ

ترجمہ: حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور آپ ﷺ زمین کرید رہے تھے کہ اچانک آپ ﷺ نے آسمان کی طرف سر اٹھایا پھر فرمایا ما منکم من احد الخ نہیں ہے تم میں سے کوئی مگر جان لیا گیا یا فرمایا لکھا گیا اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور جنت ہے تو صحابہؓ نے عرض کیا پھر ہم کیا بھروسہ نہ کریں یا رسول اللہ ﷺ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا عمل کیے جاؤ کیونکہ ہر شخص کے

لیے آسان کر دیا گیا وہ عمل جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے۔

بینما نحن مع رسول اللہ ﷺ ایک روایت میں ہے کما فی جنازۃ فی بقیع الغرقد فاتانا الخ۔ ینکت فی الارض بخاری کی روایت ہے ومعہ عود ینکت الارض یعنی آپ کے ہاتھ میں کوئی لکڑی تھی جس سے آپ زمین کرید رہے تھے جس طرح کوئی مغموم و متفکر شخص زمین کو کرید تا رہتا ہے۔ ما منکم من احد الخ۔ یعنی ہر شخص کے دو ٹھکانے ہیں ایک جنت میں اور ایک جہنم میں جو اس کے حق میں لکھ دیے گئے ہیں اب جیسے وہ عمل کرے گا اس کے مطابق اس کو مقام دیا جائے گا اس پر صحابہؓ نے پوچھا افلا نتکل، فا تعقیبیہ ہے جس سے پہلا جملہ محذوف ہے فاذا کان کذالک افلا نتکل یعنی کیا ہم اس لکھے ہوئے پر بھروسہ نہ کریں اور عمل کو چھوڑ دیں کیونکہ جب تقدیر میں جنت یا دوزخ ٹھکانا لکھا جا چکا ہے تو پھر عمل سے کیا فائدہ آپ نے فرمایا، لا ای لا تتکلوا یعنی ہرگز اس پر بھروسہ نہ کرو بلکہ عمل کرتے رہو کیونکہ ہر آدمی کو انہی اعمال کی توفیق دی جاتی ہے جن کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے یعنی اگر جنتی ہے تو اعمال جنت اس کیلئے آسان کر دیے جاتے ہیں اور اگر جہنمی ہے تو اس کے لیے اعمال نار آسان کر دیے جاتے ہیں۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں آپ کا جواب علی اسلوب الحکیم ہے کہ لوگوں کو ترک عمل سے منع فرمایا اور ان چیزوں کا حکم دیا جو بندہ پر واجب ہیں یعنی اعمال صالحہ، عبادات وغیرہ اور ساتھ ساتھ امور مغیبہ یعنی تقدیرات میں تصرف سے منع فرمایا ہے اس سے تنبیہ فرما دی کہ عبادت و ترک عبادت دخول جنت و جہنم کے اسباب مستقلہ میں سے نہیں ہے بلکہ وہ صرف علامات کے درجہ میں ہیں جیسا کہ دوسری روایات میں آپ ﷺ نے فرمایا کوئی شخص بھی جنت میں داخل نہیں ہوگا مگر فضل الٰہی سے، صحابہؓ نے پوچھا یا رسول اللہ آپ بھی؟ فرمایا ہاں میں بھی۔ معلوم ہوا کہ تقدیر کو آڑ بنا کر ترک اعمال جائز نہیں ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان۔

بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ الْاَعْمَالَ بِالْخَوَاتِيْمِ

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ ثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ الصَّادِقُ وَالْمَصْدُوْقُ اِنَّ اَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ فِيْ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ اِلَيْهِ الْمَلَكَ فَيَنْفُخُ فِيْهِ الرُّوْحَ وَيُؤْمَرُ بِاَرْبَعٍ يَكْتُبُ رِزْقَهٗ وَاَجَلَهٗ وَعَمَلَهٗ وَشَقِيٌّ اَوْ سَعِيْدٌ وَالَّذِيْ لَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ ثُمَّ يَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيُخْتَمُ لَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ ثُمَّ يَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيُخْتَمُ لَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ بیان فرمایا ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور وہ صادق و مصدوق ہیں کہ بے شک تم میں سے ہر ایک کی خلقت کو جمع کیا جاتا ہے اس کی ماں کے پیٹ میں چالیس یوم پھر ہو جاتا ہے وہ علقہ چالیس دن میں پھر ہو جاتا ہے وہ لوتھڑا اسی طرح پھر بھیجتے ہیں اللہ تبارک تعالیٰ اس کی طرف فرشتہ پس وہ پھونک دیتا ہے اس میں روح اور حکم دیا جاتا ہے وہ چار چیزوں کو لکھتا ہے وہ اس کا رزق اور اس کی موت و حیات اور اس کا عمل اور وہ نیک بخت ہے یا بد بخت پس اس ذات کی قسم کہ نہیں کوئی معبود اس کے علاوہ بے شک عمل کرتا ہے تم میں سے ہر ایک اہل جنت کا عمل حتیٰ کہ جب رہ جاتا ہے اس کے اور

جنت کے درمیان صرف ایک ذراع (کا فاصلہ) پھر غالب آجاتا ہے اس کے بارے میں لکھا ہوا پس خاتمہ ہو جاتا ہے اس کا اہل نار کے عمل پر کہ اس میں داخل ہو جاتا ہے اور بے شک تم میں سے ہر ایک عمل کرتا ہے اہل نار کا عمل حتیٰ کہ نہیں رہتا اس کے اور نار کے درمیان مگر ایک ذراع کا فاصلہ پھر غالب آجاتا ہے اس کے اوپر لکھا ہوا پس خاتمہ ہو جاتا ہے اس کا اہل جنت کے عمل پر پس وہ جنت میں داخل ہو جاتا ہے۔

وَهُوَ الصَّادِقُ وَالْمَصْدُوْقُ یہ جملہ یا تو حالیہ ہے یا معترضہ ہے معترضہ ہونا بہتر ہے چونکہ حالیہ ہونے میں یہ خرابی ہے کہ لازم آئے گا آپ کا صدق مقید ہے تحدیث کے ساتھ حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ آپ تو مطلقاً صادق و مصدوق ہیں۔

الصادق: في جميع افعاله حتى قبل النبوة لما كان مشهوراً فيما بينهم محمد الامين الصدوق۔

المصدوق: في جميع ما آتاه من الوحي الكريم۔

علامہ کرمانیؒ فرماتے ہیں کہ یہ جملہ ابن مسعودؓ نے تین وجوہ کی بنا پر فرمایا (۱) اطباء کی آراء نطفہ اور مضغہ کے بارے میں مختلف ہیں تو ابن مسعودؓ نے یہ جملہ بڑھا کر ان پر رد کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو چالیس یوم فرمایا وہی سچ اور درست ہے (۲) استلذاذاً اضافہ کیا کہ یہ آنے والا کلام ہمارے محبوب کا کلام ہے (۳) افتخاراً اضافہ فرمایا، حافظؒ نے اخیر کے قول کو راجح قرار دیا ہے۔

جمع خلق سے کیا مراد ہے ان خلق احدکم يجمع الخ: انّ کو ابوالبقاء نے فتح کے ساتھ پڑھا ہے مگر ابن الجوزی نے کسرہ کو ترجیح دی ہے کیونکہ یہ قال کا مقولہ ہے نوویؒ نے فرمایا خلق سے مراد مادہ خلق ہے پھر جمع خلق سے کیا مراد ہے ابن اثیرؒ نے فرمایا اس سے مراد نطفہ کا رحم مادر میں رہنا ہے قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ جماع کے وقت شہوت ہوتی ہے اس کی وجہ سے منی منتشر ہو جاتی ہے تو یہاں اس منتشر کا جمع ہونا مراد ہے۔ ابن مسعودؓ نے فرمایا جماع کے بعد منی عورت کے رحم میں پہنچ کر پھیل جاتی ہے حتیٰ کہ عورت کے عروق اور ناخن کے نیچے تک چلی جاتی ہے پھر چالیس دن تک ٹھہر کر دم کی صورت میں رحم میں منتقل ہو جاتی ہے یہ جمع خلق ہے۔ علامہ طیبیؒ اور خطابیؒ نے اسی کو راجح قرار دیا ہے بعض شراح بخاری نے فرمایا عورت کے اندر دو قوتیں ہیں قوۃ انبساط قوۃ جمعیۃ جب منی عورت کے رحم میں پہنچتی ہے تو قوت انبساط اس کو منتشر کر دیتی ہے پھر قوۃ جمعیۃ اس کو جمع کر دیتی ہے علامہ ابن قیمؒ نے اسی کو ترجیح دی ہے پھر اس میں اختلاف ہے کہ چالیس یوم تک نطفہ پھر علقہ پھر مضغہ ایک ہی حالت پر رہتا ہے یا تغیر ہر دن ہوتا رہتا ہے دونوں قول ہیں روایت کے الفاظ سے قائلین تغیر پر رد ہوتا ہے۔

اربعين يوماً: ابن مسعودؓ کی روایت میں یہ لفظ بالجزم وارد ہے اسی طرح دیگر روایات میں بھی اربعون بالجزم منقول ہے مگر حذیفہؓ کی روایات مختلف ہیں اربعون، ثمان واربعون، بضع واربعون اور بعض میں ثلث واربعون الفاظ وارد ہیں۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ یہ سب الفاظ تکثیر کے لیے ہیں تحدید مقصود نہیں بعض فرماتے ہیں کہ ہر جنین کے احوال مختلف ہیں مگر ابن مسعودؓ کی روایت میں اختلاف نہیں لہٰذا وہی راجح ہے۔

ثم يرسل الله اليه ملكاً: حذیفہؓ کی روایت میں ملکاً کے ساتھ موکل بالرحم کا لفظ وارد ہے اب ارسال کے معنی حکم دینا ہوں گے قالہ الکرمانی ورجحہ النووی وابن حجرؒ نیز کرمانیؒ فرماتے ہیں کہ ممکن ہے کہ کوئی اور فرشتہ ہو جس کو بھیجا جاتا ہو اور موکل بالرحم دوسرا

فرشتہ ہو۔

یکتب رزقہ الخ: حافظؒ فرماتے ہیں کہ یہ لکھنا صحیفہ تقدیر میں ہوتا ہے دوسرا قول دونوں آنکھوں کے درمیان یا آسمان پر صحیفہ تقدیر میں لکھتا ہے فلا تعارض بعض فرماتے ہیں کہ جنین کے احوال مختلف ہیں بعض کے عینین کے درمیان بعض کے صحیفہ تقدیر میں۔ مجاہدؒ فرماتے ہیں صحیفہ تقدیر لکھ کر گلے میں ڈال دیا جاتا ہے بعض نے کہا ہاتھوں پر لکھا جاتا ہے بعض نے فرمایا کتابت سے مراد اظہار للملائکۃ ہے۔

ثم یسبق علیہ الکتاب: یعنی آدمی زندگی بھر اچھے عمل کرتا رہتا ہے اور جنت کے قریب پہنچ جاتا ہے مگر تقدیر غالب آجاتی ہے اور اخیر خراب ہو جاتا ہے کہ اچانک اہل جہنم کا عمل کرنے لگتا ہے اور جہنم میں چلا جاتا ہے کیونکہ اس کے مقدر میں جہنم لکھی تھی اسی طرح اس کا برعکس ہو جاتا ہے۔

سبق: کا صلہ علیٰ غلب کے معنی کو متضمن ہونے کی بنا پر ہے کذا فی حقائق السنن۔

روایت سے معلوم ہوا کہ کسی اعمال صالحہ والے کو اپنے اعمال پر غرور نہ کرنا چاہئے معلوم نہیں انجام کیا لکھا ہے کیونکہ خاتمہ پر مدار ہے اور روایت سے تقدیر کا اثبات ہوتا ہے جو کہ مقصود مصنفؒ ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ البخاری وانسؓ اخرجہ البخاری ایضاً پھر اس کے بعد مصنفؒ نے روایت کے متعدد طرق کی طرف اشارہ کیا ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْمِلَّةِ فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ وَيُشَرِّكَانِهِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَنْ هَلَكَ قَبْلَ ذٰلِكَ قَالَ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ بِهٖ

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ہر بچہ ملت اسلامیہ پر پیدا ہوتا ہے پس اس کے والدین اس کو یہودی بنا دیتے ہیں یا نصرانی اور مشرک بنا دیتے ہیں پوچھا گیا یا رسول اللہ جو اس سے پہلے مر جائیں تو فرمایا کہ اللہ زائد جانتا ہے کہ وہ کیا عمل کرنے والے تھے۔

کل مولود: جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہر بچہ ہے کیونکہ دوسری روایت میں لفظ مامن مولود واقع ہے جو نکرہ تحت النفی مفید عموم ہے نیز بعض روایات میں کل بنی آدم صراحۃً آیا ہے ابن عبدالبرؒ نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ بچہ ہے جو یہودی یا نصرانی کے گھر پیدا ہو مگر یہ درست نہیں۔

فطرت سے کیا مراد ہے؟ الفطرۃ اس سے مراد اسلام ہے بہ قال احمدؒ وابن عبدالبرؒ والزہریؒ وابن القیمؒ وابن کثیرؒ والطیبیؒ والقاریؒ، امام بخاریؒ نے بھی یہی فرمایا ہے۔

دوم: قبولیت اسلام کی صلاحیت اور حق و باطل کے درمیان امتیاز کی استعداد بہ قال المظہری والتورپشتی یہ حضرات فرماتے ہیں کہ

اس سے اسلام مراد نہیں ہوسکتا اس کی چند وجوہ ہیں۔

اول: جو بچہ بڑا ہو کر کافر یا یہودی ہو گیا تو لازم آئے گا کہ وہ پہلے مسلمان تھا اب وہ بدل گیا اور یہ آیت لاتبدیل لخلق اللہ کے خلاف ہے۔

دوم: بخاری میں ہے کہ جس بچہ کو خضر علیہ السلام نے قتل کیا تھا وہ کافر تھا پھر وہ اسلام پر پیدا نہ ہوا۔

سوم: جو لوگ بچپن میں ایمان لائے جیسے حضرت علیؓ وغیرہ ان کو اسلام کی کیا ضرورت وہ تو مسلمان پیدا ہی ہوئے تھے۔

چہارم: اگر یہودی وغیرہ کا بچہ مرجائے تو اس کے والدین اس کے وارث نہ ہونے چاہئیں کیونکہ یہ بچہ مسلمان ہے اور مسلمان کا وارث غیر مسلم نہیں ہوتا۔

اہل قول اول نے مختلف دلائل پیش کئے ہیں۔

اول: آیت شریفہ فطرة اللّٰہ التی فطر الناس علیہا میں بالاتفاق فطرت سے اسلام مراد ہے کیونکہ یہ آیت استشہاد بن سکتی ہے۔

دوم: ابن حجرؒ نے فرمایا کہ مسلم شریف میں روایت ہے کہ اللہ نے فرمایا میں نے تمام بندوں کو حنفاء پیدا کیا شیطان نے ان کو گمراہ کردیا۔

سوم: ایک روایت میں حنفاء کے ساتھ مسلمین کا لفظ بھی وارد ہوا ہے۔

چہارم: امام ابوداؤدؒ نے حماد بن سلمہ سے نقل کیا ہے کہ فطرۃ سے مراد عہد الست ہے اور وہاں سب نے الوہیت کا اقرار کیا تھا معلوم ہوا کہ سب مسلمان تھے۔

تیسرا قول: مولانا انور شاہؒ فرماتے ہیں کہ فطرت مقدمات اسلام میں سے ہے نہ کہ عین اسلام بلکہ فطرت انسان میں اسلامی مادہ کا نام ہے جو کفر پر برانگیختگی سے خالی ہوجاتا ہے عبارة عن خلو مادته اللتی تحثه علی الکفر۔ معلوم ہوا کہ ہر بچہ کی اصل خلقت و مادہ میں کفر کا کوئی جز نہیں اگر موانع پیش نہ آئیں تو وہ اقرب الی الایمان ہے۔

چوتھا قول: بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے مراد عقل سلیم اور فہم مستقیم ہے۔

پانچواں قول: اس سے مراد قول ہے جو عہد الست میں ہر انسان نے کہا تھا۔

چھٹا قول: شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ خاص ادراک وعلم مراد ہے جس سے حق تعالیٰ اور اس کی اطاعت کی شناخت ہو جس طرح حیوانات کی ہر نوع کو خاص خاص قسم کا علم وادراک دیا گیا ہے مثلاً کبوتر کو یہ علم خاص دیا گیا ہے کہ کس طرح وہ اپنا آشیانہ بنائے اور کس طرح بچہ کو دانہ کھلائے کس طرح اڑائے وغیرہ وغیرہ۔

ساتواں قول: ابن عبدالبرؒ فرماتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ ہر بچہ سادہ پیدا ہوتا ہے مگر یہ قول صحیح نہیں۔

آٹھواں قول: عبداللہ بن مبارکؒ نے فرمایا کہ اس سے مراد انجام سعادت وشقاوت ہے یعنی اللہ تعالیٰ ہر مولود کے بارے میں جانتا ہے کہ وہ سعید ہے یا بدبخت ہے۔

یُهَوِّدَانِهٖ وَیُنَصِّرَانِهٖ وَیُشَرِّکَانِهٖ: تینوں بالتشدید ضبط کئے گئے ہیں پھر جب صحابہؓ نے پوچھا کہ جو بچپن میں ہلاک ہوجائیں

ان کا کیا ہوگا؟ آپ نے جواباً فرمایا اللہ تعالیٰ اعلم بما کانوا عاملین۔

ذراری المشرکین: ان کے بارے میں علماء کے مختلف اقوال ہیں (۱) ھم من اھل النار تبعًا لا بوین (۲) ھم من اھل الجنۃ باعتبار اصل الفطرۃ (۳) ھم خدام اھل الجنۃ (۴) انھم یکونون بین الجنۃ والنار لا معذبین ولا منعمین (۵) اللہ تعالیٰ اپنے علم سے فیصلہ فرمائیں گے۔ (۶) اکثر اہل السنۃ والجماعت فرماتے ہیں کہ ان کے بارے میں توقف ہے (۷) انھم تحت المشیۃ (۸) آخرت میں امتحان لیا جائے گا (۹) خاک بنا دیا جائے گا کوئی مواخذہ نہ ہوگا ان کے علاوہ اور بھی اقوال ہیں۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان۔

حدثنا ابو کریب الخ سے روایت ہے کہ متعدد طرق کی طرف اشارہ کیا ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ لَا يَرُدُّ الْقَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ

عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمْرِ إِلَّا الْبِرُّ۔

سلمانؓ نے کہا فرمایا رسول اللہ ﷺ نے نہیں بدل سکتی ہے تقدیر کو مگر دعا اور نہیں زیادتی کرتی ہے عمر میں مگر نیکی۔

کیا دعا وغیرہ سے تقدیر بدلتی ہے؟ لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ قضاء سے مراد امر مقدر ہے اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ کسی چیز کے وقوع کے بارے میں بندہ خوف رکھتا ہے کہ شاید فلاں مصیبت آئے گی جب اس کو دعا کی توفیق ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو بدل دیتے ہیں گویا متوقع امر کو قضاء مجازاً کہا گیا ہے جو داعی کے اعتقاد کے اعتبار سے قضاء ہے جس کی وضاحت بایں طور کی جاسکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی کے حق میں کوئی شی اسی طرح مقدر کی ہے کہ اگر یہ شخص اس کے لیے دعا کرے گا تو وہ مصیبت واقع نہ ہوگی اب بندہ اس مصیبت کے وقوع کا خوف کر رہا ہے اور اس سے بچنا چاہتا ہے تو اس کے دفع کی دعا کر لیتا ہے اسی طرح گویا اس کی دعا کے ذریعہ وہ قضاء بدل دی گئی ہے در حقیقت بدلی نہیں بلکہ اس طرح مقدر میں لکھی ہوئی تھی کما قال النبی ﷺ ھو من قدر اللہ وقدر امر بالتداوی والدعا مع ان المقدور کائن لخفاء عن الناس وجوداً و عدماً۔ یا مراد یہ ہے کہ دعا ایسی اہم شی ہے کہ جب کوئی شخص دائمی طور پر دعائے خیر کرتا رہے گا تو اس کے حق میں اللہ کی قضاء خیر و بہتر واقع ہوگی گویا اس کی دعا سبب ہوگی اس کے حق میں اچھے فیصلے کے لیے اس طرح گویا قضائے شر سے قضاء خیر کا سبب دعا ہوگئی ہے۔

وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمْرِ إِلَّا الْبِرُّ: بکسر الباء یعنی نیکیوں کے ذریعہ عمر میں برکت ہوتی ہے کہ عمر بڑھ جاتی ہے قال تعالیٰ وما يُعَمَّرُ مِنْ مُعَمَّرٍ ولا ينقص من عمره الا في كتاب يمحو الله ما يشاء ويثبت و عنده ام الكتاب یہاں بھی اسی طرح تقریر ہے کہ تقدیر کے اندر لکھا ہوا ہے کہ یہ شخص اگر حج کرے گا اور غزوہ تو عمر ساٹھ سال ہے اور اگر نہیں کرے گا تو عمر چالیس سال ہے اب اس نے دونوں کام کر لئے تو اس کی عمر ساٹھ سال ہوگی اور اگر ایک کیا تو چالیس سال تو اس طرح اس کی عمر کم ہوگی۔

دوسرا قول: یہ ہے کہ نیک اعمال کرنے والے شخص کی عمر ضائع نہیں ہوتی گویا یہ بھی ایک قسم کی زیادتی ہے۔

تیسرا قول: زیادتی عمر سے مراد یہ ہے کہ قلیل مدت عمر میں ایسا نیک شخص بڑے بڑے کام انجام دیتا ہے کہ دوسرے لوگ

طویل عرصے میں انجام دے پاتے۔

فائدہ: دراصل قضاء وقدر دو ہیں قدر مبرم وقدر معلق تغیر وتبدل کا تعلق قضائے معلق سے ہے نہ کہ مبرم سے۔

وفی الباب عن ابی اسیدؓ: بضم الھمزۃ و فتح السین مصغراً۔

ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ ابن ماجہ وابن حبان والحاکم ابومودود اثنان الخ حسب عادت موصوف رواۃ کے درمیان امتیاز فرمارہے ہیں حاصل یہ کہ ابومودود دو شخص ہیں اور دونوں کا زمانہ بھی ایک ہے اول ابومودود جن کو فضہ کہا جاتا ہے۔ یہ بصری ہیں خراسان میں رہے ہیں کنیت سے مشہور ہیں آٹھویں طبقہ کے راوی ہیں۔ دوسرے عبدالعزیز بن ابی سلیمان ہیں یہ مدنی ہیں چھٹے طبقہ کے راوی ہیں ابوحاتم فرماتے ہیں کہ تیسرے ابومودود اور ہیں جن کا نام بحر بن موسیٰ ہے یہ حسن بصری کے شاگرد اور ثوریؒ وغیرہ کے استاذ ہیں دونوں ابومودود بصری و مدنی زیادہ ثقہ شمار کئے گئے ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ الْقُلُوْبَ بَيْنَ اِصْبَعَيِ الرَّحْمٰنِ

عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يُكْثِرُ اَنْ يَّقُوْلَ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ آمَنَّا بِكَ وَبِمَا جِئْتَ بِهٖ فَهَلْ تَخَافُ عَلَيْنَا قَالَ نَعَمْ اِنَّ الْقُلُوْبَ بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ اللّٰهِ يُقَلِّبُهَا كَيْفَ شَاءَ

ترجمہ: انسؓ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ اکثر فرماتے یامقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک پس میں نے عرض کیا یا نبی اللہ ہم تو آپ ﷺ پر ایمان لائے اور جو کچھ آپ ﷺ لائے اس پر بھی ایمان لائے ہیں کیا آپ کو ہمارے بارے میں کچھ خوف ہے فرمایا ہاں! کیونکہ قلوب اللہ کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہیں بدل دیتا ہے جس طرح چاہتا ہے۔

یکثر من الاکثار: مقلب القلوب بمعنی مصرف القلوب: کبھی طاعت کی طرف، کبھی معصیت کی طرف، کبھی قلب کو حضور کی طرف، کبھی غیبت کی طرف۔

فھل تخاف علینا الخ: یعنی آپ کی یہ دعا ظاہر ہے کہ ہم کو تعلیم کے لیے ہے نہ کہ خود اپنے لئے کیونکہ آپ ﷺ تو معصوم عن الخطاء والزلۃ ہیں تو اس لئے آپ ہم کو یہ دعا تلقین فرمارہے ہیں۔

فھل تخاف علینا الخ: یعنی کیا آپ ﷺ کو ہمارے بارے میں یہ خوف ہے کہ ہم نعمت ایمان سے پھر جائیں گے۔

کیف شاء: مفعول مطلق ہے ای تقلیبًا کیف شاء یا حال ہے ضمیر منصوب سے ای یقلبھا علی ای صفۃ شاء ولفظ قلوب کے ساتھ لاکر اشارہ کیا کہ اس حکم میں انبیاء بھی داخل ہیں پھر قلب کی تخصیص اس لئے فرمائی کہ کفر وایمان کا تعلق قلب سے ہے۔

اصبعی الرحمٰن سے کیا مراد ہے؟ روایت میں اللہ کی اصبعین سے مراد قبضۂ قدرت ہے بعض حضرات نے فرمایا اس سے اللہ کی صفت جلال وکی طرف اشارہ ہے بعض حضرات نے فرمایا اس سے اللہ کے نافع وضار ہونے کی طرف اشارہ ہے بعض نے فرمایا کہ اس سے مراد فضل وعدل ہے بہر حال آدمی کو اپنے لئے استقامت علی الدین کی ہمیشہ دعا کرتے رہنا چاہئے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے قبضہ قدرت میں انسان کا دل ہے وہ جس طرف کو چاہے پھیر سکتا ہے مومن کو کافر، کافر کو مومن، عاصی کو مطیع اور مطیع کو عاصی بنا دیتا ہے۔

وفی الباب عن النواس بن سمعانؓ بکسر السین و فتحھا اخرجہ احمد وعن ام سلمۃؓ اخرجہ احمدؒ وعائشۃؓ

اخرجه ابویعلی والدارمی و ابن مردویه وابی ذر اخرجه ابن جریر۔

بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ اللّٰهَ كَتَبَ كِتَابًا لِاَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَهْلِ النَّارِ

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَفِيْ يَدِهٖ كِتَابَانِ فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا هٰذَانِ الْكِتَابَانِ فَقُلْنَا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا اَنْ تُخْبِرَنَا فَقَالَ لِلَّذِيْ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى هٰذَا كِتَابٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ فِيْهِ اَسْمَاءُ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَسْمَاءُ آبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ ثُمَّ اُجْمِلَ عَلٰى آخِرِهِمْ فَلَا يُزَادُ فِيْهِمْ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ اَبَدًا ثُمَّ قَالَ لِلَّذِيْ فِيْ شِمَالِهٖ هٰذَا كِتَابٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ فِيْهِ اَسْمَاءُ اَهْلِ النَّارِ وَاَسْمَاءُ آبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ ثُمَّ اُجْمِلَ عَلٰى آخِرِهِمْ فَلَا يُزَادُ فِيْهِمْ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ اَبَدًا فَقَالَ اَصْحَابُهٗ فَفِيْمَ الْعَمَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِنْ كَانَ اَمْرٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ فَقَالَ سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا فَاِنَّ صَاحِبَ الْجَنَّةِ يُخْتَمُ لَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِنْ عَمِلَ اَيَّ عَمَلٍ وَاِنَّ صَاحِبَ النَّارِ يُخْتَمُ لَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ وَاِنْ عَمِلَ اَيَّ عَمَلٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ بِيَدَيْهِ فَنَبَذَهُمَا ثُمَّ قَالَ فَرَغَ رَبُّكُمْ مِنَ الْعِبَادِ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ تشریف لائے اس حال میں کہ آپ ﷺ کے دونوں ہاتھوں میں دو کتابیں تھیں پس فرمایا تم جانتے ہو یہ دونوں کیسی ہیں ہم نے کہا نہیں یا رسول اللہ مگر یہ کہ آپ ﷺ خبر دیں ہم کو پس فرمایا اس کتاب کے بارے میں جو داہنے ہاتھ میں تھی یہ رب العالمین کی جانب سے کتاب ہے اس میں اہل جنت کے نام ہیں اور ان کے آباء و قبائل کے نام ہیں پھر ان کو آخر تک مجمل کر دیا گیا ہے اب ان میں نہ زیادہ کیا جائے گا اور نہ کم کیا جائے گا کبھی بھی پھر فرمایا اس کتاب کے بارے میں جو بائیں ہاتھ میں تھی یہ رب العالمین کی جانب سے کتاب ہے اس میں اہل جہنم اور ان کے آباء و قبائل کے نام ہیں پھر اجمال کر دیا گیا ہے آخر تک اب ان میں نہ زیادتی کی جائے گی اور نہ کمی پس پوچھا صحابہؓ نے یا رسول اللہ ﷺ پھر عمل کیوں کیا جائے جب کہ ایسا امر ہے کہ اس سے فراغت ہو چکی ہے پس آپ ﷺ نے فرمایا استقامت کو طلب کرتے رہو اور درمیانی راہ اختیار کیوں کہ صاحب جنت کا خاتمہ اہل جنت کے عمل پر ہوگا خواہ کوئی بھی عمل پہلے سے کرتا رہے اور صاحب جہنم کا خاتمہ اہل نار کے عمل پر ہوگا خواہ وہ پہلے کوئی بھی عمل کرتا رہے پھر اشارہ کیا آپ نے اور پھینک دیا ان کو پھر فرمایا تمہارا رب فارغ ہو گیا بندوں سے ایک فریق تو جنت میں جائے گا اور دوسرا جہنم میں جائے گا۔

الکتابان: علامہ تورپشتیؒ اور طیبیؒ و محدث دہلویؒ کی رائے یہ ہے کہ یہ دونوں کتابیں حقیقی نہ تھیں بلکہ حضور ﷺ کو علم ہو گیا تھا کہ کون لوگ جنت میں جائیں گے اور کون جہنم میں لہٰذا منقول کو محسوس کے ساتھ تشبیہ دی یا معلوم متیقن کو محسوس متیقن کے ساتھ تشبیہ دے دی مگر حافظؒ فرماتے ہیں کہ واقعتاً حقیقی دو رجسٹر آپ ﷺ کے ہاتھ میں تھے چونکہ آگے فنبذھما بھی آ رہا ہے۔

قول اول: پر یہ اعتراض ہے کہ جب آپ کے ہاتھ میں محسوس دو رجسٹر نہ تھے تو صحابہؓ نے یہ کیوں نہ عرض کیا آپ ﷺ کے پاس کتابیں کہاں ہیں؟ جواب: صحابہؓ کا ایمان اس قدر کامل تھا وہ یقین رکھتے تھے کہ جب آپ ﷺ فرما رہے ہیں تو حقیقۃً وہ موجود ہیں البتہ ہم نہیں دیکھ پا رہے ہیں بعض حضرات نے فرمایا کہ کتابان سے مراد یہ ان ہیں کہ آپ ﷺ کے ہاتھوں پر یہ اسماء لکھے ہوئے تھے مگر یہ بعید ہے۔

الا ان تخبرنا: یہ استثناء مفرغ ہے ای لا نعلم سببًا من الاسباب الا باخبارک ایانا۔
دوسرا قول: یہ استثناء منقطع ہے ای لکن ان اخبرتنا فقال للذی یہ جار مجرور یشیر محذوف کے متعلق ہے اور حال ہے قال کی ضمیر ھو سے۔ ثم اجمل علی آخرھم۔ یہ ماخوذ ہے اجمل الحساب سے جس طرح محاسبین کی عادت ہے کہ پہلے وہ تفصیلا لکھتے ہیں ان کے آباء واجداد وقبائل کے ناموں کے ساتھ لکھ دیا پھر میزان کر دیا ہے اور جس طرح میزان میں کمی وزیادتی نہیں ہوتی اسی طرح ان میں بھی کمی وزیادتی نہیں ہوگی۔

قد فرغ: مجہول معنی یہ کہ جب کتابت ازل پر مدار ہے تو پھر عمل سے کیا فائدہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا سددوا من السداد ای اطلبوا باعمالکم السداد و الاستقامة والقصد فی الامر والعدل فیہ۔ قاربوا۔ اقتصدوا فی الامور کلھا واترکوا الغلو فیھا والتعمق۔ فنبذھما اگر حسی کتابیں نہیں ہے تو پھر نبذ یدین مراد ہے اور اگر حسی کتابیں تھیں تو پھر ان دونوں کتابوں کو ملا اعلیٰ کی طرف پھینک دیا اور فرشتوں نے ان کو پکڑ لیا فلا اشکال۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجہ البزار ھذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجہ احمد والنسائی۔

عن انسؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَیْرًا اِسْتَعْمَلَہٗ فَقِیْلَ کَیْفَ یَسْتَعْمِلُہٗ الخ:
انسؓ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کو عمل خیر کی توفیق دے دیتے ہیں صحابہؓ نے پوچھا: کس طرح؟ فرمایا موت سے پہلے اس کو عمل کی توفیق دیتے ہیں پھر اس کے ذریعہ وہ جنت میں چلا جاتا ہے۔
دوسری روایت میں اس لفظ کی زیادتی ہے ثم یقبضہ یعنی اس کی وفات اس حال میں ہوتی ہے کہ وہ عمل صالح کرتا رہتا ہے ھذا حدیث صحیح اخرجہ احمد و ابن حبان والحاکم۔

بَابُ مَا جَاءَ لَا عَدْوٰی وَلَا هَامَّةَ وَلَا صَفَرَ

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَامَ فِیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ فَقَالَ لَا یُعْدِیْ شَیْءٌ شَیْئًا فَقَالَ اَعْرَابِیٌّ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ اَلْبَعِیْرُ اَجْرَبُ الْحَشَفَةِ نُدْبِنُہٗ فَیُجْرِبُ الْاِبِلَ کُلَّھَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ فَمَنْ اَجْرَبَ الْاَوَّلَ لَا عَدْوٰی وَلَا صَفَرَ خَلَقَ اللّٰہُ کُلَّ نَفْسٍ فَکَتَبَ حَیَاتَھَا وَرِزْقَھَا وَمَصَائِبَھَا۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعودؓ نے کہا کہ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے آپ ﷺ پس فرمایا نہیں بڑھتی ہے کوئی چیز کسی چیز کی طرف پس کہا گاؤں والے نے یا رسول اللہ خارشی اونٹ کرتے ہیں ہم اصطبل میں پس وہ سب اونٹوں کو خارشی بنا دیتا ہے۔ پس فرمایا رسول اللہ ﷺ نے پہلے اونٹ کو کس نے خارشی کیا تھا نہیں کوئی تعدیہ ہے اور نہ صفر ہے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے ہر نفس کو پس لکھا اس کی زندگی کو اس کے رزق ومصائب کو۔

لا یعدی شیء شیئا یہ اعداء سے ماخوذ ہے جس کے معنی کسی کا مرض وغیرہ دوسرے کو لگ جانا اسی سے عدوی اسم ہے یعنی مرض فی نفسہ دوسرے کی جانب متعدی نہیں ہوتا ہے جیسا کہ اہل جاہلیت کا گمان تھا اللہ تعالیٰ ہی مریض بناتا ہے اور مرض کو ختم کرتا ہے۔ نُدْبِنُہٗ بضم النون و سکون الدال و کسر الباء بصیغہ مضارع متکلم ماخوذ ہے ادبان سے جس کے معنی اصطبل میں

اونٹ کو داخل کرنا اس کی اصل دین بالباءہ ہے جس کے معنی خطیرۃ الابل معاطن الابل کے ہیں معناہ فدخل البعیر اجرب الحشفۃ فی المعاطن فیجرب الابل کلھا لا عدوی: اس بارے میں تفصیلی کلام انتھاب المعنی جزء اول میں گزر چکا ہے۔

ولا صفر: محمد بن راشد نے کہا کہ صفر سے محرم کے بعد کا مہینہ مراد ہے کہ جس کو اہل جاہلیت محل نزول بلا و آفات سمجھ کر منحوس خیال کرتے تھے جیسا کہ ہمارے اس زمانہ میں بھی ماہ صفر میں بیاہ، شادی کو منحوس خیال کرتے ہیں حضور ﷺ نے ولا صفر فرما کر اس اعتقاد کو باطل فرمایا ہے اور بقول بعض اہل عرب وہم کرتے تھے کہ آدمی کے پیٹ میں ایک سانپ ہے جو بھوک کے وقت کاٹتا ہے جس سے آدمی کو تکلیف ہوتی ہے نووی نے کہا کہ بزعم عرب صفر پیٹ کے اندر ایک قسم کا کیڑا ہے جو بھوک کے وقت کاٹتا ہے اور کبھی انسان کے بدن میں درد پیدا کر کے ہلاک بھی کر دیتا ہے بعض نے کہا کہ ولا صفر سے نسی کو رد کرنا مراد ہے یعنی محرم کو تاخیر کر کے ماہ صفر کو محرم قرار دے کر شہر حرام میں شمار کرنا، کما فی تفسیر قولہ تعالی انما النسیء زیادۃ فی الکفر۔ ان سب اعتقادات جاہلیہ کو باطل کرتے ہوئے فرمایا ولا صفر۔

ھامۃ: سے وہ پرندہ مراد ہے جو بزعم عرب میت کی ہڈی سے پیدا ہو کر اڑتا ہے اور نحوست کا سبب ہے یا مقتول آدمی کے سر سے ایک پرندہ نکل آتا ہے جس کا نام ھامہ ہے جو ہمیشہ فریاد کرتا رہتا ہے کہ مجھے پانی دو مجھے پانی دو جب تک اس مقتول کے قاتل کو نہ قتل کیا جائے یہ فریاد جاری رکھتا ہے اور بقول بعض مقتول کی روح پرندہ بن کر مقتول کا بدلہ قاتل سے لینے تک فریاد کرتا رہتا ہے جب بدلہ قاتل سے وصول کر لیوے تو چلا جاتا ہے۔ وھذا تفسیر اکثر العلماء وھو المشھور اور بقول بعض ہامۃ سے بوم یعنی الو مراد ہے جو کسی کے گھر پر بیٹھ کر آواز کرے اور اس کی موت و ہلاکت کی خبر دیتا ہے یہ طیرہ میں داخل ہے بہر حال شریعت نے اس قسم کے جاہلی اعتقادات کو باطل کر دیا ہے حدیث الباب کی تخریج ابن خزیمہ نے بھی کی ہے۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ البخاری وغیرہ۔ وابن عباسؓ اخرجہ ابن ماجہ وانسؓ اخرجہ البخاری۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْإِيْمَانِ بِالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ وَحَتّٰى يَعْلَمَ اَنَّ مَا اَصَابَهٗ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهٗ وَاَنَّ مَا اَخْطَأَهٗ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَهٗ

ترجمہ: جابر بن عبداللہؓ نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا کوئی بندہ مؤمن نہیں ہو سکتا ہے حتی کہ وہ ایمان لائے قدر پر خواہ وہ خیر ہو یا شر ہو اور یہاں تک کہ اس کو یقین نہ ہو جو کچھ نعمت یا مصیبت اس کو پہنچی ہے وہ نہیں ہٹنے والی تھی اس سے اور بے شک جو خیر و شر اس سے ہٹ گئی نہیں پہنچنے والی تھی اس کو۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ تمام امور خیر و شر اللہ کی طرف ہوتے ہیں ہر مؤمن کے لیے یہ اعتقاد ضروری ہے جو کچھ نعمت یا مصیبت بندہ کو پہنچتی ہے وہ اس کے مقدر میں لکھی ہوئی تھی اس کے تحت وہ پہنچتی ہے وہ مٹنے والی تھی اور اگر کوئی چیز اس کو نہیں حاصل ہوئی تو وہ اس کو پہنچنے والی نہ تھی قال تعالی لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا لہٰذا مؤمن کو چاہئے کہ توکل اختیار کرے اور اللہ کے علاوہ کسی کی طاقت کا قائل نہ ہو مصائب پر صبر کرے قناعت کو اختیار کرے۔

وفی الباب عن عبادةؓ اخرجه الترمذی وجابرؓ و عبدالله بن عمرو اخرجه احمد وابوبکر الاجری

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ وَيُؤْمِنُ بِالْمَوْتِ وَيُؤْمِنُ بِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَيُؤْمِنُ بِالْقَدْرِ۔

ترجمہ: حضرت علیؓ سے منقول ہے کہا کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے نہیں مومن ہوسکتا کوئی بندہ جب تک کہ وہ ایمان نہ لائے چار چیزوں پر، گواہی دے کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور بے شک میں اللہ کا رسول ہوں، اس نے بھیجا مجھ کو حق کے ساتھ اور ایمان لائے موت پر ایمان لائے بعث بعد الموت پر اور ایمان لائے قدر و قضاء پر۔

یشھد: یا تو منصوب ہے کہ بدل یؤمن سے یا مرفوع ہے کہ تفصیل ما سبق ہے توحید و رسالت کو بیان کرتے ہوئے یشہد اس لئے فرمایا کہ اس کے لیے نطق لازم ہے بغیر اقرار لسانی ظاہراً مومن نہیں کہلائے گا۔ بعثنی بالحق، استیناف ہے کانه قیل ثم ماذا یشھد فقال بعثنی بالحق ای الی کافة الانس والجن۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ حال مؤکدہ ہو یا خبر بعد خبر پھر یہ تحت الشہادۃ داخل ہوگا۔ ملا علی قاریؒ نے مظہریؒ سے نقل کیا کہ یہاں اصل ایمان کی نفی ہے نہ کہ کمال ایمان کی لہٰذا اگر کوئی شخص امور اربع میں سے ایک کو بھی نہ مانے گا ہرگز مومن نہ ہوگا۔

روایت سے ایمان بالقدر کا اثبات ہوگیا نیز مذہب دھریہ پر بھی رد ہوگیا جو کہ قدم عالم کے قائل ہیں اسی طرح قائلین تناسخ پر بھی رد ہوگیا جو کہتے ہیں کہ موت کا وقوع فساد مزاج کی بنا پر ہوتا ہے یعنی فلاسفہ۔

الا انه قال ربعیؒ عن رجل عن علیؓ: یعنی اس روایت کا دوسرا طریق بھی ہے جو نضر بن شمیل کا طریق ہے مگر انھوں نے ربعی اور علیؓ کے درمیان رجل کا اضافہ کیا ہے جو ابوداؤد کے طریق میں نہیں ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ طریق ابوداؤد جس میں رجل کی زیادتی نہیں وہ اصح ہے کیونکہ منصور کے دوسرے کثیر شاگردوں نے بغیر زیادتی رجل ہی روایت نقل کی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ النَّفْسَ تَمُوْتُ حَيْثُ مَا كُتِبَ لَهَا

عَنْ مَطَرِ بْنِ عُكَامِسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا قَضَى اللهُ لِعَبْدٍ أَنْ يَمُوْتَ بِأَرْضٍ جَعَلَ لَهُ إِلَيْهَا حَاجَةً۔

ترجمہ: نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جب فیصلہ فرماتے ہیں کسی بندہ کے بارے میں موت کا کسی زمین میں تو پیدا فرما دیتے ہیں اس کے لیے اس زمین کی طرف جانے کی حاجت۔

تشریح: قال تعالی وما تدری نفس بای ارض تموت: یعنی کسی آدمی کو یہ معلوم نہیں کہ اس کی موت کہاں آنی ہے جب اللہ تعالیٰ کسی کو کسی دوسری جگہ موت دینا چاہتے ہیں تو اس زمین کی طرف اس شخص کا رخ ہو جاتا ہے اور وہ وہاں پہنچ جاتا ہے اور وہاں اس کو موت طاری ہو جاتی ہے چنانچہ ہم رات دن اس کا مشاہدہ کرتے رہتے ہیں۔

وفی الباب عن ابن ابی عزةؓ اخرجه الترمذی هٰذا حدیث حسن غریب اخرجه احمد والحاکم وقال صحیح مطر بن عکامسؓ بضم العین و تخفیف المیم بعد ها مهملة السلمیؓ صحابی سکن بالکوفة له حدیث واحد ابوعزة بفتح العین و تشدید الزاء ان کا نام یسار بن عبدؓ ہے یہ صحابی ہیں ان کی روایت احمد و طبرانی و ابونعیم نے بھی تخریج فرمائی ہے وله حدیث واحد۔

بَابُ مَا جَاءَ لَا تَرُدُّ الرُّقٰى وَالدَّوَاءِ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ شَيْئًا

باب وحدیث الباب دونوں پر تفصیل کلام کتاب الطب میں گذر چکا ہے۔

وَقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِيْ خِزَامَةَ عَنْ أَبِيْهِ وَهٰذَا أَصَحُّ هٰكَذَا قَالَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ خزامة عن ابيه۔

یعنی سفیان سے زیادہ تر لوگوں نے روایت عن ابی خزامہ عن ابیہ نقل کی ہے نہ کہ ابن ابی خزامہ کہہ کر سوائے سعید بن عبدالرحمٰن کے صرف انھوں نے ابن کا اضافہ کیا ہے لہٰذا بغیر ابن والی روایت اصح ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْقَدَرِيَّةِ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ صِنْفَانِ مِنْ أُمَّتِيْ لَيْسَ لَهُمَا فِي الْإِسْلَامِ نَصِيْبٌ الْمُرْجِئَةُ وَالْقَدَرِيَّةُ

ترجمہ: ابن عباسؓ نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میری امت کی دو قسمیں ایسی ہیں کہ ان کے لیے اسلام میں کوئی حصہ نہیں، مرجۂ وقدریہ۔

المرجئة: ارجاء سے ماخوذ ہے جس کے معنی تاخیر کرنا، یہ لوگ کہتے ہیں کہ ایمان صرف قول کا نام ہے عمل کی حاجت نہیں تو گویا عمل کو قول سے مؤخر کردینے کی وجہ سے مرجۂ کہلاتے ہیں قالہ الطیبی۔ ابن الملک کہتے ہیں کہ مرجۂ وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں تمام افعال بتقدیر اللہ، بندہ کو کوئی اختیار نہیں اور ایمان کے بعد معصیت سے کوئی نقصان نہ ہوگا۔

القدرية: جو تقدیر کے منکر ہیں وہ کہتے ہیں کہ افعال عباد مخلوقِ عباد ہیں بعض نے فرمایا کہ ان کا عقیدہ یہ ہے کہ خیر کا خالق اللہ ہے اور شر کا خالق خود بندہ ہے چونکہ انھوں نے قدر میں زیادہ بحث کی ہے اس وجہ سے قدریہ کہلاتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ان دونوں کا کوئی حصہ اسلام میں نہیں ہے اس سے مراد یا تو ظاہر معنی ہیں یعنی دو لوگ کافر ہیں اختارہ البعض مگر دوسرا قول یہ ہے کہ یہ تہدید وتشدید پر محمول ہے کیونکہ یہ لوگ مؤولین ہیں اور مؤولین کی تکفیر نہیں ہے محققین کی یہی رائے ہے احتیاطاً، درحقیقت تکفیر کے لیے کفر صریح کا ہونا ضروری ہے محض استلزامی شی سے تکفیر کا حکم نہیں لگایا جائے گا جس قدر بھی فرق مبتدعہ ہیں ان کے بارے میں قول فیصل یہی ہے بلکہ ان کو مجتہدین غیر معذورین کہا جائے گا اور ان کو فاسق وضال کہا جائے گا۔

وفي الباب عن عمرؓ اخرجه ابوداؤد و احمد والحاكم وعن ابن عمرؓ اخرجه الترمذي في ما بعد ورافع بن خديجؓ رواه الطبراني، هٰذا حديث حسن غريب اخرجه ابن ماجه والبخاري في التاريخ۔

حدثنا محمد بن رافعؒ الخ سے روایت کی دوسری سند ذکر فرمائی ہے اور قال محمد بن رافعؒ الخ سے محمد بن بشرؒ کی دوسری سند ذکر فرمائی ہے۔

علامہ سراج الدین قزوینیؒ نے اس حدیث کو موضوعات میں شمار کیا ہے مگر حافظ صلاح الدینؒ اور ابن حجرؒ نے رد فرمایا ہے بلکہ اس کو من اعلام النبوۃ قرار دیا ہے۔

باب

عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مُثِّلَ ابْنُ آدَمَ وَاِلٰى جَنْبِهٖ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ مَنِيَّةً اِنْ اَخْطَاَتْهُ الْمَنَايَا وَقَعَ فِي الْهَرَمِ حَتّٰى يَمُوْتَ۔

آپ ﷺ نے فرمایا پیدا کیا گیا ابن آدم حال یہ کہ اس کے پہلو میں ننانوے بلائیں یعنی اسباب موت ہیں اگر یہ سب بلائیں اس سے بچ کر گذر جائیں تب بھی بالآخر وہ واقع ہوگا بڑھاپے میں حتی کہ وہ مرجائے گا۔

مثل: بضم الميم و تشديد المثلثه ماضی ای صور و خلق دوسرا قول مثل بمعنی صفت وحال ہے مبتدا ہے اور اس کی خبر آنے والا جملہ ہے۔تسع و تسعون مراد کثرت ہے نہ کہ حصر۔

منية: بفتح الميم بلية مهلكة یعنی سبب موت۔ المنايا جمع منية مراد اس سے اسباب موت ہیں۔الهرم بفتح الواؤ، بڑھاپا۔اقصی الکبر۔

روایت کا مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا فرمایا مگر اس کے ساتھ اس کے فنا کرنے والے بہت سے اسباب بھی پیدا فرمائے ہیں اگر سارے خطا کر جائیں کہ اس کو نہ پیش آئیں بالآخر بڑھاپا تو پیش آئے گا ہی اور اس کے بعد وہ فنا ہو جائے گا۔ بہرحال انسان کی اصل خلقت کے اعتبار سے ایسا ہے کہ وہ مصائب، امراض سے جدا نہیں ہوتا ہے۔مشہور مقولہ ہے البرایا اھداف البلایا صاحب محکم فرماتے ہیں کہ انسان جب تک دنیا میں ہے مصائب کا شکار رہتا ہے اگر زندگی مصائب کے بغیر گزر بھی جائے تو آخر میں ایسا مرض یعنی بڑھاپا لاحق ہوتا ہے جس کا کوئی علاج نہیں کما فی روایة ان الدنيا سجن للمؤمن وجنة للكافر لہٰذا مؤمن کو چاہئے کہ وہ اللہ کے حکم پر عمل کرتا رہے اور اس کی قدر وقضا پر راضی رہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه ايضًا المقدسي كذا في الجامع الصغير۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرِّضَاءِ بِالْقَضَاءِ

عَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ آدَمَ رِضَاهُ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهٗ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ آدَمَ تَرْكُهٗ اِسْتِخَارَةَ اللّٰهِ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ آدَمَ سَخَطُهٗ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهٗ۔

حضرت سعدؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا ابن آدم کی نیک بختی اس کا راضی ہونا ہے اس فیصلہ سے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے کیا ہے اور انسان کی بدبختی اس کا اللہ سے خیر مانگنے کو ترک دینا ہے اور ابن آدم کی بدبختی اللہ کے فیصلہ سے ناراض ہونا ہے۔

روایت الباب سے معلوم ہوا ہے کہ بندہ کو اللہ کے فیصلہ سے راضی رہنا چاہئے دل وزبان سے شکوہ وشکایت نہ کرنا چاہئے مشہور روایت قدسی ہے من لم يرض بقضائي ولم يصبر على بلائي فليتخذ ربا سوائي۔ جب یہ اعتقاد ہوگا کہ سب کچھ خیر و شر نفع وضرر اللہ کی طرف سے ہے تو پھر بندۂ مومن مصائب پر صبر کرے گا اور نعمتوں پر شکر کرے گا۔ کہ انسان کی سعادت اس میں ہے

کہ عبادت کی طرف متوجہ بھی رہے اور اگر قضا سے راضی نہ ہوگا تو ہمیشہ مغموم رہے گا اور طرح طرح کے خیالات واعتراضات کا شکار رہے گا جو ایمان کے لیے خطرہ کا باعث ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح: اخرجه احمد والحاكم۔

اَنَّ ابْنَ عُمَرَ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ فُلَانًا يُقْرِئُ عَلَيْكَ السَّلَامَ فَقَالَ اِنَّهُ بَلَغَنِيْ اَنَّهُ قَدْ اَحْدَثَ فَاِنْ كَانَ قَدْ اَحْدَثَ فَلَا تُقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ يَكُوْنُ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوْ فِيْ اُمَّتِيْ اَلشَّكُّ مِنْهُ خَسْفٌ اَوْ مَسْخٌ اَوْ قَذْفٌ فِيْ اَهْلِ الْقَدَرِ۔

ترجمہ: ایک شخص ابن عمرؓ کے پاس آیا اور اس نے کہا فلاں شخص نے آپ کو سلام کہا ہے پس ابن عمرؓ نے فرمایا کہ تحقیق مجھ کو یہ بات پہنچی ہے کہ اس نے دین میں نئی بات پیدا کی ہے پس اگر اس نے دین میں نئی بات پیدا کی ہے تو میری جانب سے اس کو سلام نہ پہنچانا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہوئے سنا کہ اس امت میں یا فرمایا میری امت میں خسف اور مسخ یا قذف ہوگا اہل قدر میں ہوگا۔

یقرأ: بضم الیاء و کسر الراء ضبط کیا گیا ہے قد احدث ای ابتدع فی الدین ما لیس فیه یعنی دین میں نئی بات کا اضافہ کیا ہے جس سے دین کا کوئی تعلق نہیں ہے یہاں مراد تکذیب قدر وقضا ہے فلا تقرئه منی السلام یہ عدم قبول سلام سے کنایہ ہے قاله الطیبیؒ

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ میری طرف اس کو سلام نہ پہنچانا کیونکہ بدعتی ہونے کی وجہ سے وہ سلام کے جواب کا مستحق نہیں ہے۔ فی هذه الامة او فی امتی شك من الراوی۔ یہ شک شیخ ترمذی محمد بن بشار کی جانب سے ہے۔

خسف الغیبوبة فی الارض: مسخ تحویل صورة الی ملعوا قبح منه قذف رمی بالحجارة کقوم لوط میرکؒ فرماتے ہیں کہ یہاں او برائے شک ہے مگر طیبیؒ نے فرمایا برائے تنویع ہے وهو ظاهر۔ فی اهل القدر بدل بعض من قوله فی امتی باعادة الجار۔

الامة: سے مراد امت اجابت ہے۔

اشکال: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے تو عذاب خسف ومسخ اس امت سے دور کر دیا گیا ہے پھر مکذبین بالقدر کے لیے اس کا اثبات کیسے کیا گیا؟ علماء نے اس کی مختلف توجیہات فرمائی ہیں۔

اول: علامہ اشرفؒ فرماتے ہیں معنی یہ جملہ شرطیہ ہے یعنی اگر اس امت میں خسف ومسخ ہوتا تو مکذبین بالقدر میں ہوتا مگر یہ عذاب مرفوع بدعاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے اس لئے وقوع نہیں ہوگا۔

دوم: علامہ تورپشتیؒ فرماتے ہیں کہ یہ تغلیظ وتہدید پر محمول ہے۔

سوم: علامہ خطابیؒ فرماتے ہیں کہ ظاہری خسف ومسخ مراد نہیں ہے بلکہ باعتبار مسخ قلوب ہوگا۔

چہارم: بعض روایات سے ثابت ہے کہ آخر زمانہ میں اس کا وقوع ہوگا اور یہ علامات قیامت میں سے ہیں۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه ابوداؤد و ابن ماجه۔

عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ سُلَيْمٍ قَالَ قَدِمْتُ مَكَّةَ فَلَقِيْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِيْ رَبَاحٍ فَقُلْتُ لَهٗ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اِنَّ اَهْلَ الْبَصْرَةِ

يَقُولُونَ فِي الْقَدَرِ قَالَ يَا بُنَيَّ أَتَقْرَءُ الْقُرْآنَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاقْرَءِ الزُّخْرُفَ قَالَ فَقَرَأْتُ حٰمٓ وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ قَالَ أَتَدْرِيْ مَا أُمُّ الْكِتَابِ فَقُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ قَالَ فَإِنَّهُ كِتَابٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَاءَ وَقَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ الْأَرْضَ فِيْهِ إِنَّ فِرْعَوْنَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ وَفِيْهِ تَبَّتْ يَدَا أَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ قَالَ عَطَاءٌ فَلَقِيْتُ الْوَلِيْدَ بْنَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَسَأَلْتُهُ مَا كَانَتْ وَصِيَّةُ أَبِيْكَ عِنْدَ الْمَوْتِ قَالَ دَعَانِيْ فَقَالَ يَا بُنَيَّ اتَّقِ اللّٰهَ وَاعْلَمْ أَنَّكَ إِنْ تَتَّقِ اللّٰهَ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ كُلِّهِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ فَإِنْ مُتَّ عَلٰى غَيْرِ هٰذِهِ دَخَلْتَ النَّارَ إِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ إِنَّ أَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمَ فَقَالَ اكْتُبْ فَقَالَ مَا أَكْتُبُ قَالَ اكْتُبِ الْقَدَرَ مَا كَانَ وَمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَى الْأَبَدِ۔

ترجمہ: عبدالواحد بن سلیمؒ کہتے ہیں کہ میں مکہ آیا تو میں نے عطا بن ابی رباحؒ سے ملاقات کی پس ان سے پوچھا اے ابومحمدؒ بے شک اہل بصرہ قدر کے بارے میں کچھ کہتے ہیں فرمایا اے میرے بیٹے کیا تو قرآن کریم نہیں پڑھتا میں نے کہا ہاں پڑھتا ہوں فرمایا پڑھ سورہ زخرف میں نے پڑھی حٰمٓ والکتاب المبین الخ فرمایا ام الکتاب کیا ہے میں نے کہا اللہ اور اس کے رسول زیادہ جانتے ہیں فرمایا یہی وہ کتاب ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کے پیدا کرنے سے پہلے لکھا ہے اس میں یہ ہے کہ فرعون اہل نار میں سے ہے اور میں تبت یدا ابی لھب بھی ہے۔ عطاء نے فرمایا میں نے ملاقات کی ولید بن عبادہ بن الصامت سے میں نے ان سے سوال کیا تیرے باپ نے موت کے وقت کیا وصیت کی تھی فرمایا کہ مجھے انھوں نے بلایا پھر فرمایا اے میرے بیٹے! اللہ کا خوف کر اور جان لے کہ اگر تو اللہ سے ڈرتا رہا تب تو اللہ پر ایمان لایا اور تقدیر پر ایمان لایا کہ تمام خیر و شر اس کی جانب سے ہے پس اگر اس کے علاوہ پر مرے گا تو جہنم میں داخل ہوگا بے شک میں نے سنا کہ رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے کہ سب سے پہلے جس کو اللہ نے پیدا کیا قلم ہے اس کو حکم فرمایا لکھ اس نے کہا کیا لکھوں؟ فرمایا لکھ تقدیر کو جو کچھ ہوا اور جو قیامت تک ہونے والا ہے۔

یقولون فی القدر: اس سے مراد نفی قدر ہے کہ فرقہ قدریہ تقدیر کی تکذیب وانکار کرتا ہے۔

ام الکتاب: اس سے مراد لوح محفوظ ہے جس میں تقدیر کائنات لکھی گئی ہے۔

القلم: مرفوع ہے إنّ کی خبر ہونے کی بنا پر یا منصوب ہے بتقدیر کان علی مذهب الکسائی وقیل منصوب علی لغة من ینصب خبران مغربی فرماتے ہیں قلم کو منصوب خلق کے مفعول ہونے کی بنا پر نہیں پڑھا جاسکتا ہے ورنہ اس کے لیے ضمیر شان مقدر ماننی پڑے گی لان المراد ان القلم اول مخلوق اور اول کو ظرف ماننا ہوگا پھر فقال پر فاء ہونا چاہیے کما ھو الذوق۔

مخلوق اول کیا ہے؟ اول ما خلق کے بارے میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔

1) ابن جریر طبریؒ فرماتے ہیں اول ما خلق قلم ہے۔

2) ابوالعلا ہمدانیؒ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے عرش کو پیدا فرمایا۔

3) ابن عباسؓ وابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے پانی کو پیدا فرمایا۔

4) سب سے پہلے نور وظلمت کو پیدا فرمایا۔

5) سب سے پہلے نور محمد کو پیدا فرمایا چنانچہ مصنف عبدالرزاق میں جابرؓ سے روایت منقول ہے اول ما خلق اللہ نوری۔

6) سب سے پہلے عقل کو پیدا فرمایا اس کی تائید بھی بعض روایات سے ہوتی ہے۔ وان کانت ضعیفة۔

7) سب سے پہلے آپ ﷺ کی روح کو پیدا کیا گیا کثیر روایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے معلوم ہوتا ہے کہ قلم کی اولیت فرض ہے چنانچہ حضرت ابن عباسؓ الی عن قوله تعالى وكان عرشه على الماء على اى شىء كان الماء قال على متن الريح رواه البيهقى اسی طرح مسلم کی روایت میں بھی وکان عرشہ علی الماء کا ذکر ہے اس وجہ سے ملا علی قاریؒ نے ازہار سے نقل کرتے ہوئے فرمایا اول ما خلق الله القلم يعنى بعد العرش والماء والريح۔ بعض حضرات نے فرمایا قلم کے اول مخلوق ہونے کا مطلب اقلام میں سب سے پہلے قلم تقدیر کو پیدا کیا جس نے جملہ مقادیر لکھی ہیں لفظ ما کان سے اس کی تائید ہوتی ہے کہ اس سے پہلے بھی اشیاء تھیں جن کو قلم تقدیر نے لکھا ہے حقیقی اولیت نور محمدی ﷺ کو حاصل ہے بعض لوگوں نے اولیت اضافی کی اور بھی صورتیں بیان فرمائی ہیں۔

القلم: علامہ زرقانیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے حقیقی قلم مراد ہے اور وہ پانچ سو سال مسافت کے بقدر لمبا ہے اور اتنی ہی چوڑائی ہے لیکن چوڑائی والی روایت ضعیف ہے ایک روایت میں ہے کہ یہ موتی کا قلم ہے اور سات سو سال مسافت کے برابر لمبا ہے ذکر شی لنفی ما عداہ کو مستلزم نہیں بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نور سے بنایا گیا ہے ممکن ہے کہ نور سے بنایا گیا ہو اور موتی کی طرح چمک کے اعتبار سے ہو سراج الدین بلقینیؒ نے فرمایا قلم سے مراد فرشتہ ہے علامہ ابن القیمؒ نے قلم کی بارہ قسمیں شمار کرائی ہیں فرمایا ان میں سب سے افضل قلم تقدیر ہے۔

ما کان: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں یا تو اس سے مراد خلق قلم سے پہلے مخلوقات یا امر کتابت سے پہلی مخلوقات ہیں نیز فرمایا اوالى زمان رواية الراوى اوالى قول النبى ﷺ وقال الابهرى ما كان يعنى العرش والماء والريح وذات الله وصفاته۔

الى الابد: ابد کے معنی زمانہ مستمر غیر منقطع مگر اس سے مراد زمانہ طویل ہے چنانچہ ابن عباسؓ کی روایت میں صراحۃ الى ان تقوم الساعة واقع ہوا ہے رواه البيهقى والحاكم ابو عبادہؓ کی روایت ابوداؤد میں ہے اس میں بھی یہ لفظ واقع ہوا ہے۔

هذا حديث غريب اخرجه ابوداؤد وسكت عنه.

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ قَدَّرَ اللّٰهُ الْمَقَادِيْرَ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِخَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ

عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا متعین کیا اللہ تعالیٰ نے مقادیر کو آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار سال پہلے۔

قدر: اس کے معنی کتب کے ہیں۔ قاضی بیضاویؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے قلم ولوح محفوظ میں تعلق پیدا کر دیا کہ خود بخود کتابت ہوگئی یا فرشتوں کو کتابت کا حکم فرمایا بعض فرماتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ قلم کو حکم دیا کہ وہ خود چلے یا خود اللہ تعالیٰ نے کتابت فرما کر ان کی تعیین فرمائی۔

المقادير: جمع مقدر کسی شی کا اندازہ لگانا نیز نفس اندازہ پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

بخمسین الف سنۃ: (اشکال) نعمان بن بشیرؓ کی روایت میں دو ہزار سال کا ذکر ہے فقد وقع التعارض۔

جواب: طیبیؒ فرماتے ہیں کہ مقصود تکثیر ہے نہ کہ تحدید۔

جواب: عالم میں جتنے حوادث ہوتے ہیں وہ شیاً فشیاً لکھے گئے ہیں ممکن ہے کہ بعض پچاس ہزار سال پہلے لکھے گئے ہوں اور بعض دو ہزار سال پہلے بعض لوگوں نے یہاں یہ اعتراض کیا ہے کہ جب آسمان اور زمین اس وقت موجود نہیں تھے تو زمانہ کا وجود کہاں ہوا کیونکہ زمانہ نام ہے حرکت فلک کا اور حرکت معدوم تو زمانہ بھی معدوم پھر روایت میں خمسین الف سنۃ وغیرہ کیسے درست ہے؟

جواب: اس کو جواب یہ دیا گیا کہ فلک اعظم اس وقت تو موجود تھا اس کے اعتبار سے زمانہ کا تحقق ہوا ہوگا بہتر جواب وہی ہے کہ تحدید مقصود نہیں بلکہ تکثیر مقصود ہے۔

وکان عرشہ علی الماء متکلمین نے فرمایا عرش سے مراد فلک اعظم ہے مگر ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ اس کے معنی تخت کے ہیں جس کے باقاعدہ قوائم ہیں اور آٹھ فرشتوں نے اس کو اٹھا رکھا ہے یہ تو فلک اعظم سے بھی اوپر ہے وھو الاصح۔

الماء: حافظؒ فرماتے ہیں کہ اس سے آب دریا مراد نہیں ہے بلکہ یہ پانی زیر عرش ہے جس کو اللہ نے پیدا فرمایا ہے دوسرا قول یہ ہے کہ آب دریا مراد ہے بیضاویؒ فرماتے ہیں کہ پانی پر عرش ہونے کے معنی یہ ہیں کہ پانی وعرش کے درمیان کوئی چیز حائل نہیں تھی کان العرش علی الماء والماء علی الریح والریح علی القدرۃ۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجہ مسلم۔

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ جَاءَ مُشْرِکُوْا قُرَیْشٍ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ یُخَاصِمُوْنَ فِی الْقَدْرِ فَنَزَلَتْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃُ یَوْمَ یُسْحَبُوْنَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْھِھِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ اِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰہُ بِقَدَرٍ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ مشرکین قریش آپ کے پاس تقدیر کے بارے میں جھگڑا کرتے ہوئے آئے پس نازل ہوئی یہ آیت یوم یسحبون فی النار علی وجوھھم ذوقوا مس سقر الخ۔

مطلب: آیت کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے تمام کائنات کی ایک ایک چیز کو تقدیر ازل کے مطابق بنایا ہے یعنی عالم میں پیدا ہونے والی چیز اور اس کی مقدار اور زمان ومکان اور اس کے بڑھنے وگھٹنے کا پیمانہ عالم کے پیدا ہونے سے پہلے ہی لکھ دیا تھا جو کچھ عالم میں ہوتا ہے وہ تقدیر ازل کے مطابق ہی ہوتا ہے۔

اَبْوَابُ الْفِتَنِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ

فتن: فتنۃ کی جمع ہے جیسا کہ محن، محنۃ کی جمع ہے جس کے معنی امتحان وآزمائش کے ہیں نیز اس کے معنی فریفتگی، گمراہ ہونا، گمراہ کرنا نیز گناہ، کفر، رسوائی، عذاب وجنون ومحبت، مال اور اولاد۔ رائے میں لوگوں کے اختلاف وغیرہ کثیر معنی پر لفظ فتنہ کا اطلاق ہوتا ہے امام راغب اصفہانیؒ فرماتے ہیں کہ اصل الفتن ادخال الذھب فی النار لتظھر جودتہ عن رداءتہ پھر مختلف معانی میں مستعمل ہونے لگا جو اوپر بیان کئے گئے ہیں اور ہر امر مکروہ یا جس کا نتیجہ کراہت ہو جیسے کفر، اثم تحریف وفجور وغیرہ کو فتنہ کہا جاتا ہے۔

قرآن کریم میں یہ لفظ متعدد معنی میں مستعمل ہوا ہے عذاب کے معنی میں کما قال تعالی ذوقوا فتنتکم (۲) مما یحصل من العذاب کے معنی کما قال تعالی الا فی الفتنۃ سقطوا (۳) اختیار و آزمائش کے معنی میں وفتناک فتونا (۴) آزمائش جس میں انسان کو مبتلا کردیا جائے خواہ وہ شئی شر ہو یا خیر۔ قال تعالی و نبلوکم بالشر والخیر فتنۃ مگر اکثر شر کے معنی میں مستعمل ہے۔

فتنہ: ان افعال میں سے ہے جو بندہ کی جانب سے بھی صادر ہوتے ہیں اور اللہ تعالی کی جانب سے بھی مثلاً بلیہ، مصیبت، قتل، عذاب، معصیت، مکروہات وغیرہ اب اگر اللہ کی جانب سے ہے تو کوئی نہ کوئی حکمت ضرور ہوگی اور اگر فتنہ بندہ کی جانب سے ہے تو مذموم و برا ہے۔ کما قال تعالی والفتنۃ اشد من القتل۔

بَابُ مَا جَاءَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلٰثٍ

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَیْفٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ اَشْرَفَ یَوْمَ الدَّارِ فَقَالَ اَنْشُدُکُمْ بِاللّٰهِ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَا یَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰی ثَلٰثٍ زِنًی بَعْدَ اِحْصَانٍ اَوْ اِرْتِدَادٍ بَعْدَ اِسْلَامٍ اَوْ قَتْلِ نَفْسٍ بِغَیْرِ حَقٍّ فَقُتِلَ بِهٖ فَوَاللّٰهِ مَا زَنَیْتُ فِیْ جَاهِلِیَّةٍ وَلَا فِیْ اِسْلَامٍ وَلَا ارْتَدَدْتُ مُنْذُ بَایَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَلَا قَتَلْتُ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ فَبِمَا تَقْتُلُوْنِیْ۔

ترجمہ: بے شک عثمان بن عفانؓ نے اوپر سے جھانکا محاصرہ کے دن پس فرمایا کہ میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم نہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ نہیں حلال ہے کسی مسلمان کا خون مگر تین وجوہ سے زنا کرنا محصن ہونے کے بعد یا مرتد ہونا اسلام کے بعد یا کسی نفس کو ناحق قتل کرنا تو اس کے قصاص میں قتل کیا جائے گا بس اللہ کی قسم میں نے کبھی زنا نہیں کیا نہ زمانہ جاہلیت میں اور نہ زمانہ اسلام اور میں نہیں مرتد ہوا جب سے آپ ﷺ سے بیعت ہوا ہوں اور نہ قتل کیا میں نے کسی ایسے نفس کو جس کو اللہ نے حرام کیا ہے پس تم مجھ کو کیوں قتل کرتے ہو۔

اشرف: ای اطلع علی الناس من فوق یوم الدار۔ حضرت عثمان غنیؓ اہل فتنہ کے خوف سے گھر ہی میں قیام پذیر تھے اہل فتنہ نے ان کے گھر کا گھراؤ کیا تا کہ ان کو قتل کر دیں تو عثمان غنیؓ نے اوپر سے جھانک کر لوگوں کے سامنے یہ تقریر فرمائی تھی۔

انشدکم: بضم الشین ای اقسمکم اتعلمون ہمزہ برائے تقریر ہے ای قد تعلمون۔ الا باحدی ثلاث ای خصال۔ فبم تقتلونی بتشدید النون۔ دوسری روایت تقتلوننی بالنونین ہے۔

سوال: روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی مسلمان کا قتل ان تین امور کے علاوہ جائز نہیں حالانکہ روایات میں جواز قتل کی اور بھی وجوہ ذکر کی گئی ہیں مثلاً قتل صائل اسی طرح آیت محاربہ میں فرمایا انما جزاء الذین یحاربون اللہ و رسولہ الآیۃ اس میں فساد فی الارض پر قتل کا حکم فرمایا گیا ہے اسی طرح آیت فقاتلوا التی تبغی الخ نیز حدیث من وجد تموہ یعمل عمل قول لوط فاقتلوہ نیز فرمایا من اتی بھیمۃ فاقتلوہ وغیرہ آیات و روایات سے قتل مومن کے جواز کے دیگر اسباب معلوم ہوتے ہیں حالانکہ روایات مذکور فی الباب میں حصر کے ساتھ تین ہی کا ذکر ہے۔

جواب: بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ حدیث منسوخ ہے حکاہ ابن التمن عن الداودی، حافظ ابن العربیؒ نے فرمایا کہ

بعض مشائخ نے اسباب قتل دس بیان فرمائے ہیں مگر سب ان تین میں ہی داخل ہیں بالخصوص التارک لدینه کالفظ بعض روایات میں واقع ہے جس کا مفہوم عام ہے جو بغاۃ وغیرہ کو شامل ہے۔

وفی الباب عن ابن مسعودؓ اخرجه الائمة الستة الا ابن ماجه و عن عائشةؓ اخرجه مسلم و ابوداؤد عن ابن عباسؓ اخرجه النسائی۔

وروی حماد بن سلمة عن یحیی الخ حاصل کلام یہ ہے کہ اس روایت کو حماد بن سلمہ نے یحییٰ بن سعید سے مرفوعا نقل کیا ہے مگر یحییٰ بن سعید القطان وغیرہ نے یحییٰ بن سعید سے موقوفا نقل کیا ہے نہ کہ مرفوعا امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ سے مرفوعا یہ روایت بکثرت نقل کی گئی ہے معلوم ہوا طریق رفع اصح ہے

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ تَحْرِيْمِ الدِّمَاءِ وَالْاَمْوَالِ

عَنْ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ لِلنَّاسِ اَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قَالُوْا يَوْمُ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ قَالَ فَاِنَّ دِمَائَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ بَيْنَكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا اَلَا لَا يَجْنِيْ جَانٍ اِلَّا عَلٰى نَفْسِهٖ اَلَا لَا يَجْنِيْ جَانٍ عَلٰى وَلَدِهٖ وَلَا مَوْلُوْدٌ عَلٰى وَالِدِهٖ اَلَا وَاِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ اَيِسَ اَنْ يُّعْبَدَ فِيْ بِلَادِكُمْ هٰذِهٖ اَبَدًا وَلٰكِنْ سَتَكُوْنُ لَهٗ طَاعَةٌ فِيْمَا تَحْتَقِرُوْنَ مِنْ اَعْمَالِكُمْ فَسَيَرْضٰى بِهٖ

ترجمہ: عمرو بن الاحوص فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع میں فرماتے ہوئے سنا فرمایا کون سا دن ہے آج لوگوں نے عرض کیا یوم حج اکبر فرمایا بے شک تمہارے خون اموال تمہاری اعراض تمہارے درمیان اس کی حرمت ایسی ہی ہے جیسی آج تمہارے اس دن کی حرمت ہے تمہارے اس شہر میں خبردار نہیں جنایت کرتا ہے جنایت کرنے والا مگر اپنے نفس پر خبردار نہیں جنایت کرتا ہے کوئی جنایت کرنے والا اپنے بچہ پر اور نہ بچہ اپنے والد پر۔ خبردار شیطان مایوس ہو گیا ہے اس بات سے کہ عبادت کی جائے گی اس کی تمہارے ان شہروں میں ہمیشہ ہاں البتہ اس کی اطاعت ان اعمال میں ہوگی جن کو تم کم قدر سمجھتے ہو پس وہ اسی پر راضی ہو جائے گا۔

حجۃ الوداع ۱۰ھ میں آپ ﷺ نے آخری حج فرمایا ہے اس کو حجۃ الوداع کہتے ہیں یہاں مراد یوم نحر ہے الوداع: بفتح الواو مصدر ہے جیسے سلام مصدر ہے سلّم سلاما کا اسی طرح کلّم، کلاما، ودّع تودیعا وداعا وقیل بکسر الواو اس صورت میں یہ موادعۃ کا مصدر ہوگا قاتل یقاتل، مقاتلۃ وقتالا کی طرح اس حج میں آپ نے لوگوں کو وداع کیا یا حرم سے وداع ہوئے اس لئے حجۃ الوداع کہا جاتا ہے۔

حج اکبر کا مصداق: الحج الاکبر حج اکبر کی تفسیر میں اختلاف ہے بیشتر علماء کے نزدیک حج اکبر سے مراد مطلق حج ہے اس لئے کہ عمرہ کو حج اصغر کہا جاتا ہے اس کو ممتاز کرنے کے لیے حج کو حج اکبر کہا جاتا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ حج اکبر صرف وہی تھا جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفس نفیس شرکت کی تھی تیسرا قول مجاہدؒ فرماتے ہیں کہ حج اکبر حج قران ہے اور حج اصغر حج افراد ہے۔

یوم حج اکبر کا مصداق: یوم حج اکبر کے بارے میں علماء کے کئی اقوال ہیں (۱) اس کا مصداق یوم نحر ہے چنانچہ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ سالت رسول اللہ ﷺ عن الیوم الحج الاکبر فقال یوم النحر۔ اسی طرح ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ قال وقف النبی ﷺ یوم النحر بین الجمرات فی الحجة التی حج وقال ھذا یوم الحج الاکبر (بخاری) اسی طرح ابو ہریرہؓ کی روایت بخاری میں ہے یوم الحج الاکبر یوم نحر کو حج اکبر اس اعتبار سے بھی کہا جاتا ہے کہ اس دن حج کے اکثر اعمال و افعال مثلاً طلوع صبح صادق کے بعد وقوف مزدلفہ، جمرہ عقبہ، رمی، ذبح، حلق، طواف زیارت ادا کئے جاتے ہیں حضرت علیؓ و عبداللہؓ بن ابی اوفی، شعبیؒ مجاہدؒ سے بھی یہی منقول ہے۔

دوسرا قول: اس کا مصداق یوم عرفہ ہے حضرت فاروق اعظمؓ، عبادلہ ثلثہ، عبداللہ بن عباسؓ، عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن الزبیرؓ سے یہی مروی ہے اور الحج عرفة یا یوم عرفہ سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ (ترمذی)

چوتھا قول: حج اکبر یوم حج ابی بکرؓ ہے یعنی ۹ھ چونکہ اس حج میں مسلمانوں اور کفار و اہل کتاب سب نے شرکت کی تھی ولم یجتمع منذ خلق السموٰت والارض کذلک قبل العام ولا یجتمع بعد العام حتّٰی تقوم الساعة۔

پانچواں قول: یوم عرفہ یوم الحج الاصغر اور یوم النحر یوم الحج الاکبر ہے لان فیہ تتکمل بقیة المناسک۔

تنبیہ: عوام میں جو یہ مشہور ہے کہ جس سال عرفہ کا دن جمعہ ہو صرف وہی حج اکبر ہے قرآن وحدیث کی اصطلاح میں اس کی کوئی اصل نہیں ہے بلکہ ہر سال کا حج، حج اکبر ہی ہے یہ اور بات ہے کہ حسن اتفاق جس سال آپ ﷺ نے حج فرمایا تھا اس میں یوم عرفہ جمعہ کے دن تھا البتہ جمعہ کے دن حج کی فضیلت ثابت ہے چنانچہ رزین نے ایک روایت تجرید الصحاح میں موطا کے حوالے سے ذکر کی ہے ان رسول اللہ ﷺ قال افضل الایام یوم عرفة وافق یوم الجمعة وھو افضل من سبعین حجة فی غیر جمعة۔

قال فان دماء کم واموالکم الخ: یوم نحر میں اموال و دماء و اعراض کا احترام حرم محترم میں لوگوں کے درمیان بہت ہوتا تھا کہ اس دن کوئی کسی کے مال و جان و عزت سے تعرض نہ کرتا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس طرح اس دن یہ مذکورہ اشیاء قابل احترام ہیں اور ان سے تعرض کرنا حرام ہے اسی طرح دیگر ایام میں بھی یہ سب چیزیں محترم ہیں اور ان سے تعرض حرام ہے۔ الا لا یجنی جان الخ جنایت کے معنی ایسا جرم و ذنب جس کی وجہ سے دنیا میں قصاص یا آخرت میں عذاب ہوتا ہے زمانہ جاہلیت میں جنایت کا بدلہ اقارب و رشتہ داروں سے لیا جاتا تھا اور جنگ طویل ہو جاتی تھی جنایت کوئی کرتا تھا مگر دوسرے لوگوں کو اس کا بدلہ چکانا پڑتا تھا بیٹے نے جرم کیا باپ سے بدلہ لیا جاتا تھا ظاہر ہے کہ یہ ظلم ہے باپ بیٹے کا ذکر فرما کر مزید تاکید فرمادی حاصل یہ کہ صاحب جنایت ہی سے قصاص یا بدلہ لیا جائے اس نے خود اپنے اوپر جنایت کی ہے اس کے بدلے دوسرے لوگوں سے مواخذہ درست نہیں ہے آپ نے اس رسم جاہلیت کی نفی فرمادی اور اس کو ناجائز فرمادیا۔

الا وان الشیطان قد ائس: اس جملہ کے مختلف مطالب بیان کئے گئے ہیں۔

اول: شیطان اس بات سے مایوس ہو چکا کہ مومنین جزیرۂ عرب میں بتوں کی عبادت کریں گے کیونکہ بتوں کی عبادت کرنا شیطان ہی کی عبادت کرنا ہے مسیلمہ کذاب اور مرتدین نے بتوں کی عبادت نہیں کی فلا اشکال۔

دوم: میری امت کے نمازی حضرات نماز اور عبادت اصنام کے درمیان جمع نہیں کریں گے کما فعله اليهود کیونکہ یہ بھی شیطان کی اطاعت میں داخل ہے۔

سوم: اب اسلام کو شوکت حاصل ہوگئی ہے اب ایسا نہ ہوگا کہ جزیرۂ عرب میں مشرکین ظاہر ہو کر قائم ودائم رہ جائیں اور ان کو غلبہ حاصل ہو جائے جیسا کہ پہلے مشرکین کو غلبہ تھا لہٰذا معدودے چند مرتدین کے عبادت اصنام اور شرک کو اختیار کرنے سے اشکال نہ ہوگا۔

چہارم: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ شیطان کے مایوس ہونے سے عدم وقوع لازم نہیں آتا۔

مراد یہ ہے کہ اب شوکت اسلام وشیوع اسلام ہو چکا ہے اس کو مایوسی ہوگئی ہے کہ مسلمان کفر کی طرف مائل نہ ہوں گے لہٰذا اگر في الجملہ جزیرہ عرب میں کہیں عبادت اصنام پائی جائے تو یہ اس کے منافی نہیں۔

ولكن ستكون له طاعة الخ: یعنی اب وہ کفر سے نیچے چھوٹے اعمال پر ہی راضی ہو جائے گا کہ کبائر وصغائر کا ارتکاب کرائے گا جن کو تم زیادہ اہمیت نہیں دیتے ہو چنانچہ دوسری روایت میں ولكن التحريش بينهم واقع ہوا ہے کہ تم میں پھوٹ ڈالتا رہے گا جس کی وجہ سے دوسرے گناہ صادر ہوں گے۔

وفي الباب عن ابي بكرؓ اخرجه الشيخان وعن ابن عباسؓ اخرجه مسلم و ابوداؤد والنسائي عن حزيمؓ بن عمرو اخرجه النسائي حزيم بكسر الحاء و سكون الذال وفتح الياء هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه ابن ماجه

بَابُ مَا جَاءَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يُرَوِّعَ مُسْلِمًا

يُرَوِّعَ: بتشديد الواو من الترويع جس کے معنی ڈرانا روع يروع افزع عنه لازم ومتعدی دونوں طرح مستعمل ہے۔

عَنْ يَزِيْدَ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَأْخُذْ اَحَدُكُمْ عَصَا اَخِيْهِ لَاعِبًا جَادًّا فَمَنْ اَخَذَ عَصَا اَخِيْهِ فَلْيَرُدَّهَا اِلَيْهِ

ترجمہ: یزید بن سعیدؓ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نہ لے تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی لاٹھی نہ بطور مذاق کے اور نہ بطور سنجیدگی کے پس جو شخص اپنے بھائی کی لاٹھی لے تو اس کو چاہئے کہ واپس کر دے اس کو۔

لا یاخذ: نہی ونفی دونوں احتمال ہیں۔ عصا اخیہ مراد لاٹھی ہی نہیں بلکہ کوئی بھی سامان ہے چنانچہ ابوداؤد کی روایت میں متاع اخیہ واقع ہوا ہے لاعبا جادا، علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ دونوں لا یأخذ کے فاعل سے حال ہیں خواہ مترادفہ ہوں یا متداخلہ البتہ دونوں کی نوعیت الگ الگ ہے ای لاعبا ظاہرا وجادا باطنا یعنی اس طرح لینا کہ بظاہر تو لہو ولعب معلوم ہوتا ہے مگر درحقیقت منشاء اس کو لینا ہو یا یہ ہے کہ ابتداءً تو مزاح ہوا انتہاءً جد ہو جائے کہ اس کو محبوس کرے اس طرح سرقہ کا ارادہ نہیں مگر اس طرح لے کر صاحب عصا ومتاع کو پریشان کرنا ہو وہ بھی اس میں داخل ہے اور ممنوع ہے کہ صاحب عصا کی اذیت کا باعث ہے علامہ توربشتیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث الباب میں عصا کا ذکر کیا گیا اس سے اشارہ کیا کہ معمولی چیز عصا جیسی چیز میں مزاح موذیہ ہے اور طریقہ مذکورہ اختیار کرنے کو منع کیا گیا ہے تو قیمتی اشیاء میں ایسا کرنا بدرجہ اولیٰ ممنوع ہوگا۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجه البزار وسلیمان بن صردؓ اخرجه الطبرانی وجعدة اخرجه احمد والطیالسی ابوهریرة اخرجه ابوالشیخ۔

هٰذا حدیث حسن غریب اخرجه ابوداؤد یزید بن السائب ان سے مراد یزید بن سعید بن ثمامہ بن الاسود ہیں ممکن ہے ان کو یزید بن السائب کہا جاتا ہو۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ اِشَارَةِ الرَّجُلِ عَلٰی اَخِیْهِ بِالسِّلَاحِ وَبَابُ النَّهْیِ عَنْ تَعَاطِی السَّیْفِ مَسْلُوْلًا

السلاح: بکسر السین بمعنی ہتھیار مسلولاً ننگی تلوار مراد ایسا ہتھیار جو کھلا ہوا ہو جس میں زخمی ہونے کا اندیشہ ہو کہ اس طرح کھلے ہوئے دینا ممنوع ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ مَنْ اَشَارَ عَلٰی اَخِیْهِ بِحَدِیْدَةٍ لَعَنَتْهُ الْمَلٰئِکَةُ

ترجمہ: آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص اشارہ کرے اپنے بھائی پر کسی لوہے کے ذریعہ فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں۔

عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ یُّتَعَاطَی السَّیْفُ مَسْلُوْلًا

ترجمہ: آپ ﷺ نے منع فرمایا کہ دی جائے تلوار کھلی ہوئی۔

تلوار چاقو اور دوسرے ہتھیار کے ذریعہ کوئی دوسرے کی طرف اشارہ کرے خواہ مزاحی انداز کیوں نہ ہو، اسی طرح کھلا ہوا ہتھیار کسی کو دے دونوں میں احتمال ہے کہ دوسرے کو زخمی کردے یا خود بھی زخمی ہونے کا احتمال ہے، اس لئے آپ ﷺ نے منع فرمایا ہے نیز اس نے جب بھائی کی طرف اشارہ کردیا تو گویا بھائی ہونے کا انکار کردیا اس لئے فرشتے اس شخص پر لعنت کرتے ہیں۔

وفی الباب عن ابی بکرةؓ اخرجه الشیخان وعن عائشةؓ اخرجه الحاکم وعن جابر اخرجه الشیخان هٰذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجه البخاری و مسلم و ابوداؤد۔

وروی ایوب عن محمد بن سیرین الخ: یعنی اس روایت کو خالد حذاء کی طرح ایوب نے بھی ابن سیرین سے نقل کیا تو مرفوعاً نقل نہیں کیا اور یہ اضافہ بھی بیان کیا وان کان اخاہ لابیه وامه اس لفظ سے ممانعت مذکورہ کی مزید تاکید ہو جاتی ہے مسلولاً کھلا ہوا ہتھیار دینے اور لینے میں غلطی ہوسکتی ہے کہ گر جائے یا لینے والا اس کو پکڑے اور ادھر سے ہاتھ کھینچ جائے وغیرہ وغیرہ تو زخمی ہونے کا احتمال ہے۔

وفی الباب عن ابی بکرةؓ اخرجه احمد و الطبرانی۔

هٰذا حدیث حسن غریب اخرجه احمد وابوداؤد والحاکم۔

وروی ابن لهیعة الخ: ابوالزبیر سے حماد بن سلمہ نے روایت نقل کی ہے وہ غریب ہے اور ابن لہیعہ نے اس روایت کو ابوالزبیر عن جابر عن بنة الجهنی عن النبی ﷺ نقل کیا ہے مگر ابن لہیعہ کی روایت کے مقابلہ میں حماد کی روایت اصح ہے بنته قال فی [illegible] صحابی بفتح الباء الموحدة وثقیل النون اس کے علاوہ اور بھی ضبط بیان کئے گئے ہیں۔

بَابُ مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِيْ ذِمَّةِ اللّٰهِ فَلَا يَتْبَعَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرمایا کہ جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ وعہد میں ہو جاتا ہے پس نہ مطالبہ کرے اللہ تعالیٰ تم سے اپنے ذمہ کے بارے میں مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ ای فی الجماعۃ ذمۃ اللّٰہ بکسر الذال عہد وامان وضمان فلا یتبعنکم مجرد سے مثل فرح یفرح بمعنی لایؤاخذکم من ذمۃ من اجلہ ہے اور ضمیر کا مرجع لفظ اللہ مضاف محذوف ہے لاجل ترک ذمۃ دوسرا احتمال یہ ہے کہ من بیانیہ ہے اور جار و مجرور حال ہوشی سے، ذمہ سے مراد مستقل الگ امان وضمان ہے جو کلمۂ توحید کے ذریعہ حاصل ہونے کے علاوہ ضمان ہے۔

روایت کا مطلب: روایت مذکورہ کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں۔

اول: جو شخص صبح کی نماز باجماعت ادا کر لیتا ہے وہ اللہ کی پناہ اور امان میں ہو جاتا ہے لہٰذا اس شخص سے تعرض نہ کرو کہ اللہ اپنے ذمہ کی وجہ سے مطالبہ فرمادیں۔

دوم: بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ذمہ سے مراد خود نماز ہے اور معنی یہ ہیں کہ تم صبح کی نماز پابندی کے ساتھ ادا کرتے رہو کہ ایسے شخص کے لیے اللہ کی طرف سے امان وضمان ہے ایسا نہ ہو کہ تمہارے صبح کی نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ تم سے اس کے بارے میں مطالبہ کرے کذافی الشروح۔ وفی الباب عن جندبؓ اخرجہ مسلم و ابن عمرؓ اخرجہ احمد والبزار۔

ھٰذا حدیث حسن غریب اس روایت کی سند میں معدی بن سلیمان ہیں جو ضعیف راوی ہیں پھر بھی ترمذی نے اس کو حسن قرار دیا ہے۔

بَابُ فِيْ لُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ قُمْتُ فِيْكُمْ كَمَقَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ فِيْنَا فَقَالَ اُوْصِيْكُمْ بِاَصْحَابِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتّٰى يَحْلِفَ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَحْلَفُ وَيَشْهَدَ الشَّاهِدُ وَلَا يُسْتَشْهَدُ اَلَا لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ اِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ وَاِيَّاكُمْ وَالْفُرْقَةَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الْاِثْنَيْنِ اَبْعَدُ مَنْ اَرَادَ بُحْبُوْحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَذٰلِكُمُ الْمُؤْمِنُ۔

ترجمہ: ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے مقام جابیہ میں ہم کو خطبہ دیا پس فرمایا: اے لوگو! میں تمہارے درمیان اس طرح کھڑا ہوں جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے تھے پس آپ نے فرمایا تھا میں تم کو اپنے اصحاب کے بارے میں وصیت کرتا ہوں پھر ان لوگوں کے بارے میں جو ان کے قریب یعنی بعد والے ہیں پھر ان لوگوں کے بارے میں جو ان کے بعد پھر کذب ظاہر ہو جائے گا حتی کہ قسم کھائے گا آدمی حالانکہ اس سے قسم کا مطالبہ نہ ہوگا اور گواہی دے گا حالانکہ اس سے گواہی نہیں طلب کی جا رہی ہو گی خبردار خلوت میں نہیں رہتا کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ مگر تیسرا وہاں شیطان ہوتا ہے تم پر لازم ہے تم جماعت کو پکڑنا اور تم بچو

اختلاف سے کیونکہ شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور دو سے دور رہتا ہے جو شخص ارادہ کرے جنت کے درمیان (افضل) حصہ میں رہنے کا پس اس کو چاہئے کہ جماعت کو لازم پکڑ لے جس شخص کو اس کی نیکی خوش کردے اور برائی غمگین کر دے پس وہ شخص پکا مومن ہے۔

الجابیة: دمشق میں ایک قریہ کا نام ہے۔ اصحابی ظاہر ہے کہ آپ کے سامنے تو سب صحابی ہی تھے پھر ان کی اطاعت کا کیا مطلب مراد یہاں ولاۃ الامور یعنی ذمہ داران ہیں مراد یہ ہے کہ اے صحابہ تم ذمہ داروں کی اتباع کرو۔ یفشو الکذب یعنی یظهر الکذب تبع تابعین کے زمانہ کے بعد عالم میں کذب ظاہر ہونے لگے گا یہاں تک جرأت بڑھ جائے گی کہ آدمی بلا خوف و خطر خود قسم کھائے گا حالانکہ اس سے حلف طلب نہیں کیا جا رہا ہوگا اسی طرح اپنے کو جھوٹی گواہی کے لیے پیش کرے گا اور جھوٹی قسم کھائے گا حالانکہ اس سے قسم کا مطالبہ نہیں ہوگا چنانچہ اس کا ظہور ہوا اور ہمارے اس زمانہ میں بکثرت اس کا مشاہدہ ہوتا رہتا ہے۔

لا یخلونّ رجل بامرأة الخ: ای اجنبیة۔ الا کان ثالثهما الشیطان اول مرفوع ثانی منصوب او بالعکس اور استثناء مفرغ ہے یعنی کوئی مرد کسی اجنبیہ عورت کے ساتھ جب خلوت کرے گا وہاں تیسرا شیطان ہوتا ہے جو دونوں کے دلوں میں وساوس اور شہوات پیدا کر کے زنا میں مبتلا کر دیتا ہے لہٰذا کسی اجنبیہ کے ساتھ خلوت کرنا درست نہیں ہے۔ علیکم بالجماعة وایاکم والفرقة باہم افتراق واختلاف کرنے سے بچو چونکہ اختلاف اور نا اتفاقی قوم کی ہلاکت کا سب سے پہلا اور آخری سبب ہے اسی لئے قرآن کریم میں بار بار مختلف مقامات پر اجتماع واتحاد کا حکم اور افتراق سے ممانعت فرمائی گئی ہے فرمایا واعتصموا بحبل الله جمیعًا ان هذا صراطی مستقیمًا فاتبعوه ولا تتبعوا السبل فتفرق بکم عن سبیله ان الذین فرقوا دینهم وکانوا شیعًا لست منهم فی شیء اس طرح اللہ تعالیٰ نے پہلے انبیاء علیہم السلام کی امتوں کے واقعات کو نقل فرما کر بتایا کہ وہ باہمی اختلاف کر کے مقصد حیات سے منحرف ہو کر دنیا وآخرت کی رسوائیوں میں مبتلا ہو چکی ہیں پھر باہمی اختلاف سے بزدلی پیدا ہوتی ہے فرمایا ولا تنازعوا فتفشلوا وتذهب ریحکم واصبروا۔ آج تمام عالم اسلام اختلاف کی بنیاد پر جس دور سے گزر رہا ہے۔ وہ سب کے سامنے عیاں ہے اس پر مزید تفصیل کی حاجت نہیں کتب احادیث میں اس سلسلہ میں کثیر روایات مروی ہیں مثلاً روی مسلم عن ابی هریرةؓ مرفوعًا من خرج من الطاعة وفارق الجماعة فمات میتة جاهلیة (الحدیث)

جماعت سے کیا مراد ہے: جماعت کے لزوم کا حکم وجوبی ہے اور اس سے مراد سواد اعظم ہے اور ابن مسعودؓ سے قتل عثمانؓ کے موقع پر سوال کیا گیا تو فرمایا علیك بالجماعة فان الله تعالی لم یکن لیجمع امة محمد علی ضلالة

دوسرا قول: اس سے مراد جماعت صحابہ ہے تیسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد اہل علم ہیں۔ چوتھا قول اس سے مراد ان لوگوں کی جماعت ہے جنھوں نے کسی کی امارت پر اتفاق واجتماع کر لیا ہو بشرطیکہ وہ امیر بننے کی لائق ہو اور جب اس سے بیعت کر لی تو اس کو توڑ کر اس جماعت سے الگ نہ ہو ورنہ افتراق وشذوذ پایا جائے گا جس کے وہ نتائج ہوں گے جو اوپر بیان کئے گئے اور آخرت میں بھی وہ جماعت سے الگ ہوگا جہنم میں اکیلا ڈالا جائے گا کما قال علیه السلام من شذّ شُذّ فی النار۔

فان الشیطان مع الواحد الخ یعنی جو شخص جماعت کو چھوڑ کر الگ ہو گیا وہ شیطان ہے اور دو سے بعید ہے علی ہذا جس قدر جماعت ہوگی اس قدر شیطان سے دوری ہوگی حتی کہ اگر سارے لوگ جماعت واحدہ ہوں تو شیطان قریب بھی نہ آئے گا فان فی روایة عن ابی ذرؓ مرفوعًا قال اثنان خیر من واحد وثلث خیر من اثنین اربعة خیر من ثلثة فعلیکم الجماعة

(الحدیث) من اراد بحبوحة الجنة الخ بحبوحة بضم البائین یعنی جو شخص جنت کے وسط میں رہنا چاہتا ہے اس کو چاہئے کہ جماعت کو لازم پکڑے رہے۔

من سرّته حسنته الخ: اس سے مراد یہ ہے کہ وقوع حسنہ کے بعد قلبی مسرت ہو اور برائی کے صدور پر قلب غمگین ہو یہ کامل مومن ہونے کی علامت ہے کیونکہ منافق کو آخرت کا یقین نہیں اس کے لیے تو حسنات و سیئات دونوں برابر ہیں کما قال تعالیٰ ولا تستوی الحسنة ولا السیئة۔

هٰذا حسن صحيح غريب اخرجه احمد والحاكم۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَجْمَعُ اُمَّتِيْ اَوْ قَالَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ عَلٰى ضَلَالَةٍ وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ وَمَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ۔

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں جمع ہوگی میری امت یا فرمایا امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم گمراہی پر اور اللہ کا ہاتھ یعنی اس کی مدد جماعت پر ہے اور جو شخص اکیلا ہو گیا جماعت سے اس کو اکیلا ہی جہنم میں ڈالا جائے گا۔

ان اللّٰه لا يجمع امتى على ضلالة یہاں امت سے امت اجابت مراد ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ میری امت اجابت کفر پر جمع نہ ہوگی رہی امت دعوت سو وہ قیامت کے قریب کفر پر جمع ہوگی کما ورد ان الساعة لا تقوم الا على الكفار۔ امت اجابت کا وجود اس وقت ختم ہو جائے گا۔

يد اللّٰه سے مراد اس کی حفاظت یعنی اہل اسلام کی جماعت اللہ کی حفاظت اور اس کے امان میں ہے۔ من شذّ شذّ في النار، اول معروف ثانی مجہول ہے اور معنی یہ ہیں کہ جو شخص جماعت سے الگ ہو گیا تو اس کو اکیلے اس جماعت سے الگ جہنم میں ڈالا جائے گا پھر شذوذ عام ہے خواہ اعتقاداً ہو یا قولاً یا عملاً کما قاله الكنكوهیؒ۔

روایت سے اجماع کے حجت ہونے پر استدلال کیا گیا ہے روایت اگرچہ ضعیف ہے مگر اس کے شواہد کثیر ہیں جیسا کہ کتب احادیث میں موجود ہیں۔

هٰذا حديث غريب اخرجه الحاكم۔ وفي الباب عن ابن عباسؓ اخرجه الترمذى بعد هٰذا۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَدُ اللّٰهِ مَعَ الْجَمَاعَةِ

اللہ کی حفاظت و صیانت جماعت کے ساتھ ہے بعض حضرات نے فرمایا مراد یہ ہے کہ جماعت اہل اسلام کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے اطمینان و سکون ہوتا ہے کہ ان پر اللہ کی رحمت و سکینہ کا نزول ہوتا ہے ان کو اضطراب و خوف نہیں ہوتا ہاں اگر متفرق ہو جائیں تو پھر بے اطمینانی اور اضطراب کی کیفیت طاری رہتی ہے اور ان کے حالات خراب ہو جاتے ہیں باہم جنگ و جدال ہونے لگتا ہے۔

هٰذا حديث غريب رواته كلهم ثقات و ايضاً يؤيده حديث ابن عمرؓ المتقدم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ نُزُوْلِ الْعَذَابِ اِذَا لَمْ يُغَيَّرِ الْمُنْكَرُ

عَنْ اَبِيْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ اَنَّهُ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ "يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا

يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ" وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَأْخُذُوا عَلَى يَدَيْهِ أَوْ شَكَ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللهُ بِعِقَابٍ مِنْهُ

ترجمہ: ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا اے لوگو! تم پڑھتے ہو اس آیت کو یَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ" حال یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ لوگ جب کسی ظالم کو دیکھیں پس نہ پکڑیں وہ اس کا ہاتھ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر عام عذاب بھیج دے۔

اس آیت کے ظاہری الفاظ سے چونکہ یہ سمجھا جاتا ہے کہ ہر انسان کو صرف اپنے عمل اور اپنی فکر کافی ہے دوسرے کچھ بھی کرتے رہیں اس پر دھیان کرنے کی ضرورت نہیں اور یہ بات قرآن کی بے شمار تصریحات کے خلاف ہے جن میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو اسلام کا اہم فریضہ اور اس امت کی امتیازی خصوصیت قرار دیا گیا ہے اس لئے اس آیت کے نازل ہونے پر کچھ لوگوں کو شبہات پیش آئے رسول اللہ ﷺ سے سوالات کئے گئے آپ نے توضیح فرمائی کہ یہ آیت امر بالمعروف کے منافی نہیں امر بالمعروف چھوڑو گے تو مجرموں کے ساتھ تم بھی ماخوذ ہو گے تفسیر بحر محیط میں سعید بن المسیب سے آیت کی یہ تفسیر مروی ہے کہ تم اپنے واجبات شرعیہ کو ادا کرتے رہو جن میں امر بالمعروف بھی داخل ہے یہ سب کچھ کرنے کے بعد بھی لوگ گمراہ رہیں تو تم پر کوئی نقصان نہیں قرآن کریم کے الفاظ اذا اهتدیتم میں غور کریں تو یہ تفسیر خود واضح ہو جاتی ہے کیونکہ اس کے معنی ہیں جب تم راہ پر چل رہے ہو تو دوسروں کی گمراہی تمہارے لئے مضر نہیں ظاہر ہے کہ جو شخص امر بالمعروف کے فریضہ کو ترک کر دے وہ راہ پر نہیں چل رہا ہے تفسیر در منثور میں حضرت ابن عمرؓ کا واقعہ مذکور ہے کہ ان کے سامنے کسی نے سوال کیا کہ فلاں فلاں حضرات میں باہمی جھگڑا ہے ایک دوسرے کو مشرک کہتے ہیں تو ابن عمرؓ نے فرمایا کیا تمہارا خیال ہے کہ تم سے یہ کہہ دوں گا کہ جاؤ ان سے قتال ہرگز نہیں جاؤ ان کو نرمی کے ساتھ سمجھاؤ قبول کریں تو بہتر ہے اور نہ کریں تو ان کی فکر چھوڑو اپنی فکر میں لگ جاؤ پھر یہی آیت تلاوت کی اس آیت کے سرسری الفاظ سے جو شبہ ہو سکتا تھا اس کے پیش نظر صدیق اکبرؓ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ تم لوگ اس آیت کو پڑھتے ہو اور اس کو بے موقع استعمال کرتے ہو کہ امر بالمعروف کی ضرورت نہیں خوب سمجھ لو میں نے خود رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جو لوگ کوئی گناہ ہوتا دیکھیں اور مقدور بھر اس کو روکنے کی کوشش نہ کریں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ مجرموں کے ساتھ دوسرے لوگوں کو بھی عذاب میں پکڑ لیں۔

روایت سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ منکر یعنی ناجائز امور کی روک تھام کریں یا کم از کم ان سے اظہار نفرت کریں ورنہ وہ بری الذمہ نہ ہوں گے۔

وفي الباب عن عائشةؓ اخرجه ابن حبانؒ وام سلمةؓ اخرجه احمد ونعمان بن بشيرؓ اخرجه البخاري والترمذي عبدالله بن عمرؓ اخرجه الاصفهاني و حذيفةؓ اخرجه الترمذي في الباب هكذا روى غير واحد الخ روایت کے تعدد طرق کی طرف اشارہ ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ أَوْ

لَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْهُ فَتَدْعُوْنَهٗ فَلَا يَسْتَجِيْبُ لَكُمْ۔

ترجمہ: حذیفہ بن یمانؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے رہو ورنہ اللہ تعالیٰ جلدی ہی بھیج دیں گے اپنا عذاب تم پر پس تم اللہ کو پکارو گے وہ نہیں قبول فرمائیں گے۔

معروف ومنکر کی تعریف:

معروف: اصطلاح شرع میں ہر اس فعل کو کہا جاتا ہے جس کا مستحسن یعنی اچھا ہونا عقل وشرع سے پہچانا گیا ہو۔

منکر: ہر اس فعل کا نام ہے جو ازروئے شرع وعقل اوپرا ہوا ور نہ پہچانا ہوا ہو یعنی برا سمجھا جاتا ہو امر بالمعروف کے معنی اچھے کام کی طرف بلانے کے اور نہی عن المنکر کے معنی برے کام سے روکنے کے ہوگئے۔

روایت کا مطلب یہ ہے دو امروں میں سے ایک کا وقوع ہوگا یا تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہوگا یا انزال عذاب پھر اگر دفع عذاب کے لیے دعا بھی کی جائے گی تو مقبول نہیں ہوگی ای لا یجتمعان ولا یرتفعان فان کان الامر و النهی لم یکن عذاب وان لم یکونا کان عذاب عظیم۔

هٰذا حدیث حسن۔ ذکر المنذریؒ هذا الحدیث فی الترغیب والترهیب۔

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتُلُوْا اِمَامَكُمْ وَتَجْتَلِدُوْا بِاَسْيَافِكُمْ وَيَرِثُ دُنْيَاكُمْ شِرَارُكُمْ۔

ترجمہ: حذیفہ بن یمانؓ سے مروی ہے کہ بے شک آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے نہیں قائم ہوگی قیامت حتیٰ کہ تم قتل کرو گے اپنے اور حتیٰ کہ تم لڑو گے اپنی تلواروں کے ذریعہ اور ذمہ دار ہو جائیں گے تمہاری دنیا کے تمہارے برے آدمی۔

حتّٰی تقتلوا امامکم: سلطان مراد ہے جیسا کہ حضرت عثمانؓ امیر المؤمنین کو قتل کیا گیا۔

دوسرا قول یہ ہے کہ حضرت مہدی سے کچھ پہلے امام المسلمین کو امت قتل کرے گی۔

یرث دنیاکم شرارکم: ملک ومال دونوں پر ظالموں کا قبضہ ہو جائے گا۔

اس روایت کو اس باب کے تحت اس لئے ذکر کیا گیا ہے کہ اشارہ کرنا مقصود ہے اس بات کی طرف کہ فتنہ اس وقت واقع ہوگا جب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر چھوڑ دیا جائے گا نیز تنبیہ ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والے خیر امت ہیں کما قال تعالٰی کنتم خیر امة اخرجت للناس۔

هٰذا حدیث حسن اخرجه ابن ماجه

روایت سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی خاص اہمیت معلوم ہوئی کہ اگر اس امر عظیم کو ترک کیا گیا تو لوگوں کا دین اور دنیا دونوں برباد ہو جائیں گے جب ملک ومال پر اہل فساد کا قبضہ ہوگا پھر عالم میں فساد ہی پھیلے گا اہل دنیا کو اطمینان وسکون تو درکنار اضطراب لاحق رہے گا چنانچہ فی زماننا اس کا مشاہدہ ہو رہا ہے۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهٗ ذَكَرَ الْجَيْشَ الَّذِيْ يُخْسَفُ بِهِمْ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ لَعَلَّ فِيْهِمُ الْمُكْرَهَ قَالَ اِنَّهُمْ

يُبْعَثُوْنَ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ۔

هٰذا حديث حسن غريب۔

ترجمہ: ام سلمہؓ نے نقل کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ذکر فرمایا اس لشکر کا جس کو زمین میں دھنسایا جائے گا پس کہا ام سلمہؓ نے شاید اس لشکر میں کوئی ایسا بھی ہو جس کو زبردستی لایا گیا ہوگا۔ فرمایا مبعوث ہوں گے لوگ اپنی نیات پر۔

اِنَّهُمْ يُبْعَثُوْنَ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ مراد یہ کہ جن امتوں کو دنیا میں عذاب دیا جائے گا اور ان میں ایسے لوگ بھی ہوں گے جو اس کے مستحق نہیں مگر ان کے ساتھ فتنہ میں مبتلا ہوں گے تو ان کو ان کی نیت پر مبعوث کیا جائے گا اور ان کے ساتھ ان کے معاملہ کے مطابق عمل کیا جائے گا اب رہا ان لوگوں کا معاملہ فی الآخرۃ جن پر لاحقاً عذاب دنیا میں آیا ہے وہ تحت المشیت ہے قالہ المناوی۔

هٰذا حديث حسن غريب اخرجه احمد و مسلم و ابن ماجه و قد روى هٰذا الحديث یعنی روایت نافع نے جس طرح ام سلمہؓ سے نقل کی ہے اسی طرح نافع نے عن عائشہؓ بھی نقل کی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ تَغْيِيْرِ الْمُنْكَرِ بِالْيَدِ اَوْ بِاللِّسَانِ اَوْ بِالْقَلْبِ

عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ اَوَّلُ مَنْ قَدَّمَ الْخُطْبَةَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ مَرْوَانُ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ لِمَرْوَانَ خَالَفْتَ السُّنَّةَ فَقَالَ يَا فُلَانُ تُرِكَ مَا هُنَالِكَ فَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ قَضٰى مَا عَلَيْهِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ مَنْ رَاٰى مُنْكَرًا فَلْيُنْكِرْهُ بِيَدِهٖ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ۔

ترجمہ: طارق بن شہابؓ سے مروی ہے کہ عید میں خطبہ کو نماز سے مقدم کرنے والا اول مروان ہے پس ایک شخص کھڑا ہوا کہا اس نے مروان سے تو نے سنت کی مخالفت کی ہے پس کہا اس نے اے فلاں! متروک ہوگئیں وہ چیزیں جو اس وقت تھیں پس کہا ابوسعیدؓ نے بہرحال بلاشبہ ادا کر دیا اس نے جو اس کے ذمہ تھا میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص دیکھے کسی منکر کو پس اس پر نکیر کرے ہاتھ سے اور جو طاقت نہ رکھے تو زبان سے روکے اور جو اس کی بھی طاقت نہ رکھے تو کم از کم قلب ہی سے برا سمجھے اور یہ ایمان کا ضعیف درجہ ہے۔

خَالَفْتَ السُّنَّةَ: چونکہ عیدین کا خطبہ آپ ﷺ اور خلفاء اربعہ کے زمانہ میں بعد الصلوٰۃ تھا اور جمہور کا اجماع بھی اسی پر ہے مگر مروان نے اس کو نماز پر مقدم کر دیا تھا اس لئے یہ مخالف سنت ہوا۔

اب رہی یہ بات مروان نے یہ تغیر کیوں کیا تھا علماء فرماتے ہیں کہ نماز کے بعد یہ لوگ اپنے خطبوں میں اہل بیت کو برا بھلا کہتے تھے تو لوگ خطبہ نہیں سنتے تھے اس وجہ سے اس نے خطبہ کو مقدم کر دیا تھا۔

ترك ما هنالك: یعنی جو تقدیم صلوٰۃ کا طریقہ تھا وہ ترک کر دیا گیا ہے کیونکہ لوگ خطبہ نہیں سنتے ہیں اور تذکیر واجب ہے تو اسی میں خیر ہے اور یہی طریقہ راجح ہے مگر یہ اس نے حیلہ کیا تھا اور غلط بیانی کی تھی۔

فَلْيُنْكِرْهُ بِيَدِهٖ: یعنی ہاتھ میں روکنے کی طاقت ہو تو ہاتھ سے روکے بایں طور کہ آلات لہو ولعب کو توڑ دے، شراب کے مٹکوں کو توڑ دے، غاصب سے مال چھین کر مالک کو پہنچا دے۔

فبلسانہ: یعنی ہاتھ میں طاقت نہیں تو زبان سے روکے اور منع کرے اس کے سلسلہ میں جو وعیدیں نازل کی گئی ہیں ان کو سنا دے گویا وعظ و نصیحت سے کام لے۔

فبقلبہ: یعنی اگر زبان سے بھی روکنے کی طاقت نہ ہو تو کم از کم قلب سے ہی اس کو برا جانے کہ اس عمل سے راضی نہ ہو چونکہ اس کو اسی قدر طاقت ہے اسی کا وہ مکلف ہے۔

ذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ: یعنی یہ کراہت قلبی ایمان کے باطن مراتب میں سے اضعف درجہ ہے یا یہ شخص جس نے قلب سے نکیر کی ہے اضعف الایمان ہے ذلك کے مشار الیہ میں دونوں احتمال ہیں امر بالمعروف نہی عن المنکر کے بارے میں تفصیلی کلام انتہاب المنن جزء دوم میں ہو چکا ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه مسلم و احمد واصحاب السنن۔

بَابٌ

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَثَلُ الْقَائِمِ عَلٰى حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْمُدْهِنِ فِيْهَا كَمَثَلِ قَوْمٍ اِسْتَهَمُوْا عَلٰى سَفِيْنَةٍ فِي الْبَحْرِ فَاَصَابَ بَعْضُهُمْ اَعْلَاهَا وَاَصَابَ بَعْضُهُمْ اَسْفَلَهَا فَكَانَ الَّذِيْنَ فِيْ اَسْفَلِهَا يَصْعَدُوْنَ فَيَسْتَقُوْنَ الْمَاءَ فَيَصُبُّوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ فِيْ اَعْلَاهَا فَقَالَ الَّذِيْنَ فِيْ اَعْلَاهَا لَا نَدَعُكُمْ تَصْعَدُوْنَ فَتُؤْذُوْنَنَا فَقَالَ الَّذِيْنَ فِيْ اَسْفَلِهَا فَاِنَّا نَنْقُبُهَا فِيْ اَسْفَلِهَا فَنَسْتَقِيْ فَاِنْ اَخَذُوْا عَلٰى اَيْدِيْهِمْ فَمَنَعُوْهُمْ نَجَوْا جَمِيْعًا وَاِنْ تَرَكُوْهُمْ غَرِقُوْا جَمِيْعًا۔

ترجمہ: نعمان بن بشیرؓ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ کی حدود پر قائم رہنے والے اور ان میں سستی کرنے والے کا حال اس قوم کی طرح ہے جس نے کسی کشتی کے حصوں کو تقسیم کر لیا ہو بعض اس کے اعلیٰ حصہ کو پہنچے ہوں اور بعض اسفل حصہ کو پس وہ لوگ جو اس کے نیچے کے حصہ میں ہیں اوپر چڑھتے ہیں تا کہ وہ پانی لائیں تو پانی اوپر کے لوگوں پر گرنے لگا اور اوپر والوں نے کہا نہیں چھوڑیں گے ہم تم کو کہ تم اوپر چڑھو کیونکہ تم ہم کو تکلیف دیتے ہو پس کہا نیچے حصہ والوں نے ہم اس کے نیچے سوراخ کر لیتے ہیں اور پانی لے لیتے ہیں پس اگر انہوں نے ہاتھ پکڑ لئے ان کے اور ان کو روک دیا تو سب نجات پا جائیں گے اور اگر چھوڑ دیا ان کو تو سب کے غرق ہو جائیں گے۔

القائم علی حدود اللّٰہ: یہاں مراد امر بالمعروف اور نہی عن المنکر یا عام احکام الٰہیہ مراد ہیں۔

المدھن: بضم المیم و سکون الدال و کسر الھاء والنون قائم کا بالمقابل احکام الٰہی میں سستی کرنے والا منکرات پر روک ٹوک نہ کرنے والا۔

استھموا: ای اقتسموا محالھا ومنازلھا بالقرعۃ یعنی قرعہ اندازی کر کے کشتی کے اوپر نیچے حصہ کو تقسیم کر لیا۔

لا ندعکم ای لا نترککم۔

مثال کی وضاحت

مثل القائم علی حدود اللّٰہ اور المدھن فی حدود اللّٰہ کی مثال آپ ﷺ نے بیان فرمائی جس کی وضاحت یہ کہ جس

طرح کشتی کے دو حصے اوپر ہوں نیچے والے پانی لینے اوپر جاتے ہوں اوپر والے ان سے پریشان ہو کر پانی اوپر سے لانے کو منع کر دیں تو نیچے والوں نے اپنی سہولت اس میں بھی کہ ہم کشتی میں نیچے کی جانب سوراخ کر لیں ظاہر ہے کہ اس کی وجہ سے پانی کشتی کے اندر بھر جائے گا اور کشتی جس طرح نیچے والوں کو لیکر ڈوبے گی اوپر والوں کو بھی لے کر ڈوبے گی اب اگر اوپر والے ان کو سوراخ کرنے سے نہ روکیں بلکہ یہ سوچ لیں کہ یہ سوراخ اپنے حصہ میں کریں گے تو یہی ڈوبیں گے حالانکہ ایسا نہیں اوپر والے بھی ان کے ساتھ ڈوب جائیں گے اس طرح قائم علی حدود اللہ یعنی شرع کے مطابق عمل کرنے والے مداہن یعنی خلاف شرع کام کرنے والوں کو نہ روکیں گے تو ظاہر ہے کہ عذاب سب پر آئے گا جس کو اوپر روایت میں بیان کیا گیا ہے معلوم ہوا کہ جو لوگ شریعت کے عامل ہوں ان کے لیے یہ ضروری ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے رہیں ورنہ اللہ کا عذاب ان پر بھی آئے گا روایات مذکورہ فی الباب کے علاوہ اس مضمون کو آیات شریفہ میں بھی بیان کیا گیا ہے فرمایا واتقوا فتنة لا تصیبن الذین ظلموا منکم خاصة وغیرہ۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه البخاری۔

بَابُ اَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ اِنَّ مِنْ اَعْظَمِ الْجِهَادِ كَلِمَةَ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ۔

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اعلیٰ جہاد کی قسم حق و عدل کی بات کہہ دینا ہے ظالم بادشاہ کے سامنے۔

ان من اعظم الجهاد: دوسری روایت میں افضل الجهاد کا لفظ واقع ہے کلمة عدل ای کلمة حق کما فی الروایة الاخری یہاں کلمہ سے مراد ایسی بات کہہ دینا یا لکھ دینا وغیرہ ہے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے قبیل سے ہو۔

کلمة حق عند سلطان جائر: افضل الجہاد کیوں ہے؟ کلمہ حق عند الجائر کو افضل جہاد اس لئے قرار دیا ہے کہ جہاد میں مجاہد کافر کے مقابلہ پر غالب بھی ہو سکتا ہے اور مغلوب بھی مگر بادشاہ ظالم کے روبرو کوئی حق بات اور امر بالمعروف نہی عن المنکر کر رہا ہے جب کہ وہ مقہور ہے غالب ہونے کا احتمال نہیں ہے تو ظاہر کہ اس نے اس حق کو کہنے کے وقت اپنے کو ہلاکت میں ڈال دیا ہے اور اپنے کو نشانہ ہلاکت کے لیے بنا دیا ہے تو اس کی بہت بڑی جرأت کی بات ہے اس وجہ سے افضل جہاد قالہ الخطابیؒ (۲) علامہ مظہریؒ فرماتے ہیں افضل ہو جانے کی وجہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص بادشاہ کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے گا تو بادشاہ ظلم سے رک جائے گا اس کا فائدہ عام مخلوق کو پہنچے گا بخلاف کفار سے قتال کے وہاں اس نے کافر کو قتل کیا جس کا افادہ عام مخلوق کو نہیں ہے بہر حال سلطان جائر کے سامنے کلمہ حق کا اظہار بڑی جرأت کے ساتھ فوائد کثیرہ پر مشتمل ہے اس وجہ سے اس کو افضل اور اعظم الجہاد فرمایا گیا ہے۔

وفی الباب عن ابی امامةؓ اخرجه احمد و ابن ماجه والطبرانی والبیهقی۔

هذا حدیث حسن غریب اخرجه ابوداؤد ابن ماجه

تنبیہ: روایت کی سند میں عطیہ عوفی ہے مگر ترمذیؒ نے اس کی تحسین شواہد کی بنا پر کر دی ہے۔

بَابُ سُؤَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا فِي أُمَّتِهِ

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ صَلٰوةً فَأَطَالَهَا فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّيْتَ صَلٰوةً لَمْ تَكُنْ تُصَلِّيهَا قَالَ أَجَلْ إِنَّهَا صَلٰوةُ رَغْبَةٍ وَرَهْبَةٍ إِنِّي سَأَلْتُ اللّٰهَ فِيهَا ثَلَاثًا فَأَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً سَأَلْتُهُ أَنْ لَا يُهْلِكَ أُمَّتِي بِسَنَةٍ فَأَعْطَانِيهَا وَسَأَلْتُهُ أَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ فَأَعْطَانِيهَا وَسَأَلْتُهُ أَنْ لَا يُذِيقَ بَعْضَهُمْ بَأْسَ بَعْضٍ فَمَنَعَنِيهَا

ترجمہ: عبداللہ بن خبابؓ اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ایک نماز پڑھائی پس اس کو طویل فرمایا لوگوں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ نے ایسی نماز پڑھائی کہ اس سے پہلے ایسی نماز نہیں پڑھائی فرمایا ہاں بے شک یہ نماز رغبت وخوف کی نماز تھی۔ بے شک میں نے اللہ تعالیٰ سے اس نماز میں تین چیزیں مانگی تھیں دو تو مجھ کو عطا فرما دی گئی ہیں اور تیسری کو منع کر دیا گیا ہے میں نے اللہ سے سوال کیا تھا کہ میری امت کو قحط عام کے ذریعہ ہلاک نہ فرما پس اللہ نے یہ دعا قبول فرمالی اور سوال کیا کہ نہ مسلط کیجئے ان پر دشمن ان کے علاوہ سے یہ بھی قبول کر لی گئی اور سوال کیا کہ ان میں سے بعض کا خوف ومصیبت بعض کو نہ پہنچے پس مجھ کو منع کر دیا گیا۔

فَأَطَالَهَا یعنی آپ نے نماز کو باعتبار ارکان اور باعتبار دعا طویل فرمایا۔ صَلَّيْتَ صَلٰوةً ای عظیمۃً وَلَمْ تَكُنْ تُصَلِّيهَا ای عادۃً صَلٰوةُ رَغْبَةٍ وَرَهْبَةٍ ای رجاء ورھبۃ ای خوف یعنی ایسی نماز جس میں ثواب کی امید اور رغبۃ الی اللہ زیادہ ہو اور اللہ کا خوف بھی ہو یہ نماز رغبت والی تھی کہ میری اس میں زیادہ رغبت قبولیت کی تھی رہبۃ والی تھی کہ خوف تھا کہ رد نہ کر دی جائے تو یہ نماز خاص تھی ورنہ عام نماز تو اظہار عبودیت اور اقرار معبودیت کے لیے ہوتی ہے ملا علیؒ قاری فرماتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ ایسی جامع نماز کہ اس میں رغبت وخوف دونوں جمع ہیں بخلاف عام نماز کے اس میں کبھی صرف خوف ہوتا ہے کبھی رغبت محض اور یہ نماز دونوں کو ایک ساتھ جمع کئے ہوئے تھی قال تعالیٰ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا چونکہ آپ ﷺ کی یہ نماز مشتمل تھی امت کے لیے دعا پر اس وجہ سے طوالت فرمائی کہ میں نے اس نماز میں اللہ تعالیٰ سے امت کے لیے تین سوال کئے۔

اول: اے اللہ! میری امت کو عام قحط سالی کے ذریعہ ہلاک نہ فرما یہ دعا اللہ نے قبول فرمائی۔

دوم: اے اللہ! میری امت پر کفار میں سے کوئی دشمن نہ مسلط فرما یہ بھی قبول فرمائی گئی۔

سوم: اے اللہ میری امت میں آپس میں اختلاف نہ ہو کہ بعض کی ایذاء بعض کو پہنچے یعنی باہم جدال ونزاع اور قتال نہ ہو یہ رد کر دی گئی یعنی امت میں نزاع وقتال کے روکنے کی دعا رد ہو گئی تو اس کا وقوع ضرور ہو گا چنانچہ آج اس کا مشاہدہ ہو رہا ہے اور اول دونوں دعائیں قبول ہوئی ہیں کہ عام قحط امت پر کبھی نہیں آیا اور نہ ہی کوئی ایسا دشمن مسلط ہوا کہ جس نے اہل اسلام کی جڑ اکھاڑ دی ہو وقتی اور جزوی غلبہ اور چیز ہے۔

هٰذَا حديث حسن صحيح اخرجه النسائي وفي الباب عن سعدؓ اخرجه مسلم و ابن عمرؓ اخرجه احمد۔

عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا وَإِنَّ أُمَّتِي

يَبْلُغُ مُلْكُهَا مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا وَأُعْطِيتُ الْكَنْزَيْنِ الْأَحْمَرَ وَالْأَبْيَضَ وَإِنِّي سَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي أَنْ لَا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَأَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهَا عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ فَيَسْتَبِيحَ بَيْضَتَهُمْ وَإِنَّ رَبِّي قَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنِّي إِذَا قَضَيْتُ قَضَاءً فَإِنَّهُ لَا يُرَدُّ وَإِنِّي أَعْطَيْتُكَ لِأُمَّتِكَ أَنْ لَا أُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ وَلَا أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ فَيَسْتَبِيحَ بَيْضَتَهُمْ وَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِأَقْطَارِهَا حَتَّى يَكُونَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا وَيَسْبِي بَعْضُهُمْ بَعْضًا۔

ترجمہ: ثوبانؓ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے بے شک اللہ نے لپیٹ دیا میرے لئے زمین کو پس میں نے دیکھا مشارق ومغارب کو اور بے شک میری امت عنقریب پہنچے گی ملک کے اس حصہ تک جو میرے لئے لپیٹ دیا گیا ہے اور دیئے گئے مجھ کو دو خزانے احمر وابیض میں نے سوال کیا اپنے رب سے اپنی امت کے لئے کہ اس کو نہ ہلاک کیجئے عام قحط سالی میں اور یہ کہ ان پر کوئی ایسا دشمن نہ مسلط فرما جو ان کے علاوہ ہو کہ ان کی جمعیت کو توڑ دیئے اور بے شک میرے رب نے فرمایا اے محمد! جب میں کوئی فیصلہ کرتا ہوں پھر وہ رد نہیں ہوتا اور بے شک میں عطا کروں گا اپنا عہد آپ کی امت کے حق میں کہ نہ ہلاک کروں گا ان کو عام قحط سالی کے ذریعہ اور نہ مسلط کروں گا ان پر کوئی ان کے علاوہ دشمن جو ان کی جڑ اکھاڑ دے اگرچہ جمع ہو جائیں ان کے چاروں طرف سے لوگ (یہ ضرور ہوگا) کہ ان میں سے بعض بعض کو ہلاک کریں گے اور بعض بعض کو قید کریں گے۔

ان اللہ زوی لی الارض: زویت الشیء، جس کے معنی قبضۃ وجمعۃ، اس لفظ کا استعمال تقریب بعید کے لیے ہوتا ہے یعنی میں نے اس کو جہاں تک کر دیکھا اللہ تعالیٰ نے زمین جو دور دور تک ہے اس کو میرے قریب کر دیا کہ میں نے اس کو دیکھ لیا۔

مشارقھا و مغاربھا: مراد پوری روئے زمین ہے یعنی اللہ نے تمام روئے زمین کو مجھ کو دکھا دیا پھر اس کو پھیلا دیا گیا میں نے اس میں یہ دیکھا کہ میری امت کا ملک کہاں کہاں پہنچے گا یعنی اسلام کہاں تک پھیلے گا؟

اعطیت الکنزین الاحمر والابیض: یہ کنزین سے بدل ہے اس سے مراد کسریٰ وقیصر ہو سکتے ہیں کہ کسریٰ کے نقود کا رنگ سرخ تھا وہ دنانیر تھے اور قیصر کے نقود سفید کہ وہ دراہم تھے جو چاندی سے بنے ہوئے تھے مراد یہ ہے کہ ملک فارس وملک روم سب اہل اسلام کے تحت ہوں گے اور وہاں دونوں ملکوں پر میری امت قابض ہو جائے گی چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ خلفاء کے دور میں اہل اسلام کا قبضہ ان سب ملکوں پر ہو گیا تھا۔

یَسْتَبِیْحَ بَیْضَتَھُمْ: ماخوذ من الاستباحۃ بمعنی ہلاک کرنا، جڑ سے اکھاڑ دینا بَیْضَتَھُمْ اس سے مراد جمعیت ہے یعنی اہل اسلام کی جمعیت وشوکت اس کو بیضہ سے اس لئے تعبیر فرمایا کہ جس طرح بیضہ ٹوٹ جانے کے بعد بے کار ہو جاتا ہے اسی طرح جب جمعیۃ ختم ہو جاتی ہے تو پھر ساری مملکت بے کار ہو جاتی ہے۔

ولو اجتمع علیھم من باقطارھا ای باطرافھا جمع قطر وھو الجانب والناحیۃ مطلب یہ ہے کہ کفار میں سے کوئی مسلمانوں کا ایسا دشمن ان پر مسلط نہیں کیا جائے گا جو ان کی اجتماعیت یا ان کی جڑ اکھاڑ دے خواہ وہ کفار مسلمانوں کے مقابل دور دور سے جمع ہو جائیں ہو ان لا اسلط سے جواب لو مستفاد ہے۔

حتی یکون بعضھم یھلك الخ: یعنی خود آپس اختلاف کے متعلق فرمایا کہ یہ ہوگا حتی کہ اتنا اختلاف ہوگا کہ بعض مسلمان دوسرے مسلمانوں کو ہلاک کریں گے اور قید بھی کریں گے جیسا کہ مشاہدہ ہو رہا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه مسلم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الرَّجُلِ يَكُوْنُ فِي الْفِتْنَةِ

عَنْ أُمِّ مَالِكٍ الْبَهْزِيَّةِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِتْنَةً فَقَرَّبَهَا قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ خَيْرُ النَّاسِ فِيْهَا قَالَ رَجُلٌ فِيْ مَاشِيَتِهٖ يُؤَدِّيْ حَقَّهَا وَيَعْبُدُ رَبَّهٗ وَرَجُلٌ آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهٖ يُخِيْفُ الْعَدُوَّ وَيُخَوِّفُوْنَهٗ

ترجمہ: ام مالک بہزیہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ ذکر کیا رسول اللہ ﷺ نے ایک فتنہ کا اور بلیغ تذکرہ کیا جس سے ایسا معلوم ہوا کہ وہ قریب ہے فرماتی ہیں کہ میں نے پوچھا یارسول اللہ ﷺ اس فتنہ میں لوگوں میں کون بہتر ہے فرمایا ایسا شخص جو اپنے جانوروں میں ہو ان جانوروں کا حق ادا کرتا ہو اور اپنے رب کی عبادت کرتا ہو اور دوسرا وہ شخص جو اپنے گھوڑے کی گردن پکڑے ہوئے ڈرائے دشمن کو اور دشمن اس کو ڈرائیں۔

قربها: بتشديد الراء المهملة اى فعدّها قريبة الوقوع علامہ اشرف نے فرمایا اس کا مطلب یہ ہے کہ اس فتنہ کا آپ ﷺ نے صحابہؓ سے بلیغ انداز میں ذکر فرمایا جس سے ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ بس وہ قریب الوقوع ہے۔

ماشية: اس کا اطلاق ابل، بقر، غنم سب طرح کے جانوروں پر ہوتا ہے اکثر غنم میں مستعمل ہے۔

يؤدي حقها: جانوروں کے حقوق یعنی ان کے گھاس، دانے، طاقت کے مطابق بوجھ لادنا وغیرہ اور ان کی زکوٰۃ کا ادا کرنا وغیرہ سب کو شامل ہے۔

يخيف العدو الخ: اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ فتنہ مسلمین سے الگ ہو گیا باہم مسلمانوں کے قتال سے بچ کر کفار سے مقابلہ کرنے لگا اور کفار اس کے مقابلہ پر ہو گئے اب تو شہید ہو کر اجر وثواب حاصل کرے گا یا سالم رہ کر مال غنیمت حاصل کرے گا بہر حال وہ فتنہ سے محفوظ رہا۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ آپ ﷺ نے حضرات صحابہؓ کو کسی خاص فتنہ مسلمین کے بارے میں اس طرح خبر دی جیسا کہ وہ فتنہ قریب الوقوع ہے اس پر ام مالک بہزیہؓ نے پوچھا کہ اس فتنہ کے وقت بہتر کون ہوگا تو آپ نے فرمایا اس وقت دو شخص بہتر ہوں گے یا تو وہ شخص جو فتنہ سے بچ کر اپنے جانوروں کو لے کر لوگوں سے الگ تھلگ ہو جائے جانوروں کے حقوق ادا کرتا رہے اور اللہ کی عبادت میں مشغول ہو لوگوں کے ساتھ فتنہ میں مبتلا نہ ہو دوسرا وہ شخص ہے جو مسلمانوں کے فتنہ سے بچ جائے کہ ان میں شریک نہ ہو بلکہ کفار سے مقابلہ کے لیے چلا جائے یا تو شہید ہو جائے یا سالما غانما واپس ہو۔

وَفِي الْبَابِ عَنْ أُمِّ مُبَشِّرٍ اخرجه ابن ابى الدنيا والطبرانى ابى سعيدؓ اخرجه البخارى وابن عباسؓ اخرجه الترمذى هٰذا حديث غريب اخرجه احمد۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ تَكُوْنُ الْفِتْنَةُ تَسْتَنْظِفُ الْعَرَبَ قَتْلَاهَا فِي النَّارِ اَللِّسَانُ فِيْهَا أَشَدُّ مِنَ السَّيْفِ۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمرو نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ہوگا ایسا فتنہ جو گھیر لے گا عرب کو اس کے مقتول جہنم میں ہوں گے زبان اس میں تلوار سے بھی زیادہ شدید ہوگی۔

تستنظف: ای تستوعب کہا جاتا ہے استنظفت الشی اذا اخذتہ کلہٗ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں بعض حضرات نے اس کے معنی تَطَهَّرُ کے بھی کیے ہیں ای تطهر هم من الارذال واهل الفتن:

قتلاها فی النار: جمع قتیل بمعنی مقتول مبتداء ہے اور فی النار خبر ہے اس فتنہ سے غیر معلوم فتنہ مراد ہے چونکہ اس میں قتل ہونے والوں کی نیت اعلاء کلمۃ اللہ کی نیت نہیں تھی بلکہ بغاوت اور مال و دولت کا اکٹھا کرنا مقصود تھا اس وجہ سے وہ مقتول جہنم میں جائیں گے قالہ عیاض۔

اللسان فیها اشد من السیف یعنی غیبت ودشنام کے ذریعہ فتنہ میں زبان درازی کرنا تلوار سے بھی زیادہ سخت ہے کیونکہ زبان درازی کے ذریعہ فتنہ زیادہ بڑھے گا ملا علی قاریؒ نے فرمایا بعض لوگوں کی رائے یہ ہے کہ اس سے مراد حضرت علیؓ اور حضرت معاویہؓ کے مابین جنگ ہے اب قتلاها فی النار کا کیا مطلب ہے کیونکہ ان میں اکثر صحابہ کرام ہیں علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ لفظ بطور زجر و توبیخ کے ہے ورنہ اہل سنت والجماعۃ کے نزدیک حضرت علیؓ حق پر تھے اور اس محاربہ کے متعلق ترک کلام واجب ہے قال عمر بن عبدالعزیز تلك دماء طهر الله ايدينا منها فلا نلوث بها السنتنا بہرحال معاملہ مشتبہ تھا اسی وجہ سے ابو بکرہؓ اور دیگر صحابہؓ اس میں شریک نہیں ہوئے ہیں بلکہ کہا گیا ہے یہ اجتہادی خطا تھی والمخطی من المجتهد معذور، اصل اختلافی مسئلہ خلافت نہیں تھا بلکہ قاتلین عثمانؓ سے قصاص کا تھا تاریخ میں اس کی تفصیل مل جائے گی اللسان فیها اشد من السیف: کا مطلب بر بنائے قول ثانی یہ ہوگا چونکہ دونوں جانب حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہیں اب کسی ایک جانب زبان درازی کرنا اور صحابہؓ پر لعن وطعن کرنا یقیناً روحانی موت ہے جو نہایت خطرناک ہے اس وجہ سے تلوار سے بھی زیادہ سخت ہے۔

حضرت گنگوہیؒ نے فرمایا اللسان سے مراد کلمہ بمعنی بات ہے اور اس سے یا تو حق مراد ہے یا باطل اگر حق مراد ہے تو مقصود جماعت حقہ کی تعریف ہے یعنی ایسے فتنہ کے موقع پر حق بات کہنا اور حق والوں کے ساتھ رہنا تلوار سے بھی زیادہ شدید ہے اگر باطل مراد ہے تو معنی یہ ہیں کہ ایسے فتنہ کے موقع پر غلط بات اور باطل بات کہہ دینا تلوار سے بھی زیادہ سخت ہے کہ تلوار سے ایک زخم ہوگا اور باطل بات سے فتنہ پھیل کر نہ معلوم کس قدر قتل ہوں گے۔

هذا حدیث غریب: اخرجه ابوداؤد

علامہ منذریؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے تاریخ میں فرمایا کہ اس روایت کو حماد بن سلمہؒ نے لیثؒ سے مرفوعاً نقل کیا ہے اور حماد بن زیدؒ وغیرہ نے عبداللہ بن عمروؓ سے موقوفاً اور فرمایا یہی اصح ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ رَفْعِ الْاَمَانَةِ

عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ ثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثَيْنِ قَدْ رَأَيْتُ اَحَدَهُمَا وَاَنَا اَنْتَظِرُ الْاٰخَرَ حَدَّثَنَا اَنَّ الْاَمَانَةَ نَزَلَتْ فِيْ جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ ثُمَّ نَزَلَ الْقُرْاٰنُ فَعَلِمُوْا مِنَ الْقُرْاٰنِ وَعَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِ الْاَمَانَةِ

فَقَالَ يَنَامُ الرَّجُلُ نَوْمَةً فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ فَيَظَلُّ اَثَرُهَا مِثْلَ الْوَكْتِ ثُمَّ يَنَامُ نَوْمَةً فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ فَيَظَلُّ اَثَرُهَا مِثْلَ اَثَرِ الْمَجْلِ كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهٗ عَلٰى رِجْلِكَ فَنَفِطَتْ فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ ثُمَّ اَخَذَ حَصَاةً فَدَحْرَجَهَا عَلٰى رِجْلِهٖ قَالَ فَيُصْبِحُ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ لَا يَكَادُ اَحَدٌ يُؤَدِّي الْاَمَانَةَ حَتّٰى يُقَالَ اِنَّ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ رَجُلًا اَمِيْنًا وَحَتّٰى يُقَالَ لِلرَّجُلِ مَا اَجْلَدَهٗ وَاَظْرَفَهٗ وَاَعْقَلَهٗ وَمَا فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ اِيْمَانٍ قَالَ وَلَقَدْ اَتٰى عَلَيَّ زَمَانٌ وَمَا اُبَالِيْ اَيُّكُمْ بَايَعْتُ فِيْهِ لَئِنْ كَانَ مُسْلِمًا لَيَرُدَّنَّهٗ عَلَيَّ دِيْنُهٗ وَلَئِنْ كَانَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا لَيَرُدَّنَّهٗ عَلَيَّ سَاعِيْهِ فَاَمَّا الْيَوْمَ فَمَا كُنْتُ اُبَايِعُ مِنْكُمْ اِلَّا فُلَانًا وَفُلَانًا۔

ترجمہ: حضرت حذیفہؓ نے فرمایا کہ بیان کیا ہم سے رسول اللہ ﷺ نے دو باتوں کو ان میں سے ایک بات کو میں نے دیکھ لیا ہے اور دوسری کا انتظار کر رہا ہوں بیان فرمایا ہم سے کہ بے شک امانت اتری ہے لوگوں کے دلوں کی گہرائی میں پھر نازل ہوا قرآن کریم پس سیکھ لیا لوگوں نے قرآن کو پھر سیکھا لوگوں نے سنت کو پھر بیان فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امانت کے ختم ہو جانے کو پس فرمایا سوئے گا آدمی تھوڑا سا سونا کہ ختم کر دی جائے گی امانت اس کے دل سے پس ہو جائے گا اس کا اثر چھالے کی طرح پھر وہ ایک نیند سوئے گا تو اماں اس کے دل سے نکال لی جائے گی پس رہ جائے گا اس کا اثر بڑے آبلہ کی طرح جو چنگاری کے پاؤں میں لگ جانے کی وجہ سے چھالا پڑ جاتا ہے پس تم اس کو پھولا ہوا دیکھتے ہو حالانکہ اس میں کچھ نہیں ہوتا پھر آپ ﷺ نے ایک پتھر لیا اور اس کو پاؤں سے لڑھکایا (بطور تمثیل کہ) پھر یہ حال ہو جائے گا کہ لوگ خرید وفروخت کریں گے بہت کم ادا کرے گا کوئی شخص ایمان داری سے امانت کو تو کہا جائے گا کہ فلاں فلاں قبیلے میں ایک امانت دار آدمی ہے اور بعض آدمی کے متعلق کہا جائے گا کس قدر بہادر دجری و ہوشیار اور عقل مند ہے حالانکہ اس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان نہ ہو گا حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ بے شک میرے اوپر ایسا زمانہ بھی آچکا کہ جب میں خرید وفروخت کے معاملہ میں کوئی پرواہ نہ کرتا تھا جس سے جی چاہا خرید لیا جس کے ہاتھ جی چاہا بیچ دیا اگر وہ مسلمان ہوتا تو اپنے دین کی وجہ سے وہ واپس کر دیتا تھا (جو چیز غلطی سے چلی گئی) اور اگر یہودی یا نصرانی ہوتا تو سردار (مسلمان) بادشاہ اور ذمہ داری کی وجہ سے واپس کرتا تھا۔ اب میں معاملہ کرتا ہوں صرف فلاں فلاں سے۔

حدیثین: علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ ان میں سے پہلی بات ان الامانۃ نزلت الخ ہے اور دوسری بات حدثنا عن رفع الامانۃ الخ ہے۔

قد رأیت احدھما نزول امانت واما انتظر الآخر یعنی رفع امانت۔

الامانۃ: اس سے کیا مراد ہے شراح کے اس بارے میں مختلف اقوال ہیں (اول) امانت سے اس کے مشہور معنی یعنی لوگوں کے حق میں خیانت نہ کرنا مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ خیانت نہ کرنے کا مادہ قلوب رجال کے اندر اور اس کے عمق (گہرائی) میں ڈالا گیا۔ (دوم) امانت سے مراد تمام تکالیف واحکام شرعیہ یعنی تکالیف شرعیہ کے ساتھ مکلف ہونے کی استعداد قلوب رجال کے عمق میں رکھی گئی اشار الیہ بقولہ انا عرضنا الامانۃ الخ اور ان تکالیف کی اصل ایمان ہے جس کی طرف آخر حدیث میں اشارہ فرمایا گیا ہے۔ (سوم) عقل مراد ہے یہی عقل اصل قلب میں ڈالی گئی۔ (چہارم) فتح الملہم میں ہے اس سے مراد ایمان وہدایت کا بیج ہے جس کو بنی آدم کے قلب میں بکھیرا گیا وہ بیج اگر نہ ہوتو ایمان بھی نہیں بقولہ لا ایمان لمن لا امانۃ لہٗ اب تم کی نگہداشت

سے ایمان کا پودا اگے گا اور پھلے اور پھولے گا۔

خلاصۃ المقال: یہ کہ عقل و ہدایت کی استعداد اور مادہ اولاً قلوب رجال میں پیدا کر کے اس استعداد کو فعلیت میں لانے کے لیے اور طریق ہدایت معلوم کرنے کے لیے اس کے مؤید کے طور پر قرآن وسنت نازل کیا گیا اشار الیہ بقولہ ثم علموا من القرآن والسنة: حضور کے زمانہ کے بعد لوگ غفلت کی وجہ سے ثمرۂ ایمان سے ناقص تر ہوتے گئے اس کو وکت اور مجل سے تعبیر کر دیا ہے اس کے معنی چھالے کے ہیں۔

وکت: بفتح الواؤ و سکون الکاف بمعنی الاثر کالنقطة فی الشیء۔

مجل: بفتح المیم و سکون الجیم و اثر العمل فی الید ہاتھ سے کام کرنے کی وجہ سے ہاتھ کا جو حصہ اخشن ہو جاتا ہے۔ اب مطلب یہ ہوا کہ امانت قلوب رجال سے آہستہ آہستہ زائل ہوتی رہے گی جب امانت کا اول جزء زائل ہوگا تو نور ایمان زائل ہو کر وکت کی طرف ظلمت پیدا ہوگی جو نقطہ کی صورت میں ہوگی پھر جب دوسرا اجزء زائل ہوگا تو مجل کی طرح ہوگا وھو الاثر محکم لا یکاد یزول الا بعد مدة پھر اس ظلمت کے باقی رہنے کو اس انگارے کے ساتھ تشبیہ دی جو لڑھک کر پاؤں پر تاثیر کر کے آبلہ ڈال دے جو دیکھنے میں بلند ہو لیکن اس کے اندر مادہ فاسدہ کے علاوہ کوئی چیز نہیں ایسا ہی وہ ہے جس کے قلب سے امانت اٹھ گئی وہ دیکھنے میں تو بلند و کار آمد معلوم ہوتا ہے لیکن باطن میں کوئی صلاح و مفید چیز نہیں ہے۔

ما اجلدهٗ واظرفه واعقلهٗ: یعنی خائن شخص جو چالاک وغیرہ ہوگا اس کی تعریفیں ہونے لگیں گی۔

لیردنه علی ساعیه: حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ ایک وقت میرے اوپر ایسا گذرا کہ کسی سے معاملہ کر لیا اب اگر لین دین میں غلطی ہوگئی تو اگر وہ مسلمان ہوا تو اس نے اپنے دین کا تقاضہ کے مطابق بعد میں معاملہ درست کر لیا اور اگر کافر ہوا تو اس کو والی ملک یعنی مسلمان ذمہ دار کا ڈر ہوتا تھا وہ بھی واپس کر دیتا تھا کہ مسلمان ذمہ دار نا انصافی نہ ہونے دیتا تھا لہٰذا امانت و دیانت کا دور تھا کسی سے بھی معاملہ کرنے میں کوئی پریشانی نہ ہوتی تھی اب امانت اٹھنی شروع ہوگئی ہے تو اب اطمینان نہیں رہا تو اب میں معاملہ فلاں فلاں سے ہی کرتا ہوں۔ حذیفہ کا وصال ۳۶ھ کے شروع میں بعد قتل عثمانؓ ہوا ہے مگر انہوں نے اس وقت تغیر امانت محسوس فرما لیا تھا۔

اس زمانہ میں آپ ﷺ کا یہ فرمان صادق ہے حتی یقال فی بنی فلان رجل امین۔ بلکہ اب تو خاندان کے خاندان بلکہ پورے پورے علاقہ بھی امین لوگوں سے خالی ہو گئے ہیں۔

اما الیوم فما کنت ابایع منکم: اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس زمانہ کے سارے لوگ خائن ہو گئے تھے بلکہ مراد یہ ہے کہ خیانت کا ظہور شروع ہو چکا تھا گو اس کا عموم نہ ہوا ہو جس کو آپ ﷺ نے بیان فرمایا مگر محض ظہور کی وجہ سے میں عام لوگوں سے معاملات نہیں کرتا ہوں۔

رفع اشکال: اس تقریر سے یہ اشکال بھی رفع ہو گیا کہ حذیفہؓ نے فرمایا میں دوسری بات کا منتظر ہوں ادھر فرما رہے ہیں کہ میں نے رفع امانت کی بناء پر معاملات عام ترک کر دیے ہیں کیونکہ رفع امانت کا کمال بعد میں ہوگا جس کو آپ ﷺ نے بیان فرمایا ہے اس کا انتظار ہے البتہ رفع امانت کا ظہور ہونے لگا ہے لہٰذا رفع امانت کامل کا انتظار ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

باب لتركبن سنن من كان قبلكم

تم پہلے لوگوں کے طریقوں کو ضرور اختیار کروگے

عَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ إِلَى حُنَيْنٍ مَرَّ بِشَجَرَةٍ لِلْمُشْرِكِيْنَ يُقَالُ لَهَا ذَاتُ أَنْوَاطٍ يُعَلِّقُوْنَ عَلَيْهَا أَسْلِحَتَهُمْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ أَنْوَاطٍ كَمَا لَهُمْ ذَاتُ أَنْوَاطٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ هٰذَا! كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوْسٰى اجْعَلْ لَنَا إِلٰهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَرْكَبُنَّ سُنَّةَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ۔

ترجمہ: ابو واقد لیثیؓ سے مروی ہے بے شک آپ ﷺ نکلے حنین کی طرف تو گزرے ایک پیڑ کے پاس سے جو مشرکین کا تھا اس کو ذات انواط کہا جاتا تھا لٹکاتے تھے وہ لوگ اس پر اپنے ہتھیاروں کو کہا لوگوں نے یا رسول اللہ بنا دیجئے ہمارے لئے بھی ذات انواط جیسا کہ ان کے لیے ہے پس فرمایا آپ ﷺ نے سبحان اللہ یہ تو ایسا ہی ہے جیسا کہ قوم موسیٰ نے ان سے کہا تھا اجعل لنا الٰھا کما لھم آلہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم ضرور چلو گے ان لوگوں کے طریقوں پر جو تم سے پہلے گذرے ہیں۔

ذات انواط: یہ ایک پیڑ تھا جو مشرکین کے لیے مخصوص تھا اس پر یہ اپنے ہتھیار لٹکاتے تھے اور اس کے پاس اعتکاف کرتے اور اس سے برکت حاصل کرتے تھے۔

حاصل روایت یہ ہے کہ حضرات صحابہؓ نے مشرکین کو ایک پیڑ کا بہت احترام دیکھا تو درخواست کی کہ ہم لوگوں کے لیے اسی طرح کی تخصیص کردی جائے تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ تو یہودیوں والا طریقہ ہے انہوں نے بھی حضرت موسیٰ سے اسی طرح کا سوال کیا تھا اجعل لنا الٰھا کما لھم آلہ اور پھر فرمایا تم بھی پہلے لوگوں کے طریقوں پر ضرور چلو گے چنانچہ اس سلسلہ میں روایات میں فرمایا لتتبعن سنن من قبلكم شبرًا شبرًا و ذراعًا ذراعًا حتى لو دخلوا حجر ضب تبعتموهم قلنا يا رسول الله اليهود والنصارى قال فمن (رواه البخاري) ورواه الحاكم عن ابن عباسؓ وفي آخره حتى لو ان احدهم جامع امرأته في الطريق لفعلتموه وقال المناوي اسناده صحيح. قال النووي المراد به الموافقة في المعاصي لا في الكفر وفي هذا معجزة ظاهرة لرسول الله صلى الله عليه وسلم فقد وقع ما اخبر به صلى الله عليه وسلم۔

آپ کے اس فرمان میں معجزہ ظاہر ہے کہ اب تو لوگوں نے اس طرح کی تخصیصات مزاروں کی کر رکھی ہے اور بے حیائی بھی اس درجہ پہنچ چکی ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد وفي الباب عن ابي سعيدؓ اخرجه الشيخان وعن ابي هريرةؓ اخرجه البخاري

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَلَامِ السِّبَاعِ

عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُكَلِّمَ السِّبَاعُ الْإِنْسَ وَحَتّٰى يُكَلِّمَ الرَّجُلَ عَذَبَةُ سَوْطِهٖ وَشِرَاكُ نَعْلِهٖ وَتُخْبِرَهٗ فَخِذُهٗ بِمَا أَحْدَثَ أَهْلُهٗ بَعْدَهٗ۔

ترجمہ: ابوسعید خدریؓ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے نہیں قائم ہوگی قیامت حتی کہ بات کریں گے درندے انسانوں سے اور حتی کہ آدمی بات کرے گا اپنے کوڑے کے پھندنے سے اور جوتے کے تسمہ سے اور خبر دے گی اس کو اس کی ران اس بات کی جو بات پیدا کی ہے اس کے پیچھے اس کے گھر والوں نے۔

یا تو روایت حقیقت پر محمول ہے جو اس زمانہ کی ترقی کے دور میں ناممکن نہیں ہے کہ اس طرح کے آلات ہو جائیں گے اور درندے بھی بات کرنے لگیں گے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جانور بھی بات کریں گے اور آدمی کہیں بھی ہوگا اپنے بچوں کی خبر و خیریت معلوم کر لے گا چنانچہ ہمارے اس زمانہ میں ریڈیو، ٹیلیفون، وائرلیس اور ان کے علاوہ آلات ایجاد ہو گئے ہیں پورا عالم ایک برتن میں رکھا ہوا معلوم ہوتا ہے لہٰذا یہ علامت قیامت محقق ہوتی نظر آتی ہے۔

وفی الباب عن ابی ہریرةؓ فلینظر من اخرجہ ھذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجہ الحاکم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ اِنْشِقَاقِ الْقَمَرِ

عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ اِنْفَلَقَ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِشْهَدُوْا۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے منقول ہے کہ دو ٹکڑے ہوا قمر آپ ﷺ کے دور میں پس فرمایا رسول اللہ ﷺ نے گواہ رہو تم۔

آپ ﷺ سے لوگوں نے چاند کے دو ٹکڑے کرنے کا سوال کیا تھا جیسا کہ ابن عباسؓ کی روایت کے الفاظ اس پر دلالت کرتے ہیں (رواہ الحافظ عن ابی نعیم) جس کا حاصل یہ ہے کہ ولید بن مغیرہ، ابوجہل، عاص بن وائل، اسود بن المطلب، نضر بن الحارث وغیرہ نے جمع ہو کر مطالبہ کیا کہ آپ چاند کے ٹکڑے کر دیجئے کیونکہ ان کا گمان تھا کہ آپ جادوگر ہیں اور جادو کا اثر آسمان پر نہیں ہوتا ہے چنانچہ آپ نے اشارہ فرمایا چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے ایک ٹکڑا حراء سے ایک طرف اور دوسرا دوسری طرف اور جبل حراء درمیان میں تھا اور سب نے دیکھ لیا پھر بھی ان لوگوں نے کہا کہ ابن ابی کبشہ نے تم پر جادو کر دیا لہٰذا باہر سے آنے والوں سے معلومات کرو چنانچہ باہر سے آنے جانے والوں نے بھی اس کی خبر دی مگر پھر بھی نہ مانیں چاند کا یہ معجزہ متواتر و منصوص ہے قرآن کریم میں مذکور ہے اس کو علامات قیامت میں سے شمار کیا گیا ہے جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

اشھدوا ای علی نبوتی او علی معجزتی من الشھادۃ و قیل معناہ احضروا و انظر و امن الشھود۔

وفی الباب عن ابن مسعودؓ و انسؓ و جبیر بن مطعمؓ: اخرجہ الترمذی احادیث ھؤلاء الصحابۃؓ فی تفسیر سورۃ القمر قال الحافظ و قد ورد انشقاق القمر من حدیث علیؓ وحذیفۃؓ و جبیرؓ وابن عمرؓ۔

شق القمر کے واقعہ پر کچھ شبہات اور جوابات:

(۱) ایک شبہ تو یونانی فلسفہ کی اصول کی بناء پر کیا گیا جس کا حاصل یہ ہے کہ آسمان وسیارات میں خرق والتیام یعنی شق ہونا اور جڑنا ممکن نہیں مگر یہ محض ان کا دعویٰ ہے اس پر جس قدر دلائل قائم کیے گئے ہیں وہ سب لچر اور بے بنیاد ہیں ان کا لغو و باطل ہونا متکلمین اسلام نے واضح کر دیا ہے اور آج تک کسی عقلی دلیل سے شق قمر کا محال اور ناممکن ہونا ثابت نہیں ہو سکا ہاں ناواقف عوام ہر مستبعد چیز کو ناممکن کہنے لگتے ہیں مگر ظاہر ہے کہ معجزہ تو نام ہی اس فعل کا ہے جو عام عادات کے خلاف ہو اور عام لوگوں کی قدرت سے خارج حیرت انگیز اور مستبعد ہو ورنہ معمولی کام جو ہر وقت ہو سکے اسے کون معجزہ کہے گا؟

(۲) دوسرا شبہ عامیانہ کیا جاتا ہے کہ اگر ایسا عظیم الشان واقعہ پیش آیا ہوتا تو پوری دنیا کی تاریخوں میں اس کا تذکرہ ہوتا مگر سوچنے کی بات یہ ہے کہ یہ واقع مکہ مکرمہ میں رات کے وقت پیش آیا ہے اس وقت بہت سے ممالک میں تو دن ہوگا وہاں اس واقعہ کے نمایاں اور ظاہر ہونے کا کوئی سوال ہی نہیں ہوتا اور بعض ممالک میں نصف شب اور آخر شب میں ہوگا جس وقت عام دنیا سوتی ہے اور جاگنے والے بھی ہر وقت چاند کو نہیں تکتے رہتے زمین پر پھیلی ہوئی چاندنی میں اس کے دو ٹکڑے ہونے سے کوئی خاص فرق نہیں پڑتا جس کی وجہ سے کسی کو اس طرف توجہ ہوتی پھر یہ تھوڑی دیر کا قصہ تھا چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ کسی ملک میں چاند گرہن ہوتا ہے اور آج کل تو پہلے سے اس کے اعلانات بھی ہو جاتے ہیں اس کے باوجود ہزاروں لاکھوں آدمی اس سے بالکل بے خبر رہتے ہیں۔ ان کو کچھ پتہ نہیں چلتا تو کیا اس کو یہ دلیل بنایا جا سکتا ہے کہ چاند گرہن ہوا ہی نہیں اس لئے دنیا کی تمام تاریخوں میں مذکور نہ ہونے سے اس واقعہ کی تکذیب نہیں ہو سکتی اس کے علاوہ ہندوستان کی مشہور مستند تاریخ فرشتہ میں بھی اس کا ذکر موجود ہے کہ ہندستان میں مہاراجہ مالیبار نے یہ واقعہ بچشم خود دیکھا اور اپنے روزنامچہ میں لکھوایا اور یہی واقعہ اس کے مسلمان ہونے کا سبب بنا نیز راجہ اندور کی بیٹی کا سبب اسلام بھی معجزہ شق القمر کو بتایا گیا ہے اور ابوداؤد طیالسی اور بیہقی کی روایت سے یہ بھی ثابت ہے کہ خود مشرکین مکہ نے بھی باہر کے لوگوں سے اس کی تحقیق کی تھی اور مختلف اطراف سے آنے والوں نے یہ واقعہ دیکھنے کی تصدیق کی تھی۔

(معارف القرآن پ ۲۷)

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْخَسْفِ

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيْدٍ قَالَ أَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنْ غُرْفَةٍ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَرَوْا عَشْرَ آيَاتٍ طُلُوْعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَيَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ وَالدَّابَّةِ وَثَلَاثُ خُسُوْفٍ خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ وَخَسْفٌ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ تَسُوْقُ النَّاسَ أَوْ تَحْشُرُ النَّاسَ فَتَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوْا وَتَقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوْا

ترجمہ: حضرت حذیفہ بن اسیدؓ سے مروی ہے کہ اوپر سے جھانکا آپ ﷺ نے اور ہم ذکر کر رہے تھے قیامت کا پس فرمایا آپ ﷺ نے نہیں قائم ہوگی قیامت حتیٰ کہ تم دیکھ لوگے دس نشانیاں طلوع الشمس من المغرب اور یاجوج ماجوج کا خروج اور دابہ کا خروج اور تین خسوف۔ ایک خسف مشرق میں اور دوسرا خسف مغرب میں اور تیسرا خسف جزیرۃ العرب میں اور نکلے گی ایک آگ قعر عدن

(یمن میں ایک جگہ ہے) سے ہانکے گی وہ لوگوں کو یا فرمایا جمع کرے گی لوگوں کو پس رات گزارے گی وہ جہاں لوگ رات گزاریں گے اور قیلولہ کرے گی جہاں لوگ قیلولہ کریں گے۔

اگلی روایت میں دخان کا بھی ذکر ہے اس کے بعد والی روایت میں دجال و دخان مذکور ہے پھر اس کے بعد دسویں علامت یا تو ہوا ہے جو لوگوں کو سمندر میں ڈال دے گی اور یا عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہے۔

علامات عشر اس حدیث میں غیر مرتب ہیں جیسا کہ روایت کے مختلف طریق اس پر دلالت کرتے ہیں بعض روایت میں اول الآیات خروج الدجال بعض میں الدابہ اور بعض میں نار تحشر الناس واقع ہے ترتیب علامات کے متعلق کلام مختلف ہے بیہقی نے حلیمی سے نقل کیا ہے کہ اول الآیات ظهور الدجال ثم نزول عيسى عليه السلام ثم خروج ياجوج ماجوج ثم خروج الدابة ثم طلوع الشمس من المغرب الخ: دوسرا قول اول الآيات الخسوفات ثم خروج الدجال ثم نزول عيسى ثم ياجوج و ماجوج ثم الريح القابضة لارواح المومنين ثم طلوع الشمس ثم الدابة بعض نے فرمایا ترتیب اس طرح ہے اول العلامات الدخان ثم خروج الدجال ثم نزول عيسى عليه السلام ثم خروج ياجوج ماجوج ثم خروج الدابة ثم طلوع الشمس من مغربها مگر بہتر یہ ہے کہ اس کے بارے میں توقف کیا جائے۔ بعض حضرات نے مختلف روایات کے درمیان تطبیق کی بھی کوشش کی ہے ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ دجال تو ان اول الآیات میں سے ہے جو عالم علوی کے تغیر کی خبر دینے والی ہے دابہ کا خروج اس کے ساتھ ہوگا اور خروج نار قیام ساعۃ کی خبر دینے والی ہے بعض نے کہا خروج دابہ اول الآیات میں سے ہے جو مؤمن و کافر کے درمیان امتیاز کرنے والی ہیں بعض حضرات نے آیات مالوفہ اور غیر مالوفہ کے اعتبار سے اولیت کو بیان کیا ہے۔

اشرف علینا: اى اطلع علينا فى القاموس اشرف عليه اى اطلع عليه من فوقها غرفه بالاخانه۔

الساعة: امر الساعة او احتمال قيامها فى كل ساعة۔

خسوف: اس بارے میں اختلاف ہے کہ یہ خسوف واقع ہو چکے ہیں یا نہیں مولانا شاہ رفیع الدینؒ صاحب نے اپنے رسالہ میں بیان فرمایا ہے کہ یہ تینوں خسوف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد واقع ہوں گے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ تینوں خسوف واقع ہو چکے ہیں اور ان کی تفصیل بھی بیان فرمائی ہے مغرب میں ۸۰۳ھ میں تیرہ گاؤں کا خسف ہوا دوسرا خسف غرناطہ میں متعدد مکانات خسف کر دیئے گئے تیسرا خسف مقام ری میں تقریباً ۱۵۰ دیہات کا خسف ہوا ہے ۳۲۶ھ میں ان کے علاوہ اور بھی خسوف بیان کئے گئے ہیں دیگر علامات مذکورہ کا بیان آگے ابواب کے تحت آ رہا ہے۔

خسف: خسف بدل ہے ماقبل سے مجرور ہے یا مرفوع مبتداء محذوف الخبر یا خبر محذوف المبتداء ہے۔

عدن: منصرف غیر منصرف دونوں طرح پڑھا گیا ہے یہ مشہور شہر ہے جو یمن میں ہے بعض نے کہا ہے کہ یہ جزیرہ ہے۔

سوال: بعض روایات میں وارد ہے کہ آگ ارض حجاز سے نکلے گی قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں شاید آگ دو ہوں ایک ارض حجاز سے دوسری قعر عدن سے بعض فرماتے ہیں کہ ابتداء یمن سے ہوگی اور ظہور حجاز سے ہوگا ذکرہ القرطبی۔

تحشر الناس: مسلم کی روایت میں تسوق الناس الى المحشر ہے بعض حضرات نے فرمایا کہ محشر سے مراد ارض شام ہے چونکہ بعض روایات میں ہے کہ حشر ارض شام میں ہوگا۔

تقیل: قیلولہ سے ماخوذ ہے دوپہر میں سونے کے معنی میں آتا ہے۔

طلوع الشمس من مغربھا: قرآن کریم میں یوم یاتی بعض آیات ربک لا ینفع نفسًا الآیۃ کا مصداق علماء نے طلوع الشمس من المغرب کو قرار دیا ہے مسلم، ترمذی وغیرہ میں کثیر احادیث مرفوعہ صحیحہ میں طلوع الشمس من مغربہا کو بیان کیا گیا ہے۔

کیفیت طلوع شمس

طلوع کی کیفیت ایک روایت میں یوں آئی ہے اس روز غروب کے بعد شمس کو بحکم خداوندی رجعت قہقری ہوگی یعنی الٹا جانا ہوگا اس لئے مغرب سے طلوع ہوگا کما فی الدر المنثور (۲) روح المعانی میں بروایہ تاریخ البخاری وابن عساکر حضرت کعبؓ سے اس کی کیفیت یہ منقول ہے کہ شمس قطب کی طرف گھوم کر نقطہ مغرب پر آجائے گا ممکن ہے کہ رجعت قھقری سے یہی مراد ہو (۳) درمنثور ہی میں بتخریج عبد بن حمید و ابن مردویہ عبداللّٰہ بن ابیؓ اوفی سے مرفوع روایت میں ہے کہ مغرب سے طلوع ہو کر وسط آسمان تک پہنچے گا پھر مغرب ہی کی طرف لوٹ کر غروب ہوگا اس کے بعد بدستور سابق مشرق سے طلوع ہونے لگے گا احادیث میں اس وقت توبہ اور ایمان کا قبول نہ ہونا صراحۃً مذکور ہے اب یہاں دو سوال ہیں؟

اول: اس وقت توبہ وایمان کے قبول نہ ہونے کی کیا وجہ ہے صاحب روح المعانی نے فرمایا کہ دراصل عالم علوی کا تغیر مشاہدہ میں آگیا تو مثل وقت نزع وانکشاف عالم غیب کے ایمان بالغیب نہ رہا اس لئے قبول نہیں۔

دوم: عدم قبول کا یہ حکم دائمی اور مستمر طور پر رہے گا یا نہیں اس کے متعلق صاحب روح المعانی نے فرمایا کہ یہ حکم دائمی نہیں بلکہ اس کے بعد جو لوگ مخاطب بالشرع ہیں ان کی توبہ قبول ہوگی نیز مدت گزرنے کے بعد ذہول ہو کر خیال سے اتر جائے گا تو یہ توبہ قبول ہوگی۔ (بیان القرآن ۳/۱۳۹)

یاجوج و ماجوج: اس کے بارے میں آگے کلام آرہا ہے۔

الدابۃ: اس کا ذکر واذا وقع علیھم القول اخرجنا لھم دابۃ من الارض الآیۃ میں مذکور ہے یہ صفا ومروہ کے درمیان سے نکلے گا، ابن الملک کہتے ہیں کہ دابۃ الارض کا تین مرتبہ نکلنا ہوگا ایام مہدی میں پھر ایام عیسیٰ علیہ السلام میں پھر طلوع الشمس من المغرب کے بعد نکلے گا۔

اہل علم فرماتے ہیں یہ دابہ ساٹھ گز لمبا ہوگا اور مختلف الخلقت ہوگا بہت سے جانوروں کے مشابہ ہوگا پہاڑ کو پھاڑ کر نکلے گا اس کے ساتھ عصائے موسیٰ اور خاتم سلیمانؑ ہوگی اس کو دوڑ کر کوئی نہ پکڑ سکے گا اور کوئی بھاگ بھی نہ سکے گا مومن کو عصا مار کر اس کے چہرے پر مومن لکھ دے گا اور کافر پر خاتم کے ذریعہ مہر لگا کر اس کے چہرے پر لفظ کافر لکھ دے گا بعض حضرات نے فرمایا اس کی گردن لمبی سی ہوگی مشرق ومغرب میں رہنے والے اس کو دیکھیں گے چہرا انسان کی طرح ہوگا مثل پرندہ کے اس کے چار پیر ہوں گے۔

عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ نے فرمایا یہ جساسہ ہے جس کا ذکر احادیث میں ہے مگر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ ایسا نہیں کیونکہ جساسہ کا بیان اس کی تردید کرتا ہے کہ لوگ اس سے کہیں گے تو دابۃ الارض ہے جس کو علامات قیامت میں سے شمار کیا گیا ہے تو وہ کہے گی دابۃ الارض کے تو بال اور رواں ہے میرے کہاں ہیں اس کے تو پر ہیں جانور کی طرح میرے پر اس طرح کے کہاں ہیں؟

ثلاث خسوف: قد مر بيانهٔ تخرج نار من قعر عدن: اس کے بارے میں ابھی کلام گزرا بعض روایات میں تلقی الناس فی البحر واقع ہوا ہے الناس سے مراد کفار ہیں ان کو نار تیز رفتاری یعنی ہوا کے ساتھ آگ ان کفار کو سمندر میں ڈال دے گی والبحر موضع حشر الكفار و مستقر الفجار كما في رواية ان البحر يصير نارا كما في قوله تعالى واذا البحار سجرت بخلاف مؤمن کے اس کو ہنکانے والی نار تیز نہ ہوگی بلکہ سوق الی المحشر کے لیے صرف ڈرانے والی ہوگی۔

فائدہ: دوسری روایت میں نار حجاز کا ذکر ہے بقول صاحب مرقاۃ ۶۵۴ھ میں اس نار کا ظہور ہوا مگر آپ کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اہل مدینہ کو اس سے بچالیا اس نار کے ظہور کے کی ابتداء ۳ جمادی الاخری بروز جمعہ ہوئی اور یک شنبہ ۲۷ رجب تک رہی ۵۳ دن تک باقی رہی یہ عظیم آگ ایک بڑے شہر کے مانند تھی جس پہاڑ پر پہنچ جاتی خاک کر دیتی تھی اور شیشہ کی طرح پگھلا دیتی تھی دریا کی طرح جوش مارتی تھی ایسا معلوم ہوتا تھا گویا اس کے اندر سے سرخ ندی نکلتی ہے جب مدینہ کے قریب پہنچتی تو ٹھنڈی ہوا اس سے مدینہ کی طرف آتی تھی اس آگ کی روشنی جنگلوں اور حرم نبوی اور تمام گھروں میں آفتاب کی روشنی کی طرح پھیل گئی تھی ان ایام میں شمس وقمر کی روشنی مدھم پڑ گئی تھی بعض اہل مکہ نے اس آگ کی روشنی کو یمامہ اور بصرہ تک دیکھا یہ آگ پتھروں کو جلا دیتی تھی پیڑوں کو نقصان نہیں پہنچاتی تھی جن میں ایک بڑا پتھر آدھا داخل حرم مدینہ تھا اور آدھا باہر نصف کو جلا دیا پھر داخل نصف تک پہنچی اور ٹھنڈی ہو گئی تب اہل مدینہ ننگے سر ہو کر حرم مدینہ میں جمع ہوئے اور گریہ وزاری کی پھر اللہ تعالیٰ نے اس کا رخ بجانب شمال کر دیا اور مدینہ کو بچا لیا اور اس سال دنیا کے اندر وقائع غریبہ ہوئے اس کے بعد والے سال میں تاتاری فتنہ ہوا۔

الدخان: اس دخان کے بارے میں دو قول ہیں حضرت حذیفہؓ وغیرہ نے فرمایا دھواں ہے جو آخر زمانہ میں نکل کر مشرق و مغرب میں پھیل جائے گا اور چالیس دن تک رہے گا جس سے مسلمان زکام والے کی طرح ہو جائیں گے اور کفار نشہ والے کی طرح ہوں گے اور آیت شریفہ یوم تاتی السماء بدخان مبین یغشی الناس الآیۃ کا یہی مصداق ہے۔

دوسرا قول ابن مسعودؓ وغیرہ کا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ مکہ کے قحط کی وجہ سے کفار مکہ پر بھوک اس قدر طاری ہوئی کہ آسمان و زمین کے درمیان آنکھوں کے سامنے دھواں ہی دھواں نظر آتا تھا یہ سب آپ کی بددعا کی وجہ سے ہوا جس کی تفصیل احادیث میں موجود ہے۔

بعض حضرات نے فرمایا دو دخان ہوں گے ایک گزر چکا جو کفار قریش کو پیش آیا دوسرا قیامت کے قریب ہوگا سمک کا مجاهد عن ابن مسعودؓ كذا في القرطبي۔

الدجال: اس کی تفصیل آگے آرہی ہے نزول عیسیٰ علیہ السلام: یہ بھی آگے آرہا ہے۔

وفي الباب عن عليؓ اخرجه الترمذي وابي هريرةؓ اخرجه الترمذي وعن ام سلمةؓ اخرجه مسلم و صفيةؓ اخرجه الترمذي۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه مسلم و ابوداؤد والنسائي و ابن ماجه۔

عَنْ صَفِيَّةَؓ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَنْتَهِي النَّاسُ عَنْ غَزْوِ هٰذَا الْبَيْتِ حَتّٰى يَغْزُوَ جَيْشٌ حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ أَوْ بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ وَلَمْ يَنْجُ أَوْسَطُهُمْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَنْ كَرِهَ مِنْهُمْ قَالَ

يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ عَلٰى مَا فِيْ أَنْفُسِهِمْ۔

ترجمہ: حضرت صفیہؓ سے مروی ہے کہ فرمایا آپ ﷺ نے نہیں رکیں گے لوگ اس بیت اللہ کے غزوہ سے یہاں تک کہ ایک لشکر لڑے گا جب یہ لشکر مقام بیداء پر ہوگا تو دھنسا دیا جائے گا ان کے اول کے ساتھ آخری حصہ کو بھی اور نہیں نجات پائے گا ان کا درمیان بھی میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اور جس کو مجبور کیا گیا ہے (حالانکہ اس کا دل نہیں چاہتا) آپ نے فرمایا ان کو ان کی نیت پر اللہ تعالیٰ اٹھائے گا۔

ظاہر یہ ہے کہ قصہ زمانہ مہدیؑ میں پیش آئے گا حافظؒ فرماتے ہیں کہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ غزوہ کعبہ کا وقوع متعدد بار ہوگا بعض مرتبہ تو کعبہ پر چڑھائی کرنے والوں کو حملہ کرنے سے پہلے ہی ہلاک کر دیا جائے گا بعض مرتبہ قابو دے دیا جائے گا حافظؒ سے نقل کیا ہے ممکن ہے اس سے مراد وہی لشکر ہو جو کفار حبشہ کا ہوگا جس کو دھنسا دیا جائے گا کہ جب وہ کعبہ کو گرا دیں گے تو اللہ تعالیٰ لوٹتے ہوئے ان کا خسف فرمائیں گے مگر یہ قول بعید ہے کیونکہ روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ قبل یوم الکعبہ ان کو خسف کر دیا جائے گا پھر بعض طرق میں من امتی کا لفظ ہے اور وہ جو کہ کعبہ کو گرائیں گے وہ تو کفار حبشہ ہوں گے لہٰذا ظاہر یہ ہے کہ کفار حبشہ اس سے مراد نہیں ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد وابن ماجه

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَقَذْفٌ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَنَهْلَكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ إِذَا ظَهَرَ الْخُبْثُ۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے میری اس امت کے آخر میں خسف و مسخ و قذف ہوگا میں نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم ہلاک ہو جائیں گے حالانکہ ہم میں صالحین بھی ہوں گے فرمایا ہاں جب خبث ظاہر ہو جائے گا۔

انهلك من الاهلاك والهلاك مجهول على الاول و معروف على الثاني وفينا الصالحون جملہ حالیہ ہے اذا ظهر الخبث بفتح الخاء وسكون الباء اس کی تفسیر جمہور نے تو فجور سے کی ہے دوسرا قول اس سے مراد زنا ہے ظاہر یہ ہے کہ مطلقاً معاصی مراد ہیں اب حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ جب فسق و فجور کثیر ہو جائے تو اس سے ہلاکت عامہ متحقق ہوگی اگرچہ صلحاء بھی موجود ہوں البتہ بعث علی النیات ہوگا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ طُلُوْعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فَقَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ أَتَدْرِيْ أَيْنَ تَذْهَبُ هٰذِهِ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ قَالَ فَإِنَّهَا تَذْهَبُ لِتَسْتَأْذِنَ فِي السُّجُوْدِ فَيُؤْذَنُ لَهَا وَكَأَنَّهَا قَدْ قِيْلَ لَهَا اُطْلُعِيْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا قَالَ ثُمَّ قَرَأَ وَذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا وَقَالَ ذٰلِكَ قِرَاءَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ۔

ترجمہ: حضرت ابوذرؓ نے کہا میں مسجد میں داخل ہوا ایسے وقت کہ غروب شمس ہو رہا تھا اور نبی کریم ﷺ تشریف فرما تھے پس فرمایا اے ابوذرؓ کیا تجھے معلوم ہے کہ یہ سورج کہاں جاتا ہے کہا نہیں معلوم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول زیادہ جانتے ہیں فرمایا بے شک یہ

جاتا ہے تاکہ اجازت طلب کرے سجدہ کرنے کی پس اس کو اجازت دی جاتی ہے اور گویا اس کو کہا جاتا ہے طلوع ہو جا جہاں سے تو آیا ہے پس وہ طلوع ہوگا مغرب سے اور پڑھا آپ ﷺ نے وذالك مستقرلها اور ابوذرؓ نے فرمایا یہ عبداللہ بن مسعودؓ کی قراءۃ ہے۔

استیذان شمس کا مطلب: یہ حقیقت پر محمول ہے یا مجازی معنی مراد ہیں اول قول اصح ہے چنانچہ بخاری میں ہے فانها تذهب حتي تسجد تحت العرش فتستاذن فيوذن لها: علامہ قسطلانیؒ فرماتے ہیں کہ اجازت اس بات کی طلب کرتا ہے کہ حسب سابق مشرق سے طلوع ہو تو اس کو اجازت مل جاتی ہے بالجملہ آیت شریف والشمس تجري لمستقر لها الآية میں مستقر سے مراد مستقر زمانی ومکانی دونوں ہو سکتا ہے جس کا تفصیل کتب تفسیر میں موجود ہے اور اس کی تائید آیات وروایات سے بھی ہوتی ہے حضرت ابوذر غفاریؓ کی مذکور فی الباب روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ مستقر مکانی مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ آفتاب تحت العرش پہنچ کر سجدہ کرتا ہے یہاں تک کہ ایک دن آئے گا جب اس کو نیا دور کرنے کی اجازت نہیں ملے گی بلکہ یہ حکم ہوگا جس طرف سے آیا ہے اسی طرف لوٹ جا یعنی مغرب کی طرف سے زمین کے نیچے جا پھر مغرب کی طرف لوٹ کر مغرب سے طلوع ہو جا جس روز ایسا ہوگا تو یہ قیامت کے بالکل قریب ہونے کی علامت اب رہے ہیئت وفلکیات کے بیان کردہ اصول پر ہونے والے اشکالات وجوابات اس کے لیے کتب تفسیر کا مطالعہ کیا جائے۔

طلوع الشمس من مغربها کی تفصیلی کیفیت کا بیان گزر چکا ہے۔

وفي الباب عن صفوانؓ اخرجه ابن ماجه و حذيفةؓ اخرجه الترمذي وانسؓ اخرجه ابن ماجه وابي موسيٰؓ اخرجه احمد و مسلم هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري و احمد وابوداؤد و النسائي و كذا الترمذي في التفسير۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي خُرُوْجِ يَاجُوْجَ وَ مَاجُوْجَ

يَاجُوْجَ وَمَاجُوْجَ: بالہمزۃ وبغیر الہمزۃ یہ لفظ عجمی ہے یا عربی دونوں قول ہیں پھر جن لوگوں نے عربی کہا ان میں اختلاف ہے کہ ماخذ کیا ہے؟ بعض فرماتے ہیں یہ ماخوذ ہے اجیج النار سے جس کے معنی التہاب النار دوسرا قول یہ ماخوذ ہے الجۃ سے جس کے معنی اختلاط یا شدۃ الحر ہیں۔

ان کے متعلق اسرائیلی روایات اور تاریخی کہانیاں بہت بے سروپا عجیب وغریب مشہور ہیں جن کو بعض مفسرین نے بھی تاریخی حیثیت سے نقل کیا ہے مگر وہ خود بھی ان کے نزدیک قابل اعتماد نہیں قرآن کریم نے ان کا مختصر حال اجمالاً بیان کیا ہے اور آپ ﷺ نے بقدر ضرورت تفصیلات سے بھی امت کو آگاہ کر دیا ہے ایمان لانے اور اعتقاد رکھنے کی چیز صرف اتنی ہی ہے جو قرآن اور احادیث صحیحہ میں آ گئی ہے اس سے زائد تاریخی اور جغرافیائی حالات جو مفسرین ومحدثین اور مورخین نے ذکر کئے ہیں وہ صحیح بھی ہو سکتے ہیں اور غلط بھی ان میں جو اہل تاریخ کے اقوال مختلف ہیں وہ قرائن وقیاسات اور تخمینوں پر مبنی ہیں ان کے صحیح یا غلط ہونے کا کوئی اثر قرآنی ارشادات پر نہیں پڑتا یہاں بقدر ضرورت مختصر قابل اعتماد روایات اور ان سے متعلقہ امور ذکر کئے جاتے ہیں۔

قرآن وسنت کی تصریحات سے اتنی بات ثابت ہے کہ یاجوج وماجوج انسانوں ہی کی قومیں ہیں عام انسانوں کی طرح نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں کیونکہ قرآن کریم کی نص صریح ہے۔ وجعلنا ذريته هم الباقين الآية: تاریخی روایات اس پر متفق

ہیں کہ وہ یافث بن نوح کی اولاد میں سے ہیں چنانچہ ایک ضعیف حدیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے ان کے باقی حالات نواس ابن سمعان کی آنے والی روایت میں مذکور ہیں جو صحیح مسلم میں اور اسی طرح دیگر بہت سی مستند کتابوں میں مذکور ہے اور محدثین نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

جس میں یہ بھی مذکور ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں حق تعالیٰ کا حکم ہوگا کہ میں اپنے بندوں میں ایسے لوگوں کو بھیجوں گا جن کے مقابلہ کی کسی کو طاقت نہیں آپ مسلمانوں کو جمع کر کے کوہ طور پر چلے جائیں چنانچہ اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کو کھول دیں گے تو وہ سرعت سیر کے سبب ہر بلندی سے پھسلتے ہوئے دکھائی دیں گے ان میں سے پہلے لوگ بحیرہ طبریہ سے گذریں گے اور اس کا سب پانی پی کر ایسا کر دیں گے کہ جب دوسرے لوگ اس بحیرہ سے گذریں گے تو دریا کی جگہ کو خشک دیکھ کر کہیں گے کہ کبھی یہاں پانی تھا پھر مسلمان انتہائی تکلیف میں ہوں گے حضرت عیسیٰ علیہ السلام دعا کریں گے اور ان پر وبائی صورت میں ایک بیماری بھیجے گے اور یاجوج وماجوج تھوڑی دیر میں مر جائیں گے پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کوہ طور سے اتر آئیں گے تو دیکھیں گے کہ زمین پر ایک بالشت جگہ بھی ان کی لاشوں سے خالی نہیں اور لاشوں کے سڑنے کی وجہ سے سخت تعفن پھیلا ہوگا اس کیفیت کو دیکھ کر دوبارہ عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی دعا کریں گے کہ یہ مصیبت بھی رفع ہو جائے اللہ تعالیٰ بہت بھاری بھرکم پرندوں کو بھیجیں گے جن کی گردن اونٹ کی طرح ہوں گی وہ ان لاشوں کو اٹھا کر جہاں اللہ کی مرضی ہوگی وہاں پھینک دیں گے بعض روایات میں ہے کہ دریا میں ڈال دیں گے پھر حق تعالیٰ بارش برسائیں گے کوئی جنگل یا شہر ایسا نہ ہوگا جہاں بارش نہ ہوگی باقی روایت طویل ہے۔

عبدالرحمٰن بن یزید کی روایت میں یاجوج وماجوج کے قصہ کی زیادہ تفصیل ہے کہ بحیرہ طبریہ سے گزرنے کے بعد یاجوج وماجوج بیت المقدس کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ جبل الخمر پر چڑھ جائیں گے اور کہیں گے ہم سب نے زمین والوں کو قتل کر دیا اب ہم آسمان والوں کا خاتمہ کریں گے چنانچہ وہ اپنے تیر آسمان کی طرف پھینکیں گے اور وہ تیر حق تعالیٰ کے حکم سے خون آلودہ ہو کر ان کی طرف واپس آئیں گے تاکہ وہ احمق خوش ہوں کہ آسمان والوں کو بھی انہوں نے قتل کر دیا۔

صحیح بخاری ومسلم میں ابو سعید خدریؓ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ حضرت آدم سے فرمائیں گے آپ اپنی ذریت میں سے بعث النار جہنمی لوگ اٹھا لیں وہ عرض کریں گے، اے رب! وہ کون ہیں تو حکم ہوگا ہر ایک ہزار میں سے نوسو ننانوے جہنمی ہیں صرف ایک جنتی ہے صحابہ کرام سہم گئے دریافت کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم میں سے وہ ایک جنتی کون سا ہو گا آپ ﷺ نے فرمایا غم نہ کرو کیونکہ یہ نوسو ننانوے جہنمی تم میں سے ایک اور یاجوج وماجوج میں سے ایک ہزار کی نسبت سے ہوگا مستدرک حاکم میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کے دس حصے کئے ہیں ان میں ننانوے یاجوج ماجوج ہیں اور ایک حصہ باقی ساری دنیا کے انسان ہیں (روح المعانی) ان روایات سے معلوم ہوا کہ یاجوج ماجوج کی تعداد ساری انسانی آبادی سے بہت زائد ہے بخاری میں ابو سعید خدریؓ کی روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیت اللہ کا حج، عمرہ، خروج یاجوج وماجوج کے بعد بھی جاری رہے گا بخاری ومسلم میں حضرت زینب بنت جحشؓ سے روایت ہے کہ ایک دن آپ ﷺ نیند سے بیدار ہوئے کہ چہرۂ مبارک سرخ ہو رہا تھا اور آپ کی زبان مبارک پر یہ جملے تھے لا الٰہ الا اللہ ویل للعرب من شرقد اقترب فتح الیوم من ردم یاجوج و ماجوج مثل هذه وحلق تسعین۔ انگوٹھے کے سوا کوئی

معبود نہیں خرابی ہو عرب کی اس شر سے جو قریب آچکا ہے آج کے دن یاجوج و ماجوج کی روم یعنی سد میں اتنا سوراخ کھل گیا اور آپ نے "عقد تسعین" یعنی انگوٹھے اور انگشت شہادت کو ملا کر حلقہ بنا کر دکھلایا۔

سد یاجوج و ماجوج میں بقدر حلقہ سوراخ ہو جانا اپنے حقیقی معنی میں بھی ہو سکتا ہے اور مجازی طور پر بھی ممکن ہے سد ذوالقرنین کے کمزور ہو جانے میں ہے۔ ترمذی ابن ماجہ نے ابوہریرہؓ سے روایت نقل کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا یاجوج و ماجوج ہر روز سد ذوالقرنین کو کھودتے رہتے ہیں یہاں تک کہ اس دیوار کے آخری حصہ تک اتنے قریب پہنچ جاتے ہیں کہ دوسری طرف کی روشنی نظر آنے لگے مگر یہ کہہ کر لوٹ جاتے ہیں کہ باقی کو کل کھود کر پار کریں گے مگر اللہ تعالیٰ پھر اس کو ویسا ہی مضبوط و درست کر دیتے ہیں اگلے روز پھر نئی محنت ویسی ہی کرتے ہیں یہ سلسلہ ان کے کھودنے کا اور منجانب اللہ اس کے درست کر دینے کا اس وقت تک جاری رہے گا جب تک یاجوج ماجوج کو بند رکھنے کا ارادہ ہے جب اللہ ان کو کھولنے کا ارادہ فرمائیں گے تو اس روز جب محنت کر کے آخری حد میں پہنچیں گے اس دن یوں کہیں گے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو اس کو کل پار کر دیں گے اللہ کے نام لینے اور اس کی مشیت پر موقوف رکھنے سے آج توفیق ہو جائے گی تو اگلے روز دیوار کا باقی ماندہ حصہ اپنی حالت پر ملے گا اور وہ اس کو توڑ کر پار کریں گے اس سے معلوم ہوا کہ یاجوج و ماجوج میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ کے وجود اور اس کی مشیت و ارادے کو مانتے ہیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ بغیر کسی عقیدت کے ہی ان کی زبان پر اللہ تعالیٰ یہ جملہ جاری کر دے اور اس کی برکت سے ان کا یہ کام بن جائے مگر ظاہر یہ ہے کہ ان کے پاس انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ اسلام کی دعوت پہنچ چکی ہے ورنہ نص قرآنی کے مطابق ان کو جہنم کا عذاب نہ ہونا چاہئے وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا الآیۃ معلوم ہوا کہ دعوت ایمان ان کو پہنچ چکی ہے مگر یہ لوگ کفر پر جمے رہے ان میں سے کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے جو اللہ کے وجود اور اس کے ارادہ و مشیت کے قائل ہوں گے مگر صرف یہ عقیدہ ایمان کے لیے کافی نہیں جب تک رسالت و آخرت پر ایمان نہ ہو بہرحال انشاء اللہ کہنا باوجود کفر کے بھی بعید نہیں۔

یاجوج و ماجوج کے بارے میں قرآن و سنت کی روشنی کے مطابق یہ تفصیل لکھ دی ہے رہا اس دیوار کی تحقیق تو بہت طویل و مختلف فیہ ہے جس کو مفسرین وغیرہ نے ذکر کیا ہے کتب تفسیر کا مطالعہ کر لیا جائے۔

عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ قَالَتْ اِسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَوْمٍ مُحْمَرًّا وَجْهُهُ وَهُوَ يَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يُرَدِّدُهَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَاجُوْجَ وَ مَاجُوْجَ مِثْلُ هٰذَا وَعَقَدَ عَشْرًا قَالَتْ زَيْنَبُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَفَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصّٰلِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ۔

ترجمہ: زینبؓ فرماتی ہیں کہ ایک دن آپ ﷺ بیدار ہوئے نیند سے کہ سرخ ہو رہا تھا آپ کا چہرہ فرمایا لا الٰہ الا اللہ تین بار (آپ نے تکرار فرمایا) خرابی ہو اہل عرب کے لیے ایسے شر سے جو قریب ہے کھول دیا گیا ہے آج یاجوج و ماجوج کی روم کو (یعنی دیوار میں سوراخ اس طرح کر دیا گیا) اور آپ نے عقد کیا عشر کا زینب نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم ہلاک کر دیئے جائیں گے حالانکہ ہم میں صالحین بھی ہیں فرمایا جب کہ کثیر ہوگا شر و خبث۔

استیقظ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نوم محمرا وجھہ: بخاری شریف میں ہے دخل علیھا یوما فزعاً ممکن ہے کہ بیدار ہونے کے بعد ان کے یہاں آئے ہوئے چنانچہ ابوعوانہ کی روایت میں صراحۃً ویل للعرب من شر قد اقترب واقع

ہے ویل کے معنی خرابی کے ہیں روایت میں میں اہل عرب کی تخصیص یا تو اس وجہ سے ہے کہ وہ راس القوم المسلم ہیں یا شفقۃ فرمایا نیز وہ معظم المسلمین ہیں اشارہ فرمایا کہ ان کے لیے ویل ہے تو دوسروں کے لئے بطریق اولیٰ ہوگی۔

الشــر: اس سے مراد یا تو قتل عثمانؓ ہے کہ اس کے بعد فتن کا وقوع اس قدر ہوا کہ عرب لوگوں کے درمیان اس طرح ہو گئے جس طرح کوئی پلیٹ ہو کھانے والوں کے درمیان کما وقع فی الحدیث الآخر یوشك ان تداعی علیکم الامم کما تداعی الاکلۃ علی قصعتھا: علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں یہ بھی احتمال ہو سکتا ہے کہ شر سے مراد وہ فتن ہوں جن کا ذکر ام سلمہؓ کی روایت میں ہے فرمایا ما ذا انزل اللیلۃ من الفتن وما ذا انزل من الخزائن اس سے اشارہ ان فتوحات کی طرف ہے جو آپ کے بعد ہوئی ہیں کہ اموال کثیرہ لوگوں کو حاصل ہوئے تو لوگوں میں تنافس ہوا پھر فتنے رونما ہوئے اسی طرح امارت کے بارے میں بھی اختلافات ہوئے حتی کہ حضرت عثمان غنیؓ پر اقرباء پروری کا الزام لگایا جس کی انتہا قتل پر ہوئی اور پھر مسلمانوں کے درمیان یہی جنگ ہوتی چلی آ رہی ہے۔

قد اقترب: غایت قرب کو بیان کرنا مقصود ہے۔

ردم: اس سے مراد وہ سد (دیوار) ہے جس کو ذوالقرنین نے بنایا تھا اس بارے میں تفصیلات کتب تفسیر میں موجود ہیں۔

مثل ھذہ: مرفوع، نائب فاعل ہے فتح کا اور اشارہ حلقہ کی طرف ہے۔

عقد عشر: بعض روایتوں میں تسعین واقع ہے مقصود تقریب ہے۔

وفینا الصالحون: ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اس کے معنی افنعذب فنھلك نحن معشر الامۃ والحال ان بعضنا مومنون وفینا الطیبون الطاھرون۔

دوسرا قول یہ ہے کہ یہ باب اکتفاء سے ہے اور تقدیر عبارت ہے وفینا الصالحون مناً ومنا الفاسقون۔

اذا کثر الخبث: بفتح الخاء والموحدۃ ثم مثلثۃ خبث کی تفسیر بعض نے زنا سے کی ہے اور بعض نے فسق و فجور سے یہی آخری تفسیر معتبر ہے کیونکہ یہ صلاح کے بالمقابل ہے مقصود یہ بیان کرنا ہے کہ جب فسق و فجور عام ہو جائے گا تو صالح و ظالم سب کو ہلاک کر دیا جائے گا البتہ بعث نیات پر ہوگا کما مر جس طرح جب آگ بھڑکتی تو خشک و تر دونوں طرح کی لکڑی کو جلا دیتی ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری و مسلم والنسائی وابن ماجہ

جـوّد سـفـیـان الـخ: اس کا حاصل یہ ہے کہ سفیان بن عیینہؒ نے زہری سے یہ روایت نقل کی ہے تو سند کے اندر چار مبارک عورتوں کا ذکر فرمایا زینب بنت ابی سلمہؓ عن حبیبہؓ عن ام حبیبہؓ عن زینبؓ بنت جحش اول دونوں آپ ﷺ کی ربیبہ ہیں اور آخر الذکر دونوں آپ ﷺ کی ازواج مطہرات میں سے ہیں البتہ معمر نے زہری سے یہ روایت نقل کی تو انہوں نے حبیبہ کا ذکر نہیں کیا تو سفیان کی روایت اجود ہے حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں اس پر طویل کلام کیا ہے فعلیك ان تراجعہ۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ الْمَارِقَةِ

مارقہ سے مراد خوارج ہیں

حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ نَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

يَخْرُجُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ أَحْدَاثُ الْأَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَقُولُونَ مِنْ قَوْلِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ يَمْرُقُونَ عَنِ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکلے گی آخر زمانہ میں ایک قوم جو نوجوان ہوگی کم عقل والی ہوگی قرآن کریم کو وہ پڑھیں گے نہیں اترے گا قرآن ان کے حلق سے بات کریں گے مخلوق میں سب سے بہتر کی (یعنی آپ ﷺ کی) نکل جائیں گے وہ لوگ دین سے جیسے تیر نکل جاتا ہے کمان سے۔

آخر الزمان: اس سے مراد آخر زمانہ خلافت ہے چنانچہ حضرت علیؓ کے آخری زمانہ میں خوارج کا ظہور ہوا ہے۔

سفہاء الاحلام: جمع حلم بکسر الحاء بمعنی العقل مراد بے وقوف اور کم عقل لوگ ہیں۔

لا یجاوز تراقیھم: جمع ترقوۃ بمعنی الحلق مراد یہ کہ یہ لوگ پڑھیں گے لیکن اللہ تعالیٰ اس کو قبول نہیں کرے گا تو گویا ان کے حلق سے نہیں اترا بعض نے فرمایا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ قرآن کریم پر عمل نہ کریں گے اس پر ان کو ثواب بھی نہ ملے گا۔

يَمْرُقُونَ عَنِ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ: دین سے مراد ایمان تو مشکل ہے ورنہ تکفیر خوارج لازم ہوگی جو ہمارے عقیدہ کے خلاف ہے بلکہ مراد اطاعت ہے والیہ الخطابیؒ اور اب مطلب یہ ہوگا کہ خوارج دین و طاعت سے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے اور واپس نہیں ہوتا۔

وفي الباب عن عليؓ اخرجه البخاري و مسلم وابوداؤد وابي سعيدؓ اخرجه البخاري وابي ذرؓ اخرجه احمد و مسلم۔

وَقَدْ رُوِيَ فِي غَيْرِ هٰذَا الْحَدِيثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَقُولُونَ مِنْ قَوْلِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ يَمْرُقُونَ عَنِ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ إِنَّمَا هُمُ الْخَوَارِجُ الْحَرُورِيَّةُ وَغَيْرُهُمْ مِنَ الْخَوَارِجِ۔

یعنی ابوسعیدؓ و علیؓ کے علاوہ روایات میں اس قوم کی تعیین خوارج سے کی گئی ہے۔

خوارج: یہ فرقہ اسلام میں اول فرقہ مبتدعہ و فاسقہ ہے حضرت علیؓ کی خلافت کے زمانے میں وجود میں آ گیا تھا چونکہ امام کی اطاعت سے یہ خارج ہو گیا تھا اس وجہ سے اس کو خوارج کہا جاتا ہے پھر اس کے بیس فرقے ہیں آٹھ بڑے ہیں ان کے عقائد اکفار علیؓ و عثمانؓ اکفار حکمین لعلیؓ و معاویہؓ اکفار اصحاب جمل ومن رضی بالتحکیم، اکفار اصحاب الکبائر من الذنوب وجوب خروج بغاوت الامام الجائر ہیں۔

حروریہ: یہ فرقہ مقام حروراء میں رہتا تھا اس وجہ سے ان کو حروریہ کہا جاتا ہے خوارج اسلام میں عظیم فتنہ تھے ان میں عبدالرحمٰن بن ملجم ہے۔

نوٹ: عبدالرحمٰن بن ملجم ہی صحیح ہے نہ کہ ملجم اسی نے حضرت علیؓ کو شہید کیا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْأَثَرَةِ

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ نَا أَبُو دَاوُدَ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ نَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ

الْاَنْصَارِ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِسْتَعْمَلْتَ فُلَانًا وَلَمْ تَسْتَعْمِلْنِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّکُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِیْ اَثَرَۃً فَاصْبِرُوْا حَتّٰی تَلْقَوْنِیْ عَلَی الْحَوْضِ۔

ترجمہ: انصار میں سے ایک آدمی نے کہا یا رسول اللہ ﷺ فلاں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عامل بنادیا اور مجھ کو عامل نہیں بنایا آپ نے فرمایا بے شک عنقریب دیکھو گے تم میرے بعد آگے بڑھنے کو پس تم صبر کرنا حتی کہ تم ملاقات کرو مجھ سے حوض پر۔

استعملت: ای جعلتہ عاملا۔ اثرۃ بضم الھمزۃ وفتح المثلثۃ وبفتحتین ویجوز کسر اولہ مع الاسکان ای الانفراد بالشیء المشترک دون من یشرکہ خودغرضی کسی مشترک امر میں اپنے کو ترجیح دینا قال ابو عبید معناہ یفضل نفسہ علیکم فی الفیء۔

فَاصْبِرُوْا حَتّٰی تَلْقَوْنِیْ عَلَی الْحَوْضِ: یعنی تم صبر کرو فتنہ کرو حتی کہ مرنے کے بعد تمہاری مجھ سے ملاقات ہوگی کہ تم جنت میں داخل کئے جاؤ گے قیامت کے دن میں تم کو انصاف دلاؤں گا ظالمین کے مقابلہ میں اور جب دنیا میں صبر کرو گے اس پر ثواب الگ سے ملے گا حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ آپ کا یہ ارشاد صحابی کے مطالبہ کا جواب نہیں ہے ممکن ہے کہ اصل جواب کو راوی نے ذکر نہ کیا ہو ای انا لا نستعمل من یسأل الامارۃ او العمالۃ بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبر کی تلقین و ترغیب دی ہو کہ آئندہ ایسا ہوگا کہ امراء تمہارے حقوق ادا نہ کریں گے تو اس موقع پر صبر کی ضرورت ہے البتہ اب جو میں نے دوسرے کو عامل بنایا ہے اور تم کو نہیں بنایا یہ اثرۃ میں داخل نہیں ہے کیونکہ شرعی اصول یہ ہے کہ طالب ولایت کو ہم ذمہ دار نہیں بناتے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری و مسلم و احمد والنسائی

بَابُ مَا اَخْبَرَ النَّبِیُّ ﷺ اَصْحَابَہٗ بِمَا هُوَ كَائِنٌ اِلٰی يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَی الْقَزَّازُ الْبَصْرِیُّ نَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ نَا عَلِیُّ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَبِیْ نَضْرَۃَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمًا صَلٰوۃَ الْعَصْرِ بِنَهَارٍ ثُمَّ قَامَ خَطِیْبًا فَلَمْ یَدَعْ شَیْئًا یَکُوْنُ اِلٰی قِیَامِ السَّاعَۃِ اِلَّا اَخْبَرَنَا بِہٖ حَفِظَہٗ مَنْ حَفِظَہٗ وَنَسِیَہٗ مَنْ نَسِیَہٗ فَکَانَ فِیْمَا قَالَ اِنَّ الدُّنْیَا خَضِرَۃٌ حُلْوَۃٌ وَاِنَّ اللّٰہَ مُسْتَخْلِفُکُمْ فِیْهَا فَنَاظِرٌ کَیْفَ تَعْمَلُوْنَ اَلَا فَاتَّقُوا الدُّنْیَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ وَکَانَ فِیْمَا قَالَ اَلَا لَا یَمْنَعَنَّ رَجُلًا هَیْبَۃُ النَّاسِ اَنْ یَّقُوْلَ بِحَقٍّ اِذَا عَلِمَہٗ قَالَ فَبَکٰی اَبُوْ سَعِیْدٍ فَقَالَ قَدْ وَاللّٰہِ رَاَیْنَا اَشْیَاءَ فَهِبْنَا وَکَانَ فِیْمَا قَالَ اَلَا اِنَّہٗ یُنْصَبُ لِکُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ بِقَدْرِ غَدْرَتِہٖ وَلَا غَدْرَۃَ اَعْظَمُ مِنْ غَدْرَۃِ اِمَامِ عَامَّۃٍ یُرْکَزُ لِوَاؤُہٗ عِنْدَ اِسْتِہٖ وَکَانَ فِیْمَا حَفِظْنَا یَوْمَئِذٍ اَلَا اِنَّ بَنِیْ آدَمَ خُلِقُوْا عَلٰی طَبَقَاتٍ شَتّٰی فَمِنْهُمْ مَنْ یُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَیَحْیٰی مُؤْمِنًا وَیَمُوْتُ مُؤْمِنًا وَیَحْیٰی مُؤْمِنًا وَیَمُوْتُ کَافِرًا وَیَحْیٰی کَافِرًا وَیَمُوْتُ کَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ یُّوْلَدُ مُؤْمِنًا اَلَا وَاِنَّ مِنْهُمْ بَطِیْءُ الْغَضَبِ سَرِیْعُ الْفَیْءِ وَمِنْهُمْ سَرِیْعُ الْغَضَبِ سَرِیْعُ الْفَیْءِ فَتِلْکَ بِتِلْکَ اَلَا وَاِنَّ مِنْهُمْ سَرِیْعُ الْغَضَبِ بَطِیْءُ الْفَیْءِ اَلَا وَخَیْرُهُمْ بَطِیْءُ الْغَضَبِ سَرِیْعُ الْفَیْءِ وَشَرُّهُمْ سَرِیْعُ الْغَضَبِ بَطِیْءُ الْفَیْءِ اَلَا وَاِنَّ مِنْهُمْ حَسَنُ الْقَضَاءِ حَسَنُ الطَّلَبِ وَمِنْهُمْ سَیِّئُ الْقَضَاءِ حَسَنُ الطَّلَبِ وَمِنْهُمْ حَسَنُ الْقَضَاءِ

سَرِيْعُ الطَّلَبِ فَتِلْكَ بِتِلْكَ اَلَا وَاِنَّ مِنْهُمُ السَّيِّئُ الْقَضَاءِ السَّرِيْعُ الطَّلَبِ اَلَا وَخَيْرُهُمْ حَسَنُ الْقَضَاءِ حَسَنُ الطَّلَبِ وَشَرُّهُمْ سَيِّئُ الْقَضَاءِ سَيِّئُ الطَّلَبِ اَلَا وَاِنَّ الْغَضَبَ جَمْرَةٌ فِيْ قَلْبِ ابْنِ آدَمَ اَمَا رَأَيْتُمْ اِلٰى حُمْرَةِ عَيْنَيْهِ وَانْتِفَاخِ اَوْدَاجِهٖ فَمَنْ اَحَسَّ بِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ فَلْيَلْصَقْ بِالْاَرْضِ قَالَ وَجَعَلْنَا نَلْتَفِتُ اِلَى الشَّمْسِ هَلْ بَقِيَ مِنْهَا شَيْءٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَلَا اِنَّهٗ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهَا اِلَّا كَمَا بَقِيَ مِنْ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ

ترجمہ: ابوسعید خدریؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ایک دن عصر کی نماز پڑھائی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے خطبہ دینے کے لیے پس نہیں چھوڑا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی چیز کو جو ہونے والی ہے قیامت تک مگر اس کے بارے میں خبر دی، یاد رکھا جس نے یاد رکھا اور بھلا دیا جس نے بھلا دیا پس جو کچھ فرمایا تھا اس میں سے یہ کہ دنیا سبز و میٹھی چیز ہے اور بے شک اللہ نے اس میں تم کو خلیفہ بنا کر چھوڑا ہے اب دیکھنا ہے کہ کیسے عمل کرتے ہو دیکھو دنیا اور عورتوں سے بچو! جو کچھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس میں یہ بھی تھا کہ خبردار کسی شخص کو لوگوں کی ہیبت حق بات کہنے سے نہ روکے جب کہ اس کو حق بات معلوم ہو جائے راوی نے کہا پس روئے ابوسعیدؓ اور فرمایا خدا کی قسم ہم نے کئی باتیں دیکھیں (خلاف شرع) اور ہم ڈر گئے اور جو کچھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس میں یہ بھی تھا کہ آگاہ ہو جاؤ کہ بے وفا غدار کے لیے قیامت کے دن اس کی بے وفائی کی مقدار کے مطابق جھنڈا نصب کیا جائے گا (تاکہ دنیا میں اپنی قوم سے غداری کرنے والا پہچان لیا جائے) اور کوئی بے وفائی اور غداری امام عامہ کی بغاوت سے بڑھ کر نہیں اس کا جھنڈا اس کی مقعد کے پاس گاڑا جائے گا اور جو کچھ ہم نے آپ سے اس وقت سن کر یاد رکھا یہ بھی تھا کہ لوگ مختلف درجوں اور متعدد طبقوں پر پیدا کیے گئے ہیں ان میں سے بعض جو مومن پیدا ہوئے مومن زندہ رہے اور مومن ہی مریں گے اور بعض ایسے ہی جو کافر پیدا ہوئے اور کافر ہی زندہ رہے اور کافر ہی مریں گے بعض ایسے مومن پیدا ہوئے مومن ہی زندہ رہے مگر کافر مریں گے بعض ایسے ہیں جو کافر پیدا ہوئے کافر ہی زندہ رہے اور مومن ہو کر مریں گے۔ خبردار ان میں بعض وہ ہیں جن کو دیر میں غصہ آتا ہے اور جلدی ہی اتر جاتا ہے بعض ایسے ہیں جنہیں جلدی غصہ آتا اور جلدی ہی اتر جاتا ہے تو یہ اس کا بدلہ ہو گیا خبردار! بعض لوگ ایسے ہیں کہ انہیں جلدی غصہ آتا ہے مگر دیر میں جاتا ہے خبردار ان میں اچھے وہ ہیں جن کو دیر میں غصہ آئے اور جلدی اتر جائے اور سب سے برے وہ ہیں جنہیں جلدی غصہ آئے اور دیر میں اترے خبردار بعض ایسے ہیں جو ادا کرنے میں اچھے ہیں اور مانگنے میں بھی اچھے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو ادا کرنے میں اچھے نہیں مگر مانگنے میں اچھے ہیں اور یہ اس کا بدلہ ہو گیا خبردار بعض ایسے ہیں جو ادا کرنے میں برے ہیں اور مانگنے میں بھی برا ہے خبردار غصہ انسان کے دل میں ایک چنگاری ہے کیا تم نے اس کی آنکھوں کی سرخی اور گردن کی پھولی ہوئی رگیں نہیں دیکھیں لہٰذا جو شخص تھوڑا سا غصہ بھی اپنے اندر محسوس کرے اسے زمین پر لیٹ جانا چاہیے حضرت ابوسعیدؓ فرماتے ہیں کہ ہم سورج کی طرف دیکھنے لگے کہ کتنا باقی ہے (یا غروب ہو گیا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم نے فرمایا خبردار دنیا کا باقی حصہ دنیا کے گزرے ہوئے حصہ کے مقابل میں اتنا ہی ہے جیسا تمہارے آج کے دن کا باقی حصہ رہ گیا ہے۔

بنهار: اس سے اشارہ کیا تعجیل عصر کی طرف کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن عصر کی نماز جلدی پڑھائی معلوم ہوا کہ معمول تاخیر سے نماز پڑھنے کا تھا۔

فلم يدع شيئاً: اس سے مراد امور دین جو ضروری تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کر دئے اور ان میں سے کچھ باقی

نہیں چھوڑا۔

ان الدنیا حلوۃ خضرۃ: بفتح الخاء و کسر الضاد بمعنی تروتازہ۔

حلوۃ: لذیذ حسنۃ دنیا کو خضرۃ یعنی سرسبز وشاداب فرمایا اس سے اشارہ ہے کہ جس طرح سبزیاں وغیرہ بظاہر اپنی شادابی کی بناء پر اچھی معلوم ہوتی ہیں مگر جلدی ہی ان پر تغیر وانکسار طاری ہو جاتا ہے اسی طرح یہ دنیا ہے بظاہر شاداب ہے مگر جلدی ہی اس پر فنا طاری ہو جائے گا۔

ان اللہ مستخلفکم فیھا فناظر کیف تعملون: یعنی اللہ تعالیٰ نے تم کو تمہارے بڑوں کے قائم مقام اور ذمہ دار بنایا ہے اب اللہ تعالیٰ دیکھتے ہیں کہ تم کس طرح عمل کرتے ہو آیا اس دنیا کی شادابی میں منہمک ہو جاتے ہو یا اللہ تعالیٰ کے اوامر ونواہی کو مانتے ہو۔

الا فاتقوا الدنیا: یعنی لوگو! دنیا کی زیادتی اور اس کی کثرت نیز اس میں انہماک سے بچو بلکہ دنیا کو بقدر ضرورت اختیار کرو جو دین وآخرت کے لیے نافع ہو۔

واتقوا النساء: عورتوں کے کید ومکر سے بچو کیونکہ قرآن میں ہے ان کیدکن عظیم۔

نیز خود آپ ﷺ کا ارشاد ہے: النساء حبالۃ الشیطان نیز ممکن ہے تقدیر عبارت فاتقوا اللہ فی حق النساء یعنی عورتوں کے حقوق کے بارے میں اللہ کا خوف کرو ان کے ساتھ زیادتی نہ کرو ان کے حقوق پورے طور پر ادا کئے جائیں مگر ظاہر اول معنی ہیں۔

الا لا تمنعن رجلا ھیبۃ الناس الخ: یعنی حق بات کہنے اور کرنے سے کسی شخص کو کسی کی عظمت دینا اور اس کا دبدبہ مانع نہ بنے بلکہ فتنہ سے بچتے ہوئے حق بات کہدی جائے تاکہ فریضہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے برأت ہو جائے نیز الکلمۃ حق عند السلطان الجائر کو افضل الجہاد بھی قرار دیا گیا ہے جو باعث ثواب ہے ابو سعید خدریؓ اس پر افسوس بھی کر رہے ہیں کہ ہم نے بہت سے امور منکرہ دیکھے ہیں اور ہم ان پر نکیر کرنے سے قاصر رہے غالباً انہوں نے ادنیٰ درجہ یعنی فلیغیرہ بقلبہ پر عمل کیا ہے جو کہ اضعف الایمان ہے تو ان کا افسوس ترک پر نہیں بلکہ ادنیٰ درجہ اختیار کرنے پر ہے۔

الا انہ ینصب لکل غادر لواء یوم القیمۃ بقدر غدرتہ ولا غدرۃ اعظم من غدرۃ امام عامۃ: اس سے امام المومنین کی اطاعت کی ترغیب فرمائی اور اس سے غداری اور بے وفائی پر تنبیہ مقصود ہے کہ خلیفۂ وقت کی اطاعت کی جائے امام سے غداری کا نقصان پورے ملک اور اس کے رہنے والوں کو پہنچتا ہے جس سے شوکت اسلام ختم ہو جاتی ہے کفار اس سے فائدہ اٹھائیں گے اس لئے غدر سے منع کر دیا گیا ہے البتہ معصیت میں اطاعت واجب نہیں لقولہ علیہ السلام لا طاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق: ہاں اتنی بات یاد رکھنی چاہئے کہ مباحات کے بارے میں اولوا الامر کی جانب سے حکم ہو جائے تو واجب العمل ہو جاتے ہیں۔

یمرکز لواء ہ عند استہ الخ: مجہول پڑھا جائے یعنی جو شخص بغاوت کرے گا قیامت کے دن اس کے سرینوں پر یا مراد حلقۂ دبر پر بقدر بغاوت جھنڈا گاڑا جائے گا تحقیراً لہ تاکہ دور سے لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ شخص امام العامہ کی بغاوت کرنے والا ہے۔

الا ان بنی آدم خلقوا علی طبقات شتی الخ: یعنی انسانوں کو مختلف مراتب پر پیدا کیا گیا ہے ان کی تفصیل حدیث میں

مذکور ہے اور ظاہر ہے ایمان کے اعتبار سے جو درجات بیان کئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اعتبار اخیر کا ہے انما العبرة بالخواتیم لہٰذا کوئی شخص مومن پیدا ہوا اور مؤمن ہی رہا کہ پوری عمر اطاعت میں گذاری مگر اخیر کفر پر ہوا تو اس کی پوری زندگی بے کار گئی لہٰذا اپنے اعمال صالحہ پر غرور و تکبر بھی نہ کرنا چاہئے کیونکہ انجام معلوم نہیں یہ بھی یاد رہے جو اقسام روایت میں مذکور ہیں وہاں میں حصر عقلی نہیں بلکہ تقسیم غالبی ہے دو قسمیں اور بھی محتمل ہیں۔

من یولد مومنا ویحیٰی کافرا او یموت مومنا من یولد کافرا و یحیٰی مومناً ویموت کافراً۔

ان چاروں قسموں میں بطئ الغضب سریع الفئ سب سے بہتر ہے کہ فتنہ سے دوری نقصان سے بچاؤ ہے اور سریع الغضب بطئ الفئ سب سے بری قسم ہے کہ نقصانات اس میں زیادہ ہیں غصہ کی حقیقت اور اس کے اقسام نیز اس کے علاج کا بیان جزء ثانی ص ۲۱۸ پر گزر چکا ہے۔

مراد یہ ہے کہ انسان کی تخلیق اخلاق حمیدہ وذمیمہ دونوں پر ہوتی ہے یعنی مدح و ذم کا مدار غلبہ پر ہے اگر صفات حمیدہ کا غلبہ ہے تو محمود ہے ورنہ مذموم ہے۔

لم یبق من الدنیا فیما مضی منها الا کما بقی من یومکم الخ: یہ لم یبق کے فاعل سے استثناء ہے سورج چھپنے کے قریب ہو گیا تھا تو لوگوں نے دیکھنا شروع کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر بھی مزید یہ ارشاد فرمایا کہ قیامت بالکل قریب اور جس قدر حصہ دن کا باقی رہ گیا یعنی تھوڑا اور زیادہ گذر چکا ہے پس اسی قدر دنیا کا زمانہ ختم ہونے والا ہے لہٰذا قیامت آنے والی ہے اس لئے آخرت کی تیاری کرنا چاہئے۔

هذا حدیث حسن اخرجه الحاکم واحمد والبیهقی وفی الباب عن المغیرةؓ اخرجه احمد والعقیلی وابی مریمؓ اخرجه النسائی وابی زیدؓ اخرجه احمد و مسلم و حذیفةؓ اخرجه البخاری۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ اَهْلِ الشَّامِ

عَنْ مُعٰوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم اِذَا فَسَدَ اَهْلُ الشَّامِ فَلَا خَيْرَ فِيْكُمْ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِيْ مَنْصُوْرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ

ترجمہ: معاویہ بن قرۃؓ اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ کہا میرے باپ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب شام والے بگڑ جائیں تو تم میں بھی بھلائی نہیں رہے گی میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ منصور رہے گا نہیں نقصان پہنچا سکیں گے وہ لوگ جو ان کو ذلیل کرنا چاہیں گے قیامت تک۔

منصورین: ای غالبین علیٰ اعداء الناس من خذلهم: ای من ترك نصرتهم و معاونتهم

حتی تقوم الساعة: اس سے مراد خروج ریح کا زمانہ ہے جو علامت قیامت میں سے ہے۔

سوال: مسلم شریف میں روایت ہے لا تقوم الساعة الا علی شرار الناس (الحدیث) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ پوری دنیا میں فساد ہو جائے گا تب قیامت قائم ہوگی جب کہ روایت الباب سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت تک ایک جماعت صلحاء کی

رہے گی۔

جواب: حدیث مذکور میں شرار الناس کسی مخصوص جگہ کے ہوں گے مخصوص وضع والے جن سے ایک جماعت قتال کرتی رہے گی چنانچہ یہ جماعت صلحاء بیت المقدس میں ہوگی جیسا کہ طبرانی میں ہے عن ابی امامة قیل یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واین هم قال بیت المقدس۔

طائفہ منصورین کا مصداق: اس سے مراد وہ افراد ہیں جن کو دجال گھیرے ہوئے ہوگا پس عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے ان لوگوں نے پاس اور دجال کو قتل کریں گے دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ مخصوص افراد بوقت خروج دجال ہوں گے یا عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد ہوں گے اس وقت ایک ہوا چلے گی جو ہر مومن کی روح کو قبض کرے گی اور دنیا میں شرار الناس رہ جائیں گے پھر قیامت قائم ہوگی اس وقت دنیا میں کوئی مسلم نہ رہے گا۔

قال محمد بن اسماعیل قال علی بن المدینی هم اصحاب الحدیث: مگر امام بخاریؒ نے فرمایا کہ علی ابن المدینیؒ نے فرمایا اس جماعت خاصہ سے مراد اصحاب حدیث ہیں امام بخاریؒ نے جامع میں فرمایا اس سے مراد اہل علم ہیں قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد اہل سنت والجماعۃ ہیں علامہ نوویؒ فرماتے ہیں ممکن ہے یہ طائفے متفرق ہوں کہ بعض ان میں مجاہدین ہوں بعض فقہاء ہوں اور بعض محدثین ہوں اور بعض زہاد ہوں اسی طرح بعض آمرین بالمعروف والناھون عن المنکر ہوں نیز اس طرح دوسرے اہل خیر ہوں یہ ضروری نہیں کہ مجتمع ہوں بلکہ اطراف ارض میں پھیلے ہوئے ہوں۔

وفی الباب عن عبداللہ بن حوالۃؓ اخرجه احمد وابوداؤد و ابن عمرؓ وزید بن ثابتؓ اخرجهما الترمذی و عبداللہ بن عمروؓ اخرجه ابوداؤد۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا بَهْزُ بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيْنَ تَاْمُرُنِيْ قَالَ هٰهُنَا وَنَحَا بِيَدِهٖ نَحْوَ الشَّامِ۔

ترجمہ: بہز بن حکیم نے اپنے باپ سے انہوں نے ان کے دادا سے نقل کیا کہ میں نے پوچھا یا رسول اللہ (جب فساد ہوگا) تو آپ کہاں کا حکم دیں گے؟ مجھ کو فرمایا اس جگہ اور اشارہ کیا ہاتھ سے شام کی جانب۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد والطبرانی۔

بَابُ لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ نَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ نَا عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا نہ ہو جانا تم میرے بعد کفار کہ مارے تم میں سے بعض

بعض کی گردنوں کو۔

لاترجعوا: ای لا تصیر وابعد موتی۔

کفارا: اس سے مراد کافروں کی طرح عمل کرنے والے یا معنی یہ ہیں کہ مسلمانوں کے قتل کو جائز سمجھنے والے ایسے لوگ بھی کافر ہیں یا اس وجہ سے کفار فرمایا کہ کسی مسلمان کو قتل کرنا بالآخر کفر تک پہنچا دیتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل اسلام کو اپنے بعد کے لیے یہ وصیت فرمائی کہ میرے بعد ایسا نہ ہو کہ کافروں والا کام کرنے لگو کہ آپس میں ایک دوسرے کو قتل کرو بلکہ مسلمانوں کی طرح رہو کہ تمام مسلمان باہم بھائی بھائی ہیں۔

وفی الباب عن عبداللہ بن مسعودؓ اخرجہ احمد وابویعلی والبزار والطبرانی۔ وجریرؓ اخرجہ احمد والشیخان والنسائی وابن ماجہ وابن عمرؓ اخرجہ احمد والبخاری وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ وکرز بن علقمۃ والصنابحیؓ اخرجھما احمد وحدیث الصنابحی اخرجہ ابن ماجہ ایضاً واثلۃ بن الاسقع اخرجہ ابن حبان والطبرانی فی الصغیر۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری۔

بَابُ مَا جَاءَ اَنَّهُ تَكُوْنُ فِتْنَةٌ اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا اللَّيْثُ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ عِنْدَ فِتْنَةِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ اَشْهَدُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ قَالَ اَفَرَاَيْتَ اِنْ دَخَلَ عَلَيَّ بَيْتِيْ وَبَسَطَ يَدَهُ اِلَيَّ لِيَقْتُلَنِيْ قَالَ كُنْ كَابْنِ آدَمَ۔

ترجمہ: سعد بن ابی وقاصؓ نے کہا عثمانؓ بن عفان کے فتنہ کے وقت کہ میں شہادت دیتا ہوں کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک عنقریب عظیم فتنہ ہوگا قاعد اس میں قائم سے بہتر ہوگا اور قائم ماشی سے بہتر اور ماشی ساعی سے بہتر ہوگا فرمایا سعدؓ نے آپ بتایئے اگر کوئی شخص میرے گھر پر فتنہ کے لیے داخل ہونے لگے اور ہاتھ بڑھائے میری طرف تاکہ مجھے قتل کر دے تو آپ نے فرمایا ہو جا تو ابن آدم کی طرح۔

القاعد: ای الثابت فی مکانہ غیر متحرک یعنی القائم سے مراد ایسا شخص جس میں فتنہ کا داعیہ ہے مگر فتنہ کے لیے چلتا پھرتا نہیں۔ ماشی: سے مراد پیدل چلنے والا اور ساعی: سے مراد دوڑ کر چلنے والا خواہ سوار ہو کر ہو۔

روایت کا مطلب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہونے والے فتنہ کے بارے میں خبر دی جو شخص اس فتنہ کے وقت اپنی جگہ بیٹھا رہا اور فتنہ میں شریک نہ ہو وہ بہتر ہوگا اس سے جو کھڑا ہوتا کہ فتنہ کرے مگر متردد ہو گیا ڈر کی وجہ سے اور ایسا شخص اس سے بہتر ہے جو فتنہ کی طرف چل پڑا اور یہ شخص اس سے بہتر ہے جو فتنہ کے لیے دوڑ دھوپ کر رہا ہو۔

علامہ داوودیؒ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص بیٹھ کر فتنہ کر رہا ہے وہ قائم سے بہتر ہے اور کھڑے ہو کر فتنہ کرنے والا اس سے بہتر ہے جو چل کر فتنہ کرے اور چلنے والا بہتر ہے دوڑ کر فتنہ کرنے والے سے مراد یہ ہے کہ ایسا فتنہ عام ہوگا کہ اس وقت ہر شخص فتنہ میں مبتلا ہوگا البتہ جس کا فساد جس قدر کم ہوگا وہ دوسرے کے مقابلہ میں بہتر ہوگا۔

ان دخل علیَّ بیتی: علیَّ بتشدید الیاء دَخَلَ یَدْخُلُ بفتح الخاء سے ماخوذ ہے جس کے معنی فساد برپا کرنے کے لیے داخل ہونا کَابْنِ آدم مراد ہابیل ہے لانہ قال لئن بسطت الی یدک لتقتلنی ما انا بباسط یدی الیك لا قتلك۔

فتنہ کے وقت قتال کا حکم: مسلمانوں کی دو جماعتوں میں فتنہ ہو رہا ہے اور قتال کی نوبت آجائے تو ایسے وقت دونوں حق کے مدعی ہوتے ہیں تو پھر کیا کیا جائے ابوبکرہؓ فرماتے ہیں کہ قتال کی حالت میں بھی اس میں شریک نہ ہو اگر لوگ اس کو قتل کرنے گھر میں داخل بھی ہو جائیں تب بھی مدافعۃً قتال درست نہیں مگر ابن عمرانؓ بن حصینؓ فرماتے ہیں کہ قتال میں شرکت تو جائز نہیں مگر مدافعۃً عن نفسہ قتال درست ہے گویا ان دونوں کے یہاں دخول فی الفتنہ جائز نہیں اور ان کا استدلال حدیث الباب سے ہے باقی معظم صحابہؓ و تابعینؒ اور عامل اہل اسلام فرماتے ہیں کہ فتنہ کے زمانہ میں حق کی جانب کا اختیار کرنا ضروری ہے اور باغیوں کا مقابلہ کیا جائے کما قال تعالٰی فقاتلوا اللتی تبغی حتی تفیئی الی امر اللّٰہ ھٰذا ھو الصحیح۔

اور حدیث کا محمل وہ صورت ہے جب کہ حق ایک جانب میں واضح نہ ہو یا دونوں جماعتیں اہل باطل کی ہوں۔

ھٰذا حدیث حسن اخرجہ احمد وابوداؤد۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ احمد والشیخان و عن خباب بن الارتؓ اخرجہ احمد وابی بکرۃؓ اخرجہ مسلم وابن مسعودؓ اخرجہ احمد وابوداؤد وابی واقدؓ اخرجہ الطبرانی وابی موسٰی اخرجہ احمد وابوداؤد وابن ماجہ خرشنۃؓ اخرجہ احمد وابویعلی۔

بَابُ مَا جَاءَ سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا وَيُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا وَيُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا يَبِيْعُ أَحَدُهُمْ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِّنَ الدُّنْيَا۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اعمال کی طرف سبقت کرو ایسے فتنوں سے پہلے جو اندھیری رات کی طرح ہوں گے صبح کو انسان مؤمن ہوگا اور شام کو کافر اور شام کو مؤمن صبح کو کافر ہوگا بیچ دے گا آدمی اپنے دین کو دنیا کے معمولی سامان کے بدلہ میں۔

بادروا: ای سارعوا بالاعمال ای بالاشتغال بالاعمال الصالحۃ۔ فتنًا: ای وقوع فتن۔

کقطع اللیل المظلم: بکسر القاف وفتح الطاء جمع قطعۃ بمعنی ٹکڑا اس کا مطلب یہ ہے کہ اندھیری رات میں جس طرح کچھ نظر نہیں آتا اسی طرح ایسے فتنے ہوں گے کہ ان میں صلاح وفساد واضح نہ ہو سکے گا اور سبب بھی مخفی ہوگا اور خلاصی کی صورت بھی نہ ہوگی۔

لہٰذا تم ان فتنوں کے آنے سے پہلے پہلے اعمال صالحہ کرو کیونکہ فتنوں کے زمانہ میں اعمال کا موقع نہیں ملے گا۔

مؤمنًا: یا تو اصل ایمان مراد ہے یا کمال ایمان۔ کافرًا علی الحقیقۃ یا کافر نعمت یا مشابہ بالکفار مراد ہے حسن بصریؒ نے

فرمایا اس سے مراد یہ ہے کہ فتنوں کا ایسا زمانہ ہوگا کہ صبح کو کسی شی کو حلال سمجھے گا اور شام کو حرام و بالعکس کما قالہ الترمذی فی هذا الباب۔

يَبِيعُ أَحَدُهُمْ دِينَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا: مظہرؒ فرماتے ہیں کہ اس کی متعدد صورتیں ہوسکتی ہیں۔

اول: مسلمانوں کی دو جماعتوں کے درمیان محض عصبیت اور غضب کے نام پر قتل ہوگا اور وہ جان ایک دوسرے سے چھین لینے کو جائز سمجھیں گے۔

دوم: اس کا مطلب یہ ہے کہ امراء غالم ہوں گے مسلمانوں کا خون بہائیں گے خون اور ان کے اموال کو ظلماً حاصل کریں گے شراب پئیں گے زنا کریں گے اور ان کے معتقدین ان کو حق پر سمجھیں گے نیز علماء سوء بھی جواز کے فتاویٰ صادر کریں گے۔

سوم: لوگ خلافِ شروع معاملات کریں گے اور اس کو حلال سمجھیں گے جیسا کہ عموماً آج کل ایسا ہوتا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد و مسلم۔

حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَيْقَظَ لَيْلَةً فَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتْنَةِ مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ مَنْ يُوقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ يَارُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْآخِرَةِ

ترجمہ: ام سلمہؓ فرماتے ہیں کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے رات میں پس فرمایا سبحان اللہ (بطور تعجب) کس قدر فتنے نازل کیے گئے ہیں رات میں اور کس قدر خزانے نازل کیے گئے ہیں کون ہے جو بیدار کردے ان حجروں والیوں کو بہت سی دنیا میں پہننے والیاں ننگی ہوں گی آخرت میں۔

استيقظ ليلة: بخاری میں فزعا کا اضافہ بھی ہے۔ سبحان اللہ: قال تعجبا واستعظاما۔

ما ذا انزل: ما استفہامیہ تعجب اور تعظیم کے معنی کو متضمن ہے۔ انزل: مجہول یا تو اس سے مراد اللہ کا ملائکہ کو حکم دینا ہے یا مراد اللہ تعالیٰ کا وحی کرنا ہے کہ بحالت نوم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ وحی کی گئی کہ آئندہ عالم میں فتنے ہوں گے۔ خــزائــن: سے مراد اللہ کی رحمتیں اور فتن سے مراد اللہ کے عذاب ہیں۔ من یوقظ: استفہام ای هل احد یوقظ۔ صواحب الحجرات: اس سے مراد آپ کی ازواج مطہرات ہیں چونکہ ازواج حاضر تھیں اس لئے ان کی تخصیص فرمائی یا ابدأ بنفسك ثم بمن تعول پر عمل فرمایا۔ یارب کاسیۃ: رب برائے تکثیر ہے اور منادی محذوف ہے یا سامعین۔ عاریۃ: یا تو یہ مجرور ہے عطفاً علی کاسیۃ قال عیاض الاکثر علیہ یا خبر مبتداء محذوف کی ای هي عاریۃ

حافظؒ فرماتے ہیں کاسیہ اور عاریہ کے مطالب میں متعدد اقوال ہیں۔

الاول: رب كاسية في الدنيا بالثياب لوجود الغنى عارية في الاخرة من الثواب لعدم العمل في الدنيا۔

الثاني: كاسية بالثياب لكنها شفافة لا تستر عورتها فتعاقب في الآخرة بالعرى جزاءً على ذالك۔

الثالث: كاسية من نعم الله عارية من الشكر الذي تظهر ثمرته في الآخرة بالثواب۔

الرابع: كاسية جسدها لكنها تشد خمارها من ورائها فيبدو صدرها فتصير عارية فتعاقب في الآخرة۔

الخامس: كاسية من خلعة التزوج بالرجل الصالح عارية في الآخرة من العمل فلا ينفعها صلاح زوجها كما قال تعالٰى فلا انساب بينهم ذكر هذا الاخير الطيبي وجهٗ.

علامہ ابن بطالؒ فرماتے ہیں کہ روایت میں اشارہ ہے کہ خزائن و اموال کی کثرت موجب فتنہ ہے کہ اولاً تنافس پھر تحاسد ہو کر باہم قتال وجدال کی نوبت آتی ہے حقوق میں کوتاہی اور ان کا ابطال ہوتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات کو اس بارے میں متنبہ فرمایا۔ ﷺ

نیز روایت سے معلوم ہوا کہ فتنوں کے وقت توجہ الی اللہ اور دعاء کا اہتمام کرنا چاہیے بالخصوص رات میں۔

هذا حديث صحيح اخرجه احمد والبخاري۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَكُوْنُ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا وَيُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا يَبِيْعُ أَقْوَامٌ دِيْنَهُمْ بِعَرَضِ الدُّنْيَا.

ترجمہ: حضرت انسؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت سے پہلے ایسے فتن ہوں گے جو اندھیری رات کے ٹکڑوں کی طرح ہوں گے صبح کرے گا آدمی ان میں مومن ہونے کی حالت میں اور شام کو کافر ہو جائے گا اور شام کو مومن ہوگا اور صبح کو کافر بیچ دیں گی قومیں اپنے دین کو دنیا کے سامان کے بدلہ۔

روایت میں اصباح اور امساء سے مراد تقلب الناس وقتاً فوقتاً اور یہ کنایہ ہے لوگوں کے احوال متردد ہوں گے اور ان کے اقوال مذبذب ہو جائیں گے نیز ان کے افعال مختلف کبھی عہد کبھی نقض عہد کبھی مومن کبھی کافر کبھی امین کبھی خائن کبھی صاحب معروف کبھی صاحب منکر کبھی اہل السنۃ تو کبھی اہل بدعت مراد یہ کہ قیامت کے وقوع سے پہلے لوگوں کے اقوال وافعال اور احوال میں جلدی جلدی تغیر ہوگا۔

عَنِ الْحَسَنِؒ قَالَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا وَيُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا قَالَ يُصْبِحُ مُحَرِّمًا لِدَمِ أَخِيْهِ وَعِرْضِهٖ وَمَالِهٖ وَيُمْسِيْ مُسْتَحِلًّا لَهٗ وَيُمْسِيْ مُحَرِّمًا لِدَمِ أَخِيْهِ وَعِرْضِهٖ وَمَالِهٖ وَيُصْبِحُ مُسْتَحِلًّا لَهٗ.

اس میں یصبح محرما لدم اخیه وعرضه وماله منقول ہے کہ ایک وقت ایسا ہوگا کہ آدمی صبح کو بھائی کے خون اور عزت اور اس کے مال کو حرام سمجھے گا اور شام کو حلال اور شام کو حرام اور صبح کو حلال۔

بہر حال قیامت کے قریب ایسا متغیر الاحوال زمانہ ہوگا کہ کسی آدمی کے قول وفعل وحال میں قرار نہ رہے گا اور وہ فتنوں کا دور ہوگا۔

وفي الباب عن أبي هريرةؓ اخرجه ابن حبان والحاكم وجندبؓ اخرجه ابويعلى والطبراني ونعمان بن بشيرؓ اخرجه احمد وابي موسىٰؓ اخرجه احمد وابوداؤد۔

عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجُلٌ يَسْأَلُهٗ فَقَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ يَمْنَعُوْنَا حَقَّنَا وَيَسْأَلُوْنَا حَقَّهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْمَعُوْا وَأَطِيْعُوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوْا وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ۔

ترجمہ: وائل بن حجرؓ اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب کہ ایک آدمی سوال کر رہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پس کہا اس شخص نے اگر ہمارے اوپر ایسے امراء ہوں جو ہمارے حقوق کو روکیں اور اپنے حقوق کا مطالبہ کریں (تو ہم کیا کریں) پس فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنو اور اطاعت کرو پس بے شک ان پر وہ چیز لازم ہے جو ان پر لازم کی گئی اور تمہارے اوپر وہ لازم ہے جو تمہارے اوپر لازم کی گئی۔

رجل یسالہ: جملہ حالیہ ہے مسلم شریف میں سائل کا نام سلمہ بن یزید الجعفیؓ وارد ہے۔

یمنعونا: بتشدید النون امراء کی صفت ہے حقنا: یعنی ہمارے حقوق عدل اور مال غنیمت کا حصہ حقھم: اس سے مراد طاعت وخدمت ہے اسمعوا: ای ظاھراً اطیعوا باطناً: یا اسمعوا قولا واطیعوا فعلاً۔

فانما علیھم ما حملوا: یعنی امراء پر لازم ہے کہ وہ ظلم نہ کریں عدل کریں اور رعایا کے حقوق کو پورا پورا ادا کریں لہٰذا اگر وہ ان حقوق کو ادا نہیں کرتے ہیں تو ان کی زیادتی ہے آخر تمہیں ان سے محاسبہ ہوگا اور تم ان کی اطاعت اور فرمانبرداری کے مکلف ہو نیز اسباب کے بھی مکلف ہو کہ ان کی ایذاؤں پر صبر کرو گویا آیت شریفہ میں اقتباس ہے قرآن کریم کی آیت قل اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول فان تولوا فانما علیہ ماحمل وعلیکم ما حملتم وان تطیعوہ تھتدوا وما علی الرسول الا البلغ المبین۔

مراد یہ ہے کہ ہر ایک شخص اپنے واجب کو ادا کرے حد سے تجاوز نہ کرے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں آیت شریفہ میں جار مجرور کی تقدیم برائے حصر ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ امراء پر وہی واجب ہے جس کے وہ مکلف بنائے گئے ہیں اگر وہ اس کو ادا نہیں کرتے تو ان پر گناہ ہوگا اسی طرح تم سمع وطاعت کے مکلف ہو اگر تم نے ان کے حقوق ادا کر دیئے تو اللہ تعالیٰ تم پر تفضل فرمائیں گے اور جزا دیں گے۔

اسمعوا واطیعوا: سوال یہ ہے کہ والی حکومت اگر فاسق ہو جائے تو شافعیہؒ کے یہاں وہ معزول ہو جاتا ہے اور حنفیہؒ کے یہاں مستحق عزل ہوتا ہے جیسا کہ درمختار میں ہے لہٰذا ان کی اطاعت نہ کرنا بغاوت شمار نہیں ہوتا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسمعوا اطیعوا کیوں فرمایا؟

جواب: جماعت قلیلہ جو حق پر ہے اگر فاسق امام کے خلاف آواز اٹھائے گی تو لامحالہ فتنے ہو جائیں گے اور نہ معلوم کس قدر لوگ مارے جائیں گے جیسا کہ عبداللہ ابن زبیرؓ وحسینؓ بن علیؓ کے واقعات شاہد ہیں ظاہر ہے کہ رعایا سرکاری فوج کا مقابلہ نہیں کر سکتی اس لئے ایسے موقع پر فتنوں سے بچتے ہوئے زندگی گزارنی چاہئے تاکہ شوکت اسلام کو نقصان نہ پہنچے جس طرح ہو سکے معاصی خود بچنا ہے۔

ھذا حدیث صحیح اخرجہ مسلم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْهَرْجِ

ھرج: بفتح الھاء وسکون الراء بمعنی القتال والاختلاط والاختلاف ہرج کے اصل معنی الکثرۃ فی الشیء والاتساع قاموس میں ہے ھرج الناس یھرجون جب لوگ فتنہ وقتل وغیرہ میں مبتلا ہوں۔

عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ وَرَائِكُمْ أَيَّامًا يُرْفَعُ فِيهَا الْعِلْمُ وَيَكْثُرُ فِيهَا الْهَرْجُ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْهَرْجُ قَالَ الْقَتْلُ۔

ترجمہ: ابوموسیٰ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے بعد ایسے ایام ہوں گے کہ علم ان میں اٹھ جائے گا اور ان میں قتال بہت ہوگا لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ ہرج کیا چیز ہے فرمایا وہ قتل ہے۔

یرفع العلم: بخاری میں ہے ینزل فیھا الجھل حافظ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ علماء وصلحاء کی اموات ہو جائیں گی تو علم کم ہو جائے گا اور جہل کثیر ہوگا ایام ہرج کی تفسیر دوسری روایت میں ہے جس کو طبرانی نے نقل کیا ہے کہ کوئی جگہ بغیر فتنہ کے نہ رہے گی اگر ایسی جگہ کو وہ تلاش کرے گا جہاں فتنہ نہ ہو تو اس کو میسر نہ ہوگی۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ البخاری و مسلم وخالد بن الولیدؓ اخرجہ احمد والطبرانی و معقلؓ اخرجہ الترمذی۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری و مسلم وابن ماجہ

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِبَادَةُ فِي الْهَرْجِ كَهِجْرَةٍ إِلَيَّ۔

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فتنے کے زمانہ میں عبادت کرنا میری طرف ہجرت کی مانند ہے۔

روایت کی سند میں ردہ کئی بار آیا ہے اس کے معنی منسوب کرنے کے ہیں یعنی مرفوع نقل کیا ہے۔

فتنوں کے زمانہ میں عموماً لوگ عبادت سے غافل ہو جاتے ہیں طبیعتوں میں زیادہ انتشار رہتا ہے مشغولیاں بڑھ جاتی ہیں تو عبادت کی طرف توجہ کم ہوتی ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس زمانہ میں عبادت کرنا فضیلت کی چیز ہے جیسا کہ میری طرف ہجرت فضیلت کی بات ہے قالہ النوویؒ۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و مسلم وابن ماجہ

عَنْ ثَوْبَانَؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِي أُمَّتِي لَمْ يُرْفَعْ عَنْهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

ترجمہ: حضرت ثوبانؓ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب میری امت میں تلوار رکھ دی جائے گی نہیں اٹھائی جائے گی قیامت تک۔

وضع: بصیغہ مجہول السیف بمعنی تلوار مراد مطلق ہتھیار ہے فی امتی اس سے مراد امت اجابت ہے لم یرفع عنھا الخ یعنی قیامت تک قتال رہے گا کبھی ایک جگہ کبھی دوسری جگہ۔

ھذا حدیث صحیح اخرجہ ابوداؤد۔

روایت کا مطلب یہ ہے کہ میری امت میں باہم قتال ابھی تو نہیں ہو رہا ہے لیکن آئندہ ضرور ہوگا اور جب شروع ہو جائے گا تو بند نہیں ہوگا کہیں نہ کہیں چلتا رہے گا چنانچہ شہادت عثمان غنیؓ کے بعد یہ سلسلہ شروع ہوا حضرت علیؓ ومعاویہؓ اور ان کے بعد والے واقعات سے تاریخ لبریز ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي اتِّخَاذِ السَّيْفِ مِنْ خَشَبٍ

عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ أُهْبَانَ بْنِ صَيْفِي الْغِفَارِيِّ قَالَتْ جَاءَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ إِلَى أَبِي فَدَعَاهُ إِلَى الْخُرُوجِ مَعَهُ فَقَالَ لَهُ أَبِي إِنَّ خَلِيلِي وَابْنَ عَمِّكَ عَهِدَ إِلَيَّ إِذَا اخْتَلَفَ النَّاسُ أَنْ أَتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ فَقَدِ اتَّخَذْتُهُ فَإِنْ شِئْتَ خَرَجْتُ بِهِ مَعَكَ قَالَتْ فَتَرَكَهُ

ترجمہ: عدیسہؓ کہتی ہیں کہ حضرت علیؓ میرے والد کے پاس آئے پس ان کو دعوت دی اپنے ساتھ جنگ کی طرف پس ان سے میرے والد نے کہا میرے دوست اور آپ کے چچازاد بھائی نے مجھ سے عہد کیا تھا کہ جب لوگ اختلاف کرنے لگیں تو میں بنالوں لکڑی کی تلوار پس تحقیق کہ میں نے بنوالی ہے پس اگر چاہیں تو میں اس کو لے کر نکلوں آپ کے ساتھ کہتی ہیں کہ علیؓ نے ان کو چھوڑ دیا۔

وفي الباب عن محمد بن مسلمؓ اخرجه احمد۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه احمد۔

عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ فِي الْفِتْنَةِ كَسِّرُوا فِيهَا قِسِيَّكُمْ وَقَطِّعُوا فِيهَا أَوْتَارَكُمْ وَالْزَمُوا فِيهَا أَجْوَافَ بُيُوتِكُمْ وَكُونُوا كَابْنِ آدَمَ

ترجمہ: ابوموسیٰؓ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے ظاہر پر عمل کرتے ہوئے لکڑی کی تلوار بنوائی تھی تا کہ کسی کے ساتھ قتال نہ کرنا پڑے حضرت علیؓ کے بلانے کے وقت انہوں نے آپ کا فرمان سنا دیا اور بتا دیا کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی تعمیل میں لکڑی کی تلوار بنوائی ہے اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے لے جانا چاہیں تو چل سکتا ہوں مگر میرا جانا بے سود ہے کیونکہ لکڑی کی تلوار سے قتال نہیں ہو سکتا ہے۔

دوسری روایت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ وجدال اور فتنوں کے موقع پر یکسو رہنے کی ترغیب دی ہے تا کہ فتنوں سے محفوظ رہ سکے۔

سیکم: جمع قوس تیر کمان۔ کسروا: مبالغہ کی وجہ سے باب تفعیل سے ہے۔

قطّعوا: امر من التقطیع بمعنی ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ او تار کم: جمع وتر چلہ کمان۔

الزموا فیها اجواف بیوتکم: یعنی اپنے گھروں کے اندر کی کوٹھریوں میں چھپ جاؤ تا کہ قتال سے بچ جاؤ۔ کونوا کابن آدم: مراد ہابیل ہیں اور اشارہ ہے ان کے قول لئن بسطت الی یدك الخ کی طرف مقصود روایت یہ ہے کہ مسلمانوں کے باہم قتال اور ان کے درمیان فتنوں سے حتی الامکان بچنا چاہئے اور یکسو رہنا چاہئے۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه احمد وابوداؤد و ابن ماجه

بَابُ مَا جَاءَ فِي أَشْرَاطِ السَّاعَةِ

شرط: بفتح الشین والراء بمعنی علامت اس کی جمع اشراط یعنی علامات قیامت اور شب وروز کے اجزاء میں سے ہر ایک جزء

کو ساعت کہتے ہیں اور بمعنی وقت حاضر چونکہ قیامت کا معاملہ مبہم ہے لہٰذا ہر ساعت میں بلکہ کسی ساعت میں بھی اس کا وقوع ہو سکتا ہے اس لئے قیامت کو ساعت کہا جاتا ہے صاحب قاموس نے فرمایا ہے کہ شرط بفتح الشین والراء بمعنی علامت اور اول شیء اور اس کے معنی تھوڑے مال کے بھی آتے ہیں چنانچہ معنی مذکورہ کی بنا پر بعض علماء نے اشراط الساعة کی تفسیر قیامت کی چھوٹی چھوٹی علامات سے کی ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ اُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحَدِّثُكُمْ اَحَدٌ بَعْدِيْ اَنَّهٗ سَمِعَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ يُّرْفَعَ الْعِلْمُ وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ وَيَفْشُوا الزِّنَا وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ وَيَقِلَّ الرِّجَالُ حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ اِمْرَاَةً قَيِّمٌ وَّاحِدٌ.

ترجمہ: انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ میں تم کو ایسی حدیث بیان کرتا ہوں جس کو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا میرے بعد کوئی اب نہیں بیان کرے گا بے شک انہوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بے شک علامات قیامت میں سے یہ ہے کہ اٹھا لیا جائے گا علم اور ظاہر ہو جائے گا جہل اور عام ہو جائے گا زنا اور پی جائے گی شراب اور عورتیں کثیر ہو جائیں گی مرد کم ہو جائیں گے حتی کہ ہوگا پچاس عورتوں کا ذمہ دار ایک مرد۔

لا یحدثکم احدی بعدی: ممکن ہے کہ ان کا یہ فرمان بصرہ میں ہو کہ وہاں دوسرا کوئی شخص صحابیؓ نہ ہوگا لانه آخر من مات بالبصرة من الصحابة قاله الحافظ۔

دوسرا قول یہ ہے کہ ان کا یہ فرمان عام ہے کیونکہ ان کو بعض حضرات نے آخر من مات من الصحابة بھی شمار کیا ہے یا ممکن ہے ان کا یہ فرمان اس روایت کے راوی ہونے کے اعتبار سے ہو۔

ان یرفع العلم: محلاً منصوب ہے کہ انّ کی خبر ہے رفع علم سے مراد موت العلماء ہے بخاری شریف میں ان یقل العلم واقع ہے حافظؒ فرماتے ہیں کہ ان یقل العلم اول علامت ہے اور ان یرفع العلم آخری علامت ہے یا قلت فرما کر عدم مراد ہے کما یطلق العدم و یراد به القلة و هذا الیق لا تحاد المخرج۔

یفشوا الزنا: بالقصر علی لغة اهل الحجاز قد ورد فی التنزیل و بالمد لاهل نجد۔

ویشرب الخمر: بضم الیاء والباء اس سے مراد کثرت ہے یعنی لوگ بکثرت شراب پینے لگیں گے۔

یکثر النساء: عورتوں کی کثرت کی وجہ کے بارے میں علماء کی مختلف آراء ہیں اور فرماتے ہیں کہ عورتوں کی کثرت اس وجہ سے ہوگی کہ فتنے بہت ہوں گے قتال ہوگا لوگ قتال میں مر جائیں گے عورتیں جہاد نہیں کرتی ہیں وہ باقی رہ جائیں گی۔

ابو عبدالملکؒ فرماتے ہیں کہ یہ اشارہ ہے کثرت فتوح کی طرف کہ مسلمانوں کو خوف فتوحات ہوں گی عورتیں قید کر کے لائی جائیں گی ایک ایک آدمی کے پاس کثیر موطوئات جمع ہوں گی۔

مگر حافظؒ نے اس قول کو رد فرما دیا بلکہ مراد یہ کہ آخر زمانہ میں مردوں کی پیدائش کم ہوگی اور عورتوں کی پیدائش زیادہ ہوگی۔

لخمسین امرأة: یا تو یہ حقیقت پر محمول ہے یا محض کثرت کو بیان کرنا مقصود ہے چونکہ دوسری روایت ہے الرجل الواحد یتبعهٗ اربعون امرأة۔

پچاس عورتوں کا ذمہ دار ایک شخص رہ جائے گا کہ کل کا کل خاندان فتنوں کی نذر ہو جائے گا صرف ایک شخص پر سب کا بوجھ ہوگا یا یہ مراد ہے کہ زنا اتنی کثرت سے ہوگا کہ ایک ایک شخص کے یہاں پچاس پچاس عزتیہ ہوں گی جیسا کہ ہندوستان میں واجد علی شاہ اور دیگر امراء کے دور میں ہو چکا ہے۔

ان پانچ امور کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے علامات قیامت میں سے شمار کیا ہے کیونکہ صلاح معاش و معاد میں ان امور سے خلل پڑتا ہے چنانچہ رفع علم وظہور جہل سے دین تباہ ہوگا اور شرب خمر سے عقل اور زنا سے نسب اور کثرت فتن جو عورتوں کی کثرت کا نتیجہ ہے اس میں نفس و مال کی تباہی ہوتی ہے تو معلوم ہوا کہ عالم کی تباہی میں ان امور مذکورہ کو زیادہ تر دخل ہے ظاہر ہے کہ جب یہ امور پائے جائیں گے تو عالم میں فساد ہوگا پھر تو قیامت آہی جائے گی اس وجہ سے ان پانچ امور کو علامات قیامت میں سے شمار کیا گیا ہے قالہ الکرمانی وغیرہ۔

وفی الباب عن ابی موسیٰؓ اخرجہ احمد والشیخان وابی ہریرۃؓ اخرجہ الشیخان۔

وھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد والشیخان والنسائی وابن ماجہ۔

عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ فَشَكَوْنَا إِلَيْهِ مَا نَلْقَى مِنَ الْحَجَّاجِ فَقَالَ مَا مِنْ عَامٍ إِلَّا وَالَّذِي بَعْدَهُ شَرٌّ مِنْهُ حَتَّى تَلْقَوْا رَبَّكُمْ سَمِعْتُ هَذَا مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: زبیر بن عدیؒ فرماتے ہیں کہ ہم داخل ہوئے انس بن مالکؓ کے یہاں پس میں نے ان سے شکایت کی ان فتنوں اور پریشانیوں کی جو حجاج کی جانب سے ہم کو پہنچ رہی ہیں تو انہوں نے فرمایا نہیں گذرتا ہے کوئی سال مگر وہ سال جو اس کے بعد ہے اس سے برا ہے (یہ سلسلہ یوں ہی رہے گا) یہاں تک کہ تم ملاقات کرو گے اپنے رب سے میں نے یہ سنا تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔

ما من عام الا والذی بعدہ شر: بخاری شریف میں ہے فقال اصبروا فانہ لا یاتی علیکم زمان الا والذی بعدہ شرہ منہ ...... حتی تلقوا ربکم: ابن بطالؒ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد اعلام نبوۃ میں سے ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فساد احوال کی خبر پہلے ہی دے دی تھی جو بالکل صادق اور سچی ہے جس کا مشاہدہ آج بھی کو ہو رہا ہے جو صلاح وخیر کچھ زمانہ پہلے تھی اب نہیں رہی لوگ گزشتہ زمانہ یاد کرتے ہیں۔

اشکال: (۱) بعض زمانے ایسے گزرے ہیں کہ وہ شر کے اعتبار سے پہلے زمانہ سے کم ہیں چنانچہ عمر بن عبدالعزیز کا زمانہ حجاج کے تھوڑا بعد کا ہے بلکہ علماء نے فرمایا کہ حجاج کے زمانہ میں جو شر وفتنہ تھا عمر بن عبدالعزیزؒ کے زمانہ میں آ کر مضمحل ہو گیا تھا حسن بصریؒ نے اکثر و بیشتر عمر بن عبدالعزیزؒ کے زمانہ کی تعریف ہی کی ہے چنانچہ ان سے پوچھا گیا حجاج کے بعد عمر بن عبدالعزیزؒ کے وجود کے بارے میں تو فرمایا لا بد للناس من تنفیس۔

جواب: (۱) زمانہ کا خیر ہونا من حیث المجموع ہے ظاہر ہے کہ حجاج کے زمانہ میں حضرات صحابہؓ موجود تھے اور عمر بن عبدالعزیزؒ کے زمانہ میں ختم ہو گئے تھے اور جو زمانہ صحابہ کا ہے وہ بہتر ہے بعد والے سے لانہ قال علیہ السلام خیر القرون قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم۔

جواب: (۲) ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ بعد والے زمانہ کو پہلے کے مقابلہ میں شر کہنا علم کے اعتبار سے ہے کہ اول زمانہ علم والا ہے اس کے بعد علم کم ہوتا چلا جائے گا لہذا جب علم ختم ہوگا تو علماء نہ ہوں گے تو فساد ہی فساد ہوتا رہے گا کہ جہاں فتاویٰ دیں گے لوگ ان پر عمل پیرا ہو کر فتنوں میں مبتلا ہوں گے۔

اشکال: (۳) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کو لے کر بھی کہا گیا کہ ان کا زمانہ تو کل کا کل خیر ہوگا جو دجال کے نکلنے کے بعد ہوگا؟

جواب: (۱) علامہ کرمانیؒ نے فرمایا کہ اس سے مراد عیسیٰ علیہ السلام کے بعد کا زمانہ ہے (۲) یا وہ زمانہ مراد ہے جو امراء کا زمانہ گزر رہا ہے جس میں شر غالب رہا ہے (۳) اس سے مراد علامات قیامت کے ظاہر ہونے سے پہلا زمانہ ہے تو اب زمانہ حجاج سے عیسیٰ علیہ السلام تک کے زمانہ میں یہ شر اتفاضل ہوگا رہا عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ وہ مستقل زمانہ ہے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد صرف صحابہؓ کا زمانہ ہے مگر صحابیؓ نے اس کو عام سمجھ لیا یہی وجہ ہے کہ انہوں نے حجاج کی شکایات کیں اور انسؓ نے ان کو صبر کی تلقین فرمائی۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري۔

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُقَالَ فِي الْاَرْضِ اللّٰهُ اللّٰهُ۔

ترجمہ: حضرت انسؓ نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں قائم ہوگی قیامت یہاں تک کہ اللہ اللہ نہ کہا جائے گا یعنی قیامت کا وقوع اشرار الخلق لوگوں پر ہوگا جیسا کہ پہلے گذر چکا یعنی جب تک عالم میں اللہ کو یاد کرنے والے ہوں گے قیامت نہ قائم ہوگی کیونکہ ذکر اللہ روح عالم ہے اور جب روح نکل جاتی ہے تو جسم ڈھیر ہو جاتا ہے جس کو کوئی انسان باقی نہیں رکھتا اسی طرح جب تک عالم میں روح رہے گی وہ زندہ رہے گا یعنی اس پر فنا طاری نہ ہوگا اور جب روح نکل جائے گی تو وہ فنا ہو جائے گا۔

هذا اصح من الحديث الاول یعنی روایت کے دو طریق ہیں طریق بن ابی عدی اور طریق خالد بن الحارث موصوف نے فرمایا خالد بن الحارث والا طریق گو موقوف ہے مگر راجح ہے کیونکہ خالد بن الحارث، ابن ابی عدی پر راجح ہے۔

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكُوْنَ اَسْعَدُ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعَ بْنِ لُكَعٍ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ ﷺ نے نہیں قائم ہوگی قیامت حتیٰ کہ لوگوں میں سب سے نیک دنیا میں شمار ہونے لگے گا کمینہ کا بیٹا کمینہ۔

هذا حديث حسن اخرجه احمد والبيهقي۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقِيْئُ الْاَرْضُ اَفْلَاذَ كَبِدِهَا اَمْثَالَ الْاُسْطُوَانِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ قَالَ فَيَجِيْئُ السَّارِقُ فَيَقُوْلُ فِيْ هٰذَا قُطِعَتْ يَدِيْ وَيَجِيْئُ الْقَاتِلُ فَيَقُوْلُ فِيْ هٰذَا قَتَلْتُ وَيَجِيْئُ الْقَاطِعُ فَيَقُوْلُ فِيْ هٰذَا قَطَعْتُ رَحِمِيْ ثُمَّ يَدَعُوْنَهٗ فَلَا يَاْخُذُوْنَ مِنْهُ شَيْئًا۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگل دے گی زمین اپنے جگر کے خزانے اور دفینے یعنی سونا اور چاندی ستونوں کی شکل میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پس آئے گا چور تو وہ کہے گا اس کی وجہ سے کاٹا گیا ہے میرا ہاتھ اور قاتل آئے گا پس کہے گا اس کے لیے قتل کیا میں نے اور آئے گا قطع تعلق کرنے والا اور کہے گا اس کی وجہ سے قطع رحمی کی میں نے پس سب اس مال کو چھوڑ دیں گے نہیں لیں گے اس سے کچھ بھی۔

اسعد الناس: بالنصب والرفع ابن مالک نے فرمایا اسعد الناس منصوب ہے کہ یکون کی خبر ہے بعض نے رفع ضبط کیا ہے کہ ضمیر شان یکون کا اسم ہے اور اس کے بعد کا جملہ اس کی تفسیر ہے اور اسعد الناس کو اسم اور لکع بن لکع کو خبر بنانا درست نہیں ہے کہ اس صورت میں معنی فاسد ہو جاتے ہیں کما لا یخفی یعنی جو شخص کثیر مال والا دنیا میں خوش عیش بڑے منصب والا زیادہ حکم چلانے والا ہوگا وہ کمینہ اعلیٰ درجہ کا ہوگا۔

لکع بن لکع: بضم اللام وفتح الکاف غیر منصرف ای لئیم بن لئیم یعنی ردیٔ النسب والحسب بعض نے فرمایا لا یعرف له اصل ولا یحمدله خلق قاله القاری وفی النهایة لکع عند العرب للعبد ثم استعمل فی الحمق والذم اسی طرح اس کا اطلاق صغیر پر بھی ہوتا ہے کما جاء فی روایة انه علیه السلام یطلب الحسن بن علیؓ قال اثم لکع۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ قیامت اس وقت قائم ہوگی جب دنیا میں فساد اعلیٰ درجہ کا ہوگا کہ جو شخص جس قدر کمینہ ہوگا اتنا ہی اس کو بلند مرتبہ شمار کیا جائے گا چنانچہ آج کل ایسا ہی ہو رہا ہے کہ وہ اقوام جو انتہائی کمینہ شمار ہوتی تھیں آج وہ اعلیٰ منصب پر فائز نظر آتی ہیں اور ان کو اسعد الناس شمار کیا جاتا ہے۔

تقیء: من القیء معناه تلقی الارض افلا ذ کبدها: افلاذ بفتح همزة جمع فلذة وہ ٹکڑا جو لمبائی میں کاٹا گیا ہو۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ قیامت کے قریب زمین اپنے اندر کے وہ خزانے اگل دے گی جو اللہ تعالیٰ نے اس میں ودیعت رکھے ہیں مراد سونے اور چاندی کے خزانے ہیں جو ستونوں کی طرح ہوں گے اب زیادہ سونا و چاندی ہونے کی بناء پر ان کی زیادہ قدر نہ ہوگی چور دیکھ کر کہے گا افسوس اس کی وجہ سے میرا ہاتھ کاٹا گیا اسی طرح قاتل و قاطع بھی اس پر افسوس کریں گے دنیا کی زیادہ قدر نہ ہوگی۔

ثم یدعونه: بفتح الدال بمعنی یترکونه فلا یاخذون منه شیئاً اس کی وجہ یا تو فتنوں کی کثرت کہ اموال کو لینے کا موقع نہ ملے گا یا مال کی کثرت کہ ہر ایک کے پاس مال ہوگا چنانچہ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے لا تقوم الساعة حتی یکثر المال فیکم الحدیث رواه الشیخان۔

چنانچہ عثمان غنیؓ کا دور کہ فارس و روم کے خزانوں کو انہوں نے تقسیم کیا عمر بن عبد العزیزؒ کے زمانہ میں صدقہ و زکوٰۃ لینے والا کوئی نہ تھا آخر میں عیسیٰ علیہ السلام کے دور میں ایسا ہوگا۔

هذا حدیث حسن غریب اخرجه مسلم۔

بَابٌ

عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَعَلَتْ اُمَّتِيْ خَمْسَ عَشَرَةَ خَصْلَةً حَلَّ بِهَا الْبَلَاءُ قِيْلَ وَمَا هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِذَا كَانَ الْمَغْنَمُ دُوَلًا وَالْاَمَانَةُ مَغْنَمًا وَالزَّكٰوةُ مَغْرَمًا وَاَطَاعَ الرَّجُلُ زَوْجَتَهٗ وَعَقَّ اُمَّهٗ وَبَرَّ صَدِيْقَهٗ وَجَفَا اَبَاهُ وَارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ فِي الْمَسَاجِدِ وَكَانَ زَعِيْمُ الْقَوْمِ اَرْذَلَهُمْ وَاُكْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهٖ وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ وَلُبِسَ الْحَرِيْرُ وَاتُّخِذَتِ الْقِيَانُ وَالْمَعَازِفُ وَلَعَنَ آخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا فَلْيَرْتَقِبُوْا عِنْدَ ذٰلِكَ رِيْحًا حَمْرَاءَ اَوْ خَسْفًا اَوْ مَسْخًا

ترجمہ: حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے جب میری امت پندرہ کام کرنے لگے گی تو اس پر بلا کا نزول ہو جائے گا پوچھا گیا یا رسول اللہ وہ پندرہ اشیاء کیا ہیں؟ فرمایا: جب مال غنیمت دولت والوں کا حق سمجھا جانے لگے اور امانت کو مال غنیمت سمجھا جائے اور زکوٰۃ کو ٹیکس گردانا جائے اور آدمی اطاعت کرنے لگے اپنی بیویوں کی اور نافرمانی کرے ماں کی اور حسن سلوک کرے دوست کے ساتھ اور بدسلوکی کرے باپ کے ساتھ، اور آوازیں بلند ہونے لگیں مشورہ گاہوں میں اور ہو جائے قوم کا ذمہ دار ان میں کا رذیل شخص اور آدمی کا اکرام اس کے شر کی وجہ سے ہونے لگے اور شراب بکثرت پی جائے اور ریشم پہنی جائے اور گانے والی لونڈیاں اور گانے بجانے کے آلات اختیار کئے جائیں اور اس امت کے آخر والے اس امت کے اگلے لوگوں پر لعن وطعن کرنے لگیں اس وقت انتظار کریں سرخ آندھی یا زمین میں دھنس جانے یا شکل وصورت مسخ ہو جانے کا۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اتُّخِذَ الْفَيْءُ دُوَلاً وَالْأَمَانَةُ مَغْنَمًا وَالزَّكٰوةُ مَغْرَمًا وَتُعُلِّمَ لِغَيْرِ الدِّيْنِ وَأَطَاعَ الرَّجُلُ اِمْرَأَتَهُ وَعَقَّ أُمَّهُ وَأَدْنٰى صَدِيْقَهُ وَأَقْصٰى أَبَاهُ وَظَهَرَتِ الْأَصْوَاتُ فِي الْمَسَاجِدِ وَسَادَ الْقَبِيْلَةَ فَاسِقُهُمْ وَكَانَ زَعِيْمُ الْقَوْمِ أَرْذَلَهُمْ وَأُكْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهٖ وَظَهَرَتِ الْقَيْنَاتُ وَالْمَعَازِفُ وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ وَلَعَنَ آخِرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَوَّلَهَا فَلْيَرْتَقِبُوْا عِنْدَ ذٰلِكَ رِيْحًا حَمْرَاءَ وَزَلْزَلَةً وَخَسْفًا وَمَسْخًا وَقَذْفًا وَآيَاتٍ تَتَابَعُ كَنِظَامٍ بَالٍ قُطِعَ سِلْكُهٗ فَتَتَابَعَ۔

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مال غنیمت کو اپنی ذاتی دولت بنایا جائے اور امانت کو لوگ مال غنیمت سمجھنے لگیں زکوٰۃ کو تاوان تصور کیا جائے اور علم دین کے علاوہ کے لئے سیکھا جائے خاوند اپنی بیوی کی اطاعت کرنے لگے اور ماں کی نافرمانی کرے اپنے دوست کو قریب کرے اور باپ کو دور کرے اور آوازیں مسجدوں میں بلند ہونے لگیں اور قبیلہ کا سردار فاسق شخص ہو جائے اور قوم کا ذمہ دار ذلیل ترین شخص ہو کسی شخص کی عزت محض اس کے شر کے خوف کی بناء پر کی جانے لگے اور رنڈیاں اور گانے بجانے خوب ظاہر ہونے لگیں شراب پی جائے اس امت کے آخر والے پہلوں پر لعنت کریں تو اس وقت سرخ آندھی زلزلہ خسف مسخ قذف کا لوگ انتظار کریں اور علامات کا انتظار کریں جو یکے بعد دیگرے ظاہر ہوں گی جس طرح پرانے ہار کی لڑی ٹوٹ جائے اور موتی یکے بعد دیگرے جھڑ پڑیں (یعنی نئے نئے اور پیہم اور متواتر فتنے واقع ہوں گے)۔

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَقَذْفٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَتٰى ذٰلِكَ قَالَ إِذَا ظَهَرَتِ الْقِيَانُ وَالْمَعَازِفُ وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امت میں خسف ومسخ وقذف ہوگا پس پوچھا مسلمانوں میں سے کسی نے یا رسول اللہ یہ کب ہوگا فرمایا جب رنڈیاں اور گانے بجانے کے آلات ظاہر ہوں گے اور شرابیں پی جائیں گی۔

تشریح روایت: خصلة بالفتح خلة حَلَّ اى نَزَلَ وَجَبَ اذا كَانَ الْمَغْنَمُ دُوَلاً بضم الدال وفتح الواؤ جمع دولة بالضم والفتح هو مايتداول من المال فيكون لقوم دون قوم اس سے مراد یہ ہے کہ مال غنیمت کو امراء خود تقسیم کرلیں حقوق عامہ کو نظر انداز کردیں۔

والامانة مغنما: یعنی لوگوں کے ودائع وامانات کو مال غنیمت سمجھنے لگیں واپس نہ کریں۔

والزکوۃ مغرماً: یعنی مال کی زکوٰۃ کو تاوان تصور کرنے لگیں اور اپنے اوپر بوجھ محسوس کرنے لگیں۔

اطاع الرجل زوجته الخ: یعنی آدمی اپنی بیوی کا تابعدار ہو جائے ماں کا نافرمان دوست سے زیادہ محبت اور باپ سے دور ہو جائے کہ اس کے ساتھ بدسلوکی کرے۔

ارتفعت الأصوات في المساجد: اس سے مراد مساجد میں خصومات اور جھگڑے باہم ہونے لگیں یا مساجد میں بیع وشرا لہو ولعب کی آوازیں بلند ہونے لگیں۔

القیان: جمع قینۃ اس سے مراد گانے والی لونڈیاں یا رنڈیاں ہیں۔

المعازف: بفتح المیم و کسر الزاء وہ آلات لہو ولعب جو ہاتھوں سے بجائے جائیں دوسرا لفظ مزامیر ہے وہ باجے جو منہ سے بجائے جائیں۔

والعن آخر هذه الامة اولها: یعنی بعد کے لوگ سلف صالحین پر لعن وطعن کرنے لگیں۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ خلف کا طعنہ سلف کو اور ان کا تذکرہ برائی کے ساتھ کرنا اور اعمال صالحہ میں ان کی اقتداء نہ کرنا یہ لعنت ہی کے درجہ میں ہے۔

مگر ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ جب حقیقت مراد لینا ممکن بلکہ واقع ہے تو مجازی معنی کی کیا ضرورت ہے چنانچہ بہت سے لوگوں نے حضرات صحابہؓ کو کافر کہہ دیا ہے جیسا کہ فرقہ رافضیہ کا کہنا ہے کہ ابوبکرؓ و عمرؓ نے خلافت کو غصب کیا ہے جب کہ وہ علیؓ کا حق تھا۔ اس کے بالمقابل علیؓ کو بھی خوارج نے کافر کہا ہے۔

فلیرتقبوا عند ذالک: یہ اذا کا جواب ہے۔ ریحاً حمراء: سرخ رنگ کی آندھی آئے صاحب اشاعت نے مختلف ایسی آندھیوں کا تذکرہ کیا ہے جو خوفناک آئی ہیں فرمایا ۸۲۶ھ میں ایک آندھی مصر میں آئی تھی جس سے بہت نقصانات ہوئے۔

روایت مذکورہ میں علامات قیامت کا بیان ہے جب یہ علامات پائی جائیں گی جو قیامت کے قریب ہوں گی پھر اللہ تعالیٰ کا عذاب دنیا میں مختلف طرح شروع ہوگا سرخ آندھی آئیں گی کہیں لوگ زمین میں دھنس جائیں گے کہیں صورتوں یا قلوب کا مسخ ہوگا کہیں قذف یعنی پتھر گریں گے اور زلزلے آئیں گے اور دیگر علامات پے در پے موتی کی لڑی کی طرح جلدی جلدی واقع ہوں گی اور قیامت برپا ہو جائے گی چنانچہ اگر غور کیا جائے تو ان علامات کا بکثرت تحقق ہونے لگا ہے اور مقصود روایت بھی یہی ہے کہ ان اشیاء کا وقوع بکثرت ہونے لگے گا تو یہ علامات قیامت میں سے ہے۔

تعلم لغیر الدین: یعنی دین کو دنیا کے لیے بلکہ علم سے مال وجاہ کو طلب کرنا مقصود ہو۔

اقصٰی اباه: ای ابعده یعنی باپ سے مانوس نہیں دوستوں سے مانوس ہے۔

بالیة: ای خلق (پرانی)

سلك: بسکون اللام (لڑی)

وساد القبیلة: اس سے مراد مطلقاً سردار ہونا ہے خواہ شہر کا ہو یا محلہ کا یا گاؤں کا ہو۔

القینات: بفتح القاف وسکون الیاء گانے والی لونڈیاں۔

ولا نعلم احداً روی هذا الحدیث عن یحیٰی غیر الفرج بن فضالة قد تکلم فیه بعض اهل الحدیث وضعفه

من قبل حفظه قد روی عنه وکیع و غیر واحد من الائمة

حاصل کلام یہ ہے کہ فرج بن فضالہ کے علاوہ کسی نے اس روایت کو یحییٰ بن سعید الانصاری سے نقل نہیں کیا اور فرج بن فضالہ کو حافظہ کے اعتبار سے محدثین نے ضعیف کہا ہے اور وکیع وغیرہ ائمہ نے ان سے روایات نقل کی ہیں گویا فی الجملہ ان کی روایات معتبر ہیں۔

چنانچہ احمد بن حنبلؒ نے فرمایا جب یہ شامیین سے روایت نقل کریں تو لاباس بہ ہیں البتہ یحییٰ بن سعید نے کہا ان کی روایات منکر ہیں اس روایت کی سند میں انقطاع بھی ہے محمد بن عمرو بن علی کی ملاقات اپنے دادا علی سے ثابت نہیں لہٰذا روایت مرسل ہے۔

روی هذا الحدیث عن الاعمش عن عبدالرحمن بن سابط عن النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم مرسلا: یعنی اعمش عن هلال بن یساف تو روایت مسند ہے مگر اعمش عن عبدالرحمٰن بن سابط عن النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم مرسلاً بھی مروی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ کَهَاتَیْنِ

عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ الْفِهْرِیِّ رَوَاهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ اَنَا فِیْ نَفَسِ السَّاعَةِ فَسَبَقْتُهَا کَمَا سَبَقَتْ هٰذِهٖ هٰذِهٖ لِاِصْبَعَیْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰی۔

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں مبعوث ہوا ہوں قیامت کے بالکل قریب پس میں کچھ آگے بڑھ گیا ہوں جیسا کہ یہ دونوں انگلیاں بالکل قریب قریب ہیں ایک دوسرے سے مقدم ہیں۔

دوسری روایت میں راوی نے کہا ابوداؤد نے وسطی وسبابہ سے اشارہ کیا کہ خاص فرق دونوں میں نہیں ہے۔

سوال: ما المسؤل عنها باعلم من السائل سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کا علم کسی کو نہیں اور اس روایت سے اس کے علم کی طرف اشارہ ہو رہا ہے۔

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصود قرب کو بیان کرنا ہے نہ کہ تعیین اور ما المسؤل عنها الخ میں تعیین کی نفی ہے فلا تعارض۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ قِتَالِ التُّرْکِ

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تُقَاتِلُوْا قَوْمًا کَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں قیامت قائم ہوگی حتی کہ تم قتال کرو گے ایسی قوم سے کہ ان کے جوتے بال کے ہوں گے اور نہیں قیامت قائم ہوگی حتی کہ تم قتال کرو ایسی قوم سے کہ گویا ان کے چہرے ڈھال کی طرح تہ بتہ ہوں گے۔

ترک: ترک نامی شخص یافث بن نوح کی اولاد میں سے ہے اور ترک جو اس قوم کے جد اعلیٰ کا نام ہے سدی فرماتے ہیں کہ یہ یاجوج وماجوج کی ایک جماعت کا نام ہے قتادہؒ فرماتے ہیں کہ یاجوج وماجوج کے بائیس قبیلے تھے ذوالقرنین نے اکیس پر دیوار بنوا دی تھی ایک قبیلہ باہر چھوڑ دیا تھا اس وجہ سے ان کو ترک کہا گیا ہے لانهم ترکوا خارجا من السد وہب بن منبہ فرماتے ہیں کہ یہ

یاجوج وماجوج کے چچازاد بھائی ہیں بعض نے کہا یہ نسل تبع ہے بعض نے کہا کہ افریدون بن سام کی اولاد میں سے ہیں۔

نعالهم الشعر: یا تو ان کے جوتے غیر مدبوغ چمڑے سے بنائے گئے ہوں گے یا یہ مراد کہ ان کے جوتے بالوں کے ہوں گے یا بالوں کی درازی بیان کرنا مقصود ہے کہ ان کے بال پیروں تک ہوں گے۔

کانّ وجوههم المجانّ المطرقة: المجان بفتح المیم و تشدید النون جمع مجن بمعنی ڈھال۔

المطرقة: بضم المیم وفتح الراء بمعنی توبر گویا ان کے منہ ڈھال کی طرح گول ہیں غلظة: اور کثرة لحم کی بناء پر مطرقة کہا گیا ہے جس میں کوئی نرمی ملائمت نہیں یہ چہروں کی گولائی اور ناک کے چپٹا ہونے کے اعتبار سے تشبیہ ہے حاصل روایت یہ ہے کہ قیامت کے قریب مسلمانوں کی جنگ ترک قوم سے ہوگی جس کی صفت بیان کی گئی ہے کہ ان کے چہرے گول ناک چپٹی ہوگی ان کی علامت یہ ہے کہ ان کے جوتے بالوں کے ہوں گے۔

بَابُ مَا جَاءَ إِذَا ذَهَبَ كِسْرٰى فَلَا كِسْرٰى بَعْدَهُ

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا هَلَكَ كِسْرٰى فَلَا كِسْرٰى بَعْدَهُ وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ بَعْدَهُ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جب ہلاک ہوجائے گا کسریٰ تو کوئی کسریٰ نہ ہوگا اس کے بعد اور جب ہلاک ہوگا قیصر تو کوئی قیصر نہ ہوگا اس کے بعد اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے البتہ تم ضرور خرچ کروگے ان دونوں کے خزانوں کو اللہ کی راہ میں۔

کسریٰ: بکسر الکاف ویجوز الفتح ملک فارس کے بادشاہ کا یہ لقب ہوتا تھا ابن الاعرابی کہتے ہیں کہ کسرہ افصح ہے زجاج نحوی نے کسرہ کا انکار کیا ہے۔

قیصر: ملک روم کے بادشاہ کا لقب ہوتا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف بادشاہوں کے نام ۷ھ میں خطوط جاری فرمائے تھے تو کسریٰ اور قیصر کے نام بھی آپ نے خط لکھا جس میں ان کو دعوت اسلام دی تھی کسریٰ کے نام آپ کا خط عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ لے کر گئے تھے کسریٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خط دیکھ کر آگ بگولا ہوگیا انتہائی خفگی میں خط کو چاک چاک کردیا اور کہا کیا یہ شخص ہم کو ایمان لانے کا خط لکھتا ہے۔ حالانکہ یہ شخص میرا غلام ہے عبداللہ بن حذافہؓ نے یہ واقعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا تو آپ نے فرمایا کسریٰ کا ملک ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا کسریٰ نے گورنر یمن باذان کو خط لکھا دو قوی آدمی بھیج کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو گرفتار کرکے لاوے وہ دونوں آدمی جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پہنچے تو خداداد عظمت کی بناء پر تھر تھر کانپنے لگے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو اسلام کی دعوت دے کر فرمایا کہ آئندہ کل آنا اگلے دن جب یہ دونوں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا آج کی شب فلاں وقت میں اللہ کے کسریٰ کے بیٹے کو اس پر مسلط کر دیا چنانچہ اسی رات کسریٰ کے بیٹے شیرویہ نے اس کو قتل کردیا یہ شب منگل تھی دس جمادی الاولیٰ ۷ھ تھی اور ان دونوں سے کہا تم باذان سے یہ حال بیان کرو اور باذان سے کہہ دو کہ میری سلطنت وہاں تک پہنچے گی باذان نے کہا یہ بات بادشاہوں کی طرح نہیں ہے اگر قتل کسریٰ کی خبر صحیح ہے تو بلاشبہ نبی ہیں اس خبر کی تصدیق ہوجانے پر باذان مع خاندان ورفقاء مسلمان ہوگئے سیرۃ المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم (۲/۳۲۷،۳۰ جس کسریٰ نے خط کو چاک کیا تھا اس کا نام ابرویز بن ہرمز بن نوشیروان تھا اس) کے چھ ماہ بعد ہی اس کا بیٹا بھی

مر گیا پھر آپ کی بد دعا کا اثر یہ ہوا کہ عمر فاروق ؓ کے زمانہ میں ملک فارس ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بذریعہ سعد بن ابی وقاص ؓ فتح ہو گیا اس وقت فارس کا بادشاہ یزدجرد بن شہریار بن شیرویہ تھا۔

اذا هلك قيصر فلا قيصر بعده: جب قیصر ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد قیصر لقب کا کوئی بادشاہ نہ ہوگا۔

اشکال: اس مذکورہ روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ کسریٰ و قیصر کے بعد کوئی کسریٰ و قیصر نہ ہوگا حالانکہ اس زمانہ کے قیصر و کسریٰ کے بعد بھی ان کی مملکت باقی رہی ہے؟

جواب: حدیث سے مراد یہ ہے کہ فلا کسریٰ بالعراق ولا قیصر بالشام قاله الشافعی چونکہ حضرات صحابہ ؓ تجار تھے اور یہ شام و عراق تجارت کے لیے جاتے تھے تو اسلام لانے کے بعد ان کو وہاں کے بادشاہوں سے خوف معلوم ہوتا تھا اس لئے آپ نے تبشیراً تطییباً للقلوب فرمایا کہ اب کوئی قیصر و کسریٰ نہ رہے گا تم خوف مت کرو بلکہ عنقریب وہاں تک تمہاری حکومت ہوگی یہ بھی یاد رہے کہ فارس ٹکڑے ٹکڑے ہو کر فنا ہو گیا کیونکہ اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والا نامہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا تھا اور ملک روم باقی رہا کیونکہ قیصر نے آپ کے والا نامہ کو چوما تھا اور سر پر رکھا تھا البتہ آپ کا یہ ارشاد بالکل صادق ہو کر رہا کہ پھر وہاں کے بادشاہوں کے یہ القاب بالکل ختم ہو گئے تھے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه

بَابُ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَخْرُجَ نَارٌ مِنْ قِبَلِ الْحِجَازِ

عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ سَتَخْرُجُ نَارٌ مِنْ حَضْرَمَوْتَ اَوْ مِنْ نَحْوِ بَحْرِ حَضْرَمَوْتَ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ تَحْشُرُ النَّاسَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَمَا تَأْمُرُنَا فَقَالَ عَلَيْكُمْ بِالشَّامِ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عنقریب نکلے گی ایک آگ حضرموت سے یا فرمایا حضرموت کے بحر کے قریب سے قیامت سے پہلے، جمع کرے گی لوگوں کو عرض کیا صحابہ ؓ نے یا رسول اللہ بس کیا حکم دیتے ہیں آپ ہم کو (اس وقت) فرمایا تم پر ملک شام چلے جانا لازم ہے۔

ستخرج نار: اس سے مراد یا تو حقیقت ہے یا مراد فتنہ ہے۔

حضر موت: بفتح المیم وسکون الواو اس طرح بضم المیم بھی ضبط کیا گیا ہے ایک شہر کا نام ہے۔

فقال عليكم بالشام: اى خذوا طريقها والزموا فريقها کیونکہ آگ وہاں تک نہ پہنچے گی نہ حساً نہ معنی اس لئے کہ ملائکہ رحمت اس کی حفاظت پر مامور ہیں یہ آگ وہی ہے جس کا ذکر پہلے آ چکا ہے انها تخرج من عدن گویا یہ آگ حضرموت کو ہو کر گذرے گی جو عدن کے قریب ہے اور اگر روایت لفظ بحر حضرموت کے ساتھ ہے تو پھر کوئی اشکال ہی نہیں کیونکہ حضرت موت وہی بحر ہے جو عدن کے بالکل قریب ہے اس روایت سے ملک شام کی طرف فضیلت بھی معلوم ہوتی والحديث لا يطابق الباب ظاهراً۔

هذا حديث حسن صحيح غريب اخرجه احمد۔

بَابُ مَا جَاءَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ كَذَّابُوْنَ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُنْبَعِثَ كَذَّابُوْنَ دَجَّالُوْنَ قَرِيْبٌ مِنْ ثَلَاثِيْنَ كُلُّهُمْ يَزْعَمُ أَنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قائم ہوگی قیامت حتی کہ پیدا ہو جائیں گے کذاب، دجال تیس کے قریب سب کے سب دعویٰ کریں گے کہ وہ اللہ کے رسول ہیں۔

يُنْبَعِثَ: ای یخرج بخاری کی روایت میں یبعث بمعنی یخرج ہے نہ کہ بمعنی یرسل۔

قَرِيْبٌ مِنْ ثَلَاثِيْنَ: یہ مرفوع ہے خبر مبتداء ہونے کی بناء پر اور مبتداء محذوف ہے ای عددهم قريب من ثلثين۔ دوسری روایتوں میں جزم کے ساتھ انہم ثلاثون واقع ہے مسند احمد میں حذیفہؓ کی روایت میں ہے سيكون في امتي كذابون دجالون سبعة وعشرون منهم اربع نسوة واني خاتم النبيين لا نبي بعدي بعض روایت میں سبعون بھی واقع ہے تطبیقاً یہ کہا جائے مقصود تحدید نہیں کثرت کو بیان کرنا ہے یا سبعون والی روایت ضعیف ہے مدعیان نبوت تیس یا تیس کے قریب ہیں اور باقی مطلقاً کذابون ہیں۔

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد مدعیین نبوت نہیں کیونکہ مدعیین نبوت تو بہت ہوئے ہیں کہ ان میں بعض وہ بھی ہیں جنہوں نے جنون وغیرہ کی وجہ سے دعویٰ کو نبوت کر دیا ہے بلکہ مراد ایسے مدعیین نبوت ہیں جن کو دنیا میں قدرے شوکت حاصل ہوئی ہے یا مراد داعین الی الضلالۃ ہیں اس کے تحت غلاۃ روافضیہ باطنیہ وغیرہ بھی آجائیں گے اور مقصود کثرت کو بیان کرنا ہے نہ کہ عدد معین کرنا۔

عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِيْ بِالْمُشْرِكِيْنَ وَحَتّٰى يَعْبُدُوا الْأَوْثَانَ وَأَنَّهُ سَيَكُوْنُ فِيْ أُمَّتِيْ ثَلَاثُوْنَ كَذَّابُوْنَ كُلُّهُمْ يَزْعَمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قائم ہوگی قیامت حتی کہ مل جائیں گے میری امت کے بعد قبائل مشرکین کے ساتھ اور حتی کہ عبادت کریں گے لوگ بتوں کی اور بے شک عنقریب ہوں گے میری امت میں تیس کذاب ہر ایک دعویٰ کرے گا کہ وہ بے شک اللہ کا نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

حتى تلحق قبائل من امتي بالمشركين: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد ارتداد کا فتنہ اس کی دلیل ہے کہ لوگ مشرکین کے ساتھ لاحق ہو گئے تھے۔

حتى يعبدوا الاوثان: بہت سے مسلمان ہو کر پھر مرتد ہو جائیں گے اور پہلے کی طرح بتوں کی عبادت کریں گے جیسا کہ اب بھی بعض علاقوں میں ہوتا رہتا ہے ہندوستان میں بھی یہ ارتداد پھیلا ہے علماء نے اس فتنہ کو اپنے زبان وقلم سے متعدد مرتبہ دبایا ہے۔

هذا حديث صحيح اخرجه ابوداؤد مطولاً۔

فائدہ: بعض علماء فرماتے ہیں کہ اگر مدعیان نبوت والوہیت اور مہدویت نیز کذابین کو شمار کیا جائے تو وہ تیس کے قریب تک

پہنچ جاتے ہیں۔(۱)اسود عنسی صاحب صنعاء قتلہ فیروز(۲)مسیلمہ کذاب قتلہ وحشی بن حربؓ(۳)ابن صیاد(۴)طلیحہ(۵)سجاح بنت سوید کانت تحت مسیلمۃ واعطت النبوۃ لزوجہا اس عورت نے اپنے شوہر کو نبوت بخشی اور اپنی امت سے عصر کی نماز معاف کر دی تھی۔(۶)مختار ثقفی فی زمن ابن الزبیر(۷)حتنی شاعر ثم تاب(۸)بہبود فی زمن معتمد باللہ(۹)یحییٰ زکرویہ القرمطی فی زمن مکتفی باللہ(۱۰)اس کا بھائی حسین(۱۱)اس کا چچازاد بھائی عیسیٰ بن مہرویہ(۱۲)ابو طاہر القرمطی اس نے حجر اسود کو بیت اللہ سے نکالا تھا (۱۳)محمد بن علی الشلمغانی(۱۴)شاب یزعم انہ الہ اس کا گمان تھا کہ حضرت علیؓ کی روح اس میں حلول کر گئی ہے اور فاطمہ کی روح اس کی بیوی میں حلول کر گئی ہے(۱۵)مقام نہاوند میں بہت سے لوگوں نے دعویٰ نبوت کیا(۱۶)ایک شخص نے اپنا نام لا رکھا اور کہا کہ آپ کے فرمان لا نبی بعدی سے میں ہی مراد ہوں(۱۷)غازاری ساحر(۱۸)ایک عورت تھی جس نے نبوت کا دعویٰ کیا اور کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان لا نبی بعدی مردوں کے حق میں ہے اگر عورتوں سے نفی کرنا مقصد ہوتی تو لا نبیۃ بھی فرماتے(۱۹)ایک یہودی تھا بیت المقدس میں اس نے اپنے مسیح ہونے کا دعویٰ کیا ثم اسلم(۲۰)ایک شخص گذرا ہے اس نے مہدی ہونے کا دعویٰ کیا (۲۱)اکبر بادشاہ جس نے دین الٰہی ہندوستان میں جاری کیا(۲۲)رتن ہندی نے چھٹی ہجری میں اس نے صحابی ہونے کا دعویٰ کیا جو کذابین میں سے ہے(۲۳)اسحاق اخرس متبعہ خلق کثیر من الیمن والبصرۃ(۲۴)فارس ابن یحییٰ ساباطی(۲۵)ایک چرواہا جس نے عصائے موسیٰ ہاتھ میں لیا اور تصرف کے ساتھ اس کو سانپ بنا دیتا تھا(۲۶)عبداللہ بن میمون مامون کے زمانہ میں(۲۷)غلام احمد قادیانی پنجابی ہندوستان میں گزرا ہے اس نے بھی دعویٰ نبوت کیا جس کا رد علماء دیوبند نے کیا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ ثَقِیْفٍ کَذَّابٌ وَّمُبِیْرٌ

عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ثَقِیْفٍ کَذَّابٌ وَّمُبِیْرٌ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثقیف میں کذاب و مبیر ہوں گے۔

ثقیف: مثل امیر ابو قبیلہ

کذاب: اس کا مصداق مختار ابن ابی عبید اس کا گمان یہ تھا کہ جبرئیل امین اس کے پاس آتے ہیں مختار حضرت حسین کے قصاص کے لیے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنا اور مال اکٹھا کرنا چاہتا تھا اور یہ چاہتا تھا کہ امیر بن جائے اس کے والد ابو عبید بن مسعود ثقفی اجلہ صحابہ میں سے تھے ہجرت کے سال مختار پیدا ہوا صحبت سے محروم رہا عبداللہ بن زبیر سے مسئلہ امارت میں جدا ہو گیا تھا مصعب ابن الزبیر کے زمانہ میں ۶۷ھ میں قتل کیا گیا۔

حجاج بن یوسف: اس امت کا سب سے بڑا ظالم شخص ہوا ایک لاکھ بیس ہزار افراد کو ظلماً اس نے قتل کیا۔

دوسری روایت احصوا الخ: ای اضبطوا وعدوا صبرا بفتح الصاد و سکون الباء اس کا مطلب بلا حرب و حرکت اور بلا خطاء قتل کرنا یعنی حجاج نے بلا کسی غلطی و خطاء کے جن لوگوں کو قتل کیا وہ ایک لاکھ بیس ہزار ہیں۔ حجاج بن یوسف ھذا ھو الامیر الظالم الذی یضرب بہ المثل فی الظلم والقتل والسفک

☆......☆......☆

جامع الترمذی جلدِ ثانی کی
مفصّل اُردو شرح

دُروسِ ترمذی

حصہ چہارم

از
حضرت مولانا رئیس الدین صاحب مدظلہ
شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور (ہند)

مرتب
مولانا مفتی محمد علی حسن مظاہری
استاذ مظاہر علوم سہارنپور (ہند)

ناشر
مکتبۃ العلم
۱۸۔ اردو بازار لاہور پاکستان
Ph: 37231788 - 37211788

نام کتاب .... دروس ترمذی

مصنف .... حضرت مولانا رئیس الدین صاحب مدظلہ

ناشر .... خالد مقبول

مطبع .... آر۔ آر پرنٹرز

ملنے کے پتے

❖ مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ ☎ 37224228

❖ مکتبہ العلوم الاسلامیہ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور ☎ 37221395

❖ مکتبہ جویریہ ۱۸۔ اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان ☎ 37211788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بس کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

فہرست مضامین

مضامین	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی القرن الثالث	۵۳۲
باب ماجاء فی الخلفاء	۵۳۳
اثنا عشر امیر کے بارے میں علماء کے اقوال	۵۳۳
باب ماجاء فی الخلافۃ	۵۳۵
خلفاء اربعہ کی مدت خلافت	۵۳۵
اشکال وجواب	۵۳۵
باب ماجاء ان الخلفاء من قریش الی ان تقوم الساعۃ	۵۳۶
خلافت قریش	۵۳۷
سوال وجواب	۵۳۷
باب ماجاء فی المہدی	۵۳۸
سوال وجواب	۵۴۰
باب ماجاء فی نزول عیسیٰ بن مریم علیہ السلام	۵۴۰
نزول عیسیٰ علیہ السلام	۵۴۱
اس نزول میں بہت سی حکم ومصالح ہیں	۵۴۳
باب ماجاء فی الدجال	۵۴۴
دونوں کو مسیح کہا جاتا ہے	۵۴۴
دجال کو مسیح کہنے کی مختلف وجوہات ہیں	۵۴۴
مختلف سوالات وجوابات	۵۴۶
باب ماجاء من این یخرج الدجال	۵۴۷
باب ماجاء فی علامات خروج الدجال	۵۴۸
اشکال وجواب	۵۴۹
باب ماجاء فی فتنۃ الدجال	۵۴۹
فخفض فیہ ورفع کا مطلب	۵۵۳
سوال وجوابات	۵۵۴
رجل شاب کا مصداق	۵۵۶
نزول عیسیٰ علیہ السلام کہاں ہوگا	۵۵۷
اشکال وجواب	۵۵۷
سوال وجواب	۵۵۷
باب ماجاء فی صفۃ الدجال	۵۶۰
باب ماجاء فی ان الدجال لا یدخل المدینۃ	۵۶۰
الایمان یمان کا مطلب	۵۶۱
الکفر من قبل المشرق	۵۶۲
والسکینۃ لاہل الغنم	۵۶۲
الفخر والریاء فی الفدادین اہل الخیل والوبر	۵۶۲
باب ماجاء فی ذکر ابن صیاد	۵۶۳
ابن صیاد کی تحقیق	۵۶۳
سوال وجوابات	۵۶۶
سوال وجواب	۵۶۸
باب	۵۶۹
بابا رتن ہندی کافر تھا	۵۷۰
حدیث کی متعدد تاویلات	۵۷۰
باب ماجاء فی النہی عن سب الریاح	۵۷۰

مضامین	صفحہ نمبر
باب	۵۷۱
سوال وجوابات	۵۷۲
باب	۵۷۲
باب	۵۷۲
من اتی ابواب السلطان افتتن	۵۷۴
نوٹ	۵۷۴
باب	۵۷۵
فتنة الرجل فی اھلہ ومالہ وولدہ والخ	۵۷۵
تموج کموج البحر کا مطلب	۵۷۶
باب مغلق کی تفسیر	۵۷۶
سوال وجواب	۵۷۶
روایت کا مطلب	۵۷۷
لطیفہ	۵۷۸
صحابہ نے سکوت کیوں فرمایا	۵۷۸
تنبیہ	۵۷۸
الغطیایا کا ضبط اور معنی	۵۷۹
قتل کسریٰ کا واقعہ	۵۸۰
مسئلہ عورت امارت وقضاء کی اہل ہے یا نہیں	۵۸۲
نوٹ	۵۸۲
ما مور بہ کا دسواں حصہ جو نجات کیلئے کافی ہے اس	
سے کیا مراد ہے	۵۸۳
ابواب الرؤیا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	۵۸۳
تحقیق لفظ رؤیا ورؤیۃ ورائی	۵۸۳
حقیقت خواب اور اہل علم کی آراء	۵۸۴
خواب کے بارے میں قول صوفیاء	۵۸۴
باب ان رؤیا المؤمن جزء من ستة واربعین جزء من النبوة	۵۸۵
آخری زمانہ کون مراد ہے	۵۸۶
رؤیا المسلم من ستة واربعین جزء من النبوة کا مطلب	۵۸۷
آداب رؤیا	۵۸۷
برے خواب کو کسی سے ذکر نہ کرے	۵۸۸
مسئلہ	۵۸۸
باب ذھبت النبوة وبقیت المبشرات	۵۸۸
مبشرات سے کیا مراد ہے	۵۸۹
تنبیہ	۵۸۹
باب ماجاء فی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم	۵۹۱
من رآنی فی المنام فقد رآنی	۵۹۱
اس ارشاد کے مختلف محامل ہیں	۵۹۱
اشکال وجوابات	۵۹۲
باب ماجاء اذا رای فی المنام ما یکرہ ما یصنع	۵۹۳
برے خواب کے آداب	۵۹۳
باب ماجاء فی تعبیر الرؤیا	۵۹۳
باب	۵۹۵
باب ماجاء فی الذی یکذب فی حلمہ	۵۹۵
عقد شعیرتین کی مناسبت بخواب کذب	۵۹۶
باب	۵۹۶
دودھ کی تعبیر علم سے کیوں	۵۹۶
باب	۵۹۷
دین کو لباس سے کیوں تعبیر فرمایا؟	۵۹۸
ابوبکر افضل ہیں عمر فاروق سے	۵۹۸
باب ماجاء فی رؤیا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المیزان والدلو	۵۹۹

مضامین	صفحہ نمبر
مراتب خلفائے راشدین	۵۹۹
وجہ کراہیۃ رسول اللہ ﷺ	۵۹۹
اسلام ورقہ بن نوفل	۶۰۰
مومن کا سچا خواب	۶۰۳
سوال وجواب	۶۰۳
اسود عنسی و مسیلمہ کذاب	۶۰۵
موضع خطا کے بارے میں اقوال	۶۰۶
تنبیہ	۶۰۷
ابواب الشہادات عن رسول اللہ ﷺ	۶۰۷
تحقیق شہادت	۶۰۷
اشکال وجوابات	۶۰۸
سوال وجواب	۶۰۸
محدود فی القذف کی شہادت معتبر ہے یا نہیں؟	۶۰۹
دشمن کی گواہی کا حکم	۶۱۱
ولا ظنین فی ولاء ولا قرابۃ	۶۱۱
مسائل	۶۱۲
شہادۃ الوالد للولد وبالعکس	۶۱۲
شہادۃ زوج وزوجہ	۶۱۲
خیر القرون قرنی کا مطلب	۶۱۳
اصحاب الاعمش انما رووا عن الاعمش الخ	۶۱۳
ابواب الزہد عن رسول اللہ ﷺ	۶۱۵
زہد کی تحقیق	۶۱۵
نعمتان مغبون فیہما کثیر من الناس	۶۱۵
فیعمل بہن او یعلم کا مطلب	۶۱۶
تنبیہ	۶۱۷

مضامین	صفحہ نمبر
باب ما جاء فی المبادرۃ بالعمل	۶۱۸
بادروا بالاعمال سبعا کی تحقیق	۶۱۸
مقصود روایت	۶۱۹
باب ما جاء فی ذکر الموت	۶۱۹
موت کی یاد دل میں راسخ کرنے کا طریقہ	۶۱۹
سوال وجوابات	۶۲۰
سوال وجوابات	۶۲۱
لقاء اللہ سے کیا مراد ہے؟	۶۲۱
اشکال وجواب	۶۲۱
باب ما جاء فی انذار النبی ﷺ	۶۲۲
سوال وجوابات	۶۲۳
باب ما جاء فی فضل البکاء من خشیۃ اللہ	۶۲۳
روایت کا مطلب	۶۲۳
باب ما جاء فی قول النبی ﷺ لو تعلمون الخ	۶۲۳
باب ما جاء من تکلم بالکلمۃ لیضحک الناس	۶۲۵
مالا یعنی کی حقیقت	۶۲۶
باب ما جاء فی قلۃ الکلام	۶۲۷
قلت کلام محمود ومطلوب ہے	۶۲۸
آفات زبان	۶۲۸
باب ما جاء فی ہوان الدنیا	۶۲۹
دنیوی لذات میں انہماک اور ان سے مفارقت کی مثال	۶۳۱
الدنیا سجن المومن وجنۃ الکافر	۶۳۱
باب ما جاء مثل الدنیا اربعۃ نفر	۶۳۲
اربعۃ نفر کی وضاحت	۶۳۳
باب ما جاء فی ہم الدنیا وحبہا	۶۳۴

مضامین	صفحہ نمبر
باب ماجاء فی طول العمر للمؤمن	۶۳۶
عبداللہ بن قیسؓ	۶۳۷
باب ماجاء فی اعمار ہذہ الامۃ مابین ستین الی سبعین	۶۳۷
باب ماجاء فی تقارب الزمن وقصر الامل	۶۳۸
تقارب الزمان سے کیا مراد ہے	۶۳۸
روایت کا مطلب	۶۳۸
باب ماجاء فی قصر الامل	۶۳۹
قصر امل سے کیا مراد ہے	۶۳۹
روایت کا مطلب	۶۳۹
ہذا سے کس طرف اشارہ ہے	۶۴۰
حاصل روایت	۶۴۰
ثم املہ کی ترکیب وتحقیق	۶۴۱
باب ماجاء ان فتنۃ ہذہ الامۃ فی المال	۶۴۱
مال فتنہ کس طرح ہے؟	۶۴۱
باب ماجاء لو کان لابن آدم وادیان الخ	۶۴۲
باب ماجاء قلب الشیخ شاب علی حب اثنتین	۶۴۳
باب ماجاء فی الزہادۃ فی الدنیا	۶۴۳
لیس بتحریم الحلال کا مطلب	۶۴۴
لیس لابن آدم حق سے کیا مراد ہے	۶۴۵
روایت کا مطلب	۶۴۶
والاسلام علی کفاف کا مطلب	۶۴۶
فائدہ	۶۴۷
تنبیہ	۶۴۷
روایت کا مطلب	۶۴۸
بطحائے مکہ	۶۴۹
فائدہ	۶۵۰
باب ماجاء فی فضل الفقر	۶۵۱
بحث فضل فقر وغنی	۶۵۱
قول فیصل	۶۵۱
باب ماجاء ان فقراء المہاجرین یدخلون الجنۃ قبل اغنیائہم	۶۵۲
توفیق بین الروایات فی الاعداد کے بارے میں اقوال	۶۵۳
اشکال وجواب	۶۵۴
باب ماجاء فی معیشۃ النبی ﷺ واہلہ	۶۵۴
ما رأی رسول اللہ ﷺ الخ	۶۵۶
وقد رواہ مالک بن انس عن ابی حازم الخ	۶۵۶
باب ماجاء فی معیشۃ اصحاب النبی ﷺ	۶۵۶
انی لاول اہراق دما	۶۵۷
سوال وجواب	۶۵۸
روایت کا مطلب	۶۵۹
ابوبکر نے بھوک کو ذکر نہیں کیا	۶۶۱
بطانتان	۶۶۳
سوال وجواب	۶۶۳
پیٹ پر پتھر کیوں؟	۶۶۳
باب ماجاء ان الغنی غنی النفس	۶۶۵
روایت کا مطلب	۶۶۵
باب ماجاء فی اخذ المال بحقہ	۶۶۶
روایت کا مطلب	۶۶۶
قول غزالی	۶۶۶
عبد الدنیا والدرہم کا مطلب	۶۶۷
ذئبان جائعان کے ساتھ تشبیہ کی وجہ	۶۶۸

مضامین	صفحہ نمبر
باب	۶۶۹
باب ماجاء فی کراہیۃ کثرۃ الاکل	۶۷۰
شکم تمام شہوتوں کا سرچشمہ ہے	۶۷۰
فوائد بھوک	۶۷۱
کھانے کا مقصد	۶۷۲
باب ماجاء فی الریاء والسمعۃ	۶۷۲
حقیقت ریاء	۶۷۲
ریاء نہایت مہلک بیماری ہے	۶۷۲
روایت کے مطالب	۶۷۳
فائدہ	۶۷۳
تشغ ابوہریرۃ	۶۷۶
فوائد الحدیث	۶۷۶
تفسیر آیت من کان یرید حیاۃ الدنیا کے بارے میں	
علماء کے اقوال	۶۷۷
اشکال وجواب	۶۷۷
القراء المراؤن باعمالہم سے کیا مراد ہے	۶۷۸
طاعات کے اظہار کا معیار	۶۷۸
نفس عمل کا اظہار	۶۷۸
قول فیصل	۶۷۸
وقد فسر بعض اہل العلم الخ	۶۷۹
باب المرء مع من احب	۶۷۹
روایت کا مطلب	۶۷۹
سوال وجواب	۶۸۱
باب فی حسن الظن باللہ تعالیٰ	۶۸۲
انا عند ظن عبدی بی کے مطالب	۶۸۲
باب ماجاء فی البر والاثم	۶۸۲
فائدہ	۶۸۳
باب ماجاء فی الحب فی اللہ	۶۸۳
محبت اللہ اور اس کے بارے میں روایات	۶۸۳
انبیاء وشہداء کے غبطہ کا مطلب	۶۸۴
سبعۃ یظلہم اللہ	۶۸۵
ظل سے کیا مراد ہے	۶۸۵
امام عادل	۶۸۵
تعلیق قلب بالمسجد سے کیا مراد ہے	۶۸۶
تنبیہ	۶۸۶
فائدہ	۶۸۷
باب ماجاء فی اعلام الحب	۶۸۸
باب کراہیۃ المدحۃ والمداحین	۶۸۸
حثو تراب سے کیا مراد ہے	۶۸۹
باب ماجاء فی صحبۃ المؤمن	۶۸۹
باب فی الصبر عن البلاء	۶۹۰
حاصل روایت	۶۹۱
فائدہ	۶۹۱
ثم الامثل فالامثل	۶۹۲
باب ماجاء فی ذہاب البصر	۶۹۳
باب ماجاء فی حفظ اللسان	۶۹۷
حفظ لسان	۶۹۷
سوال وجواب	۶۹۹
بین رجلیہ کی شہوت سب سے زیادہ غالب ہے	۶۹۹
قساوت قلب سے کیا مراد ہے	۷۰۱
سوال وجوابات	۷۰۲
فائدہ	۷۰۲
حدیث سلمان وابی الدرداء کے فوائد	۷۰۳
عائشہؓ کا خط معاویہ کے نام	۷۰۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْقَرْنِ الثَّالِثِ

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِهِمْ قَوْمٌ يَتَسَمَّنُوْنَ وَيُحِبُّوْنَ السِّمَنَ يُعْطُوْنَ الشَّهَادَةَ قَبْلَ اَنْ يُسْأَلُوْهَا۔

ترجمہ: عمران بن حصینؓ فرماتے ہیں کہ میں نے سنا رسول اللہ ﷺ سے فرماتے ہوئے لوگوں میں سب سے بہتر میرے زمانہ کے لوگ ہیں پھر وہ لوگ جو ان کے بعد پھر وہ لوگ جو ان کے بعد پھر ان کے بعد آئے گی ایسی قوم جو موٹا بننے کی کوشش کرے گی یا موٹاپا پسند کرے گی اور گواہی دیں گے اس سے قبل کہ ان سے گواہی طلب کی جائے۔

القرن: ایک زمانہ کے لوگوں پر اطلاق ہوتا ہے جو متقارب ہوں اور امور مقصودہ میں سے کسی میں شریک ہوں نیز زمانہ کی مدت خاص پر بھی اطلاق ہوتا ہے البتہ اس کی تحدید میں علماء کے مختلف اقوال ہیں دس سال سے لیکر ایک سو بیس سال تک کے زمانہ پر قرن کا اطلاق کیا گیا ہے البتہ عبداللہ بن بسرؓ کی روایت مسلم میں ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قرن کا اطلاق سو سال پر ہوتا ہے وھو المشہور بعض نے پچاس بعض نے ستر سال بھی کہا ہے مطلب یہ ہے کہ جو لوگ سو سال یا پچاس سال یا ستر سال کی عمروں میں ایک ساتھ زندہ رہیں وہ ایک قرن والے کہلائیں گے اور کم وبیش سو سال کا ایک قرن کہلاتا ہے اس کی تائید ہوتی ہے حدیث مذکور میں قرنی کا لفظ واقع ہے جو صحابہؓ کا زمانہ ہے اور ظاہر ہے کہ بعثت سے آخری صحابیؓ تک کا زمانہ سو سال کے قریب ہی ہوتا ہے کیونکہ آخری صحابی ابو الطفیل ہیں جن کی وفات کے بارے میں اختلاف ہے زیادہ سے زیادہ ایک سو بیس سال کا زمانہ ہوتا ہے اسی طرح اس کے بعد دوسرا قرن صحابہؓ کے بعد تابعینؒ کا ہے پھر تبع تابعینؒ کا زمانہ ہے اس کے بعد کذب و بدعات ظاہر ہوگئی تھیں اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ دو سو بیس سال کے بعد اہل بدعات معتزلہ وفلاسفہ اور دیگر فرق ضالہ کا ظہور ہو گیا ہے تو لامحالہ یہ کہنا ہوگا سب سے بہتر زمانہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ ہے جو سو سال ہے پھر اس کے بعد دو زمانے ایک سو بیس سال کے اندر اندر ہیں تو پھر ان دونوں کو اگر تقسیم کیا جائے تو ایک زمانہ کے ساٹھ سال ہی ہوتے ہیں معلوم ہوا کہ قرن کے لیے سو سال کا ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ ہر زمانہ والوں کی عمروں کے لحاظ سے قرن بدلتے رہتے ہیں یعنی یہ ضروری نہیں کہ ایک قرن سو سال کا ہو کم وبیش ہو سکتا ہے۔

هكذا روى محمد بن فضيل هذا الحديث عن الاعمش عن علي بن مدرك عن هلال بن يساف وروى غير واحد من الحفاظ عن الاعمش عن هلال بن يساف ولم يذكر وافيه علي بن مدرك

یعنی محمد بن فضیل نے تو علی بن مدرک کا ذکر کیا ہے لیکن اکثر حفاظ نے عن الاعمش بن ہلال بن یساف کہا اور علی بن مدرک کا ذکر نہیں کیا ہے امام ترمذیؒ نے اسی کو راجح قرار دیا ہے۔

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ خَيْرُ اُمَّتِي الْقَرْنُ الَّذِيْ بُعِثْتُ فِيْهِمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ قَالَ وَلَا اَعْلَمُ اَذَكَرَ الثَّالِثَ اَمْ لَا ثُمَّ يَنْشَؤُا قَوْمٌ يَشْهَدُوْنَ وَلَا يُسْتَشْهَدُوْنَ وَيَخُوْنُوْنَ وَلَا يُؤْتَمَنُوْنَ وَيَفْشُوْ فِيْهِمُ السِّمَنُ۔

ترجمہ: فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری اُمت کا بہترین زمانہ وہ ہے جس میں مجھ کو مبعوث کیا گیا ہے پھر وہ لوگ جو اس کے بعد ہیں فرمایا کہ مجھے یاد نہیں کہ آیا قرن ثالث کا ذکر فرمایا یا نہیں پھر پیدا ہوں گی ایسی قومیں جو گواہی دیں گی حالانکہ ان سے کوئی گواہی نہیں طلب کی جارہی ہوگی اور وہ خیانت کریں گے اور ان پر لوگ اطمینان نہیں کریں گے اور ظاہر ہو جائے گا ان میں موٹاپا۔

لَا اَعْلَمُ اَذَكَرَ الثَّالِثَ اَمْ لَا: مسلم شریف میں بھی روایت اسی طرح شک کے ساتھ ہے نیز ابن مسعودؓ اور ابوہریرہؓ کی روایات بھی مسلم شریف میں شک کے ساتھ وارد ہیں اسی طرح بریدہؓ کی روایت مسند احمد میں شک کے ساتھ ہے مگر اکثر روایات بغیر شک کے وارد ہیں مثلاً نعمان بن بشیرؓ کی روایت مسند احمد میں اس طرح عائشہؓ کی روایت اسی طرح عمر فاروقؓ کی روایت بھی بغیر شک کے مروی ہے۔

يَخُوْنُوْنَ وَلَا يُؤْتَمَنُوْنَ: ایسے خائن لوگ اس کے بعد آئیں گے کہ ان کی خیانتیں ظاہر ہوں گی لوگ ان پر اعتماد نہیں کریں گے۔

وَيَفْشُوْ فِيْهِمُ السِّمَنُ۔ بکسر السین وفتح المیم بعد ہا نون یعنی وہ لوگ کھانے، پینے میں ایسا توسع اختیار کریں گے جو موجب سمن ہوگا یعنی وہ موٹے جسم والے ہو جائیں گے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْخُلَفَاءِ

عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ مِنْ بَعْدِيْ اِثْنَا عَشَرَ اَمِيْرًا قَالَ ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ اَفْهَمْهُ فَسَأَلْتُ الَّذِيْ يَلِيْنِيْ فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہوں گے میرے بعد بارہ امیر راوی نے کہا پھر کچھ کلام کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس کو میں نہیں سمجھا پس میں نے اس شخص سے پوچھا جو میرے پاس بیٹھا تھا تو اس نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سب قریش سے ہوں گے۔

اثنا عشر امیرا: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مقصود مدح نہیں بلکہ یہ بتانا ہے کہ اُمت مرحومہ زمانہ طویل تک

باقی رہے گی عدد مقصود نہیں۔

دوسرا قول: یہ ہے کہ مقصود روایت یہ ہے کہ خلافت علیٰ حسب السنۃ بارہ امیروں میں ہوگی اب بارہ امیر کا پے در پے ہونا ضروری نہیں حتی یتقض بتخلل یزید۔

تیسرا قول: مراد یہ ہے کہ امارت علیٰ حسب سنۃ الخلفاء بارہ امیروں میں رہے گی اگر چہ ان میں بعض ظالم بھی ہوں گے مگر امورِ مملکت میں وہ خلفاء کا طریقہ اختیار کریں گے۔

چوتھا قول: خلافت واحدہ پر اجتماع لوگوں کا بارہ امیروں تک ہوگا کما ذکرہ السیوطی۔

پانچواں قول: اس سے اشارہ فرمایا حدیث خیر القرون کی طرف یعنی ان قرون میں غالب اخیار ہوں گے اور وہ بارہ ہوں گے۔

چھٹا قول: اس سے مراد مہدی اور ان کے بعد کا زمانہ ہے اس وقت بارہ امیر ہوں گے۔

ساتواں قول: اس سے مراد یہ ہے کہ ایک ہی زمانہ میں بارہ امیر ہوں گے۔ اور سب کے سب دعویٰ خلافت کریں گے۔

آٹھواں قول: اس سے اشارہ ہے خلفاء بنو امیہ کی طرف جو صحابہؓ کے بعد ہوئے ہیں۔ (۱) یزید بن معاویہ (۲) اس کا بیٹا معاویہ (۳) عبدالملک (۴) ولید (۵) سلیمان (۶) عمر بن عبدالعزیز (۷) یزید بن عبدالملک بن ہشام (۸) ولید بن یزید (۹) یزید بن الولید (۱۰) ابراہیم بن الولید (۱۱) مروان بن الحکم (۱۲) حکم ابن مروان ان کے بعد خلافت منتقل ہوگئی بنو عباس کی طرف پھر ان میں اور ہوتے رہے ہیں۔

فَسَأَلْتُ الَّذِيْ يَلِيْنِيْ: مسلم کی کثیر روایات میں فسالت ابی واقع ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان و ابوداؤد

عَنْ زِيَادِ بْنِ كُسَيْبٍ الْعَدَوِيِّ قَالَ كُنْتُ مَعَ أَبِيْ بَكْرَةَ تَحْتَ مِنْبَرِ ابْنِ عَامِرٍ وَهُوَ يَخْطُبُ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ رِقَاقٌ فَقَالَ أَبُوْ بِلَالٍ انْظُرُوْا إِلَى أَمِيْرِنَا يَلْبَسُ ثِيَابَ الْفُسَّاقِ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرَةَ اسْكُتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ أَهَانَ سُلْطَانَ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ أَهَانَهُ اللّٰهُ۔

ترجمہ: زیاد بن کسیب کہتے ہیں کہ میں ابوبکرہؓ کے ساتھ ابن عامر کے منبر کے نیچے تھا اس حال میں کہ وہ خطبہ دے رہے تھے اور ان پر باریک کپڑے تھے پس کہا ابوبلال نے دیکھو ذرا ہمارے امیر کی طرف پہنتا ہے وہ فساق کا لباس پس کہا ابوبکرہؓ نے خاموش رہ کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جو شخص ذلیل کرتا ہے اللہ کے بادشاہ کو زمین میں اللہ تعالیٰ اس کو ذلیل فرماتے ہیں۔

رِقَاقٌ: بکسر الراء جمع و باریک کپڑا۔ يَلْبَسُ ثِيَابَ الْفُسَّاقِ۔ ممکن ہے یہ کپڑا ریشمی ہو یا زیادہ عیش پرستوں کی طرح کا لباس ہو تغلیظاً اس پر لباس فساق کا اطلاق کر دیا ہو وہو الظاہر۔

مَنْ أَهَانَ سُلْطَانَ اللّٰهِ الخ۔ یعنی جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے عزت دی اور بادشاہت کا لباس پہنا دیا ہو یا اس طرح کا کوئی معزز عہدہ اس کو ملا ہے اب اس کو کوئی شخص رسوا کرنے لگے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو رسوا کریں گے معلوم ہوا کہ کسی معزز شخص کو برسرِ عام

رسوا کرنا درست نہیں ہے بالخصوص بادشاہ وحاکم کو۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه النسائي۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْخِلَافَةِ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْخِلَافَةُ فِيْ اُمَّتِيْ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً ثُمَّ مُلْكٌ بَعْدَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ لِيْ سَفِيْنَةُ اَمْسِكْ خِلَافَةَ اَبِيْ بَكْرٍ ثُمَّ قَالَ وَخِلَافَةَ عُمَرَ وَ خِلَافَةَ عُثْمَانَ ثُمَّ قَالَ اَمْسِكْ خِلَافَةَ عَلِيٍّ فَوَجَدْنَاهَا ثَلَاثِيْنَ سَنَةً قَالَ سَعِيْدٌ فَقُلْتُ لَهٗ اِنَّ بَنِيْ اُمَيَّةَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّ الْخِلَافَةَ فِيْهِمْ قَالَ كَذَبُوْا بَنُو الزَّرْقَاءِ بَلْ هُمْ مُلُوْكٌ مِنْ شَرِّ الْمُلُوْكِ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خلافت میری اُمت میں تیس سال رہے گی اس کے بعد بادشاہت ہوگی پھر کہا مجھ سے سفینہ نے گن خلافت ابی بکرؓ پھر کہا اور شمار کر خلافت عمرؓ اور خلافت عثمانؓ کو پھر کہا شمار کر خلافت علیؓ پس پایا ہم نے اس کو تیس سال کہا سعید نے پس میں نے کہا ان سے کہ بنو اُمیہ گمان کرتے ہیں کہ بے شک خلافت تو ان میں بھی ہے تو انہوں نے کہا کہ وہ جھوٹ بولتے ہیں بنو الزرقاء بلکہ وہ تو شری بادشاہوں میں سے بادشاہ ہیں۔

الخلافة ثلاثون سنة: یعنی ایسی پسندیدہ وکامل خلافت جو موافق سنت اور اتباع طریقہ حق پر ہو وہ تیس برس ہے اس کے بعد بادشاہت ہو جائے گی یعنی تیس برس کے بعد ایسے بادشاہ ہوں گے جن کے ظلم وستم سے لوگ امن میں نہ ہوں گے اگرچہ خلفائے حق کے بعد ہونے کی وجہ سے ان کو مجازاً لوگ خلیفہ کہیں گے حقیقی خلافت حق تیس سال ہی ہے چنانچہ ابوداؤد شریف میں لفظ خلافة النبوة ثلاثون سنة واقع ہے۔

خلفاء اربعہ کی مدت خلافت

مدت خلافت ابوبکرؓ دو سال تین ماہ دس دن عمر الفاروقؓ دس سال چھ ماہ اور آٹھ دن خلافت عثمانؓ گیارہ سال گیارہ مہینے نو دن خلافت علیؓ چار سال نو ماہ سات دن۔ بعض حضرات نے ایام کا ذکر نہیں کیا پھر قدرے فرق کے ساتھ بھی ذکر کیا ہے پھر تیس سال میں جو کمی ہے اس کو حضرت حسنؓ کی مدت خلافت سے پورا کیا اور ان کو بھی خلفاء میں شمار کیا ہے۔

بعض نے فرمایا خلفاء اربعہ ہی کی خلافت تیس سال ہے۔

اشکال: ارباب حل وعقد کا اتفاق ہے کہ خلفاء اربعہ کے علاوہ بھی خلفاء تھے جیسا کہ بنو اُمیہ میں عمر بن عبد العزیزؒ اسی طرح بعض خلفاء عباسیہ ہیں تو پھر تیس سال کا قول کیسے درست ہوگا؟

جواب: مراد ایسی خلافت ہے جس میں مخالف حق کی آمیزش بالکل نہیں تھی اس کے بعد کبھی ہوگی خلافت حق اور کبھی نہیں ہوگی۔

كذبوا بنو الزرقاء اکلونی البراغیث کے قبیلہ سے ہے کہ فاعل مظہر کے ہوتے ہوئے فعل جمع کے ساتھ لایا گیا ہے الزرقاء امراة من امهات بنی امية۔

وفي الباب عن عمرؓ و عليؓ قالا لم يعهد النبي صلى الله عليه و آله وسلم في الخلافة شيئا: ان دونوں

حضرات نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خلافت کے بارے میں کوئی وصیت نہیں فرمائی ہے حدیث عمرؓ کی روایت کی تخریج ترمذی نے آگے فرمائی اور علیؓ کی روایت کی تخریج احمد اور بیہقی نے فرمائی ہے۔

عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قِيْلَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ لَوِ اسْتَخْلَفْتَ قَالَ اِنْ اَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ اَبُوْبَكْرٍ وَاِنْ لَمْ اَسْتَخْلِفْ لَمْ يَسْتَخْلِفْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: حضرت عمرؓ سے عرض کیا گیا کہ کاش آپ کسی کو خلیفہ بنا دیتے تو فرمایا اگر میں خلیفہ بناؤں تو ابوبکرؓ نے خلیفہ بنایا لہٰذا ان کی اتباع ہوگی اور اگر خلیفہ نہ بناؤں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی کسی کو خلیفہ نہیں بنایا لہٰذا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس میں اتباع ہوگی۔

علامہ نوویؒ نے شرح مسلم میں فرمایا مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ خلیفہ جب قریب الموت ہوجائے یا اس سے پہلے وہ اپنا قائم مقام (خلیفہ) بنائے تو جائز ہے اور اگر وہ نہ بنائے تو یہ بھی جائز ہے چونکہ دونوں امر کی نظیر عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعمل ابی بکرؓ میں موجود ہے۔

اسی طرح اس پر بھی اجماع ہے کہ خلیفہ اگر مسئلہ خلافت طے کرنے کے لیے شوریٰ بنادے تو جائز ہے جیسا کہ عمر فاروقؓ نے مسئلہ خلافت طے کرنے کے لیے چند افراد متعین فرمائے تھے نیز اس پر بھی اجماع ہے کہ اگر کوئی خلیفہ نہ ہو تو مسلمانوں کے لیے واجب ہے کہ وہ کسی شخص کو خلیفہ بنائیں اور یہ وجوب شرعی ہے نہ کہ عقلی البتہ ابوبکرؒ اصم وجوب کے قائل نہیں اہل سنت والجماعت نصب خلیفہ کے وجوب کے قائل ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد مسلمانوں نے پہلے خلیفہ کا انتخاب کیا یعنی ابوبکرؓ سے بیعت پر اتفاق کیا عقل بھی اس کی مقتضی ہے کہ ہر جماعت کا کوئی ذمہ دار ہونا چاہیے تا کہ نظم ونسق باقی رہے، اجرائے احکام میں سہولت ہو ورنہ انتشار ہوگا۔

وفی الحدیث قصة طویلة: اخرجہ مسلم فی الصحیح فی اوائل کتاب الامارة ھذا حدیث صحیح اخرجہ الشیخان۔

بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ الْخُلَفَاءَ مِنْ قُرَيْشٍ اِلٰى اَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ

كَانَ نَاسٌ مِنْ رَبِيْعَةَ عِنْدَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ لَتَنْتَهِيَنَّ قُرَيْشٌ اَوْ لَيَجْعَلَنَّ اللّٰهُ هٰذَا الْاَمْرَ فِيْ جُمْهُوْرٍ مِنَ الْعَرَبِ غَيْرِهِمْ فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ كَذَبْتَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قُرَيْشٌ وُلَاةُ النَّاسِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

ترجمہ: کچھ لوگ قبیلہ ربیعہ کے عمرو بن العاصؓ کے پاس بیٹھے تھے قبیلہ بکر بن وائل کے ایک شخص نے کہا البتہ باز آجائیں قریش (فسق وفجور سے) ورنہ اللہ تبارک وتعالیٰ کر دیں گے اس امر (یعنی سلطنت) کو تمام عرب میں ان کے علاوہ میں کہا عمرو بن العاصؓ نے تم نے غلط کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا فرماتے ہوئے کہ قریش لوگوں کے والی ہیں خیر وشر میں قیامت تک۔

هٰذَا الْاَمْرَ: ای الریاسة والخلافة۔

فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ: ای فی الاسلام والجاہلیة

اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ: ای مستمر الی یوم القیامۃ
وُلَاۃُ النَّاسِ الخ: یعنی حق خلافت قیامت تک قریش کو حاصل ہے یہ الگ بات ہے کوئی ان پر غالب آجائے۔

خلافت قریش

علامہ نوویؒ شرح مسلم میں فرماتے ہیں کہ قریش کی خلافت وریاست کے بارے میں متعدد احادیث وارد ہیں۔

اوّل روایۃ الباب دوم ابو ہریرہؓ کی حدیث سوم جابر بن عبداللہؓ کی حدیث اخرجہ مسلم ان روایات سے واضح ہے کہ حق خلافت قریش کو حاصل ہے ان کے ہوتے ہوئے کسی اور تابعین وتبع تابعین کا بھی اس پر اجماع رہا ہے قاضیؒ فرماتے ہیں ہو مذہب العلماء کافۃ خلافاللنظام المعتزلی وغیرہم من اہل البدع۔

چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات پر مسئلہ خلافت کے استحقاق کے لیے ابوبکرؓ وعمرؓ نے یہی روایت پیش کی تھی جب یوم سقیفہ میں حضرات انصارؓ نے اس میں کچھ اختلاف کیا تھا اس روایت کو سن کر وہ سب خاموش ہو گئے تھے۔

بہر حال اصل استحقاق خلافت قریش کو ہے البتہ کوئی متغلب غلبہ حاصل کر کے خلیفہ بن جائے تو اس کی اطاعت بھی ضروری ہے تاکہ اختلاف بین المسلمین نہ ہو۔

سوال: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد اسمعوا واطیعوا وان استعمل علیکم عبد حبشی کان رأسہ زبیبۃ رواہ البخاری ومسلم اسی طرح دوسری روایت ام حصین کی مسلم میں ہے اِنْ اُمِّرَ عَلَیْکُمْ عبد مجدع یقودکم بکتاب اللّٰہ فاسمعوا ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ غیر قریشی حتیٰ کہ غلام بھی امیر بن جائے تو اس کی اطاعت کی جائے بظاہر روایات میں تعارض ہے۔

جواب (۱) اس طرح کی کل روایات کا مطلب یہ ہے کہ کسی خاص قریہ وغیرہ کی امارت کسی غلام یا غیر قریشی کے سپرد کی جائے تو اس کی اطاعت لازم ہے قریش ولاۃ الناس ہیں مراد امام اعظم ہے یعنی امام اعظم تو قریش ہوگا البتہ امارت جیش وغیرہ غیر قریش کے بھی سپرد کی جا سکتی ہے جیسا کہ متعدد واقعات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں پیش آئے ہیں۔

جواب (۲) یا روایت میں عبد حبشی کا لفظ مبالغۃ واقع ہوا ہے اس سے مقصود امام کی اطاعت کی ترغیب ہے اور اُمت کو اختلاف سے بچانا ہے۔

چنانچہ جمہور اُمت اس پر متفق ہیں کہ اگر غیر قریش نے غلبہ حاصل کر کے امارت حاصل کر لی ہو تو پھر اس کی اطاعت بھی لازم ہے۔

الحاصل: روایت مذکورہ فی الباب میں اصل استحقاق کو بیان کرنا ہے کہ قریش کے رہتے ہوئے خلافت کا استحقاق کسی دوسرے کو نہیں ہے خبر دینا مقصود نہیں ہے کہ واقعات سے کذب لازم آئے یا مراد یہ ہے کہ بوقت تقابل قریش کو غیر قریش پر ترجیح ہوگی۔

ھذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجہ احمد۔

قَالَ اَبُوْھُرَیْرَۃَؓ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ لَا یَذْھَبُ اللَّیْلُ وَالنَّھَارُ حَتّٰی یَمْلِکَ رَجُلٌ مِنَ

الْمَوَالِيْ يُقَالُ لَهٗ جَهْجَاهٌ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ختم ہوں گے رات دن حتی کہ مالک ہو جائے گا غلاموں میں سے ایک شخص جس کو جہجاہ کہا جائے گا۔

مَوَالِيْ: بفتح المیم جمع مولی ای ممالیک حتی یملک الخ ای حتی یصیر حاکما علی الناس۔

جَهْجَاه: بفتح الجیم واسکان الہاء وفی البعض بالہائین وفی البعض بحذف الہاء بعد الالف والاول ہو المشہور، مراد یہ ہے کہ قیامت اس وقت واقع ہوگی جب ایک غلام حاکم ہوگا جس کا نام جہجاہ ہوگا۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه مسلم

عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِيْ اَئِمَّةً مُضِلِّيْنَ قَالَ وَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِيْ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى يَاْتِيَ اَمْرُ اللّٰهِ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میں خوف کرتا ہوں اپنی اُمت پر گمراہ کرنے والے آئمہ کا اور فرمایا ہمیشہ رہے گی میری اُمت کی ایک جماعت حق پر (غالب رہے گی باطل پر) نہیں نقصان پہنچا سکے گا ایسا شخص جوان کو رسوا کرنے کی کوشش کرے گا حتی کہ اللہ کا حکم آجائے۔

اَئِمَّةً مُضِلِّيْنَ: سے مراد اہل بدعت ہیں یا ایسے ذمہ دار مراد ہیں جو فسق و فجور میں مبتلا ہیں۔

عَلَى الْحَقِّ: یہ لاتزال کی خبر ہے ای ثابتین علی الحق علما و عملا۔

ظَاهِرِيْنَ: غالبین علی الباطل حجۃ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ظاہرین لاتزال کی دوسری خبر ہے یا ثابتین کی ضمیر سے حال ہے ای ثابتین علی الحق فی حالۃ کونہم غالبین علی العدو۔

حَتّٰى يَاْتِيَ اَمْرُ اللّٰهِ: اس سے مراد قیامت ہے دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد وہ ہوا ہے کہ اس کے چلتے وقت ہر مومن و مومنہ کی روح قبض کر لی جائے گی۔

هذا حديث صحيح اخرجه مسلم و ابن ماجه۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الْمَهْدِيِّ

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اِسْمُهٗ اِسْمِيْ۔ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا يَوْمًا لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَلِيَ۔

ترجمہ: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا نہیں ختم ہوگی حتی کہ بادشاہ ہوگا عرب کا ایک شخص میرے اہل بیت میں سے جس کا نام میرے نام کے مطابق ہوگا، ابو ہریرہؓ سے مروی ہے فرمایا اگر دنیا کا ایک دن بھی باقی رہے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو لمبا کر دیں گے حتی کہ وہ والی ہوگا۔

لا تذھب: ای لاتفنی ولا تنقضی۔ حتی یملك العرب اهل عرب کے اشرف واصل ہونے کی وجہ سے ان کو ذکر کردیا ہے ورنہ مراد اہل عجم بھی ہیں کیونکہ جب وہ عرب کے بادشاہ ہوں گے اور کلمہ واحدہ میں متفق ہوں گے اور قبضہ بھی ایک ہوگا تو اہل عجم پر بھی ان کی حکومت ہوگی۔

چنانچہ اُم سلمہؓ کی روایت سے اس کی تائید ہوتی ہے

لفظه ويعمل في الناس بسنة نبيهم ويلقي الاسلام بجرانه في الارض فيلبث سبع سنين ثم يتوفى و يصلي عليه المسلمون (مشكوٰة)

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ اہل عرب کا تذکرہ ان کے غلبہ کی بناء پر کیا گیا ہو یا یہ کہا جائے یہ باب الاکتفاء کے قبیل سے ہے کقوله سرابیل تقیکم الحرای الحر و البرد۔ مگر اظہر قول اس بارے میں یہ ہے کہ اہل عرب کا ذکر خصوصاً اس لیے کیا گیا ہے کہ وہ سب مہدی علیہ السلام کی اطاعت کریں گے البتہ اہل عجم مطیع نہ ہوں گے بلکہ اختلاف کریں گے۔

رجل من اهل بيتي: اس سے مراد حضرت مہدی علیہ السلام ہیں جن کا نام آپ کے نام کے مطابق ہوگا۔

لطول الله ذلك اليوم حتى يلي: اس سے مقصود مہدی علیہ السلام کی ولایت کے یقینی ہونے کو بیان کرنا ہے یعنی مہدی ضرور آئیں گے خواہ اللہ تعالیٰ اس ایک دن کو طویل کیوں نہ فرمائیں۔

فائدہ: ایک روایت میں جس کی تخریج ابوداؤد نے کی ہے یواطی اسمه اسمی واسم ابيه ابي واقع ہے اس سے شیعہ پر رد ہوتا ہے جو قائل ہیں کہ مہدی موعود محمد بن الحسن العسکری ہیں۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الاوّل الترمذي وحديث ابي هريرةؓ ابن ماجه۔

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَشِيْنَا اَنْ يَكُوْنَ بَعْدَ نَبِيِّنَا حَدَثٌ فَسَأَلْنَا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ فِيْ اُمَّتِي الْمَهْدِيَّ يَخْرُجُ يَعِيْشُ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا اَوْ تِسْعًا زَيْدُ الشَّاكُّ قَالَ قُلْنَا وَمَا ذَاكَ قَالَ سِنِيْنَ فَيَجِيْءُ اِلَيْهِ الرَّجُلُ فَيَقُوْلُ يَا مَهْدِيُّ اَعْطِنِيْ قَالَ فَيَحْثِيْ لَهٗ فِيْ ثَوْبِهٖ مَا اسْتَطَاعَ اَنْ يَحْمِلَهٗ۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ ہم کو خوف ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نئی بات پیدا ہوگی ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک میری اُمت میں مہدی علیہ السلام ہوں گے دُنیا میں رہیں گے وہ پانچ سال یا سات یا نو سال زید کو شک ہے ہم نے پوچھا یہ (پانچ، سات، نو) کیا ہیں؟ فرمایا یہ سال ہیں فرمایا آئے گا آدمی ان کے پاس بس کہے گا اے مہدی مجھے عطا کر مجھے عطا کر پس مہدی اس کو مٹھی بھر کر دیں گے اس کے کپڑے میں اتنا کہ وہ اس کو اُٹھا سکے۔

خشينا ان يكون بعد نبينا حدث: حدث بفتح الحاء والدال اى الامر الحادث المنكر الذى ليس بمعتاد ولا معروف في السنة۔

سوال: صحابہؓ کے سوال اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جواب میں مطابقت یہاں کس طرح ہے؟

جواب (۱) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیر القرون قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم فرمایا تو صحابہؓ کو یہ اندیشہ ہوا کہ شاید ان زمانوں کے بعد بدعات اورنئی باتیں پیش آئیں گی تو قیامت اچانک آجائے گی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شفقۃ علی الامۃ ارشاد فرمایا اولاً حضرت مہدی علیہ السلام تشریف لائیں گے اور بدعات وغیرہ کو ختم کریں گے ایسا نہ ہوگا کہ اچانک قیامت آکر اُمت ختم ہوجائے گی۔

جواب (۲) یا یہ کہا جائے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کا ہر زمانہ خیر سے خالی ہوتا نظر آتا ہے کہ کل کی جو حالت تھی آج نہیں تو صحابہؓ نے یہ سوچا کہ شاید بالکل آخیر میں لوگ زائد گمراہ ہوجائیں گے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ثم یفشو الکذب الخ: اس طرح کی اور بھی روایات ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آخر زمانہ میں شرور وفتن زائد ہوں گے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بطور تسلی فرمایا ایسا نہیں بلکہ ایک زمانہ مہدی علیہ السلام کا بھی ہوگا کہ وہ خیر کا زمانہ ہوگا۔

يَعِيْشُ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا أَوْ تِسْعًا زَيْدُ الشَّاكُّ قَالَ قُلْنَا وَمَا ذَاكَ قَالَ سِنِيْنَ۔ زید کو شک ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانچ فرمایا سات یا نو، ابوداؤد شریف میں ابوسعید خدریؓ کی روایت میں سبع سنین جزم کے ساتھ واقع ہوا ہے اسی طرح اُم سلمہؓ کی روایت میں بھی سبع سنین واقع ہے لہٰذا روایت جازمہ روایت مشکوکہ پر راجح ہوگی یا یہ کہا جائے پانچ سال تو علامات قیامت کے ہوں گے اور دو سال کفار سے جنگ رہے گی پھر دو سال امن وسکون کے ہوں گے اس طرح وہ کل نو (۹) سال ہوجائیں گے۔

اعطنی اعطنی: تکرار برائے تاکید ہے یا مقصود بار بار لینا ہے۔

فَيَحْثِيْ لَهٗ فِيْ ثَوْبِهٖ مَا اسْتَطَاعَ اَنْ يَّحْمِلَهٗ: یعنی مہدی علیہ السلام سائل کو اس قدر عطا فرمائیں گے جس کو وہ اٹھا سکے یعنی اس وقت مال کی کثرت ہوگی کہ فتوحات خوب ہوں گی مال غنیمت بہت حاصل ہوگا اور حضرت مہدی سخی بھی ہوں گے۔

ھذا حدیث حسن اخرجه احمد۔

حضرت مہدی علیہ السلام کے بارے میں متعدد روایات وارد ہیں کہ آخر زمانہ میں وہ تشریف لائیں گے اور اسلامی حکومت قائم کریں گے ان کے قیام سات سال رہے گا وہ انتہائی فتوحات اسلامیہ کا دور ہوگا غنائم کی کثرت ہوگی وہ خود غنی ہوں گے لوگ ان سے مال وغیرہ مانگیں گے وہ حسب منشاء عنایت فرمائیں گے حضرت مہدی علیہ السلام کے بارے میں مستقل رسائل علماء نے تحریر فرمائے ہیں جن میں ان احادیث کو جمع فرمایا ہے جو ان کے نزول کے بارے میں وارد ہیں علامہ سیوطیؒ کے اس موضوع پر تین رسالے ہیں العرف الوردی فی اخبار المہدی، البرہان فی علامات مہدی آخر الزمان، تلخیص البیان فی علامۃ مہدی آخر الزمان، اسی طرح علی متقی کا رسالہ البرہان فی علامات مہدی آخر الزمان اسی طرح دیگر علماء کے رسائل ہیں علامہ شوکانیؒ وغیرہ نے بھی فرمایا نزول المہدی کے بارے میں روایات متواترہ موجود ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ نُزُوْلِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَيُوْشِكَنَّ اَنْ يَّنْزِلَ فِيْكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا مُقْسِطًا فَيَكْسِرُ الصَّلِيْبَ وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ وَيَفِيْضُ الْمَالُ حَتّٰى لَا يَقْبَلَهٗ اَحَدٌ۔

ترجمہ: فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے یقیناً قریب ہے کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام اتریں گے اس حال میں کہ وہ حاکم ہوں گے عادل ہوں گے پس توڑیں گے وہ صلیب کو اور قتل کریں گے خنزیر کو اور ختم کردیں گے جزیہ کو اور کثیر ہوگا مال (اس وقت) حتیٰ کہ نہیں قبول کرے گا اس کو کوئی شخص۔

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ: جملہ قسمیہ برائے تاکید ہے۔

لَیُوْشِکَنَّ: بکسر الشین ای یقرب معناہ لابد من ذالک سریعا۔

اَنْ یَّنْزِلَ فِیْکُمْ: ای فی ہذہ الامۃ۔حکما ای حکما الشریعۃ کیونکہ یہ شریعت باقی رہے گی منسوخ نہ ہوگی لہٰذا جزیہ ہی ختم کردیں گے حافظؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی ذمی نہ ہوگا بلکہ سارے مسلمان ہونگے۔

مقسطًا: بمعنی عادلاً فیکسر الصلیب: ای یہدم ویقطع یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے اور نصرانیت کو ختم فرمائیں گے۔

صلیب: اصطلاحاً وہ مثلث لکڑی جو نصاریٰ کے یہاں ہوتی ہے ان کا گمان ہے کہ اس طرح کی لکڑی پر ان کو سولی دی گئی ہے حضرت مسیح کی تصویر بھی بنا کر وہ رکھتے تھے۔

یقتل الخنزیر: یعنی خنزیر کے مارنے کا حکم فرمائیں گے اس کے پالنے کو ناجائز قرار دیں گے۔

یضع الجزیۃ: حافظ فرماتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ دین واحد ہوگا کوئی ذمی ومستامن نہ ہوگا بلکہ سارے مسلمان ہوں گے حکم ہوگا اما الاسلام واما السیف۔

دوسرا قول: یہ ہے کہ مال اسقدر کثیر ہوگا کہ لوگوں سے جزیہ کی حاجت نہ ہوگی۔

تیسرا قول: علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ اصل معنی یہ ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسلام کے علاوہ کسی مال وغیرہ کو نہیں قبول فرمائیں گے اس معنی کی تائید متعدد روایات سے ہوتی ہے کیونکہ جزیہ کا جواز مقید ہے نزول مسیح کے ساتھ یہ حکم ہماری شریعت کا ہی ہے۔

ویفیض المال: بفتح الیاء وکسر الفاء والیاء والضاد المعجمۃ ای یکثر یعنی ظلم نہ ہونے کی بنا پر اور دنیا میں انصاف ہونے کی وجہ سے برکات کا نزول ہوگا مال کثیر ہوگا۔

نزولِ عیسیٰ علیہ السلام

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول علامات قیامت میں سے ہے یہودیوں کا عقیدہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام مصلوب ومقتول ہوئے ہیں قرآن کریم میں تفصیل کے ساتھ ان کا رد کیا گیا فرمایا ومکروا ومکر اللّٰہ، وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لھم اسی طرح سورۂ نساء میں بھی تفصیل موجود ہے نصاریٰ کا عقیدہ بھی مصلوب ومقتول ہونے کا ہے مگر ساتھ ہی وہ یہ کہتے ہیں کہ ان کو دوبارہ زندہ کرکے آسمان پر اُٹھالیا گیا ہے۔

مذکورہ بالا آیات سے اس قول کی بھی تردید ہوجاتی ہے ان دونوں کے مقابل اہل اسلام کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ

نے ان یہودیوں کے ہاتھوں سے ان کو نجات دی اور ان کو آسمان پر زندہ اُٹھالیا گیا ہے نہ ان کو قتل کیا جاسکا اور نہ ہی سولی دی گئی ہے وہ قرب قیامت آسمان سے اُتریں گے یہودیوں پر فتح پائیں گے اور آخر میں طبعی طور پر وفات پائیں گے اسی عقیدہ پر تمام اُمت مسلمہ کا اجماع ہے۔

حافظ ابن حجرؒ نے تلخیص الحبیر میں اس پر اجماع نقل کیا ہے قرآن کریم کی متعدد آیات اور احادیث متواترہ نیز اجماع اُمت سے یہ ثابت ہے یہاں اس کی پوری تفصیل کا موقع نہیں اور نہ ہی ضرورت ہے چونکہ علماء نے اپنی کتابوں اور رسالوں میں مستقل طور پر اس کو پورا واضح کیا ہے اور منکرین کے جوابات تفصیل کے ساتھ عنایت فرمائے ہیں ان کا مطالعہ کافی ہے۔

مولانا انور شاہ کشمیریؒ نے اپنی کتاب حیات عیسیٰ علیہ السلام نیز مولانا ادریس کاندھلوی نے حیات مسیح علیہ السلام میں واضح طور پر مدلل اس کو ثابت فرمایا ہے نیز اور بھی سینکڑوں چھوٹے بڑے رسائل اس موضوع پر مشہور و مطبوع ہیں اسی طرح مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے بھی سو سے زائد احادیث جمع فرمائی ہیں جن سے عیسیٰ علیہ السلام کا زندہ آسمان پر اُٹھالینا ثابت ہوتا ہے نیز یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ قرب قیامت وہ نازل ہوں گے کتاب کا نام التصریح بما تواتر فی نزول المسیح ہے حافظ ابن کثیرؒ نے بھی فرمایا: و قد تواترت الاحادیث عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم انہ اخبر بنزول عیسیٰ علیہ السلام قبل یوم القیامۃ اماماً عادلاً الخ۔

بہر حال اس موضوع پر رسائل اور کتابیں موجود ہیں ان کو دیکھ لیا جائے یہاں صرف مختصر سی بات کرنی ہے وہ یہ کہ سورۃ آل عمران کے گیارہویں رکوع میں حق تعالیٰ نے انبیاء سابقین کا ذکر فرمایا جس کے اجمالاً ذکر کرنے پر اکتفاء فرمایا اس کے بعد تقریباً تین رکوع اور بائیس آیتوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے خاندان کا ذکر اس بسط و تفصیل کے ساتھ ذکر کیا گیا کہ خود خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن پر قرآن نازل ہوا ان کا ذکر بھی اتنی تفصیل کے ساتھ نہیں فرمایا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نانی کا ذکر، ان کی نذر کا بیان، والدہ کی پیدائش، ان کا نام، ان کی تربیت کا تفصیلی ذکر، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بطن مادر میں آنا، پھر ولادت کا مفصل حال ولادت کے بعد ماں نے کیا کھایا پیا اس کا ذکر، اپنے خاندان میں بچے کو لیکر آنا، ان کے طعن و تشنیع اول ولادت میں ان کو بطور معجزہ گویائی عطا ہونا، پھر جوان ہونا اور قوم کو دعوت دینا، ان کی مخالفت خوارئین کی امداد، یہودیوں کا نرغہ، ان کو زندہ آسمان پر اُٹھایا جانا وغیرہ پھر احادیث متواترہ میں ان کی مزید صفات شکل وصورت ہیئت لباس وغیرہ کی پوری تفصیلات یہ ایسے حالات ہیں کہ پورے قرآن و حدیث میں کسی نبی اور رسول کے حالات اس تفصیل سے بیان نہیں کیے گئے اور یہ بات ہر انسان کو دعوت فکر دیتی ہے کہ ایسا کیوں اور کس حکمت سے ہوا۔

ذرا بھی غور کیا جائے تو بات صاف ہو جاتی ہے کہ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چونکہ آخری نبی ورسول ہیں کوئی دوسرا نبی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد آنے والا نہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی تعلیمات میں اس کا بڑا اہتمام فرمایا کہ قیامت تک جو جو مراحل اُمت کو پیش آنے والے ہیں ان کے متعلق ہدایات دیدیں اس لیے آپ نے ایک طرف تو اس کا اہتمام فرمایا کہ آپ کے بعد قابل اتباع لوگ کون ہوں گے ان کا تذکرہ اصولی طور پر عام اوصاف کے ساتھ بھی بیان فرمایا بہت سے

حضرات کے نام متعین کر کے بھی اُمت کو ان کے اتباع کی تاکید فرمائی اس کے بالمقابل ان گمراہ لوگوں کا بھی پتہ دیا جن سے اُمت کے دین کو خطرہ تھا۔

بعد کے آنے والے گمراہوں میں سب سے بڑا شخص مسیح دجال ہے جس کا فتنہ سخت گمراہ کن ہے اس کے اتنے حالات وصفات بیان فرمادیئے کہ اس کے آنے کے وقت اُمت کو اس کے گمراہ ہونے میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہ رہے گی اسی طرح بعد کے آنے والے مصلحین اور بعد کے آنے والے قابل اقتدا بزرگوں میں سب سے زیادہ بڑے حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں جن کو حق تعالیٰ نے نبوت ورسالت سے نوازا اور فتنہ دجال میں اُمت مسلمہ کی امداد کے لیے ضرورت تھی کہ ان کے حالات وصفات بھی اُمت کو ایسے واشگاف جتلائے جائیں جن کے بعد نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے وقت کسی انسان کو ان کے پہچاننے میں کوئی شک وشبہ نہ رہ جائے۔

اس میں بہت سی حکم ومصالح ہیں:

اوّل: یہ کہ اگر اُمت کو ان کے پہچاننے ہی میں اشکال پیش آیا تو ان کے نزول کا مقصد ہی فوت ہو جائے گا اُمت مسلمہ ان کے ساتھ نہ لگے گی تو وہ اُمت کی امداد ونصرت کس طرح فرمائیں گے۔

دوسرے: یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اگر چہ اس وقت فرائض نبوت ورسالت پر مامور ہو کر دنیا میں نہ آئیں گے بلکہ اُمت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قیادت وامامت کے لیے بحیثیت خلیفہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائیں گے مگر ذاتی طور پر جو ان کو منصب نبوت ورسالت حاصل ہے اس سے معزول بھی نہ ہوں گے بلکہ اس وقت ان کی مثال اس گورنر کی سی ہوگی جو اپنے صوبہ کا گورنر ہے مگر کسی ضرورت سے دوسرے صوبہ میں چلا گیا ہے تو وہ اگر چہ اس صوبہ میں گورنر کی حیثیت پر نہیں مگر اپنے عہدۂ گورنری سے معزول بھی نہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس وقت بھی صفت نبوت ورسالت سے الگ نہیں ہوں گے اور جس طرح ان کی نبوت سے انکار پہلے کفر تھا اسی طرح اس وقت بھی کفر ہوگا تو اُمت مسلمہ جو پہلے سے ان کی نبوت پر قرآنی ارشادات کی بناء پر ایمان لائے ہوئے ہے اگر نزول کے وقت ان کو نہ پہچانیں تو انکار میں مبتلا ہو جائے گی اس لیے ان کی علامات وصفات کو بہت زیادہ واضح کرنے کی ضرورت تھی۔

تیسرے: یہ کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام کا واقعہ تو دنیا کی آخری عمر میں پیش آئے گا اگر ان کی علامات وحالات مبہم ہوتے تو بہت ممکن ہے کہ کوئی دوسرا آدمی دعویٰ کر بیٹھے کہ میں مسیح عیسیٰ علیہ السلام بن مریم ہوں ان علامات کے ذریعہ اس کی تردید کی جا سکے گی جیسا کہ ہندوستان میں مرزا غلام احمد قادیانی نے دعویٰ کیا کہ میں مسیح موعود ہوں اور علماء اُمت نے ان ہی علامات کی بناء پر اس کے قول کو رد کیا۔

خلاصہ یہ ہے کہ اس جگہ اور دوسرے مواقع میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات وصفات کا اتنی تفصیل کے ساتھ بیان ہونا خود ان کے قرب قیامت میں نازل ہونے اور دوبارہ دنیا میں تشریف لانے ہی کی خبر دے رہا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد والشيخان۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الدَّجَّال

حافظ فرماتے ہیں کہ دجّال بفتح الدال فعال کے وزن پر ہے دجل سے ماخوذ ہے جس کے معنی تغطیہ یعنی حق کو باطل کے ساتھ چھپانا خلط ملط کرنا، خداع، وتلبیس وتموبہ آراستہ کر کے دکھانا اسی طرح کذب کے معنی میں بھی آتا ہے یہ افعال دجال میں پائے جاتے ہیں۔

دونوں کو مسیح کہا جاتا ہے

اور لفظ مسیح، دجال وعیسیٰ علیہ السلام کے درمیان مشترک ہیں البتہ لفظ مسیح کو دجال کے ساتھ مقید کر کے مسیح الدجال کہا جاتا ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے مطلق بولا جاتا ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مسیح کہنے کی مختلف وجوہات ہیں (۱) اندھے اور کوڑھی کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسح فرما دیتے تو وہ ٹھیک ہو جاتے تھے (۲) حضرت مسیح علیہ السلام اپنی والدہ کے پیٹ کی تمام گندگیوں سے ممسوح یعنی پونچھے ہوئے پیدا ہوئے تھے۔ (۳) مسیح بمعنی صدیق بھی آتا ہے (۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دونوں پاؤں کے تلوے ممسوح اور ہموار تھے خم دار وباریک نہیں تھے (۵) عیسیٰ علیہ السلام زمین پر کثرت سے سیاحت فرمائیں گے اس وجہ سے ان کو مسیح کہا گیا۔

دجال کو مسیح کہنے کی بھی مختلف وجوہات ہیں

(۱) اس کی ایک آنکھ ممسوح وہموار ہوگی (۲) ممسوح الخیر ہونے کی وجہ سے مسیح کہا گیا کیونکہ خیر سے وہ محروم ہے۔ (۳) کثرت مساحت کی بناء پر مسیح کہلاتا ہے کہ وہ ادھر ادھر بھاگا پھرے گا۔

سوال: خروج دجال علامات قیامت میں سے اہم علامت ہے اور عالم کے لیے زبردست فتنہ ہے حتی کہ انبیاء علیہم السلام نے اپنی امتوں کو اس سے ڈرایا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اس سے پناہ مانگنے کا حکم فرمایا اور اس کے بارے میں ادعیہ ماثورہ بھی مذکور فی الروایات ہیں پھر قرآن کریم میں دجال کا ذکر کیوں نہیں فرمایا گیا؟

جواب (۱) قرآن کریم میں آیت شریفہ یوم یاتی بعض آیات ربك لا ینفع نفساً ایمانها کی تفسیر کے تحت امام ترمذیؒ نے روایت مرفوعاً ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔

لفظہ ثلاثة اذا خرجن لم ینفع نفسا ایمانها لم تکن آمنت من قبل الدجال والدابة وطلوع الشمس من مغربها معلوم ہوا کہ بعض آیات سے مراد دجال ہی ہے۔

جواب (۲) قرآن کریم کی آیت شریفہ وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته اور اسی طرح وانه لعلم للساعة وغیرہ آیات میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کی طرف اشارہ موجود ہے اور یہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے تو اللہ تعالیٰ نے احد الضدین کے ذکر پر اکتفاء فرمایا ہے۔

جواب (۳) ممکن ہے احتقاراً اللہ تعالیٰ اس کا ذکر نہ فرمایا ہو ونیہ شئی لان ذکر یاجوج و ماجوج موجود فی القرآن۔

جواب (۴) تفسیر بغوی میں ہے کہ لخلق السماوات والارض اکبر من خلق الناس میں الناس سے مراد دجال ہے من اطلاق الکل علی البعض وھذا ان ثبت فھوا حسن الاجوبۃ۔

دجال کے خروج کے بارے میں تفصیلی بیان آگے روایات میں آرہا ہے۔

عَنْ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّہٗ لَمْ یَکُنْ نَبِیٌّ بَعْدَ نُوْحٍ اِلَّا قَدْ اَنْذَرَ قَوْمَہُ الدَّجَّالَ وَاِنِّیْ اُنْذِرُ کُمُوْہُ فَوَصَفَہٗ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّہٗ سَیُدْرِکُہٗ بَعْضُ مَنْ رَاٰنِیْ اَوْ سَمِعَ کَلَامِیْ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَکَیْفَ قُلُوْبُنَا یَوْمَئِذٍ فَقَالَ مِثْلُھَا یَعْنِیْ اَلْیَوْمَ اَوْ خَیْرٌ۔

ترجمہ: حضرت عبیدۃ بن الجراحؓ فرماتے ہیں کہ میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتے ہوئے کہ بے شک نہیں گزرا کوئی نبی حضرت نوح علیہ السلام کے بعد مگر اس نے تحقیق کر ڈرایا اپنی قوم کو دجال سے اور میں بھی تم کو ڈراتا ہوں پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے بارے میں ہم سے فرمایا کہ شاید پائے گا اس کو ان لوگوں میں سے بعض جنہوں نے مجھ کو دیکھا ہے یا میرا کلام سنا ہے کہا صحابہ نے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت ہمارے قلوب کیسے ہوں گے فرمایا آج ہی کی طرح یا اس سے بہتر۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِی النَّاسِ فَاَثْنٰی عَلَی اللّٰہِ بِمَا ھُوَ اَھْلُہٗ ثُمَّ ذَکَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اِنِّیْ لَاُنْذِرُ کُمُوْہُ وَمَا مِنْ نَبِیٍّ اِلَّا وَقَدْ اَنْذَرَ قَوْمَہٗ وَلَقَدْ اَنْذَرَہٗ نُوْحٌ قَوْمَہٗ وَلٰکِنْ سَاَقُوْلُ فِیْہِ قَوْلًا لَمْ یَقُلْہُ نَبِیٌّ لِقَوْمِہٖ تَعْلَمُوْنَ اَنَّہٗ اَعْوَرُ وَاَنَّ اللّٰہَ لَیْسَ بِاَعْوَرَ۔ قَالَ الزُّھْرِیُّ فَاَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیُّ اَنَّہٗ اَخْبَرَہٗ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ یَوْمَئِذٍ لِلنَّاسِ وَ ھُوَ یُحَذِّرُھُمْ فِتْنَتَہٗ تَعْلَمُوْنَ اَنَّہٗ لَنْ یَرٰی اَحَدٌ مِنْکُمْ رَبَّہٗ حَتّٰی یَمُوْتَ وَاِنَّہٗ مَکْتُوْبٌ بَیْنَ عَیْنَیْہِ کَافِرٌ یَقْرَاُہٗ مَنْ کَرِہَ عَمَلَہٗ۔

ترجمہ: کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے درمیان پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کی تعریف کی جس کے وہ لائق ہے پھر تذکرہ کیا دجال کا پس فرمایا میں تم کو ڈراتا ہوں اس سے اور نہیں گذرا کوئی نبی مگر تحقیق کہ اس نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا ہے اور تحقیق کر ڈرایا اس سے نوح نے اپنی قوم کو لیکن میں کہتا ہوں تم سے اس کے بارے میں ایسی بات جو کسی نبی نے نہیں کی ہے اپنی قوم سے یہ بات تم کو جان لینی چاہیے کہ بے شک وہ اعور ہوگا اور اللہ تبارک وتعالیٰ اعور (کانا) نہیں ہے زہری نے کہا کہ مجھ سے بیان کیا عمر بن ثابت الانصاری نے کہ بے شک خبر دی ان کو بعض صحابہؓ نے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حال یہ کہ آپ لوگوں کو ڈرا رہے تھے فتنہ دجال سے کہ تم جانتے ہو کہ تم میں سے کوئی نہیں دیکھ سکے گا اپنے رب کو حتی کہ مر جائیگا اور بے شک لکھا ہوا ہے اس کی آنکھوں کے درمیان کافر پڑھے گا اس کو جو اس کے عمل کو برا سمجھے گا۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ تُقَاتِلُکُمُ الْیَھُوْدُ فَتُسَلَّطُوْنَ عَلَیْھِمْ حَتّٰی یَقُوْلَ الْحَجَرُ یَا مُسْلِمُ ھٰذَا الْیَھُوْدِیُّ وَرَائِیْ فَاقْتُلْہُ۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم سے قتال کریں گے یہود پس تم ان پر غالب آجاؤ گے حتیٰ کہ کہے گا پتھر اے مسلم یہ یہودی ہے میرے پیچھے پس قتل کردے اس کو۔

سوال: پہلی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت نوحؑ کے بعد والے انبیاء نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا ہے نہ کہ نوح علیہ السلام نے اور ابن عمر کی روایت میں مذکور ہے کہ حضرت نوحؑ نے بھی ڈرایا ہے بظاہر تعارض ہو گیا۔

جواب: صاحب فتح الودود فرماتے ہیں کہ شاید حضرت نوحؑ کے بعد والے انبیاء نے اپنی اپنی قوم کو انذار میں مبالغہ و شدت فرمائی ہے حضرت نوح علیہ السلام نے اس قدر اہمیت نہ فرمائی ہو اس وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ لم یکن نبی بعد نوح الخ۔

سوال: انبیاء علیہ السلام کو یہ بات معلوم تھی کہ دجال کا خروج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کے بعد ہوگا پھر انہوں نے اپنی قوم کو کیوں ڈرایا؟

جواب: (۱) یہاں انذار سے مراد یہ نہیں کہ اس وجہ سے ڈرایا کہ وہ ان کے زمانہ میں نکلے گا بلکہ انذار سے مراد یہ ہے کہ ایسا فتنہ ہوگا جو اہم فتنہ ہے تاکہ لوگوں کو اوامر کی طرف زیادہ متوجہ کیا جاسکے چونکہ اہم حوادث کے بیان سے لوگوں کی توجہ الی اللہ ہو جاتی ہے۔

جواب (۲) ممکن ہے کہ سابق انبیاء پر اس کا وقت خروج مخفی رکھا گیا ہو جیسا کہ خود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی ابتداءً مخفی رہا ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا ان یخرج وانا فیکم فانا حجیجہ ظاہر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان اس وقت ہوسکتا ہے کہ خود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی اس کا خروج مخفی تھا۔

جواب (۳) ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ ممکن ہے کہ ابہام اس وجہ سے واقع ہوا ہے کہ علامات بعض مرتبہ معلق بالشرط ہوتی ہیں ممکن ہے شرط پائی جائے جو معلوم نہ ہوسکے اور اس کا وجود ہو جائے اس وجہ سے انبیاء علیہم السلام نے اپنی اپنی اُمتوں کو اپنے زمانہ میں ڈرایا ہے۔

جواب (۴) اللہ تعالیٰ کو ہر طرح قدرت ہے اور اس کے افعال معلل بالعلل والاسباب نہیں ہیں کیا بعید ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی حکمت کے تحت کب اسکو یعنی دجال کو پیدا فرمادیں تو اس احتمال کی بناء پر انبیاء کی جانب سے انذار پایا گیا۔

سیدرکہ بعض من رانی الخ: ممکن ہے اس سے مراد حضرت خضر علیہ السلام ہوں یا کوئی معمر جن بعض حضرات نے فرمایا یہاں سامع سے مراد عام ہے بلاواسطہ یا بالواسطہ تو اب معنی ہوں گے کہ ظہور دجال کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اقوال کو بالواسطہ سننے والے موجود ہوں گے یعنی اُمت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہرحال اس وقت ہوگی۔

او سمع کلامی: میں او برائے تنویع ہے نہ کہ برائے شک یعنی او منع الخلو کے لیے ہے نہ کہ منع الجمع کے لیے۔

قالوا یا رسول اللہ فکیف قلوبنا یومئذ تقال مثلها یعنی الیوم او خیر۔

صحابہؓ نے معلوم کیا کہ دجال کے آنے کے وقت ہمارے قلوب کی کیا کیفیت ہوگی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایسے ہی ہوں گے جیسے آج کل ہیں یا بہتر ہوں گے او برائے شک ہے ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ او برائے تنویع ہے افراد کے اعتبار

سے ہے۔یعنی بعض لوگوں کے قلب آج کل کی طرح ہوں گے اور بعض کے قلوب بہتر ہوں گے۔

وفي الباب عن عبد الله بن بسر: اخرجه ابوداؤد و ابن ماجه و عبد الله بن مغفل اخرجه ابن حبان كما في الموارد ص ۴۶۷ وابي هريرة اخرجه الشيخان

هذا حديث حسن غريب اخرجه ابوداؤد وسكت عنه

ولكن ساقول فيه قولا لم يقله نبي لقومه: یعنی میں تم کو دجال کے بارے میں ایسی بات بتلاؤں جو کسی نبی نے اپنے قوم کو نہیں بتائی ہے چونکہ دجال کا خروج اس اُمت کے زمانہ کے ساتھ مخصوص تھا اس وجہ سے دجال کی علامت دیگر انبیاء کو نہیں بتلائی گئی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتلادی گئی تھی یعنی اس کے کانے ہونے کی خبر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتلائی کہ وہ الوہیت کا دعویٰ کرے گا اور کانا ہوگا جب کہ اللہ تعالیٰ کانا نہیں ہے اور یہ علامت بھی ایسی علامت ہے جس کو ہر آدمی دیکھ لے گا اور پہچان لے گا۔

تعلمون انه لن يرى احدمنكم ربه حتى يموت وانه مكتوب بين عينيه كافر يقرأه من كره عمله۔

اس کا حاصل یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دجال کے فتنہ سے ڈراتے ہوئے جو بھی ارشاد فرمایا کہ کوئی شخص بھی مرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی زیارت نہ کر سکے گا لیکن یہ دجال اپنے اللہ تعالیٰ ہونے کا دعویٰ کرے گا اور اس کو لوگ دیکھیں گے معلوم ہوا کہ یہ اللہ نہیں ہے۔لہٰذا اس کا یہ دعویٰ جھوٹا ہوگا۔

وانه مكتوب بين عينيه كافر يقرأه من كره عمله: نیز فرمایا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہوگا جو شخص اس کے عمل کو ناپسند کرے گا وہ اس کو پڑھ لے گا۔

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ کافر لکھا ہوا ہوگا بعض سے معلوم ہوتا ہے ک،ف،ر بطور حروف تہجی مکتوب ہوگا چنانچہ مسند احمد کی روایت جابرؓ میں حروف ہجاء کی صراحت ہے اسی طرح طبرانی میں اسماء عمیس کی روایت میں بھی حروف ہجاء کی صراحت ہے نیز مسند احمد میں ابوبکرہؓ کی روایت میں بھی ایسے ہی ہے یَقْرَأُهُ کل مومن کاتب وغیر کاتب کی تصریح ہے۔

اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر مومن کو یہ ادراک عطا فرمائیں گے کہ وہ دجال کے چہرہ پر لکھا ہوا لفظ (کافر) پڑھے گا اور یہ بطور خرق عادت ہوگا کیونکہ وہ خرق عادت کے صدور کا زمانہ ہوگا اور کافر کو یہ علامت نظر نہیں آئیگی خواہ اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ معتقدین کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیں گے یا کفار پر اس کا رعب اس قدر غالب ہوگا کہ وہ اس ہیبت کی بناء پر اس کی طرف نظر نہ کر سکیں گے۔

حدیث عمر بن ثابتؓ اخرجہ الشیخان

حتى يقول الحجر: یہ بھی علامات قیامت میں سے ہے چنانچہ مسلم میں ابوہریرہؓ سے روایت ہے قال النبي صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى يقاتل المسلمون اليهود فيقتلهم المسلمون حتى اليهود من وراء الحجر و الشجر فيقول الحجر او الشجر يا مسلم يا عبد الله هذا اليهودي خلفي فتعال فاقتله الا الغرقد فانه من شجر اليهود۔

حدیث ابن عمرؓ اخرجہ مسلم۔

بَابُ مَا جَاءَ مِنْ اَيْنَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ

عَنْ اَبِیْ بَکْرِ الصِّدِّیْقِ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ الدَّجَّالُ یَخْرُجُ مِنْ اَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ یُقَالُ لَھَا خُرَاسَانُ یَتْبَعُہٗ اَقْوَامٌ کَاَنَّ وُجُوْھَھُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَۃُ۔

ترجمہ: حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے بیان فرمایا کہ دجال نکلے گا ارض مشرق سے جس کو خراسان کہتے ہیں اس کی اطاعت ایسی قوم کرے گی گویا جن کے چہرے ڈھال کی طرح تہہ بتہہ ہوں گے۔

قَالَ الدَّجَّالُ: یہ جملہ مستانفہ ہے حدثنا کی تاکید مقصود ہے یا حدثنا سے بدل ہے علی مذہب الشاطبی کیونکہ ان کے نزدیک افعال میں بھی بدل و مبدل منہ کی ترکیب ہوتی ہے یا تقدیر عبارت اس طرح ہے حدثنا اشیاء من جملتھا قال الدجال الخ:

یقال لھا الخراسان: یہ ایک مشہور شہر کا نام ہے حافظ فرماتے ہیں کہ مشرق کی جانب سے دجال کا خروج تو یقینی معلوم ہوتا ہے کمافی الروایات اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ دجال کا خروج خراسان میں ہوگا چنانچہ مسند احمد و حاکم نے بھی ابوبکرؓ کی یہ روایت تخریج فرمائی ہے مگر دوسری روایت مسلم میں ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اصفہان میں خروج ہوگا چنانچہ انس بن مالکؓ کی روایت میں ہے فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یتبع الدجال من یھود اصفھان سبعون الفا علیھم الطیالسۃ۔

مگر اس روایت سے خروج فی اصفہان صراحۃً معلوم نہیں ہوتا۔

یتبعہ: ای یلحقہ و یطیعہ۔ کَاَنَّ وجوھھم المجان المطرقۃ۔ المجان جمع مجن بکسر المیم بمعنی ڈھال، المطرقہ بضم المیم وسکون الطاء وبتشدید الراء و تخفیفھا اسم مفعول ماخوذ من الطراق وہ کھال جو ڈھال کے برابر کاٹی گئی ہو اس سے مراد یہ کہ ان کے چہرے چوڑے ہوں گے اور ان کے گال اٹھے ہوئے ڈھال کی طرح تہہ بتہہ ہوں گے ان کے چہروں کے گول ہونے کی وجہ سے ڈھال کے ساتھ تشبیہ دی اور غلظۃ و کثرت لحم کی بناء پر مطرقہ فرمایا گیا اس سے ترکی لوگوں کی کوئی قسم خاص مراد ہے۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ دجال خراسان میں ظاہر ہوگا جو الوہیت کا دعویٰ کرے گا اور خوارق عادت اس سے اشیاء کا صدور ہوگا ترک قوم جن کے چہرے ڈھالوں کی طرح ہوں گے اس کی فرمانبرداری کرے گی یعنی اس کو معبود تسلیم کرے گی اور ظاہر ہے کہ اس کا الوہیت کا دعویٰ بھی جھوٹ ہوگا تو اس کی اطاعت کرنے والے بھی باطل پر ہوں گے یہ علامات قیامت میں سے اہم علامت ہے۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ الشیخان وعائشۃؓ اخرجہ ابن ابی شیبہ و احمد۔

ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ احمد و الحاکم وابن ماجہ۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ عَلَامَاتِ خُرُوْجِ الدَّجَّالِ

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَلْحَمَۃُ الْعُظْمٰی وَفَتْحُ الْقُسْطَنْطِیْنِیَّۃِ وَخُرُوْجُ الدَّجَّالِ فِیْ سَبْعَۃِ اَشْھُرٍ۔

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل ؓ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کہ فرمایا جنگ عظیم اور قسطنطنیہ کی فتح اور دجال کا خروج ساتھ مہینے کے اندر ہوگا۔

روایت کا ظاہری مطلب تو یہ معلوم ہوتا ہے انسانوں کے لیے قتل عام جو جنگ عظیم میں ہوگا اور قسطنطنیہ کی فتح ہونا اور دجال کا خروج سات مہینے کے اندر اندر ہوگا۔

اَلْمَلْحَمَةُ الْعُظْمٰی: یعنی فتنہ و جنگ عظیم ابن الملک ؒ فرماتے ہیں اس سے مراد وہ جنگ ہے جو شام و رُوم کے مابین ہوئی ہے یا تاتار و شام کے درمیان جنگ مراد ہے جو ہو چکی ہے اور روایت میں مدت کی تعیین مقصود نہیں بلکہ مراد یہ ہے اَلْمَلْحَمَةُ الْعُظْمٰی کے بعد فتح قسطنطنیہ ہے اور اس کے بعد خروج دجال جلد ہی ہو جائے گا یعنی ہر سابق لاحق کے لیے علامت ہے اگرچہ سابق و لاحق کے درمیان مہلت و تراخی ہے البتہ مذکورہ حوادث و وقائع ترتیب مذکور سے واقع ہوں گے۔

اشکال: اس روایت میں مدت صرف سات مہینے بیان کی گئی ہے جبکہ عبداللہ بن بسر ؓ کی روایت میں ست سنین اور بعض روایات میں سبع سنین واقع ہے بظاہر روایات میں تعارض ہے۔

جواب (۱) امام ابوداؤد نے اصولی طور پر جواب دیا کہ سات ماہ والی روایت متکلم فیہ ہے اس کے بعض رواۃ مجروح و مطعون ہیں لہٰذا حدیث عبداللہ بن بسر راجح ہے کیونکہ وہ اسناداً اصح ہے۔

جواب (۲) حضرت گنگوہی ؒ فرماتے ہیں کہ ممکن ہے سبعہ اشہر کی یہ تاویل کی جائے کہ جنگ عظیم ہو کر قسطنطنیہ فتح ہوگا اور اس فتح اور خروج دجال کے درمیان سات ماہ کا فاصلہ ہوگا چنانچہ ابوداؤد کی روایت میں الفاظ ہیں بین الملحمة وفتح المدینة ست سنین ویخرج الدجال فی السابعة۔

یعنی ملحمہ اور فتح قسطنطنیہ کی مدت چھ سال ہوگی اور پھر جلد ہی خروج دجال ہوگا جس کی مدت سات ماہ روایۃ الباب میں مذکور ہے اس تاویل سے مذکورہ تعارض رفع ہو جاتا ہے۔

عن انس بن مالك ؓ قال فتح القسطنطنية مع قيام الساعة: انس بن مالک ؓ فرماتے ہیں کہ آپ کی مراد یہ ہے کہ قیامت کے قریب قسطنطنیہ شہر فتح ہوگا اگرچہ حضرت معاویہ ؓ کے زمانہ میں بھی یہ فتح ہو چکا ہے مگر پھر یہ نصاریٰ کے قبضہ میں چلا جائے گا اور قیامت کے قریب دوبارہ خروج دجال سے کچھ پہلے مسلمانوں کو اس پر فتح حاصل ہوگی۔

حافظ ابن حجر ؒ فرماتے ہیں کہ قسطنطنیہ اولاً خلافت معاویہ ؓ کے دور میں ۵۲ھ میں فتح ہوا ابوایوب انصاری ؓ کی وفات اسی غزوہ میں ہوئی ہے پھر روم نے اس پر غلبہ پا لیا تھا اس کے بعد پھر دوبارہ ۲۴ جمادی الاخریٰ ۸۵۷ھ میں ۵۱ دن محاصرہ کر کے مسلمانوں نے دوبارہ اس کو فتح کر لیا تھا اور اس وقت مسلمانوں کو بہت مال غنیمت حاصل ہوا ممکن ہے پھر قیامت کے قریب تیسری بار فتح ہو فلا اشکال۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ الْكِلَابِيِّ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاةٍ فَخَفَّضَ فِيْهِ وَرَفَّعَ حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِيْ طَائِفَةِ النَّخْلِ قَالَ فَانْصَرَفْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَسَلَّمَ ثُمَّ رُحْنَا اِلَيْهِ فَعَرَفَ ذٰلِكَ فِيْنَا فَقَالَ مَاشَأْنُكُمْ

قَالَ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ ذَكَرْتَ الدَّجَّالَ الْغَدَاةَ فَخَفَضْتَ وَرَفَعْتَ حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِي طَائِفَةِ النَّخْلِ قَالَ غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُ لِي عَلَيْكُمْ إِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا فِيكُمْ فَأَنَا حَجِيجُهُ دُونَكُمْ وَإِنْ يَخْرُجْ وَلَسْتُ فِيكُمْ فَامْرُؤٌ حَجِيجُ نَفْسِهِ وَاللهُ خَلِيفَتِي عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ إِنَّهُ شَابٌّ قَطَطٌ عَيْنُهُ قَائِمَةٌ شَبِيهٌ بِعَبْدِ الْعُزّٰى بْنِ قَطَنٍ فَمَنْ رَآهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَأْ فَوَاتِحَ سُورَةِ أَصْحَابِ الْكَهْفِ قَالَ يَخْرُجُ مَا بَيْنَ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ فَعَاثَ يَمِينًا وَشِمَالًا يَا عِبَادَ اللهِ اثْبُتُوا قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ وَمَا لَبْثُهُ فِي الْأَرْضِ قَالَ أَرْبَعِينَ يَوْمًا يَوْمٌ كَسَنَةٍ وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ وَسَائِرُ أَيَّامِهِ كَأَيَّامِكُمْ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ أَرَأَيْتَ الْيَوْمَ الَّذِي كَالسَّنَةِ أَتَكْفِينَا فِيهِ صَلَاةُ يَوْمٍ قَالَ لَا وَلٰكِنِ اقْدُرُوا لَهُ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ فَمَا سُرْعَتُهُ فِي الْأَرْضِ قَالَ كَالْغَيْثِ اسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيحُ فَيَأْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوهُمْ فَيُكَذِّبُونَهُ وَيَرُدُّونَ عَلَيْهِ قَوْلَهُ فَيَنْصَرِفُ عَنْهُمْ فَتَتْبَعُهُ أَمْوَالُهُمْ فَيُصْبِحُونَ لَيْسَ بِأَيْدِيهِمْ شَيْءٌ ثُمَّ يَأْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوهُمْ فَيَسْتَجِيبُونَ لَهُ وَيُصَدِّقُونَهُ فَيَأْمُرُ السَّمَاءَ أَنْ تُمْطِرَ فَتُمْطِرَ وَيَأْمُرُ الْأَرْضَ أَنْ تُنْبِتَ فَتُنْبِتَ فَتَرُوحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَتُهُمْ كَأَطْوَلِ مَا كَانَتْ ذُرًى وَأَمَدِّهِ خَوَاصِرَ وَأَدَرِّهِ ضُرُوعًا ثُمَّ يَأْتِي الْخَرِبَةَ فَيَقُولُ لَهَا أَخْرِجِي كُنُوزَكِ فَيَنْصَرِفُ مِنْهَا فَيَتْبَعُهُ كَيَعَاسِيبِ النَّحْلِ ثُمَّ يَدْعُو رَجُلًا شَابًّا مُمْتَلِئًا شَبَابًا فَيَضْرِبُهُ بِالسَّيْفِ فَيَقْطَعُهُ جَزْلَتَيْنِ ثُمَّ يَدْعُوهُ فَيُقْبِلُ يَتَهَلَّلُ وَجْهُهُ يَضْحَكُ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ هَبَطَ عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ بِشَرْقِيِّ دِمَشْقَ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ بَيْنَ مَهْرُودَتَيْنِ وَاضِعًا يَدَهُ عَلٰى أَجْنِحَةِ مَلَكَيْنِ إِذَا طَأْطَأَ رَأْسَهُ قَطَرَ وَإِذَا رَفَعَهُ تَحَدَّرَ مِنْهُ جُمَانٌ كَاللُّؤْلُؤِ قَالَ لَا يَجِدُ رِيحَ نَفْسِهِ يَعْنِي أَحَدٌ إِلَّا مَاتَ وَرِيحُ نَفْسِهِ مُنْتَهٰى بَصَرِهِ قَالَ فَيَطْلُبُهُ حَتّٰى يُدْرِكَهُ بِبَابِ لُدٍّ فَيَقْتُلَهُ قَالَ فَيَلْبَثُ كَذٰلِكَ مَا شَاءَ اللهُ قَالَ ثُمَّ يُوحِي اللهُ إِلَيْهِ أَنْ حَرِّزْ عِبَادِي إِلَى الطُّورِ فَإِنِّي قَدْ أَنْزَلْتُ عِبَادًا لِي لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ قَالَ وَيَبْعَثُ اللهُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ وَهُمْ كَمَا قَالَ اللهُ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ قَالَ فَيَمُرُّ أَوَّلُهُمْ بِبُحَيْرَةِ الطَّبَرِيَّةِ فَيَشْرَبُ مَا فِيهَا ثُمَّ يَمُرُّ بِهَا آخِرُهُمْ فَيَقُولُونَ لَقَدْ كَانَ بِهٰذِهِ مَرَّةً مَاءٌ ثُمَّ يَسِيرُونَ حَتّٰى يَنْتَهُوا إِلٰى جَبَلِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَيَقُولُونَ لَقَدْ قَتَلْنَا مَنْ فِي الْأَرْضِ فَهَلُمَّ فَلْنَقْتُلْ مَنْ فِي السَّمَاءِ فَيَرْمُونَ بِنُشَّابِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرُدُّ اللهُ عَلَيْهِمْ نُشَّابَهُمْ مُحْمَرًّا دَمًا وَيُحَاصَرُ عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ وَأَصْحَابُهُ حَتّٰى يَكُونَ رَأْسُ الثَّوْرِ يَوْمَئِذٍ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ مِائَةِ دِينَارٍ لِأَحَدِكُمُ الْيَوْمَ قَالَ فَيَرْغَبُ عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ إِلَى اللهِ وَأَصْحَابُهُ قَالَ فَيُرْسِلُ اللهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ فِي رِقَابِهِمْ فَيُصْبِحُونَ فَرْسٰى مَوْتٰى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ قَالَ وَيَهْبِطُ عِيسٰى وَأَصْحَابُهُ فَلَا يَجِدُ مَوْضِعَ شِبْرٍ إِلَّا وَقَدْ مَلَأَتْهُ زَهَمَتُهُمْ وَنَتَنُهُمْ وَدِمَاؤُهُمْ قَالَ فَيَرْغَبُ عِيسٰى إِلَى اللهِ وَأَصْحَابُهُ قَالَ فَيُرْسِلُ اللهُ عَلَيْهِمْ طَيْرًا كَأَعْنَاقِ الْبُخْتِ قَالَ فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ بِالْمَهْبِلِ وَيَسْتَوْقِدُ الْمُسْلِمُونَ مِنْ قِسِيِّهِمْ وَنُشَّابِهِمْ وَجِعَابِهِمْ سَبْعَ سِنِينَ وَيُرْسِلُ اللهُ عَلَيْهِمْ مَطَرًا لَا يَكُنُّ مِنْهُ بَيْتُ وَبَرٍ وَلَا مَدَرٍ قَالَ فَيَغْسِلُ الْأَرْضَ فَيَتْرُكُهَا كَالزَّلَفَةِ قَالَ ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ أَخْرِجِي ثَمَرَتَكِ وَرُدِّي بَرَكَتَكِ فَيَوْمَئِذٍ تَأْكُلُ الْعِصَابَةُ الرُّمَّانَةَ وَيَسْتَظِلُّونَ بِقِحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتّٰى أَنَّ الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ لَيَكْتَفُونَ بِاللِّقْحَةِ مِنَ الْغَنَمِ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللهُ رِيحًا فَقَبَضَتْ رُوحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَيَبْقٰى سَائِرُ النَّاسِ يَتَهَارَجُونَ كَمَا يَتَهَارَجُ الْحُمُرُ فَعَلَيْهِمْ تَقُومُ السَّاعَةُ

ترجمہ: حضرت نواس بن سمعان کلابیؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن صبح کے وقت دجال کا ذکر کیا اور اسے نیچا بھی کیا اور بلند بھی کیا (یعنی ہونے والے واقعات کو معمولی بھی بتایا اور ہولناک بھی یا اس کا بعض حال برا بیان کیا مثلاً کانا

ہے اور خدا کے نزدیک ذلیل ہے اور بعض حال عمدہ بیان کیا جیسے خوارق عادت کا ظہور وغیرہ) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقریر سن کر ہم لوگوں کو گمان ہوا کہ شاید وہ کھجوروں کے درختوں کے پاس ہے (یعنی اتنے واضح پیرائے میں بیان کیا) پھر ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے چلے آئے ہم لوگ شام کے وقت پھر حضور کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے محسوس کیا کہ ان لوگوں پر ایک خوف طاری ہو گیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا بات ہے؟ عرض کیا یا رسولؐ اللہ! صبح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دجال کا ذکر کیا تو پست بھی کیا اور بلند بھی (یعنی آپ نے اس کا ذکر کچھ اس انداز سے کیا کہ اس سے اس فتنہ کا ہلکا ہونا بھی سمجھا جاتا ہے اور عظیم ہونا بھی) ہم لوگوں کو یہ سن کر گمان ہوا کہ وہ شاید چھوہاروں کے درختوں کے پاس ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نے دجال کے علاوہ ایک اور چیز کا تم پر خوف کرتا ہوں (کیونکہ) تم لوگوں میں اگر دجال میرے موجود ہوتے ہوئے نکلے گا تو تم سے آگے بڑھ کر میں اس کے سامنے حجت پیش کروں گا (میں اس پر دلائل سے غالب آکر رہوں گا) اور اگر اس کے نکلنے کے وقت میں تم لوگوں میں موجود نہ رہا تو ہر شخص اس کے آگے حجت پیش کر کے اسے شکست دیدے گا اور اللہ تعالیٰ ہر مسلمان پر میری طرف سے مددگار ہے (یعنی واقعی میرا تابعدار ہے اللہ تعالیٰ اس کا مددگار و ناصر ہے) دجال جوان ہے اس کے بہت اینٹھے ہوئے گھنگھریالے بال ہیں آنکھیں کھڑی اور وہ عبدالعزیٰ بن قطن کے ہم شکل ہوگا تم میں سے جو اس کو دیکھے اس کو سورۂ کہف کی شروع والی آیتیں پڑھنی چاہئیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ شام اور عراق کے درمیان کسی علاقہ سے ظاہر ہوگا اور دائیں بائیں فساد کرتا پھرے گا اے اللہ کے بندو! ثابت قدم رہو ہم لوگوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ وہ زمین میں کتنی مدت ٹھہرے گا آپ نے فرمایا چالیس دن ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا دوسرا دن ایک مہینہ کے برابر ہوگا تیسرا دن ایک جمعہ (ہفتے بھر) کے برابر ہوگا ان تینوں دنوں کے علاوہ باقی دن تمہارے اور دنوں کے برابر ہوں گے پھر کسی نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ جو ایک دن سال کے برابر ہوگا اس میں ایک دن کی نماز کافی ہوگی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں بلکہ اندازہ لگا لینا پھر کسی نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ اس کی چال کتنی تیز ہوگی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس طرح بدلی یا بارش جس کے پیچھے ہوا ہو (یعنی آندھی اور بگولہ کی طرح) وہ ایک قوم کے پاس آئے گا وہ قوم والے اسے جھٹلائیں گے اور اس کی باتوں کی اس کے منہ پر دے ماریں گے دجال ان کو چھوڑ کر واپس ہوگا ان لوگوں کے مال اس کے پیچھے ہولیں گے اور ان لوگوں کے ہاتھ بالکل خالی ہو جائیں گے پھر وہ دوسری قوم کے پاس آئے گا اور لوگوں کو بلائے گا یہ لوگ اس کی بات قبول کرلیں گے اس کی باتوں کی تصدیق کریں گے اور اس کو سچا جانیں گے وہ آسمان کو حکم دے گا بارش برسا آسمان بارش برسائے گا، زمین کو حکم دے گا درخت اُگا وہ درخت اُگا دے گی جب ان لوگوں کے جانور چر کر شام کے وقت گھر واپس آئیں گے تو ان کے کوہان لمبے ہوں گے اور کوکھ بہت چوڑی اور پھولی ہوئی ہوگی ان کے تھنوں سے دودھ بہت نکلے گا پھر وہ ویران زمین میں آئے گا اور اس سے کہے گا کہ اپنے خزانے نکال دے پھر دجال ویران کے پاس سے الگ ہوگا (یعنی وہاں سے واپس لوٹے گا) تو وہ خزانے اس کے پیچھے اس طرح چلیں گے جیسے شہد کی مکھیوں کے بہت سے سردار ہوں اور ان کے پیچھے شہد کی مکھیاں ہوں پھر وہ ایک جوان کو بلائے گا جس کی جوانی بھرپور ہوگی اسے تلوار مار کر اس کے الگ الگ دو ٹکڑے کر دے گا پھر اسے پکارے گا (کہ زندہ ہو کر ادھر آ) وہ ہشاش بشاش ہنستا ہوا آئے گا (یعنی زندہ ہو جائے گا) ابھی وہ ان ہی کرتوتوں میں مشغول ہوگا کہ اتنے میں مریم کے بیٹے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) گیروی رنگ کا جوڑا پہنے (دمشق کی جامع

مسجد) کے مشرقی جانب سفید مینار کے پاس اپنا ہاتھ دو فرشتوں کے بازوؤں پر رکھے اتریں گے جب سرنیچا کریں گے تو سر سے قطرے ٹپکیں گے جب سر اٹھائیں گے تو چاندی کے ٹکڑے جھڑیں گے جیسے موتی ہوں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو (کافر) اس کے سانس کی بو پائے گا مر جائے گا جہاں تک اسکی نظر جائے گی وہاں تک اس کے سانس کی بو جائے گی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو ڈھونڈیں گے تو لد کے دروازہ پر اس کو پائیں گے اور قتل کر دیں گے (لد شام میں ایک پہاڑ یا گاؤں کا نام ہے) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی طرح رہیں گے جب تک اللہ کو منظور ہوگا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پھر اللہ ان کی (یعنی حضرت مسیح علیہ السلام کی) طرف وحی بھیجے گا کہ میرے بندوں کو کوہ طور پر لیجا کر سمیٹ لو کیونکہ میں نے اپنے ایسے بندے اتارے ہیں جن سے جنگ کرنے کی کسی کی مجال نہیں اور اللہ یاجوج ماجوج کو بھیجے گا جیسا کہ اللہ فرماتا ہے وھم من کل حدب ینسلون (وہ ہر بلندی سے پھسلتے دوڑتے آئیں گے) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ان کے اگلے بحیرہ طبریہ پر سے گزریں گے اور اس کا سارا پانی پی جائیں گے پھر ان کے بعد والے اس پر سے گزریں گے تو اسے خشک پاکر کہیں گے کہ (کبھی) یہاں پانی تھا پھر چل پڑیں گے اور چلتے چلتے بیت المقدس کے پہاڑ کے پاس سے گزریں گے تو کہیں گے کہ ہم نے سب زمین والوں کو قتل کر دیا آؤ اب آسمان والوں کو بھی قتل کر ڈالیں چنانچہ وہ آسمان کی طرف تیر ماریں گے اللہ تعالیٰ ان کے تیروں کو خون سے سرخ کر کے ان کی طرف لوٹادے گا پھر عیسیٰ بن مریمؑ اور ان کے ساتھی کوہ طور پر روکے جائیں گے (بھوک اور غذا کی احتیاج میں ان کی حالت اس درجہ کو پہنچ جائے گی) کہ اس وقت ان لوگوں کے لیے بیل یا گائے کا سر اس سے بھی بہتر ہوگا جتنی کہ آج تمہارے لیے ایک سو دینار کی رقم بہتر ہے یہ دیکھ کر عیسیٰ بن مریمؑ اور ان کے ساتھی اللہ کی طرف متوجہ ہوں گے اللہ ان لوگوں پر ایک قسم کے کیڑے مسلط کرے گا یہ کیڑے ان کی گردن میں پیدا ہو جائیں گے جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سارے یاجوج و ماجوج ایک دفعہ ہی مر جائیں گے جیسے کہ ایک آدمی مرے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اب عیسیٰ بن مریم علیہ السلام اور ان کے ساتھ پہاڑ سے اتریں گے مگر یاجوج وماجوج کے خون کی چکنائی اور بدبو سے ایک بالشت جگہ بھی خالی نہ پائیں گے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اب عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ کی طرف راغب اور متوجہ ہوں گے اللہ ان پر مضبوط اور لمبی گردن والے اونٹوں جیسے پرندے بھیجے گا اور وہ ان کو اٹھا کر پہاڑ کے غار یا درے کے پاس پھینک دیں گے انکے تیر کمان اور تیرو ترکش کو سات سال تک مسلمان جلاتے رہیں گے اور اللہ ان لوگوں پر بارش برسائے گا جس سے نہ کوئی گھر بچے گا اور نہ کوئی خیمہ وہ زمین کو دھو کر صاف ستھرا کر دے گی زمین شیشہ کی طرح صاف ہو جائے گی اس کے بعد زمین سے ارشاد ہوگا کہ اپنے میوے اور پھل نکال اور اپنی برکت دوبارہ پھیلا چنانچہ زمین ایسا ہی کرے گی پس اس وقت ایک جماعت ایک انار کھائے گی اور اس کے چھلکے کی چھاؤں میں آرام کرے گی اسی طرح دودھ میں برکت دیجائے گی چنانچہ ایک اونٹنی کا دودھ جس نے ابھی بچہ دیا ہے کئی قبیلوں کے لیے کافی ہوگا اور ایک قبیلہ ایک گائے (کے دودھ) پر گزارا کرے گا اور ایک بکری (کے دودھ پر) ایک چھوٹا کنبہ بسر کرے گا لوگ اسی حالت میں ہوں گے کہ ناگہاں اللہ ایک ہوا بھیجے گا جو ہر مسلمان کی روح قبض کر لے گی جو لوگ بچیں گے ان کا یہ حال ہوگا کہ بے حجاب سب کے سامنے عورتوں سے ہم بستر ہوں گے جیسے گدھے کیا کرتے ہیں بس انہی لوگوں پر قیامت آئے گی۔

خَفَّضَ فِیْہِ وَرَفَّعَ، بتشدید الفاء یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دجال کو حقیر بھی بتلایا بایں طور کہ وہ کانا ہوگا اور اللہ تعالیٰ

کے مقابلہ میں اہون ہوگا اور جلد ہی اس کی ہیبت و رعب ختم ہو جائے گا لیکن ساتھ ہی اس کے فتنے کے بارے میں یہ فرمایا کہ خوارق عادت اس سے امور کا صدور ہوگا جس سے لوگوں کی نظر میں اس کا فتنہ عظیم ہوگا۔

بعض حضرات فرماتے ہیں اس جملہ کے معنی یہ ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دجال کے کل حالات بیان فرما دیئے جس کو اُردو محاورہ میں کہا جاتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی اونچ اور نیچ سب سمجھا دی۔

نوویؒ فرماتے ہیں بعض حضرات نے فرمایا اس کے معنی یہ ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دجال کے احوال کو بیان کرتے ہوئے اپنی آواز کو پست فرمایا کہ اتنے کثیر احوال بیان کئے کہ آپ تھک گئے پھر تھوڑی دیر کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مزید اس کے احوال بلند آواز سے بیان فرمائے تاکہ لوگوں کو اچھی طرح اس کے بارے میں معلومات حاصل ہو جائیں۔

حتی ظنناہ فی طائفۃ النخل: اس سے مراد یہ ہے کہ اس کے خوفناک حالات سن کر ہم کو ایسا ڈر معلوم ہوا گویا وہ قریب میں کھجوروں کی جھرمٹ میں چھپا ہوا ہے چونکہ جب کوئی خوفناک شئی قریب ہوتی ہے تو اس سے بظاہر ڈر معلوم ہوا کرتا ہے۔

ثم رحنا الیہ الخ: یعنی جب ہم شام کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دجال کا خوف ہمارے اندر محسوس کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر بالفرض والتقدیر وہ آجائے تو میں خود اس کا مقابلہ تمہاری طرف سے کروں گا اور اگر بعد میں آئے گا تو ہر مسلمان و مومن خود اس کا مقابلہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ ہر مومن کا مددگار ہے اور محافظ ہے کہ اس کے شر کو وہ دفع فرمائے گا۔

حجیجہ: یہاں فعیل بمعنی فاعل ہے ماخوذ من الحجۃ "معناہ غالب علیہ بالحجۃ"

واللہ خلیفتی: خلیفہ بمعنی محافظ و ولی ہے، قطط: بڑھے ہوئے ٹیڑھے بالوں والا نوجوان ہے۔

عینہ قائمۃ: آگے روایت میں طافیہ وارد ہے بالیاء و بالہمزہ دونوں طرح وارد ہے اگر بالیاء تو مرتفعہ کے معنی ہوں گے یعنی اس کی آنکھ اوپر اٹھی ہوئی ہوگی آنکھ کا حلقہ نہ ہوگا کما ورد کا نہا عنبۃ طافیۃ۔ جس طرح انگور کا دانہ رکھا ہوا ہو مگر اٹھی ہوئی ہونے کے باوجود اس سے وہ دیکھتا ہوگا یہی معنی قائمۃ کے ہوں گے اور اگر طافیہ بالہمزہ ہے تو معنی ہوں گے ممسوحۃ یعنی ایک جانب بالکل سپاٹ ہوگی آنکھ کا نشان ہی نہ ہوگا۔

دجال کی آنکھوں کے بارے میں روایات مختلف ہیں ایک روایت میں اعور العین الیمنی کانہا عنبۃ طافیۃ اور بعض روایات میں اعور العین الیسریٰ نیز سمرہ بن جندبؓ کی روایت طبرانی میں ہے وصححہ الحاکم وابن حبان ممسوح العین الیسریٰ اسی طرح بعض روایات میں اعور العین مطموسۃ ولیست حجراء واقع ہے یعنی داہنی آنکھ بالکل مٹی ہوئی ہوگی کہ حلقہ بھی نہ ہوگا بالکل سپاٹ ہوگی۔

قاضی عیاضؒ نے ان روایات کے درمیان اس طرح جمع فرمایا کہ داہنی آنکھ تو طافیہ یعنی مطموسہ بالکل سپاٹ اور بائیں آنکھ طافیہ یعنی اٹھی ہوئی (باہر کو نکلی ہوئی) تارے کی طرح چمکدار اس طرح دونوں آنکھوں کے اعتبار سے وہ معیوب ہوگا ایسی صورت میں اعور کے معنی عیب دار کے ہوں گے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس کی ایک آنکھ جو معیوب ہوگی وہ کبھی دائیں جانب دکھائی دے گی کبھی بائیں جانب جو اس کے دجال ہونے پر دلیل ہوگی اس طرح روایات کے درمیان جمع ہو سکتا ہے۔

شبیہ بعبد العزی بن قطن: دجال عبدالعزی بن قطن کے مشابہ ہوگا قطن بفتحتین، علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ یہ یہودی شخص تھا مگر ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں ظاہر یہ ہے کہ مشرک تھا کیونکہ عزی بت کا نام ہے چنانچہ بعض حواشی میں ھو رجل من خزاعة هلك في الجاهلية وارد ہے۔

فمن راہ منکم فلیقرأ فواتح سورة اصحاب الکهف: علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں اوائل سورۂ کہف کا پڑھنا دجال کے فتنہ سے امان ہے کہ اس سورت میں دقیانوس ظالم بادشاہ کے فتنہ سے اصحاب کہف کی حفاظت کا بیان ہے۔

یخرج ما بین الشام والعراق: پیچھے روایت میں گزرا یخرج من ارض بالمشرق یقال لہا خراسان چونکہ خراسان عراق و شام کے درمیان شہر ہے فلا منافاۃ بین اللفظین۔

فعاث یمیناً وشمالاً: علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ عاث ماضی کا صیغہ ہے یہ ماخوذ ہے عیث بمعنی فساد سے جس کے مفہوم میں زیادتی فساد کے معنی ہیں۔

بعض حضرات نے عاث اسم فاعل بکسر الثاء بھی ضبط کیا ہے جس کے معنی فساد کنندہ کے ہیں۔

یاعباد الله اثبتوا الخ: صحابہؓ نے آپ سے معلوم کیا کہ وہ دجال دنیا میں کتنے زمانہ رہے گا آپ ﷺ نے فرمایا چالیس یوم کہ ان میں ایک دن تو ایک سال کے برابر دوسرا دن ایک ماہ کے برابر تیسرا دن ایک ہفتہ کے برابر ہوگا اور باقی دن اسی طرح ہوں گے جس طرح عادۃً ہوتے ہیں۔

سوال: اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ دجال کی مدت قیام فی الدنیا چالیس یوم ہے جبکہ اسماء بنت یزید بن السکن کی روایت میں مدت قیام چالیس سال فرمائی گئی ہے کما فی شرح السنۃ بظاہر دونوں روایتوں میں تعارض ہے۔

جواب (۱) ممکن ہے یہ مقدار کا اختلاف باعتبار کیفیت وکمیت ہو کما یشیر الیہ بقولہ السنۃ کالشہر مراد یہ ہے کہ وہ چالیس سال ایام کی طرح جلد ہی گزر جائیں گے اسی طرح ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا تو زیادہ ہولناک ہونے کے اعتبار سے وہ چالیس سال کے برابر مدت معلوم ہوگی۔

جواب (۲) بعض حضرات فرماتے ہیں بعض لوگوں کو وہ مدت صرف چالیس یوم کے برابر معلوم ہوگی اور بعض لوگوں کو چالیس سال کے برابر۔

جواب (۳) بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے مراد یہ ہے کہ پہلے تین دن اس مدت کے طویل ہوں گے اور باقی ایام علی حسب العادۃ ہوں گے تو اس طرح یہ مدت جو چالیس یوم کی ہے چالیس سال کے برابر ہو جائے گی وفیہ تأمل۔

جواب (۴) بعض علماء نے فرمایا کہ مسلم کی روایت جس میں ایام کا ذکر ہے وہ راجح ہے بغوی کی روایت پر۔

ولکن اقدروا لہ: یعنی جب ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا اور ایک ماہ ایک ہفتے کے برابر ہوگا تو نمازوں کو اپنے اوقات میں کس طرح ادا کیا جائے گا نماز کے بارے میں صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سوال ان حضرات کے کمال توجہ الی الصلوٰۃ پر دلالت کرتا ہے۔ آپ کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ پانچوں وقت۔ جس طرح جس فاصلہ کے ساتھ نمازوں کو تم ادا کرتے ہو اسی طرح اوقات کے درمیان وقت فاصل مان کر نمازوں کو ادا کرنا کیونکہ ایک دن کا ایک سال کے برابر ہونا یہ من جانب اللہ نہیں

ہوگا بلکہ یہ تو دجال کے تصرف ودجل کی بناء پر بطور سحر ایسا معلوم ہوگا ورنہ غروب وطلوع تو درحقیقت اپنے اپنے اوقات پر ہورہا ہوگا لہٰذا نمازوں کے وجوب کا سبب ظاہر وقت کا ہونا ہی ہے علی ہذا اہل علم نے فرمایا کہ جہاں عشاء کا وقت آتا ہی نہ ہو وہاں عشاء کی نماز فرض نہ ہوگی وفیہ اختلاف بسطہا ابن عابدین فلینظر۔

فما سرعته في الارض: صحابہؓ نے سوال کیا دجال کی چال کس قدر تیز ہوگی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کالغیث مراد بادل ہے اطلاقاً للمسبب علی السبب یعنی اس قدر تیز چال ہوگی جس طرح بادل جس کے پیچھے ہوا ستدبرتہ الریح: یہ جملہ حالیہ ہے یا غیث کی صفت ہے۔

فياتي القوم فيدعوهم الخ: وہ دجال ایک قوم کے پاس آئے گا اور ان کو دعوت دے گا کہ وہ اس کو الٰہ ومعبود تسلیم کریں مگر قوم اس کے قول ودعویٰ کو رد کردے گی اور باطل بالحجہ قرار دے گی تو وہ واپس ہوگا اور ان کے اموال دجال کے پیچھے چلے جائیں گے اور ان کے پاس کچھ نہ رہے گا وہ سب فقیر ہوجائیں گے۔

ثم ياتي القوم الخ: پھر دوسری قوم کے پاس جا کر ان کو اپنے معبود ہونے کی دعوت دے گا وہ قوم اس کے قول کو قبول کرے گی یعنی اس معبود کو تسلیم کرلے گی پس وہ آسمان کو بطور شعبدہ بارش کا حکم دے گا آسمان سے بارش ہوگی اور زمین کو حکم دے گا کہ وہ غلات پیدا کرے زمین غلات کو پیدا کرے گی۔

تروح سارحتهم الخ: تروح بمعنی ترجع بعد زوال الشمس، ذری بضم الذال وبکسرہا وفتح الراء منونا جمع ذروۃ سنامہ کوہان اعلیٰ حصہ یہ جانوروں کے موٹا ہونے سے کنایہ ہے۔

امدہ: اسم تفضیل من المد، خواصر جمع خاصرۃ بمعنی کوکھ یہ کنایہ ہے پیٹ بھرنے سے۔ ادرہ اسم تفضیل من الدر بمعنی اللبن زیادہ دودھ دینے والے ضروعا بضم الضاد جمع ضرع بمعنی تھن۔

حاصل یہ کہ دجال بطور شعبدہ اس قدر آسمان سے پانی برسائے گا کہ کھیت خوب ہرے بھرے ہوجائیں گے جانور شام کو گھاس چر کر لوٹیں گے تو ان کے بدن موٹے ہوجائیں گے اور کوہان پہلے سے زیادہ اونچے ہوں گے اور کوکھیں چارہ سے زیادہ بھری ہوئی ہوں گی اور پہلے سے زیادہ دودھ سے تھن بھرے ہوئے ہوں گے یہ سب بطور خرق عادت ہوگا تاکہ لوگوں کو آزمایا جاسکے کہ کون اس کے فتنہ میں مبتلا ہوتا ہے اور کون اس سے بچتا ہے۔

ثم ياتي الخربة: بکسر الراء بنجر زمین میں آئے گا اور اس کو حکم دے گا کہ اپنے اندر سے دفائن وخزائن کو نکال دے چنانچہ جب وہ اس زمین کو حکم دے کر لوٹے گا تو سارے خزانے اس کے پیچھے شہد کی مکھیوں کی طرح ہوجائیں گے جس طرح شہد کی مکھیاں اپنے امیر کے پیچھے پیچھے ہوجاتی ہیں۔

ثم يدعو رجلا شابا ممتلئا شبابا: جوانی بھرا شخص یعنی اعلیٰ درجہ کا نوجوان مبضر بہ بالسیف دوسری روایت میں آرے کے ذریعہ دو ٹکڑے کرنے کا ذکر ہے۔

ابن العربیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے دو شخص کو وہ قتل کریگا ایک کو تلوار سے اور دوسرے کو آرے سے لہٰذا دونوں روایات صحیح ہیں مگر صحیح عدم تعدد ہے یعنی ایک شخص کو قتل کرنے کا ہی ذکر ثابت ہے ممکن ہے یہ کہا جائے کہ تلوار آرے کی طرح ہوگی جس میں

دندانے ہوں گے یا مبالغۃً تلوار کو آرے سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔

فیقطعه جزلتین: اس شخص کے دو ٹکڑے کر دے گا، جزلۃ بفتح الجیم وکسرہا بمعنی ٹکڑا۔

یہاں روایت میں اختصار ہے بخاری شریف میں ہے دجال مدینہ کے قریب کسی کھائی وغیرہ میں قیام کرے گا چونکہ مدینہ میں داخل ہونا اس کے لیے ناممکن ہوگا ایک ایسا شخص جو لوگوں میں سب سے بہتر ہوگا اس کے پاس آئے گا اور اس کی تکذیب کرے گا کہے گا اشهد انک الدجال تو وہی ہے جس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی ہے پھر دجال لوگوں سے کہے گا اے لوگو! اگر میں اس کو قتل کر دوں اور پھر زندہ کر دوں تو پھر بھی تم کو میرے الٰہ ہونے میں شک رہے گا؟ لوگ کہیں گے نہیں چنانچہ وہ اس کو قتل کر دے گا پھر زندہ کرے گا وہ زندہ ہو کر کہے گا اب مجھ کو مزید بصیرت حاصل ہو گئی کہ تو واقعی دجال ہے پھر دجال اس کو قتل کرنا چاہے گا مگر نہیں قتل کر سکے گا۔

حافظ فرماتے ہیں کہ ایک روایت میں ہے کہ وہ زندہ شخص لوگوں میں اعلان کر دے گا اب یہ دجال کسی کو قتل نہیں کر سکے گا پھر دجال اس سے کہے گا اب بھی میرے اوپر ایمان نہیں لاتا ہے وہ شخص کہے گا اب تو مجھ کو تیرے دجال ہونے کا اور بھی یقین ہو گیا ہے پھر وہ شخص لوگوں میں اعلان کرے گا یا ایها الناس هذا المسیح الدجال الکذاب من اطاعه فهو فی النار ومن عصاه فهو فی الجنة بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ دجال اس شخص کو متعدد بار ذبح کرنے کی کوشش کرے گا مگر اس کو قدرت نہ ہوگی۔

رجل شابؑ کا مصداق

حافظ فرماتے ہیں کہ ابو اسحاقؒ سے مسلم میں منقول ہے کہ یہ رجل شاب حضرت خضر علیہ السلام ہوں گے معمر نے بھی اپنی جامع میں فرمایا بلغنی ان الذی یقتله الدجال الخضر حکاه ابن حبان من طریق عبد الرزاق عن معمر قال کانوا یرون انه الخضر۔

صاحب الاشاعة نے فرمایا هذا الرجل المؤمن هو الخضر علیه السلام علی الاصح کما صرح به فی الاحادیث الصحیحة ثم ذکر الروایات المؤیدة لذلك اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس کو دار قطنی نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے قال نسی للخضر فی اجله حتی یکذب الدجال۔ نیز آپ کا ارشاد لعله ان یدرکه بعض من رآنی سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد اصحاب کہف میں سے ایک فرد ہے وھو ضعیف حاصل یہ کہ دجال اس نوجوان کو جس نے اس کی تکذیب کی ہوگی قتل کر کے دو ٹکڑے کر دے گا اور دونوں ٹکڑوں کے درمیان فاصلہ کر دے گا تاکہ لوگوں کو قتل کرنے کا یقین ہو جائے پھر اس کا یہ قتل کرنا یا تو اس رجل کی جانب سے تکذیب پائے جانے کی وجہ سے ہوگا یا اظہار قدرت کے لیے دجال ایسا کریگا پھر اس کو بلائے گا تو وہ مقتول شخص ہنستا ہوا آئیگا ہشاش وبشاش ہوگا۔

اذهبط عیسی بن مریم بشرقی دمشق عند المنارة البیضاء الخ: یعنی حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام جامع دمشق کی مشرقی جانب منارہ کے اوپر آسمان سے اتریں گے زرد رنگ کی دو چادریں اوڑھے ہوئے ہوں گے دو فرشتوں کے پروں پر ہاتھ رکھے ہوئے ہوں گے۔

نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کہاں ہوگا؟

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا نزول دمشق میں ہوگا مگر دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا نزول بیت المقدس میں ہوگا اور ایک روایت میں اُردن کا ذکر ہے اور ایک روایت میں بمعسکر المسلمین واقع ہے ان مختلف روایات کے درمیان جمع کی صورت یہ بیان کی گئی کہ اصل نزول تو بیت المقدس میں ہوگا جو دمشق کی مشرقی جانب میں واقع ہے اور وہیں پر مسلمانوں کے لشکر جمع ہوں گے اور بیت المقدس مملکت اُردن میں واقع ہے (اگرچہ آج کل فلسطین میں ہے جو الگ مملکت کہلاتی ہے)

علامہ سیوطیؒ نے نزول بیت المقدس والی روایت کو راجح قرار دیا ہے کما حکاہ القاری وبہ قال الگنگوہیؒ، چنانچہ علامہ سیوطیؒ نے تعلیقات علی ابن ماجہ میں ابن کثیر سے یہی نقل کیا ہے۔

مگر اشکال یہ ہے کہ بیت المقدس میں منارہ نہیں ہے اور روایت میں منارہ کا ذکر ہے؟

جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے منارہ بنا دیا جائے اس کے بالمقابل اکثر اہل علم نے مشرق دمشق میں نزول والی روایت کو ترجیح دی ہے اور وہاں اس وقت بھی منارہ ہے علامہ دمنیؒ اور صاحب الاشاعۃ نے اسی کو اختیار کیا ہے وقال ابن کثیر ہوالاشہر۔

بین مہرو ذتین: روی بالدال وبالذال وبالدال المہملۃ اکثر معناہ لابس مہرودتین ای ثوبین مصبوغین بورس ثم بزعفران ہلکے زرد رنگ کی دو چادریں مراد ہیں۔

اذا طأطأ راسہ قطر واذا رفعہ تحدر منہ جمان کاللؤلؤ

جمان بضم الجیم وتخفیف المیم حبات من الفضۃ علی ہیئۃ اللؤلؤ الکبار: جب وہ سر کو جھکائیں گے تو سر سے پانی ٹپکے گا اور جب اوپر کو اُٹھائیں گے تو پانی سر سے چاندی کے موتیوں کی طرح ٹپکے گا منارہ سے اتارنے کے لیے سیڑھی لگائی جائے گی کیونکہ دنیا دارالاسباب ہے جبکہ منارہ پر نزول بغیر سیڑھی ہوگا حضرت گنگوہی کی تقریر (ارشاد الرضی) میں ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول بوقت عصر ہوگا کہ نماز کے لیے اقامت ہو چکی ہوگی اور امام مہدی نماز پڑھانے کھڑے ہوئے ہوں گے پس عیسیٰ علیہ السلام کو امامت کے لیے کہا جائے گا وہ انکار کردیں گے۔ ولا یحل ریح نفسہ یعنی احد الاماتت وریح نفسہ منتہی بصرہ الخ: یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سانس کی ہوا ان کے منتہاء بصر تک ہوگی جس کافر تک بھی وہ پہنچے گی وہ مر جائے گا۔

سوال: جب عیسیٰ علیہ السلام کے سانس سے ہی کافر کی موت ہو جائے گی تو پھر دجال کیوں نہیں مرے گا حالانکہ وہ بھی کافر ہے اس کو قتل کرنے کی نوبت کیوں آئے گی؟

جواب (۱) ممکن ہے دجال کافر کو اس حکم سے مستثنیٰ مصلحۃً رکھا گیا ہوتا کہ اس کو باقاعدہ قتل کیا جائے اور لوگوں کو اس کی موت کا یقین ہو جائے اور اس کا جادوگر ہونا معلوم ہو جائے۔

جواب (۲) ممکن ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی یہ کرامت بوقت نزول ہو اور اس کے بعد یہ کرامت ان سے صادر نہ ہو۔

جواب (۳) بعض نے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معتاد سانس کی یہ کرامت نہ ہوگی بلکہ وہ خاص انفاس ہوں گے جن سے کفار کی ہلاکت مقصود ہوگی۔

فیطلبه حتی یدرکه بباب لدّ فیقتله: حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو تلاش کرینگے حتی کہ باب لدّ پر اس کو پائیں گے اور قتل کر دیں گے۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں لدّ بضم اللام تشدید الدال منصرف ہے یہ ایک شہر کا نام ہے جو بیت المقدس کے قریب ہے وقال فی النہایہ لدّ موضع بالشام وقیل بفلسطین اس کے بعد ایک عرصہ اسی طرح گزر جائے گا۔

حوز: من التحویز بمعنی جمع کرنا۔

قد انزلت عبادًا لی لا یدان لاحد بقتالهم: مسلم شریف کی روایت میں قد اخرجت۔ لا یدان تثنیہ ید اس کے معنی لا قدرة ولا طاقة یعنی اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائیں گے کہ میرے بندوں کو کوہ طور پر جمع کرو کیونکہ میں ایسی مخلوق ظاہر کرنے والا ہوں جن کے مقابلہ کی کسی کو طاقت نہیں ہے۔

ویبعث الله یاجوج وماجوج الخ: یعنی اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کو بھیجیں گے اور وہ اپنی جگہ سے تیزی کے ساتھ آئیں گے اور ان کا اول جتھہ بحیرۂ طبریہ پر گزرے گا اس کے سارے پانی کو وہ پی لیں گے پھر آخری جتھہ اس پر آئے گا وہ کہے گا کہ یہاں پانی تھا اس کو پانی کے آثار تو معلوم ہونگے مگر پانی نہ ملے گا حتی کہ وہ جبل بیت المقدس تک پہنچیں گے۔ اور ان کو کوئی انسان نہیں دکھائی دے گا تو کہیں گے ہم نے دنیا والوں کو قتل کر دیا ہے اب آؤ آسمان والوں کو بھی قتل کر دیں پس وہ اپنے تیروں کو آسمان کی طرف پھینکیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے تیروں کو خون آلود سرخ کر کے لوٹائیں گے جس سے وہ سمجھیں گے کہ انہوں نے آسمان والوں کو بھی قتل کر دیا ہے۔

بحیرة طبریة: بالاضافة بحیرۂ مصغر یہ ایک چھوٹا سا سمندر ہے مقام طبریہ میں جس کی لمبائی صرف دس میل ہے۔

هلم: بمعنی تعال یہ خطاب تو ان کے امیر کو ہے یا تمام جماعت، اہل حجاز واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مونث کے لیے یہ لفظ بولتے ہیں یہ مبنی بر فتح ہے مگر بنو تمیم تصرف کے قائل ہیں کہتے ہیں۔ ہلم ہلمی ہلما، ہلموا وغیرہ۔

نشاب: بالضم وتشدید النون جمع نشابہ بمعنی سہام۔

ویحاصر عیسی ابن مریم واصحابه الخ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی کوہ طور پر محبوس رہیں گے اور اس وقت غذاؤں کی قلت ہو جائے گی یہاں تک بیل کا سر جس میں گوشت بھی بہت کم ہوتا ہے اور معمولی قیمت کا ہوتا ہے اس وقت سو دینار سے زیادہ میں میسر ہوگا یعنی لوگ انتہائی فاقہ کو پہنچ جائیں گے تو پھر عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ کی طرف کامل راغب ہوں گے اور یاجوج، ماجوج کے ہلاک ہونے کے لئے بددعا کریں گے پھر اللہ تعالیٰ ان کے گلوں میں نغف یعنی گلٹی ایک ساتھ نکالیں گے جس سے وہ سب ایک ساتھ مر جائیں گے۔

نغف: بفتح النون والغین اس کے اصل معنی وہ کیڑا جو اونٹ و بکریوں کی ناک میں پیدا ہو جاتا ہے یہاں مراد گلٹی ہے۔

فرسی: جمع فریس بمعنی ہلکی مثل قتیل وقتلی۔

کموت نفس واحدة: کمال قدرۃ کے ظہور کے لئے سب کی ایک ساتھ موت ہو جائے گی کما قال تعالیٰ ما خلقکم ولابعثکم الا کنفس واحدۃ۔

ویہبط عیسیٰ واصحابہ الخ: پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اوران کے ساتھی کوہ طور سے اتریں گے تو کوئی ایک بالشت کی جگہ بھی ایسی نہ ہوگی جہاں ان کی چربی اور بدبو اور خون سے بھری ہوئی نہ ہو۔

زھمة: مسلم کی روایت میں زھمھم بغیر تاء واقع ہے نوویؒ فرماتے ہیں کہ بفتح الہاء صحیح ہے جس کے معنی چربی۔

نتن: بدبو پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اوران کے ساتھی اللہ سے دعا کریں گے اللہ تعالیٰ اس مصیبت کو دور فرمائیں گے اللہ تعالیٰ ایسے پرندے بھیجیں گے جو بختی اونٹوں کی طرح ہوں گے وہ ان کو اٹھا کر مہبل میں پھینک دیں گے اور مسلمان ان کے کمانوں اور تیروں اوران کے تیروں کی تھیلیوں کو سات سال تک بطور ایندھن استعمال کریں گے۔

اعناق البخت: بخت بضم الباء وسکون الخاء ایک قسم کے اونٹ جو لمبے چوڑے بدن والے ہوتے ہیں یعنی اتنے بڑے پرندے آئیں گے جو بختی اونٹوں کی طرح ہوں گے۔

مھبل: بفتح المیم وسکون الہاء وکسر الباء ایک جگہ کا نام ہے جو بیت المقدس کے قریب ہے اللہ تعالیٰ اس جگہ میں بطور معجزہ وسعت پیدا فرمائیں گے کہ وہ سب کو سمالے گا بعض نے مھبل کی تفسیر اس جگہ کے ساتھ کی ہے جہاں سے طلوع شمس ہوتا ہے بعض فرماتے ہیں اس سے مراد پہاڑوں کے درمیان غار ہے۔

قسیھم: بکسر القاف والسین وتشدید السین جمع قوس بمعنی کمان۔نشابھم: سہام۔جعابھم: جمع جعبة بالفتح وہ ظرف جس میں تیروں کو رکھا جائے۔

ویرسل علیھم مطراً لایکن منه بیت وبر ولا مدر الخ: یعنی اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اوران کے ساتھیوں پر ایسی بارش بھیجیں گے کہ کوئی کچا اور پکا کسی طرح کا گھر بھی محفوظ نہ رہے گا یعنی خوب بارش ہوگی کہ زمین دھل جائے گی آئینہ کی طرح صاف وشفاف ہو جائے گی۔لایکن بفتح الیاء وضم الکاف وتشدید النون یہ کنت الشئی سے ماخوذ ہے جس کے معنی چھپنا اور محفوظ ہونا یہ جملہ مطر کی صفت ہے،ای من ذلك لایکن ای لایستر ولایصون شیئا منه:ای من ذلك المطر۔بیت وبر: صوف او شعر مراد خیمہ ہے۔مدر: بفتح المیم والدال بخت مٹی مقصد مطر کے عموم کو بیان کرتا ہے۔

الزلفة: بفتح الزاء واللام وبسکن وبالفاء ھو الاصح وقیل بالقاف وھی المرأة بکسر المیم قالہ ابو زید وثعلب وآخرون وحکاہ صاحب المشارق عن ابن عباسؓ۔

ثم یقال للارض اخرجی ثمرتك وردی برکتك الخ: پھر زمین کو حکم دیا جائے گا کہ وہ پھلوں کو پیدا کرے اور برکت کو لوٹا دے چنانچہ اس قدر برکات کا نزول ہوگا کہ ایک جماعت ایک انار کو کھائے گی اوراس کے چھلکے سے پوری جماعت سایہ حاصل کرے گی اور دودھ میں برکات کا نزول اس قدر ہوگا کہ بڑی جماعت کو حاملہ اونٹنی (جس کا دودھ بھی کم ہوتا ہے) کا دودھ کافی ہو جائے گا اسی طرح ایک قبیلہ کو ایک حاملہ گائے کا دودھ کافی ہوگا۔نیز ایک گھر والوں کو ایک حاملہ بکری کا دودھ کافی ہوگا۔

العصابة: بکسر العین بمعنی جماعة قحف: بکسر القاف بمعنی چھلکا الرسل: بکسر الراء وسکون السین بمعنی اللبن الفئام: بکسر الفاء

وبعد ہا ہمزۃ ممدودۃ بمعنی جماعۃ کثیرۃ۔ اللفاحۃ: بکسر اللام وفتحہا لغتان مشہورتان والکسر اشہر وہ جانور جو قریب الولادۃ ہو مگر دودھ دیتا ہو۔ الفخذ: باسکان الخاء قال ابن فارس اس سے وہ جماعت مراد ہے جو گھر کے افراد پر مشتمل ہو۔ فبینما ہم کذلک اذ بعث اللّٰہ ریحاً الخ، پھر ایک زمانہ اسی طرح گزرے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ایک خاص قسم کی ہوا بھیجیں گے جو ہر مومن کی روح کو قبض کرے گی اور ایسے لوگ باقی رہ جائیں گے جو علی الاعلان گدھوں کی طرح زنا کریں گے ان ہی پر قیامت قائم ہوگی۔

ویبقی سائر الناس: مسلم کی روایت میں شرار الناس واقع ہے۔ یتہارجون من الھرج: باسکان الراء الجماع فعلیہم تقوم الساعۃ: ای لا علیٰ غیرہم وفی روایۃ ابن مسعودؓ لا تقوم الساعۃ الا علیٰ شرار الناس وفی حدیث انس رضی اللہ عنہ لا تقوم الساعۃ حتی لا یقال فی الارض اللہ، اللہ رواہما مسلم۔

ہذا حدیث غریب صحیح اخرجہ احمد ومسلم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ صِفَةِ الدَّجَّالِ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الدَّجَّالِ فَقَالَ أَلَا إِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ أَلَا وَإِنَّهُ أَعْوَرُ عَيْنُهُ الْيُمْنٰى كَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ۔

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آپ سے دجال کے بارے میں سوال کیا گیا تو فرمایا بے شک تمہارا رب کانا نہیں ہے خبردار دجال کانا ہے اس کی داہنی آنکھ گویا اٹھا ہوا انگور کا دانا ہے۔

كَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ: اس پر تفصیل سے کلام ہو چکا ہے اعور سے مراد آنکھ کا عیب والا ہونا وفی الباب عن سعدؓ اخرجہ احمد وحذیفۃ اخرجہ الشیخان وابی ہریرۃؓ اخرجہ الشیخان واسماءؓ بنت یزید اخرجہ البغوی وتقدم لفظہ، وجابرؓ اخرجہ البغوی وابی بکرۃؓ اخرجہ الترمذی فی باب ذکر ابن صیاد وانسؓ اخرجہ الترمذی بعد بابین وعائشۃؓ اخرجہ احمد وابن عباسؓ اخرجہ احمد وابن خزیمہ وابن ابی شیبہ والفلتان بن عاصم اخرجہ ابن ابی شیبہ والبزار والطبرانی۔

ھذا حدیث غریب اخرجہ الشیخان۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ أَنَّ الدَّجَّالَ لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ

عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِي الدَّجَّالُ الْمَدِيْنَةَ فَيَجِدُ الْمَلَائِكَةَ يَحْرُسُوْنَهَا فَلَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنُ وَلَا الدَّجَّالُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔

ترجمہ: حضرت انسؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال مدینہ میں آئے گا تو فرشتوں کو اس کی حفاظت کرتا ہوا پائے گا پس نہیں داخل ہوسکے گا مدینہ میں طاعون اور نہ دجال ان شاء اللہ۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ مدینہ منورہ میں دجال داخل نہ ہوسکے گا چنانچہ محجن بن ادرع کی روایت مسند احمد وحاکم نے ذکر فرمائی اس میں ہے کہ دجال جب بھی مدینہ میں داخل ہونا چاہے گا تو ہر راستہ پر فرشتہ تلوار سونتے ہوئے کھڑا نظر آئے گا جو اس کو داخل ہونے سے روک دے گا اسی طرح حاکم نے بطریق ابی عبداللہ القراظ سعد بن مالکؓ اور ابو ہریرۃؓ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا

اللھم بارک لاھل المدینۃ (الحدیث) وفیہ الا ان الملائکۃ مشتبکۃ بالملائکۃ علی کل نقب من انقابھا ملکان یحرسانھا لایدخلھا الطاعون ولا الدجال۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ الشیخان وفاطمۃ بنت قیس اخرجہ مسلم ومحجنؓ اخرجہ احمد والحاکم اسامۃؓ فلینظر من اخرجہ سمرۃ بن ندبؓ اخرجہ احمد۔

ہٰذا حدیث صحیح اخرجہ البخاری۔

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِیْمَانُ یَمَانٍ وَالْکُفْرُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ وَالسَّکِیْنَۃُ لِاَھْلِ الْغَنَمِ وَالْفَخْرُ وَالرِّیَاءُ فِی الْفَدَّادِیْنَ اَھْلِ الْخَیْلِ وَاَھْلِ الْوَبَرِ یَاْتِی الْمَسِیْحُ اِذَا جَاءَ دُبُرَ اُحُدٍ صَرَفَتِ الْمَلَائِکَۃُ وَجْھَہٗ قِبَلَ الشَّامِ وَھُنَالِکَ یَھْلِکُ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے منقول ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اصل ایمان تو یمنی ہے اور کفر اہل مشرق سے ظاہر ہوگا اور سکون و وقار بکری والوں میں ہوتا ہے اور فخر و ریاء جانوروں کے پیچھے چیخنے والوں میں ہوتا ہے جو گھوڑے والے اور بالوں والے ہوتے ہیں (یعنی خیمہ والے) مسیح دجال جب آئے گا احد پہاڑ کے پیچھے تو ملائکہ اس کے چہرے کو پھیر دیں گے شام کی طرف اور وہیں وہ ہلاک کر دیا جائے گا۔

الایمان یمان: یمان منسوب الی الیمن اس کی اصل یمنی ہے آخر سے یاء کو حذف کر کے الف کی زیادتی اس کے عوض میں کر دی گئی ہے۔

اس روایت میں اہل یمن کے ایمان کی تعریف کی گئی ہے کہ ایمان اصل تو اہل یمن کا ہے بخاری ومسلم میں ایک روایت کے الفاظ ہیں فرمایا اتاکم اھل الیمن ھم ارق افئدۃً والین قلوبًا الایمان یمان والحکمۃ یمنیۃ اس طرح ایک اور روایت بخاری ومسلم میں ہے اتاکم اھل الیمن اضعف قلوبًا وارق افئدۃً الفقہ یمان والحکمۃ یمانیۃ نیز عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت بخاری میں ہے اشار رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بیدہ نحو الیمن فقال الایمانُ یمان۔

علامہ نوویؒ نے شرح مسلم میں فرمایا کہ اصل ایمان کی نسبت اہل یمن کی طرف فرمائی گئی جب کہ اصل مبدأ ایمان مکہ اور مدینہ ہے، اس لئے اہل علم نے روایت کے ظاہری معنی میں متعدد تاویلات کی ہیں۔

اول اس روایت میں یمن سے مراد مکہ ہے کیونکہ مکہ تہامہ سے ہے اور تہامہ کا تعلق یمن سے ہے وجہ یقال الکعبۃ الیمانیۃ تو گویا مراد یہ ہے کہ اصل ایمان تو اہل مکہ کا ہے کیونکہ وہ مبدأ ایمان ہے۔

دوم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد تبوک میں فرمایا اور مکہ و مدینہ تبوک سے جانب یمن ہے۔ آپ کی مراد مکہ اور مدینہ ہے اور معنی یہ کہ اصلی ایمان تو مکہ اور مدینہ والوں کا ہے چنانچہ کعبہ کے رکن کو رکن یمانی اسی اعتبار سے کہا جاتا ہے کہ وہ رکن بہ جانب یمن ہے۔

سوم اکثر اہل علم نے فرمایا اہل یمن سے مراد حضرات انصار ہیں کیونکہ وہ اصل یمن کے رہنے والے ہیں انہوں خود ایمان کو اختیار کیا اور اہل ایمان کی مدد فرمائی ہے۔

چہارم شراح فرماتے ہیں کہ اگر روایت کے ظاہری معنی مراد لیں تب بھی کوئی اشکال نہیں یعنی اس سے مراد اہل یمن ہی ہیں

اوران کے کمال ایمان کو بیان کرنے کیلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے چنانچہ جو حضرات آپ کی حیات میں یمن سے حاضر ہو کر ایمان سے مشرف ہوئے اور آپ کے بعد ایمان لائے اویس قرنیؒ، ابو مسلم خولانیؒ وغیرہ وہ ایمان کے اعتبار سے نہایت کامل ہوئے ہیں اس بیان سے اہل مکہ واہل مدینہ کے ایمان کے کمال کی نفی لازم نہیں آتی ہے کیونکہ آپ ﷺ کا یہ ارشاد حصر پر دال نہیں ہے مع ان النبی علیہ السلام قال الایمان فی اہل الحجاز۔

الکفر من قبل المشرق: شیخین کی روایت میں راس الکفر قبل المشرق ہے مراد یہ کہ مدینہ سے مشرق کی جانب کفر شدید ہوگا اوراس سے مراد ملک فارس کے لوگ ہیں جن کے بادشاہ نے آپ ﷺ کے والا نامہ کو چاک کر دیا تھا نیز دجال کا خروج بھی مدینہ سے مشرق کی جانب ہوگا جو محل اکفر الکفار ہے۔

والسکینة لاهل الغنم: سکینہ کے معنی طمانیۃ وسکون اور وقار تواضع کے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ بکری والوں میں تواضع ہوتی ہے جو برکت کا باعث ہے کما قال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لام ھانیؓ اتخذی الغنم فان فیھا برکۃ (رواہ ابن ماجہ) بعض حضرات فرماتے ہیں اہل غنم سے مراد اہل یمن ہیں کیونکہ ان کے زیادہ تر مویشی بکریاں ہوتی ہیں۔

والفخر والریاء فی الفدادین: بفتح الفاء وتشدید الدال جمع فداد بتشدید الدال الاول ماخوذ من الفدید جس کے معنی صوت شدید مراد وہ لوگ ہیں جو اپنے مویشیوں (ابل، بقر وخیل) کے پیچھے آواز بلند کرتے رہتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ فخر وریا اونٹ والوں اور بڑے جانور رکھنے والوں میں عموماً ہوتی ہے۔

اهل الخیل واهل الوبر: بالجر فدادین سے بدل یا بیان ہے۔

اهل الوبر: ای اہل الشعر اس سے بھی اہل ابل وخیل مراد ہیں کیونکہ وہ لوگ بالوں کے بنائے ہوئے خیموں میں رہتے ہیں اور دوسروں پر فخر کرتے ہیں۔

یاتی المسیح اذا جاء دبر احد الخ: یعنی جب وہ دجال مدینہ آنا چاہے گا احد پہاڑ کے پیچھے ہوگا تو فرشتے اس کو ملک شام کی طرف بھگا دیں گے وہیں مقام لد پر وہ قتل کر دیا جائے گا کما مر۔

ہذا حدیث صحیح اخرجہ الشیخان۔

عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيِّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَقْتُلُ ابْنُ مَرْيَمَ الدَّجَّالَ بِبَابِ لُدٍّ۔

ترجمہ: مجمع بن جاریہؓ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ابن مریم دجال کو باب لد پر قتل کر دیں گے قد تقدم الکلام علیہ۔

مجمع: بضم المیم وفتح الجیم وتشدید المیم المکسورہ انصاری مدنی صحابی ہیں خلافت معاویہؓ کے زمانہ میں وصال فرمایا۔

وفی الباب کہہ کر متعدد روایات کی طرف اشارہ فرمایا ہے چنانچہ عمرانؓ، نافعؓ، ابی ہریرۃؓ، عمر بن ابی العاصؓ، جابرؓ، سمرہ بن جندبؓ، حذیفہؓ بن الیمان کی روایات مسند احمد میں ہیں۔

اما حدیث حذیفة بن اسید: اخرجہ الحاکم وابی ہریرۃؓ اخرجہ ابوداؤد وابی امامۃؓ اخرجہ ابوداؤد وابن ماجہ، وابن مسعودؓ اخرجہ احمد وابن ماجہ والحاکم، عبداللہ بن عمروؓ اخرجہ مسلم، ونواس بن سمعان اخرجہ الترمذی، وکیسانؓ اخرجہ البخاری فی التاریخ۔

ہٰذا حدیث صحیح اخرجہ احمد والطبرانی۔

عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَ أُمَّتَهُ الْأَعْوَرَ الْكَذَّابَ أَلَا إِنَّهُ أَعْوَرُ وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ۔

ترجمہ: قتادہؒ کہتے ہیں میں نے سنا انس رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہوئے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں گزرا کوئی نبی مگر اس نے اپنی امت کو ڈرایا اعور کذاب سے خبردار وہ اعور ہے اور بے شک تمہارا رب اعور نہیں ہے اس کی آنکھوں کے درمیان لکھا ہوا ہے کافر، قد تقدم الکلام علیہ۔

ہٰذا حدیث صحیح اخرجہ الشیخان

روایت میں دجال کی علامت قطعیہ بدیہیہ کو ذکر فرمایا تاکہ ہر آدمی اس کو پہچان سکے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ ذِكْرِ ابْنِ صَيَّادٍ

ابن صیاد یا ابن صائد جس کے متعلق دجال ہونے کا گمان کیا جاتا تھا اس کا نام صاف یا عبداللہ ہے وہ مدینہ کے یہودیوں میں سے تھا یا ان کے درمیان دخیل تھا کہانت وسحر کے ساتھ متصف تھا اس کی اجمالی حالت یہ تھی کہ وہ مسلمانوں کے لئے ایک فتنہ اور ابتلاء وآزمائش تھا اس کی حالت مختلف فیہا تھی صحابہ کرامؓ کے درمیان اختلاف تھا حضرت جابرؓ وعمرؓ تو قسم کھا کر کہتے تھے ابن صیاد وہی معروف ومشہور دجال ہے جو خود گمراہ اور دوسروں کو گمراہ کرنے والا ہوگا کما فی حدیث محمد بن المنکدر قال رأیت جابرؓ یحلف باللّٰہ ان ابن صیاد ھو الدجال قال جابر رضی اللّٰہ عنہ سمعت عمرؓ یحالف علی ذلک عند النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فلم ینکرہ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم مگر اکثر صحابہ کا خیال یہ تھا کہ ابن صیاد آخر زمانہ میں آنے والا دجال نہیں ہے کیونکہ تمیم داری کی روایت میں ہے کہ وہ تو کسی جزیرۂ عرب میں مسلسل بالاغلال ہے جب اس سے پوچھا گیا تو اس نے کہا انا الدجال (رواہ ابوداؤد والترمذی) نیز ابن صیاد اگرچہ ابتداءً کاہن اور ساحر ہوگا لیکن بعد میں وہ مسلمان ہو جائے گا دجال تو کافر ہوگا کما فی روایۃ مکتوب بین عینیہ ک ف ر، ابن صیاد کے تو بچے تھے اور دجال لاولد ہوگا اسی طرح ابن صیاد تو مکہ ومدینہ میں رہتا تھا جب کہ دجال کے بارے میں گزرا کہ وہ مدینہ میں داخل نہ ہو سکے گا بہر حال ابن صیاد کو معروف دجال کہنا مشکل ہے۔

بعض حضرات کا خیال ہے کہ دجال معہود سے پہلے بطور تمہید کچھ دجاجلہ آئیں گے جو معہود دجال کے لئے میدان ہموار کریں گے چنانچہ احادیث میں دجالون وکذابون کا لفظ واقع ہے حضرت عمرؓ کے قسم کھانے پر اسی وجہ سے آپ نے نکیر نہیں فرمائی۔

بعض حضرات نے کہا کہ دراصل دجال کے لئے ظاہراً اور باطناً مختلف ابدان ہوں گے تو ظاہری حسی بدن کے اعتبار سے مختلف احوال کے درمیان دائر ہو کر کبھی ابن صیاد کی شکل میں ظاہر ہوگا اس لئے آپ نے نکیر بھی نہیں فرمائی اور عالم مثال میں اس کا باطنی بدن مقید بالسلاسل والاغلال ہے جو تمیم داری کی حدیث میں ثابت ہے۔

بعض شراح فرماتے ہیں متعلق بالقیامۃ میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جیسا کہ قیامت کا سن وتاریخ مدت کی تعیین نہیں بلکہ مبہم ہیں صرف اتنا معلوم ہے کہ قیامت واقع ہوگی اسی طرح دجال کے آنے کے بارے میں حدیث میں خبر آ گئی ہے مگر اس کا مصداق خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی مبہم رہا ہے۔ اسی وجہ سے اس کے مصداق کے متعلق آپ نے کوئی فیصلہ نہیں فرمایا بل قال علیہ السلام لعمرؓ

ان یکون ہو لا تسلط فلا خیر فی قتلہ۔

حافظ ابن حجرؒ نے فرمایا اصلی دجال تو یقینی طور پر وہی ہے جس کو تمیم داری کی روایت میں ذکر کیا گیا ہے اور وہ مسلسل بالا غلال والسلاسل ہے اور ابن صیاد جو آپ کے زمانہ میں تھا وہ شیطان تھا جو دجال کی صورت میں ظاہر ہوا آخر میں وہ اصفہان جا کر مستور ہو گیا پھر اصلی دجال کی صورت میں خروج دجال کی مدت میں آئے گا۔

سوال آگے روایت میں وارد ہے کہ اس نے اپنے آپ کو آپ ﷺ کے سامنے نبی کہا پھر آپ ﷺ نے اس کو قتل کرنے کا حکم کیوں نہیں فرمایا؟

جواب (۱) امام بیہقیؒ وغیرہ نے فرمایا کہ دراصل اس نے نبی اپنے کو کہا مگر اس دعویٰ پر اصرار و غلو نہیں کیا اس وجہ سے آپ ﷺ نے صرف نظر فرمایا۔

جواب (۲) دراصل یہ اس زمانے کی بات ہے جب کہ یہود سے آپ نے صلح فرمائی تھی کہ یہود اپنے مذہب پر رہیں گے اور کوئی چھیڑ چھاڑ نہیں کریں گے اور ہم اپنے مذہب پر رہیں گے اور ابن صیاد یہودی تھا یا ان میں شامل تھا اس وجہ سے آپ ﷺ نے اس کو قتل کا حکم نہیں فرمایا تاکہ مصالحت کے خلاف نہ ہو جائے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ صَحِبَنِیْ ابْنُ صَائِدٍ اِمَّا حُجَّاجًا وَ اِمَّا مُعْتَمِرِیْنَ فَانْطَلَقَ النَّاسُ وَتُرِکْتُ اَنَا وَ هُوَ فَلَمَّا خَلَصْتُ بِهٖ اقْشَعْرَرْتُ مِنْهُ وَاسْتَوْحَشْتُ مِنْهُ مِمَّا یَقُوْلُ النَّاسُ فِیْهِ فَلَمَّا نَزَلْتُ قُلْتُ لَهٗ ضَعْ مَتَاعَکَ حَیْثُ تِلْکَ الشَّجَرَةِ قَالَ فَاَبْصَرَ غَنَمًا فَاَخَذَ الْقَدَحَ فَانْطَلَقَ فَاسْتَحْلَبَ ثُمَّ اَتَانِیْ بِلَبَنٍ فَقَالَ لِیْ یَا اَبَا سَعِیْدٍ اِشْرَبْ فَکَرِهْتُ اَنْ اَشْرَبَ عَنْ یَدِهٖ شَیْئًا لِمَا یَقُوْلُ النَّاسُ فِیْهِ فَقُلْتُ لَهٗ هٰذَا الْیَوْمُ یَوْمٌ صَائِفٌ وَ اِنِّیْ اَکْرَهُ فِیْهِ اللَّبَنَ فَقَالَ یَا اَبَا سَعِیْدٍ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ آخُذَ حَبْلًا فَاُوْثِقَهٗ اِلَی الشَّجَرَةِ ثُمَّ اَخْتَنِقَ لِمَا یَقُوْلُ النَّاسُ لِیْ وَفِیَّ اَرَاَیْتَ مَنْ خَفِیَ عَلَیْهِ حَدِیْثِیْ فَلَنْ یَخْفٰی عَلَیْکُمْ اَنْتُمْ اَعْلَمُ النَّاسِ بِحَدِیْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ کَافِرٌ وَ اَنَا مُسْلِمٌ اَلَمْ یَقُلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ لَهٗ مَکَّةُ وَالْمَدِیْنَةُ اَلَسْتُ مِنْ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ وَهُوَ ذَا اَنْطَلِقُ مَعَکَ اِلٰی مَکَّةَ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا زَالَ یَجِیْءُ بِهٰذَا حَتّٰی قُلْتُ فَلَعَلَّهٗ مَکْذُوْبٌ عَلَیْهِ ثُمَّ قَالَ یَا اَبَا سَعِیْدٍ وَاللّٰهِ لَاُخْبِرَنَّکَ خَبَرًا حَقًّا وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَعْرِفُهٗ وَاَعْرِفُ وَالِدَهٗ وَ اَیْنَ السَّاعَةَ مِنَ الْاَرْضِ فَقُلْتُ تَبًّا لَکَ سَائِرَ الْیَوْمِ۔

ترجمہ: فرمایا ابو سعید الخدریؓ نے کہ میرے ساتھ ابن صیاد ہو گیا اس حال میں کہ ہم حج کو جا رہے تھے یا عمرہ کے لئے پس آگے چلے گئے ساتھی، میں اور وہ دونوں ایک جگہ رہ گئے پس جب اس کے ساتھ اکیلا رہ گیا تو مجھے اس سے ڈر محسوس ہوا کہ میرا رونگٹا کھڑا ہو گیا اور میں نے وحشت محسوس کی اس سے اس بات کی وجہ سے کہ جو لوگ اس کے بارے میں کہتے تھے پس جب میں سواری سے اترا تو میں نے اس سے کہا تو اپنا سامان اس پیڑ کے نیچے رکھ۔ فرمایا ابو سعیدؓ نے پس دیکھا اس نے ایک بکری کو تو وہ چلا اس کی طرف اور اس کو دوہا پھر دودھ لے کر میرے پاس آیا اور کہا اے ابو سعیدؓ پی لے میں نے برا سمجھا کہ میں اس کے ہاتھ سے کچھ پیوں اس وجہ سے کہ لوگ اس کے بارے میں کچھ کہتے ہیں پس میں نے کہا آج گرمی کا دن ہے اور ایسے دن مجھ کو دودھ پسند نہیں ہے پس کہا اس نے اے ابو سعید تحقیق کہ میں نے ارادہ کر لیا ہے کہ ایک رسی لے لوں اور اس کو پیڑ میں نکا دوں اور اپنا گلا گھونٹ لوں کہ لوگ میرے بارے میں کیا کیا کہتے ہیں میری بات کسی پر پوشیدہ رہ سکتی ہے لیکن تم پر مخفی نہیں ہو سکتی کیونکہ آپ لوگ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی

بات کو سب سے زیادہ جاننے والے ہوا ے جماعت انصار کیا نہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دجال کافر ہوگا اور میں مسلمان ہوں کیا نہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ لاولد ہوگا اور میں نے مدینہ میں اولاد چھوڑی ہے کیا نہیں فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں حلال ہے دجال کے لئے مکہ و مدینہ کیا نہیں ہوں میں اہل مدینہ سے اور اب جارہا ہوں مکہ آپ کے ساتھ وہ اس طرح کی باتیں سامنے پیش کرتا رہا حتی کہ میرا گمان ہونے لگا کہ اس بے چارہ پر لوگوں نے جھوٹ بولا ہے پھر کہنے لگا اے ابوسعید واللہ میں تم کو بچی خبر دیتا ہوں واللہ میں اس کو پہچانتا ہوں اور اس کے والد کو بھی پہچانتا ہوں اور یہ بھی مجھے معلوم ہے کہ وہ اس وقت زمین میں کہاں ہے پس میں نے کہا تیرے لئے ہلاکت ہو پورے دن (یعنی پھر تو نے معاملہ مشتبہ کردیا)

اما حجاجًا او معتمرین: یہ صحب کے فاعل سے حال ہے، مخلصت به ای انفردت به، اقشعرت منه ماخوذ من الاقشعرار بمعنی ڈر کی وجہ سے رونگٹا کھڑا ہونا یوم صائف یوم حار، انی اکره فیه اللبن ای من یدیک المراد به اللبن المعهود هو الذی فی دیدیه حتی لایکون قول کذبا بل توریة، این هو الساعة من الارض مسلم میں ہے فلبسني قال النوویؒ بالتخفیف ای جعلنی التبس فی امره واشک فیه، ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اولاً اس نے مسلمان ہونے کا دعویٰ کیا پھر اس نے دعویٰ کیا کہ انی اعلمه الخ یعنی علم غیب کا اور ظاہر ہے کہ جو علم غیب کا دعویٰ کرے وہ مسلمان کیسے ہوسکتا ہے تو اس کے اسلام و کفر میں مجھے التباس ہو گیا تبالك منصوب بفعل مضمر معناہ خسرانا و هلاکا لک فی باقی الیوم او جمیع الیوم۔

تنبیہ: ابن صیاد کے دجال ہونے اور نہ ہونے کے بارے میں تفصیلی کلام اوپر گزر چکا ہے۔

ہٰذا حدیث حسن اخرجہ مسلم

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِابْنِ صَيَّادٍ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ مِنْهُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ عِنْدَ اُطُمِ بَنِيْ مَغَالَةَ وَهُوَ غُلَامٌ فَلَمْ يَشْعُرْ حَتّٰى ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَهْرَهٗ بِيَدِهٖ ثُمَّ قَالَ اَتَشْهَدُ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَنَظَرَ اِلَيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ قَالَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ الْاُمِّيِّيْنَ قَالَ ثُمَّ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَشْهَدُ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرُسُلِهٖ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَاْتِيْكَ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ يَاْتِيْنِيْ صَادِقٌ وَّكَاذِبٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُلِّطَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ قَدْ خَبَاْتُ لَكَ خَبِيْئًا وَّخَبَاَ لَهٗ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ وَهُوَ الدُّخُّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِخْسَاْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ قَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِيْ فَاَضْرِبَ عُنُقَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ يَّكُ حَقًّا فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ وَاِنْ لَّا يَكُ فَلَا خَيْرَ لَكَ فِيْ قَتْلِهٖ

ترجمہ: ابن عمرؓ سے منقول ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گزرے ابن صیاد کے پاس سے جماعت صحابہؓ کے ساتھ ان میں عمر فاروقؓ بھی تھے اور وہ کھیل رہا تھا بچوں کے ساتھ بنی مغالہ کے ٹیلوں کے پاس حال یہ ہے کہ وہ بچہ تھا پس اس کو محسوس نہ ہوسکا آپ کا گزرنا یہاں تک کہ مارا آپ نے ہاتھ اس کی کمر پر پھر فرمایا کیا تو گواہی دیتا ہے کہ بے شک میں اللہ کا رسول ہوں تو ابن صیاد نے آپ کی طرف دیکھا اور کہنے لگا ہاں میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ امیین کے رسول ہیں پھر کہا ابن صیاد نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاتا ہوں پھر فرمایا آپ نے تیرے پاس کیا چیز آتی ہے کہا ابن صیاد نے میرے پاس صادق و کاذب دونوں طرح کی خبریں آتی ہیں

پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ترے اوپر تو معاملہ گڑ بڑ ہو گیا ہے پھر فرمایا میں چھپاتا ہوں تجھ سے کچھ مخفی بات اور آپ نے دل میں چھپایا آیت شریفہ یوم تاتی السماء بدخان مبین کو کہا ابن صیاد نے (وہ چھپی ہوئی بات) دخ ہے، پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دور ہو ذلیل ہو پس نہیں بڑھے گا تیرا مرتبہ کہا عمر فاروقؓ نے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کی گردن اڑا دوں پس فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر یہ حق پر ہے یعنی اگر یہ واقعی دجال ہے جو اس پر تو مسلط نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ اس کو تو عیسیٰ علیہ السلام قتل کریں گے اور اگر حق پر نہیں تو اس کے قتل کرنے میں کوئی خیر نہیں۔

اطم بضمتین ہر ایسا قلعہ جو پتھر سے بنایا گیا ہو یا ایسا چکور گھر جو مسطح ہو بعض نے اس کی تفسیر ٹیلہ سے کی ہے۔

بنی مغالة: بعض نسخوں میں ابن مغالہ واقع ہے مگر اول ہی صحیح ہے۔ مغالہ بفتح المیم وتخفیف الغین اس سے مراد بنو معاویہ کے وہ ٹیلے ہیں جو مسجد نبوی کے سامنے تھے۔

وهو غلام: مسلم کی روایت میں وقد قارب ابن صیاد یومئذ الحلم واقع ہے لاتعارض۔

اشهد انك رسول الاميين: ابن صیاد نے کہہ کر آپ کی نبوت کو عرب کے ساتھ مخصوص قرار دیا ہے، کیونکہ اکثر اہل عرب تھے اور اس کا یہ قول اگرچہ منطوقاً تو درست ہے کہ آپ امیین کی طرف اولاً مبعوث ہوئے مگر یہ تخصیص کرنا کہ آپ صرف امیین کے رسول ہیں غلط ہے بلکہ آپ تو مبعوث الی العرب والعجم ہیں بعض یہودیوں کا یہ گمان تھا کہ آپ صرف امیوں کے رسول ہیں اور ابن صیاد یہودی تھا اس وجہ سے اس نے یہ غلط بات کہی۔

فقال النبی صلی اللہ علیه وسلم آمنت باللّٰہ وبرسله:

سوال آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد کے قول کو رد کیوں نہیں فرمایا جب کہ اس نے آپ سے اپنے رسول ہونے کی شہادت طلب کی؟

جواب (۱) آپ نے ضمناً اس پر رد فرمایا کہ ارشاد فرمایا آمنت باللہ ورسلہ اور ظاہر ہے کہ وہ رسولوں میں سے نہیں ہے حاصل یہ کہ میں تیرے رسول ہونے کی کیسے گواہی دے سکتا ہوں میں تو اللہ اور اس کے رسولوں کو مانتا ہوں اور تو اللہ کا رسول نہیں ہے نیز آپ کا مقصد اس کے حال کی تحقیق تھی اگر آپ صراحۃً اس کے قول کو رد فرماتے تو یہ غرض فوت ہو جاتی۔

جواب (۲) علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ آپ کا یہ ارشاد بطور ارخاء عنان تھا جس کا مطلب یہ ہے کہ آمنت باللہ وبرسلہ فتفکر ہل انت منہم؟

جواب (۳) ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ جس طرح ابن صیاد نے آپ کی رسالت کی نفی علی طریق المفہوم کی ہے لاعلی طریق المنطوق اس طرح آپ نے بھی اس کے قول کو بطریق مفہوم رد فرمایا کہ میں تو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاتا ہوں، اگر تو رسولوں میں سے ہوتا تو تجھ کو بھی مانتا اور تجھ پر ایمان لاتا مگر تو رسول نہیں۔

یاتینی صادق و کاذب: ای یاتینی صادق تارۃ وکاذب اخری: آپ کے سوال کا حاصل یہ ہے کہ تیرے پاس جو آتا ہے وہ تجھ کو کیا خبر دیتا ہے اس کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ میرے پاس جو خبر لاتا ہے کبھی وہ سچا ہوتا ہے اور کبھی جھوٹا ہوتا ہے۔

خلط: بصیغہ مجہول ماخوذ من التخلیط یعنی تیرے پاس خبر لانے والا جب سچا اور جھوٹا دونوں طرح کا ہے تو پھر تیرا معاملہ گڑبڑ ہے۔

انی خبأتُ لك خبيئا: یعنی میں دل میں ایک بات سوچتا ہوں وہ بتا کیا ہے اور آپ نے آیت شریفہ یوم تاتی السماء بدخان مبین چھپائی تو اس نے کہا ھو الدخ بضم الدال وتشدید الخاء ھی لغة الدخان جس کے معنی دھواں۔

سوال ابن صیاد کو کیسے معلوم ہوا کہ آپ نے یہ آیت شریفہ چھپائی ہے؟

جواب (۱) ممکن ہے آپ نے صحابہ کو یہ آیت بتائی ہو اور شیطان نے سن کر اس کو القاء کر دیا ہو۔

جواب (۲) آپ نے دل کے اندر اندر تکلم کیا اور شیطان اس سے مطلع ہوا پھر اس نے ناقص جواب اس کو القاء کر دیا۔

جواب (۳) آسمان میں اس آیت کا تذکرہ چلا ہو شہاب ثاقب کے پہنچنے سے پہلے بہت عجلت میں شیطان نے صرف دخ کے لفظ کو چوری کر لیا ہو پھر وہی ناقص جواب ابن صیاد کے دل میں القاء کر دیا اور اس نے آپ سے کہہ دیا ہو الدخ۔

اخسا: بفتح السین وسکون الہمزہ کلمہ زجر ہے جو تذلیل کے لئے مستعمل ہے ماخوذ من الخسو وھو زجر الکلب ای امکث صاغراً اروا بعد حقیراً او اسکت مزجوراً۔

فلن تعدو: بالضم الدال ای فلن تجاوز قدرك: مراد مرتبہ ہے یعنی جب تو پوری مخفی بات نہ بتا سکا تو معلوم ہوتا ہے کہ تیرا معاملہ ناقص ہے لہٰذا تیرا مرتبہ بھی ناقص ہی ہے لہٰذا تو صحیح راستہ پر نہ ہوا اور تجھ کو دنیا میں اچھی نظروں سے نہیں دیکھا جائے گا لوگوں پر تیرا تسلط نہیں ہو سکے گا۔

ان یك حقاً فلن تسلط علیه: مسلم شریف میں ہے دعه فان یکن الذی تخاف لن تستطیع قتله فلا خیر فی قتله اما لکونه صغیراً او ذمیاً اور جابرؓ کی روایت شرح السنۃ میں ہے ان یکن ھو فلست صاحبه انما صاحبه عیسی بن مریم۔

حدیث ابن عمرؓ ہذا اخرجہ الشیخان وابوداؤد۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ لَقِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ صَائِدٍ فِیْ بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِیْنَةِ فَاحْتَبَسَهٗ وَهُوَ غُلَامٌ یَهُوْدِیٌّ وَلَهٗ ذُؤَابَةٌ وَمَعَهٗ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَشْهَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ اَتَشْهَدُ اَنْتَ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا تَرٰی قَالَ اَرٰی عَرْشًا فَوْقَ الْمَاءِ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَرٰی عَرْشَ اِبْلِیْسَ فَوْقَ الْبَحْرِ قَالَ مَا تَرٰی قَالَ اَرٰی صَادِقًا وَکَاذِبِیْنَ اَوْ صَادِقِیْنَ وَکَاذِبًا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لُبِّسَ عَلَیْهِ فَدَعَاهُ۔

ترجمہ: ابو سعید خدریؓ سے منقول ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ابن صیاد مدینہ کے بعض راستوں میں مل گیا پس آپ نے اس کو پکڑ لیا اور وہ یہودی بچہ تھا اور اس کے سر پر چوٹی تھی اور آپ کے ساتھ ابوبکرؓ و عمرؓ تھے آپ نے فرمایا کیا تو شہادت دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں کہا اس نے کہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم شہادت دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں آپ نے فرمایا میں اللہ اور اس کی کتابوں اس کے رسولوں اور آخرت پر ایمان لاتا ہوں پس آپ نے اس سے پوچھا تو کیا دیکھتا ہے؟ اس نے کہا ایک تخت پانی کے اوپر دیکھتا ہوں آپ نے فرمایا یہ ابلیس کا تخت سمندر کے اوپر دیکھتا ہے تو آپ نے پوچھا اور کیا دیکھتا ہے اس نے کہا ایک صادق اور دو کاذب یا ایک کاذب اور دو صادق دیکھتا ہوں تو آپ نے فرمایا اس کا معاملہ تو اس پر گڑبڑ کر دیا گیا ہے پس چھوڑ دو اس کو۔

ذوابة: بالضم چوٹی الشعر المضفور من شعر الرأس قال اری صادقا وکاذبین الخ یہ خود ابن صیاد کو شک ہے کہ آیا صادق و

کاذب کا کیا عدد ہے یہ خود اس کے باطل ہونے کی دلیل ہے کیونکہ جو شخص مؤید من اللہ ہوگا وہ سب سے بالاتر ہوگا۔

لُبِسَ: صیغہ مجہول ای خلط۔

فدعاه: بتخفیف العین وتشدید ہا۔ اول صورت میں صیغہ تثنیہ امر ہے اور خطاب ابوبکرؓ وعمرؓ کو ہے چھوڑ دو اس کو اور تشدید کی صورت میں ماضی ہے اور راوی نے خبر دی کہ ان دونوں نے آپ کے سامنے سے اس کو دھکا دے دیا ہے۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجہ الترمذی وابی ذرؓ اخرجہ احمد وابن مسعودؓ وجابر اخرجہما مسلم وحفصہؓ اخرجہ احمد وعمرؓ اخرجہ الطحاوی۔ وحسین بن علیؓ اخرجہ الطبرانی باسنادین ہذا حدیث حسن اخرجہ مسلم۔

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَکْرَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَمْکُثُ اَبُو الدَّجَّالِ وَاُمُّهٗ ثَلَاثِیْنَ عَامًا لَا یُوْلَدُ لَهُمَا وَلَدٌ ثُمَّ یُوْلَدُ لَهُمَا غُلَامٌ اَعْوَرُ اَضَرُّ شَیْءٍ وَّاَقَلُّهٗ مَنْفَعَةً تَنَامُ عَیْنَاهُ وَلَا یَنَامُ قَلْبُهٗ ثُمَّ نَعَتَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَیْهِ فَقَالَ اَبُوْهُ طُوَالٌ ضَرْبُ اللَّحْمِ کَاَنَّ اَنْفَهٗ مِنْقَارٌ وَّاُمُّهٗ اِمْرَاَةٌ فِرْضَاخِیَّةٌ طَوِیْلَةُ الثَّدْیَیْنِ قَالَ اَبُوْبَکْرَةَ فَسَمِعْتُ بِمَوْلُوْدٍ فِی الْیَهُوْدِ بِالْمَدِیْنَةِ فَذَهَبْتُ اَنَا وَالزُّبَیْرُ بْنُ الْعَوَّامِ حَتّٰی دَخَلْنَا عَلٰی اَبَوَیْهِ فَاِذَا نَعْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْهِمَا قُلْنَا هَلْ لَکُمَا وَلَدٌ فَقَالَا مَکَثْنَا ثَلَاثِیْنَ عَامًا لَا یُوْلَدُ لَنَا وَلَدٌ ثُمَّ وُلِدَ لَنَا غُلَامٌ اَعْوَرُ اَضَرُّ شَیْءٍ وَّاَقَلُّهٗ مَنْفَعَةً تَنَامُ عَیْنَاهُ وَلَا یَنَامُ قَلْبُهٗ قَالَ فَخَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهِمَا فَاِذَا هُوَ مُنْجَدِلٌ فِی الشَّمْسِ فِیْ قَطِیْفَةٍ وَّلَهٗ هَمْهَمَةٌ فَکَشَفَ عَنْ رَاْسِهٖ فَقَالَ مَا قُلْتُمَا قُلْنَا وَهَلْ سَمِعْتَ مَا قُلْنَا قَالَ نَعَمْ تَنَامُ عَیْنَایَ وَلَا یَنَامُ قَلْبِیْ۔

ترجمہ: ابوبکرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دجال کے ماں باپ تیس سال لاولد رہیں گے کوئی بچہ ان کے نہیں پیدا ہوگا پھر ایک لڑکا کانا پیدا ہوگا جس سے نقصان زیادہ وابستہ ہوگا اور نفع کم اس کی آنکھیں تو سوئیں گی مگر دل نہیں سوئے گا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے والدین کا حال بیان کیا کہ اس کا باپ لمبا تڑنگا ہوگا باریک کم گوشت والا ہوگا گویا اس کی ناک چونچ کی طرح ہوگی اور اس کی ماں بے تکی لمبی دھوٹی بڑے بڑے ثدیین والی ہوگی ابوبکرہؓ کہتے ہیں پس میں نے سنا ایک بچے کے بارے میں جو یہود مدینہ میں تھا پس میں اور زبیر بن العوام دونوں گئے حتی کہ اس کے والدین کے پاس پہنچے پس دیکھا تو وہ دونوں اسی طرح کے تھے جو کچھ ان کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ہم نے پوچھا تمہارے کوئی بچہ ہے انہوں نے کہا ہم تیس سال اسی طرح رہے کہ کوئی بچہ ہمارے نہیں پیدا ہوا پھر ہمارے کانا بچہ پیدا ہوا جو نہایت نقصان دہ اور کم نفع والا ہے اس کی آنکھیں تو سوتی ہیں لیکن دل نہیں سوتا ہے فرمایا کہ ہم ان دونوں کے پاس سے نکلے پس دیکھا تو وہ بچہ دھوپ میں پڑا ہوا ہے ایک چادر میں لپٹا ہوا اور اس سے آواز بھنبھناہٹ سی آرہی ہے اس نے اپنا سر کھولا اور کہا کیا کہہ رہے ہو تم ہم نے کہا تو نے سن لیا جو کچھ ہم نے کہا اس نے کہا ہاں میری آنکھیں سوتی ہیں دل نہیں سوتا۔

اضر شیء واقله منفعة: اس سے مراد یہ کہ ایسا بچہ ہوگا جو عزت وآبرو کے لئے زیادہ عیب دار ہوگا کہ عموماً لوگ اس کو برا محسوس کریں گے البتہ اولاد نہ ہونے کی صورت میں اس کا پیدا ہونا بہر حال قدرے منفعت کی بات ہوگی۔

تنام عیناه ولاینام قلبه: افکار فاسدہ کی بناء پر وساوس وتخیلات باطلہ اس کو اس قدر رہوں گے کہ دل ان سے فارغ نہ ہوگا البتہ طبعاً آنکھوں میں نیند آئے گی جس طرح انبیاء علیہم السلام کو افکار صحیحہ وصالحہ کے ادراک کی وجہ سے یہ صلاحیت دی جاتی ہے کہ ان

کا دل بیدار رہتا ہے اگرچہ آنکھیں سوتی ہیں۔

ابوہ طوال: بضم الطاء وتخفیف الواوصیغہ مبالغہ ہے وبتشدید الواؤ اور زیادہ مبالغہ ہوگا مگر تخفیف کے ساتھ ہی ہے۔

ضرب اللحم: خفیف اللحم المستدق یعنی کمزور بدن والا۔

کان انفہ منقار: کان بتشدید النون مراد اس کی ناک لمبی چونچ کی طرح ہوگی۔

فرضاخیۃ: بکسر الفاء وتشدید الیاء ای ضخمۃ عظیمۃ بے تکی موٹی، یاء کا اضافہ مبالغہ ہے جیسے احمری کذافی القاموس کہا جاتا ہے رجل فرضاخ بمعنی ضخیم، عریض، طویل اور مؤنث کیلئے فرضاخۃ، فرضاخیۃ، بمعنی عظیمۃ الثدیین جس کے ثدیین موٹے موٹے ہوں۔

منجدل: بکسر الدال معناہ ملقی علی الجدالۃ ای الارض ومنہ الحدیث انا خاتم الانبیاء فی ام الکتاب و آدم منجدل فی طینۃ یعنی زمین پر پڑا ہوا تھا دھوپ میں۔

ھمھمۃ: ای زمزمۃ ایسا کلام جو مکھیوں کی بھنبھناہٹ کی طرح ہو اور سمجھ میں نہ آئے وھی فی الاصل ترديد الصوت فی الصدر وفی النھایۃ اصل الھمھمۃ صوت البقر۔ ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ احمدؒ

بَابٌ

عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلَى الْاَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوْسَةٌ يَعْنِي الْيَوْمَ يَأْتِي عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا نہیں ہے زمین پر کوئی نفس مولود کہ اس پر سو سال گزریں گے یعنی آج جو شخص بھی زمین پر مولود ہے اس پر سو سال نہیں گزریں گے مگر اس مدت کے اندر اندر مر جائے گا۔

اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَؓ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ فِيْ اٰخِرِ حَيَاتِهٖ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ فَقَالَ اَرَأَيْتَكُمْ لَيْلَتَكُمْ هٰذِهٖ عَلٰى رَأْسِ مِائَةِ سَنَةٍ مِنْهَا لَا يَبْقٰى مِمَّنْ هُوَ عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ اَحَدٌ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَوَهِلَ النَّاسُ فِيْ مَقَالَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ فَيَتَحَدَّثُوْنَهٗ بِهٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ نَحْوَ مِائَةِ سَنَةٍ وَاِنَّمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبْقٰى مِمَّنْ هُوَ الْيَوْمَ عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ اَحَدٌ يُرِيْدُ بِذٰلِكَ اَنْ يَنْخَرِمَ ذٰلِكَ الْقَرْنُ۔

ترجمہ: فرمایا ابن عمرؓ نے کہ نماز پڑھائی ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رات عشاء کی اپنی آخری حیات میں سلام پھیرنے کے بعد آپ کھڑے ہوئے فرمایا میں سمجھتا ہوں آج کی اس رات سے سو سال بعد نہیں باقی رہے گا جو شخص زمین پر ہے کوئی کہا ابن عمرؓ نے لوگ متحیر ہوئے آپ کے اس فرمان کے بارے میں کہنے لگے اس قسم کی احادیث میں مراد سو سال کے قریب ہے اور آپ نے جو فرمایا اس سے مراد یہ کہ زمین پر جو شخص بھی آج ہے وہ مر جائے گا سو سال کے اندر اندر یعنی یہ قرن ختم ہو جائے گا۔

یعنی جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا اس وقت جو لوگ موجود تھے سو سال گزرنے پر ان میں سے کوئی زندہ نہ رہے گا بلکہ سو سال گزرنے پر اس وقت موجود لوگ سب مر جائیں گے۔

فوھل الناس: بکسر الہاء نوویؒ کہتے ہیں اس کا مطلب یہ کہ لوگ آپ کے اس ارشاد کو غلط سمجھے کہ سو سال کے اندر اندر قیامت واقع ہو جائے گی حالانکہ یہ مطلب نہیں تھا بلکہ آپ کی مراد یہ کہ موجودہ لوگ سو سال پر ختم ہو جائیں گے نہ کہ قیامت قائم ہو

گی حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں وھل بمعنی قد ہے اور فیتحدثون سے مراد احادیث فتن ہیں اور مطلب یہ کہ لوگ ڈر گئے اس وجہ سے کہ انہوں نے سمجھا کہ احادیث فتن خروج دجال نزول عیسیٰ خروج یاجوج و ماجوج سب سو سال میں پوری ہو جائیں گی حالانکہ آپ کی یہ مراد نہیں ہے بلکہ اس قرن کے اختتام کو بتانا مقصود ہے۔

بابا رتن ہندی کا فرتھا

اس روایت سے استدلال کرتے ہوئے بعض حضرات نے فرمایا بابا رتن ہندی کے بارے میں لوگوں کا یہ خیال کہ آپ کے بعد دو سو سال زندہ رہا غلط ہے۔

چنانچہ محققین محدثین نے بابا رتن ہندی کو کافر قرار دیا ہے اس طرح بعض حضرات نے اس سے موت خضر علیہ السلام پر بھی استدلال کیا ہے اگر چہ جمہور علماء حیات خضر علیہ السلام کے قائل ہیں اور اس حدیث میں متعدد تاویلات کرتے ہیں۔

اول حضرت خضر علیہ السلام اس وقت زمین پر نہیں تھے بلکہ ہوا یا پانی پر تھے اور آپ نے علی الارض فرمایا ہے۔

دوم آپ کا یہ ارشاد امت کے بارے میں ہے نہ کہ انبیاء علیہم السلام کے بارے میں اور خضر علیہ السلام نبی ہیں۔

سوم الفاظ روایت عام خص عنہ البعض ہے کیونکہ بہت سے صحابہ بھی سو سال کے بعد حیات رہے ہیں مثلاً انسؓ و سلمانؓ۔

چہارم اس سے مقصود سو سال کی تعیین نہیں بلکہ زمانہ کا ختم ہونا مراد ہے کما قالہ ابن عمرؓ اس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور دیگر انبیاء علیہم السلام اس مقولہ کے وقت آسمان پر تھے نہ کہ زمین پر لہٰذا وہ بھی خارج ہیں۔

پنجم ابن قتیبہؒ کی رائے یہ ہے کہ اس سے مراد وہ مخصوص افراد ہیں جو اس وقت آپ کی مجلس میں موجود تھے اور لفظ منکم روایت سے ساقط ہو گیا ہے۔

تنبیہ: حیات حضرت خضر علیہ السلام کا مسئلہ محدثین وصوفیاء کے درمیان معرکۃ الآراء مسئلہ ہے جس کو کتب تفسیر و حدیث میں دیکھا جائے۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ: اخرجہ الترمذی والشیخان۔ وابی سعیدؓ اخرجہ مسلم و بریدۃؓ فلینظر من اخرجہ ھذا حدیث حسن اخرجہ مسلم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي النَّهْيِ عَنْ سَبِّ الرِّيَاحِ

عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الرِّيحَ فَإِذَا رَأَيْتُمْ مَا تَكْرَهُونَ فَقُولُوا اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيحِ وَخَيْرِ مَا فِيهَا وَخَيْرِ مَا أُمِرَتْ بِهِ وَنَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّيحِ وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُمِرَتْ بِهِ۔

ترجمہ: ابی بن کعبؓ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ برا کہو تم ہوا کو جب تم ایسی ہوا دیکھو جس کو ناگوار محسوس کرتے ہو تو کہو اللھم انا نسالک الخ اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں اس ہوا کی خیر کا اور جو اس ہوا کے اندر منافع ہیں اور سوال کرتے ہیں ان فوائد کا جن کا یہ حکم دی گئی ہے۔ اور اس ہوا کے شر سے اور اس کے اندر جو مضرتیں ہیں اور جن فتن کا اس ہوا کو حکم دیا گیا ان سے ہم پناہ چاہتے ہیں۔

لاتسبوا الریح: ہوا تو مامور من اللہ ہے قابل لعنت نہیں ہے کیونکہ مامور تو معذور ہوا کرتا ہے چنانچہ ابن عباسؓ کی روایت میں

ہے لاتلعنوا الریح فانها مامورة و انه من لعن شیئا لیس باهل لها رجعت اللعنة الیه یہ حدیث گزر چکی ہے۔

فاذا رایتم ما تکرهون: یعنی ہوا کی گرمی یا سردی سے اگر ناگواری ہو یا اس کے تیز چلنے سے ناگواری ہو تو یہ دعا مانگ لیا کرو۔

خیر ما امرت به: بصیغہ مجہول ضبط کیا گیا ہے طیبی فرماتے ہیں بصیغہ خطاب بھی پڑھا گیا ہے روایت سے معلوم ہوا کہ ہوا کو برا بھلا نہ کہنا چاہئے اور یہی حکم ایسی چیزوں کا ہوگا جو مامور من اللہ ہیں سورج اور اس کی دھوپ وغیرہ۔

وفی الباب عن عائشۃؓ اخرجہ الترمذی وابی ہریرۃؓ اخرجہ الشافعی وابوداؤد وابن ماجہ وجابرؓ اخرجہ الطبرانی واما حدیث عثمان بن ابی العاص وانسؓ وابن عباسؓ فلینظر من اخرجها۔ هذا حدیث حسن صحیح اخرجہ النسائی فی الیوم واللیلۃ۔

بَابٌ

عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ اَنَّ النَّبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَضَحِكَ فَقَالَ اِنَّ تَمِيْمًا نِ الدَّارِيَّ حَدَّثَنِي بِحَدِيْثٍ فَفَرِحْتُ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُحَدِّثَكُمْ اَنَّ نَاسًا مِنْ اَهْلِ فِلَسْطِيْنَ رَكِبُوْا سَفِيْنَةً فِي الْبَحْرِ فَجَالَتْ بِهِمْ حَتّٰى قَذَفَتْهُمْ فِي جَزِيْرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ فَاِذَا هُمْ بِدَابَّةٍ لَبَّاسَةٍ نَاشِرَةٍ شَعْرَهَا فَقَالُوْا مَا اَنْتِ قَالَتْ اَنَا الْجَسَّاسَةُ قَالُوْا فَاَخْبِرِيْنَا قَالَتْ لَا اُخْبِرُكُمْ وَلَا اَسْتَخْبِرُكُمْ وَلٰكِنِ ائْتُوْا اَقْصَى الْقَرْيَةِ فَاِنَّ ثَمَّ مَنْ يُخْبِرُكُمْ وَيَسْتَخْبِرُكُمْ فَاَتَيْنَا اَقْصَى الْقَرْيَةِ فَاِذَا رَجُلٌ مُوْثَقٌ بِسِلْسِلَةٍ فَقَالَ اَخْبِرُوْنِيْ عَنْ عَيْنِ زُغَرَ قُلْنَا مَلْاٰى تَدْفُقُ قَالَ اَخْبِرُوْنِيْ عَنِ الْبُحَيْرَةِ قُلْنَا مَلْاٰى تَدْفُقُ قَالَ اَخْبِرُوْنِيْ عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ الَّذِيْ بَيْنَ الْاُرْدُنِّ وَفِلَسْطِيْنَ هَلْ اَطْعَمَ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ اَخْبِرُوْنِيْ عَنِ النَّبِيِّ هَلْ بُعِثَ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ اَخْبِرُوْنِيْ كَيْفَ النَّاسُ اِلَيْهِ قُلْنَا سِرَاعٌ قَالَ فَنَزٰى نَزْوَةً حَتّٰى كَادَ قُلْنَا فَمَا اَنْتَ قَالَ اَنَا الدَّجَّالُ وَاِنَّهٗ يَدْخُلُ الْاَمْصَارَ كُلَّهَا اِلَّا طَيْبَةَ وَطَيْبَةُ الْمَدِيْنَةُ

ترجمہ: فاطمہ بنت قیسؓ سے منقول ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے اور ہنسے فرمایا کہ بے شک تمیم داری نے مجھ سے ایک بات بیان کی ہے میں چاہتا ہوں تم کو بتا دوں، بے شک فلسطین کے کچھ لوگ کشتی میں سوار ہوئے سمندر کے اندر پس کشتی ان کو لے کر ادھر ادھر چلنے لگی حتی کہ ان کو ڈال دیا اس نے سمندر کے جزیروں میں سے کسی ایک جزیرے میں تو اچانک وہ لوگ ایسے چوپائے کے پاس پہنچے جو بہت بالوں والا تھا اس کے بال بکھرے ہوئے تھے پس کہا انہوں نے تو کون ہے وہ کہنے لگا میں جساسہ ہوں ان لوگوں نے اس سے کہا ہم کو کوئی خبر دے تو اس نے کہا نہ میں تم کو کوئی خبر دوں اور نہ کوئی خبر معلوم کروں لیکن تم اس گاؤں کے آخر میں چلے جاؤ وہاں پر ایسا شخص ہے جو تم کو خبر بھی دے گا اور خبر بھی پوچھے گا چنانچہ ہم گاؤں کے آخر میں آئے تو وہاں ایک شخص کو زنجیروں میں بندھے ہوئے دیکھا اس نے کہا مجھے بتاؤ تم عین زغر کے بارے میں ہم نے کہا وہ تو بھرا ہوا ہے اچھل رہا ہے کہا اس نے خبر دو بحیرہ کے بارے میں ہم نے کہا وہ بھی بھرا ہوا ہے اور اچھل رہا ہے اس نے کہا بتاؤ نخل بیسان کے بارے میں جو اردن و فلسطین کے درمیان ہے آیا وہ پھل دینے لگا یا نہیں ہم نے کہا ہاں اس نے کہا خبر دو نبی آخر الزماں کے بارے میں آیا وہ مبعوث ہو گئے ہیں یا نہیں ہم نے کہا ہاں پوچھا اس نے لوگوں کے بارے میں کیا حال ہے ہم نے کہا بہت تیزی کے ساتھ ان پر ایمان لا رہے ہیں کہا پس وہ کود پڑا حتی کہ زنجیروں سے نکلنے کے قریب ہو گیا ہم نے پوچھا تو کون ہے اس نے کہا میں دجال ہوں اور دجال سب شہروں میں

داخل ہوگا سوائے طیبہ کے اور طیبہ سے مراد مدینہ ہے۔

ان ناسًا: یعنی اہل فلسطین مسلم شریف میں ہے حدثنی انہ رکب فی سفینۃ بحریۃ مع ثلاثین رجلًا من لخم وجذام۔

فجالت بھم: جَالَ وَاَجَالَ بمعنی دَارَ وَاَدَارَ مسلم شریف میں ہے فلعب بھم الموج شھرًا۔ دابۃ لباسۃ: بمعنی کثیر اللباس یہ کنایہ ہے کثرت شعر سے اور ناشرۃ شعرھا اس کا بیان ہے یعنی وہ دابہ کثیر بالوں والا اور بکھرے ہوئے بالوں والا تھا۔

سوال اس روایت میں جساسہ کو دابۃ سے تعبیر کیا ہے جب کہ ابوداؤد میں امرأۃ کا لفظ واقع ہے؟

جواب ملا علی قاریؒ اور دیگر شراح نے دونوں روایتوں کے درمیان متعدد طرق سے جمع فرمایا ہے۔

اول ممکن ہے دو جساسہ ہوں ایک بصورۃ امرأۃ دوسرا بصورۃ دابۃ۔

دوم یہ جساسہ شیطانہ تھی جو کبھی بصورۃ دابۃ ظاہر ہوتی اور کبھی بصورت امرأۃ اور شیطان کو تشکل پر قدرت ہے۔

سوم اصل جساسہ عورت ہے اور دابۃ سے باعتبار لغت تعبیر کر دیا ہے کما قال تعالٰی ومامن دابۃ فی الارض الا علی اللہ رزقھا۔

چہارم اصل جساسہ عورت ہی ہے مگر کثرت شعر کی بناء پر دابۃ سے تعبیر کر دیا ہے قالہ الگنگوھیؒ۔

ناشرۃ شعرھا: مجرور صفت ثانیہ ہے اور شعرھا منصوب علی المفعولیۃ ہے۔

الجسّاسۃ: بفتح الجیم وتشدید السین سمیت بذلک لتحسسھا الاخبار للدجال۔

فَاِذَا رَجُلٌ موثق بسلسلۃ: مسلم شریف میں ہے فاذا فیہ اعظم انسان ما رأیناہ قط خلقا واشدہ وثاقا مجموعۃ یداہ الی عنقہ ما بین رکبتیہ الی کعبیہ بالحدید الخ۔

عین زغر: بضم الزاء وفتح الغین ملک شام میں ایک جگہ کا نام ہے وہاں پر چشمہ ماء ہے دجال نے یہ سوال اس لئے کیا کہ قرب قیامت عین زغر میں پانی ہوگا تو صحابہ نے بتا دیا کہ وہ تو بھرا ہوا ہے اور پانی سے اچھل رہا ہے مسلم کی روایت میں ہے قلنا نعم ھی کثیرۃ الماء واھلھا یزرعون من مائھا۔

البحیرۃ: تصغیر بحر مسلم شریف میں بحیرۃ طبریہ کا لفظ واقع ہے طبریہ اردن میں ایک قصبہ ہے۔

نخل بیسان: بفتح الباء وسکون الیاء ایک گاؤں کا نام جو ملک شام میں قریب اردن واقع ہے۔

اطعم: بمعنی اثمر چنانچہ مسلم میں تثمر صراحۃً واقع ہے۔

اخبرونی عن النبی ھل بعث قلنا نعم: مسلم میں ہے اخبرونی عن نبی الامیین ما فعل قالوا قد خرج من مکۃ ونزل بیثرب۔

فنزٰی نزوۃ: اس کا یہ کودنا یا تو خوشی کی بناء پر ہے کہ اس دجال کے چھوٹنے کا وقت قریب آ گیا ہے لہٰذا اب زنجیروں سے رہا ہو جائے گا یا اس وجہ سے کودنا ہوا کہ اس کو اس بات پر غم ہوا کہ لوگ اس نبی کو تیزی کے ساتھ مان رہے ہیں۔

حتی کاد: ای ان یتخلص من الوثاق ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ مسلم وابوداؤد۔

بَابٌ

عَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَنْبَغِیْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ یُّذِلَّ نَفْسَہٗ قَالُوْا وَکَیْفَ یُذِلُّ نَفْسَہٗ

قَالَ يَتَعَرَّضُ مِنَ الْبَلَاءِ لِمَا لَا يُطِيقُ۔

ترجمہ: حذیفہؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں مناسب ہے کسی مومن کے لئے کہ وہ ذلیل کرے اپنے نفس کو صحابہؓ نے پوچھا مومن کس طرح اپنے نفس کو ذلیل کرتا ہے فرمایا اپنے کو ڈال دے ایسی مصیبت میں جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا۔

لاینبغی: لایجوز، ان یذل ماخوذ من الاذلال یتعرّض ای یتصدی من البلاء مالا یطیق کا بیان مقدم ہے معلوم ہوا کہ انسان کو اپنی وسعت کے بقدر ہی کام کرنا چاہئے نیز ایسی ذمہ داری لینا جس کو پورا کرنے کی طاقت نہ ہو یہ بھی درست نہیں۔

ہٰذا حدیث غریب امام ترمذیؒ نے روایت کی تحسین غالباً اس وجہ سے فرمائی کہ علی بن زید راوی ان کے نزدیک صدوق ہیں ورنہ دوسرے حضرات نے اس کی تضعیف کی ہے۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَصَرْتُهُ مَظْلُومًا فَكَيْفَ أَنْصُرُهُ ظَالِمًا قَالَ تَكُفُّهُ عَنِ الظُّلْمِ فَذَاكَ نَصْرُكَ إِيَّاهُ۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مدد کر اپنے ظالم بھائی کی اور مظلوم بھائی کی سوال کیا گیا یا رسول اللہ مظلوم کی تو میں مدد کر سکتا ہوں ظالم کی مدد کیسے کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روک دے تو اس کو ظلم سے پس یہی اس کی مدد ہے۔

چونکہ مظلوم کی مدد کرنا تو ظاہر تھا اور عموماً مظلوم کی لوگ مدد کرتے بھی ہیں مگر ظالم کی مدد کرنے کا حکم بظاہر مزید ظلم کا ارتکاب کرنا ہے جو معصیت ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا اور آپ نے وضاحت فرمادی کہ ظالم کی مدد یہ ہے کہ اس کو اپنی طاقت و وسعت کے بقدر ظلم سے روکے کیونکہ جب ظالم ظلم کرتا رہے گا تو جہنم کا مستحق ہوتا رہے گا جب ظلم سے رکے گا تو جہنم سے بچے گا یہ اس کی مدد ہوگی نیز جب ظلم بڑھتا رہے گا تو دنیاوی پکڑ دھکڑ بھی اس کو پیش آئے گی جب اس کو ظلم سے روک دیں گے تو اس طرح وہ دنیوی پکڑ سے بھی محفوظ ہوگا جو اس کی مدد ہوگی۔

وفی الباب عن عائشۃ اخرجہ الطبرانی ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد والبخاری۔

بَابٌ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَكَنَ الْبَادِيَةَ جَفَا وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّيْدَ غَفَلَ وَمَنْ أَتَى أَبْوَابَ السُّلْطَانِ افْتُتِنَ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جنگل یعنی دیہات میں رہے گا اس کا دل سخت ہوگا اور جو شکار کے پیچھے پڑے گا وہ غافل ہوگا اور جو شخص بادشاہوں کے دروازے پر جائے گا فتنہ میں مبتلا ہوگا۔

من سکن البادیۃ جفا: اس سے مراد یا تو لوگوں سے الگ تھلگ جنگل میں زندگی گذارتا ہے وہ خالص دیہات جہاں تعلیم و تعلم کا نظم نہ ہو ظاہر ہے جو شخص جنگلوں میں زندگی گذارے گا لوگوں سے نہیں ملے گا تو اس کی طبیعت میں جانوروں کی طرح وحشت ہوگی اور لوگوں کی گرمی، سردی کا جب اس کو پتہ نہیں چلے گا تو طبیعت میں سختی پیدا ہو جائے گی کیونکہ اختلاط کی صورت میں لوگوں کے کوائف سے طبیعت گداز ہوتی ہے یا اس سے خالص ایسے دیہات مراد ہیں جہاں تعلیم کا نظم نہیں ہوتا تو علم سے دوری کی بنا پر طبیعت

میں شدت ہوگی کما قال تعالٰی الاعراب اشد کفرا و نفاقا واجدر ان لایعلموا حدود ما انزل اللہ علی رسولہ۔

ومن اتبع الصید غفل: اس سے مراد وہ شکار ہے جو بطور لہو ولعب ہو یعنی جو شخص کبوتر بازی یا اس طرح کا کوئی شکار کرے کہ اس سے خاص مقصد نہ ہو تو ایسا شخص طاعات وعبادات سے غافل ہو جائے گا حتی کہ اہل علم کی صحبت وغیرہ بھی اس کو حاصل نہ ہو گی جس سے رقت قلبی پیدا ہوگی تو قلب غفلت کا شکار رہے گا۔

ومن اتی ابواب السلطان افتتن: یعنی جو شخص امراء حکام، بادشاہوں کے دروازوں پر بغرض حاجت وضرورت حاضر باش ہوگا وہ دین ودنیا دونوں فتنوں میں مبتلا ہو جائے گا کیونکہ اگر نواہی سے مداہنت کرے گا تو دین کا فتنہ اور اگر امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرے گا تو دنیا کا فتنہ پیش آئے گا ہاں البتہ اگر اظہار حق کی قدرت اس کو حاصل ہے اور روک ٹوک کرسکتا ہے اور دینی فائدہ اس سے حکام کو پہنچے تو پھر حاضر باشی میں مضائقہ نہیں بلکہ افضل الجہاد اس کو کہا گیا ہے۔ علامہ دہلیؒ نے فرمایا افتتن معروف ومجہول دونوں طرح ضبط کیا گیا ہے اور اس سے مراد یہ کہ جب کوئی شخص امراء کے یہاں جائے گا ان کے یہاں نعمتوں کی وسعت کو دیکھ کر اپنے اوپر ہونے والی نعمتوں کو کم سمجھے گا جس سے ناشکری لازم آئے گی یا پھر دست سوال دراز کرے گا اور مراد پوری ہونے پر ان کا ممنون احسان کہلائے گا تو لامحالہ نواہی پر روک ٹوک نہیں کر پائے گا لہٰذا مداہنت میں مبتلا ہوگا جو لامحالہ دین کا فتنہ ہے۔

نوٹ: علامہ سیوطیؒ نے ایک رسالہ لکھا ہے جس کا نام ہے ماروا ہ الاساطین فی عدم المجیء الی السلاطین جس میں انہوں نے وہ احادیث وآثار جمع فرمائے ہیں جن میں اہل علم کو امراء کی خدمات میں حاضری سے منع فرمایا گیا ہے قال فضیل بن عیاض کنا نتعلم اجتناب السلطان کما نتعلم السورۃ من القرآن (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

وفی الباب عن ابی ہریرۃؓ اخرجہ احمد وابوداؤد۔ ہذا حدیث حسن غریب اخرجہ ابوداؤد والنسائی۔

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّکُمْ مَنْصُوْرُوْنَ وَمُصِیْبُوْنَ وَمَفْتُوْحٌ لَکُمْ فَمَنْ اَدْرَکَ ذٰلِکَ مِنْکُمْ فَلْیَتَّقِ اللّٰہَ وَلْیَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلْیَنْہَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَمَنْ یَّکْذِبْ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ تم مدد کئے جاؤ گے اور تم حاصل کرو گے (مال غنیمت) کو اور تمہارے لئے فتح کئے جائیں گے (شہر) پس جو شخص پائے تم میں سے اس کو پس اللہ سے ڈرتا رہے اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرتا رہے اور جو شخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے پس بنائے وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ارشاد میں امت کی کامیابی اور کامرانی کی بشارت دی ہے کہ دشمنوں کے مقابلہ پر مدد بھی ہوگی اور مال غنیمت بھی خوب حاصل ہوگا شہر بھی مفتوح ہوں گے لیکن ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا کہ یہ سب امور اگرچہ دنیوی اعتبار سے کامیابی اور کامرانی ہے مگر ساتھ ہی فتنہ کا باعث بھی ہیں اس لئے اللہ کا خوف ہر وقت رہے اور اہم فریضہ یعنی امر بالمعروف ونہی عن المنکر سے غفلت نہ ہو خاص طور پر ایسے وقت جبکہ امارت بھی نصیب ہو جائے چونکہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے ترک سے عذاب الٰہی متوجہ ہو جاتا ہے پھر ساری کامیابیاں ناکامی کی صورت میں بدل جاتی ہیں۔

فلیتبوأ مقعدہ من النار: یہ امر بمعنی الخبر ہے یا بمعنی التہدید یعنی التہکم یا بد دعا ہے ای بواہ اللہ ذلک۔

علامہ کرمانیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے صیغہ امر اپنی حقیقت پر ہو اور معنی ہوں گے من کذب فلیأمر نفسہ بالتبوأ۔

حافظ فرماتے ہیں امر بمعنی خبر اولی ہے فقد رواہ احمد باسناد صحیح عن ابن عمرؓ لفظہ بنی لہ بیت فی النار۔

ظاہر ہے کہ کسی غلط بات کو اللہ کے رسول کی طرف منسوب کرنا بڑا جرم ہے ایسے شخص کا ٹھکانا تو جہنم ہونا ہی چاہیے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ ابوداؤد

بابٌ

عَنْ حُذَیْفَةَؓ قَالَ قَالَ عُمَرُ اَیُّکُمْ یَحْفَظُ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْفِتْنَةِ فَقَالَ حُذَیْفَةُ اَنَا قَالَ حُذَیْفَةُ فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِیْ اَهْلِهٖ وَمَالِهٖ وَوَلَدِهٖ وَجَارِهٖ تُکَفِّرُهَا الصَّلٰوةُ وَالصَّوْمُ وَالصَّدَقَةُ وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْیُ عَنِ الْمُنْکَرِ قَالَ عُمَرُ لَسْتُ عَنْ هٰذَا اَسْاَلُكَ وَلٰکِنْ عَنِ الْفِتْنَةِ الَّتِیْ تَمُوْجُ کَمَوْجِ الْبَحْرِ قَالَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِنَّ بَیْنَكَ وَبَیْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا قَالَ عُمَرُ اَیُفْتَحُ اَمْ یُکْسَرُ قَالَ بَلْ یُکْسَرُ قَالَ اِذًا لَا یُغْلَقُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ قَالَ اَبُوْ وَائِلٍ فِیْ حَدِیْثِ حَمَّادٍ فَقُلْتُ لِمَسْرُوْقٍ سَلْ حُذَیْفَةَ عَنِ الْبَابِ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ عُمَرُؓ۔

ترجمہ: حذیفہؓ نے فرمایا کہ عمر فاروقؓ نے پوچھا تم میں سے کون شخص ہے جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کو محفوظ کیا جو آپ نے فتنہ کے بارے میں فرمایا ہے حذیفہؓ نے کہا میں نے (محفوظ کیا ہے) فرمایا حذیفہؓ نے آدمی کا فتنہ اپنے اہل اور مال واولاد اور پڑوسی کے بارے میں تو اس کے لئے نماز، روزہ، صدقہ، امر بالمعروف ونہی عن المنکر کفارہ ہو جاتے ہیں عمرؓ نے فرمایا میں اس کے بارے میں نہیں پوچھ رہا ہوں بلکہ اس فتنہ کے بارے میں پوچھ رہا ہوں جو آئے گا سمندر کی موج کی طرح کہا حذیفہؓ نے اے امیر المومنینؓ بے شک اس فتنہ کے اور آپ کے درمیان تو ایسا دروازہ ہے جو بند ہے عمرؓ نے پوچھا وہ دروازہ کھولا جائے گا یا توڑا جائے گا کہا حذیفہؓ نے وہ توڑا جائے گا فرمایا پھر بند نہیں کیا جائے گا قیامت تک کہا ابووائل نے حماد کی حدیث میں پس میں نے کہا مسروق سے پوچھ حذیفہؓ سے دروازے کے بارے میں تو انہوں نے سوال کیا وہ دروازہ کیا ہے فرمایا عمرؓ مراد ہیں۔

فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِیْ اَهْلِهٖ وَمَالِهٖ وَوَلَدِهٖ وَجَارِهٖ الخ۔ یہاں فتنہ سے مراد وہ کوتاہیاں ہیں جو ان مذکورہ افراد کے حقوق ادا کرنے میں ہو جاتی ہیں بشرطیکہ کبائر کے قبیل سے نہ ہوں، بلکہ صغائر ہوں کیونکہ طاعت کا مکفر سیئات ہونا بکثرت آیات وروایات سے ثابت ہے اور بالاجماع سیئات سے مراد صغائر ہیں کیونکہ کبائر بغیر توبہ یا ابراء معاف نہیں ہوتے۔ شراح نے ان مذکورہ افراد کے بارے میں کوتاہیاں بیان فرمائی ہیں جو طاعات کے ذریعہ معاف ہو جاتی ہیں۔

مثلاً فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِیْ اَهْلِهٖ یہ کہ طبعاً چند بیویوں میں سے کسی ایک کی طرف رجحان زائد ہو جائے یا نوبت وغیرہ میں کوتاہی ہو جائے اسی طرح بعض بیویوں کی اولاد کی طرف رجحان زائد ہو بعض کی طرف کم ہو اس طرح فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِیْ مَالِهٖ مثلاً مال کمانے میں اس قدر مشغول ہو کہ عبادات کی طرف اس قدر رجحان نہ ہو جو ہونا چاہیے یا مال کے حقوق ادا کرنے میں تاخیر ہو جائے یا غیر مناسب مصارف میں خرچ ہو جائے فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِیْ وَلَدِهٖ مثلاً بعض اولاد کو بعض پر محبت یا غیر واجب انفاق کے اعتبار سے ترجیح دے دے وغیرہ وغیرہ فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِیْ جَارِهٖ مثلاً پڑوسی کی نعمتوں کو دیکھ کر حسد پیدا ہو جائے یا اس کے حقوق غیر واجبہ میں کوتاہی یا

حقوق واجبہ کی ادائیگی میں ٹال مٹول وغیرہ وغیرہ یہ ایسی کوتاہیاں ہیں کہ نماز، روزہ، صدقہ وغیرہ کے ذریعہ ان کی تلافی ہو جاتی ہے۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ شراح نے فرمایا کہ ان امور مذکورہ کا مکفر ہونا فتنہ مذکورہ فی الحدیث کے لئے ممکن ہے من حیث المجموع ہو یا بطور لف ونشر ومرتب ہو یعنی نماز مثلاً مکفر فتنہ اہل کے لئے اور روزہ فتنہ والد کے لئے وغیرہ وغیرہ۔

پھر یہ بھی واضح رہے کہ مکفر سیئات ہونا صلوۃ وصوم وصدقہ اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں ہی منحصر نہیں ہے بلکہ دیگر عبادات بھی مکفر ہیں جیسا کہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے ہاں البتہ امور مذکورہ اہم مکفرات ہیں۔

پھر تکفیر مذکور کے بارے میں اہل علم کے دو قول ہیں کہ آیا نفس اعمال سے ہی تکفیر ہو جائے گی یا موازنہ ہوگا راجح قول اول ہے اگرچہ موازنہ کے بارے میں بھی روایات کثیر ہیں ممکن ہے یہ کہا جائے کہ بعض عبادات مکفر مطلقاً ہیں اور بعض بالموازنہ مکفر ہیں۔

تموج کموج البحر: یہ کنایہ ہے شدت مخاصمت وکثرۃ او رمنازعۃ سے جو مستلزم مقاتلہ ومشاتمہ ہے یعنی میں اس فتنہ کے بارے میں معلوم کر رہا ہوں جو سمندر کی رو کی طرح تیر آئے گا کہ لوگوں میں باہم قتال کی نوبت آجائے گی اس پر حذیفہؓ نے جواباً عرض کیا وہ فتنہ آپ کی زندگی میں نہیں آئے گا چنانچہ بخاری میں ہے یا امیر المؤمنین لا باس علیک فیہا۔

ان بینک وبینہا باباً مغلقا: یعنی آپ کے اور اس فتنہ کے درمیان دروازہ ہے۔

سوال پہلے باب میں مغلق کی تفسیر عمر سے کی گئی ہے اور مذکورہ عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ عمر اور فتنہ کے درمیان دروازہ مغلق ہے جو عمر کے علاوہ شی ہے نہ کہ عمر الفاروق؟

جواب (۱) اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کے زمانہ اور فتنہ کے زمانہ کے درمیان باب مغلق ہے اور وہ آپ کا وجود ہے۔

جواب (۲) کرمانیؒ نے فرمایا اس سے مراد بین نفسک و بین الفتنۃ بدنک اذ الروح غیر البدن۔

قال عمرؓ ایفتح ام یکسر قال بل یکسر: عمرؓ کے سوال کا حاصل یہ کہ وہ دروازہ کھولا جائے گا یعنی طبعی موت اس دروازہ پر واقع ہوگی یا وہ دروازہ توڑا جائے گا یعنی قتل کیا جائے گا تو حذیفہؓ نے جواباً عرض کیا توڑا جائے گا اور پھر بند نہ ہوگا علامہ ابن بطالؒ فرماتے ہیں کہ جب دروازہ توڑا جائے تو پھر باقاعدہ بند نہیں ہوا کرتا جب تک اس کو ٹھیک نہ کر لیا جائے، یہ اشارہ ہے حضرت عمرؓ کے قتل کی طرف۔

حضرت حذیفہؓ نے تعبیر میں کنایات پر اکتفا فرمایا ہے تاکہ راز راز رہے اور اس قدر تعبیر کرنے کی ان کو اجازت ہوگی حضرت حذیفہؓ کا یہ فرمان بالکل صادق ہے کہ عمر فاروقؓ کے بعد فتنوں کا دور شروع ہوا آج تک امت اس میں مبتلا ہے اور قیامت تک ابتلاء رہے گا۔ ہذا حدیث صحیح اخرجہ الشیخان

عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ خَرَجَ إِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ تِسْعَةٌ خَمْسَةٌ وَأَرْبَعَةٌ أَحَدُ الْعَدَدَيْنِ مِنَ الْعَرَبِ وَالْآخَرُ مِنَ الْعَجَمِ فَقَالَ اِسْمَعُوْا هَلْ سَمِعْتُمْ أَنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِيْ أُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَأَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَيْسَ بِوَارِدٍ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَمَنْ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَارِدٌ عَلَيَّ الْحَوْضَ۔

ترجمہ: کعب بن عجرہؓ فرماتے ہیں کہ تشریف لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس اور ہم نو فرد تھے پانچ عربی اور چار عجمی یا

اس کا عکس پس فرمایا سنو کیا تم کو معلوم نہیں عنقریب میرے بعد امراء ہوں گے جو شخص ان کے پاس جائے گا اور تصدیق کرے گا ان کے کذب کی اور مدد کرے گا ان کے ظلم کی پس نہیں ہے وہ مجھ سے اور نہ میں اس سے اور نہیں آئے گا وہ مرے پاس حوض پر اور جو شخص ان کے یہاں نہ جائے گا اور ان کے ظلم پر معاونت نہیں کرے گا اور نہ ان کے کذب کی تصدیق کرے گا پس وہ میرا ہے اور میں اس کا ہوں اور وہ میرے پاس حوض پر بھی آئے گا۔

خمسة واربعة: یہ تسعہ کی تفسیر و تعیین ہے اور ساتھ ہی تقسیم طائفتین بھی ہے۔

فمن دخل عليهم: اس سے مراد علماء ہیں۔

اعانهم على ظلمهم: مطلقاً اعانت مراد ہے یا اعانت بالافتاء یعنی ان کے ظلم کو جائز قرار دے یا کسی طرح بھی ان کی معاونت کرے۔

فليس مني ولست منه: معناه بيني وبينه براءة ونقض ذمة یعنی اس کا کوئی تعلق مجھ سے نہیں بلکہ ایسے شخص سے میں بری ہوں۔

ليس بوارد علي الحوض: علی بتشدید الیاء اس سے مراد حوض کوثر ہے۔

روایت مذکورہ میں ائمہ جور کی آمد کی پیشین گوئی ہے اور ان کے ساتھ تعاون علی الاثم والعدوان کی مذمت بلیغ ہے کہ آپ نے ایسے شخص سے براءۃ کا اعلان فرمایا ہے نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ قیامت کے دن حوض کوثر سے اس کو پانی بھی نصیب نہیں ہوگا۔

ہذا حدیث صحیح غریب اخرجہ النسائی وليس بالنخعي یعنی ابراہیم راوی سے مراد امام نخعی مشہور فقیہ نہیں ہیں بلکہ کوئی اور راوی مراد ہیں جو مجہول ہیں۔

وفي الباب عن حذيفة اخرجہ احمد ابن عمرؓ اخرجہ احمد والطحاوی فی مشکل الآثار والبزار۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ الصَّابِرُ فِيهِمْ عَلَى دِينِهِ كَالْقَابِضِ عَلَى الْجَمْرِ۔

ترجمہ: انسؓ بن مالک سے منقول ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آئے گا لوگوں پر ایسا زمانہ کہ اپنے دین پر جمنے والا لوگوں میں اس شخص کی طرح ہوگا جو مٹھی میں لینے والا ہو چنگاری کو۔

روایت کا مطلب: یعنی دین کے اعتبار سے اس قدر انحطاط ہو جائے گا کہ جس طرح چنگاری ہاتھ میں رکھنا ناممکن ہوتا ہے کہ اس کی تکلیف وسوزش کو آدمی برداشت نہیں کرسکتا اسی طرح دین پر عمل کرنا مشکل ہوگا کیونکہ اہل معاصی کا غلبہ ہوگا ایمان ضعیف ہوگا قالہ الطیبیؒ۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ روایت کا مطلب یہ ہے کہ ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ دین پر قائم رہنا نہایت مشقت کا باعث ہوگا جس طرح مٹھی میں چنگاری کا رکھنا نہایت مشکل ہوتا ہے لہٰذا ایسا شخص جو دین پر اس وقت قائم ہوگا اس نے صبر شدید اختیار کیا ہوگا تو اس کو اجر وثواب بہت ہوگا خلاصہ یہ ہے کہ ایسے فتنہ کے وقت دین کی حفاظت اور ایمان کی حفاظت کے لئے صبر عظیم کی ضرورت ہے جو باعث اجر وثواب ہوگا۔

عمر بن شاکر روى عنه غير واحد من اهل العلم وهو شیخ بصری عمر بن شاکر پانچویں طبقہ کے ضعیف راوی ہیں مگر امام

بخاریؒ نے مقارب الحدیث فرمایا ہے امام ترمذیؒ کے کلام سے بھی توثیق معلوم ہوتی ہے ابن حبان نے ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔

لطیفہ: جامع ترمذی میں اس روایت کے علاوہ کوئی ثلاثی روایت نہیں ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلٰی نَاسٍ جُلُوْسٍ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِکُمْ مِنْ شَرِّکُمْ قَالَ فَسَکَتُوْا فَقَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ رَجُلٌ بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنَا بِخَیْرِنَا مِنْ شَرِّنَا قَالَ خَیْرُکُمْ مَنْ یُرْجٰی خَیْرُهٗ وَیُؤْمَنُ شَرُّهٗ وَشَرُّکُمْ مَنْ لَا یُرْجٰی خَیْرُهٗ وَلَا یُؤْمَنُ شَرُّهٗ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرے بیٹھے ہوئے لوگوں کے پاس پس فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں میں تم کو تم میں بہتر لوگوں کی اہل شر کے مقابلہ میں کہا راوی نے لوگ خاموش رہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تین مرتبہ فرمایا پس کہا ایک شخص نے ضرور خبر دیجئے یا رسول اللہ ہمارے میں بہتر لوگوں کے بارے میں اہل شر سے فرمایا تم میں بہتر وہ شخص ہے جس سے خیر کی امید رکھی جائے اور اس کے شر سے اطمینان کیا جائے اور تم میں برا وہ شخص ہے جس سے خیر کی امید نہ ہو اور اس کے شر سے اطمینان نہ ہو۔

بخیرکم: اس سے مراد اَخْیَرُکُمْ ہے

صحابہؓ نے سکوت کیوں فرمایا

سکتوا: صحابہؓ کا سکوت اس وجہ سے تھا کہ وہ متردد ہوئے ایسے موقع پر سوال بہتر ہے یا سکوت، کہیں ایسا نہ ہو کہ سوال کرنے کی وجہ سے کوئی ناگوار بات جواباً فرمادی جائے کما قال تعالٰی لاتسئلوا عن اشیاء ان تبدلکم تسؤکم۔

بعض حضرات فرماتے ہیں صحابہ کا سکوت اس وجہ سے تھا کہ آپ خود ہی خیر و شر کو متعین فرمادیں تو بہتر ہے نہ معلوم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے بارے میں تعیین شر نہ فرمادیں اور پھر وہ متعین ہو جائے جس سے دنیا و آخرت اس کی برباد ہو جائے چونکہ بعض مرتبہ ایسا ہوا کہ آپ نے کچھ فرمادیا تو اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی کر دیا کما فی الروایة قال لرجل یاکل بشماله کل بیمینك فقال لا استطیع فقال لا استطعت فلم یرفعها الی فیه۔

مگر جب صحابہؓ نے یہ محسوس کیا کہ آپ سوال پر اصرار فرما رہے ہیں تو ایک شخص نے جرأة کر کے بلی کہہ کر عرض کر ہی دیا اور آپ نے اہل خیر و اہل شر کی تعیین فرمادی۔

تنبیہ: عقلی طور پر افراد کی چار قسمیں نکلتی ہیں (۱) من یرجی خیرہ ویؤمن شرہ (۲) من لا یرجی خیرہ ولا یؤمن شرہ (۳) من یرجی خیرہ ولا یؤمن شرہ (۴) من لا یرجی خیرہ ویؤمن شرہ۔

ہذا حدیث صحیح اخرجہ احمد والبیہقی وابن حبان

عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَشَتْ اُمَّتِی الْمُطَیْطِیَاءَ وَخَدَمَهَا اَبْنَاءُ الْمُلُوْكِ اَبْنَاءُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ سُلِّطَ شِرَارُهَا عَلٰی خِیَارِهَا۔

ترجمہ: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب میری امت اکڑ کر چلنے لگے گی اور اس کے خادم بادشاہ زادے یعنی روم و فارس کے شہزادے ہو جائیں گے تو مسلط کر دیے جائیں گے برے لوگ اچھے لوگوں پر۔

المطیطاء: بضم المیم وفتح الطاء الاولی بعدہا یاء ساکنۃ ثم کسر الطاء بعدہا یاء والالف الممد ودۃ وفی بعض النسخ بغیر الیاء الآخرۃ ایسی چال جس میں اکڑ ہو یقال مطوت ومططت بمعنی مددت اس کا استعمال ہمیشہ مصغر ہی ہوتا ہے یا تو مفعول مطلق ہے یا حال ہے۔

خدمھا: اس سے مراد خدمت گزار اور فرمانبردار ہوتا ہے۔

ابناء الملوك ابناء فارس والروم: یہ ماقبل سے بدل ہے یا بیان ہے۔

سلط شرارھا علی خیارھا: یعنی برے لوگ اچھے لوگوں پر غالب آجائیں گے اور دنیا میں خرابیاں اور برائیاں زیادہ ہوں گی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد معجزات میں سے ہے اہل اسلام نے جب ملک فارس وروم کو فتح کرلیا اور ان کے اموال مسلمانوں کے حق میں مال غنیمت ہوگئے اور ان کی اولادیں قید کرلی گئیں جو اس وقت خدام ہوگئے تو فتنہ برپا ہوا کہ حضرت عثمان غنی کے قتل کی نوبت آئی پھر مزید سلسلہ دراز ہوا بنو امیہ بنو ہاشم پر مسلط ہوئے اور دنیا میں کس قدر اہل اسلام کے مابین جنگیں ہوئیں تاریخ کے اوراق واقعات سے بھرے ہوئے ہیں۔

حضرت گنگوہیؒ نے اس موقع پر ارشاد فرمایا تسلیط الشرار علی الخیار فی الفور لازم نہیں نیز فتنہ کا عموم بھی ضروری نہیں لہٰذا حضرات صحابہ کرامؓ اس سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ حضرت عثمان غنیؓ کو قتل کرنے والے حضرات صحابہؓ نہیں تھے بلکہ فتنہ پرور منافقین کی چال تھی۔

ولا یعرف لحدیث ابی معاویۃ عن یحیی بن سعید الخ: حاصل یہ کہ یہ روایت بطریق موسیٰ بن عبیدۃ عن ابن دینار جس طرح منقول ہے اسی طرح اس کا دوسرا طریق بطریق ابو معاویہ عن یحییٰ بن سعید عن ابن دینار بھی منقول ہے مگر دونوں میں فرق یہ ہے کہ موسیٰ بن عبیدۃ والا طریق متصل ہے اور ابو معاویہ والا طریق منقطع ہے کہ یحییٰ کا سماع ابن دینار سے ثابت نہیں چنانچہ یحییٰ بن سعید سے مالک بن انسؒ نے اس روایت کو منقطعاً ہی ذکر کیا ہے اور عبداللہ بن دینار کا ذکر نہیں کیا۔

ھذا حدیث غریب وفی سندہ موسیٰ بن عبیدہ وھو ضعیف۔

عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ عَصَمَنِيَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا هَلَكَ كِسْرٰى قَالَ مَنِ اسْتَخْلَفُوْا قَالُوْا ابْنَتَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يُفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا أَمْرَهُمْ امْرَأَةً فَلَمَّا قَدِمَتْ عَائِشَةُ يَعْنِي الْبَصْرَةَ ذَكَرْتُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَصَمَنِيَ اللّٰهُ بِهٖ

ترجمہ: ابوبکرہؓ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے میری حفاظت فرمائی ایسی چیز کی وجہ سے جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی جب کہ کسریٰ ہلاک کردیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا اس کا خلیفہ لوگوں نے کس کو بنایا ہے؟ تو صحابہؓ نے عرض کیا اس کی بیٹی کو تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس وقت فرمایا تھا) ہرگز کامیاب نہیں ہوسکتی وہ قوم جس نے اپنے معاملہ کا ذمہ دار کسی عورت کو بنایا ہو فرمایا کہ جب عائشہ بصرہ تشریف لائیں تو مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان یاد آگیا پس اللہ نے مجھے محفوظ فرمایا اس بات کے سننے کی وجہ سے کہ میں جنگ جمل میں ان کے ساتھ نہیں گیا۔

لما ھلك کسریٰ الخ: کسریٰ ملک فارس کے بادشاہ کا لقب تھا جس طرح ملک روم کے بادشاہ کو قیصر کہا جاتا ہے اس کی بیٹی کا نام بوران تھا بوران بنت شیرویہ بن کسریٰ بن پرویز۔

قتل کسریٰ کا واقعہ

شیرویہ نے اپنے باپ کو قتل کیا تھا باپ نے زندگی میں یہ محسوس کر لیا تھا کہ اس کا بیٹا قتل کی سازش کر رہا ہے تو اس نے ایک ڈبیہ میں زہر بھر کر اپنے خزانہ میں رکھ دیا اور اس پر لکھا کہ قوت جماع کے لئے جو شخص اس کو کھائے گا اس کو اس قدر قوت جماع حاصل ہو گی باپ کو قتل کرنے کے بعد جب شیرویہ کو وہ تمام خزائن اور بادشاہت حاصل ہو گئی تو اس نے اس ڈبیہ کو دیکھا اور اس کو مقوی جماع سمجھ کر پی گیا اور مر گیا ادھر پہلے اپنے بھائیوں کو بادشاہت کے لالچ میں ختم کر چکا تھا اب خاندان میں کوئی مذکر نہیں رہا صرف اس کی بیٹی رہ گئی تھی لوگ چاہتے تھے کہ بادشاہت اس گھر سے کسی اور کو حاصل نہ ہو تو لوگوں نے اس کی بیٹی بوران ہی کو بادشاہ بنا دیا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا کہ کسریٰ ہلاک ہو گیا یعنی شیرویہ ختم ہو گیا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا اس کی جگہ کون بادشاہ بنا ہے لوگوں نے بتایا کہ اس کی بیٹی اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لن یفلح قوم ولوا امرھم امراۃ تو ابوبکرہؓ کہتے ہیں کہ مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بات یاد رہی کہ جس قوم کی ذمہ داری عورت کے سپرد ہو گی وہ کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتی تو جب حضرت عائشہؓ بصرہ پہنچیں اور میدان میں گئیں تو میں نے ان کا ساتھ دینے سے گریز کیا کیونکہ وہ گویا امیر ہو گئیں تھیں اور کامیابی بقول آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہو ہی نہیں سکتی تھی چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا کہ تاریخ اس پر شاہد ہے جنگ جمل کی تفصیل تاریخ اسلام میں ملاحظہ کی جائے۔

بہر حال ابوبکرہؓ آپ کے اس فرمان کو سننے کی وجہ سے محفوظ رہے۔

مسئلہ: جمہور علماء کا اتفاق ہے کہ عورت امارت وقضاء کی ذمہ دار نہیں ہو سکتی ہے البتہ طبری جواز کے قائل ہیں وہی روایہ عن مالک ہے۔

امام ابوحنیفہ ؒ فرماتے ہیں کہ جن معاملات میں عورت کی شہادت جائز ہے ان کی وہ ذمہ دار بن سکتی ہے اور اس کا فیصلہ ان احکام میں نافذ ہو گا مگر امارت وقضا کا عہدہ دینا عورت کو جائز نہیں ہے کیونکہ وہ ناقص العقل ہے اور امارت وقضاء کے لئے عقل کامل مطلوب ہے۔

نوٹ: امارت نساء کے مسئلہ پر کتب فقہ میں مفصل ومدلل بحث کی گئی ہے ان کی طرف مراجعت کی جائے۔

هذا حديث صحيح اخرجه البخاري في مواضع والنسائي۔

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِؓ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَخْبِرُكُمْ بِخِيَارِ اُمَرَائِكُمْ وَشِرَارِهِمْ خِيَارُهُمُ الَّذِيْنَ تُحِبُّوْنَهُمْ وَيُحِبُّوْنَكُمْ وَتَدْعُوْنَ لَهُمْ وَيَدْعُوْنَ لَكُمْ وَشِرَارُ اُمَرَائِكُمُ الَّذِيْنَ تُبْغِضُوْنَهُمْ وَيُبْغِضُوْنَكُمْ وَتَلْعَنُوْنَهُمْ وَيَلْعَنُوْنَكُمْ۔

ترجمہ: عمر بن الخطابؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار میں تم کو بتاتا ہوں اچھے امراء کون سے ہوتے ہیں اور برے کون سے ہوتے ہیں اچھے امراء لوگوں میں وہ ہیں جن کو تم پسند کرو اور وہ تم کو پسند کریں تم ان کے لئے دعا کرو وہ تمہارے لئے دعا کریں اور برے امراء وہ ہیں جن کو تم برا سمجھو وہ تم کو برا سمجھیں تم ان پر لعنت کرو وہ تم پر لعنت کریں۔

تحبونهم ويحبونكم: ایسے امراء جو عدل وانصاف قائم کریں جس کی بناء پر تم ان سے محبت کرو اور پسند کرو اور برے وہ

امراء جو حق وانصاف نہ کریں جس کی وجہ سے تم بھی ان کو مبغوض وملعون سمجھو اور وہ بھی تم سے اس لئے دوری اختیار کریں کہ تم میں بھی خیر کم ہو۔

هذا حديث غريب الخ: یعنی اس روایت کا صرف ایک طریق ہے یعنی محمد بن ابی حمید کا طریق اور ان کا لقب حماد ہے حافظہ کے اعتبار سے ضعیف راوی ہے ساتویں طبقہ میں سے ہے۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَؓ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهٗ سَيَكُوْنُ عَلَيْكُمْ اَئِمَّةٌ تَعْرِفُوْنَ وَتُنْكِرُوْنَ فَمَنْ اَنْكَرَ فَقَدْ بَرِئَ وَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ سَلِمَ وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ قَالَ لَا مَاصَلَّوْا۔

ترجمہ: ام سلمہؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک عنقریب تم پر ایسے امراء آئیں گے کہ تم ان کو اچھا بھی سمجھو گے اور برا بھی جو شخص ان پر نکیر کرے گا پس تحقیق وہ بری ہوگیا (اپنی ذمہ داری سے) اور جو شخص ان سے کراہت کرے گا وہ سالم رہا (ان کے ساتھ گناہ وعذاب کی شرکت سے) لیکن جو شخص راضی ہوگا اور ان کی اطاعت کرے گا (وہ گنہگار ہوگا) پوچھا گیا یارسول اللہ کیا ان کے ساتھ ہم قتال نہ کریں فرمایا نہیں جب تک وہ نماز پڑھتے رہیں۔

تعرفون وتنكرون: اصل عبارت ہے تعرفون بعض افعالهم وتنكرون بعض افعالهم یعنی آئندہ ایسے امراء ہوں گے کہ ان کے کچھ افعال تو اچھے ہوں گے اور کچھ افعال برے ہوں گے۔

فمن انكر الخ: مراد یہ ہے کہ ان ائمہ کے برے افعال پر جس نے نکیر کی زبان سے تو ایسا شخص مداہنۃ فی الدین اور نفاق فی الاسلام سے محفوظ ہوگا اور اگر زبان سے قادر نہ ہونے کی صورت میں اس نے ان افعال کو دل سے برا سمجھا تو ایسا شخص بھی گناہ سے سالم شمار ہوگا ہاں البتہ اگر کوئی شخص ان کے ان افعال پر راضی ہوگا اور ان کو اچھا سمجھے گا اور ان کی اطاعت کرے گا تو وہ شخص گنہگار ہوگا اس کو بری وسالم نہیں شمار کیا جائے گا۔

افلا نقاتلهم قال لا ماصلوا: صحابہؓ نے سوال کیا کہ جب وہ امراء مرتکب معاصی ہیں تو کیا ان سے قتال وجہاد نہ کیا جائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں جب تک وہ اسلام کا عنوان اختیار کئے ہوئے ہیں یعنی نماز پڑھتے ہیں کیونکہ جب وہ مسلمان ہیں جو ان کے نماز پڑھنے سے معلوم ہو رہا ہے تو ان سے قتال کرنے میں فتنہ پھیل جانے کا اندیشہ ہے اور اس صورت میں اسلام کو خطرہ لاحق ہو جائے گا اور فتنہ اشد من القتل ہے لہٰذا ایسے موقع پر قتال وجہاد کی اجازت نہ ہوگی۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجہ احمد۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَتْ اُمَرَائُكُمْ خِيَارَكُمْ وَاَغْنِيَاؤُكُمْ سُمَحَاءَكُمْ وَاُمُوْرُكُمْ شُوْرٰى بَيْنَكُمْ فَظَهْرُ الْاَرْضِ خَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ بَطْنِهَا وَاِذَا كَانَتْ اُمَرَائُكُمْ شِرَارَكُمْ وَاَغْنِيَائُكُمْ بُخَلَائَكُمْ وَاُمُوْرُكُمْ اِلٰى نِسَائِكُمْ فَبَطْنُ الْاَرْضِ خَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ ظَهْرِهَا۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تمہارے امراء تم میں سے بہتر لوگ ہوں اور تمہارے اغنیاء سخی افراد ہوں اور تمہارے معاملات باہم مشورہ کے ساتھ ہوں تو ظہر الارض بہتر ہے باطن ارض کے مقابلہ میں اور جب تمہارے امراء تم میں سے شریر لوگ ہو جائیں اور تمہارے اغنیاء بخیل ہو جائیں اور تمہارے معاملات عورتوں کے سپرد ہو جائیں تو زمین کے نیچے کا

حصہ بہتر ہے تمہارے لئے اوپر کے حصہ سے۔

امراء: سے مراد معاملات کے ذمہ دار لوگ۔

خیارکم ای اتقیاء کم یعنی حکام متقی لوگ ہوں۔

شوریٰ: یا تو مصدر بحذف مضاف الی ذوات شوریٰ یا مصدر بمعنی مفعول ہے۔

ظهر الارض خير لكم من بطنها: اس سے مراد حیات وموت ہے یعنی اچھے امراء ہوں اور اغنیاء سخی ہوں اور معاملات شوریٰ سے طے ہوں۔ ہ ں تو دنیا میں رہنا بہتر ہے ورنہ موت بہتر ہے۔

وامور كم الى نسائكم: چونکہ عورتیں ناقصات العقل والدین ہوتی ہیں اس لئے معاملات کو ان کی رائے کے سپرد کرنا ممنوع کیا گیا ہے مگر یہ واضح رہے کہ معاملات سے مطلقاً مراد نہیں ہیں بلکہ ایسے معاملات جو ان کی عقل وفہم کے مناسب نہ ہوں ورنہ روایات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض معاملات میں عورتوں سے مشورہ فرمایا ہے کما ورد في الرواية انه استشار النبي صلى الله عليه وسلم ام سلمة في صلح حديبية اسی طرح حضرت شعیب نے اپنی بیٹیوں کی رائے پر عمل فرمایا کمافی القرآن (سورۃ القصص)

بہر حال عورت فاضلہ سے مشورہ میں کوئی مضائقہ نہیں بالخصوص ان امور میں جن میں ان کی رائے کی وقعت ہوتی ہے مثلاً گھریلو مسائل میں عورت بسا اوقات مردوں سے زائد دانا و بینا شمار کی جاتی ہے۔

هذا حديث غريب لانعرفه الامن حديث صالح المري الخ یعنی اس روایت کا صرف ایک ہی طریق ہے اور راوی صالح بن بشیر المری اگر چہ زاہد ہے مگر ساتویں طبقہ کا ضعیف راوی ہے اور روایت میں اکیلا ہے۔ اس لئے یہ روایت غریب ہوگی۔

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّكُمْ فِي زَمَانٍ مَنْ تَرَكَ مِنْكُمْ عُشْرَ مَا اُمِرَ بِهٖ هَلَكَ ثُمَّ يَاْتِي زَمَانٌ مَنْ عَمِلَ مِنْهُمْ بِعُشْرِ مَا اُمِرَ بِهٖ نَجَا۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک تم لوگ ایسے زمانہ میں ہو کہ جو شخص تم میں سے مامور بہ کے دسویں حصہ کو چھوڑ دے گا ہلاک ہو جائے گا پھر آئے گا ایسا زمانہ جو شخص ان لوگوں میں سے عمل کرے گا مامور بہ کے دسویں حصہ پر نجات پا جائے گا۔

فی زمان: یعنی ایسا زمانہ ہے جس میں امن وعزت اسلام ہے یا مراد یہ ہے کہ اے صحابہؓ تم خیر و برکت کے ایسے زمانہ میں ہو کہ ایسے فتنے نہیں جو آئندہ ہوں گے اس وقت فتنے نہ ہونے کی بناء پر مامور کا کل مطلوب ہے کہ ہر طرح قدرت علی العمل حاصل ہے لہٰذا مامورات کو بجمیع اجزائہا بجالانا ضروری ہے معمولی ترک پر بھی پکڑ ہے ہاں آئندہ فتنوں کا دور آنے والا ہے کہ مامورات کو بجالانا اس زمانہ میں مشکل ہوگا اس وقت مامورات کے دسویں حصہ پر بھی عمل کرنا نجات کے لئے کافی ہوگا۔

مامور بہ کا دسواں حصہ جو نجات کیلئے کافی ہے اس سے کیا مراد ہے؟

بعض حضرات فرماتے ہیں اس سے مراد صرف فرائض کی ادائیگی ہے ان فتنوں کے دور میں اگر کوئی شخص سنن و مستحبات کو ترک کر دے گا تب بھی ناجی ہوگا۔

حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد اخلاص ہے یعنی اے صحابہؓ آئندہ چل کر ایسا زمانہ آئے گا کہ اگر لوگوں میں دسواں حصہ بھی اخلاص کا ہوگا اس پر بھی نجات ہو جائے گی اور تم سے مکمل اخلاص مطلوب ہے کہ تمہارا زمانہ خیر کا زمانہ ہے۔

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد امر بالمعروف ونہی عن المنکر ہے اور مطلب یہ ہے کہ اے صحابہؓ تمہارے زمانہ میں تو امر بالمعروف ونہی عن المنکر ہر موقع پر مطلوب ہے مگر آئندہ فتنوں کا زمانہ ہوگا اس وقت دسواں حصہ بھی اگر عمل پایا گیا تو نجات ہو جائے گی کیونکہ اس وقت اسلام ضعیف ہوگا ظلم وفسق کی کثرت ہوگی دین کے اعوان وانصار کم ہو جائیں گے۔

وفی الباب عن ابی ذرؓ اخرجہ احمد وابی سعیدؓ فلمنتظر من اخرجہ۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ هٰهُنَا اَرْضُ الْفِتَنِ وَ اَشَارَ اِلَى الْمَشْرِقِ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ اَوْ قَالَ قَرْنُ الشَّمْسِ۔

ترجمہ: ابن عمرؓ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے منبر پر پس فرمایا وہاں فتنوں کی زمین ہے اور اشارہ کیا مشرق کی طرف جہاں شیطان کا تسلط ہے۔

ارض الفتن: یعنی مشرق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ زمین ایسے فتنوں کی ہے جہاں بلیات ومشقتیں ہیں کہ ان سے دین میں ضعف پیدا ہوگا اور وہاں شیطان کا تسلط ہوگا۔

قرن: اس سے مراد شیطان کو ماننے والے ہیں یعنی مشرق میں شیطان کو ماننے والے ہیں اور وہاں اس کو تسلط حاصل ہے۔

او قال قرن الشمس: یہ شک راوی ہے اس صورت میں معنی ہوں گے وہ ارض مشرق جہاں سے سورج کی اول شعاع طلوع ہوتی ہے۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ البخاری۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ مِنْ خُرَاسَانَ رَايَاتٌ سُوْدٌ فَلَا يَرُدُّهَا شَيْءٌ حَتّٰى تُنْصَبَ بِاِيْلِيَاءَ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نکلیں گے خراسان سے کالے جھنڈے پس نہیں لوٹا سکے گی کوئی چیز ان کو حتی کہ وہ گاڑ دیئے جائیں گے مقام ایلیاء میں۔

رایات سود: کالے جھنڈے اس سے حضرت مہدیؑ کے اسلامی جھنڈے مراد ہیں جیسا کہ مسند احمد میں ہے عن ثوبان مرفوعاً اذا رایتم الرایات السود قد جاءت من قبل خراسان فائتوھا فیھا خلیفۃ اللّٰہ المھدی۔

حتی تنصب: مجہول۔ ایلیاء: بکسر ہمزہ وسکون الیاء وکسر اللام بالمد والقصر بیت المقدس کے قریب شہر ہے حضرت مہدی مؤید من اللہ ہوں گے اس لئے ان کو فتح ہوتی چلی جائے گی اور وہ خیر کا زمانہ ہوگا۔

اَبْوَابُ الرُّؤْيَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تحقیق لفظ رؤیا رؤیۃ ورأی

الرؤیا: علی وزن فعلی مایراہ شخص فی منامہ۔

واحدی فرماتے ہیں کہ دراصل یہ مصدر ہے جیسے بشریٰ پھر اس کو اسم کے موقع پر استعمال کیا جانے لگا امام راغب فرماتے ہیں الرؤیۃ بالہاء ادراک المرأ بحاسۃ البصر یعنی آنکھوں سے دیکھنے پر اس کا اطلاق ہوتا ہے اسی طرح ما یدرک بالتخیل کے لئے بھی مستعمل ہے مثل اری ان زیدا مسافرا نیز تفکر نظری اور رائے کے معنی میں بھی آتا ہے علامہ قرطبیؒ کہتے ہیں کہ بعض علماء نے فرمایا رؤیا بمعنی رؤیہ بھی قرآن کریم میں وارد ہے قال تعالٰی وما جعلنا الرؤیا التی اریناک الا فتنۃ للناس کیونکہ یہاں رؤیا سے مراد وہ عجائبات ہیں جو لیلۃ الاسریٰ میں آپ کو دکھائے گئے تھے اور جمہور نے فرمایا کہ لیلۃ الاسریٰ کا وقوع یقظۃً ہوا ہے وھوا لقول الاصح۔

صاحب کشف فرماتے ہیں کہ رؤیۃ بچشم دیدن اور رؤیا خواب دیدن اور رائ بدل دیدن اس سے ماخوذ کر کے احناف کو اصحاب الرائ کہا جاتا ہے کیونکہ حضرات احناف کو اتقان معرفۃ بالحلال والحرام حاصل ہے ولانھم استخرجوا المعانی الدقیقۃ من النصوص ولھم دقۃ نظر فیھا و کثرۃ تفریعات المسائل علیھا وقد عجز عن ذلک عامۃ اھل زمانھم قال الامام فخر الاسلام اصحابنا الحنفیۃ ھم السابقون فی باب التفقہ وقال علیہ السلام اذا اراد اللّٰہ بعبدٍ خیراً یفقھہ فی الدین ولھم الرتبۃ العلیاء والدرجۃ القصویٰ فی علم الشریعۃ وھم الربانیون فی الکتاب والسنۃ وھم اصحاب الحدیث والمعانی اما المعانی فقد سلم لھم العلماءؒ حتی سموھم اھل الرائ والرائ اسم الفقہ ھکذا فی مقدمۃ فتح الملھم ص ۲۷۔

حقیقت خواب: تفسیر مظہری میں قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے فرمایا خواب کی حقیقت یہ ہے کہ نفس انسانی جس وقت نیند یا بے ہوشی کے سبب ظاہر بدن کی تدبیر سے فارغ ہو جاتا ہے پھر اس کی تین قسمیں ہیں (۱) کبھی خواب میں آدمی وہی صورتیں دیکھتا ہے جو بیداری کی حالت میں دیکھتا ہے اس کو حدیث النفس کہا جاتا ہے (۲) کبھی شیطان کچھ صورتیں اور واقعات اس کے ذہن میں ڈالتا ہے کبھی خوش کرنے والے اور کبھی ڈرنے والے اس کو تسویل الشیطان کہتے ہیں یہ دونوں قسمیں باطل ہیں جن کی کوئی حقیقت واصلیت نہیں ہے اور نہ ان کی کوئی واقعی تعبیر ہو سکتی ہے۔ (۳) اللہ کی طرف سے ایک قسم کا الہام ہے جو اپنے بندہ کو متنبہ کرنے یا خوش خبری دینے کے لئے کیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ خزانہ غیب سے بندہ کے قلب و دماغ میں ڈال دیتے ہیں یہ خواب صحیح و حق ہے چنانچہ ایک حدیث میں ہے مومن کا خواب ایک کلام ہے جس میں وہ اپنے رب سے شرف گفتگو حاصل کرتا ہے (طبرانی)

خواب کے بارے میں قولِ صوفیاء

حضرات صوفیاءؒ فرماتے ہیں عالم میں جتنی چیزیں وجود میں آنے والی ہیں اس وجود سے پہلے ہر چیز کی ایک خاص شکل عالم مثالی میں ہوتی ہے اور اس عالم مثالی میں جس طرح جواہر وحقائق ثابتہ کی صورتیں اور شکلیں ہوتی ہیں اسی طرح معانی اور اعراض کی بھی خاص شکلیں ہوتی ہیں خواب میں جب نفس انسانی ظاہر بدن کی تدبیر سے فارغ ہوتا ہے تو بعض اوقات اس کا تعلق عالم مثالی سے ہو جاتا ہے وہاں جو کائنات کی شکلیں ہیں وہ اس کو نظر آجاتی ہیں پھر یہ صورتیں عالم غیب سے دکھائی دیتی ہیں بعض اوقات ان میں کچھ عوارض ایسے پیدا ہو جاتے ہیں کہ اصل حقیقت کے ساتھ کچھ تخیلات باطلہ شامل ہو جاتے ہیں اس لئے اہل تعبیر کو بھی اس کی تعبیر سمجھنا دشوار ہو جاتا ہے اور بعض مرتبہ وہ تمام عوارض سے پاک وصاف رہتی ہیں تو وہ اصل حقیقت ہوتی ہے مگر ان میں بھی بعض خواب محتاج تعبیر ہوتے ہیں کیونکہ ان میں حقیقت واقعہ واضح نہیں ہوتی ایسی صورت میں بھی اگر تعبیر غلط ہو جائے تو

واقعہ مختلف ہو جاتا ہے اس لئے صرف وہ خواب صحیح طور پر الہام من اللہ اور حقیقت ثابتہ ہوگی جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوں اور اس میں کچھ عوارض بھی شامل نہ ہوتے ہوں اور تعبیر بھی صحیح دی گئی ہو انبیاء علیہم السلام کے سب خواب ایسے ہی ہوتے ہیں اسی وجہ سے ان کے خواب کو وحی کا درجہ دیا گیا ہے عام مسلمانوں کے خواب میں ہر طرح کا احتمال رہتا ہے اس لئے وہ کسی کے لئے حجۃ و دلیل نہیں ہوتے ہیں ان کے خوابات میں بعض اوقات طبعی اور نفسانی صورتوں کی آمیزش ہو جاتی ہے اور بعض اوقات گناہوں کی ظلمت و کدورت صحیح خواب پر چھا کر اس کو نا قابل اعتماد بنا دیتی ہے بعض اوقات صحیح تعبیر سمجھ میں نہیں آتی۔

بہر حال جمہور اہل سنت والجماعت کے یہاں خوابات یہ تصورات ہیں جس کو حق تعالیٰ بندہ کے دل میں پیدا فرما دیتے ہیں کبھی بواسطہ فرشتے کے اور کبھی بواسطہ شیطان کے چنانچہ علامہ طیبیؒ نے فرمایا رؤیا کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نائم کے دل میں علوم و ادراکات پیدا فرما دیتے ہیں جیسا کہ بیداری میں بھی اللہ انسان کے دل میں علوم پیدا فرماتے ہیں اور نائم کے دل میں اس قسم کا خلق علوم دوسرے امور کی علامت ہوتا ہے جو آئندہ چل کر عارض ہوتے ہیں اور وہی اس کی تعبیر ہوتی ہے جیسے بادل بارش کی علامت ہے ایسے ہی خلق علوم فی النائم دیگر امور کی علامت ہے۔

اطباء کا خیال ہے کہ آدمی کے مزاج میں جس کا غلبہ ہوتا ہے اس کے مناسبات خیال میں آتے ہیں جیسے کسی کا مزاج بلغمی ہے تو پانی اور اس کے متعلقات دریا، سمندر، پانی پر تیرنا وغیرہ دیکھے گا اور جس کے اندر صفراء کا غلبہ ہے وہ آگ اور اس کے متعلقات دیکھے گا یا ہوا میں اڑنا وغیرہ دیکھے گا علی ھذا خلط الدم والسوداء۔

فلاسفہ: کہتے ہیں جو واقعات عالم میں رونما ہوتے ہیں ان کی صورت مثالیہ فوٹو کی طرح عالم بالا میں منقوش ہے نفس کے سامنے ان میں سے کوئی چیز آجاتی ہے تو اس کا انعکاس ہو جاتا ہے خواب کی حقیقت کے بارے میں اور بھی اقوال ہیں مگر ان پر کوئی برہان قائم نہیں بلکہ محض تخیلات ہیں۔

بَابُ اَنَّ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَّ اَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ تَكَدْ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ تَكْذِبُ وَ اَصْدَقُهُمْ رُؤْیَا اَصْدَقُهُمْ حَدِیْثًا وَ رُؤْیَا الْمُسْلِمِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ وَالرُّؤْیَا ثَلَاثٌ فَالرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ بُشْرٰی مِنَ اللّٰهِ وَالرُّؤْیَا مِنْ تَحْزِیْنِ الشَّیْطَانِ وَالرُّؤْیَا مِمَّا یُحَدِّثُ بِهَا الرَّجُلُ نَفْسَهٗ فَاِذَا رَاٰی اَحَدُكُمْ مَا یَكْرَهُ فَلْیَقُمْ وَلْیَتْفُلْ وَلَا یُحَدِّثْ بِهِ النَّاسَ قَالَ وَاُحِبُّ الْقَیْدَ فِی النَّوْمِ وَاَكْرَهُ الْغُلَّ اَلْقَیْدُ ثَبَاتٌ فِی الدِّیْنِ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب زمانہ قریب ہو جائے گا تو مومن کا خواب بہت کم جھوٹا ہوگا لوگوں میں سب سے سچے خواب والا وہ ہوگا جو دلی تخیل میں سب سے سچا ہوگا اور مسلم کا خواب نبوت کا چھیالیسواں جزء ہے اور خواب تین طرح کے ہوتے ہیں رویا صالحہ جو بشارت ہے اللہ کی جانب سے وہ خواب جو شیطان کی طرف سے غم پیدا کرنے کے لئے ہوتا ہے وہ خواب جو آدمی اپنے دل میں سوچتا ہے پس جب تم میں سے کوئی ایسا خواب دیکھے جو نا گوار ہو تو اس کو چاہیے کہ اٹھ جائے اور بائیں جانب تھتکار دے اور لوگوں سے بیان نہ کرے فرمایا میں پسند کرتا ہوں بیڑی کو اور ناپسند کرتا ہوں طوق کو کیونکہ بیڑی میں

بیڑی کے معنی دین میں ثابت قدم رہنا ہے۔

اذا اقترب الزمان: اقتراب زمان سے کیا مراد ہے اس بارے میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔

اول: صاحب الفائق فرماتے ہیں اس سے آخری زمانہ مراد ہے جو قرب قیامت میں ہوگا کما فی روایۃ انہ علیہ السلام قال فی آخر الزمان لاتکاد رؤیا المؤمن تکذب اقتراب سے اس لئے تعبیر فرمایا کہ شئی قلیل وقصیر ہو جاتی ہے تو اس کے اطراف وجوانب قریب قریب ہو جاتے ہیں۔

پھر آخری زمانہ کون سا مراد ہے؟ بعض نے فرمایا خروج مہدیؒ کا زمانہ کیونکہ اس وقت عدل وانصاف قائم ہوگا وہ وقت خوشی کا وقت ہوگا زمانہ قلیل معلوم ہوگا جیسا کہ اس کے بالمقابل پریشانی کا وقت قلیل بھی کثیر معلوم ہوا کرتا ہے۔

بعض کا خیال ہے کہ یہ وہ زمانہ ہے جب عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کر کے لوگوں کے ساتھ رہیں گے وہ وقت بھی انصاف و عدل کا وقت ہوگا۔

بعض نے کہا کہ آخری وہ زمانہ مراد ہے جب مؤمن انتہائی کسمپرسی کی حالت میں ہوگا کہ نہ اعوان وانصار ہوں گے اور نہ کسی طرح کی کوئی مدد ہوگی تو ایسے وقت اس کو سچے خواب دکھائی دیں گے تاکہ اس کی مدد ہو سکے اور اس کی سچے خوابات کے ذریعہ رہنمائی ہو سکے۔

دوم وہ زمانہ اور وہ وقت مراد ہے جس میں رات دن دونوں برابر ہوتے ہیں چونکہ اس وقت انسانی مزاج صحیح ومعتدل تر ہوگا اس لئے خواب میں بھی خلط وملط نہ ہوگا بلکہ خوابات سچے ہوں گے۔

سوم وہ زمانہ مراد ہے کہ جس میں سال ماہ کی طرح اور ماہ ہفتہ کی طرح اور ہفتہ یوم کی طرح اور یوم ساعۃ کی طرح قریب قریب ہو جائیں گے کما فی روایۃ انہ قال یتقارب الزمان حتی تکون السنۃ الخ۔

اصدقھم رؤیا اصدقھم حدیثا: معناہ اصدقہم حدیثا اصدقہم رؤیا۔ یعنی جس شخص کے خیالات جتنے زیادہ اچھے ہوں گے اسی قدر اس کو سچے خواب نظر آئیں گے یا جس کی گفتگو میں زیادہ سچائی ہوگی اسی قدر ان کو زیادہ سچے خواب نظر آئیں گے چونکہ ظاہر کا اثر باطن پر پڑتا ہے تو صدق ظاہر صدق باطن کو مستلزم ہے۔

حافظؒ فرماتے ہیں صدق مقال سے قلب منور ہوتا ہے اور ادراک قوی ہوتا ہے حقائق منکشف ہوتے ہیں حتی کہ خوابات بھی اس کو سچے نظر آئیں گے۔

رؤیا المسلم جزء من ستۃ واربعین جزءا من النبوۃ: اس روایت میں ۴۶ کا ذکر ہے اس کے علاوہ دیگر روایات میں مختلف اعداد مذکور ہیں ۴۴۔۴۵۔۴۷۔۴۹۔۵۰۔۷۰۔۷۶۔۲۴۔۲۷۔۴۲۔۲۲۔۲۵۔۲۶۔۴۰

حافظ ابن حجرؒ نے ان سب کو ذکر فرمایا ہے۔ قرطبیؒ فرماتے ہیں اجزاء کے تعدد کا یہ اختلاف خواب دیکھنے والوں کے مختلف حالات کی بناء پر ہے امانت وصدق نیات میں لوگ مختلف ہیں تو ان کے خوابات میں بھی اجزاء اختلاف ہے۔

(مذکورہ جملہ کا مطلب) تفسیر مظہری میں اس کی توجیہ یہ بیان کی گئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نبوت کا سلسلہ تئیس سال جاری رہا ان میں سے پہلی ششماہی میں یہ وحی الٰہی خوابوں کی صورت میں آتی رہی ہے باقی پینتالیس ششماہی میں جبرئیل امین اللہ کا پیغام انسان کی صورت میں لائے اس حساب سے سچی خوابیں وحی نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہوا اور جن روایات میں کم وبیش

مذکور ہیں ان میں یا تو تقریباً کلام کیا گیا ہے یا وہ سنداً ساقط ہیں۔

علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں جزء نبوت سے مراد یہ ہے کہ خواب میں بعض اوقات انسان ایسی چیز دیکھتا ہے جو اس کی قدرت میں نہیں ہوتی مثلاً یہ دیکھے کہ وہ آسمان پر اڑ رہا ہے یا غیب کی ایسی چیزیں دیکھے جن کا حاصل کرنا اس کی قدرت میں نہیں تو اس کا ذریعہ بجز امداد والہام خداوندی کے اور کچھ نہیں ہو سکتا ہے جو اصل خاصہ نبوت ہے اس لئے اس کو جزء نبوت قرار دیا ہے۔

بعض اہل علم نے فرمایا یہاں جزء منطقی مراد نہیں ہے کہ وہ کل کے ساتھ ہو بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ رؤیائے صالحہ لواحق نبوت اور صفات انبیاء میں سے ہے اور صفات انبیاء کے ساتھ غیر نبی بھی متصف ہو سکتا ہے گویا رؤیائے صالحہ کو جزء کہہ کر اس کی تعریف اور علو درجہ کو بیان کرنا مقصود ہے کہ وہ نبوت کا پرتو ہے۔

بعض حضرات فرماتے ہیں روایت کا مطلب یہ ہے کہ سچا خواب علم نبوت کے اجزاء میں سے ہے نہ کہ نبوت کے اجزاء میں سے چونکہ علم نبوت باقی ہے اور نبوت متجزی نہیں ہے اور یہ منصب ختم بھی ہو چکا ہے اب کوئی نبی آنے والا نہیں ہے۔

بعض علماء فرماتے ہیں یہاں نبوت کے اصطلاحی معنی مراد نہیں بلکہ لغوی معنی اعلام مراد ہیں اب معنی ہوں گے رؤیا خبر صادق ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جیسا کہ نبوت نبأ صادق ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تو رؤیا صالحہ مثل نبوت ہے خبر صادق ہونے کے اعتبار سے۔

علامہ مازریؒ فرماتے ہیں یہاں نبوت کے معنی خبر بالغیب کے ہیں گویا رؤیا صالحہ خبر بالغیب ہے اور خبر بالغیب ثمرات نبوت میں سے ہے۔

ملا علی قاریؒ اور دیگر شراح فرماتے ہیں بہتر یہ ہے کہ کہا جائے حدیث میں خواب کو اجزاء نبوت میں سے کہا گیا ہے اور اجزاء نبوت کو انبیاء علیہم السلام ہی جانتے ہیں ہمیں معلوم نہیں مجملاً اتنا معلوم ہونا کافی ہے کہ اچھا خواب بشارت ہے۔

تنبیہ: یہاں لوگوں کو مغالطہ ہو گیا کہ جزء نبوت کے دنیا میں باقی رہنے اور جاری رہنے کو نبوت کا باقی اور جاری رہنا سمجھ بیٹھے ہیں جو قرآن کریم کی نصوص قطعیہ اور بے شمار احادیث صحیحہ کے خلاف ہے بلکہ اجماع امت کے بھی خلاف ہے کیونکہ عقیدۂ ختم نبوت اجماعی مسئلہ ہے اور یہ نہ سمجھے کہ کسی چیز کے ایک جزء موجود ہونے سے اس چیز کا موجود ہونا لازم نہیں آتا اگر کسی شخص کا ایک ناخن ہے یا ایک بال کہیں موجود ہے تو کوئی انسان یہ کہہ سکتا ہے کہ یہاں وہ شخص موجود ہے؟ مشین کے بہت سے کل پرزوں میں سے اگر کسی کے پاس ایک پرزہ موجود ہے تو کیا پوری مشین موجود ہوگی؟

(آداب رؤیا) الرؤیا الصالحة بشریٰ من اللّٰه: جب اچھا خواب نظر آئے تو احادیث میں فرمایا گیا اس پر اللہ کی حمد کرے اس سے بشارت حاصل کرے اپنے محبت کرنے والے سے بیان کرے ایسے شخص سے نہ بیان کرے جو اس کا خیر خواہ نہ ہو، نیز ایسے شخص سے بھی نہ بیان کرے جو تعبیر خواب میں ماہر نہ ہو چونکہ ایک حدیث میں ہے سچا خواب نبوت کے چالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے اور خواب معلق رہتا جب تک کسی سے بیان نہ کیا جائے جب بیان کر دیا گیا اور سننے والے نے کوئی تعبیر دیدی تو تعبیر کے مطابق واقع ہو جاتا ہے اس لئے چاہئے کہ خواب کسی سے نہ بیان کرے بجز اس شخص کے جو عالم وعاقل ہو یا کم از کم اس کا دوست اور خیر خواہ ہو۔

اور اگر برا خواب دیکھے اس کے بھی آداب روایت موجود ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے اس خواب کے شر سے اور شیطان کے شر سے بائیں طرف تین مرتبہ تھوکے کسی سے بیان نہ کرے اٹھ کر نماز پڑھے جس کروٹ یہ خواب دیکھا ہے اس کو بدل دے بعض

روایت میں آیۃ الکرسی پڑھنے کا بھی ذکر ہے۔

(برے خواب کو کسی سے ذکر نہ کرے) کیونکہ بعض تقدیری امور معلق ہوتے ہیں جس کو قضائے معلق کہا جاتا ہے ایسی صورت میں بری تعبیر دینے سے معاملہ برا اور اچھی تعبیر دینے سے معاملہ اچھا ہو جاتا ہے۔ تو خدانخواستہ وہ کوئی تعبیر دیدے اور اس کے مطابق قضائے معلق واقع ہو جائے نیز ممکن ہے کوئی خواب سن کر ایسی چیز تعبیر میں بتادے جو رنج والم کا باعث ہو پھر اس کی تعبیر پر خیال جم جائے کہ اب مجھ پر مصیبت آنے والی ہے اور حدیث میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا انا عند ظن عبدی بی الخ یعنی بندہ میرے بارے میں جیسا گمان کرتا ہے اس کے بارے میں ویسا ہی ہو جاتا ہوں جب اللہ تعالیٰ کی جانب سے مصیبت آنے پر یقین کر بیٹھا تو عادۃ اللہ کے مطابق اس پر مصیبت آنا ضروری ہوگیا۔

حضرت گنگوہیؒ نے فرمایا برا خواب اس لئے نہ بیان کرے کہ جب اس کا تذکرہ لوگوں کے درمیان ہوگا تو خواب دیکھنے والے کے دل میں رنج والم اور غلط وساوس پیدا ہوں گے۔

مسئلہ: یہ ممانعت شفقت و ہمدردی کی بناء پر ہے شرعی حرمت نہیں ہے کہ بیان کرنے والا گنہگار ہو چنانچہ احادیث صحیحہ میں ہے غزوہ احد کے وقت رسول اللہ ﷺ نے خواب بیان فرمایا کہ میں نے خواب دیکھا ہے میری ذوالفقار تلوار ٹوٹ گئی اور دیکھا کچھ گائیں ذبح ہو رہی ہیں جس کی تعبیر حضرت حمزہؓ کی شہادت اور دیگر صحابہؓ کی شہادت تھی، جو بڑا حادثہ ہے مگر آپ ﷺ نے اس کو صحابہؓ سے بیان فرمادیا تھا۔

قال واحب القيد في النوم واكره الغل: بضم الغين طوق خواب میں گردن کے اندر طوق کو اس لئے برا سمجھتے تھے کہ یہ اہل جہنم کی علامت ہے کما قال تعالیٰ اذا الاغلال فی اعناقھم اور پیر میں بیڑی کو اس لئے پسند فرماتے کہ پیر میں بیڑی روکنے کے لئے ہوتی ہے یعنی یہ معاصی سے رکاوٹ ہے جو ثبات علی الدین کی علامت اور وہ مطلوب و مقصود ہے۔

هذا حديث صحيح اخرجه الشيخان وفي الباب عن ابي هريرةؓ اخرجه البخاري في تاريخه والطحاوي وابن حبان ابي رزينؓ اخرجه الترمذي وانس اخرجه الشيخان وابي سعيد اخرجه البخاري وابن عمرؓ اخرجه احمد والطبري وعوف بن مالك اخرجه البخاري في تاريخه وابن عمر اخرجه مسلم

بَابُ ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ وَبَقِيَتِ الْمُبَشِّرَاتُ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ الرِّسَالَةَ وَ النُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِيْ وَلَا نَبِيَّ قَالَ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ لٰكِنِ الْمُبَشِّرَاتِ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ رُؤْيَا الْمُسْلِمِ وَهِيَ جُزْءٌ مِنْ اَجْزَاءِ النُّبُوَّةِ

ترجمہ: آپ ﷺ نے فرمایا بیشک رسالت و نبوت تو تحقیق منقطع ہوگئی پس کوئی رسول اور کوئی نبی میرے بعد نہیں آئے گا انسؓ نے فرمایا کہ یہ بات لوگوں کو گراں معلوم ہوئی پس آپ ﷺ نے فرمایا لیکن بشارت دینے والی چیزیں اب بھی ہیں صحابہؓ نے پوچھا یا

رسول اللہ مبشرات کیا چیز ہے؟ فرمایا مسلمان کا خواب جو اجزاء نبوت میں سے ہے۔

مبشرات: بکسر الشین یا تو اسم فاعل من التبشیر یا بفتح المیم و کسر الشین مصدر میمی ہے۔عام طور پر اسم فاعل کے صیغہ کے ساتھ ضبط کیا گیا ہے اس کے معنی خوش کرنے والی اشیاء و فقد ورد فی القرآن لهم البشرى فى الحياة الدنيا وفى الآخرة الآية اور بشارة فى الدنيا کی تفسیر روایت میں رؤیائے صالحہ سے کی گئی ہے۔

فشق ذلك: صحابہ کو ختم نبوت کی خبر اسلئے گراں معلوم ہوئی کہ انذار عن السیئات اور بشارت علی الحسنات بذریعہ وحی الہی یعنی رسالت ونبوت کے طریق سے معلوم ہو جاتی تھیں اب کس طرح معلوم ہونگی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ مبشرات اب بھی باقی ہیں کہ خوابات کے ذریعہ اللہ تعالیٰ انذار وتبشیر فرماتے رہیں گے جو اجزاء نبوت میں سے ہے۔

مہلب فرماتے ہیں مبشرات سے تعبیر علی الاغلب ہے ورنہ بسا اوقات رؤیاء منذرہ بھی واقع ہوتے ہیں جو صادقہ ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ مومن کو شفقۃً ورفقاً دکھادیتے ہیں تا کہ وہ مستعد ہو جائے اور مصائب سے محفوظ رہنے کی تیاری کرلے۔

روایت سے معلوم ہوا کہ نبوت ورسالت کی کوئی قسم یا صورت باقی نہیں صرف اس کا چھوٹا سا جز باقی ہے جس کو مبشرات یعنی سچے خواب کہا جاتا ہے۔

تنبیہ: قرآن وحدیث اور تجربات سے ثابت ہے کہ سچے خواب بعض اوقات فاسق وفاجر بلکہ کافر کو بھی آسکتے ہیں سورۂ یوسف میں حضرت یوسف کے دوساتھیوں کے خواب اور ان کے سچے ہونے کا ذکر ہے اسی طرح بادشاہ مصر کا خواب اور اس کا سچا ہونا قرآن میں مذکور ہے حالانکہ یہ تینوں مومن نہ تھے۔

حدیث میں کسریٰ کا خواب مذکور ہے جو اس نے رسول اللہ ﷺ کی بعثت سے متعلق دیکھا تھا اور وہ خواب صحیح ہوا حالانکہ کسریٰ مسلمان نہ تھا رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی عاتکہ نے بحالت کفر آپ ﷺ کے بارے میں سچا خواب دیکھا، نیز کافر بادشاہ بخت نصر کے خواب کی تعبیر حضرت دانیال نے دی وہ خواب سچا ہوا۔

اس سے معلوم ہوا کہ محض اتنی بات کہ کسی کو سچا خواب نظر آئے اور واقعہ اس کے مطابق ہو جائے یہ رائی کے نیک وصالح بلکہ مسلمان ہونے کی بھی دلیل نہیں ہو سکتی ہاں اتنی بات صحیح ہے عادۃ اللہ یہی ہے کہ سچے اور نیک لوگوں کے خواب عموماً سچے ہوتے ہیں اور فساق وفجار کے عموماً حدیث النفس یا تسویل الشیطان کی قسم باطل سے ہوا کرتے ہیں مگر کبھی اس کے خلاف بھی ہو جاتا ہے۔

بہر حال سچے خواب عام امت کے لئے حسب تصریح حدیث ایک بشارت وتنبیہ سے زائد کوئی مقام نہیں رکھتے نہ خود رائی کے لئے کسی معاملہ میں حجت ہو سکتے ہیں اور نہ دوسروں کے لئے بعض ناواقف لوگوں خوابات سے طرح طرح کے وساوس میں مبتلا ہو جاتے ہیں، کوئی ان کو ولایت کی علامت سمجھتا ہے کوئی ان سے حاصل ہونے والی باتوں کو شرعی احکام کا درجہ دینے لگتا ہے یہ سب بے بنیاد ہے۔

یہ بھی یاد رہے کسی خواب کی تعبیر کا فوراً ظاہر ہونا ضروری نہیں تفسیر قرطبی میں ہے کہ شداد بن الہاد نے فرمایا یوسف علیہ السلام کے خواب کی تعبیر چالیس سال بعد ظاہر ہوئی۔

نیز یہ بھی واضح رہے کہ تعبیر خواب ایک مستقل فن ہے جو اللہ تعالیٰ کسی کو عطا فرمادیتے ہیں ہر شخص اس کا اہل نہیں ہے کما

هو مستفاد من قوله تعالىٰ ويعلمك من تاويل الاحاديث۔

وفي الباب عن ابي هريرةؓ اخرجه البخاري وحذيفةؓ بن اسيد بفتح الهمزة اخرجه الطبراني وابن عباسؓ اخرجه مسلم وابوداؤد والنسائي وام كرزؓ بضم الكاف وسكون الراء بعدها زاء اخرجه احمد وابن ماجه وصححه ابن خزيمه وابن حبان

هذا حديث صحيح غريب اخرجه ابو يعلى واحمد والحاكم۔

عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ مِصْرَ قَالَ سَأَلْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِؓ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَقَالَ مَاسَأَلَنِيْ عَنْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ اِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ مُنْذُ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ مَاسَأَلَنِيْ عَنْهَا اَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ اُنْزِلَتْ هِيَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ اَوْتُرٰى لَهٗ

ترجمہ: ایک مصری شخص سے منقول ہے کہا اس نے کہ میں نے ابودرداءؓ سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد لھم البشری فی الحیاۃ الدنیا الخ۔ کے بارے میں معلوم کیا تو فرمایا اس کے بارے میں تیرے علاوہ کسی نے نہیں معلوم کیا سوائے ایک شخص کے جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ سے معلوم کیا ہے میں نے آپ سے اسکے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا تیرے علاوہ کسی نے اس آیت کے بارے میں معلوم نہیں کیا جب سے یہ آیت نازل ہوئی ہے وہ سچا خواب ہے جس کو مسلم دیکھے یا مسلم کے لئے دکھایا جائے۔

عن رجل من اهل مصر ابن ابی حاتم نے اپنے والد سے نقل کیا ان هذا الرجل لیس بمعروف۔

يراها المسلم او ترى: یہ مجہول ہے معناہ یراہا رجل آخر لہ حاصل روایت یہ ہے کہ آپ ﷺ نے لھم البشری فی الحیاۃ الدنیا کی تفسیر سچے خواب کے ساتھ فرمائی ہے خواہ خود اس کو مسلمان دیکھے یا اس کے حق میں وہ خواب کوئی دوسرا شخص دیکھے دونوں صورتوں میں مسلمان کے لئے بشارت فی الدنیا ہے اور باعث فضیلت بھی ہے مسلم نے اگر خود اپنے حق میں خواب دیکھا تب تو خیر ہے ہی۔ اگر دوسرے کے حق میں دیکھا تب بھی اس کیلئے فضیلت اس وجہ سے ہے کہ خیر اس کو دکھائی گئی ہے اگر چہ دوسرے کے حق میں ہی ہو اور اگر کسی نے اس مسلم کے لئے خیر دیکھی تب بھی اسکے صاحب فضل ہونے کی علامت ہے جس طرح دیکھنے والے کے لئے بھی فضل کی علامت ہے قالہ الکنکوہیؒ۔

وفي الباب عن عبادةؓ اخرجه الترمذي في هذا الباب هذا حديث حسن اخرجه احمد وابوداؤد والطيالسي۔

امام ترمذیؒ نے رجل کے مجہول ہونے کے باوجود روایت کو حسن قرار دیا ہے غالباً دیگر شواہد ان کے پیش نظر ہیں۔

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْاَسْحَارِ

ترجمہ: ابوسعیدؓ نے نبی کریم ﷺ سے نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا سب سے سچا خواب وہ ہے جو صبح کے اول اوقات میں دیکھا جائے رات کا آخری حصہ وقت صبح سے کچھ پہلے ہے اس وقت خواب عموماً سچے ہوتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ معدہ بخارات سے خالی ہوتا ہے قوت فکریہ مجتمع ہوتی ہے اور قوت شہوانیہ میں سکون ہوتا ہے پھر نزول ملائکہ کا وقت ہوتا ہے۔ الحديث اخرجه الدارمي

واحمد وابن حبان والبیھقی وقال الحاکم صحیح۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ مَنْ رَآنِيْ فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِيْ

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ رَآنِيْ فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِيْ فَإِنَّ الشَّيْطٰنَ لَا يَتَمَثَّلُ بِيْ۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس شخص نے مجھ کو خواب میں دیکھا پس تحقیق اس نے مجھ کو ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری مثال نہیں بنا سکتا ہے۔

من رانی فی المنام فقد رانی علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں من موصولہ متضمن بمعنی الشرط ہے یہاں شرط و جزاء کے درمیان اتحاد معلوم ہو رہا ہے جو کمال مبالغہ کے لئے کیا جاتا ہے۔

ای من رانی فی المنام فقد رانی حقیقۃ علی کمالہ بلا شبھۃ ولا ارتیاب ویدل علیہ حدیث ابی قتادۃؓ انہ علیہ السلام قال من رانی فقد رای الحق والحق ھھنا مصدر مؤکد یعنی فقد رانی رؤیۃ الحق والاظھر ان المراد بالحق ھھنا الصدق ای فقد صدقت رؤیاہ فانہ قد رانی لا غیری۔

اس ارشاد کے مختلف محامل ہیں

بعض حضرات نے فرمایا یہ عام نہیں ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ مخصوص ہیئت اور مخصوص حلیہ و شکل و صورت میں آپ ﷺ کو دیکھا تو حضور کو دیکھنا کہلائے گا ورنہ نہیں۔

بعض حضرات نے اور بھی تنگی کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ ﷺ نے جس مخصوص صورت پر دنیا سے رحلت فرمائی ہے اس آخر عمر کی مخصوص صورت پر دیکھے تو فقد رانی ورنہ نہیں یہاں تک کہ وفات کے وقت جو حضور ﷺ سر و ڈاڑھی کے سفید بالوں کی جو تعداد تھی اتنی ہی دیکھی ہو تب فقد رانی ورنہ نہیں۔ چنانچہ ابن سیرین سے جب کسی نے اپنا خواب سنایا جو آپ کے حلیہ مخصوصہ پر نہ تھا فرمایا انعب مارأیت النبی ﷺ۔

مگر دوسرے شراح نے وسعت کرتے ہوئے حدیث کے مختلف محامل بیان فرمائے ہیں۔

اول: بعض حضرات نے فرمایا کہ مدت عمر شریف کی کسی وقت کی کسی صورت پر دیکھنا آپ کو دیکھنا شمار ہوگا خواہ جوانی کی حالت یا کہولت یا آخری عمر کی حالت ہو بہر حال وہ آپ کا دیکھنا ہوگا کما فی الروایۃ الانی اری فی کل صورۃ۔

دوم: علامہ مازریؒ فرماتے ہیں حضور ﷺ کو معروف و مشہور اور مخصوص صورت پر دیکھے یا اس کے علاوہ صورت پر، بہر حال وہ حضور ﷺ کو دیکھنا ہوگا فرق صرف یہ ہے کہ اگر مخصوص و معہود صورت پر دیکھا تو وہ حقیقی رؤیا ہے اور اگر دوسری صورت پر دیکھا تو تاویل رؤیا ہے جیسا کہ امام ابو حنیفہؒ نے حضور ﷺ کو متفرق مبارک ہڈیوں کی جمع کرتے ہوئے خواب میں دیکھا تو ابن سیرین نے

تعبیر دی کہ آپ نبی کریم ﷺ کی احادیث کے معانی کے جامع ہوں گے جن احادیث کے بارے میں صحابہؓ و تابعینؒ کے درمیان اختلاف ہے پھر آپ امام المسلمین ہوں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

سوم: نوویؒ فرماتے ہیں جس صورت پر بھی حضور کو دیکھے وہ حضور کو دیکھنا ہوگا ہاں البتہ دین وایمان کے کمال ونقص کے اعتبار سے مختلف صورتیں ہوسکتی ہیں۔ جس نے آپ کو اچھی صورت پر دیکھا تو یہ کمال دین وایمان کی علامت ہے اور جس نے اس کے خلاف دیکھا تو یہ دیکھنے والے کے نقص دین وایمان کی طرف اشارہ ہے تاکہ وہ اپنے دین وایمان کا علاج کر سکے تو حضور کو خواب میں دیکھنا ایک کسوٹی ہے جس سے آدمی اپنے باطنی حالات معلوم کر سکتا ہے کامل الایمان مزید ترقی کر سکتا ہے اور ناقص الایمان اپنی اصلاح کر سکتا ہے۔

چہارم: ابن الباقلانی نے فرمایا فقد رانی کے معنی رؤیاہ صحیحہ لیست باضغاث ولا من تسویلات الشیطان روایت کے الفاظ فقد رای الحق سے اس کی تائید ہوتی ہے روایت کے الفاظ فقد رای الحق ہے۔

پنجم: اس کے معنی من رانی فی المنام سیرانی ہیں اگر رائی صحابی ہے تو اس صحابی کے لئے بشارت ہوگی کہ دور رہ کر جب اس نے آپ کو خواب میں دیکھا تو عنقریب اس کو زیارت یقظۃً بھی نصیب ہوجائے گی چنانچہ دوسری روایت میں سیرانی فی الیقظۃ صراحۃً واقع ہے اس قول پر آپ کا یہ ارشاد صحابہ کے ساتھ مخصوص ہوگا۔

اور اگر غیر صحابی رائی ہے تو پھر اس کا مطلب یہ ہے کہ عنقریب اس خواب کی تعبیر وہ دیکھ لے گا یا بطور کرامت یقظۃ زیارت ہوگی یا اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کو آخرت میں زیارت خاص نصیب ہوگی جس میں رائی کو آپ سے قرب ہوگا اور آپ اس کی سفارش فرمائیں گے۔

ششم: اس کے معنی بطور تشبیہ ہیں ای فکانما رانی فی الیقظۃ جو دوسری روایت کے الفاظ ہیں۔

ہفتم: فقد رانی سے مراد یہ ہے کہ ایسے رائی کو مدینہ منورہ میں روضۂ اقدس پر حاضری کی توفیق ہوگی۔

ہشتم: فقد رانی سے معنی رؤیا مراد ہے یعنی ایسے شخص کو بشارت ہے کہ وہ آپ کے طریق پر رہے گا اور آپ کی اتباع اس کو نصیب ہوگی جمہور علماء نے فرمایا کہ روایت اپنے ظاہر پر ہے کہ جس نے آپ کو خواب میں دیکھا اس نے آپ ہی کو دیکھا اب اگر اس نے آپ کی زیارت حلیہ معہودہ کے علاوہ میں کی تو یہ رائی کے احوال کے اعتبار سے ہے شراح فرماتے ہیں اس کی مثال آئینہ کی طرح ہے کہ جس رنگ کا آئینہ ہوگا ایسی ہی صورت نظر آئے گی جس قسم کے احوال دیکھنے والے کے ہوں گے ویسی ہی صفات کے ساتھ آپ کی زیارت ہوگی۔

پھر اہل علم فرماتے ہیں بعینہ آپ کی ذات نظر آتی ہے یا صورت مثالیہ کی زیارت ہوتی ہے۔ صوفیاء کے اس بارے میں دونوں قول ہیں۔ بعض کو اللہ تعالیٰ اتنی قوت عطا فرمادیتے ہیں کہ وہ بعینہ آپ کی ذات اقدس کی زیارت کرتے ہیں اور بعض کو آئینے کی طرح مثال کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔

اشکال: آپ ﷺ کی زیارت ایک ہی وقت میں مختلف شہروں اور مختلف ملکوں میں افراد کو ہوتی ہے حضور بیک وقت کہاں کہاں تشریف لے جاسکتے ہیں؟

جواب: آپ کی مثال مثل آفتاب ومہتاب کے ہے آفتاب اپنی جگہ قائم مگر مختلف مقامات سے لوگ دیکھتے ہیں اسی طرح آپ ﷺ کہیں تشریف نہ لے جائیں پھر بھی مختلف مقامات پر مختلف افراد بیک وقت زیارت سے مشرف ہو جائیں تو کیا اشکال ہے۔

فان الشیطان لا یتمثل بی. یعنی شیطان تمثل نہیں کرسکتا اور اپنے کو حضور اکرم ﷺ کی صورت میں نہیں دکھا سکتا ہے یعنی جیسا کہ شیطان کسی کے سامنے بیداری کی حالت میں آپ کی صورت بنا کر نہیں آسکتا ہے ایسے ہی نوم کی حالت میں بھی آپ کی صورت میں نہیں آسکتا ہے اور معجزہ آپ ﷺ کے ساتھ خاص ہے۔

حضرات محققین فرماتے ہیں کہ شیطان اللہ کی مثال میں تمثل کر کے کسی کو یہ وسوسہ ڈال سکتا ہے کہ میں اللہ ہوں لیکن حضور ﷺ کا تمثل کر کے وسوسہ نہیں ڈال سکتا ہے اور اس کی مختلف وجوہات اہل علم نے بیان فرمائی ہیں۔

اول: حضور ﷺ منبع ہدایت اور مظہر رشد ہیں اور شیطان مظہر ضلالت اور ہدایت وضلالت میں تضاد ہے پھر تمثل کیسے کرسکتا ہے اور اللہ کے لئے صفت ہدایت کے ساتھ صفت اضلال کے مرتبہ میں اللہ کا تمثل کرسکتا ہے۔

دوم: مخلوق کی جانب سے دعوی الوہیت صریح البطلان ہے محل اشتباہ نہ ہونے کی بناء پر دعوی الوہیت کے بعد خواہ اس سے صدور خوارق بھی ہو جائے تب بھی وہ باطل ہے لہذا شیطان اگر اللہ تعالیٰ کا تمثل کر کے کسی کے پاس آئے اور صدور خوارق بھی کرے تو یہ صریح البطلان ہونے کی وجہ سے کسی کو شبہ نہ ہوگا اس لئے تمثل باری تعالیٰ کرسکتا ہے ہاں شیطان کے دعوی نبوت کرنے میں اشتباہ ہوگا کیونکہ نبی انسان ہوتا ہے کما قال تعالیٰ قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی اب شیطان بھی انسانی صورت لے کر دعوی نبوت کرے تو یہ محل اشتباہ ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کو یہ قدرت نہیں عطا فرمائی کہ وہ آپ کا تمثل کر سکے تا کہ منصب نبوت محفوظ رہے اور حق وباطل میں اشتباہ نہ ہو۔

وفی الباب عن ابی ہریرۃؓ اخرجہ الشیخان وابن ماجہ وابی قتادۃؓ اخرجہ الشیخان وابوداؤد وابن عباسؓ اخرجہ ابن ماجہ وابی سعیدؓ اخرجہ البخاری وابن ماجہ وجابرؓ اخرجہ مسلم ابن ماجہ انسؓ اخرجہ البخاری وابی مالک وعن ابی مالک الاشجعی اخرجہ احمد والبخاری وابی بکرۃؓ اخرجہ الطبرانی فی تاریخہ وابی جحیفۃ اخرجہ ابن ماجہ هذا حديث حسن صحيح اخرجہ ابن ماجہ

بَابُ مَاجَاءَ اِذَا رَأَی فِی الْمَنَامِ مَايَكْرَهُ مَايَصْنَعُ

عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَنَّهُ قَالَ الرُّؤْيَا مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ فَاِذَا رَاٰی اَحَدُكُمْ شَيْئًا يَّكْرَهُهُ فَلْيَنْفُثْ عَنْ يَّسَارِهٖ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَيَسْتَعِيْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا فَاِنَّهَا لَاتَضُرُّهُ

ترجمہ: ابوقتادہؓ نے آپ ﷺ سے نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا سچا خواب تو اللہ کی جانب سے ہے اور برا خواب شیطان کی جانب سے ہے پس جب تم میں سے کوئی مکروہ یعنی ڈرانے والا خواب یا برے خواب دیکھے تو تین مرتبہ بائیں طرف تھوک دے اور اس کو چاہئے کہ اللہ کی پناہ مانگے اس کے شر سے پس بے شک وہ اس کو نقصان نہیں دے گا۔

الرُّؤیا من اللّٰہ: اس سے مراد رویائے صالحہ ہے ورنہ مطلق رویا خواہ صادقہ ہو یا کاذبہ سب من جانب اللہ ہیں۔

الحلم من الشیطان: بضم الحاء وسکون اللام وبضم اللام اس سے وہ خواب مراد ہیں جو ڈرانے والے ہوں یا خیالات فاسدہ کا نتیجہ ہوں یعنی برے خواب کی نسبت شیطان کی طرف اس کے اثر کی بناء پر کردی گئی ہے۔

فلینفث عن یسارہ ثلث مرات: نوویؒ فرماتے ہیں بضم الفاء وکسرہا ایک روایت میں فلیبصق اور ایک روایت میں فلیتفل اور اکثر روایات میں فلینفث واقع ہے۔ مقصود تینوں لفظوں سے اظہار کراہیت کے لئے منہ سے عمل کرنا ہے خواہ پھونک سے ہو یا تھوک کر ہو بائیں جانب محل اقذار ومکروہات ہے اس کی تخصیص فرمائی گئی ہے نیز تین کی تخصیص کمال اظہار کراہت وتحقیر کے لئے ہے۔

(برے خواب کے آداب) روایات میں برے خواب دیکھنے کے بعد مختلف امور وارد ہوئے ہیں۔ فلیتفل عن یسارہ ثلاثا۔ ویستعذ باللّٰہ من الشیطان ثلاثا۔ ولیتحول عن جنبہ الذی کان علیہ، فلیستعذ باللّٰہ من شر الشیطان وشرھا، فلیقم فلیصل ولا یحدث بھا الناس۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں ان سب کو جمع کرے اور سب پر عمل کرے۔

فانہ لا یضرہ: یعنی ان اعمال مذکورہ کو کرنے کے بعد وہ خواب پراگندہ کوئی نقصان نہ دے گا کہ وساوس بھی دفع ہو جائیں گے اور امر مکروہ سے سلامتی بھی حاصل ہوگی اور یہ ایسا ہی ہے کہ صدقہ دفع بلاء کا سبب ہے اور حفاظت مال کا ذریعہ بھی ہے۔

وفی الباب عن عبداللّٰہ بن عمر واخرجہ احمد وابی سعیدؓ اخرجہ الترمذی وانسؓ اخرجہ الطبرانی و جابرؓ اخرجہ مسلم ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ الشیخان۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ تَعْبِيْرِ الرُّؤْيَا

عَنْ اَبِيْ رَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ اَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ وَهِيَ عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ مَالَمْ يُحَدِّثْ بِهَا فَاِذَا تُحَدِّثَ بِهَا سَقَطَتْ قَالَ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ وَلَا تُحَدِّثْ بِهَا اِلَّا لَبِيْبًا اَوْ حَبِيْبًا۔

ترجمہ: ابورزین عقیلیؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مؤمن کا خواب نبوت کے چالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے اور وہ پرندہ کے پیر پر ہوتا ہے جب تک اس کو بیان نہ کیا جائے پس جب بیان کر دیا گیا تو وہ ساقط ہو جاتا ہے اور راوی نے کہا میرا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا اور نہ بیان کرے اس کو مگر کسی عقل والے سے یا محبت کرنے والے سے۔

عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ: عدم قرار کے اعتبار سے تشبیہ مقصود ہے یعنی جس طرح کوئی شی پرندہ کے پیر پر رکھی ہوئی ہو جو ادنیٰ حرکت سے گر جاتی ہے اسی طرح خواب کی تعبیر بھی ہوتی ہے جوں ہی اس کی کوئی تعبیر دی جائے گی فوراً وہ واقع ہو جائے گی اور وہی تعبیر متعین ہوگی۔

حضرت گنگوہیؒ نے فرمایا اس کا مطلب یہ ہے کہ جب کوئی شخص خواب دیکھتا ہے تو اسکے دل میں قرار نہیں ہوتا بلکہ یکے بعد دیگرے مختلف تعبیرات اس کے دل میں آتی رہتی ہیں جیسے رجل طائر پر کوئی چیز رکھی ہو تو اس کو قرار نہیں ہوتا حتیٰ کہ جب کوئی شخص اولاً تعبیر دیتا ہے تو پھر وہی اس کے دل میں راسخ ہو جاتی ہے اور اس کے نزدیک وہی تعبیر متعین ہو جاتی ہے اب اگر اس کے بعد کوئی

دوسری تعبیر دے گا تو پہلی زائل نہ ہوگی۔ وقعت اور سقطت کا یہی مطلب ہے۔

إِلَّا لَبِيْبًا أَوْ حَبِيْبًا: بعض روایات میں الا علی عالم او ناصح اور بعض میں ذی رائی ودلو واقع ہے مراد یہ ہے کہ خواب یا تو عقل مند اور ذی رائے سے ذکر کرے یا محبت کرنے والے خیر خواہ سے چونکہ عقل مند اور محبت کرنے والا عقل ومحبت کی بناء پر تعبیر اچھی بیان کرے گا جو اول تعبیر ہوگی وہی واقع ہوگی اور اگر وہ شخص جاہل یا بغض رکھنے والا ہوگا تو ایسی تعبیر دے گا جس سے رنج والم وغم ہوگا اور وہی تعبیر واقع ہوگی۔

حدثنا الحسن بن علی الخلال الخ سے روایت کی دوسری سند ذکر فرمائی ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه ابوداؤد وابن ماجه وروى حماد بن سلمة الخ حاصل عبارت یہ ہے کہ یعلی بن عطاء کے اکثر شاگردوں نے راوی کا نام وكيع بن عدس بضم العين والدال المهملتين بیان کیا ہے جو صحیح ہے مگر حماد نے بضم الحاء والدال المهملتين کہا ہے جو درست نہیں ہے۔

بَابٌ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلرُّؤْيَا ثَلَاثٌ فَرُؤْيَا حَقٌّ وَرُؤْيَا يُحَدِّثُ الرَّجُلُ بِهَا نَفْسَهُ وَرُؤْيَا تَحْزِيْنٌ مِنَ الشَّيْطَانِ فَمَنْ رَأٰى مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ وَكَانَ يَقُوْلُ يُعْجِبُنِي الْقَيْدُ وَأَكْرَهُ الْغُلَّ الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِي الدِّيْنِ وَكَانَ يَقُوْلُ مَنْ رَآنِيْ فَإِنِّيْ أَنَا هُوَ فَإِنَّهُ لَيْسَ لِلشَّيْطٰنِ أَنْ يَتَمَثَّلَ بِيْ وَكَانَ يَقُوْلُ لَا تُقَصُّ الرُّؤْيَا إِلَّا عَلٰى عَالِمٍ أَوْ نَاصِحٍ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا خواب تین ہیں (۱) سچا خواب (۲) وہ خواب جو آدمی اپنے دل میں سوچتا ہے (۳) وہ خواب جو شیطان غمگین کرنے کے لیے دکھاتا ہے پس جو شخص ایسا خواب دیکھے کہ وہ ناگوار ہے پس کھڑا ہو جائے اور نماز پڑھے اور فرماتے تھے اچھی لگتی ہے مجھکو بیڑی اور برا سمجھتا ہوں میں طوق کو اور بیڑی سے مراد ثبات فی الدین ہے اور فرماتے تھے جس شخص نے مجھکو دیکھا پس وہ میں ہی ہوں اسلئے کہ شیطان کو یہ قدرت نہیں کہ وہ تمثل کرے اور فرماتے تھے نہ بیان کیا جائے خواب مگر کسی عالم سے یا خیر خواہ سے۔

وكان يقول يعجبني الخ: ظاہر ہے کہ یہ مرفوع ہے لانہ ثبت باسناد آخر ویحتمل انہ من کلام ابی ہریرۃؓ او من کلام ابن سیرین وقد تقدم الکلام علی الروایۃ۔ هذا حديث حسن صحيح اخرجه الترمذي فيما تقدم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الَّذِيْ يَكْذِبُ فِيْ حُلْمِهٖ

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ أُرَاهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ كَذَبَ فِيْ حُلْمِهٖ كُلِّفَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَقْدَ شَعِيْرَةٍ۔

ترجمہ: حضرت علیؓ سے منقول ہے راوی فرماتے ہیں میرا گمان ہے کہ علیؓ نے آپ ﷺ سے نقل کیا کہ فرمایا آپ نے جو شخص جھوٹ بیان کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو مکلف بنائیں گے قیامت کے دن کہ وہ گرہ لگائے جو میں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ تَحَلَّمَ كَاذِبًا كُلِّفَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ وَلَنْ يَعْقِدَ

ترجمہ: جو شخص جھوٹے خواب بیان کرے تو اس کو دو جو کے درمیان گرہ لگانے کا مکلف بنایا جائے گا اور وہ گرہ ہرگز نہیں لگا سکے گا۔

تحلّم ای ادعٰی انہ حلم حلما ای رأی رؤیا اس سے مراد خواب ہے کلّف مجہول عقد شعیرۃ دوسری روایت میں بین شعیر تین ولن یعقد بینھما واقع ہے یعنی جو شخص لوگوں سے جھوٹے خواب بیان کرے گا اللہ قیامت کے دن اس شخص کو مکلف بنائے گا کہ وہ جو کے درمیان گرہ لگائے اور ظاہر ہے کہ دو غیر متصل چھوٹی شی کے درمیان وہ گرہ نہیں لگا سکے گا تو ایسی صورت میں اس کو ہمیشہ عذاب میں رہنا گویا لن یعقد بینھما کنایہ ہے دوام عذاب سے۔

عقد شعیرتین کی مناسبت بخواب کذب

چونکہ سچا خواب جزء نبوت ہے اب جھوٹا خواب بیان کرنے والا گویا اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھ رہا ہے کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے جزء نبوت عطا فرمایا ہے اور ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں جھوٹ بولنے سے بڑھ کر کون سا گناہ ہوگا اس لئے اس کو دوامی عذاب دیا جائیگا یا یہ کہا جائے جھوٹا خواب بیان کر کے ایک محال شی ء کا اس نے دعویٰ کیا ہے اس وجہ سے اس کو محال شی ء کا مکلف بنایا جائے گا۔

وھذا اصح من الحدیث الاول: یعنی حدیث قتیبہ عن ابی عوانہ عن عبدالاعلی اصح ہے حدیث ابی احمد الزبیری عن الثوری عن عبدالاعلیٰ سے کیونکہ ابو احمد الزبیری اگرچہ ثقہ ہے مگر کبھی کبھی ثوری سے نقل کرنے میں ان سے خطاء واقع ہو جاتی ہے کما فی التقریب۔

ھذا حدیث صحیح اخرجہ البخاری وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ

بَابٌ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ بَيْنَمَا اَنَا نَائِمٌ اِذْ اُتِيْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ ثُمَّ اَعْطَيْتُ فَضْلِيْ عُمَرَبْنَ الْخَطَّابِ قَالُوْا فَمَا اَوَّلْتَهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَلْعِلْمَ۔

ترجمہ: ابن عمرؓ نے فرمایا میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہوئے کہ میں اتفاقاً سویا ہوا تھا کہ دیا گیا مجھ کو دودھ کا پیالہ پس میں نے اس سے پیا پھر دیدیا میں نے اپنا بچا ہوا عمر بن الخطابؓ کو لوگوں نے پوچھا کیا تعبیر فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علم۔

دودھ کی تعبیر علم سے کیوں

قال العلم: بالرفع والنصب۔ لبن کی تعبیر علم کے ساتھ فرمائی چونکہ کثیر النفع ہونے میں دونوں مشترک ہیں۔ حافظ ابن عربیؒ فرماتے ہیں لبن اللہ تعالیٰ کا ایسا عطیہ ہے جو مختلف اخباث دم، فرث سے طیب نکل کر آتا ہے جس طرح علم ظلمۃ جہل سے نکل کر آتا ہے۔

بعض حضرات نے فرمایا علم بصورۃ لبن عالم مثال میں اس مناسبت سے ہے کہ جس طرح لبن اول غذائے بدن ہے اس

طرح علم بھی روح کی اول غذاء اور اس کی اصلاح کا سبب ہے۔

اہل معرفت نے فرمایا کہ تجلی علم کا ظہور چار صورتوں میں ہوتا ہے۔ بصورۃ ماء بصورۃ لبن۔ بصورۃ خمر اور کبھی بصورۃ عسل اور یہ چاروں جنت کی نہریں ہیں کمافی القرآن۔

جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ پانی پی رہا ہے اس کو علم لدنی حاصل ہوگا اور جو شخص دودھ پیتے دیکھے اس کو اسرار شریعت کا علم حاصل ہوگا اور جس نے شراب پیتے دیکھا اس کو علم بالکمال حاصل ہوگا اور جو شخص اپنے کو شہد پیتے دیکھے اس کو علم بطریق وحی حاصل ہوگا۔

حضرت عمر فاروقؓ کو اللہ تعالیٰ نے علوم نبوت سے خوب نوازا تھا علم سیاست سے لے کر علم شریعت تک ان کو کامل علوم حاصل تھے۔ نیز ان کا زمانہ خلافت بھی طویل ہے۔ فتوحات بھی اس زمانہ میں خوب ہوئیں تو اشاعت دین کا موقع بھی زیادہ میسر ہوا ہے اور ان کی اطاعت پر امت کا اتفاق رہا ہے۔

نوٹ: چونکہ علم کی کوئی خاص مقدار اس روایت میں نہیں بیان کی گئی ہے اس وجہ سے ابوبکر پر ان کو فضیلت حاصل نہ ہوگی چونکہ ابوبکرؓ کے اعلم الصحابہ ہونے میں سبھی کا اتفاق ہے۔

حدیث ابن عمرؓ حدیث صحیح اخرجہ الشیخان۔

بابٌ

عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا نَائِمٌ رَاَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُوْنَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ فَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ يَجُرُّهُ قَالُوْا فَمَا اَوَّلْتَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الدِّيْنَ۔

ترجمہ: آپ ﷺ کے بعض صحابہؓ سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا میں سویا ہوا تھا میں نے دیکھا لوگوں کو وہ میرے سامنے پیش کئے جا رہے ہیں اور ان پر قمیصیں ہیں ان میں سے (بعض پر) ایسی قمیص تھی جو صرف سینہ تک پہنچی ہوئی تھیں اور بعض ان سے نیچے تھیں فرمایا پس پیش کئے گئے میرے سامنے عمر فاروقؓ حال یہ کہ ان پر جو قمیص تھی اتنی لمبی تھی کہ وہ اس کو نیچے کھینچ رہے تھے صحابہؓ نے پوچھا کیا تعبیر ہے اس کی یا رسول اللہ ﷺ فرمایا دین۔

بعض اصحاب النبی ﷺ معمر نے تو اسی طرح مبہماً نقل کیا ہے مگر صالح بن کیسان نے زہری سے ابوسعید الخدریؓ کے نام کے ساتھ روایت نقل کی ہے جیسا کہ آگے مذکور ہے۔

وعلیھم قُمُص: جملہ حالیہ ہے بضم القاف والمیم۔

ما یبلغ الثدیّ: بضم الثاء و کسر الدال و تشدید الیاء جمع ثدی بفتح الثاء وسکون الدال اس کے معنی پستان کے ہیں مراد سینہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ بعض لوگوں پر اتنی چھوٹی قمیص تھی جو صرف حلق سے سینہ تک ہی تھی۔

ومنھا ما یبلغ اسفل من ذٰلک: بخاری میں منھا مادون ذٰلک واقع ہے حافظ فرماتے ہیں اس سے مراد یا تو یہ ہے کہ اس سے نیچی قمیص تھی جو پہلے سے لمبی ہوگی یا مراد کم ہونا ہے اوپر کے اعتبار سے تو پھر یہ پہلی والی سے چھوٹی ہوگی۔ اول معنی کی تائید

حکیم ترمذی والی روایت سے ہوتی ہے جس کے الفاظ ہیں فمنہم من کان قمیصہ الی سرتہ ومنھم من کان قمیصہ الی رکبتہ ومنھم من کان قمیصہ الی انصاف ساقہ نیز اس مذکورہ فی الباب روایت سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ عمر فاروقؓ کی قمیص کو نیچے تک بیان فرمایا ہے۔

قال الدین: بالنصب ای اؤلتہ الدین ویجوز الرفع ای ہو الدین یعنی حضرت عمر فاروقؓ پر جو آپ نے اتنی بڑی قمیص دیکھی ہے تو یا رسول اللہ اس کی تعبیر کیا ہے فرمایا دین۔

دین کو لباس سے تعبیر کیوں فرمایا

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں قمیص اور اس کا اتنا بڑا ہونا کہ زمین پر گھسٹ رہی ہے، یہ عمرؓ کے لئے بڑی بشارت ہے کہ وہ دین کے اعتبار سے اعلیٰ درجہ پر فائز ہیں اور ان کے آثار جمیلہ اور سنن وطرق مسلمانوں میں باقی رہیں گے کہ لوگ ان کی وفات کے بعد ان کی اتباع کریں گے۔ اور کامیاب ہوں گے، حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں دین کو لباس سے تعبیر کیا جاتا ہے قال اللہ تعالیٰ ولباس التقویٰ ذالک خیر۔ نیز اہل عرب لفظ قمیص سے کنایہ کرتے ہیں فضل و عفاف سے اخرجہ احمد والترمذی وابن ماجہ وصححہ' ابن حبان۔

حافظؒ فرماتے ہیں کی دین کو قمیص سے تعبیر کرنے میں مناسبت ظاہر ہے کہ جس طرح قمیص ساتر عورت ہے دنیا میں اسی طرح دین ساتر ہے آخرت میں اور حاجب ہے مکروہات سے۔

ابوبکرؓ افضل ہیں عمرؓ پر

اس روایت سے عمر فاروقؓ کی فضیلت ابوبکرؓ پر ثابت نہیں ہوتی کیونکہ ممکن ہے جو لوگ آپ کو خواب میں دکھائے گئے ہوں ان میں ابوبکرؓ نہ ہوں نیز ابوبکرؓ کے ذکر سے یہاں سکوت ہے عمر فاروقؓ کی قمیص کے طویل ہونے سے ابوبکرؓ کی قمیص کے طویل ہونے کی نفی لازم نہیں آتی۔ نیز مقصود عمرؓ کی فضیلت کو بیان کرنا ہے نہ کہ تقابل جب کہ ابوبکرؓ کی فضیلت عمر فاروقؓ پر کثیر روایات سے ثابت اور امت کے درمیان مجمع علیہ ہے۔

عن عائشةؓ بینما راس رسول الله صلى الله عليه و سلم في حجري في ليلة ضاحية اذ قلت يا رسول الله هل يكون لاحد من الحسنات عدد نجوم السماء قال نعم عمرؓ قلت فاين حسنات ابي بكرؓ قال انما جميع حسنات عمرؓ واحدة من حسنات ابي بكرؓ (رواه رزين اخرجه صاحب المشكوة)۔

بہر حال روایت الباب میں عمرؓ کے کمال دین کو بیان کرنا مقصود ہے اور ابوبکرؓ کا تذکرہ ایسے موقع پر اس لئے نہیں فرمایا کہ ان کے مراتب عمر فاروقؓ سے بہت زیادہ ہیں۔

الحسین بن محمد الحریری: بالحاء المھملۃ نسخہ احمدیہ میں اسی طرح واقع ہے مگر صحیح ضبط بالجیم ہے پورا نسب اس طرح ہے حسین بن محمد بن جعفر الحریری من ولد حریر یہ مجہول راوی ہے اس وجہ سے امام ترمذیؒ نے دوسری سند ذکر کر کے فرمایا وھذا اصح نیز دوسری سند میں بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی تعیین ہوگئی ہے کہ وہ ابوسعید الخدریؓ ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمِيْزَانِ وَالدَّلْوِ

عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَؓ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ رُؤْيَا فَقَالَ رَجُلٌ اَنَا رَاَيْتُ كَاَنَّ مِيْزَانًا نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ فَوُزِنْتَ اَنْتَ وَاَبُوْبَكْرٍ فَرَجَحْتَ اَنْتَ بِاَبِيْ بَكْرَةَؓ وَوُزِنَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ فَرَجَحَ اَبُوْبَكْرٍ وَوُزِنَ عُمَرُ وَ عُثْمَانُ فَرَجَحَ عُمَرُ ثُمَّ رُفِعَ الْمِيْزَانُ فَرَاَيْنَا الْكَرَاهِيَةَ فِيْ وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

ترجمہ: ابوبکرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن پوچھا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے پس کہا ایک شخص نے ہاں میں نے دیکھا ہے۔ میں نے دیکھا ایک ترازو ہے جو آسمان سے نازل ہوئی پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکرؓ وعمرؓ دونوں تولے گئے تو ابوبکرؓ جھک گئے عمرؓ کے مقابلہ میں اور عمرؓ وعثمانؓ تولے گئے تو عمرؓ جھک گئے عثمانؓ کے مقابلہ میں پھر ترازو اٹھالی گئی پس محسوس کیا ہم نے ناگواری کے آثار کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے میں۔

کانّ میزانا: کانّ حرف مشبہ بالفعل ہے وزنت مجہول ہے رجحت بفتح الجیم و سکون الحاء معروف ہے۔

مراتب خلفاء راشدین

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر عثمان غنیؓ تک خلافت متفق علیہ رہی ہے تو یہ ادوار متقارب ہوئے اس لئے ترازو کے ذریعہ ان کا وزن کیا گیا کیونکہ وزن اشیاء متقاربہ متشابہ کے درمیان ہوا کرتا ہے اور ان کے بعد حضرت علیؓ کی خلافت میں صحابہؓ کے درمیان اختلاف ہوگیا تھا کہ ایک جماعت علیؓ کے ساتھ تھی دوسری جماعت حضرت معاویہؓ کے ساتھ تھی خلافت علیؓ کی مناسبت پہلی خلافتوں سے بعید ہوگئی اس وجہ سے علیؓ کو عثمان غنیؓ کے ساتھ نہیں تولا گیا۔

روایت سے حضرات خلفاء کے مابین درجات بھی معلوم ہوگئے کہ راجح کو مرجوح پر فضیلت ہے آپ ابوبکرؓ کے مقابلہ میں افضل اور عمرؓ عثمان غنیؓ کے مقابلہ میں افضل ہیں۔

وجہ کراہیۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فراینا الکراھیۃ فی وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: عمر فاروقؓ وعثمان غنیؓ کے وزن کے بعد ترازو اٹھائی گئی جس کی وجہ سے آپ کو غم واقع ہوا پھر اس بارے میں اختلاف ہے کہ وجہ کراہیۃ کیا ہے۔

اول: ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں غالباً وہ کراہیۃ یہ ہے کہ آپ نے رفع میزان سے یہ سمجھا کہ عمر فاروقؓ کے بعد ایسا زمانہ آجائے گا جس میں ظہور فتن ہوگا اور دین میں انحطاط شروع ہوجائے گا اب اس کو ترازو کے ذریعہ دوسرے کے مقابلہ میں تولا نہیں جائے گا۔

دوم: منذریؒ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات پر غم ہوا کہ درجات فضائل تین افراد کے درمیان منحصر ہو گئے کاش اور مزید درجات ہوتے تو کیا ہی اچھا ہوتا۔

سوم: علامہ تورپشتیؒ فرماتے ہیں کہ آپ کے غمگین ہونے کی وجہ یہ ہے کہ رفع میزان سے آپ نے یہ جان لیا کہ عمرؓ کے بعد جو شخص یعنی عثمانؓ خلافت پر متمکن ہوں گے تو ان کا زمانہ فتن کا ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو انحطاط دین کے ساتھ ساتھ عثمان غنیؓ کے دور میں فتنوں کے ظہور پر غم ہوا۔

چہارم: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ آپ کو غم مطلقاً امت پر فتنوں اور مصائب کے وقوع سے ہوا کیونکہ رفع میزان سے یہی مفہوم ہوا کہ عمر فاروقؓ کے بعد امت پر مصائب واقع ہوں گے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه ابو داؤد والمنذري و سكتا عنه

عَنْ عَائِشَةَؓ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَرَقَةَ فَقَالَتْ لَهُ خَدِيْجَةُ اِنَّهُ كَانَ صَدَّقَكَ وَاِنَّهُ مَاتَ قَبْلَ اَنْ تَظْهَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيْتُهُ فِي الْمَنَامِ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيَاضٌ وَلَوْ كَانَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَكَانَ عَلَيْهِ لِبَاسٌ غَيْرُ ذٰلِكَ۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم کیا گیا ورقہ کے بارے میں پس کہا خدیجہ نے کہ بیشک انہوں نے تو آپ کی تصدیق کی اور مرگئے آپ کی بعثت کے ظہور سے پہلے، تو آپ نے فرمایا مجھ کو خواب میں دکھایا گیا ہے ان کو کہ ان پر سفید کپڑے ہیں اور اگر وہ اہل نار میں سے ہوتے تو ان پر اس کے علاوہ لباس ہوتا۔

ورقہ: بفتحات ورقہ بن نوفل حضرت خدیجہؓ کے چچازاد بھائی ہیں جو نصرانی ہوگئے تھے عمر رسیدہ تھے اور نابینا ہوگئے تھے۔

صَدَّقَكَ: حضرت خدیجہؓ نے عرض کیا کہ ورقہ نے تو آپ کی تصدیق کی ہے یہ اشارہ ہے اس واقعہ کی طرف جب آپ پر اول وحی نازل ہوئی تھی اور آپ گھبرا رہے تھے تو اس وقت ورقہ نے آپ کو تسلی دی تھی اور عرض کیا تھا ابشر ثم ابشر فانا اشهد لك الذي بشر به عيسى بن مريم وانك نبي مرسل (كذا في زيادات المغازي من رواية يونس عن ابن اسحٰق)۔

وانه مات قبل ان تظهر: اس سے مراد یہ ہے کہ ورقہ وفات پاگئے اور انہوں نے آپ کی دعوت کا زمانہ نہیں پایا البتہ وہ آپ کی تصدیق کرتے تھے اور اپنے مذہب نصرانی پر عمل کرتے ہوئے مرگئے ہیں۔

اريته في المنام: صيغه مجهول اي ارانيه الله وهو بمنزلة الوحي حاصل جواب یہ ہے کہ ورقہ کے بارے میں میرے اوپر کوئی وحی جلی تو نہیں آئی البتہ میں نے خواب میں ان کو سفید کپڑے پہنے ہوئے دیکھا ہے جو اہل جنت میں سے ہونے کی علامت ہے اگر وہ اہل جہنم میں سے ہوتے تو سفید کپڑے ان کو نہ پہنائے جاتے۔

اسلام ورقه بن نوفل: ورقہ بن نوفل کے بارے میں محدثین کا اختلاف ہے کہ وہ مسلمان تھے یا نہیں، نیز صحابی تھے یا نہیں؟ بظاہر حدیث الباب اور اسی طرح بخاری شریف کی حدیث الوحی وغیرہ سے ان کے مومن ہونے پر دلالت ہوتی ہے۔

علامہ قسطلانیؒ فرماتے ہیں حدیث الوحی سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے آپ کی نبوت کا اقرار کیا تھا ہاں البتہ دعوت الی الاسلام سے پہلے انتقال کر گئے تو بحیرا کی طرح ہوئے۔ علامہ بلقینیؒ کا میلان بھی اسی طرف معلوم ہوتا ہے کہ رجال میں سب سے پہلے اسلام لانے والے ورقہ بن نوفل ہیں وبہ قال الواقدی، اور ابن مندہ نے بھی ان کو صحابہ میں ذکر کیا ہے اسی طرح حافظ نے اصابہ میں صحابہ کی قسم اول میں ذکر کیا ہے اور پھر اختلاف بھی ذکر کیا ہے وبہ قال العینیؒ۔

علامہ کرمانیؒ فرماتے ہیں اگر یہ بات مان لی جائے کہ دین عیسوی منسوخ ہو گیا تھا آپ پر اول وحی کے وقت تو پھر ورقہ کا تصدیق کرنا ثابت ہے تو پھر وہ مومن بھی تھے اور صحابی بھی ورنہ نہیں۔ وفی المستدرک الحاکم من حدیث عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لاتسبوا ورقۃ فانہ کان لہ جنۃ او جنتان۔ بہر حال ناجی ہونے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

هذا حديث غريب اخرجه احمد

عثمان بن عبدالرحمن ليس عند اهل الحديث بالقوى: تقریب میں ہے عثمان بن عبدالرحمٰن بن عمر بن سعد بن ابی وقاصؓ الزہری الوقاصی ابو عمرو المدنی متروک ہیں وکذبہ ابن معین۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ فَقَالَ رَاَيْتُ النَّاسَ اِجْتَمَعُوْا فَنَزَعَ اَبُوْبَكْرٍ ذَنُوْبًا اَوْ ذَنُوْبَيْنِ فِيْهِ ضُعْفٌ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهٗ ثُمَّ قَامَ عُمَرُ فَنَزَعَ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا فَلَمْ اَرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِيْ فَرِيَّهٗ حَتّٰى ضَرَبَ النَّاسُ بِالْعَطَنِ۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمرؓ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خود اور ابو بکرؓ و عمرؓ کو خواب میں دیکھنے کے بارے میں مروی ہے کہ آپ نے فرمایا میں نے دیکھا لوگ جمع ہوئے ابو بکر نے ایک ڈول یا دو ڈول پانی کھینچا اور ان میں ضعف ہے اللہ تعالیٰ ان کو معاف فرمائے پھر عمرؓ کھڑے ہوئے پس انہوں نے کھینچا پس بدل گیا وہ ڈول بڑے ڈول سے پس نہیں دیکھا میں نے کسی پہلوان کو جو اتنا کام کرے جو عمرؓ کے عمل کے مثل ہو حتیٰ کہ لوگ اپنی آرام گاہوں میں پہنچ گئے۔

عن رؤيا النبى صلى الله عليه وسلم وابى بكر و عمر معناه رؤيا النبى صلى الله عليه وسلم وابابكر و عمر اضافة الى المفعول ہے۔ چونکہ ہندی و مصری نسخے وابی بکر واو عطف کے ساتھ ہیں۔ مگر بخاری میں عبارت ہے عن رؤی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ابو بکرؓ و عمرؓ۔ اس صورت میں رؤیا کی اضافۃ الی الفاعل ہوگی۔

فنزع ابوبکرؓ ذنوبا او ذنوبین: ذنوب بفتح الذال ایسا ڈول جس میں پانی ہو۔

و فيه ضعف: اس ضعف سے مراد ان کے زمانہ میں فتنہ ارتداد و اضطراب کا ظہور ہے نیز ان کی مدت خلافت کے قصیر ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے۔

والله يغفر له: یہ جملہ دعائیہ ہے جو اعتراضیہ ہے یہ ارشاد فرما کر آپ نے اس طرف اشارہ فرمایا کہ اگرچہ ابو بکر میں ضعف ہے مگر ان کا یہ ضعف ان کے مرتبہ کے لئے قادح نہیں ہے۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ والله يغفر له یہ جملہ اہل عرب کے یہاں محض تزیین کلام کے لئے مستعمل ہے کہا جاتا ہے افعل کذا واللہ یغفر لک۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ آپ نے یہ ارشاد فرما کر ابو بکرؓ کے قرب وفات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کما فی قولہ تعالیٰ فسبح بحمد ربک واستغفرہ انہ کان توابا۔

فاستحالت غربا: غرب بفتح الغین وسکون الراء بڑا ڈول یعنی پہلے چھوٹا ڈول تھا جب عمر نے کھینچا تو وہ بدل کر بڑا ہو گیا اس سے ان کی کثرت فتوح کی طرف اشارہ ہے چنانچہ ابو بکرؓ کے زمانہ کی بہ نسبت عمر فاروقؓ کا زمانہ طویل ہے اور فتوحات بھی زائد ہیں۔

عبقریًا: بفتح العین وسکون الباء وفتح القاف وکسر الراء وتشدید الیاء ای رجلا قویا۔

یفری: بفتح الیاء و سکون الفاء و سکون الیاء۔

فریه بفتح الفاء و کسر الراء وتشدید الیاء المفتوحة معناه یعمل عمله البالغ۔

العطن: بفتح العین و الطاء و فی آخره نون، اونٹوں کے باندھنے کی جگہ اس سے مراد ٹھکانے ہیں۔

اس روایت میں آپ کے خواب دیکھنے کا ذکر ہے جس میں ابوبکرؓ وعمرؓ کی مدت خلافت کی طرف اشارہ ہے حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں فتنہ ارتداد پھیلا جس کو روکنے کے لئے انہوں انتہائی سعی فرمائی اگر چہ ان کا زمانہ قصیر ہے، مگر اصول اسلام کی حفاظت کی گئی ہے، عمر فاروقؓ کا دور خلافت طویل ہے جس میں فتوحات بے شمار ہوئی ہیں اور دین کی اشاعت زبردست ہوئی، جزئیات بے شمار پیش آئے تو فروعات کی اشاعت خوب ہوئی ہے اور ظاہر ہے کہ بغیر اصول فروعات بیکار ہیں۔ اس اعتبار سے ابوبکر کا دور خلافت قصیر ہونے کے باوجود عمر فاروقؓ کے دورِ خلافت پر فائق ہے۔

هذا حديث صحيح غريب اخرجه الشيخان۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَأَيْتُ امْرَأَةً سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الرَّأْسِ خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ حَتّٰى قَامَتْ بِمَهْيَعَةَ وَهِيَ الْجُحْفَةُ فَأَوَّلْتُهَا وَبَاءَ الْمَدِيْنَةِ يُنْقَلُ إِلَى الْجُحْفَةِ۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمرؓ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کے بارے میں مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے ایک کالی عورت کو دیکھا جس کے سر کے بال بکھرے ہوئے تھے وہ مدینہ سے نکل گئی حتی کہ ٹھہر گئی مہیعہ میں اور وہ جحفہ ہے پس میں نے اس کی تعبیر یہ لی کہ مدینہ کی وباء جحفہ میں منتقل کردی گئی ہے۔

مهیعة: بفتح المیم وسکون الهاء وفتح الیاء والعین وبعدها ہاء اس کی تعیین جحفہ کے ساتھ موسیٰ بن عقبہ کی جانب سے ہے ورنہ اکثر روایات میں یہ تعیین نہیں ہے۔

فاولتها وباء المدينة الخ: مہلب فرماتے ہیں یہ خواب ان خوابات میں سے ہے جن کی تعبیر تمثل کے قبیلہ سے ہے مثلاً آپ نے امراۃ سوداء کو دیکھا تو سوداء سے سوء کو اخذ فرمایا اور داء کے معنی مرض کے ہیں یعنی برا مرض تو آپ نے لفظ سوداء سے یہ اخذ فرمایا کہ برا مرض منتقل ہو کر مدینہ سے جحفہ چلا گیا ہے۔

بعض نے فرمایا اس کے بال بکھرے ہوئے تھے جو تکلیف کا باعث ہوتے ہیں تو آپ نے اخذ فرمایا کہ تکلیف کی شے مدینہ سے نکل کر جحفہ چلی گئی ہے۔

بعض نے کہا بالوں کا بکھرنا دہشت کی بناء پر ہوتا ہے تو گویا ڈرانے والی چیز نکل کر مدینہ سے جحفہ چلی گئی ہے۔

بعض اہل علم نے فرمایا وہ شئی جس پر سوداء غالب ہو اس سے مراد امر مکروہ ہوتا ہے لہذا مراد یہ ہے کہ شئی ناگوار و مکروہ مدینہ سے منتقل ہو کر جحفہ چلی گئی ہے۔

ان سب اقوال کا خلاصہ وہی ہے جو آپ نے فرمایا وباء المدینہ ینقل۔

اس خواب کا پس منظر یہ ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو آب و ہوا موافق نہ

آئی بخار وغیرہ میں مبتلا ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اللھم حبب الینا المدینۃ وانقل حماھا الی الجحفۃ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ خواب بشارت دیدی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا قبول ہو گئی ہے۔

ھذا حدیث غریب اخرجہ البخاری۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ لَا تَکَادُ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ تَکْذِبُ وَاَصْدَقُهُمْ رُؤْیَا اَصْدَقُهُمْ حَدِیْثًا وَالرُّؤْیَا ثَلَاثٌ اَلْحَسَنَةُ بُشْرٰی مِنَ اللّٰهِ وَالرُّؤْیَا یُحَدِّثُ الرَّجُلُ بِهَا نَفْسَهٗ وَالرُّؤْیَا تَحْزِیْنٌ مِنَ الشَّیْطَانِ فَاِذَا رَاٰی اَحَدُکُمْ رُؤْیَا یَکْرَهُهَا فَلَا یُحَدِّثْ بِهَا اَحَدًا وَلْیَقُمْ فَلْیُصَلِّ قَالَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ یُعْجِبُنِی الْقَیْدُ وَاَکْرَهُ الْغُلَّ اَلْقَیْدُ ثَبَاتٌ فِی الدِّیْنِ قَالَ وَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا آخر زمانہ میں مومن کا خواب بہت کم جھوٹا ہوگا لوگوں میں سب سے سچے خواب والے وہ لوگ ہوں گے جو زیادہ سچ بولنے والے ہوں گے۔ اور خواب تین طرح کے ہیں اول وہ خواب ہے جو بشارت من اللہ ہے دوسرا وہ خواب جو آدمی اپنے دل میں سوچتا ہے اور تیسرا وہ خواب جو شیطان کی جانب سے غم پیدا کرنے کے لئے ہوتا ہے جب تم میں سے کوئی ایسا خواب دیکھے جو ناگوار ہو تو اس کو کسی سے بیان نہ کرے اور کھڑا ہو جائے نماز پڑھے اور ابو ہریرہؓ نے فرمایا مجھ کو خواب میں بیڑی کا دیکھنا اچھا معلوم ہوتا ہے اور طوق کو میں برا سمجھتا ہوں چونکہ بیڑی ثبات فی الدین کی علامت ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں جزء ہے۔

مومن کا سچا خواب

قال فی آخر الزمان لا تکاد رؤیا المومن تکذب: آخری زمانہ میں مومن کو سچے خوابات کیوں نظر آئیں گے اہل علم نے اس کی مختلف وجوہ بیان فرمائی ہیں۔

اول: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں مومن پر اتمام حجت اور اس کو غفلت سے بیدار کرنے کے لئے اللہ سچے خواب دکھائے گا جیسا کہ خوارق عادات اور واقعات غریبہ کا صدور وظہور بھی اسی مصلحت کے لئے ہوگا۔

دوم: آخری زمانہ میں امانات ودیانات وغیرہ ختم ہو جائیں گی اب نبوت تو رہی نہیں اس لئے اللہ مومن کی رہنمائی کے لئے سچے خواب دکھائیں گے تاکہ مومن صحیح راستہ پر رہے۔

سوم: مومنین کی تعداد کم ہو جائے گی اور کفر وفسق وفجور کا غلبہ ہوگا جس سے مومن وحشت محسوس کرے گا اور کوئی غم خوار نہ ہوگا تو اللہ سچے خوابوں کے ذریعہ غم گساری فرمائیں گے وقد تقدم بقیۃ الکلام علی الحدیث۔

وقد روی عبدالوھاب الثقفی الخ: یہ روایت ایوب کے تین شاگردوں نے نقل کی ہے معمر و عبدالوہاب نے ایوب سے مرفوعاً مگر حماد نے اس کو موقوفاً ذکر کیا ہے لہٰذا مرفوع وموقوف دونوں طرح منقول ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ رَاَیْتُ فِی الْمَنَامِ کَاَنَّ فِیْ یَدَیَّ سِوَارَیْنِ مِنْ ذَهَبٍ فَهَمَّنِیْ شَاْنُهُمَا فَاُوْحِیَ اِلَیَّ اَنْ اَنْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا فَاَوَّلْتُهُمَا کَاذِبَیْنِ یَخْرُجَانِ مِنْ بَعْدِیْ یُقَالُ لِاَحَدِهِمَا مُسَیْلِمَةُ صَاحِبُ الْیَمَامَةِ

وَالْعَنْسِیُّ صَاحِبُ صَنْعَاءَ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں نے خواب میں دیکھا کہ دوسونے کے کنگن مرے ہاتھوں میں ہیں ان دونوں نے مجھے غم میں مبتلا کردیا پس اللہ نے مجھ کو وحی فرمائی کہ ان میں پھونک ماروں میں نے ان پر پھونک ماری تو وہ دونوں کنگن اڑ گئے میں نے ان کی یہ تعبیر لی کہ میرے بعد دو جھوٹے آئیں گے کہا جائے گا ان میں سے ایک کو مسیلمہ جو صاحب یمامہ ہوگا اور دوسرا عنسی جو صاحب صنعاء ہوگا۔

سوارین: بکسر السین و یجوز ضمھا اور تیسری لغۃ سوار بضم الھمزۃ بھی ہے بمعنی کنگن۔

فھمنی شانھما: بخاری میں لفظ فَكَبُرَا عَلَيَّ قرطبی نے فرمایا کہ آپ کو کنگن کے ہاتھوں میں ہونے کی وجہ سے اس لئے غم ہوا کہ یہ دونوں سونے کے تھے جو مردوں پر حرام ہے اور غیر محل میں ہیں گویا یہ باطل شئ آپ کے ہاتھوں میں کیوں دکھائی گئی ہے، نیز اہل علم فرماتے ہیں کہ ہاتھوں پر قبضہ کرنے کے مرادف ہے کہ دو باطل شئ نے ہاتھوں میں ہونا گویا ہاتھوں پر قبضہ کرنے کے مترادف ہے کہ دو باطل شئ نے ہاتھوں کو اشاعت دین سے روک لیا ہے۔

فاوحی الیّ: اس سے مراد یا تو الہام ہے یا کسی فرشتہ کے ذریعہ حکم الٰہی ہے قالہ القرطبی۔

ان انفخھما: ان مفسرہ ہے اور اوحی کی تفسیر ہے مگر طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ان ناصبہ ہے اور حرف جر محذوف ہے ای بان انفخھما

فنفختھما فطارا: پس میں نے پھونک ماری تو وہ دونوں اڑ گئے، حافظ فرماتے ہیں چونکہ آپ ان دونوں کنگنوں کی وجہ سے غمگین ہوئے تھے تو اللہ تعالیٰ نے نفخ کا حکم دے کر اشارہ فرمایا کہ ان کی طاقت کوئی ایسی خاص نہ ہوگی جو آپ پر غالب آئے گی بلکہ معمولی کاوش سے ہی وہ دونوں ختم ہو جائیں گے چنانچہ پھونک جیسی معمولی چیز سے بھی وہ اڑ گئے لہٰذا آپ غمگین نہ ہوں لفظ نفخ وطیران سے ان کے عدم شوکت وغلبہ کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

فاولتھما کاذبین الخ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کنگنوں کے سونے کے ہونے سے نیز یہ دیکھ کر یہ غیر محل میں ہیں سمجھ لیا کہ دو کاذب آئیں گے جو باطل ہوں گے پھر ذہب کے معنی فنا ہونے کے ہیں اس سے یہ بھی اخذ فرمالیا کہ وہ ختم ہو جائیں گے اور نفخ سے آپ نے معلوم کرلیا کہ ان کا غلبہ نہ ہوگا بلکہ کمزور ہوں گے پھونک سے ہی اڑ جائیں گے،

قال القرطبی فی المفھم مناسبۃ ھذا التاویل لھذا الرؤیا ان اھل صنعاء واھل الیمامۃ کانوا اسلموا فکانوا کالا عدین للاسلام فلما ظھر فیھما الکذابان وبھر جاعل اھلھا بزخرف اقوالھما و دعواھما الباطلۃ انخدع اکثرھم بذلک فکان الیدان بمنزلۃ البلدین والسواران بمنزلہ الکذابین و کونھما من ذھب اشارۃ الی مازخرفاہ وانہ زخرف من البناء الذھب۔

یخرجان من بعدی: سوال: بخاری میں روایت کے الفاظ فاولتھما الکذابین الذین انا بینھما جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے موجود ہوتے ہوئے وہ کذاب آئیں گے اور ترمذی کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے بعد آئیں گے لہٰذا تعارض ہوگیا۔

جواب (۱) یہاں بعدی سے مراد نبوتی ہے کیونکہ وہ دونوں بوقت خواب موجود تھے اور دعویٰ نبوت کر چکے تھے البتہ غلبہ

ان کو نقل ہوا تھا اور ایک تو آپ کی حیات ہی میں مارا گیا تھا کما سیأتی۔

جواب (۲) بعدی سے مراد بعد ذیتی ہذا۔

یقال لاحدھما مسلمة: بفتح المیم واللام و بینھما سین ساکنة اور مشہور مسیلمہ مصغراً ہے۔

الیمامة: جگہ کا نام ہے اس نے دعویٰ نبوت کیا یمامہ کے رہنے والے لوگوں نے اس کی تصدیق بھی کی مگر آپ کی حیات میں اس کو غلبہ نہ ہو سکا۔ حضرت ابوبکرؓ کے دور خلافت میں حضرت وحشیؓ بن حرب نے اس کو قتل کیا قال ابو بکرؓ قتلت خیر الناس فی الجاہلیۃ وشر الناس فی حضرت وحشیؓ نے حضرت حمزہؓ سید الشہداء کو زمانہ کفر میں قتل کیا تھا۔

و العنسی صاحب صنعاء: یہ اسود عنسی ہے جو مقام صنعاء کا رہنے والا تھا اس نے بھی نبوت دعویٰ کیا تھا آپ کے حکم سے زمانہ مرض الوفات میں فیروز دیلمیؓ نے اس کو قتل کیا آپ نے فرمایا فاز فیروزؓ۔

هذا حديث صحيح غريب اخرجه الشيخان۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُحَدِّثُ اَنَّ رَجُلاً جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّي رَاَيْتُ اللَّيْلَةَ ظُلَّةً يَنْطِفُ مِنْهَا السَّمْنُ وَالْعَسَلُ وَرَاَيْتُ النَّاسَ يَسْتَقُوْنَ بِاَيْدِيْهِمْ فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَرَاَيْتُ سَبَبًا وَاصِلاً مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ فَاَرَاكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذْتَ بِهٖ فَعَلَوْتَ ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَكَ فَعَلَا ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَهٗ فَعَلَا ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ فَقُطِعَ بِهٖ ثُمَّ وُصِلَ لَهٗ فَعَلَا بِهٖ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ وَاللّٰهِ لَتَدَعُنِّيْ اَعْبُرُهَا فَقَالَ اعْبُرْهَا فَقَالَ اَمَّا الظُّلَّةُ فَظُلَّةُ الْاِسْلَامِ وَاَمَّا مَا يَنْطِفُ مِنَ السَّمْنِ وَالْعَسَلِ فَهٰذَا الْقُرْاٰنُ لِيْنُهٗ وَحَلَاوَتُهٗ وَاَمَّا الْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ فَهُوَ الْمُسْتَكْثِرُ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَالْمُسْتَقِلُّ مِنْهُ وَاَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ فَهُوَ الْحَقُّ الَّذِيْ اَنْتَ عَلَيْهِ فَاَخَذْتَ بِهٖ فَيُعْلِيْكَ اللّٰهُ ثُمَّ يَاْخُذُ بِهٖ بَعْدَكَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَيَعْلُوْ بِهٖ ثُمَّ يَاْخُذُ بَعْدَهٗ رَجُلٌ اٰخَرُ فَيَعْلُوْ بِهٖ ثُمَّ يَاْخُذُ اٰخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهٖ ثُمَّ يُوْصَلُ فَيَعْلُوْ بِهٖ اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَتُحَدِّثَنِّيْ اَصَبْتُ اَمْ اَخْطَاْتُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصَبْتَ بَعْضًا وَاَخْطَاْتَ بَعْضًا قَالَ اَقْسَمْتُ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتُخْبِرَنِّيْ مَا الَّذِيْ اَخْطَاْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَا تُقْسِمْ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ابو ہریرہؓ نے بیان کیا ایک آدمی آیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور کہا میں نے رات خواب دیکھا کہ ایک سائبان ہے اس سے گھی اور شہد ٹپک رہا ہے اور میں نے دیکھا لوگ اپنے ہاتھوں سے پی رہے ہیں کچھ زائد پینے والے ہیں اور کچھ کم پینے والے ہیں اور میں نے دیکھا ایک رسی آسمان سے زمین تک ملی ہوئی ہے پس میں نے آپ کو دیکھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ آپ ﷺ نے اس رسی کو پکڑا پس آپ اوپر چڑھ گئے پھر آپ کے بعد ایک اور شخص نے اس کو پکڑا وہ بھی چڑھ گیا پھر اس کے بعد ایک اور شخص نے وہ رسی پکڑی وہ بھی چڑھ گیا پھر اس کے بعد ایک اور شخص نے وہ رسی پکڑی پس وہ ٹوٹ گئی پھر اس کو جوڑ دیا گیا وہ بھی چڑھ گیا پس کہا ابو بکرؓ نے اے اللہ کے رسول مرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اللہ کے لئے مجھ کو اس کی تعبیر دینے دیجئے پس آپ نے فرمایا تم تعبیر دو پس ابو بکرؓ نے تعبیر دی وہ سائبان تو اسلام کا سائبان ہے اور جو گھی اور شہد اس سے ٹپک رہا ہے وہ قرآن ہے جس کے مضامین نرم اور میٹھے ہیں اور زیادہ اور کم پینے والے وہ قرآن کریم کو زیادہ و کم اختیار کرنے والے ہیں اور

وہ رسی جو واصل ہے وہ حق ہے جس پر آپ ہیں بس آپ نے اس کو اختیار فرمایا تو اللہ نے آپ کو اوپر چڑھا دیا پھر آپ کے بعد کسی شخص نے حق کو اختیار کیا وہ رسی اس کے لئے ٹوٹ گئی پھر وہ جوڑ دی گئی پس وہ بھی چڑھ گیا اے رسول اللہ آپ بتایئے میں نے صحیح تعبیر دی ہے یا میں نے غلطی دی ہے آپ نے فرمایا بعض تعبیر تو تم نے صحیح بیان کی ہے اور بعض میں تم نے خطا کی ہے ابوبکر نے کہا میں آپ کو قسم دے کر پوچھتا ہوں مرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ بتایئے کیا خطا کی ہے میں نے پس آپ نے فرمایا قسم نہ دے۔

الظلّة: بضم الظاء بمعنی سائبان

ینطف: بضم الطاء وکسرها بمعنی ٹپکنا یستقون

بایدیهم: وفی البخاری یتکففون فالمستکثر: مبتداء ہے اور خبر محذوف فیہم ہے

معناه المستکثر فی الاخذای یا خذ کثیراً اسی طرح المستقل بھی

سببا واصلا: آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی رسی

لتدعنی: بفتح اللام للتا کید ای لتترکنی ایک روایت میں ائذن لی واقع ہے اعبرها: از نصر امر کا صیغہ ہے مصدر عبر اور عبرۃ ہے۔

موضع خطاء: اصبت بعضًا واخطات بعضا: علامہ نوویؒ نے فرمایا موضع خطاء کے بارے میں اہل علم کی آراء مختلف ہیں۔

اول: ابن قتیبہ وغیرہ نے فرمایا اس کا مطلب یہ ہے کہ خواب کی تعبیر تو صحیح دی ہے مگر تعبیر دینے کی طلب کرنا یہ خطاء ہے حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں یہ قول درست نہیں اس لئے بعد الاذن اس طرح کے فعل کو خطاء سے تعبیر نہیں کیا جاتا ہے۔

دوم: خطاء یہ ہے کہ ٹپکنے والی روشنی گھی اور شہد تھی صرف عسل کی تفسیر و تعبیر تو قرآن کریم کے ساتھ کردی مگر سمن کی تعبیر نہیں بیان کی اس سے مراد تو صدیق اکبر کو قرآن وسنت کہنا چاہیے فعلی ہذا القول خطاء بمعنی ترک ہے اشار الیہ الطحاوی۔

سوم: بعض حضرات فرماتے ہیں خطاء تعیین رجال کی ہے کہ افراد متعین نہیں کئے مگر ظاہر ہے کہ یہ بھی درست نہیں چونکہ یہاں تعیین رجال مقصود نہیں ہے۔

چہارم: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ خطاء ہے کہ رائی نے کہا کہ آخر فرد کے لئے رسی ٹوٹ گئی اور پھر اس کے لئے جوڑ دی گئی حالانکہ رسی اس کے بعد والے شخص یعنی حضرت علی کے لئے جوڑی گئی ہے حضرت عثمان کے لئے تو رسی ٹوٹ گئی تھی اس کی وضاحت تعبیر میں نہیں ہوئی ہے یعنی حضرت عثمان جو حق پر تھے ان کے لئے خلافت کی رسی توڑ دی گئی اور ان کو قتل کردیا گیا تھا تو حق کو اختیار کرنے کی حالت میں شہید ہو کر اپنے پہلے ساتھیوں سے جا ملے تھے پھر اس رسی کو یعنی حق کو حضرت علی کے حق میں جوڑ دیا گیا تھا وہ بھی حق پر رہے ہیں فان الامۃ قائلۃ بان الحق مع علیؓ۔

(نوٹ) حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں اس مقام پر بہت تفصیل کلام کیا ہے۔ فلینظر لاتقسم: معناہ لا تکرر یمینک فانی لا اخبرک علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ ابوبکر نے آپ کو قسم دی مگر آپ نے ان کی قسم کو پورا نہیں فرمایا تو معلوم ہوا کہ روایات میں جو ابراء المقسم کا حکم ہے وہ اس وقت ہے جب قسم پورا کرنے میں مفسدہ نہ ہو اور یہاں آپ اگر وضاحت فرماتے تو بہت سے فتنوں کا ذکر

کرنا پڑتا جس میں عثمان کے قتل کا واقعہ بھی ذکر فرماتے ممکن تھا لوگ فتنہ میں مبتلا ہو جاتے اس لئے آپ نے قسم کو پورا نہیں فرمایا۔

تنبیہ: اس بارے میں اختلاف ہے کہ قسم یمین ہے یا نہیں شافعیہؒ و مالکیہؒ فرماتے ہیں یمین نہیں ہے جب تک خود کوئی اقسمت باللہ کہے مگر حنفیہؒ فرماتے ہیں قسم یمین کے درجے میں ہے اسی وجہ سے آپ نے ان کو فرمایا لاتقسم البتہ روایت سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی کسی کو قسم دے تو اس پر پورا کرنا واجب نہیں بلکہ بہتر ہے لا بمصالح۔

عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا صَلَّى بِنَا الصُّبْحَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ بِوَجْهِهِ وَقَالَ هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِّنْكُمْ رُؤْيَا اللَّيْلَةَ۔

ترجمہ: سمرہ بن جندبؓ سے منقول ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب صبح کی نماز ہم کو پڑھا دیتے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرماتے کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب رات میں دیکھا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

وَيُرْوٰى عَنْ عَوْفٍ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ رَجَاءٍ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قِصَّةٍ طَوِيْلَةٍ

امام ترمذیؒ فرما رہے ہیں کہ محمد بن بشار نے تو مختصراً ہی اس کو بیان فرمایا ہے مگر عوف و جریر نے ابو رجاء سے طویل روایت ذکر کی ہے۔

جس کو امام بخاریؒ نے کتاب التعبیر کے آخر میں مفصل ذکر فرمایا ہے۔ جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے خواب کا ذکر فرمایا اور اس میں آخرت کے احوال جو خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دکھائے گئے ذکر فرمائے ہیں۔

اَبْوَابُ الشَّهَادَاتِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تحقیق لفظ شہادت: شہادات شہادت کی جمع ہے جو شہد یشہد کا مصدر ہے۔ جوہری کہتے ہیں شہادت کے معنی خبر قطعی کے ہیں اور مشاہدہ بمعنی معاینہ یہ ماخوذ ہے معاینہ مشہود سے جس کے معنی میں حضور کے معنی ملحوظ ہے شاہد کو اس وجہ سے شاہد کہا جاتا ہے کہ وہ ان اشیاء کا مشاہد و معاین ہوتا ہے جو دوسروں سے غائب ہیں۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس کے معنی میں اعلام کے معنی ملحوظ ہوتے ہیں۔ امام راغب کہتے ہیں شہادت ایسا قول ہے جو مشاہد سے صادر ہوتا ہے اس کے مشاہدہ کرنے کی بناء پر مشاہدہ خواہ بصیرۃً ہو یا بصراً ہو۔ ہدایہ کے حواشی میں ہے شہادت لغۃ اخبار بصحۃ الشی بمشاهدة وعیان کا نام ہے اس وجہ سے اہل علم نے فرمایا کہ شہادت کا مدار مشاہدہ پر ہے جو مبنی بر معاینہ ہے۔ اور اصطلاح فقہاء میں شہادت اخبار صادق فی مجلس الحکم بلفظ الشہادۃ کا نام ہے۔

پھر یہ جان لینا ضروری ہے کہ شہادت کے لئے چند امور ضروری ہیں۔ العدالۃ۔ البلوغ۔ الاسلام۔ العقل الحریۃ۔ نفی التہمۃ۔ من المحبۃ والعداوۃ۔ اسی طرح ضابطہ شہادت کے اصول میں سے یہ بھی ہے گواہ دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں ہونی چاہئیں صرف عورتوں کی گواہی عام معاملات میں معتبر نہیں ہے۔

عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ الَّذِيْ يَاْتِيْ بِشَهَادَتِهٖ قَبْلَ

اَنْ يُسْأَلَهَا۔

ترجمہ: زید بن خالد جہنیؓ سے منقول ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں تم کو نہ خبر دوں گواہوں میں سب سے اچھے گواہ کی؟ وہ شخص ہے جو شہادت دے قبل اس کے کہ اس سے مطالبہ شہادت ہو۔

روایت کا مطلب: روایت ہذا کے مختلف مطالب بیان کئے گئے ہیں۔

اول: صاحب حق کو معلوم نہیں کہ اس کا کوئی گواہ ہے اب گواہ اس کے بغیر مطالبہ کے گواہی دیتا ہے اور اس سے کہتا ہے کہ میں تیرا گواہ ہوں چونکہ اس کی شہادت سے صاحب حق کا حق وصول ہوا ہے تو گویا اس نے اپنی امانت یعنی شہادت کو محض ثواب کے لئے ادا کر دیا ہے اس وجہ سے اس کو خیر الشہداء فرمایا ہے۔

دوم: اس سے مراد اماںتوں وغیرہ میں گواہی دینا ہے جب اس شاہد کے علاوہ کوئی دوسرا گواہ نہیں ہے ظاہر ہے کہ حقوق العباد کو اس شاہد نے شہادت سے زندہ کیا ہے اس وجہ سے اس کو خیر الشہداء فرمایا گیا ہے۔

سوم: حقوق اللہ کے متعلق شہادت دینا مراد ہے مثلاً رؤیت ہلال۔ وقف۔ وصایا۔ طلاق۔ عتاق وغیرہ میں کوئی شخص گواہ بنتا ہے کیونکہ یہ گواہی خود اس پر واجب ہے تو اس نے حق واجب کو ادا کیا ہے اس وجہ سے یہ خیر الشہداء ہوا۔

چہارم: طلب کے بعد ادا شہادت میں مسارعت ومبالغہ کرنا مراد ہے

كما يقال الجواد من يعطى قبل السوال اى يعطى سريعًا بعد السوال من غير توقف۔

اشکال: دوسری روایت سے طلب شہادت کے بغیر شہادت دینے کی مذمت فرمائی گئی ہے۔

حيث قال النبى صلى الله عليه وآله وسلم يشهدون ولا يستشهدون فتعارضا

جواب: مذمت کا تعلق شہادت زور سے ہے مراد یہ کہ بغیر طلب بے اصل چیز کی شہادت دیتا ہے اور خیر الشہداء میں شاہد صادق مراد ہے۔

جواب: حدیث میں ایسا شخص مراد ہے جو شہادت کا اہل نہیں مگر پھر بھی شہادت دیتا ہے۔

جواب: حضرت گنگوہیؒ نے فرمایا دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں کیونکہ اول روایت کا محمل وہ صورت ہے جہاں حق فوت ہوتا نظر آئے وہاں گواہی دینا خیر کا درجہ رکھتا ہے اور دوسری روایت کا محمل وہ صورت ہے جہاں حق فوت نہ ہو اور نہ ہی مطالبہ شہادت ہے مگر خود بخود خواہ مخواہ گواہ بننے کی کوشش کرے۔

جواب: حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں دونوں روایتوں میں ہرگز تعارض نہیں کیونکہ پہلی روایت کے سیاق وسباق سے معلوم ہو رہا ہے کہ اس کو خیر الشہداء اس لئے فرمایا گیا کہ اس نے محض اللہ کے لئے گواہی دی ہے نہ کہ اپنی ذات کیلئے اور دوسری روایت میں فشو الکذب کا لفظ قرینہ ہے کہ اس کا اقدام علی الشہادۃ بغیر استشہاد کذب پر مبنی ہے یعنی جھوٹی شہادت یا شر پھیلانے کے لئے کوئی شخص شہادت پر اقدام کرے تو وہ برا ہے خواہ فی الواقع صادق ہی ہو۔

حدثنا احمد بن الحسن نا عبد الله بن مسلمة عن مالك به وقال ابن ابى عمرة الخ:

اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ امام مالکؒ کے شاگردوں نے سند کو بیان کرتے ہوئے یہ اختلاف کیا کہ معن نے راوی کا

نام ابی عمرۃ کہا کما تقدم مگر عبداللہ بن مسلمہ نے ابن ابی عمرۃ کہا جن کا نام عبدالرحمٰن ہے اور یہی درست ہے کیونکہ یحییٰ بن یحییٰ نے بھی مالک سے روایت کرتے ہوئے ابن ابی عمرۃ کہا ہے کما فی مسلم نیز امام مالک کے علاوہ دیگر رواۃ نے بھی عبدالرحمٰن ابن ابی عمرۃ کہا ہے اسی طرح اس روایت کے علاوہ دوسری روایات زید بن خالد سے ابن ابی عمرۃ نقل کرتے ہیں تو معلوم ہوا کہ صحیح ابن ابی عمرۃ ہے ہاں البتہ ابوعمرہ جو زید بن خالد کے آزاد کردہ غلام ہیں انہوں نے زید بن خالد سے دوسری روایت روایۃ الغلول ضرور نقل کی ہے جس کی تخریج احمد وابوداؤد ونسائی نے کی ہے۔ بہرحال یہاں پر صحیح ابن ابی عمرۃ ہے نہ کہ ابوعمرۃ۔

ھذا حدیث حسن اخرجہ مسلمؒ و مالکؒ و احمدؒ و ابوداؤدؒ وابن ماجہؒ

حدثنا بشر بن آدم الخ: یہ مصنفؒ نے وہ روایت پیش کی ہے جس میں امام مالکؒ کے علاوہ راوی ہیں اور انہوں نے عبدالرحمان بن ابی عمرۃ کہا ہے۔

ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ ابن ماجہ

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَلَا خَائِنَةٍ وَلَا مَجْلُوْدٍ حَدًّا وَلَا مَجْلُوْدَةٍ وَلَا ذِيْ غِمْرٍ لِاَخِيْهِ وَلَا مُجَرَّبِ شَهَادَةٍ وَلَا الْقَانِعِ اَهْلَ الْبَيْتِ لَهُمْ وَلَا ظَنِيْنٍ فِيْ وَلَاءٍ وَلَا قَرَابَةٍ

ترجمہ: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں جائز ہے کسی خائن وخائنہ کی شہادت اور نہ ایسے مرد وعورت کی شہادت جن پر بطور حد کوڑے لگائے گئے ہوں اور نہ بغض وعداوۃ والے کی اس کے بغض کی بناء پر اور نہ ایسے شخص کی شہادت جو شہادت زور میں آزمایا جاچکا ہو اور نہ ایسے شخص کی جو کسی گھر والوں پر قانع ہو گھر والوں کے حق میں اور نہ ایسے شخص کی جو متہم ہو ولاء عتاقہ کا یا قرابت کا۔

لا تجوز شھادۃ خائن ولا خائنۃ: یہاں خیانت سے مراد لوگوں کی امانت میں خیانت ہے قالہ القاری، دوسرا قول یہ ہے کہ عام خیانت مراد ہے خواہ حقوق العباد میں ہو یا حقوق اللہ اور اس کے احکام میں ہو،

قال اللہ تبارک و تعالی یا ایھا الذین آمنوا لا تخونوا اللہ والرسول و تخونوا امنتکم فالمراد بالخائن الفاسق۔

علامہ تورپشتیؒ نے اول کو راجح قرار دیا ہے۔

سوال: فاسق کا ذکر تو آگے الفاظ میں ہے۔ جواب: ہو من عطف الخاص علی العام۔

ولا مجلود حدًا ولا مجلودۃ: اس سے مراد اگر حد قذف کے علاوہ ہے تو مراد یہ ہے کہ محدود فی غیر القذف نے اگر توبہ نہ کی ہو اس کی شہادت معتبر اور اگر اس سے مراد حد قذف ہے تو مراد یہ ہے کہ جس شخص پر حد قذف جاری کردی گئی ہو خواہ اس نے توبہ بھی کرلی ہو مگر اس کی سزا یہ بھی ہے کہ کبھی بھی اس کی گواہی معتبر نہیں ہے۔

محدود فی القذف کی شہادت

اس مسئلہ کے بارے میں اہل علم کے درمیان اختلاف ہے کہ محدود فی القذف کی گواہی بعد التوبہ معتبر ہے یا نہیں؟ امام

ابوحنیفہؒ، زفرؒ، ابو یوسفؒ، محمدؒ، سفیان ثوریؒ، حسن بن صالح فرماتے ہیں اس کی شہادت قبول نہیں کی جائے گی اگر چہ اس نے توبہ بھی کر لی ہو۔

امام مالکؒ، لیثؒ، شافعیؒ فرماتے ہیں توبہ کے بعد اس کی شہادت قبول کی جائے گی، امام اوزاعیؒ فرماتے ہیں، مطلقاً محدود فی الاسلام کی شہادت مردود ہے۔ بعض علماء نے فرمایا محدود فی القذف کی شہادت بعد الحد قبول کی جائے گی لا قبلہ، علامہ ابن رشد نے فرمایا منشاء اختلاف یہ ہے کہ آیت شریفہ فاجلدوھم ثمانین جلدة ولا تقبلوا لھم شھادة ابدا اولئك ھم الفاسقون الا الذین تابوا من بعد ذلك واصلحوا (الآیۃ) میں استثنا مجموعہ سے ہے یا صرف اولئك ھم الفاسقون سے شافعیہ وغیرہ نے استثناء کا تعلق ولا تقبلوا لھم شھادة ابدا اور اولئك ھم الفاسقون دونوں سے قرار دیا ہے مگر حنفیہؒ نے اقرب مذکور واولٰئک ھم الفاسقون سے۔

حضرات احنافؒ نے اپنے مدعی کے اثبات پر نقلاً وعقلاً دونوں طرح دلائل قائم فرمائے ہیں بہرحال نقلاً فرماتے ہیں کہ قراء کا اتفاق ہے کہ ولا تقبلوا لھم شھادة ابدا پر وقف ہے۔ اور اولئك ھم الفاسقون علیحدہ جملہ ہے کیونکہ فاجلدوھم امر کا صیغہ ہے اور لا تقبلوا لھم شھادة نہی کا صیغہ ہے یہ دونوں جملہ انشائیہ ہوئے اور اولئك ھم الفاسقون جملہ اسمیہ خبریہ ہے لہٰذا اس کا عطف ماقبل جملہ انشائیہ پر نہیں ہوسکتا ہے۔ تو یہ جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا ب الذین کا استثناء اسی سے ہوگا اور مراد یہ کہ توبہ کے ذریعہ فسق تو زائل ہو گیا اور لاتقبلوا لھم شھادة ابدا کا حکم اپنی جگہ پر برقرار رہا۔ اس حکمت کی وجہ سے جملہ انشائیہ کے بعد جملہ خبریہ لایا گیا ہے۔ ویدل علیه قوله تعالی فان اللّٰہ غفور رحیم کیونکہ مغفرت فسق کے بعد ہوتی ہے۔

صاحب مدارک فرماتے ہیں کہ ولاتقبلوا لھم شھادة ابدا میں شھادۃ نکرہ تحت النفی ہے لہٰذا مفید عموم ہو کر ہر قسم کی شہادت کے مردود ہونے پر دال ہے، نیز غور کیا جائے تو اولٰئک کے الگ جملہ ہونے پر یہ بھی دلیل ہے کہ فاجلدوھم اور لاتقبلوا کا خطاب ائمہ کو ہے، اور اولئك ھم الفاسقون جملہ خبریہ ہے ائمہ سے خطاب نہیں تو اولئك ھم الفاسقون تمہ حد نہیں اور تقبلوا میں خطاب ہے جو تمہ حد ہے۔

اور عقلاً قاذف جس نے محصنات کو زبان سے تہمت لگائی ہے جو بڑا جرم ہے اس کی سزا اصل تو قطع لسان ہوتی مگر شریعت نے مثلہ کو حرام قرار دیا ہے اس وجہ سے زبان تو نہ کاٹی جائے گی نیز مصالح دنیا کا فوت کر دینا بھی زبان کاٹنے میں لازم آتا ہے اس وجہ سے قاذف کی زبان کو یہ سزا دی گئی کہ آئندہ اس کی شہادت ہمیشہ کے لئے رد کر دی گئی جو مناسب سزا ہے۔

ولا ذی غمر لاخیه: غمر کے معنی حقد و کینہ، یہاں دو نسخے ہیں۔

(۱) لاخیه: بالیاء، کذا وقع عند الدار قطنی وغیرہ کذا وقع فی حدیث عبداللّٰہ بن عمرو عند ابی داؤد لفظه ولاذی غمر علی اخیه اکثر رواۃ لاخیه نقل کرتے ہیں اخ سے مراد اخ مسلم ہے خواہ نسبی ہو یا اجنبی ہو تلیناً لقلبه وتقبیحاً له لفظ اخ فرمایا ہے اب روایت کا مطلب یہ ہوگا کہ کسی دشمن کی گواہی اس کے دشمن کے حق میں قبول نہ ہوگی خواہ وہ اس کا حقیقی بھائی ہو یا دینی بھائی ہو۔

اور دوسرا ضبط لاحنه بکسر الھمزہ وسکون الحاء المھملة و بالنون ہے جس کے معنی حقد و غضب کے ہیں

نہایہ میں اس کے معنی عداوۃ باب سمع سے آتا ہے مواحدہ بمعنی معاداۃ مستعمل ہے۔ اب مطلب ہوگا اس کی شہادت حسد وبغض کی بناء پر قبول نہیں کی جائے گی۔

دشمن کی گواہی کا حکم

دشمن کی گواہی کے بارے میں مالکیہؒ وشافعیہؒ فرماتے ہیں کہ لاتقبل مگر حنفیہؒ کے یہاں فروعات میں تفصیل ہے عامہ فروع میں ہے اگر دنیوی عداوۃ ہے تو قبول نہیں کی جائے گی زیلعیؒ فرماتے ہیں عداوت لاجل الدنیا حرام ہے تو جو شخص اس احرام کا مرتکب ہے اس کے بارے میں کیسے یہ اطمینان کیا جاسکتا ہے کہ وہ اپنے دشمن پر غلط شہادت نہ دے گا۔

اور اگر عداوت دینیہ ہے تو تدین کی بناء پر شہادت قبول کی جائے گی کیونکہ عداوت دینیہ تو شاہد کے قوت دین وعدالت پر دال ہے بلکہ بعض مرتبہ عداوت دینیہ لازم ہے مثلاً کوئی شخص کسی امر منکر کا مرتکب ہے بار بار تنبیہ کے باوجود نہیں مانتا ہے تو لامحالہ دین کی وجہ سے بغض کی گنجائش ہے کما قال النبی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم من احب للّٰہ و بغض للّٰہ (الحدیث) مسلم کی شہادت کافر کے حق میں معتبر ہے حالانکہ دینی دشمنی موجود ہے یہی تفصیل صحیح ہے باقی اقوال کتب فقہ میں مذکور ہیں فلیطالع۔

ولا مجرب شهادة: یعنی ایسے شخص کی گواہی بھی معتبر نہیں جس کی جھوٹی شہادت بار بار آزمائی جاچکی ہو اور وہ جھوٹا ثابت ہو چکا ہو۔

ولا القانع اهل بيت لهم: قانع ماخوذ من القنوع لامن القناعة ای الطالب من اهل البیت اس سے مراد ہر وہ شخص جس کی منفعت مشہود لہ سے متعلق ہے چونکہ ایسا شخص شہادت دے کر فائدہ اٹھانا چاہتا ہے لہٰذا اس کی گواہی ان لوگوں کے حق میں معتبر نہیں جن سے اس کا نفع متعلق ہے مثلاً خادم بیت، تابع بیت، اسی طرح وہ مخصوص طالب علم جو استاذ کے نقصان کو اپنا نقصان سمجھتا ہے اور اس کے گھر کھاتا پیتا ہے اس کی شہادت استاذ کے حق میں معتبر نہیں۔

اسی کے تحت والد، والدہ وولد، زوج وزوجہ وغیرہ بھی داخل ہیں کہ ان کے منافع مشترک ہیں تو یہ ایک دوسرے کے لئے گواہی میں متہم ہیں۔

صاحب بدائع نے فرمایا قبول شہادت کی ایک شرط یہ بھی ہے کہ شاہد اپنی شہادت سے نفع نہ اٹھائے اور ضرر دفع نہ کرے فان النبی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم قال لاشهادة لجار الخنم ولا لرافع المغنم۔

نیز شہادت کے ذریعہ جلب منفعت اور دفع مضرت کی بناء پر وہ شخص (شاہد) متہم ہو گیا اور متہم کی شہادت معتبر نہیں ہے۔

ولا ظنين في ولاء ولا قرابة: ظنین ماخوذ من ظنة بمعنی تہمت، اس جملہ کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں۔

اول: ایسے شخص کی شہادۃ معتبر نہیں جو متہم ہو ولاء یا قرابہ میں مثلاً وہ آزاد کردہ غلام کسی کا ہے اور دعویٰ کر رہا ہے دوسرے کے بارے میں اور لوگ اس کی تکذیب کر رہے ہیں اسی طرح وہ غلط دعویٰ کرے قرابہ کا کہ میں فلاں کا بیٹا ہوں یا بھائی ہوں اور لوگ اس کو جھوٹا سمجھتے ہوں تو ایسے شخص کے کذب وفسق کی بناء پر شہادت قبول نہیں کی جائے گی۔

دوم: جو شخص کسی کا آزاد کردہ غلام ہے یا قرابت دار ہے کہ مشہود لہ کے حق میں اس لئے گواہی دیتا ہے کہ وہ ان کا غلام رہ چکا

ہے یا اس کو قرابت ہے ان کے نفع وضرر کو اپنا نفع وضرر تصور کرتا ہے تو ایسا شخص متہم بالمحبۃ والمنفعۃ ہے اس وجہ سے اس کی گواہی معتبر نہیں۔

مسائل: مطلق قرابت دار کی شہادت قرابت دار کے حق میں قبول کی جائے گی وعلیہ الاجماع البتہ قرابت کاملہ یعنی قرابت ولاد اگر ہے تو معتبر نہیں چونکہ مصنف نے قرابۃ سے مطلق قرابۃ مراد لی ہے اسی لئے فرمایا کہ روایت کے معنی معلوم نہیں کیا ہیں ولانعرف معنی ھذا الحدیث الخ لیکن جب قرابۃ خاص مراد لی جائے تو اب روایت کے معنی درست ہو جائیں گے اور مطلب یہ ہوگا ایسے دو شخص کی گواہی ایک دوسرے کے لئے قبول نہ ہوگی جن کے درمیان قرابت خاص یعنی قرابت ولاد ہے۔

شهادة الوالد للولد وبالعكس: شهادة والد للولد وبالعکس معتبر ہے یا نہیں جمہور علماء فرماتے ہیں معتبر نہیں خلافاً لبعض اہل الظاہر اسی طرح عمر بن الخطاب عمر بن العزیزؒ وابوثور، ابن المنذرؒ اور شافعیؒ (فی قول) سے بھی شہادت کا قول مروی ہے لعموم قولہ تعالیٰ ذوی عدل منکم الآیۃ۔

حضرات جمہورؒ فرماتے ہیں دراصل قرابۃ دراصل قرابۃ ولاد کے علاوہ دوسری قرابتوں میں عرفاً وعادۃً منافع مشترک ومتحد شمار نہیں کیے جاتے ہیں برخلاف قرابہ ولاد میں منافع مشترک شمار ہوتے ہیں اس وجہ سے جمہور علماء عام قرابۃ اور خاص قرابۃ کا فرق کرتے ہیں۔

بعض حضرات نے فرمایا اگر شاہد عادل ہے تو معتبر ہے ورنہ نہیں۔

شهادة زوج وزوجة: شہادت زوجین للآخر کے بارے میں اختلاف ہے امام شافعیؒ اور ابوثورؒ جواز کے قائل ہیں۔ ابن ابی لیلیٰ فرماتے ہیں زوج کی شہادت زوجہ کے حق میں معتبر ہے مگر اس کا عکس نہیں وبہ قال النخعی۔ امام ابوحنیفہؒ مالکؒ واحمدؒ نے فرمایا

تقبل شهادة احد الزوجين للآخر لقوله عليه السلام لا تقبل شهادة الوالد لولده ولا الولد لوالده ولا المرأة لزوجها ولا الزوج لامرأته ولا العبد لسيده ولا المولى لعبده (اخرجه الخصاف اسناده مرفوعاً)۔

پھر زوجین کی املاک اگرچہ متمیز ہیں مگر عرفاً وعادۃً ایک دوسرے کے مال سے انتفاع متصل ہے اور مال کا مقصود ہی انتفاع ہے جب انتفاع الگ نہیں بلکہ متصل ہے تو پھر شہادت قبول نہ ہوگی۔

هذا حديث غريب اخرجه الدار قطني والبيهقي

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَكْبَرِ الْكَبَائِرِ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَلْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ اَوْ قَوْلُ الزُّوْرِ قَالَ فَمَا زَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْنَا لَيْتَهٗ سَكَتَ۔

ترجمہ: ابوبکرہؓ سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میں کبائر میں سے اکبر گناہ کی خبر تم کو نہ دوں؟ صحابہ نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمایئے فرمایا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا۔ والدین کی نافرمانی کرنا اور جھوٹی شہادت دینا راوی نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بار بار فرماتے رہے حتی کہ ہم نے کہا کاش آپ خاموش ہو جاتے۔

الزور: بضم الزاء بمعنی الكذب قد تقدم الكلام عليه مفصلاً في ابواب البر والصلة

عَنْ اَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ خَطِيْبًا فَقَالَ اَيُّهَا النَّاسُ عُدِلَتْ شَهَادَةُ الزُّوْرِ اِشْرَاكًا

بِاللّٰهِ ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ۔

ترجمہ: ایمنؓ بن خریم سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اس حال میں کہ آپ خطبہ دے رہے تھے پس آپ نے فرمایا اے لوگو! شہادت زور کو اشراک باللہ کے برابر فرمایا گیا ہے پھر آپ نے بطور دلیل آیہ شریفہ فاجتنبوا الرجس من الاوثان واجتنبو ا قول الزور تلاوت فرمائی۔

عدلت: مجهول ای جعلت الشهادة الكاذبة مماثلةً الاشراك بالله فى الاثم۔ چونکہ شرک کذب علی اللّٰه بما لا يجوز ہےاور شهادة زور كذب على العبد بمالا يجوز کا نام ہے تو دونوں کذب میں شریک ہیں۔ طیبیؒ فرماتے ہیں دراصل شرک خود زور کا نام ہے کیونکہ مشرک بتوں کو مستحق عبادت سمجھتا ہے جو زور و کذب ہے۔

ولا نعرف لايمن بن خريم سماعًا من النبى صلى الله عليه و سلم :

ايمن بن خريم بالمعجمه ثم الراء مصغراً ابن الاخرم الاسدى هوابو عطيه الشامى الشاعر اختلفوا فى صحبته امام عجلیؒ نے فرمایا

تابعی ثقة وفی تهذيب التهذيب روى عن النبى صلى الله عليه و سلم وعن ابيه و عن عمه

عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثَلَاثًا ثُمَّ يَجِيْءُ قَوْمٌ مِنْ بَعْدِهِمْ يَتَسَمَّنُوْنَ وَيُحِبُّوْنَ السِّمَنَ يُعْطُوْنَ الشَّهَادَةَ قَبْلَ اَنْ يُسْأَلُوْهَا۔

ترجمہ: عمران بن حصینؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا لوگوں میں سب سے بہتر زمانہ میرا زمانہ پھر وہ لوگ ہیں جو ان کے قریب ہیں پھر وہ لوگ جو ان کے قریب تین بار فرمایا پھر آئے گی ان کے بعد ایسی قوم جو (اسباب سمن) کو طلب کرے گی اور موٹاپے کو پسند کرے گی اور گواہی دے گی اس سے قبل کہ ان سے گواہی طلب کی جائے۔

خیر الناس قرنی: ان سے مراد حضرات صحابہؓ ہیں۔

ثم الذين يلونهم: ای يقربو نهم فی المرتبة او يتبعو نهم فی الايمان و الا يقان اور ان سے مراد حضرات تابعینؒ ہیں۔

ثم الذی يلو نهم: اس سے مراد اتباع تابعینؒ ہیں۔

روایت کا مطلب یہ ہے کہ حضرات صحابہؓ و تابعینؒ اور تبع تابعینؒ یہ تینوں فضیلت کے لحاظ سے اسی طرح مراتب رکھتے ہیں کہ حضرات صحابہؓ امت میں سب سے افضل ہیں تدل علیہ الروایات الکثیرۃ ان کے بعد حضرات تابعین کا درجہ ہے پھر تبع تابعینؒ کا ان تینوں زمانوں کو مشہود لہا بالخیر کہا جاتا ہے۔

قرنی: قرن کا اطلاق اہل کل زمان پر ہوتا ہے کیونکہ ہر زمانہ کے لوگ اپنی اعمار و احوال کے اعتبار سے ملے جلے ہوتے ہیں اس وجہ سے ان کو قرن کہا گیا وقیل القرن اربعون سنۃ وقیل ثمانون وقیل ستون وقیل سبعون وقیل مائۃ سنۃ وقیل ہو مطلق من الزمان۔

علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں اصح قول یہ ہے کہ اس کی تخصیص کسی مدت کے ساتھ کرنا مشکل ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

نے صحابہؓ کے زمانہ کو ایک قرن فرمایا حالانکہ وہ زمانہ ایک سو بیس سال کا ہے۔ پھر تابعین کا زمانہ ستر سے سو تک کا ہے۔ اور اتباع تابعین کا دو سو بیس تک کا ہے اس وقت بہت سی باطل اشیاء کا ظہور ہو گیا تھا خلق قرآن کا مسئلہ پیدا ہو چکا تھا معتزلہ اور فلاسفہ نے نئی نئی باتیں پیدا کیں اہل علم کا اختلاف ان مسائل میں ہوا اور آپ کا ارشاد ثم یفشو الکذب صادق آیا۔

ثم الذین یلونھم ثلاثا: لفظ ثلاثا بعض نسخوں میں نہیں ہے البتہ دوسری کثیر روایات میں آپ کی تعبیر تین تین قرن پر دلالت کرنے والی ثابت ہے۔

تدل علی الروایات المرویة عن عمرانؓ وابی ھریرةؓ وابن مسعودؓ و عائشةؓ و بریدةؓ و جعدةؓ بن ھبیرة رضی اللہ عنھم۔

ثم یجیء قوم من بعد ھم: یتسمنون ماخوذ من السمن جس کے معنی لغۃ موٹاپا۔ اس سے مراد تو یہ ہے کہ قرون ثلثہ کے بعد ایسی قوم آئے گی جو تکبر کرے گی ایسی چیزوں پر جو ان کو حاصل نہ ہوں گی مثلاً عز وجاہ کے دعویدار ہوں گے حالانکہ یہ ان کو حاصل نہ ہوگی۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد مال کا جمع کرنا ہے یعنی قرون ثلثہ کے بعد ایسی قوم آئے گی جو مال کے جمع کرنے کے درپے ہوگی۔ بعض اہل علم نے فرمایا اس سے مراد ماکولات و مشروبات میں وسعت ہے یعنی ایسی قوم ہوگی جن کی توجہ کھانے پینے کی وسعت پر ہوگی دین کی طرف رغبت نہ ہوگی لہٰذا وہ قوم موٹا ہونے کے اسباب کو اختیار کرے گی۔ علامہ تورپشتی کہتے ہیں دراصل یہ کنایہ ہے غفلت اور قلت اہتمام سے کہ دین کا اہتمام نہ ہوگا بلکہ امور دین سے غفلت ہوگی چونکہ جو لوگ ماکولات و مشروبات میں زیادہ مشغول رہتے ہیں۔ ان کے بدن پھول جاتے ہیں اور ریاضت نفس نہیں کرتے ہیں بلکہ حظوظ نفسانیہ کو پورا کرتے رہتے ہیں۔

السمن: بروزن عنب بکسر السین و فتح المیم موٹاپا

ھذا حدیث غریب اصلہ فی الصحیحین۔

واصحاب الاعمش انمارووا عن الاعمش الخ: حاصل یہ ہے کہ اعمش کے شاگرد محمد بن فضیل نے تو اعمش اور ہلال بن یساف کے درمیان علی بن مدرک کا واسطہ ذکر کیا ہے مگر دوسرے شاگردوں نے علی بن مدرک کا واسطہ ذکر نہیں کیا بلکہ عن الاعمش عن ہلال بن یساف ہی کہا ہے۔ امام موصوف فرماتے ہیں واسطہ کا نہ ہونا ہی اصح ہے کیونکہ واسطہ کو ذکر کرنے میں محمد بن فضیل متفرد ہیں۔

و معنی الحدیث عند بعض اھل العلم: یعنی یعطون الشھادة قبل ان یسالدھا کا محمل شہادۃ زور ہے۔

وبیان ھذا فی حدیث عمر بن الخطابؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی عمر بن الخطابؓ کی روایت میں صراحۃ اس شہادت مذمومہ کی تعبیر واقع ہے کیونکہ اس میں ثم یفشو الکذب لفظ ہے جس سے معلوم ہوا کہ اس سے مراد شہادت زور ہے۔

و معنی حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال خیر الشھداء الذی یاتی الخ یعنی خیر الشھداء اس شخص کو کہا گیا ہے جس سے کسی کے بارے میں شہادت طلب کی گئی اور وہ شہادت دیدے اور شہادت کو نہ چھپائے چونکہ قرآن کریم میں فرمایا ولا تکتموا الشھادة چونکہ کتمان شہادت جائز نہیں اور ضرورت پڑ جانے پر شہادت دینا واجب ہے اور اس نے واجب کو ادا کیا جس سے احیاء حق ہوا ہے اس وجہ سے اس کو خیر الشہداء فرمایا گیا ہے۔

اَبْوَابُ الزُّهْدِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

زھــــد: رغبۃ کی ضد ہے فتح سمع، کرم سے آتا ہے مصدر زہد و زہادۃ ہے یہاں مراد ترک الرغبۃ فی الدنیا علی ما تقتضیہ الکتاب والسنۃ دنیا سے اس طرح اعراض کرنا جو کتاب وسنۃ کا مقتضی ہے۔ بالفاظ دیگر ترک الحظوظ مع اداء الحقوق بحسن النیۃ یعنی حقوق اللہ اور حقوق العباد کو اچھی نیت کے ساتھ ادا کرتے ہوئے حظوظ نفس کو ترک کر دینا زہد کہلاتا ہے۔ اگر ترک حظوظ کے ساتھ ترک حقوق بھی ہو تو خلاف شرع زہد ہے جو ہرگز مقبول نہیں آج کل لوگوں نے ترک حظوظ کے ساتھ ترک حقوق کا نام زہد رکھ لیا ہے یہ غلط ہے ہمارے حضرت مرشد مولانا محمد اسعد اللہ ناظم مدرسہ ہذا نے فرمایا ہمارا تصوف فقیہانہ ہے اتباع شریعت اس کا خلاصہ ہے کشف وکرامات ہمارے یہاں کوئی چیز نہیں اس لئے زاہد متبع شریعت کو ہی کہا جائے گا جو راغب الی الدنیا نہ ہو بلکہ راغب الی الآخرۃ ہو۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ۔

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو نعمتیں ایسی ہیں کہ بہت لوگ ان کے بارے میں خسارہ میں رہتے ہیں صحت بدن اور افکار وغموم سے فراغت۔

نعمتان: موصوف مغبون فیھما کثیر من الناس صفت موصوف سے مل کر مبتدا ہوا اور الصحۃ والفراغ خبر۔

مغبون: یا تو مشتق ہے غبن بسکون الباء سے جس کے معنی نقص فی البیع یا ماخوذ ہے غبن بفتح الباء سے جس کے معنی نقص فی الرای پہلی صورت میں ترجمہ ہوگا دو نعمتیں ایسی ہیں کہ لوگ ان کے بارے میں نقصان میں رہتے ہیں دوسری صورت میں ترجمہ ہوگا دو نعمتیں ایسی ہیں جن کے بارے میں بہت سے لوگ دھوکہ کھائے ہوئے رہتے ہیں۔ دونوں کا حاصل یہ ہے کہ اللہ نے دو نعمتیں صحت بدن اور امور دنیا سے بے فکری کہ ان دونوں کے نعمتوں کے حصول کے زمانہ میں اپنی کوششیں دین کے لئے نہیں کرتے تو ان کو دنیا و آخرت دونوں اعتبار سے خسارہ ہی خسارہ رہتا ہے۔ جب یہ دونوں نعمتیں ختم ہو جاتی ہیں تو پھر احساس ہوتا ہے اور ان کی ندامت ہوتی ہے کاش مذکورہ زمانہ میں ایسے اعمال کر لیتا جن سے کامیابی و کامرانی حاصل ہو جاتی مگر زوال نعمت کے بعد ندامت سے کوئی فائدہ نہیں۔ قال تعالٰی ذلك یوم التغابن نیز آپ کا ارشاد ہے لیس یتحسّر اھل الجنۃ الاعلی الساعۃ مرت بھم ولم یذکروا اللّٰہ فیھا۔

علامہ ابن الجوزیؒ نے فرمایا کبھی انسان صحیح البدن ہوتا ہے مگر فارغ البال نہیں اور کبھی فارغ البال تو ہے مگر صحیح البدن نہیں بلکہ بیمار ہوتا ہے اگر دونوں چیزیں جمع ہو جائیں تو طاعات میں سستی کرتا ہے تو ایسی صورت میں وہ مغبون (خسارہ والا) ہوتا ہے اور اگر ان دونوں نعمتوں کے حصول کے وقت اللہ کی طاعات سے غافل نہ ہو تو مغبوط (قابل رشک) ہوتا ہے۔

درحقیقت دنیا مزرعۃ الآخرۃ ہے دنیا کا زمانہ تجارتِ آخرت کا زمانہ ہے جس کا نفع آخرت میں معلوم ہوگا جس نے صحت و فراغت کے زمانہ میں اللہ کی فرمانبرداری کی تو اس نے صحیح آخرت کی تجارت کی اس کا نفع اس کو آخرت میں ملے گا اور جس نے یہ

زمانہ معصیت الٰہی میں گزارا ایسا شخص آخرت کے نفع سے محروم رہے گا اور خسارہ والا کہلائے گا۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکلف انسان کی مثال بیان فرمائی ہے کہ وہ تاجر ہے جس کو صحت اور فراغت بطور راس المال دیا گیا اب وہ اس میں تجارت کرتا ہے لہٰذا اس کو چاہئے کہ اس راس المال کی قدر کرے اور اس سے فائدہ اٹھائے اگر اس زمانہ میں اس نے اللہ کی فرمانبرداری کی تو گویا اس نے راس المال سے فائدہ اٹھایا ورنہ وہ نقصان میں رہا۔

حدثنا محمد بن بشار الخ: سے دوسری سند ذکر کی ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري و ابن ماجه ورواه غير واحد الخ یعنی اکثر رواۃ نے عبداللہ بن سعید بن ابی ہند سے اس کو مرفوعاً نقل کیا ہے مگر بعض نے موقوفاً ابن حجر نے طریق موقوف کو راجح قرار دیا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَأْخُذُ عَنِّي هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فَيَعْمَلُ بِهِنَّ أَوْ يُعَلِّمُ مَنْ يَعْمَلُ بِهِنَّ فَقَالَ أَبُوهُرَيْرَةَ قُلْتُ أَنَا يَارَسُولَ اللّٰهِ فَأَخَذَ بِيَدِي فَعَدَّ خَمْسًا وَقَالَ اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ أَعْبَدَ النَّاسِ وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ تَكُنْ أَغْنَى النَّاسِ وَأَحْسِنْ إِلَى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا وَأَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا وَلَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ فَإِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيتُ الْقَلْبَ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے جو حاصل کرے مجھ سے یہ چند کلمات پس عمل کرے خود ان پر اور سکھا دے ایسے شخص کو جو ان پر عمل کرے پس کہا ابو ہریرہؓ نے میں (حاصل کرتا ہوں) یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پس پکڑا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ اور شمار کرائے وہ پانچ کلمات، فرمایا! بچ تو محرمات سے ہو جائے گا تو لوگوں میں سے سب سے زیادہ عبادت گذار اور راضی ہو جا اس پر جو اللہ نے تیرے لئے مقدر فرمایا ہے ہو جائے گا تو لوگوں میں سب سے زیادہ غنی اور حسن سلوک کر پڑوسی کے ساتھ ہو جائے گا تو کامل ایمان والا اور پسند کر تو لوگوں کے لئے وہ چیز جو پسند کرے اپنے لئے ہو جائے گا تو کامل مسلمان اور تو زیادہ نہ ہنس کیونکہ زیادہ ہنسنا قلب کو مردہ کر دیتا ہے۔

فيعمل بهن او يعلم الخ: علم کی اصل غرض تو عمل ہی ہے کیونکہ روایات میں ہے

اشد الناس عذاباً يوم القيامة عالم لم ينفعه الله بعلمه نیز فرمایا لا يكون المرأ عالما حتى يكون بعلمه عاملًا وروى عن عمرؓ ان اخوف ما اخاف على هذه الامة المنافق العليم فقالوا كيف يكون منافقاً عليماً قال عليم اللسان جاهل القلب والعمل وقال الحسن لا تكن ممن يجمع علم العلماء و طرائف الفقهاء ويجري في العمل مجرى السفهاء وغير ذلك من الروايات و الآثار۔

لیکن آپ نے علم کی دوسری غرض بھی بیان فرمائی کہ اگر خود عمل نہ کر سکے تو کسی ایسے شخص کو سکھا دے جو اس پر عمل کرے کیونکہ بعض مرتبہ کوئی شخص عمل سے عاجز ہوتا ہے مگر دوسرے کو وہ سکھا دے تو اس علم پر دوسرے لوگ عامل ہو جائیں گے قال عليه السلام فرب حامل فقه الى من هو افقه منه۔ اس تشریح پر یہاں او برائے تنویع ہوگا مال اليه القاري والبيضاوي۔

دوسرا قول: یہ ہے کہ او بمعنی الواو ہے کمافی قولہ تعالیٰ عذراً او نذراً لہٰذا اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ خود بھی عمل کرے اور کسی ایسے کو سکھائے جو ان پر عمل کر سکے۔

تیسرا احتمال یہ ہے کہ او بمعنی بل ہے اشارة الی الترقی من مرتبة الکمال الی مرتبة التکمیل۔

قلت انا: ابو ہریرہؓ نے عرض کیا میں ان کلمات کو حاصل کرتا ہوں گویا یہ ایک طرح کی بیعت خاص ہے۔

فاخذ بیدی: اہتمام وتوجہ کے لئے آپ نے ہاتھ پکڑا۔

فعد خمسًا: ای من الخصائل او من الاصابع

یعنی آپ نے وہ پانچ کلمات شمار کرائے یا یکے بعد دیگرے پانچ انگلیوں پر شمار کرائے۔

اتق المحارم تکن اعبد الناس: محارم سے مراد عام ہے جو مامورات ومنہیات سب کو شامل ہے مراد ہے کہ جملہ محارم خواہ وہ منہیات سے ہوں یا ترک مامورت سے ان سے بچ تو لوگوں میں سب سے زیادہ عبادت کرنے والا ہوگا سیئات کو چھوڑنا نفس پر زیادہ بھاری ہے بہ نسبت حسنات کرنے کے تو ظاہر ہے کہ جب کوئی شخص سیئات ومنہیات کو ترک کرے گا تو حسنات کا کرنا اس کے لئے آسان ہوگا اور عبادات کی طرف زیادہ مائل ہو جائیگا اس لئے وہ اعبد الناس ہوگا۔ نیز جب اس نے محارم کو چھوڑا تو فرائض کو ادا کرنے والا ہوا اس سے بڑھ کر عبادت اور کیا ہو سکتی ہے۔

تنبیہ: آج کل لوگوں کا حال یہ ہے کہ فرائض کو چھوڑ کر نوافل وفضائل میں زیادہ مشغول ہو جاتے ہیں گویا کہ وہ بہت عبادت گذار ہیں یہ انتہائی غلطی ہے کہ قضاء نمازیں ذمہ ہیں اور نوافل کثرت سے پڑھ رہے ہیں جب تک فرائض کو ادا نہیں کرے گا عبادت گذار نہیں ہو سکتا خلاصہ المقال یہ ہے کہ ترک محارم مستلزم ہے فعل فرائض کو اس وجہ سے اعبد الناس فرمایا گیا ہے۔

وارض بما قسم اللہ لک تکن اغنی الناس: یعنی اللہ کے دیئے ہوئے پر راضی رہو تو لوگوں میں سب سے زیادہ غنی ہوگا چونکہ غنی کثرت عرض (سامان) کا نام نہیں بلکہ غنی تو غنائے نفس کا نام ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ غنی حقیقی یہ ہے کہ نفس اللہ کے عطاء کئے ہوئے پر قانع ہو اور مزید طلب سے بچتا ہو کیونکہ جو شخص مال کے جمع کرنے پر حریص ہے وہ در حقیقت فقیر ہے کیونکہ زیادتی کا طالب ہے اور جس شخص کو اللہ نے ایسا دل دیا جو قانع ہے اللہ کے عطا فرمودہ پر راضی ہو وہ غنی القلب ہے خواہ اس کے پاس مال ہو یا نہ ہو کیونکہ وہ زیادتی کا طالب نہیں۔

واحسن الی جارک تکن مؤمنا: پڑوس کے ساتھ اچھا سلوک کر کامل مؤمن ہو جائے گا، احسان الی الجار اور ایمان کے درمیان مناسبت اس اعتبار سے ہے کہ جس طرح ایمان مخفی ہے اسی طرح احسان الی الجار بھی مخفی ہے نیز پڑوسی کے ساتھ عموماً مشاجرات ومنازعات ہوتے رہتے ہیں جب کوئی شخص پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہے تو علامت ہے کہ یہ شخص خواہشات نفسانی کے خلاف عمل پیرا ہے جو علامت ایمان ہے بلکہ اس کے کامل مومن ہونے کی علامت ہے کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یؤمن احدکم حتی یامن جارہ بوائقہ اور عام مسلمانوں کے ساتھ حسن سلوک لوگوں پر ظاہر ہوتا ہے جو علامت اسلام ہے اس کو فرمایا احب للناس ماتحب لنفسك قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده۔

ولا تکثر الضحك فان کثرة الضحك تمیت القلب: کثرۃ ضحک غفلت کی علامت ہے گویا کثیر الضحک شخص موت اور مابعد الموت سے غافل ہے اور ظلمتوں میں ڈوبا ہوا ہے جو بمنزلہ میت ہے کہ نہ نافع شئی سے فائدہ اٹھا سکے نہ مضرت کو دفع کر سکے نیز مومن کی شان تو یہ ہونی چاہئے کہ اس کو آخرت کا خیال رہے تو اسے ہنسی کہاں میسر ہوگی۔

هذا حديث غريب اخرجه احمد

وروى ابو عبيدة الناجي عن الحسن قوله الخ: یعنی بعض لوگوں نے مذکورہ امور کو حسن بصریؒ کا قول قرار دیا ہے انہوں نے عن الحسن عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ و سلم نہیں ذکر کیا ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْمُبَادَرَةِ بِالْعَمَلِ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ سَبْعًا هَلْ تُنْظَرُوْنَ اِلَّا اِلٰى فَقْرٍ مُنْسٍ اَوْغِنًى مُطْغٍ اَوْمَرَضٍ مُفْسِدٍ اَوْهَرَمٍ مُفْنِدٍ اَوْ مَوْتٍ مُجْهِزٍ اَوِالدَّجَّالِ فَشَرٌّ غَائِبٌ يُنْتَظَرُ اَوِالسَّاعَةِ فَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے منقول ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سبقت کرو اعمال کے ذریعہ سات چیزوں سے نہیں انتظار کر رہے ہو تم مگر ایسے فقر کا جو بھلا دینے والا ہے یا ایسے غنی کا جو بھٹکا دینے والا ہے یا ایسے مرض کا جو بدن یا دین کو خراب کرنے والا ہے یا ایسے بڑھاپے کا جو دماغ میں خلل ڈالنے والا ہے یا ایسی موت کا جو اچانک جلدی سے آنے والی ہے یا دجال کا انتظار ہے پس وہ تو ایسا شر ہے جس کا انتظار کیا جارہا ہے یا قیامت کا پس قیامت تو بہت ڈراونی اور بہت کڑوی شی ہے۔

بادروا بالاعمال سبعًا: یعنی فتنوں میں واقع ہونے سے پہلے اعمال صالحہ میں مشغول ہوجاؤ اور اعمال کا اہتمام کرو۔

هل تنظرون الا الى فقر منس: في المشكوة ما ينتظر احد كم الاغنى مطغياً الخ

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو تنبیہ فرمائی ہے تنبیہ بلیغ جس کا مطلب یہ ہے کہ اے مسلمانو! اللہ کی عبادت اس وقت نہیں کرتے ہو جب کہ اس وقت شواغل بھی کم ہیں قویٰ بھی مضبوط پھر کیسے عبادت کرو گے جب شواغل بھی بڑھ جائیں گے اور قویٰ بھی کمزور ہو جائیں گے کیا تم ان امور کے منتظر ہو۔

منس از باب افعال و يجوز ان يكون من التفعيل لكن الاول اولى مراد ایسا فقر ہے جو مدہوش کرنے والا ہو کہ طاعات الہیٰ سے غافل کردے۔

او غنى مطغ: یا ایسی مالداری کے انتظار ہو کہ جو طغیان و سرکشی میں مبتلا کرنے والی ہو۔

او مرض مفسد: ایسی بیماری جو اپنی شدت کی وجہ سے جسم کو بیکار کردے یا دین میں سستی و کاہلی پیدا کردے۔

هرم مفند: ماخوذ من الافناد اس سے مراد ایسا بڑھاپا جو عقل میں فتور و خلل پیدا کردے کہ آدمی صحیح تکلم پر بھی قادر نہ رہے اور ذی رائے بھی نہ رہے۔

موت مجهز: بالجيم والزاء من الاجهاز بمعنى الاسراع مراد ایسی موت جو اچانک آجائے کہ توبہ و وصیت کا موقع بھی نہ دے۔

او الدجال الخ: یا اس دجال کا انتظار ہے جو شر ہی شر ہے جس کا انتظار کیا جارہا ہے۔

او الساعة فالساعة ادهى و امرّ: ادهى بمعنى اشد الدواهى۔ یعنی سخت مصیبتوں والی قیامت: امرّ: ای اکثر مرارۃ زیادہ کڑوی۔

مقصود روایت: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقصد یہ ہے کہ عمر قلیل ہے اور مصائب زائد ہیں ان کے آنے کے اوقات متعین نہیں لہذا مصائب وشدائد پیش آنے سے پہلے پہلے اللہ کی عبادت میں مشغول ہو جاؤ چونکہ عقل مند وہ شخص ہے جو وقت سے پہلے اپنی تیاری کرلے۔

هذا حديث حسن غريب اخراجه الحاكم والنسائي

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ ذِكْرِ الْمَوْتِ

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ يَعْنِي الْمَوْتَ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بکثرت تم یاد کرو لذتوں کو فنا کر دینے والی چیز یعنی موت کو۔

هاذم اللذات: بالذال المعجمة اى قاطعة اللذات قال الاسنوى فى المبهمات الهاذم بالذال المعجمة هو القاطع كما قاله الجوهرى هو المر ادههنا، سبکی نے بھی اسی کو راجح قرار دیا ہے مگر میرک نے فرمایا کہ طیبیؒ نے بالدال المہملۃ کی تصحیح فرمائی ہے جس کے معنی ڈھا دینے والی شی کے ہیں فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لذت فانیہ اور دنیا کی شہوات کو اور اس کے زائل ہونے کو بلند عمارت کے ساتھ تشبیہ دی ہے جو زبردست حوادث سے گر جائے پھر منہمک فی الشہوات کو اس ڈھا دینے والی شئی کو یاد کرنے کا حکم فرمایا کہ ایسا شخص ان شہوات کی طرف مائل نہ ہو بلکہ ان سے راہ فرار اختیار کرے اور دار القرار کی طرف مائل ہو۔

علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ ہادم بالدال المہملۃ بمعنی دافع ومخرب اور بالذال المعجمۃ بمعنی قاطع، علامہ خطابیؒ وغیرہ نے بالذال المعجمۃ کو ترجیح دی ہے اور بالدال المہملۃ کو غلط قرار دیا ہے۔

يعنى الموت: تفسیر من الراوی۔

روایت مذکورہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موت کو کثرت سے یاد کرنے کا حکم فرمایا ہے۔

ظاہر ہے کہ جس شخص کو موت سے شکست کھانی ہے جس کی آرام گاہ قبر ہونا ہے جس کے مونس وہم ساز سانپ بچھو اور کیڑے مکوڑے ہوں گے جسے منکر ونکیر کی ہم نشینی ہوگی قیامت اس کے وعدہ کی جگہ ہوگی اور جس کا ٹھکانہ جنت یا دوزخ ہوگا اس کے لئے اس کے علاوہ کچھ مناسب نہیں کہ وہ صرف موت کے متعلق سوچے صرف موت کا ذکر کرے صرف اسی کے لئے تیاری کرے اس کے لئے مناسب یہ ہے کہ وہ زندگی میں خود اپنے کو مردہ تصور کرے خود کو قبر کے گڑھے میں لیٹا ہوا تصور کرے۔ یہ حقیقت ہے کہ اگر کسی چیز کا ذکر بار بار نہ ہو تو صحیح طریقہ پر اس کی تیاری نہیں کرسکتا اور بار بار ذکر اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک موت کو یاد دلانے والی باتیں سننے پر دھیان نہیں دیتا۔

موت کی یاد دل میں راسخ کرنے کا طریقہ: یہ ہے کہ ہم عصر وہم سر لوگوں کے بارے میں خیال کرے کہ وہ موت کی آغوش میں پہنچ گئے ہیں ان کی یاد دل میں تازہ رکھے اور سوچے کہ ان یاروں کو موت نے کس طرح گرفت میں لے لیا ہے۔ پہلے وہ زندہ اشیائے موجودہ کے مالک تھے کتنے اونچے مناصب پر فائز تھے کتنے خوشحال اور فارغ البال تھے لیکن مٹی ان کے سارے مناصب

دمراتب مٹادیئے ان کی حسین صورتیں مسخ کردیں ان کے اعضاء بکھر گئے اب وہ خودمٹی بن چکے ہیں ان کی بیویاں بیوگی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں بچے یتیم ہیں مال وجائیداد کا کوئی ذکر بھی نہیں کرتا گویا وہ پیدا ہی نہیں ہوئے ہیں حالانکہ ان کو اس کی آمد کا گمان بھی نہ تھا اپنے اعضاء وجوارح پر نظر ڈالے اس وقت یہ کس قدر خوبصورت جاندار مضبوط ہیں لیکن عنقریب قبر کے کیڑے ان کو اپنی خوراک بنالیں گے ہڈیاں بکھر جائیں گی کیڑے پہلے دائیں پھر بائیں آنکھ کے ڈھیلے کو لقمہ بنائیں گے مریے جسم کا کوئی عضوایسا نہیں جسے کیڑے نہیں کھائیں گے اگر میرے ساتھ کچھ جائیگا تو وہ صرف علم صحیح یا عمل صالح ہوگا پھر قبر میں منکر نکیر کے سوال حشر ونشر، احوال قیامت اور بڑے دن کی پیشی کے لئے آواز یہ ایسے امور ہیں کہ اگر ان میں فکر کیا جائے تو موت کی یاد تازہ رہتی ہے اور اس کے لئے تیاری کی خواہش رہتی ہے۔ نیز ان افکار کے ساتھ قبرستانوں میں آنے جانے اور بیماروں کی مزاج پرسی کرنے کا معمول بھی ہو تو موت کا خیال ہروقت دل میں تازہ رہے گا محض زبانی موت کو یاد کر لینا یا اوپر کے دل سے یاد کر لینا زیادہ سودمند نہیں ہے بلکہ دل میں اس طرح مستحضر ہو جیسے کوئی مسافر خطرناک وادی طے کررہا ہو یا سمندر کے سینے پر سفر کر رہا ہو تو اس کی تمام تر توجہ سفر پر رہتی ہے۔ بہر حال یہ مذکورہ مراقبہ موت کی یاد کے لئے بہترین نسخہ ہے۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه ابن ماجه و النسائي و الطبراني وحسنه ابن حبان وفي الباب ايضًا عن ابن عمرؓ مرفوعاً رواه الطبراني و انسؓ رواه البزار باسناد حسن و البيهقي۔

عَنْ مَوْلٰی عُثْمَانَ قَالَ كَانَ عُثْمَانُ اِذَا وَقَفَ عَلٰى قَبْرٍ يَبْكِي حَتّٰى يَبُلَّ لِحْيَتَهُ فَقِيْلَ لَهُ تُذْكَرُ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَلَا تَبْكِيْ وَتَبْكِيْ مِنْ هٰذَا فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْقَبْرَ اَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الْاٰخِرَةِ فَاِنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ اَيْسَرُ مِنْهُ وَاِنْ لَمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ اَشَدُّ مِنْهُ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاَيْتُ مَنْظَرًا قَطُّ اِلَّا وَالْقَبْرُ اَفْظَعُ مِنْهُ۔

ترجمہ: ہانی مولی عثمانؓ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ جب کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو خوب روتے حتی کہ ان کی داڑھی تر ہو جاتی پس پوچھا گیا آپ کے سامنے جنت ودوزخ کا ذکر کیا جاتا ہے تو آپ نہیں روتے ہیں اور روتے ہیں اس سے فرمایا کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قبر آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے پس اگر نجات ہو گئی اس سے تو اس کے بعد (منازل) اس سے آسان ہیں اور اگر نجات نہ ہوئی اس سے تو اس کے بعد معاملہ بہت شدید ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں دیکھا میں نے کوئی برا منظر مگر قبر سب سے زائد ڈراؤنا منظر ہے۔

حضرت عثمان غنیؓ قبر کو دیکھ کر اس قدر روتے کہ داڑھی تر ہو جاتی تھی۔

سوال: جب عثمان غنیؓ عشرہ مبشرہ میں سے تھے تو وہ یقیناً عذاب قبر سے محفوظ تھے تو پھر عذاب قبر کے تذکرہ سے کیوں روتے تھے۔

جواب: (۱) بشارۃ جنت کے لئے عذاب قبر کا نہ ہونا لازم نہیں بلکہ عذاب نارکا نہ ہونا بھی لازم نہیں چونکہ ممکن ہے بشارۃ مقید ہو کسی قید کے ساتھ یا مبہم ہو۔

جواب: (۲) ممکن ہے کہ فظاعۃ قبر کا تصور ان پر اس قدر غالب ہوا کہ بشارۃ بھول گئے ہوں۔

جواب:(۳) بعض نے کہا کہ کیفیت ضغطۂ قبر کے تصور سے تھی کیونکہ ضغطۂ قبر انبیاء کے علاوہ سب کو پیش آئے گا کما یدل علیہ حدیث سعدؓ۔

ان القبر اول منزل من منازل الآخرۃ: آخرت کی بہت منازل ہیں عرصۃ القیامۃ عند العرض والوقوف عند المیزان عند المرور علی الصراط۔ الجنۃ، النار بعض روایات میں آخر منزل من منازل الدنیا وارد ہے اسی وجہ سے اس کو برزخ کہا گیا ہے۔

فما بعدہ ایسر منہ: چونکہ اس کے گناہ کا کفارہ عذاب قبر سے ہوگیا اور عذاب نار سے نجات ہوگئی تو اب کوئی گناہ نہیں جس کی وجہ اس کو عذاب دیا جائے اس لئے قبر کے بعد اس کو آسانی ہوگی۔

وان لم ینج منہ فما بعدہ اشد منہ: یعنی اگر عذاب قبر کے ذریعہ اس کے سب گناہ معاف نہیں ہوئے اور عذاب قبر سے اس کو نجات نہیں ملی تو پھر اس کے بعد کے منازل اس سے بھی زائد سخت ہوں گے تو اس کو جہنم کی آگ میں جانا ہے جو عذاب قبر سے زائد شدید ہوگی چونکہ عذاب قبر تو جہنم کے عذاب کے لئے ایک ہلکا سا نمونہ ہے۔

سوال: احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مومن کو جو بھی مصیبت پہنچتی ہے وہ اس کے گناہوں کا کفارہ ہوتی ہے تو اس بناء پر جب مومن کو قبر میں عذاب ہوگیا تو اس کے گناہ معاف ہوگئے تو یہ کیسے کہنا صحیح ہوگا وان لم ینج فما بعدہ اشد منہ بلکہ ایسر منہ ہونا چاہئے بعض حضرات نے جواب دیا۔

جواب(۱) کہ فان لم ینج منہ الخ یہ کافر کے لئے ہے نہ کہ مومن کے لئے۔

جواب(۲) بعض نے فرمایا حدیث میں مومن مراد ہے کہ اگر قبر کے عذاب کے ذریعہ اس کے گناہوں کی تکفیر نہ ہوئی بلکہ ابھی گناہ باقی رہ گئے تو بعد میں جو عذاب ہوگا وہ عذاب قبر سے زائد سخت ہے کیونکہ وہ جہنم کا عذاب ہے قبر کا عذاب تو صرف اس عذاب کا نمونہ ہے پہلے جواب کی طرف ابن حجر کا رجحان ہے اور دوسرے کی طرف ملا علی قاریؒ مائل ہیں کذا فی الشروح۔

ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ ابن ماجہ والحاکم۔

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ۔

ترجمہ: عبادہ بن الصامتؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو پسند فرماتے ہیں اور جو شخص اللہ سے ملاقات کو برا سمجھتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو برا سمجھتے ہیں۔

لقاء اللہ سے کیا مراد ہے: اس سے مراد اللہ تعالیٰ اور آخرت کی طرف مائل ہونا ہے یعنی جو شخص اپنی تمام تر توجہ دار آخرت کی طرف کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی طرف کامل طور پر متوجہ ہوتے ہیں اور جو شخص امور آخرت کی طرف متوجہ نہیں ہوتا بلکہ پورے طور پر دنیا میں منہمک رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتے بلکہ اس کو اس طرح چھوڑ دیتے ہیں وہ دنیا میں اس قدر مشغول ہو جاتا ہے کہ اس کی آخرت برباد ہو جاتی ہے۔

اشکال: اللہ سے ملاقات تو موت پر موقوف ہے اور موت کو کوئی شخص بھی پسند نہیں کرتا ہے تو پھر لقاء اللہ کس طرح محبوب ہو سکتی ہے۔

جواب: دراصل اللہ اور اس کے رسول کی محبت تو بقدر ایمان ہر مومن کے دل میں ہے البتہ ضروریات انسانیہ اور شہوات حیوانیہ چھوٹ جاتی ہیں تو ایمان چمک اٹھتا ہے اور حب الٰہی کا ظہور ہوتا ہے اور ایسا مومن اپنے محبوب سے ملاقات کا متمنی ہوجاتا ہے یہی مطلب ہے من احب لقاء اللہ الخ کا۔ اور موت سے کراہت طبعی ہے نہ کہ عقلی جواس کے منافی نہیں

فان مقتضی البشریة لا یتخلف عن البشر ولیس له غنی عن جمیع ذلك مادام لابسًا حلة الجسمیة و البشریة ماسورًا فی ایدی الحوائج البهیمیة الکدریة۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ اِنْذَارِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الْاَقْرَبِیْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا صَفِیَّةُ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ یَا بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِنِّیْ لَاۤ اَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا سَلُوْنِیْ مِنْ مَالِیْ مَاشِئْتُمْ۔

ترجمہ: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب یہ آیت "وانذر عشیرتک الاقربین" نازل ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے صفیہؓ بنت عبدالمطلب اے فاطمہؓ بنت محمدؐ اے بنی عبدالمطلب میں اللہ کے مقابلہ میں تمہارے لئے کسی چیز کا ذمہ دار نہیں ہوں مانگ لو مرے مال سے جو چاہو۔

انی لا املك لكم من الله شیئًا: یعنی میں اللہ کے عذاب کو دور کرنے کی قدرت نہیں رکھتا ہوں اگر اللہ تعالیٰ تم کو عذاب دے گا،

وهو مقتبس من قوله تعالیٰ قل فمن یملك لكم من الله شیئا ان اراد بكم ضرًا او اراد بكم نفعًا بل قال تعالیٰ قل لا املك لنفسی نفعًا ولا ضرًا الاماشاء الله۔

سَلُوْنِیْ مِنْ مَالِیْ مَاشِئْتُمْ: علامہ تورپشتی فرماتے ہیں یہاں مال سے مراد معروف مال نہیں ہے بلکہ وہ تصرفات ہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کرسکتے ہوں اور اب مطلب یہ ہوگا کہ میں اللہ کے عذاب مقدر کا دفاع تم سے نہیں کرسکتا ہوں اس کے علاوہ جو چیزیں میرے تصرف وقدرت کے تحت ہیں ان کے بارے میں تم مجھ سے مطالبہ کرلو میں پورا کروں گا۔ اصل عبارت اسلونی من مالی ماشئتم تھی بعض رواۃ نے من وما کے درمیان لفظ "ل" بڑھادیا ہے اور یہ تاویل اس لئے ہے کہ یہ واقعہ مکہ مکرمہ کا ہے جہاں آپ کے پاس کوئی مال نہیں تھا۔

ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ یہ تاویل درست نہیں چونکہ قرآن کریم کی آیت ووجدک عائلا فاغنی ای بمال خدیجہؓ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے پاس مال مکہ مکرمہ میں حاصل تھا صرح بہ المفسرون۔ پھر دوسری بات یہ ہے کہ اس وقت آپ کے پاس مال نہ ہو مگر بعد میں تو حاصل ہوسکتا ہے۔

ولما امکن الجمع بتصحیح الروایة تعین عدم التخطیة عن الروایة

یہ بھی ممکن ہے کہ یہ واقعہ مدینہ منورہ کا ہو وہاں پر آپ کے پاس مال تھا چنانچہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے وانذر عشیرتک الاقربین کے نزول کے بعد دو مرتبہ اعزہ کو جمع کر کے یہ ارشاد فرمایا ایک مرتبہ مکہ میں اور ایک مرتبہ مدینہ میں۔

سوال: اس روایت سے معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی سفارش ودفاع کسی کے کام نہیں آئے گا جب کہ کثیر روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی شفاعت امت کے بارے میں قیامت کے دن ہوگی۔

جواب (۱) ممکن ہے کہ آپ کا ارشاد اس وقت ہو جب کہ آپ کو اپنی شفاعت کے بارے میں معلوم نہ ہوگا۔

جواب (۲) آپ نے ترغیبا للعمل بطور مبالغہ یہ ارشاد فرمایا ہے۔

جواب (۳) عبارت محذوف ہے الا ان اذن اللہ لی بالشفاعۃ۔

سوال: روایت میں صرف فاطمہ کا ذکر ہے دیگر بنات کا ذکر کیوں نہیں۔

جواب (۱) روایت میں اختصار ہے طویل روایت سیوطی نے بروایۃ الطبرانی وابن مردویہ عن ابی امامہ نقل کی ہے جس میں عائشہؓ وام سلمہؓ وحفصہؓ وفاطمہؓ وام الزبیرؓ تک کا ذکر موجود ہے۔

جواب (۲) انہی کا ذکر فرمایا ہے کیونکہ جب فاطمہ جو سب سے چھوٹی صاحبزادی (جو کہ ابھی حد بلوغ کو نہیں پہنچی ہے) ان سے آپ یہ بات فرما رہے ہیں تو دوسری صاحبزادیاں جو قابل خطاب ہیں ان کے لئے بدرجہ اولی یہ خطاب ہوگا۔

سوال: اس باب کو ابواب الزہد سے کیا مناسبت ہے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اعزہ کو یہ مضمون بیان فرما کر بتایا کہ آدمی کے اموال واقرباء اللہ کے عذاب کو دور نہیں کر سکتے حتی کہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی دافع عن العذاب نہیں ہو سکتے ہیں تو پھر آدمی کو چاہئے کہ اللہ تعالی کی اطاعت وفرمانبرداری میں منہمک رہے اور آخرت کی فکر کرے دنیا کے غموم وہموم میں نہ پڑے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَلِجُ النَّارَ رَجُلٌ بَكَى مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ حَتّٰى يَعُوْدَ اللَّبَنُ فِي الضَّرْعِ وَلَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہرگز نہیں داخل ہوگا جہنم میں وہ شخص جو روئے اللہ کے خوف سے یہاں تک نہ لوٹ جائے دودھ تھن میں اور نہیں جمع ہو سکتے غبار فی سبیل اللہ اور جہنم کا دھواں۔

روایت کا مطلب: یعنی جس طرح دودھ کا تھن میں لوٹ کر جانا محال ہے اسی طرح اس شخص کا جہنم میں داخل ہونا محال ہے جو اللہ کے خوف سے رویا ہو۔ اور جس شخص کو اللہ کی راہ میں غبار پہنچا ہو اس کو جہنم کی آگ کا دھواں نہیں پہنچے گا کہ دونوں ایک ساتھ جمع نہیں ہو سکتے یعنی غازی فی سبیل اللہ جہنم میں نہیں جائے گا بلکہ جنت میں داخل ہوگا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ الخ

عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي أَرَى مَا لَا تَرَوْنَ وَأَسْمَعُ مَا لَا تَسْمَعُوْنَ

أَطَّتِ السَّمَاءُ وَحُقَّ لَهَا أَنْ تَئِطَّ مَا فِيهَا مَوْضِعُ أَرْبَعِ أَصَابِعَ إِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهُ لِلّٰهِ سَاجِدًا وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَاءِ عَلَى الْفُرُشِ وَلَخَرَجْتُمْ إِلَى الصُّعُدَاتِ تَجْأَرُونَ إِلَى اللّٰهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي كُنْتُ شَجَرَةً تُعْضَدُ۔

ترجمہ: ابوذرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک میں دیکھتا ہوں ایسی چیزوں کو جن کو تم نہیں دیکھتے ہو اور سنتا ہوں ایسی باتیں جو تم نہیں سنتے ہو چرچر بول رہا ہے آسمان اور اس کا حق بھی اس کو ہے کہ چرچر کرے فرشتہ رکھے ہوئے پیشانی اللہ کے لئے اس حال میں کہ وہ سجدہ کرنے والی ہے اللہ کی قسم اگر تم دیکھ لو وہ چیزیں جن کو میں دیکھتا ہوں تو البتہ تم کم ہنسو اور روؤ زیادہ اور نہ لذت حاصل کرو تم بیویوں سے بستروں پر اور البتہ نکل جاؤ تم جنگلوں کی طرف اس حال میں کہ گریہ وزاری کرنے والے ہوں اللہ کی طرف ابوذرؓ نے کہا میں چاہتا ہوں کاش میں ایک پیڑ ہوتا جو کاٹ دیا جاتا ہے۔

انی اری مالاترون: یہاں علم سے مراد بصارت ہے

بقرینہ قولہ و اسمع مالا تسمعون۔

اطت السماء: تشدید الطاء یہ ماخوذ ہے اطیط سے اونٹوں کی آواز یہاں مراد ہے کہ آسمان میں اس قدر فرشتے ہیں کہ ان کے بوجھ کی وجہ سے وہ آواز کر رہا ہے یا اللہ کے خوف وخشیت کی وجہ سے اس سے آواز نکل کر رہی ہے یا اللہ کی تسبیح وتقدیس کی آواز ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں یہ حقیقت پر محمول ہے جس کا قرینہ واسمع لاتسمعون ہے دوسرا قول یہ کہ مجاز ہے اور کلام تقریب ہے جس سے تقریر عظمت الٰہی مقصود ہے۔

وحق لها: بصیغہ مجہول

ساجدا: بمعنی منقاداً تا کہ یہ شامل ہو جائے ان فرشتوں کو بھی جو بحالت قیام وقعود ورکوع ہیں۔

الصعدات: بضمتین ای الطرق؟ جمع صعید ہے کطریق وطرق وطرقات وقیل جمع صُعدۃ مثل ظلمۃ وھی فناء باب الدار و ممر الناس بین یدیہ بعض حضرات نے فرمایا صعدات سے مراد براری وصحاری یعنی جنگلات ہیں۔

تجارون: الی اللّٰہ تتضر عون بالدعاء ان یدفع عنکم البلاء۔

لوددت انی کنت شجرۃ تعضد: بصیغہ مجہول بمعنی تقطع وتستاصل یہ ابوذرؓ کا قول ہے

کما ھو مذکور فیما بعد ویروی من غیر ھٰذا الوجہ ان اباذر قال لوددت الخ۔

لو تعلمون ما اعلم لضحکتم قلیلًا و لبکیتم کثیرًا: یعنی میں جس کو جانتا ہوں (اس سے مراد اللہ کا عذاب ہے یا یوم حساب کا مناقشہ) اگر تم بھی جان لیتے تو زیادہ روتے اور کم ہنستے۔

کثیرًا ای بکاءً کثیرًا اور زمانًا کثیرًا ای من خشیۃ اللّٰہ ترجیحًا للخوف عن الرجاء و خوفًا من سوء الخاتمۃ حاصل یہ ہے کہ جن چیزوں کو میں جانتا ہوں یعنی اللہ کی عظمت، گنہگاروں سے اللہ کا انتقام اور حالت نزع اور موت کے خوفناک احوال اور قبر کی شدت اور قیامت کا منظر اگر تم بھی ان چیزوں کو جان لو تم کم ہنسو اور زیادہ روؤ یہ ارشاد آپ نے اس وقت

فرمایا جب آپ ایک مرتبہ مسجد میں تشریف لائے تو لوگوں کو دیکھا کہ وہ باتیں کررہے ہیں اور ہنس رہے ہیں فرمایا لو تعلمون ما اعلم الخ حسن بصریؒ نے فرمایا۔

من علم ان الموت موردہٗ والقیامۃ موعدہٗ والوقوف بین یدی اللّٰہ و شھودہ فحقہ ان یطول فی الدنیا حزنہ۔

ھذا حدیث صحیح اخرجہ البخاری والنسائی

بَابُ مَاجَاءَ مَنْ تَكَلَّمَ بِالْكَلِمَةِ لِيُضْحِكَ النَّاسَ

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ الرَّجُلَ لَیَتَکَلَّمُ بِالْکَلِمَةِ لَا یَرٰی بِهَا بَأْسًا یَهْوِیْ اللّٰهُ بِهَا سَبْعِیْنَ خَرِیْفًا فِی النَّارِ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک آدمی البتہ بات کرتا ہے کوئی ایسی بات جس میں کوئی حرج نہیں سمجھتا گرتا چلا جاتا ہے اسی کی وجہ سے ستر خریف جہنم کی آگ میں۔

عَنْ بَهْزِبْنِ حَکِیْمٍ ثَنِیْ اَبِیْ عَنْ جَدِّیْ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ وَیْلٌ لِلَّذِیْ یُحَدِّثُ بِالْحَدِیْثِ لِیُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ فَیَکْذِبُ وَیْلٌ لَّهٗ وَیْلٌ لَّهٗ

ترجمہ: بہز بن حکیم نے میری باپ سے انہوں نے میرے دادا سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہلاکت ہے اس شخص کے لئے جو کوئی ایسی بات کہے جس سے لوگوں کو ہنسائے پس جھوٹ بولے ہلاکت ہے اس کے لئے ہلاکت۔

ان الرجل: اس سے مراد انسان ہے عورتیں بھی اس کے تحت داخل ہیں بالکلمۃ ای الواحدۃ لا یری بہ بأسا: یعنی وہ بات ایسی ہے کہ اکثر اس کے بارے میں سمجھتا ہے کہ اس کے کہنے میں کوئی گناہ نہیں اور نہ کوئی اس میں مواخذہ ہے یھوی بھا: ھوی یھوی ھویا بمعنی سقط الی الاسفل یعنی نیچے کی جانب گرنا سبعین برائے تکثیر ہے ویل: بمعنی عظیم ہلاکت یا وادی فی جہنم یضحک: از افعال القوم: بالنصب اور اگر مجرد سے یضحک بفتح الیاء پڑھا جائے تو القوم مرفوع بر بنائے فاعلیت ہے۔

حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ آدمی کو اپنی زبان پر قابو رکھنا چاہئے کہ بسا اوقات غیر شعوری طور پر اس کے ذریعہ جہنم میں پہنچ جاتا ہے کیونکہ زیادہ بولنے کا جب انسان عادی ہوتا ہے تو اس سے لایعنی کلام صادر ہوتا ہے وہ یہ محسوس نہیں کرتا کہ اس کلام میں کیا نقصان ہے حالانکہ وہ اس کو جہنم کی طرف لے جارہا ہے لوگوں کو ہنسانے کے لئے ایسی بات کہے جس میں بظاہر کوئی مضائقہ نہیں یہ بھی درست نہیں اس لئے کہ اس سے قساوت قلبی پیدا ہوتی ہے نیز موت و مابعد الموت سے غفلت کا باعث ہے اور حدیث کے مطابق جہنم میں جانے کا سبب ہے، اس لئے ضروری ہے کہ صرف ضروری کلام پر اکتفاء کیا جائے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے ان المومن لا یکون صمتہ الا فکرا ونظرہ الا عبرۃ ونطقہ الا ذکرا یعنی مومن کی خاموشی فکر ہے اور اس کی نظر عبرت ہے اور اس کا کلام ذکر الٰہی ہے آپ نے ارشاد فرمایا طوبیٰ لمن امسک الفضل من لسانہ وانفق الفضل من مالہ (بیہقی) یعنی اس شخص کے لئے خوشخبری ہے جو اپنا زائد کلام روکے اور زائد مال خرچ کرے۔

ابراہیم تیمی کہتے ہیں مومن بولنے سے پہلے یہ دیکھتا ہے کہ بولنا اس کے حق میں مفید ہے یا نہیں اگر مفید ہے تو بولتا ہے ورنہ چپ رہتا ہے اور فاجر بے سوچے بولتا ہے۔

حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا آدمی کے لئے جس عضو کو پاک کرنا زیادہ ضروری ہے وہ زبان ہے ابراہیم بن ادہم نے فرمایا آدمی مال اور کلام کی زیادتی سے تباہ ہوتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نہایت جامع ارشاد من سکت نجا ہے جو شخص خاموش رہا اس نے نجات پائی۔

بہر حال آدمی کو چاہئے کہ اپنی زبان پر قابو پائے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ يَعْنِيْ رَجُلاً اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَلَا تَدْرِيْ فَلَعَلَّهٗ تَكَلَّمَ فِيْمَا لَا يَعْنِيْهِ اَوْبَخِلَ بِمَا لَا يَنْقُصُهٗ۔

ترجمہ: انسؓ نے فرمایا کہ صحابہ میں سے ایک شخص کی وفات ہوگئی پس ایک شخص نے کہا تجھے بشارت ہو جنت کی تو آپ نے فرمایا کیا تو نہیں جانتا شاید اس نے لایعنی بکی ہو یا بخل کیا ہو ایسی شئی میں جو اس کو نقصان نہ پہنچاتی ہو۔

يعني رَجُلاً: بعض نسخوں میں رجل ای قال رجل للرجل المتوفی ابشر بالجنة: ابشر از افعال یا از علم وضرب او لا تدری: بفتح الواؤ واؤ عاطفه ہے معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت تبشر ولا تدری ماتقول یا واؤ حالیہ ہے ای والحال انك لاتدری۔

فَلَعَلَّهٗ تَكَلَّمَ فِيْمَا لَا يَعْنِيْهِ: یعنی اس نے لایعنی کلام ایسا کیا ہے جس کی ضرورت نہ اس کو دین میں تھی اور نہ دنیا میں مَا لَا يَنْقُصُهٗ: ضمیر منصوب راجع ہے رجل کی طرف اور ضمیر مرفوع ما کی طرف حاصل روایت یہ ہے کہ رجل متوفی کو جب بشارت جنت دی تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ بشارت بالجنۃ تو اس وقت دی جائے جب حساب وکتاب سے کامیابی معلوم ہو جائے کیا معلوم اس سے مناقشہ ہو لایعنی اختیار کر لینے پر تو ابھی تک معلوم نہیں کہ اس سے مناقشہ ہوگا یا نہیں پھر بشارت کیسی اس مضمون کی روایات متعدد کتب احادیث میں موجود ہیں۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَالَا يَعْنِيْهِ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا آدمی کے اسلام کی خوبی لایعنی باتوں کو چھوڑ دینا ہے۔

من حسن اسلام المرء ای من جهة محاسن اسلام الانسان و کمال ایمانه۔

تَرْكُهٗ مَالَا يَعْنِيْهِ: ابن رجب حنبلی فرماتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ آدمی کے اسلام وایمان کا کمال اور اس کی خوبی لایعنی قول وفعل کو ترک کر دینا ہے اور فعلاً وقولاً بقدر ضرورت پر اکتفاء ہو لہٰذا ترک محرمات وشبہات ومکروہات وفضول مباحث جن کی کوئی حاجت نہیں یہ سب اس کے تحت داخل ہیں پس کامل ایمان والا ان مذکورہ امور سے پرہیز کرے گا۔

مالا یعنی کی حقیقت

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں مالا یعنی سے مراد وہ امور ہیں جن کی ضرورت نہ دین میں ہے اور نہ دنیا میں اور نہ رضائے الٰہی

بغیر ان کے حاصل ہو سکتی ہے امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ بے فائدہ کلام اس کلام کو کہتے ہیں کہ اگر تم خاموش رہو تو نہ اس کی وجہ سے کوئی گناہ لازم آتا ہے اور نہ فی الوقت یا بعد میں کسی وقت اس کی وجہ سے نقصان کا اندیشہ ہو اس کلام کی مثال یہ ہے کہ تم کسی مجلس میں بیٹھ کر اپنے سفر کے قصے سناؤ اور لوگوں کو بتلاؤ میں نے بلند و بالا پہاڑ اور رواں دواں نہریں دیکھی ہیں خوش ذائقہ کھانے کھائے طرح طرح کی چیزوں کا مشاہدہ کیا فلاں فلاں بزرگ سے ملاقاتیں کیں وغیرہ وغیرہ یہ وہ امور ہیں اگر تم انکو بیان نہ کرو تب بھی کوئی گناہ نہیں اور نہ کسی کا نقصان ہے یہ بھی اس صورت میں ہے کہ تمام واقعات بلا کم و کاست صحیح صحیح بیان کئے جائیں نہ ان میں کمی ہو اور نہ زیادتی نہ کسی شخصیت کی غیبت ہو نہ کسی مخلوق کی مذمت نہ خودستائی نہ اظہار تفاخر اس احتیاط کے باوجود یہی کہا جائے گا کہ تم نے اپنے سفر کا حال بیان کر کے وقت ضائع کیا ہے اس طرح غیر ضروری سوال کرنا بھی لایعنی میں داخل ہے کہ اس میں ضیاع اوقات ہے اور آخرت کا محاسبہ بھی ہے اور بہتر کے عوض کمتر حاصل کرنے کا عمل بھی علی ہذا میں بھی یہی تفصیل ہے۔

هذا حديث غريب لا نعرفه الخ: حاصل یہ ہے کہ یہ روایت بطریق قرۃ عن الزہری عن ابی ہریرہؓ موصولاً تو غریب ہے مگر بطریق مالک عن الزہری عن علی بن الحسن مرسلاً متعدد طرق سے منقول ہے امام نوویؒ نے موصولاً روایت کی تحسین فرمائی ہے۔

علامہ ابن عبد البرؒ نے بھی فرمایا هذا الحديث محفوظ عن الزهري بهذا الاسناد من رواية الثقات مگر اکثر ائمہ نے طریق مرسل کی تصحیح فرمائی ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ قِلَّةِ الْكَلَامِ

عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَابَلَغَتْ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا رِضْوَانَهٗ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ۔

ترجمہ: بلالؓ بن الحارث المزنی صحابی سے منقول ہے کہ فرمایا بے شک تم میں سے کوئی شخص بولتا ہے کوئی کلمہ جو اللہ کی رضامندی کا ہوتا ہے وہ گمان بھی نہیں کر سکتا کہ اس درجہ کا ہوگا پس مقدر فرما دیتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کلمہ کے طفیل اس کے لئے اپنی رضا قیامت کے دن تک اور بے شک بولتا ہے تم میں سے کوئی شخص ایسی بات جو اللہ کی ناراضگی کی ہوتی ہے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا کہ وہ اس درجہ کا ہوگا پس مقدر فرما دیتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنی ناراضگی قیامت کے دن تک۔

مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَابَلَغَتْ: اس سے مراد یہ ہے کہ بسا اوقات متکلم ایسا کوئی کلمہ کہہ دیتا ہے جو موجب رحمت و رضوان ہوتا ہے خود اس کو بھی معلوم نہیں ہوتا کہ یہ چھوٹی سی بات اس قدر ثواب و رحمت کا ذریعہ ہو سکتی ہے اور اگر با قاعدہ نیت اخلاص کے ساتھ ایسی اچھی بات کہے تو ثواب مزید بڑھ جاتا ہے

لان النبي صلى الله عليه و آله وسلم قال انما الاعمال بالنيات

تو اگر چہ وہ کلمہ یسیرہ ہے مگر عند اللہ جلیلہ و عظیمہ ہوتا ہے مثلاً بادشاہ سے ظلم روکنے کے بارے میں قصداً یا بلا قصد کوئی بات کہہ دے کہ وہ ظلم سے رک گیا تو اس چھوٹی سی بات کا اجر و ثواب کس قدر ہوگا اور یہ کلمہ کس قدر نافع ہوگا۔ علی ہذا ایسی بات جو اللہ کی ناراضگی کا باعث ہے بسا اوقات آدمی اس کی اہمیت نہیں سمجھتا کہ یہ تو معمولی بات ہے مگر وہ اللہ کی

ناراضگی کا باعث ہو جاتی ہے مثلاً کوئی بات کسی ظالم سے ایسی کہہ دی جس سے اس کا ظلم مزید بڑھ گیا تو ظاہر ہے کہ یہ اللہ کی ناراضگی کا باعث ہے۔

يَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا رِضْوَانَهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ: اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کلمہ خیر کی برکت سے اس کو ایسے اعمال وطاعات اور مسارعۃ الی الخیرات کی توفیق عنایت فرمائیں گے کہ وہ شخص دنیا میں اچھی زندگی گزارے گا اور برزخ میں بھی عذاب سے محفوظ رہے گا اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو نیک بخت فرمائیں گے کہ اپنا سایہ نصیب فرمائیں گے پھر حساب وکتاب کے بعد جنت میں داخل فرمائیں گے اور اپنی رضامندی نصیب فرمائیں گے علی ہذا اللہ کی ناراضگی کی بات جو معمولی ہے مگر دنیا و آخرت میں ذلت کا باعث ہوگی اور جہنم میں داخلہ کا باعث پھر اللہ کی ناراضگی مستقل اس کے لئے مقدر ہوگی۔ معلوم ہوا کہ آدمی کو کم بولنا چاہئے وہوا الترجمۃ۔

قلتِ کلام محمود ومطلوب ہے

زبان اللہ کی نعمتوں میں سے عظیم نعمت ہے اس کا حجم اگرچہ چھوٹا ہے لیکن اس کی طاعت بھی زیادہ ہے اور گناہ بھی بڑا ہے چونکہ اظہار ایمان اسی سے ہوتا ہے جو غایت طاعت ہے اور کفر بھی اس سے ظاہر ہوتا ہے جو انتہائی درجہ کی معصیت ہے اس کا دائرہ اختیار تمام اعضاء سے زائد ہے اس لئے اس کو قابو میں رکھنا نہایت ضروری ہے یہ ایسا محفوظ و چالاک عضو ہے کہ اس سے کسی کو گالی دی برا بھلا کہا خود تو منہ کے اندر دانتوں کے پیچھے محفوظ ہو جاتی ہے اور جسم کی پٹائی کرا دیتی ہے اس وجہ سے حدیث میں مضمون ہے سب اعضاء اس سے صحیح رہنے کی درخواست کرتے رہتے ہیں احادیث میں بھی بکثرت زبان پر قابو پانے کا حکم فرمایا گیا ہے اس کے ضرر سے بچنے کا واحد راستہ خاموشی ہے جس کی تعریف احادیث میں وارد ہے فرمایا من صمت نجا جو خاموش رہا اس نے نجات پائی۔

نیز فرمایا الصمت حکم وقاعلہ قلیل (رواہ الدیلمی عن ابن عمرؓ) اسی طرح ارشاد ہے من سرہ ان یسلم فیلزم الصمت (رواہ البیہقی عن انسؓ) ان کے علاوہ اور بھی متعدد روایات زبان کے صحیح اور قابو میں رکھنے کے بارے میں وارد ہیں جیسا کہ جزء ثانی میں کلام گزرا ہے اور اس سے پہلے باب میں کچھ بیان ہو چکا ہے۔

آفات زبان

زبان کی آفتوں سے بچنا ضروری ہے اور وہ یہ ہیں (۱) لایعنی کلام کرنا، زیادہ بولنا، باطل کا ذکر کرنا بات کاٹنا اور جھگڑا کرنا خصومت، فصاحت کلام کیلئے تصنع فحش گوئی اور سب وشتم لعنت کرنا، راگ وشاعری، مزاح، استہزاء، افشاء راز، جھوٹا وعدہ، جھوٹ بولنا اور قسم کھانا غیبت، چغلخوری، نفاق، مدح بیجا کلام میں غفلت کی بناء پر غلطیاں کرنا یہ سب وہ آفات ہیں جن کی بے شمار تفصیل اور اس کے تحت جزئیات ہیں اجمالاً ہم نے یہ شمار کرا دی ہیں بہرحال آدمی کے لیے اپنی زبان کو شریعت کی لگام پہنانا ضروری ہے اسی کی طرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اس ارشاد میں توجہ دلائی ہے۔

هكذا روى غير واحد الخ: محمد بن عمرو سے متعدد حضرات نے تو عن ابیہ عن جدہ عن بلال بن الحارث روایت نقل کی ہے مگر امام مالکؒ نے عن ابیہ عن بلال بن الحارث کہا اور عن جدہ نہیں فرمایا۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ هَوَانِ الدُّنْيَا

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَا سَقٰى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ۔

ترجمہ: سہل بن سعدؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر دنیا اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے برابر ہوتی تو نہ پلاتا وہ کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی۔

ھوان: ذلیل ہونا، ہلکا ہونا **تعدل:** بفتح التاء وکسر الدال بمعنی توازن وتساوی برابر ہونا

جناح بعوضة: مچھر کا پر، قلت وحقارت کو بیان کرنے کے لئے یہ مثال لائی گئی ہے مراد یہ ہے کہ اللہ کی نظر میں دنیا کا ادنیٰ درجہ بھی نہیں ہے۔ **ماسقی کافر الخ:** چونکہ کافر اللہ کے دشمن ہے اور دشمن کو قیمتی چیز نہیں دی جاتی اس لئے اللہ کی نظر میں پانی بھی نہ دیا جاتا مگر اللہ کے یہاں دنیا کی کوئی قدر نہیں ہے علیٰ ہذا جب دنیا حقیر شئی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے اولیاء کو دنیا نہیں دیتے۔

كما قال النبي صلى الله عليه و آله وسلم ان الله يحمي عبده المومن عن الدنيا كما يحمي احد كم المريض عن الماء.

اس روایت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا کی بے قدری کو بیان فرمایا ہے کہ دنیا کی کوئی قیمت اللہ کے یہاں نہیں ہے قرآن کریم میں بے شمار مواقع پر دنیا کی مذمت کی گئی ہے اور مخاطبین کو سمجھایا تا کہ وہ دنیا سے اعراض کریں اور رب کریم کی طرف رجوع کریں انبیاء کی بعثت کا مقصد بھی یہی ہے کہ اللہ کے بندوں کو دنیا سے منحرف کر کے آخرت کے راستے پر چلائیں اسی طرح دنیا کی مذمت کے بارے میں احادیث بھی بے شمار ہیں۔

امام موصوفؒ نے یہاں چند احادیث ذکر فرمائی ہیں۔ لیکن یہ یاد رہے کہ دنیا اس شئی کا نام ہے جو اللہ کی یاد سے غافل کر دے۔ متاع دنیا پر دنیا کا اطلاق اسی وجہ سے کیا جاتا ہے کہ وہ عموماً ذکر اللہ سے غفلت کا سبب ہوتا ہے۔ دنیا سب کی دشمن ہے دنیا اللہ کی دشمن ہے اللہ کے دوستوں کی بھی دشمن اور دشمن اور دشمنوں کی بھی دشمن ہے اللہ کی دشمن تو اس لئے کہ اس کے بندوں کو راہ راست پر نہیں چلنے دیتی۔ اللہ کے دوستوں کی بھی دشمن کیونکہ ان کے سامنے آرائش اور زیبائش کر کے نکلتی ہے ان کو اپنی رونق وشادابی سے للچاتی ہے تا کہ کسی طرح وہ اس کے دامن میں آجائیں دنیا کے پھیلائے ہوئے جال سے نکلنے کے لئے انہیں صبر کے کڑوے گھونٹ پینے پڑتے ہیں۔

دشمنان خدا کی بھی دشمن ہے کیونکہ اس نے ان کو اپنے فریب میں پھنسالیا اور انہیں سبز باغ دکھا کر اپنے قریب کرلیا یہاں تک کہ وہ اس کی گرفت میں آگئے اور اس پر اعتماد کر بیٹھے تو انہیں ذلت میں مبتلا کر دیا اگر دنیا میں ذلت سے بچ گئے تو آخرت میں رسوائی اور ندامت سے چھٹکارا نہ پاسکیں گے اور ابدالآباد کی سعادت سے محروم ہوں گے۔

عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ الرَّكْبِ الَّذِينَ وَقَفُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّخْلَةِ الْمَيِّتَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ أَتَرَوْنَ هٰذِهِ هَانَتْ عَلَى أَهْلِهَا۔

ترجمہ: مستورد بن شداد سے منقول ہے کہ فرمایا میں ان لوگوں کے ساتھ تھا جو ٹھہرے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک بھیڑ کے مرے ہوئے بچے پر پس آپ نے پوچھا کیا تم بتاؤ گے یہ مرا ہوا بچہ کس قدر ذلیل ہے اپنے مالکوں پر کہ انہوں نے اس کو ڈال دیا ہے کہا لوگوں نے اس کے بے قدر ہونے کی وجہ سے ہی تو اس کو ڈال دیا ہے یا رسول اللہ، فرمایا دنیا اللہ کے یہاں اس سے بھی زیادہ بے وقعت ہے۔

السَّخْلَةُ: بفتح السین وسکون الخاء بکری یا بھیڑ کا بچہ۔ من هوانها: ای من اجل هوانها۔

حاصل روایت یہ ہے کہ دنیا اللہ کی نظر میں اس قدر ذلیل ہے کہ وہ عموماً ذلیلوں کو دی گئی ہے اگر محبوب ہوتی تو محبوب کو دی جاتی مگر اہل محبت کو یہ ذلیل چیز نہیں دی جاتی بلکہ اللہ نے اس کو اس قدر حقیر اور بے وقعت بنایا ہے جس طرح بکری کا مرا ہوا بچہ باہر کوڑی پر ڈال دیا جاتا ہے اس کی کوئی قدر مالکوں کو نہیں ہوتی اس سے بھی زائد دنیا اللہ کی نظر میں ذلیل ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ إِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُونَةٌ مَلْعُونٌ مَا فِيهَا إِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمٌ أَوْ مُتَعَلِّمٌ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا بے شک دنیا ملعون ہے وہ چیزیں جو اس دنیا میں ہیں سوائے اللہ کے ذکر کے اور وہ چیزیں جن کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے اور عالم و متعلم۔

ملعونة: جس کے معنی مبغوضۃ من اللہ کیونکہ دنیا اللہ سے بعید ہے مناوی فرماتے ہیں ملعو یہ بمعنی متروکہ۔

ملعون ما فیها: یعنی جو چیز اللہ کی یاد سے غافل کردے وہ بھی ملعون و مبغوض ہے۔

الا ذکر اللّٰہ: بالرفع۔ وما والاہ: ای احبہ اللہ اگر دنیا سے مراد وار دنیا ہے تو استثناء متصل ہے اور اگر دنیا سے مراد غفلت ہے تو استثناء منقطع ہے یعنی سب چیزیں ملعون ہیں دنیا میں سوائے اللہ کے ذکر کے اور ان اعمال کے جن کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتے ہیں یعنی اعمال خیر، اوامر کی اطاعت نواہی وغیرہ سے اجتناب۔

و عالم او متعلم: او بمعنی واؤ ہے عالم و متعلم اپنے علم کے ذریعہ رضائے الٰہی کی طلب میں ہیں اس وجہ سے وہ ملعون نہیں ہیں ضمیر مفعول راجع ہے ذکر اللہ کی طرف یا مراد یہ ہے کہ جو ذکر اللہ کا سبب ہوں لہٰذا تمام اسباب ذکر خواہ عبادات ہوں یا معاملات برائے دین، نکاح، بیع اسی طرح علوم عربیہ وادبیہ سب ما والاہ میں داخل ہیں۔

• روایت سے علم کی فضیلت معلوم ہوتی ہے کہ علم ملعون نہیں خواہ عالم ہو یا متعلم ہو۔ نیز ایسا مال و دولت جو قرب الٰہی کا ذریعہ ہے وہ ملعون نہیں ہے کیونکہ ایسا مال طاعات کا ذریعہ ہوتا ہے جو مطلوب خداوندی ہے۔

عَنْ مُسْتَوْرِدًا أَخَا بَنِي فِهْرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ مَا الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مِثْلُ مَا يَجْعَلُ أَحَدُكُمْ إِصْبَعَهُ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَا ذَا تَرْجِعُ۔

ترجمہ: مستوردؓ جو بنی فہر میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا نہیں ہے دنیا کی نعمتوں کا حال یا

دنیا کی عمر کا حال آخرت کے مقابلہ میں محض اتنا کہ داخل کرے تم میں سے کوئی اپنی انگلی سمندر میں پس غور کرے کس قدر (پانی کے ساتھ) وہ لوٹتی ہے یعنی معمولی مقدار۔

ماالدنیا: مانافیہ ہے ای مامثل الدنیا من نعمیھا اور زمانھافی جنب الآخرۃ بمقابلۃ نعیمھا وزمانھا۔الامثل: بکسر المیم وسکون الثاء مایجعل: مامصدریہ ای مثل جعل احد کم فی الیم: ای مغموسًا فی البحر بالماء الکثیر فلینظر: ای فلیتأمل۔

دوم یا اس سے نعمتوں کے اعتبار سے مقابلہ کرنا ہے اور مطلب یہ ہے کہ دنیا کی نعمتیں آخرت کی نعمتوں کے مقابلہ میں کچھ وقعت نہیں رکھتی ہیں پس سمجھنے کے لئے اتنا سمجھو کہ کوئی شخص اپنی انگلی سمندر میں داخل کر کے نکال دے تو اس کی انگلی پر کتنا معمولی پانی آئے گا یعنی اس کو کوئی شمار نہیں کر سکتا اسی طرح دنیا کی نعمتوں کا کوئی شمار آخرت کی نعمتوں کے مقابلہ میں نہیں ہے لہٰذا اس دنیا میں جی نہ لگائے بلکہ اس سے اعراض کرتا رہے اور دنیا کی نعمتوں کو عارضی تصور کرے کہ وہ فنا ہونے والی ہیں۔

دنیاوی لذت میں انہماک اور ان سے مفارقت کی مثال

جس شخص کو دنیا کا مال ومتاع میسر ہے اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص گھر بنائے اور اس کو خوب سجائے پھر اپنی قوم کو اس گھر میں آنے کی دعوت دے لوگ ایک ایک کر کے آئیں جب ایک شخص گھر میں قدم رکھے تو صاحب خانہ اس کی خدمت میں پھولوں کا گلدستہ اور خوشبوؤں سے لبریز طباق اس کو پیش کر دے تا کہ وہ سونگھ لے اور آنے والے کے لئے چھوڑ کر آگے بڑھ جائے لیکن آنے والا شخص غلطی سے یہ سمجھے کہ میزبان نے مجھے ہدیہ کر دیا ہے اور میں اس کا مالک ہوں اس طباق سے قلبی تعلق جمالے لیکن جب اس سے وہ طباق واپس لے لیا گیا تو اس کو احساس ہوا کہ یہ تو صرف سونگھنے کے لئے تھا نہ کہ مالک بننے کے لئے ظاہر ہے اس وقت اس کا منظر حزن ویاس قابل دید ہوگا یہ غلطی اس سے اس لئے ہوئی کہ وہ میزبانی کی رسموں سے واقف نہ تھا اس کے برعکس جب وہ شخص آیا جو میزبانی کی رسموں سے واقف تھا اس نے طباق لیا لطف اندوز ہوا اور میزبان کا شکریہ ادا کیا خوشدلی اور شرح صدر کے ساتھ واپس بڑھا دیا یہی حال ان لوگوں کا ہے جو اللہ تعالیٰ کی سنت قدیمہ سے واقف ہیں کہ یہ دنیا ایک مہمان ہے اور گزرنے والوں کے لئے وقف ہے تا کہ وہ ٹھہر کر اگلی منزل کیلئے توشہ لے لیں یعنی جس طرح مسافر مہمان خانہ سے فائدہ اٹھاتا ہے اسی طرح وہ بھی دنیا سے نفع اٹھائیں یہ نہیں کہ اس کو اپنا مستقل ٹھکانا سمجھ بیٹھیں۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ مسلم۔

الدنیا سجن المؤمن و جنۃ الکافر: دنیا مؤمن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لئے جنت ہے۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں مومن کے لئے دنیا قید خانہ ہے کہ اس کو دنیوی شہوات محرمہ سے روک دیا گیا دنیا کے لذائذ سے اس کو منع کیا جاتا ہے اور طاعات شاقہ کا اس کو مکلف بنایا گیا ہے جب اس کو موت آجائے گی تو ان سب چیزوں سے وہ راحت محسوس کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی تیار کردہ نعمتیں اس کو دی جائیں گی جو ہمیشہ رہنے والی ہوں گی اس کے بالمقابل کافر اس کے لئے دنیا میں جملہ لذائذ وشہوات ہیں جیسا کہ قرآن کریم میں تفصیلاً بیان کیا گیا ہے زین للناس حب الشھوات من النساء الخ مگر مرنے کے بعد عذاب دائمی میں مبتلا ہوگا

اور وہاں کی نعمتوں سے محروم ہو کر ہمیشہ کے لئے بدبخت ہوگا قرآن کریم اور احادیث شریف میں اس مضمون کو متعدد مقامات پر تفصیلاً بیان کیا گیا ہے۔

سنادیؒ فرماتے ہیں جب مؤمن کو دنیا میں لذائذ وشہوات سے روک دیا گیا تو گویا وہ دنیا اس کے واسطے جیل خانہ ہے اس کے بالمقابل کافر کے لئے چھوٹ دیدی گئی تو اس کے لئے گویا جنت ہے۔

بعض حضرات فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ مومن کے لئے جو نعمتیں آخرت میں تیار کی گئی ہیں ان کے مقابلہ دنیوی نعمتیں مؤمن کے لئے ایسی ہیں جیسے جیل خانہ اور کافر کے لئے جنت کی طرح ہیں۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه مسلم و احمد و ابن ماجه

بَابُ مَاجَاءَ مَثَلُ الدُّنْيَا أَرْبَعَةِ نَفَرٍ

عَنْ أَبِي كَبْشَةَ الْأَنْمَارِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ثَلَاثٌ أُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ وَأُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا فَاحْفَظُوْهُ قَالَ مَانَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِنْ صَدَقَةٍ وَلَا ظُلِمَ عَبْدٌ مَظْلِمَةً صَبَرَ عَلَيْهَا إِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ عِزًّا وَلَا فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ إِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ أَوْ كَلِمَةٍ نَحْوَهَا وَأُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا فَاحْفَظُوْهُ فَقَالَ إِنَّمَا الدُّنْيَا لِأَرْبَعَةِ نَفَرٍ عَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَعِلْمًا فَهُوَ يَتَّقِي رَبَّهُ فِيْهِ وَيَصِلُ بِهِ رَحِمَهُ وَيَعْلَمُ لِلّٰهِ فِيْهِ حَقًّا فَهٰذَا بِأَفْضَلِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ عِلْمًا وَلَمْ يَرْزُقْهُ مَالًا فَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ يَقُوْلُ لَوْ أَنَّ لِيْ مَالًا لَعَمِلْتُ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهِ فَأَجْرُهُمَا سَوَاءٌ وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَلَمْ يَرْزُقْهُ عِلْمًا يَخْبِطُ فِيْ مَالِهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ لَا يَتَّقِيْ فِيْهِ رَبَّهُ وَلَا يَصِلُ فِيْهِ رَحِمَهُ وَلَا يَعْلَمُ لِلّٰهِ مَالًا وَلَا عِلْمًا فَهُوَ يَقُوْلُ لَوْ أَنَّ لِيْ مَالًا لَعَمِلْتُ فِيْهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهِ فَوِزْرُهُمَا سَوَاءٌ۔

ترجمہ: ابو کبشہ انماریؓ نے رسول اللہ ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا تین چیزوں پر قسم کھاتا ہوں اور تم سے حدیث بیان کرتا ہوں اس کو محفوظ کرلو فرمایا نہیں کم ہوا کسی بندے کا مال صدقہ کرنے کی وجہ سے نہیں ظلم کیا گیا کسی بندے پر کوئی ظلم کہ اس نے اس پر صبر کیا ہو مگر اللہ زیادہ کردیتے ہیں اس کو عزت کے لحاظ سے اور نہیں کھولا کسی بندے نے سوال کا باب مگر کھول دیتے ہیں اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ یا اس کے مانند فرمایا اور حدیث بیان کرتا ہوں تم سے اس کو یاد کرلو پس فرمایا دنیا چار افراد کے لئے ہے۔

(۱) ایسا بندہ جس کو اللہ نے مال اور علم دیا ہو پس وہ خوف کرتا ہے اپنے رب سے اور اس کے ذریعہ صلہ رحمی کرتا ہے اور اللہ کے حق کو بھی اس میں جانتا ہے پس وہ سب سے افضل مرتبہ پر ہے۔

(۲) وہ بندہ جس کو اللہ صرف علم دیا اور مال نہیں دیا پس وہ نیت میں سچا ہے کہتا ہے کہ کاش میرے پاس مال ہوتا تو میں بھی فلاں کے عمل کی طرح عمل کرتا پس وہ شخص ماجور ہے اپنی نیت کی وجہ سے ان دونوں کا اجر برابر ہے۔

(۳) ایسا بندہ جس کو اللہ نے مال تو دیا مگر علم نہیں دیا وہ بھٹکتا ہے اپنے مال میں نہ اپنے رب سے ڈرتا ہے اور نہ صلہ رحمی کرتا ہے اور نہ اللہ کے حق کو اس کے بارے میں پہچانتا ہے پس وہ شخص سب سے برے درجہ میں ہے درجات میں۔

(۴) ایسا بندہ جس کو اللہ نے نہ علم دیا اور نہ مال پس وہ کہتا ہے اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں بھی فلاں کے عمل کی طرح عمل کرتا پس وہ اپنی نیت پر ہے (کہ گنہگار ہے) ان دونوں کا گناہ برابر ہے۔

ثلث اقسم علیھن: تین امور ہیں جن پر میں قسم کھاتا ہوں یعنی میں تین باتیں قسم کھا کر بتاکید تم سے بیان کرتا ہوں۔

مانقص مال عبد من صدقة: بندے کے صدقہ کرنے سے کبھی مال میں کمی نہیں آتی ہے بلکہ بڑھتا ہے

کما قال تعالیٰ یمحق اللہ الربٰو ویربی الصدقات الآیۃ

اللہ تبارک وتعالیٰ برکت عطا فرماتے ہیں کیونکہ مال کا مقصد آخرت کے منافع اور حاجات دنیا کا پورا ہوتا ہے اور یہ دونوں مال خرچ کرنے سے کم نہیں ہوتے ہیں۔

بعض حضرات نے فرمایا ظاہری معنی مراد ہیں کہ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے سے مال میں حسا بھی کمی نہیں آتی بلکہ اللہ تعالیٰ اور زیادہ دیتے ہیں چنانچہ اصحاب زکوٰۃ کے یہاں مال کا اضافہ مشاہد ہے۔

ولا ظلم عبد مظلمة: ظلم مجہول مظلمۃ بفتح المیم وکسر اللام مصدر ہے یعنی کسی پر ظلم کیا گیا ہو اور اس نے صبر کیا خواہ اس وقت نوع ذلت اس کو برداشت کرنی پڑی اللہ تعالیٰ اس کو عزت کے اعتبار سے زیادہ فرمائیں گے ایسا شخص منکسر القلب ہوتا ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہوا کرتی ہے۔

ولا فتح باب مسئلة الخ: یعنی اگر کسی شخص نے دست سوال لوگوں کے سامنے دراز کیا تو اس سے بندہ نہ ہوگا بلکہ باب احتیاج کھلتا چلا جائے گا یا اس کو پہلے سے جو نعمتیں حاصل ہیں وہ چھین لی جائیں گی اور مصیبت میں پڑ جائے گا جیسا کہ رات دن مشاہدہ ہے۔

واحدثکم حدیثا فاحفظوہ: یعنی میں تم سے ایک حدیث بیان کرتا ہوں تاکہ تم کو فائدہ ہو اس کو اچھی طرح یاد کرلو۔

انما الدنیا لا ربعة نفر: دنیا والوں کا حال چار افراد کی طرح ہے۔

عبد ارزقه اللہ مالاً و علماً الخ: عبد مرفوع خبر محذوف المبتدا یا مجرور ما قبل سے بدل ہے مال سے مراد وہ مال جو حلال طریقہ پر حاصل ہوا ہو علم سے مراد علم شرعی ہے۔

مطلب یہ ہے کہ ایک وہ بندہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے مال اور نافع علم عطا فرمایا ہو اور وہ ان دونوں کے بارے میں اللہ کا خوف رکھتا ہو کہ صحیح طریقہ پر مال وعلم کو صرف کرتا ہو اور صلہ رحمی کرتا ہو یعنی اعزہ اقرباء کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہو اور اللہ تعالیٰ کے حقوق بھی پورے ادا کرتا ہو فرائض مالیہ ادا کرنے کے ساتھ ساتھ فی سبیل اللہ خرچ کرتا ہو۔ اور علم کی محض اللہ کے لئے اشاعت کرتا ہو پس یہ بندہ جو ان دونوں عظیم نعمتوں سے متمول ہو یہ اللہ کے یہاں اعلیٰ درجات میں ہوگا۔

وعبد رزقه اللہ علماً ولم یرزقه مالاً الخ: دوسرا وہ بندہ جس کو اللہ تعالیٰ نے علم نافع سے نوازا ہو مگر مال عطا نہیں فرمایا کہ انواع خیر میں خرچ کرسکے البتہ وہ فیما بینہ وبین اللہ یہ کہتا ہے کہ کاش میرے پاس مال ہوتا تو میں بھی فلاں کی طرح انواع خیر میں مال خرچ کرتا پس اس کی یہ نیت پسندیدہ ہے اور اس پر اس کو اجر ملے گا کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا انما الاعمال بالنیات لہٰذا پہلے اور دوسرے بندے کا اجر برابر ہے نیت کے لحاظ سے البتہ پہلے کو اجر العمل بھی ملے گا جو اجر نیت سے زائد ہے

چونکہ قاعدہ شرعیہ ہے السباشر فوق الناوی اور اس کی وجہ یہ کہ مباشر کے دوعمل ہوئے ، نیت جو عمل قلب ہے۔ عمل جوارح (ہاتھ سے دینا) اور ناوی کی جانب سے صرف ایک عمل یعنی نیت پائی گئی ہے اس وجہ سے اجر السباشر اجر الناوی سے زائد ہوگا البتہ نفس نیت میں دونوں برابر ہیں اس کے لحاظ سے فرمایا اجرھما سواء۔

وعبد رزقه الله مالاً ولم یرزقه علمًا: تیسرا وہ بندہ ہے جس کو اللہ نے مال تو دیا مگر علم عطا نہیں فرمایا۔

یخبط: بکسر الباء جملہ مستانفہ یا حالیہ ہے یعنی وہ مال کے نشہ میں بھٹکتا ہے کہ اس مال کو شہوات دنیویہ میں خرچ کرتا ہے اور حرام مقامات پر صرف کرتا ہے مثلاً لہو ولعب میں خرچ کرتا ہے یا ریا وسمعہ کے طور پر یا فخر ومباہات کے لئے خرچ کرتا ہے اللہ کا خوف بھی اس کو نہیں ہے اور نہ بندوں کے حقوق ادا کرتا ہے اور نہ اللہ اللہ کے حقوق کی اس کو پرواہ ہے تو ایسا شخص اللہ کے یہاں بدتر درجہ میں ہے۔

وعبد لم یرزقه مالاً وعلمًا الخ: چوتھا وہ بندہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے نہ علم دیا اور نہ مال پس وہ تمنا کرتا ہے کہ کاش میرے پاس مال ہوتا تو میں بھی فلاں کی طرح مال صرف کرتا پس وہ اپنی نیت کے مطابق گنہگار رہوگا اور اس کا گناہ اور تیسرے والے کا گناہ برابر ہے اگر چہ کیفیت گناہ میں فرق ہے جیسا کہ اجر میں فرق تھا کیونکہ وزر عامل زائد ہوتا ہے وزر ناوی سے۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد و ابن ماجه۔

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ هَمِّ الدُّنْیَا وَ حُبِّهَا

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ نَزَلَتْ بِهٖ فَاقَةٌ فَاَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهٗ وَمَنْ نَزَلَتْ بِهٖ فَاقَةٌ فَاَنْزَلَهَا بِاللّٰهِ فَيُوْشِكُ اللّٰهُ لَهٗ بِرِزْقٍ عَاجِلٍ وَاٰجِلٍ

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو فاقہ پیش آئے پس پیش کردے وہ شخص لوگوں کے سامنے نہیں بند کیا جائے گا اس کا فاقہ اور جس شخص کو فاقہ پیش آئے پس پیش کرے وہ اس کو اللہ کے سامنے قریب ہے کہ اللہ اس کو جلدی رزق عطاء فرمادیں یا تھوڑا دیر سے۔

فاقة: اس کا استعمال اکثر فقر اور تنگ دستی کے لئے ہوتا ہے یہاں مراد شدید حاجت ہے۔

انزلها بالناس: ای عرضها علیهم یعنی لوگوں کے سامنے پیش کردے اور شکوہ وشکایت ظاہر کرے اور ان لوگوں سے فاقہ کے دور کرنے کی طلب کرے مراد یہ ہے کہ اپنے فاقہ کے بارے میں لوگوں سے سائل بن جائے اللہ سے اس کے ازالہ کو طلب نہ کرے تو اس شخص کا فاقہ بند نہ ہوگا بلکہ مزید حاجات وضروریات اس کے اوپر نازل ہوں گی جو اس سے دور نہ ہوں گی اس کے بالمقابل جسؒ نے اپنا فاقہ وحاجات کو اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیا تو اللہ اس کو جلدی ہی عطا فرمادیتے ہیں یا ذرا دیر سے ابوداؤد شریف میں ہے اوشک اللہ لہ بالغنی اما بموت عاجل اوغنی عاجل۔

ملا علی قاریؒ نے تشریح کرتے ہوئے فرمایا موت عاجل سے مراد کسی رشتہ دار غنی کی موت کے ذریعہ اس کو مال حاصل ہوگا یا کوئی اجنبی اس کے لئے وصیت کر کے انتقال کرے گا جلدی ہی اس کی حاجات اللہ تعالیٰ پوری فرمادیں گے۔

اکثر نسخوں میں ہمزہ کے ساتھ اجل ہے یہی اصح ہے۔

لقوله تعالیٰ ان یکونوا فقراء یغنیهم الله من فضله الآیة۔

نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا

و من یتق الله یجعل له مخرجًا ویرزقه من حیث لا یحتسب الآیة۔

روایت سے معلوم ہوا کہ دنیا کا کوئی غم واہم بھی پیش آئے اس کو اللہ کے سامنے پیش کرے کسی انسان سے سوال نہ کرے اور کسی سے کسی وقت کسی چیز کی امید نہ کرے ورنہ حاجات پوری نہ ہوں گی بلکہ مزید اضافہ ہوگا چنانچہ شب وروز سائلین کے حالات سے مشاہدہ ہے کہ وہ روزانہ لوگوں کے آگے دست سوال دراز کرتے رہتے ہیں اور ان کی ضروریات پوری نہیں ہوتی ہیں۔

هذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجه ابو داؤد

عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ جَاءَ مُعَاوِیَةُ اِلٰی اَبِیْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ وَ هُوَ مَرِیْضٌ یَعُوْدُهٗ فَقَالَ یَاخَالُ مَا یُبْکِیْکَ اَوَجَعٌ یُشْئِزُکَ اَوْحِرْصٌ عَلَی الدُّنْیَا قَالَ کُلٌّ لَا وَلٰکِنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَیَّ عَهْدًا لَمْ اٰخُذْ بِهٖ قَالَ اِنَّمَا یَکْفِیْکَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَمَرْکَبٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَاَجِدُنِی الْیَوْمَ قَدْ جَمَعْتُ۔

ترجمہ: ابووائلؓ سے منقول ہے کہ معاویہؓ ابو ہاشم بن عتبہ کے پاس عیادت کرنے آئے وہ بیمار تھے پس کہا اے میرے ماموں آپ کیوں رو رہے ہیں کیا کوئی درد ہے جس نے بے چین کر رکھا ہے یا دنیا کی حرص وطمع ہے فرمایا ان میں سے کچھ نہیں لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے عہد لیا تھا اس کو میں نے پورا نہیں کیا۔ فرمایا تھا تجھ کو کافی ہے جمع مال کے لئے ایک خادم اور ایک سواری اس کی راہ میں اور آج میں پاتا ہوں اپنے کو میں نے جمع کر لیا مال کو۔

ابو هاشم بن عتبة: حضرت معاویہؓ کے ماموں ہیں فتح مکہ کے موقع پر اسلام لائے ملک شام میں قیام فرمایا۔

وهو مریض: جملہ حالیہ ہے۔

یعوده: یہ بھی جملہ حالیہ ہے۔ ما یبکیک: ماخوذ از ابکاء ای ای شئی یبکیک کس چیز نے آپ کو رلا رکھا ہے۔

یُشْئِزُکَ: باشین ثم ہمزہ مکسورہ وزراء، بے چین کرنے کے معنی میں مستعمل ہے۔

کل لا: ای من هذین الامرین۔ لم اخذ به:

ای لم اعمل به یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ کو خاص یہ وصیت فرمائی تھی مگر اس پر عمل نہیں کیا۔

قال انما یکفیك الخ: یہ بدل ہے عهد الیّ سے یا تفسیر وبیان ہے عهد الیّ کا یعنی آپ نے مجھ سے یہ فرمایا تھا کہ دنیا میں تجھ کو اتنا مال کافی ہے کہ ایک خادم ہو تیرے لئے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے یا حج اور طلب علم کے لئے سواری ہو مقصود قناعت کی تعلیم ہے کہ اکتفاء بقدر کفایہ ہو جو زادِ آخرت ہو جائے کما فی روایۃ رواها الطبرانی والبیهقی عن خبابؓ انما یکفی احدکم ما کان فی الدنیا مثل زاد الراکب۔

واجدنی الیوم قد جمعت: آج میں اپنے کو دیکھ رہا ہوں کہ میرے پاس دنیا جمع ہو گئی ہے رزین نے روایت نقل کی ہے کہ جب ان کا انتقال ہوا تو ان کے پاس دنیا صرف اتنی تھی جس کی مقدار تیس درہم ہوتی ہے اور ایک پیالہ تھا۔

حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں صرف سولہ دراہم تھے۔

یہ صحابیؓ زہاد صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں سے ہیں کمافی اسد الغابہ۔ اسی طرح کے واقعات دیگر صحابہؓ کے بھی منقول ہیں۔

اخرج ابن ماجه عن انسؓ قال اشتكى سلمانؓ فعاده سعدؓ فراه يبكي فقال له سعدؓ ما يبكيك يا اخى اليس قد صحبت لرسول الله صلى الله عليه و آله وسلم اليس اليس قال سلمانؓ ما ابكى واحدة من اثنين ما ابكى ضناً للدنيا ولا كراهية للآخرة ولكن رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم عهد الىّ عهداً ورانى الاقد تعديت قال وما عهد اليك قال عهد الىّ انه احدكم مثل زاد الركب ولا رانى الاقد تعديت قال ثابت فبلغنى انه ماترك الابضعة و عشرين درهما من نفقة كانت عنده۔

قد رواه زائدة و عبيدة بن حميد الخ: اس سے روایت کا دوسرا طریق ذکر فرمایا ہے وفی الباب عن بریدۃؓ الاسلمی اخرجہ احمد والنسائی۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَتَّخِذُوْا الضَّيْعَةَ فَتَرْغَبُوْا فِي الدُّنْيَا۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا نہ اختیار کرو تم زمین داری و جائیداد کو کہ مائل ہو جاؤ گے تم دنیا کی طرف۔

الضیعة: البستان والقریۃ والمزرعۃ اس کا اطلاق انسان کے ذریعہ معاش پر ہوتا ہے مثلاً صنعت وحرفۃ، تجارت وزراعت

و فی القاموس الضيعة العقار و الارض المغلة۔

فترغبوا الدنيا: اى فتميلوا اليها عن الاخرى۔

اس روایت میں مطلق ذریعہ معاش اختیار کرنے کی ممانعت نہیں بلکہ معنی یہ کہ دنیا کے کسب میں اس قدر مشغول ہونا کہ اللہ کی عبادت سے آدمی غافل ہو جائے اس سے ممانعت ہے چونکہ کسب معاش تو فرض ہے جس کی فضیلت احادیث میں بکثرت وارد ہے بلکہ معاش کے وہ اسباب جو یقینیہ ہیں ان کا اختیار کرنا فرض ہے جیسا کہ تفصیل کے ساتھ پہلے گزر چکا۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں اس کے معنی

لاتتوغلوا فى اتخاذ الضيعة فتلهوا بها عن ذكر الله قال تعالى رجال لاتلهيهم تجارة ولا بيع عن ذكر الله الآية.

هذا حديث حسن اخرجه و الحاكم و البيهقى۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ طُوْلِ الْعُمُرِ لِلْمُؤْمِنِ

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ اَنَّ اَعْرَابِيًّا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَيْرُ النَّاسِ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَحَسُنَ عَمَلُهٗ۔

ترجمہ: عبداللہ بن قیسؓ نے بیان کیا کہ ایک اعرابی نے پوچھا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں میں بہتر کون شخص ہے فرمایا وہ شخص جس کی عمر لمبی ہو اور عمل اچھا ہو۔

عبد اللّٰہ بن قیس: ہمارے موجودہ نسخوں میں ابن قیس بالقاف ہی واقع ہے جو غلط ہے صحیح عبداللہ بن بُسر ہے جو بہائے موحدہ کے ساتھ ہے۔ چنانچہ علامہ سیوطیؒ نے جامع صغیر میں اس روایت کو نقل کرنے کے بعد فرمایا رواہ احمد والترمذی عن عبداللہ بن بسرؓ اسی طرح حافظ منذریؒ نے الترغیب میں اس روایت کو نقل کیا ہے۔

قال رواہ الترمذی وروی احمد ھذا الحدیث فی مسانید عبد اللّٰہ بن بسر۔

معلوم ہوا کہ صحیح عبداللہ بن بسر ہے نہ کہ عبداللہ بن قیس۔

من طال عمرہ: عمر بضمتین افصح ھی کمافی القرآن و فی القاموس بالفتح والضم و بضمتین الحیاۃ

و حسن عملہ: عمل اچھا ہو عمر طویل ہو وہ شخص خیر الناس ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اوقات وساعات بمنزلہ رأس المال ہے تو تاجر اپنی تجارت کے ذریعہ رأس المال کی حفاظت کے ساتھ نفع کے لیے محنت کرتا ہے اور جس قدر رأس المال زیادہ ہوگا نفع بھی زیادہ ہوتا ہے اب تاجر آخرت جس کو طویل عمر دی گئی تو اس کو کثیر رأس المال دیا گیا اب اس نے حسن عمل کے ذریعہ رأس المال پر نفع کثیر حاصل کیا اور کامیاب ہوگیا اس کے بالمقابل جو اعمال بد میں مبتلا رہا اس نے رأس المال کو ضائع کر دیا اور نفع بھی کچھ نہ ہوا تو ایسا شخص ناکام رہا اور خسران میں مبتلا ہوگیا۔ اس روایت میں طویل العمر اور حسن العمل شخص کیلئے خوشخبری ہے۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ البزاروابن حبان و جابر اخرجہ الحاکم

ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ احمد۔

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِیْ بَکْرَۃَ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ النَّاسِ خَیْرٌ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَحَسُنَ عَمَلُهٗ قَالَ فَاَیُّ النَّاسِ شَرٌّ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَسَاءَ عَمَلُهٗ

ترجمہ: ابوبکرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ لوگوں میں کون شخص بہتر ہے فرمایا جس کی عمر طویل ہو اور عمل اچھا ہو، پوچھا کون شخص لوگوں میں برا ہے فرمایا جس کی عمر لمبی ہو اور اس کا عمل برا ہو۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں عقلاً لوگوں کی عمر وعمل کے اعتبار سے چار قسم ہوتی ہیں (۱) طویل العمر حسن العمل (۲) طویل العمر سیئ العمل ان دونوں کو اس روایت میں ذکر کر دیا گیا (۳) قصیر العمر حسن العمل (۴) قصیر العمر سیئ العمل۔ ان دونوں قسموں میں نہ زیادہ خیر ہے اور نہ زیادہ شر بلکہ دونوں برابر ہیں اس لیے ان کو ذکر نہیں فرمایا۔ نیز سائل کے سوال میں بھی مذکور نہیں بہرحال روایات سے معلوم ہوا کہ طویل العمر ہونا جب ہی محمود ہے کہ عمل اچھا ہو ورنہ برے عمل کے ساتھ طویل العمر ہونا پسندیدہ نہیں۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد والدارمی والطبرانی والحاکم و البیھقی۔

بَابُ مَا جَاءَ فِیْ اَعْمَارِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ مَابَیْنَ السِّتِّیْنَ اِلٰی سَبْعِیْنَ

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عُمُرُ اُمَّتِیْ مِنْ سِتِّیْنَ سَنَةً اِلٰی سَبْعِیْنَ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے منقول ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری امت کی عمر ساٹھ سے ستر سال تک ہے۔

امتی: اس سے مراد امت دعوت ہے پہلی امتوں کی عمریں طویل ہوتی تھیں مگر امت محمدیہ کی عمر اتنی نہیں بلکہ اکثر و بیشتر اوسط ساٹھ ستر کے درمیان ہے چنانچہ مشاہدہ بھی یہی ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ بہترین عمر جس کو معتدل و محمود کہا جائے وہ ساٹھ و ستر سال کے درمیان ہے کہ اسی عمر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صدیق اکبرؓ و عمر فاروقؓ وغیرہ بہت سے صحابہ و اولیاء نے انتقال فرمایا ہے۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں بعض حکماء نے فرمایا عمر کے چار درجات ہیں طفولیت، شباب، کہولت، شیخوخت۔ یہ آخر درجہ اکثر و بیشتر ساٹھ و ستر کے درمیان ہے اس وقت ضعف ہوتا ہے لہٰذا اس عمر میں پہنچ کر آدمی کو چاہئے کہ آخرت کی طرف راغب ہو جائے کہ اب زندگی کی زیادہ امید نہیں رہتی ہے اور ظاہر ہے کہ قویٰ اب کمزور ہونے لگے ہیں قوت و نشاط پیدا نہیں ہوگا۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه ابن ماجه

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ تَقَارُبِ الزَّمَانِ وَ قَصْرِ الْاَمَلِ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَقَارَبَ الزَّمَانُ فَيَكُوْنُ السَّنَةُ كَالشَّهْرِ وَ الشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ وَتَكُوْنُ الْجُمُعَةُ كَالْيَوْمِ وَيَكُوْنُ الْيَوْمُ كَالسَّاعَةِ وَتَكُوْنُ السَّاعَةُ كَالضَّرْمَةِ بِالنَّارِ۔

ترجمہ: انس بن مالکؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں قائم ہوگی قیامت حتی کہ زمانہ قصیر محسوس ہونے لگے گا اور سال مثل مہینہ کے معلوم ہوگا اور مہینہ مثل ہفتہ کے اور ہفتہ مثل ایک دن کے اور ایک دن مثل ایک گھنٹے کے اور ایک گھنٹہ مثل شعلہ کے چمک کر بجھ جاتا ہے۔

تقارب زمان سے کیا مراد ہے

تقارب زمان سے مراد یہ ہے کہ دنیا و آخرت کا زمانہ قریب ہو جائے گا یعنی قرب قیامت مراد ہے، یا اہل زمان کا شر و برائی میں ایک دوسرے کے قریب ہونا مراد ہے، یا مراد یہ ہے کہ شر کے اعتبار سے زمانہ کا اول و آخر ایک دوسرے کے مشابہ ہوگا کہ جس طرح اول زمانہ میں شر تھا اسی طرح آخر زمانہ میں بھی ہوگا کہ اول و آخر دونوں قریب ہو جائیں گے۔

بعض حضرات نے فرمایا اس سے مراد اہل زمانہ کی عمروں کا قصیر ہونا ہے یا کثرت معاصی سے برکت زمانی کا کم ہونا مراد ہے یہی آخری قول راجح ہے۔

كالضرمة بفتح الضاد و سكون الراء و بفتحها

اس سے مراد وہ چنگاری ہے جو دیا سلائی یا آگ جلاتے ہوئے ایک دم چمک کر بجھ جاتی ہے۔

روایت کا مطلب: یعنی قیامت کے قریب برکات کو سلب کر لیا جائے گا حتی کہ زمانہ و ایام میں بھی برکت نہ رہے گی کہ ایک سال ایک مہینہ کی طرح ایک دم گزر جائے گا اسی طرح ایک مہینہ ایک ہفتہ کی طرح الخ یہ قال التورپشتیؒ۔

بعض حضرات فرماتے ہیں اس سے مراد یہ کہ لوگ فتن و مصائب میں قیامت کے قریب اس قدر مشغول ہوں گے کہ ان کو سال و ماہ کے گزرنے کا احساس بھی نہ ہوگا ایک سال ایک ماہ کی طرح گزر جائے گا۔

وسعد بن سعید الانصاری الخ: فرماتے ہیں کہ سعد بن سعید یحییٰ بن سعید الانصاری کے بھائی ہیں یہ چوتھے طبقہ کے صدوق مگر سیئ الحفظ راوی ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ قَصْرِ الْاَمَلِ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ جَسَدِيْ قَالَ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْعَابِرُ سَبِيْلٍ وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ فَقَالَ لِيْ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالْمَسَاءِ وَاِذَا اَمْسَيْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالصَّبَاحِ وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ قَبْلَ مَرَضِكَ وَمِنْ حَيَاتِكَ قَبْلَ مَوْتِكَ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ يَا عَبْدَاللّٰهِ مَا اسْمُكَ غَدًا۔

ترجمہ: ابن عمرؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے بدن پر ہاتھ رکھ کر ارشاد فرمایا کہ دنیا میں تم یوں رہو گویا کہ تم پردیسی ہو یا ایک مسافر ہو جو کسی راستہ سے گزر رہے ہو اور اپنے کو قبر والوں میں شمار کرو پھر فرمایا مجھ سے اے ابن عمرؓ جب تم صبح کو اٹھو تو اپنے سے شام کی باتیں مت کرو اور جب شام تک زندہ رہو تو صبح کی دل میں باتیں مت سوچو اور غنیمت سمجھو اپنی صحت کو بیماری سے پہلے اور زندگی کو موت سے پہلے (کہ ان ایام میں کچھ کام کرلو) کیونکہ اے عبداللہ معلوم نہیں کہ کل تمہارا نام کیا ہوگا یعنی تم زندہ رہو گے یا مردہ ہو جاؤ گے۔

الامل: بفتح الهمزة والميم امید رکھنا کذافی القاموس و فی الصراح الامل هو الرجاء۔

قصرِ امل سے کیا مراد ہے؟

قصر امل سے مراد یہ ہے کہ امور دنیا کی بابت آدمی لمبی لمبی امیدیں نہ کرے کہ موت اور زاد عقبیٰ سے غافل ہو جائے ہاں البتہ تحصیل علم وعمل کے لیے آدمی اللہ سے لمبی امیدیں وابستہ رکھے تو مضائقہ نہیں بلکہ محمود ہے کقولہ تعالیٰ طوبیٰ لمن طال عمرہ الخ۔

اخذ رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم ببعض جسدي۔ وفي البخاري بمنكبي

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مونڈھے پر ہاتھ اس لیے رکھا تا کہ آنے والا مضمون اوقع فی النفس ہو جائے کہ اس طرح تنبیہ بلیغ واقع ہوتی ہے۔

او عابر سبیل: یہ او برائے تخییر ہے یا بل کے معنی میں ہے جو مزید ترقی کے لیے ہے اور مطلب یہ کہ دنیا میں پردیسی کی طرح رہو کہ وہ اس کا وقتی ٹھکانہ ہوتا ہے بلکہ اس سے بڑھ کر مسافر کی طرح رہو جس کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہوتا وقتی طور پر آرام لینے کے لیے کسی جگہ ٹھہر جاتا ہے اور پھر چل پڑتا ہے اس لیے آگے فرمایا اذا امسیت الخ۔

روایت کا مطلب: زندگی اور صحت کا کوئی بھروسہ نہیں کب منقطع ہو جائے اس لیے ان ایام کی قدر کرنی چاہئے کہ ایسے اعمال کی طرف متوجہ ہو جو ذخیرہ آخرت بن جائیں۔ دراصل دنیا مومن کے رہنے کی جگہ نہیں ہے اصل اس کے لیے آخرت ہے اس کی تیاری کرتے رہنا چاہئے۔ صبح ہو جائے تو شام کی زندگی کی امید نہیں اور شام کو صبح کی امید نہیں اس لیے بقدر ضرورت دنیا پر اکتفاء

بچتے ہوئے دنیا میں زندگی گزارے یہ حال مومن کا ہونا چاہئے۔

وعد نفسك من اهل القبور: فيه اشارة الى قوله عليه السلام موتوا قبل ان تموتوا وحاسبوا انفسكم قبل ان تحاسبوا۔

ما اسمك غداً: معناه هل يقال له شقي او سعيد قاله الحافظ: وقيل المراد هل يقال هو حي او ميت و الظاهر هو الثاني والله اعلم۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ هٰذَا ابْنُ اٰدَمَ وَهٰذَا اَجَلُهٗ وَوَضَعَ يَدَهٗ عِنْدَ قَفَاهُ ثُمَّ بَسَطَهَا فَقَالَ وَثَمَّ اَمَلُهٗ وَثَمَّ اَمَلُهٗ۔

ترجمہ: انس بن مالکؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آدم کا بیٹا (آدمی) ہے اور یہ اس کی اجل ہے اور رکھا آپ نے اپنا ہاتھ گردن پر پھر ہاتھ پھیلا کر فرمایا اور اس کی امیدیں یہاں اور وہاں ہیں۔

هذا: ممکن ہے یہ اشارہ گردن کی طرف ہو اور یہ اشارہ مرکب ہے اور مطلب یہ ہے کہ گویا ابن آدم ہے اور یہ ہاتھ قابض گردن اجل ہے یعنی اجل گردن پکڑے ہوئے ہیں اور منتظر حکم ہے اور رقبہ کی تخصیص اس لئے کی گئی کہ رقبہ سے پورے بدن کو تعبیر کیا جاتا ہے۔

كما قال تعالى فتحرير رقبة (الآية)۔

یا وجہ تخصیص یہ ہے کہ جب قبضہ گردن پر ہوتا ہے تو وہ قبضہ تام ہوتا ہے مقبوض کو رہائی دشوار ہوتی ہے پس قبضہ موت بھی ایسے ہی ہے بعض حضرات فرماتے ہیں هذا ابن آدم اشارہ ظاہر ہے ہر شخص جانتا ہے اس کی تعیین کی ضرورت نہیں اور قفا پکڑ کر اجل کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ وہ قابض و منتظر ہے۔

حاصل روایت: یہ ہے کہ انسان کی امیدیں کس قدر دراز و طویل ہوتی ہیں اور اجل کا حال یہ ہے کہ گردن پر قابض ہے اور منتظر حکم ہے کہ کب حکم ہو اور گردن مروڑ دوں۔

ثم بسطها: اما الى جهة امامه ويمكن ان يكون النبي صلى الله عليه وسلم مديده فوق راسه الى جهة السماء۔

ثم امله: ثم بفتح الثاء وتشديد الميم بمعنی ھنالک یہ بعد مکان کی طرف اشارہ کے لیے مستقل ہے امله: مبتداء مؤخر ہے اور ثم ظرف خبر مقدم ہے۔

وفي الباب عن ابي سعيدؓ اخرجه احمد۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه ابن حبان والنسائي وابن ماجه

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نُعَالِجُ خُصًّا لَنَا فَقَالَ مَا هٰذَا فَقُلْنَا قَدْ وَهٰى فَنَحْنُ نُصْلِحُهٗ فَقَالَ مَا اَرَى الْاَمْرَ اِلَّا اَعْجَلَ مِنْ ذٰلِكَ۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمروؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے اس حال میں کہ ہم اپنا چھپر ٹھیک کر رہے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کیا کہ یہ کمزور ہو گیا ہے تو ہم اس کو ٹھیک کر رہے ہیں آپ نے

فرمایا امر کو اس سے بھی جلدی آتے دیکھ رہا ہوں یعنی موت کو۔

خُصّ: بالضم البیت من القصب اس سے مراد چھپر ہے۔

وَهِیَ: ای ضعف یعنی اتنا کمزور ہو گیا کہ گرنے کے قریب ہے۔

مَا اُرٰی: بضم الھمزۃ ای ما اظن۔

الامر: اس سے مراد موت ہے۔

حاصل روایت یہ ہے کہ آپ نے ہم کو چھپر ٹھیک کرتے ہوئے دیکھا فرمایا تم تو مکان اس لیے ٹھیک کر رہے ہو کہ کہیں یہ مرنے سے پہلے گر نہ جائے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ موت اس کے گرنے سے پہلے آنے والی ہے لہٰذا عمل کی اصلاح کی فکر مکان کی اصلاح سے پہلے ہونی چاہیے اس روایت میں بھی زاد آخرت کی ترغیب دی گئی ہے اور اشارہ فرمایا گیا کہ دنیا مومن کا گھر نہیں لہٰذا مومن کو دنیا کی زیادہ فکر نہ ہونی چاہیے بلکہ اس کے پیش نظر ہمیشہ عقبیٰ اور اعمال آخرت ہونے چاہیے۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد وابو داؤد وابن ماجه وابن حبان۔

ابو السفر: بفتح السین والفاء ان کا نام سعید بن محمد بضم الیاء وکسر المیم ہے یہ تیسرے طبقہ کے ثقہ راوی ہیں کوفی ہیں

مذکورہ روایات ابواب زہد کی اہم روایات ہیں۔

بَابُ مَا جَاءَ اِنَّ فِتْنَةَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ فِي الْمَالِ

عَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ اُمَّتِي الْمَالُ۔

ترجمہ: کعب بن عیاضؓ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہر امت کے لیے ایک فتنہ ہوتا ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔

مال فتنہ کس طرح ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امت کے لیے سب سے بڑا فتنہ مال ارشاد فرمایا ہے در حقیقت کوئی شخص بھی مال سے بے نیاز نہیں اگر مال حاصل ہو جائے تو اس کی آفات سے محفوظ رہنا دشوار بھی ہے اور اگر مال نہ ہو تو فقر ہے جو بسا اوقات کفر تک پہنچا دیتا ہے لہٰذا مال کے دو پہلو ہوئے خیر و شر اور ان دونوں پہلوؤں میں امتیاز کرنا بہت مشکل ہے اسی لیے اس کو فتنہ و ابتلاء سے تعبیر کیا گیا ہے قال تعالیٰ انما اموالکم واولادکم فتنة (الآية)

مال دار کے لیے مال سرکشی و طغیانی کا ذریعہ ہے نیز اگر وہ خرچ نہ کرے تو بخل و شح کے ساتھ متصف ہوگا اور اگر خرچ کرتا ہے تو فضول خرچی اور اسراف میں مبتلا ہوگا اور ظاہر ہے کہ یہ اوصاف نہایت مذموم ہیں ان کے علاوہ مال آدمی کو گناہ کے راستوں پر ڈال دیتا ہے نیز مال سے مباحات میں تنعم تک نوبت پہنچتی ہے بلکہ بسا اوقات اگر حلال آمدنی سے تنعم کے تقاضے پورے نہ ہوئے تو مشکوک اور حرام ذرائع اختیار کرنے پر مجبور ہوگا تا کہ اس کی دنیا کا نظام اس کی پسند کے مطابق ہو جائے اس کے تنعم میں کمی نہ آئے پھر جس کے پاس مال زیادہ ہوتا ہے اس کو لوگوں کی زیادہ حاجت ہوتی ہے پھر وہ اپنا کام نکالنے میں منافقانہ روش اختیار کرتا ہے اور ان کی رضا حاصل کرنے میں اللہ کی نافرمانی سے بھی گریز نہیں کرتا پھر مخلوق کی احتیاج سے دوستی و دشمنی پیدا ہوتی ہے اور اس سے

حسد، کینہ، ریاء، کبر، کذب، چغل خوری، غیبت اور تمام معاصی کے پھولنے پھلنے کا زیادہ موقع ملتا ہے نیز مال کے کمانے اور اس کے حاصل کرنے میں اللہ کی یاد سے غافل ہونے کا قوی امکان رہتا ہے اور ظاہر ہے کہ جو چیز اللہ کی یاد سے غافل کردے وہ ایک خسارہ ہے جس کی تلافی کسی طرح ممکن نہیں مذکورہ بالا بیان سے مال کا فتنہ ہونا بالکل ظاہر ہو گیا ہے کہ درحقیقت مال زہر ہے اور تریاق اس صورت میں ہے کہ اس کو گزر وبسر کا ذریعہ سمجھا جائے اور ضروریات زندگی اس سے پوری کی جائیں اور عبادات پر استعانت ہو اور خیر کا ذریعہ بنایا جائے۔

هذا حديث حسن صحيح غريب اخرجه الحاكم۔

بَابُ مَا جَاءَ لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَا بْتَغٰى ثَالِثًا

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَوْ كَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ لَاَحَبَّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ ثَانِيًا وَلَا يَمْلَاُ فَاهُ اِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ۔

ترجمہ: انس بن مالکؓ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر ابن آدم کے پاس سونے کی ایک وادی ہو تو وہ پسند کرے گا کہ اس کے لیے ایک وادی اور ہو اور نہیں بھر سکتی ہے اس کے منہ کو مگر مٹی اور رحم فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ اس شخص پر جو اللہ کی طرف متوجہ ہو۔

مصنفؒ نے ترجمۃ الباب میں وادیان ذکر فرمایا ہیں حالانکہ حدیث شریف میں اس کا ذکر نہیں ہے غالباً اس سے اشارہ مقصود ہے کہ روایت میں حصر مقصود نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ اگر ایک وادی مال ہے تو دوسری وادی کی تلاش اور اگر دو وادی مال ہے تو تیسری کی تلاش وعلیٰ ہذا۔

اور یہ بھی ممکن ہے کہ مصنفؒ نے روایت کے الفاظ مختلفہ کی طرف اشارہ فرمایا ہو چنانچہ ابن عباس کی روایت میں وادیان صراحۃً واقع ہے۔

لفظه قال لو كان لابن آدم واديان من مال لابتغى ثالثًا (الحديث) وفي الجامع لو كان لابن آدم واد من مال لابتغى اليه ثانيا ولو كان له واديان من مال لابتغى ثالثا (الحديث) رواه احمد الشيخان عن ابن عباسؓ۔

واديًا: من ذهب وفي رواية من ذهب وفضة

ولا يملاء فاه: وفي رواية جوفه وفي رواية لايسد جوف ابن آدم۔

روایت کا مطلب یہ ہے کہ بنی آدم کو اللہ تعالیٰ نے خصلت حب مال پر پیدا فرمایا ہے کہ وہ طبعاً اس کی طرف مائل ہے اور مال سے سیر نہیں ہوتا بلکہ مزید کی تلاش جاری رکھتا ہے الا یہ کہ وہ مال کے نقصانات میں غور کرکے اللہ سے رجوع کرنے لگے تو اللہ تعالیٰ بھی اس پر رحم فرماتے ہیں اور قناعت کے ساتھ اس کو متصف فرما دیتے ہیں۔

وفي الباب عن ابي بن كعب اخرجه الترمذي في المناقب

وابي سعيدؓ اخرجه البزار وعائشةؓ اخرجه احمد۔ وابن الزبيرؓ اخرجه البخاري وابي واقدؓ اخرجه احمد

وابو عبید و جابرؓ اخرجه ابو عبید وابن عباسؓ اخرجه البخاری و مسلم وابی هریرةؓ اخرجه ابن ماجه
هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد والشیخان۔

بَابُ مَا جَاءَ قَلْبُ الشَّیْخِ شَابٌّ عَلٰی حُبِّ اثْنَتَیْنِ

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَلْبُ الشَّیْخِ شَابٌّ عَلٰی حُبِّ اثْنَتَیْنِ طُوْلِ الْحَیَاةِ وَکَثْرَةِ الْمَالِ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بوڑھے شخص کا دل دو عادتوں پر جوان ہوتا ہے طول حیات اور کثرت مال۔

شَابٌّ: ای قوی تشطان۔

طول الحیاة و کثرة المال: بالجر بدل من اثنتین ویجوز الرفع والنصب۔

اس سے مراد یہ ہے کہ بوڑھا آدمی جو مرنے کے قریب ہو رہا ہے مگر اس کو دو چیزوں کی خواہش ہوتی ہے اول درازی عمر کی تمنا دوم مال کی کثرت کی خواہش۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد والبخاری۔

دوسری روایت میں یہرم بفتح الراء از سمع ماخوذ من الہرم یعنی بوڑھا ہونا۔

یَشِبُّ: بکسر الشین وتشدید الباء ضرب قوی ہونا، جوان ہونا۔

الحرص علی المال: اس سے مراد مال کو جمع کرنا اور اس کو خرچ نہ کرنا یعنی ابن آدم بوڑھا ہوتا رہتا ہے مگر اس کی دو عادتیں جوان ہوتی رہتی ہیں طول حیات کی خواہش اور مال کی حرص کہ اس کو جمع کرنے کی طرف راغب ہوتا رہتا ہے۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه الشیخان۔

بَابُ مَا جَاءَ فِی الزَّهَادَةِ فِی الدُّنْیَا

الزهادة: بفتح الزاء بمعنی ترک الرغبة۔

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الزَّهَادَةُ الدُّنْیَا لَیْسَتْ بِتَحْرِیْمِ الْحَلَالِ وَلَا اِضَاعَةِ الْمَالِ وَلٰکِنَّ الزَّهَادَةَ فِی الدُّنْیَا اَنْ لَّا تَکُوْنَ بِمَا فِیْ یَدَیْکَ اَوْثَقَ مِمَّا فِیْ یَدِ اللّٰهِ وَاَنْ تَکُوْنَ فِیْ ثَوَابِ الْمُصِیْبَةِ اِذَا اَنْتَ اُصِبْتَ بِهَا اَرْغَبَ فِیْهَا لَوْ اَنَّهَا اُبْقِیَتْ لَکَ۔

ترجمہ: ابو ذرؓ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا زہد فی الدنیا کسی حلال کے حرام اور مال کے ضائع کر دینے کا نام نہیں ہے بلکہ زہد فی الدنیا تو یہ ہے کہ جو چیز اللہ کے قبضہ میں ہے اس سے زیادہ بھروسہ اس پر نہ ہو جو تمہارے ہاتھ میں ہے اور یہ کہ جب تجھ کو کوئی مصیبت دی جائے تو اس کی بقاء کی رغبت زیادہ ہو (اس کے ختم ہونے سے) اور یہ تمنا ہو کہ کاش یہ مصیبت

تم پر باقی رکھی جائے۔

لیست بتحریم الحلال الخ: یعنی حقیقی زہد ترک حلال اور اضاعت مال کا نام نہیں کہ آدمی طیبات کو اپنے اوپر حرام کرے کہ نہ گوشت کھائے نہ پھل استعمال کرے اور نہ نیا کپڑا پہنے اور نہ نکاح کرے بلکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ۔

نیز خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان امور کو اختیار فرمایا ہے اور آپ سے بڑھ کر کون زاہد ہو سکتا ہے اور ان افعال کے ترک کرنے والوں پر نکیر فرمائی ہے کما فی الروایات۔

ضروریات زندگی غذا، لباس مسکن گھریلو سامان نکاح وغیرہ کو اپناتے ہوئے حظوظ نفس کو اختیار نہ کرے یہ زہد حقیقی ہے۔

ولکن الزهادة فی الدنیا الخ: یعنی جو اشیاء آدمی کے پاس ہیں ان پر بھروسہ نہ ہو بلکہ جو اللہ تعالیٰ نے اس کے مقدر میں رکھی ہیں ان پر بھروسہ ہو کہ وہ ضائع ہونے والی نہیں بلکہ یقیناً وہ پہنچنے والی ہیں قال تعالیٰ ما عندکم ینفد وما عند اللہ باق۔

وان تکون فی ثواب المصیبة الخ: عطف علی ان لاتکون۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں لو انها ابقیت لک حال ہے ارغب کے فاعل سے اور جواب لو محذوف ہے اور اذ ظرف ہے اور معنی یہ ہوئے

ان تکون فی حال المصیبة وقت اصابتها ارغب من نفسك فی المصیبة حال کونك غیر مصاب بها لانك تثاب بو صولها الیك ویفوتك الثواب اذالم تصل الیك

یعنی کامل زہد کی علامت یہ ہے کہ تمہاری حالت یہ ہو کہ جب کوئی مصیبت تم کو پہنچ جائے تو تمہاری آرزو اس مصیبت کے اجر و ثواب کو دیکھ کر یہ ہو کہ کاش یہ مصیبت باقی رہے یعنی اللہ کی بھیجی ہوئی مصیبت کو نعمت شمار کرے قسمت نہ گردانے کیونکہ بسا اوقات مصائب دنیا و آخرت کی فلاح کثرت اجر و ثواب کا باعث ہے کما ورد فی الروایات۔

حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں یہاں مصیبت سے مراد آلام واسقام ہیں تو لوانها ابقیت لک مفضل میں داخل ہے اور مفضل علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت یہ ہوگی۔

کونك راغبافی ثواب المصیبة لوابقیت لك ازید من رفعها ای ان المصیبة لا تبقی بل ترتفع لکنها لو ابقیت فانك لا ترغب فی الرفع ازید من رغبتك فیها

اور یہ بھی احتمال ہے کہ مصیبت سے مراد اموال میں مصیبت پیش آتا ہے اس صورت میں لوانها ابقیت لک مفضل علیہ میں داخل ہوگا جو محذوف ہے، تقدیر عبارت اور معنی یہ ہوں گے

کونك ارغب فی ثواب الشئ الذی اصیبت بفقدهامن کونها لو انها ابقیت لك ولم تذهب۔

اس صورت میں حدیث شریف سے نعمت صبر و شکر دونوں کی فضیلت معلوم ہوئی نیز جملہ اولیٰ سے معلوم ہوا کہ جو نعمت اللہ نے عطا فرمائی ہے اس پر نازاں نہ ہو کہ مصیبت بھی اجر و ثواب کا باعث ہوتی ہے اور اگر اللہ نے کوئی مصیبت دی ہے تو غم نہ کرے

کہ بسا اوقات مصیبت ترقیات کا ذریعہ ہوتی ہیں تدل علیہ الجملۃ الثانیۃ۔

ھذا حدیث غریب اخرجہ ابن ماجہ۔

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَيْسَ لِابْنِ آدَمَ حَقٌّ فِي سِوَى هٰذِهِ الْخِصَالِ بَيْتٌ يَسْكُنُهُ وَثَوْبٌ يُوَارِي عَوْرَتَهُ وَ جِلْفُ الْخُبْزِ وَالْمَاءِ

ترجمہ: عثمان بن عفانؓ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے ابن آدم کو حق ان چیزوں کے علاوہ کسی اور چیز میں ایک گھر ہو جس میں رہے۔ اتنا کپڑا ہو جس سے ستر چھپا لے۔ بغیر سالن کی روٹی ہو اور پانی ہو۔

حق سے کیا مراد ہے

لیس لابن آدم حق الخ: یہاں حق سے مراد انسان کی وہ ضرورت ہے جس کے بغیر وہ زندگی نہیں گزار سکتا یعنی انسان کی بقاء فی الدنیا کے لیے صرف ان امور کا ہونا ضروری ہے۔

بعض حضرات فرماتے ہیں حق سے مراد ما وجب لہ من اللہ یعنی اتنی مقدار جس کے بارے میں آخرت میں سوال نہ ہوگا بشرطیکہ حلال طریقہ پر یہ اشیاء اس کو حاصل ہوں۔

جلف: بکسر الجیم وسکون اللام الخبز وحدہ لاادام معہ وقیل کسرۃ من الخبز۔

روایت کا مطلب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ارشاد میں زہد کی تعلیم فرمائی ہے کہ آدمی کو زندگی گذارنے کے لیے یہ اشیاء حاصل ہوں بس کافی ہے اس سے زائد ہوں تو حظوظ نفس ہے اور ان سے مسئولیت متعلق ہے لہذا آدمی کو چاہیے کہ ضروریات زندگی پر اکتفا کرے زیادہ بکھیڑوں میں نہ الجھے۔

ھذا حدیث صحیح اخرجہ الحاکم قال المناوی لسنادہ صحیح۔

عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ انْتَهَى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ قَالَ يَقُولُ ابْنُ آدَمَ مَالِي مَالِي وَهَلْ لَكَ مِنْ مَالِكَ إِلَّا مَا تَصَدَّقْتَ فَأَمْضَيْتَ أَوْ أَكَلْتَ فَأَفْنَيْتَ۔

ترجمہ: مطرف بن عبد اللہؒ اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ آپ کے پاس پہنچے آپ اس وقت فرما رہے تھے أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ الخ، ابن آدم کہتا ہے میرا مال میرا مال حالانکہ نہیں ہے تیرا مال مگر وہ جو تو نے صدقہ کر کے جاری رکھا یا کھا کر فنا کر دیا یا پہن کر پرانا کر دیا۔

انہ انتھی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ای وصل الیہ مسلم شریف میں ہے۔

اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم و ھو یقراء الھکم التکاثر الحدیث۔

عبد اللہ بن الشخیر فرماتے ہیں کہ جب میں آپ کے پاس حاضر ہوا تو اس وقت آپ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ پڑھ رہے تھے جس کا مطلب یہ ہے کہ دولت مندی اور جاہ پسندی نے تم کو اللہ سے غافل کر دیا ہے تکاثر سے مراد طلب کثرۃ علی الاخر خواہ قولاً ہو یا فعلاً۔

مالی مالی: یعنی کثرت مال کی وجہ سے فخر کرتے ہوئے آدمی مال کی نسبت اپنی طرف کرتا ہے حالانکہ جو اس کے پاس موجود ہے وہ تو اس کا نہیں بلکہ موت طاری ہوتے ہی ورثاء کا ہو جاتا ہے بلکہ اس کا مال تو وہ ہے جو اس نے اللہ کی راہ میں صدقہ کر دیا ہو کہ اس کا اجر وثواب اللہ کے یہاں موجود ہے۔

قال تعالٰی ما عندکم ینفد و ما عنداللہ باق و قال تعالٰی من ذاالذی یقرض اللہ قرضًا حسنًا فیضاعفہ لہ اضعافًا کثیرۃً

روایت سے واضح طور پر معلوم ہوا کہ آدمی کے پاس جو مال موجود ہے وہ اس کا نہیں بلکہ وہ دوسروں کا ہے البتہ وہ مال جو اس نے صدقہ کر دیا وہ اس کا ہے کہ اس کا ثواب دنیا و آخرت میں اس کو ملنے والا ہے یا اس نے کھالیا ہے، پہن لیا تو اس کا شمار ہے کہ اس نے اپنا مال استعمال کر لیا ہے۔

و قولہ افنیت و ابلیت: اشارتان الی ان الواجب او الذی ینبغی ان یداوم علیہ و یثاب الاکتفاء من الاکل و اللباس علی مالا بدمنہ فانہ لما کان افناء وا ابلاء ینبغی ان لا یستکثر منھما فانہ اضاعۃ محضۃ۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ مسلم۔

اِنَّ اَبَا اُمَامَۃَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاابْنَ اٰدَمَ اِنَّکَ اِنْ تَبْذُلَ الْفَضْلَ خَیْرٌ لَکَ وَاَنْ تُمْسِکْہُ شَرٌّ لَکَ وَلَا تُلَامُ عَلٰی کَفَافٍ وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ وَالْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِ السُّفْلٰی۔

ترجمہ: ابوامامہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابن آدم تیرا فاضل چیز کا خرچ کر دینا بہتر ہے تیرے حق میں اور اس کو روکنا تیرے لئے برا ہے اور نہیں برا کہا جائے گا اس مقدار پر جو تمہارے لئے کافی ہو اور شروع کرو خرچ کرنا پہلے اپنے اہل و عیال سے اور اوپر کا ہاتھ بہتر ہے نیچے کے ہاتھ سے۔

انک ان تبذل الخ: یعنی قدر حاجت سے زائد مال ہو اس کو دوسروں کو دیدینا دنیا و آخرت دونوں اعتبار سے بہتر ہے اور اس کو روک کر رکھنا برا ہے کیونکہ اگر مال کو روکا کہ کوئی حق واجب نہ ادا کیا تو ظاہر ہے آدمی عذاب کا مستحق ہوگا جو نہایت برا ہے اور اگر امر مندوب سے روکا تو نقص اجر وثواب کا باعث ہوگا یہ بھی ظاہر ہے کہ برا ہے۔

و لا تلام علی کفاف: بفتح الکاف اس سے مراد رزق کی اتنی مقدار جو کفایت کر جائے اور لوگوں سے سوال کی حاجت نہ پڑے اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ بقدر کفایت کے حاصل کرنے اور اس کو روک کر رکھنے کو برا نہیں کہا جائے گا ہاں البتہ اگر اس سے زائد کو روکا اور خرچ نہ کیا تو یہ مذموم ہے قالہ القاری۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ بقدر کفایت پر کوئی ملامت نہیں بشرطیکہ اس کا حق شرعی زکوٰۃ وغیرہ ادا کرتا رہے گویا کسی کے پاس بقدر نصاب مال ہے اور اس کا حق شرعی ادا کرتا رہے تو یہ بھی کفاف میں داخل ہے جو قابل ملامت نہیں۔

وابدا بمن تعول: یعنی بقدر کفاف سے زائد کو ان لوگوں پر خرچ کر جن کے خرچ کی ذمہ داری تیرے اوپر ہے معلوم ہوا کہ اپنے اوپر اور اہل وعیال پر خرچ کرنا اولاً واجب ہے پھر اوروں پر حسب تعلق خرچ کرنا ہے۔

الید العلیا خیر من الید السفلی: ید علیا سے مراد دینے والا ہاتھ اور ید سفلی سے مراد لینے والا ہاتھ یعنی عطا کرنے والا

لینے والے شخص سے بہتر ہوتا ہے یا خرچ کرنے والا ہاتھ اس سے بہتر ہے جس پر خرچ کیا جائے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه مسلم۔

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهٖ لَرُزِقْتُمْ كَمَا تُرْزَقُ الطَّيْرُ تَغْدُوْا خِمَاصًا وَتَرُوْحُ بِطَانًا۔

ترجمہ: عمر بن الخطاب نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر تم اللہ پر پورا توکل کرو تو تم کو اس طرح رزق دیا جائے جس طرح پرندوں کو رزق دیا جاتا ہے کہ صبح کو بھوکے جاتے ہیں اور شام کو پیٹ بھرے واپس آتے ہیں۔

خماصا: جمع ہے خمیص کی یعنی جیاع بھوکے۔

بطانا: جمع بطین بمعنی شباعا پیٹ بھرے ہوئے۔

روایت کا حاصل یہ ہے کہ اگر انسان کو پرندوں کی طرح اللہ پر توکل ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو پرندوں کی طرح رزق عطا فرمائے کہ رات کو ان کے پاس کوئی ذخیرہ نہیں ہوتا اور صبح وہ بھوکے اللہ پر بھروسہ کر کے رزق کی تلاش میں اڑتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو رزق عطا فرما دیتے ہیں اور شام کو پیٹ بھر کر واپس ہو جاتے ہیں کیونکہ رزق دینے والا تو اللہ ہے۔

فائدہ: روایت سے معلوم ہوا کہ طلب رزق کے لئے سعی پرندوں کی طرح کرنی چاہیے اور توکل کا مطلب تعطل و تعطل اسباب نہیں ہے ہاں البتہ عطا کرنے والا اللہ ہے۔

خلاصہ یہ کہ اسباب کو اختیار کر کے مسبب یعنی اللہ پر بھروسہ کرنے کا نام توکل ہے نہ کہ ترک اسباب کا جیسا کہ اس کی تفصیل متعدد بار گزر چکی ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد و النسائي و ابن ماجه و حبان والحاكم۔

ابوتمیم الجیشانی ان کا نام عبداللہ بن مالک ہے جو مصری ثقہ تیسرے طبقہ کے راوی ہیں۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ اَخَوَانِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اَحَدُهُمَا يَاْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ يَحْتَرِفُ فَشَكَا الْمُحْتَرِفُ اَخَاهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهٖ۔

ترجمہ: انس بن مالکؓ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں دو بھائی تھے۔ ان میں سے ایک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آتا جاتا تھا اور دوسرا کمائی کے اسباب میں مشغول رہتا تھا تو مشغول بھائی نے اپنے بھائی کی آپ سے شکایت کی (کہ یہ میرا تعاون نہیں کرتا) آپ نے فرمایا کہ شاید تجھ کو اس کے طفیل رزق دیا جاتا ہے۔

روایت سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ اسباب کا اختیار کرنا موجب رزق نہیں بلکہ عطاء رزق فضل خداوندی پر مبنی ہے کہ بسا اوقات ضعفاء اور کمزوروں کے طفیل اقویاء اور کمانے والوں کو رزق دیا جاتا ہے

كما و رد في رواية فهل ترزقون بضعفاء كم۔

تنبیہ: امام ترمذیؒ نے اس روایت پر صحت وغیرہ کا حکم نہیں فرمایا مگر صاحب مشکوٰۃ نے فرمایا

رواه الترمذي و قال هذا حديث صحيح غريب اخرجه الحاكم ايضًا

عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِحْصَنٍ الْخَطْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمْ اٰمِنًا فِيْ سِرْبِهٖ مُعَافًى فِيْ جَسَدِهٖ عِنْدَهٗ قُوْتُ يَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا۔

ترجمہ: عبیداللہ بن محصن صحابی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس حال میں صبح کرے کہ وہ اپنے گھر امن والا ہو اور جسم کے اعتبار سے باعافیت ہو اس کے پاس ایک دن کی روزی ہو تو گویا اس کے لئے دنیا جمع کر دی گئی۔

وكان له صحبة: عبیداللہ بن محصن صحابی ہیں اکثر شراح نے ان کو صحابی قرار دیا ہے ابونعیم فرماتے ہیں کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا ہے اور دیکھا ہے امام بخاریؒ نے بھی ان کو صحابی قرار دیا ہے۔

سربه: مشہور سین کا کسرہ ہے ای فی نفسہ بعض نے فرمایا سرب کے معنی جماعت کے ہیں یہاں مراد اہل وعیال ہے یعنی جو شخص اپنے اہل وعیال میں صبح امن کے ساتھ کرے۔

و قيل سرب بفتح السين اى فى مسلكه و طريقه و قيل بفتحتين اى فى بيته كذا ذكره القارى عن بعض الشراح.

روایت کا مطلب: یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے گھر میں امن کے ساتھ ہو کہ کسی دشمن وغیرہ کا اس کو خوف نہ ہو اور جسمانی اعتبار سے بھی صحیح ہو کہ ظاہراً و باطناً کسی طرح کی کوئی بیماری اس کو نہ ہو اور اس دن کی روزی حلال اس کے پاس ہو تو گویا اس کو جتنی نعمتیں چاہئیں وہ اس کو حاصل ہو گئیں اب اس کو کسی چیز کی ضرورت نہیں اور اس کے علاوہ انسان کو اور کیا چاہیے کہ دنیا میں رہ کر یہی اشیاء اس کو مطلوب و مقصود ہیں۔

حيزت اى جمعت له الدنيا وزاد فى المشكوة خيرها قال القارى اى تمامها و المعنى فكانما اعطى الدنيا باسرها.

هذا حديث حسن غريب اخرجه البخارى فى الادب و ابن ماجه۔

عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَغْبَطَ اَوْلِيَائِيْ عِنْدِيْ لَمُؤْمِنٌ خَفِيْفُ الْحَاذِ ذُوْ حَظٍّ مِنَ الصَّلَاةِ اَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ وَاَطَاعَهٗ فِي السِّرِّ وَكَانَ رِزْقُهٗ كَفَافًا فَصَبَرَ عَلٰى ذٰلِكَ ثُمَّ نَقَرَ بِاِصْبَعِهٖ فَقَالَ عُجِّلَتْ مَنِيَّتُهٗ قَلَّتْ بَوَاكِيْهِ قَلَّ تُرَاثُهٗ۔

ترجمہ: ابوامامہؓ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے دوستوں میں سب سے زیادہ قابل رشک وہ مومن ہے جو ہلکی پیٹھ والا ہو نماز سے حصہ والا ہو اپنے رب کی عبادت حسن وخوبی کے ساتھ کرتا ہو اور اللہ کی اطاعت رازداری کے ساتھ کرتا ہو لوگوں میں چھپا ہوا ہو کہ اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ نہ کیا جاتا ہو اور اس کا رزق بقدر حاجت ہو اسی پر وہ صابر ہو پھر آپ نے اپنے ہاتھ سے چٹکی بجائی پھر فرمایا اس کی موت جلدی بھیج دی گئی اور رونے والی عورتیں کم ہوں اس کا ترکہ بھی کم ہو۔

اغبط اولیائی: یہ صیغہ اسم تفضیل ہے ماخوذ من الغبوط بمعنی رشک کرنا اور مطلب یہ ہے کہ میرے دوستوں میں سب سے اچھا حال اس شخص کا ہے الخ۔

خفيف الحاذ اى خفيف الحال و خفيف الظهر: یعنی نہ تو اس کے پاس کثیر مال ہے اور نہ ہی وہ کثیر العیال ہے۔

ذو حظ من الصلوٰۃ: اس سے مراد یہ ہے کہ وہ شخص ایسا ہے جس کو اللہ سے مناجات میں لذت محسوس ہوتی ہے کہ اس کو درجہ مشاہدہ حاصل ہے۔

احسن عبادۃ ربہ: تخصیص بعد التعمیم ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اس کی ہر عبادت میں کامل اخلاص ہو۔

اطاعہ فی السّر: من عطف التفسیر علی احسن

و کان غامضًا الخ: مراد یہ ہے کہ وہ زیادہ مشہور نہ ہو کہ لوگ اس کو بزرگ سمجھتے ہوں اور اس کی طرف بزرگی کا اشارہ کرتے ہوں تاکہ وہ ریاء اور سمع سے بھی محفوظ رہے۔

و کان رزقہ کفافًا الخ: یعنی بقدر ضرورت اس کے پاس رزق ہو جس پر وہ صابر ہو اور قانع ہو۔

ثم نقر بیدیہ: یعنی آپ نے چٹکی بجا کر اشارہ کیا کہ بس جلدی سے اس کی موت آجائے کہ لوگوں کو پتہ بھی نہ چلے اور اس کے پیچھے کوئی میراث کا جھگڑا بھی نہ ہو تو ایسا شخص قابل رشک ہے کہ دنیا کے تمام بکھیڑوں سے اس کو نجات مل گئی اور ہر اعتبار سے مامون و مصون رہ کر وہ اپنے پروردگار کے پاس پہنچ گیا اور کامیاب ہو گیا۔

لا یشار الیہ بالا صابع: یہ ارشاد اس لئے فرمایا کہ بعض مرتبہ جب آدمی کی شہرت ہو جاتی ہے اور لوگ اس کی بزرگی کی وجہ سے اس کی طرف اشارہ کرنے لگتے ہیں تو اس میں کبر و عجب و ریاء جیسے امراض پیدا ہو جاتے ہیں جو اس کی ہلاکت کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔

وَبِهٰذَا الْإِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَرَضَ عَلَيَّ رَبِّي لِيَجْعَلَ لِي بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا قُلْتُ لَا يَارَبِّ وَلٰكِنْ أَشْبَعُ يَوْمًا وَأَجُوعُ يَوْمًا أَوْ قَالَ ثَلَاثًا أَوْ نَحْوَ هٰذَا فَإِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ إِلَيْكَ وَذَكَرْتُكَ فَإِذَا شَبِعْتُ شَكَرْتُكَ وَحَمِدْتُكَ

ترجمہ: اور اسی سند سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا پیش کیا میرے اوپر میرے رب نے کہ وہ بنا دے بطحاء مکہ کو میرے لئے سونا میں نے عرض کیا نہیں اے میرے رب لیکن میں چاہتا ہوں کہ ایک دن سیر رہوں اور ایک دن بھوکا رہوں یا فرمایا تین دن بھوکا رہوں یا اس کے مانند پس جب میں بھوکا ہوں تو تیری طرف گریہ وزاری کروں اور تجھے یاد کروں اور جب سیر ہوں تو تیرا شکریہ ادا کروں اور تیری حمد کروں۔

عرض علیّ ربّی: یہ عرض حسی ہے یا معنوی دونوں احتمال ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ میرے رب نے مجھے اختیار دیا اس بارے میں کہ میں دنیا کی وسعت کو اختیار کروں یا دنیا کی تنگی کو اختیار کروں کہ اس تنگی کو زاد آخرت کا ذریعہ بناؤں قالہ القاری۔

بطحاء مکۃ: اس سے مراد مکہ کی زمین لمعات میں ہے کہ اس سے مراد مکہ کی زمین کے سنگریزوں کو سونا بنانا ہے یا اس کے سنگریزوں کے بقدر سونے کا پیدا کرنا ہے یا اس کے سنگریزوں کے بقدر سونے کا عطا کرنا ہے والا ول اظہر اور بعض روایات میں جبالہا ذھبا واقع ہے یعنی اس کے پہاڑوں کو سونا بنانا مراد ہے۔

ولکن اشبع یومًا الخ: یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ ایک دن سیر ہو کر کھاؤں جو تیرے شکر و حمد کا ذریعہ بنے اور ایک دن بھوکا رہوں جو تیری یاد اور تیری توجہ تام کا ذریعہ ہو گویا ان دونوں حالتوں میں

میں شاکر بھی ہوں گا اور صابر بھی اور اگر بطحاء مکہ کو سونا بنا دیا گیا کہ مالی وسعت حاصل ہو گئی تو صرف شاکر بنوں گا اس صورت میں صرف ایک ہی صفت حاصل ہو گی۔

او قال ثلاثا او نحو هذا یہ شک راوی ہے۔

فائدہ: روایت سے معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فقر اختیاری تھا چنانچہ دوسری روایات میں صراحتہً یہ مضمون واقع ہوا ہے کہ آپ نے نبوت کے ساتھ فقر کو اختیار فرمایا نبوت کے ساتھ بادشاہت کو نہیں اختیار فرمایا حالانکہ آپ کو ان دونوں صفات کے درمیان اختیار دیا گیا تھا۔

و فی الباب عن فضالة بن عبيدؓ اخرجه الترمذی فی هذا الباب۔

هذا حديث حسن اخرجه احمد۔

و علی بن یزید یضعف فی الحدیث علی بن یزید بن ابی زیاد الالهانی ابو عبد الملک الدمشقی چھٹے طبقے کے ضعیف راوی ہیں هكذا فی التقريب۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَرُزِقَ كَفَافًا وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ۔

ترجمہ: عبد اللہ بن عمروؓ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق کہ وہ شخص کامیاب ہو گیا جو اسلام لایا ہو اور بقدر کفایت اس کو رزق دیا گیا ہو اور اللہ تعالیٰ نے اس کو قانع بنایا ہو۔

اسلم: اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا ظاہراً و باطناً فرمانبردار ہونا ہے۔

ورزق كفافا: یعنی حلال رزق بقدر ضرورت اس کو دیا گیا کہ اپنی حاجات کو اس کے ذریعہ پوری کرے اور مضرتوں کو اس کے ذریعہ دفع کر دے۔

قنعه الله: یعنی اللہ تعالیٰ نے جو اس کو عطا فرمایا ہے اس پر اکتفاء کر کے مزید کا متلاشی نہ ہو جس شخص کو یہ صفات حمیدہ اللہ نے عطا فرمادی ہوں ایسا شخص درجہ فلاح کو پہنچ جاتا ہے کہ دنیا میں بھی وہ شخص کامیاب اور آخرت میں بھی ایسا شخص کامران ہو گا۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد و مسلم و ابن ماجه۔

عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ طُوْبٰى لِمَنْ هُدِىَ لِلْاِسْلَامِ وَكَانَ عَيْشُهُ كَفَافًا وَقَنَعَ۔

ترجمہ: فضالہ بن عبیدؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا خوش خبری ہے اس شخص کے لئے جس کو اسلام کی ہدایت دی گئی ہو اور اس کو بقدر ضرورت دنیا عطا کی گئی ہو اور وہ قناعت والا ہو۔

چونکہ ایسا مسلمان جو اللہ کا فرمانبردار ہو اور دنیا کے بکھیڑے اس کے پیچھے نہ ہوں اور قناعت جیسی صفت سے آراستہ ہو وہ یقیناً دنیا و آخرت میں کامیاب ہو گا۔

هذا حديث صحيح اخرجه ابن حبان والحاكم قال المناوی فی شرح الجامع الصغير قال الحاكم علی شرط مسلم۔

بَابُ مَا جَاءَ فَضْلِ الْفَقْرِ

بحث فضل فقر و غنی: یہاں سے مصنفؒ متعدد ابواب فضیلت فقر کے بارے میں قائم فرمارہے ہیں۔ جن میں مختلف روایات ذکر فرما کر فقر کی فضیلت کو ثابت فرمارہے ہیں ان کے علاوہ کثیر روایات اور ہیں جن سے فقر کی فضیلت ثابت ہوتی ہے نیز آیات شریفہ بھی اس بارے میں کثیر نازل ہوئی ہیں بہرحال نصوص سے فقر کا افضل ہونا معلوم ہوتا ہے اس کے بالمقابل طاعم شاکر کی فضیلت بھی کثیر روایات میں وارد ہے ان نصوص کے اختلاف کی بناء پر اہل علم میں قدرے اختلاف ہے بعض نے غنا کو افضل کہا اور بعض نے فقر کو اور بعض نے فرمایا اختلاف اشخاص کے اعتبار سے فضیلت ہوگی بعض نے فرمایا کفاف کا درجہ افضل ہے بعض نے توقف فرمایا ہے۔

جنید بغدادیؒ اور خواصؒ اور اکثر حضرات نے فقر کو غنی سے افضل قرار دیا ہے اور ابن عطا نے فرمایا شکر گزار مالدار جو مال کا حق ادا کرتا ہو صبر کرنے والے فقیر سے افضل ہے، دراصل یہ اختلاف منظور نظر کا اختلاف ہے جن لوگوں کی نظر میں یہ ہے کہ غنی صدقات وخیرات کر کے تقرب حاصل کرتا ہے اور فقیر اس سے عاجز رہتا ہے انہوں نے غنی شاکر کو افضل کہا ہے اور جن لوگوں نے یہ دیکھا کہ فقیر شخص کا تعلق مال نہ ہونے کی بناء پر اللہ تعالیٰ سے براہ راست ہوتا ہے انہوں نے فقر کو افضل کہا ہے۔

قول فیصل: اس سلسلہ میں حق بات یہ ہے کہ دنیا میں اصل مقصد یہ ہے بندہ کو اللہ تعالیٰ کی محبت ہو اور اس کے ساتھ انس ہو اور یہ مقصد اسی وقت حاصل ہوسکتا ہے جب بندے کو اللہ کی معرفت حاصل ہو اور ظاہر ہے کہ معرفت سے مانع جس طرح مال ہوتا ہے اسی طرح فقر بھی مانع ہوتا ہے اصل مانع دنیا کی محبت ہے اس کا اجتماع محبت الٰہی کے ساتھ ممکن نہیں جس کے دل میں جس چیز کی محبت ہوتی ہے وہ اس میں مشغول رہتا ہے خواہ اس کے فراق میں مبتلا ہو یا وصال میں پھر بعض لوگ فراق میں زیادہ مشغول ہوتے ہیں اور بعض وصال میں یہ لوگوں کے رجحانات وحالات کے اختلاف پر مبنی ہے۔ لہٰذا اگر فقر مانع معرفت ہے تو اس کو کس طرح فضیلت ہوگی غنی پر اور غنیٰ مانع ہے تو وہ یقیناً فقر سے افضل نہیں ہوسکتا لہٰذا فقیر حریص اور غنی حریص دونوں برابر ہیں، اس طرح فقیر قانع اور غنی شاکر بحیثیت تعلق مع اللہ دونوں برابر ہیں اسی وجہ سے بعض حضرات نے اس مسئلہ میں توقف فرمایا ہے۔

الحاصل: فقر وغنا کے باہم افضل ہونے نہ ہونے کا مدار تعلق مع اللہ پر ہے۔ البتہ اکثر وبیشتر غناء شواغل کا ذریعہ زیادہ بنتا ہے بہ نسبت فقر کے اس وجہ سے مجموعی اعتبار سے اگر فقر کو افضل قرار دیا جائے تو یہ زیادہ درست ہوگا۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ فَقَالَ اُنْظُرْ مَا تَقُوْلُ قَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَاُحِبُّكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ اِنْ كُنْتَ تُحِبُّنِيْ فَاَعِدَّ لِلْفَقْرِ فَاِنَّ الْفَقْرَ اَسْرَعُ اِلٰى مَنْ يُّحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ اِلٰى مُنْتَهَاهُ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مغفلؓ نے فرمایا کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ کی قسم آپ سے محبت کرتا ہوں تو آپ نے جواباً فرمایا غور کر کے کہہ جو کچھ تو کہہ رہا ہے پھر اس نے کہا یا رسول اللہ واللہ میں آپ سے محبت کرتا ہوں کیونکہ فقر زیادہ تیز دوڑتا ہے مجھ سے محبت کرنے والے کی طرف سیل رواں سے جو اپنے منتہا کی طرف دوڑتا ہے۔

انی احبك: اس سے مراد بلیغ محبت اور اعلیٰ درجہ کی محبت ہے ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے تو ہر مومن کو محبت ہے۔

فقال انظر ماتقول: یعنی اے شخص تو نے جو دعویٰ محبت کیا ہے یہ بہت بڑا دعویٰ ہے اس سے تو نے اپنے نفس کو مشقت میں ڈال لیا ہے کیونکہ جو ہم سے محبت کرتا ہے اس کو مصائب پیش آتے ہیں بالخصوص فقر اس کی طرف سیل رواں سے بھی زائد تیز دوڑتا ہے لہذا سوچ کر کہہ۔

حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ اے شخص ذرا سوچ کر دعویٰ کر کیونکہ تیری محبت دو حال سے خالی نہیں یا تو اضطراری ہے یا اختیاری۔ اگر اضطراری اور بلا کسی اختیار کے ہے تو ظاہر ہے کہ اس پر لوازم محبت کا ترتب ضرور ہوگا کیونکہ قاعدہ یہ ہے اذا ثبت الشیء ثبت بلوازمه اور لوازم محبت میں سے یہ ہے کہ ہماری طرح تجھ کو مسلسل فقر لاحق ہوگا تو اپنے نفس کو اس کے لئے تیار کرلے اور اگر تیرا یہ دعویٰ متکلف ہے تو ظاہر ہے کہ یہ دعویٰ محبت جو تیرے اختیار میں ہے ترقی کرتے کرتے غیر اختیاری ہو جائے گا تو پھر اس محبت پر وہی آثار مرتب ہوں گے کہ شدائد و مصائب کا شکار ہوگا بالخصوص مسلسل فقر تیری طرف دوڑے گا لہذا تو اپنے نفس کو تیار کرلے کہ فقر کو مسلسل برداشت کرے تو غور کر اور اس وجہ محبت کے لئے تکلف نہ کر گویا آپ کا یہ ارشاد اس شخص کو بطور ترحم ہے فان الانبیاء اشد بلاء الامثل فالا مثل۔

تجفافا: بکسر التاء وسکون الجیم اس کے اصل معنی زرہ کے ہیں جو بدن کو ڈھانپ لے یہاں مراد صبر ہے کہ وہ فقر کو چھپا لیتا ہے اب معنی ہوئے ایسے فقر کے لئے تیار ہو جاؤ جو صبر والا ہو روایت الباب سے فقر کی فضیلت ثابت ہوگئی۔

هذا حدیث غریب اخرجه احمد۔

ابو الوازع الراسبی الخ: ان کا نام جابر بن عمروؒ ہے یہ نویں طبقہ کے صدوق واہم راوی ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ اَنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَائِهِمْ

عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَائِهِمْ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ۔

ترجمہ: ابوسعیدؓ سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا فقراء مہاجرین اغنیاء سے پانچ سو سال قبل جنت میں داخل ہوں گے۔

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِیْ مِسْكِيْنًا وَاَمِتْنِیْ مِسْكِيْنًا وَاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَائِهِمْ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا يَا عَائِشَةُ لَا تَرُدِّی الْمِسْكِيْنَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ يَا عَائِشَةُ اَحِبِّی الْمَسَاكِيْنَ وَقَرِّبِيْهِمْ فَاِنَّ اللّٰهَ يُقَرِّبُكِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ تو مجھ کو زندہ رکھ مسکین بنا کر اور موت دے مسکین کی حالت میں اور میرا حشر بھی مساکین کی جماعت کے ساتھ فرما قیامت کے دن پس عرض کیا عائشہ نے کیوں یا رسول اللہ فرمایا اس وجہ سے کہ فقراء جنت میں داخل ہوں گے اغنیاء سے چالیس سال پہلے۔ اے عائشہ مسکین کو واپس نہ کر خالی بلکہ اس کو دے خواہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو اور ان کو اپنے قریب بٹھا کہ اللہ تعالیٰ تجھ کو اپنا قرب قیامت کے دن عطا فرمائیں گے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدْخُلُ الْفُقَرَاءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِیَاءِ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ نِصْفِ یَوْمٍ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا فقراء جنت میں قیامت کے دن اغنیاء سے پانچ سو سال یعنی نصف یوم پہلے داخل ہوں گے۔

جَابِرِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُسْلِمِیْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِیَائِهِمْ بِاَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا۔

ترجمہ: جابر بن عبد اللہؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فقراء مسلمین اغنیاء سے چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُسْلِمِیْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِیَائِهِمْ بِنِصْفِ یَوْمٍ وَهُوَ خَمْسُ مِائَةِ عَامٍ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فقراء مسلمین اغنیاء سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے یعنی پانچ سو سال پہلے۔

ان مذکورہ روایات سے فقراء اور مساکین کی فضیلت اغنیاء کے مقابلہ میں معلوم ہوتی ہے۔ اس کی وجہ ظاہر ہے جب وہ دنیا میں نعمتوں سے محروم رہے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کو اغنیاء سے پہلے نعمتیں عطا فرمائیں گے۔ **کما قال تعالیٰ کلوا واشربوا هنیئًا بما اسلفتم فی الایام الخالیة۔**

توفیق بین الروایات فی الاعداد

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے چالیس سال قبل داخل ہوں گے اور بعض سے پانچ سو سال قبل فکیف التطبیق اس کے علماء نے متعدد جوابات دیئے ہیں۔

جواب (۱): اعداد مذکورہ فی الروایات سے تحدید مقصود نہیں ہے بلکہ تکثیر مقصود ہے یعنی یہ بیان کرنا ہے کہ اغنیاء سے کافی زمانہ پہلے فقراء جنت میں داخل ہو جائیں گے قالہ القاری۔

جواب (۲): ممکن ہے کہ اول آپ ﷺ چالیس کے عدد کی وحی فرمائی گئی ہو جو آپ نے بیان فرمادی اس کے بعد پانچ سو سال کی جس کو آپ نے بعد میں بیان فرمایا ہے۔

جواب (۳): بعض نے فرمایا چالیس اقل مراتب کا بیان ہے اور پانچ سو سال اکثر مراتب کا و **یدل علیه ما رواه الطبرانی لفظه سبق المهاجرون الناس باربعین خریفا الی الجنة ثم یکون الزمرة الثانیة مائة خریف و علی هذا الزمرة الثالثة مائتین و هلم جرًّا و کانهم محصورون فی خمس زمر۔**

جواب (۴): یا یہ اختلاف عدد مراتب اشخاص کے اعتبار سے ہے کہ بعض فقراء اپنے صبر و رضا اور شکر کے اعتبار سے اعلیٰ

درجہ کے ہوں گے وہ پانچ سو سال پہلے داخل ہوں گے اور بعض کم درجہ کے ہوں گے وہ چالیس سال قبل۔ چنانچہ جامع الاصول میں ہے کہ فقیر حریص غنی سے چالیس سال قبل جنت میں داخل ہوگا اور فقیر زاہد غنی راغب سے پانچ سو سال قبل جنت میں جائے گا۔

جواب (۵): علامہ اشرفؒ فرماتے ہیں اربعین خریفا والی روایت کا مطلب یہ ہے کہ فقراء مہاجرین سے چالیس سال قبل داخل ہوں گے اور خمس مائۃ والی روایت کا مطلب یہ ہے

کہ فقراء مہاجرین اغنیاء غیر مہاجرین سے پانچ سو سال قبل جنت میں جائیں گے لہٰذا اب دونوں روایتوں کے محمل الگ الگ ہو گئے اور کوئی تعارض نہیں رہا مگر اس جواب کو ملا علی قاریؒ نے پسند نہیں فرمایا۔

اشکال: ان روایات سے فقر کی فضیلت معلوم ہوتی ہے حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فقر سے پناہ مانگی ہے کما فی روایۃ عن عائشۃؓ۔

جواب: آپ نے مطلق فقر سے پناہ نہیں مانگی بلکہ فقر ملبی سے پناہ مانگی ہے جو فقر اللہ کی یاد سے غافل کر دے اور کفر کا موجب ہو جائے یا ایسا فقر جو جزع و فزع پیدا کر دے اور جس سے اللہ کی تقدیر سے عدم رضا معلوم ہو اور اللہ کی تقسیم پر اعتراض کا موجب ہو۔

ہذا حدیث غریب اخرجہ البیہقی علامہ ابن جوزیؒ نے اس روایت کو موضوعات میں شمار کیا ہے مگر یہ غلط ہے اس کی مؤید دیگر روایات اس باب میں وارد ہیں۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَعِيْشَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَهْلِهٖ

عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَدَعَتْ لِيْ بِطَعَامٍ وَقَالَتْ مَااَشْبَعُ مِنْ طَعَامٍ فَاَشَاءُ اَنْ اَبْكِيَ اِلَّا بَكَيْتُ قَالَ قُلْتُ لِمَ قَالَتْ اَذْكُرُ الْحَالَ الَّتِيْ فَارَقَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الدُّنْيَا وَاللّٰهِ مَا شَبِعَ مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ مَرَّتَيْنِ فِيْ يَوْمٍ۔

ترجمہ: مسروقؒ کہتے ہیں میں حضرت عائشہؓ کے یہاں داخل ہوا پس منگایا انہوں نے میرے لئے کھانا اور فرمایا نہیں سیر ہوتی ہوں میں کھانے سے (کہ مجھ کو رونا آتا ہے) اگر میں چاہوں رونا تو رو پڑوں، میں نے پوچھا ایسا کیوں فرمایا میں یاد کرتی ہوں اس حالت کو جس میں آپ نے دنیا کو چھوڑا ہے اللہ کی قسم آپ نے ایک دن میں دو بار پیٹ بھر کر روٹی اور گوشت نہیں کھایا۔

هٰذا حديث حسن اخرجه مسلم۔

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَاشَبِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنْ خُبْزِ شَعِيْرٍ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ۔

ترجمہ: عائشہؓ فرماتی ہیں نہیں سیر ہو کر کھائی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کی روٹی پے در پے دو دن حتیٰ کہ آپ وصال فرما گئے۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا شَبِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَاَهْلُهٗ ثَلَاثًا تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ الْبُرِّ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اہل نے نہیں سیر ہو کر کھائی گیہوں کی روٹی تین دن پے در پے حتیٰ کہ آپ دنیا کو چھوڑ گئے۔

تباعًا: ای متوالیة:

هٰذا حدیث حسن صحیح اخرجه الشیخان۔

ابا امامة یقول ما کان یفضل عن اهل بیت رسول الله صلی الله علیه وسلم خبز الشعیر۔

ترجمہ: ابوامامہؓ فرماتے ہیں کہ نہیں بچتی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں سے کبھی جو کی روٹی یعنی جب کبھی جو کی روٹیاں بنتی تو وہ اس قدر ہوتی تھیں کہ گھر والوں سے کبھی نہ بچتی تھیں۔

هٰذا حدیث صحیح غریب اخرجه فی الشمائل ایضًا

عن ابن عباس قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یبیت اللیالی المتتابعة طاویا واهله لا یجدون عشاء وکان اکثر خبزهم خبز الشعیر۔

ترجمہ: ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل کئی راتیں سخت بھوک کی حالت میں گزار دیتے تھے اور آپ کے گھر والے شام کا کھانا بھی نہ پاتے تھے اور ان کی اکثر روٹی جو کی ہوتی تھی۔

طاویًا: ای جائعا فی النهایة طوی من الجوع یطوی طوی فهو طاو ای خالی البطن۔

هٰذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد و ابن ماجه

عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اللهم اجعل رزق ال محمد قوتا۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ تو محمد کی آل کی روزی قوت لا یموت بنادے یعنی اتنا دے کہ وہ زندہ رہ سکیں۔

هٰذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد والشیخان والنسائی و ابن ماجه

قوتًا: اس سے مراد اتنی روزی جس سے زندگی باقی رہ سکے اور یہ دعا اس وجہ سے تھی تا کہ لوگوں سے سوال کی نوبت نہ آئے کہ سوال کرنا ذلت ہے اور زائد اس وجہ سے نہ مانگی کہ اس سے ترفہ پیدا ہو جاتا ہے مراد اس سے طلب کفاف ہے کہ بدن جو امانت ہے وہ باقی رہے۔ اور حاجات پوری ہو جائیں ظاہر ہے کہ اسی حالت میں سلامتی ہے۔

عن انس قال کان النبی صلی الله علیه وسلم لا یدخر شیئا لغد۔

ترجمہ: انسؓ کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کل کے لئے کوئی چیز ذخیرہ نہ بناتے تھے۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر غنی تھے اور آپ کو اپنے رب پر اتنا بھروسہ تھا کہ کل کے لئے کوئی شئی بطور ملک ذخیرہ نہ فرماتے تھے ہاں البتہ دوسروں کو دینے کے لئے آپ نے اشیاء کو روک کر رکھا چنانچہ روایات سے ثابت ہے کہ آپ نے ازواج مطہرات کو ایک سال کا نفقہ پہلے ہی عنایت فرمایا۔

هٰذا حدیث غریب قال المناوی فی شرح الصغیر اسناده جید۔

وقد روی هٰذا غیر جعفرؓ الخ: جعفرؓ نے اس کو مرفوعاً نقل کیا ہے مگر جعفر کے علاوہ نے مرسلاً ثابت سے نقل کیا ہے اور انس کا واسطہ ذکر نہیں کیا اور بعض نسخوں میں غیر جعفر کی جگہ عن جعفر ہے اب مطلب یہ ہوگا کہ یہ روایت جعفر نے جس طرح مرفوعاً عن ثابت عن انسؓ نقل کی ہے اسی طرح انہوں نے مرسلاً عن ثابت بھی نقل کی ہے۔

عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خِوَانٍ وَلَا اَكَلَ خُبْزًا مُرَقَّقًا حَتّٰى مَاتَ۔

ترجمہ: انسؓ نے کہا کہ نہیں کھایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوان پر اور نہ کبھی پتلی چپاتی کھائی حتی کہ وصال فرما گئے۔ اس روایت پر تفصیلی کلام اتحاف المتن جزء اول میں ہو چکا ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري۔

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّهٗ قِيْلَ لَهٗ اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ النَّقِيَّ يَعْنِي الْحُوَّارَى فَقَالَ سَهْلٌ مَا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ النَّقِيَّ حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ فَقِيْلَ لَهٗ هَلْ كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا كَانَتْ لَنَا مَنَاخِلُ قِيْلَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ بِالشَّعِيْرِ قَالَ كُنَّا نَنْفُخُهٗ فَيَطِيْرُ مِنْهُ مَا طَارَ ثُمَّ نَثْرِيْهِ فَنَعْجِنُهٗ

ترجمہ: سہل بن سعد سے دریافت کیا گیا کہ کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میدے کی روٹی بھی کھائی ہے انہوں نے کہا حضور نے تو میدہ دیکھا بھی نہیں (اس کا کھانا تو درکنار) یہاں تک کہ آپ اللہ سے جا ملے پھر دریافت کیا گیا کہ عہد نبوی میں آپ لوگوں کے پاس چھلنیاں تھیں فرمایا نہیں پوچھا گیا پھر آپ لوگ جو کے ساتھ کیا کرتے تھے (یعنی اس کا آٹا کیسے کھاتے تھے) فرمایا اسے کوٹ کر پھونک مار دیتے تھے جو اڑنا ہوتا اڑ جاتا تھا پھر اس میں ہم پانی ڈال کر گوندھ لیتے تھے۔

النقي: بفتح النون و كسر القاف و تشديد اليا ء ميدة الحواري بضم الحاء و تشديد الواو و فتح الراء گیہوں کا وہ آٹا جس کو دو مرتبہ پیسا جائے۔

ما رآى رسول صلى الله عليه وسلم الخ: اي ماراه فضلا لا اكله

یہ بطور مبالغہ ہے اور ممکن ہے حقیقت پر محمول ہو اور اس سے مراد یہ ہے کہ بعد البعثۃ آپ نے میدہ نہیں دیکھا چونکہ قبل البعثۃ آپ شام تشریف لے گئے تھے اور وہاں میدہ استعمال ہوتا تھا۔ اور ان کے یہاں چھلنیاں بھی ہوتی تھیں۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه البخاري۔

و قد رواه مالك بن انس عن ابي حازم: روایت کے دوسرے طریق کی طرف اشارہ ہے کہ ابو حازم نے جس طرح دینار سے اس روایت کو نقل کیا ہے اسی طرح مالک بن انس سے بھی روایت کو نقل کیا ہے۔

ان جملہ روایات سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فقر و فاقہ معلوم ہوا نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل خانہ بھی آپ کے ساتھ اس میں شریک رہے ہیں اور انہوں نے تنگی معاش کو کس قدر برداشت کیا ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ مَعِيْشَةِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یعنی جس طرح آپ کی زندگی تنگی معاش کے ساتھ گزری ہے اسی طرح حضرات صحابہ کرام نے بھی تنگی معاش کے ساتھ زندگی بسر فرمائی ہے۔

سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ اِنِّيْ لَاَوَّلُ رَجُلٍ اَهْرَاقَ دَمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنِّيْ لَاَوَّلُ رَجُلٍ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ اَغْزُوْ فِي الْعِصَابَةِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نَاْكُلُ اِلَّا وَرَقَ الشَّجَرِ وَالْحُبْلَةِ حَتّٰى اِنَّ اَحَدَنَا

لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ وَالْبَعِيرُ وَأَصْبَحَتْ بَنُو أَسَدٍ يُعَزِّرُونِي فِي الدِّينِ لَقَدْ خِبْتُ إِذَنْ وَضَلَّ عَمَلِي۔

ترجمہ: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ فرماتے ہیں بے شک میں سب سے پہلا وہ شخص ہوں جس نے اللہ کی راہ میں خون بہایا ہے اور پہلا شخص ہوں جس نے اللہ کی راہ میں اول تیر پھینکا ہے میں نے اپنے آپ کو اس حال میں پایا کہ میں اصحاب نبی کی جماعت کے ساتھ جہاد کرتا نہیں کھاتے ہم مگر درختوں کے پتے اور خاردار جھاڑیوں کے پھل (جس کے سبب) ہم میں سے ہر آدمی اجابت کرتا جس طرح بکری اور اونٹ اجابت کرتے ہیں اور اب بنو اسد دین کے بارے میں مجھے طعنہ دیتے ہیں تحقیق (اگر ایسا ہے) تو میں نامراد ہوں گا اور میرا عمل بھی برباد ہوگا۔

انی لاول رجل اهراق دمًا: حضرت سعدؓ نے اس سے اس واقعہ کی طرف اشارہ کیا جس کو ابن اسحاق نے نقل کیا ہے کہ مکہ میں رہتے ہوئے صحابہ ابتداء اچھپ کر عبادت کرتے تھے اور مشرکین سے طاقت نہ ہونے کی بنا پر اسلام کو چھپاتے تھے اتفاقاً صحابہ کسی گھاٹی میں چھپ کر نماز پڑھ رہے تھے مشرکین حملہ آور ہو گئے تو اس وقت سعدؓ نے تیر مارا جس سے ایک مشرک زخمی ہو گیا تھا اور خون بہہ پڑا تھا اور یہ سب سے پہلا خون ہے جو اسلام میں سعدؓ نے بہایا۔

و هكذا قال المناوي و لم ينقل ان سعدًا اول من قتل نفسا في سبيل الله ولو وقع لنقل لانه مما تتوفر الدواعي لنقله

لاول رجل رمى بسهم في سبيل الله: اس سے مراد وہ لشکر ہے جو عبیدہ بن الحارث کی زیر امامت آپ نے مقام ابواء کی طرف روانہ فرمایا تھا اور وہ ساٹھ افراد تھے ان کا مقابلہ کفار مکہ کی بڑی جماعت سے ہو گیا جس کے امیر ابوسفیان تھے جانبین سے تیر اندازی ہوئی سب سے پہلے حضرت سعد نے تیر پھینکا تھا۔

اغزو افي العصابة: بکسر العین اس کا اطلاق اس جماعت پر ہوتا ہے جس کی مقدار دس سے چالیس تک ہو ولا واحد له۔

ما ناكل الا ورق الشجرة و الحبلة: بضم الحاء والباء وسكون الباء ايضًا اس سے مراد کیکر کا پھل ہے۔

كما تضع الشاة و البعير: اس سے مراد مینگنیاں ہیں یعنی خشک پاخانہ ہوتا تھا۔

تعز رونني و اصبحت بنو اسد تعزرونني في الدين۔ بنو اسد بن خزیمہ بن مدرکہ مراد ہیں یہ وہ خاندان ہے جو آپ کی وفات کے بعد مرتد ہو گیا تھا اور طلحہ بن خویلد الاسدی کی نبوت کو تسلیم کر کے اس کی اتباع کرنے لگا تھا پھر خالد بن الولید نے ابوبکر کے زمانہ میں ان سے جہاد کر کے ان کی کمر توڑ دی اور طلحہ نے بھی توبہ کر لی اور اسلام لے آیا یہ لوگ کوفہ میں رہے اس وقت کوفہ کے امیر سعد بن ابی وقاص تھے تو ان لوگوں نے امیر المومنین عمر فاروقؓ سے ان کی شکایات کیں منجملہ شکایات کے یہ بھی شکایت کی کہ وہ اچھی طرح نماز نہیں پڑھتے ہیں۔

تعز رونی: و في رواية البخاري تعزروني على الاسلام وقال الحافظ معناه توبخوني والمعنى تعلموني الصلوة او تعيروني باني لا احسنها

لقد خبت اذن: ماخوذ من الخيبة یعنی اگر ایسا ہے جیسا کہ وہ لوگ کہتے ہیں تو میرے سارے مجاہدے بے کار ہو جائیں گے اور اب تک جو نمازیں پڑھی ہیں بالخصوص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وہ سب بے کار ہوں گی حالانکہ ایسا نہیں۔

سوال: حضرت سعدؓ نے اپنی تعریف و مدح کیوں فرمائی حالانکہ اپنی تعریف کرنا درست نہیں؟

جواب: اظهاراً للحق اور شکراً للنعمة اگر تعریف کی جائے تو مضائقہ نہیں بالخصوص ایسے موقع پر جہاں ضرورت ہے چونکہ بعض مرتبہ اپنا مرتبہ بتانا بھی ضروری ہوتا ہے۔

كما قال يوسف عليه السلام انى حفيظ عليم و قال علىؓ عن كتاب الله و قال ابن مسعودؓ لو اعلم احدًا اعلم لكتاب الله منى لاتيته.

اس طرح حافظ سے کوئی پوچھے تو ظاہر ہے کہ وہ کہہ سکتا ہے انی حافظ وغیرہ وغیرہ۔ اس قسم کے واقعات حضرات صحابہ و تابعین سے بے شمار مروی ہیں۔ روایت الباب سے حضرات صحابہ کی تنگی معاش ثابت ہوگئی وھوالمدعیٰ۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه البخارى فى مواضع و مسلم والنسائى و ابن ماجه.

تنبیہ: امام ترمذی نے اس روایت کی تصحیح فرمائی ہے حالانکہ اس کی سند میں عمر بن اسماعیل بن مجاہد متروک راوی ہے ممکن ہے مصنف کے نزدیک یہ روایت کسی دوسرے طریق سے صحیح ثابت ہو۔ چنانچہ موصوف نے روایت کا دوسرا طریق آگے ذکر فرمایا ہے جو محمد بن بشار کا ہے اور اس میں عمر بن اسماعیل نہیں ہیں یا ممکن ہے مصنف کے نزدیک عمر بن اسماعیل احتجاج راوی ہو۔

و فى الباب عن عتبه بن غزوانؓ اخرجه مسلم و ابن ماجه.

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ مُمَشَّقَانِ مِنْ كَتَّانٍ فَتَمَخَّطَ فِىْ اَحَدِهِمَا ثُمَّ قَالَ بَخٍ بَخٍ يَتَمَخَّطُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فِى الْكَتَّانِ لَقَدْ رَاَيْتُنِىْ وَاِنِّىْ لَاَخِرُّ فِيْمَا بَيْنَ مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَحُجْرَةِ عَائِشَةَ مِنَ الْجُوْعِ مَغْشِيًّا عَلَىَّ فَيَجِىْءُ الْجَائِىْ فَيَضَعُ رِجْلَهٗ عَلٰى عُنُقِىْ يُرٰى اَنَّ بِىَ الْجُنُوْنَ وَمَا بِىْ جُنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا الْجُوْعُ.

ترجمہ: محمد بن سیرینؒ سے منقول ہے کہ فرمایا ہم ابو ہریرہ کے پاس تھے اور ان پر کتان کے دو کپڑے سرخ رنگے ہوئے تھے پس ناک صاف کی انہوں نے ایک کپڑے سے پھر فرمایا بخ بخ (یعنی اللہ اللہ) ناک صاف کر رہا ہے ابو ہریرہ کتان کے کپڑے سے تحقیق کہ دیکھا میں نے اپنے کو میں گر جاتا تھا آپ ﷺ کے منبر اور عائشہ کے حجرے کے درمیان بھوک کی وجہ سے بے ہوش ہو کر پس آنے والا آتا اور اپنا پیر میری گردن پر رکھتا یہ گمان کرتے ہوئے کہ مجھ کو جنون ہے حالانکہ مجھے کوئی جنون نہ ہوتا تھا میری یہ حالت بھوک کی وجہ سے ہوتی تھی۔

ممشقان: ماخوذ من المشق بکسر المیم بمعنی سرخ رنگ والا، مراد یہ ہے کہ کتان عمدہ کپڑا گلاب وغیرہ کے رنگ میں رنگا ہوا تھا۔

کتان: بفتح الکاف وتشدید التاء ایسا عمدہ کپڑا جو نہ زیادہ گرم اور نہ زیادہ ٹھنڈا اور بدن کو بھی نہ چپکے اور اس میں جوں بھی پیدا نہیں ہوتی۔

اخر: بمعنی اسقط۔

یری: بضم الیاء بمعنی یظن۔

بخ بخ: کلمۃ تقال عند الرضاء والاعجاب او الفخر والمدح۔

فیضع رجلہ: اہل عرب کی عادت تھی کہ مجنون کی گردن پر بطور علاج پیر رکھتے تھے۔

روایت کا مطلب: یہ ہے کہ ابوہریرہ جب گورنر ہوگئے اور دنیوی نعمتیں ان کو حاصل ہوئیں تو اچھا کپڑا پہنتے تھے اس وقت انہوں نے عمدہ قسم کے کپڑوں سے ناک صاف کی مگر با ایں ہمہ نعمت ان کو اپنا پرانا زمانہ یاد آ گیا کہ ایک وقت ہم پر آپ ﷺ کے زمانہ میں تنگی معاش کا ایسا بھی گزرا تھا کہ ہمارے پاس کھانے کے لئے کچھ نہ ہوتا تھا حتی کہ بھوک کی وجہ سے بے ہوشی ہو جاتی تھی لوگ مجھ کو پاگل سمجھتے تھے اور گردن پر پیر رکھ دیتے تھے تاکہ سکون ہو جائے آج اللہ نے کس قدر نعمتیں عطا کی ہیں کہ عمدہ قسم کے کپڑے سے ہم ناک صاف کر رہے ہیں۔

روایۃ الباب سے صحابہ کی تنگی معاش ثابت ہوگئی نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر اللہ تعالیٰ تنگ دستی کے بعد فراخی عطا فرمائے تو تنگ دستی کے زمانہ کو بھولنا نہیں چاہیے نیز دنیا استعمال کرنے کا حق ان ہی لوگوں کو ہے جن کو اپنا پرانا زمانہ یاد ہو لہٰذا نئے مال داروں کے لئے عبرت کا مقام ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح غريب اخرجه البخاري۔

عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ اِذَا صَلّٰى بِالنَّاسِ يَخِرُّ رِجَالٌ مِنْ قَامَتِهِمْ فِي الصَّلَاةِ مِنَ الْخَصَاصَةِ وَهُمْ اَصْحَابُ الصُّفَّةِ حَتّٰى تَقُوْلَ الْاَعْرَابُ هٰؤُلَاءِ مَجَانِيْنُ اَوْمَجَانُوْنَ فَاِذَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ انْصَرَفَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَالَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ لَاَحْبَبْتُمْ اَنْ تَزْدَادُوْا فَاقَةً وَحَاجَةً قَالَ فَضَالَةُ اَنَا يَوْمَئِذٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ۔

ترجمہ: فضالہ بن عبیدؓ سے منقول ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لوگوں کو نماز پڑھاتے تو بہت سے لوگ بھوک کی وجہ سے نماز میں کھڑے ہونے کی حالت میں گر جاتے اور یہ اصحاب صفہ تھے یہاں تک کہ اعرابی لوگ کہنے لگتے یہ لوگ پاگل ہیں پس آپؐ جب نماز سے فارغ ہوتے تو فرماتے اگر تم لوگ جان لو کہ تمہارے لئے اللہ کے یہاں کیا اجر وثواب ہے تو تم آرزو کرو گے کہ فقر وفاقہ کے لحاظ سے اور بڑھ جاؤ فضالہ فرماتے ہیں میں اس وقت آپ ﷺ کے ساتھ تھا۔

الخصاصة: بفتح الخاء اس کے اصل معنی فقر وفاقہ وحاجت یہاں مراد شدت بھوک کی وجہ سے ضعف ہے۔

اصحاب الصفة: صحابہ کی وہ جماعت مراد ہے جو مسجد سے متصل چبوترے پر موجود رہتی لا مسکن لهم ولا ولد پر توکل جماعت تھی جن کی تعداد ستر سے بھی متجاوز تھی صحابہ کرام ان پر صدقہ کرتے تھے اور اسی پر ان کا مدار ہوتا تھا۔

لو تعلمون مالكم عند الله: اس سے مراد اجر وثواب ہے یا قدر وقیمت مراد ہے۔

هٰذا حديث حسن صحيح اخرجه ابن حبان۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَاعَةٍ لَا يَخْرُجُ فِيْهَا وَلَا يَلْقَاهُ فِيْهَا اَحَدٌ فَاَتَاهُ اَبُوْبَكْرٍ فَقَالَ مَاجَاءَ بِكَ يَا اَبَابَكْرٍ فَقَالَ خَرَجْتُ اَلْقٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْظُرُ فِيْ وَجْهِهٖ وَالتَّسْلِيْمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ جَاءَ عُمَرُ فَقَالَ مَاجَاءَ بِكَ يَا عُمَرُ قَالَ الْجُوْعُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاَنَا قَدْ وَجَدْتُ بَعْضَ ذٰلِكَ فَانْطَلَقُوْا اِلٰى مَنْزِلِ اَبِي الْهَيْثَمِ بْنِ التَّيِّهَانِ الْاَنْصَارِيِّ وَكَانَ رَجُلًا كَثِيْرَ النَّخْلِ وَالشَّاءِ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ خَدَمٌ فَلَمْ يَجِدُوْهُ فَقَالُوْا لِامْرَاَتِهٖ اَيْنَ صَاحِبُكِ فَقَالَتْ اِنْطَلَقَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا الْمَاءَ وَلَمْ يَلْبَثُوْا اَنْ جَاءَ اَبُو الْهَيْثَمِ بِقِرْبَةٍ يَزْعَبُهَا فَوَضَعَهَا ثُمَّ جَاءَ يَلْتَزِمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُفَدِّيْهِ بِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ ثُمَّ انْطَلَقَ بِهِمْ اِلٰى حَدِيْقَتِهٖ فَبَسَطَ لَهُمْ بِسَاطًا ثُمَّ انْطَلَقَ اِلٰى نَخْلَةٍ فَجَاءَ بِقِنْوٍ

فوضعه فقال النبي صلى الله عليه وسلم افلا تنقيت لنا من رطبه فقال يا رسول الله اني اردت ان تختاروا او قال تخيروا من رطبه وبسره فاكلوا وشربوا من ذلك الماء فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا والذي نفسي بيده من النعيم الذي تسألون عنه يوم القيامة ظل بارد ورطب طيب وماء بارد فانطلق ابو الهيثم ليصنع لهم طعاما فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا تذبحن ذات در فذبح لهم عناقا او جديا فاتاهم بها فاكلوا فقال النبي صلى الله عليه وسلم هل لك خادم قال لا قال فاذا اتانا سبي فاتنا فاتي النبي صلى الله عليه وسلم براسين ليس معهما ثالث فاتاه ابو الهيثم فقال النبي صلى الله عليه وسلم اختر منهما قال يا نبي الله اختر لي فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان المستشار مؤتمن خذ هذا فاني رايته يصلي واستوص به معروفا فانطلق ابو الهيثم الى امراته فاخبرها بقول رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت امراته ما انت ببالغ ما قال فيه النبي صلى الله عليه وسلم الا ان تعتقه قال هو عتيق فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان الله لم يبعث نبيا ولا خليفة الا وله بطانتان بطانة تامره بالمعروف وتنهاه عن المنكر وبطانة لا تالوه خبالا ومن يوق بطانة السوء فقد وقي۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے منقول ہے کہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے وقت میں کہ آپ نکلتے نہیں تھے اور نہ کوئی اس وقت آپ سے ملاقات کرتا تھا پس آئے ابوبکرؓ آپ کے پاس آپ نے فرمایا اے ابوبکر تم کو کیا چیز اس وقت لائی ہے انہوں نے عرض کیا میں آپ سے ملاقات کرنے آ گیا اور آپ کو دیکھنے اور سلام کرنے حاضر ہو گیا ہوں ابھی تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ عمر فاروق آ گئے آپ نے ان سے پوچھا تم کو کیا چیز لے کر آئی اے عمرؓ۔ انہوں نے عرض کیا بھوک یا رسول اللہ آپ نے فرمایا میں بھی بھوک محسوس کر رہا ہوں پس تینوں چلے ابوالہیثم بن التیہان انصاری کے گھر کی طرف اور وہ کھجور کے کثیر درخت والے اور کثیر بکریوں والے تھے اور ان کا کوئی خادم نہ تھا پس نہیں پایا انہوں نے ابوالہیثم کو اپنے گھر تو پوچھا ان کی بیوی سے تمہارے شوہر کہاں ہیں بیوی نے عرض کیا وہ میٹھا پانی ہمارے لئے لینے گئے ہیں۔ اتنے میں آ گئے ابوالہیثم پانی کی مشک لئے ہوئے کہ مشقت سے اٹھائے ہوئے تھے وہ اس کو پس رکھا انہوں نے مشک کو، اور آ کر لپٹ گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کہتے جاتے تھے میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں (آپ اس وقت کہاں) پھر لے گئے سب کو وہ اپنے باغ میں اور بچھایا ان کے لئے فرش پھر گئے ابوالہیثم ایک پیڑ کی طرف اور لائے ایک گچھا اور رکھ دیا آپ کے سامنے آپ نے فرمایا چن کر تازہ کھجور ہمارے لئے تم کیوں نہ لائے ابوالہیثم نے عرض کیا (آپ کے سامنے دونوں طرح کے لا کر رکھ دیئے) میں چاہتا ہوں کہ آپ پسند فرمائیں جو آپ چاہیں یا پسند فرمالیں آپ لوگ پکے کچے کھجوروں میں سے جس کو چاہیں پس آپ اور صحابہ نے تناول فرمایا اور اس پانی میں سے پانی پیا پھر فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے واللہ یہ ہے وہ نعمت جس کے بارے میں تم سے سوال کیا جائے گا۔ قیامت کے دن (کہ ان کا حق وشکر ادا کیا یا نہیں) (دیکھو) یہ ٹھنڈا سایہ ہے۔ عمدہ کھجوریں ہیں اور ٹھنڈا پانی ہے پھر ابوالہیثم چلے تاکہ ان کے لئے کھانا تیار کروائیں آپ نے فرمایا دیکھو دودھ دینے والی بکری کو ذبح نہ کرنا۔ چنانچہ انہوں نے بکری یا بھیڑ کا ایک بچہ ذبح کیا (اور اس کو بھون کر یا پکا کر) آپ کے پاس لائے پھر سب نے کھایا پھر آپ نے ان سے دریافت کیا کیا تمہارے پاس کوئی خادم نہیں ہے؟ ابوالہیثم نے عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا جب ہمارے پاس قیدی آئیں گے تو اس وقت آ جانا (میں تم کو ایک خادم دیدوں گا) پس آپ کے پاس دو غلام آئے ان کے ساتھ تیسرا نہ تھا پھر آ گئے

آپ کے پاس ابوالہیثم آپ نے فرمایا ان دونوں میں سے چھانٹ لے انہوں نے عرض کیا آپ ہی میرے لئے پسند فرمادیں آپ نے فرمایا بے شک جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہوتا ہے تم اس غلام کو لے لو کیوں کہ میں نے اس کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے اور تم اس کے ساتھ حسن سلوک کرو۔ پھر ابوالہیثم واپس ہوئے اپنی بیوی کی طرف اور آپ کا یہ فرمان اس کو سنایا پس ان کی بیوی نے کہا تم نہیں پہنچ سکتے اس بات تک جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تک کہ اس کو آزاد نہ کردو۔ ابوالہیثم نے (فوراً) کہا یہ آزاد ہے (جب آپ کو یہ بات معلوم ہوئی تو) آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے نہیں بھیجا کوئی نبی اور خلیفہ مگر اس کے خلوت وجلوت کے دو شریک حال نگراں ہوتے ہیں ایک تو اس کو بھلائی کا حکم دیتا ہے اور برائی سے روکتا ہے اور دوسرا نہیں کوتاہی کرتا ہے اس کے بگاڑنے میں اور برباد کرنے میں اور جو شخص اس برے دوست سے بچالیا گیا وہ محفوظ کردیا گیا۔

التسليم عليه: منصوب ہے مفعول مطلق ہونے کی بنا پر تقدیر عبارت اسلم التسلیم یا اريد التسلیم ہے۔

ابوبکرؓ نے بھوک کو ذکر نہیں کیا: فخرجت القى رسول الله صلى الله عليه وسلم حضرت ابوبکرؓ اگرچہ بھوک کی وجہ سے ہی نکلے تھے مگر انہوں نے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال کا مشاہدہ کیا تو بھوک کو بھول گئے اور یہ بھی ممکن ہے کہ بھوک کا تذکرہ ابوبکرؓ نے اس وجہ سے نہیں کیا آپ کو سن کر تکلیف ہوگی جب کہ آپ کے پاس کچھ کھانے کے لئے بھی نہیں ہے اور عمر فاروقؓ نے بھوک کا ذکر کردیا اس سے دونوں صاحبینؓ کے مرتبہ کا فرق معلوم ہوتا ہے کہ ابوبکرؓ کا درجہ عمر فاروقؓ سے بہت زائد ہے کہ عشق رسول میں اپنے کو بھول گئے۔

یاد سب کچھ ہیں مجھے ہجر کے صدمے ظالم
بھول جاتا ہوں مگر دیکھ کے صورت تیری

انا قد وجدت بعض ذلك: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر فاروقؓ کی بات سن کر فرمایا کہ میں بھی بھوک محسوس کر رہا ہوں اور اسی وجہ سے اس وقت باہر آیا ہوں و فى رواية مسلم و انا والله نفسى بيده لا خرجنى الذى اخرجكما۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں روایت سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور کبار صحابہ کو تنگی معاش کس درجہ پیش آئی ہے نیز روایت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آدمی پیش آمدہ حالات تکلیف وغیرہ کا ذکر دوسروں سے کرسکتا ہے بشرطیکہ بطور شکایت نہ ہو بلکہ دوسروں کو تسلی وتصبیر کے لیے ہو یا دعاء اور استعانۃ کے طور پر ہو چونکہ ان حالات کا ذکر بطور شکایت وناراضگی اللہ سے عدم رضا کی علامت ہے جو جائز نہیں۔

فانطلقوا الى منزل ابى الهيثم بن التيهان: ان کا نام مالک بن التیہان ہے بفتح التاء وتشدید الیاء مع کسرہا۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں روایت سے معلوم ہوا بلا تکلف کسی معتمد شخص کے یہاں ایسی حالت میں جانا جائز ہے بالخصوص جب کہ میزبان شخص کو مہمان کے آنے سے مسرت ہو اور اس کے قابل افتخار ہو چنانچہ صحابی نے آپ کی آمد اور ساتھیوں کی آمد کو اپنے لئے سعادت وشرافت سمجھا اور از راہ محبت وہ آپ سے چمٹ گئے۔

فقالوا الا مرأته اين صاحبك: و فى رواية مسلم فلما رأته المرأة قالت مرحبا و اهلا فقال لها

رسول اللہ ﷺ ابن فلان۔

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں روایت سے معلوم ہوا کہ ضرورۃً اجنبیہ سے تخاطب جائز ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ عورت غیر شوہر کو گھر میں داخل ہونے کی اجازت دے سکتی ہے جب کہ اس کے داخل ہونے پر شوہر کو اعتراض نہ ہو اور اس کے ساتھ خلوت محرمہ نہ ہو۔

یستعذب لنا الماء: ای یاتینا بماء عذب و هو الطیب الذی لا ملوحة فیه۔ و لم یلبثوا ان جاء ابو الهیثم الخ۔

یعنی ان کی بیوی نے ان حضرات کو ٹھیرایا اور کہا کہ واپس نہ جائیں کیوں کہ شوہر آنے والے ہیں چنانچہ تھوڑی دیر بعد ہی ابوالہیثم آگئے اور مشکیزہ پانی کا بھرا ہوا مشقت کے ساتھ لا رہے تھے۔

یزعبها: ماخوذ من زعب القربة جس کے معنی بھرا ہوا مشکیزہ مشقت کے ساتھ اٹھانا۔ ابوالہیثم نے مشکیزہ رکھا اور آپ ﷺ سے بطور محبت چمٹ گئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ پر قربان آپ اس وقت کہاں تشریف لے آئے یہ تو میرے لئے انتہائی سعادت و کرم کی بات ہے چونکہ قاعدہ ہے کہ جب کوئی بڑا آدمی کسی کے یہاں اچانک آجائے تو اس کے لئے قابل افتخار ہوا کرتا ہے اور ایسے مواقع پر آدمی اپنی جان و مال کی قربانی پیش کرنے کو اپنی انتہائی سعادت سمجھتا ہے چنانچہ صحابی نے یہ پیش کش کی کہ آپ ان کے کھجوروں کے باغ میں تشریف لے چلیں اور آپ تشریف لے گئے انہوں نے آپ کے لئے باقاعدہ بستر بچھایا اور خود کھجور کے خوشہ کو توڑ کر آپ کی خدمت میں لائے جس میں کچی اور پکی دونوں طرح کی کھجوریں تھیں تاکہ جو آپ کو پسند ہوں تناول فرمائیں۔

روایت سے معلوم ہوا کہ مہمان کو کھانا پیش کرنے سے پہلے پھل یا چائے وغیرہ ناشتہ کرایا جاسکتا ہے جب کہ میزبان کو اس کی گنجائش ہو۔

هذا والذی نفسی بیده من النعیم الذی تسألون عنه یوم القیامة و فی روایة لمسلم فلما شبعوا و رووا قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم لابی بکر و عمر والذی نفسی بیده لتسئلن عن هذا النعیم یوم القیامة اخرجکم من بیوتکم الجوع ثم لم ترجعوا حتی اصابکم هذا النعیم۔

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور دونوں صحابی جب سیر ہو گئے تو آپ نے ابوبکرؓ و عمرؓ سے مخاطب ہو کے ارشاد فرمایا کہ تم لوگ بھوکے گھر سے آئے تھے اب سیر ہو گئے اور اللہ کی نعمت کو تم نے استعمال کر لیا قیامت کے دن اس نعمت کے بارے میں سوال ہوگا کہ تم نے اس کا شکریہ ادا کیا یا نہیں کہ ہم نے تم کو ٹھنڈا سایہ پانی اور تازہ کھجوریں عطا کی تھی یہاں سوال سے یہی مراد ہے۔

فانطلق ابو الهیثم الخ: یعنی اس کے بعد ابوالہیثم نے آپ کے لئے کھانے کی تیاری کرنی شروع کر دی تو آپ نے ان سے فرمایا کہ دیکھو دودھ والی بکری نہ ذبح کرنا کیونکہ اس میں تمہارا نقصان ہے چنانچہ انہوں نے بکری کا بچہ یا بھیڑ کا بچہ ذبح کیا۔

عناقًا او جدیًا: شک من الراوی دونوں کے درمیان ترجمہ سے فرق ظاہر ہو گیا اور بعض نے فرمایا عناق بھیڑ کا مذکر بچہ اور جدی مونث بچہ۔

فقال النبی صلی اللہ علیہ و سلم ھل لك خادم الخ : کھانا کھانے کے بعد آپ نے ان سے سوال کیا تمہارے پاس کام کرنے کے لئے خادم نہیں ہے انہوں نے عرض کیا نہیں تو آپ نے فرمایا جب ہمارے آئندہ قیدی آئیں تو تم ہم کو یاد دلا دینا چنانچہ جب دو قیدی آئے تو آپ نے فرمایا ان دونوں میں سے جس کو چاہے لے جا صحابی نے عرض کیا یارسول اللہ آپ ہی پسند فرما دیجئے تو آپ نے بطور تمہید ارشاد فرمایا۔

المستشار مؤتمن: کہ جس آدمی سے مشورہ کیا جائے اس کو چاہئے کہ امانت کے ساتھ مشورہ دے اور حسب موقع مصلحت کو نہ چھپائے لہٰذا تم اس قیدی کو لے جاؤ کیونکہ یہ اچھا آدمی معلوم ہوتا ہے کہ میں نے اس کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے اور نماز فحشاء اور منکر سے روکتی ہے اور وہ برہان و نور ہے کما قال تعالیٰ ان الصلوۃ تنھی عن الفحشاء والمنکر اور تم اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔

رأیته یصلی: ممکن ہے یہ قیدی قید ہو جانے کے بعد مجاہدین یا عاملین کے پاس اسلام لے آیا ہو اور نماز پڑھنے لگا ہو ورنہ قید کرنے سے پہلے اسلام لانے والے کو غلام نہیں بنایا جا سکتا۔

فانطلق ابو الھیثم امرأته الخ: ابوالہیثم اس غلام کو گھر لے گئے اور انہوں نے آپ کے ارشاد کے بارے میں بیوی کو بتایا کہ آپ نے اس غلام کی تعریف فرمائی ہے اور اس کے ساتھ حسن سلوک کا حکم فرمایا ہے تو بیوی نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منشاء تم نہیں سمجھے ہو آپ کا مقصود اس کو آزاد کرانا ہے اور اس غلام کی خیر خواہی اسی میں ہے کہ تم اس کو آزاد کر دو چنانچہ ابوالہیثم نے فوراً اس کو آزاد کر دیا جب آپ کو اس واقعہ کا علم ہوا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ان کی بیوی نے یہ مشورہ دیا تو آپ نے فرمایا ان اللہ لم یبعث نبیا ولا خلیفۃ الخ: یعنی کوئی نبی ہو یا اس کا خلیفہ بلکہ کوئی بھی ذمہ دار ہو چنانچہ اوزاعیؒ اور معاویہ بن سلام کی روایت میں والی کا لفظ صراحۃ واقع ہے اس کے دو خصوصی محبت کرنے والے ہوتے ہیں ایک تو ایسا ہوتا ہے جو اس کو اچھائی کی ترغیب دیتا ہے اور برائی سے روکتا ہے اور دوسرا برائی کی طرف راغب کرتا ہے اور اس کو برباد کرنے کے درپے رہتا ہے جو شخص اس دوست سے بچ گیا تو گویا پورا محفوظ ہو گیا۔

بطانتان: اس سے مراد ملک و شیطان ہے۔ کرمانی فرماتے ہیں اس سے مراد نفس امارہ اور نفس لوامہ ہے اور نفس لوامہ خیر کا حکم کرتا ہے جس طرح نفس امارہ شر کا حکم کرتا ہے ابن التین کہتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ ذمہ دار کے دو وزیر ہوتے ہیں ایک خیر کا مشورہ دینے والا اور دوسرا شر و فساد کی رائے دینے والا۔

قال الحافظ و الحمل علی الجمیع اولی الا انه جائز ان لا یکون بعضھم الا البعض۔

سوال: اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ایسا بطانہ ہے جو آپ کو برائی کی طرف راغب کرتا ہے حالانکہ آپ کے حق میں اس کا تصور مشکل ہے۔

جواب: اس روایت میں فالمعصوم من عصمہ اللہ تعالیٰ واقع ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ آپ کی بطانہ سوء سے حفاظت کر لی گئی ہے یا ممکن ہے یہ کہا جائے کہ آپ ﷺ کے حق میں مراد یہ ہے کہ آپ کے بھی دو بطانہ ہیں ملک و شیطان اور شیطان کے بارے میں آپ نے ارشاد فرمایا

ولکن اللہ اعاننی علیه فاسلم۔

قولہ و من یوق بطانۃ السوء فقد وقع و فی روایۃ ابی سعید فالمعصوم من عصمہ اللہ۔

معلوم ہوا کہ ہدایت وضلالت سب امور اللہ کی جانب سے ہیں بطانۃ السوء سے وہی محفوظ رہے گا جس کو اللہ محفوظ رکھے گا خود بندے میں محفوظ رہنے کی قدرت نہیں ہے۔

هذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجہ مسلم۔

حدثنا صالح بن عبد اللہ الخ : یہ روایت کا دوسرا طریق ہے جس میں ابو ہریرہ کا ذکر نہیں ہے۔ امام موصوفؒ فرماتے ہیں پہلی روایت جو شیبان والی ہے وہ ابو عوانہ کی روایت کے مقابلہ میں اتم ہے نیز شیبان ثقہ راوی ہیں اور صاحب کتاب بھی ہیں اس وجہ سے روایت کا اتصال ارسال پر راجح ہے۔

عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ قَالَ شَکَوْنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْجُوْعَ وَ رَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَجَرَیْنِ۔

ترجمہ: ابو طلحہؓ سے مروی ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھوک کی شکایت کی اور ہم نے پیٹ سے کپڑے اٹھا کر ایک ایک پتھر دکھایا پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی کپڑے پیٹ سے ہٹا کر دو پتھر دکھائے۔

پیٹ پر پتھر کیوں

رفعنا عن بطوننا ای کشفنا ثیابنا عنها کشفا صادرا عن حجر حجر ای لکل حجر و احد۔ پہلا حرف جر تو رفعنا کے متعلق ہے اور دوسرا عن جار مجرور سے مل کر صفت مصدر محذوف ہے۔ ای کشفنا عن بطوننا کشفا صادرا عن حجر پیٹ پر پتھر بھوک کی حالت میں اس لیے باندھتے تھے تاکہ بھوک کا احساس کم ہو اور کمر سیدھی رہے۔

کرمانیؒ فرماتے ہیں کہ پتھر کی ٹھنڈک سے حرارت جوع کم ہوتی ہے اس وجہ سے پتھر باندھتے تھے بعض حضرات کا خیال ہے کہ پتھروں کی کوئی خاص قسم ایسی ہوتی تھی جس کے باندھنے سے بھوک رفع ہوتی تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بطور تسلی وتصبیر لوگوں کو اپنا حال بتایا کہ اگر تمہارے پیٹ پر ایک پتھر ہے تو میرے پیٹ پر دو پتھر ہیں یعنی میں تم سے زیادہ بھوک میں مبتلا ہوں۔

هذا حدیث غریب اخرجہ الترمذی فی الشمائل۔

عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِیْرٍ یَقُوْلُ اَلَسْتُمْ فِیْ طَعَامٍ وَشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَاَیْتُ نَبِیَّکُمْ وَمَا یَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا یَمْلَاُ بِهٖ بَطْنَهٗ

ترجمہ: سماک بن حرب کہتے ہیں کہ میں نے نعمان بن بشیر کو فرماتے ہوئے سنا کہ کیا تم لوگ کھانے پینے کی اشیاء میں فراوانی کے ساتھ نہیں ہو کہ جس قدر چاہو کھاؤ، پیو تحقیق کہ میں نے دیکھا کہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ردی کھجور بھی اتنی مقدار میں نہیں پاتے تھے جو آپ کے پیٹ کو بھر دے۔

الستم فی طعام و شراب ما شئتم : ماموصولہ یا مصدر بہ ہے۔ منغمسین ای الستم منغمسین فی طعام و شراب مقدار ماشئتم من التوسعة والافراط۔ منہ اور یہ کلام بطور توبیخ وتعییر ہے اسی لیے بطور الزام فرمایا لقد رأیت نبیکم الخ۔

لقد رایت نبیکم صلی اللہ علیہ و سلم وما یجد من الدقل الخ: وما یجد یہ حال ہے اور اگر رویت بمعنی العلم ہے تو یہ مفعول ثانی ہے اور واؤ مفعول ثانی پر علی مذہب الاخفش والکوفیین ہے تشبیہا لہ بخبر کان واخواتہا مگر ملا علی قاریؒ نے حال ہونے کو راجح قرار دیا ہے۔

من الدقل یہ ما یملأ بہ بطنہ کا بیان مقدم ہے۔

الدقل: بفتح الدال والقاف خشك ردی کھجور۔

ما یملأ بہ بطنہ یجد کا مفعول ہے اور ما موصولہ اور موصوفہ دونوں کا احتمال ہے۔

روایت الباب میں نعمان بن بشیر بطور توبیخ صحابہ یا تابعین سے آپ کے بعد مخاطب ہو کر یہ فرما رہے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہایت عسرت وتنگی کے ساتھ گذر بسر کی ہے کہ ردی کھجور بھی بعض مرتبہ آپ کو میسر نہ ہوئی تھی اور آپ لوگ حسب منشا کھا پی رہے ہیں اور تم کو ماکولات ومشروبات میں کوئی تنگی نہیں ہے بلکہ نہایت وسعت ہے لہٰذا بہتر ہو کہ آپ کی اتباع کرتے ہوئے دنیا کی طرف زیادہ مائل نہ ہوں بلکہ دنیا سے اعراض ہونا چاہئے اور ماکولات ومشروبات میں بھی اتنی وسعت نہ کرنی چاہئے جو ترفہ تک پہنچ جائے۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجہ مسلم۔

وروی شعبة هذا الحدیث الخ: یعنی اس روایت کو شعبہ نے سماک بن حرب عن النعمان بن بشیر عمر فاروقؓ کا مقولہ ذکر کیا ہے کما فی الصحیح المسلم۔

بَابُ مَا جَاءَ اِنَّ الْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیْسَ الْغِنٰی عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ وَلٰكِنَّ الْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا غنٰی (امیری اور بے نیازی) دولت وسامان کثرت وزیادتی کا نام نہیں ہے بلکہ اصل غنٰی تو دل کا غنی ہے۔

الغناء: بکسر الغین یعنی الحقیقی المعتبر النافع اس کے معنی بے نیازی اور امیری۔

العرض: بفتح العین والراء ثم ضاد اس کے معنی ما ینفع بہ من متاع الدنیا وقال ابو عبید المتاع و هی ماسوی الحیوان و العقار غیر مکیل ولا موزون وقال ابن الفارس العرض بالسکون کل ما کان من المال غیر نقدو جمعہ عروض و امابا لفتح فما یصیبہ الانسان من حظہ فی الدنیا قال تعالٰی تریدون عرض الدنیا و کذا قال و ان یاتیهم عرض مثلہ یاخذوہ۔

روایت کا مطلب: یہ ہے کہ غنا جس کو اردو میں بے نیازی سے تعبیر کرنا بہتر ہوگا یہ قلب کی صفت ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ انسان اللہ کے دیے ہوئے پر اکتفاء کرے اور اس کی تقسیم پر راضی ہو مزید کا متلاشی نہ ہو اور کسی سے سوال نہ کرے بلکہ اپنے

نفس کو یقین دلادے ہمارے لئے جو اللہ نے عطا فرمایا ہے وہی مناسب ہے اور دوسرے کے پاس دنیا کی زیادتی کو دیکھ کر اس کا متمنی نہ ہو تو اصل غنا اسی کا نام ہے رہا اسباب کا کثیر ہونا یہ غنیٰ نہیں کیونکہ بسا اوقات دیکھا جاتا ہے جس کے پاس دنیا کے اسباب زیادہ ہیں وہ مزید کی تلاش میں رہتا ہے اور وہ قانع بھی نہیں ہوتا اور ہر وقت مزید کی فکر اسکو لاحق رہتی ہے تو ایسا شخص ظاہر ہے فقیر ہوا نہ کہ غنی و مستغنی بہرحال اصل غنی وہ ہے جو آدمی کو مستغنی بنادے قال الشاعر۔

غنی النفس ما یکفیک من سد حاجة

فان زاد شیئا عاد ذالک الغنی فقرا

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد الشیخان و ابن ماجه

بَابُ مَاجَاءَ فِیْ اَخْذِ الْمَالِ بِحَقِّهٖ

خَوْلَةُ بِنْتُ قَيْسٍ وَكَانَتْ تَحْتَ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ مَنْ اَصَابَهٗ بِحَقِّهٖ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا شَاءَتْ بِهٖ نَفْسُهٗ مِنْ مَالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لَيْسَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا النَّارُ۔

ترجمہ: خولہ بنت قیس جو حمزہ کی بیوی ہیں فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتے ہوئے سنا کہ یہ مال سبز و شیریں ہے جس نے اس کو حق کے ساتھ لیا اس کے لئے اس میں برکت کی جائے گی اور بہت سے وہ لوگ جو خواہشات نفسانی کی پیروی کرنے والے خواہ وہ اللہ اور اس کے رسول کا مال کتنا ہی حاصل کرلیں قیامت کے دن ان کو آگ کے علاوہ کچھ نہیں حاصل ہوگا۔

خضرة بفتح الخاء و کسر الضاد۔

حلوة بضم الحاء و سکون اللام

روایت کا مطلب: حافظ فرماتے ہیں دنیا سرسبز و شاداب ہے نہایت لذیذ اور ظاہراً چمکدار اور پر رونق ہے کہ دل اس کی طرف مائل ہوتا ہے اگر کسی کو یہ حاصل ہو جائے اور اس نے اسکے حقوق پورے پورے ادا کئے تو اللہ تعالیٰ اس میں برکت عطا فرماتے ہیں اور اگر خواہشات نفسانی کو ملحوظ رکھتے ہوئے دنیا کو حاصل کیا اور جس طرح چاہا تصرف کیا تو اس کے لئے جہنم کی آگ ہے۔

قول غزالی: امام غزالی فرماتے ہیں مال سانپ کی طرح زہر بھی ہے اور تریاق بھی تریاق میں اس کے فوائد ہیں اور زہر میں نقصانات جو شخص اس کے فوائد و نقصانات سے واقف ہوگا اسکے لئے یہ ممکن ہے کہ وہ اسکے زہر سے بچ سکے اور اس کے تریاق سے فائدہ اٹھا سکے۔ اور اگر کوئی شخص دنیا کے فوائد و نقصانات سے واقف نہ ہو تو یقیناً وہ ہلاک ہو جائے گا۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه احمد۔

وابو الولید اسمه عبید سنطا اور بعض نسخوں میں سنوطا واقع ہے۔ یہ عبید محدث کا لقب ہے اور بعض نے کہا یہ ان کے والد کا نام ہے۔ وفی التقریب عبید سنوطا بفتح المهملة و ضم النون و یقال ابن سنوطا ابو الولید المدنی وثقه

العجلي من الثالثة

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ لُعِنَ عَبْدُ الدِّينَارِ وَلُعِنَ عَبْدُ الدِّرْهَمِ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لعنت کی گئی دینار اور درہم کے بندے پر۔

یہاں عبد سے مراد دینار و درہم کا پجاری اور اس کا حریص کیونکہ جو شخص درہم و دینار کا لالچی ہوگا وہ گویا اس کا خادم ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لفظ عبد فرمایا نہ کہ جامع الدینار و مالک ہونا مذموم نہیں بلکہ بقدر ضرورت ان کا حاصل کرنا ضروری ہے اور ان کو قوت ضرورت و اداۓ حقوق کے لئے جمع کرنے میں بھی مضائقہ نہیں ہاں البتہ ان سے محبت کرنا اور ان کا حریص ہونا حرام ہے اور اللہ کی لعنت کا موجب ہے۔

بعض حضرات فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبد دینار و دراہم اس لیے فرمایا کہ جو شخص ان کے حصول کے لیے زیادہ شغف و حرص رکھتا ہے تو وہ ایک لعبد کہنے میں سچا نہیں ہے لہٰذا اللہ کا عبد نہ ہوا بلکہ دراہم و دنانیر کا عبد ہوا۔

وقد روی من غیر هذا الوجه عن ابی هریرة الخ: یعنی یہی روایت ابوہریرہؓ سے اس سے طویل مروی ہے کمافی البخاری فی الجهاد تعس عبد الدینار و عبدالدرهم و عبد الخمیصة ان اعطی رضی و ان لم یعط سخط الحدیث۔

عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ أُرْسِلَا فِي غَنَمٍ بِأَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِينِهِ۔

ترجمہ: کعب بن مالک انصاری کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو بھوکے بھیڑیئے جو بکریوں میں چھوڑ دیئے جائیں وہ بکریوں کو اتنا تباہ و برباد نہ کریں گے جتنا انسان کے مال و جاہ کا لالچ اس کے دین کو تباہ و برباد کرتا ہے۔

ماذئبان: میں ما نافیہ ہے۔

فی غنم: ای قطیعة غنم۔

لدینه: یہ افسد سے متعلق ہے علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں ما مشابہ بلیس اور ذئبان اس کا اسم اور جائعان صفت اور ارسلا فی غنم صلۃ بعد صلۃ اور بافسد ما کی خبر ہے اور با زائدہ ہے اور لدینہ جار مجرور سے مل کر افسد سے متعلق ہے۔

بھوکا بھیڑیا جب بکریوں کے ریوڑ پر حملہ آور ہوتا ہے تو وہ بھوک میں جلدی جلدی سب کو زخمی کرتا ہے اور کھاتا نہیں تو گویا بکریوں کو خراب و برباد کرتا ہے اس طرح دو بھیڑیے ایک دوسرے کے دفاع میں حرص و لالچ کی بنا پر بکریوں میں خوب فساد مچاتے ہیں اور ان کو ادھر ادھر بھگاتے ہیں تو بکریوں کے ریوڑ کو تباہ و برباد کرتے ہیں حریص شخص بھی فساد مچاتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مال و جاہ کے لالچی کو بھوکے بھیڑیئے کے ساتھ (افساد و تباہی کے اعتبار سے تشبیہ دی ہے کہ جس طرح بھوکا بھیڑیا بکریوں کے ریوڑ کو برباد کر دیتا ہے اس سے بھی زیادہ مال و جاہ کا حریص دین کو برباد و تباہ کر دیتا ہے مال و مرتبہ کو حاصل کرنے کے لئے دین کی پرواہ نہیں کرتا حرام مال کو حاصل کرتا ہے اور حرام جگہ پر خرچ کرتا ہے دین کی اس کو پرواہ نہیں

رہتی اللہ کی یاد سے بھی غافل رہتا ہے اسی طرح مرتبہ کے حصول کے لئے دین کو تباہ کرتا ہے امور دینیہ میں مداہنت کے علاوہ ذمیمہ کا شکار ہو جاتا ہے اس سے بڑھ کر دین کا فساد اور کیا ہوگا۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و النسائی والدارمی و ابن حبان۔

و یروی فی ھذا الباب عن ابن عمرؓ الخ: حاصل یہ ہے کہ اس مضمون کی روایت ابن عمرؓ سے بھی مروی ہے مگر اس کی سند درست نہیں ہے۔

علامہ منذریؒ فرماتے ہیں اسنادہ حسن امام بزار نے بھی اس کی تخریج فرمائی ہے۔

علامہ ابن رجب حنبلیؒ نے کعب بن مالک کی اس روایت کی شرح مستقل الگ جز میں فرمائی ہے اور فرمایا۔

وروی من وجہ آخر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من حدیث ابن عمر و ابن عباس و ابی ھریرۃؓ و اسامۃ بن زید و جابر و ابی سعید الخدری و عاصم بن عدی الانصاری رضی اللہ عنھم اجمعین۔

معلوم ہوا کہ یہ روایت متعدد صحابہ سے منقول ہے اور روایت حسن صحیح ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ نَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی حَصِیْرٍ فَقَامَ وَقَدْ اَثَّرَ فِیْ جَنْبِہٖ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوِ اتَّخَذْنَا لَکَ وِطَاءً فَقَالَ مَالِیْ وَلِلدُّنْیَا مَا اَنَا فِی الدُّنْیَا اِلَّا کَرَاکِبٍ اِسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَۃٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَکَھَا۔

ترجمہ: عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ آپ چٹائی پر سوئے ہوئے تھے پس بیدار ہوئے تو چٹائی کے نشانات آپ کے پہلو پر نمایاں تھے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! کاش ہم آپ کے لئے کوئی نرم بستر تیار کر دیں۔ پس آپ نے فرمایا مجھے دنیا سے کیا مطلب؟ نہیں ہوں میں دنیا میں مگر اس طرح جس طرح کسی سوار نے کسی پیڑ کے نیچے سایہ حاصل کیا ہو پھر اس کو چھوڑ کر چلا جائے۔

و طاء: بکسر الواو و فتحہا مثل کتاب وسحاب ای فراشا

لو: یا تو برائے تمنی ہے یا شرطیہ ہے تقدیر عبارت ہوگی

لو اتخذنا لک بساطاً حسناً و فراشاً لیناً لکان احسن من اضطجاعک علی ھذا الحصیر الخشن۔

مالی وللدنیا: ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں ما نافیہ ای لیس لی الفۃ و محبۃ مع الدنیا ولا للدنیا الفۃ و محبۃ معی حتی ارغب الیھا وانبسط علیھا و اجمع ما فیھا ولذتھا

دوسرا احتمال یہ ہے کہ ما استفہامیہ ہے تقدیری عبارت یہ ہوگی ای الفۃ و محبۃ لی مع الدنیا او ای شیء لی مع المیل الدنیا او میلھا الی فانی طالب الآخرۃ وھی ضرتھا المضادۃ لھا۔

وللدنیا: لام زائد برائے تاکید ہے اگر واو بمعنی مع ہے۔ اور اگر واو عاطفہ ہے تو تقدیر عبارت یہ ہوگی مالی مع الدنیا و ماللدنیا معی۔

کراکب الخ: وجہ تشبیہ سرعت رحیل وقلت مکث ہے۔

دراصل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی نہایت عسرت کے ساتھ گزری ہے حتی کہ آپ کے پاس بستر بھی کوئی خاص نہ

ہوتا تھا بلکہ کھجور کی چھال سے بھرا ہوا بچھونا ہوتا یا صرف چٹائی جس پر آپ آرام فرماتے صحابہؓ نے آپ کے بدن پر چٹائی کے نشانات دیکھ کر نرم بستر کی گزارش کی تو آپ نے بے رغبتی کا اظہار فرمایا اور بتایا کہ دنیا تو انسان کے لیے قرارگاہ نہیں ہے بلکہ گزرگاہ کی طرح ہے اور گزرگاہ میں آدمی جب تھوڑی دیر ٹھہرتا ہے تو کوئی انتظام نہیں کرتا کیونکہ اس کو آگے جانا ہے لہٰذا میں کیا انتظام کروں نیز دنیا اور اسباب دنیا سے مجھے کوئی الفت نہیں ہے لہٰذا میرے لیے کسی نرم بستر کی حاجت وضرورت نہیں ہے یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتہائی زہد عن الدنیا کی بات ہے۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجه الترمذی فی باب قصر الامل۔

وابن عباسؓ اخرجه احمد و ابن حبان و البیهقی۔

هذا حدیث صحیح اخرجه احمد و ابن ماجه و الحاکم و ایضا المقدسی۔

بَابٌ

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلرَّجُلُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِهٖ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُکُمْ مَنْ یُّخَالِلُ

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی اپنے دوست کے دین ومذہب پر ہوتا ہے پس چاہیے کہ تم میں سے ہر ایک غور سے دیکھ لے کہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔

دین خلیله: یہاں دین سے مراد عادت، طریقہ، سیرت ہے۔

فلینظر: فلیتأمل ولیتدبر۔ یخالل: مأخوذ من المخالة بمعنی المصادقة والاخاء۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ انسان کی طبیعت مجبول علی التشبہ والاقتداء ہے بلکہ بسا اوقات غیر شعوری طور پر دوسروں کے اثرات کو قبول کرتی ہے اور صحبت موثر ہوتی ہے چنانچہ امام غزالیؒ نے فرمایا مجالسة الحریص ومخالطة محرک الحرص ومجالسة الزاہد ومخالطة تزہد فی الدنیا لہٰذا اب دیکھنا چاہیے کہ کس کی صحبت آدمی اختیار کرے گا اور کس سے دوستی کرے گا چونکہ اس دوست کے طریق وسیرت کو یہ اختیار کرے گا اور اسی سے اس کی عادت کا بھی اندازہ معلوم ہو جائے گا۔

اگر دوست نیک وصالح ہیں تو اس کے اثرات اس میں منتقل ہوں گے اور دوستی کرنے والا بھی نیک وصالح ہوگا اور لوگ بھی اسے اچھی نظروں سے دیکھیں گے اور اگر یہ دوست برا ہوگا تو اس کی برائی اس میں منتقل ہوگی اور لوگ بھی بری نظروں سے دیکھیں گے۔

هذا حدیث حسن غریب: صاحب مشکوٰۃ اس روایت کو نقل کر کے فرمایا رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والبیہقی فی شعب الایمان، وقال الترمذی ہذا حدیث حسن غریب وقال النووی اسنادہ صحیح۔

صاحب مشکوٰۃ نے اس قدر کلام اس روایت کے بارے میں اس لیے فرمایا کہ علامہ سراج الدین قزوینیؒ نے اس روایت کے بارے میں اس لیے فرمایا کہ علامہ سراج الدین قزوینیؒ نے اس روایت کو موضوع قرار دیا ہے حالانکہ موضوع نہیں ہے چنانچہ ابن حجر نے بھی ان کی تردید کی ہے اور فرمایا:

قد حسنه الترمذی و صححه الحاکم کذا فی المرقاۃ

أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُولُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلَاثٌ فَيَرْجِعُ اِثْنَانِ وَيَبْقَى وَاحِدٌ يَتْبَعُهُ أَهْلُهُ وَ مَالُهُ وَعَمَلُهُ فَيَرْجِعُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَيَبْقَى عَمَلُهُ۔

انس ابن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا میت کے پیچھے تین چیزیں جاتی ہیں دو تو لوٹ کر آجاتی ہیں اور ایک اس کے ساتھ باقی رہتی ہے اس کے پیچھے اس کے اہل اور اس کا مال اور عمل تینوں جاتے ہیں پس اس کے اہل ومال دونوں لوٹ جاتے ہیں اور عمل اس کے ساتھ باقی رہ جاتا ہے۔۔

یتبع المیت: ای الی قبرہ۔

یتبعه اهله: اس سے مراد اس کی اولاد، اقارب، دوست واحباب ہیں۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اتباع اہل سے مراد حقیقت ہے کہ وہ جنازہ کے پیچھے جاتے ہیں اور دفن کے بعد لوٹ کر آجاتے ہیں رہا اتباع مال اس سے مراد یہ ہے کہ مرنے کے بعد مال کا تعلق بطور تجہیز وتکفین وغیرہ میت سے رہتا ہے جب میت کو دفن کر دیتے ہیں تو اس کا تعلق بھی میت سے بالکل ختم ہو جاتا ہے تو یہ دونوں چیزیں گویا میت کو دفن کر کے واپس ہو جاتی ہیں۔

یبقی عمله: حافظ فتح الباری میں فرماتے ہیں کہ بقاء عمل سے مراد اس عمل کا اس کی قبر میں رہنا ہے چنانچہ دوسری روایت براء بن عازب سے منقول ہے جس میں ہے کہ عمل صالح اچھی صورت میں اس کے پاس قبر میں آتا ہے اور میت کو بشارت دیتا ہے اور کہتا ہے میں تیرا اچھا عمل ہوں اسی طرح کافر کے پاس بری صورت میں آتا ہے الخ۔

لہٰذا انسان کو چاہیے کہ اہل ومال سے زائد اپنی توجہ اعمال کی طرف مبذول کرے کہ وہی ساتھ جانے والا ہے اور کام آنے والا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان له غير هذا

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ كَثْرَةِ الْأَكْلِ

عَنْ مِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ مَا مَلَأَ آدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِنْ بَطْنٍ بِحَسْبِ ابْنِ آدَمَ أُكُلَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهُ فَإِنْ كَانَ لَا مَحَالَةَ فَثُلُثٌ لِطَعَامِهِ وَثُلُثٌ لِشَرَابِهِ وَثُلُثٌ لِنَفَسِهِ۔

ترجمہ: مقدام ابن معدیکربؓ سے منقول ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ انسان نے پیٹ سے زیادہ برا برتن کوئی نہیں بھرا۔ ابن آدم کے لیے چند لقمے کافی ہیں جو اس کی کمر کو سیدھا رکھیں (اور اگر اس سے زیادہ) کھانا ضروری ہے تو ایک تہائی اس کے کھانے کے لیے اور ایک تہائی اس کے پینے کے لیے اور ایک تہائی سانس کے لیے باقی رکھے۔

شکم تمام شہوتوں کا سرچشمہ ہے: اولاد آدم کے لیے سب سے زیادہ مہلک اور تباہ کن شہوت پیٹ کی شہوت ہے اسی کی وجہ سے آدم وحوا کو جنت سے نکالا گیا حقیقت یہ ہے کہ آدمی کا پیٹ ہی تمام شہوتوں کا سرچشمہ اور تمام آفتوں کا منبع ومعدن ہے شہوت شکم سے شہوت کو تحریک ملتی ہے اور ان دونوں شہوتوں سے جاہ ومال کی رغبت پیدا ہوتی ہے اور ان دونوں کی زیادتی سے دعوت ایک دوسرے

سے سبقت، حسد و مفاخرت و غرور جیسے عیوب پیدا ہوتے ہیں کینہ، عداوت و بغض کے جذبات کو تحریک ملتی ہے حتیٰ کہ آدمی نافرمانی بغاوت و تمرد پر کمر باندھتا ہے منکرات و خواہشات میں مبتلا ہوتا ہے یہ اس کو پُر کرنے کے نتائج ہیں اسی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا لاتمیتوا القلب بکثرۃ الطعام والشراب فان القلب کالزرع یموت اذا کثر علیہ الماء۔

نیز ارشاد فرمایا

الفکر نصف العبادۃ و قلۃ الطعام ھی العبادۃ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لوگوں نے پوچھا لوگوں میں افضل کون ہے

قال مطعمه وضحکه ویرضی بما یستر عورته۔ وفی روایة ان الشیطان یجری من ابن آدم مجری الدم فضیقوا مجاریه الجوع والعطش

ان کے علاوہ بے شمار روایات ہیں جن سے قلت طعام و شراب کی ترغیب معلوم ہوتی ہے۔

فوائد بھوک: بھوک کے دس فوائد ہیں۔

اول: صفائے قلب طبیعت میں روانی، بصیرت کا کمال، شکم سیری سے غباوت پیدا ہوتی ہے قلب کا نور ماند پڑ جاتا ہے ذہن میں تاریکی پیدا ہوتی ہے شکم سیری معرفت الٰہی سے رکاوٹ ہے حضرت لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا اے بیٹے جب معدہ پر ہوتا ہے تو فکر کی قوت سو جاتی ہے حکمت گونگی ہو جاتی ہے اور اعضاء میں عبادت کی سکت باقی نہیں رہتی۔

دوسرا فائدہ: رقت قلب اور اس میں ذکر سے لذت حاصل کرنے کی استعداد پیدا ہوتی ہے۔

تیسرا فائدہ: تواضع وانکساری جب آدمی بھوکا ہوتا ہے تو رب کا نام لیتا ہے اس کی اطاعت کرتا ہے اپنے عجز و ذلت کا مشاہدہ کرتا ہے تو پھر اللہ عظمت و قہر کا اعتراف کرتا ہے جس سے تواضع پیدا ہوتی ہے۔

چوتھا فائدہ: عذاب الٰہی کی یاد اور اہل مصائب سے عبرت حاصل نہیں کرتا ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام سے کسی نے پوچھا جب مصر کے خزانوں کی کنجیاں آپ کے ہاتھ میں ہیں تو پھر آپ بھوکے کیوں رہتے ہیں فرمایا تا کہ میں شکم سیر ہو کر بھوکوں کو بھول نہ جاؤں اس سے لوگوں پر شفقت و رحم کے جذبات پیدا ہوتے ہیں اور کھانا کھلانے کی خواہش پیدا ہوتی ہے شکم سیر بھوک کی تکلیف کا کیا احساس کرے گا۔

پانچواں فائدہ: شہوات کا قلع وقمع اور نفس امارہ پر غلبہ یہ سب سے اہم فائدہ ہے تمام گناہوں کا ماخذ شہوتیں اور انسانی قوتیں ہیں بھوک سے یہ تمام شہوتیں ختم ہو جاتی ہیں کمال سعادت یہ ہے کہ آدمی اپنے نفس پر غالب رہے اور کمال شقاوت یہ ہے کہ آدمی کا نفس اس پر غالب ہو جس طرح سرکش گھوڑے کو بھوکا پیاسا رکھ کر مغلوب کیا جاتا ہے اسی طرح نفس کو بھی بھوکا پیاسا رکھ کر مغلوب کیا جا سکتا ہے نفس کے مغلوب ہونے میں ایک فائدہ نہیں بلکہ اس کے اندر بے شمار فوائد مخفی ہیں بلکہ اس کو خزانہ فوائد کہنا بہتر ہے۔

چھٹا فائدہ: بیداری پر قوت کیونکہ آدمی جب زیادہ کھائے گا تو پانی زیادہ پئے گا اور پانی کی زیادتی سے نیند زیادہ آئے گی جس سے عمر ضائع ہو گی۔

ساتواں فائدہ: عبادات پر مواظبت کی سہولت۔

آٹھواں فائدہ: تندرستی۔ بیشتر امراض بسیارخوری سے پیدا ہوتے ہیں کیونکہ زیادہ کھانے سے اخلاط معدے اور رگوں میں جمع ہو جاتے ہیں اور طرح طرح کے امراض کا سبب بنتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے تصوموا تصحوا (طبرانی)

نواں فائدہ: اخراجات میں کمی ظاہر ہے کہ جو کم کھائے گا اس کو تھوڑا مال کی کفایت کرے گا۔

دسواں فائدہ: صدقہ وخیرات۔

یہ دس فوائد ہیں ان میں سے ہر ایک فائدہ بے شمار فوائد کا حامل ہے تمام فوائد کا حاصل یہ ہے کہ بھوک آخرت کا خزانہ ہے بعض اکابر نے فرمایا بھوک آخرت کی کنجی اور زہد کا دروازہ ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث مذکور فی الباب سے انسان کو صحیح راستہ کی تعیین فرمائی ہے کیونکہ جہاں بھوک کے یہ فوائد مذکورہ ہیں کم خوری کے نقصانات بھی ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے افراط وتفریط کے درمیان راستہ تجویز فرمایا جس کا حاصل یہ ہے کہ نہ اتنا کھائے جس سے معدے میں ثقل پیدا ہو اور نہ اتنا کم کھائے کہ بھوک کی تکلیف محسوس ہو۔

کھانے کا مقصد: آدمی کی زندگی باقی رہے اور اس کے جسم میں عبادت کی قوت بہم رہے معدے کی گرانی بھی عبادت سے مانع ہے اور معدے کا خالی ہونا بھی دل کو مشغول کرتا ہے لہٰذا معدے کو تین حصوں پر تقسیم کرے ایک حصہ کھانے کے لیے دوسرا پینے کے لیے اور تیسرا سانس لینے کے لیے۔

بحسب ابن آدم: باء زائدہ ہے اور یہ مبتداء ہے اور اکلات خبر ہے

ای یکفیہ هذا القدر فی سد الرمق و امساك القوة۔

فان کان لا محالة: ای ان کان لابد من التجاوز عماذ کر فلتکن اوثلاثة

لنفسه: بفتح الفاء ای یبقی من ملئه قدر الثلث لیتمکن من التنفس و یحصل له صفاء ورقة۔

هذا حدیث صحیح اخرجه احمد ابن ماجه و الحاکم و قال صحیح۔

بَابُ مَاجَاءَ فِي الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ

حقیقت ریاء: رؤیت سے مشتق ہے اور سمعہ سماع سے ریا کے معنی اچھی عادتوں اور کاموں کا مظاہرہ کر کے لوگوں کے دلوں میں قدر ومنزلت کا طالب ہونا اگر اس کا تعلق بحاسہ بصر ہے تو ریاء اور اگر بحاسہ سماع ہے تو سمعہ ہوگا۔

پھر ریاء کاری کا ظہور بدن، ہیئت، لباس، قول وعمل اور دوست واحباب کے ذریعہ ہوتا ہے جس کی تفصیل امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں بیان فرمائی ہے۔

ریاء نہایت مہلک بیماری ہے: ریاء وسمعہ ایسے مہلکات وآفات میں سے ہے جو نہایت مخفی مکر ہے بڑے بڑے علماء بھی اس میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ احادیث وقرآن میں اس کی مذمت نہایت بلیغ انداز میں بیان کی گئی ہے۔ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ریاء سے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں اور ریاء کار اللہ کے غضب کا مستحق ہوتا ہے دنیا میں توفیق سے اور آخرت میں اللہ کی قربت سے محروم رہتا ہے دردناک عذاب میں مبتلا ہوتا ہے اور قیامت کے دن برسر عام رسوا ہوگا جب تم لوگوں کے سامنے اسے فاجر او فریب کار کے

لقب سے نوازا جائے گا اور اس کو یہ کہا جائے گا کہ کیا تجھے اللہ کی اطاعت کے عوض دنیوی مال ومتاع خرید تے ہوئے شرم نہیں آئی اگر آدمی ان سب چیزوں کا تصور کرے تو اس بیماری سے نجات پا سکتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یُّرَائِیْ یُرَائِیْ اللّٰهُ بِهٖ وَمَنْ یُّسَمِّعْ یُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهٖ وَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَا یَرْحَمَ النَّاسَ لَا یَرْحَمْهُ اللّٰهُ۔

ترجمہ: ابوسعید خدریؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص اپنے فضائل واعمال لوگوں کو دکھلائے گا اللہ تعالیٰ اس کے عیب دکھلائیگا اور جو شخص لوگوں کو اعمال سنا کر شہرت طلب کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے عیبوں کو دکھلائے گا نیز آپ نے فرمایا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں فرماتے۔

مَنْ یُّرَائِیْ یُرَائِیْ اللّٰهُ بِهٖ: باثبات الیاء فی الفعلین کیونکہ من موصولہ ہے اور مبتداء ہے۔

وَمَنْ یُّسَمِّعْ یُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهٖ: بتشدید المیم یہ تسمیع سے ماخوذ ہے جس کے معنی گم نامی دور کرنا مشہور کرنا اسماع کے معنی میں بھی آتا ہے یعنی دوسروں کو سنانا۔

روایت کا مطلب: اس روایت کے متعدد مطالب بیان کیے گئے ہیں۔

اول: جو شخص دنیا میں رہتے ہوئے اعمال لوگوں کو دکھانے اور سنانے کے لیے کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے اس دکھلاوے کو اور لوگوں کے سنانے کو ظاہر فرمادیں گے کہ برسر عام لوگوں کے سامنے اس کو رسوا فرمائیں گے۔

دوم: جو شخص دنیا میں ریاء وسمعہ کے لیے اعمال کرے گا اللہ تعالیٰ دنیا ہی میں اس کی جزاء دیں گے کہ لوگوں میں سنانا اور دکھانا متحقق ہو جائے گا گویا اس کو اس کی نیت فاسد پر دنیا میں ہی جزاء مرتب ہو جائے گی آخرت میں کوئی ثواب اس کو نہ ملے گا۔

کما قال تعالٰی من کان یرید الحیاۃ الدنیا و زینتھا نوف الیھم فیھا الآیۃ و کذاقال من کان یرید حرث الدنیا نؤتہ منھا۔

سوم: جو شخص لوگوں کے عیوب کی تشہیر دنیا میں کرے گا اور لوگوں کے عیوب دوسروں کے سامنے پیش کرے گا تو اللہ اس کے عیوب وذنوب آخرت میں ظاہر فرمائیں گے اور سب کے سامنے اس کے عیوب ظاہر فرما کر اس کو اسی طرح رسوا فرمائیں گے جس طرح اس نے لوگوں کو رسوا کیا ہے۔

چہارم: جس شخص نے دنیا میں ناموری اور شہرت کے لیے اعمال کیے اللہ تعالیٰ اس کو آخرت میں فرمائیں گے تو اپنے اعمال کی جزاء ان لوگوں سے حاصل کر جن کے دکھلاوے کے لیے تو نے یہ اعمال کئے ہیں۔

پنجم: جو شخص اپنے اعمال لوگوں کو سناوے گا یا دکھاوے گا تا کہ لوگ اس کی اقتداء کریں تو اللہ اس کے اعمال کا ثواب آخرت میں لوگوں کو سنائے گا اور دکھائے گا تا کہ ان کو حسرت وافسوس ہو۔

من لا یرحم الناس الخ: قد تقدم شرح اللفظ فی باب رحمۃ الناس۔

فائدہ: اس جملہ کی مناسبت پہلے مضمون سے یہ ہے کہ ریائی متکبر ہوتا ہے جو لوگوں پر رحم نہیں کھایا کرتا لہٰذا اللہ بھی مرائی رحم نہیں فرمائیں گے۔

وفی الباب عن جندبؓ: اخرجه الشیخان و عبد الله بن عمروؓ اخرجه الطبرانی۔

هذا حدیث غریب من هذا الوجه اخرجه احمد و ابن ماجه۔

ان شفیا الاصبحی حدثه انه دخل المدینة فاذا هو برجل قد اجتمع علیه الناس فقال من هذا فقالوا ابو هریرة فدنوت منه حتی قعدت بین یدیه وهو یحدث الناس فلما سکت وخلا قلت له اسألك بحق وبحق لما حدثتنی حدیثا سمعته من رسول الله صلی الله علیه وسلم عقلته وعلمته فقال ابو هریرة افعل لاحدثنك حدیثا حدثنیه رسول الله صلی الله علیه وسلم عقلته وعلمته ثم نشغ ابو هریرة نشغة فمکثنا قلیلا ثم افاق فقال لاحدثنك حدیثا حدثنیه رسول الله صلی الله علیه وسلم فی هذا البیت ما معنا احد غیری وغیره ثم نشغ ابو هریرة نشغة شدیدة ثم افاق و مسح وجهه وقال افعل لاحدثنك حدیثا حدثنیه رسول الله صلی الله علیه وسلم انا وهو فی هذا البیت ما معنا احد غیری وغیره ثم نشغ ابو هریرة نشغة شدیدة ثم مال خارا علی وجهه فاسندته طویلا ثم افاق فقال حدثنی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله تعالی اذا کان یوم القیامة ینزل الی العباد لیقضی بینهم وکل امة جاثیة فاول من یدعوا به رجل جمع القران ورجل قتل فی سبیل الله ورجل کثیر المال فیقول الله للقاری الم اعلمك ما انزلت علی رسولی قال بلی یارب قال فماذا عملت فیما علمت قال کنت اقوم به اناء اللیل واناء النهار فیقول الله له کذبت وتقول الملائکة له کذبت ویقول الله له بل اردت ان یقال فلان قاری فقد قیل ذلك ویؤتی بصاحب المال فیقول الله له الم اوسع علیك حتی لم ادعك لم تحتاج الی احد قال بلی یارب قال فما ذا عملت فیما اتیتك قال کنت اصل الرحم واتصدق فیقول الله له کذبت وتقول الملائکة له کذبت ویقول الله بل اردت ان یقال فلان جواد وقد قیل ذلك ویؤتی بالذی قتل فی سبیل الله فیقول الله له فیماذا قتلت فیقول امرت بالجهاد فی سبیلك فقاتلت حتی قتلت فیقول الله له کذبت وتقول له الملائکة کذبت ویقول الله بل اردت ان یقال فلان جری فقد قیل ذلك ثم ضرب رسول الله صلی الله علیه وسلم علی رکبتی فقال یا ابا هریرة اولئك الثلاثة اول خلق الله تسعر بهم النار یوم القیامة قال الولید ابو عثمان المدائنی فاخبرنی عقبة ان شفیا هو الذی دخل علی معاویة فاخبره بهذا قال ابو عثمان وحدثنی العلاء بن ابی حکیم انه کان سیافا لمعاویة قال فدخل علیه رجل فاخبره بهذا عن ابی هریرة فقال معاویة قد فعل بهؤلاء هذا فکیف بمن بقی من الناس ثم بکی معاویة بکاء شدیدا حتی ظننا انه هالك وقلنا قد جاءنا هذا الرجل بشر ثم افاق معاویة ومسح عن وجهه وقال صدق الله ورسوله من کان یرید الحیوة الدنیا وزینتها نوف الیهم اعمالهم فیها وهم فیها لا یبخسون اولئك الذین لیس لهم فی الاخرة الا النار وحبط ما صنعوا فیها وباطل ما کانوا یعملون۔

ترجمہ: حضرت شفی اصبحیؒ فرماتے ہیں کہ میں (ایک مرتبہ) مدینہ منورہ میں آیا تو دیکھا کہ ایک شخص کے پاس لوگوں کی بھیڑ لگ رہی ہے میں نے پوچھا یہ کون صاحب ہیں لوگوں نے کہا کہ یہ حضرت ابو ہریرہ ہیں میں ان کے پاس گیا اور سامنے بیٹھ گیا وہ لوگوں کو

حدیثیں سنا رہے تھے جب خاموش ہو گئے اور تنہا رہ گئے تو میں نے کہا میں آپ سے صحیح صحیح بات پوچھتا ہوں مجھے کوئی ایسی حدیث سنائیے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے (خود) سنی ہو اور جسے آپ نے اچھی طرح سمجھ لیا ہو حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا اچھا لو سنو! میں تم سے ایسی حدیث بیان کرتا ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمائی ہے اور جسے میں نے خوب سمجھا پھر حضرت ابو ہریرہؓ نے ایک چیخ ماری اور بے ہوش ہو گئے تھوڑی دیر کے بعد ان کو ہوش آیا تو فرمایا میں تم سے ایسی حدیث بیان کرتا ہوں جو مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی گھر میں فرمائی تھی۔ اس وقت یہاں سوائے میرے اور آپ کے اور کوئی نہ تھا۔ پھر حضرت ابو ہریرہؓ نے ایک چیخ ماری اور بے ہوش ہو گئے جب ہوش آیا تو انہوں نے اپنا منہ صاف کیا اور فرمایا کہ میں تم سے وہ حدیث بیان کروں گا جو آپ نے مجھے اس گھر میں سنائی تھی اس وقت یہاں میرے اور آپ کے سوا اور کوئی نہ تھا حضرت ابو ہریرہؓ چیخ مار کر پھر بے ہوش ہو گئے اور منہ کے بل جھک گئے میں نے سہارا دیا اور کافی دیر تک سہارا دیے رہا ہوش آنے پر انہوں نے یہ حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ بندوں کی طرف متوجہ ہوگا تا کہ ان کے درمیان فیصلہ کر دے اور ہر امت گھٹنوں کے بل بیٹھی ہوگی سب سے پہلے جس کو حساب کے لیے اللہ تعالیٰ بلائے گا وہ ایک ایسا شخص ہوگا جس نے قرآن حفظ کیا ہوگا۔ اور ایک ایسا شخص ہوگا جو اللہ کے راستہ میں قتل کیا گیا ہوگا۔ اور ایک دولت مند ہوگا اللہ تعالیٰ اس قاری سے فرمائے گا جو کچھ میں نے اپنے رسول پر نازل کیا تھا (قرآن) کیا میں نے تمہیں اس کا علم نہ دیا تھا وہ کہے گا باری تعالیٰ بے شک آپ نے مجھے اس کا علم دیا تھا حق سبحانہ فرمائے گا کہ اچھا بتا تو نے اپنی معلومات میں سے کس کس چیز پر عمل کیا (یعنی اپنے علم پر کہاں تک عمل کیا) وہ عرض کرے گا میں دن رات کی تلاوت کرتا تھا اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو جھوٹا ہے فرشتے بھی کہیں گے تو جھوٹا ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیری تو اس سے غرض یہ تھی کہ لوگ کہیں کہ فلاں شخص قاری ہے۔ سو تجھے ایسا کہا جا چکا (یعنی دنیا میں قرآن کی تلاوت سے جو تیری غرض تھی وہ پوری ہو گئی۔ اب یہاں تیرے لیے اس نمائش عمل کا کوئی اجر نہیں) پھر دولت مند کو لایا جائے گا اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا میں نے تجھے دولت مند، فارغ البال نہیں بنا دیا تھا یہاں تک کہ میں نے تجھے کسی کا محتاج نہیں چھوڑا تھا اور تو لوگوں سے بے نیاز کیا اللہ تعالیٰ فرمائے گا اچھا تو بتلا تو نے میری عطا کردہ دولت سے کیا (نیک) عمل کیا (یعنی میری دی ہوئی دولت کو حق کی راہ میں اور یتامیٰ و مساکین وغیرہ کی امداد و دستگیری میں کہاں تک خرچ کیا) وہ عرض کرے گا میں قرابت مندوں کے ساتھ سلوک کرتا تھا اور خیرات کیا کرتا تھا اللہ تعالیٰ اور فرشتے فرمائیں گے تو جھوٹ بولتا ہے (اس انفاق مال یعنی صدقات و خیرات سے تیری غرض اطاعت خداوندی اور رضائے الٰہی کی طلب نہ تھی بلکہ) تو نے یہ چاہا کہ لوگ کہیں کہ فلاں شخص بڑا سخی ہے۔ سو ایسا کہا گیا (اب آخرت میں اس کا بدلہ کیسا؟)

اب شہید کو لایا جائے گا اور اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو کس لیے قتل ہوا؟ وہ عرض کرے گا کہ مجھے تو نے حکم دیا تھا کہ تیری راہ میں جہاد کروں چنانچہ میں نے جہاد کیا اور میں قتل کیا گیا اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا اور فرشتے بھی کہ تو نے جھوٹ کہا (تیری غرض جہاد سے رضائے الٰہی کی طلب نہ تھی بلکہ) تو نے تو یہ نیت کی تھی کہ لوگ کہیں کہ فلاں شخص بڑا بہادر ہے سو ایسا کہا جا چکا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے میرے گھٹنے پر (ہاتھ) مار کر فرمایا اللہ کی مخلوقات میں سب سے پہلے انہی تین شخصوں سے دوزخ کو بھڑکایا جائے گا۔

ولید یعنی ابو عثمان مدائنی فرماتے ہیں کہ مجھے عقبہ نے خبر دی کہ یہی شفی ہیں جو معاویہ کے پاس گئے اور ان کو یہ حدیث سنائی

ابوعثمانؒ کہتے ہیں کہ علاء بن ابی حکیم نے مجھے بتایا کہ یہ امیر معاویہ کے پاس جلادی کا پیشہ کیا کرتے تھے وہ کہتے ہیں کہ ان کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے یہ حدیث بیان کی تو امیر معاویہ نے کہا جب ان لوگوں کے ساتھ ایسا کیا جائے گا تو باقی لوگوں کا کیا حال ہوگا؟ پھر حضرت معاویہ بہت روئے یہاں تک کہ لوگوں کو یہ گمان ہوا کہ (شاید آپ روتے روتے) مرجائیں گے اور ہم لوگوں نے کہا کہ یہ شخص ہم لوگوں کے پاس شر لے کر آیا (یعنی اس شخص نے یہ حدیث بیان کرنے کی وجہ سے آہ وزاری کی یہ نوبت پہنچی ہے) پھر امیر معاویہ کو ہوش آیا اور منہ صاف کر کے فرمایا کہ اللہ کے رسول نے سچ فرمایا ہے۔

من کان یرید الحیوۃ الدنیا وزینتھا نوف الیھم اعمالھم فیھا وھم فیھا لا یبخسون اولئک الذین لیس لھم فی الاخرۃ الاالنار و حبط ماصنعوا فیھا و باطل ما کانوا یعملون۔

(جو لوگ دنیا کی زندگی اور اس کی زینت (مال و دولت اور عیش و آرام) چاہتے ہیں ہم ان کو (یہ چیزیں) اسی (دنیا) میں دے دیتے ہیں ان کے اعمال کا پورا بدلہ دیتے ہیں اس میں ہم کچھ کمی نہیں کرتے یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں دوزخ کے سوا کچھ نہیں ان لوگوں نے دنیا میں جو کچھ کیا وہ بیکار گیا اور یہ جو عمل بھی کرتے ہیں وہ سب باطل ہے۔

فلما سکت: ای عن التحدیث۔

وخلا: ای بقی منفردًا۔

اسئلك بحق و بحق: تکرار برائے تاکید ہے اور ما زائدہ ہے اور معنی اسئلک حقا غیر باطل۔ بعض حضرات فرماتے ہیں واو عطف کا تقاضہ ہے کہ یہ تاسیس ہے نہ کہ تاکید۔

لما حدثتنی حدیثًا: لما بمعنی الا ہے ومنہ قولہ تعالیٰ کل نفس لما علیھا حافظ۔ وان کل لما جمیع لدینا محضرون۔

نشغ: بفتح النون والشین بعدہ غین معجمہ بمعنی شہق حتی کاد یغشی علیہ اسفا او خوفا قالہ المنذری وقال الجزری فی النہایۃ النشغ فی الاصل الشہیق حتی کاد یبلغ بہ الغشی خلاصۃ المعنی یہ کہ کسی محبوب فوت شدہ شئی کو یاد کر کے بطور افسوس قدر رونا کہ بے ہوشی کی نوبت آجائے یہ ابوہریرہؓ کا بے ہوش ہونا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جو وقت گزرا اور آپ سے اس حدیث مذکور فی الباب کے وقت جو قرب تھا اس کو یاد کر کے ہے اشارالیہ لقولہ فی ہذا البیت ما معنا احد غیری۔ (۲) یا ممکن ہے حدیث کے مضمون کا استحضار ہوا ہو جس کی وجہ سے غشی طاری ہوگئی۔

جاثیۃ: فی القاموس جثا کر عا و رمی جثوًا او جثیًا بضمھما یعنی جلس علی رکبتیہ اوقام علی اطراف اصابعہ۔

تسعر: من التسعیر ای توقد۔

فاول من یدعو الخ: لعل السوال یکون اولا عن صلوتھم ثم عن ھذا الامور فلا ینافی اول ما سئل عنہ الصلاۃ کما فی روایۃ آخری۔

فدخل علیہ رجل: ممکن ہے علاء ابن ابی حکیم شفی اصحی کو نہ پہچانتے ہوں اس لیے رجل سے تعبیر کر دیا ہو۔

فوائد الحدیث: روایت الباب سے ریاء وسمعہ کی حرمت کی تغلیظ معلوم ہوئی نیز اس پر شدید عقوبت وسزا کا استحقاق نیز

وجوب اخلاص فی الاعمال کما قال تعالیٰ وما امروا الا لیعبدوا اللہ مخلصین لہ الدین۔

نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ فضیلۃ جہاد کا تعلق انہی مجاہدین سے ہے جو عمل جہاد میں مخلص ہوں اس طرح اہل علم واہل سخاوت کی جو فضیلت بیان کی گئی ہے ان سب کا تعلق مخلصین کے ساتھ ہے ریاء کاروں کا اس میں کوئی حصہ نہیں ہے۔

تفسیر آیات: قولہ تعالیٰ من کان یرید الحیاۃ الدنیا الآیۃ ان آیات کے بارے میں حضرات مفسرین کی آراء مختلف ہیں اول قتادہؒ نے انسؓ سے نقل کیا ہے کہ یہ آیت یہود ونصاریٰ کے بارے میں نازل ہوئی ہے اسی طرح حسنؒ سے بھی یہ منقول ہے۔

دوم: ضحاک کہتے ہیں اس سے مراد اہل شرک ہیں اور مطلب یہ ہے کہ کفار ومشرکین جو نیک اعمال کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو ان کی جزاء دنیا میں ہی دے دیتے ہیں کہ ان کے رزق میں وسعت فرمادیتے ہیں، مصائب کو ان سے دفع فرمادیتے ہیں مگر آخرت میں کوئی اجر وثواب ان اعمال پر ان کو نہیں ملتا۔ یدل علیہ قولہ اولئک الذین لیس لھم فی الآخرۃ الا النار۔ اور ظاہر ہے کہ یہ تو مشرک وکافر کی حالت ہے نہ کہ مومنین کی۔

سوم: یہ کہ ان منافقین کے بارے میں ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جہاد کرتے تھے کہ ان کی نیت مال غنیمت کے حصول کی ہوتی تھی آخرت میں ثواب کی نیت ہوتی ہی نہیں تھی تو اللہ تعالیٰ ان کو ان کی نیت کے مطابق دنیا میں مال غنیمت عطا فرمادیتے ہیں آخرت میں ان کے لیے اجر وثواب نہیں بلکہ ان کے واسطے جہنم ہے۔

چہارم: آیت شریفہ میں عام افراد مراد ہیں خواہ وہ مومن ہوں یا کافر، یہود ہوں یا نصاریٰ اور مطلب یہ ہے کہ جو لوگ طاعات وعبادات میں ریاء وسمعہ کی نیت کرتے ہیں یعنی وہ ریاء کار ہیں اللہ تعالیٰ ان کی نیت کے مطابق دنیا میں نتائج مرتب فرمادیتے ہیں جیسا کہ روایت مذکورہ فی الباب میں تفصیل گزری ہے۔

اشکال: یہ ہوتا ہے کہ اگر یہ آیت ریاء کار مومنوں کو بھی شامل ہو تو پھر اولئک الذین لیس لھم فی الآخرۃ الا النار کا ترتب ان کے حق میں کیسے ہوگا وہ تو اپنے ایمان کی وجہ سے جنت میں جائیں گے۔

جواب: آیت شریفہ میں اعمال باطلہ جو غیر اللہ کے لیے کیے گئے ہوں اس پر جزائے شدید کو مرتب فرمایا گیا ہے یعنی ان اعمال کی جزاء تو جہنم ہی ہے ہاں البتہ مومن کے پاس نیک عمل ایمان ہے جس کی وجہ سے بالآخر وہ جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کردیا جائے گا ہکذا فی تفسیر الخازن۔

ھذا حدیث حسن غریب اخرجہ ابن خزیمہ فی صحیحہ۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جُبِّ الْحَزَنِ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا جُبُّ الْحَزَنِ قَالَ وَادٍ فِیْ جَهَنَّمَ یَتَعَوَّذُ مِنْهُ جَهَنَّمُ كُلَّ یَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَنْ یَدْخُلُهٗ قَالَ الْقُرَّاءُ وْنَ الْمُرَاءُ وْنَ بِاَعْمَالِهِمْ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پناہ مانگو تم جب الحزن سے صحابہؓ نے پوچھا یا رسول اللہ جب الحزن کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک وادی ہے جہنم میں جس سے جہنم بھی ہر روز سو مرتبہ پناہ مانگتی ہے پوچھا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس میں کون لوگ داخل ہوں گے فرمایا وہ قراء جو اپنے اعمال میں ریاء کار ہوں گے۔

جب الحزن: جہنم کی ایک وادی کا علم ہے جو کنویں کی طرح ہے اسی وجہ سے اس کو جب کہا گیا و الاضافة فیه کذا د السلام۔

القراء المراؤن باعمالهم: اس سے مراد یا قراء حضرات ہیں جو قرآن کریم کی تلاوت اچھی آوازوں کے ذریعہ ریاء کاری کے لیے یا دنیوی اجرت طلب کرنے کے لیے کرتے ہیں کیونکہ عوام الناس اچھی آواز والے قراء کو خوب نوازتے ہیں۔

دوسرا قول یہ کہ اس سے مراد مطلقاً علماء، قراء، وعاظ، عباد، مشائخ ہیں جو طاعات و عبادات محض ریاء کاری کے لیے کرتے ہیں چونکہ اہل علم ہوتے ہوئے مقتضائے علم کے خلاف ان کا یہ عمل نہایت شنیع ہے اس وجہ سے ان کی جزاء بھی نہایت شنیع بیان فرمائی گئی ہے۔

هذا حديث غريب اخرجه ابن ماجه وفي سنده عمار بن سيف وهو ضعيف و كذا ابو معان مجهول۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ يَعْمَلُ الْعَمَلَ فَيُسِرُّهُ فَاِذَا اُطُّلِعَ عَلَيْهِ اَعْجَبَهُ ذٰلِكَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهٗ اَجْرَانِ اَجْرُ السِّرِّ وَاَجْرُ الْعَلَانِيَةِ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ ایک شخص کوئی عمل چھپا کر کرتا ہے (مگر جب) اس پر اطلاع ہو جاتی ہے تو اس کو اچھا معلوم ہوتا ہے آپ نے فرمایا اس کے لیے دو اجر ہیں اجر السر و اجر العلانیہ۔

قوله اجر السر و اجر العلانية: جس طرح چھپ کر عمل کرنے میں اخلاص اور ریاء سے نجات ہے اسی طرح ظاہر کرنے میں بھی یہ فائدہ ہے کہ لوگ اتباع کریں گے اور ان میں خیر کی رغبت پیدا ہوگی۔

كما قال تعالٰى ان تبدوا الصدقات فنعما هي وان تخفوها و تؤتوها الفقراء فهو خير لكم۔

طاعات کے اظہار کا معیار: پھر اظہار کی دو قسمیں ہیں نفس عمل کو ظاہر کرنا۔ (۲) عمل کر کے بتلا دینا۔

نفس عمل کا اظہار: جیسے مجمع عام صدقہ دینا تاکہ لوگوں کو ترغیب ہو اور وہ بھی زیادہ سے زیادہ صدقہ دیں اس طرح روزہ، نماز، حج، جہاد وغیرہ اعمال ہیں لہٰذا اگر کسی کی نیت نفس عمل کے اظہار میں محض ترغیب ہو تو پھر اظہار میں کوئی مضائقہ نہیں البتہ عمل کو ظاہر کرنے والے کی دو ذمہ داریاں ہیں اول ان لوگوں کے سامنے عمل کو ظاہر کرے جن کے بارے میں یقین ہو کہ وہ اس کی اقتداء کریں گے یا گمان غالب ہو۔ دوسری یہ ہے کہ اپنے دل کی نگرانی رکھے کہ دل کے کسی گوشہ میں بھی ادنیٰ ریاء موجود نہ ہو۔

دوسری قسم یہ ہے کہ عمل سے فارغ ہونے کے بعد بیان کردے کہ میں نے فلاں عمل کیا ہے یہ بھی درست ہے البتہ یہاں بھی وہی شرائط ملحوظ ہوں گے کہ دل میں پختگی ہو اور ایسے لوگوں سے ظاہر کرے جو اس کی اقتداء کریں ورنہ درست نہیں تو اجر علانیہ کے ترتیب کے لیے مذکورہ امور کا ہونا ضروری ہے۔ پس جو شخص ان شرائط کو پورا کرے اس کے لیے دو اجر ہوں گے۔ اجر السر و اجر العلانیہ للاقتداء به والیہ اشار النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من سن سنة حسنة فعمل بها كان له اجرها و اجر من اتبعه (مسلم)

قول فیصل: جن اعمال کو خفیہ ادا کرنا ممکن نہ ہو مثلاً جہاد، حج، جمعہ وغیرہ ان میں سبقت کرنا اور دوسروں کو ترغیب دینے کے لیے ظاہر کرنا افضل ہے اور جو اعمال خفیہ ادا کیے جا سکتے ہیں جیسے نماز، صدقات وغیرہ ان میں اخفاء افضل ہے الا یہ کہ ترغیب مقصود ہو یا دفع عار و عیب وغیرہ ہو۔

خلاصة المقال ایک گروہ نے مطلقاً اخفاء کو اعلان سے افضل کہا ہے اور بعض لوگوں نے فرمایا اخفاء اس اظہار سے افضل

ہے جس میں ترغیب نہ ہو اور جس میں اقتداء کی ترغیب ہو وہ اخفاء سے افضل ہے۔

فاعجبه: ای رجاء ان یعمل من راه بمثل عمله فیکون له مثل اجره کما قال النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم من سن سنة حسنة الحدیث۔

نیز یہ بھی ممکن ہے یہاں اعجاب سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کو کوئی اچھی حالت پر دیکھے اتفاقاً یہ نماز پڑھ رہا تھا اس حالت میں کسی نے دیکھا اب اس نمازی کی طبیعت خوش ہوگی کہ خدا کا شکر ہے مجھے اس نے اچھی حالت میں دیکھا تو یہ اعجاب مذموم نہیں بلکہ آپ نے ارشاد فرمایا من سرته حسنته وسائته سیئته فهو مومن یعنی یہ تو علامت ایمان ہے نیز اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

قل بفضل اللہ و برحمته فبذلك فليفرحوا

جس سے معلوم ہوا کہ عبادات پر فرحت کا ہونا یا اعجاب مذموم میں داخل نہیں ہے بلکہ اچھی خصلت ہے اور محمود ہے۔

خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ائتموا بی ولتعلموا صلوتی۔ طبرانی فرماتے ہیں ابن عمرو ابن مسعود کے بارے میں منقول ہے وہ لوگ مساجد میں تہجد ادا کرتے تھے اور اپنے اعمال صالحہ کا اظہار لوگوں سے فرماتے تھے تاکہ لوگ ان کے اعمال کی اقتداء کریں۔

الحاصل جہاں اعمال وطاعات میں اخفاء افضل ہے بعض مرتبہ اظہار بھی بہتر ہے۔

وقد فسر بعض اهل العلم الخ: امام ترمذی نے روایت کا ایک محمل اور نقل کیا ہے کہ بعض اہل علم نے یہ فرمایا کہ طاعات پر اطلاع اس کو اچھی معلوم ہوتی ہے کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگوں کی تعریف کرنے کو اپنے حق میں گواہی سمجھتا ہو تو اس کے حق میں یہ بہتر ہے کیونکہ آپ نے فرمایا انتم شهداء الله فی الارض الخ ہاں البتہ اگر اس اطلاع واعجاب کو وہ اپنے مقتداء بننے کا ذریعہ بنائے تو مذموم ہے اور ریاء کاری میں داخل ہے۔

بَابُ الْمَرْءِ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَلَهُ مَا اكْتَسَبَ۔

ترجمہ: انس بن مالکؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آدمی کا حشر اس شخص کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے اور اس کے لیے وہ اجر ہے جو اس نے اس محبت سے حاصل کیا۔

روایت کا مطلب: اس روایت کے دو مطلب ہیں اول روایت کا مطلب یہ ہوگا کہ آدمی کا شمار دنیا میں ان ہی لوگوں میں ہوگا جن سے وہ محبت کرتا ہے اور اس کو وہی چیز حاصل ہوگی جو وہ ان سے محبت کرنے میں حاصل کرنا چاہے گا اگر صالحین سے محبت کرے گا تو دنیا میں وہ ان ہی میں سے شمار ہوگا کما قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم المرء علی دین خلیله اور ان صالحین سے محبت کر کے جو اس کا مقصد ہے وہ اس کو حاصل ہوگا یعنی نیک کہلائے گا اور اگر برے لوگوں سے تعلق رکھے گا تو برا کہلائے گا اور اس کو دنیا میں برائی حاصل ہوگی۔ مشہور شعر ہے۔

صحبت صالح ترا صالح کند

صحبت طالح ترا طالح کند

دوم: اگر مراد آخرت ہے تو مطلب یہ ہوگا جو شخص دنیا میں جس سے محبت کرے گا آخرت میں اس کے ساتھ اس کا حشر ہوگا اگر صلحاء سے محبت کرے گا تو صالحین کے ساتھ حشر ہوگا

کما قال تعالیٰ من یطع اللّٰہ و الرسول فاولئك مع الذین انعم اللّٰہ علیھم من النبیین والصدیقین و الشھداء و الصالحین الآیۃ

اور اگر بدکاروں سے محبت کریگا تو انہی کے ساتھ حشر ہوگا۔

وله ما اکتسب: وفی روایۃ البیھقی انت مع احببت و لك ما احتسبت قال القاری معناہ اجر ما احتسبت و معنی الاحتساب طلب الثواب

علامہ توربشتیؒ فرماتے ہیں کہ احتسب واکتسب دونوں قریب المعنی ہیں کیونکہ اکتساب ماخوذ من الکسب یعنی ایسا عمل کرنا جس میں ریاء وسمعہ نہ ہو اور یہی معنی احتسب کے ہیں۔

روایۃ الباب میں ترغیب وترہیب وعدو وعید دونوں پہلو ہیں۔

وفی الباب عن علیؓ اخرجه الطبرانی وابن مسعودؓ اخرجه الشیخان و صفوان بن عسال اخرجه الترمذی فی ھذا الباب و ابی ھریرۃؓ من اخرجه و ابی موسیؓ اخرجه البخاری۔

ھذا حدیث حسن غریب اخرجه ابو نعیم۔

عَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَتٰی قِیَامُ السَّاعَۃِ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَلَمَّا قَضٰی صَلَاتَهٗ قَالَ اَیْنَ السَّائِلُ عَنْ قِیَامِ السَّاعَۃِ فَقَالَ الرَّجُلُ اَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ مَا اَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَا اَعْدَدْتُ لَهَا کَبِیْرَ صَلٰوۃٍ وَلَا صَوْمٍ اِلَّا اَنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ فَمَا رَاَیْتُ فَرِحَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ الْاِسْلَامِ فَرَحَهُمْ بِهٖ۔

ترجمہ: حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے پوچھا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت کب آئے گی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے لیے تشریف لے گئے پس جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا قیامت کے قیام کے بارے میں سوال کرنے والا کہاں ہے کہا اس شخص نے میں ہوں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ نے معلوم کیا تو نے قیامت کے لیے کیا تیاری کررکھی ہے اس نے جواباً عرض کیا میں نے کوئی خاص نماز، روزہ کی تیاری نہیں کررکھی ہے ہاں البتہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں پس آپ نے فرمایا آدمی کا حشر اس شخص کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہے اور تیرا حشر اس کے ساتھ ہوگا جس سے تو محبت کرتا ہے۔ پس نہیں دیکھا میں نے مسلمانوں کی خوشی کو اس قدر

اسلام کے بعد جس قدر خوشی مسلمانوں کو آپ کے اس فرمان سے ہوئی۔

قولہ ما اعددت لها: آپ کا یہ سوال علی اسلوب الحکیم ہے۔

کبیر صلوة: وفي رواية البخاري كثير صلوة بالمثلثة

انت مع من احببت: یعنی تو ان ہی لوگوں میں سے شمار ہوگا اور انہیں کے ساتھ لاحق کر دیا جائے گا جن سے محبت کرے گا۔

سوال: منازل اہل جنت تو متفاوت ہوں گی معیت کس طرح حاصل ہوگی؟

جواب: معیت کا حصول کسی کے ساتھ کسی امر میں مجتمع ہونے سے متحقق ہو جاتا ہے لہٰذا دخول جنت میں معیت ہوگی اگرچہ درجات مختلف ہوں گے۔

فرح المسلمون بعد الاسلام الخ: یعنی اہل اسلام کو اسلام لانے کے بعد اتنی خوشی کسی اور شئی سے نہ حاصل ہوئی جس قدر آپ کے اس فرمان سے ہوئی۔ یا اسلام کی توفیق کی خوشی کے بعد کسی اور چیز سے اتنی خوشی نہیں ہوئی جس قدر اس فرمان سے ہوئی کیونکہ محبت پر معیت مرتب فرمائی گئی اور ظاہر ہے کہ صحابہ کو آپ سے غایت درجہ محبت تھی تو ان کا حشر بھی آپ کے ساتھ ہوگا اور اس سے بڑھ کر اور کیا چیز ہو سکتی ہے۔ چنانچہ بخاری شریف میں قال انک مع من احببت فقلنا ونحن کذالک قال نعم ففرحنا فرحا شدیدا صراحۃً واقع ہے۔

هذا حديث صحيح اخرجه احمد و الشيخان وابوداؤد والنسائي۔

عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ جَهْوَرِيُّ الصَّوْتِ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ هُوَ بِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ۔

ترجمہ: صفوان بن عسالؓ سے منقول ہے کہ ایک بلند آواز گاؤں والا آپ کے پاس آیا اور کہنے لگا اے محمد ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے اور ابھی تک وہ اس قوم سے ملا بھی نہیں تو آپ نے فرمایا آدمی کا حشر اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے۔

ولما یلحق بهم: یعنی ابھی تک اس قوم سے جس سے محبت کرتا ہے اس کی ملاقات بھی نہیں ہوئی ہے۔

وفي رواية انسؓ عند مسلم ولم يعمل بعملهم

اور ابوذر غفاریؓ کی روایت عند ابی داؤد وغیرہ میں ولا یستطیع ان یعمل بعملهم کے لفظ کے ساتھ مروی ہے۔ نیز ابن عسال کی روایت کے بعض طرق ولم یعمل بمثل عملهم واقع ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص عملاً تو اس کو نہیں پہنچا ہے جس درجہ کو وہ قوم پہنچی ہوئی ہے مگر اس قوم سے محبت کرتا ہے تو آپ نے فرمایا اخلاص کی بناء پر اس کا حشر ان محبوبین کے ساتھ ہوگا کیونکہ ان کے قلوب کے درمیان تقارب پایا گیا امید ہے کہ ان سے یہ محبت معیت تک پہنچا دے گی۔ قال الشاعر

احب الصالحين ولست منهم

لعل الله يرزقني صلاحا

روایت سے معلوم ہوا کہ صلحاء و اخیار سے محبت کرنا چاہئے امید ہے کہ ان کے ساتھ حشر ہو کر جہنم سے نجات ہو جائے گی۔

هذا حديث صحيح اخرجه النسائي و صححه ابن خزيمة۔

بَابُ فِي حُسْنِ الظَّنِّ بِاللّٰهِ تَعَالٰى

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ وَأَنَا مَعَهُ إِذَا دَعَانِيْ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں اپنے بارے میں اپنے بندے کے گمان کے پاس ہوتا ہوں اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارے۔

ظن باللہ کا مطلب:

انا عند ظن عبدی بی: اس جملہ کے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں اول: بندہ میرے بارے میں جو گمان کرتا ہے خواہ خیر کا یا شر کا میں اس کے ساتھ اس کے گمان کے مطابق معاملہ کرتا ہوں گویا روایت میں اس بات کی ترغیب ہے کہ بندہ کو چاہئے کہ وہ مجھ سے امید غالب رکھے بہ نسبت خوف کے نیز اللہ سے حسن ظن رکھے چنانچہ دوسری روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا

لا یموتن احد کم الا وھو یحسن الظن باللّٰہ

دوم: ممکن ہے ظن سے یہاں مراد یقین ہو اور مطلب یہ ہے کہ بندے کو جو یقین میرے بارے میں ہوتا ہے میں اس کی یقین کے مطابق رہتا ہوں مثلاً اس کا گمان ہے کہ مرنے کے بعد وہ میرے پاس حاضر ہوگا اور جو کچھ میں نے اس کے مقدر میں لکھا ہے وہ ہو کر رہے گا اس کو کوئی ٹالنے والا نہیں ہے جس کو وہ دینے والا ہے کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جس سے وہ روکنے والا ہے کوئی دینے والا نہیں ہے قالہ الطیبی۔

سوم: قرطبی فرماتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ دعا مانگتے ہوئے جیسا میرے بارے میں قبولیت کا یقین ہوگا میں اس کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کرونگا اگر نہایت جزم ویقین قبولیت کے ساتھ دعا مانگے گا اس کی دعا ضرور قبول کروں گا چنانچہ دوسری روایت میں ادعوا اللہ وانتم موقنون بالا جابۃ واقع ہے لہٰذا آدمی کو چاہئے کہ دعا مانگتے ہوئے قبولیت کا یقین رکھے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے اور ان اللہ لا یخلف المیعاد۔

اور اگر اللہ کے بارے میں یہ بدگمانی ہو کہ اللہ تعالیٰ دعا قبول نہیں فرماتے تو یہ اللہ کی رحمت سے مایوسی ہے جو گناہ کبیرہ ہے ایسے شخص کی دعا قبول نہیں ہوتی اشار الیہ بقولہ فلیظن عبدی بی ماشاء اور اگر مغفرت کا ظن رکھتے ہوئے کبائر پر اصرار ہو تو خود فریبی اور جہالت ہے ایسا شخص مرجئہ میں سے ہوگا۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْبِرِّ وَالْإِثْمِ

البر والاثم کی تحقیق لغوی اور مصداق کے بارے میں تفصیل جزء ثانی کے شروع میں گزر چکی ہے۔

عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي نَفْسِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ النَّاسُ عَلَيْهِ۔

ترجمہ: نواس بن سمعانؓ سے منقول ہے کہ بے شک ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا بر اور اثم کے بارے

میں تو آپ نے فرمایا بر تو حسن خلق ہے اور اثم وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے اور تو اس پر لوگوں کے خبردار ہونے کے برا سمجھے۔

قوله البر حسن خلق قد تقدم الكلام عليه مفصلاً في اول ابواب البر والصلة

والاثم ماحاك في نفسك الخ: یعنی گناہ وہ شیٔ ہے جو دل میں کھٹکے اور اس کے بارے میں یہ خیال ہو کہ لوگ اس پر مطلع نہ ہوں۔ یا گناہ وہ شیٔ ہے جس کے بارے میں شک ہو اور گناہ ہونے کا اندیشہ ہو یا گناہ وہ ہے جس کی قباحت دل میں آئے اور اس کے برا ہونے کی وجہ ظاہر کرنا بھی برا معلوم ہو۔

فائدہ: مومن کے ایمان کا تقاضہ یہ ہوتا ہے کہ اس کا دل حسنات کی طرف مائل ہوتا ہے اور کم از کم دوسروں کو نیکیاں کرتے دیکھ کر وہ خوش ہوتا ہے اور دل سے ان کو اچھا سمجھتا ہے اور برائیوں کو ناپسند کرتا ہے اور اس کے دل میں برائی کا ارتکاب کرنے کے باوجود اس کی قباحت دل میں رہتی ہے۔

هذا حديث صحيح حسن اخرجه البخاري و المسلم۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْحُبِّ فِي اللّٰهِ

مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَلْمُتَحَابُّوْنَ فِيْ جَلَالِيْ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّوْنَ وَالشُّهَدَاءُ۔

ترجمہ: معاذ ابن جبلؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میری عظمت و جلال کی بناء پر محبت کرنے والوں کے لیے نور کے ایسے منبر ہوں گے جن پر انبیاء اور شہداء رشک کریں گے۔

محبت للہ:

المتحابون في جلالي اى لا جل جلالي و تعظيمي: اس سے مراد ایسے لوگ ہیں جو محض اللہ کی رضاء کے لیے باہم محبت کرتے ہیں اس کو محبت للہ وفی اللہ کہا جاتا ہے اس محبت میں کوئی دنیوی غرض نہیں ہوتی بلکہ محض اللہ کی رضا مقصود ہوتی ہے اس طرح کوئی انسان دوسرے سے نہ اس کی ذات (حسب نسب حسن و جمال ذکاوت و فہم) کی بناء پر محبت کرتا ہے اور نہ ہی دنیاوی مقاصد (مال و جاہ و دولت شہرت و مقبولیت) کے لیے محبت کرتا ہے بلکہ اس کے پیش نظر آخرت کے منافع ہیں یہ محبت بھی بلاشبہ اللہ کے لیے ہوگی مثلاً کوئی شخص اپنے استاذ یا شیخ سے اس لیے محبت کرے کہ وہ شخص اس کے لیے ذریعہ علم و عمل ہے اور علم و عمل سے مقصد آخرت کی فلاح ہے نہ کہ دنیا کی کامیابی تو یہ محبت خالص اللہ کے لیے ہوگی اسی طرح کوئی استاذ اپنے شاگرد سے محض آخرت کے لیے محبت کرے یہ بھی محبت اللہ میں داخل ہے محبت للہ کے تحت بہت سارے جزئیات آجاتے ہیں مقصود صرف آخرت اور اللہ کی رضا ہے جہاں بھی یہ بات پائی جائے گی وہ محبت للہ وفی اللہ ہوگی مزید براں محبت فی اللہ کی تعریف میں یوں کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کہ جو محبت ایسی ہے کہ اگر بالفرض باری تعالیٰ پر اور آخرت پر ایمان نہ ہوتا تو اس محبت کا وجود بھی نہ ہوتا تو محبت فی اللہ ہے جس کی فضیلت روایۃ الباب میں بیان کی گئی ہے اس کے علاوہ اور بھی روایات محبت للہ کے بارے میں مروی ہیں۔

اول: ان اقربکم منی مجلسا احاسنکم اخلاقا الموطئون اکنافاالذین یالفون ویؤلفون (طبرانی)

دوم: المومن الف مالوف ولا خیر فیمن لایالف ولا یؤلف۔ (طبرانی احمد حاکم)

سوم: ماتحاب اثنان فی اللہ الا کان احبھما الی اللہ اشدھما حبا لصاحبہ (ابن حبان حاکم)

چہارم: ان اللہ تعالٰی یقول یوم القیامۃ این المتحابون بجلالی الیوم اظلھم فی ظلی یوم لاظل الاظلی۔ (مسلم)

پنجم: آنے والی روایۃ سبعۃ یظلھم اللہ فی ظلہ الحدیث۔

ششم: مازار رجل رجلًا فی اللہ شوقا الیہ ورغبۃ فی لقائہ الاناداہ لک من خلفہ طبت و طابت لک الجنۃ (ابن عدی)

ان کے علاوہ بے شمار روایات کتب حدیث میں مذکور ہیں۔

بہر حال اللہ کے لیے محبت کرنا اور دین کی بنیاد پر رشتہ اخوت قائم کرنا افضل ترین طاعت ہے۔

یغبطھم النبیون و الشھداء: یہ بکسر الغین از ضرب ہے اور غبطہ کے معنی غیر پر نعمت کو دیکھ کر اپنے لیے اسکے حصول کی تمنا کرنا اس شرط کے ساتھ کہ وہ نعمت غیر سے زائل نہ ہو۔

اس کو رشک کہا جاتا ہے جس کے مفہوم میں حسن حال و مسرت داخل ہے اس کے مقابل حسد آتا ہے تفصیلات گزر چکیں۔

انبیاء و شہداء کے غبطہ کا مطلب:

سوال: انبیاء و شہدا کے غبطہ کا کیا مطلب ہے کیا ان حضرت کو یہ مرتبہ حاصل نہ ہوگا اگر نہیں تو لازم آئے گا کہ متحابین فی اللہ کا درجہ ان حضرات سے بڑھ گیا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ غلط ہے۔

جواب: یہاں مراد مسرت ہے اور مطلب یہ ہے کہ انبیاء و شہداء متحابین فی اللہ کے اس درجہ کو دیکھ کر خوش ہوں گے کہ اللہ تعالٰی نے ان کو بھی اس مرتبہ سے نوازا ہے جو خود انبیاء و شہداء کو حاصل ہے۔

جواب: اگر چہ انبیاء و شہداء کو اس درجہ سے بڑھ کر درجات حاصل ہوں گے مگر متحابین فی اللہ کے اس درجہ کو دیکھ کر وہ تمنا کریں گے کاش یہ مرتبہ بھی ان کو حاصل ہو جائے تو کیا ہی بہتر ہے جیسا کہ دنیا میں دیکھا جاتا ہے کہ بڑے بڑے درجات والے کسی دوسرے درجہ کو جس کی نوعیت الگ ہے دیکھ کر خواہش کیا کرتے ہیں کہ بڑے درجات کے ساتھ کاش یہ چھوٹا درجہ جو دوسری نوع کا ہے وہ بھی ان کو حاصل ہو جائے۔

جواب: بعض حضرات نے فرمایا روایت میں ایک جملہ مقدر ہے لولم تکن عندہم مراد یہ ہے کہ یہ وہ درجہ ہے کہ اگر انبیاء و شہداء کو حاصل نہ ہوتا تو وہ اس کے حصول کی تمنا کرتے لیکن ظاہر ہے کہ یہ مرتبہ اور اس سے بڑھ کر دیگر مراتب ان کو پہلے حاصل ہوں گے کیوں کہ اس مرتبہ کا حصول محبت فی اللہ پر موقوف ہے اور یہ انبیاء کو حاصل ہے۔

جواب: بعض حضرات فرماتے ہیں اس سے مقصد مدح ہے یعنی انبیاء و شہداء متحابین فی اللہ کے اس درجہ کو دیکھ کر ان کے اس فعل پر تعریف کریں قالہ القاری۔

وفی الباب عن ابی الدرداء اخرجه الطبرانی وابن مسعودؓ اخرجه الطبرانی۔

وعبادة بن الصامتؓ اخرجه احمد۔ وابی مالک الاشعریؓ اخرجه احمد وابو یعلی والحاکم ابی هریرةؓ اخرجه مسلم۔

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه مالک و احمد والطبرانی والحاکم و البیهقی۔

وابو مسلم الخولانی اسمه عبدالله بن ثوب بضم الثاء وفتح الواؤ بعدها باء موحدة قال فی التقریب و قیل باشباع الواؤ قیل ابن اثوب علی وزن احمر و یقال ابن عوف او ابن مشکم ویقال اسمه یعقوب بن عوف ثقة عابد من الثانیة (رحل الی النبی صلی الله علیه و آله وسلم فلم یدرکه وعاش الی زمن یزید بن معاویة۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَوْعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَبْعَةٌ یُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظِلِّهٖ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ اِمَامٌ عَادِلٌ وَشَابٌّ نَشَاَ بِعِبَادَةِ اللّٰهِ وَرَجُلٌ کَانَ قَلْبُهٗ مُعَلَّقًا بِالْمَسْجِدِ اِذَا خَرَجَ مِنْهُ حَتّٰی یَعُوْدَ اِلَیْهِ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِی اللّٰهِ فَاجْتَمَعَا عَلٰی ذٰلِکَ وَتَفَرَّقَا وَرَجُلٌ ذَکَرَ اللّٰهَ خَالِیًا فَفَاضَتْ عَیْنَاهُ وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَاَةٌ ذَاتُ حَسَبٍ وَجَمَالٍ فَقَالَ اِنِّیْ اَخَافُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰی لَا تَعْلَمَ شِمَالُهٗ مَا تُنْفِقُ یَمِیْنُهٗ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ یا ابوسعید خدری سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سات شخص ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنے سایہ میں رکھےگا اس دن جس دن کوئی سایہ نہ ہوگا اللہ کے سایہ کے علاوہ (۱) عادل بادشاہ (۲) وہ نوجوان جو بڑھ رہا ہو اللہ کی عبادت میں (۳) وہ شخص جس کا دل اٹکا ہوا ہو مسجد سے حتیٰ کہ لوٹ کر آئے (۴) اور ایسے دو شخص جو اللہ کے لیے باہم محبت کرتے ہوں اسی پر جمع ہوتے ہوں اور اسی پر ایک دوسرے سے جدا ہوتے ہوں (۵) اور ایسا شخص جو خلوت میں اللہ کو یاد کرے اور اس کی آنکھیں آنسو بہادیں (۶) اور وہ شخص جس کو کوئی حسب ونسب اور حسن وجمال والی عورت بلائے (لیکن وہ) کہہ دے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں (۷) اور وہ شخص جو صدقہ کرے کوئی صدقہ پس اس کو اتنا چھپائے نہ جانے اس کا بایاں ہاتھ کہ داہنے نے کیا خرچ کیا ہے۔

ظل سے کیا مراد ہے: ظل اللہ سے مراد اللہ کا اعزاز واکرام کرنا ہے اور اس کی حفاظت کے تحت ہونا ہے۔

هذا قول عیسی بن دینار وقواه عیاض۔

بعض حضرات نے فرمایا اس سے مراد اللہ کا عرش ہے

یدل علیه قوله علیه السلام لا ظل الا ظل عرشه کما فی روایة اخری عن سلمان الفارسی

اور ظاہر ہے کہ جب اس کے سایہ میں ہوگا تو کرامت واعزاز وحمایت بھی اس کو حاصل ہوگی

وبه جزم القرطبی و یؤیده ایضًا تقییده بیوم القیامة فی روایة اخری۔

بعض نے اس سے مراد ظل طوبیٰ اور بعض نے ظل الجنۃ فرمایا ہے مگر یہ مرجوح ہے ظاہر یہ ہے کہ ظل سے عرش مراد ہے وہ مؤید بروایات۔

امام عادل: حافظ فرماتے ہیں اس سے مراد بادشاہ ہے اور اسی کے ساتھ ہر وہ حاکم لاحق ہے جو امور مسلمین کا ذمہ دار ہو اور عدل کرتا ہو اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس کی تخریج امام مسلم نے عبداللہ بن عمرؓ سے مرفوعًا نقل فرمائی ہے

لفظه ان المقسطین عند الله علی منابر من نور عن یمین الرحمان الذین یعدلون فی حکمهم واهلیهم

وما ولولہ

امام عادل کا نفع متعدی ہے کہ ہر خاص وعام کو پہنچتا ہے اس وجہ سے اس کو پہلے بیان فرمایا ہے۔

شاب نشابعبادۃ اللّٰہ: ایسا نوجوان جو جوانی کی حالت میں اللہ کی عبادت کرتے ہوئے پھل پھول رہا ہو جوان کی تخصیص اس لیے فرمائی کہ یہ زمانہ غلبہ شہوت کا ہوتا ہے جس کی وجہ سے آدمی خواہشات میں مبتلا رہتا ہے مگر اس نوجوان نے ان دواعی وبواعث کے باوجود اپنی جوانی کا رخ اللہ کی اطاعت وفرمانبرداری اور اس کی عبادت میں لگایا ہے اس وجہ سے اللہ تعالیٰ اس پر خصوصی انعام فرمائیں گے۔

رجل کان قلبه معلقا بالمسجد اذا خرج منه الخ: بخاری ومسلم میں لفظ ورجل قلبه معلق فی المساجد واقع ہے۔

تعلیق قلب بالمسجد سے کیا مراد ہے؟

تعلیق قلب بالمسجد سے مراد طول ملازمت بالقلب ہے یعنی گو وہ شخص مسجد سے خارج ہے جسماً مگر اس کا دل مسجد میں ہی رہتا ہے کہ کب اذان ہو اور وہ مسجد میں جائے اور دیر تک عبادت کرتا ہو غرض بار بار مسجد کا رخ کرتا ہو

ویدل علیه روایة الجوزقی کانما قلبه معلق فی المسجد۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ علاقہ سے ماخوذ ہے جس کے معنی شدت محبت کے ہیں یعنی مسجد سے محبت کرتا ہو اور اس کو آباد رکھتا ہو

ویدل علیه روایة احمد معلق بالمساجد۔

اسی طرح بعض روایت میں من حبھا کا لفظ واقع ہے۔

خلاصۃ المقال یہ کہ ایسا شخص جس کا تعلق مسجد سے شدید ہو کہ مسجد کو آباد رکھتا ہو اور اس کا خیال رکھتا ہو مسجد سے باہر جانے کے بعد بھی اس کا دل مسجد میں پڑا رہتا ہو یہ اس کے مومن کامل ہونے کی علامت ہے کما قال تعالیٰ انما یعمر مساجد اللہ من آمن باللہ والیوم الآخر ایسے شخص کو بھی اللہ تعالیٰ خصوصی اعزاز بخشیں گے۔

حتی یعود الیه لان المؤمن فی المسجد کالسمك فی الماء والمنافق فی المسجد کالطیر فی القفص۔

رجلان تحابا فی اللّٰہ الخ: یعنی ایسے دو شخص بھی خصوصی سایہ میں قیامت کے دن ہوں گے جو باہم حقیقۃً ایک دوسرے سے محض اللہ کی رضا کے لیے محبت کرتے ہوں جب اکٹھے ہوں تب بھی محبت ہو اور جب ایک دوسرے سے الگ ہوں تب بھی باہم محبت ہو گویا غیبت وحضور میں سلسلہ محبت کو باقی رکھتے ہوں کسی غرض دنیوی کی بنا پر ان کا یہ سلسلہ ختم نہ ہو۔ یا مراد تفرق سے موت ہے کہ حیات میں ان کی محبت کو اس قدر دوام ہو کہ آخری وقت تک باقی رہے قالہ الحافظ۔ محبت فی اللہ کے بارے میں کلام گزر چکا ہے۔

تنبیہ: اگر چہ یہ دونوں محبت کرنے والے دو ہیں تو پھر عدد آٹھ ہو جانا چاہیے مگر سلسلہ محبت میں دونوں شریک ہیں تو گویا دونوں ایک ہیں لہٰذا عدد سبعہ درست ہے۔

رجل ذکر اللّٰہ خالیا الخ: یہاں ذکر قلبی ولسانی دونوں مراد ہو سکتے ہیں۔

خالیا من الناس او من الریاء او عما سوی اللّٰہ۔

یعنی ایسا شخص بھی خصوصی سایہ میں ہوگا جو خلوت میں اللہ کو یاد کرے اور اس کا خوف اس قدر ہو کہ اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں چونکہ یہ حالت خاص ہے جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے اس لیے اللہ تعالیٰ اسی شخص کو خصوصی انعام سے نوازیں گے۔

رجل دعته ذات حسب و جمال : ایسا شخص بھی خصوصی انعام کا مستحق ہوگا جس کو کوئی اچھے خاندان والی اور حسن و جمال کی پیکر عورت زنا کی دعوت دے اور وہ زبان سے اس سے کہہ دے کہ مجھے اللہ کا ڈر ہے یا دل میں اللہ کا خوف کر کے اس گناہ سے رک جائے گویا وہ خود بھی گناہ سے بچ گیا اور اس عورت کو بھی بچا لیا۔

ظاہر ہے کہ یہ عمل وہی شخص کر سکتا ہے جس پر اللہ کا انعام خصوصی ہوگا کہ اس کے دل میں اللہ کا خوف جاگزیں ہوگا ورنہ

بہت مشکل ہے بچنا بادہ گلگوں سے خلوت میں
بہت آسان ہے یاروں میں معاذ اللہ کہہ دینا۔

رجل تصدق بصدقة الخ: ایسا شخص بھی انعام خصوصی کا مستحق ہوگا جو چھپا کر صدقہ کرتا ہو کہ کسی کو بھی اس کی خبر نہ ہو۔

صدقہ : سے مراد عام ہے خواہ مفروضہ ہو یا نافلہ ہو مگر دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد صدقہ نافلہ ہے کیونکہ صدقہ مفروضہ میں اظہار اولیٰ ہے کما نقل النوی عن العلماء۔

حتی لا تعلم شماله ما تنفق يمينه۔

اس سے مقصود مبالغہ فی الاخفاء ہے یا مراد دائیں و بائیں جانب کے افراد ہیں کہ پاس کے رہنے والوں کو بھی معلوم نہ ہو سکے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه مالك و مسلم۔

وهكذا روى هذا الحديث عن مالك الخ: حاصل عبارت یہ ہے کہ روایت مذکورہ کو امام مالک نے متعدد طرق سے نقل کیا ہے مگر راوی صحابی کے بارے میں شک کے ساتھ فقال عن ابی ہریرۃ او ابی سعید اس طرح امام مالک سے واو عطف کے ساتھ عن ابی ہریرۃ وابی سعید کہہ کر روایت نقل کی ہے

و تابعه مصعب الزبيری و شذ فی ذلك عن اصحاب مالك والظاهر ان عبيد الله حفظه لكونه لم يشك منه ولكونه من رواية خاله و جده۔

یعنی ظاہر یہ ہے کہ روایت بلا شک ابوہریرہ ہی سے مروی ہے نہ کہ ابو سعید سے چونکہ یہ اپنے ماموں خبیب اور دادا عاصم سے اس روایت کے ناقل ہیں۔

دوسری روایت میں ذات منصب واقع ہے جس کے معنی حسب سے عام ہوں گے کیونکہ حسب تو خاندانی شرافت کے لیے آتا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد و الشيخان والنسائی۔

فائدہ: قولہ سبعة سات آدمیوں کو اللہ تعالیٰ اپنا خاص سایہ دے گا ان کے علاوہ بھی اور اشخاص کا ذکر روایات میں وارد ہے چنانچہ مسلم شریف میں روایت ہے

لظله من انظر معسرا اووضع له اظله الله في ظله يوم لاظل الاظله

معلوم ہوا کہ سات کا عدد متعین نہیں ہے چنانچہ ابن حجر عسقلانی نے احادیث کا تتبع کیا اور ان مذکورہ افراد کے علاوہ اور بھی بہت سے افراد کا ذکر روایات میں ہے ان سب روایات کو ایک رسالہ میں جمع فرمایا جس کا نام معرفۃ الخصال الموصلۃ الی الظلال ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ إِعْلَامِ الْحُبِّ

عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَحَبَّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيُعْلِمْهُ إِيَّاهُ۔

ترجمہ: مقدام بن معدیکرب سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اپنے دینی بھائی سے محبت کرے تو اس کو بتادے (کہ مجھے تم سے محبت ہے)۔

عَنْ يَزِيْدَ بْنِ نَعَامَةَ الضَّبِّيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا آخَى الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْيَسْأَلْهُ عَنِ اسْمِهٖ وَاسْمِ أَبِيْهِ وَمِمَّنْ هُوَ فَإِنَّهٗ أَوْصَلُ لِلْمَوَدَّةِ۔

ترجمہ: یزید بن نعامہ ضبی نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب بھائی بنائے کوئی شخص دوسرے شخص کو بس اس کو چاہئے کہ اس کا اور اس کے والد کا نام معلوم کرلے اور یہ بھی معلوم کرلے کہ وہ کون سے قبیلہ اور قوم سے تعلق رکھتا ہے کیونکہ اس کا یہ سوال زیادہ محبت کو جوڑنے والا ہے۔

قولہ اذا احب احدکم اس سے مراد محبت دینی ہے۔

فلیعلمہ ایاہ یعنی اپنی محبت کی اس کو خبر دے دے یہ حکم مندوب مؤکد ہے کیونکہ جب اس کو خبر دے گا تو اس کا قلب بھی اس کی طرف مائل ہوجائے گا پھر وہ بھی اس سے محبت کرنے لگے گا اور یہ باہم محبت فی اللہ وللہ محبت ہوگی جس کی فضیلت گزری ہے۔

اذا اخا الرجل الرجل: یہ مواخاۃ سے ماخوذ ہے جس کے یہاں معنی اللہ کے لیے کسی کو بھائی بنانا۔

فلیسألہ عن اسمہ الخ: مراد یہ ہے کہ اس دینی بھائی سے پورا تعارف معلوم کرے کیونکہ اس سے مزید محبت بڑھ جائے گی نیز دوسری حدیث میں ہے

فاسأله عن اسمه واسم ابيه كان غائبا حفظته وان كان مريضاً عدته وان مات شهدته (بيهقی)

هذا حديث غريب اخرجه ابن سعد۔

ولا نعرف ليزيد بن نعامة الخ: قال في التقريب يزيد بن نعامة الضبي ابو مودود البصري مقبول من الثالثة ولم يثبت انه له صحبة۔

بَابُ كَرَاهِيَةِ الْمِدْحَةِ وَالْمَدَّاحِيْنَ

عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ قَالَ قَامَ رَجُلٌ فَأَثْنٰى عَلٰى أَمِيْرٍ مِّنَ الْأُمَرَاءِ فَجَعَلَ الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ يَحْثُوْ فِيْ وَجْهِهِ التُّرَابَ وَقَالَ أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَحْثُوَ فِيْ وُجُوْهِ الْمَدَّاحِيْنَ التُّرَابَ۔

ترجمہ: ابومعمر سے منقول ہے کہ ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے امراء میں سے کسی امیر کی تعریف کی پس مقداد نے اس کے چہرے پر خاک ڈالنی شروع کردی اور کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو حکم فرمایا کہ ہم خاک ڈالدیں تعریف کرنے والوں کے منہ پر۔

عن ابی ھریرۃؓ الخ ترجمہ ظاہر ہے۔

المداحون: خطابی فرماتے ہیں اس سے مراد وہ پیشہ ور لوگ ہیں جو امراء کی تعریف کرتے رہتے ہیں اور اس تعریف کے بدلہ ان امراء کی طرف سے عنایات ہوتی رہتی ہیں چونکہ ایسے لوگوں کی مدح حقیقت پرمبنی نہیں ہوتی بلکہ زیادہ مبالغہ بلکہ کذب ہی ہوتا ہے اس وجہ سے آپ نے فرمایا ان کے منہ پرمٹی ڈال دو اور ان کی تعریف کو کچھ نہ سمجھو۔

حثو تراب سے کیا مراد ہے: یا تو یہ حقیقت پرمحمول ہے (۲) یا اس سے مراد مال کا دینا ہے کہ مال حقیر شئی ہے مٹی چیز ہے لہٰذا ایسے مداحین کو کچھ مال دے دیا جائے تاکہ وہ آئندہ ہجو نہ کریں اور زبان بند رکھیں۔ (۳) یا مراد عطائے قلیل ہے۔ (۴) یا یہ کنایہ ہے عدم اعطاء سے اور مراد ان کو محروم کرنا ہے یعنی ایسے تعریف کرنے والوں کو کچھ نہ دیا جائے تاکہ آئندہ وہ اس سے باز رہیں۔ ترغیب ہو تو پھر اس کا اکرام کیا جائے۔

حضرت مقداد نے ظاہر روایت پرعمل کرتے ہوئے مادح کے منہ پرمٹی ڈال دی اور اشارہ کیا کہ انسان کی حقیقت تو یہ ہے کہ مٹی سے پیدا ہوا ہے جس کی کوئی وقعت نہیں۔

درحقیقت بات یہ ہے کہ منہ پر جب تعریف کی جاتی ہے تو بسا اوقات نقصان کا باعث ہوتی ہے آدمی کے اندر غرور وتکبر اور اعجاب جیسی صفات ذمیمہ پیدا ہو جاتی ہیں جو اس کی ہلاکت کا سبب ہیں نیز مدح کرنے والا کذب ونفاق کا مرتکب ہوتا ہے جو یقیناً اس کی تباہی کا ذریعہ ہے اس وجہ سے آپ نے مدح کو پسند نہیں فرمایا۔

وفی الباب عن ابی ھریرۃؓ اخرجہ الترمذی فیما بعد۔

ھذا حدیث حسن صحیح اخرجہ احمد و مسلم و البخاری فی الادب وابوداؤد وابن ماجہ۔

وقد روی زائدۃ عن یزید بن ابی زیاد عن مجاھد عن ابن عباس۔

یعنی زائدہ نے روایۃ الباب کو ابن عباس سے نقل کیا ہے مگر اصح یہ ہے کہ یہ روایت مجاہد عن ابن عمر ہی اصح ہے کیونکہ حبیب ابن ابی ثابت جو مجاہد سے روایت کرتے وہ ثقہ، فقیہ، جلیل ہیں اور یزید بن ابی زیادہ ضعیف ہیں کیونکہ یزید کا آخر میں حافظہ متغیر ہو گیا تھا اور تلقین کو قبول کرنے لگے تھے۔

قولہ ھذا حدیث غریب من حدیث ابی ھریرۃ۔

یہ روایت غریب ہونے کے ساتھ ساتھ منقطع بھی ہے کیونکہ حسن کا سماع ابوہریرۃؓ سے ثابت نہیں ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ صُحْبَةِ الْمُؤْمِنِ

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يَاْكُلْ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِيٌّ۔

ترجمہ: ابوسعید خدریؓ سے منقول ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ نہ رہے تو مگر مومن کے

ساتھ اور نہ کھائے تیرا کھانا مگر متقی شخص۔

لا تصاحب الا مومنا ای کاملا و مکملاً : یا اس سے مقصود کفار و منافقین کی صحبت سے بچانا ہے کیونکہ جب کوئی شخص ان کی صحبت اختیار کرے گا تو ان کے اطوار و رسوم اور عادات اس میں منتقل ہونے شروع ہو جائیں گے جو اس کے ایمان و اعمال کے لیے مضر ہیں بہر حال صحبت مؤثر ہوتی ہے۔

ولا یاکل طعامك الاتقی یعنی متقی پرہیزگار لوگوں کو کھانا کھلانا کہ وہ کھانا ان کی عبادت کے لیے قوت کا باعث ہو اور تیرے لیے کثرت ثواب کا ذریعہ بن جائے۔

علامہ خطابی فرماتے ہیں اس سے مراد طعام دعوت و مودت و محبت ہے نہ کہ طعام حاجت کیونکہ حاجۃ تو کفار کو بھی کھلانا ضروری ہے

قال تعالٰی و یطعمون الطعام علی حبه مسکیناً و یتیماً و اسیراً

اور ظاہر ہے کہ ان کے اسیر تو غیر مومن ہوتے تھے بلکہ بہائم و چوپاؤں کی خوراک بھی بوقت حاجت واجب ہے

کما وقع فی روایة غفرت لامرأة بسقی الکلب قیل یا رسول اللّٰه ان لنا فی البهائم اجراقال فی کل ذات کبد رطبة و غیر ذلك من الروایات الکثیرة

روایت الباب میں مقصود یہ ہے کہ اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کریں برے لوگوں سے مخالطت و مواکلۃ سے اجتناب کریں کہ بسا اوقات یہ مضر ہوتی ہے کما ہو مشاہداً۔

هذا حدیث انما نعرفه هذا الوجه اخرجه احمد و ابو داؤد والدارمی وابن حبان والحاکم و سکت عنه ابو داؤد و المنذری وقال المناوی اسانیده صحیحة

قال سالم او عن ابی الهیثم عن ابی سعید حاصل یہ ہے کہ سالم بن غیلان کو شک ہو گیا کہ ولید بن قیس نے روایت کو براہ راست ابو سعید خدریؓ سے بیان کیا ہے یا بالواسطہ ابو الہیثم نقل کیا ہے بہر حال ولید بن قیس مقبول راوی ہیں اس لیے روایت قابل احتجاج ہے۔

بَابٌ فِي الصَّبْرِ عَلَى الْبَلَاءِ

عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدِهِ الْخَيْرَ عَجَّلَ لَهُ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا وَإِذَا أَرَادَ بِعَبْدِهِ الشَّرَّ أَمْسَكَ عَنْهُ بِذَنْبِهِ حَتّٰى يُوَافِيْ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَبِهٰذَا الْإِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ عِظَمَ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ وَإِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاهُمْ فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضٰى وَمَنْ سَخِطَ۔

ترجمہ: حضرت انسؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ خیر خواہی کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کے لیے دنیا میں ہی اس کو سزا دے دیتے ہیں اور جب کسی بندے کے لیے شر کا ارادہ کرتے ہیں تو اس سے اس کے گناہ کی سزا کو روک لیتے ہیں حتیٰ کہ قیامت کے دن پوری جزاء دیں گے اور اسی سند کے ساتھ آپ سے مروی ہے کہ فرمایا جزاء کا عظیم ہونا

آزمائش وامتحان کے بڑا ہونے کے ساتھ ہے اور اللہ تعالیٰ جب کسی قوم سے محبت کرتے ہیں تو ان کو آزماتے ہیں یعنی مصائب میں گرفتار کردیتے ہیں پس جو راضی ہوا اس کے واسطے رضامندی ہے اور جو غصہ ہوا اس کے لیے غصہ ہے۔

حاصل روایت: اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندوں پر جو مصائب نازل ہوتے ہیں وہ دو طرح کے ہیں بعض تو عذاب کی صورت میں ہوتی ہیں کہ اعمال بد کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان پر عذاب دنیا میں نازل فرماتے ہیں اور آخرت میں بھی ان کو عذاب دیا جائے گا۔ بعض مصائب جو مومنوں پر نازل ہوتے ہیں ان گناہوں کا کفارہ ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں پر دنیا میں ہی تکالیف دے کر معاف فرمادیتے ہیں جیسا کہ آیات واحادیث سے مستفاد ہوتا ہے اس کے لیے علاوہ بعض مرتبہ اللہ تعالیٰ دنیا کے مصائب و تکالیف اپنے نیک بندوں کو دیتے ہیں تاکہ ان کے درجات بلند فرمادیں چنانچہ انبیاء واولیاء کی آزمائش اسی قبیل سے ہے کثیر روایات سے ثابت ہے کہ انسان کا ابتلاء اس کے دین کے لحاظ سے ہوتا ہے چنانچہ آگے روایت صراحتہً آرہی ہے۔ دنیا میں سب سے زیادہ شدید ابتلاء انبیاء علیہم السلام کا ہوتا ہے جیسا کہ واقعات اس پر دلالت کرتے ہیں پھر جو ان سے قریب ہوگا اور اللہ تعالیٰ ان کو صابر وشاکر بنادیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ اجر جزیل کے مستحق ہوتے ہیں اور بڑے بڑے درجات اللہ تعالیٰ ان کو عطا فرماتے ہیں۔

اہل مصائب کو جب آخرت میں اللہ تعالیٰ جزاء عنایت فرمائیں گے تو وہ تمنا کریں گے کہ کاش ان کے جسم قینچیوں سے کاٹ دیے جائیں مگر ان تمام درجات کے لیے صبر علی البلاء ضروری ہے کہ زبان پہ شکوہ وشکایت نہ ہو رضا بر قضاء ہو حتی کہ مصائب کو اپنے لیے اللہ کی نعمت تصور کرے کہ بسا اوقات کڑوی دواء صحت بدن کے لیے نافع ہوتی ہے اور پھوڑے پھنسی کے لیے نشتر صحت کا سبب ہوتا ہے جس طرح صحت کا سبب ہوتا ہے جس طرح صحت کے حصول کے لیے کڑوی دواء اور نشتر کو آدمی برداشت کرتا ہے اسی طرح دنیا کی ان مصائب کو بلند درجات کے حصول کے لیے برداشت کرے اور اگر خدانخواستہ اللہ کی دی ہوئی مصیبتوں پر شکوہ و شکایت اور ناراضگی کا اظہار ہوگا تو پھر اللہ تعالیٰ بھی ناراض ہوں گے اور آخرت کے اجر وثواب اور درجات سے محرومی بھی یقیناً ہوگی۔

قوله اذا اراد الله بعبده الخير عجل له العقوبة في الدنيا عجل بالتشديد اى اسرع: اللہ تعالیٰ دنیا میں اس کے گناہ کا بدلہ دے کر اس کو فارغ فرمادیتے ہیں۔

قال تعالىٰ و ما اصابكم من مصيبة فبما كسبت ايديكم و يعفو عن كثير۔

جب اللہ تعالیٰ نے اس کے گناہوں پر دنیا میں تکالیف دے کر اس کو فارغ فرمادیا تو ظاہر ہے کہ اللہ نے اس کے ساتھ نہایت لطف وکرم کا معاملہ فرمایا ہے کہ عذاب آخرت جو شدید ہے اس سے محفوظ فرمادیا اس سے بڑھ کر خیر کیا ہوسکتی ہے اس کے مقابل اگر گناہوں پر دنیا میں سزا نہ دی گئی تو آخرت میں عذاب ہوگا جو شدید ہے اس سے بڑھ کر اس کے حق میں کیا شر ہوسکتا ہے۔

فائدہ: روایۃ الباب سے مقصود یہ ہے کہ آدمی کو دنیا کی مصائب پر صبر کرنا چاہیے اور رضاء بر قضاء کا مظاہرہ کرنا چاہیے اگر کوئی مصیبت آجائے تو اس کو نعمت سمجھے نہ کہ نقمت ہاں البتہ مصیبتوں کا مانگنا جائز نہیں ہے اسی وجہ سے آیات وروایات میں عافیت طلب کرنے کی ترغیب وارد ہے۔

هذا حديث حسن غريب: امام ترمذی نے حدیث ثانی کو حسن غریب فرمایا ہے اور حدیث اول کے بارے میں کچھ نہیں فرمایا مگر ظاہر ہے جب سند دونوں کی ایک ہی ہے تو وہ بھی حسن غریب ہوگی۔

قَالَتْ عَائِشَةُ مَارَأَيْتُ الْوَجَعَ عَلٰی اَحَدٍ اَشَدَّ مِنْهُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے نہیں دیکھا آپ سے زائد سخت درد کسی شخص کا۔

الوجع: اس سے مراد مرض کی شدت ہے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عام لوگوں کے مقابلہ مرض میں شدت ہوتی تھی حتی کہ روایات میں ہے کہ آپ کو امتی کے مقابلہ دوگنا بخار ہوتا تھا کہ آپ کو اجر وثواب بھی اللہ کی طرف سے زیادہ عطا ہوتا تھا معلوم ہوا کہ مصائب و پریشانیوں کا ہونا غیر مقبول ہونے کی علامت نہیں جس طرح امراض واسقام نہ ہونا مقبول ہونے کی علامت نہیں بلکہ بسا اوقات مقبولین کو رفع درجات کے لیے مصائب میں مبتلا کیا جاتا ہے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه الشيخان و النسائي و ابن ماجه۔

عَنْ مُصْعَبِ ابْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ النَّاسِ اَشَدُّ بَلَاءً قَالَ الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلٰی حَسْبِ دِيْنِهٖ فَاِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهٖ صُلْبًا اِشْتَدَّ بَلَاؤُهٗ وَاِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهٖ رِقَّةٌ اُبْتُلِيَ عَلٰی قَدْرِ دِيْنِهٖ فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتّٰی يَتْرُكَهٗ يَمْشِيْ عَلَی الْاَرْضِ وَمَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ۔

ترجمہ: سعدؓ سے مروی ہے کہ میں نے پوچھا رسول اللہ ﷺ سے تمام لوگوں میں سب سے زیادہ آزمائش کن لوگوں کی ہوتی ہے فرمایا انبیاء علیہم السلام کی پھر صلحاء کی (جو جس قدر صالح ہو) مبتلا کیا جاتا ہے آدمی اپنے دین کے مطابق پس اگر اس شخص کے دین میں سختی ہے تو آزمائش بھی سخت ہوگی اور اس کے دین میں کمزوری ہے تو دین کے مطابق ہی ابتلاء ہوگا مصائب بندے کے ساتھ لگے رہتے ہیں حتی کہ چھوڑتے ہیں اس کو وہ اس وقت کہ چلتا ہے وہ شخص زمین پر حال یہ کہ اس پر کوئی گناہ نہیں رہتا۔

قال الانبیاء: یعنی سب سے زیادہ ابتلاء بالمصائب انبیاء کو ہوتا ہے کیونکہ وہ دین کے اعتبار سے پختہ ہوتے ہیں نیز ان کو مصائب میں تلذذ ہوتا ہے جیسا کہ عام لوگوں کو نعمتوں میں لذت ہوتی ہے نیز مصائب دے کر الوہیت کے گمان کو بھی دور کرنا ہوتا ہے تاکہ امت ان کو معبود نہ بنائے پھر امت کو تسلی وتصبیر بھی مقصود ہے اور شدت بلاء تضرع الی اللہ کا ذریعہ بھی ہے جو انبیاء کی روحانی غذا ہے۔

ثم الامثل فالامثل: حافظ فرماتے ہیں کہ مثالہ سے افعل التفضیل کے صیغہ ہے جس کے معنی افضل کے ہیں۔ ابن الملک فرماتے ہیں اس کے معنی۔ الاشرف فالاشرف والا علی فالا علی مرتبةً و منزلةً یعنی جو بھی اقرب الی اللہ ہوگا وہ اشد بلاء بھی ہوگا تاکہ اس کو زیادہ ثواب عنایت ہو۔

ثم برائے تراخی فی الرتبہ ہے اور فاء برائے تعقیب علی سبیل التوالی ہے اور الانبیاء میں الف لام جنسی ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں الف لام استغراقی بھی صحیح ہے کیونکہ کوئی نبی ایسا نہیں گزرا جس کا ابتلاء نہ ہوا ہو۔

يبتلى الرجل على حسب دينه اى مقداره ضعفاً و قوةً و نقصاً و كمالاً۔

صلباً: بضم الصاد ہے ای قویاً شدیداً کان کی خبر ہے اور ضمیر راجع الی الرجل اس کا اسم ہے اور الرجل میں الف لام استغراقی ہے۔

اشتد بلائه: ای كمية و كيفية۔

و ما عليه خطيئة: یہ کنایہ ہے کمال مغفرت سے۔

اس روایت سے گزشتہ مضمون کی مزید وضاحت ہوگئی۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجه احمد والدارمي والنسائي في الكبرى و ابن ماجه و ابن حبان و الحاكم۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِي نَفْسِهٖ وَوَلَدِهٖ وَمَالِهٖ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مومن مرد اور مومنہ عورت پر ہمیشہ مصیبت آتی رہتی ہے (کبھی) اس کی ذات میں کبھی اولاد میں اور کبھی مال میں حتی کہ وہ اللہ سے ملاقات کرے گا اور اس پر کوئی خطا باقی نہ ہوگی۔

مومن کامل خواہ مرد ہو یا عورت ہمیشہ اللہ کی آزمائشوں کا شکار رہتے ہیں کبھی خود اس کی ذات میں ابتلاء ہو گیا اور کبھی اولاد و مال کے ذریعہ لہٰذا اگر وہ صبر کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو دنیا اور آخرت میں کامرانی و کامیابی عطا فرمائیں گے۔

هذا حديث حسن صحيح اخرجهما لك في الموطا و قال الحاكم صحيح على شرط مسلم۔

وفي الباب عن ابي هريرةؓ اخرجه البخاري۔

واخت حذيفة بن اليمان اخرجه النسائي وصححه الحاكم۔

اخت حذیفہ کا نام فاطمہ بنت الیمان ہے صرح به الحافظ في الفتح۔

بَابُ مَا جَاءَ فِيْ ذِهَابِ الْبَصَرِ

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ إِذَا أَخَذْتُ كَرِيْمَتَيْ عَبْدِيْ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَكُنْ لَهٗ جَزَاءٌ عِنْدِيْ إِلَّا الْجَنَّةَ۔

ترجمہ: انسؓ بن مالک نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جب میں اپنے بندے کی آنکھوں کو لے لیتا ہوں دنیا میں تو میرے پاس اس کی جزاء جنت کے علاوہ کوئی اور چیز نہیں ہے۔

کريمتي عبدي: دونوں آنکھوں کو کریمتین سے تعبیر فرمایا کیوں کہ انسان کے تمام حواس و اعضاء میں آنکھوں سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم سے ہی یہ عطا فرمائی ہے۔

لم يكن له جزاء الا الجنة: اس سے مراد یا تو سابقین اولین کے ساتھ جنت میں داخل ہونا ہے یا بلا حساب و کتاب جنت میں داخلہ مراد ہے اس کی وجہ ظاہر ہے کہ بینائی کا ختم ہو جانا دنیا کے مصائب میں سب بڑھ کر مصیبت ہے اور اس مصیبت پر اس نے صبر کیا ہے۔

چنانچہ یہ قید دوسری روایت میں مذکور ہے تو سب سے بڑی مصیبت پر صبر خندہ پیشانی کے ساتھ کرنا یہ رضاء بر قضاء کی سب سے بڑی علامت ہے جب یہ بندہ اللہ کے فیصلہ پر صدق دل سے راضی رہا تو اللہ تعالیٰ نے بھی اپنی رضاء اس کے لیے نازل فرما کر اعلیٰ مقام یعنی جنت کا داخلہ عنایت فرما دیا۔

وفي الباب عن ابي هريرةؓ اخرجه الترمذي في هذا الباب و زيدؓ بن ارقم اخرجه البزار۔

هذا حديث حسن غريب اخرجه البخاري۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَفَعَهٗ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ قَالَ یَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مَنْ اَذْهَبْتُ حَبِیْبَتَیْهِ فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ لَمْ اَرْضَ لَهٗ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے مرفوعاً نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کہ اللہ عزوجل فرماتے ہیں جس شخص کی دونوں آنکھیں میں ختم کردوں پس وہ اس پر صبر کرے اور ثواب کی امید رکھے تو میں نہیں راضی ہوں اس کے بدلہ کے لیے سوائے جنت کے۔

حبیبتیه: کی تفسیر عینیہ روایت کے آخر میں ہے حبیبتین سے مراد محبوبتین ہے اس کی وجہ ظاہر ہے دونوں آنکھیں احب الاعضاء ہیں کہ آنکھوں کے ذریعہ ہی انسان دنیا و ما فیہا کو دیکھتا ہے منفعت ومضرت خیر وشر کے درمیان امتیاز کرتا ہے۔

فصبر واحتسب: حافظ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ آدمی دونوں آنکھوں کی بینائی کے ختم ہونے پر اس استحضار کے ساتھ صبر کرے کہ صابرین سے اللہ تعالیٰ نے کیا کیا وعدے فرمائے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے اس فیصلہ پر راضی ہو کوئی شکوہ زبان و قلب میں نہ ہو بلکہ قول وفعل سے رضاء بر قضاء کا مظاہرہ کرے نیز ایک روایت میں یہ قید بھی مذکور ہے کہ جس وقت بینائی ختم ہونے کا حادثہ پیش آئے اسی وقت صبر واحتساب ہو نہ یہ کہ جب مایوس ہو جائے تو صبر کرے اور حادثہ کے وقت شکوہ وشکایت ہو بعض روایات ضعیفہ میں تو حمدنی علیھما بھی واقع ہوا ہے جس کا مطلب یہ ہوا کہ ذہاب بصر کو اپنے لیے نعمت سمجھتے ہوئے اللہ کی تعریف زبان پر ہو کیونکہ اس کی جزاء جنت کے علاوہ اور کوئی نہیں ہے۔

لم ارض له ثوابًا دون الجنة: دنیا میں بینائی ختم ہو کر لذات دنیا سے یہ شخص محروم ہو گیا اور اس پر اس نے صبر کیا ہے اس لیے اللہ لذات باقیہ یعنی جنت اس کو عطا فرمائیں گے۔

وفی الباب عن عرباض بن ساریہؓ اخرجه ابن حبان فی صحیحه

هذا حدیث حسن صحیح اخرجه ابن حبان۔

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ یَوَدُّ اَهْلُ الْعَافِیَةِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ حِیْنَ یُعْطٰی اَهْلُ الْبَلَاءِ الثَّوَابَ لَوْ اَنَّ جُلُوْدَهُمْ كَانَتْ قُرِضَتْ فِی الدُّنْیَا بِالْمَقَارِیْضِ۔

ترجمہ: حضرت جابرؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دنیا میں عافیت سے رہنے والے تمنا کریں گے قیامت کے دن جس وقت اہل مصائب کو ثواب عطا کیا جائے گا کہ کاش ان کی کھالوں کو دنیا میں قینچیوں سے کاٹ دیا جاتا۔

یود: ای یتمنی۔

اهل العافیة: ای فی الدنیا یوم القیامة یہ یود کا ظرف ہے۔ حین یعطی: مجہول۔

الثواب: مفعول ثانی اس سے ثواب کثیر یا بلا حساب وکتاب جنت میں داخلہ مراد ہے

لقوله تعالیٰ انما یوفی الصابرون اجرهم بغیر حساب۔

قرضت: بالتخفیف اور تشدید کا بھی احتمال ہے کہ مبالغہ وتاکید کے لیے بعض موقع پر تفعیل کا استعمال کیا جاتا ہے اس کے معنی قطعت ہیں۔ ای قطعًا قطعًا۔

المقاریض جمع مقراض قینچی۔

مطلب یہ ہے کہ اہل عافیت فی الدنیا کو حسرت وتمنا ہوگی جب اہل مصائب کے اجر عظیم کو دیکھیں گے کہ کاش ان کو دنیا میں بجائے عافیت کے قینچیوں سے ٹکڑے ٹکڑے کاٹ دیا جاتا یعنی خوب مصائب ان کو دیئے جاتے تا کہ اسی قدر ثواب ان کو زیادہ حاصل ہو جاتا۔

روایت سے صبر علی البلاء کی فضیلت معلوم ہوئی۔

قال میرك يحتمل ان يكون مفعول يود الثواب على طريق التنازع وقوله لو ان جلودهم حال اى متمنين ان جلودهم الخ۔ او قائلين لو ان جلودهم على طريقة الالتفات من التكلم الى الغيبة۔

هذا حديث غريب اخرجه الطبراني و ابن ابى الدنيا۔

ابا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَمُوْتُ اِلَّا نَدِمَ قَالُوْا وَمَا نَدَامَتُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا نَدِمَ اَنْ لَا يَكُوْنَ ازْدَادَ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا نَدِمَ اَنْ لَا يَكُوْنَ نَزَعَ۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں مرتا ہے کوئی شخص مگر نادم ہوتا ہے صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ مرنے والے کو ندامت کیوں ہوگی فرمایا (اس لیے کہ) اگر وہ نیک عمل والا ہے تو اس بات پر نادم ہوگا کہ اس نے اعمال خیر زیادہ کیوں نہ کیے اور اگر برے اعمال والا تو اس بات پر نادم ہوگا کہ اس نے برے اعمال کیوں نہ چھوڑے۔

ندم: بکسر الدال، معلوم ہوا کہ زندگی کو غنیمت سمجھا جائے اور نیک اعمال کی طرف سبقت کرنی چاہیے کیوں کہ موت بہر حال آنی ہے اور اس کے بعد ندامت ہوگی جو مفید نہ ہوگی دنیا دار العمل ہے آخرت دار الجزاء ہے آدمی کو یہ بات پیش نظر رکھتے ہوئے زندگی گذارنی چاہیے۔

یحییٰ بن عبد اللہ کے بارے میں شعبہ نے کلام کیا ہے

فى تهذيب التهذيب قال على بن المدينى سالت يحيى ابن سعيد عن يحيى بن عبيد الله فقال قال شعبة رأيته يصلى صلوة لا يقيمها فتركت حديثه۔ و ذكر الحافظ فيه جروح ائمة الحديث۔

ابا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ يَخْتِلُوْنَ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ يَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّاْنِ مِنَ اللِّيْنِ اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ يَقُوْلُ اللّٰهُ اَبِيْ تَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَيَّ تَجْتَرِءُوْنَ فَبِيْ حَلَفْتُ لَاَبْعَثَنَّ عَلٰى اُولٰٓئِكَ مِنْهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ مِنْهُمْ حَيْرَانًا۔

ترجمہ: ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آئیں گے آخر زمانہ میں ایسے لوگ جو طلب کریں گے دین و آخرت کے بدلہ دھوکہ دے کر دنیا کو پہنیں گے لوگوں کو دھوکہ دینے کے بھیڑ کی کھالیں نرمی دکھانے کے لیے ان کی زبانیں شکر سے زیادہ میٹھی ہوں گی اور ان کے دل بھیڑیوں کے دل ہوں گے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ کیا تم لوگ میرے ساتھ دغا بازی کرتے ہو یا میرے مقابلے سینہ زوری کرتے ہو پس میں اپنی قسم کھاتا ہوں کہ البتہ بھیجوں گا ان لوگوں پر انہی میں سے ایسا فتنہ جو بردبار شخص کو بھی حیران کر دے گا۔

يختلون الدنيا بالدين: اى يطلبون الدنيا بعمل الآخرة ختل يختل از ضرب و يختل از نصر ختلاً

کسی شئی کو دھوکہ دے کر حاصل کرنا۔

یلبسون للناس جلود الضان الخ: یوں تو یہ کنایہ ہے لوگوں کے ساتھ بظاہر نرم برتاؤ سے یعنی لوگوں کے ساتھ بظاہر بڑے نرم دل، شیریں زبان، اسلام کے ہمدرد، تبلیغ کے علمبردار حق وصداقت کے مدعی دنیا سے متنفر اور تقدس مآب ہوں گے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں ممکن ہے اس سے ظاہری معنی ہی مراد ہوں کہ بھیڑیوں کی کھال اور اس کے بالوں کے بنے ہوئے کمبل پہنیں گے تاکہ لوگ ان کو زہاد و عباد تارک دنیا اور راغب الی الآخرۃ سمجھیں۔

من اللبن: ای اظہار التلین و التلطف و التمسکن و التمسکن و التقشف مع الناس۔

حالانکہ مقصود ان سب کے اظہار کا تملق اور اظہار تواضع مع الناس تاکہ لوگ بزرگ سمجھ کر مرید ہوں جائیں اور ان سے دنیا خوب حاصل کی جائے۔

احلی من السکر: بضم السین وتشدید الکاف معرب ہے بمعنی شکر یعنی ان کی زبانیں شکر سے بھی زائد میٹھی اور شیریں معلوم ہوں گی۔ حالانکہ دل بھیڑیے کی طرح حب مال وحب جاہ سے بھرا ہوا ہوگا یہ سب ظاہری برتاؤ برائے طلب دنیا ہوگا تو گویا انہوں نے دین کو دنیا طلبی کا ذریعہ بنالیا ہے۔

ابی تغترون: ہمزہ استفہامیہ ہے ای ابحلمی وامہالی تغترون اور یہ کنایہ ہے عدم خوف سے یعنی کیا تم میرا خوف نہیں کرتے اور اس ریاء کاری سے باز نہیں آتے ہو۔

فبی حلفت۔ ای بعظمتی و جلالی لا بغیر ذالک

لا بعثن بمعنی لاسلطن او لا قضین: یعنی میں اپنے جلال وعظمت کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تم پر مسلط کردوں گا ایسا فتنہ کہ بردبار اور عقل مند بھی پریشان ہوگا اور اس کے دفاع پر قادر نہ ہوگا اور اس فتنہ سے چھٹکارے کی کوئی صورت میسر نہ ہوگی اور وہ فتنہ خود انہی لوگوں میں سے پیدا ہوگا باہر سے نہ آئے گا۔

روایت کا مطلب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخر زمانہ میں آنے والے بعض لوگوں کے بارے میں پیشن گوئیاں دی ہیں یہ پیشن گوئی بھی اس قبیلہ سے ہے کہ آخر زمانہ میں ایسے لوگ ہوں گے جو دین کو طلب شہرت اور دنیا طلبی کا ذریعہ بنائیں گے اور لوگوں کو دھوکہ دیں گے بظاہر وہ اعلیٰ درجہ کے دین دار معلوم ہوں گے لیکن درحقیقت وہ سب ظاہرا ہوگا باطنا تو ان کے قلوب بھیڑیوں کی طرح حب مال وحب جاہ پر حریص ہوں گے تو اللہ تعالیٰ نے تنبیہ فرمائی کہ یا تو اس ریاء کاری اور دغا بازی سے باز آجائیں ورنہ فتنہ میں مبتلا کردیے جائیں گے جس کا کوئی حل نہ ہوگا حتی کہ عقل والے لوگ بھی پریشان ہوں گے۔

دین فروشی یہود ونصاریٰ کا عمل ہے قرآن کریم میں بار بار اس پر تنبیہ کی گئی ہے اور اس کا انجام بھی بیان کردیا گیا ہے

اللھم احفظنا منہ۔

وفی الباب عن ابن عمرؓ اخرجه الترمذی بعد ھذا۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ لَقَدْ خَلَقْتُ خَلْقًا اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَقُلُوْبُهُمْ اَمَرُّ مِنَ الصَّبِرِ فَبِيْ حَلَفْتُ لَاُتِيْحَنَّهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ مِنْهُمْ حَيْرَانًا فَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِءُوْنَ۔

ترجمہ: ابن عمر نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے میں نے ایسی مخلوق کو پیدا کیا ہے جن کی زبانیں شہد سے زیادہ شیریں ہیں اور ان کے قلوب ایلوے سے زائد کڑوے ہیں پس میں اپنی ذات کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ نازل کروں گا میں ان پر ایسا فتنہ جو بردبار کو بھی متحیر بنا کر چھوڑ دے گا کیا تم مجھ کو دھوکہ دیتے ہو یا میرے اوپر جرأت کرتے ہو۔

لقد خلقت خلقاً: ای من الآدمیین۔

السنتھم احلی من العسل: اس سے مراد مداہنۃ فی الدین اور تملق ہے۔

الصبر بروزن کتف: بمعنی ایلوا کڑوے پیڑ کا شیرہ اس سے مراد اظہار مکر ونفاق ہے۔

لا تیحنھم بالتاء والیاء ثم حاء مھملہ ثم نون یہ اتاح یتیح

سے ماخوذ ہے بمعنی نازل کرنا۔ بھیجنا، مقدر کرنا۔ لام تاکید کے ساتھ صیغہ متکلم ہے۔

روایت کا مطلب ماقبل کی روایت سے واضح ہے۔

اعلم ان حدیث ابن عمرؓ و ابی ھریرۃؓ لا مناسبۃ لھما بباب ذھاب البصر ولعلہ سقط قبلھما باب ینسب بھذین الحدیثین۔

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ حِفْظِ اللِّسَانِ

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَاالنَّجَاةُ قَالَ اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ۔

ترجمہ: عقبہ بن عامرؓ فرماتے ہیں میں نے پوچھا رسول اللہ ﷺ نجات کا سبب کیا ہے فرمایا قابو میں رکھ تو اپنے اوپر اپنی زبان کو اور کشادہ رہے تیرے لیے تیرا گھر اور رو تو اپنی خطاء پر۔

املک علیک لسانک: املک صیغہ امر ہے ملک سے ماخوذ ہے جس کے معنی قابو پانا، حاوی ہونا، محفوظ کرنا۔

ولیسعک بیتک: یعنی اپنے گھر میں رہو لوگوں سے زیادہ میل جول نہ ہو کیونکہ اختلاط ہی سے آدمی فتنوں میں مبتلا ہوتا ہے۔

ابک علی خطیئتک: ابک صیغہ امر ہے ندامت کے معنی کو متضمن ہونے کی بناء پر متعدی بعلی ہے ای اندم علی خطیئتک باکیا۔

حفظ لسان: زبان کی حفاظت کے بارے میں تفصیلی کلام جزء دوم ص: ۱۹۰ پر گزر چکا ہے۔ زبان کا خطرہ عظیم ہے اور اس سے بچنے کا واحد راستہ خاموشی ہے اس لیے شریعت نے خاموشی کی مدح فرمائی ہے۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من صمت نجا نیز فرمایا

الصمت حکم و فاعلہ قلیل (دیلمی) فرمایا من سرہ ان یسلم فلیلزم الصمت (بیہقی) ایک روایت میں ہے کہ اذا رأیتم المومن صموتا وقورا فادنوا منہ فانہ یلقی الحکمۃ (ابن ماجہ) نیز فرمایا الناس ثلثۃ غانم۔ وسالم۔ وشاحب فالغانم الذی یذکر اللہ تعالیٰ والسالم الساکت و الشاحب الذی یخوض فی الباطل (طبرانی)۔

نیز فرمایا من کان یومن باللہ والیوم الآخر فلیقل خیرا اولیسکت (بخاری و مسلم)۔

بہرحال حفظ لسان کے سلسلہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے شمار روایات مروی ہیں جو کتب احادیث میں موجود

ہیں جو قوت زبان کی حفاظت نہیں کرتے وہ بے شمار آفات میں مبتلا ہوتے ہیں، غلطی، جھوٹ، غیبت، چغل خوری، ریاء، نفاق، فحش گوئی، خودنمائی، خودستائی، خصومت، لغوگوئی، تعریف، بات بڑھانا گھٹانا، ایذاء دہی، پردہ دری، اسی طرح لایعنی کلام، کثرت کلام، باطل کا ذکر، بات کاٹنا، سب وشتم، لعنت کرنا، تصنع فی الکلام، بے جا مزاح، استہزاء، افشائے راز، وعدہ خلافی، جھوٹی قسم وغیرہ وغیرہ آفات بھی زبان ہی سے متعلق ہیں۔ انسان کے اعضاء میں سب سے زیادہ نافرمانیاں زبان سے سرزد ہوتی ہیں اس لیے کہ اس کو حرکت میں کوئی وقت نہیں اور نہ تعب وتھکن لوگ زبان کی آفات سے بچنے میں تساہل برتتے ہیں اور اسکے شر کو معمولی سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں حالانکہ یہ شیطان کا موثر ترین ہتھیار ہے۔

الحاصل روایۃ الباب میں املک علیک لسانک آپ نے نہایت جامع ارشاد فرمایا کہ زبان کو قابو میں رکھ یہ نجات کا سبب و ذریعہ ہے۔

و لیسعك بیتك : آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نجات کا دوسرا سبب بیان فرمایا کہ اپنے گھروں میں رہو، لوگوں سے اختلاط نہ ہو بلکہ عزلت ہو کیونکہ جب لوگوں سے اختلاط نہ ہوگا تو عبادات کے لیے فراغت ہوگی معاصی سے اجتناب فتنوں اور خصومتوں سے حفاظت، لوگوں کی ایذاء سے حفاظت، حرص وطمع کا خاتمہ۔ احمقوں سے چھٹکارا رہے گا ان وجوہات کی بناء پر بعض لوگوں نے خلوت نشینی کو ترجیح دی ہے۔

ابك علی خطیئتك: یعنی اپنے گناہوں کا استحضار ہو ان پر اس قدر ندامت ہو کہ رونا آ جائے یہ بھی نجات کا سبب ہے۔

ندامت: کا نام ہی توبہ ہے ندامت کے صحیح ہونے کی علامت یہ ہے کہ آدمی کا دل رقیق ہو آنکھوں میں آنسوؤں کی فراوانی ہو اور دل میں ان گناہوں سے نفرت وکراہت پیدا ہو جائے ان کی حلاوت ولذت باقی نہ رہے ظاہر ہے جس شخص کے اندر یہ بات پائی جائے گی وہ یقیناً ناجی ہوگا۔

هذا حدیث حسن اخرجه ابوداؤد والبیهقی وابن ابی الدنیا

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَفَعَهٗ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ ابْنُ اٰدَمَ فَاِنَّ الْاَعْضَاءَ کُلَّهَا تُکَفِّرُ اللِّسَانَ فَتَقُوْلُ اِتَّقِ اللّٰهَ فِیْنَا فَاِنَّمَا نَحْنُ بِكَ فَاِنِ اسْتَقَمْتَ اِسْتَقَمْنَا وَاِنِ اعْوَجَجْتَ اِعْوَجَجْنَا

ترجمہ: ابوسعید خدریؓ سے مرفوعاً منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب ابن آدم صبح کرتا ہے تو اس کے تمام اعضاء جھک کر زبان سے کہتے ہیں کہ تو ہمارے بارے میں اللہ سے ڈر کیونکہ ہم سب تجھ سے متعلق ہیں اگر تو سیدھی رہے گی ہم بھی سیدھے رہیں گے اور اگر تو ٹیڑھی ہو جائے گی تو ہم بھی ٹیڑھے ہو جائیں گے۔

اذا اصبح ای دخل فی الصباح۔

تکفر اللسان : بتشدید الفاء المکسورة ای تتذلل وتتواضع له تکفیر کے معنی کسی کی تعظیم کے لیے سر جھکانا۔

فتقول : ای الاعضاء حقیقةً او مجازاً بلسان الحال۔

اتق اللّٰہ فینا : ای خفه فی حفظ حقوقنا

فانا نحن بك: ای نتعلق و نستقیم و نعوج بك۔

سوال: اس روایت سے معلوم ہوا کہ تمام اعضاء زبان کے تابع ہیں اور اسی پر ان کا مدار ہے حالانکہ دوسری روایت ان فی الجسد لمضغۃ اذا صلحت صلح الجسد کلہ واذا فسدت فسد الجسد کلہ الا وہی القلب سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اعضاء قلب سے متعلق ہیں اور قلب اصل ہے۔

جواب: زبان قلب کے لیے ترجمان ہے اور ظاہر بدن کے لحاظ سے اس کا خلیفہ ہے زبان کی طرف جب کوئی حکم منسوب ہوگا تو مجازاً ہوگا لہٰذا روایۃ الباب میں زبان کو اصل مجازاً کہا گیا ہے۔

هذا حدیث لا نعرفه الا من حدیث حماد بن زید اخرجه ابن خزیمه و البیهقی۔

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَتَوَكَّلُ لِيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ أَتَوَكَّلُ لَهُ بِالْجَنَّةِ۔

ترجمہ: سہل بن سعدؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص ذمہ داری سے لے اپنے دونوں جبڑوں کے درمیان کی اور دونوں پیروں کے درمیان کی میں اس کے لیے جنت کی ذمہ داری لیتا ہوں۔

من یتوکل الخ: من شرطیہ ہے اور یتوکل مجزوم ہے اس کے معنی

تکفل و فی روایة البخاری من یضمن لی ماخوذ من الضمان بمعنی الوفاء بترك المعصیة فاطلق الضمان و اراد لازمه وهو اداء الحق الذی علیه فالمعنی من ادی الحق الذی علی لسانه من النطق بما یجب علیه او الصمت عما لا یعنیه۔

مراد یہ ہے کہ اپنی زبان کو قابو میں کرنے کی ذمہ داری کوئی شخص لے لے۔

بین لحییہ: بفتح اللام وسکون الحاء اور یاء اول مفتوح لحیۃ کا تثنیہ ہے ہما العظمان الذان ینبت علیہما الاسنان علوا وسفلا یعنی دونوں جبڑوں کے درمیان مراد زبان ہے وقد تقدم الکلام علیہ۔

ما بین رجلیہ: اس سے مراد فرج ہے۔ انسان پر تمام شہوتوں میں سب سے زیادہ شرمگاہ کی شہوت غالب ہوتی ہے اور یہ ہیجان کے وقت عقل کی سب سے زیادہ نافرمان بھی ہے اس کے نتائج شرمناک حد تک برے ہیں اگر آدمی اپنے آپ پر قابو نہ رکھے اور اس شہوت کو اعتدال میں نہ کرے تو آفتوں کا شکار ہوگا جس سے دنیا بھی کھودے گا اور آخرت ودین بھی برباد ہو جائے گا۔ شہوت کا اعتدال یہ ہے کہ آدمی شہوت کے تابع نہ ہو بلکہ شہوت عقل وشرع کے تابع ہو ان کی ہدایات پر عمل کرے شہوت کی زیادتی بھوک و نکاح کے ذریعہ ختم کی جا سکتی ہے۔

قال النبی صلی الله علیه و آله وسلم یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءة فلیتزوج ومن لم یستطع فعلیه الصیام فانه له وجاء۔

بہر حال روایت سے معلوم ہوا کہ سب سے زیادہ بلائیں ومصائب آدمی پر زبان وفرج کی بناء پر آتے ہیں جو شخص ان دونوں کے شر سے بچ گیا تو مصائب سے بچا رہے گا اور آخرت میں آپ ﷺ نے اس کے لیے جنت کا وعدہ فرمایا ہے۔

اتوکل له بالجنة : بالجزم جواب شرط ہے جنت سے مراد تو اولاً داخل ہونا یا بلند درجات کا حاصل ہونا ہے۔

وفی الباب عن ابی ہریرةؓ اخرجه الترمذی فی ھٰذا الباب و ابن عباسؓ اخرجه البزار۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح غریب اخرجه البخاری۔

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَقَاهُ اللّٰهُ شَرَّ مَا بَیْنَ لَحْیَیْهِ وَ شَرَّ مَا بَیْنَ رِجْلَیْهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔

ترجمہ: ابوہریرہؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس شخص کو اللہ تعالیٰ دونوں جبڑوں اور دونوں پیروں کے شر سے محفوظ فرما دیں وہ شخص جنت میں داخل ہوگا یعنی بغیر عذاب کے۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح اخرجه ابن حبان ورواه ابن ابی الدنیا۔

ابو حازم الذی روی عن سھل بن سعدؓ الخ: حاصل عبارت یہ ہے کہ ابوحازم دو ہیں اول ابوحازم جو سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں ان کا نام سلمہ بن دینار ہے یہ مدنی ہیں پانچویں طبقہ کے ثقہ عابد راوی ہیں۔

اور دوسرے وہ ابوحازم جو اس روایت میں ہیں یہ ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں ان کا نام سلمان اشجعی ہے اور یہ کوفی ہیں۔

عَنْ سُفْیَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِیِّ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَدِّثْنِیْ بِأَمْرٍ أَعْتَصِمُ بِهٖ قَالَ قُلْ رَبِّیَ اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقِمْ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا أَخْوَفُ مَا تَخَافُ عَلَیَّ فَأَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهٖ ثُمَّ قَالَ ھٰذَا۔

ترجمہ: سفیان بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا مجھ سے ایسی چیز بیان فرمادیجئے کہ میں اس کو مضبوط پکڑلوں فرمایا کہ تو مرا رب اللہ ہے اور اس پر قائم رہ فرماتے ہیں کہ پھر میں نے پوچھا کیا چیز ہے وہ جس کے بارے میں آپ مجھ پر سب سے زیادہ خوف کرتے ہیں پس آپ نے اپنی زبان پکڑی پھر فرمایا یہ ہے۔

قل ربی اللّٰه ثم استقم : آپ نے نہایت جامع ارشاد فرمایا جو تمام اوامر ونواہی کو جامع ہے کیونکہ مقتضیات ربوبیت اور اسکی مرضیات کو آدمی جب ہی پورا کرسکتا ہے کہ وہ اسکو اپنا رب مانے اور اس پر مستقیم رہے۔

کما قال تعالٰی ان الذین قالوا ربنا اللّٰه ثم استقاموا الآیة۔

ما اخوف ما تخاف علیّ: پہلا ما استفہامیہ ہے جو مبتداء ہے اور اخوف الخ اس کی خبر ہے۔ دوسرا ما اخوف کا مضاف الیہ ہے اور موصولہ ہے اور عائد محذوف ہے

ای ایّ شیء اخوف الاشیاء تخاف منھا علیّ۔

طیبیؒ فرماتے ہیں ما موصول اور موصوف دونوں ہوسکتے ہیں نیز ما مصدریہ کا بھی احتمال ہے۔

علی طریقة جد جده و جن جنونه و خشیت خشیته

ثم قال ھذا: یا تو مبتداء ہے یا خبر والمعنی ھٰذا اکثر خوفی علیك منه

زبان کی آفات وغیرہ کے بارے میں تفصیلاً کلام گزر چکا۔

ھٰذا حدیث حسن صحیح اخرجه ابن حبان و الحاکم۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَا تُكْثِرِ الْكَلَامَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ فَإِنَّ كَثْرَةَ الْكَلَامِ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ قَسْوَةٌ لِلْقَلْبِ وَإِنَّ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ اللّٰهِ الْقَلْبُ الْقَاسِيْ۔

ترجمہ: ابن عمرؓ نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کے ذکر کے علاوہ کلام زیادہ نہ کر کیونکہ کثرت کلام بغیر ذکر اللہ کے قلب کے سخت ہونے کا باعث ہے اور بے شک اللہ سے سب سے زیادہ بعید لوگوں میں وہ شخص ہے جس کا دل سخت ہو۔

لا تکثر الکلام بغیر ذکر اللّٰه: اس سے معلوم ہوتا ہے بعض کلام مباح ومفید بھی ہوتے ہیں

کما ھو الظاھر قسوۃ القلب ای سبب قساوۃ القلب۔

قساوۃ قلب سے کیا مراد ہے: قساوۃ قلب سے مراد یہ ہے کہ جب دل سخت ہو جاتا ہے تو حق بات کو وہ قبول نہیں کرتا اور نہ حق کی طرف مائل ہوتا ہے۔ خوف وخشیت اس میں نہیں رہتی آخرت سے بے فکری ہو جاتی ہے دنیا کی طرف میلان زیادہ ہوتا ہے اور لہو ولعب میں مبتلا رہتا ہے۔

وان ابعد الناس من اللّٰه القلب القاسی: ای صاحبہ یا تقدیر عبارت ھے ابعد قلوب الناس القلب القاسی یا ابعد الناس من لہ القلب القاسی۔

جس شخص کا دل سخت ہوگا وہ شخص اللہ سے بعید تر ہوگا کہ اس کا میلان حق کی طرف نہیں ہوگا۔

قال تعالٰی ثم قست قلوبکم من بعد ذلك فھی کالحجارۃ او اشد قسوۃ الآیۃ۔

قال عز وجل الم یان للذین آمنوا ان تخشع قلوبھم لذکر اللّٰه وما نزل من الحق ولا یکونوا کالذین اوتوا الکتاب من قبل فطال علیھم الامد فقست قلوبھم الآیۃ۔

حدثنا ابوبکر بن ابی النضر الخ سے دوسری سند ذکر فرمائی ہے۔

ھذا حدیث غریب اخرجہ البیھقی۔

عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ قَالَ كُلُّ كَلَامِ ابْنِ آدَمَ عَلَيْهِ لَا لَهُ إِلَّا أَمْرٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ نَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ أَوْ ذِكْرُ اللّٰهِ۔

ترجمہ: ام حبیبہؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ابن آدم کا ہر کلام اس کے لیے نقصان دہ ہے اس کے لیے سودمند نہیں سوائے امر بالمعروف یا نہی عن المنکر کے یا اللہ کے ذکر کے۔

کلام ابن آدم علیہ ای علیہ ضررہ و وبالہ علیہ و قیل یکتب علیہ۔

لالہ: ای لیس لہ نفع فیہ اولا یکتب لہ۔

امر بمعروف: امر بالمعروف اس لیے نافع ہے کہ اس میں غیر کو نفع پہنچتا ہے اور یہ اوامر شرع میں سے ہے اسی طرح نہی عن المنکر میں بھی لوگوں کا نفع ہے اور اس میں غیر کی خیر خواہی ہے جو مطلوب ومرغوب ہے۔

ذکر اللّٰه: ذکر اللہ سودمند اس لیے ہے کہ اس سے رضائے الٰہی حاصل ہوتی ہے۔

سوال: ملا علی قاری فرماتے ہیں روایۃ الباب سے معلوم ہوتا ہے کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور ذکر اللہ کے علاوہ کوئی کلام مفید نہیں بلکہ مضر ہے حالانکہ بہت سے کلام مباح ہیں اور ان کی اجازت ہے؟

جواب: یہ ہے کہ روایۃ الباب مبالغہ پر دال ہے نیز تقلیل کلام کی ترغیب وتاکید کے لیے آپ نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔

جواب: یہاں مراد نفع فی العقبیٰ ہے یعنی ابن آدم کا ہر کلام نافع فی العقبیٰ نہیں ہے سوائے امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور ذکر اللہ کے اور ظاہر ہے کہ کلام مباح بھی کلام ابن آدم کے تحت اس اعتبار سے داخل ہے کہ وہ نافع فی العقبیٰ نہیں اگرچہ دنیا میں منفعت اس سے متعلق ہے۔

جواب: یا تقدیر عبارت ہے

کل کلام ابن آدم حسرة علیه لا منفعة له فیه الا المذکورات وامثالها فلا اشکال و هو مقتبس من قوله تعالٰی لا خیر فی کثیر من نجواهم الا من امر بصدقة او معروف او اصلاح بین الناس۔

هذا حدیث غریب اخرجه ابن ماجه والحاکم والبیهقی۔

فائدہ: روایۃ الباب سے معلوم ہوا کہ آدمی کو کلام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔ ابراہیم تیمی کہتے ہیں کہ مومن بولنے سے پہلے یہ دیکھتا ہے کہ بولنا اس کے حق میں مفید ہے یا نہیں اگر مفید ہو تو بولتا ہے ورنہ چپ رہتا ہے اور فاسق وفاجر بے سوچے سمجھے بولتا ہے عالم کا فتنہ یہ ہے کہ اسے سننے سے زیادہ بولنے میں لطف آئے اگر کوئی بولنے والا مل جائے تو اس کے لیے سننا بہتر ہے اسی میں سلامتی ہے بولنے میں تخریب تلبیس وتزئین وغیرہ کے خطرات ہیں۔ ابراہیم ادہم فرماتے ہیں آدمی مال اور کلام کی زیادتی سے تباہ ہوتا ہے قلت کلام کے بارے میں باب گزر چکا ہے۔

عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِیْ جُحَیْفَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ اٰخٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَیْنَ سَلْمَانَ وَاَبِی الدَّرْدَاءِ فَزَارَ سَلْمَانُ اَبَا الدَّرْدَاءِ فَرَاٰی اُمَّ الدَّرْدَاءِ مُتَبَذِّلَةً قَالَ مَا شَاْنُكِ مُتَبَذِّلَةً قَالَتْ اِنَّ اَخَاكَ اَبَا الدَّرْدَاءِ لَیْسَ لَهٗ حَاجَةٌ فِی الدُّنْیَا قَالَتْ فَلَمَّا جَاءَ اَبُو الدَّرْدَاءِ قَرَّبَ اِلَیْهِ طَعَامًا فَقَالَ كُلْ فَاِنِّیْ صَائِمٌ قَالَ مَا اَنَا بِاٰكِلٍ حَتّٰی تَاْكُلَ قَالَ فَاَكَلَ فَلَمَّا كَانَ اللَّیْلُ ذَهَبَ اَبُو الدَّرْدَاءِ لِیَقُوْمَ فَقَالَ لَهٗ سَلْمَانُ نَمْ فَنَامَ ثُمَّ ذَهَبَ یَقُوْمُ قَالَ لَهٗ نَمْ فَنَامَ فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الصُّبْحِ قَالَ لَهٗ سَلْمَانُ قُمِ الْاٰنَ فَقَامَا فَصَلَّیَا فَقَالَ اِنَّ لِنَفْسِكَ عَلَیْكَ حَقًّا وَلِرَبِّكَ عَلَیْكَ حَقًّا وَلِضَیْفِكَ عَلَیْكَ حَقًّا وَاِنَّ لِاَهْلِكَ عَلَیْكَ حَقًّا فَاَعْطِ كُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّهٗ فَاَتَیَا النَّبِیَّ ﷺ فَذَكَرَا ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ صَدَقَ سَلْمَانُ۔

ترجمہ: عون اپنے باپ ابو جحیفہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ بھائی چارگی کرائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلمان وابوالدرداء کے درمیان پس زیارت کے لیے آئے سلمان اپنے بھائی ابوالدرداء کی تو انہوں نے ام الدرداء کو پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے دیکھا تو ان سے کہا تیرا حال کیا ہے کہ پرانے میلے کچیلے کپڑے پہن رکھے ہیں کہنے لگی آپ کے بھائی ابوالدرداء کو دنیا کی کوئی حاجت نہیں ہے۔ پھر ابوالدرداء آ گئے انہوں نے حضرت سلمان کے سامنے کھانا رکھا اور کہا کھایئے انہوں نے کہا میں تو روزہ دار ہوں سلمان نے کہا میں نہیں کھاؤں گا جب تک آپ نہ کھائیں گے فرمایا ابوالدرداء نے کھایا سلمان نے پس جب رات ہوئی تو ابوالدرداء جانے لگے تا کہ نماز پڑھیں تو سلمان نے پھر ان سے کہا سو جایئے پس وہ سو گئے پس جب صبح کا وقت ہوا تو سلمان نے کہا اب اٹھ جایئے پھر دونوں کھڑے ہو کر نماز پڑھی۔ پھر سلمان نے فرمایا بیشک آپ پر آپ کے نفس کا حق ہے اور آپ کے رب کا بھی حق ہے اور آپ

کے مہمان کا بھی حق ہے اور بے شک آپ کے اوپر گھر والوں کا بھی حق ہے لہٰذا ہر حق والے کے حق کو ادا کیجئے پھر دونوں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس واقع کا دونوں نے آپ سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا سلمان نے سچ کہا ہے۔

اخي رسول الله صلى الله عليه وسلم الخ: ای جعل بینھما اخوۃ حافظ فرماتے ہیں کہ اصحاب مغازی نے ذکر کیا ہے کہ آپ نے صحابہ کے درمیان دو مرتبہ مواخاۃ کرائی ہے اول قبل الہجرۃ مہاجرین کے درمیان یہ مواخات خیر خواہی اور مددگاری کے بارے میں تھی۔ چنانچہ زید ابن حارثہ اور حمزہ بن عبدالمطلب کے درمیان مواخات قبل الہجرۃ اسی سے متعلق تھی دوسری ہجرت کے پانچ ماہ بعد مہاجرین وانصار کے درمیان جس کی تفصیل کتب احادیث میں موجود ہے۔

ام الدرداء: ان کا نام خیرہ ہے یہ صحابیہ ہیں ان کے انتقال کے بعد ابوالدرداء نے ایک دوسری عورت سے نکاح کیا ان کا نام ہجیمہ ہے جو تابعیہ ہیں ان کو بھی ام الدرداء کہا گیا ہے یہ ابوالدرداء کے بعد زندہ رہی ہیں۔

فـــرای متبـــذلة: بفتح التاء والباء تشدید الذال المکسورۃ ای لابسۃ ثیاب البذلۃ بکسر الباء وسکون الذال یعنی میلے کچیلے کپڑے پہنے ہوئے ام الدرداء کو پرانے کپڑے پہنے ہوئے دیکھا ممکن ہے کہ یہ واقعہ نزول حجاب سے پہلے پیش آیا ہو یا حالت معلوم ہونے کے لیے کشف حجاب لازم نہیں۔

ليس له حاجة في الدنيا دار قطني اور ابن خزیمہ کی روایت میں ہے۔

يصوم النهار و يقوم الليل يعني ابو الدرداء۔

تمہارے بھائی کو دنیا سے کوئی تعلق ہی نہیں دن بھر روزہ رکھتے ہیں رات بھر قیام کرتے ہیں میری طرف کبھی توجہ نہیں کرتے کہ میں ان کے لیے زیب وزینت اختیار کروں۔

ما انا باكل حتى تاكل بزار کی روایت میں ہے فقال اقسمت عليك لتفطرن حضرت سلمان کا منشاء ابوالدرداء کو تنبیہ کرنا تھی کہ اپنے اوپر اس قدر سختی کیوں کر رکھی ہے۔

فذكر اذلك له: دار قطنی میں ہے کہ یہ دونوں نماز کیلئے آئے اور ابوالدرداء آپکے قریب ہوئے تاکہ سلمان کی کہی ہوئی بات کا ذکر کریں مگر آپ نے خود ابوالدرداء سے فرمایا ان لجسدک علیک حقا الخ: معلوم ہوا کہ بذریعہ وحی یا مکاشفہ آپکو ان دونوں کی گفتگو معلوم ہوگئی تھی ممکن ہے کہ آپکی یہ گفتگو بذریعہ وحی معلوم ہوگئی ہو مگر ابوالدرداء نے بھی ذکر کر دیا ہو اس پر آپ نے فرمایا صدق سلمان فلا تعارض۔

فوائد روایت: مشروعية مواخاة في الله زيارة اخوان، المبيت عندهم۔ جواز مخاطبة الاجنبية للحاجته والسوال عما يترتب عليه المصلحته النصح للمسلم و التنبيه لمن اغفل۔ فضل القيام في آخر الليل، مشروعية تزئين المراة لزوجها ثبوت حق المراة على الزوج و حسن المعاشرة و قد يوخذ منه ثبوت حقها في الوطي لقوله ولا هلك عليك حقاً و في رواية وانت اهلك كما في الدار قطني۔ جواز النهي عن المستحبات اذا خشي ان ذلك يفضي الى السامة والملل و تفويت الحقوق المطلوبة الواجبة او المندوبة الراجح فعلها على فعل المستحب المذكور و ان الوعيد الوارد على من نهٰي مصليا عن الصلوة مخصوص بمن نهاه ظلمًا وعدوانًا و كراهية الحمل على النفس في العبادة كذا في الفتح۔

هذا حديث صحيح اخرجه البخاري۔

وابو العميس الخ: راوی کا تعارف کرار ہے ہیں کہ ان کا نام عتبہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود الہذلی الکوفی ہے عبدالرحمٰن بن عبداللہ المسعودی کے بھائی ہیں طبقہ سابعہ کے ثقہ راوی ہیں۔

عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ قَالَ كَتَبَ مُعَاوِيَةُ إِلَى عَائِشَةَ أَنِ اكْتُبِي إِلَيَّ كِتَابًا تُوصِينِي فِيهِ وَلَا تُكْثِرِي عَلَيَّ قَالَ فَكَتَبَتْ عَائِشَةُ إِلَى مُعَاوِيَةَ سَلَامٌ عَلَيْكَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ مَنِ الْتَمَسَ رِضَى اللَّهِ بِسَخَطِ النَّاسِ كَفَاهُ اللَّهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَى النَّاسِ بِسَخَطِ اللَّهِ وَكَلَهُ اللَّهُ إِلَى النَّاسِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ۔

ترجمہ: مدینہ کے ایک آدمی سے مروی ہے کہ معاویہ نے عائشہؓ کو لکھا کہ مجھے ایک خط لکھیے جس میں مجھے کچھ نصیحت کیجئے اور زیادہ نصیحتیں نہ کیجئے راوی کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے معاویہ کو لکھا سلام ہو تم پر، اما بعد میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اللہ کی رضا کو لوگوں کے غصہ میں تلاش کرتا ہے اللہ تعالیٰ لوگوں کی تکلیف وایذاء سے اس کی کفایت کریں گے اور جو شخص لوگوں کی رضامندی کو اللہ کی ناراضگی میں تلاش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کے حوالہ فرمائیں گے اور تم پر سلامتی ہو۔

كفاه الله مؤنة الناس: یعنی ایسے شخص کو اللہ تبارک وتعالیٰ لوگوں کی ایذاء سے محفوظ رکھے گا کیونکہ اس نے اپنے کو حزب اللہ میں داخل کر دیا اور اللہ تعالیٰ اس کو محروم نہیں فرماتے ہیں بلکہ دنیا وآخرت میں کامیاب فرماتے ہیں۔

قال تعالى الا ان حزب الله هم المفلحون۔

وكله الله الى الناس: لوگوں کے حوالہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں کی ایذاء وتکلیف سے حفاظت نہیں فرمائیں گے چونکہ نظر غیر اللہ کی طرف ہے اور اس نے اللہ کے احکام کی کوئی پرواہ نہیں کی ہے۔ روایۃ الباب سے خط وکتابت کا یہ ادب بھی معلوم ہوا کہ خط کے اول وآخر میں سلام لکھا جائے۔ یہ روایت فقط والسلام جو عام طور پر خطوط میں لکھتے ہیں اس کی دلیل ہے۔

حدثنا محمد بن يحيى الخ: یہ دوسری سند ذکر فرمائی ہے مگر اس میں یہ روایت مرفوع منقول نہیں ہے بلکہ خود عائشہؓ نے معاویہ کو اپنی طرف سے یہ مضمون لکھا ہے ہکذا اخرجہ المنذری۔ مگر صحیح یہ ہے کہ روایۃ الباب مرفوع ہے یعنی آپ کا ارشاد ہے ابن حبان نے بھی مرفوع ہی نقل کی ہے۔

واللہ اعلم وماتوفیقی الا باللہ